شیخ چلپی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ علامہ متقی نے حدیث کی بڑی کتب سے اصول سنت کے بارے میں جتنی احادیث کو جمع فرمایا اس سے زیادہ کسی نے نہیں کیا

احمد عبد الجواد رحمہ اللہ کہتے ہیں جس نے اس کتاب کا مطالعہ کیا گویا کہ اس نے حدیث کی ستر سے زائد کتابوں کا مطالعہ کیا

اردو ترجمہ

کنز العُمّال

فی سنن الأقوال والأفعال

مستند کتب سے رواۃ حدیث سے متعلق کلام حوالہ کے ساتھ شاملِ کتاب ہے

تالیف

علامہ علاء الدین علی متقی بن حسام الدین ہندی برھان پوری متوفی ۹۷۵ھ

مقدمہ، عنوانات، نظرثانی، تصحیحات

مولانا مفتی احسان اللہ شائق صاحب مدظلہم

استاذ و معین مفتی جامعۃ الرشید احسن آباد کراچی

دار الاشاعت

اردو بازار ○ ایم اے جناح روڈ ○ کراچی پاکستان فون: 32631861

كنزُ العُمّالؒ

شیخ چلپی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ علامہ متقی نے حدیث کی بڑی کتب سے اصول سنت کے بارے میں جتنی احادیث کو جمع فرمایا اس سے زیادہ کسی نے نہیں کیا

احمد عبدالجواد رحمہ اللہ کہتے ہیں جس نے اس کتاب کا مطالعہ کیا گویا کہ اس نے حدیث کی ستر سے زائد کتابوں کا مطالعہ کیا

اردو ترجمہ

کنز العمّال

فی سنن الأقوال والأفعال

مستند کتب میں رواۃ حدیث سے متعلق کلام تلاش کر کے حوالہ کے ساتھ شامل کتاب ہے

جلد ۷

حصہ سیزدہم، چہاردہم

تالیف

علّامہ علاء الدین علی متقی بن حسام الدین ہندی برہان پوری متوفی ۹۷۵ھ

مقدمہ، عنوانات، نظرثانی، تصحیحات

مولانا مفتی احسان اللہ شائق صاحب مدظلہم

استاذ ومعین مفتی جامعۃ الرشید احسن آباد کراچی

دار الاشاعت اردو بازار ایم اے جناح روڈ کراچی پاکستان 2213768

باہتمام : خلیل اشرف عثمانی

طباعت : ستمبر ۲۰۰۹ء علمی گرافکس

ضخامت : 589 صفحات

قارئین سے گزارش

اپنی حتی الوسع کوشش کی جاتی ہے کہ پروف ریڈنگ معیاری ہو۔ الحمدللہ اس بات کی نگرانی کے لئے ادارہ میں مستقل ایک عالم موجود رہتے ہیں۔ پھر بھی کوئی غلطی نظر آئے تو ازراہ کرم مطلع فرما کر ممنون فرمائیں تاکہ آئندہ اشاعت میں درست ہو سکے۔ جزاک اللہ

ادارۃ المعارف جامعہ دارالعلوم کراچی

مکتبہ معارف القرآن جامعہ دارالعلوم کراچی

بیت القرآن اردو بازار کراچی

مکتبہ اسلامیہ امین پور بازار۔ فیصل آباد

مکتبۃ المعارف محلہ جنگی۔ پشاور

ادارہ اسلامیات ۱۹۰۔ انارکلی لاہور

بیت العلوم 20 نابھہ روڈ لاہور

مکتبہ رحمانیہ ۱۸۔ اردو بازار لاہور

مکتبہ اسلامیہ گامی اڈا۔ ایبٹ آباد

کتب خانہ رشیدیہ۔ مدینہ مارکیٹ راجہ بازار راولپنڈی

﴿انگلینڈ میں ملنے کے پتے﴾

AZHAR ACADEMY LTD.
54-68 LITTLE ILFORD LANE
MANOR PARK, LONDON E12 5QA

ISLAMIC BOOK CENTRE
119-121, HALLIWELL ROAD
BOLTON, BL1-3NE

﴿امریکہ میں ملنے کے پتے﴾

MADRASAH ISLAMIAH BOOK STORE
6665 BINTLIFF, HOUSTON,
TX-77074, U.S.A.

DARUL-ULOOM AL-MADANIA
182 SOBIESKI STREET,
BUFFALO, NY 14212, U.S.A

فہرست عنوانات......حصہ سیزدہم

فہرست عنوانات...... حصہ چہار دہم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حضرات شیخین ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما کے فضائل کا بیان

۳۶۰۸۷..... ''مسند صدیق رضی اللہ عنہ'' عباس ترقفی نے اپنے جزء میں عثمان بن سعید جمعی، محمد بن مہاجر ابوسعید (خادم حسن) کی سند سے روایت نقل کی ہے کہ حسن فرماتے ہیں کہ ایک شخص حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا: لوگوں میں سب سے افضل کون ہے؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: نبی کریم ﷺ کے بعد ابوبکر رضی اللہ عنہ سب سے افضل ہیں۔ پھر وہ شخص حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا: اے ابوبکر! لوگوں میں سب سے افضل کون ہے؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: نبی کریم ﷺ کے بعد عمر رضی اللہ عنہ سب سے افضل ہیں۔ اس شخص نے عرض کیا: آپ کو اس کا علم کیسے ہوا آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: چونکہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ پر فرشتوں کے سامنے فخر کیا ہے اور جبریل امین نے اللہ تعالیٰ کی طرف سے آپ کو دو مرتبہ سلام بھی پیش کیا ہے جب کہ یہ فضیلت مجھے حاصل نہیں ہے۔ (رواہ ابن عساکر قال: مرسل جب کہ یہ حدیث موصولاً بھی روایت کی گئی ہے)۔

فائدہ:...... حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو یہ ضروری فضیلت حاصل ہے چونکہ پوری امت کا اس پر اتفاق ہے کہ امتیوں میں سب سے افضل ابوبکر رضی اللہ عنہ ہیں پھر عمر رضی اللہ عنہ ہیں۔

۳۶۰۸۸..... ابن عساکر نے ابوبکر بن منصور بن زریق ابوبکر خطیب ابوبکر عبدالرحمٰن بن عمر بن قاسم نرسی ابوبکر محمد بن عبداللہ شافعی دارقطنی یوسف بن موسیٰ بن عبداللہ مروزی سہیل بن ابراہیم جارودی ابوخطاب یحییٰ بن محمد صنعی عبدالواحد بن ابی عمر واسدی عطاء بن ابی رباح کے سلسلہ سند سے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کی روایت نقل کی ہے کہ ایک شخص رسول اللہ ﷺ کے بعد حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا: اے رسول اللہ ﷺ کے خلیفہ؟ لوگوں میں سب سے افضل کون ہے؟ آپ رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: عمر بن خطاب اس شخص نے عرض کیا: آپ عمر رضی اللہ عنہ کو اپنی ذات سے مقدم کیوں کررہے ہیں؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: چند خصلتوں کی وجہ سے میں انھیں مقدم کررہا ہوں چونکہ اللہ تعالیٰ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ پر فرشتوں کے سامنے فخر کیا ہے جب کہ اللہ تعالیٰ نے مجھ پر فخر نہیں کیا۔ چونکہ جبریل امین نے عمر رضی اللہ عنہ کو سلام پیش کیا ہے جب کہ جبریل نے مجھے سلام نہیں پیش کیا: چونکہ جبریل نے فرمایا تھا: یارسول اللہ! عمر کے ذریعے اسلام میں شدت پیدا کریں اس لیے کہ عمر رضی اللہ عنہ جو کچھ کہتے ہیں وہ حق ہی حق ہے۔ چونکہ اللہ تعالیٰ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی قرآن مجید میں دو آیتوں میں تصدیق کی ہے حالانکہ میری تصدیق نہیں کی ہے۔ چنانچہ نبی کریم ﷺ اپنی بعض ازواج مطہرات سے ناراض ہوگئے حضرت عمر رضی اللہ عنہ ازواج مطہرات کے پاس تشریف لائے اور فرمایا: تم رسول اللہ ﷺ سے باز آجاؤ ورنہ تمہارے متعلق ضرور اللہ قرآن مجید میں کوئی حکم نازل فرمادے گا۔ چنانچہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی کہ:

''عسی ربہ ان طلقکن ان یبدلہ ازواجا خیر امنکن''

ان کا رب تمہیں طلاق دے دے اور بدلہ میں تم سے بہتر عورتیں انہیں عطا فرمادے اور اس لیے کہ عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ ازواج مطہرات کے پاس نیک و بد ہر طرح کا آدمی آتا ہے اگر آپ انھیں پردہ کرنے کا حکم دے دیں چنانچہ اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمادی۔''واذاسألتموھن متاعا فاسئلوھن من وراء حجاب ''جب تم ازواج مطہرات سے کوئی چیز مانگو تو پردے کے پیچھے سے مانگو نیز

اس لیے بھی کہ عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا یا رسول اللہ! میرا دل چاہتا ہے کہ آپ اگر مقام ابراہیم کو مصلّی (نماز پڑھنے کی جگہ) قرار دے دیں۔ چنانچہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے عمر رضی اللہ عنہ کی موافقت میں یہ آیت نازل فرمائی ''واتخذوا من مقام ابراهيم مصلّى'' چنانچہ جب حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ اللہ تعالیٰ کو پیارے ہو گئے ایک شخص حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا: اے امیر المؤمنین! رسول اللہ ﷺ کے بعد لوگوں میں سب سے افضل کون ہے؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ابوبکر رضی اللہ عنہ سب سے افضل ہیں جو شخص اس کے علاوہ کوئی اور اعتقاد رکھے گا اس کی سزا وہی ہے جو افتراء باندھنے والے کی سزا ہوتی ہے۔

قال الخطيب كذا كان في الاصل بخط الدارقطني وقال الصبغي مضبوطا واخرجه ابن مردويه

۳۶۰۸۹..... سلیمان بن احمد یعقوب بن اسحاق فخرمی عباس بن بکار ضبی عبدالواحد بن ابی عمر واسدی جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ایک دن حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے فرمایا: اے رسول اللہ ﷺ کے بعد لوگوں میں سب سے افضل شخص! اس پر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اچھا آپ اس طرح کہہ رہے ہیں حالانکہ میں نے رسول کریم ﷺ کو یوں ارشاد فرماتے سنا ہے: عمر سے افضل کوئی شخص نہیں جس پر سورج ضوء افشاں ہوتا ہو۔ رواه الترمذي وقال: غريب لا نعرفه الا من هذاالوجه وليس اسناده بذاك القائم ورواه ابن ابي عاصم في السنة والبزار والعقيلي والدارقطني في الافراد والحاكم وتعقب وابن عساكر وقال العقيلي فيه عبد الرحمن ابن اخي محمد بن المنكدر لايتابع عليه ولايعرف الا به وقال البزار: لا نعلمه روى الا من هذا الوجه ولا نعلم حديث عن ابن اخي محمد بن المنكدر سوى عبد اللّٰه بن داود الواسطي التماد قال في الميزان: هوهالك

۳۶۰۹۰..... حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت نقل کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ میں نبی کریم ﷺ کے پاس بیٹھا ہوا تھا کہ یک حضرت ابوبکر اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ تشریف لائے آپ ﷺ نے انھیں دیکھ کر فرمایا: یہ دونوں اولین وآخرین بجز انبیاء ومرسلین کے اہل جنت کے بوڑھوں کے سردار ہیں اے علی! انھیں مت خبر دو۔

رواه الترمذي وخيثمة في العجابة وقال الترمذي غريب من هذا ابو جه وقد روى هذا لحديث عن علي من غير هذاابو حه ورواه خيثمة وابن شاهين في السنة من طريق الحارث على علي ورواه ابن ابي عاصم في السنة من طريق خطاب ابي خطاب

کلام:..... حدیث کے آخری حصے پر کلام ہے۔ دیکھئے ذخیرة الحفاظ ۵۹۹۶

۳۶۰۹۱..... ''مسند عمر رضی اللہ عنہ'' عبید اللہ بن عمری کہتے ہیں: ایک مرتبہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کسی راستے سے گزر رہے تھے اچانک آپ رضی اللہ عنہ نے دیکھا کہ ایک مرد کسی عورت کے ساتھ باتیں کر رہا ہے آپ رضی اللہ عنہ نے کوڑا لے کر اس شخص پر چڑھائی کر دی اس شخص نے عرض کیا: اے امیر المؤمنین: یہ تو میری بیوی ہے چنانچہ آپ رضی اللہ عنہ اٹھے اور چل پڑے راستے میں حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ سے آپ رضی اللہ عنہ کی ملاقات ہوئی اور ان سے اس واقعہ کا تذکرہ کیا: حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ تو مربی (مودب) ہیں لہٰذا آپ پر کوئی گناہ نہیں ہے اگر آپ چاہیں تو میں آپ کو ایک حدیث سناتا ہوں کہ میں نے رسول کریم ﷺ کو ارشاد فرماتے سنا ہے کہ قیامت کے دن ایک منادی آواز لگائے گا کہ اس امت کا کوئی شخص ابوبکر وعمر سے قبل نامہ اعمال اٹھانے کی جسارت نہ کرے۔

رواه ابن عساكر والاصبهاني في الحجة وفيه الفضل بن جبين عن داؤد بن الزبرقان وهما ضعيفان

۳۶۰۹۲..... ''مسند علی رضی اللہ عنہ'' ابن عباس رضی اللہ عنہما کی راویت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ بعد از وفات) چارپائی پر رکھے ہوئے تھے اور چادر سے آپ کا جسد اطہر ڈھانپا ہوا تھا آپ رضی اللہ عنہ کا جنازہ اٹھائے جانے سے قبل لوگ دعائیں کرتے اور نماز پڑھتے تھے یکا یک حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ تشریف لائے انھوں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے لیے نزول رحمت کے کلمات کہے۔ (مثلاً فرمایا کہ اللہ تعالیٰ آپ کو غریق رحمت کرے.....) اور پھر آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: روئے زمین پر کوئی ایسا شخص نہیں کہ مجھے آپ کے نامۂ اعمال سے زیادہ اس کے نامۂ اعمال کے ساتھ اللہ سے ملنا پسند ہو۔ بخدا مجھے یقین ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کو ضرور اپنے دونوں ساتھیوں کے ساتھ ملا دے گا چونکہ میں نے اکثر اوقات رسول کریم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ میں ابوبکر اور عمر چلے میں ابوبکر اور عمر داخل ہوئے میں ابوبکر اور عمر باہر نکلے بلاشبہ اللہ تعالیٰ آپ کو

ضرور ان دونوں کے ساتھ ملادے گا۔

رواہ احمد بن حنبل والبخاری ومسلم والنسائی وابن ماجہ وابن جریر وابو عوانۃ وخشیش وابن ابی عاصم والحاکم

۳۶۰۹۳...... حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں رسول کریم ﷺ کے بعد لوگوں میں سب سے افضل ابوبکر ہیں اور ابوبکر رضی اللہ عنہ کے بعد عمر رضی اللہ عنہ ہیں۔رواہ ابن ماجہ والعدنی وابونعیم فی الحلیۃ

۳۶۰۹۴...... ''ایضاً'' محمد بن حنفیہ کی روایت ہے کہ میں نے اپنے والد (حضرت علی رضی اللہ عنہ) سے عرض کیا رسول اللہ ﷺ کے بعد لوگوں میں سب سے افضل کون ہے آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ابوبکر رضی اللہ عنہ میں نے عرض کیا: ان کے بعد کون افضل ہے؟ فرمایا: عمر رضی اللہ عنہ پھر مجھے خوف ہوا کہ میں پوچھوں کہ پھر کون افضل ہے اور وہ فرمادیں کہ عثمان رضی اللہ عنہ افضل ہیں لہٰذا میں نے کہا: اے ابا جان پھر آپ افضل ہیں آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں تو مسلمانوں میں سے ایک آدمی ہیں۔رواہ البخاری وابوداؤد وابن ابی عاصم وخشیش وابونعیم فی الحلیۃ

۳۶۰۹۵...... ''ایضاً'' ابوجنتری کی روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے خطاب کرتے ہوئے فرمایا: خبردار! نبی کریم ﷺ کے بعد اس امت میں سب سے افضل ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما ہیں ایک شخص نے عرض کیا: اے امیر المؤمنین اور آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہم تو اہل بیت ہیں ہمارا موازنہ کوئی نہیں کرتا۔رواہ ابونعیم فی الحلیۃ

۳۶۰۹۶...... ''ایضاً'' زید بن وہب کی روایت ہے کہ سوید بن غفلہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے، آکر عرض کیا اے امیر المؤمنین میں ایک جماعت کے پاس سے گزرا جو ابوبکر وعمر رضی اللہ　کا اچھے الفاظ میں تذکرہ نہیں کر رہے تھے چنانچہ آپ رضی اللہ عنہ فوراً اٹھے اور منبر پر تشریف لائے اور فرمایا: قسم اس ذات کی جس نے دانے کو پھاڑا اور ذی روح کو پیدا فرمایا: ان دونوں حضرات سے صرف مومن ہی محبت کرتا ہے اور ان سے بغض اور ان کی مخالفت صرف بدبخت اور سرکش ہی کرتا ہے ان دونوں حضرات کی محبت قربت خداوندی کا باعث ہے اور ان سے بغض رکھنا بدبختی ہے بھلا لوگوں کو کیا ہوا جو رسول اللہ ﷺ کے بھائیوں وزیروں صاحبین قریش کے سرداروں اور مسلمانوں کے ابوین کا تذکرہ کرتے ہیں؟ جو شخص بری نظر سے ان کا تذکرہ کرے گا میں اس سے بری الذمہ ہوں اور اس پر سزا ہوگی۔رواہ ابونعیم فی الحلیۃ

۳۶۰۹۷...... حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں نہیں سمجھتا کہ کوئی شخص ابوبکر وعمر رضی اللہ　کو گالی دیتا اور پھر اسے کبھی بھی توبہ کی توفیق نصیب ہو۔

رواہ ابن عساکر

۳۶۰۹۸...... حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ابوبکر وعمر رضی اللہ　اس امت میں سب سے افضل ہیں اور پھر تم میں سے جو افضل ہے اسے اللہ تعالیٰ ہی بہتر جانتا ہے۔رواہ الدارقطنی فی الافراد والاصبہانی فی الحجۃ

۳۶۰۹۹...... جعفر بن محمد اپنے والد اور دادا سے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت نقل کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ میں رسول کریم ﷺ کی خدمت میں بیٹھا ہوا تھا یکا یک ایک طرف سے ابوبکر اور عمر رضی اللہ　نمودار ہوئے آپ ﷺ نے فرمایا: اے اعلی! یہ دونوں گذشتہ وآئندہ انبیاء مرسلین کے علاوہ اہل جنت کے بوڑھوں کے سردار ہیں۔

۳۶۱۰۰...... عبد خیر کی روایت ہے کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے عرض کیا: رسول کریم ﷺ کے بعد لوگوں میں سب سے پہلے جنت میں کون داخل ہوگا؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہ میں نے عرض کیا: اے امیر المؤمنین! کیا یہ حضرات آپ سے قبل جنت میں داخل ہوں گے؟ فرمایا: جی ہاں قسم اس ذات کی جو دانے کو پھاڑتی ہے اور جان کو پیدا کرتی ہے۔ بلاشبہ وہ دونوں حضرات جنت کے پھل کھاتے ہوں گے اس کا پانی پیتے ہوں گے اور اس کے بچھونوں پر تکیے لگائے بیٹھے ہوں گے جب کہ میں غمزدہ وپریشان حساب کے لیے کھڑا ہوں گا اللہ تعالیٰ کے حضور سب سے پہلے جھگڑا لے کر جانے والے میں اور معاویہ ہوں گے۔رواہ العشاری والاصبہانی فی الحجۃ وابن عساکر

۳۶۱۰۱...... حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جس شخص نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے محبت کی وہ قیامت کے دن حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے ساتھ کھڑا ہوگا اور جہاں ابوبکر رضی اللہ عنہ جانا چاہیں گے وہ بھی ان کے ساتھ جائے گا اور جو شخص حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے محبت کرے گا وہ بھی حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ساتھ چلے گا جس شخص نے عثمان رضی اللہ عنہ سے محبت کی وہ بھی ان کے ساتھ ہوگا اور جس نے ان لوگوں کے

ساتھ محبت کی وہ بھی جنت میں ان کے ساتھ ہوگا۔ رواہ العشاری

۳۶۱۰۲..... حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول کریم ﷺ سب سے آگے ہیں ان کے بعد ابوبکر رضی اللہ عنہ ہیں جب کہ عمر رضی اللہ عنہ تیسرے نمبر پر ہیں جب کہ ہمیں فتنہ نے گھیر لیا اور یہ فتنہ بدستور رہے گا جب تک اللہ تعالیٰ چاہے گا سو جس شخص نے مجھے ابوبکر وعمر پر فضیلت دی اس پر افتراء باندھنے والے کی حد جاری کی جائے گی جو کوڑوں اور اسقاط شہادت کی صورت میں ہوسکتی ہے۔ رواہ الخطیب فی تلخیص المتشابہ

۳۶۱۰۳..... ابن شہاب عبداللہ بن کثیر سے روایت نقل کرتے ہیں کہ حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ نے مجھ سے فرمایا: اس امت میں نبی کریم ﷺ کے بعد سب سے افضل ابوبکر رضی اللہ عنہ عمر رضی اللہ عنہ ہیں اگر میں چاہوں تو تمہارے لیے تیسرے کا بھی نام لے سکتا ہوں آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کوئی شخص مجھے ابوبکر رضی اللہ عنہ وعمر رضی اللہ عنہ پر فضیلت نہ دے ورنہ میں اسے سخت کوڑے لگاؤں گا عنقریب آخری زمانے میں ایک قوم آئے گی جو بظاہر میری محبت کا دم بھرتی ہوگی اور میرے شیعان کی طرف اپنے آپ کو منسوب کرتی ہوگی حالانکہ وہ اللہ تعالیٰ کے بدتر بندے ہوں گے جو کہ ابوبکر وعمر رضی اللہ کو گالیاں دیتے ہوں گے چنانچہ ایک سائل آیا اور رسول کریم ﷺ سے سوال کیا اسے رسول کریم ﷺ نے عطا فرمایا ابوبکر رضی اللہ عنہ نے بھی اسے عطا فرمایا عمر رضی اللہ عنہ نے بھی اسے عطا فرمایا اور عثمان رضی اللہ عنہ بھی عطا فرمایا پھر اس شخص نے رسول کریم ﷺ سے مطالبہ کیا کہ اس عطیہ میں برکت کے لئے دعائیں فرمائیں۔ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: تمہارے لیے اس میں برکت کیونکر نہیں ہوگی حالانکہ تمہیں یا تو نبی نے عطا کیا ہے یا صدیق نے عطا کیا ہے یا شہید نے عطا کیا ہے۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۱۰۴..... سلیمان بن یزید، ہرم کی سند سے مروی ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نبی کریم ﷺ کے پاس بیٹھا ہوا تھا اور آپ ﷺ کی ران میری ران پر تھی یکا یک مسجد کے پچھلے حصہ سے ابوبکر رضی اللہ عنہ اور عمر رضی اللہ عنہ نمودار ہوئے آپ ﷺ نے نظر عمیق سے ان کی طرف دیکھا پھر سر مبارک جھکا لیا اور میری طرف متوجہ ہو کر فرمایا: قسم اس ذات کی جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے؟ یہ دونوں سوائے انبیاء مرسلین کے باقی تمام اولین وآخرین کے ادھیڑ اہل جنت کے سردار ہیں۔ اور یاد رکھو اس کی انہیں خبر مت دو۔ رواہ ابوبکر فی الغیلا نیات

۳۶۱۰۵..... زر بن حبیش کی روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ابوبکر رضی اللہ عنہ اور عمر رضی اللہ عنہ سوائے انبیاء ومرسلین کے باقی تمام اولین وآخرین کے ادھیڑ اہل جنت کے سردار ہیں۔ اے علی رضی اللہ عنہ جب تک یہ زندہ رہیں اس کی خبر انھیں مت کرو۔ رواہ ابوبکر

۳۶۱۰۶..... ابومعتمر کی روایت ہے کہ حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے حضرت ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہ کے متعلق دریافت کیا گیا آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ دونوں حضرات ان ستر (۷۰) لوگوں کی جماعت میں شامل ہوں گے جو قیامت کے دن محمد عربی ﷺ کے ساتھ اللہ عزوجل کی طرف آگے بڑھیں گے موسیٰ علیہ السلام نے ان دونوں کو اللہ تعالیٰ سے مانگا تھا جب کہ یہ دونوں محمد ﷺ کو عطا کیے گئے۔

رواہ ابن المنذر وابن ابی حاتم وحسنہ فی فضائل الصحابۃ والدینوری وابوطالب العشاری فی فضائل الصدیق وابن مردویہ

۳۶۱۰۷..... علی بن حسین کی روایت ہے کہ بنی ہاشم کے ایک لڑکے نے حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے پوچھا جب آپ رضی اللہ عنہ جنگ صفین سے واپس لوٹ رہے تھے۔ اے امیر المؤمنین میں نے جمعہ کے دن آپ کو خطبہ دیتے سنا اور آپ فرما رہے تھے یا اللہ! ہماری اس طرح سے اصلاح فرما جس طرح تو نے خلفائے راشدین کی اصلاح فرمائی ہے ذرا یہ تو بتا دیجئے کہ خلفائے راشدین کون لوگ ہیں؟ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی آنکھیں آنسوؤں سے ڈبڈبانے لگیں پھر گویا ہوئے وہ ابوبکر وعمر ہیں جو کہ آئمہ ھدی شیوخ الاسلام اور رسول اللہ کے بعد مہتدیٰ بھما ہیں جو بھی ان کی اتباع کرے گا اسے سیدھی راہ کی ہدایت مل جائے گی جو ان کی اقتداء کرے گا وہ رشد تک پہنچ جائے گا جو شخص ان کا تمسک۔ (سہارا) کرے گا وہ حزب اللہ میں سے ہوگا جب کہ حزب اللہ۔ (اللہ کا لشکر) ہی فلاح پانے والا ہے۔

رواہ الا الکائی وابوطالب العشاری فی فضائل الصدیق ونصر فی الحجۃ

۳۶۱۰۸..... حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: یہاں سے جو شخص نمودار ہوگا وہ اہل جنت میں سے ہے چنانچہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نمودار ہوئے ہم نے ابوبکر رضی اللہ عنہ کو آپ ﷺ کی بشارت کی مبارکبادی پیش کی رسول کریم ﷺ نے پھر فرمایا:

یہاں سے جو شخص نمودار ہوگا وہ بھی اہل جنت میں سے ہوگا چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نمودار ہوئے ہم نے انھیں بھی مبارک بادی پیش کی رسول کریم ﷺ نے پھر فرمایا: یہاں سے جو شخص نمودار ہوگا وہ اہل جنت میں سے ہوگا۔ پھر فرمایا: اگر تم چاہو تو اسے علی کر سکتے ہو۔ چنانچہ (ایک بار پھر) حضرت عمر رضی اللہ عنہ نمودار ہوئے۔ رواہ ابن النجار

۳۶۱۰۹...... "مسند حذیفہ بن الیمان" ربعی بن حراش کی روایت ہے کہ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: میرا ارادہ ہے کہ میں ایک قوم کو معلم بنا کر لوگوں میں بھیجوں جو انھیں سنت کی تعلیم دے جس طرح کہ عیسیٰ بن مریم نے اپنے حواریوں کو بنی اسرائیل میں بھیجا تھا کسی نے آپ ﷺ سے عرض کیا: ابوبکر رضی اللہ عنہ وعمر رضی اللہ عنہ کے بارے میں آپ کا کیا خیال ہے آپ انھیں لوگوں کے پاس تعلیم کے لیے نہیں بھیجتے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: میں ان سے بے نیاز نہیں ہوں چنانچہ دین کے معاملہ میں ان کا مقام ایسا ہی ہے جیسا کہ سر کا مقام جسد میں ہوتا ہے۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۱۱۰...... ابواروی دوسی کہتے ہیں میں نبی کریم ﷺ کے پاس بیٹھا ہوا تھا، اتنے میں ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما ایک طرف سے نمودار ہوئے آپ ﷺ نے فرمایا: تمام تعریفیں اس ذات کے لیے ہیں جس نے مجھے ان دونوں کے ساتھ تقویت بخشی۔

رواہ الدارقطنی فی الافراد وابن عساکر وابن النجار

۳۶۱۱۱...... ابوامامہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: مجھے ترازو کے ایک پلڑے میں رکھا گیا اور دوسرے پلڑے میں میری امت رکھی گئی مگر میرا پلڑا جھک گیا پھر میری جگہ ابوبکر کو رکھا گیا۔ (امت کے مقابلہ میں) ان کا پلڑا بھی جھک گیا پھر عمر کو ان کی جگہ رکھا گیا اور ان کا پلڑا بھی جھک گیا۔ پھر ترازو اٹھالیا گیا۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۱۱۲...... حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ میں حضرت ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما کے آگے آگے چل رہا تھا چنانچہ نبی کریم ﷺ نے مجھے یوں آگے چلتا دیکھ کر اپنے پاس بلایا اور فرمایا اے ابودرداء! کیا تم ان کے آگے چلتے ہو جو تم سے افضل ہیں میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! وہ کون ہیں: فرمایا: ابوبکر وعمر انبیاء مرسلین کے بعد ابوبکر رضی اللہ عنہ وعمر رضی اللہ عنہ سے افضل کوئی شخص نہیں جس پر سورج طلوع ہوتا ہو۔

رواہ ابن عساکر

۳۶۱۱۳...... عبداللہ بن ابی اوفی کی روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ کے دائیں بائیں بیٹھنے کی جگہیں ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہ کے لیے مخصوص تھیں جب یہ دونوں حضرات موجود نہ ہوتے ان جگہوں میں کوئی نہیں بیٹھتا تھا۔ رواہ ابن عساکر

کلام:...... حدیث پر کلام کیا گیا ہے۔ دیکھئے ذخیرۃ الحفاظ ۴۵۱۰

۳۶۱۱۴...... عبدالعزیز بن عبدالمطلب اپنے والد اور دادا عبداللہ بن حنطب سے روایت نقل کرتے ہیں کہ میں نبی کریم ﷺ کے پاس بیٹھا ہوا تھا اچانک ابوبکر رضی اللہ عنہ اور عمر رضی اللہ عنہ نمودار ہوئے جب آپ رضی اللہ عنہ نے ان کی طرف دیکھا تو فرمایا: یہ سماعت وبصارت کا مقام رکھتے ہیں...... ایک روایت میں ہے کہ: ابوبکر وعمر میرے لیے ایسا مقام رکھتے ہیں جیسا کہ کان اور آنکھیں سر میں۔ رواہ ابونعیم وابن عساکر

۳۶۱۱۵...... حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: میرے بعد میری امت میں سب سے افضل ابوبکر وعمر ہیں اے علی انھیں مت خبر کرو۔ رواہ الدیلمی

۳۶۱۱۶...... حضرت ابورضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ نبی کریم ﷺ حضرت علی رضی اللہ عنہ کا سہارا لیے ہوئے باہر تشریف لائے باہر ابوبکر رضی اللہ عنہ وعمر رضی اللہ عنہ نے آپ ﷺ کا استقبال کیا آپ رضی اللہ عنہ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا: اے علی رضی اللہ عنہ کیا تم ان دونوں شیخین سے محبت کرتے ہو؟ عرض کیا: جی ہاں فرمایا: ان سے محبت کرو جنت میں داخل ہو جاؤ گے۔ رواہ ابن عساکر

کلام:...... حدیث ضعیف ہے دیکھئے ترتیب الموضوعات ۲۴۳ والموضوعات ۱/۳۲۴۔

۳۶۱۱۷...... حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ رسول کریم ﷺ حضرت ماریہ قبطیہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ حضرت حفصہ بنت عمر رضی اللہ عنہ کے گھر میں داخل ہوئے حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا نے آپ ﷺ کو ماریہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ دیکھا تو اس پر آپ ﷺ سے

ناراضگی کا اظہار کیا آپ ﷺ نے فرمایا: مجھ پر حرام ہے کہ میں اس کے ساتھ ہاتھ لگاؤں پھر فرمایا: اے حفصہ! کیا میں تمہیں ایک بشارت نہ دوں؟ عرض کیا: جی ھاں ضرور میرے ماں باپ آپ پر قربان جائیں آپ ﷺ نے فرمایا: میرے بعد امر خلافت کے متولی ابوبکر ہوں گے اور ابوبکر کے بعد تمہارے ابو (عمر رضی اللہ عنہ) ہوں گے۔اس خوشخبری کو پوشیدہ رکھنا۔رواہ ابن عساکر

۳۶۱۱۸......ابن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ وحضرت عمر رضی اللہ عنہ سے فرمایا: کیا میں تمہیں نہ بتاؤں کہ تم دونوں کی مثال فرشتوں میں بھی ہے اور انبیاء میں بھی؟ اے ابوبکر فرشتوں میں تمہاری مثال میکائیل جیسی ہے چنانچہ وہ رحمت لے کر نازل ہوتے ہیں انبیاء میں تمہاری مثال ابراہیم علیہ السلام جیسی ہے چنانچہ جب ان کی قوم نے ان کے ساتھ برا سلوک کیا تو آپ نے فرمایا "من تبعني فانه من ومن عصانى فانک غفور رحیم" "جس نے میری اتباع کی وہ مجھ سے ہے اور جس نے میری نافرمانی کی بلاشبہ تو بخشنے والا اور رحم کرنے والا ہے۔اے عمر رضی اللہ عنہ فرشتوں میں تمہاری مثال جبریل جیسی ہے جو اللہ تعالیٰ کے دشمنوں پر تنگی شدت اور عذاب نازل کرتے ہیں اور انبیاء میں تمہاری مثال نوح علیہ السلام جیسی ہے چنانچہ انھوں نے فرمایا: "رب لاتذر علی الارض من الکافرین دیارا" "اے میرے رب زمین پر کافروں کا ایک گھر بھی باقی نہ چھوڑ۔رواہ ابن عدی وابن عساکر

۳۶۱۱۹......عطاء ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت نقل کرتے ہیں: رسول کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: بلاشبہ اللہ تعالیٰ نے چار وزراء کے ذریعے میری تائید فرمائی ہے ہم نے عرض کیا وہ چار کون ہیں؟ ارشاد فرمایا: دو اہل آسمان میں سے ہیں اور دو اہل زمین میں سے ہم نے عرض کیا: اہل آسمان میں سے یہ دو کون ہیں؟ ارشاد فرمایا: جبریل ومیکائیل ہم نے عرض کیا:! اہل زمین میں سے یہ دو کون ہیں؟ ارشاد فرمایا: ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما۔رواہ الخطیب وابن عساکر وقالا تفرد بروایة محمد بن مجیب

۳۶۱۲۰......وہب، عطاء، لیث، مجاہد کی سند سے ابن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: میرے دو وزیر اہل آسمان میں سے ہیں اور دو وزیر اہل زمین میں سے ہیں اہل آسمان میں سے میرے وزیر جبریل ومیکائیل ہیں اور اہل زمین میں سے میرے وزیر ابوبکر وعمر ہیں۔رواہ ابن عساکر

کلام:......حدیث ضعیف ہے دیکھئے ذخیرۃ الحفاظ: ۱۹۹۷ وضعیف الجامع: ۱۹۷۲۔

۳۶۱۲۱......لیث مجاہد سے ابن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت نقل کرتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ہر نبی کے اہل آسمان اور اہل زمین میں سے دو دو وزراء ہوتے ہیں چنانچہ اہل آسمان میں سے میرے دو وزراء جبرئیل ومیکائیل ہیں اور اہل زمین میں سے دو وزراء ابوبکر وعمر ہیں۔

رواہ ابن عساکر

۳۶۱۲۲......ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ایک شخص نے کھڑے ہو کر عرض کیا: یا رسول اللہ! لوگوں میں سب سے افضل کون ہے؟ فرمایا: اللہ کا رسول افضل ہے عرض کیا: یا رسول اللہ! پھر کون افضل ہے؟ ارشاد فرمایا: جب صالحین کا شمار کیا جائے تو ابوبکر کو لے لو اس شخص نے عرض کیا: پھر کون افضل ہے؟ ارشاد فرمایا: جب مجاہدین کا شمار کیا جائے تو عمر رضی اللہ عنہ کو لے آؤ پھر فرمایا: میں جہاں بھی جاؤں عمر میرے ساتھ ہوتے ہیں اور میں عمر کے ساتھ ہوتا ہوں وہ جہاں بھی جائیں جس شخص نے عمر رضی اللہ عنہ سے محبت کی اسنے مجھ سے محبت کی اور جس نے عمر رضی اللہ عنہ سے بغض رکھا اس نے مجھ سے بغض رکھا۔رواہ العقیلی وابن مردویہ وابن عساکر

۳۶۱۲۳......ابن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے ایک شخص کو کسی ضروری کام کی خاطر بھیجنا چاہا جب کہ ابوبکر آپ کے دائیں طرف بیٹھے تھے اور عمر رضی اللہ عنہ بائیں طرف حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ نے ان دونوں۔(ابوبکر وعمر) میں سے کسی کو کیوں نہیں بھیجا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: میں انھیں کیسے بھیجوں حالانکہ دین کے معاملہ میں ان کا ایسا ہی مقام ہے جیسا کہ کانوں اور آنکھوں کا سر میں مقام ہے۔

رواہ ابن النجار

۳۶۱۲۴......ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ ابوبکر رضی اللہ عنہ وعمر رضی اللہ عنہ کے درمیان چلتے ہوئے مسجد میں تشریف لائے اور فرمایا: ہم جنت میں اسی طرح داخل ہوں گے۔رواہ ابن النجار

۳۶۱۲۵......حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہا گیا: کچھ لوگ رسول اللہ ﷺ کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو برا بھلا کہتے ہیں حتیٰ کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ وعمر رضی اللہ عنہ کو بھی بُرا بھلا کہہ دیتے ہیں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: کیا تم اس سے تعجب کرتے ہو؟ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے عمل منقطع ہوا ہے اللہ تعالیٰ کو پسند ہے کہ ان کا اجر وثواب منقطع نہ ہو۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۱۲۶......میمون بن مہران ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت نقل کرتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے کسی اہم کام کے لیے ایک شخص کو بھیجنا چاہا جب کہ ابوبکر و رضی اللہ عنہ عمر رضی اللہ عنہما آپ ﷺ کے دائیں اور بائیں بیٹھے تھے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: آپ ان دو میں سے کسی کو کیوں نہیں بھیجتے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: میں انھیں کیسے بھیجوں حالانکہ دین میں ان کا ایسا ہی مقام ہے جیسا کہ سر میں کانوں اور آنکھوں کا ہے۔

رواہ ابن عساکر

۳۶۱۲۷......نافع کی روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے عرض کیا گیا کہ آپ عبداللہ بن مسعود کی اچھی تعریف کرتے ہیں آپ ﷺ نے فرمایا: مجھے اس سے کس چیز نے منع کیا ہے؟ میں نے رسول کریم ﷺ کو ارشاد فرماتے سنا ہے کہ قرآن مجید چار اشخاص سے حاصل کرو عبداللہ بن مسعود سالم مولیٰ ابوحذیفہ ابی بن کعب اور معاذ بن جبل پھر رسول کریم ﷺ نے فرمایا: میں نے ارادہ کیا ہے کہ ان کو لوگوں میں اس طرح بھیجوں جس طرح کہ عیسیٰ بن مریم نے حواریوں کو بھیجا تھا صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: یا رسول اللہ ﷺ آپ ابوبکر رضی اللہ عنہ وعمر رضی اللہ عنہ کو کیوں نہیں بھیجتے، حالانکہ وہ علم وفضل میں سب سے آگے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ان کا میرے یہاں ایسا ہیں مقام ہے جس طرح سر میں کان اور آنکھ کا۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۱۲۸......ابن عمر رضی اللہ عنہما کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے حضرت ابوبکر وحضرت عمر رضی اللہ عنہ کے درمیان مواخات (بھائی بندے) قائم کی اسی دوران آپ ﷺ بیٹھے ہوئے تھے کہ یکا یک دونوں حضرات ایک دوسرے کا ہاتھ پکڑے ہوئے نمودار ہوئے رسول کریم ﷺ نے دیکھ کر فرمایا: یہ دونوں سوائے انبیاء ومرسلین کے تمام اولین وآخرین ادھیڑ اہل جنت کے سردار ہیں اے علی اس کی انھیں خبر مت کرو۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۱۲۹......ابن عمر رضی اللہ عنہما کی روایت ہے قیامت کے دن بہت ساری اقوام لائی جائیں گی اور اللہ تعالیٰ کے سامنے کھڑی کی جائیں گی پھر انھیں دوزخ میں لے جانے کا حکم دیا جائے گا دیکھتے ہی دیکھتے دوزخ کے فرشتے انھیں آڑے ہاتھوں پکڑ لیں گے دوزخ کے قریب تر کر دیئے جائیں گے حتی کہ مالک فرشتہ۔ (داروغہ جہنم) انھیں پکڑنے کا ارادہ کرے گا اسی دوران اللہ تعالیٰ رحمت کے فرشتوں کو حکم دے گا کہ انھیں واپس کرو فرشتے انھیں واپس کر دیں گے اور وہ طویل مدت تک اللہ تعالیٰ کے سامنے کھڑے رہیں گے پھر اللہ تعالیٰ فرمائے گا: اے میرے بندو! تمہارے گذشتہ گناہوں کی وجہ سے میں نے تمہیں دوزخ میں داخل ہونے کا حکم دیا تھا اور دوزخ تمہارے اوپر واجب بھی ہو چکی تھی میں نے تمہیں واپس کیا ابوبکر وعمر سے محبت کرنے کی وجہ سے میں نے تمہارے گناہ تمہیں معاف کر دیئے۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۱۳۰......ابن عمر رضی اللہ عنہما کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ رسول کریم ﷺ مسجد میں داخل ہوئے آپ کے دائیں طرف ابوبکر رضی اللہ عنہ اور بائیں طرف عمر رضی اللہ عنہ تھے آپ نے فرمایا: قیامت کے دن ہمیں اسی طرح اٹھایا جائے گا۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۱۳۱......ابن عمر رضی اللہ عنہما کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ نبی کریم ﷺ ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہ کے درمیان تشریف لائے پھر آپ ﷺ نے فرمایا: ہماری موت بھی اس طرح ہوگی ہم دفن بھی اس طرح کیے جائیں گے اور جنت میں بھی اسی طرح داخل ہوں گے۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۱۳۲......ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: آسمان میں دو فرشتے ہیں ان میں سے ایک سختی کا حکم دیتا ہے اور دوسرا نرمی کا حالانکہ وہ دونوں درستی پر ہیں ایک جبرئیل ہیں اور دوسرے میکائیل ہیں اور دو انبیاء ہیں ایک نرمی کا حکم دیتا ہے اور دوسرا سختی کا ان میں سے ہر ایک مصیب (درستی پر) ہے۔ چنانچہ وہ ایک ابراہیم علیہ السلام ہیں اور دوسرے نوح علیہ السلام ہیں میرے دو صحابہ رضی اللہ عنہم میں ایک نرمی کا حکم دیتا ہے اور دوسرا سختی کا اور وہ ابوبکر وعمر ہیں۔ رواہ ابن عساکر

کلام:......حدیث ضعیف ہے دیکھئے ضعیف الجامع: ۲۰۰۰۔

۳۶۱۳۳......عبداللہ بن یسر کندی، حضرت عبداللہ بن عمرو کی روایت نقل کرتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا میں نے ارادہ کیا تھا کہ میں

اپنے صحابہ رضی اللہ عنہم میں سے کچھ مردوں کو سرزمین کے مختلف بادشاہوں کی طرف بھیجوں جو انھیں اسلام کی دعوت دیں جیسا کہ عیسیٰ ابن مریم نے اپنے حواریوں کو بھیجا تھا۔ صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: آپ ابوبکر وعمر کو کیوں نہیں بھیجتے حالانکہ وہ افضل واعلیٰ ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: میں ان سے بے نیاز نہیں ہوں دین میں ان کا مقام ایسا ہی ہے جیسا کہ کان اور آنکھ کا مقام سر میں ہے۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۱۳۴...... ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے غزوۂ بدر کی موقع پر ابوبکر رضی اللہ عنہ وعمر رضی اللہ عنہ سے فرمایا: اے ابوبکر فرشتوں میں تمہاری مثال میکائیل علیہ السلام جیسی ہے اور اے عمر فرشتوں میں تمہاری مثال جبرائیل جیسی ہے۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۱۳۵...... ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اس کونے سے تمہارے اوپر ایک شخص نمودار ہوگا جو اہل جنت میں سے ہوگا۔ چنانچہ ابوبکر رضی اللہ عنہ نموراہ ہوئے پھر فرمایا: اس کونے سے ایک شخص جو اہل جنت میں سے ہوگا تمہارے اوپر نمودار ہوگا چنانچہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نمودار ہوئے۔ رواہ ابن عدی وابن عساکر

کلام:...... حدیث ضعیف ہے۔ دیکھئے ذخیرۃ الحفاظ: ۶۵۲۳۔

۳۶۱۳۶...... ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا اے ابوبکر گذشتہ رات میں نے اپنے آپ کو خواب میں ایک کنویں پر دیکھا میں نے اس کنویں سے ایک یا دوڈول پانی کے نکالے اے ابوبکر پھر تم پانی نکالنے کے لیے آ گئے اور تم نے بھی ایک دوڈول نکالے بلاشبہ تمہارے اندر قدرے کمزوری تھی اللہ تعالیٰ تمہارے اوپر رحم فرمائے پھر عمر آئے اور انھوں نے پانی نکالنا شروع کیا حتیٰ کہ ڈول کی حالت ہی بدل گئی اور لوگوں نے کنویں کا منڈیر ڈھانپ لیا اے ابوبکر اس کی تعبیر دو۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ کے بعد امر خلافت کی ذمہ داری میں سنبھالوں گا پھر عمر رضی اللہ عنہ سنبھالیں گے آپ ﷺ نے فرمایا: فرشتے نے بھی اس کی تعبیر اسی طرح دی ہے۔

رواہ ابو نعیم فی فضائل الصحابۃ وابن عساکر

۳۶۱۳۷...... عبدالرحمٰن بن غنم کی روایت ہے کہ جب رسول کریم ﷺ بنوقریظہ کی طرف چلے تو ابوبکر رضی اللہ عنہ وعمر رضی اللہ عنہ نے آپ ﷺ سے عرض کیا: یارسول اللہ! لوگ اسلام میں داخل ہونے کے لیے حریص ہیں اگر آپ کو دنیا میں اچھی اور خوبصورت حالت میں دیکھ لیں ذرا آپ اس جوڑے کو دیکھ لیں جو سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ نے آپ کو ہدیہ کیا ہے آپ اسے پہن لیں تاکہ مشرکین آپ کو آج اچھی حالت میں دیکھیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: بخدا! میں ایسا کروں گا بشرطیکہ اگر آپ دونوں کسی ایک امر پر اتفاق کرلیں میں تمہارے مشورہ کی کبھی بھی نافرمانی نہیں کروں گا میرے رب تعالیٰ نے تم دونوں کی مثال بیان فرمائی ہے چنانچہ فرشتوں میں تمہاری مثال جبرائیل میکائیل جیسی ہے چنانچہ ابن خطاب کی مثال جبرائیل جیسی ہے اللہ تعالیٰ نے جس امت کو بھی تباہ کرنا چاہا تو اسے جبرائیل علیہ السلام کے ذریعے تباہ کیا انبیاء میں ان کی مثال نوح علیہ السلام جیسی ہے چونکہ انہوں نے فرمایا تھا۔ ”رب لا تذر علی الارض من الکافرین دیاراً“ اے میرے رب زمین پر کافروں کا کوئی گھر باقی نہ چھوڑ۔ اور ابن ابی قحافہ کی مثال فرشتوں میں میکائیل جیسی ہے چونکہ وہ اہل زمین کے لیے استغفار کرتے رہتے ہیں اور انبیاء میں ان کی مثال ابراہیم علیہ السلام جیسی ہے چونکہ انھوں نے فرمایا تھا: فمن تبعنی فانہ منی ومن عصانی فانک غفور رحیم جس نے تیری پیروں کی وہ مجھ سے ہے اور جس نے میری نافرمانی کی تو بلاشبہ تو بخشنے والا ہے اور مہربان ہے سو اگر تم دونوں کسی ایک نکتہ پر میرے لیے اتفاق کرو میں تمہارے مشورہ کے خلاف نہیں کروں گا لیکن مشورہ کی رو سے تمہارے اپنے انداز ہیں جیسے جبرائیل ومیکائیل نوح اور ابراہیم۔

رواہ ابن عساکر

۳۶۱۳۸...... حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ کی اس بھلائی پر وفات ہوئی جس پر کسی بھی نبی کی وفات ہوتی ہے پھر بار خلافت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو اٹھانا پڑا انھوں نے آپ ﷺ کی سنت کے مطابق ذمہ داری کو نبھایا پھر خیر وبھلائی پر ابوبکر رضی اللہ عنہ اس دنیا سے رخصت ہوگئے ان کے بعد عمر رضی اللہ عنہ نے بار خلافت اپنے کاندھوں پر اٹھایا اور انھوں نے رسول اللہ ﷺ اور ابوبکر رضی اللہ عنہ کے عمل اور سنت کے مطابق ذمہ داری نبھائی پھر بھلائی پر ان کی وفات ہوئی اور وہ نبی کریم ﷺ اور ابوبکر رضی اللہ عنہ کے بعد اس امت کے سب سے افضل فرد تھے۔ رواہ ابن عساکر وابن ابی شیبۃ

۳۶۱۳۹..... حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ میں نے نبی کریم ﷺ کوارشاد فرماتے ہیں سنا کہ ابوبکر وعمر اس امت کے نبی کے بعد سب سے افضل ہیں۔ رواہ ابن عساکر و قال المحفوظ موقوف

۳۶۱۴۰..... "ایضاً" حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ جس شخص نے حضرت ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہ پر نبی کریم ﷺ کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے کسی کو فضلیت دی گویا اس نے مہاجرین وانصار پر عیب لگایا اور نبی کریم ﷺ کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم پر طعن وتشنیع کی حضرت علی کرم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں جو شخص مجھے ابوبکر وعمر پر فضلیت دے اس نے میرے اور رسول کریم ﷺ کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے حق کا انکار کیا۔

رواہ ابن عساکر

۳۶۱۴۱..... ابوجحیفہ کہتے ہیں: ایک مرتبہ میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس انہی کے گھر میں داخل ہوا میں نے عرض کیا: رسول اللہ ﷺ کے بعد اے سب سے افضل آدمی! آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے ابوجحیفہ رک جاؤ کیا میں تمہیں رسول کریم ﷺ کے بعد سب سے افضل شخص کے متعلق نہ بتاؤں؟ وہ ابوبکر وعمر ہیں۔ اے ابوجحیفہ میری محبت اور ابوبکر وعمر کا بغض کسی مؤمن کے دل میں جمع نہیں ہوسکتا، اور میرا بغض اور ابوبکر وعمر کی محبت بھی کسی مؤمن کے دل میں جمع نہیں ہوسکتی۔ رواہ الصابونی فی الماتین والطبرانی فی الاوسط وابن عساکر

۳۶۱۴۲..... حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اس امت میں سے سب سے پہلے جنت میں ابوبکر رضی اللہ عنہ وعمر داخل ہوں گے جب کہ میں معاویہ کے ساتھ حساب وکتاب میں کھڑا ہوں گا۔

رواہ العقیلی وقال غیر محفوظ وابن عساکر وفیہ اصبغ ابو بکر الشیانی مجهول ورواہ ابن الجوزی فی الواهیات

کلام:..... حدیث ضعیف ہے دیکھئے التنزیہ ۱۳۹۰ـ۳۹۱ والمتناھیۃ ۳۱۶۔

۳۶۱۴۳..... علقمہ کی روایت ہے کہ ہمیں حضرت علی رضی اللہ عنہ نے خطاب کیا اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء کے بعد فرمایا: مجھے خبر پہنچی ہے کہ لوگ مجھے ابو بکر وعمر پر فضلیت دیتے ہیں سو اگر اس کے متعلق میں تقدم کر جاتا تو اس میں ضرور معاقبت کرتا لیکن میں تقدیم سے قبل عقوبت کو ناپسند کرتا ہوں۔ میرے اس مقام کے بعد جس نے کچھ کہا وہ مفتری ہے اور اس کی سزا وہی ہوگی جو کسی مفتری کی ہوسکتی ہے چنانچہ رسول کریم ﷺ کے بعد لوگوں میں سب سے افضل ابوبکر وعمر ہیں پھر ان کے بعد ہمارے درمیان فتنے پیدا ہوگئے تھے اللہ تعالیٰ جیسے چاہے ان کے متعلق فیصلہ فرمائے۔

رواہ ابن ابی عاصم وابن شاهین واللالکائی جمیعاً فی السنة والغازی فی فضائل الصدیق والاصبهانی فی الحجة وابن عساکر

۳۶۱۴۴..... حمدانی کہتے ہیں میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے عرض کیا: اے ابوالحسن رسول کریم ﷺ کے بعد لوگوں میں سب سے افضل کون ہے؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: وہی ہے جس کے متعلق ہم شک نہیں کرسکتے الحمدللہ وہ ابوبکر بن ابی قحافہ رضی اللہ عنہ ہیں۔ میں نے عرض کیا: اے ابوالحسن پھر کون افضل ہے؟ فرمایا: وہی ہے جس کے متعلق ہم شک نہیں کرسکتے الحمدللہ وہ عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ ہیں۔

رواہ ابن شاهین

۳۶۱۴۵..... سوید بن غفلہ کہتے ہیں: ایک مرتبہ کچھ لوگوں کے پاس سے میرا گذر ہوا جو حضرت ابوبکر ورضی اللہ عنہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا تذکرہ کررہے تھے اور ان کی تنقیص سے اپنی زبانوں کو آلودہ کررہے تھے فوراً میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور ان سے اس کا تذکرہ کیا آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا اللہ تعالیٰ اس شخص پر لعنت کرے جو ان دونوں کے متعلق بجز ذکر خیر اور حسن جمیل کے کوئی اور بات دل میں چھپائے رکھے وہ دونوں رسول کریم ﷺ کے بھائی اور وزیر ہیں۔ پھر آپ رضی اللہ عنہ منبر پر تشریف لے گئے اور فصیح وبلیغ خطبہ ارشاد فرمایا: لوگوں کو کیا ہوا جو قریش کے سرداروں مسلمانوں کے ابوین کے متعلق لب کشائی کرتے ہیں جس سے میں سراسر بری الذمہ ہوں جو یہ کہتے ہیں میں اس سے بیزار ہوں ان کی چہ مگوئیوں پر عذاب وسزا ہے قسم اس ذات کی جو دانے کو پھاڑتا ہے اور ذی روح کو پیدا کرتا ہے ان دونوں سے وہی محبت کرتا ہے جو پرہیزگار مؤمن ہے ان سے بغض وعداوت وہی رکھتا ہے جو فاجر وہلاک ہونے والا ہے چنانچہ ابوبکر رضی اللہ عنہ وعمر رضی اللہ عنہ صدق ووفاء کے ساتھ رسول کریم ﷺ کی محبت میں امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرتے رہے برائی کے مرتکبین کو سزائیں دیتے رہے وہ سرمو بھی رسول کریم ﷺ کی رائے سے تجاوز نہیں کرتے تھے رسول اللہ ﷺ بھی ان کی رائے کو ترجیح دیتے تھے ان جیسی محبت نہیں رہی رسول کریم ﷺ دنیا سے

رخصت ہوئے تو ان دونوں سے راضی تھے اور لوگ بھی ان سے راضی رہے پھر ابوبکر رضی اللہ عنہ نے نماز کی تولیت قبول فرمائی جب اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کو اپنے پاس بلالیا تو مسلمانوں نے ابوبکر رضی اللہ عنہ کو اپنا خلیفہ منتخب کیا کچھ لوگوں نے زکوۃ کی ادائیگی سے انکار کیا جب کہ زکوۃ و خلافت دونوں آپس میں باہمیت رکھتی ہیں۔ بنی عبدالمطلب میں پہلا شخص میں ہوں جس نے خلافت کے لیے ابوبکر کو منتخب کیا بخدا وہ زندہ رہنے والوں میں سب سے افضل تھے میرے دل میں ان کی رأفت و رحمت ہے میں انھیں ورع و تقوی میں سب سے آگے سمجھتا ہوں اور اسلام لانے میں سب سے مقدم سمجھتا ہوں رسول کریم ﷺ نے رافت و رحمت کے اعتبار سے انھیں میکائیل کے ساتھ تشبیہ دی ہے جب کہ عفوو درگزر اور عزت ووقار کے اعتبار سے ابراہیم علیہ السلام کے ساتھ تشبیہ دی ہے ابوبکر رضی اللہ عنہ نے سیرت رسول کو اپنائے رکھا حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ نے ان کی روح قبض کر لی۔ ان پر اللہ تعالیٰ کی رحمتیں نازل ہوں۔ پھر ان کے بعد بار خلافت حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اٹھایا چنانچہ امر خلافت میں لوگوں سے مشورہ لیا جب کہ کچھ لوگ رضامند تھے اور کچھ ناخوش تھے جب کہ میں ان لوگوں میں سے تھا جو رضامند تھے اللہ کی قسم عمر رضی اللہ عنہ اس وقت تک دنیا سے رخصت نہیں ہوئے جب تک کہ ناخوش لوگ خوش نہیں ہو گئے عمر رضی اللہ عنہ نے امر خلافت کو نبی کریم ﷺ وابوبکر رضی اللہ عنہ کی نہج پر استوار رکھا عمر رضی اللہ عنہ ان دونوں کے نقش قدم پر اسی طرح چلے جس طرح بچھیرا اپنی ماں کے پیچھے چلتا ہے۔ بخدا زندہ رہنے والوں میں سب سے افضل تھے رفیق و رحیم تھے ظالم کے خلاف مظلوم کی مدد کرتے تھے پھر اللہ تعالیٰ نے عمر رضی اللہ عنہ کی زبان پر حق کو جاری وساری کیا حتیٰ کہ ہم سمجھتے تھے کہ آپ کی زبان پر فرشتہ نطق کرتا ہے آپ کے اسلام لانے کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے اسلام کی عزت کو دوبالا کیا آپ کی ہجرت سے دین کو قوت ملی اللہ تعالیٰ نے مؤمنین کے دلوں میں ان کی محبت ڈال دی اور منافقین کے دلوں میں ان کا رعب ڈال دیا رسول کریم ﷺ نے دشمنوں پر غیظ وغضب کے اعتبار سے آپ نے جبرائیل علیہ السلام کے ساتھ تشبیہ دی دوٹوک رویہ اور شدت مزاج کے اعتبار سے نوح علیہا السلام کے ساتھ تشبیہ دی تم میں سے کون ہے جو ان جیسا ہو ان کی پہنچ تک کسی کی رسائی بجز ان کی محبت کا دم بھرنے کے اور ان کے نقش قدم پر چلنے کے جس نے ان سے محبت کی اس نے مجھ سے محبت کی جس نے ان سے بغض وعداوت رکھی اس نے مجھ سے بغض وعداوت رکھی میں اس سے بری الذمہ ہوں اگر میں تقدم کر چکا ہوتا ان کے معاملہ میں تو میں اس پر سخت معاقبت کرتا لہٰذا میرے اس مقام کے علاوہ اگر کسی نے کچھ اور نظریہ رکھا اس کی وہی سزا ہے جو کسی افتراء باندھنے والے کی ہو سکتی ہے خبردار! نبی کریم ﷺ کے بعد اس امت کے سب سے افضل افراد ابوبکر وعمر ہیں۔ پھر کون افضل ہے اللہ تعالیٰ ہی بہتر جانتا ہے میں یہی بات کہتا ہوں اللہ تعالیٰ میری اور آپ سب کی مغفرت کرے۔ رواہ خیثمہ والالکائی وابوالحسن علی بن احمد بن اسحاق البغدادی فی فضائل ابی بکر وعمر والشیرازی فی الالقاب وابن مندہ فی تاریخ اصبھان وابن عساکر

۳۶۱۴۶..... حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ دل میں نرم گوشہ رکھنے والے اور بردبار تھے عمر رضی اللہ عنہ مخلص اور اللہ تعالیٰ کے لیے خیرخواہی چاہنے والے تھے ہم محمد ﷺ کے اصحاب تھے اور کثیر تعداد میں تھے۔ بخدا، ہم سمجھتے تھے کہ عمر رضی اللہ عنہ کی زبان سے سکینہ نازل ہو رہی ہے اور ہم دیکھتے تھے کہ شیطان عمر رضی اللہ عنہ سے ہیبت کھاتا ہے چہ جائے کہ شیطان آپ رضی اللہ عنہ کو خطا کا حکم دے جسے وہ کر گزریں۔

رواہ ابو القاسم بن بشران فی امالیہ

۳۶۱۴۷..... ابن حنفیہ کہتے ہیں میں نے اپنے والد۔ (حضرت علی رضی اللہ عنہ) سے عرض کیا: رسول کریم ﷺ کے بعد لوگوں میں سب سے افضل کون ہے؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ابوبکر میں نے عرض کیا: پھر کون؟ فرمایا پھر عمر رضی اللہ عنہ افضل ہیں میں نے عرض کیا: پھر آپ افضل ہیں؟ فرمایا: میں تو مسلمانوں میں سے ایک آدمی ہوں میرے حسنات بھی ہیں سیئات بھی ہیں اللہ تعالیٰ جیسا چاہے فیصلہ کرے۔ رواہ ابن بشران

۳۶۱۴۸..... ''مسند انس'' ثابوت بنانی حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت نقل کرتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اہل آسمان میں میرے دووزراء ہیں جبرائل ومیکائیل اور دووزراء اہل زمین میں سے ہیں ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہ۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۱۴۹..... حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ عمر رضی اللہ عنہ کی طرف دیکھا تو فرمایا: یہ دونوں اولین وآخرین ادھیڑ اہل جنت کے سردار ہیں اے علی اس کی خبر انھیں مت کرو۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۱۵۰..... ابن عمر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ جب حضرت علی رضی اللہ عنہ نے جب خلافت کی ذمہ داری قبول فرمائی تو ایک شخص نے آپ

سے کہا: اے امیر المؤمنین! مہاجرین وانصار نے آپ کو چھوڑ کر کس طرح ابوبکر کے ہاتھ پر بیعت کر لی تھی حالانکہ آپ منقبت میں اکرم واعلیٰ ہیں اور سبقت میں اقدم ہیں؟ آپ رضی اللہ عنہ نے اس شخص سے فرمایا: بخدا! اگر مؤمنین اللہ تعالیٰ کی پناہ میں نہ ہوتے میں تمہیں قتل کر دیتا اگر تو زندہ رہا ضرور جرم کا مرتکب ہوگا تیرا ناس ہو ابوبکر مجھ سے چار چیزوں میں آگے بڑھ گئے ہیں رفاقت غار سبقت ہجرت میں صغرسنی میں ایمان لایا جب کہ ابوبکر کبرسنی میں ایمان لائے اور اقامت نماز میں مجھ سے آگے بڑھ گئے۔ رواہ ابو طالب العشاری فی فضائل الصدیق

۳۶۱۵۱...... عبیدہ سلمانی کی روایت ہے کہ ایک ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہ پر عیب لگا تا تھا حضرت علی رضی اللہ عنہ نے پیغام بھجوا کر اسے اپنے پاس بلایا پھر اس شخص کے سامنے ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہ کے فضائل بیان فرمائے چنانچہ وہ شخص معاملہ سمجھ گیا حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: قسم اس ذات کی جس نے محمد ﷺ کو برحق مبعوث کیا ہے: جو کچھ تیرے متعلق مجھے پہنچا ہے اگر وہ میں نے تجھ سے سن لیا یا تیرے خلاف گواہوں نے شہادت دے دی میں تیری گردن اڑا دوں گا۔ رواہ العشاری

۳۶۱۵۲...... عطیہ عوفی کی روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ بن ابی طالب فرماتے ہیں اگر میرے پاس کوئی ایسا شخص لایا گیا جو مجھے ابوبکر وعمر پر فضیلت دیتا ہے میں اسے وہی سزا دوں گا جو کہ زانی کی حد ہے۔ رواہ العشاری

۳۶۱۵۳...... حسن بن کثیر اپنے والد سے روایت نقل کرتے ہیں کہ ایک شخص حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس آیا اور کہا: آپ لوگوں میں سب سے افضل ہیں آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا تم نے رسول کریم ﷺ کو دیکھا ہے؟ جواب دیا نہیں فرمایا: ابوبکر رضی اللہ عنہ کو دیکھا ہے؟ عرض کیا: نہیں فرمایا عمر رضی اللہ عنہ کو دیکھا ہے؟ جواب دیا نہیں چنانچہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جب تم یہ بات کہتے ہو اگر تم نے نبی کریم ﷺ کو دیکھا ہوتا میں تمہیں قتل کر دیتا اور اگر تم نے ابوبکر رضی اللہ عنہ وعمر رضی اللہ عنہ دیکھا ہوتا میں تمہیں کوڑوں کی سزا دیتا۔ رواہ العشاری

۳۶۱۵۴...... اسماء بنت حکم کی روایت ہے کہ ایک شخص نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے حضرت ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہ کے متعلق سوال کیا: آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ابوبکر رضی اللہ عنہ وعمر رضی اللہ عنہ امت کے امین تھے ہدایت دینے والے تھے خود بھی ہدایت یافتہ تھے رشد وہدایت ان کا مقدر تھی مرشد تھے فلاح وکامیابی سے ہمکنار ہوئے اپنا بچاؤ کرتے ہوئے محفوظ حالت میں دنیا سے رخصت ہوگئے۔ رواہ العشاری

۳۶۱۵۵...... حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اللہ تعالیٰ نے ابوبکر وعمر کو بعد میں آنے والے اور حکمرانوں کے لیے محبت بنایا ہے تا قیامت وہ محبت ہیں بخدا! وہ دونوں سبقت لے گئے اور بہت دور نکل گئے جب کہ بعد میں آنے والے سخت پیچیدگی کا شکار ہوگئے۔

رواہ العشاری

۳۶۱۵۶...... ابراہیم کی روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کو خبر پہنچی کہ عبداللہ بن اسود حضرت ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہ کی تنقیص کرتا ہے چنانچہ آپ رضی اللہ عنہ نے تلوار منگوائی اور عبداللہ بن اسود کو قتل کرنے کے ارادہ سے کھڑے ہوگئے تاہم اس معاملہ میں کچھ کلام کیا گیا پھر آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ شخص اس شہر میں ہرگز نہیں رہ سکتا جس میں میں موجود ہوں چنانچہ آپ رضی اللہ عنہ نے اسے ملک شام کی طرف جلاوطن کر دیا۔

رواہ العشاری فی فضائل الصدیق واللا لکائی

۳۶۱۵۷...... حکم بن حجل کی روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جو شخص بھی مجھے ابوبکر رضی اللہ عنہ وعمر رضی اللہ عنہ پر فضیلت دے گا میں اس پر مفتری کی حد جاری کروں گا۔ رواہ ابن ابی عاصم فی فضائل الصحابة

۳۶۱۵۸...... عصمہ بن مالک خطمی کی روایت ہے کہ اہل بادیہ (دیہات) کا ایک شخص اپنے اونٹوں کو لے کر آیا اور رسول کریم ﷺ سے اس کی ملاقات ہوئی آپ ﷺ نے اس سے اونٹ خرید لیے بعد میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کی اس شخص سے ملاقات ہوئی آپ رضی اللہ عنہ نے پوچھا: تم کیوں آئے ہو عرض کیا: میں اونٹ لے کر آیا ہوں جنہیں رسول کریم ﷺ نے خرید لیا ہے آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مال نقدی لے لیا ہے؟ عرض کیا: نہیں میں نے مال مختصر کر کے اونٹ فروخت کر دیئے ہیں حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: واپس جاؤ اور رسول اللہ ﷺ سے عرض کرو کہ اگر آپ دنیا سے رخصت ہو جائیں تو میرا مال کون ادا کرے گا؟ ذرا دھیان رکھنا رسول اللہ تجھے کیا حکم دیتے ہیں پھر واپس آکر مجھے بھی اطلاع کرنا۔ چنانچہ اس شخص نے آپ ﷺ کے پاس آکر عرض کیا: یا رسول اللہ! خدانخواستہ اگر آپ دنیا سے رخصت ہو جائیں تو میرا قرض کون ادا کرے گا؟

آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا ابوبکر ادا کریں گے چنانچہ اس شخص نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو اطلاع دی آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: واپس جاؤ اور دوبارہ پوچھو کہ اگر ابوبکر بھی دنیا سے رخصت ہو جائیں تو پھر کون ادا کرے گا اس شخص نے آکر آپ ﷺ سے یہی سوال کیا آپ ﷺ نے فرمایا: عمر ادا کریں گے واپس جا کر اس شخص نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو خبر کر دی آپ نے کہا: پھر واپس جاؤ اور پوچھو کہ اگر عمر رضی اللہ عنہ رخصت ہو جائیں کون قرض ادا کرے گا چنانچہ وہ شخص دوبارہ خدمت میں حاضر ہوا اور یہی سوال پوچھا آپ ﷺ نے فرمایا: تیری ہلاکت! جب عمر مر جائیں تو اگر تم سے ہو سکے تم بھی مر جاؤ۔ رواہ ابن عساکر

کلام: ...... یہ حدیث معنی موجود ہے دیکھئے اسنی المطالب ۱۶۵۳۔

فضائل حضرت عثمان بن عفان ذوالنورین رضی اللہ عنہ

۳۶۱۵۹ ...... ''مسند عمر'' ابو بحریہ کندی کی روایت ہے کہ ایک دن حضرت عمر بن خطاب تشریف لائے یکا یک ایک مجلس میں جا پہنچے جس میں حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ بھی تشریف فرما تھے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: (اے اہل مجلس) تمہارے ساتھ ایک ایسا شخص بیٹھا ہوا ہے کہ اگر اس کا ایمان کسی بڑے لشکر میں تقسیم کیا جائے تو اس کے لیے کافی ہو آپ رضی اللہ عنہ کی مراد حضرت عثمان رضی اللہ عنہ بن عفان رضی اللہ عنہ تھے۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۱۶۰ ...... حضرت عثمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اللہ تعالیٰ نے مجھے دس (۱۰) خوبیوں سے نوازا ہے جو میں نے لوگوں سے چھپائے رکھی ہیں چنانچہ میں چوتھے نمبر پر اسلام لایا۔ رسول کریم ﷺ نے پہلے اپنی ایک بیٹی میرے نکاح میں دی پھر اس کے بعد دوسری دی میں نے اپنے دائیں ہاتھ سے رسول کریم ﷺ کے دست اقدس پر بیعت کی ہے اس وقت سے میں نے اپنے دائیں ہاتھ سے آلہ تناسل کو نہیں چھوا میں گانے بجانے سے دور رہا ہوں اور نہ ہی میں نے اس کی تمنا کی میں نے جاہلیت میں بھی شراب نہیں پی اور اسلام میں تو اس کا سوال ہی پیدا نہیں ہوا رسول کریم ﷺ نے فرمایا تھا: جو شخص زمین کے اس ٹکڑے کو خرید کر مسجد میں شامل کرے اس کے لیے جنت میں عالیشان گھر ہوگا۔ چنانچہ میں نے زمین کا وہ ٹکڑا خرید کر مسجد میں شامل کر لیا۔ رواہ ابن ابی شیبة وابن ابی عاصم فی السنة

۳۶۱۶۱ ...... ''ایضاً'' عبیداللہ بن عدی بن خیار کی روایت ہے کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا بلاشبہ اللہ تعالیٰ نے محمد ﷺ کو برحق مبعوث کیا اور میں ان لوگوں میں سے ہوں جنہوں نے اللہ اور اللہ کے رسول کی دعوت کو قبول کیا میں آپ ﷺ کی تعلیمات مبعوثانہ پر ایمان لایا میں نے دو ہجرتیں کیں میں نے رسول کریم ﷺ کا سسرالی رشتہ بھی حاصل کیا میں نے رسول کریم ﷺ کے دست اقدس پر بیعت کی اللہ کی قسم نے آپ ﷺ کی نافرمانی کی اور نہ ہی آپ کے ساتھ دھوکا کیا حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو اپنے پاس بلا لیا میں نے قبلتین کی طرف نماز پڑھی ہے پھر جب رسول اللہ ﷺ نے رحلت فرمائی آپ مجھ سے راضی تھے۔ رواہ احمد بن حنبل والبخاری وابو نعیم فی المعرفة

۳۶۱۶۲ ...... ''ایضاً'' حسن رحمة اللہ علیہ فرماتے ہیں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو ذی النورین اس لیے کہا جاتا ہے کہ آپ رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ کی دو بیٹیوں کو اپنے نکاح میں لائے تھے جب کہ یہ خوبی آپ رضی اللہ عنہ کے علاوہ کسی فرد کو حاصل نہیں۔ رواہ ابو نعیم فی المعرفة

۳۶۱۶۳ ...... ''ایضاً'' اسلم رحمة اللہ علیہ کی روایت ہے کہ جس دن حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا محاصرہ جاری تھا میں آپ کی خدمت میں حاضر ہوا آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے طلحہ! میں تمہیں اللہ تعالیٰ کا واسطہ دیتا ہوں کیا تمہیں وہ دن یاد ہے جس دن میں اور تو رسول کریم ﷺ کے ساتھ فلاں اور فلاں جگہ تھے اور میرے علاوہ کوئی صحابی بھی آپ رضی اللہ عنہ کے ساتھ نہیں تھا حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جی ہاں مجھے یاد ہے عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تمہیں رسول کریم ﷺ نے فرمایا تھا اے طلحہ! کوئی نبی ایسا نہیں کہ اس کے صحابہ رضی اللہ عنہم میں سے جنت میں اس کا کوئی رفیق نہ ہو اور یہ عثمان بن عفان بھی جنت میں میرا رفیق ہوگا حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: جی ہاں۔ پھر آپ ﷺ واپس لوٹ آئے۔

رواہ ابی عاصم وعبداللہ بن احمد والعقیلی والحاکم وابو یعلی واللالکائی فی السنة وابن عساکر

۳۶۱۶۴..... ''ایضاً'' عقبہ بن صہبان کی روایت ہے کہ میں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو فرماتے سنا ہے کہ میں نے کبھی بھی گانا نہیں گایا اور نہ ہی کبھی اس کی تمنا کی اور جب سے میں نے رسول کریم ﷺ کے دست اقدس پر بیعت کی ہے تب سے میں نے اپنے دائیں ہاتھ سے عضو تناسل کو مس نہیں کیا۔ رواہ العدنی وابن ماجہ و ابونعیم فی الحلیۃ

۳۶۱۶۵..... ھزیل بن شرحبیل کی روایت ہے کہ حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے پاس داخل ہوئے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے طلحہ میں تمہیں اللہ تعالیٰ کا واسطہ دیتا ہوں کیا تمہیں معلوم نہیں کہ مسلمانوں نے رسول کریم ﷺ سے بھوکے ہونے کی شکایت کی میں گھی اور شہد کے مشکیزوں کی طرف اٹھا بہت سا آٹا خریدا پھر دستر خوان پھیلایا اس پر میں نے کھجور اور گھی سے تیار کیا ہوا کھانا پھیلایا؟ حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا! جی ھاں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں تمہیں واسطہ دیتا ہوں کیا تمہیں معلوم نہیں کہ میں نے جیش عسرت'' کو ساز و سامان دیکر تیار کیا پیادوں کو سوار کیا بھوکوں کو کھانا کھلایا ننگوں کو کپڑے پہنچائے اور ستر گھوڑے دیئے؟ حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ نے کہا: جی ہاں پھر فرمایا: میں تمہیں اللہ تعالیٰ واسطہ دیتا ہوں کیا تم جانتے ہو کہ میں نے بئر رومہ (رومہ کا کنواں) خریدا اور اس کا پانی عام مسلمانوں کے لیے وقف کر دیا؟ کہا جی ہاں۔ رواہ ابوالشیخ فی السنۃ

۳۶۱۶۶..... ''ایضاً'' ابن لبیبہ کی روایت ہے کہ حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کا جب محاصرہ کیا گیا تو آپ رضی اللہ عنہ نے ایک اونچی جگہ میں بنے روشندان سے جھانک کر فرمایا: کیا تم میں طلحہ موجود ہے؟ بلوائیوں نے جواب دیا: جی ہاں فرمایا: میں تمہیں اللہ تعالیٰ کا واسطہ دیتا ہوں کیا تم جانتے ہو کہ جب رسول کریم ﷺ نے مہاجرین وانصار کے درمیان مواخات قائم کی تو آپ ﷺ نے میرے اور اپنے درمیان مواخات قائم کی تھی حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ نے کہا: جی ہاں لوگوں نے حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ پر اعتراض کرنا چاہا تو آپ نے کہا: عثمان رضی اللہ عنہ نے مجھے واسطہ دیا ہے اور جو معاملہ میں نے دیکھا ہے میں اس کی گواہی کیوں نہ دوں۔

رواہ ابن سعد وابن عساکر وفیہ الواقدی ومحمد بن عبد اللہبن عمرو بن عثمان وحدیثہ منکر

۳۶۱۶۷..... ''ایضاً'' حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو بیٹی سے نکاح کا پیغام بھیجا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے انکار کر دیا نبی کریم ﷺ کو اس کی خبر پہنچی جب عمر رضی اللہ عنہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے عمر! کیا عثمان سے بہتر کی طرف تمہاری رہنمائی نہ کروں اور تم سے بہتر کی طرف عثمان کی رہنمائی نہ کروں؟ آپ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: جی ہاں یا رسول اللہ! آپ نے فرمایا: تم اپنی بیٹی میرے نکاح میں دے دو اور میں اپنی بیٹی عثمان کے نکاح میں دیتا ہوں۔ (رواہ البغوی فی مسند عثمان وابن جریر فی تھذیب الآثار وقال صحیح والحاکم والبیہقی فی الدلائل واللا لکائی فی السنۃ وقال: اسنادہ لابأس بہ لیکن صحیح روایت یہ ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کے نکاح کی پیشکش کی تھی لیکن حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے انکار کر دیا تھا)۔

۳۶۱۶۸..... ''ایضاً'' عبدالرحمن بن عثمان تیمی کی روایت ہے کہ ایک رات میں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو مقام ابراہیم کے پاس دیکھا آپ رضی اللہ عنہ آگے بڑھے اور ایک رکعت میں قرآن پڑھا پھر واپس لوٹ آئے میں نے عرض کیا: اے امیر المؤمنین! آپنے صرف ایک ہی رکعت پڑھی ہے آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا وہ میرے وتر کی رکعت تھی۔

رواہ ابن المبارک فی الذھد وابن سعد وابن ابی شیبۃ وابن منیع والطحاوی والدار قطنی والبیہقی وسندہ حسن

۳۶۱۶۹..... ''ایضاً'' عبدالرحمن بن حاطب کی روایت ہے کہ میں نے رسول کریم ﷺ کے صحابہ رضی اللہ عنہم میں سے کسی کو نہیں دیکھا جو حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ سے بڑھ کر اتمام حدیث کرتا ہو الا یہ کہ عثمان رضی اللہ عنہ حدیث گوئی سے کتراتے تھے۔ رواہ ابن سعد وابن عساکر

۳۶۱۷۰..... ''ایضاً'' محمد بن سیرین کی روایت ہے کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ پوری رات بیدار رہتے اور ایک ہی رکعت میں قرآن ختم کر لیتے۔

رواہ ابن سعد

۳۶۱۷۱..... ''ایضاً'' عطاء بن ابی رباح کی روایت ہے کہ حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ نے ایک مرتبہ لوگوں کو نماز پڑھائی پھر مقام ابراہیم کے پیچھے کھڑے ہو گئے اور ایک ہی رکعت میں پورا قرآن پڑھ ڈالا یہ ان کی وتر کی رکعت تھی۔ رواہ ابن سعد

۳۶۱۷۲.....''ایضاً'' مالک بن ابی عامر کی روایت ہے کہ لوگ حش کوکب'' (مدینہ میں بقیع سے باہر ایک باغ ہے) میں اپنے مردے دفنانے سے گریز کرتے تھے۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے تھے کیا بعید کہ کوئی صالح شخص وفات پائے جو یہاں دفن کیا جائے اور پھر لوگ اس کے نمونہ پر چلیں اور اپنے مردے یہاں دفن کریں مالک بن ابی عامر کہتے ہیں! چنانچہ عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ پہلے شخص ہیں جو یہاں دفن ہوئے۔

رواہ ابن سعد

۳۶۱۷۳.....مجن مولیٰ عثمان کی روایت ہے کہ میں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے ساتھ ان کی زمین میں تھا اتنے میں ایک دیہاتی عورت جو بدحالی سے دوچار تھی آپ کے پاس آئی اور کہنے لگی: مجھ سے زنا سرزد ہوا ہے آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے مجن اسے باہر نکال دو میں نے عورت باہر نکال دی وہ پھر لوٹ آئی اور کہنے لگی: مجھ سے زنا سرزد ہوا ہے آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے مجن اسے باہر نکال دو میں نے اسے باہر نکال دیا۔ وہ پھر واپس لوٹ آئی اور بولی: مجھ سے زنا سرزد ہوا ہے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے مجن! تیری ہلاکت میں اسے بدحالی سے دوچار دیکھتا ہوں جس نے اسے شر پر اکسایا ہے اسے لے جاؤ اور اسے کھانا کھلاؤ اور کپڑے پہناؤ میں عورت کو لے کر چل دیا اور آپ رضی اللہ عنہ کے حکم کی تعمیل کی کھانا کھا کر عورت کی جان میں جان آئی۔ عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس عورت کو ایک گدھا دو اور اس پر کھجور آٹا اور کشمش لاد کر دو اور پھر اسے لے جاؤ اور جو لوگ دیہات میں جا رہے ہوں اس کو ان کے ہمراہ کر دو اور ان سے کہو کہ اسے اس کے خاندان تک پہنچا دو۔ میں نے آپ رضی اللہ عنہ کے حکم کی تعمیل کی اسی دوران جب میں اسے اپنے ساتھ لیے جا رہا تھا میں نے اس سے پوچھا: امیر المؤمنین کے سامنے تو نے جو اقرار کیا ہے اس کی کیا حقیقت ہے؟ وہ بولی اس کی کوئی حقیقت نہیں میں نے تو محض اس بدحالی کی وجہ سے ایسا کیا تھا جس نے مجھے دوچار کر دیا تھا۔

رواہ العقیلی

۳۶۱۷۴.....''مسند عثمان'' حضرت عثمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اگر مجھے جنت وجہنم کے درمیان کھڑا کیا جائے اور مجھے پتہ نہ ہو کہ مجھے کس میں داخل ہونے کا حکم دیا جائے گا تو یہ جاننے سے قبل میں پسند کروں گا کہ میں مٹی ہو جاؤں۔ رواہ احمد بن حنبل فی الذھد

۳۶۱۷۵.....عبدالرحمن بن بولاء کی روایت ہے کہ میں نے حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کو فرماتے سنا کہ ایک مرتبہ رسول کریم ﷺ حراء کی ایک چٹان پر کھڑے تھے چٹان ہلنے لگی آپ ﷺ فرمایا: تجھے کیا ہوا؟ تجھ پر یا تو نبی کھڑا ہے یا صدیق کھڑا ہے یا شہید کھڑا ہے اور وہ رسول اللہ ﷺ ابوبکر عمر رضی اللہ عنہ عثمان، زبیر اور طلحہ رضی اللہ عنہم ہیں۔ رواہ ابن ابی عاصم

۳۶۱۷۶.....یوسف ماجشون کی روایت ہے کہ ابن شہاب کہتے ہیں: اگر کسی وقت عثمان اور زید بن ثابت رضی اللہ عنہ وفات پا جانے علم فرائض ہلاک ہو جاتا چونکہ لوگوں پر ایک زمانہ ایسا بھی آیا کہ فرائض کا علم ان دو کے سوا کوئی نہیں رکھتا تھا۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۱۷۷.....حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے اپنے رب کے حضور پیش کرنے کے لیے دس چیزیں چھپا رکھی ہیں بلاشبہ میں چوتھے نمبر پر اسلام لایا میں نے جیش عسرت کو جنگی ساز وسامان سے لیس کیا میں نے رسول کریم ﷺ کے عہد میں قرآن جمع کیا رسول کریم ﷺ نے اپنی بیٹی میرے نکاح میں دی جب وہ وفات پا گئی تو دوسری بیٹی میرے نکاح میں دی میں نے گانا نہیں گایا اور نہ ہی اس کی تمنا کی جب سے میں نے رسول کریم ﷺ کے دست اقدس پر بیعت کی ہے تب سے اپنا دایاں ہاتھ شرمگاہ پر نہیں رکھا جب سے میں اسلام لایا ہوں کوئی سال نہیں گزرنے پاتا مگر اس میں ضرور غلام آزاد کرتا ہوں میں نے جاہلیت میں زنا کیا اور نہ ہی اسلام میں۔

رواہ یعقوب بن سفیان و الخرائطی فی امتلال القلوب و ابن عساکر

۳۶۱۷۸.....''ایضاً'' زبیر بن عبداللہ بن رھیمہ اپنی دادی سے روایت نقل کرتے ہیں کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ پوری عمر روزے رکھتے تھے اور تمام رات عبادت میں مصروف رہتے تھے البتہ رات کے پہلے حصہ میں تھوڑی دیر کے لیے سو جاتے تھے۔ رواہ ابن ابی شیبة

۳۶۱۷۹.....سھل بن سعد رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ایک دن حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے لوگوں کو واسطہ دے کر فرمایا: کیا تم جانتے ہو کہ نبی کریم ﷺ ابوبکر عمر اور میں احد پہاڑ پر چڑھے اچانک احد پہاڑ جنبش میں آ گیا چونکہ اس پر محمد نبی کریم ﷺ ابوبکر عمر عثمان کھڑے تھے نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اے احد! ثابت قدم رہ تیرے اوپر ایک نبی ہے ایک صدیق ہے اور دو شہید ہیں۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۱۸۰......ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ کے پاس حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کا تذکرہ کیا گیا: ایک شخص بولا: لوگ تو عثمان رضی اللہ عنہ کو گالیاں دیتے ہیں ابن سیر بن رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: ان لوگوں کا ناس ہوا یسے شخص کو گالیاں دیتے ہیں جو نبی کریم ﷺ کے صحابہ رضی اللہ عنہم کی جماعت کے ساتھ نجاشی کے پاس داخل ہوا ان سب نے نجاشی کے دربار میں فتنہ بجالا یا بجز عثمان رضی اللہ عنہ کے لوگوں نے ابن سیرین سے دریافت کیا: کہ وہ فتنہ کیا تھا انھوں نے جواب دیا جو شخص بھی نجاشی کے پاس داخل ہوتا تھا وہ سر سے سجدے کا اشارہ کرتا تھا لیکن عثمان رضی اللہ عنہ نے اشارہ کرنے سے انکار کر دیا۔ نجاشی نے کہا: تمہیں سجدہ کرنے سے کس چیز نے روکا جیسا کہ تمہارے ساتھیوں نے سجدہ کیا ہے۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں اللہ عز وجل کے سوا کسی کو سجدہ نہیں کرسکتا۔ رواہ ابن ابی شیبۃ و ابن عساکر

۳۶۱۸۱...... ''مسند علی رضی اللہ عنہ نزال بن سبرہ کی روایت ہے کہ ہم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے متعلق دریافت کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: اس شخص کو ملا اعلیٰ (اوپر کی مخلوق) میں ذی النورین داماد رسول اللہ ﷺ کے نام سے پکارا جاتا ہے چونکہ ان کے نکاح میں رسول کریم ﷺ کے دو بیٹیاں تھیں اور آپ رضی اللہ عنہ نے انھیں جنت میں گھر کی ضمانت دی ہے۔ رواہ ابو نعیم و ابن عساکر

۳۶۱۸۲...... ''ابوسعید مولائے قدامہ بن مظعون کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا ذکر چل پڑا تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ رضی اللہ عنہ کی بہت ساری خوبیاں سبقت لے گئی ہیں جن کی پاداش میں اللہ تعالیٰ انھیں کبھی بھی بے یار و مددگار نہیں چھوڑ سکتا ہے۔

رواہ ابن ابی الدنیا فی کتاب الاشراف والحاکم فی الکنی وابن عساکر

۳۶۱۸۳......بشیر اسلمی کی روایت ہے کہ جب مہاجرین مدینہ منورہ پہنچے تو انھوں نے پانی کو کم یاب پایا تاہم قبیلہ بنی غفار کے ایک شخص کا چشمہ تھا جسے ''رومہ'' کہا جاتا تھا وہ شخص ایک مدغلہ کے بدلہ میں ایک مشکیزہ پانی بیچتا تھا رسول کریم ﷺ نے اس شخص سے فرمایا: یہ چشمہ مجھے جنت میں ایک چشمے کے بدلہ میں بیچ دو اس نے جواب دیا: یارسول اللہ! میں عیالدار ہوں اور میرے پاس اس چشمے کے علاوہ آمدنی کا کوئی اور ذریعہ نہیں ہے اور نہ ہی میں کسب معاش کی طاقت رکھتا ہوں چنانچہ عثمان رضی اللہ عنہ کو اس کی خبر ہوئی تو آپ ﷺ نے پینتیس ہزار (۳۵۰۰۰) درہم میں خرید لیا (اور عامۃ المسلمین کے لیے وقف کر دیا) پھر آپ رضی اللہ عنہ رسول کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا: یارسول اللہ! اگر وہ چشمہ میں خرید لوں تو میرے لیے بھی اسی کی طرح جنت میں چشمہ ہوگا؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جی ہاں عرض کیا: یارسول اللہ! وہ چشمہ میں نے خرید لیا ہے اور مسلمانوں کے لیے وقف کر دیا۔ رواہ الطبرانی وابن عساکر

۳۶۱۸۴......حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ جب بھی منبر پر تشریف لائے ضرور فرمایا کہ عثمان جنت میں جائیں گے۔

رواہ ابن عساکر

۳۶۱۸۵......حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ کے پاس ایک شخص کا جنازہ لا گیا تاکہ آپ اس پر نماز جنازہ پڑھائیں حالانکہ وہ شخص آپ کے صحابہ رضی اللہ عنہم میں سے تھا لیکن آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھانے سے انکار کر دیا۔ آپ ﷺ سے عرض کیا گیا: یارسول اللہ! آپ نے اپنی امت کے کسی آدمی کی نماز جنازہ نہیں چھوڑی بجز اس شخص کے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: یہ شخص عثمان سے بغض رکھتا تھا میں اس پر نماز نہیں پڑھتا۔ رواہ ابن النجار

۳۶۱۸۶......اسود بن ہلاک کی روایت ہے کہ حیرہ میں ایک اعرابی اذان دیتا تھا اور اسے جبر'' کے نام سے پکارا جاتا تھا وہ کہنے لگا: یہ عثمان رضی اللہ عنہ اس وقت تک وفات نہیں پائیں گے جب تک اس امت کے امر خلافت کے متولی نہ ہو جائیں اس سے کسی نے پوچھا تمہیں کہاں سے اس کا علم ہوا؟ اس نے جواب دیا: چونکہ میں نے رسول کریم ﷺ کے ساتھ نماز فجر پڑھی جب آپ نے سلام پھیرا تو ہم آپ کے سامنے ہو کر بیٹھ گئے آپ نے فرمایا: آج رات میرے صحابہ رضی اللہ عنہم میں سے کچھ لوگوں کو میزان میں تولا گیا چنانچہ ابوبکر رضی اللہ عنہ کا وزن کیا گیا وہ وزن میں پورے اترے پھر عمر کا وزن کیا گیا اور وہ بھی وزن میں پورے اترے پھر عثمان کا وزن کیا گیا اور وہ بھی وزن میں پورے اترے۔

رواہ ابن مندہ وابن عساکر

۳۶۱۷۷......عمارہ بن رویبہ کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ رسول اللہ ﷺ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا ہاتھ پکڑ ہوئے تشریف لائے اور فرمایا: کون ہے

جوعثمان کی شادی کرائے کاش اگر میرے پاس تیسری بیٹی ہوتی عثمان کا میں اس سے نکاح کرادیتا۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۱۸۸..... عمران بن حصین کی روایت ہے کہ حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ نے غزوۂ تبوک جسے ''جیش العسرہ یعنی تنگدست لشکر کے نام سے یاد کیا جاتا ہے میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا رسول اللہ ﷺ نے صدقہ ساز وسامان جنگی قوت اور غمخواری کا حکم دیا تھا ادھر عرب کے نصرانیوں نے ہرقل کے پاس اپنا وفد بھیج کر اسے پیغام دیا تھا کہ یہ شخص جس نے نبوت کا دعوی کر رکھا ہے ہلاکت کے قریب پہنچ گیا ہے چونکہ اس کے نام لیوا سخت قحط سالی سے بدحال ہیں ان کے اموال ختم ہو چکے ہیں اگر تم اپنے دین کی نصرت چاہتے ہوتو اس کے لیے یہی وقت ہے چنانچہ ہرقل نے اپنا ایک جرنیل بھیجا جسے ''صناز'' کہا جاتا تھا، اس کے ساتھ چالیس ہزار کا لشکر جرار تھا جب نبی کریم ﷺ کو اس کی خبر پہنچی تو آپ نے عرب کے مختلف شہروں میں خطوط بھیجے آپ ﷺ ہر دن منبر پر تشریف لے جاتے اور اللہ تعالی سے یہ دعا مانگتے ''اللھم انک ان تھلک ھذا لعصا بة فلن تعبد فی الارض '' یا اللہ اگر تو نے اس جماعت کو ہلاک کر دیا پھر زمین پر تیری عبادت نہیں کی جائے گی چونکہ لوگوں کے پاس جنگی قوت نہیں تھی، حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ شام کی طرف تجارتی قافلہ روانہ کرنے کے لیے تیار تھے چنانچہ آپ رسول کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا: یارسول اللہ! یہ دوسو اونٹ ساز وسامان سے لیس تیار کھڑے ہیں اور یہ دوسو اوقیہ چاندی ہے۔ (آپ انھیں قبول فرمائیں) رسول کریم ﷺ نے نعرۂ تکبیر بلند کیا اور جواب میں لوگوں نے بھی نعرۂ تکبیر بلند کیا پھر رسول کریم ﷺ ایک دوسری جگہ کھڑے ہوئے اور لوگوں کو صدقہ کرنے کی ترغیب دینے لگے۔ عثمان رضی اللہ عنہ حاضر ہوئے اور عرض کیا، یا نبی اللہ! یہ ہیں دوسو اونٹ اور دوسو اوقیہ چاندی آپ ﷺ نے ایک بار پھر نعرۂ تکبیر بلند کیا اور لوگوں نے بھی نعرہ بلند کیا اس کے بعد عثمان رضی اللہ عنہ اونٹ لے آئے اور باقی نقدی مال رسول کریم ﷺ کے سامنے ڈھیر کر دیا عمران بن حصین رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے رسول کریم ﷺ کو ارشاد فرماتے سنا کہ آج کے بعد عثمان جو عمل بھی کریں انھیں نقصان نہیں پہنچائے گا۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۱۸۹..... حضرت حذیفہ بن الیمان رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ''جیش عسرت'' کے سلسلہ میں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے مدد لینے کے لیے پیغام بھیجا، عثمان رضی اللہ عنہ نے دس ہزار دینار آپ ﷺ کی خدمت میں ارسال کیے دینار آپ ﷺ کے سامنے ڈھیر کر دیئے اور آپ نے ہاتھوں سے دیناروں کو اوپر نیچے الٹنا پلٹنا شروع کر دیا اور حضرت عثمان کے لئے دعا کرنے لگے: یا اللہ عثمان کی مغفرت فرمادے جو کچھ تو نے پوشیدہ رکھا ہے یا ظاہر کیا ہے یا جو کچھ قیامت تک ہونے والا ہے سب اسے بخش دے اس کے بعد عثمان جو عمل بھی کرے اسے اس کی کوئی پرواہ نہ ہو۔ رواہ ابن عدی والدارقطنی وابونعیم فی فضائل الصحابة وابن عساکر

۳۶۱۹۰..... حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ایک دن میں رسول کریم ﷺ کے پاس تھا آپ نے عنقریب ایک فتنہ کی آمد کا ذکر کیا پھر پاس سے ایک شخص گزرا اس نے اپنا سر ڈھانپ رکھا تھا۔ اسے دیکھ کر آپ ﷺ نے فرمایا: فتنہ کے وقت یہ شخص ہدایت پر ہوگا یا فرمایا کہ حق پر ہوگا میں اس شخص کی طرف لپکا اور سے بازوؤں سے پکڑ لیا اور سیدھے منہ نبی کریم ﷺ کے پاس لے آیا میں نے عرض کیا: اس شخص کے متعلق آپ نے فرمایا ہے؟ آپ نے جواب دیا: جی ہاں چنانچہ وہ عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ تھے۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۱۹۱..... ''مسند کعب بن مرہ البھری'' کعب بن مرہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ رسول کریم ﷺ نے عنقریب ایک فتنہ کا تذکرہ کیا اتنے میں ایک شخص گزرا دوپہر کے وقت شدت کی گرمی کی وجہ سے اس نے چادر سے اپنا سر ڈھانپ رکھا تھا آپ ﷺ نے فرمایا: یہ شخص اور اس کے ساتھی اس دن ہدایت پر ہوں گے میں اٹھا اور اس شخص کو کاندھوں سے پکڑ لیا اور سر سے چادر ہٹائی اور سیدھے منہ رسول اللہ ﷺ کے پاس لے آیا میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! آپ اس شخص کی بات کر رہے تھے؟ فرمایا: جی ہاں چنانچہ وہ عثمان رضی اللہ عنہ تھے۔

رواہ ابن ابی شیبة ونعیم بن حماد فی الفتن

۳۶۱۹۲..... ھرم بن حارث واسامہ بن حریم، مرہ بہری رضی اللہ عنہ سے روایت نقل کرتے ہیں کہ ایک دن ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ مدینہ کے راستوں میں سے ایک راستے پر جا رہے تھے آپ نے فرمایا: اس وقت تم کیا کرو گے جب زمین ایک سخت فتنہ کی لپیٹ میں ہوگی اور اس کی شدت بیل کے سینگوں کی طرح ہوگی؟ صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: یارسول اللہ! اس وقت ہم کیا کریں آپ نے فرمایا: اس وقت تم اس شخص اور اس

کے ساتھیوں کے ساتھ مل جاؤ راوی کہتے ہیں: میں نے جلدی سے لپک کر اس شخص کو پکڑ لیا اور عرض کیا: یا رسول اللہ! آپ اس شخص کی بات کررہے ہیں؟ فرمایا: جی ہاں اسی کی بات کر رہا ہوں چنانچہ وہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ تھے۔ رواہ ابن ابی شیبة

۳۶۱۹۳ ...... ابوقلابہ کی روایت ہے کہ جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ شہید کیے گئے تو مرہ بن کعب رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور کہنے لگے: اگر میں رسول کریم ﷺ سے ایک حدیث نہ سنی ہوتی ہیں نہ کھڑا ہوتا چنانچہ رسول کریم ﷺ نے عنقریب ایک فتنہ کے وقوع کا ذکر کیا اتنے میں ایک شخص گزرا اس نے چادر سے سر ڈھانپ رکھا تھا (اسے دیکھ کر) رسول کریم ﷺ نے فرمایا: یہ شخص اور اس کے ساتھی اس دن حق پر ہوں گے میں نے آ کر اس شخص کو پکڑ لیا اور سیدھا نبی کریم ﷺ کے پاس لے آیا، میں نے عرض کیا: یہ شخص، ! فرمایا: جی ہاں چنانچہ وہ عثمان رضی اللہ عنہ تھے۔

رواہ ابن ابی شیبة

۳۶۱۹۴ ...... ''مسند سلمہ بن الاکوع'' ایاس بن سلمہ اپنے والد سے روایت نقل کرتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے لیے اپنے ایک ہاتھ کے ذریعے دوسرے ہاتھ پر بیعت کی اور فرمایا: یا اللہ! عثمان تیرے اور تیرے رسول کے کام میں مصروف ہے۔

رواہ الطبرانی وابن عساکر واوردہ الهیثمی فی مجمع الزوائد ۹ ۸۹

۳۶۱۹۵ ...... شداد بن اوس رضی اللہ عنہ روایت نقل کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ایک دن میں بیٹھا ہوا تھا اچانک جبرئیل تشریف لائے اور مجھے اپنے دائیں کاندھے پر سوار کر کے لے گئے اور مجھے جنت میں داخل کردیا میں جنت ہی میں تھا کہ اتنے میں مجھے ایک سیب دکھائی دیا دیکھتے ہی دیکھتے وہ دو حصوں میں پھٹ گیا اس سے ایک خوبصورت لڑکی برآمد ہوئی رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں نے حسن و جمال میں اس سے بڑھ کر کسی کو نہیں دیکھا وہ عجب خدا تعالیٰ کی تسبیح کررہی تھی جو نہ پہلوں نے سنی نہ پچھلوں میں میں نے کہا: تو کون ہے؟ اس نے جواب دیا میں حور ہوں مجھے میرے رب نے اپنے عرش کے نور سے پیدا فرمایا ہے میں نے کہا: تو کس کے لیے ہے؟ اس نے جواب دیا: میں امین خلیفہ مظلوم عثمان بن عفان کے لیے ہوں۔ رواہ ابویعلی وابن عساکر

۳۶۱۹۶ ...... حضرت ابومسعود رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ہم ایک غزوہ میں نبی کریم ﷺ کے ساتھ تھے لوگوں کو سخت بھوک و مشقت پیش آئی حتیٰ کہ میں نے مسلمانوں کے چہروں پر مشقت کے آثار دیکھے اور منافقین کے چہروں پر فرحت دیکھی جب رسول اللہ ﷺ نے لوگوں کو اس حالت میں دیکھا تو فرمایا: اللہ کی قسم! سورج غروب ہونے نہیں پائے گا حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ تمہارے پاس رزق بھیج دے گا حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو اس کا علم ہوا کہ اللہ اور اس کا رسول اللہ ﷺ سچ فرماتے ہیں چنانچہ آپ ﷺ نے چودہ اونٹ بمعہ کھانے پینے کی اشیاء کے خرید لیے اور ان میں سے نو اونٹ نبی کریم ﷺ کی طرف روانہ کردیئے جب رسول اللہ ﷺ نے انھیں دیکھا تو فرمایا: یہ کیا ہے؟ جواب دیا گیا حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے آپ کی بطور ہدیہ روانہ کیے ہیں چنانچہ رسول کریم ﷺ کا چہرہ بشاشت سے کھل گیا جب کہ منافقین کے چہرے درماندگی سے دوچار ہوگئے میں نے نبی کریم ﷺ کو دیکھا کہ آپ نے اپنے دونوں ہاتھ دعا کیلئے بلند کیے حتیٰ کہ آپ کی بغلوں کی سفیدی دکھائی دینے لگی آپ نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے لیے ایسی دعا فرمائی کہ میں نے اس سے قبل ایسی دعا سنی نہ اس کے بعد آپ فرماتے یا اللہ! عثمان کو عطا فرمایا اللہ عثمان کے ساتھ ایسا کر۔

رواہ ابن عساکر

۳۶۱۹۷ ...... محمد بن عبداللہ مطلب بن عبداللہ روایت نقل کرتے ہیں کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ایک دن میں رسول کریم ﷺ کی بیٹی رقیہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوا حضرت رقیہ رضی اللہ عنہا حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے نکاح میں تھیں ان کے ہاتھ میں کنگھی تھی وہ بولیں: ابھی ابھی رسول کریم ﷺ میرے پاس سے تشریف لے گئے ہیں میں نے آپ کے سر مبارک میں کنگھی کی ہے آپ ﷺ نے مجھ سے پوچھا: تم نے ابوعبداللہ کو کیسا پایا؟ میں نے عرض کیا: اے ابا جان: میں نے انھیں بہت بہتر پایا ہے۔ آپ نے فرمایا: اس کا اکرام کرتی رہو چونکہ وہ اخلاق میں میرے ساتھ صحابہ میں سب سے زیادہ مشابہت رکھتے ہیں۔

رواہ الطبرانی وابونعیم فی المعرفة والدیلمی و ابن عساکر وقالع قال البخاری لا اراہ حفظه لا ن رقیة مانت ایام بدر وابو هریرة هاجر بعد ذالک بحو خمس سنین ایام خیبر ولا یعرف لمطلب سما عدٌمن ابی هریرة ولا لمحمد ابن المطلب ولا تقوم به الحجة انتهی

۳۶۱۹۸......حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے ایک فتنہ کا تذکرہ کیا اور اس سے بہت ڈرایا۔صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: ہم میں سے جو شخص اس فتنہ کو پائے آپ اسے کیا حکم دیتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: تمہارے اوپر لازم ہے کہ اس وقت تم امین اور اس کے ساتھیوں کے ساتھ چمٹ جاؤ آپ ﷺ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی طرف اشارہ فرمارہے تھے۔ رواہ ابونعیم وابن عساکر

۳۶۱۹۹......حبیب کاتب مالک ، ابن شھاب، سعید بن المسیب کی سند سے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت منقول ہے کہ جب حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کی بیوی رسول اللہ ﷺ کی بیٹی وفات پاگئیں تو عثمان رضی اللہ عنہ رونے لگے رسول کریم ﷺ نے فرمایا: تم کیوں رورہے ہو عثمان رضی اللہ عنہ نے عرض کیا میں اس لیے رورہا ہوں چونکہ آپ سے میرا سسرالی رشتہ منقطع ہو چکا ہے آپ ﷺ نے فرمایا: میرے پاس یہ جبرئیل کھڑے ہیں اور مجھے اللہ تعالیٰ کا حکم سنارہے ہیں کہ ہم نے اس کی بہن کی تمہارے ساتھ شادی کردی ہے۔

رواہ ابن عساکر وقال: ذکر ابی ھریرۃ فیہ غیر محفوظ والمحفوظ عن سعید مرسلا ثم روی من طریق ابن لھیعۃ

۳۶۲۰۰......عقیل ابن شھاب سعید بن المسیب روایت نقل کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ رسول کریم ﷺ کی حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ سے ملاقات ہوئی عثمان رضی اللہ عنہ غمزدہ اور پریشان تھے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے عثمان تمہارا کیا حال ہے عرض کیا یا رسول اللہ! میرے ماں باپ آپ پر قربان جائیں کیا جو پریشانی مجھے پیش آئی ہے لوگوں میں سے کسی کو ایسی پریشانی پیش آئی ہے رسول اللہ ﷺ کی بیٹی جو میرے نکاح میں تھی وہ وفات پاچکی ہے اللہ تعالیٰ اسے غریق رحمت کرے جس کی وجہ سے میری پشت کمزور ہوگئی اور سسرالی رشتہ جاتا رہا جو میرے اور آپ کے درمیان قائم تھا رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے عثمان! تم یہ بات دل سے کہتے ہو؟ عرض کیا: یا رسول اللہ! بخدا میں یہ بات دل سے کہتا ہوں چنانچہ اسی دوران آپ ﷺ عثمان رضی اللہ عنہ کے ساتھ گفتگو کررہے تھے کہ اچانک رسول اللہ ﷺ نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے فرمایا: اے عثمان! یہ ہیں جبرائیل مجھے اللہ تعالیٰ کا حکم سنارہے ہیں کہ میں اس کی بہن ام کلثوم رضی اللہ عنہا کا تمہارے ساتھ نکاح کردوں اور اس کا مہر بھی اسی جیسا ہو چنانچہ رسول اللہ ﷺ نے عثمان رضی اللہ عنہ کا نکاح ام کلثوم رضی اللہ عنہا سے کرادیا۔ قال ابن عساکر: ھذا مع ارسالہ اصح من حدیث مالک

۳۶۲۰۱......حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ نبی کریم ﷺ اپنی دوسری بیٹی جو کہ حضرت عثمان کے نکاح میں تھی کی قبر پر کھڑے ہوئے اور فرمایا اے ابوایم اے اخوایم عثمان کی شادی کرادو۔ اگر دس بیٹیاں ہوتیں میں عثمان سے ان کی شادی کرادیتا میں ان کی شادی آسمانی وحی کے ذریعے کرتا۔ رواہ ابن عدی وابن عساکر

۳۶۲۰۲......حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ نے دومرتبہ رسول اللہ ﷺ سے جنت خریدی ہے رومہ کے کنویں والے دن اور جیش عسرت کے دن۔ رواہ ابن عدی وابن عساکر

کلام:......حدیث ضعیف ہے دیکھئے ذخیرۃ الحفاظ ۵۱۹ حافظ ذھبی کہتے ہیں اس حدیث کی کی سند میں عیسٰی بن میسب راوی ہے ابوداؤد وغیرہ نے اسے ضعیف قرار دیا ہے۔

۳۶۲۰۳......حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ رسول کریم ﷺ نے عنقریب ایک فتنہ کی آمد کا ذکر کیا اتنے میں ایک شخص اپنا سر ڈھانپے ہوئے آیا آپ ﷺ نے فرمایا: یہ شخص اور اس کے ساتھی اس دن حق پر ہوں گے چنانچہ میں نے عثمان رضی اللہ عنہ کو کاندھے سے پکڑ کر رسول کریم ﷺ کے سامنے لایا میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ آپ اس شخص کے متعلق فرمارہے تھے فرمایا: جی ہاں؟ رواہ ابن عساکر

۳۶۲۰۴......حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں گواہی دیتا ہوں کہ میں نے رسول کریم ﷺ کو ارشاد فرماتے سنا ہے کہ میرے بعد بہت سارے فتنے اور امور رونما ہوں گے ہم نے عرض کیا: یا رسول اللہ! ہمارے لیے جائے پناہ کہاں ہوگی ارشاد فرمایا: امین اور اس کے ساتھی تمہاری جائے پناہ ہیں آپ ﷺ نے عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کی طرف اشارہ کیا۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۲۰۵......ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں رسول کریم ﷺ کی طرف سب سے پہلے حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ نے ہجرت کی ہے جس طرح کہ ابراہیم علیہ السلام کی طرف لوط علیہ السلام نے ہجرت کی تھی۔ رواہ العقیلی وابن عدی وابن عساکر

۳۶۲۰۶......ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ایک مرتبہ رسول کریم ﷺ (کسی طرف) تشریف لے جارہے تھے جب کہ حضرت عثمان رضی

اللہ عنہ ایک جگہ بیٹھے ام کلثوم بنت رسول اللہ ﷺ پر رو رہے تھے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ آپ کے دو صحابہ ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما بھی تھے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے عثمان! کیوں رو رہے ہو؟ عرض کیا: یا رسول اللہ! میں اس لیے رو رہا ہوں چونکہ آپ کے ساتھ قائم سسرالی رشتہ ٹوٹ چکا ہے آپ نے فرمایا: رو نہیں قسم اس ذات کی جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے آگر میرے پاس سو (۱۰۰) بیٹیاں ہوتیں ایک کے بعد دوسری مرتی تو میں بھی ایک کے بعد دوسری کا نکاح تجھ سے کرتا حتیٰ کہ ان میں سے ایک بھی باقی نہ بچتی یہ جبرئیل امین ہیں یہ مجھے بتا رہے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے کہ میں اس کی بہن رقیہ رضی اللہ عنہا کا نکاح تم سے کرادوں اور اس کا مہر بھی وہی مقرر کروں جو اس کی بہن کا تھا۔

رواہ ابن عساکر وقال کذاقال: والمحفوظ ان الا ولی رقیة

۳۶۲۰۷......ابن عباس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا اللہ تعالیٰ نے مجھے وحی بھیجی ہے کہ میں اپنی دو بیٹیوں کی شادی عثمان سے کرادوں۔رواہ ابن عدی و الدارقطنی وابن عساکر

کلام:......حدیث ضعیف ہے دیکھئے ذخیرۃ الحفاظ ۹۲۷ وضعیف الجامع ۱۵۷۲

۳۶۲۰۸......ابن عباس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: میرے رب نے مجھے حکم دیا ہے کہ میں اپنی دو بیٹیوں کا نکاح عثمان بن عفان سے کرادوں۔رواہ ابن عساکر

۳۶۲۰۹......ابن عباس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ ام کلثوم رضی اللہ عنہا رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئیں اور عرض کیا: یا رسول اللہ! فاطمہ رضی اللہ عنہا کے شوہر میرے شوہر سے افضل ہیں رسول اللہ ﷺ تھوڑی دیر خاموش رہے اور پھر فرمایا: تمہارے شوہر سے اللہ اور اللہ کا رسول محبت کرتا ہے اور وہ بھی اللہ اور اللہ کے رسول سے محبت کرتا ہے میں تمہیں خبر دیتا ہوں کہ اگر تم جنت میں داخل ہوگئیں تم اس کا مقام دیکھ لوگی لوگوں میں بلند مرتبہ والا کسی کو بھی نہیں دیکھوگی۔رواہ ابن عساکر

۳۶۲۱۰......ابن عباس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اے عائشہ رضی اللہ عنہا کیا تم اس سے نہیں حیاء کرتی ہو جس سے فرشتے بھی حیاء کرتے ہیں؟ بلاشبہ فرشتے عثمان سے حیاء کرتے ہیں۔رواہ الرویانی وابن عدی وابن عساکر

۳۶۲۱۱......ابن عباس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: تمہارے پاس ایک ایسا شخص نمودار ہونے والا ہے جو اہل جنت میں سے ہے چنانچہ عثمان عفان رضی اللہ عنہ نمودار ہوئے ایک روایت میں ہے کہ اس میں کونے سے تمہارے پاس ایک ایسا شخص داخل ہوگا جو اہل جنت میں سے ہے چنانچہ حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ داخل ہوئے۔رواہ ابن عساکر وابن النجار

۳۶۲۱۲......ابن عباس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ مقام جحفہ میں اترے تو آپ ایک حوض میں داخل ہوئے آپ کے ساتھ ابوبکر رضی اللہ عنہ وعمر رضی اللہ عنہ بھی تھے اور یہ بھی پائی میں ڈبکیاں لینے لگے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ کی طرف بڑھے چنانچہ رسول اللہ ﷺ نے عثمان رضی اللہ عنہ کو گلے لگالیا اور فرمایا: یہ میرا بھائی ہے اور میرے ساتھ ہے۔رواہ ابن عساکر

۳۶۲۱۳......مہلب بن ابی صفرہ کی روایت ہے کہ میں رسول اللہ ﷺ کے اصحاب سے سوال کیا: آپ لوگ عثمان رضی اللہ عنہ کو دنیا میں کیوں بلند وعالی مقام دیتے ہیں؟ صحابہ رضی اللہ عنہم نے جواب دیا چونکہ عثمان رضی اللہ عنہ کے علاوہ تمام اولین وآخرین میں کوئی شخص ایسا نہیں جس نے کسی نبی کی دو بیٹیوں کے ساتھ شادی کی ہو۔رواہ ابن عساکر

۳۶۲۱۴......ابن عباس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ رسول اللہ ﷺ اپنے گھر میں تشریف فرما تھے آپ پر صرف ایک ازار تھا جو ٹانگوں کے درمیان ڈال رکھا تھا جب کہ آپ کی رانیں ازار سے باہر تھیں اتنے میں ابوبکر نے اجازت طلب کی آپ ﷺ نے انھیں اجازت دی اور وہ گھر میں داخل ہوگئے پھر عمر رضی اللہ عنہ تشریف لائے اور انھیں بھی آپ نے اجازت مرحمت فرمائی اور وہ بھی اندر داخل ہوگئے پھر عثمان رضی اللہ عنہ تشریف لائے آپ نے انھیں اجازت دی جب رسول اللہ ﷺ نے عثمان رضی اللہ عنہ کو دیکھا تو آپ جلدی سے کھڑے ہوئے اور گھر میں داخل ہوگئے آپ کا یہ انداز حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا پر گراں گزرا جب یہ حضرات گھر سے چل دیئے تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا: یا رسول اللہ ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہ آپ کے پاس تشریف لائے مگر آپ کی حالت میں کوئی تغیر نہیں پیدا ہوا لیکن جب عثمان رضی اللہ عنہ تشریف لائے آپ

فوراً کھڑے ہو گئے آپ ﷺ نے فرمایا: اے عائشہ رضی اللہ عنہا کیا میں اس شخص سے حیاء نہ کروں جس سے فرشتے بھی حیاء کرتے ہیں۔ بلاشبہ فرشتے عثمان سے حیاء کرتے ہیں۔ رواہ ابن جریر

۳۶۲۱۵..... حفصہ بن عمر رضی اللہ عنہا کی روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ ایک دن میرے پاس تشریف فرما تھے آپ نے کپڑا اپنی رانوں کے درمیان ڈال رکھا تھا اتنے میں ابوبکر رضی اللہ عنہ تشریف لائے اور اجازت طلب کی آپ نے انھیں اجازت دی آپ ﷺ اپنی حالت پر بیٹھے رہے پھر عمر رضی اللہ عنہ آئے پھر علی آئے پھر آپ کے صحابہ رضی اللہ عنہم میں سے کچھ لوگ آئے آپ بدستور اپنی حالت پر بیٹھے رہے پھر عثمان رضی اللہ عنہ آئے انھوں نے اجازت طلب کی رسول اللہ ﷺ نے کپڑا کھسکا کر ٹانگوں پر ڈال دیا پھر عثمان رضی اللہ عنہ کو اجازت دی چنانچہ یہ سب حضرات آپس میں بات چیت کرتے رہے اور پھر اٹھ کر چلے گئے میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! ابوبکر عمر علی اور آپ کے بقیہ صحابہ اندر آئے آپ اپنی حالت پر بیٹھے رہے لیکن جب عثمان رضی اللہ عنہ آئے تو آپ نے کپڑا پنڈیوں پر کھسکا لیا آپ ﷺ نے فرمایا: کیا میں اس شخص سے حیاء نہ کروں جس سے فرشتے بھی حیاء کرتے ہیں۔ رواہ احمد بن حنبل و ابویعلی و ابونعیم فی المعرفۃ و ابن عساکر

۳۶۲۱۶..... ابن عباس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی طرف سب سے پہلے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے ہجرت کی جیسا کہ لوط علیہ السلام نے ابراہیم علیہ السلام کی طرف ہجرت کی تھی۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۲۱۷..... عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت ہے کہ محمد ﷺ کے گھر والوں نے چار دن تک کوئی چیز نہ کھائی حتیٰ کہ بچے چیخنے لگے چنانچہ نبی کریم ﷺ گھر والوں کے پاس تشریف لائے اور فرمایا میرے بعد تم نے کوئی چیز پائی ہے؟ میں نے عرض کیا: بھلا ہم کہاں سے پاتے اگر اللہ تعالیٰ آپ کے ہاتھ پر کسی چیز کو نہ لائے چنانچہ آپ ﷺ وضو کیا اور حالت انقباض میں نکل گئے پھر کبھی ایک جگہ نماز پڑھی اور کبھی دوسری جگہ اور پھر دعا میں مصروف ہو گئے چنانچہ دن کے آخری حصہ میں عثمان رضی اللہ عنہ ہمارے پس تشریف لائے اجازت طلب کی میں نے چاہا کہ معاملہ عثمان رضی اللہ عنہ سے پوشیدہ رکھوں لیکن پھر مجھے خیال آیا کہ یہ مالدار مسلمانوں میں سے ہیں شاید اللہ تعالیٰ نے ان کے ہاتھ پر ہمارے لیے کوئی مال بھیجا ہو میں نے انھیں اجازت دی اندر آ کر فرمایا: اے اماں جان رسول اللہ ﷺ کہاں ہیں؟ میں نے کہا: اے بیٹا! محمد ﷺ کے گھر والوں نے چار دنوں سے کوئی چیز نہیں کھائی پھر میں نے عثمان رضی اللہ عنہ کو رسول اللہ ﷺ کے متعلق خبر دی عثمان رضی اللہ عنہ رونے لگے اور پھر فرمایا: اے ام المومنین! اس دنیا کا ناس ہو جب آپ پر یہ مصیبت نازل ہوئی ہے تو آپ نے مجھے عبدالرحمن بن عوف ثابت بن قیس اور ہم جیسے دوسرے مالدار مسلمانوں کو خبر کیوں نہیں کی عثمان رضی اللہ عنہ گھر سے باہر نکل گئے اور ہمارے لیے آٹا گندم اور کھجور کے بہت سارے تھیلے بھیجے کھال اترے ہوئی ایک بکری بھی بھیجیں ایک تھیلی بھیجی جس میں تین سو درہم تھے پھر کہا: کہ یہ سامان تمہیں جلدی میں بھیجا ہے جب کہ عثمان رضی اللہ عنہ خود روٹیاں اور بھونا ہوا بہت سا گوشت لے کر آئے اور کہا: یہ کھاؤ اور رسول اللہ ﷺ کے لیے بھی رکھو پھر مجھے قسم دے کر کہا جب بھی ایسی حالت ہو مجھے ضرور خبر کرو تھوڑی دیر بعد رسول اللہ ﷺ تشریف لائے اور فرمایا: اے عائشہ! میرے بعد تم نے کوئی چیز پائی ہے؟ میں نے عرض کیا: جی ہاں یا رسول اللہ ﷺ! مجھے علم تھا کہ جب آپ اللہ تعالیٰ سے دعا کرتے ہوئے دیکھا کہ اتنا آٹا گندم اور کھجوریں ایک تھیلی جس میں تین سو درہم روٹیاں اور بھونا ہوا گوشت فرمایا کس نے دیا ہے؟ میں نے عرض کیا: عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ میرے پاس آئے میں نے انہیں خبر کی وہ رونے لگے پھر مجھے قسم دی کہ جب بھی ایسی حالت ہو میں انھیں ضرور خبر کروں چنانچہ رسول اللہ ﷺ بیٹھے نہیں اور فوراً مسجد کی طرف چل پڑے اور دونوں ہاتھ اٹھا کر دعا کرنے لگے۔ یا اللہ میں عثمان سے راضی ہوں تو بھی اس سے راضی ہو جا۔ تین بار یہ دعا فرمائی۔

رواہ ابونعیم فی فضائل الصحابۃ و ابن عساکر و ابن قدامہ فی کتاب البکاء والرقۃ و ابونعیم

کلام:...... حدیث ضعیف ہے دیکھئے الشریعۃ ۱۹۱۔ ۳۹۲ والجامع المصنف ۳۵۸۔

۳۶۲۱۸..... حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے جب بھی رسول اللہ ﷺ کو ہاتھ اٹھائے ہوئے دیکھا کہ آپ کی بغلیں دکھائی دینے لگیں یہ حالت تب ہوتی جب آپ حضرت عثمان بن عفان کے لیے دعا فرما رہے ہوتے۔ رواہ بن عساکر

۳۶۲۱۹..... حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ رسول اللہ ﷺ گھر میں لیٹے ہوئے تھے جب کہ آپ کی رانوں یا پنڈلیوں سے

کپڑا ہٹا ہوا تھا اتنے میں ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اجازت طلب کی آپ نے انھیں اجازت مرحمت فرمائی آپ ﷺ اسی حالت پر باتیں کرتے رہے پھر عمر رضی اللہ عنہ نے اجازت طلب کی آپ نے انھیں اجازت دی اور اسی حالت پر لیٹے ہوئے باتیں کرتے رہے پھر عثمان رضی اللہ عنہ نے اجازت طلب کی آپ ﷺ بیٹھ گئے اور کپڑے درست کر لیے عثمان رضی اللہ عنہ داخل ہوئے اور باتیں کرتے رہے جب یہ حضرات چلے گئے میں نے رسول اللہ ﷺ سے عرض کیا: یارسول اللہ! ابوبکر گھر میں داخل ہوئے آپ بیٹھے نہیں اور نہ ہی کوئی پرواہ کی پھر عمر رضی اللہ عنہ داخل ہوئے آپ ملے نہیں اور نہ ہی پرواہ کی لیکن جب عثمان داخل ہوئے آپ بیٹھ گئے اور کپڑے بھی درست کر لیے آپ ﷺ نے فرمایا: کیا میں اس شخص سے حیاء نہ کروں جس سے فرشتے بھی حیاء کرتے ہیں۔رواہ مسلم وابویعلی وابوداؤد وابن جریر

۳۶۲۲۰...... حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت ہے کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے نبی کریم ﷺ سے اجازت طلب کی آپ کی رانوں سے کپڑا ہٹا ہوا تھا آپ نے ابوبکر رضی اللہ عنہ کو اجازت دی پھر عمر رضی اللہ عنہ نے اجازت طلب کی آپ نے انھیں بھی اجازت دی اور آپ اسی حالت پر بیٹھے رہے پھر عثمان رضی اللہ عنہ نے اجازت طلب کی آپ ﷺ نے کپڑے کی طرف ہاتھ بڑھایا اور رانوں پر کھینچ لیا میں نے عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ گویا آپ کو ناپسند ہے کہ عثمان آپ کو اس حالت میں دیکھ لیتے ارشاد فرمایا: عثمان ستر کے خوگر ہیں حیادار ہیں حتیٰ کہ فرشتے بھی ان سے حیاء کرتے ہیں۔رواہ ابویعلی وابن عساکر

۳۶۲۲۱...... حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ میرے پاس تھے اور ہم اپنے اوپر ایک ہی لحاف اوڑھے ہوئے تھے اتنے میں ابوبکر آئے اجازت طلب کی گھر میں داخل ہوئے اور پھر نکل گئے پھر عثمان آئے تو آپ ﷺ نے فرمایا: تم اپنے کپڑے اپنے اوپر درست کرلو پھر عثمان داخل ہوئے اور پھر باہر نکل گئے میں نے عرض کیا: یارسول اللہ: ابوبکر آئے آپ نے انھیں اجازت دے دی جب کہ عثمان آئے آپ نے انھیں اس وقت تک اجازت نہیں دی جب تک کہ میں نے اپنے اوپر کپڑے نہیں درست کر لیے آپ نے فرمایا: عثمان سے اللہ تعالیٰ حیاء کرتا ہے میں بھی ان سے حیاء کرتا ہوں۔رواہ ابن عساکر

۳۶۲۲۲...... ام کلثوم بنت ثمامہ کی روایت ہے کہ میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے عرض کیا: ہم آپ سے عثمان رضی اللہ عنہ کے بارے میں سوال کرتے ہیں چونکہ لوگ ہم سے زیادہ تر انہی کے متعلق سوال کرتے ہیں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: میں نے اسی گھر میں ایک مرتبہ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ عثمان رضی اللہ عنہ کو دیکھا یہ بہت ٹھنڈی رات تھی نبی ﷺ پر جبریل وحی لے کر نازل ہوئے جب آپ پر وحی نازل ہوتی تھی آپ کی کیفیت شدید تر ہو جاتی تھی چنانچہ اللہ تعالیٰ کا فرمان نازل ہوا۔

''انا سنلقی علیک قولاً ثقیلا'' جب کہ عثمان رسول اللہ ﷺ کے سامنے بیٹھے لکھ رہے تھے آپ نے فرمایا: اے عثمان لکھو۔ بلاشبہ اللہ تعالیٰ رسول اللہ ﷺ کی اس جگہ پر کسی شریف ومکرم شخص ہی کو بٹھا سکتا ہے۔رواہ ابن عساکر

۳۶۲۲۳...... ابوبکر عدوی کہتے ہیں میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے سوال کیا کیا رسول اللہ ﷺ نے بوقت وفات اپنے صحابہ رضی اللہ عنہم میں سے کسی کو کوئی خاص مخفی وصیت کی ہے؟ عائشہ رضی اللہ عنہا نے جواب دیا اللہ کی پناہ اس کے علاوہ کچھ نہیں جو میں آپ کو ابھی بتاتی ہوں پھر عائشہ رضی اللہ عنہا حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کی طرف متوجہ ہوئیں اور کہا: اے حفصہ! میں تمہیں اللہ تعالیٰ واسطہ دیتی ہوں کہ تم باطل میں کہیں میری تصدیق نہ کرو اور حق کی تکذیب کرو عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا: تمہیں علم ہے کہ رسول اللہ ﷺ پر غشی طاری ہوئی میں نے کہا: آپ رخصت ہو گئے مجھے اس کا پتہ نہیں تھا چنانچہ آپ نے فرمایا: اسے اجازت دو میں نے کہا: میں اپنے والد کو؟ آپ خاموش رہے۔ میں نے کہا: اپنے والد کو آپ خاموش رہے پھر آپ پر غشی طاری ہوئی جو پہلے سے زیادہ تھی میں نے کہا آپ رخصت ہو گئے میں نے کہا مجھے اس کا پتہ نہیں تھوڑی دیر میں آپ کو پھر افاقہ ہوا اور فرمایا: اسے اجازت دو میں نے کہا: میرے باپ کو؟ آپ خاموش رہے آپ پر پھر غشی طاری جو پہلے کی دونوں مرتبہ سے زیادہ سخت تھی حتیٰ کہ ہمیں گمان ہوا کہ آپ کی رحلت ہو چکی ہے پھر جب آپ کو افاقہ ہوا فرمایا: اسے اجازت دو میں نے کہا: میرے باپ کو؟ آپ خاموش رہے میں نے کہا: میرے باپ کو؟ آپ پھر خاموش رہے۔ میں نے کہا: تم جانتی ہو کہ دروازے پر کوئی شخص ہے اسے اجازت دو چنانچہ عثمان رضی اللہ عنہ اس امت میں سب سے زیادہ حیاء دار تھے اور دروازے پر وہی تھے انھیں اجازت دی اور وہ اندر داخل ہوئے نبی کریم ﷺ نے

انھیں فرمایا: میرے قریب ہو جاؤ عثمان رضی اللہ عنہ قریب ہوئے آپ نے فرمایا: اور قریب ہو جاؤ عثمان اور قریب ہوئے فرمایا: اور قریب ہو جاؤ عثمان رضی اللہ عنہ اور قریب ہوئے حتیٰ کہ رسول اللہ ﷺ نے اپنا ہاتھ مبارک عثمان رضی اللہ عنہ کی گردن پر رکھا اور پھر عثمان رضی اللہ عنہ سے سرگوشی کی جب فارغ ہوئے تو فرمایا: کیا تم نے سن لیا جواب دیا: میرے کانوں نے سن لیا اور میرے دل نے اسے محفوظ کر لیا۔ آپ نے پھر ہاتھ مبارک عثمان رضی اللہ عنہ کی گردن کے پیچھے رکھا اور سرگوشی کی جب فارغ ہوئے فرمایا: سن لیا؟ عرض کیا: میرے کانوں نے سن لیا اور میرے دل نے اسے یاد کر لیا آپ نے پھر ہاتھ مبارک عثمان رضی اللہ عنہ کی گردن کے پیچھے رکھا اور سرگوشی کی جب فارغ ہوئے تو فرمایا: سن لیا: عرض کیا: میرے کانوں نے سن لیا اور میرے دل نے محفوظ کر لیا پھر رسول اللہ ﷺ کی روح پرواز کر گئی حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: آپ ﷺ نے عثمان رضی اللہ عنہ کو خبر دی تھی کہ انھیں قتل کیا جائے گا اور انھیں حکم دیا تھا کہ تم اپنا ہاتھ روکے رکھنا۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۲۲۴..... حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت ہے کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے آپ ﷺ نے اپنا ازار کھول رکھا تھا چنانچہ آپ نے قمیص اپنے اوپر کھینچ لی اور پھر فرمایا: اے عثمان جب قیامت کے دن میرے پاس آؤ گے اس وقت تمہاری کیا حالت ہوگی جب کہ تمہاری رگوں سے خون رس رہا ہوگا؟ میں کہوں گا تمہارے ساتھ یہ کس نے کیا: تم کہو گے ایک قاتل ورسوا آدمی سے یہ ہوا اسی دوران عرش کے نیچے سے ایک منادی پکارے گا خبردار! عثمان نے اپنے ساتھیوں کے درمیان فیصلہ کر دیا: عثمان رضی اللہ عنہ کہنے لگے: لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔ رواہ ابن عساکر وفیہ ہشام بن زیاد ابو المقدام متروک

۳۶۲۲۵..... حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت ہے کہ جب نبی کریم ﷺ نے اپنی بیٹی ام کلثوم رضی اللہ عنہا کی شادی کرائی تو آپ نے ام ایمن رضی اللہ عنہا سے فرمایا: میری بیٹی ام کلثوم رضی اللہ عنہا کو تیار کرو اور اسے زفاف کے لیے عثمان کے پاس لے جاؤ اور اس کے سامنے دف بجاؤ چنانچہ ام ایمن رضی اللہ عنہا نے ایسا ہی کیا اور پھر تین دن کے بعد نبی کریم ﷺ ام کلثوم رضی اللہ عنہا کے پاس تشریف لائے اور فرمایا: تم نے اپنے خاوند کو کیسا پایا؟ ام کلثوم رضی اللہ عنہا نے کہا: وہ بہترین خاوند ہیں۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا بلاشبہ عثمان لوگوں میں سب سے زیادہ تیرے دادا ابراہیم اور تیرے باپ محمد کے مشابہ ہے۔ رواہ ابن عدی وقال تفرد بہ عمرو بن الازھر

کلام:..... حدیث ضعیف ہے دیکھئے ذخیرۃ الحفاظ ۴۵۳۹۔

۳۶۲۲۶..... حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت ہے کہ میں نے اپنے خلیل رسول اللہ ﷺ کو ارشاد فرماتے سنا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے وحی بھیجی ہے کہ میں اپنی دو بیٹیوں کی شادی عثمان بن عفان سے کرادوں یوسف کہتے ہیں یعنی رقیہ اور ام کلثوم رضی اللہ عنہما۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۲۲۷..... حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو اپنے پاس بلوایا جب آپ حاضر خدمت ہوئے تو رسول اللہ ﷺ کو میں نے فرماتے سنا اے عثمان! شاید اللہ تعالیٰ تمہیں (امر خلافت کی) قمیص پہنائے اگر لوگ تجھ سے وہ قمیص اتارنے کا مطالبہ کریں تم مت اتارو آپ نے تین بار یہ ارشاد فرمایا۔ رواہ ابن ابی شیبۃ

۳۶۲۲۸..... ابن عمر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ میں کھجوروں کے ایک باغ میں نبی کریم ﷺ کے ساتھ حاضر تھا ابوبکر رضی اللہ عنہ نے آپ کے پاس آنے کی اجازت طلب کی نبی کریم ﷺ نے فرمایا انھیں اجازت دو اور جنت کی بشارت بھی دو پھر عمر رضی اللہ عنہ نے اجازت طلب کی فرمایا: انھیں بھی اجازت دو جنت کی بشارت بھی دو پھر عثمان رضی اللہ عنہ نے اجازت طلب کی فرمایا انھیں اجازت دو اور جنت کی بشارت بھی دو لیکن انھیں جنت میں جانے کے لیے بلوی کا سامنا کرنا ہوگا چنانچہ عثمان رضی اللہ عنہ روتے ہوئے داخل ہوئے اور ہنستے ہوئے باہر نکلے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یا نبی اللہ! میرے لیے کیا حکم ہے؟ ارشاد فرمایا: تم اپنے باپ کے ساتھ ہو گئے۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۲۲۹..... ابن عمر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ نبی کریم ﷺ کے پاس حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کا تذکرہ کیا گیا رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: وہ نور ہے صحابہ رضی اللہ عنہم نے پوچھا: نور کیا ہے ارشاد فرمایا: نور آسمان وجنان میں ایک سورج ہے اور نور حور عین پر فضیلت رکھتا ہے میں نے عثمان کے ساتھ اپنی دو بیٹیوں کی شادی کرائی ہے فرشتوں کے پاس اللہ تعالیٰ نے انھیں ذوالنورین کا نام دیا ہے جب کہ بہشتوں میں ان کا نام ذالنورین۔ (دو نوروں والا) رکھا ہے سو جس نے عثمان کو گالی دی اس نے مجھے گالی دی۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۲۳۰.....ابن عمر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ میں نے رسول کریم ﷺ کو "جیش عسرت" میں فرماتے ہوئے دیکھا کہ اس کے بعد عثمان جو عمل بھی کرے آسے نقصان نہیں پہنائے گا۔رواہ ابن عساکر

۳۶۲۳۱.....ابن عمر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا جو شخص بئر رومہ خرید کر مسلمانوں کے لیے وقف کرے گا اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اسے پیاس کی شدت میں پانی پلائے گا چنانچہ عثمان رضی اللہ عنہ نے کنواں خریدا اور مسلمانوں کے لیے صدقہ کر دیا ابن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب عثمان رضی اللہ عنہ نے جیش عسرت" کو جنگی ساز و سامان سے لیس کیا تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: یا اللہ اس غزوہ کو عثمان کے لیے نہ بھلانا۔رواہ ابن عدی و ابن عساکر

۳۶۲۳۲.....حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا تذکرہ کیا گیا تو ابن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: انھوں نے فلاں کام کیا فلاں کام کیا اور جیش عسرت کو ساز و سامان سے لیس کیا۔رواہ ابن عساکر

۳۶۲۳۳.....ابن عمر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ رسول اللہ ﷺ گھر پر تشریف فرما تھے عائشہ رضی اللہ عنہا آپ کے پیچھے بیٹھی ہوئی تھیں اتنے میں ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اجازت طلب کی وہ اندر داخل ہوئے پھر عمر رضی اللہ عنہ نے اجازت طلب کی اور وہ بھی اندر داخل ہوئے پھر علی رضی اللہ عنہ نے اجازت طلب کی وہ بھی اندر داخل ہوگئے پھر سعد بن مالک رضی اللہ عنہ اجازت طلب کر کے اندر داخل ہوئے پھر عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ نے اجازت طلب کی اور اندر داخل ہوئے۔(اس سے قبل) رسول اللہ ﷺ اپنے گھٹنے ننگے لیے ہوئے گفتگو کرتے رہے جوں ہی عثمان رضی اللہ عنہ داخل ہوئے آپ نے کپڑا گھٹنوں پر کھینچ لیا اور اپنی بیوی (عائشہ رضی اللہ عنہا) سے فرمایا: میرے پاس سے پیچھے ہو جاؤ پھر یہ صحابہ رضی اللہ عنہم تھوڑی دیر باتیں کرتے رہے اور پھر باہر نکل گئے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! آپ کے پاس آپ کے صحابہ رضی اللہ عنہم داخل ہوئے اور آپ نے گھٹنوں پر کپڑا نہیں کھینچا اور نہ ہی مجھے پیچھے ہٹایا حتیٰ کہ جب عثمان رضی اللہ عنہ داخل ہوئے اس وقت آپ نے کپڑا بھی درست کیا اور مجھے بھی پیچھے کر دیا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اے عائشہ رضی اللہ عنہا! اس شخص سے میں حیاء نہ کروں جس سے فرشتے بھی حیاء کرتے ہیں قسم اس ذات کی جس کے قبضہ قدرت میں محمد کی جان ہے بلاشبہ فرشتے عثمان سے حیاء کرتے ہیں جیسا کہ اللہ اور اس کے رسول سے حیاء کرتے ہیں اگر عثمان داخل ہوئے حالانکہ تم میرے قریب ہوتی وہ اپنا سر ہی اوپر نہ اٹھاتے اور نہ ہی کوئی بات کرتے حتیٰ کہ باہر نکل جاتے۔

رواہ ابویعلی و ابن عساکر

۳۶۲۳۴.....ابن عمر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ میں رسول کریم ﷺ کے پاس بیٹھا ہوا تھا یکا یک ایک شخص آیا اور آپ ﷺ کے ساتھ مصافحہ کیا آپ نے اس وقت تک ہاتھ نہیں ہٹایا جب تک کہ اس شخص نے خود اپنا ہاتھ نہیں ہٹا دیا پھر اس نے آپ سے پوچھا: یارسول اللہ! عثمان کیا ہے؟ ارشاد فرمایا: وہ اہل جنت میں سے ایک شخص ہے۔رواہ الطبرانی و ابن عساکر

۳۶۲۳۵.....ابن عمر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب مجھے آسمانوں کی سیر کے لیے لے جایا گیا میں چوتھے آسمان پر تھا کہ یکا یک میری گود میں ایک سیب گرا میں نے اسے اپنے ہاتھ میں اٹھا لیا جونہی میں نے اسے توڑا تو اس سے ایک حور برآور ہوئی جو کھلکھلا کر ہنس رہی تھی میں نے اس سے کہا: بات کرو تم کس کی ملکیت ہو وہ بولی: میں اس مقتول کے لیے ہو جو شہید کیا جائے گا یعنی عثمان عفان رضی اللہ عنہ۔رواہ الخطیب و ابن عساکر و قال: هذا الحديث منكر بهذا الا سناد و كل رجاله ثقات سوى ابى جعفر بن محمد بن سيلمان بن هشام والحمل فيه عليه

کلام:.....حدیث ضعیف ہے دیکھئے ترتیب الموضوعات ۲۵۳ والتنزیہ ۳۷۴/۱۔

۳۶۲۳۶.....ابن عساکر، ابوالعز احمد بن عبید اللہ ابو محمد جوہری ابوالحسین محمد بن مظفر بن موسیٰ الحافظ احمد بن عبداللہ بن سابر دقاق ایوب بن محمد وزان ولید بن ولید ابن ثوبان بکر بن عبداللہ مزنی عبوداللہ مزنی ابن عباس رضی اللہ عنہ کے سلسلہ سند سے مروی ہے کہ ام کلثوم رضی اللہ عنہا خود نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئیں اور عرض کیا: یارسول اللہ! آپ نے فاطمہ رضی اللہ عنہا کی شادی میرے خاوند سے بہتر شخص سے کرائی ہے چنانچہ نبی کریم ﷺ تھوڑی دیر خاموش رہے پھر فرمایا: میں نے ایسے شخص سے تمہاری شادی کرائی ہے جس سے اللہ اور اس کا رسول محبت کرتا ہے اور

وہ اللہ اور اللہ کے رسول سے محبت کرتا ہے جب ام کلثوم رضی اللہ عنہا اٹھ کر چلی گئیں تو آپ نے انھیں دوبارہ اپنے پاس بلایا اور فرمایا: میں نے کیسے کیا ہے؟ کہتی ہیں: میں نے عرض کیا: میں نے تمہاری شادی ایسے شخص سے کرائی ہے جس سے اللہ اور اللہ کا رسول محبت کرتا ہے اور وہ بھی اللہ اور اللہ کے رسول سے محبت کرتا ہے فرمایا: جی ہاں میں اس میں اضافہ کرتا ہوں کہ اگر تو جنت میں داخل ہوگی تم اس کا مقام دیکھ لوگی اور میرے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ایسا عالی مقام کسی کا نہیں دیکھوگی۔ قال ابن عساکر: رواہ غیرہ عن ایوب فقال ان ام کلثوم

۳۶۲۳۷...... حسن کی روایت ہے کہ: جب رسول اللہ ﷺ کی دوسری بیٹی دفات پاگئیں تو آپ نے فرمایا: اے ابوایم یا اس کی بہن عثمان کی شادی کرادی جائے؟ کاش اگر ہمارے پاس تیسری بیٹی ہوتی ہم اس کی شادی بھی عثمان سے کرادیتے۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۲۳۸...... حسن کہتے ہیں: عثمان رضی اللہ عنہ کو ذوالنورین اس لیے کہا جاتا ہے کہ ان کے علاوہ کسی شخص نے بھی کسی نبی کی دو بیٹیوں پر دروازہ بند نہیں کیا۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۲۳۹...... حسن کی روایت ہے کہ غزوہ تبوک کے موقع پر ابن عساکر کی روایت میں ہے کہ غزوہ حنین کے موقع پر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کثیر مقدار میں دینار لائے اور نبی کریم ﷺ کی گود میں ڈال دیئے آپ ﷺ دیناروں کو الٹنے پلٹنے لگے اور فرمایا: اس کے بعد عثمان جو عمل بھی کریں ان پر کوئی حرج نہیں ہے۔ رواہ ابن ابی شیبۃ و ابن عساکر وقال: کذا قال یوم حنین وانما ھو یوم تبرک

۳۶۲۴۰...... حسن کی روایت ہے کہ ایک دن رسول اللہ ﷺ گھر سے باہر تشریف لائے جب آپ کو عثمان رضی اللہ عنہ نے دیکھا تو آپ کے ساتھ معانقہ کیا اور پھر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں نے اپنے بھائی عثمان کے ساتھ معانقہ کیا ہے جس شخص کا کوئی بھائی ہو اسے چاہیے کہ اس کے ساتھ معانقہ کرے۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۲۴۱...... حسن کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: میری امت کے ایک شخص کی سفارش سے ربیعہ اور مضر کی تعداد کے بقدر لوگ جنت میں داخل ہوں گے پوچھا گیا وہ کون شخص ہے آپ نے فرمایا: عثمان بن عفان۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۲۴۲...... حسن رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ عثمان رضی اللہ عنہ بنی آدم میں سب سے بہتر تھے۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۲۴۳...... زید بن اسلم کی روایت ہے کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے نبی کریم ﷺ کی خدمت میں سرخ رنگ کی اونٹنی بھیجی نبی کریم ﷺ نے فرمایا: یا اللہ! عثمان کو پل صراط سے پار کردے۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۲۴۴...... حسن رحمۃ اللہ علیہ کی روایت ہے کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے نوسو پچاس (۹۵۰) اونٹ اور پچاس (۵۰) گھوڑے یا فرمایا: کہ نو سو ستر (۹۷۰) اونٹ اور تیس (۳۰) گھوڑے دیئے یعنی غزوہ تبوک میں۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۲۴۵...... حسان بن عطیہ کی روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا اے عثمان اللہ تعالیٰ نے تمہاری بخشش کردی ہے جو کچھ پہلے کیا یا بعد میں کروگے جو پوشیدہ کیا یا اعلانیہ کیا مخفی رکھا یا ظاہر کیا اور جو کچھ تا قیامت ہوگا سب بخش دیا ہے۔

رواہ ابن ابی شیبۃ وابونعیم فی فضائل الصحابۃ وابن عساکر

۳۶۲۴۶...... عصمہ بن مالک خطمی کی روایت ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ کی بیٹی اور عثمان رضی اللہ عنہ کی بیوی وفات پاگئی تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: عثمان رضی اللہ عنہ کی شادی کراؤ کاش اگر میری تیسری بیٹی ہوتی ہیں اسے بھی عثمان کے نکاح میں دے دیتا میں نے اللہ تعالیٰ کی وصیت کے ذریعے عثمان کی شادی کرائی ہے۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۲۴۷...... ابواسحاق کی روایت ہے کہ ایک شخص نے حضرت علی رضی اللہ عنہ بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے کہا عثمان دوزخ میں جائیں گے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تمہیں کہاں سے اس کا علم ہوا ہے اس نے کہا چونکہ عثمان نے نئے نئے امور پیدا کیے ہیں حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اس سے فرمایا: مجھے بتاؤ بالفرض اگر تمہاری بیٹی ہو اس سے مشورہ کیے بغیر اس کی شادی کرادو گے جواب دیا نہیں فرمایا: کیا یہ رائے رسول اللہ ﷺ کی رائے جو انھوں نے اپنی بیٹیوں کے متعلق قائم کی تھی وہ بہتر ہے مجھے بتاؤ کہ نبی کریم ﷺ جب کسی معاملہ کا ارادہ کرتے تو اللہ تعالیٰ سے استخارہ کرتے تھے یا نہیں؟ اس نے جواب دیا: بلکہ آپ استخارہ کرتے تھے فرمایا: کیا اللہ تعالیٰ آپ ﷺ کو بہتر راستہ فراہم کرتے تھے یا نہیں جواب دیا جی

ہاں بہتر راہ فراہم کرتے تھے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے رسول اللہ ﷺ کے متعلق خبر دو کہ اللہ تعالیٰ نے عثمان رضی اللہ عنہ کی شادی کے متعلق آپ ﷺ کو اختیار دیا ہے یا کہ نہیں پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے ارادہ کیا تھا کہ تیری گردن اڑا دوں لیکن اللہ تعالیٰ سے ناپسند فرماتا ہے اگر اس کے علاوہ تمہارا کوئی اور عقیدہ ہوتو میں تمہاری گردن اڑا دوں گا۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۲۴۸..... ابوجنوب (عقبہ بن علقمہ یشکری کوفی) حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے عثمان رضی اللہ عنہ کے ساتھ ایسا معاملہ کیا ہے جو نہ میرے ساتھ کیا نہ ابوبکر کے ساتھ نہ عمر کے ساتھ ہم نے عرض کیا: بھلا کیا معاملہ کیا؟ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہم رسول اللہ ﷺ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے آپ کے پاؤں اور پنڈلیاں گھٹنوں تک ننگی تھیں اور پنڈلیاں ٹھنڈے پانی میں ڈال رکھی تھیں چونکہ آپ کو اس سے سکون ملتا تھا میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! آپ گھٹنے کو کیوں ننگا نہیں کرتے؟ آپ نے فرمایا: اے علی! گھٹنہ ستر کی جگہ ہے اسی دوران ہم آپ کے ارادگرد بیٹھے تھے اچانک عثمان رضی اللہ عنہ نمودار ہوئے آپ ﷺ نے اپنی پنڈلی اور پاؤں کپڑے سے دھانپ دیئے میں نے عرض کیا: سبحان اللہ یارسول اللہ! ہم آپ کے پاس بیٹھے تھے آپ کے پاؤں اور پنڈلیاں ننگی تھیں لیکن جب عثمان نمودار ہوئے تو آپ نے فوراً ڈھانپ دیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا کیا میں اس شخص سے حیا نہ کروں جس سے فرشتے بھی حیا کرتے ہیں؟ پھر عمر رضی اللہ عنہ ہمارے پاس آئے اور کہنے لگے یارسول للہ! میں عثمان کے متعلق آپ کو ایک عجیب بات نہ سناؤں فرمایا: وہ کیا عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: میں ابھی ابھی عثمان کے پاس سے گزرا اور وہ غمزدہ و پریشانی میں بیٹھے تھے میں نے کہا: اے عثمان! یہ غم اور پریشانی کیسی ہے؟ انھوں نے جواب دیا: اے عمر رضی اللہ عنہ میں غزدہ و پریشان کیوں نہ ہوں حالانکہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو ارشاد فرماتے سنا ہے کہ قیامت کے دن ہر نسب اور رشتہ منقطع ہو جائے گا سوائے میرے نسب اور رشتہ کے جب کہ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ میرا جو رشتہ قائم تھا وہ ٹوٹ چکا ہے چنانچہ میں نے عثمان کو اپنی بیٹی حفصہ رضی اللہ عنہا کا رشتہ پیش کیا لیکن وہ خاموش رہے رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اے عمر! کیا میں حفصہ رضی اللہ عنہا کی شادی ایسے شخص سے نہ کردوں جو عثمان سے بہتر ہو؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: جی ہاں یارسول اللہ! چنانچہ اسی مجلس میں رسول اللہ ﷺ نے حفصہ رضی اللہ عنہا سے شادی کرلی اور عثمان رضی اللہ عنہ سے اپنی بیٹی کی شادی کرادی چنانچہ حضرت عثمان سے بغض حسد رکھنے والے کہنے لگے نہیں نہیں یارسول اللہ! آپ ایک بیٹی کے بعد دوسری بیٹی کی شادی بھی عثمان سے کرارہے ہیں اس سے بڑھ کر عثمان رضی اللہ عنہ کے لیے اور کونسا شرف ہوگا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اگر میری چالیس بیٹیاں ہوتیں میں ایک کے بعد دوسری کا عثمان سے نکاح کردیتا حتیٰ کہ ان میں سے ایک بھی باقی نہ رہتی۔ پھر آپ ﷺ نے عثمان رضی اللہ عنہ کی طرف دیکھ کر فرمایا: اے عثمان! اس وقت تمہارا کیا حال ہوگا جب تمہیں میرے بعد آزمائش کا سامنا کرنا پڑے گا عثمان رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! میں اس وقت کیا کروں آپ نے فرمایا اے عثمان! اس وقت بس صبر ہی صبر ہے حتیٰ کہ میرے ساتھ تمہاری ملاقات ہو جائے اور رب تعالیٰ تم سے راضی ہو۔ رواہ سعید بن المنصور وابن عساکر

۳۶۲۴۹..... کثیر بن مرہ کی روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے متعلق سوال کیا گیا: حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جی ہاں چوتھے آسمان پر انھیں ذوالنورین کے نام سے پکارا جاتا ہے رسول اللہ ﷺ نے اپنی ایک بیٹی کے بعد دوسری بیٹی سے ان کا نکاح کردیا پھر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص گھر خرید کر مسجد میں شامل کرے گا اللہ تعالیٰ اس کی بخشش فرمائے گا۔ چنانچہ عثمان رضی اللہ عنہ نے وہ گھر خرید کر مسجد میں اضافہ کردیا رسول اللہ ﷺ نے پھر فرمایا: جو شخص بنی فلاں کا باڑا خرید کر مسلمانوں کے لیے صدقہ کرے گا اللہ تعالیٰ اس کی مغفرت کردے گا چنانچہ عثمان رضی اللہ عنہ نے وہ باڑا خرید کر مسلمانوں پر صدقہ کردیا ایک بار پھر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص لشکر یعنی جیش عسرت کو ساز و سامان فراہم کرے گا اللہ تعالیٰ اس کی بخشش کرے گا چنانچہ پورے لشکر کو عثمان رضی اللہ عنہ نے جنگی ساز و سامان سے لیس کردیا حتیٰ کہ فوجیوں کو اسی کی کمی بھی محسوس نہ ہونے دی۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۲۵۰..... محمد بن جعفر اپنے آباء سے روایت نقل کرتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ایک مرتبہ میں نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا آپ لیٹے ہوئے تھے اور ٹانگوں کو الگ الگ اوپر کئے ہوئے تھے اور آپ کی رانیں ننگیں تھیں اتنے میں ابوبکر وعمر داخل ہوئے پھر عثمان رضی اللہ عنہ نے اجازت طلب کی چنانچہ عثمان رضی اللہ عنہ داخل نہیں ہونے پائے تھے کہ نبی کریم ﷺ نے کپڑا لٹکا لیا اور رانوں کو ڈھانپ دیا میں

نے عرض کیا: میرے ماں باپ آپ پر قربان جائیں یارسول اللہ! ہم جماعت کی صورت میں آپ کے پاس موجود تھے آپ نے رانوں کوڈھانپا نہیں لیکن جونہی عثمان آئے آپ نے رانیں ڈھانپ لیں ارشادفرمایا: بلاشبہ میں اس شخص سے حیاء کرتا ہوں جس سے فرشتے بھی حیاء کرتے ہیں۔

رواہ ابن عساکر

۳۶۲۵۱......نعیم بن ابی ھند کی روایت ہے کہ کوفہ میں لوگوں کے سامنے جب کوئی شخص حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا ذکر خیر کرتا لوگ اسے مارتے تھے چنانچہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے لوگوں سے فرمایا: ایسا مت کرو بلکہ اسے میرے پاس لیتے آؤ چنانچہ ایک شخص کہنے لگا: حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کوشہید کیا گیا ہے لوگ اسے پکڑ کر حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس لے آئے اور کہنے لگے یہ شخص کہتا ہے کہ عثمان شہید کیے گئے ہیں حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اس سے پوچھا: تمہیں یہ کیسے معلوم ہوا اس شخص نے جواب دیا: کیا آپ کو وہ دن یاد ہے جب میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا آپ نے مجھے ایک اوقیہ چاندی عطا کی ایک اوقیہ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے دی ایک عمر رضی اللہ عنہ نے اور ایک عثمان نے جب کہ ابوحسن (علی رضی اللہ عنہ) کے پاس کچھ نہیں تھا تاہم عثمان رضی اللہ عنہ نے مجھے ان کی طرف سے ایک اوقیہ عطا کر دی میں نے عرض کیا یارسول اللہ! میرے لیے دعا کریں تاکہ اللہ تعالیٰ اس مال میں برکت عطا فرمائے آپ ﷺ نے فرمایا: بھلا تمہارے اس مال میں برکت کیوں نہیں ہوگی حالانکہ تمہیں یا تو نبی نے عطا کیا ہے یا صدیق نے یا شہید نے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے سن کر فرمایا: اس شخص کا رستہ چھوڑ دو۔

رواہ الشاشی وابن عساکر

۳۶۲۵۲......حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: بلاشبہ عثمان رسول اللہ ﷺ کے سامنے بہت سی بھلائیوں میں سبقت لے گئے ہیں ان کے بعد اللہ تعالیٰ انھیں کبھی عذاب نہیں دے گا۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۲۵۳......"ایضاً" ثابت بن عبید کی روایت ہے کہ ایک شخص نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے کہا: اے امیر المؤمنین! میں مدینہ واپس جارہا ہوں اہل مدینہ میں مجھ سے حضرت عثمان کے متعلق سوال کریں گے میں ان سے کیا کہوں؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: انھیں بتاؤ کہ عثمان کا تعلق ان لوگوں سے تھا "جولوگ ایمان لائے نیک اعمال کیے اور تقویٰ اختیار کیا پھر ایمان تقویٰ اور نیکوکاری پر ثابت قدم رہے اور اللہ تعالیٰ نیکوکاروں کو پسند فرماتا ہے۔" رواہ ابن مردویہ وابن عساکر

۳۶۲۵۴......مکحول کی روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے فرمایا: اے ابوعمرو۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۲۵۵......"مسند علی رضی اللہ عنہ" حسن کی روایت ہے کہ لوگوں کو جب فتوحات نصیب ہوئیں کوئی شخص اگر کسی سے رسول اللہ ﷺ کے افاضل صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے متعلق پوچھتا تو اسے حضرت سعد بن مالک کی طرف دلالت کر دیتا تھا چنانچہ کوئی شخص اگر ان سے پوچھتا کہ مجھے عثمان رضی اللہ عنہ کے متعلق خبر دو تو وہ فرماتے: جب ہم سب رسول اللہ ﷺ کے پاس ہوتے تو عثمان ہم سب میں سے زیادہ اچھا وضو کرتے سب سے زیادہ لمبی نماز پڑھتے اور اللہ تعالیٰ کی راہ میں سب سے زیادہ خرچ کرتے تھے۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۲۵۶......حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے میں نے رسول اللہ ﷺ کو ارشاد فرمائے سنا ہے کہ اگر میری چالیس بیٹیاں ہوتیں میں ایک کے بعد دوسری کی شادی عثمان سے کرادیتا حتیٰ کہ ان میں سے ایک بھی باقی نہ رہتی۔

رواہ ابن شاھین وابن عساکر وفیہ العلاء بن عمر الخفی وقال ابن حبان لایحتج بہ

کلام:......حدیث ضعیف ہے دیکھئے ذخیرۃ الحفاظ۔

۳۶۲۵۷......حضرت علی رضی اللہ عنہ عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ وہ اس وقت حاضر تھے جب عثمان رضی اللہ عنہ بن عفان نے رسول اللہ ﷺ کو جیش العسرۃ (غزوہ تبوک) کے موقع پر ساز وسامان دیا تھا چنانچہ آپ ﷺ سات سو (۷۰۰) اوقیہ سونا لے کر آئے تھے۔

رواہ ابویعلی وابن عساکر

۳۶۲۵۸......حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما کی روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے ایک دیگچہ جس میں گوشت تھا دیکر عثمان رضی اللہ عنہ کے گھر بھیجا چنانچہ دیکھا کہ عثمان رضی اللہ عنہ حضرت رقیہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ بیٹھے ہوئے ہیں میں نے زوجین کا ان سے اچھا جوڑا کوئی نہیں دیکھا

میں کبھی عثمان رضی اللہ عنہ کے چہرے کی طرف دیکھتا اور کبھی رقیہ رضی اللہ عنہا کی طرف دیکھتا جب میں رسول اللہ ﷺ کے پاس واپس لوٹ آیا تو آپ نے فرمایا: کیا تم ان کے پاس داخل ہوئے تھے؟ میں نے عرض کیا: جی ہاں فرمایا: کیا تم نے ان سے اچھا جوڑا کوئی دیکھا ہے میں نے جواب دیا یا رسول اللہ نہیں میں کبھی عثمان رضی اللہ عنہ کی طرف دیکھتا تھا اور کبھی رقیہ رضی اللہ عنہا کی طرف۔ رواہ البغوی وابن عساکر

۳۶۲۵۹......حضرت انس رضی اللہ عنہ کی رویات ہے کہ مسلمانوں میں سب سے پہلے اپنے گھر والوں کے ساتھ حبشہ کی طرف حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے ہجرت کی ہے چنانچہ عثمان رضی اللہ عنہ اپنی بیوی نبی کریم ﷺ کی بیٹی کو ساتھ لے کر نکل گئے تھے چنانچہ نبی کریم ﷺ کو ان کے متعلق کوئی خبر نہیں ملنے پاتی تھی آپ نے ان کے متعلق خبریں دینی شروع کر دیں ایک عورت جس کا تعلق قریش سے تھا وہ حبشہ سے آتی آپ نے اس سے پوچھا! کہنے لگی: اے ابوالقاسم! میں نے ان دونوں کو دیکھا ہے فرمایا: تم انھیں کس حال میں دیکھا ہے؟ میں نے انھیں اس حال میں دیکھا کہ عثمان رضی اللہ عنہ نے رقیہ رضی اللہ عنہا کو گدھے پر سوار کر رکھا تا وہ گدھے کو ہانک رہے تھے اور پیچھے پیچھے چل رہے تھے آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ ہی ان کا ساتھی ہے بلاشبہ لوط علیہ السلام کے بعد عثمان پہلے شخص ہیں جنہوں نے اپنے گھر والوں کے ساتھ اللہ کی طرف ہجرت کی۔

رواہ الطبرانی والبیھقی وابن عساکر

۳۶۲۶۰......''ایضاً'' عیسی بن طھمان حضرات انس رضی اللہ عنہ کی روایت نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص ہماری اس مسجد میں توسیع کرے گا اللہ تعالیٰ اس کے لیے جنت میں ایک گھر بنائے گا چنانچہ عثمان رضی اللہ عنہ نے ایک گھر خرید کر مسجد میں توسیع کردی۔

رواہ العقیلی وابن عساکر

۳۶۲۶۱......حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ کو بیعت رضوان کا حکم ملا تو عثمان رضی اللہ عنہ کو رسول اللہ ﷺ نے اہل مکہ کے پاس بھیجا تھا آپ نے لوگوں سے بیعت لی اور پھر فرمایا: یا اللہ! عثمان تیرے اور تیرے رسول کے کام میں مصروف ہیں چنانچہ آپ نے اپنا ایک ہاتھ دوسرے ہاتھ پر رکھا تو گویا رسول اللہ ﷺ کا ہاتھ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا ہاتھ تھا جو دیگر لوگوں کے اپنے ہاتھوں سے بدر جہا افضل تھا۔

رواہ ابن عساکر

کلام:......حدیث ضعیف ہے دیکھئے ضعیف الترمذی ۷۶۵۔

۳۶۲۶۲......حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: میں جنت میں داخل ہوا اور میرے ہاتھ پر ایک سیب رکھ دیا گیا جسے میں اپنے ہاتھ میں الٹنے پلٹنے لگا دیکھتے ہی دیکھتے وہ سیب دو حصوں میں پھٹ گیا اور اس سے ایک خوبصورت حور برآمد ہوئی اس کی آبروئیں گدھ کے پروں کے ریشوں جیسی تھیں میں نے کہا: تو کس کی ملکیت ہے اس نے کہا: میں اس شخص کی ملکیت ہوں جو ظلماً قتل کیا جائے یعنی عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۲۶۳......حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں جنت میں داخل ہوا مجھے ایک سیب تھما دیا گیا میں نے اسے توڑا اس سے ایک حور ظاہر ہوئی چنانچہ اس کی آنکھوں کی پلکیں گدھ کے پروں جیسی تھیں میں نے پوچھا تو کس کی ملکیت ہے اس نے جواب دیا عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کی۔ رواہ ابن عساکر

کلام:......حدیث ضعیف ہے دیکھئے ترتیب الموضوعات ۲۵۶ واللآ لی ۱۳۱/۳۔

۳۶۲۶۴......حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں جنت میں داخل ہوا جبرائیل امین نے مجھے ایک سیب دیا وہ میرے ہاتھ میں ٹوٹ گیا اس سے ایک لڑکی نکلی جس کی پلکیں گدھ کے پروں کی طرح۔ (باریک) تھیں میں نے س سے پوچھا تو کس کی ملکیت ہے اس نے جواب دیا: میں اس شخص کی ملکیت ہوں جو آپ کے بعد ظلماً قتل کیا جائے گا یعنی حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ۔

رواہ ابن عساکر

کلام:......حدیث ضعیف ہے دیکھئے اللآ لی ۱۴۱/۳۔

۲۶۲۶۵......''ایضاً'' بکر بن مختار بن فلفل اپنے والد سے حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت نقل کرتے ہیں کہ ہم مدینہ میں ایک باغ میں نبی کریم

...کے ساتھ تھے اتنے میں ایک شخص آیا اور دروازے پر دستک دی آپ ﷺ نے فرمایا: اے انس ذرا دیکھو یہ کون ہے میں نے نکل کر دیکھا تو وہ ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ تھے میں نے عرض کیا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ میں فرمایا: واپس جاؤ اور دروازہ کھولو اور انھیں جنت کی بشارت دو انھیں یہ بھی خبر دو کہ میرے بعد وہ خلیفہ ہوں گے میں نے آ کر ابوبکر رضی اللہ عنہ کو خبر کر دی پھر ایک اور شخص آیا اور دروازے پر دستک دی اور آپ نے فرمایا: دیکھو کون ہے؟ میں نے آ کر دیکھا تو عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ تھے واپس جا کر میں نے عرض کیا: عمر ہیں فرمایا: واپس جاؤ اور دروازہ کھولو اور انھیں جنت کی بشارت دو انھیں یہ بھی خبر کر دو کہ وہ ابوبکر کے بعد خلیفہ ہوں گے میں نے آ کر عمر رضی اللہ عنہ کو خبر کر دی پھر ایک اور شخص نے دروازے پر دستک دی آپ ﷺ نے فرمایا: دیکھو یہ کون ہے؟ میں نے باہر نکل کر دیکھا تو وہ عثمان رضی اللہ عنہ تھے میں نے عرض کیا: عثمان ہیں فرمایا: واپس جاؤ دروازہ کھولو اور انھیں جنت کی خوشخبری سناؤ اور انھیں یہ بھی بتاؤ کہ وہ عمر رضی اللہ عنہ کے بعد خلیفہ ہوں گے اور ان کا معاملہ یہاں تک پہنچے گا کہ ان کا خون بہایا جائے گا اس وقت تم نے صبر کا دامن نہیں چھوڑنا۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۲۶۶..... ''ایضاً'' عبدالاعلیٰ بن ابی المساور مختار بن فلفل سے حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت نقل کرتے ہیں کہ ایک دن رسول اللہ ﷺ گھر سے باہر تشریف لے گئے میں بھی آپ کے ساتھ تھا آپ انصار کے ایک باغ میں داخل ہوئے میں بھی آپ کے ساتھ داخل ہو گیا آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے انس دروازہ بند کر دو۔ میں نے دروازہ بند کر دیا تھوڑی دیر بعد دروازے پر دستک ہوئی آپ نے فرمایا: اے انس دروازہ کھولو اور آنے والے کو جنت کی خوشخبری دو نیز اسے خبر دو کہ وہ میرے بعد میری امت کا والی ہوگا چنانچہ میں دروازہ کھولنے کے لئے چل پڑا جب کہ مجھے نہیں معلوم تھا کہ وہ کون ہے۔ دروازہ کھولا تو کیا دیکھتا ہوں کہ ابوبکر کھڑے ہیں میں نے انھیں نبی کریم ﷺ کے فرمان کی خبر دے دی آپ رضی اللہ عنہ کہنے لگے: الحمدللہ پھر باغ میں داخل ہو گئے کچھ دیر بعد دروازے پر پھر دستک ہوئی آپ نے فرمایا: اے انس دروازہ کھولو اور آنے والے کو جنت کی خوشخبری دو اور اسے کہو کہ وہ ابوبکر کے بعد میری امت کا والی ہوگا میں دروازہ کھولنے کے لیے چل پڑا حالانکہ مجھے معلوم نہیں تھا کہ وہ کون ہے دروازہ کھولا دیکھا تو عمر رضی اللہ عنہ کھڑے ہیں میں نے انہیں آپ ﷺ کے فرمایا ان کی خبر دی آپ نے الحمدللہ کہا اور پھر اندر داخل ہو گئے پھر ایک اور شخص آیا اور دروازے پر دستک دی آپ نے فرمایا اے انس اس شخص کے لیے دروازہ کھولو اور اسے جنت کی بشارت دو نیز اسے بتاؤ کہ وہ ابوبکر و عمر کے بعد میری امت کا والی ہوگا اور یہ کہ اسے آزمائش سے دوچار ہونا پڑے گا حتیٰ کہ لوگ اس کا خون بہائیں گے میں دروازہ کھولنے کے لیے چل پڑا مجھے معلوم نہیں تھا کہ یہ کون ہے چنانچہ دیکھا تو وہ عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ تھے میں نے دروازہ کھولا اور نبی کریم ﷺ کے فرمان کی انھیں خبر کر دی عثمان رضی اللہ عنہ نے الحمدللہ اور انا للہ وانا الیہ راجعون کہا۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۲۶۷..... ''مسند انس'' ''ابو حصین'' مبارک بن فلفل اخ مختار بن فلفل کی سند سے حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ایک دن نبی کریم ﷺ تشریف لائے اور باغ میں داخل ہوئے اتنے میں ایک شخص آیا اور دروازے پر دستک دی آپ نے فرمایا: اے انس کھڑے ہو جاؤ اور دروازہ کھولو اور آنے والے کو جنت اور میرے بعد خلافت کی خوشخبری دو میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! کیا میں اسے بتادوں میں باہر نکلا دیکھتا ہوں کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ کھڑے ہیں میں نے ان سے کہا: آپ کے لیے جنت اور رسول اللہ ﷺ نے بعد خلافت کی بشارت ہے پھر ایک اور آنے والا آیا اور دروازے پر دستک دی آپ ﷺ نے فرمایا: اے انس! کھڑے ہو جاؤ اور دروازہ کھولو اور اسے جنت اور ابوبکر کے بعد خلافت کی خوشخبری سناؤ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! میں اسے بتادوں؟ فرمایا! اسے بتادو میں نکل پڑا دیکھتا ہوں کہ عمر رضی اللہ عنہ کھڑے ہیں میں نے کہا آپ کے لیے جنت اور ابوبکر کے بعد خلافت کی خوشخبری ہے پھر ایک اور شخص آیا اور دروازہ کھٹکھٹایا آپ نے فرمایا اے انس! کھڑے ہو جاؤ اور دروازہ کھولو اور اسے جنت اور عمر کے بعد خلافت کی خوشخبری دو اور یہ کہ اسے قتل کیا جائے گا میں باہر نکلا دیکھا تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کھڑے تھے میں نے کہا آپ کے لیے جنت اور خلافت کی خوشخبری ہے نیز آپ کو قتل کیا جائے گا چنانچہ عثمان رضی اللہ عنہ اندر داخل ہوئے اور عرض! یارسول اللہ! اللہ کی قسم میں نے نہ گانا گایا نہ اس کی تمنا کی اور جب سے آپ کے دست اقدس پر بیعت کی ہے تب سے اپنا دایاں ہاتھ شرمگاہ سے مس نہیں کیا آپ ﷺ نے فرمایا: اے عثمان! یہ معاملہ اسی طرح ہوگا۔

رواہ ابن عساکر وابویعلی و ابن عساکر من طریق عبداللہ بن ادریس عن المختار بن فلفل عن انس

کلام:......حدیث ضعیف ہے دیکھئے ذخیرۃ الحفاظ ۲۶۰۲۔

۳۶۲۶۸......"ایضاً" ابو حازم حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت نقل کرتے ہیں رسول اللہ ﷺ مدینہ کے باغات میں سے ایک باغ میں تھے اتنے میں ابوبکر رضی اللہ عنہ آئے اور اجازت طلب کی رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ان کے لیے دروازہ کھولو اور انھیں جنت کی بشارت دو چنانچہ ابوبکر رضی اللہ عنہ بھی کنویں کے منڈیر پر ٹانگیں لٹکا کر بیٹھ گئے جس طرح کہ انھوں نے رسول اللہ ﷺ کو کیے ہوئے دیکھا پھر عمر رضی اللہ عنہ آئے اور انھوں نے اجازت طلب کی آپ رضی اللہ عنہ فرمایا: ان کے لیے دروازہ کھولو اور انھیں جنت کی بشارت دو عمر رضی اللہ عنہ بھی داخل ہوئے اور انھوں نے بھی ایسے ہی کیا جیسے انھیں دیکھا پھر علی رضی اللہ عنہ نے اجازت طلب کی آپ نے فرمایا: ان کے لیے دروازہ کھولو اور انھیں جنت کی بشارت دو چنانچہ علی رضی اللہ عنہ نے بھی ایسا ہی کیا جیسے انھیں دیکھا (یعنی انھوں نے بھی کنویں میں ٹانگیں لٹکا دیں) پھر عثمان آئے اور آپ نے فرمایا: ان کے لیے دروازہ کھولو اور انھیں بھی جنت کی بشارت دو لیکن انھیں ایک سخت آزمائش سے پالا پڑے گا جب رسول اللہ ﷺ نے عثمان رضی اللہ عنہ کو دیکھا اپنے گھٹنے کپڑے سے ڈھانپ دیئے صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: یارسول اللہ! جب ہم آئے آپ نے ایسا نہیں کیا لیکن عثمان آئے آپ نے گھٹنوں پر کپڑا کر دیا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: میں اس شخص سے حیاء کرتا ہوں جس سے فرشتے بھی حیاء کرتے ہیں۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۲۶۹......حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ حواریوں میں سے رسول اللہ ﷺ کے ایک حواری ہیں۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۲۷۰......اوس بن اوس ثقفی کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: میں بیٹھا ہوا تھا کہ یکا یک جبرئیل امین تشریف لائے مجھے اپنے اوپر سوار کر کے رب تعالیٰ کی جنت میں داخل کر دیا میں جنت میں بیٹھا ہوا تھا اچانک میرے ہاتھوں میں ایک سیب آ گیا وہ دو حصوں میں پھٹ گیا اور اس سے ایک خوبصورت لڑکی ظاہر ہوئی میں نے اس سے زیادہ حسین کوئی لڑکی نہیں دیکھی وہ ایسی تسبیح کر رہی تھی جو نہ اولین نے سنی نہ آخرین نے میں نے کہا: اے لڑکی تو کون ہے؟ اس نے جواب دیا: میں حور عین ہوں مجھے اللہ تعالیٰ نے اپنے عرش کے نور سے پیدا کیا ہے میں نے کہا: تو کس کی ملکیت ہے؟ جواب دیا: میں خلیفہ مظلوم عثمان بن عفان کی ملکیت ہوں۔ رواہ ابن عساکر والطبرانی

۳۶۲۷۱......"مسند عثمان" ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن کی روایت ہے کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ اپنے گھر سے جھانکے جب کہ آپ گھر ہی میں محصور کیے ہوئے تھے آپ نے فرمایا: میں اللہ تعالیٰ کا واسطہ دیتا ہوں اس شخص کو جس نے حراء کے موقع پر رسول اللہ ﷺ کو سنا ہو جب کہ حرار پہاڑ جھومنے لگا تھا آپ ﷺ نے پہاڑ پر پاؤں مارا اور پھر فرمایا: اے حراء رک جاؤ تجھ پر یا تو نبی ہے یا صدیق ہے یا شہید ہے میں آپ کے ساتھ تھا لوگوں نے عثمان رضی اللہ عنہ کی بات کی تصدیق کی پھر فرمایا: میں اس شخص کو اللہ تعالیٰ کا واسطہ دیتا ہوں جو بیعت رضوان کے موقع پر حاضر تھا جب کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے مشرکین اہل مکہ کے پاس بھیجا تھا اور آپ نے فرمایا تھا: یہ ہاتھ میرا ہے اور یہ ہاتھ عثمان کا ہے چنانچہ آپ نے خود میرے لیے بیعت کی چنانچہ لوگوں نے آپ کا واسطہ قبول کیا۔ پھر فرمایا: میں اس شخص کو واسطہ دیتا ہوں جو رسول اللہ ﷺ کے ساتھ حاضر تھا جب آپ نے فرمایا تھا: کون شخص اس گھر کو خرید کر مسجد میں توسیع کرے گا اس کے بدلہ میں اس کے لیے جنت میں گھر ہوگا؟ چنانچہ میں نے گھر خرید کر مسجد میں توسیع کر دی لوگوں نے آپ کا واسطہ قبول کیا۔ پھر عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں اس شخص کو اللہ کا واسطہ دیتا ہوں جو رسول اللہ ﷺ کے ساتھ جیش عسرت کے موقع پر حاضر تھا آپ نے فرمایا تھا: کون شخص آج کے دن مقبول خرچہ کرے؟ چنانچہ نصف لشکر کو میں نے اپنے مال سے ساز و سامان فراہم کیا لوگوں نے آپ کا واسطہ قبول کیا: پھر آپ نے فرمایا: میں اس شخص کو اللہ تعالیٰ کا واسطہ دیتا ہوں جو بئر رومہ کے موقع پر حاضر تھا کہ اس کا پانی مسافروں کے لیے خرید کر صدقہ کر دیا جائے میں نے اپنے دل سے وہ کنواں خریدا اور مسافروں کے لیے وقف کر دیا لوگوں نے آپ کا یہ واسطہ بھی تسلیم کیا۔ رواہ احمد بن حنبل والنسائی والشاشی والدار قطنی وابن ابی عاصم وسعید بن المنصور

۳۶۲۷۲......"ایضاً" احنف بن قیس کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ ہم حج کی نیت سے چلے اور مدینہ سے گزرے، ہم مسجد میں داخل ہوئے مسجد میں علی بن ابی طالب زبیر، طلحہ، سعید بن ابی وقاص بیٹھے تھے تھوڑی دیر کے بعد حضرت عثمان رضی اللہ عنہ تشریف لائے آپ پر زرد رنگ کی چادر تھی جس سے آپ نے سر ڈھانپ رکھا تھا آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا یہاں علی ہیں لوگوں نے جواب دیا جی ہاں فرمایا کیا یہاں؟ زبیر ہیں؟ جواب دیا:

جی ہاں فرمایا: کیا یہاں طلحہ رضی اللہ عنہ ہیں؟ جواب دیا: جی ہاں فرمایا: کیا یہاں سعد رضی اللہ عنہ ہیں: جواب دیا جی ہاں آپ نے فرمایا: میں تمہیں اللہ تعالیٰ کا واسطہ دیتا ہوں جس کے سوا کوئی معبود نہیں مگر وہی کیا تمہیں معلوم ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تھا: جو شخص بنی فلاں کا باڑا خریدے گا اللہ تعالیٰ اس کی بخشش کرے گا چنانچہ میں نے بیس ہزار درہم یا فرمایا پچیس ہزار درہم کے بدلہ وہ جگہ خرید لی اور میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا ہیں نے عرض کیا: وہ جگہ میں نے خرید لی ہے آپ نے فرمایا: اسے مسجد میں شامل کردو تمہیں اس کا اجر و ثواب ملے گا حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے کہا: جی ہاں: پھر عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں تمہیں اس اللہ کا واسطہ دیتا ہوں جس کے سوا کوئی معبود نہیں مگر وہی کیا تمہیں معلوم ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تھا: جو شخص بئر رومہ خریدے گا اللہ تعالیٰ اس کی بخشش فرمائے گا میں نے وہ کنواں اتنے اتنے درہم میں خریدا میں نے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ میں نے وہ کنواں خرید لیا ہے آپ نے فرمایا: اسے مسلمانوں کے پانی پینے کے لیے وقف کردو اس کا اجر و ثواب تمہیں ملے گا صحابہ رضی اللہ عنہم نے کہا جی ہاں پھر فرمایا: میں تمہیں اللہ تعالیٰ کا واسطہ دیتا ہوں جس کے سوا کوئی معبود نہیں کیا تمہیں معلوم ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے جیش عسرہ کے موقع پر لوگوں کی طرف دیکھ کر فرمایا: جو شخص لشکر کو ساز و سامان سے لیس کرے گا اللہ تعالیٰ اس کی بخشش فرمائے گا: چنانچہ لشکر کو میں نے ساز و سامان سے لیس کیا حتیٰ کہ فوجیوں نے نکیل اور رسی تک کی معمولی چیز بھی گم نہیں پائی صحابہ رضی اللہ عنہم نے کہا: جی ہاں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا یا اللہ گواہ رہنا یا اللہ گواہ رہنا یا اللہ گواہ رہنا پھر آپ واپس لوٹ گئے۔

رواه ابن ابی شیبة واحمد بن حنبل والنسائی وابویعلی وابن خزیمة وابن حبان والدارقطنی وابن ابی عاصم فی السنة والضیاء

۳۶۲۷۳...... سعید بن مسیب کی روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ عثمان رضی اللہ عنہ سے کہا: آپ نے آل فلاں کی جائیداد خریدی ہے اور رسول اللہ ﷺ نے اس کے پانی کا حق وقف کر دیا ہے میں تو یہی سمجھتا تھا کہ آپ کے علاوہ اسے کوئی نہیں خرید سکتا۔ رواه الطبرانی فی الاوسط

۳۶۲۷۴...... ''مسند عثمان'' قیس بن ابی حازم کی روایت ہے کہ ابوسہلہ نے مجھے حدیث سنائی کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ رحمۃ اللہ علیہ نے بلوی والے دن جب آپ محصور تھے فرمایا: رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے ایک وعدہ کر رکھا ہے میں اس پر صبر کرتا ہوں قیس کہتے ہیں: چنانچہ لوگوں نے آپ کو اس دن صابر دیکھا ہے۔ رواه ابن سعد احمد بن حنبل وابن ابی شیبة والترمذی وقال: حسن صحیح وابن ابی عاصم فی السنة و ابویعلی و ابونعیم فی الحلیة وسعید ابن المنصو

۳۶۲۷۵...... حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: میرے بعد تم عنقریب آزمائش سے دوچار ہو گے تم ہرگز قتال نہ کرنا۔ رواه ابویعلی وسعید بن المنصور

۳۶۲۷۶...... ''ایضاً'' ابوسہلہ مولائے عثمان کی روایت ہے کہ بلوی کے موقع پر میں نے عثمان رضی اللہ عنہ سے کہا: اے امیر المؤمنین آپ بھی جواباً جنگ کریں۔ آپ نے فرمایا: اللہ کی قسم میں جنگ نہیں کروں گا چونکہ رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے ایک چیز کا وعدہ کر رکھا ہے میں اس پر صبر کرتا ہوں۔

رواه ابن عساکر

۳۶۲۷۷...... ''ایضاً'' شقیق کی روایت ہے کہ حضرت عبدالرحمن بن عوف کی ولید بن عقبہ سے ملاقات ہوئی ولید نے عبدالرحمن رضی اللہ عنہ سے کہا: آپ کیوں امیر المؤمنین عثمان رضی اللہ عنہ سے کنارہ کش ہوئے عبدالرحمن رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: عثمان رضی اللہ عنہ کو میرا پیغام پہنچا دو کہ میں اُحد کے موقع پر جنگ سے نہیں بھاگا جنگ بدر میں بھی پیچھے نہیں رہا ہوں اور عمر کی سنت کو بھی نہیں ترک کیا چنانچہ ولید نے جا کر عثمان رضی اللہ عنہ کو اس کی خبر کی آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: وہ جو کہتے ہیں کہ میں جنگ اور میں بھاگا نہیں ہوں'' مجھے اس کی عار کیوں دلا رہے ہیں حالانکہ اللہ تعالیٰ نے مجھے معاف کر دیا ہے چنانچہ فرمان باری تعالیٰ ہے:

ان الذین تولوا منکم یوم التقی الجمعان انما استزلهم الشیطان ببعض ما کسبوا ولقد عفا الله عنهم

جن لوگوں نے دو جماعتوں کے باہم مقابل ہونے کے ان روگردانی کی انھیں شیطان نے پھسلا دیا تھا ان کے بعض اعمال کی وجہ سے البتہ اللہ تعالیٰ نے انھیں معاف کر دیا ہے'' اور ان کا یہ کہنا کہ میں بدر میں پیچھے نہیں رہا ہوں میں تو رقیہ بنت رسول اللہ ﷺ کی تیمارداری میں لگا ہوا تھا بالآ خر وہ وفات پا گئیں جب کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے مال غنیمت سے حصہ دیا تھا جس کو رسول اللہ ﷺ حصہ دے دیں گویا وہ حاضر تھا اور رہا ان کا یہ کہنا کہ

میں نے سنت عمر کونہیں چھوڑ ابلا شبہ میں اس کی طاقت نہیں رکھتا اور نہ ہی عبدالرحمٰن اس کی طاقت رکھتے ہیں ان کے پاس جاؤ اور انھیں یہ بتادو۔

رواہ احمد بن حنبل و ابویعلی والطبرانی والبغوی فی مسند عثمان والضیاء

۳۶۲۷۸......''ایضاً''سعید بن عاص کی روایت ہے کہ عائشہ رضی اللہ عنہا زوجہ نبی ﷺ اور عثمان رضی اللہ عنہ نے مجھے حدیث سنائی کہ حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ سے اجازت طلب کی آپ اپنے بستر پر عائشہ رضی اللہ عنہا کی چادر پہنے لیٹے ہوئے تھے ابوبکر رضی اللہ عنہ کو اجازت دی آپ ﷺ اس حالت میں رہے ابوبکر رضی اللہ عنہ نے آنے کی حاجت پوری کی اور پھر واپس لوٹ گئے پھر عمر رضی اللہ عنہ نے اجازت طلب کی آپ نے انھیں اجازت دی اور آپ اسی حالت پر برقرار رہے عمر رضی اللہ عنہ نے اپنا کام پورا کیا اور پھر واپس لوٹ گئے عثمان رضی اللہ عنہ کہتے ہیں پھر میں نے آپ کے پاس داخل ہونے کے لئے اجازت طلب کی تو آپ ﷺ اٹھ بیٹھے اور عائشہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا: اپنے اوپر اپنے کپڑے درست کرلو میں نے اپنی حاجت پوری کی اور پھر واپس لوٹ گیا حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ کیا وجہ ہے ابو بکر وعمر رضی اللہ عنہما آئے آپ نے حرکت نہیں کی لیکن جب عثمان رضی اللہ عنہ آئے آپ فوراً سنبھل گئے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: عثمان حیادار شخص ہیں مجھے ڈر تھا کہ اگر میں نے اسی حالت میں انھیں اجازت دی وہ اپنی حالت مجھ تک۔ (کماحقہ) نہیں پہنچا پائیں گے۔

رواہ احمد بن حنبل ومسلم وابو عوانۃ و ابویعلی وابن ابی عاصم والبیھقی

۳۶۲۷۹......''ایضاً''ابوعبدالرحمٰن سلمی کی روایت ہے کہ جب عثمان رضی اللہ عنہ کا محاصرہ جاری تھا آپ نے بلوائیوں پر گھر کے اوپر سے جھانک کر فرمایا: میں تمہیں اللہ تعالیٰ کا واسطہ دے کر یاد کراتا ہوں کیا تمہیں معلوم ہے کہ حراء پہاڑ ہلنے لگا رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے حراء ثابت قدم رہ چونکہ تجھ پر یا تو نبی ہے یا صدیق ہے یا شھید ہے بلوائیوں نے کہا: جی ہاں یاد ہے آپ نے فرمایا: میں تمہیں اللہ تعالیٰ کا واسطہ دے کر یاد کراتا ہوں کیا تم جانتے ہو کہ رسول اللہ ﷺ نے غزوہ تبوک کے موقع پر فرمایا: کون شخص لشکر کے اخراجات برداشت کرے گا جب کہ لوگ تنگدستی کا شکار تھے میں نے ہی لشکر کو ساز وسامان سے لیس کیا تھا؟ لوگوں نے کہا: جی ہاں پھر فرمایا: میں تمہیں اللہ تعالیٰ کا واسطہ دے کر یاد کرواتا ہوں کیا تمہیں معلوم ہے کہ رومہ کے کنویں سے کوئی شخص پانی نہیں پی سکتا تھا الا یہ کہ کوئی پیسوں سے خرید لے چنانچہ میں نے وہ کنواں خرید کر مالدار افقیر ومسافر کے لیے وقف کردیا۔؟ لوگوں نے اس کا اعتراف کرتے ہوئے کہا جی ہاں اس کے علاوہ بھی آپ ﷺ نے بہت ساری چیزیں کیں۔

رواہ الترمذی وقال: حسن صحیح والنسائی والشاشی وابن حزیمۃ وابن حبان والبغوی فی مسند عثمان والحاکم وسعید بن المنصور والدارقطنی والبیھقی

۳۶۲۸۰......ثمامہ بن حزن قشیری کی روایت ہے کہ بلوی کے موقع پر میں موجود تھا جب عثمان رضی اللہ عنہ نے لوگوں پر جھانک کر فرمایا: میں تمہیں اللہ تعالیٰ اور اسلام کا واسطہ دیتا ہوں کیا تمہیں معلوم ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ مدینہ منورہ تشریف لائے اس وقت ''بئر رومہ'' کے علاوہ مدینہ میں میٹھا پانی کہیں بھی دستیاب نہیں تھا آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جو شخص روم کا کنواں خرید کر مسلمانوں کے لیے وقف کرے گا اسے جنت میں اس سے بہتر صلہ ملے گا چنانچہ میں نے کنواں اپنے ذاتی مال سے خریدا؟ جب کہ تم مجھے آج اس کنویں سے پانی پینے سے روک رہے ہو اور میں سمندر کا پانی پی رہا ہوں لوگوں نے اس کا اعتراف کیا۔ آپ نے پھر فرمایا: میں تمہیں اللہ تعالیٰ اور اسلام کا واسطہ دیتا ہوں کیا تمہیں معلوم ہے کہ مسجد لوگوں کے لیے تنگ ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص آپ فلاں کی زمین خرید کر مسجد میں اضافہ کرے گا اسے جنت میں اسے سے بہتر صلہ ملے گا چنانچہ میں نے اپنے ذاتی مال سے وہ زمین خرید کرے مسجد میں اضافہ کر دیا حالانکہ تم آج اس میں دو رکعت نماز پڑھنے سے مجھے روک رہے ہو۔ لوگوں نے اعتراف کرتے ہوئے کہا: جی ہاں فرمایا: میں تمہیں اللہ تعالیٰ اور اسلام کا واسطہ دیتا ہوں کیا تم جانتے ہو کہ جیش عسرت کو میں نے اپنے مال سے ساز وسامان فراہم کیا: لوگوں نے کہا: جی ہاں: پھر آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں تمہیں اللہ تعالیٰ اور اسلام کا واسطہ دیتا ہوں کیا تمہیں معلوم ہے کہ رسول اللہ ﷺ مکہ کے ثبیر پہاڑ پر تھے آپ کے ساتھ ابوبکر عمر اور میں تھا اچانک پہاڑ حرکت میں آ گیا حتیٰ کہ حرکت کی وجہ سے پہاڑ سے پتھر گرنے لگے رسول اللہ ﷺ نے پہاڑ پر پاؤں مارا اور فرمایا اے ثبیر رک جا تجھ پر یا تو نبی ہے یا صدیق ہے یا دو شھید ہیں۔ لوگوں نے کہا: جی ہاں آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ اکبر رب کعبہ کی قسم ان لوگوں

نے گواہی دے دی کہ میں شہید ہوں۔آپ نے تین بار فرمایا۔

رواہ الترمذی وقال حسن والنسائی و ابویعلی وابن خریمة والدار قطنی وابن ابی عامر وا لبیھقی والضیاء

۳۶۲۸۱...... حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے جب اپنی دوسری بیٹی کی شادی مجھ سے کرائی ایک روایت میں ہے کہ آپ کی دوسری بیٹی کی وفات کے بعد مجھ سے فرمایا: اگر میری دس (۱۰) بیٹیاں ہوتیں میں ایک کے بعد دوسری کی شادی تم سے کرادیتا یقیناً میں تم سے راضی ہوں۔رواہ الطبرانی فی الاوسط والدارقطنی فی الا فراد وابن عساکر

۳۶۲۸۲...... سعید بن مسیب کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے حضرت عبدالرحمن بن عوف پر آواز بلند کردی عبدالرحمن رضی اللہ عنہ نے ان سے فرمایا: تم اپنی آواز کیوں بلند کرتے ہو حالانکہ میں بدر میں شریک تھا جب کہ تم شریک نہیں تھے میں نے۔(حدیبیہ کے موقع پر) رسول اللہ ﷺ کے دست اقدس پر بیعت کی ہے جب کہ تم نے بیعت نہیں کی اور اُحد میں تم بھاگ گئے تھے جب کہ میں نہیں بھاگا؟ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: رہی تمہاری بات کہ میں بدر میں تھا تم نہیں تھے سو رسول اللہ ﷺ نے مجھے بذات خود اپنی بیٹی کی تیمارداری کے لیے چھوڑ دیا تھا اسی لیے آپ نے مجھے غنیمت سے حصہ بھی عطا کیا تمہارا کہنا کہ ”تم نے رسول اللہ ﷺ کے دست اقدس پر بیعت کی اور میں نے (عثمان نے) بیعت نہیں کی سو رسول اللہ ﷺ نے مجھے مشرکین کے پاس بھیجا تھا تمہیں اس کا علم بھی ہے جب مجھے تاخیر ہوگئی تو رسول اللہ ﷺ نے اپنا دائیاں ہاتھ بائیں ہاتھ پر رکھ دیا اور فرمایا: یہ ہاتھ عثمان بن عفان کا ہے۔پس رسول اللہ ﷺ کا بایاں ہاتھ میرے دائیں ہاتھ سے افضل ہے اور رہا تمہارا یہ کہنا کہ ”تم غزوہ احد میں بھاگ گئے تھے میں نہیں بھاگا سو اس متعلق اللہ تعالیٰ فرمایا ہے:

”ا ن الذین تولو منکم یوم التقی الجمعان انما استز لھم الشیان ببعض ماکسبوا ولقد عفااللہ عنم“

بے شک تم میں سے جن لوگوں نے دو جماعتوں کے باہم مقابل ہونے کے دن روگردانی کی تو ان کے بعض اعمال کی وجہ سے شیطان نے انھیں پھسلا دیا البتہ اللہ تعالیٰ نے انھیں معاف کردیا ہے۔

لہٰذا آپ مجھے اس گناہ کے ذریعے کیوں رسوا کررہے ہیں جو اللہ تعالیٰ نے مجھے معاف کردیا ہے۔رواہ البزار و ابن عساکر

۳۶۲۷۳...... ”ایضاً“ عبید حمیری کی روایت ہے کہ محاصرہ کے وقت میں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے پاس تھا آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا یہاں طلحہ ہیں؟ لوگوں نے کہا: جی ہاں فرمایا: میں تمہیں اللہ تعالیٰ کا واسطہ دیتا ہوں کیا آپ کو علم ہے کہ میں رسول اللہ ﷺ کے پاس تھا آپ نے فرمایا: تم میں سے ہر شخص اپنے ہم جلیس اور دوست کا ہاتھ پکڑ لے بلاشبہ وہ اس کا ہم جلیس اور دوست ہوگا دنیا وآخرت میں آپ نے فلاں کا ہاتھ پکڑلیا تھا اور فلاں نے فلاں کا ہاتھ پکڑ لیا تھا حتیٰ کہ ہر شخص نے اپنے اپنے ساتھی کا ہاتھ پکڑلیا تھا اور رسول کریم ﷺ نے میرا ہاتھ پکڑا تھا اور فرمایا تھا یہ دنیا میں میرا ہم نشین اور آخرت میں دوست ہے حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جی ہاں۔

رواہ ابن ابی عاصم والشاشی وابن عساکر والبزار وفی مسندہ خاریة بن مصعب ضعیف وقال ابن عدی ھو ممن یکتب حدیثه واوردہ ابن الجوزی فی الموضوعات وقال: قال ابن حبان : خاریة یدلس عن الکذابین

کلام:...... حدیث ضعیف ہے دیکھئے التعقبات ۵۵ واللآلی ۱/۳۱۷۔

۳۶۲۷۴...... ”ایضاً“ عبدالعزیز زہری محمد بن عبداللہ بن عمرو بن عثمان اپنے والد اور دادا کی سند سے روایت نقل کرتے ہیں کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے اپنے قبول اسلام کا واقعہ ہمیں یوں بیان فرمایا ہے میں عورتوں کا دلدادہ شخص تھا چنانچہ ایک رات میں قریش کی ایک جماعت کے ساتھ کعبہ کے صحن میں بیٹھا ہوا تھا اچانک ہمیں آواز سنائی دی: محمد اپنی بیٹی کا نکاح عتبہ بن ابی لہب سے کرنا چاہتے ہیں رقیہ رضی اللہ عنہا بہت حسن وجمال والی عورت تھی حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: مجھے حسرت ہوئی کہ میں عتبہ پر سبقت کیوں نہ لے جاؤں میں وہاں نہ بیٹھا اور فوراً اٹھ کر اپنے گھر کی طرف چل پڑا میں نے گھر پر اپنی خالہ سعدی بنت کریز بن ربیعہ بن حبیب بن عبد شمس بیٹھی پائی سعدی بنت کریز اپنی قوم کو غیب کی خبریں سنایا کرتی تھی۔جب اس نے مجھے دیکھا کہنے لگی:

بشر وحیت ثلاثاً تتری ثم ثلاثا وثلاثا اخر.

خوش ہو جا تجھے تین بار لگا تار خراج تحسین پیش کیا جاتا ہے پھر سہ بار اور ایک اور سہ بار۔

ثم باخری کی تتم عشرا　　　　اتاک خیر و وقیت الشرا

پھر ایک بار اور تا کہ دس بار پوری ہو جائے تیرے پاس خیر و بھلائی پہنچی ہے اور شر سے محفوظ کیا ہے۔

انکحت واللہ حصا نا زھرا　وانت بکر ولقیت بکرا

بخدا تیرا نکاح ایک پاکدامن چاندی صورت سے کیا جائے گا تو بھی کنوارا ہے اور کنواری کو پائے گا۔

وفیتھا بنت عظیم قدرا　　　　بنت امری بقد اشادذکرا

تم اسے قدر و منزلت کے اعتبار سے عظیم باپ کی بیٹی پاؤ گے ایک ایسے شخص کی بیٹی ہے جس کی شہرت کے تذکرے ہوں گے۔

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے خالہ کے قول سے تعجب کیا اور کہا: اے خالہ کیا کہتی ہو؟ وہ بولی: اے عثمان!

لک الجمال ولک اللسان　　　　ھذا نبی معه البر ھان

تمہارے لیے حسن و جمال اور زبان ہے یہ شخص نبی ہے اور اس کے پاس برھان ہے۔

ارسله بحقه الدیان وجاء ہ التنزیل　　　　والفر قان فاتبعیه لا تغتا لک الاوثان

اللہ تعالیٰ نے انھیں برحق پیغمبر بنا کر بھیجا ہے ان کے پاس تنزیل و فرقان آئے ہیں لہٰذا تم ان کی اتباع کرو تجھے بت گمراہ نہ کرنے پائیں۔

میں نے کہا: اے خالہ! آپ ایسی چیز کا ذکر کر رہی ہیں جس کا چرچا ہمارے شہر میں چل پڑا ہے آپ اس کی وضاحت کریں وہ محمد بن عبد اللہ ہیں اللہ تعالیٰ کی طرف سے رسول ہیں اللہ تعالیٰ کا قرآن لائیں گے اور اللہ کی طرف اس کی دعوت دیں گے، پھر بولی: اس کا چراغ ہمیشہ روشن رہے گا اس کا دین فلاح و کامیابی ہے اس کا معاملہ کامرانی ہے اسے غلبہ حاصل ہوگا گمراہ لوگ اس سے مغلوب ہوں گے چیخ و پکار فضول ہوگی اگر چہ گھمسان کی جنگیں ہی کیوں نہ ہوں تلواریں بے نیام ہی کیوں نہ ہو جائیں نیزے کیوں نہ کھینچ لیے جائیں پھر خالہ اٹھ کر چلی گئی لیکن اس کا کلام میرے دل میں رچ بس گیا میں اس معاملہ میں سوچ و بچار کرنے لگا دریں اثناء میں ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس اٹھتا بیٹھتا تھا میں ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس آیا اور انھیں تنہائی میں پایا میں ان کے پاس بیٹھ گیا ابوبکر رضی اللہ عنہ نے مجھے فکر مند دیکھا آپ نے فکر مندی کی وجہ پوچھی چونکہ ابوبکر دل میں دوسروں کا درد رکھنے والے شخص تھے میں نے انھیں اپنی خالہ کا کلام سن ڈالا۔ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے عثمان رضی اللہ عنہ تیری ہلاکت ہو بلاشبہ تو عقلمند آدمی ہے تمہارے اوپر حق باطل سے مخفی نہیں رہ سکتا یہ کیسے بت ہیں جن کی تمہاری قوم عبادت کرتی ہے کیا یہ گونگے پتھر نہیں جو نہ سن سکتے ہیں نہ دیکھ سکتے ہیں جو نقصان پہنچا سکتے ہیں نہ نفع؟ میں نے کہا: بخدا جی ہاں حقیقت میں یہ ایسے ہی ہیں ابوبکر بولے: اللہ کی قسم تمہاری خالہ نے سچ کہا ہے بخدا! یہ اللہ تعالیٰ کے رسول محمد بن عبد اللہ ہیں اللہ تعالیٰ نے انھیں مخلوق کی طرف پیغمبر بنا کر بھیجا ہے کیا تم ان کے پاس جا سکتے ہو کہ ان کی بات سن لو میں نے حامی بھر لی، بخدا! تھوڑی دیر بھی نہیں گزری تھی کہ رسول اللہ ﷺ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ ادھر سے گزرے علی رضی اللہ عنہ نے کپڑے اٹھائے ہوئے تھے جب ابوبکر رضی اللہ عنہ نے آپ ﷺ کو دیکھا تو آپ کی طرف اٹھے اور آپ کے کان میں سرگوشی کی رسول اللہ ﷺ تشریف لائے اور بیٹھ گئے پھر میری طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا: اے عثمان رضی اللہ عنہ اللہ تعالیٰ کی دعوت قبول کر لو اور جنت میں داخل ہو جاؤ بلاشبہ میں اللہ کا رسول ہوں تیری طرف اور مخلوق کی طرف مبعوث کیا گیا ہوں۔ بخدا میں نے جونہی آپ ﷺ سے بات سنی میں نے ذرہ بھر ڈھیل نہیں کی اسلام قبول کر لیا اور کلمہ شہادت پڑھ لیا اس کے بعد میں نے رسول اللہ ﷺ کی بیٹی رقیہ رضی اللہ عنہا سے شادی کر لی چنانچہ کہا جاتا تھا کہ سب سے اچھا جوڑا عثمان رضی اللہ عنہ اور رقیہ رضی اللہ عنہا کا ہے پھر دوسرے دن صبح کو ابوبکر رضی اللہ عنہ عثمان بن مظعون ابوعبیدہ بن جراح عبدالرحمن بن عوف ابوسلمہ بن عبدالاسد اور ارقم بن ابی ارقم کو لے آئے اور انھوں نے بھی اسلام قبول کر لیا۔ چنانچہ رسول اللہ ﷺ کے پاس اڑتیس (۳۸) مرد جمع ہو گئے عثمان رضی اللہ عنہ کے اسلام لانے کے متعلق ان کی خالہ سعدی نے یہ اشعار کہے ہیں۔

ھدی اللہ عثما ناً بقول الی الھدی　　　　وآر شدہ واللہ یھدی الی الحق.

اللہ تعالیٰ نے عثمان کو ہدایت دی ہے اور ہدایت کی طرف اس کی راہنمائی کی ہے اللہ تعالیٰ حق کی راہنمائی کرتا ہے۔

فتابع بالرای السدید محمدا وکان برای لا یصد عن الصدق.

اس نے استصواب رائے سے محمد کی اتباع کی جب کہ غلط رائے سچائی سے نہیں روک سکتی۔

وانکحہ المبعوث بالحق بنتہ فکانا کبدر مازج الشمس فی الافق.

اس پیغمبر نے اپنی بیٹی کا نکاح کرادیا اور وہ زوجین کا جوڑا چاند جیسا ہے جو افق میں سورج کو ماند کردیتا ہے۔

فدءک یا ابن الھاشمین مھجتی وانت امین اللہ ارسلت کی الخلق.

اے ہاشمیوں کے بیٹے! تجھ پر میری جان قربان جائے تو اللہ کا امین ہے تجھے مخلوق میں رسول بنا کر بھیجا گیا ہے۔

جانشین عثمان رضی اللہ عنہ

۳۶۲۸۵ ..... "مسند عثمان رضی اللہ عنہ مروان بن حکم کی روایت ہے کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو ایک سال تک نکسیر آتی رہی حتیٰ کہ حج کے لئے بھی نہ جاسکے آپ رضی اللہ عنہ نے وصیت بھی کردی آپ کے پاس قریش کا ایک شخص آیا اور کہنے لگا: آپ خلیفہ مقرر کردیں فرمایا: لوگ ایسا کہتے ہیں جواب دیا جی ہاں فرمایا: بھلا وہ کون ہو؟ وہ شخص خاموش رہا راوی کہتا ہے پھر آپ کے پاس ایک اور شخص داخل ہوا میرا خیال ہے وہ حارث تھا۔ اس نے بھی وہی بات کی جو پہلے نے کی تھی اور آپ رضی اللہ عنہ نے بھی پہلے جیسا جواب دیا: راوی کہتا ہے: عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا کیا لوگ زبیر رضی اللہ عنہ کا کہتے ہیں؟ اس نے جوابدیا: جی ہاں فرمایا: قسم اس ذات کی جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے جہاں تک میں جانتا ہوں وہ سب سے بہتر ہیں چونکہ رسول اللہ ﷺ کو سب سے زیادہ محبوب تھے۔ رواہ احمد بن حنبل والبخاری و النسائی وابو عوانۃ والحاکم

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا محاصرہ اور قتل

۳۶۲۸۶ ..... "مسند عمر" ابن عباس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ اگر لوگ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے قتل پر اجماع کر لیتے لامحالہ پتھروں سے رجم کیے جاتے جیسا کہ قوم لوط رجم کی گئی تھی۔ رواہ ابن ابی شیبۃ

۳۶۲۸۷ ..... "مسند عثمان بن عفان" عثمان رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: عنقریب ایک امیر قتل کیا جائے گا پھر اس کے بعد مفتری ہوگا جب تم اسے دیکھو قتل کردو چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو ایک ہی شخص نے قتل کیا ہے بلاشبہ لوگ میرے خلاف جمع ہو جائیں گے اور میں قتل کیا جاؤں گا میرے بعد مفتری ہوگا۔ (رواہ ابن عساکر وقال: کذا قال مفتر وانما ھو مبتر مفتری سے مراد جھوٹا خلیفہ اور متبر ہلاک پھیلانے والا)

۳۶۲۸۸ ..... "ایضاً" سیف بن عمر محمد وطلحہ وحارثہ اور ابوعثمان سے روایت نقل کرتے ہیں کہ لوگ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے پاس بنی لیث کا ایک شخص پکڑ کر لائے عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تو کس قبیلہ سے ہے؟ جواب دیا: میں لیثی ہوں فرمایا: کیا تو میرا ساتھی نہیں ہے اس نے کہا: وہ کیسے آپ نے فرمایا: کیا ایک جماعت کے ساتھ نبی کریم ﷺ نے تمہارے لیے دعا نہیں کی تھی اور یہ کہ تم فلاں فلاں دن حفاظت کرو اس نے جواب دیا: جی ہاں آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: پھر تم بلوی میں کیوں شریک ہو؟ چنانچہ وہ شخص بلوائیوں سے الگ ہوکر واپس چلا گیا۔ اسی طرح لوگ آپ رضی اللہ عنہ کے پاس قریش کا ایک شخص لائے وہ بولا: اے عثمان! میں آپ کو قتل کروں گا آپ نے فرمایا: ہرگز نہیں اس نے پوچھا: وہ کیسے؟ آپ ﷺ نے جواب دیا: رسول اللہ ﷺ نے تمہارے لیے فلاں دن استغفار کیا ہے لہٰذا تم ہرگز محترم خون کے درپے نہیں ہوگے چنانچہ اس شخص نے استغفار کیا اور اپنے ساتھیوں سے الگ ہوکر واپس لوٹ گیا۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۲۸۹ ..... ابوسعید مولیٰ بنی اسد کی روایت ہے کہ جب مصری حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے پاس داخل ہوئے آپ کی گود میں قرآن مجید رکھا ہوا تھا آپ اسے پڑھ رہے تھے لوگوں نے آپ کے ہاتھ پر تلوار ماری۔ چنانچہ آپ رضی اللہ عنہ کا ہاتھ برجستہ "یکفیکھم اللہ وھوا لسمیع

العلیم ''پس اللہ تعالیٰ ان کی طرف سے آپ کی کفایت کرے گا اور وہ سننے والا اور علم والا ہے'' پر جا پڑا آپ نے اپنا ہاتھ کھینچ لیا اور فرمایا: بخدا یہ پہلا ہاتھ ہے جس نے فیصلہ پر خط کھینچا ہے۔

رواہ ابن راھویہ وابن ابی داؤد فی المصاحف وابو القاسم ابن بشران فی امالیہ و ابونعیم فی المعرفة وابن عساکر

۳۶۲۹۰ ...... کثیر بن صلت کی روایت ہے کہ میں عثمان رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا آپ نے مجھ سے کہا: اے کثیر! میں دیکھ رہا ہوں کہ مجھے آج ہی قتل کر دیا جائے گا میں نے عرض کیا! کیا آپ سے اس بارے میں کچھ کہا گیا ہے؟ فرمایا: نہیں لیکن آج رات میری آنکھ لگی گئی اور صبح کے قریب میں نے رسول اللہ ﷺ ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما کو دیکھا نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اے عثمان! ہمارے پاس آجاؤ اور دیر نہ کرو ہم تمہارا انتظار کر رہے ہیں چنانچہ آپ رضی اللہ عنہ اسی دن قتل کیے گئے۔ رواہ البزار والطبرانی وابن شاھین فی السنة

۳۶۲۹۱ ...... کثیر بن صلت کی روایت ہے کہ جس دن عثمان رضی اللہ عنہ قتل کئے گئے آپ پر تھوڑی میں نیند طاری ہوگئی پھر بیدار ہوئے اور فرمایا: اگر یہ لوگ نہ کہیں کہ عثمان موت کا آرزومند ہے میں تمہیں ایک بات سناتا ہم نے عرض کیا ہم لوگوں کی طرح چہ میگوئیاں کرنے والے نہیں آپ ہمیں بتائیں فرمایا: آج رات میں رسول اللہ ﷺ کو خواب میں دیکھا آپ نے فرمایا: تم جمعہ کو ہمارے پاس حاضر ہو جاؤ گے۔

رواہ البزار و ابویعلی والحاکم والبیھقی فی الدلائل

۳۶۲۹۲ ...... ابن عمر رضی اللہ عنہما کی روایت ہے کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے بلوائیوں پر جھانک کر فرمایا: میں نے خواب میں رسول اللہ ﷺ کو دیکھا ہے آپ نے فرمایا: اے عثمان! آج رات تم ہمارے پاس افطاری کرو گے چنانچہ آپ رضی اللہ عنہ نے صبح روزے کی حالت میں کی اور اسی دن شہید کر دیئے گئے۔ رواہ ابی شیبة والبزار و ابویعلی والحاکم والبیھقی فی الدلائل

۳۶۲۹۳ ...... ''ایضاً'' اسماعیل بن ابی خالد کی روایت ہے کہ جب اہل مصر مقام جحفہ میں اترے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو برا بھلا کہہ رہے تھے عثمان رضی اللہ عنہ منبر پر چڑھے اور فرمایا: اللہ تعالیٰ تمہیں اے اصحاب محمد! میری طرف سے برائی کا بدلہ دے تم برائی کا پرچار کرتے ہو اور نیکی کو چھپاتے ہو لوگوں کے شور و غل میں مجھے دھوکا دیتے ہو تم میں سے کون ان لوگوں کے پاس جائے گا اور ان کی برائی کا ان سے پوچھے؟ اور وہ کیا چاہتے ہیں۔ کسی نے جواب نہ دیا: حضرت علی رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور فرمایا: میں ان سے سوال کرتا ہوں عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ کا ان سے قریبی رشتہ ہے اور آپ اس کے زیادہ حقدار بھی ہیں۔ چنانچہ علی رضی اللہ عنہ ان لوگوں کے پاس تشریف لائے لوگوں نے انہیں خوش آمدید کیا۔ اور بولے آپ سے زیادہ کوئی شخص ہمیں محبوب نہیں جو ہمارے پاس آتا حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کہا: کس چیز نے تمہیں ایسا کرنے پر مجبور کیا ہے؟ لوگوں نے کہا: اس شخص نے (عثمان رضی اللہ عنہ) کتاب اللہ مٹا ڈالی ہے چراگاہوں کو استعمال ہے اپنے قریبی رشتہ داروں کو سرکاری عہدوں پر فائز کیا ہے مروان کو دو ہزار درہم دیئے ہیں اور اصحاب نبی ﷺ سے غصہ سے کام لیا ہے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے ان لوگوں کو جواب بھجوایا: قرآن مجید اللہ تعالیٰ کی طرف سے نازل ہوا ہے میں نے تمہیں۔ (مختلف قراتوں سے) منع کیا ہے چونکہ مجھے تمہارے اوپر اختلاف کا ڈر تھا لہٰذا جس قرات پر چاہو پڑھو رہی بات چراگاہوں کی اللہ کی قسم میں نے اپنے اونٹ نہیں چرائے نہ اپنی بکریاں چرائی ہیں میں نے تو صدقہ کے اونٹ چراگاہوں میں بھیجے ہیں تاکہ فربہ ہو جائیں اور مساکین کو زیادہ نفع پہنچائیں: رہا ان کا کہنا کہ میں نے مروان کو دو ہزار درہم دیئے ہیں یہ لوگوں کا بیت المال ہے لوگ جسے چاہیں اس پر عامل مقرر کریں رہا ان کا یہ کہنا کہ میں نے اصحاب نبی ﷺ پر غصہ کیا ہے اور نہیں حق سے محروم کیا ہے سو میں بشر ہوں میں غصہ بھی ہو سکتا ہوں اور خوش بھی ہو سکتا ہوں جو مجھ پر حق یا ظلم کا دعوی کرے تو میں یہ ہوں چاہے تو مجھ سے بدلہ لے چاہے تو معاف کرے لوگ آپ کے جواب سے راضی ہو گئے آور صلح کر لی پھر مدینہ میں داخل ہوئے عثمان رضی اللہ عنہ نے یہ حکم نامہ اہل بصرہ و اہل کوفہ کی طرف روانہ کیا کہ جو شخص آنے کی طاقت نہیں رکھتا وہ اپنا وکیل مقرر کرے۔

رواہ ابن ابی داحد وابن عساکر

۳۶۲۹۴ ...... ''ایضاً'' عبدالرحمن بن جبیر کی روایت ہے کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے میری قوم! تم میرے قتل کو کیوں حلال سمجھتے ہو؟ قتل تو صرف تین صورتوں میں حلال ہوتا ہے کفر بعد ایمان کے زنا بعد احصان کے اور قتل ناحق کی صورت میں میں نے ان میں سے کچھ نہیں کیا

اگر تم نے مجھے قتل کر دیا تم اکٹھے ہو کر کبھی نماز نہیں پڑھ سکتے دشمن کے خلاف جہاد نہیں کر سکتے الا یہ کہ تم مختلف گروہوں میں بٹے ہوئے ہوگے۔

رواہ نعیم بن حماد فی الفتن

۳۶۲۹۵..... نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ مجھے نائلہ بنت قرافصہ کلبیہ عثمان رضی اللہ عنہ کی بیوی نے حدیث سنائی ہے کہ جب عثمان رضی اللہ عنہ کا محاصرہ کیا گیا آپ نے وہ دن روزے میں گزار دیا افطاری کے وقت بلوائیوں سے میٹھا پانی طلب کیا کہنے لگے: اس کنویں کے علاوہ جہاں سے بھی پانی ملے پی لو کیا دیکھتے ہیں کہ کنویں سے بدبو اٹھ رہی ہے چنانچہ آپ نے یہ رات اسی حال میں گزار دی کوئی چیز نہیں کھائی پھر سحری کے وقت میں اپنی پڑوسیوں کے پاس گئی میں نے ان سے میٹھا پانی طلب کیا میں پانی کا ایک کوزہ لیے ہوئے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے پاس آئی انہیں جگایا میں نے عرض کیا: یہ میٹھا پانی ہے جو میں آپ کے پاس لائی ہوں آپ نے فرمایا: آج رات اس چھت سے رسول اللہ ﷺ مجھ پر نمودار ہوئے آپ ﷺ کے پاس پانی کا ایک ڈول تھا آپ نے فرمایا: اے عثمان: پی لو۔ میں نے سیر ہو کر پانی پیا پھر فرمایا: اور پیو!، میں نے اور پیا حتیٰ کہ میرا پیٹ بھر گیا آپ ﷺ نے فرمایا: یہ لوگ تمہارے اوپر چڑھائی کریں گے اگر تم ان سے قتال کرو گے فتحمند ہو جاؤ گے اور اگر قتال ترک کرو گے ہمارے پاس آ کر افطاری کرو گے حضرت نائلہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں اسی دن لوگ گھر میں داخل ہوئے اور آپ کو قتل کر دیا۔

رواہ ابن منع وابن ابی عاصم

۳۶۲۹۶..... مہاجر بن حبیب اور ابراہیم بن تصقلہ کی روایت ہے کہ عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ نے عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ کو اپنے پاس بلایا عثمان رضی اللہ عنہ محصور تھے عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ آپ کے پاس داخل ہوئے آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اپنا سر اوپر اٹھاؤ اور یہ روشندان دیکھو آج رات رسول اللہ ﷺ یہاں سے نمودار ہوئے اور فرمایا: اے عثمان! لوگوں نے تمہارا محاصرہ کر لیا ہے میں نے عرض کیا جی ہاں چنانچہ آپ ﷺ نے پانی کا ایک ڈول لٹکایا میں نے اس سے پانی پیا اس کی ٹھنڈک میں اپنے جگر میں پاتا ہوں آپ نے مجھ سے فرمایا: اگر تم چاہو میں اللہ تعالیٰ سے دعا کروں پھر وہ ان لوگوں کے خلاف تمہاری مدد فرمائے گا اور اگر چاہو تو ہمارے پاس آ کر افطار کرو حضرت عبداللہ کہتے ہیں میں نے پوچھا: آپ نے کونسی صورت اختیار کی ہے؟ فرمایا: آپ کے پاس افطاری اختیار کی ہے پھر عبداللہ رضی اللہ عنہ اپنے گھر واپس لوٹ گئے پھر دوپہر کے وقت اپنے بیٹے سے کہا: جاؤ دیکھو کہ عثمان نے کیا کیا؟ ناممکن ہے کہ وہ ابھی تک زندہ ہوں چنانچہ وہ جا کر واپس لوٹا اور بتایا عثمان رضی اللہ عنہ قتل کر دیئے گئے ہیں۔ رواہ الحارث

۳۶۲۹۷..... ابن عون کی روایت ہے کہ میں نے قاسم بن محمد کو کہتے سنا یا اللہ! عثمان رضی اللہ عنہ کے متعلق میرے والد سے جو گناہ سرزد ہوا ہے وہ انہیں بخش دے۔ رواہ مسند

۳۶۲۹۸..... "ایضاً" مالک رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں عثمان رضی اللہ عنہ قتل کیے گئے اور تین دن تک بنی فلاں کے کناسہ پر ان کا جسد خاکی پڑا رہا پھر آپ کو حش کوکب میں دفن کر دیا گیا مالک کہتے ہیں عثمان قبل از یں حش کوکب سے گزرے فرمایا: ضرور یہاں کوئی نیک شخص دفن کیا جائے گا۔

رواہ ابونعیم وابن عساکر

۳۶۲۹۹..... محمد بن سیرین کی روایت ہے کہ غزوات میں ابلق گھوڑے کمیاب نہیں ہوئے حتیٰ کہ عثمان رضی اللہ عنہ قتل کیے گئے۔

رواہ ابونعیم وابن عساکر

۳۶۳۰۰..... حضرت عثمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے اور یاد بھی رکھا ہے چنانچہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: عنقریب میرا ایک امیر قتل کیا جائے گا اور میرے منبر کی عزت پامال کی جائے گی حضرت عثمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں ہی مقتول ہوں عمر نہیں ہیں چونکہ عمر رضی اللہ عنہ کو ایک ہی شخص نے قتل کیا ہے جب کہ مجھے اجتماعی طور پر قتل کیا جائے گا۔

رواہ احمد بن حنبل وابن عساکر ورجالہ ثقات

۳۶۳۰۱..... "ایضاً" مسلم ابوسعید مولائے عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ نے بیس غلام آزاد کیے پھر شلوار منگوا کر اپنے اوپر کس لی جب کہ شلوار آپ نے جاہلیت میں پہنی ہے اور نہ ہی اسلام میں پھر فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو آج رات

خواب میں دیکھا ہے، ابوبکر رضی اللہ عنہ وعمر رضی اللہ عنہ کو بھی دیکھا ہے یہ حضرات فرما رہے تھے صبر کرو تم نے آئندہ شام ہمارے پاس افطاری کرنی ہے پھر آپ نے قرآن مجید منگوایا اور کھول کر اپنے سامنے رکھ لیا چنانچہ جب آپ کو قتل کیا گیا قرآن مجید آپ کے سامنے کھلا ہوا تھا۔

رواہ ابویعلی واحمد بن حنبل وصح

۳۶۳۰۲..... ''ایضاً'' مجاہد کی روایت ہے کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے محاصرین پر نمودار ہو کر فرمایا: اے قوم مجھے مت قتل کرو چونکہ میں والی ہوں اور تمہارا مسلمان بھائی ہوں۔ اللہ کی قسم مجھ سے جہاں تک ہو سکا ہے میں نے اصلاح کا ارادہ کیا ہے خواہ میں درستی تک پہنچا یا مجھ سے خطا ہوئی اگر تم نے مجھے قتل کر دیا پھر تم کبھی بھی اکٹھے نماز نہیں پڑھ سکتے اکٹھے مل کر جہاد نہیں کر سکتے تمہاری غنیمت تمہارے درمیان تقسیم نہیں ہوگی مجاہد کہتے ہیں: جب لوگوں نے انکار کیا تو آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں تمہیں اللہ تعالیٰ کا واسطہ دیتا ہوں کیا تم امیر المؤمنین کی وفات کے وقت اس امر کی دعوت دیتے ہو جس کی تم پہلے دعوت دے چکے ہو دراں حالیکہ تم سب ایک نکتہ پر مجتمع ہو تمہارا معاملہ جدا جدا نہ ہو اور تم دین کے اہل بھی ہو اور پھر تم یہ کہو اللہ تعالیٰ نے تمہاری دعوت قبول نہیں کی یا کہو کہ اللہ کے ہاں دین کی تذلیل ہو رہی ہے۔ یا تم کہو کہ یہ خلافت میں نے تلوار یا غلبہ سے حاصل کی ہے اور مسلمانوں سے مشورہ لے کر حاصل نہیں کی یا تم کہتے ہو کہ اللہ تعالیٰ میرے معاملہ کو شروع سے نہیں جانتا یا آخر سے نہیں جانتا جب لوگوں نے اس سے بھی انکار کیا تو آپ نے فرمایا: یا اللہ! ان کی تعداد کو اپنے شمار میں رکھ لے اور انھیں چن چن کر قتل کرا اور ان میں سے کوئی بھی باقی نہ رکھ۔ مجاہد کہتے ہیں: جو لوگ فتنوں میں قتل ہوئے وہ بلوائیوں ہی میں سے تھے چنانچہ یزید نے بیس ہزار جنگجو مدینہ منورہ بھیجے جنہوں نے تین اور تک مدینہ کو مباح سمجھے رکھا اور اپنی مداہنت کی وجہ سے جو چاہا کر گزرے۔ رواہ ابن سعد

۳۶۳۰۳..... ''ایضاً'' حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: محاصرہ کے موقع پر میں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ میں نے عرض کیا: اے امیر المؤمنین! قتل عام حلال ہو چکا ہے؟ آپ نے فرمایا: اے ابوہریرہ! تمہیں اچھا لگے گا کہ تم لوگوں کو اور مجھے قتل کر دو؟ میں نے عرض کیا: نہیں فرمایا: بخدا! اگر تم ایک شخص کو قتل کرو گے گویا تم پوری انسانیت کو قتل کرو گے میں واپس لوٹ آیا اور قتال میں حصہ نہ لیا۔

رواہ ابن سعد وابن عساکر

۳۶۳۰۴..... ''ایضاً'' ابولیلی کندی کی روایت ہے کہ میں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا وہ محصور تھے آپ رضی اللہ عنہ نے ایک روشندان سے جھانکا اور فرمایا: اے لوگو! مجھے قتل نہ کرو بلکہ میری رضامندی حاصل کرو اللہ کی قسم اگر تم نے مجھے قتل کیا تو پھر تم کبھی بھی اکٹھے ہو کر نماز نہیں پڑھ سکو گے اور نہ ہی دشمن کے ساتھ جہاد کر سکو گے تم سخت سخت اختلاف کے بھنور میں پھنس جاؤ گے حتیٰ کہ تم یوں نہ ہو جاؤ چنانچہ انہوں نے دونوں ہاتھوں کی انگلیاں ایک دوسرے میں داخل کیں پھر یہ آیت تلاوت کی:

یاقوم لا یجرمنکم شقاقی ان یصیبکم مثل ما اصاب قوم نوح او قوم هود او قوم صالح وما قوم لوط منکم بعید

اے میری قوم تمہیں میری مخالفت ہرگز برانگیختہ نہ کرے کہیں تم اس عذاب میں مبتلا نہ ہو جاؤ جو قوم نوح یا قوم ھود یا قوم صالح پر نازل ہوا اور قوم لوط بھی تم سے دور نہیں ہے۔

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ کے پاس پیغام بھیجا کہ تمہاری کیا رائے ہے انھوں نے جواب دیا آپ ہاتھ روک لیں چونکہ یہ چیز آپ کے لیے باعث محبت ہوگی چنانچہ بلوائیوں نے گھر میں داخل ہو کر آپ کو شہید کر دیا۔

رواہ ابن سعد وابن ابی شیبة وابن منیع وابن ابی حاتم وابن عساکر

۳۶۳۰۵..... ''ایضاً'' عبیداللہ بن عدی بن خیار کی روایت ہے کہ وہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے آپ رضی اللہ عنہ محصور تھے جب کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ لوگوں کو نماز پڑھاتے تھے کہا: اے امیر المؤمنین! میں ان لوگوں کے ساتھ نماز پڑھنے میں حرج محسوس کرتا ہوں حالانکہ آپ امام ہیں عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: نماز لوگوں کے کیے سے افضل ہے جب تم لوگوں کو اچھائی کرتے دیکھو تو ان کے ساتھ اچھائی کرو اور جب تم لوگوں کو برائی کرتے دیکھو تو ان کی برائی سے کنارہ کش ہو جاؤ۔ (رواہ عبدالرزاق والبخاری تعلیقا والبیهقی

۳۶۳۰۶..... ''ایضاً'' ابوعبدالرحمن کی روایت ہے کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے بلوی کے موقع پر لوگوں پر جھانک کر فرمایا: کیا تمہیں علم نہیں کہ قتل چار صورتوں کے علاوہ واجب نہیں وہ شخص جو اسلام کے بعد کفر کرے یا احصان کے بعد زنا کرے یا ناحق کسی کو قتل کرے یا قوم لوط والا عمل کرے۔

رواہ ابن ابی شیبۃ وابونعیم فی الحلیۃ

۳۶۳۰۷..... ''ایضاً'' حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت ہے کہ بلوی کے موقع پر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے کہا گیا: آپ قتال کیوں نہیں کرتے؟ آپ رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: میں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ عہد کیا ہے کہ میں اس پر صبر کروں گا حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: ہم سمجھتے تھے کہ رسول اللہ ﷺ نے عثمان رضی اللہ عنہ سے امر خلافت کے معاملہ میں عہد لیا ہے۔ رواہ ابن ابی عاصم

۳۶۳۰۸..... عمیر بن زودی کی روایت ہے کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو فرماتے سنا ہے کہ تم لوگ میری مثال اپنی مثال اور عثمان کی مثال جانتے ہو؟ جیسے تین بیلوں کی مثال اور وہ درختوں کے جھنڈ میں ہوں سفید بیل سرخ بیل اور سیاہ بیل ان بیلوں کے ساتھ درختوں کے جھنڈ میں ایک شیر ہو بیلوں کے مجتمع ہونے کی وجہ سے ان میں سے کسی پر غلبہ نہیں پاسکتا۔ چنانچہ شیر نے سیاہ وسرخ بیل سے کہا: ان درختوں میں ہماری جمعیت پر سوائے اس سفید بیل کے کوئی دلالت نہیں کرتا اگر تم مجھے چھوڑ دو تا کہ میں اسے کھالوں یوں میرے اور تم دونوں کے لیے درختوں کا جھنڈ صاف ہو جائے اور ہماری کچھار بھی پرامن ہو جائے ان دونوں بیلوں نے کہا: تم اپنا کام پورا کرلو چنانچہ شیر نے سفید بیل کھالیا تھوڑی دیر گزری تھی کہ شیر نے سرخ بیل سے کہا: بلاشبہ کچھار میں ہمارے اوپر صرف یہ سیاہ بیل دلالت کرتا ہے چونکہ اس کا رنگ زیادہ شہرت والا ہے جب کہ میرا اور تیرا رنگ شہرت والا نہیں ہے اگر تم مجھے اجازت دو میں اسے کھالوں تا کہ میرے اور تیرے لیے کچھار صاف ہو جائے اور ہمارا ٹھکانا پرامن ہو جائے سرخ بیل نے کہا: تم اپنا کام پورا کرلو چنانچہ شیر نے سیاہ بیل کھالیا: تھوڑی دیر گزری تھی کہ شیر نے سرخ بیل سے کہا: اب میں تمہیں کھاؤں گا بیل نے کہا: مجھے اجازت دو تا کہ میں تین آوازیں لگا سکوں۔ شیر بولا: آوازیں لگالو چنانچہ بیل نے آواز لگائی خبردار! میں اس دن کھایا جاچکا ہوں جسدن سفید بیل کھایا گیا خبردار میں اس دن کھایا جاچکا ہوں جس دن سفید بیل کھایا گیا حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: خبردار! جس دن عثمان رضی اللہ عنہ قتل کیے گئے ہیں میں نے اس دن کمزوری دکھائی ہے۔

رواہ ابن ابی شیبۃ ویعقوب بن سفیان والحاکم فیالکنی والطبرانی وابن عساکر

۳۶۳۰۹..... ابوجعفر انصاری کی روایت ہے کہ جس دن حضرت عثمان رضی اللہ عنہ قتل کیے گئے اس دن میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو سیاہ عمامہ باندھے دیکھا علی رضی اللہ عنہ نے پوچھا: اس شخص نے کیا کیا۔ میں نے کہا: وہ قتل کر دیئے گئے ہیں حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہمیشہ کے لیے تمہارے لیے ہلاکت ہو۔ رواہ ابن سعد والبیھقی

۳۶۳۱۰..... ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ کی روایت ہے کہ دو شخص حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا تذکرہ کر رہے تھے ان میں سے ایک کہہ رہا تھا عثمان رضی اللہ عنہ کو شہید کیا گیا ہے دوسرا شخص اس سے لپٹ گیا اور اسے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس لے آیا اور کہا: اس شخص کا دعوی ہے کہ عثمان رضی اللہ عنہ شہید کیے گئے ہیں حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اس شخص سے فرمایا: تم یہ بات کہتے ہو؟ عرض کیا: جی ہاں آپ بھی اس کے گواہ ہیں۔ کیا آپ کو یاد ہے جس دن میں نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا آپ رضی اللہ عنہم کے پاس ابوبکر وعمر عثمان رضی اللہ عنہ اور آپ بھی تھے میں نے نبی کریم ﷺ سے سوال کیا آپ نے مجھے عطاء کیا ابوبکر رضی اللہ عنہ سے سوال کیا انھوں نے عطا کیا عمر رضی اللہ عنہ سے سوال کیا انھوں نے بھی مجھے عطا کیا عثمان رضی اللہ عنہ سے سوال کیا انھوں نے بھی مجھے عطاء کیا پھر آپ سے سوال کیا پر آپ نے مجھے کچھ نہ دیا میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! دعا کریں اللہ تعالیٰ اس مال میں میرے لیے برکت فرمائے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: بھلا برکت کیوں نہیں ہوگی حالانکہ تمہیں نبی نے صدیق نے اور دو شہیدوں نے عطاء کیا ہے؟ آپ نے تین بار یہ ارشاد فرمایا: حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کہا: اسے چھوڑ دو۔

واہ العدنی وابویعلی وابن عساکر

۳۶۳۱۱..... ابن عمر رضی اللہ عنہما کی روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے پاس آئے عثمان رضی اللہ عنہ کا محاصرہ جاری تھا حضرت علی رضی اللہ عنہ نے پیغام بھیجا میں اس لیے آیا ہوں تا کہ میں آپ کی مدد کرسکوں۔ عثمان رضی اللہ عنہ نے علی رضی اللہ عنہ کی طرف سلام بھیج

دیا اور فرمایا: اس کی حاجت نہیں حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اپنے سر سے عمامہ اتارا اور گھر میں پھینک دیا جس میں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ محصور تھے جب کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کہہ رہے تھے یہ میں نے اس لیے کیا ہے تا کہ عثمان رضی اللہ عنہ یہ نہ سمجھیں کہ پیٹھ پیچھے میں ان سے خیانت کر رہا ہوں۔

رواه اللالكائي في السنة

۳۶۳۱۲ ... ابوحصین کی روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر مجھے علم ہوتا کہ بنی امیہ کے نفوس سے شبہ ختم ہو جائے گا تو میں ان کے لیے رکن یمانی اور مقام ابراہیم کے درمیان پچاس قسمیں کھاتا کہ میں نے عثمان رضی اللہ عنہ کو قتل نہیں کیا اور نہ ہی مجھے ان کے قتل میں رغبت تھی۔

رواه اللالكائي

۳۶۳۱۳ ... حسن کی روایت ہے کہ میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کی خدمت میں مدینہ میں حاضر ہوا آپ نے ایک آواز سنی پوچھا: یہ کیسی آواز ہے؟ لوگوں نے جواب دیا: عثمان رضی اللہ عنہ قتل کیے جا چکے ہیں حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کہا: یا اللہ! میں تجھے گواہ بناتا ہوں کہ میں راضی نہیں ہوں اور نہ ہی میری کی رغبت ہے دو بار یا تین بار فرمایا۔ رواه اللالكائي

۳۶۳۱۴ ... مسند ثعلبہ بن ابی عبدالرحمن انصاری" ابواشعث صنعانی کی روایت ہے کہ صنعاء پر ایک شخص امیر تھا اسے ثمامہ بن عدی رضی اللہ عنہ کہا جاتا تھا وہ صحبت رسول اللہ ﷺ سے فیض یاب تھا جب اسے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی شہادت کی خبر پہنچی تو وہ رونے لگا اور کہا: اس کا وقوع اس وقت ہوا تھا جب نبوت سے خلافت الگ ہوئی تھی پھر خلافت جبری بادشاہت میں بدلنی تھی جو شخص جس چیز پر غالب آتا وہ اسے کھا جاتا۔

رواه ابونعيم

۳۶۳۱۵ ... حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے عثمان رضی اللہ عنہ سے کہا: اللہ کی قسم! تمہیں ضرور بیل کی طرح نکالا جائے گا اور تمہیں ضرور اونٹ کی طرح ذبح کیا جائے گا۔ رواه ابن ابی شيبة

۳۶۳۱۶ ... "ایضاً" جندب خیر کی روایت ہے کہ ہم حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے جب مصریوں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا محاصرہ کر رکھا تھا ہم نے کہا: یہ لوگ اس شخص کی طرف چل پڑے ہیں آپ کیا کہتے ہیں حذیفہ رضی اللہ عنہ بولے: اللہ کی قسم! یہ لوگ اسے قتل کر کے رہیں گے ہم نے کہا: یہ شخص کہاں ہوگا فرمایا: جنت میں ہم نے کہا: اس کے قاتل کہاں ہوں گے؟ فرمایا: اللہ کی قسم دوزخ میں جائیں گے۔ رواه ابن ابی شيبة

۳۶۳۱۷ ... نافع بن حارث کی روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ مدینہ کے باغات میں سے ایک باغ میں داخل ہوئے اور مجھے فرمایا: دروازے پر رک جاؤ آپ ﷺ کنویں کے کنارے بنائی گئی اونچی سی جگہ پر آکر بیٹھ گئے اور ٹانگیں کنویں میں لٹکا دیں اتنے میں دروازے پر دستک ہوئی میں نے کہا: کون ہے؟ جواب ملا: ابوبکر ہوں میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ ﷺ یہ ابوبکر ہیں فرمایا: انھیں اجازت دو اور جنت کی بشارت دو ابوبکر رضی اللہ عنہ بھی رسول اللہ ﷺ کے پاس منڈیر پر بیٹھ گئے اور ٹانگیں کنویں پر لٹکا دیں پھر دروازے پر دستک ہوئی میں نے کہا: کون ہے جواب دیا: عمر ہوں میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ یہ عمر ہیں فرمایا: انھیں اجازت دو اور جنت کی بشارت بھی دو نافع رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے انھیں اجازت دی اور جنت کی بشارت بھی دی وہ بھی آکر رسول اللہ ﷺ کے ساتھ منڈیر پر ہی بیٹھ گئے اور ٹانگیں کنویں میں لٹکا دیں پھر دروازے پر دستک ہوئی میں نے کہا: کون ہے؟ جواب ملا: عثمان ہوں میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! یہ عثمان ہیں فرمایا: اجازت دو اور جنت کی بشارت بھی دو لیکن ساتھ ساتھ آزمائش کا بھی انھیں سامنا کرنا ہوگا نافع رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے انھیں اجازت دی اور جنت کی بشارت بھی دی چنانچہ وہ بھی آئے اور رسول اللہ ﷺ کے ساتھ منڈیر پر بیٹھ گئے اور ٹانگیں کنویں میں لٹکا دیں۔ رواه ابن ابی شيبة وهو صحيح

۳۶۳۱۸ ... زید بن ثابت کی روایت ہے کہ میرے پاس اسعد بن زرارہ رضی اللہ عنہ تھے رسول اللہ ﷺ اسواق میں ہم سے ملنے آئے ہم دونوں نے آپ کے لیے ناشتہ تیار کیا اور دستر خوان بچھایا اتنے میں دروازے پر دستک ہوئی رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: دیکھو یہ کون ہے ہم دونوں نے کہا: ابوبکر ہیں فرمایا: ان کے لیے دروازہ کھولو اور انھیں جنت کی بشارت دو پھر دوسرے شخص نے دروازے پر دستک دی فرمایا: دیکھو یہ کون ہے؟ ہم دونوں نے کہا: عمر ہیں فرمایا: دروازہ کھولو اور انھیں جنت کی بشارت دو پھر ایک اور شخص نے دروازے پر دستک دی فرمایا: دیکھو یہ کون ہے؟ ہم دونوں

نے کہا: عثمان ہیں فرمایا: دروازہ کھولو اور انھیں جنت کی بشارت بھی دو عنقریب میری امت کی طرف سے انھیں آزمائش کا سامنا کرنا پڑے گا پھر رسول اللہ ﷺ نے ظہر وعصر کی نماز اسواف میں واقع مسجد میں نماز پڑھی حتیٰ کہ آپ کے پاس آپ کے بعض صحابہ رضی اللہ عنہم بھی جمع ہوگئے۔

رواہ ابن عساکر

۳۶۳۱۹..... ابوعبید اللہ اشعری کی روایت ہے کہ میں نے ابودرداء رضی اللہ عنہ کو فرماتے سنا کہ میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! مجھے خبر پہنچی ہے کہ عنقریب ایک قوم ایمان لانے کے بعد کفر کرے گی؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جی ہاں تم ان میں سے نہیں ہو۔ ابوعبید اللہ کہتے ہیں ابودرداء رضی اللہ عنہ عثمان رضی اللہ عنہ کے قتل سے قبل وفات پاگئے۔ رواہ ابونعیم فی المعرفۃ

۳۶۳۲۰..... حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ عثمان کے بعد مدینہ نہیں رہا اور معاویہ کے بعد رجا نہیں رہا نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ نے مجھ سے ابودرداء کے اسلام کا وعدہ کیا ہے۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۳۲۱..... حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: میں حوض کوثر پر تمہارا پہلے بھیجا ہوا اجر ہوں میں انتظار کروں گا کہ تم میں سے کون میرے پاس وارد ہوتا ہے جب میں تمہارے درمیان پانی تقسیم کررہا ہوں تو ہرگز ایسا نہ پاؤں کہ میں کہوں: یہ مجھ سے ہے ایک روایت میں ہے میری امت سے ہے۔ ایک روایت میں ہے میرے صحابہ رضی اللہ عنہم میں سے ہے۔ اور کہا جائے تمہیں نہیں معلوم کہ تمہارے بعد کیا کیا واقعات پیش آئے؟ میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! اللہ تعالیٰ سے دعا کریں مجھے ان میں سے نہ کرے آپ نے ارشاد فرمایا: تم ان میں سے نہیں ہو چنانچہ حضرت ابودراء رضی اللہ عنہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے قتل سے قبل وفات پاگئے۔ رواہ یعقوب بن سفیان وابن عساکر

۳۶۳۲۲..... حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا یا رسول اللہ! مجھے خبر پہنچی ہے کہ آپ نے فرمایا ہے: بہت ساری قومیں ایمان کے بعد کفر کریں گی فرمایا: جی ہاں: اور تو ان میں سے نہیں ہوگا۔ چنانچہ حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو قتل کیے جانے سے قبل وفات پائی۔ رواہ یعقوب ابن سفیان والبیھقی فی الدلائل وابن عساکر وابن النجار

۳۶۳۲۳..... ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ میں بنی فلاں کے باغ میں نبی کریم ﷺ کے پاس تھا دروازہ بند تھا نبی کریم ﷺ کے پاس ایک لکڑی تھی جس سے آپ زمین کرید رہے تھے اتنے میں کسی شخص نے دروازے پر دستک دی نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اے عبداللہ بن قیس! میں نے عرض کیا: لبیک یا رسول اللہ! فرمایا: کھڑے ہوجاؤ دروازہ کھولو اور اسے جنت کی بشارت دو میں کھڑا ہوا اور دروازہ کھولا، دیکھتا ہوں کہ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ ہیں میں نے انھیں نبی کریم ﷺ کے فرمان کی خبر کی انھوں نے اللہ تعالیٰ حمد کی اندر داخل ہوئے سلام کیا اور بیٹھ گئے میں نے دروازہ بند کردیا نبی کریم ﷺ نے پھر ٹہنی سے زمین کریدنی شروع کردی اتنے میں دوسرے شخص نے دروازے پر دستک دی حکم ہوا: اے عبداللہ بن قیس کھڑے ہوجاؤ دروازہ کھولو اور آنے والے کو جنت کی بشارت دو میں کھڑا ہو دروازہ کھولا دیکھتا ہوں کہ عمر رضی اللہ عنہ کھڑے ہیں میں نے انہیں فرمان نبوی کی خبر دی اندر داخل ہوئے سلام کیا اور بیٹھ گئے نبی کریم ﷺ نے پھر ٹہنی سے زمین کریدنی شروع کردی اتنے میں تیسرے شخص نے دروازے پر دستک دی نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اے عبداللہ بن قیس! کھڑے ہوجاؤ دروازہ کھولو اور آنے والے کو جنت کی بشارت دو لیکن بشرط آزمائش میں کھڑا ہوا دروازہ کھولا دیکھا تو عثمان رضی اللہ عنہ تھے میں نے انہیں فرمان نبوی کی خبر کی عثمان رضی اللہ عنہ نے کہا: اللہ تعالیٰ ہی سے مدد کا خواستگار ہوں اور اللہ تعالیٰ پر ہی بھروسہ ہے پھر آپ داخل ہوئے سلام کیا اور بیٹھ گئے۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۳۲۴..... حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ مدینہ میں ایک باغ میں داخل ہوئے اتنے میں ابوبکر رضی اللہ عنہ آئے اجازت طلب کی آپ ﷺ نے فرمایا: انھیں اجازت دو اور ساتھ جنت کی بشارت بھی دو پھر عمر رضی اللہ عنہ آئے اجازت طلب کی آپ ﷺ نے فرمایا: انھیں اجازت دو اور ساتھ جنت کی بشارت بھی دو پھر عثمان رضی اللہ عنہ آئے اور اجازت طلب کی فرمایا: اسے اجازت دو اور ساتھ جنت کی بشارت بھی دو لیکن ساتھ ساتھ انھیں سخت آزمائش پیش آئے گی۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۳۲۴..... ابراہیم بن عمرو بن محمد کی روایت ہے کہ میرے والد نے ابن عمر رضی اللہ عنہ کے واسطہ سے حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا سے نقل کیا ہے کہ وہ بیٹھی ہوئی تھیں جب کہ عائشہ رضی اللہ عنہا رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھیں آپ نے فرمایا: میں چاہتا ہوں کہ میرے ساتھ میرا کوئی صحابی ہو

تا کہ ہم گفتگو کریں عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا: ابوبکر رضی اللہ عنہ کو پیغام بھجوا کر بلوالیں۔ فرمایا: نہیں حفصہ رضی اللہ عنہا نے کہا: عمر رضی اللہ عنہ کو بلوائیں فرمایا: نہیں لیکن میں عثمان رضی اللہ عنہ کو بلواتا ہوں چنانچہ عثمان رضی اللہ عنہ آئے عائشہ رضی اللہ عنہا، حفصہ رضی اللہ عنہا دونوں پردے کے پیچھے چلی گئیں رسول اللہ ﷺ نے عثمان رضی اللہ عنہ سے فرمایا: تمہیں قتل کر کے شہید کیا جائے گا صبر کرنا اللہ تعالیٰ تمہیں صبر کی توفیق عطاء فرمائے اللہ تعالیٰ نے تمہیں بارہ سال چھ ماہ سے جو قمیص پہنائی ہوگی اسے ہرگز نہ اتارنا حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ سے جاملو اور وہ تم سے راضی ہو عثمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں نبی کریم ﷺ نے میرے لیے صبر کی دعا فرمائی ایک روایت میں ہے عثمان رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: اللہ تعالیٰ سے میرے لیے صبر کی دعا کریں فرمایا: یا اللہ! اسے صبر کی توفیق عطاء فرما۔ جب عثمان رضی اللہ عنہ اٹھ کر نکل گئے آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ تمہیں صبر کی توفیق عطا فرمائے تمہیں عنقریب شہید کر دیا جائے گا تمہیں روزے کی حالت میں موت آئے گی اور میرے ساتھ افطار کرو گے ابراہیم کہتے ہیں: مجھے میرے والد نے عبدالرحمن بن ابی بکر سے روایت نقل کی ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے بھی انہیں ایسی ہی حدیث سنائی ہے۔

رواہ ابویعلی وابن عساکر

کلام: ...... حدیث ضعیف ہے دیکھئے ذخیرۃ الحفاظ ۵۹۲۹۔

۳۶۳۲۵ ...... حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ میرے پاس تشریف لائے جب کہ عثمان رضی اللہ عنہ آپ کے سامنے تھے آپ عثمان سے سرگوشی کر رہے تھے میں آپ کی بات بالکل نہیں سمجھی سوائے اس کے کہ عثمان رضی اللہ عنہ نے کہا: ظلم وزیادتی سے یارسول اللہ! میں نہیں سمجھی کہ یہ کیا کہا: حتیٰ کہ عثمان رضی اللہ عنہ قتل کیے گئے تب مجھے علم ہوا کہ نبی کریم ﷺ نے عثمان رضی اللہ عنہ کا قتل مراد لیا ہے۔

رواہ نعیم بن حماد فی الفتن

۳۶۳۲۶ ...... عطاء بصری کی روایت ہے کہ مجھے افریقہ میں ایک شیخ نے حدیث سنائی کہ اس کے والد نے اسے بتایا ہے کہ وہ عثمان رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھے اتنے میں علی رضی اللہ عنہ آئے اور کہا: کیا تم جانتے ہو ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ حراء پہاڑ پر تھے پہاڑ حرکت میں آ گیا رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے حراء رک جا چونکہ تجھ پر یا تو نبی ہے یا صدیق ہے یا شہید ہے جواب دیا جی ہاں حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کہا: اللہ کی قسم تم ضرور قتل کیے جاؤ گے میں بھی تمہارے ساتھ قتل کیا جاؤں گا۔ تین بار کہا۔ رواہ ابن عابہ وابن عساکر

۳۶۳۲۷ ...... عمرو بن محمد بن جبیر کی روایت ہے کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس پیغام بھیجا کہ تمہارے چچا کا بیٹا قتل کیا جائے گا جب کہ تمہارے اوپر ماتم کیا جائے گا۔ رواہ ابن ابی الدنیا فی کتاب الاشراف وابن عساکر

۳۶۳۲۸ ...... ابوثور فہمی کی روایت ہے کہ میں عثمان رضی اللہ عنہ کے پاس تھا آپ رضی اللہ عنہ نے ایک روشندان سے لوگوں پر جھانکا اور فرمایا: اے ابوالحسن! یہ کیا چیز ہے جو میری پشت پر سوار ہوگئی ہے؟ جواب دیا: اے ابوعبداللہ! صبر کرو اللہ کی قسم میں رسول اللہ ﷺ کے فرمان سے بےفکر نہیں ہوا جب ہم احد پہاڑ پر تھے پہاڑ ہلنے لگا فرمایا: اے احد ثابت رہ چونکہ تیرے اوپر نبی ہے یا صدیق ہے یا شہید ہے اللہ کی قسم تمہیں ضرور قتل کیا جائے گا مجھے بھی آپ کے ساتھ قتل کیا جائے گا طلحہ وزبیر کو بھی قتل کیا جائے گا رسول اللہ ﷺ کے فرمان کے پورے ہونے کا وقت آ چکا ہے۔

رواہ ابن عساکر

۳۶۳۲۹ ...... حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جو شخص عثمان رضی اللہ عنہ کے خون کا مطالبہ کرتا ہو تو بلاشبہ اللہ تعالیٰ نے اسے قتل کیا ہے اور میں اس کے ساتھ تھا۔ (یہ ادھر ادھر سے جمع کیا ہوا کلمہ ہے جس کی کوئی وجہ بن سکتی ہے۔ رواہ ابن ابی شیبۃ

۳۶۳۳۰ ...... ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں جب تک حضرت عثمان رضی اللہ عنہ قتل نہیں کئے گئے اس وقت تک رویت ہلال میں اختلاف نہیں کیا گیا۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۳۳۱ ...... "مسند ابی رضی اللہ عنہ" عبدالرحمن بن ابزی کہتے ہیں: میں نے حضرات ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے عرض کیا جب لوگ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے معاملہ میں پڑے ہوئے تھے اے ابو منذر اس جھمیلے سے نکلنے کا کون سا راستہ ہے؟ ابی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کتاب اللہ کا جو حکم واضح ہو اس پر عمل کرو اور جو مشتبہ ہو اسے عالم کے سپرد کرو۔ رواہ البخاری فی تاریخہ وابن عساکر

۳۶۳۳۲..... حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ بنی مصطلق کا وفد نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا کہنے لگے: آپ کے بعد ہم اپنے صدقات کسے دیں؟ فرمایا: ابوبکر کو دینا وفد نے کہا: اگر ہم ابوبکر کو نہ پائیں؟ فرمایا: عمر رضی اللہ عنہ کو دینا وفد نے کہا: اگر ہم انھیں بھی نہ پائیں فرمایا: عثمان کو دینا وفد نے کہا: اگر ہم انھیں نہ پائیں؟ فرمایا: پھر اس کے بعد تمہاری زندگی میں کوئی بھلائی نہیں ہے۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۳۳۳..... حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ بنی مصطلق کے وفد نے مجھے رسول اللہ ﷺ کے پاس بھیجا اور کہا جا کر پوچھو کہ اگر ہم آئندہ سال آئیں اور آپ کو نہ پائیں ہم اپنے صدقات کسے دیں میں نے جا کر عرض کیا: حکم ہوا ان سے کہو: ابوبکر کو دیں وفد نے کہا: پوچھو اگر ہم ابوبکر کو نہ پائیں؟ میں نے جا کر عرض کیا: فرمایا: ان سے کہو کہ عمر کو دیں میں نے انھیں آ کر بتا دیا۔ وفد نے کہا: جا کر پوچھو! اگر ہم عمر رضی اللہ عنہ کو نہ پائیں میں نے جا کر عرض کیا: حکم ہوا ان سے کہو: عثمان کو دیں اور جس دن عثمان رضی اللہ عنہ قتل کیے جائیں اس دن ان کے لئے ہلاکت ہے۔

رواہ ابن عساکر

۳۶۳۳۴..... حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے عثمان! تمہیں میرے بعد عنقریب خلافت ملے گی منافقین تم سے دستبرداری کا مطالبہ کریں گے اس سے دستبردار نہ ہونا اس دن روزہ رکھنا اور میرے پاس آ کر روزہ افطار کرنا۔

رواہ ابن عدی وابن عساکر

کلام: ..... حدیث ضعیف ہے دیکھئے ذخیرۃ الحفاظ ۶۴۴۱۔

۳۶۳۳۵..... "مسند عثمان" عبدالملک بن ہارون بن عنترہ اپنے والد و دادا سے روایت نقل کرتے ہیں کہ محمد بن ابوبکر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے پاس داخل ہوئے ان سے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے بھتیجے! میں تمہیں اللہ تعالیٰ کا واسطہ دیتا ہوں کیا تمہیں معلوم ہے کہ نبی کریم ﷺ نے اپنی دو بیٹیوں کے ساتھ یکے بعد دیگرے میری شادی کرائی پھر آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے ابوایم اے اخوایم کیا عثمان کی شادی کرادی جائے؟ اگر ہمارے پاس کوئی لڑکی ہوتی ہم اس کی شادی کرا دیتے میں نے بیعت رضوان چھوڑ دی رسول اللہ ﷺ نے اپنا ایک ہاتھ دوسرے پر رکھا اور میرے لیے بیعت کر دی اور فرمایا: یہ ہاتھ میرا ہے اور یہ عثمان کا رسول اللہ ﷺ کا ہاتھ میرے ہاتھ سے پاکیزہ و افضل تھا؟ محمد بن ابی بکر نے کہا: جی ہاں عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں تمہیں اللہ تعالیٰ کا واسطہ دیتا ہوں کیا تمہیں علم ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تھا: جو شخص اس باغ کو خرید کر مسجد کا قبلہ درست کرے گا میں اس کے لیے جنت میں باغ کی ضمانت دیتا ہوں محمد بن ابوبکر نے کہا: جی ہاں پھر عثمان رضی اللہ عنہ نے کہا: میں تمہیں اللہ تعالیٰ کا واسطہ دیتا ہوں کیا تمہیں علم ہے کہ مسلمان سخت بھوک کا شکار ہو گئے تھے میں نے بہت سارے دستر خوان پھیلائے اس پر روٹیاں ڈالیں پھر گھی اور شہد ڈالا اور سب کچھ ملا دیا یہ پہلا حلوہ ہے جو اسلام میں کھایا گیا؟ کہا جی ہاں۔ فرمایا: میں تمہیں اللہ تعالیٰ کا واسطہ دیتا ہوں۔ کیا تمہیں معلوم ہے کہ مسلمان سخت پیاسے ہو گئے تھے میں نے بہت بھاری خرچہ برداشت کر کے کنواں کھدوایا پھر وہ کنواں مسلمان پر صدقہ کر دیا کمزور قوی سب برابر تھے؟ کہا: جی ہاں فرمایا: میں تمہیں اللہ تعالیٰ کا واسطہ دیتا ہوں کیا تمہیں معلوم ہے کہ مدینہ سے غلہ ختم ہو گیا حتی کہ لوگ مرنے لگے میں بقیع غرقد کی طرف گیا وہاں پندرہ اونٹ غلے سے لدے کھڑے تھے میں نے انھیں خرید لیا ان میں سے تین روک لئے اور بارہ اونٹ لے کر نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا نبی کریم ﷺ نے میرے لیے دعا فرمائی کہ جو کچھ تم نے دیا ہے اس میں اللہ برکت کرے اور جو تم نے اپنے لیے رکھ لیا ہے اس میں بھی برکت کرے کہا جی ہاں مجھے علم ہے فرمایا: میں تمہیں اللہ تعالیٰ کا واسطہ دیتا ہوں کیا تمہیں معلوم ہے کہ میں ایک ہزار دینار لے کر رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور دینار آپ کی گود میں ڈال دیئے اور میں نے کہا: یا رسول اللہ! ان سے مدد لیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اس کے بعد عثمان جو عمل بھی کرے اسے نقصان نہیں پہنچائے گا کہا جی ہاں مجھے معلوم ہے۔ میں تمہیں اللہ تعالیٰ کا واسطہ دیتا ہوں کیا تمہیں معلوم ہے کہ میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ حراء پہاڑ پر تھا اتنے میں پہاڑ ہلنے لگا رسول اللہ ﷺ نے پہاڑ پر پاؤں مارا اور فرمایا: اے صراء رک جا تجھ پر یا تو نبی ہے یا صدیق ہے یا شہید ہے اس دن پہاڑ پر رسول اللہ ﷺ ابوبکر عمر عثمان علی، طلحہ، اور زبیر رضی اللہ عنہم تھے؟ محمد بن ابی بکر نے کہا: جی ہاں۔ رواہ ابن ابی عاصم فی السنۃ

۳۶۳۳۶ "ایضاً" صعصعہ بن معاویہ لیثی کی روایت ہے کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ محصور تھے آپ نے پیغام بھجوا کر حضرت علی رضی اللہ عنہ

طلحہ زبیر اور بعض دوسرے صحابہ رضی اللہ عنہم کو بلایا فرمایا: صبح حاضر ہو جاؤ اور ایسی جگہ پر آؤ جہاں سے تم مجھے سن سکو کہ میں ان بلوائیوں کے بارے میں کیا کہتا ہوں چنانچہ صبح کو یہ حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم تشریف لائے عثمان رضی اللہ عنہ نے ان پر اوپر سے جھانک کر فرمایا: میں اللہ تعالیٰ کا واسطہ دیتا ہوں اس شخص کو جس نے نبی کریم ﷺ کو فرماتے سنا: جو شخص اس باڑے کو خرید کر مسجد میں اضافہ کرے گا اس کے لیے جنت ہوگی دنیا میں سے اجر وثواب ملے گا اور جب تک مسجد باقی رہے گی اس کے درجات بلند ہوتے رہیں گے میں نے وہ باڑہ بیس ہزار درا ہم کا خرید کر مسجد میں شامل کر دیا: لوگوں نے کہا: جی ہاں جب کہ خوارج نے کہا: انھوں نے سچ کہا لیکن آپ نے اسے بدل دیتا ہے پھر فرمایا: میں اللہ تعالیٰ کا واسطہ دیتا ہوں کہ کسی شخص نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا کہ: جو شخص رومہ کا کنواں خرید لے گا اس کے لیے جنت ہے چنانچہ رومہ کا کنواں میں نے خریدا آپ ﷺ نے فرمایا: اسے مساکین کے لیے صدقہ کر دو تمہارے لئے اجر وثواب اور جنت ہوگی لوگوں نے کہا: جی ہاں جب کہ خوارج کے کہا: انھوں نے سچ کہا لیکن آپ نے سے بدل دیا ہے ان کے علاوہ بھی آپ نے بہت ساری چیزیں گنیں عثمان رضی اللہ عنہ نے کہا: اللہ اکبر۔ تمہاری ہلاکت! بخدا تم جھگڑ رہے ہو جس شخص کا یہ منصب ہو وہ کیسے بدل سکتا ہے اے اہل شوریٰ کی جماعت! جان لو! یہ لوگ کل تم سے بھی اسی طرح کہیں گے جس طرح مجھ سے آج کہہ رہے ہیں۔ چنانچہ جب لوگوں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ورد میں خروج کیا حضرت علی رضی اللہ عنہ بھی اسی طرح انھیں واسطے دیتے ان کی تائید میں گواہی دی جاتی لیکن خوارج کہتے انھوں نے سچ کہا لیکن آپ بدل چکے ہیں حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے: مجھے آج نہیں قتل کیا جا رہا ہے بلکہ میں تو اس دن قتل کر دیا گیا ہوں جس دن ابن بیضاء (عثمان رضی اللہ عنہ) قتل کیے گئے تھے۔

رواہ سیف وابن عساکر

۳۶۳۳۷ ..... "ایضاً" ھزیل کی روایت ہے کہ طلحہ رضی اللہ عنہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے پاس داخل ہوئے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے کہا: اے طلحہ میں تمہیں اللہ تعالیٰ کا واسطہ دیتا ہوں کیا: آپ کو معلوم ہے کہ رسول اللہ ﷺ حراء پہاڑ پر تھے آپ نے فرمایا تھا: اے حراء! قرار پکڑ تجھ پر یا تو نبی ہے یا صدیق ہے یا شہید ہے چنانچہ پہاڑ پر رسول اللہ ﷺ ابوبکر عمر میں علی آپ زبیر عبدالرحمن بن عوف سعد بن مالک اور سعید بن زید رضی اللہ عنہ تھے پھر کہا: میں تمہیں اللہ تعالیٰ کا واسطہ دیتا ہوں تم جانتے ہو کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تھا نبی جنت میں ابوبکر جنت میں عمر جنت میں عثمان جنت میں علی جنت میں طلحہ جنت میں زبیر جنت میں عبدالرحمن بن عوف جنت میں سعید بن مالک جنت میں اور سعید بن زید جنت میں کہا: جی ہاں میں جانتا ہوں میں تمہیں اللہ کا واسطہ دیتا ہوں تم جانتے ہو کہ ایک سائل نے نبی کریم ﷺ سے سوال کیا آپ ﷺ نے اسے چالیس درہم عطا کئے پھر ابوبکر سے سوال کیا: انھوں نے بھی چالیس درہم عطا کیے پھر عمر رضی اللہ عنہ سے سوال کیا: انھوں نے بھی اسے چالیس درہم عطا کیے پھر علی رضی اللہ عنہ سے سوال کیا چنانچہ ان کے پاس کچھ نہیں تھا میں نے چالیس درہم اپنی طرف سے اور چالیس درہم علی رضی اللہ عنہ کی طرف سے اسے عطا کیے وہ شخص دراہم لے کر نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا: یا رسول اللہ! میرے لیے برکت کی دعا کریں آپ ﷺ نے فرمایا: کیسے برکت نہیں ہوگی تجھے تو یا نبی نے عطا کیا ہے یا صدیق نے یا شہید نے؟ طلحہ رضی اللہ عنہ نے کہا: جی ہاں۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۳۳۸ ..... محمد بن حسن کی روایت ہے کہ جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے یہاں کھانے کی کثرت ہوگئی حضرت علی رضی اللہ عنہ مقام ینبوع میں الگ جا بیٹھے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے انھیں خط لکھا: امابعد! گویا عقلمندی حد کو تجاوز کر گئی ہے اور سیلاب نے ٹیلے کو پیچھے چھوڑ دیا ہے معاملہ اپنی مقدار سے آگے بڑھ گیا ہے معاملے میں وہ شخص طمع کرنے لگا ہے جو اپنا بھی دفاع نہیں کر سکتا اگر ما کولات موجود ہوں تو آپ بہترین کھانے والے بن جائیں مگر نہ مجھے پالو اور میں بھی تک آزمائش سے دوچار نہیں ہوا۔ رواہ المعافی بن زکریا فی الجلیس وابن عساکر

۳۶۳۳۹ ..... "ایضاً" اصمعی علی بن فضل بن ابی سوید فضل بن ابی سوید کی روایت نقل کرتے ہیں کہ مجھے خبر دی گئی ہے کہ جب عثمان رضی اللہ عنہ کو بلوائیوں نے شہید کر دیا تو انھوں نے آپ رضی اللہ عنہ کی الماری کی تلاشی لی اس میں سے ایک صندوق برآمد ہوا صندوق مقفل تھا لوگوں نے صندوق کھولا اس میں ایک بند ڈبیا پائی۔ ڈبیا میں ایک ورق تھا اس میں لکھا تھا: یہ عثمان رضی اللہ عنہ کی وصیت ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم: عثمان بن عفان گواہی دیتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں اس کا کوئی شریک نہیں یہ کہ محمد اس کے بندے اور اس کے رسول ہیں یہ کہ جنت حق ہے دوزخ حق ہے یہ کہ اللہ تعالیٰ قبروں میں پڑے ہوئے مردوں کو اٹھائے گا ایک ایسے دن جس میں کوئی شک نہیں اور یہ

کہ اللہ تعالیٰ وعدے کی خلاف ورزی نہیں کرتا ہم اسی عقیدہ پر زندگی گزار رہے ہیں اور اسی پر مریں گے اور اسی پر انشاء اللہ اٹھائے جائیں گے۔
رواہ ابن عساکر

حضرت علی رضی اللہ عنہ کے فضائل

۳۶۳۴۰ ... ''مسند زید بن ارقم رضی اللہ عنہ'' ابوطفیل عامر بن واثلہ کی روایت ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ حجۃ الوداع سے واپس لوئے راستے میں غدیرخم کے مقام پر پڑاؤ کیا پھر چلنے کے لیے تیار ہوگئے اور فرمایا: یوں لگتا ہے گویا مجھے دعوت دی گئی ہے اور میں نے اسے قبول کرلیا ہے بلاشبہ میں نے تمہارے درمیان دو چیزیں چھوڑی ہیں ان میں سے ایک دوسری سے بڑھ کر ہے کتاب اللہ جو کہ آسمان سے زمین تک کھینچی ہوئی رسی ہے دوسری میری عترت اہل بیت ذرا دیکھنا تم میرے بعد ان دونوں کے ساتھ کیسا معاملہ کرتے ہو ان میں ہرگز تفرقہ نہیں پڑے گا جب تک کہ حوض پر میرے پاس وارد نہ ہو جائیں پھر فرمایا: اللہ تعالیٰ میرا مولیٰ ہے اور میں ہر مومن کا ولی ہوں پھر آپ ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کا ہاتھ پکڑا اور فرمایا: جس شخص کا میں ولی ہوں علی بھی اس کا ولی ہے یا اللہ! جو شخص علی سے دوستی رکھے تو بھی اس سے دوستی رکھ اور جو علی سے دشمنی رکھے تو بھی اس سے دشمنی رکھ۔ میں نے زید رضی اللہ عنہ سے کہا: آپ نے خود رسول اللہ ﷺ سے یہ بات سنی ہے؟ انھوں نے جواب دیا: دوحات میں جو شخص بھی تھا اس نے رسول اللہ ﷺ کو دونوں آنکھوں سے دیکھا اور دونوں کانوں سے سنا۔ رواہ ابن جریر

۳۶۳۴۱ ... ''ایضاً'' عطیہ عوفی نے بھی حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے اسی جیسی حدیث روایت کی ہے۔ رواہ ابن جریر

۳۶۳۴۲ ... ''ایضاً'' میمون ابوعبداللہ کی روایت ہے ہیں حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ کے پاس تھا اتنے میں ایک شخص آیا اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بارے میں سوال کیا: زید رضی اللہ عنہ نے کہا: ہم مکہ اور مدینہ کے درمیان رسول اللہ ﷺ کے ساتھ ایک سفر میں تھے غدیرخم کے مقام پر ہم نے پڑاؤ کیا وہاں اعلان ہوا ''الصلوٰۃ جامعۃ'' لوگ جمع ہوگئے نبی کریم ﷺ نے اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء کے بعد فرمایا: اے لوگو! کیا میں ہر مومن کا اس کی جان سے زیادہ حقدار نہیں ہوں؟ ہم نے عرض کیا: جی ہاں یا رسول اللہ! ہم گواہی دیتے ہیں کہ آپ ہر مؤمن کا اس کی جان سے بھی زیادہ حق رکھتے ہیں۔ ارشاد فرمایا: جس کا میں دوست ہوں یہ بھی اس کا دوست ہے آپ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو ہاتھ میں پکڑ رکھا تھا حالانکہ میں علی رضی اللہ عنہ کو نہیں جانتا تھا یا اللہ! جو علی کا دوست ہو تو بھی اس کا دوست ہوجا اور جو اس سے دشمنی رکھے تو بھی اس سے دشمنی رکھ۔
رواہ ابن جریر

۳۶۳۴۳ ... ''ایضاً'' عطیہ عوفی، حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ کی روایت نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ''غدیرخم'' کے دن میرے کاندھے پکڑے پھر فرمایا: اے لوگو! تم جانتے ہو کہ میں مومنین کا ان کی جانوں سے بھی زیادہ حق رکھتا ہوں؟ لوگوں نے کہا: جی ہاں! یا رسول اللہ! ارشاد فرمایا: جسکا دوست میں ہوں علی بھی اس کا دوست ہے۔ رواہ ابن جریر

۳۶۳۴۴ ... ''ایضاً'' ابوالضحیٰ زید بن ارقم رضی اللہ عنہ کی روایت نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں جسکا دوست ہوں علی بھی اس کا دوست ہے۔ رواہ ابن جریر

۳۶۳۴۵ ... ''مسند زید بن ابی اوفیٰ'' جب نبی کریم ﷺ نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے درمیان مواخات قائم کی حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کہا: میری روح نکل گئی اور میری پیٹھ ٹوٹ گئی جب میں نے آپ کو صحابہ رضی اللہ عنہم کے درمیان مواخات قائم کرتے دیکھا اور مجھے مواخات میں شامل نہیں کیا۔ اگر یہ مجھ پر ناراضگی کی وجہ سے ہے تو سزا دینا یا عزت دینا آپ کے ہاتھ میں ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: قسم اس ذات کی جس نے مجھے نبی بنا کر بھیجا ہے میں نے تمہیں اپنے لیے مؤخر کیا ہے۔ مجھ سے آپ کا تعلق ایسا ہی ہے جیسا ہارون کا موسیٰ سے تھا۔ الا یہ کہ میرے بعد کوئی نبی نہیں ہوگا تو میرا بھائی اور میرا وارث ہے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یا رسول اللہ! میں آپ سے وراثت میں کیا پاؤں گا؟ ارشاد فرمایا: وہ کچھ جو مجھ سے پہلے انبیاء وراثت میں چھوڑتے تھے عرض کیا: آپ سے پہلے انبیاء نے وراثت میں کیا چھوڑا ہے؟ ارشاد فرمایا: اپنے رب

کی کتاب اور اپنی سنت۔تم جنت میں میرے محل میں میری بیٹی فاطمہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ ہو گے تو میرا بھائی اور جنت کا رفیق ہے۔

رواه احمد بن حنبل فی کتاب مناقب علی

۳۶۳۴۶..... حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے عہد میں ہم منافق کو صرف تین نشانیوں سے پہچانتے تھے۔وہ اللہ اور اللہ کے رسول کی تکذیب کرتے تھے نماز میں پیچھے رہ جاتے تھے (۳) اور وہ علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے بغض رکھتے تھے۔

رواه الخطیب فی المتفق

۳۶۳۴۷..... حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ بقیع غرقد" میں تھا آپ نے ارشاد فرمایا: قسم اس ذات کی جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے تمہارے درمیان ایک ایسا شخص موجود ہے جو میرے بعد تاویل قرآن پر لوگوں سے قتال کرے گا جیسے کہ میں نے تنزیل قرآن پر مشرکین سے قتال کیا ہے۔حالانکہ وہ لا الہ الا اللہ کی گواہی دیتے ہوں گے اور لوگوں پر ان کا قتل گراں گزرے گا حتیٰ کہ اللہ کے ولی پر طعنہ کریں گے اس کی کاروائی سے نالاں ہوں گے جس طرح کہ موسیٰ علیہ السلام کشتی میں سوراخ کرنے لڑکے کو قتل کرنے اور دیوار سیدھی کرنے کے معاملہ میں نالاں تھے حالانکہ کشتی میں سوارخ لڑکے کا قتل اور دیوار کو سیدھا کرنا اللہ تعالیٰ کی رضاء کے لیے تھا اور موسیٰ علیہ السلام اس پر برہم ہو رہے تھے۔رواه الدیلمی

۳۶۳۴۸..... "مسند سھل بن سعد ساعدی ایک مرتبہ نبی کریم ﷺ مسجد میں تشریف لائے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو مسجد میں لیٹے ہوئے دیکھا ان کی چادر کمر سے ہٹی ہوئی تھی اور کمر مٹی کے ساتھ لگنے کی وجہ سے خاک آلود ہوگئی تھی رسول کریم ﷺ نے اپنے دست اقدس سے مٹی جھاڑنی شروع کردی اور فرمایا: اے ابوتراب بیٹھ جاؤ حضرت علی رضی اللہ عنہ کو یہ نام بہت محبوب ہوا چنانچہ یہ نام رسول اللہ ﷺ نے ہی رکھا تھا۔

رواه ابو نعیم فی المعرفة

۳۶۳۴۹..... "مسند ابی رافع" ایک مرتبہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو کسی کام کے لیے بھیجا جب واپس لوٹ آئے تو آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ اس کا رسول اور جبرائیل امین تجھ سے راضی ہیں۔رواه الطبرانی

۳۶۳۵۰..... "ایضاً" نبی کریم ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو یمن روانہ کیا تا کہ آپ کے لیے جھنڈا قائم کریں جب چل پڑے تو آپ ﷺ نے فرمایا: اے ابورافع! علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ جاملو انھیں آگے نہ بڑھنے دینا ادھر اُدھر متوجہ نہ ہونا حتیٰ کہ اسے میرے پاس لیتے آؤ چنانچہ ابورافع حضرت علی رضی اللہ عنہ کو لیتے آئے آپ ﷺ نے انھیں بہت ساری وصیتیں کی اور پھر فرمایا: اے علی! اگر اللہ تعالیٰ تمہارے ہاتھ پر کسی ایک آدمی کو ہدایت دے دے تو یہ ان تمام موجودات سے افضل ہے جن پر سورج طلوع ہوتا ہو۔رواه الطبرانی

۳۶۳۵۱..... "مسند ابی سعید" ایک دفعہ ہم مسجد میں بیٹھے ہوئے تھے اتنے میں رسول اللہ ﷺ تشریف لائے اور ہمارے ساتھ بیٹھ گئے ہماری کیفیت یہ ہوگئی گویا ہمارے سروں پر پرندے بیٹھے ہوئے ہیں ہم میں سے کسی کو بھی کلام کرنے کی جسارت نہ ہوئی آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم میں سے ایک شخص ایسا ہے جو" تاویل قرآن" پر لوگوں سے قتال کرے گا جس طرح کہ تنزیل قرآن پر تم سے قتال کیا گیا ابوبکر رضی اللہ عنہ اٹھے اور بولے: یارسول اللہ! وہ شخص میں ہوں؟ فرمایا: نہیں۔عمر رضی اللہ عنہ اٹھے اور بولے: یارسول اللہ! وہ شخص میں ہوں؟ فرمایا: نہیں لیکن یہ وہ شخص ہے جو اپنی گود میں جوتا درست کر رہا ہے چنانچہ حضرت علی رضی اللہ عنہ ہمارے پاس آئے اور انھوں نے رسول اللہ ﷺ کا جوتا اٹھا رکھا تھا جسے درست کیا تھا۔

رواه ابن ابی شیبة واحمد بن حنبل وابویعلی والحاکم وابونعیم فی الحلیة وسعید بن المنصور

۳۶۳۵۲..... حضرت عباس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ میں اور علی رضی اللہ عنہ رسول کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے جب آپ نے ہمیں دیکھا ارشاد فرمایا: تمہارے لیے خوشخبری ہے میں اولاد آدم کا سردار ہوں اور تم دونوں عرب کے سردار ہو۔رواه ابن عساکر

۳۶۳۵۳..... ابن عباس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ قرآن مجید میں جو سورت بھی نازل ہوئی حضرت علی رضی اللہ عنہ اس کے معاملہ میں امیر اور شریف ثابت ہوئے۔چنانچہ اللہ تعالیٰ نے اصحاب محمد ﷺ پر عتاب نازل کیا لیکن علی رضی اللہ عنہ کے لیے خیر کا حکم ہی آتا رہا ہے۔رواه ابو نعیم

۳۶۳۵۴..... ابن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حالت رکوع میں کسی سائل کو اپنی انگوٹھی صدقہ

کی نبی کریم ﷺ نے سائل سے پوچھا: یہ انگوٹھی تمہیں کس نے دی ہے؟ سائل نے کہا: اس رکوع کرنے والے نے چنانچہ اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کردی۔

انما ولیکم اللہ ورسولہ

اللہ اور اس کا رسول ہی تمہارا دوست ہے۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ کی انگوٹھی میں یہ کلمات کندہ تھے "سبحان من فخرنی بانی له عبد" پاک ہے وہ ذات جس نے مجھ پر فخر کیا کہ میں اس کا بندہ ہوں۔ پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اپنی انگوٹھی پر یہ کلمات کندہ کروائے "الملک للہ" یعنی بادشاہت صرف اللہ ہی کے لیے ہے۔

رواہ الخطیب فی المتفق وفیہ مطلب بن زیاد وثقہ احمد بن حنبل وابن معین وقال ابو حاتم لا یحتج بحدیثہ

۳۶۳۵۵ ابن عباس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی شادی حضرت علی رضی اللہ عنہ سے کرادی حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا: یا رسول اللہ! کسی فقیر شخص سے میری شادی کرادیں جس کے پاس کوئی چیز نہ ہو۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: تم راضی نہیں ہو کہ اللہ تعالیٰ نے اہل زمین میں سے دو شخصوں کو چن لیا ہے؟ ان میں سے ایک تیرا باپ ہے اور دوسرا تیرا خاوند۔

رواہ الخطیب فیہ وسند حسن

کلام:...... حدیث پر کلام کیا گیا ہے دیکھئے التزیہ ۳۹۲/۱ والمتناھیۃ ۳۵۱۔

۳۶۳۵۶ ابن عباس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا تم میرے بھائی اور میرے دوست ہو جب کہ جعفر رضی اللہ عنہ سے فرمایا: تم میری خلق اور میرے اخلاق سے مشابہت رکھتے ہو۔ رواہ ابن النجار

۳۶۳۵۷ ابن عباس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ میں اور عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ مدینہ کی ایک گلی میں چہل قدمی کررہے تھے عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: اے ابن عباس! میرا گمان ہے کہ لوگ تمہارے صاحب کو حقارت کی نظر سے دیکھتے ہیں چونکہ جب انھوں نے اسے تمہارے امور کا امیر مقرر نہیں کیا۔ میں نے کہا: اللہ کی قسم! رسول اللہ ﷺ نے انھیں حقارت کی نظر سے نہیں دیکھا جب آپ نے اہل مکہ پر سورت براءت پڑھنے کے لیے انھیں ترجیح دی تو عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: درست کہا بخدا! میں نے رسول اللہ ﷺ کو علی رضی اللہ عنہ سے فرماتے سنا ہے کہ جو شخص تم سے محبت کرتا ہے وہ مجھ سے محبت کرتا ہے اور جو مجھ سے محبت کرتا ہے وہ اللہ تعالیٰ سے محبت کرتا ہے اور جو اللہ سے محبت کرتا ہے اللہ تعالیٰ اسے جنت میں داخل کرے گا۔ رواہ ابن عساکر وقال ھذا اسناد معروف ومتن منکر ورجال الاسناد مشاھیر سوی ابی القاسم عیسی بن الازھر المعروف ببلبل فانہ غیر مشہور وعبد الرزاق تشیع

۳۶۳۵۸ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ رسول اللہ ﷺ حضرت عباس رضی اللہ عنہ کا ہاتھ پکڑے ہوئے تشریف لائے اور ارشاد فرمایا: جس شخص نے اس سے بغض رکھا اس نے اللہ اور اللہ کے رسول سے بغض کیا جس نے اس سے محبت کی اس نے اللہ اور اللہ کے رسول سے محبت کی۔ رواہ ابن النجار وفیہ اسحاق بن بشر ابو حذیفۃ البخاری

۳۶۳۵۹ "مسند عبد اللہ بن عمر" حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ کی قسم! تین خصلتیں ایسی ہیں کہ ان میں سے ہر ایک مجھے سرخ اونٹوں سے زیادہ محبوب ہے۔ چنانچہ رسول اللہ ﷺ نے علی رضی اللہ عنہ سے اپنی بیٹی کی شادی کرائی اور ان سے اولاد بھی ہوئی سوائے ان کے دروازے کے سب دروازے بند کئے اور خیبر کے موقع پر انہی کو جھنڈا عطا کیا۔ رواہ ابن ابی شیبۃ

۳۶۳۶۰ ابن عمر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اے علی! تم جنت میں ہو۔ رواہ ابن النجار

۳۶۳۶۱ ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ایک دن رسول اللہ ﷺ ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے گھر تشریف لائے اتنے میں حضرت علی رضی اللہ عنہ آگئے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے ام سلمہ! اللہ کی قسم یہ ظالموں کو عہد توڑنے والوں کو اور شر پسندوں کو میرے بعد قتل کرے گا۔

رواہ الحاکم فی الاربعین وابن عساکر

کلام:...... حدیث میں کلام ہے دیکھئے اللآلی ۴۱۰/۱

۳۶۳۶۲..... عفیف کندی کی روایت ہے کہ میں جاہلیت میں مکہ آیا میرا ارادہ تھا کہ میں گھر والوں کے لیے کپڑے اور خوشبو وغیرہ خریدلوں اس مقصد کے لیے میں عباس رضی اللہ عنہ کے پاس آیا وہ اس وقت تاجر تھے میں ان کے پاس بیٹھا کعبہ کی طرف دیکھ رہا تھا سورج صاف ہوکر آسمان میں بلند ہونے لگا تھا کہ یک ایک شخص آیا آسمان کی طرف دیکھا پھر کعبہ کی طرف منہ کر کے کھڑا ہوگیا تھوڑی دیر گزری تھی کہ ایک لڑکا آیا اور اس کی دائیں طرف کھڑا ہوگیا پھر تھوڑی دیر کے بعد ایک عورت آئی اور ان کے پیچھے کھڑی ہوئی وہ شخص جھک گیا اس کے ساتھ لڑکا اور عورت بھی جھک گئے اس شخص نے سر اٹھایا اس کے ساتھ لڑکے اور عورت نے بھی سر اٹھایا اس نے سجدہ کیا لڑکے اور عورت نے بھی سجدہ کیا میں نے کہا: اے عباس! یہ کیا عظیم معاملہ ہے؟ آپ نے کہا: جی ہاں یہ عظیم معاملہ ہے کیا تم اس شخص کو جانتے ہو؟ یہ میرا بھتیجا محمد بن عبداللہ ہے اس لڑکے کو جانتے ہو؟ یہ میرا بھتیجا علی ہے۔ اس عورت کو جانتے ہو؟ یہ اس شخص کی بیوی خدیجہ بنت خویلد ہے میرا یہ بھتیجا کہتا ہے کہ آسمانوں اور زمین کا رب اس کا رب ہے اسی نے اسے اس دین کا حکم دیا ہے اس دین پر زمین کے اوپر ان تینوں کے سوا اور کوئی نہیں ہے۔ رواہ ابن عدی وابن عساکر وفیہ سعید بن حیثم الھلالی قال الازدی: منکر الحدیث عن اسد ابن عبداللہ العسری قال البخاری لایتابع علی حدیثہ

فائدہ:..... اس حدیث سے تشیع کی بدبو آرہی ہے بھلا ابو بکر ﷺ جو ہر وقت نبی کریم ﷺ کے ساتھ رہتے تھے رسول اللہ ﷺ نماز پڑھیں اور ابوبکر حاضر نہ ہوں۔ فافہم وتامل۔

۳۶۳۶۳..... حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ میں اسلام لانے میں صحابہ رضی اللہ عنہم پر سبقت لے گیا ہوں چنانچہ جب میں نے اسلام قبول کیا اس وقت میں سن بلوغت کو نہیں پہنچا تھا۔ رواہ البیھقی وضعفہ وابن عساکر

۳۶۳۶۴..... "ایضاً" جبیر شعبی سے روایت نقل کرتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں اللہ تعالیٰ سے حیاء کرتا ہوں کہ کہیں میری درگذر سے میرا گناہ عظیم تر نہ ہو یا میری جہالت میری عقلمندی سے بڑھی ہوئی نہ ہو یا میری بے پردگی ایسی نہ ہو جسے میرا ستر چھپا نہ سکے یا ایسی دوستی نہ ہو جسے میری جود وسخا مسدود نہ کرسکتی ہو۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۳۶۵..... "ایضاً" شعبی کی روایت ہے کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ شاعر تھے عمر رضی اللہ عنہ بھی شاعر تھے لیکن علی رضی اللہ عنہ دونوں سے بڑے شاعر تھے۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۳۶۶..... "ایضاً" ابوعبیدہ کی روایت ہے کہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کو خط لکھا جس کا مضمون یہ ہے: اے ابوالحسن میرے بہت سے فضائل ہیں میرا باپ جاہلیت میں سردار تھا اور میں اسلام میں بادشاہ ہوگیا ہوں میرا رسول اللہ ﷺ کے ساتھ سسرالی رشتہ ہے میں مؤمنین کا ماموں ہوں کاتب وحی ہوں حضرت علی رضی اللہ عنہ نے جواب میں لکھا: اے ابوالفضائل جگر چبانے والی عورت کے بیٹے! مجھ پر فخر کرتا ہے؟ پھر فرمایا: اے لڑکے لکھو!

محمد النبی اخی وصھری   وحمزۃ سید الشھداء عمی.

محمد ﷺ جو کہ نبی ہیں میرے بھائی اور سسر ہیں جب کہ حمزہ رضی اللہ عنہ سید الشھداء میرے چچا ہیں۔

وجعفر الذی یبسی ویضحی   یطیر مع الملائکۃ ابن امی.

اور جعفر رضی اللہ عنہ صبح وشام فرشتوں کے ساتھ اڑ رہے ہیں وہ میرے ماں جائے ہیں۔

بنت محمد سکنی وعرسی   منوط لحمھا بر می ولحمی.

محمد ﷺ کی بیٹی میری بیوی اور میری دلہن ہے اس کی جان میری جان سے ملی ہوئی ہے۔

وسبطا احمد ولدای منھا   فایکم لہ سھم کسھمی.

محمد ﷺ کے دونواسے جوان کی بیٹی سے ہیں دونوں میرے بیٹے ہیں تم میں سے کون ہے جس کا حصہ میرے حصے جیسا ہو۔

سبقتکم الی الاسلام طرا   صغیر اما بلغت اوان حلمی.

میں بچپن ہی میں اسلام کی طرف تم پر سبقت لے گیا ابھی تک تو میں بالغ بھی نہیں ہوا تھا۔

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس خط کو چھپادو کہیں اسے اہل شام پڑھ کر علی بن ابی طالب کی طرف مائل نہ ہو جائیں۔
رواہ ابن عساکر

۳۶۳۶۷..... زید بن علی بن حسین بن علی اپنے والد اور دادا کی سند سے روایت نقل کرتے ہیں کہ حضرت رضی اللہ عنہ نے فرمایا: رسول کریم ﷺ نے مجھے حکم دیا ہے کہ میں عہد توڑنے والوں خوارج اور ظالموں سے قتال کروں۔ رواہ ابن عساکر

کلام:..... حدیث ضعیف ہے دیکھئے اللآلی ۱-۴۱۱۔

۳۶۳۶۸..... حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ میں بیمار پڑ گیا رسول اللہ ﷺ میرے پاس تشریف لائے میں لیٹا ہوا تھا میرے پہلو میں آئے اور مجھے کپڑے سے ڈھانپ دیا جب آپ نے مجھے دیکھا کہ میں کمزور ہو چکا ہوں آپ مسجد کی طرف اٹھ کھڑے ہوئے جب نماز سے فارغ ہوئے واپس لوٹ آئے اور مجھ سے کپڑا اٹھالیا اور فرمایا: اے علی! کھڑے ہو جاؤ تم تندرست ہو چکے ہو۔ میں اٹھ بیٹھا یوں لگا گویا مجھے کوئی شکایت ہی نہیں ہے پھر آپ نے فرمایا: میں نے اپنے رب سے جو چیز بھی مانگی ہے مجھے ضرور عطاء کی ہے میں نے اللہ تعالیٰ سے جب بھی کوئی چیز مانگی ہے تیرے لیے مانگی ہے۔ رواہ ابونعیم فی فضائل الصحابة

۳۶۳۶۹..... حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ یمن سے کچھ لوگ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا: ہمارے یہاں ایک شخص بھیجیں جو ہمیں دین اور سنن کی تعلیم دے اور ہمارے درمیان کتاب اللہ کے مطابق فیصلہ کرے نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اے علی! تم یمن والوں کے پاس چلے جاؤ اور انھیں دین وسنن کی تعلیم دو اور کتاب اللہ کے مطابق ان کے درمیان فیصلے کرو میں نے عرض کیا: اہل یمن کم عقل لوگ ہیں۔ وہ میرے پاس ایسے قضیئے لائیں گے جنکا میرے پاس علم نہیں ہوگا نبی کریم ﷺ نے میرے سینے پر ہاتھ مارا اور پھر فرمایا: جاؤ اللہ تعالیٰ تمہارے دل کی راہنمائی فرمائے گا اور تمہاری زبان کو ثابت قدم رکھے گا چنانچہ اس کے بعد مجھے تا قیامت کسی فیصلہ کے متعلق شک نہیں ہوا۔
رواہ ابن جریر

۳۶۳۷۰..... حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ حضرت ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما نے رسول اللہ ﷺ کو فاطمہ رضی اللہ عنہا سے نکاح کا پیغام بھیجا رسول اللہ ﷺ نے انکار کر دیا حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: اے علی! فاطمہ رضی اللہ عنہا تمہارے ہی لیے ہے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کہا: میرے پاس تو سوائے زرہ اونٹ اور تلوار کے کچھ نہیں ہے ایک دن حضرت علی رضی اللہ عنہ کا رسول اللہ ﷺ سے سامنا ہو گیا ارشاد فرمایا: اے علی! تمہارے پاس کچھ ہے؟ عرض کیا: میں نے اپنا اونٹ اور زرہ رہن رکھے ہوئے ہیں چنانچہ رسول اللہ ﷺ نے فاطمہ رضی اللہ عنہا کی مجھ سے شادی کرا دی جب فاطمہ رضی اللہ عنہا کو خبر ہوئی تو وہ رونے لگیں۔ رسول اللہ ﷺ ان کے پاس گئے اور فرمایا: تم کیوں رو رہی ہو اے فاطمہ! اللہ کی قسم میں نے ایسے شخص سے تمہارا نکاح کرایا ہے جو علم میں سب سے آگے بردباری میں سب سے بڑھ کر ہے اور اسلام لانے میں سب سے مقدم ہے۔
رواہ ابن جریر وصحیحه والدولابی فی الذریة الطاهرة

۳۶۳۷۱..... حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اے بنی عبدالمطلب! میں تمہارے پاس دنیا و آخرت کی بھلائی لے کر آیا ہوں مجھے اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے کہ میں تمہیں اس کی دعوت دوں لہٰذا تم میں سے کون شخص اس امر میں میرا دست راست بنے گا بایں طور کہ وہ میرا بھائی میرا وصی اور میرا خلیفہ ہو چنانچہ آپ ﷺ نے مجھے گردن سے پکڑا اور پھر فرمایا: یہ میرا بھائی میرا وصی اور خلیفہ ہے اس کی بات سنو اور اس کی اطاعت کرو۔ رواہ ابن جریر وفیه عبد الغفار بن القاسم قال فی المغنی ترکوه

۳۶۳۷۲..... حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے علم کے ہزار ابواب سکھائے ہیں اور ہر باب کے ایک ایک ہزار ابواب ہیں۔ رواہ ابواحمد الفرضی فی جزئه وفیه الاجلح ابو حجیة قال فی المغنی صدوق شیعی جلد و ابونعیم فی الحلیة

۳۶۳۷۳..... ربعی بن حراش کی روایت ہے کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا آپ رضی اللہ عنہ مدائن میں تھے: سہیل بن عمرو نبی کریم ﷺ کے پاس آئے اور عرض کیا: ہمارے کچھ غلام تمہارے پاس آئے ہیں ان میں دین کی کوئی سمجھ بوجھ نہیں آپ انھیں واپس کر دیں، ابوبکر رضی اللہ عنہ وعمر رضی اللہ عنہ نے کہا: یارسول اللہ! یہ سچ کہتا ہے نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اے جماعت قریش! تم ہرگز باز نہیں آؤ گے جب

تک کہ اللہ تعالیٰ تمہارے اور پر ایسے شخص کو نہیں بھیجے گا جس کے دل کو اللہ تعالیٰ نے ایمان سے جانچ لیا ہے وہ تمہاری گردنیں مارے گا اور تم بھیڑ بکریوں کی طرح اس سے بھاگو گے ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا: یا رسول اللہ ﷺ! وہ شخص میں ہوں؟ فرمایا: نہیں عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: یا رسول اللہ وہ شخص میں ہوں؟ فرمایا نہیں: لیکن یہ وہ شخص ہے جو جوتا گانٹھ رہا ہے راوی کہتا ہے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ہاتھ میں رسول کریم ﷺ کا جوتا تھا جسے وہ گانٹھ رہے تھے۔ رواہ الخطیب

۳۶۳۷۴...... ''مسند صدیق'' معقل بن یسار مزنی کی روایت ہے کہ میں نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو فرماتے سنا کہ علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ عترت رسول اللہ ﷺ ہیں۔ رواہ البیهقی وقال: فی اسنادہ بعض من یجهل

۳۶۳۷۵...... شعبی کی روایت ہے کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو دیکھا اور فرمایا جسے یہ بات خوش کرے کہ وہ رسول اللہ ﷺ سے مرتبہ کے اعتبار سے عظیم تر کو دیکھے آپ سے قرابتداری میں سب سے اقرب کو دیکھے دلالت کے اعتبار سے سب سے افضل کو دیکھے اور نبی سے سب سے زیادہ نفع اٹھانے والے کو دیکھے اسے چاہئے کہ وہ اس شخص کو دیکھ لے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو جب یہ بات پہنچی تو انھوں نے فرمایا: ابوبکر جب یہ بات کہتے ہیں تو وہ بہت ہی نرم دل، امت میں سب سے زیادہ رحیم، غار میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھی اور وہ نبی کریم ﷺ سے دست بدست سب سے زیادہ فائدہ اٹھانے والے ہیں۔ رواہ ابن ابی الدنیا فی کتاب الاشراف وابن مردویہ والحاکم

۳۶۳۷۶...... حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کو تین خصلتیں عطا کی گئی ہیں مجھے اگر ان میں سے ایک بھی مل جائے تو وہ سرخ اونٹوں سے زیادہ افضل ہو گی عرض کیا گیا: وہ کیا ہیں؟ فرمایا: علی رضی اللہ عنہ نے فاطمہ بنت رسول اللہ ﷺ سے شادی کی ہے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ مسجد میں علی رضی اللہ عنہ کی سکونت تھی جو نبی کے لیے حلال تھا وہ ان کے لیے بھی حلال تھا اور خیبر کے موقع پر جھنڈا انھیں ملا۔ رواہ ابن ابی شیبة

۳۶۳۷۷...... حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: صبح میں جھنڈا ایسے شخص کو دوں گا جو اللہ اور اللہ کے رسول سے محبت کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ اس کے ہاتھ پر خیبر کو فتح کرے گا حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے اس دن کے علاوہ امارت کی کبھی تمنا نہیں کی چنانچہ صبح ہوئی میں اس کا امیدوار تھا تاہم رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اے علی کھڑے ہو جاؤ اور حملہ کر دو اور اِدھر اُدھر التفات نہیں کرنا حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ تمہارے ہاتھ پر فتح نصیب فرمائے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یا رسول اللہ! میں کس شرط پر ان سے قتال کروں ارشاد فرمایا: ان سے قتال کرو حتیٰ کہ وہ لا الٰہ الا اللہ کا اقرار کریں جب وہ اقرار کریں ان کی جانیں اور ان کے اموال محفوظ و محترم ہو گئے الا یہ کہ کسی حق کے ساتھ۔

رواہ ابن عندہ فی تاریخ اصبهان

۳۶۳۷۸...... اسلم بن فضل بن سہل، حسین بن عبید اللہ ابزاری بغدادی، ابراہیم بن سعید جوہری، امیر المؤمنین مامون رشید مهدی منصور اپنے والد سے عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ میں نے عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو فرماتے سنا: علی بن ابی طالب کے تذکرہ سے رک جاؤ چونکہ میں ان میں رسول اللہ ﷺ سے حاصل کی ہوئی خصلتیں دیکھ چکا ہوں ان میں سے اگر ایک بھی آل خطاب میں ہوئی مجھے وہ اس چیز سے زیادہ محبوب ہے جس پر سورج طلوع ہوتا ہے میں ابوبکر ابوعبیدہ رسول اللہ ﷺ کے صحابہ رضی اللہ عنہم کی ایک جماعت میں تھے میں ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے دروازے تک جا پہنچا۔ دروازے پر علی رضی اللہ عنہ کھڑے تھے ہم نے عرض کیا: ہم رسول اللہ ﷺ کے ارادہ سے آئے ہیں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کہا: رسول اللہ ﷺ باہر آنا چاہتے ہیں۔ آپ باہر تشریف لائے آور علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کا سہارا لے لیا پھر علی رضی اللہ عنہ کاندھے پر ہاتھ رکھ کر فرمایا: تجھ سے خصومت اور جھگڑا کیا جائے گا تو ایمان کے اعتبار سے پہلا مومن ہے سب سے زیادہ اللہ کے ایام کا علم رکھتا ہے سب سے زیادہ وعدہ وفا ہے درستی پر زیادہ چلنے والا ہے رعیت پر سب سے زیادہ مہربان ہے تو میرا بازو ہے مجھے غسل دینے والا ہے مجھے دفن کرنے والا ہے ہر سختی اور پریشانی کی طرف آگے بڑھنے والا ہے میرے بعد کافر نہیں ہوگا تو حمد کا جھنڈا اٹھائے مجھ سے آگے چلے گا اور حوض کوثر میں میرے ساتھ ہوگا پھر ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: علی رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ کا سسرالی رشتہ حاصل کرنے میں کامیاب ہوئے خاندان میں ان کا غلبہ ہے عام استعمال کی چیزیں دینے والے ہیں تنزیل و تاویل کا علم رکھتے ہیں ہم عمروں سے آگے بڑھنے والے ہیں۔

کلام:۔۔۔۔۔۔ حدیث موضوع ہے محدثین نے آبزاری کو کذاب کہا ہے۔

۳۶۳۷۹۔۔۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ میں نے ارادہ کیا کہ رسول اللہ ﷺ کو ان کی بیٹی کا پیغام نکاح دوں میں نے عرض کیا: میرے پاس کوئی چیز نہیں پھر میں نے آپ کی صلہ رحمی اور رشتہ داری کا ذکر کیا اور پیغام نکاح بھیج دیا آپ ﷺ نے فرمایا: تمہارے پاس کچھ ہے؟ میں نے عرض کیا: نہیں ارشاد فرمایا: تمہاری وہ حطمی زرہ کہاں ہے جو میں نے تمہیں فلاں فلاں موقع پر دی تھی میں نے عرض کیا وہ میرے پاس ہے فرمایا: وہی فاطمہ رضی اللہ عنہا کو دو میں نے زرہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کو دے دی اور آپ ﷺ نے میری شادی کرادی جب حضرت علی رضی اللہ عنہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کو اپنے پاس لائے تو آپ ﷺ نے فرمایا: کسی کام میں مصروف نہیں ہونا حتیٰ کہ میں تمہارے پاس آجاؤں آپ ﷺ ہمارے پاس تشریف لائے ہم نے اپنے اوپر ایک چادر اوڑھ رکھی تھی جب ہم نے آپ ﷺ کو دیکھا تو ہم اپنی جگہ سے ہلنے لگے آپ نے فرمایا: اپنی جگہ پر رہو پھر آپ نے پانی کا ایک برتن منگوایا اس پر دعا پڑھ کر پھونکا اور پھر پانی ہمارے اوپر چھڑک دیا میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! فاطمہ رضی اللہ عنہا زیادہ محبوب ہے یا میں آپ نے جواب دیا: فاطمہ رضی اللہ عنہا مجھے تم سے زیادہ محبوب ہے اور تم مجھے اس سے زیادہ عزیز ہو۔

رواہ الحمیدی واحمد بن حنبل والعدنی ومسدد والدورقی والبیھقی

۳۶۳۸۰۔۔۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے مجھے یمن بھیجا چنانچہ ہم ایسی قوم کے پاس جا پہنچے کہ انھوں نے شیر کو ہلاک کرنے کے لیے گڑھا کھود رکھا تھا وہ اسی راستے سے آتے جاتے تھے اچانک ایک شخص گڑھے میں جا گرا وہ دوسرے کے ساتھ لٹکا اور دوسرا تیسرے کے ساتھ یوں چار آدمی ہو گئے شیر نے انھیں سخت زخمی کردیا اسی اثناء میں ایک شخص نے حربے سے شیر کو ہلاک کردیا۔ (چنانچہ زخموں کی تاب نہ لا کر چاروں مر گئے) پہلے مقتول کے ورثاء نے دوسرے مقتول کے ورثاء سے مطالبہ کردیا فریقین نے تلواریں نکال لیں قریب تھا کہ ان میں خنجر پر جنگ چھڑ جاتی اتنے میں حضرت علی رضی اللہ عنہ نے انھیں آن لیا اور فرمایا: تم آپس میں لڑنا چاہتے ہو حالانکہ رسول اللہ ﷺ زندہ ہیں میں تمہارے درمیان فیصلہ کرتا ہوں بشرطیکہ تم اسے مان لو ورنہ تم رسول اللہ ﷺ کے پاس چلے جاؤ اور وہ جو فیصلہ کردیں وہی فیصلہ ہوگا۔ اس کے بعد بھی جو شخص روگردانی کرے پھر اسے کوئی حق نہیں۔ چنانچہ وہ قبائل جنہوں نے یہ کنواں کھودا ہے وہ چوتھائی دیت تہائی دیت نصف دیت اور کامل دیت جمع کرلیں پہلے مقتول کے لیے چوتھائی دیت ہے چونکہ وہ اپنے اوپر والوں کی وجہ سے ہلاک ہوا ہے دوسرے کے لیے تہائی دیت تیسرے کے لئے نصف دیت اور چوتھے کے لیے کامل دیت لوگوں نے یہ فیصلہ ماننے سے انکار کردیا اور وہ نبی کریم ﷺ نے پاس آئے اور آپ اس وقت مقام ابراہیم کے پاس تھے لوگوں نے سارا واقعہ سنا دیا ارشاد فرمایا: میں تمہارے درمیان فیصلہ کرتا ہوں آپ رضی اللہ عنہ ہاتھ باندھ کر بیٹھ گئے قوم میں سے ایک شخص بولا علی رضی اللہ عنہ نے ہمارے درمیان فیصلہ کردیا ہے لوگوں نے فیصلے کا بھی پورا قصہ سنایا اور نبی کریم ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے فیصلہ کی توثیق فرمائی ایک روایت میں ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: فیصلہ وہی ہے جو علی رضی اللہ عنہ نے کردیا ہے۔

رواہ الطبرانی وابن ابی شیبۃ وابن منیع جریر وصحح والبیھقی وضعفہ

۳۶۳۸۱۔۔۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں مؤمنین کی ملکہ مکھی ہوں جب کہ مال ظالموں کی ملکہ مکھی ہے۔ رواہ ابونعیم

۳۶۳۸۲۔۔۔ ابومسعر کہتے ہیں میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا آپ کے سامنے سونا رکھا ہوا تھا فرمایا: میں مؤمنین کی ملکہ مکھی ہوں جب کہ یہ منافقین کی ملکہ مکھی ہے فرمایا کہ: مؤمنین میری پناہ لیتے ہیں جب کہ منافقین اس کی پناہ لیتے ہیں۔ رواہ ابونعیم

۳۶۳۸۳۔۔۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ جب ابوطالب نے وفات پائی تو میں رسول کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا یا رسول اللہ! بوڑھا گمراہ آپ کا چچا مر چکا ہے فرمایا: جاؤ اور اسے زمین میں دبا دو کوئی اور کام نہیں کرنا کہ میرے پاس آجاؤ میں نے ابوطالب کی نعش زمین میں دبا دی اور میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا آپ نے مجھے غسل کرنے کا حکم دیا پھر میرے لیے مختلف دعائیں میں مجھے پسند نہیں کہ ان کے بدلہ میں میرے لیے زمین پر سے کچھ ہو۔

رواہ الطبرانی وابن ابی شیبۃ واحمد بن حنبل وابوداؤد والنسائی والمروزی فی الجنائز وابن الجارود وابن جریر

۳۶۳۸۴۔۔۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے مواخات قائم کی عمر و رضی اللہ عنہ ابوبکر رضی اللہ عنہ کو آپس میں بھائی بھائی

بنایا حمزہ بن عبدالمطلب اور زید بن حارثہ کو عبداللہ بن مسعود اور زبیر بن عوام کو عبدالرحمٰن بن عوف اور سعد بن مالک کو جب کہ مجھے اپنا بھائی بنایا۔

رواہ الخلعی فی الخلعیات وفیہ راو لم یسم والبیھقی وسعید بن المنصور

۳۶۳۸۵......حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے مجھے اہل یمن کی طرف روانہ کیا تا کہ میں ان کے درمیان فیصلے کروں۔(یعنی قاضی بنا کر بھیجا) میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! آپ مجھے بھیج رہے ہیں حالانکہ میں نوجوان شخص ہوں اور میرے پاس قضاء کا علم بھی نہیں۔آپ ﷺ نے میرے سینے پر ہاتھ مارا اور فرمایا: یا اللہ! اس کے دل کو ہدایت دے اور اس کی زبان کو درستی پر گامزن کردے حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں اس کے بعد مجھے کبھی قضاء میں شک نہیں ہوا حتیٰ کہ میں اپنی اس جگہ میں بیٹھ گیا۔

رواہ ابن سعد وابن ابی شیبۃ والبیھقی فی الدلائل

۳۶۳۸۷......حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب میں رسول کریم ﷺ سے سوال کرتا آپ مجھے عطا فرماتے تھے اور جب خاموش رہتا تھا آپ خود ہی ابتداء کرتے۔رواہ ابن ابی شیبۃ والترمذی والشاشی وابونعیم فی الحلیۃ والدورقی والحاکم وسعید بن المنصور

۳۶۳۸۸......عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ کی روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ سردیوں میں دو ہلکے ہلکے کپڑوں ازار اور چادر میں باہر نکلتے تھے جب کہ گرمیوں میں موٹی قبا اور بھاری کپڑے پہنتے تھے لوگوں نے عبدالرحمٰن سے کہا اگر تم اپنے والد سے کہو چونکہ وہ رات کو حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ گفتگو کرتے رہے ہیں، چنانچہ میں نے والد سے پوچھا کہ لوگوں نے امیر المومنین کی کچھ حالت دیکھی ہے جسے وہ اجنبی سمجھتے ہیں۔کہا: وہ کیا ہے؟ کہا: امیر المؤمنین شدید گرمی میں موٹے قبا اور بھائی کپڑا پہنتے ہیں اور ان میں کچھ پرواہ نہیں کرتے جب کہ سردیوں میں کپڑے یا چادریں پہن لیتے ہیں اور اس کی انھیں پرواہ بھی نہیں ہوتی کیا آپ نے یہ بات ان سے سنی ہے لوگوں نے مجھے کہا ہے کہ میں آپ سے سوال کروں اور آپ علی رضی اللہ عنہ سے رات کی گفتگو کے دوران پوچھا ہیں چنانچہ ابو لیلیٰ رات کو گفتگو کے دوران پوچھا: اے امیر المؤمنین! لوگوں نے آپ سے ایک چیز کو مفقود پایا ہے فرمایا: وہ کیا ہے؟ عرض کیا: آپ شدید گرمی میں موٹی قبا اور بھاری کپڑے پہنتے ہیں اور شدید سردی میں دو ہلکے کپڑے یا دو چادریں نہیں لیتے ہیں آپ کو اس پرواہ ہی نہیں ہوتی اور نہ ہی آپ سردی سے بچاؤ کا سامان کرتے ہیں حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے ابو لیلیٰ! تم خیبر میں ہمارے ساتھ نہیں تھے؟ میں نے عرض کیا جی ہاں بخدا! میں آپ کے ساتھ تھا فرمایا: رسول کریم ﷺ نے ابوبکر رضی اللہ عنہ کو بھیجا وہ لوگوں کو اپنے ساتھ لے کر گئے وہ شکست کھا کر نبی کریم ﷺ کے پاس واپس لوٹ آئے پھر عمر رضی اللہ عنہ کو بھیجا وہ بھی شکست کھا کر واپس لوٹ آئے تاہم رسول کریم ﷺ نے فرمایا: میں ایسے شخص کو جھنڈا دوں گا جو اللہ اور اس کے رسول سے محبت کرتا ہے اور اللہ اور اللہ کا رسول بھی اس سے محبت کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے ہاتھ پر فتح نصیب فرمائے گا۔وہ بھاگنے والا نہیں ہے چنانچہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے پیغام بھیج کر اپنے پاس بلایا میں خدمت میں حاضر ہوا جب کہ مجھے آشوب چشم کا مرض لاحق تھا آپ نے میری آنکھوں میں تھوک دیا اور فرمایا: یا اللہ! گرمی و سردی میں اس کی کفایت فرما۔اس کے بعد مجھے گرمی نے اذیت پہنچائی اور نہ ہی سردی نے۔

رواہ ابن ابی شیبۃ واحمد بن حنبل وابن ماجہ والبزار وابن جریر وصححہ والطبرانی فی الاوسط والحاکم والبیقی فی الدلائل والضیاء

۳۶۳۸۹......عباد بن عبد اللہ کہتے ہیں میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو فرماتے سنا۔میں اللہ کا بندہ اور اس کے رسول کا بھائی ہوں میں صدیق اکبر ہوں میرے بعد جھوٹا مفتری ہی یہ بات کہے گا میں نے لوگوں سے قبل سات سال نمازیں پڑھی ہیں۔

رواہ ابن ابی شیبۃ والنسائی فی الخصائص وابن ابی عاصم فی السنۃ والعقیلی والحاکم و ابونعیم فی المعرفۃ

۳۶۳۹۰......حبہ بن جوین کی روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے رسول کریم ﷺ کے ساتھ سات سال عبادت کی ہے قبل ازیں کہ اس امت کا کوئی فرد عبادت کرتا۔رواہ الحاکم وابن مردویہ

۳۶۳۹۱......حبہ کی روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یا اللہ! تو جانتا ہے کہ اس امت میں مجھ سے قبل تیری عبادت کسی نے نہیں کی اس امت میں سے کوئی شخص تیری عبادت کرتا اس سے قبل میں نے ☆☆☆☆ سال تیری عبادت کی ہے۔رواہ الطبرانی فی الاوسط

۳۶۳۹۲......''مسند عمر'' ابن عباس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: علی بن ابی طالب کے ذکر سے رک جاؤ

چونکہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو ارشاد فرماتے سنا ہے کہ: علی میں تین خصلتیں ہیں ان میں سے ہر ایک مجھے ہر اس چیز سے زیادہ محبوب ہے جس پر سورج طلوع ہوتا ہے چنانچہ میں ابوبکر ابوعبیدہ بن الجراح اور رسول اللہ ﷺ کے صحابہ رضی اللہ عنہم کی ایک جماعت رسول اللہ ﷺ کے پاس تھے جب کہ نبی کریم ﷺ علی رضی اللہ عنہ پر ٹیک لگائے تشریف فرما تھے حتیٰ کہ آپ نے علی رضی اللہ عنہ کے کاندھے پر ہاتھ مار کر فرمایا: اے علی! تو مؤمنین میں سب سے پہلے اسلام لایا اور سب سے پہلے اسلام قبول کیا تمہارا میرے ساتھ ایسا ہی تعلق ہے جیسا ہارون کا موسیٰ سے۔ جھوٹا ہے وہ شخص جو میری محبت کا دعوی کرتا ہو اور تجھ سے بغض رکھتا ہو۔

رواہ الحسن بن بدر فیما رواہ الخلفاء والحاکم فی الکنی والشیرازی فی الالقاب وابن البخار

۳۶۳۹۳..... ضمرہ بن ربعیہ مالک بن انس نافع ابن عمر بن خطاب رضی اللہ عنہم کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: میں جھنڈا ایسے شخص کو دوں گا جو اللہ اور اللہ کے رسول سے محبت کرتا ہے اللہ اور اللہ کا رسول اس سے محبت کرتا ہے وہ بڑھ کر حملہ کرتا ہے بھاگتا نہیں اللہ تعالیٰ اس کے ہاتھ پر فتح نصیب فرمائے گا جبرئیل امین اس کے دائیں طرف ہوں گے اور میکائل علیہ السلام اس کے بائیں طرف ہوں گے لوگوں نے امید وشوق کی حالت میں رات گزاردی جب صبح ہوئی تو آپ ﷺ نے فرمایا: علی کہاں ہے؟ لوگوں نے کہا یارسول اللہ! وہ دیکھ نہیں سکتے فرمایا: اسے میرے پاس لے آؤ جب حضرت علی رضی اللہ عنہ آپ کے پاس لائے گئے تو فرمایا: میرے قریب ہو جاؤ حضرت علی رضی اللہ عنہ قریب ہو گئے آپ نے ان کی آنکھوں میں تھوک دیا اور اپنے دست اقدس سے پونچھ ڈالیں حضرت علی رضی اللہ عنہ آپ کے سامنے سے اٹھ کھڑے ہوئے یوں لگا گویا انھیں آشوب چشم کا مرض لاحق ہی نہیں ہوا۔ رواہ الدارقطنی والخطیب فی رواہ مالک وابن عساکر

۳۶۳۹۴..... عروہ کی روایت ہے کہ ایک شخص حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی موجودگی میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کی گستاخی کرنے لگا حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا تم اس قبر والے محمد بن عبداللہ بن عبدالمطلب اور علی بن ابی طالب بن عبدالمطلب کو جانتے ہو؟ سوائے خیر و بھلائی کے علی کا تذکرہ مت کرو چونکہ اگر تم نے علی رضی اللہ عنہ کو اذیت پہنچائی تو گویا تم نے اس قبر والے کو اذیت پہنچائی۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۳۹۵..... حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: علی رضی اللہ عنہ کو ہرگز برا بھلا مت کہو میں نے رسول کریم ﷺ کو ارشاد فرماتے سنا ہے کہ تین چیزوں میں سے ایک بھی میرے لیے ہو مجھے ہر اس چیز سے محبوب ہے جس پر سورج طلوع ہوتا ہے میں ابوبکر ابوعبیدہ بن الجراح اور صحابہ رضی اللہ عنہم کی ایک جماعت نبی کریم ﷺ کے پاس موجود تھے، آپ نے علی رضی اللہ عنہ کے کاندھے پر ہاتھ مار کر فرمایا: تو لوگوں میں سب سے پہلے اسلام لانے والا ہے اور سب سے پہلے ایمان لانے والا ہے۔ تمہارا میرے ساتھ ایسا ہی تعلق ہے جیسا کہ ہارون کا موسیٰ سے تھا۔ رواہ ابن النجار

۳۶۳۹۶..... حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں پہلا شخص ہوں جس نے نبی کریم ﷺ کے ساتھ نماز پڑھی۔

رواہ الطبرانی وابن ابی شیبۃ واحمد بن حنبل وابن سعد

۳۶۳۹۷..... حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: مجھے رسول کریم ﷺ نے یمن بھیجا میں کم عمر تھا، میں نے عرض کیا: آپ مجھے ایسی قوم کے پاس بھیج رہے ہیں ان میں نئے نئے مسائل پیدا ہوں گے حالانکہ میرے پاس قضاء کا علم نہیں ہے۔ آپ ﷺ نے میرے سینے پر ہاتھ مارا اور فرمایا: بلاشبہ اللہ تعالیٰ تمہاری زبان کی راہنمائی فرمائے گا اور تمہارے دل کو ثابت قدم رکھے گا چنانچہ اس کے بعد مجھے دو فریقوں کے درمیان فیصلہ کرنے میں کبھی شک نہیں ہوا۔ رواہ الطبرانی وابن سعد واحمد بن حنبل والعدنی والمروزی فی العلم وابن ماجہ و ابویعلی والحاکم و ابونعیم فی الحلیۃ والبیہقی والدورقی وسعید بن المنصور وابن جریر وصححہ

کلام:...... حدیث پر بحث کی گئی ہے دیکھئے المعامۃ ۲۶۸۔

۳۶۳۹۸..... حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے مجھے یمن بھیجا میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! آپ مجھے ایسی قوم کے پاس بھیج رہے ہیں جو مجھ سے عمر میں بڑے ہیں اور میں نوجوان ہوں قضاء کی بصیرت نہیں رکھتا آپ نے میرا ہاتھ میرے سینے پر رکھا اور فرمایا: یا اللہ! اس کی زبان کو ثابت قدم رکھ اور اس کے دل کو ہدایت عطا فرما۔ اے علی! جب فریقین کے درمیان فیصلہ کرنے بیٹھو اس وقت تک فیصلہ مت کرو جب تک دوسرے کا بیان نہ سن لو جیسا کہ پہلے سے سنا ہے جب تم ایسا کرو گے تمہارے لئے فیصلہ کرنا آسان ہوگا چنانچہ اس کے بعد قضاء

کے متعلق مجھے کوئی مشکل پیش نہیں آئی۔

رواہ الحاکم وابن سعد واحمد بن حنبل والعدنی وابوداؤد والترمذی وقال : حسن وابویعلی وابن جریر وصححہ وابن حبان والحاکم والبیهقی

٣٦٣٩٩..... حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے مجھے بلایا اور فرمایا: اے علی! تجھ میں عیسیٰ کی مثال پائی جاتی ہے یہودیوں نے ان سے بغض کیا حتیٰ کہ ان کی ماں پر بہتان باندھا نصاری نے ان سے محبت کی اور انھیں ایسے مقام پر اتارا جس پر وہ نہیں تھے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میرے متعلق بھی دو شخص ہلاک ہوں گے میری محبت میں حد سے تجاوز کرنے والا اور میری مخالفت میں مجھ سے بغض وعداوت رکھنے والا خبردار میں نبی نہیں ہوں میرے پاس وحی نہیں آتی لیکن میں کتاب اللہ پر عمل کرتا ہوں اور نبی کریم ﷺ کی سنت پر چلتا ہوں اللہ تعالیٰ کی اطاعت کے متعلق جو تمہیں حکم دوں وہ برحق ہے لہٰذا ایسی صورت میں تمہارے اوپر واجب ہے کہ میری اطاعت کرو اور اگر میں یا کوئی اور تمہیں معصیب کا حکم دیں تو اللہ تعالیٰ کی معصیت میں ایسی اطاعت کچھ حیثیت نہیں رکھتی اطاعت تو بھلائی اور نیکی کے کاموں میں ہوتی ہے۔

رواہ عبداللہ بن احمد بن حنبل وابویعلی والدورقی والحاکم وابن ابی عاصم وابن شاهین فی السنة وابن الجوزی فی الواهایت وروی ابن جریر صندرة المرفوع

٣٦٤٠٠..... "ایضاً" حبہ مزنی کی روایت ہے کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو منبر پر ہنستے ہوئے دیکھا میں نے اس طرح انھیں ہنستے ہوئے نہیں دیکھا حتیٰ کہ آپ کی ڈاڑھیں بھی دکھائی دینے لگیں پھر فرمایا: مجھے ابوطالب کی بات یاد آگئی چنانچہ ایک مرتبہ میں رسول کریم ﷺ کے ساتھ تھا ہم بطن نخلہ میں نماز پڑھنے لگے اتنے میں ابوطالب آئے اور بولے اے بھتیجے تم کیا کررہے ہو؟ رسول اللہ ﷺ نے انھیں سلام کی دعوت دی وہ بولے: جو تم کہتے ہو اس کے مان لینے میں کوئی حرج نہیں لیکن اس سے میرا مرتبہ کم ہو جائے گا حضرت علی رضی اللہ عنہ اپنے والد کی اس بات پر تعجب کر کے ہنسے پھر فرمایا: یا اللہ اس امت میں میں کسی شخص کو نہیں جانتا جس نے تیرے نبی کے علاوہ مجھ سے قبل تیری عبادت کی ہو۔ تین بار یہ بات کہی: میں نے لوگوں سے قبل سات سال نماز پڑھی ہے۔رواہ الطبرانی واحمد بن حنبل وابویعلی والحاکم

٣٦٤٠١..... "ایضاً" ابن حنفیہ کی روایت ہے کہ اگر حضرت علی رضی اللہ عنہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے ذکر بد کے خوگر ہوتے تو اس دن ان کا ذکر بد ضرور کرتے جس دن لوگوں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے عثمان رضی اللہ عنہ کے گورنروں کی شکایت کی تھی حضرت علی رضی اللہ عنہ نے مجھے کہا: یہ خط عثمان رضی اللہ عنہ کے پاس لے جاؤ اور ان سے کہو کہ اس میں رسول اللہ ﷺ کے صدقہ کا حکم ہے اپنے گورنروں کو حکم دو کہ اسی کے مطابق عمل کریں میں وہ خط لے کر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے پاس حاضر ہوا انھوں نے کہا: اس سے ہم بے نیاز ہیں میں وہ خط لیکر حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس واپس لوٹ آیا اور انھیں اس کی خبر کی انھوں نے فرمایا: تمہارے اوپر کوئی حرج نہیں اسے جہاں سے اٹھایا ہے وہیں رکھ دو۔

رواہ البخاری والعدنی والبیهقی

٣٦٤٠٢..... حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں قریش کے کچھ لوگ حاضر ہوئے اور عرض کیا: یا محمد! ہم آپ کے پڑوسی اور حلیف ہیں ہمارے کچھ غلام تمہارے پاس آگئے ہیں انھیں دین وفقہ کی کچھ رغبت نہیں ہے وہ ہماری جائیدادوں اور اموال سے بھاگ آئے ہیں لہٰذا آپ ہمیں واپس کردیں آپ ﷺ نے ابوبکر رضی اللہ عنہ سے فرمایا: تم کیا کہتے ہو انھوں نے جواب دیا: یہ لوگ سچ کہتے ہیں: وہ آپ کے پڑوسی اور حلیف ہیں رسول اللہ ﷺ کا چہرہ اقدس متغیر ہو گیا پھر عمر رضی اللہ عنہ سے فرمایا: اے عمر! تم کیا کہتے ہو؟ انھوں نے کہا: یہ سچ کہتے ہیں یہ آپ کے جیران اور حلیف ہیں رسول اللہ ﷺ کا چہرہ اور متغیر ہو گیا۔ پھر ارشاد فرمایا: اے جماعت قریش اللہ تعالیٰ تمہارے اوپر ضرور ایک ایسے شخص کو بھیجے گا جس کے دل کو اللہ تعالیٰ نے ایمان سے جانچ لیا ہے وہ دین پر تمہاری گردنیں مارے گا ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا: یا رسول اللہ وہ میں ہوں فرمایا نہیں حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: یا رسول اللہ وہ میں ہوں فرمایا: نہیں لیکن یہ وہ شخص ہے جو جوتا گانٹھ رہا ہے چنانچہ نبی کریم ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو جوتا گانٹھنے کے لیے دیا ہوا تھا۔رواہ احمد بن حنبل وابن جریر وصححہ وسعید بن المنصور

٣٦٤٠٣..... "ایضاً" محمد بن سیرین کی روایت ہے کہ جب نبی کریم ﷺ دنیا سے رخصت ہو گئے تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے قسم کھائی کہ وہ جمعہ کے دن چادر نہیں اوڑھیں گے حتیٰ کہ قرآن مجید کو ایک مصحف میں جمع نہ کرلیں چنانچہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے قرآن جمع کرنے میں مصروف ہو

گئے کچھ دنوں کے بعد حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی طرف پیغام بھیجا کہ اے ابوالحسن! آپ میری خلافت کو ناپسند کرتے ہیں؟ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: اللہ کی قسم ایسی بات نہیں لیکن میں نے قسم اٹھا رکھی ہے کہ جمعہ کے علاوہ کسی دن چادر نہیں اوڑھوں گا حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ابوبکر رضی اللہ عنہ کے ہاتھ پر بیعت کی اور واپس لوٹ آئے۔ (رواہ ابن ابی داؤد فی المصاحف وقال: کہ اشعب کے علاوہ مصحف کا ذکر کسی نے نہیں کیا اور وہ "لین الحدیث" ہیں وانما دووہ: حی اجمع القرآن یعنی حفظ قرآن مکمل کیا بسا اوقات حفظ قرآن کو جمع قرآن سے بھی تعبیر کر دیا جاتا ہے)

٣٦٤٠٤ ...... حضرت علی کرم ﷺ فرماتے ہیں بخدا: اللہ تعالیٰ نے جو آیت بھی نازل فرمائی ہے میں جانتا ہوں کہ وہ کس میں نازل ہوئی کہاں نازل ہوئی اور کس پر نازل ہوئی رب تعالیٰ نے مجھے سمجھدار دل اور لسان طلق عطا کی ہے۔ رواہ ابن سعد وابن عساکر

٣٦٤٠٥ ...... "ایضاً" محمد بن عمر بن علی بن ابی طالب کی روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے کہا گیا کیا وجہ ہے آپ اصحاب رسول اللہ ﷺ میں سب سے زیادہ احادیث بیان کرتے ہیں حضرت علی رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: جب میں آپ ﷺ سے سوال کرتا تھا آپ مجھے بتاتے تھے اور جب میں خاموش رہتا تھا آپ خود ابتداء کرتے تھے۔ رواہ ابن سعد

٣٦٤٠٦ ...... ھبیرہ کی روایت ہے کہ میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا آپ رضی اللہ عنہ سے حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کے متعلق سوال کیا گیا: فرمایا: حذیفہ رضی اللہ عنہ نے منافقین کے ناموں کے متعلق سوال کیا تھا انھیں منافقین کے متعلق خبر دی گئی ہے پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ سے اپنی ذات کے متعلق سوال کیا گیا: فرمایا: جب میں سوال کرتا مجھے جواب دیا جاتا اور جب میں خاموش رہتا کلام کی ابتداء کر لی جاتی تھی۔

رواہ الحاکم

٣٦٤٠٧ ...... حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں نبی کریم ﷺ کو بروز سوموار نبی بنا کر بھیجا گیا اور میں منگل کے دن اسلام لایا۔

رواہ ابو یعلیٰ وابو القاسم بن الجراح فی امالیہ

٣٦٤٠٨ ...... حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ جب یہ آیت نازل ہوئی "وانذر عشیرتک الا قربین" اور اپنے قریبی رشتہ داروں کو ڈرسنائیے" نبی کریم ﷺ نے اپنے اہل بیت کو جمع کیا چنانچہ تیس (٣٠) لوگ جمع ہو گئے انھوں نے کھایا پیا اور پھر آپ ﷺ نے فرمایا: جو شخص میر طرف سے میرے دین اور میرے مواعید کی ضمانت دے گا وہ جنت میں میرے ساتھ ہو گا اور میرے اہل میں خلیفہ ہو گا ایک شخص نے کہا: یارسول اللہ! آپ تو بحر ہیں۔ اس امر کا قیام کون کرے گا؟ پھر ایک اور شخص نے اسی طرح کی بات کی پھر اہل بیت میں سے ہر شخص پر پیش کیا گیا: حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس کے لیے میں تیار ہوں۔ رواہ احمد بن حنبل وابن جریر وصححہ والطحاوی ابو الضیاء

٣٦٤٠٩ ...... حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: فیصلے کرتے رہو جس طرح کہ تم فیصلے کرتے ہو میں اختلاف کرنے کو مکروہ سمجھتا ہوں حتیٰ کہ لوگوں کی ایک جماعت ہو جائے یا مجھے موت آ جائے جس طرح کہ میرے ساتھیوں کو موت آ گئی ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں عام طور پر حضرت علی رضی اللہ عنہ سے جو فیصلے روایت کیے جاتے ہیں وہ جھوٹ ہیں۔ رواہ البخاری وابو عبید فی کتاب الاموال والاصبہانی فی الحجۃ

٣٦٤١٠ ...... "ایضاً" "ابویحییٰ" کی روایت ہے کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو فرماتے سنا: میں اللہ تعالیٰ کا بندہ اور اس کے رسول کا بھائی ہوں۔ میرے بعد جو شخص بھی یہ دعویٰ کرے گا وہ جھوٹا ہے چنانچہ ایک شخص نے یہی بات کہی وہ پاگل ہو گیا۔ رواہ العدنی

٣٦٤١١ ...... حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: میں نے تمہارے متعلق اللہ تعالیٰ سے پانچ چیزوں کا سوال کیا ان میں سے چار مجھے مل گئیں اور ایک سے انکار ہو گیا میں نے سوال کیا کہ قیامت کے ان زمین سے نکلنے والا تو پہلا شخص ہو اور میرے ساتھ ہو تمہارے پاس لوائے حمد ہو اور تم ہی نے وہ اٹھا رکھا ہو اور مجھے عطا کیا کہ تم میرے بعد مومنین کے ولی ہو۔ رواہ ابن الجوزی فی الواھیات

کلام: ...... حدیث موضوع ہے دیکھئے المتناھیۃ ٣٩٤۔

٣٦٤١٢ ...... قیس کی روایت ہے کہ اشعث بن قیس حضرت علی رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور انھیں موت سے ڈرانے لگا حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم مجھے موت سے ڈراتے ہو؟ مجھے کوئی پرواہ نہیں موت مجھ پر پڑے یا میں موت پر جا پڑوں۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۴۱۳...... ابوزعراء کی روایت ہے کہ حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے تھے میں میرے کریم الاصل اور میری عترت کے نیکوکار لوگ بچپن میں لوگوں میں سب سے زیادہ بردبار اور کبرسنی میں سب سے زیادہ علم والے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہمارے ذریعے ظالم بھیڑیئے کے دانت توڑے گا اللہ تعالیٰ ہمارے ذریعے تمہارے غلبے کو ختم کرے گا تمہاری گردنوں کی کجی کو ختم کرے گا اور ہمارے ذریعے اللہ تعالیٰ خیر کا دروازہ کھولے گا اور اسے بند کرے گا۔ رواہ عبدالغنی بن سعید فی ایضاح الاشکال

۳۶۴۱۴...... علی بن ابی ربیعہ کہتے ہیں: ایک شخص نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مقابلہ کیا: آپ رضی اللہ عنہ نے اسے پچھاڑ دیا وہ بولا: اے امیر المؤمنین! اللہ تعالیٰ آپ کے سینے کو ثابت قدم رکھے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ تمہارے سینے کو ثابت قدم رکھے۔

رواہ وکیع وابن عساکر

۳۶۴۱۵...... سعید بن مسیب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: لوگوں میں سے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے سواء کسی نے نہیں کہا کہ مجھ سے سوال کرو۔

رواہ ابن عبد البر

۳۶۴۱۶...... حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: قیامت کے دن جنت کی اونٹیوں میں سے ایک اونٹنی لائی جائے گی تمہارا گھٹنے میرے گھٹنے کے ساتھ ہوگا تمہاری ران میری ران سے ملی ہوگی حتیٰ کہ ہم جنت میں داخل ہوجائیں گے۔ رواہ الحسن بن بدر

۳۶۴۱۷...... عبدالرحمن بن ابی لیلیٰ کی روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے لوگوں سے خطاب کیا اور فرمایا: میں اس شخص کو اللہ تعالیٰ اور اسلام کا واسطہ دیتا ہوں جس نے غدیر خم کے موقع پر رسول اللہ ﷺ کو سنا ہو وہ ضرور گواہی دے آپ ﷺ نے میری ہاتھ پکڑ کر فرمایا: اے مسلمانوں کی جماعت! میں تمہاری جانوں سے زیادہ تمہارا حق نہیں رکھتا ہوں؟ لوگوں نے کہا: جی ہاں یارسول اللہ! آپ ﷺ نے فرمایا: جس شخص کا میں دوست ہوں علی بھی اس کا دوست ہے یا اللہ! جو علی کو دوست رکھتا ہو تو بھی اسے دوست رکھ جو علی کا دشمن ہو تو بھی اس کا دشمن ہوجا جو اس کی مدد کرے تو بھی اس کی مدد کر اور جو علی کو بے یار چھوڑتا ہو تو بھی اسے بے یار کردے چنانچہ اس سے کچھ زیادہ لوگوں نے گواہی دی جب کہ بہت سارے لوگ گواہی چھپا گئے چنانچہ وہ دنیا میں اندھے اور برص زدہ ہوکر فنا ہوئے۔ رواہ الخطیب فی الافراد

۳۶۴۱۸...... حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: کیا میں مومنین کا ان کی جانوں سے زیادہ حق نہیں رکھتا ہوں؟ صحابہ رضی اللہ عنہم نے جواب دیا: جی ہاں۔ ارشاد فرمایا: جو شخص میرا دوست ہے وہ علی رضی اللہ عنہ کا بھی دوست ہے۔ رواہ ابن ابی عاصم

۳۶۴۱۹...... حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ جب آیت ''وانذر عشیرتک الاقربین'' نازل ہوئی نبی کریم ﷺ نے مجھے اپنے پاس بلایا اور فرمایا: اے علی! مجھے اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے کہ میں اپنے قریبی رشتہ داروں کو ڈرسناؤں لیکن اس پر میری قدرت نہیں ہے بسا اوقات میں اس کا اعلان کرتا ہوں لیکن جب ان کی طرف سے ناگواری دیکھتا ہوں تو خاموش ہوجاتا ہوں حتیٰ کہ میرے پاس جبرئیل امین تشریف لائے اور فرمایا: اے محمد! جو تمہیں حکم ملا ہے اسے اگر بجا نہیں لاؤ گے تو رب تعالیٰ تمہیں عذاب دے گا لہٰذا تم میرے لیے ایک صاع کھانا تیار کرو اس پر بکری کی ایک دستی رکھو ہمارے لیے دودھ سے مشروب تیار کرو پھر میرے پاس بنی عبدالمطلب کو جمع کرو تاکہ میں ان سے بات کروں اور جو مجھے حکم ملا ہے میں اس کی تبلیغ کروں چنانچہ میں نے کھانا تیار کیا اور بنی عبدالمطلب کو دعوت دی، اس وقت ان کی تعداد چالیس کے لگ بھگ تھی ان میں آپ ﷺ اور ابو طالب حمزہ عباس ابولہب بھی شامل تھے جب یہ لوگ جمع ہوگئے تو آپ نے مجھے کھانا حاضر کرنے کو کہا میں نے کھانا حاضر کردیا آپ نے قدرے گوشت میں سے قدرے سخت ٹکڑا اٹھایا اسے دانتوں سے چبایا اور برتن کے کناروں میں ڈال دیا پھر فرمایا: بسم اللہ! کھانا شروع کرو لوگوں نے جی بھر کر کھانا کھایا حتیٰ کہ بے نیاز ہوگئے کھانا بھی باقی تھا برتن میں ہم صرف انگلیوں کے نشانات ہی دیکھتے تھے حالانکہ جو کھانا پیش کیا تھا وہ ایک ہی آدمی کے لیے کافی تھا پھر فرمایا: اے علی! قوم کو مشروب پلاؤ میں لوگوں کے پاس مشروب لے آیا لوگوں نے اس میں سے پیا اور سیر ہوگئے حالانکہ وہ ایک ہی آدمی کے لیے کافی تھا چنانچہ جب نبی کریم ﷺ نے بات کرنے کا ارادہ کیا ابولہب جلدی سے بول اٹھا: کہ تمہارا صاحب بات کرچکا ہے لہٰذا چلو لوگ اٹھ کر چلے گئے تاہم نبی کریم ﷺ لوگوں کے سامنے بات نہ رکھ سکے دوسرے دن نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اے علی! یہ شخص مجھ پر سبقت لے گیا جس کی وجہ سے لوگ اٹھ کر چلے گئے اور میں بات نہ کرسکا لہٰذا کل کی طرح آج بھی کھانا اور

مشروب تیار کرو پھر انھیں ہمارے پاس جمع کرو۔ میں نے کھانا تیار کیا پھر لوگوں کو بلایا آپ نے ایسے ہی کیا جیسے کل کیا تھا لوگوں نے کھایا پیا اور سیر ہو گئے پھر نبی کریم ﷺ نے کلام کیا اور فرمایا: اے بنی عبدالمطلب میں نہیں جانتا کہ عرب میں کوئی نوجوان ان تعلیمات سے افضل لائے جو میں لایا ہوں میں تمہارے پاس دنیا و آخرت کی بھلائی لایا ہوں۔ مجھے اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے کہ میں تمہیں اس کی دعوت دوں تم میں سے کون اس معاملہ میں مجھے تقویت پہنچائیے گا؟ میں نے عرض کیا اس کام کے لیے میں تیار ہوں حالانکہ میں قوم میں سب سے چھوٹا میری آنکھوں میں سب سے زیادہ کیچڑ امیرا پیٹ بڑا اور میری پنڈلیاں باریک تھیں میں نے عرض کیا: یا نبی اللہ! اس معاملہ میں میں آپ کا وزیر بنتا ہوں۔ آپ ﷺ نے مجھے گردن سے پکڑ لیا اور فرمایا: یہ میرا بھائی، میرا وصی اور خلیفہ ہے اس کی بات سنو اور اس کی اطاعت کرو۔ لوگ ہنستے ہوئے اٹھ کھڑے ہوئے اور ابوطالب سے کہنے لگے: اس نے تمہیں حکم دیا ہے کہ تم علی کی بات سنو اور اس کی اطاعت کرو۔

رواہ ابن اسحاق وابن جریر وابن ابی حاتم وابن مردویہ وابونعیم والبیہقی فی الدلائل

۳۶۴۲۰...... ''مسند براء بن عازب'' ہم ایک سفر میں رسول کریم ﷺ کے ساتھ تھے اتنے میں منادی نے اعلان کیا: الصلاۃ جامعۃ ایک درخت کے نیچے رسول اللہ ﷺ کے لیے جگہ صاف کی گئی آپ نے ظہر کی نماز پڑھی اور پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ کو ہاتھ میں پکڑ کر فرمایا: تمہیں معلوم نہیں کہ میں مومنین پر ان کی جانوں سے بھی زیادہ حق رکھتا ہوں؟ صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: جی ہاں کیوں نہیں۔ پھر فرمایا: تمہیں معلوم نہیں کہ میں ہر مومن پر اس کی جان سے زیادہ حق رکھتا ہوں؟ صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: جی ہاں کیوں نہیں۔ پھر فرمایا: تمہیں معلوم نہیں کہ میں ہر مومن پر اس کی جان سے زیادہ حق رکھتا ہو؟ صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: جی ہاں کیوں نہیں پھر فرمایا: تمہیں معلوم نہیں کہ میں ہر مومن پر اس کی جان سے زیادہ حق رکھتا ہوں؟ صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: جی ہاں: کیوں نہیں۔ آپ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کا ہاتھ پکڑ کر فرمایا: یا اللہ! میں جس کا دوست ہوں علی بھی اس کا دوست ہے یا اللہ! جو علی کو دوست رکھتا ہو تو بھی اسے دوست رکھ جو علی کا دشمن ہو تو بھی اس کا دشمن ہو جا۔ اس کے بعد حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی حضرت علی رضی اللہ عنہ سے ملاقات ہوئی عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے علی تجھے مبارک ہو صبح و شام تم ہر مومن مرد و ہر مومن عورت کے دوست ہو۔ رواہ ابن ابی شیبۃ

۳۶۴۲۱...... رسول کریم ﷺ نے دو لشکر روانہ کئے ان میں سے ایک پر حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کو امیر مقرر کیا اور دوسرے پر خالد بن ولید کو فرمایا کہ اگر قتال ہو تو علی لوگوں پر امیر ہے چنانچہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ایک قلعہ فتح کر لیا اور اس میں سے ایک باندی اپنے لیے رکھ لی حضرت خالد رضی اللہ عنہ نے اسے برا سمجھتے ہوئے خط لکھا جب رسول کریم ﷺ نے خط پڑھا تو فرمایا: تم اس شخص کے بارے میں کیا کہتے ہو جو اللہ اور اس کے رسول سے محبت کرتا ہو اور اللہ اور اس کا رسول اس سے محبت کرتا ہو۔ رواہ ابن ابی شیبۃ

۳۶۴۲۲...... بریدہ بن حصیب رحمۃ اللہ علیہ کی روایت ہے کہ میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ یمن گیا میں نے آپ ﷺ میں قدرے جفا دیکھی جب میں رسول اللہ ﷺ کے پاس واپس لوٹا میں نے آپ سے حضرت علی رضی اللہ عنہ کا تذکرہ کیا اور ان کی تنقیص کر دی رسول اللہ ﷺ کا چہرا اقدس متغیر ہونے لگا اور فرمایا: اے بریدہ! میں مومنین پر ان کی جانوں سے زیادہ حق نہیں رکھتا ہوں میں نے عرض کیا: جی ہاں کیوں نہیں یا رسول اللہ! آپ نے فرمایا: جس شخص کا میں دوست ہوں علی رضی اللہ عنہ بھی اس کا دوست ہے۔

رواہ ابن ابی شیبۃ وابن جریر وابونعیم

۳۶۴۲۳...... بریدہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فاطمہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا: میں نے اپنے خاندان میں سب سے بہتر سے تمہاری شادی کی ہے جو علم میں سب سے آگے بردباری میں افضل اور سب سے پہلے اسلام لانے والا ہے۔ رواہ الخطیب فی المتفق

۳۶۴۲۴...... بریدہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے حضرت خالد رضی اللہ عنہ کو پیغام بھیجا کہ خمس (مال غنیمت کا پانچواں حصہ) تقسیم کرو۔ ایک روایت میں ہے کہ خمس پر قبضہ کرو چنانچہ صبح ہوئی تو علی رضی اللہ عنہ کے سر سے پانی ٹپک رہا تھا حضرت خالد رضی اللہ عنہ نے کہا: بھلا دیکھتے نہیں ہو کہ یہ کیا کرتا ہے جب میں رسول کریم ﷺ کے پاس واپس لوٹا تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے جو کچھ کیا تھا اس بارے خبر دی اس وقت میں حضرت علی رضی اللہ عنہ سے بغض کرتا تھا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اے بریدہ! تم علی سے بغض رکھتے ہو؟ میں نے جواب دیا: جی

ہاں آپ ﷺ نے فرمایا: اس سے بغض مت رکھوایک روایت میں ہے کہ اس سے محبت کرو۔ چونکہ خمس میں اس سے زیادہ اس کا حصہ ہے۔
رواہ ابونعیم

٣٦٤٢٥...... بریدہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے ایک سریہ روانہ کیا اور اس پر حضرت علی رضی اللہ عنہ کو امیر مقرر کیا۔ جب ہم واپس لوٹے تو رسول اللہ ﷺ نے ہم سے پوچھا: تم نے اپنے ساتھی کی صحبت کو کیسا پایا؟ فرمایا: یا تو میں اس کی شکایت کروں یا میرے علاوہ کوئی اور اس کی شکایت کرے۔ میں نے اپنا سر اوپر اٹھایا، میں اپنا سر جھکائے رکھتا تھا جب مجھ سے کوئی بات کی جاتی میں اپنا سر جھکا لیتا تھا، کیا دیکھتا ہوں کہ نبی کریم ﷺ کا چہرہ اقدس متغیر ہوتا جارہا ہے۔ اور پھر فرمایا: جس کا میں دوست ہوں علی بھی اس کا دوست ہے، اس کے بعد میرے دل میں جو کچھ کدورت تھی وہ جاتی رہی میں نے کہا: میں علی رضی اللہ عنہ کا ذکر بد نہیں کروں گا۔ رواہ ابن جریر

٣٦٤٢٦...... حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے مجھے حکم دیا ہے کہ میں تمہیں اپنے قریب کروں اور تمہیں اپنے سے دور نہ کروں اور یہ کہ میں تمہیں علم سکھاتا رہوں تاکہ تم اسے یاد کرلو اللہ تعالیٰ پر حق ہے کہ تم یاد رکھو اور یہ آیت نازل ہوئی "وتعیھا اذن واعیۃ" اور اسے یاد رکھنے والے کانوں نے یاد رکھا ہے" فرمایا: کہ جب میں اللہ تعالیٰ سے غافل ہو جاؤ۔
رواہ ابن عساکر وقال: ھذا اسناد لایعرف والحدیث شاذ

٣٦٤٢٧...... "ایضاً" صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: یا رسول اللہ! قیامت کے دن آپ کا جھنڈا کون اٹھائے گا؟ ارشاد فرمایا: جو شخص اسے اچھی طرح سے اٹھانا جانتا ہوگا۔ البتہ دنیا میں اسے علی بن ابی طالب اٹھائے گا۔ رواہ الطبرانی
کلام:...... حدیث ضعیف ہے دیکھئے الترمیہ ٣٦١ وذخیرۃ الحفاظ ٣٧٣٩۔

٣٦٤٢٨...... جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا: تم خلیفہ ہو اور قتل کیے جاؤ گے تمہارے سر کا یہ حصہ خون آلود ہوگا۔ یعنی سر سے داڑھی تک کا حصہ۔ رواہ الطبرانی وابن عساکر
کلام:...... حدیث ضعیف ہے دیکھئے ذخیرۃ الحفاظ ٢٠٦٣۔

٣٦٤٢٩...... حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا: وہ پہلے لوگوں میں سب سے زیادہ بدبخت کون ہے عرض کیا: حضرت صالح علیہ السلام کی اونٹنی کی کونچیں جس شخص نے کاٹی تھیں فرمایا: بعد میں آنے والوں میں سب سے زیادہ بدبخت کون ہے؟ عرض کیا: اللہ اور اس کا رسول ہی خوب جانتا ہے۔ ارشاد فرمایا: اے علی! تمہارا قاتل۔ رواہ ابن عساکر

٣٦٤٣٠...... "ایضاً" جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ہم جحفہ میں مقام غدیر خم میں تھے رسول اللہ ﷺ ہمارے پاس تشریف لائے اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کا ہاتھ پکڑ کر فرمایا: جس شخص کا میں دوست ہوں علی بھی اس کا دوست ہے۔ رواہ ابن ابی شیبۃ

٣٦٤٣١...... "ایضاً" خیبر کے دن حضرت علی رضی اللہ عنہ نے قلعے کا دروازہ اٹھایا حتیٰ کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم قلعہ پر چڑھ گئے اور اندر سے دروازہ کھول دیا چنانچہ بعد میں تجربہ کیا گیا کہ چالیس آدمی مل کر اس دروازے کو اٹھاتے تھے۔ رواہ ابن ابی شیبۃ وحسن

٣٦٤٣٢...... حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ میں نے رسول کریم ﷺ کو ارشاد فرماتے سنا: بجز علی رضی اللہ عنہ کے دروازہ کے ہر دروازہ بند کردو۔ آپ نے ہاتھ مبارک سے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے دروازے کی طرف اشارہ کیا۔ رواہ ابن عساکر
کلام:...... حدیث موضوع ہے دیکھئے الموضوعات ١/ ٣٦٥۔

٣٦٤٣٣...... حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے ہم جحفہ میں مقام غدیر خم میں تھے وہاں قبیلہ جہینہ مزینہ اور غفار کے بہت سے لوگ تھے رسول اللہ ﷺ خیمہ سے نکل کر ہمارے پاس تشریف لائے اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو ہاتھ سے پکڑ کر تین بار اشارہ کیا اور فرمایا: جس شخص کا میں دوست علی بھی اس کے دوست ہیں۔ رواہ البزاز

٣٦٤٣٤...... جابر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو مندرجہ ذیل اشعار پڑھتے ہوئے سنا اور رسول اللہ ﷺ بھی ان کی سماعت کررہے تھے۔

انا اخو المصطفی لا شک فی نسبی — معه ربیت وسبطا هما ولدی

میں محمد مصطفیٰ ﷺ کا بھائی ہوں میرے نسب میں کوئی شک نہیں ہے میری ان کے ساتھ تربیت کی گئی ہے اوران کے دونواسے میرے بیٹے ہیں۔

جدی وجد رسول اللہ منفرح — وفاطم زوجتی لا قول ذی فند.

میرا اور رسول اللہ ﷺ کا دادا ایک ہی ہے اور فاطمہ رضی اللہ عنہا میری بیوی ہے جھوٹے کی بات کوئی حیثیت نہیں رکھی۔

صدقته وجمیع الناس فی بهم — من الضلاۃ والا شراک والنکد

میں نے اس وقت ان کی تصدیق کی ہے جب سارے لوگ گمراہی شرک اور مکدر زندگی کے بھنور میں پھنسے ہوئے تھے۔

فالحمد للہ شکرا لا شریک له — البر بالعبد والباقی بلا امد

تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ ہی کے لیے ہیں اور میں اس کا شکرادا کرتا ہوں سکا کوئی شریک نہیں نیکی بندے کا خزانہ ہے اوراس کے علاوہ سب کچھ فضول ہے۔

رسول کریم ﷺ مسکرادیئے اور فرمایا: اے علی تم نے سچ کہا۔ (رواہ ابن عساکر وفیہ عمارۃ ابن زید، ازدی کہتے ہیں: یہ شخص حدیثیں وضع کرتا تھا میں کہتا ہوں صحیح بات یہ ہے کہ یہ اشعار حضرت علی رضی اللہ عنہ کے نام پر وضع کئے گئے ہیں حالانکہ یہ اشعار حضرت علی رضی اللہ عنہ نے نہیں فرمائے چونکہ جس شخص میں معمولی سی بھی براعت اشعار ہو وہ جانتا ہے کہ یہ اشعار شعری مرتبہ ومقام سے کس قدر پست ہیں حضرت علی رضی اللہ عنہ کی ذات ایسے اشعار کہنے سے بالاتر ہے چہ جائیکہ ایسے جھوٹے وضاع کی سند سے یہ اشعار ان کی طرف منسوب کیے جائیں)۔

۳۶۴۳۵ ..... ''ایضاً'' سلیمان بن ربیع کادح بن رحمہ الذاہد مسعر بن کدام عطیہ کی سند سے حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ میں نے رسول کریم ﷺ کو ارشاد فرماتے ہیں: میں نے جنت کے دروازے پر لکھا ہوا دیکھا: لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی اخو رسول اللہ ﷺ۔ رواہ ابن عساکر

کلام: ..... حدیث موضوع ہے یہ ابن عساکر کی واھیات میں سے ہے دیکھئے ذخیرۃ الحفاظ ۳۰۲۸۔

۳۶۴۳۶ ..... جبلہ میں حارثہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ جب بنفس نفیس خود کسی غزوہ میں شریک نہ ہوتے تو اپنا اسلحہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کو یا اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کو دے دیتے۔ رواہ ابویعلی وابونعیم وابن عساکر

۳۶۴۳۷ ..... جریر بجلی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے حج کے موقع پر ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھے یہ حجۃ الوداع تھا ہم مقام غدیر خم پہنچے اتنے میں اعلان ہوا ''الصلوٰۃ جامعۃ'' مہاجرین وانصار سب جمع ہوگئے رسول اللہ ﷺ ہمارے درمیان کھڑے ہوئے اور فرمایا: اے لوگوں تم کسی کی گواہی دیتے ہولوگوں نے کہا: ہم گواہی دیتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں ارشاد ہوا پھر کس کی گواہی دیتے ہو۔ لوگوں نے کہا: یہ کہ محمد اللہ تعالیٰ کے بندے اور اس کے رسول ہیں: ارشاد ہوا: تمہارا ولی کون ہے؟ لوگوں نے کہا: اللہ اور اسکا رسول ہمارا ولی ہے ارشاد فرمایا: تمہارا ولی کون ہے؟ آپ نے اپنا دست اقدس حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بازو پر رکھا اور انھیں کھڑا کیا بازو چھوڑ کر ہاتھ پکڑ لیے اور فرمایا: اللہ اور اللہ کا رسول جسکا دوست ہو علی بھی اس کا دوست ہے یا اللہ! جو علی سے دوستی رکھتا ہو اسے تو بھی اپنا دوست رکھ اور جو علی سے دشمنی رکھتا ہو تو بھی اسے دشمن رکھ یا اللہ! لوگوں میں سے جو شخص علی سے محبت کرتا ہو تو اسے اپنا حبیب بنالے جو اس سے بغض رکھتا ہو تو بھی اس سے بغض رکھ یا اللہ! زمین پر دو نیک بندوں کے بعد علی کے سوا کسی کو نہیں پاتا جسے میں ودیعت سپرد کر کے جاؤں، لہٰذا اس میں بھلائی کا فیصلہ فرمانا۔ رواہ الطبرانی

فائدہ: ..... یہ حدیث مجمع الزوائد میں ھیثمی نے بھی ذکر کی ہے۔ دیکھئے ۹/ ۱۰۶ لیکن اس کی سند میں بشر بن حرب ہے اسے ناقدین حدیث نے لین الحدیث قرار دیا ہے۔

۳۶۴۴۰ ..... حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے لوگوں کے درمیان مواخات قائم کی اور مجھے چھوڑ دیا میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! اپنے اپنے صحابہ رضی اللہ عنہم کے درمیان مواخات قائم کی ہے اور مجھے چھوڑ دیا ہے۔ ارشاد فرمایا: میں نے تمہیں کیسے چھوڑا تمہیں تو اپنے لیے چن رکھا ہے تو میرا بھائی اور میں تیرا بھائی ہوں۔ اگر کوئی شخص تمہارے ساتھ جھگڑا کرے تو کہہ دو؟ میں اللہ کا بندہ اور رسول اللہ ﷺ کا بھائی ہوں۔ اس کا دعوی تمہارے بعد صرف جھوٹا ہی کرے گا۔ رواہ ابویعلی

۳۶۴۴۱ ..... حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ مقام خم میں نبی کریم ﷺ ایک درخت کے نیچے تشریف فرما تھے پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ کو

ہاتھ سے پکڑے ہوئے باہر تشریف لائے اور فرمایا: اے لوگو! تم گواہی نہیں دیتے ہو کہ اللہ تمہارا رب ہے؟ لوگوں نے کہا: جی ہاں کیوں نہیں فرمایا: کیا تم گواہی نہیں دیتے ہو کہ اللہ اور اللہ کا رسول تمہارے اوپر تمہاری جانوں سے بھی زیادہ حق رکھتا ہے؟ لوگوں نے عرض کیا: جی ہاں۔ پھر فرمایا: اللہ اور اس کا رسول جس شخص کا دوست ہو علی بھی اس کا دوست ہے میں نے تمہارے اندر دو چیزیں چھوڑی ہیں اگر تم انہیں تھامے رکھو گے کبھی گمراہ نہیں ہو گے کتاب اللہ۔ کا رستہ اس کے ہاتھ میں ہے اور اس کا رستہ تمہارے ہاتھوں میں ہے دوسری چیز میرے اہل بیت۔

رواہ ابن راھویہ وابن جریر وابن ابی عاصم والمحاملی فی امالیہ وصححہ

۳۶۴۴۲...... "مسند عمار" عمار رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں اور علی رضی اللہ عنہ غزوہ ذی العشیرہ" میں ایک دوسرے کے رفیق سفر تھے رسول کریم ﷺ نے فرمایا: میں تمہیں ایسے دو شخصوں کے بارے میں نہ بتاؤں جو لوگوں میں سب سے زیادہ بد بخت ہیں؟ ہم نے عرض کیا: یا رسول اللہ! جی ہاں ارشاد فرمایا: ایک قوم ثمود کا احیمر جس نے اونٹنی کی کونچیں کاٹی تھیں دوسرا وہ شخص جو اے علی! تمہارے سر پر زخم لگائے گا حتیٰ کہ خون سے تمہاری داڑھی بھیگ جائے گی۔ رواہ احمد بن حنبل والبغوی والطبرانی والحاکم وابن مرویہ وابو نعیم فی المعرفۃ وابن عساکر

۳۶۴۴۳...... حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ میں اور علی رضی اللہ عنہ غزوہ عشیرہ میں بطن ینبوع کے مقام پر ایک دوسرے کے رفیق سفر تھے چنانچہ جب رسول اللہ ﷺ نے یہاں نزول کیا تو ایک ماہ تک ٹھہرے رہے اور اس دوران بنی مدلج اور ان کے حلفاء قبیلے بنی ضمرہ سے صلح کی پھر آپ ان سے رخصت ہو گئے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے مجھے کہا: اے ابو یقظان! تمہیں شوق ہے کہ ہم بنی مدلج کے ان لوگوں کے پاس جائیں جو کنواں کھودنے کے کام میں مصروف ہیں ذرا ہم انہیں دیکھیں کہ یہ لوگ کیسے کام کرتے ہیں؟ ہم ان لوگوں کے پاس آئے تھوڑی دیر انہیں دیکھتے رہے پھر ہمارے اوپر نیند طاری ہوئی ہم کھجوروں کے درختوں تلے خاکدار جگہ پر آ گئے ہم اس جگہ سو گئے بخدا! ہم صرف رسول اللہ ﷺ کے قدموں کی چاپ سن کر بیدار ہوئے اس خاکدار جگہ کی وجہ سے ہمارے بدن بھی خاک آلود ہو گئے تھے رسول کریم ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا: اے ابو تراب! چونکہ علی رضی اللہ عنہ کے بدن پر تراب (خاک) اٹی پڑی تھی آپ ﷺ نے ہمیں کچھ بتایا اور پھر فرمایا: میں تمہیں ایسے دو شخصوں کی خبر نہ دوں جو سب سے زیادہ بد بخت ہیں ہم نے عرض کیا: جی ہاں یا رسول اللہ! آپ نے فرمایا: قوم ثمود کا احیمر جس نے اونٹنی کی کونچیں کاٹی تھیں اے علی دوسرا وہ شخص جو تمہیں یہاں ضرب لگائے گا رسول اللہ ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے سر پر اپنا ہاتھ رکھ کر اشارہ کیا۔ حتیٰ کہ تمہاری یہ جگہ خون آلود ہو جائے گی آپ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی داڑھی پر ہاتھ رکھا۔ رواہ ابن عساکر وابن النجار

۳۶۴۴۴...... عمران حصین کی روایت ہے کہ رسول کرم ﷺ نے ایک سریہ روانہ کیا اور ان پر حضرت علی رضی اللہ عنہ کو امیر مقرر کیا سریہ کو کافی مقدار میں مال غنیمت ملا علی رضی اللہ عنہ نے مال غنیمت سے کچھ لے لیا جسے لوگوں نے اچھا نہ سمجھا۔ ایک روایت میں ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے باندی لے لی تھی چنانچہ لشکر میں سے ایک کے بعد دوسرا لگاتار چار آدمی رسول اللہ ﷺ کو بتانے کی غرض سے آئے صحابہ رضی اللہ عنہم جب کبھی سفر سے واپس لوٹتے تھے پہلے آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوتے اور آپ کو سلام کرتے تھے اور آپ کا دیدار کر کے واپس لوٹ جاتے تھے جب سریہ رسول اللہ ﷺ کے پاس واپس آیا چار میں سے ایک کھڑا ہوا اور کہا: یا رسول اللہ! آپ نہیں دیکھتے کہ علی رضی اللہ عنہ نے مال غنیمت میں سے ایک باندی لے لی ہے آپ ﷺ نے اس سے منہ پھیر لیا دوسرا کھڑا ہوا اس نے بھی یہی بات کہی آپ نے اس سے بھی منہ پھر لیا پھر تیسرا کھڑا ہو اس نے بھی یہی بات کی آپ نے اس سے بھی منہ پھیر لیا پھر چوتھا کھڑا ہو تو رسول اللہ ﷺ اس کی طرف متوجہ ہوئے آپ کے چہرہ اقدس پر غصہ کے اثرات پہچانے جا سکتے تھے آپ نے فرمایا: تم علی سے کیا چاہتے ہو؟ علی مجھ سے ہے اور میں علی سے ہوں میرے بعد علی ہر مومن کا ولی ہے۔

رواہ ابن ابی شیبۃ وابن جریر وصححہ

۳۶۴۴۵...... "مسند عمرو بن شاش" عمرو بن شاش کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے مجھے فرمایا: تم نے مجھے اذیت پہنچائی ہے میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! مجھے یہ بات پسند نہیں کہ میں آپ کو اذیت پہنچاؤں۔ آپ نے فرمایا: جس نے علی کو اذیت پہنچائی اس نے مجھے اذیت پہنچائی۔

رواہ ابن ابی شیبۃ وابن سعد واحمد بن حنبل والبخاری فی تاریخہ والطبرانی والحاکم

۳۶۴۴۶...... حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ جب میں غزوہ ذات السلاسل سے واپس لوٹا میرا خیال تھا کہ میں رسول اللہ

ﷺ کو سب سے زیادہ محبوب ہوں میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! لوگوں میں سب سے زیادہ آپ کو کون محبوب ہے؟ ارشاد فرمایا: عائشہ رضی اللہ عنہا میں نے عرض کیا: میں نے عورتوں کے متعلق سوال نہیں کیا آپ نے فرمایا: عائشہ کے والد مجھے سب سے زیادہ محبوب ہیں میں نے عرض کیا: ابوبکر رضی اللہ عنہ کے بعد آپ کو کون سب سے زیادہ محبوب ہے؟ فرمایا: حفصہ رضی اللہ عنہا میں نے عرض کیا: میں عورتوں کے متعلق نہیں پوچھ رہا فرمایا: حفصہ رضی اللہ عنہا کے والد میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ: علی کہاں ہیں: آپ نے صحابہ کی طرف التفات کیا اور فرمایا: یہ شخص ایک ہی جان کے متعلق پوچھ رہا ہے۔ رواہ ابن النجار

کلام:....... حدیث ضعیف ہے دیکھئے اللآ لی: ۱/۳۸۲۔

۳۶۴۴۷...... ابو اسحاق کی روایت ہے کہ قثم سے کسی نے پوچھا: حضرت علی رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ کے تمہارے علاوہ کیسے وارث بن گئے ہیں؟ انھوں نے جواب دیا: وہ ہم میں سے پہلے آپ کے ساتھ لاحق ہوئے اور ہم سے زیادہ آپ کے ساتھ چمٹے رہتے تھے۔ رواہ ابن ابی شیبۃ

۳۶۴۴۸...... ''مسند السید الحسن'' آپ ﷺ نے فرمایا: عرب کے سردار کو میرے پاس بلالاؤ میں نے عرض کیا: آپ عرب کے سردار نہیں ہیں؟ ارشاد فرمایا: میں اولاد آدم کا سردار ہوں اور علی عرب کا سردار ہے جب آپ تشریف لائے فرمایا: اے جماعت انصار! کیا میں ایسی چیز پر تمہاری رہنمائی نہ کردوں جسے اگر تم پکڑے رکھو تو میرے بعد گمراہ نہیں ہوگے یہ علی رضی اللہ عنہ ہے اس سے محبت کرو اور اس کی عزت واکرام کرو جبرئیل امین نے مجھے اسی کا حکم دیا ہے جو میں نے تم سے کہہ دیا ہے۔ رواہ ابو نعیم فی الحلیۃ

۳۶۴۴۹...... ''مسند رافع بن خدیج'' غزوہ احد میں جب علی رضی اللہ عنہ نے اصحاب الویہ کو قتل کیا تو جبریل امین نے آکر کہا: یا رسول اللہ! یہ غمخواری ہے، جو اپنی مثال آپ ہے نبی کریم ﷺ نے فرمایا: وہ مجھ سے ہے میں اس سے ہوں جبرئیل امین نے کہا: میں تم دونوں سے ہوں۔

رواہ الطبرانی

۳۶۴۵۰...... ابو رافع کی روایت ہے کہ ابو امامہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب رسول اللہ ﷺ نے لوگوں کے درمیان مؤاخات قائم کی تو آپ نے علی رضی اللہ عنہ کو اپنا بھائی بنایا۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۴۵۱...... زید بن ارقم رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ سب سے پہلے اسلام لانے والے علی رضی اللہ عنہ ہیں۔

رواہ ابن ابی شیبۃ

۳۶۴۵۲...... سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ اس امت میں سب سے پہلے نبی کریم ﷺ کے پاس وارد ہونے والا اور سب سے پہلے اسلام قبول کرنے والا شخص علی رضی اللہ عنہ ہیں۔ رواہ ابن ابی شیبۃ

۳۶۴۵۳...... ''مسند شداد بن اوس'' شرجیل بن مرہ کی روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اے علی: خوش ہوجاؤ تمہاری موت وحیات میرے ساتھ ہوگی۔ رواہ ابن مندہ وابن قانع وابن عساکر

کلام:....... حدیث ضعیف ہے دیکھئے ذخیرۃ الحفاظ ۱۸

۳۶۴۵۴...... ''مسند عبد اللہ بن اسود'' حجاج بن حسان عبد اللہ بن اجحم خزاعی کی روایت نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کو یمن بھیجا علی رضی اللہ عنہ یمن میں ظفر مند غنیمت سے کامران اور محفوظ سالم رہے انھوں نے بریدہ رضی اللہ عنہ کو نبی کریم ﷺ کے پاس بشارت سنانے بھیجا جب بریدہ رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ کو لشکر کی سلامتی کامیابی اور کثیر مال غنیمت کے حصول کی خوشخبری سنائی پھر عرض کیا: علی رضی اللہ عنہ نے قیدیوں میں سے ایک خادم یا باندی اپنے لیے منتخب کرلی ہے رسول اللہ ﷺ کا چہرہ اقدس غصہ سے سرخ ہوگیا حتی کہ بریدہ رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ کے چہرے پر غصے کے اثرات پرکھ لیے اور بولے: میں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کے غصہ سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگتا ہوں۔ میں پسند کرتا ہوں کہ اس سے قبل زمین مجھے نگل لے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے بریدہ! علی نے اپنے حق میں سے زیادہ باقی چھوڑا ہے۔ آپ نے تین بار یہ ارشاد فرمایا۔ رواہ ابن النجار

۳۶۴۵۵...... ابن عباس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا: تم قیامت کے دن میرے آگے آگے

ہوگے مجھے لواء حمد دی اجائے گا وہ میں تمہیں دے دوں گا اور تم حوض کوثر پر لوگوں کو ہٹانے میں میری مدد کرو گے۔

رواہ ابن عساکر وقال: فیہ ابو حذیفة اسحاق بن بشر ضعیف

۳۶۴۵۶......حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت ہے کہ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! آپ تو سید العرب ہیں آپ نے فرمایا: میں اولاد آدم کا سردار ہوں اور علی عرب کا سردار ہے۔رواہ ابن النجار

۳۶۴۵۷......جمیع بن عمیر کی روایت ہے کہ انھوں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ سے پوچھا: لوگوں میں رسول اللہ ﷺ کو کون زیادہ محبوب ہے؟ آپ رضی اللہ عنہ نے کہا: فاطمہ رضی اللہ عنہا عرض کیا: ہم عورتوں کے متعلق نہیں پوچھ رہے بلکہ مردوں کے متعلق پوچھا ہے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ان کے خاوند۔(رواہ الخطیب فی المتفق والمفترق وابن النجار وقال الذھبی: کہ جمیع بن عمیر تیمی کوفی مشہور تابعی ہے لیکن وہ متہم بالکذب ہے)

۳۶۴۵۸......"ایضاً" اللہ تعالیٰ نے تمہارے اوپر فخر کیا ہے اللہ تعالیٰ نے تم میں سے عام لوگوں کو بخش دیا ہے اور علی کو خصوصاً میں تمہاری طرف اللہ کا رسول بنا کر بھیجا گیا ہوں میں اپنے قریبی رشتہ داروں کے متعلق چشم پوشی کرنے والا نہیں ہوں یہ جبریل ہیں انھوں نے مجھے خبر دی ہے کہ خوش بخت انسان وہ ہے جو علی سے محبت رکھتا ہو خواہ علی زندہ ہو یا مردہ اور بد بخت انسان وہ ہے جو علی سے بغض رکھتا ہو خواہ علی زندہ ہو یا مردہ۔

رواہ الطبرانی والبیھقی فی فضائل الصحابة وابن الجوزی فی الواھیات

۳۶۴۵۹......حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی روایت ہے کہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: بخدا حضرت علی رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ کے بہت قریب تھے چنانچہ جس دن رسول اللہ ﷺ دنیا سے رخصت ہوئے ہم آپ کی تیمارداری کے لیے حاضر ہوئیں آپ ﷺ عائشہ رضی اللہ عنہا کے گھر میں تھے رسول اللہ ﷺ بار بار فرماتے۔کیا علی آ گیا ہے؟ ام سلمہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں میرا خیال ہے کہ آپ نے علی رضی اللہ عنہ کو کسی کام سے بھیجا تھا تھوڑی دیر بعد حضرت علی رضی اللہ عنہ واپس لوٹ آئے ہم سمجھے کہ آپ کو علی رضی اللہ عنہ سے کوئی ضروری کام ہے ہم باہر نکل آئے اور دروازے پر بیٹھ گئے میں دوسروں کی نسبت آپ اور علی رضی اللہ عنہ کے زیادہ قریب تھی، میں نے دیکھا کہ علی رسول اللہ ﷺ پر جھکے ہوئے ہیں اور آپ نے علی سے سرگوشیاں کرنی شروع کر دیں پھر اسی دن آپ ﷺ اللہ کو پیارے ہو گئے یوں اس اعتبار سے علی رضی اللہ عنہ آپ کے زیادہ قریب تھے۔

رواہ ابن ابی شیبة

۳۶۴۶۰......ابو عبداللہ جدلی کی روایت ہے کہ مجھے ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے کہا: اے ابو عبداللہ! تمہیں غیرت نہیں آتی کہ رسول اللہ ﷺ کو تمہارے اندر گالیاں دی جاتی ہیں؟ میں نے کہا: بھلا رسول اللہ ﷺ کو کون گالیاں دیتا ہے؟ ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے کہا: حضرت علی اور ان کے محبین کو گالیاں دی جارہی ہیں جب کہ رسول اللہ ﷺ علی سے محبت کرتے تھے۔رواہ ابن ابی شیبة

۳۶۴۶۱......ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ میں نبی کریم ﷺ کے پاس تھا آپ سے علی رضی اللہ عنہ بارے میں پوچھا گیا: آپ نے فرمایا: حکمت دس حصوں میں تقسیم کی گئی ہے نو حصے علی کو عطا کئے گئے ہیں اور ایک حصہ باقی لوگوں میں تقسیم کیا گیا ہے جب کہ علی لوگوں سے زیادہ اس کا علم رکھتا ہے۔

رواہ الازدی فی الضعفاء وابونعیم فی الحلیة وابن النجار وابن الجوزی فی الواھیات وابو علی الحسین بن علی البردعی فی معجمه

۳۶۴۶۲......"مسند علی" ترمذی وابن جریر دونوں روایت کرتے ہیں اسماعیل بن موسیٰ سعدی محمد بن عمر رومی شریک سلمہ بن کہیل عن سوید بن غفلہ صنابحی علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: میں حکمت کا خزانہ ہوں اور علی اس کا دروازہ ہے۔(رواہ ابونعیم فی الحلیة امام ترمذی کہتے ہیں ایک نسخہ کے اعتبار سے یہ حدیث غریب اور منکر ہے بعض محدثین نے یہ حدیث شریک کے واسطہ سے روایت کی ہے لیکن اس کی سند میں صنابحی کا ذکر نہیں کیا جب کہ ثقہ راویوں میں سے شریک کے علاوہ کسی سے معروف نہیں ہے وفی الباب عن ابن عباس انتھی: ابن جریر کہتے ہیں یہ حدیث صحیح ومسند ہے ہاں البتہ دوسرے محدثین کے نقطہ نظر سے اگر چہ سقیم وضعیف ہے اور اس کی دو وجہیں ہوسکتی ہیں۔(۱) اس کا مخرج عن علی عن رضی اللہ عنہ اس طریق کے علاوہ کسی اور طریق سے ثابت نہیں (۲) سلمہ بن کہیل محدثین کے نزدیک ایسا راوی ہے جس کی

مرویات کسی طرح حجت نہیں۔ جب کہ نبی کریم ﷺ سے اور بھی روایات اس کی موافقت میں روایت کی گئی ہیں۔

کلام: ...... حدیث ضعیف ہے دیکھئے الاتقان:۳۱۲ والتذکرۃ ۱۶۳۔

۳۶۴۶۳ ..... محمد بن اسماعیل ضراری عبدالسلام بن صالح ھروی ابومعاویہ اعمش مجاہد کی سند سے ابن عباس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: میں علم کا شہر ہوں اور علی اس کا دروازہ ہے جو شخص شہر میں آنا چاہے وہ اس کے دروازے سے آئے۔

۳۶۴۶۴ ..... ابراہیم بن موسیٰ رازی (یہ فراء نہیں ہے) ابومعاویہ باسناد مثل بالا میں اس شیخ کو نہیں جانتا اور نہ ہی اس سے اس حدیث کے علاوہ کوئی اور حدیث سنی ہے۔ انتھی۔ کلام ابن جریر ابن جوزی نے علی رضی اللہ عنہ اور ابن عباس رضی اللہ عنہ کی حدیث۔ (میں علم کا شہر ہوں اور علی اس کا دروازہ ہے) کو موضوعات میں ذکر کیا ہے جب کہ ابن عساکر نے ابن عباس رضی اللہ عنہ کی حدیث ذکر کی ہے اور اسے صحیح الاسناد کہا ہے خطیب نے اپنی تاریخ میں روایت کیا ہے کہ یحییٰ بن معین سے ابن عباس رضی اللہ عنہ کی حدیث کے متعلق استفسار کیا گیا: انھوں نے جواب دیا: یہ حدیث صحیح ہے جب کہ ابن عدی نے ابن عباس رضی اللہ عنہ کی حدیث کو موضوع قرار دیا ہے حافظ صلاح الدین علائی کہتے ہیں: میزان میں ذہبی وغیرہ نے بھی اس حدیث کے بطلان کا قول اختیار کیا ہے لیکن سوائے اس کے موضوع ہونے کے اس میں کوئی علت قادحہ نہیں بیان کی جب کہ حافظ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں: مستدرک میں اس حدیث کے بہت سے طرق نقل کیے گئے ہیں جو کم از کم اس بات پر دال ہیں کہ اس حدیث کی کوئی نہ کوئی اصل ہے لہٰذا اس کے موضوع ہونے کا اطلاق مناسب نہیں ہے اس حدیث پر فتویٰ یا نہ رویہ اختیار کرتے ہوئے کہتے ہیں: حاکم نے مستدرک میں اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے اور ابن جوزی نے اسے موضوعات میں ذکر کیا ہے یہ جھوٹ ہے تاہم حق بات ان دونوں کے خلاف ہے چنانچہ یہ حدیث قسم حسن سے ہے صحیح تک نہیں پہنچی اور کذب تک مرتبہ میں نہیں گرتی اس میں بحث طویل ہے لیکن قابل اعتماد بات اتنی ہی ہے مصنف رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں میں عرصہ تک اس حدیث کا یہی جواب دیتا رہا حتیٰ کہ مجھے تہذیب الآثار میں علی رضی اللہ عنہ کی حدیث کے متعلق ابن جریر کی تصحیح پر واقفیت ہوئی جب کہ حاکم نے ابن عباس رضی اللہ عنہ کی حدیث کو صحیح گردانا ہے میں نے اللہ تعالیٰ سے استخارہ کیا پھر مجھے جزم ویقین ہوگیا کہ یہ حدیث مرتبہ حسن سے مرتبہ صحیح تک پہنچی ہوئی ہے۔ واللہ اعلم۔

۳۶۴۶۵ ..... حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ جب آیت کریمہ "وانذر عشیرتک الاقربین" نازل ہوئی نبی کریم ﷺ نے بنی عبدالمطلب کو دعوت دی اور ان کے لیے کھانا تیار کیا۔ کھانا اتنا زیادہ نہیں تھا آپ نے فرمایا: اللہ کا نام لے کر برتن کے اطراف سے کھاؤ چونکہ برتن کے درمیان پر برکت نازل ہوتی ہے آپ نے اپنا دست اقدس پہلے رکھا پھر لوگوں نے کھایا حتیٰ کہ سیر ہوگئے پھر آپ نے پانی کا پیالا منگوایا پہلے خود پیا پھر لوگوں کو دیا لوگ پانی پی کر سیراب ہوگئے۔ ابولہب نے کہا: تمہیں جادو کے آیا ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں تمہارے پاس ایک پیغام لایا ہوں جو کبھی میں کوئی نہیں لایا میں تمہیں دعوت دیتا ہوں کہ تم گواہی دو۔ لا الہ الا اللہ میں تمہیں اللہ تعالیٰ اور اس کی کتاب کی طرف بلاتا ہوں لوگوں نے آپ سے نفرت کی اور اٹھ کر چلے گئے آپ نے پھر دوسری مرتبہ لوگوں کو اسی طرح دعوت دی ابولہب نے وہی کچھ کہا جو پہلے کہا تھا آپ نے انھیں دعوت دی اور پھر فرمایا: میرے ہاتھ پر کون بیعت کرے گا جو میرا بھائی میرا دوست اور میرے بعد تمہارا ولی ہوگا؟ آپ نے اپنا ہاتھ آگے بڑھا دیا۔ میں نے بھی اپنا ہاتھ آگے بڑھا دیا اور عرض کیا: میں آپ کے ہاتھ پر بیعت کرتا ہوں اس وقت میں لوگوں میں سب سے چھوٹا تھا اور میرا پیٹ بڑا تھا میں نے اس شرط پر بیعت کیا کہ یہ کھانا میں نے ہی تیار کیا تھا۔ رواہ ابن مردویہ

۳۶۴۶۶ ..... حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے جب آیت "وانذر عشیرتک الاقربین" نازل ہوئی ہو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا علی میرا قرض ادا کرے گا اور میرا وعدہ پورا کرے گا۔ رواہ ابن مردویہ

۳۶۴۶۷ ..... حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے بلایا تاکہ مجھے یمن کا امیر مقرر کر کے بھیجیں میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! میں نوجوان اور کم سن ہوں میں قضاء کا علم نہیں رکھتا رسول اللہ ﷺ نے میرے سینے پر دو یا تین بار ہاتھ مارا اور فرمایا: یا اللہ! اس کے دل و ہدایت سے سرفراز فرما اور اس کی زبان کو ثابت قدمی عطا فرما۔ مجھے یوں لگا گویا: ہر علم مجھے مل گیا ہے اور میرا دل علم وفہم سے بھر گیا ہے۔ اس کے بعد ۱۰۰ آدمیوں کے درمیان فیصلہ کرتے ہوئے مجھے شک نہیں ہوا۔ رواہ الخطیب وسندہ ضعیف

۳۶۴۶۸ ..... حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے مجھے فرمایا: اے علی! تم میرے بھائی میرے صاحب اور جنت میں میرے رفیق ہو۔ رواہ الخطیب

کلام: ..... حدیث ضعیف ہے دیکھئے الضعیفۃ ۳۵۲۔

۳۶۴۶۹ ..... حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے مجھے فرمایا: اے علی! پورا وضو کرو اگرچہ تمہیں گراں گزرے صدقہ مت کھاؤ گدھوں کو گھوڑیوں پر مت کدواؤ اور نجومیوں کے پاس مت بیٹھو۔ رواہ الخطیب فی کتاب النجوم

۳۶۴۷۰ ..... ابراہیم بن سعید جوہری، امیر المؤمنین مامون امیر المؤمنین رشید امیر المؤمنین مہدی کی روایت ہے کہ سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ میرے پاس تشریف لائے میں نے کہا: امیر المؤمنین علی رضی اللہ عنہ کے فضائل میں سے کوئی اچھا سا سنائیں۔ وہ بولے: سلمہ بن کہیل نے حجیہ سے نقل کیا ہے کہ حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول کریم ﷺ نے فرمایا: تمہارا مجھ سے ایسا ہی تعلق ہے جیسا ہارون کا موسیٰ سے تھا۔

رواہ ابن مردویہ

۳۶۴۷۱ ..... "ایضاً" جعفر بن محمد اپنے والد سے روایت نقل کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ دو شخص کسی کیس میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے سامنے پیش کیے گئے آپ رضی اللہ عنہ فیصلہ کرنے دیوار کے نیچے بیٹھے گئے ایک شخص بولا: دیوار گررہی ہے آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم اپنا کام کرو اللہ تعالیٰ ہماری چوکیداری کو کافی ہے۔ آپ نے ان دونوں کے درمیان فیصلہ کیا اور جونہی اٹھے دیوار گرگئی۔ رواہ ابو نعیم الدلائل

۳۶۴۷۲ ..... مجھے یہ بات خوش نہیں کرتی کہ میں بچپن میں مرجاتا اور جنت میں میں داخل کردیا جاتا اور بڑا نہ ہوتا کہ اپنے رب کی معرفت حاصل کرلیتا۔

رواہ ابو نعیم فی الحلیۃ

۳۶۴۷۳ ..... "ایضاً" عبد خیر کی روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جب رسول اللہ ﷺ دنیا سے رخصت ہوگئے میں نے قسم کھائی کہ اس وقت تک چادر اپنی کمر سے نہیں ہٹاؤں گا جب تک قرآن یاد نہیں کرلوں گا چنانچہ جب تک میں نے قرآن یاد نہ کرلیا چادر نہیں ہٹائی۔

رواہ ابو نعیم فی الحلیۃ

۳۶۴۷۴ ..... "ایضاً" عبد اللہ بن حارث کی روایت ہے کہ میں نے حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے عرض کیا: مجھے بتائیں کہ رسول اللہ ﷺ کے نزدیک آپ کا افضل مقام کیا تھا؟ فرمایا: جی ہاں ایک مرتبہ میں آپ کے پاس سو رہا تھا آپ نماز میں مشغول ہوئے اور جب فارغ ہوئے فرمایا: اے علی! میں نے جب بھی اللہ تعالیٰ سے خیر و بھلائی کا سوال کیا ہے اسی طرح میں نے تمہارے لیے بھی اللہ سے سوال کیا ہے اور جس شر سے پناہ مانگی ہے تمہارے لیے بھی اس شر سے پناہ مانگی ہے۔ رواہ لمحاملی فی امالیہ

۳۶۴۷۵ ..... حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ میں قسیم نار ہوں۔ رواہ شاذان الفضیلی فی ردالشمس

کلام: ..... حدیث ضعیف ہے دیکھئے ۳۵۷۔

۳۶۴۸۶ ..... شاذان، ابو طالب عبد اللہ بن محمد بن عبد اللہ کاتب، ابو قاسم عبد اللہ بن محمد بن عیاث خراسانی احمد بن عامر بن سلیم طائی علی بن موسیٰ رضا ابو موسیٰ ابو جعفر ابو محمد، ابو علی، حسین رضی اللہ عنہ کے سلسلہ سند سے حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اے علی! میں نے رب تعالیٰ سے تمہارے لیے پانچ خصلتیں مانگی ہیں اللہ تعالیٰ نے وہ مجھے عطا کردی ہیں۔ پہلی یہ کہ میں نے اپنے رب تعالیٰ سے مانگی کہ زمین مجھ سے ہٹ جائے اور میرے سر سے مٹی چھٹ جائے اور میرے ساتھ ہو۔ دوسری یہ کہ میزان کے پلڑے میں اعمال تلنے کے وقت تو میرے پاس ہو یہ بھی مجھے عطا ہوئی تیسری یہ کہ میں نے اللہ تعالیٰ سے سوال کیا کہ اللہ تعالیٰ تجھے میرا جھنڈا اٹھانے والا بنائے اور وہ اللہ تعالیٰ کا بڑا جھنڈا ہے اس کے نیچے وہ لوگ ہوں گے جو جنت کے حصول میں کامیاب و کامران ہوں گے، چوتھی یہ کہ میں نے رب تعالیٰ سے سوال کیا کہ میری امت کو میرے حوض سے تم پانی پلاؤ یہ بھی مجھے عطا ہوئی پانچویں یہ کہ میں نے رب تعالیٰ سے سوال کیا کہ میری امت کو جنت کی طرف لے جانے کا تمہیں قائم بنائے مجھے یہ خصلت بھی عطا کردی تمام تعریفیں اس اللہ کے لیے ہیں جس نے مجھ پر احسان کیا۔

۳۶۴۷۷ ..... سند مذکور بالا سے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اے علی! اگر تم نہ ہوتے میرے بعد مومن

نہ پہچانے جاتے۔
فائدہ: ..... خوارج دین کا اصلی حلیہ بگاڑنے کے درپے تھا خوارج اور سبائیوں نے کیا کچھ نہیں کیا حضرت علی رضی اللہ عنہ نے سبائیوں کا قلع قمع کر کے دین کو تقویت بخشی۔
۳۶۴۷۸ ..... اسی اسناد سے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اے علی! قیامت کے دن ہم چار کے علاوہ کوئی شخص سوار نہیں ہوگا انصار میں سے ایک شخص کھڑا ہوا اور عرض کیا: یارسول اللہ! میرے ماں باپ آپ پر قربان جائیں وہ چار اشخاص کون ہوں گے؟ ارشاد فرمایا: میں براق پر سوار ہوں گا، میرے بھائی صالح علیہ السلام اس اونٹنی پر سوار ہوں گے جس کی کونچیں کاٹ دی گئیں تھیں میرے چچا حمزہ رضی اللہ عنہ عضباء پر سوار ہوں گے میرا بھائی علی جنت کی اونٹنی پر سوار ہوگا اس کے ہاتھ میں لوائے حمد ہوگا اور اعلان کررہا ہوگا: لاالہ الا اللہ محمد رسول اللہ، آدمی کہیں گے یہ کوئی مقرب فرشتہ ہے یا نبی مرسل ہے یا عرش کا اٹھانے والا فرشتہ ہے چنانچہ عرش کے نیچے سے ایک فرشتہ انھیں جواب دے گا اے آدمیوں کی جماعت یہ مقرب فرشتہ نہیں ہے نہ نبی مرسل ہے اور نہ ہی حامل عرش ہے بلکہ یہ صدیق اکبر علی بن ابی طالب ہے۔
کلام: ..... مصنف کہتے ہیں: جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے تبصرہ کیا ہے ہماری اسناد میں اسی طرح احمد بن عامر واقع ہوا ہے جب کہ اس کے علاوہ دوسری روایتوں میں ابنہ عنہ کا طریقہ ہے حافظ ذہبی کہتے ہیں عبداللہ ابن احمد بن عامر عن ابیہ اہل بیت میں سے ہے اس کا ایک باطل نسخہ ہے تہمت بیٹے پر لگائی گئی ہے باپ پر نہیں لگائی گئی یہ روایت بیٹے کے علاوہ ہے جب کہ باپ کی توثیق کی گئی ہے اگر یہ سند بیٹے کی متابعت میں ہو تو وہ تہمت سے نکل جاتا ہے یہ باطل نسخہ اور اس کے علاوہ دوسرے باطل نسخے مکمل طور پر بطلان کا شکار نہیں بلکہ ان کی اکثریت باطل ہے۔ بلکہ ان میں بعض احادیث ایسی ہیں کہ ان کی اصل موجود ہے اگر چہ یہ تابع سرقہ حدیث سے ہوتو بیٹے۔(ابن) سے اس کا سرقہ ہوا ہے اور واسطہ کے بغیر باپ کی طرف منسوب کردیا گیا ہے جیسا کہ سارقین حدیث کی عادت ہے میں دس شخص کے حالات سے واقف نہیں ہوں دوسری حدیث کا ابن عباس کی حدیث شاہد ہے البتہ اسے ابن جوزی نے موضوعات میں شمار کیا ہے اور پہلی حدیث کا شاہد بھی ہے۔
کلام: ..... حدیث قریب الوضع ہے دیکھئے اللآلی ۱/۳۷۷۔
۳۶۴۷۹ ..... خلف بن مبارک شریک، ابواسحاق، حارث کی سند سے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: علی رضی اللہ عنہ کے متعلق مجھے پانچ خصلتیں عطا کی گئی ہیں جو مجھ سے قبل کسی نبی کو کسی کے لیے عطا نہیں ہوئیں ہیں پہلی یہ کہ وہ میرا قرض ادا کرے گا اور میری ستر پوشی کرے گا دوسری یہ کہ حوض کوثر سے لوگوں کو پیچھے ہٹائے گا تیسری یہ کہ قیامت کے دن حشر کے راستے پر میرا سہارا ہوگا قیامت کے دن میرا جھنڈا اس کے پاس ہوگا اس کے نیچے آدم علیہ السلام اور ان کی اولاد ہوگی پانچویں یہ کہ مجھے خوف نہیں کہ وہ محصن ہونے کے بعد زانی ہوگا یا ایمان لانے کے بعد کافر ہو جائے گا۔(رواہ العقیلی وقال: اس حدیث کی اصل نہیں ہے اس حدیث کا ثابت شدہ تابع ہیں ہے اور خلف بن مبارک مجہول راوی ہے ابن جوزی نے اسے واہیات میں ذکر کیا ہے اس حدیث کا ایک شاہد بھی ہے جو حدیث ابی سعید ہے اور سند مذکور سے شاذان نے روایت کی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اے علی قیامت کے دن تم اور تمہاری اولاد چتکبرے گھوڑوں پر سوار ہو کر آؤ گے تمہارے سروں پر موتیوں اور یاقوت کے تاج سجے ہوں گے اللہ تعالیٰ تمہیں جنت میں داخل ہونے کا حکم دے گا جب کہ لوگ دیکھ رہے ہوں گے۔
۳۶۴۸۰ ..... عمیر بن سعد کی روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے لوگوں کو وسیع جگہ میں جمع کیا اور میں بھی ان میں حاضر تھا آپ رضی اللہ عنہ نے کہا: میں اس شخص کو اللہ تعالیٰ کا واسطہ دیتا ہوں جس نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا ہو کہ جس شخص کا میں دوست ہوں علی بھی اس کا دوست ہے چنانچہ اٹھارہ آدمی کھڑے ہوئے اور گواہی دی کہ انھوں نے نبی کریم ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے۔ رواہ الطبرانی فی الاوسط
۳۶۴۸۱ ..... "مسند علی" حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے مجھے فرمایا: اے علی! کیا تم راضی نہیں ہو کہ جب اللہ تعالیٰ لوگوں کو ایک میدان میں پاؤں سے ننگے بدن سے ننگے پیادہ پا چلتے ہوئے جمع کرے گا پیاس سے ان کی گردنیں کٹی جارہی ہوں گی سب سے پہلے ابراہیم علیہ السلام کو بلایا جائے گا انھیں دو سفید کپڑے پہنائے جائیں گے پھر وہ عرش کی دائیں جانب کھڑے ہو جائیں گے پھر جنت کی طرف سے میرے حوض کی جانب پانی کا ایک سیلاب سا امڈ آئے گا میرے حوض کا عرض بصری سے صنعاء تک کے درمیانی فاصلہ سے زیادہ ہوگا

اس میں آسمان کے ستاروں کی مانند پیالے ہوں گے جو چاندی کے ہوں گے میں یہ پانی پیئوں گا اس سے وضو کروں گا اور مجھے دوسفید کپڑے پہنائے جائیں گے میں بھی عرش کی دائیں جانب کھڑ ہو جاؤں گا پھر تجھے پکارا جائے گا تو پانی پیئے گا وضو کرے گا اور تجھے بھی دوسفید کپڑے پہنائے جائیں گے تم میرے ساتھ کھڑے ہو جاؤ گے جس خیر کے لیے مجھے بلایا جائے گا تمہیں بھی اس کی طرف ضرور بلایا جائے گا۔ میں نے عرض کیا جی ہاں میں اس سے راضی ہوں۔ (رواہ ابن شاهين في السنة والطبراني في الاوسط وابونعيم في فضائل الصحابة وابوالحسن المیثی یہ حدیث صحیح نہیں ہے۔ (بلکہ موضوع ہے) اس کی آفت عمران بن میثم ہے عقیلی کہتے ہیں: عمران بن میثم کبار رافضیوں میں سے ہے وہ جھوٹی حدیث میں روایت کرتا تھا۔

۳۶۴۸۲...... حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کی مخلوق میں سب سے پہلے جس شخص کو کپڑے پہنائے جائیں گے وہ میرے باپ ابراہیم علیہ السلام ہوں گے انھیں دوسفید کپڑے پہنا کر عرش کی دائیں جانب کھڑا کر دیا جائے گا پھر مجھے بلایا جائے گا اور مجھے دوسبز کپڑے پہنا کر عرش کی بائیں جانب کھڑا کر دیا جائے گا اے علی پھر تمہیں بلایا جائے گا اور تمہیں بھی دو سبز رنگ کے کپڑے پہنا کر میرے دائیں جانب کھڑا کر دیا جائے گا کیا تم راضی نہیں ہو کہ جب مجھے بلایا جائے اسی وقت تمہیں بھی بلایا جائے اور جب مجھے کپڑے پہنائے جائیں تمہیں بھی کپڑے پہنائے جائیں اور جب میں سفارش کروں تم بھی سفارش کرو۔ (رواہ الدارقطني في العلل واوردہ ابن الجوزي في الموضاعات وقال: تفرد به ميسرة بن حبيب النهدي والحكم بن ظهير عنه جب کہ حکم جھوٹا کذاب ہے میں کہتا ہوں ترمذی نے حکم کی روایت ذکر کی ہے جب کہ امام بخاری نے اسے منکر الحدیث کہا ہے وروی عنه القدماء سفيان الثوري ومالك والحاكم صحح له وقد تابع ميسرة عن المنهال عمران بن ميثم وهو الحديث الذي قبله)

کلام:...... حدیث موضوع ہے دیکھئے التنزیہ ۱/ ۳۶۵...... واللآلی ۱/ ۳۷۸۔

۳۶۴۸۳...... عبداللہ بن یحییٰ کی روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ بصرہ کے موقع پر بہت سا سونا اور چاندی لے کر آئے اور فرمایا: تو چمکتا رہ زردی اپنی بکھیرتا رہ میرے علاوہ دوسروں اہل شام کی رونق بنتا رہ آئندہ کل جب وہ تجھ پر غلبہ پالیں گے حضرت علی رضی اللہ عنہ کا یہ فرمان لوگوں پر بہت گراں گزرا حضرت علی رضی اللہ عنہ سے اس کا تذکرہ کیا گیا آپ نے لوگوں میں اعلان کروا کر اپنے پاس بلوایا جب لوگ حاضر ہو گئے تو آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میرے خلیل ﷺ نے فرمایا: اے علی! تو عنقریب لوگوں کے پاس آئے گا تیری جماعت تجھ سے راضی ہو گی تو ان سے راضی ہو گا تیرے دشمن تیرے پاس اپنی گردنیں اوپر اٹھائے کھڑے ہوں گے پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اپنا ہاتھ گردن پر لے گئے اور لوگوں کو سراوپر اٹھانے کی کیفیت دکھانے لگے۔ رواه الطبراني في الاوسط وقال لم يروه عن ابي الطفيل الا جابر تفرد به عبد الكريم ابويعفور وجابر الجعفي شيعي غال وثقه شعبة والثوري وقال ابو داؤد ليس بالقوى وقال النسائي متروك وعبد الكريم ابويعفور قال فيه ابو حاتم من عين الشيعة وذكره ابن حبان في الثقات

۳۶۴۸۴...... حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں رسول اللہ ﷺ کے حوض سے اپنے ان چھوٹے ہاتھوں سے کفار و منافقین کو پیچھے ہٹاؤں گا جس طرح پانی پلانے والے اجنبی اونٹوں کو اپنے حوضوں سے پیچھے دھکیلتے ہیں۔ رواه الطبراني في الاوسط

۳۶۴۸۵...... زید بن ارقم رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے لوگوں کو واسطہ دے کر پوچھا کس نے غدیر خم میں رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا ہے کیا تمہیں معلوم ہے کہ میں مومنین پر ان کی جانوں سے زیادہ حق رکھتا ہوں لوگوں نے کہا: جی ہاں آپ ﷺ نے فرمایا: میں جس کا دوست ہوں علی رضی اللہ عنہ بھی اس کا دوست ہے یا اللہ! جو شخص علی سے دوستی رکھتا ہو تو بھی اس سے دوستی رکھ جو علی سے دشمنی رکھتا ہو تو بھی اس سے دشمن رکھ چنانچہ بارہ (۱۲) آدمی کھڑے ہوئے اور انھوں نے اس کی گواہی دی۔ رواه الطبراني في الاوسط

۳۶۴۸۶...... عمیر بن سعد کی روایت ہے کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو منبر پر دیکھا آپ اصحاب رسول کو واسطہ دے رہے تھے کہ جس شخص نے ”غدیر خم“ کے دن رسول اللہ ﷺ کو سنا ہو وہ گواہی دے چنانچہ بارہ (۱۲) آدمی کھڑے ہوئے ان میں ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ ابوسعید اور انس بن مالک رضی اللہ عنہ بھی تھے انھوں گواہی دی کہ رسول اللہ ﷺ کو انھوں نے فرماتے سنا ہے۔ کہ میں جس کا دوست ہوں علی بھی اس کا دوست ہے یا

اللہ جو شخص علی سے دوستی رکھتا ہو تو بھی اس سے دوستی رکھ اور جو علی سے دشمنی رکھتا ہو تو بھی اس سے دشمنی رکھ۔ رواہ الطبرانی فی الاوسط

۳۶۴۸۷..... اسحاق، عمرو ذی مر وسعید بن وھب وزید بن یثیع کی روایت ہے کہ ہم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو فرماتے سنا: میں اس شخص کو اللہ تعالیٰ کا واسطہ دیتا ہوں جس نے غدیر خم میں رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا ہو چنانچہ بارہ آدمی کھڑے ہوئے اور انھوں نے گواہی دی کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: کیا میں مومنین پر ان کی جانوں سے زیادہ حق نہیں رکھتا ہوں؟ لوگوں نے کہا: جی ہاں یا رسول اللہ! آپ رضی اللہ عنہ نے علی رضی اللہ عنہ کا ہاتھ پکڑا اور فرمایا: جس شخص کا میں دوست ہوں علی بھی اس کا دوست ہے اے اللہ! جو علی سے دوستی رکھتا ہو تو بھی اس سے دوستی رکھ جو علی رضی اللہ عنہ سے دشمنی رکھتا ہو تو بھی اس سے دشمنی رکھ جو علی سے محبت رکھتا ہو تو بھی اس سے محبت رکھ جو علی سے بغض رکھتا ہو تو بھی اس سے بغض رکھ جو علی کی مدد کرتا ہو تو بھی اس کی مدد کر اور جو علی کو بے یارومددگار چھوڑتا ہو تو بھی اسے بے یارومددگار چھوڑ۔

رواہ البزار وابن جریر والخلعی فی المخلعیات وقال: الھیثمی: رجال اسنادہ ثقاۃ وقال ابن حجر ولکنھم شیعۃ

۳۶۴۸۸..... حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: میں تمہیں اپنے پیچھے چھوڑتا ہوں کہ تم میرے خلیفہ ہوگے میں نے عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ! کیا میں آپ کا خلیفہ ہوں گا؟ ارشاد فرمایا: کیا تم راضی نہیں ہو کہ میرے ہاں تمہارا مقام ایسا ہی ہے جیسا کہ ھارون علیہ السلام کا موسیٰ علیہ السلام کے ہاں تھا البتہ میرے بعد کوئی نبی نہیں ہوگا۔ رواہ الطبرانی فی الاوسط

۳۶۴۸۹..... سعد رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ غزوہ تبوک کے موقع پر رسول اللہ ﷺ نے حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کو۔ (مدینہ میں) اپنا نائب مقرر کیا حضرت علی رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! عورتوں اور بچوں میں آپ مجھے اپنا نائب مقرر کر کے جا رہے ہیں؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کیا تم راضی نہیں ہو کہ میرے ہاں تمہارا وہی مقام ہو جو ہارون کا موسیٰ کے ہاں تھا۔ الا یہ کہ میرے بعد کوئی نبی نہیں ہوگا۔

رواہ ابن ابی شیبۃ

۳۶۴۹۰..... حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ جب میں خیبر سے واپس لوٹا تو رسول اللہ ﷺ نے مجھے ایک بات کہی جو مجھے ساری دنیا سے زیادہ محبوب ہے۔ رواہ ابویعلیٰ

۳۶۴۹۱..... حضرت علی رضی اللہ عنہ کی رویات ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک مرتبہ مجھے تلاش کیا اور مجھے ایک نالی میں سویا ہوا پایا آپ ﷺ نے فرمایا: میں لوگوں کو ملامت نہیں کروں گا اگر وہ تمہیں ابوتراب کے نام سے یاد کریں آپ نے اس کے متعلق میرے دل میں کچھ ناگواری سمجھ لی تھی فرمایا: کھڑے ہو جاؤ اللہ کی قسم میں تم سے راضی ہوں تم میرے بھائی اور میرے دو بیٹوں کے باپ ہو تم میری سنت کے لیے قتال کرو گے اور میرے ذمہ کو ادا کرو گے جو میرے عہد میں مرے گا وہ اللہ کا خزانہ ہے جو تمہارے عہد میں مرے گا اس نے اپنی حاجت پوری کر لی ہوگی جو تمہارے مرنے کے بعد میری محبت میں مرے گا اللہ تعالیٰ اس کا خاتمہ ایمان پر کرے گا جب تک سورج طلوع ہو یا غروب ہو جو شخص تم سے بغض کرتے ہوئے مرا وہ جاہلیت کی موت مرا اور اسلام میں اس نے جو اعمال کیے ہوں گے ان کا اس سے حساب لیا جائے گا۔

رواہ ابویعلی وقال البوصیری رواتہ ثقات

۳۶۴۹۲..... زاذان کی روایت ہے ایک دن لوگ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی خدمت میں بیٹھے ہوئے تھے لوگوں نے جب آپ رضی اللہ عنہ کو خوش خوش دیکھا تو کہنے لگے: اے امیر المؤمنین اپنے دوستوں کے متعلق کچھ ہمیں حدیثیں سنائیں فرمایا: اپنے کس دوست کے متعلق لوگوں نے کہا: اصحاب نبی ﷺ کے متعلق فرمایا: نبی کا ہر صحابی میرا دوست ہے ان میں سے کس کے متعلق تم چاہتے ہو؟ لوگوں نے کہا: وہ جنھیں ہم آپ کے ساتھ دیکھتے ہیں اور جن کا آپ ذکر کرتے ہیں دوسرے لوگوں کے علاوہ فرمایا: ان میں سے کون؟ لوگوں نے کہا: عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: انھوں نے سنت کا علم حاصل کیا قرآن پڑھا اور علم میں کفایت کی پھر اسی پر ان کا خاتمہ ہوا چنانچہ لوگ نہ سمجھے کہ علم میں کفایت سے کیا مراد ہے اللہ کے بندے کی کفایت یا قرآن کی کفایت؟ لوگوں نے پھر حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں سوال کیا اپنے فرمایا: وہ منافقین کے نام جانتے تھے انھوں نے پیچیدہ امور کے متعلق سوال کیا حتیٰ کہ انھیں بھی سمجھ لیا اگر تم نے اس کے متعلق سوال کیا ہے تو اسے عالم پاؤ گے لوگوں نے کہا: ابوذر رضی اللہ عنہ فرمایا: انھوں نے علم یاد کیا ہے دین وعلم کے حریص تھے وہ کثرت سے سوال کرتے تھے تاہم انہیں عطا

کر دیا جاتا تھا اور منع بھی کر دیا جاتا تھا ان کا برتن علم بھر تا رہا حتیٰ کہ علم سے بھر گیا لوگوں نے کہا سلمان رضی اللہ عنہ فرمایا: انھوں نے علم اول (تورات کا علم) بھی حاصل کیا اور علم آخر (قرآن وسنت) بھی کتاب اول بھی پڑھی کتاب آخر بھی پڑھی، علمی اعتبار سے سمندر تھے جس میں کمی نہیں ہوتی لوگوں نے کہا: عمار بن یاسر؟ فرمایا: یہ ایسا آدمی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس کے گوشت خون ہڈی بال وکھال میں ایمان ملا دیا ہے وہ حق سے گھڑی بھر کے لیے بھی الگ نہیں ہوا جہاں بھی حق تھا وہ اس کے ساتھ رہے آگ کے لیے جائز نہیں کہ وہ اسے کھائے لوگوں نے عرض کیا: اے امیر المؤمنین! اپنے متعلق میں بتائیں فرمایا: رک جاؤ اللہ تعالیٰ نے رہنا تزکیہ کرنے سے منع فرمایا ہے: ایک شخص نے کہا: فرمان باری تعالیٰ ہے۔''اما بنعمة ربک فحدث ''اپنے رب کی نعمت کو بیان کرو فرمایا: میں تمھیں اپنے رب کی نعمت بیان کرتا ہوں جب میں سوال کرتا تھا مجھے عطا کیا جاتا تھا اور جب میں خاموش رہتا تھا مجھ سے ابتداء کر لی جاتی تھی میرا دل علم کثیر سے بھر دیا گیا عبداللہ بن بنی بکر بن وائل سے تھا کھڑا ہوا اور کہا: اے امیر المؤمنین! الذاریات ذروا سے کیا مراد ہے فرمایا: اس سے مراد ہوائیں ہیں کہا: الحاملات وقرا سے کیا مراد ہے فرمایا: بادل کہا: الجاریات یسر سے کیا مراد ہے؟ فرمایا: کشتیاں پوچھا مقسمات امرا سے کیا مرد ہے؟ فرمایا: فرشتے دوبارہ ایسا نہیں کرنا اور نہ ہی اسے جیسے سوالات کرنے ہیں۔ پھر پوچھا: السماذات الحبک سے کیا مراد ہے؟ فرمایا: اندھا تاریکی کے بارے میں سوال کر رہا ہے جو تم نے ارادہ کیا ہے اس میں علم نہیں ہے۔ تیری ہلاکت! تفقہ کے لیے سوال کرو کھیل کو داور ہٹ دھرمی کے لیے سوال نہ کر با مقصد سوال کرو فضول سوال مت کرو عبداللہ بن کوا نے کہا: بخدا میری یہی مراد ہے آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: فرمان باری تعالیٰ ہے''وجعلنا اللیل والنهار آیتین فمحونا آیة اللیل ''ہم نے دن اور رات کو دو نشانیاں بنایا ہے اور رات کی نشانی کو مٹاڈالا'' یہ وہی سیاہی ہے جو چاند کے درمیان ہے عبداللہ نے کہا: مجرہ سے کیا مراد ہے؟ فرمایا: یہ آسمان کی ایک نوع ہے اس سے آسمان کے دروازے کھولے جائیں گے بہنے والے پانی سے اور اسی سے قوم نوح کو غرق کیا گیا کہا: قوس قزح سے کیا مراد ہے؟ فرمایا: ایسے مت کہو قزح تو شیطان ہے لیکن قوس غرق سے بچنے کی علامت ہے کہا: آسمان سے زمین تک کتنا فاصلہ ہے فرمایا: بندے کی دعا کے بقدر جو وہ اپنے رب تعالیٰ سے کرتا ہے میں اس کے علاوہ اور کچھ نہیں کہتا مشرق اور مغرب کے درمیان کتنا فاصلہ ہے؟ فرمایا: سورج کے ایک دن کے چلنے کی مسافت کے بقدر جو شخص تمھیں اس کے علاوہ کچھ اور بتائے اس نے جھوٹ بولا: کہا: وہ کون ہیں جن کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا:''واحلوا قومهم دار البورا ''اور انھوں نے اپنی قوم کو ہلاکت کے ٹھکانے پر جا اتارا'' فرمایا: انھیں چھوڑ وان کی کفایت کر دی گئی ہے پوچھا: ذوالقرنین کون ہے؟ فرمایا: ایک شخص ہے جسے اللہ تعالیٰ نے اہل کتاب کے کافر گورنروں کی طرف بھیجا تھا، ان کے پہلے لوگ حق پر تھے پھر انوں نے اپنے رب کے ساتھ شریک ٹھہرایا اپنے دین میں بدعات جاری کیں انھوں نے باطل میں اجتھاد کیا وہ گمان کرتے تھے کہ وہ حق پر ہیں گمراہ پر اجتھاد کرتے اور ہدایت پر ہونے کا گمان کرتے دنیاوی زندگی میں ان کی سعی تباہ ہوئی اہل نہروان (خوارج) ان سے دور نہیں ہیں ابن کوا نے کہا: میں آپ کے علاوہ کسی سے سوال نہیں کروں گا اور نہ آپ کے علاوہ کسی اور کی پیری کروں گا۔ فرمایا: اگر معاملہ تمہارے ہاتھ میں ہے تو کر گزرو۔ رواہ ابن منیع والضیاء

۳۶۴۹۳..... حضرت سعد رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ جب مجھے خیبر کا دن یاد آتا ہے میں علی رضی اللہ عنہ کو برا بھلا نہیں کہتا جب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں کل یہ جھنڈا ایسے شخص کو دوں گا جو اللہ اور اس کے رسول سے محبت کرتا ہے اللہ اور اس کا رسول اس سے محبت کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے ہاتھ پر فتح نصیب فرمائے گا صحابہ اس فضیلت کو حاصل کرنے کی امیدیں کرنے لگے، چنانچہ آپ ﷺ نے فرمایا: علی کہاں ہے صحابہ نے عرض کیا: وہ آشوب چشم میں مبتلا ہیں فرمایا: اسے میرے پاس بلاؤ صحابہ رضی اللہ عنہم آپ رضی اللہ عنہ کو بلا کر لے آئے آپ ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی آنکھوں میں تھوکا اور پھر انھیں جھنڈا عطا کیا چنانچہ اللہ تعالیٰ نے ان کے ہاتھ پر فتح عطاء فرمائی۔ رواہ ابن جریر

۳۶۴۹۴..... ''ایضاً'' سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں اگر میرے سر پر آرا رکھ دیا جائے کہ میں علی رضی اللہ عنہ برا بھلا کہوں میں آیسا نہیں کروں گا اس کے بعد جب میں نے رسول اللہ ﷺ سے وہ بات سنی جو میں نے سنی ہے۔ رواہ ابن ابی شیبة وبقی بن مخلد

۳۶۴۹۵..... حضرت سعد رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ میں رسول اللہ ﷺ کو حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرماتے ہوئے سنا: تین خصلتیں ہیں کہ ان میں سے ایک بھی میرے لیے ہو وہ دنیا ومافیہا سے زیادہ مجھے محبوب ہے۔ میں نے آپ کو فرماتے سنا تمہارا مقام میرے ہاں ایسا ہی ہے

جیسا ہارون کا موسیٰ کے ہاں تھا الا یہ کہ میرے بعد کوئی نبی نہیں ہوگا میں نے آپ کو فرماتے سنا: کل میں جھنڈا ایسے شخص کو دوں گا جو اللہ اور اس کے رسول سے محبت کرتا ہے اور اللہ اور اس کا رسول اس سے محبت کرتے ہیں میں نے آپ کو فرماتے سنا: جس شخص کا میں دوست ہوں علی بھی اس کا دوست ہے۔

رواہ ابن جریر

۳۶۴۹۲ ... عامر بن سعد کی روایت ہے رسول کریم ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا: تین خصلتیں ہیں کہ وہ میرے لیے ان میں سے ایک بھی محبوب ہے مجھے سرخ اونٹوں سے زیادہ رسول اللہ ﷺ پر وحی نازل ہوئی آپ ﷺ نے علی رضی اللہ عنہ فاطمہ رضی اللہ عنہا اور ان کے دو بیٹوں کو اپنی چادر کے نیچے داخل کیا پھر فرمایا: یا اللہ! یہ میرا خاندان اور اہل بیت ہیں جب رسول اللہ ﷺ ایک غزوہ کے لیے روانہ ہوئے اور پیچھے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو نائب بنایا حضرت علی رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یا رسول اللہ ﷺ آپ نے مجھے عورتوں اور بچوں کے ساتھ چھوڑ دیا ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کیا تم راضی نہیں ہو کہ تمہارا میرے ہاں وہی مقام ہو جو ہارون کا موسیٰ کے ہاں تھا۔ الا یہ کہ میرے بعد نبوت نہیں ہوئی اور خیبر کے دن آپ ﷺ نے جو فرمایا کہ میں ایسے شخص کو جھنڈا عطا کروں گا جو اللہ اور اس کے رسول سے محبت کرتا ہے اور اللہ اور اس کا رسول اس سے محبت کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے ہاتھ پر فتح نصیب فرمائے گا چنانچہ مہاجرین اس فضیلت کو حاصل کرنے کے لیے ایک دوسرے سے آگے بڑھنے لگے آپ ﷺ نے فرمایا: علی کہاں ہے صحابہ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: وہ آشوب چشم میں مبتلا ہیں: فرمایا: اسے بلالاؤ صحابہ علی رضی اللہ عنہم بلالائے آپ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی آنکھوں میں تھوکا اور اللہ تعالیٰ نے ان کے ہاتھ پر فتح نصیب فرمائی۔

۳۶۴۹۵ ... حضرت عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ نے مکہ فتح کیا تو آپ طائف کی طرف روانہ ہوئے اور اٹھارہ یا انیس دن تک طائف کا محاصرہ کیے رکھا آپ نے طائف کو فتح نہ کیا پھر کوچ کرتے صبح کے وقت یا شام کے وقت پھر پڑاؤ کیا پھر ہجرت کرنے اور فرمایا: اے لوگو! میں تمہارا آگے بھیجا ہوا اجر و ثواب ہوں میں تمہیں اپنی عترت کے ساتھ بھلائی کرنے کی وصیت کرتا ہوں تمہاری وعدے کی جگہ حوض ہے قسم اس ذات کی جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے یا تم نماز ادا کرتے رہو اور زکوۃ ادا کرتے رہو ورنہ میں تمہاری طرف ایک شخص بھیجوں گا جو تمہارے فوجیوں کی گردنیں اڑائے گا اور تمہاری اولاد کو قیدی بنائے گا لوگ سمجھے کہ یہ ابوبکر وعمر ہو سکتے ہیں تاہم آپ رضی اللہ عنہ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کا ہاتھ پکڑ کر فرمایا: وہ شخص یہ ہے۔ رواہ ابن ابی شیبة

۳۶۴۹۷ ... سلیمان بن عبداللہ معاذہ عدویہ سے روایت نقل کرتے ہیں کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو سنا آپ بصرہ کے منبر پر خطاب فرما رہے تھے میں صدیق اکبر ہوں ابوبکر رضی اللہ عنہ سے پہلے ایمان لایا اور ان کے اسلام لانے سے قبل اسلام لایا۔

رواہ محمد بن ایوب الرازی فی جزئه والعقیلی وقال: قال البخاری: لایتابع سلیمان علیه ولایعرف سماعه عن معاذة

۳۶۴۹۹ ... عبداللہ بن نجی کی روایت ہے کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو فرماتے سنا: میں گمراہ نہیں ہوا اور نہ ہی گمراہی کی طرف مجھے لایا گیا جب سے مجھے حکم دیا گیا تب سے میں نہیں بھولا میں اپنے رب کی واضح دلیل پر ہوں جو رب تعالیٰ نے اپنے نبی ﷺ کے لیے قائم کی تھی اور میرے لیے بھی واضح فرمائی میں بلاشبہ سیدھے راستے پر ہوں۔ رواہ العقیلی وابن عساکر

۳۶۵۰۰ ... ابن عباس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے لوگوں سے خطاب کیا اور فرمایا: اے لوگو! یہ کیسے بڑے جتھے ہیں جو تمہاری طرف سے مجھے پہنچے ہیں اللہ کی قسم تم طلحہ رضی اللہ عنہ وزبیر رضی اللہ عنہ کو ضرور قتل کروگے تم ضرور بصرہ فتح کروگے تمہارے پاس کوفہ سے بطور کمک کے چھ ہزار پانچ سو ساٹھ (۶۵۶۰) یا پانچ ہزار چھ سو پچاس (۵۶۵۰) جنگجو ضرور پہنچیں گے ابن عباس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جنگ ایک بہتو کا ہے کہتے ہیں: میں باہر نکلا لوگوں سے پوچھنے لگا: تم کتنے تھے؟ کہنے لگے: ہم اتنے ہی تھے جتنے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے میں نے کہا: یہ وہی راز ہے جو رسول اللہ ﷺ نے آپ کو بتایا تھا کہ آپ رضی اللہ عنہ نے انھیں ایک لاکھ کلمہ بتایا ہر کلمہ ایک ہزار کلموں میں مفتوح ہوتا ہے۔

رواہ الاسماعیلی فی معجمه وفیه الاجلح صدوق جلد

۳۶۵۰۱ ... حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ یہ آیت کریمہ ''انما ولیکم اللہ ورسوله ﷺ الخ'' رسول اللہ ﷺ پر نازل ہوئی نبی کریم ﷺ مسجد میں تشریف لائے اور لوگ بھی آکر نماز پڑھنے لگے چنانچہ کوئی رکوع میں ہے کوئی سجدہ میں ہے اور کوئی قیام میں ہے اچانک ایک سائل

پر آپ کی نظر پڑی اور فرمایا: اے سائل: تمہیں کسی نے کچھ عطاء کیا ہے؟ کہا نہیں: البتہ اس رکوع کرنے والے نے یعنی علی بن ابی طالب نے مجھے اپنی انگوٹھی دی ہے۔ رواہ الشیخ ابن مردویہ وسندہ ضعیف

۳۶۵۰۲..... ابو معتمر مسلم بن اوس اور جاریہ بن قدامہ سعدی حضرت علی رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے آپ رضی اللہ عنہ لوگوں سے خطاب کررہے تھے اور فرمارہے تھے مجھے تم کرنے سے پہلے پہلے سوال کرلو چونکہ عرش تلے مجھ سے جس چیز کے متعلق سوال کیا جائے گا میں اس کا ضرور جواب دوں گا۔ رواہ ابن النجار

۳۶۵۰۳..... ابو صادق کی روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میرا خاندان وہی ہے جو رسول اللہ ﷺ کا خاندان ہے میرا دین وہی ہے جو آپ ﷺ کا دین ہے، جس نے مجھے گستاخی کی نظر سے دیکھا اس نے رسول اللہ ﷺ کی گستاخی کی۔ رواہ الخطیب فی المتفق وابن عساکر

۳۶۵۰۴..... ''مسند انس'' حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ میں اور علی رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ مدینہ کے ایک باغ میں داخل ہوئے اتنے میں ہم ایک باغیچے کے پاس سے گزرے علی رضی اللہ عنہ نے کہا: یارسول اللہ ﷺ یہ باغیچہ کتنا خوبصورت ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے علی! جنت میں تمہارا باغیچہ اس سے حد درجہ خوبصورت ہے حتی کہ سات باغیچوں کے پاس سے گزرے ہر باغیچے کے پاس سے گزرتے ہوئے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے یہی کہا: یارسول اللہ! یہ کتنا خوبصورت ہے رسول اللہ ﷺ فرماتے: جنت میں تمہارا باغیچہ اس سے خوبصورت ہے۔

رواہ ابن ابی شیبۃ وفیہ یحیی بن یعلی الا سلمی عن یونس بن خباب وھما ضعیفان

۳۶۵۰۵..... حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ام سلیم رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں چکوریں لائیں ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے انہیں بازوؤں سمیت بھون دیا تھا انہیں کپڑے سے ڈھانپ دیا۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: یا اللہ میرے پاس اپنی مخلوق میں سے محبوب میں سے محبوب ترین شخص کو لاؤ جو میرے ساتھ مل کر یہ پرندے کھائے حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: چنانچہ حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ آگئے جب کہ میں چاہتا تھا کہ انصار میں سے کوئی شخص آئے حضرت علی رضی اللہ عنہ واپس لوٹ گئے اور پھر واپس پلٹ آئے رسول اللہ ﷺ نے علی رضی اللہ عنہ کی آواز سنی اور فرمایا: اے علی داخل ہو جاؤ۔ یا اللہ! اسے اپنا دوست بنالے تین بار فرمایا۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۵۰۶..... ابن عباس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ جب کوئی ثقہ شخص ہمیں حضرت علی رضی اللہ عنہ کا کوئی فتوی سناتا ہے ہم اس سے نہیں بھاگتے۔

رواہ ابن سعد

۳۶۵۰۷..... ''مسند انس رضی اللہ عنہ'' عمرو بن دینار حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت نقل کرتے ہیں ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ ایک باغ میں تھے ہمیں بھونا ہوا ایک پرندہ ہدیہ کیا گیا آپ ﷺ نے فرمایا: یا اللہ! مخلوق میں سے اپنے محبوب شخص کو میرے پاس لا چنانچہ حضرت علی رضی اللہ عنہ تشریف لائے میں نے کہا: رسول اللہ ﷺ مشغول ہیں علی رضی اللہ عنہ واپس لوٹ گئے پھر تھوڑی دیر بعد دوبارہ لوٹ آئے اور دروازہ کھٹکھٹایا میں نے انہیں پھر واپس کردیا رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے انس تم نے اسے بہت واپس کردیا ہے اب اس کے لیے دروازہ کھول دو میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! میں چاہتا تھا کہ انصار میں سے کوئی شخص آجائے چنانچہ علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ اندر داخل ہوئے اور رسول کریم ﷺ کے ساتھ پرندہ کھایا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: آدمی اپنی قوم سے محبت کرتا ہے۔ رواہ ابن عساکر وابن النجار

۳۶۵۰۸..... ''ایضاً'' عبداللہ قشیری حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت نقل کرتے ہیں کہ میں نبی کریم ﷺ کے لیے دربان کی حیثیت سے تھا میں نے آپ کو فرماتے سنا: یا اللہ ہمیں جنت کے کھانوں میں سے کھلا دے چنانچہ آپ کے پاس بھونے ہوئے پرندے کا گوشت لایا گیا اور آپ کے سامنے رکھ دیا گیا: آپ نے فرمایا: یا اللہ ہمارے پاس ایسے شخص کو لا جس سے تو محبت کرتا ہو اور وہ تجھ سے اور تیرے نبی سے محبت کرتا ہو حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں دروازے سے باہر نکلا کیا دیکھتا ہوں کہ علی رضی اللہ عنہ کھڑے ہیں اور اندر داخل ہونے کی اجازت طلب کررہے ہیں میں نے انہیں اجازت نہ دی واپس لوٹ گئے میں اندر واپس لوٹ آیا اور نبی کریم ﷺ کو وہی کچھ فرماتے سنا عبداللہ قشیری کہتے ہیں: میرا گمان ہے کہ انس رضی اللہ عنہ سے تین بار کا ذکر کیا ہے تاہم علی رضی اللہ عنہ میرے اجازت کے بغیر اندر داخل ہوگئے نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اے علی! تم نے تاخیر کیوں کردی؟ عرض کیا: یارسول اللہ! میں داخل ہونا چاہتا تھا لیکن انس مجھے روک دیتا تھا آپ نے فرمایا: اے انس اسے کیوں روکا ہے میں

نے عرض کیا: یارسول اللہ جب میں نے آپ کی دعا سنی۔ میں نے چاہا کہ میری قوم میں سے کوئی شخص آجائے اور یہ دعا اس کے حق میں ہوجائے نبی کریم ﷺ نے فرمایا: آدمی کو اس کی محبت ضرر نہیں پہنچاتی جب تک کہ وہ ان کے علاوہ کسی اور سے بغض نہ کرتا ہو۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۵۰۹..... حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ قیامت کے دن میں لوگوں سے نو چیزوں کے متعلق جھگڑا کروں گا نماز قائم کرنے میں اداۓ زکواۃ میں امر بالمعروف نہی عن المنکر رعیت میں عدل کرنے میں مساوی تقسیم میں جہاد فی سبیل اللہ اقامت حدود اور ان جیسی دوسری چیزوں میں۔ رواہ ابویعلی فی الزھد

۳۶۵۱۰..... ''ایضاً'' ابوعمرو بن علاء کی روایت ہے کہ میرے والد کہتے ہیں: حضرت علی رضی اللہ عنہ نے لوگوں سے خطاب کیا اور فرمایا: اے لوگو! قسم اللہ تعالیٰ کی جسکے سوا کوئی معبود نہیں! میں نے تمہارے مال میں نہ قلیل نقصان کیا ہے نہ کثیر سوائے اس چیز کے چنانچہ آپ رضی اللہ عنہ نے قمیص کی آستین سے خوشبو کی ایک شیشی نکالی اور فرمایا: یہ شیشی مجھے ایک دھقان نے ہدیہ کی ہے۔

رواہ عبدالرزاق وابوعبید فی الاموال ومسدد والحاکم فی الکنی وابن الانباری فی المصاحف وابونعیم فی الحلیة

۳۶۵۱۱..... حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے غدیر خم کے دن ان کا ہاتھ پکڑ کر فرمایا: یا اللہ! میں جس کا دوست ہوں علی بھی اس کا دوست ہے فرمایا: اس کے بعد لوگوں نے کثرت سے یہ کیا شروع کر دیا: یا اللہ! جو اس کا دوست ہے تو بھی اسے دوست رکھ اور جو اس سے بغض رکھے تو بھی اس سے بغض رکھ۔ رواہ ابن راھویہ وابن جریر

۳۶۵۱۲..... ''ایضاً'' ابن عمر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے فرمایا: اے ابوالحسن! بسا اوقات تم حاضر ہوتے ہم غائب ہوتے اور بسا اوقات ہم حاضر ہوتے تم غائب ہوتے میں تین (۳) چیزوں کے متعلق تم سے سوال کرنا چاہتا ہوں یا ان کے متعلق تمہارے اس علم ہے؟ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کہا: وہ کیا ہیں؟ حضرت عمر نے کہا: ایک شخص کسی دوسرے شخص سے محبت کرتا ہے حالانکہ اس سے وہ بھلائی نہیں دیکھ پاتا اور ایک شخص دوسرے سے بغض کرتا ہے حالانکہ اس سے وہ برائی نہیں دیکھ پاتا حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کہا: جی ہاں رسول کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: بے کہ روحیں ہوا میں ہوتی ہیں جو جمع شدہ لشکر ہیں۔ وہ آپس میں ملتی جلتی ہیں جن کا آپس میں تعارف ہوجاتا ہے وہ آپس میں محبت کرنے لگتی ہیں اور جو آپس میں اجنبیت محسوس کرتی ہیں وہ ایک وسرے کے خلاف ہو جاتی ہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ ایک چیز ہوئی: بسا اوقات ایک شخص کوئی بات کرتا ہے وہ اسے یاد رہتی ہے یا بھول جاتا ہے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: ہر دل کے بادل ہوتے ہیں جیسے چاند کے بادل کہ چاند چمک رہا ہوتا ہے یکا یک اس پر بادل چھا جاتا ہے اور اس کی روشنی ماند پڑ جاتی ہے اور پھر چمکنے لگتا ہے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے کہا: یہ دو چیزیں ہوئیں آدمی خواب دیکھتا ہے کوئی سچی ہوتی ہے کوئی جھوٹی؟ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کہا: جی ہاں میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا ہے کہ جو بھی بندہ یا بندی سوتا ہے اس کی نیند گہری ہوجاتی ہے اس کی روح عرش کی طرف چڑھ جاتی ہے اور جو روح عرش کے پاس بیدار ہوتی ہے تو یہ خواب سچا ہوجاتا ہے اور جو روح عرش کے علاوہ کہیں اور بیدار ہوتی ہے تو یہ خواب جھوٹا ہوتا ہے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ تین چیزیں تھیں میں جنکی تلاش میں تھا اللہ کا شکر ہے میں نے مرنے سے قبل پالیں۔

رواہ الطبرانی فی الاوسط وقال تفردبہ عبدالرحمن بن مغرا وابونعیم فی الحلیة والدیلمی

۳۶۵۱۳..... حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ مجھے بدن میں درد ہوگیا، میں نبی کریم ﷺ کی ضرورت میں حاضر ہوا آپ نے مجھے اپنی جگہ ٹھہرایا اور خود نماز پڑھنے کھڑے ہوگئے اور اپنی چادر کا ایک حصہ مجھ پر ڈال دیا پھر فرمایا: اے ابن ابی طالب! تم تندرست ہوچکے ہو اب تمہارا درد جاتا رہا میں نے اپنے رب سے جو چیز مانگی ہے اسی کی بمثل تمہارے لیے بھی مانگی ہے میں نے اپنے رب سے جو چیز مانگی مجھے ضرور عطاء کی البتہ میرے بعد کوئی نبی نہیں ہوگا میں اسی جگہ سے اٹھا مجھے یوں لگا گویا مجھے کوئی شکایت رہی ہی نہیں۔

رواہ ابن ابی عاصم وابن جریر وصححہ والطبرانی فی الاوسط وابن شاھین فی السنة

۳۶۵۱۴..... ''ایضاً'' زاذان ابی عمر کی روایت ہے کہ میں نے ایک وسیع جگہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کو لوگوں کو واسطہ دیتے ہوئے سنا: کون شخص غدیر خم کے دن رسول اللہ ﷺ کے پاس حاضر تھا اور آپ نے جو کچھ فرمایا تھا چنانچہ ۱۳ شخص کھڑے ہوئے انھوں نے گواہی دی کہ رسول اللہ ﷺ نے

غدیر خم کے دن فرمایا: جس شخص کا میں دوست ہوں علی بھی اس کا دوست ہے۔ رواہ احمد بن حنبل وابن ابی عاصم

۳۶۵۱۵..... "ایضاً" عبدالرحمن بن ابی یعلی کہتے ہیں میں ایک کشادہ میدان میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس حاضر تھا جب آپ نے لوگوں کو واسطہ دے کر پوچھا کس نے رسول اللہ ﷺ کو غدیر خم کے دن فرماتے سنا ہے کہ میں جس کا دوست ہوں علی اس کا دوست ہے۔ چنانچہ بارہ بدری صحابہ رضی اللہ عنہم نے کھڑے ہوکر گواہی دی کہ ہم نے غدیر خم کے دن رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا ہے کیا میں مومنین پر ان کی جانوں سے زیادہ حق نہیں رکھتا اور میری ازواج (مطھرات) مومنین کی مائیں نہیں؟ ہم نے عرض کیا: جی ہاں کیوں نہیں آپ ﷺ نے فرمایا: جس کا میں دوست ہوں علی رضی اللہ عنہ بھی اس کا دوست ہے یا اللہ! جو شخص علی کو دوست رکھتا ہو تو بھی اسے دوست رکھ اور جو علی سے عداوت رکھتا ہو تو بھی اس سے عداوت رکھ۔ رواہ عبداللہ بن احمد بن حنبل و ابویعلی وابن جریر والخطیب وسعید بن المنصور

۳۶۵۱۶..... حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ میں اور نبی کریم ﷺ کعبہ کی طرف چل پڑے جب ہم کعبہ کے پاس پہنچے تو رسول اللہ ﷺ نے مجھے فرمایا: بیٹھ جاؤ پھر آپ میرے کاندھے پر چڑھ گئے میں آپ کو لے کر اٹھنے لگا لیکن آپ نے مجھ میں ضعف دیکھا اور نیچے اتر آئے اور خود بیٹھ گئے فرمایا: میرے کاندھوں پر چڑھ جاؤ۔ میں آپ کے کاندھوں پر چڑھ گیا پھر آپ ﷺ مجھے لے کر اٹھ کھڑے ہوئے مجھے خیال گزرا کہ اگر میں چاہوں تو آسمان کے کنارے چھو لیتا حتیٰ کہ میں بیت اللہ پر چڑھ گیا بیت اللہ پر تانبے یا پیتل کی بنی ہوئی ایک مورتی رکھی تھی میں اسے دائیں بائیں اور آگے پیچھے سے گھوم گھوم کر دیکھنے لگا حتیٰ کہ میں نے اس پر اپنی گرفت مضبوط کر لی رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اسے اٹھا لو پھر فرمایا: اسے پٹخ دو میں نے اسے دے مارا اور وہ شیشے کی طرح چکنا چور ہوگئی پھر میں نیچے اتر آیا میں اور رسول اللہ ﷺ بھاگنے لگے حتیٰ کہ ہم گھروں کی اوٹ میں آگئے تاکہ ہمیں کوئی پکڑ نہ لے چنانچہ اس کے بعد بیت اللہ پر کوئی نہیں چڑھا۔

رواہ ابن ابی شیبة وابویعلی واحمد بن حنبل وابن جریر والحاکم وصححه والخطیب

۳۶۵۱۷..... "ایضاً" عبداللہ بن بکر غنوی حکیم بن جبیر مولائے علی حسن بن سعد حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک غزوہ پر جانے کا ارادہ کیا اور آپ نے جعفر رضی اللہ عنہ کو اپنے پاس بلایا اور انھیں حکم دیا کہ وہ مدینہ میں نائب کی حیثیت سے رہیں انھوں نے کہا: یارسول اللہ! میں آپ کے بعد مدینہ میں ہرگز نہیں رہ سکتا رسول اللہ ﷺ نے مجھے اپنے پاس بلایا اور مجھے نائب مقرر کرنے کا عزم ظاہر کیا میں بات کرنے سے پہلے رو دیا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے علی! تم کیوں رو رہے ہو؟ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! مجھے بہت سی خصلتیں رلا رہی ہیں۔ کل قریش کہیں گے: تم اپنے چچازاد بھائی کو پیچھے کیوں چھوڑ آئے وہ اور اسے کیوں رسوا کیا ہے مجھے ایک اور چیز بھی رلا رہی ہے میرا ارادہ تھا کہ میں جہاد فی سبیل اللہ کے لیے تعرض کروں چونکہ فرمان باری تعالیٰ ہے "لایطؤن موطأ یغیظ الکفار" الآیۃ ارادہ تھا کہ میں اجروثواب کے لیے پیش رفت کروں مجھے ایک اور چیز بھی رلا رہی ہے میرا ارادہ تھا کہ میں اللہ تعالیٰ کا فضل لینے کے لیے آگے بڑھوں۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: رہا تمہارا یہ کہنا کہ قریش کہیں گے: تم اپنے چچازاد بھائی کو اپنے پیچھے کیوں چھوڑ آئے ہو اور اسے رسواء کیا: بلاشبہ اس میں تمہارے لیے ایک نمونہ ہے وہ کہتے ہیں کہ یہ جادوگر نجومی اور جھوٹا ہے رہا تمہارا یہ کہنا کہ میں اللہ تعالیٰ کے اجروثواب کے لیے پیش رفت کروں سو تم راضی نہیں ہو کہ تمہارا میرے ہاں وہی مقام ہو جو ہارون کا موسیٰ کے ہاں تھا۔ رہا تمہارا یہ کہنا کہ میں بھی اللہ کے فضل (مال) کو لینے کے لیے آگے بڑھوں سو یہ رہے دو بہار (ایک بہار برابر ہے تین سو رطل بغدادی کے) کالی مرچ کے جو ہمارے پاس یمن سے آئے ہیں انھیں بیچو اور ان سے نفع اٹھاؤ تم بھی اور فاطمہ رضی اللہ عنہا بھی حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ اپنا فضل مال تمہیں عطا کردے بلاشبہ مدینہ یا میرے شایان شان ہے یا تمہارے۔

رواہ البزار وقال لایحفظ عن علی الا بهذا لا سناد وابن مردویه وقال ابن حجر فی الاطراق بل هو شبه الموضوع وعبد اللہ بن بکیر وشیخه ضعیفان وقال: فی تجرید زوائد البزار وحکیم بن جبیر متروک قال: والبهار ثلا ثمائة رطل بالبغدادی

۳۶۵۱۸..... حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ حدیبیہ کے موقع پر مشرکین میں سے کچھ لوگ ہمارے پاس آئے ان میں ایک سہیل بن عمرو اور کچھ مشرکین کے سردار بھی تھے کہنے لگے یارسول اللہ! ہمارے بیٹوں بھائیوں اور غلاموں میں سے کچھ لوگ آپ کے پاس آئے ہیں وہ دین میں کچھ سمجھ بوجھ نہیں رکھتے وہ تو ہمارے اموال اور جائدادوں سے بھاگ کر آئے ہیں نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اے جماعت قریش! تم لوگ باز

آ جاؤ ورنہ اللہ تعالیٰ تمہارے اوپر ایسے شخص کو مسلط کرے گا جو تلوار سے تمہاری گردنیں اڑائے گا اللہ تعالیٰ نے اس کے دل کو ایمان سے جانچ لیا ہے صحابہ رضی اللہ عنہم نے کہا: یا رسول اللہ وہ کون ہے؟ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا: یا رسول اللہ! وہ کون ہے؟ عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: یا رسول اللہ! رحمۃ اللہ علیہ وہ کون ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: وہ جوتے گانٹھنے والا ہے چنانچہ آپ ﷺ نے علی رضی اللہ عنہ کو گانٹھنے کے لیے جوتا دے رکھا تھا پھر علی رضی اللہ عنہ نے کہا: رسول کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس شخص نے جان بوجھ کر مجھ پر جھوٹ بولا ہے جہنم میں اپنا ٹھکانا بنالینا چاہئے۔

رواہ الترمذی وقال حسن صحیح غریب وابن جریر وصححہ والضیاء

کلام: ...... حدیث ضعیف ہے دیکھئے ضعیف الترمذی ۷۶۸۔

۳۶۵۱۹ ..... حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ نے مکہ فتح کیا تو آپ کے پاس قریش کے کچھ لوگ آئے اور کہنے لگے: یا محمد! ہم آپ کے حلیف اور آپ کی قوم ہیں۔ چنانچہ ہمارے کچھ غلام تمہارے پاس آ گئے ہیں انھیں اسلام میں کچھ رغبت نہیں ہے وہ تو ہمارے کام کاج سے بھاگ گئے ہیں لہٰذا آپ انھیں واپس کر دیں آپ ﷺ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے مشورہ کیا انھوں نے کہا: یا رسول اللہ! یہ لوگ سچ کہتے ہیں پھر آپ نے عمر رضی اللہ عنہ سے مشورہ کیا: انھوں نے بھی حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ جیسا مشورہ دیا: پھر آپ ﷺ نے فرمایا: اے جماعت قریش اللہ تعالیٰ تمہارے اوپر ایسے شخص کو مسلط کرے گا جس کے دل کو اللہ تعالیٰ نے ایمان کے لیے جانچ لیا ہے وہ تمہاری گردنیں اڑائے گا ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا: یا رسول اللہ ﷺ وہ میں ہوں فرمایا: نہیں عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: یا رسول اللہ وہ میں ہوں فرمایا: نہیں لیکن یہ وہ شخص ہے جو مسجد میں جوتے گانٹھ رہا ہے چنانچہ آپ ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو اپنے جوتے گانٹھنے کے لیے دیئے ہوئے تھے پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے آپ ﷺ کو فرماتے سنا: مجھ پر جھوٹ مت بولو چونکہ جس شخص نے مجھ پر جھوٹ بولا دوزخ میں داخل ہوگا۔

رواہ ابن ابی شیبۃ وابن جریر والحاکم ویحیی بن سعید فی ایضاح الا شکال

۳۶۵۲۰ ..... حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ان سے پوچھا گیا: تم اپنے چچازاد بھائی کے وارث کس طرح بنتے ہو اور تمہارے چچا وارث نہیں بن رہے؟ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: رسول کریم ﷺ نے ایک مرتبہ بنی عبدالمطلب کو جمع کیا وہ سب بکری کا بچہ کھا رہے تھے اور پانی ہی رہے تھے ان کے لیے کھانا پکایا گیا اور انھوں نے سیر ہو کر کھایا اور مشکیزے سے پانی پیا حتیٰ کہ کھانا اور پانی جوں کا توں باقی بچا رہا گویا انھوں نے نہ کھانا کھایا ہو اور نہ ہی پانی پیا ہو پھر آپ ﷺ نے فرمایا: اے بنی عبدالمطلب مجھے خصوصیت کے ساتھ تمہاری طرف اور نامعلوم لوگوں کی طرف مبعوث کیا گیا ہے تم یہ آیت دیکھ رہے ہو تم میں سے کون میرے ہاتھ پر بیعت کرے گا کہ وہ میرا بھائی میرا دوست اور میرا وارث ہوگا۔ آپ کی طرف کوئی نہ اٹھا میں ہی آپ کی طرف اٹھا میں حاضرین میں سب سے چھوٹا تھا آپ نے فرمایا: تم بیٹھ جاؤ آپ نے پھر تین بار یہی فرمایا: ہر بار میں کھڑا ہوا اور مجھ سے فرمایا: بیٹھ جاؤ حتیٰ کہ تیسری بار بیعت کے لیے آپ نے میرے ہاتھ پر اپنا ہاتھ مارا اور حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اسی لیے آپ کا وارث میں ہوں میرا چچا نہیں ہے۔ رواہ احمد بن حنبل وابن جریر والضیاء

۳۶۵۲۱ ..... "ایضاً" حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے میرا ہاتھ پکڑ کر فرمایا: موسیٰ علیہ السلام نے رب تعالیٰ سے سوال کیا تھا کہ ہارون علیہ السلام کے ذریعے اپنی مسجد کی تطہیر کریں اور میں اپنے رب سے سوال کرتا ہوں کہ تیرے اور تیری اولاد کے ذریعے میری مسجد کی تطہیر فرمائے پھر آپ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی طرف پیغام بھیجا کہ تمہارا دروازہ بند کیا جائے انھوں نے انا للہ پڑھا اور کہا: ہم نے حکم سنا اور اسے مانا انھوں نے اپنا دروازہ بند کر دیا پھر آپ نے عمر رضی اللہ عنہ اور عباس رضی اللہ عنہ کو بھی یہی پیغام بھیجا پھر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں نے تمہارے دروازے بند نہیں کیے اور علی کا دروازہ میں نے نہیں کھلا رہنے دیا: لیکن اللہ تعالیٰ نے علی کا دروازہ کھول دیا ہے اور تمہارے دروازے بند کر دیئے ہیں۔ رواہ البزار وفیہ ابو میمنۃ مجھول

کلام: ...... حدیث ضعیف ہے دیکھئے الآلی ۱/ ۳۴۷ ..... ۳۵۱۔

۳۶۵۲۲ ..... حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: جاؤ اور ان سے کہو کہ اپنے دروازے بند کر دیں میں نے جا کر ان لوگوں سے کہا انھوں نے اپنے دروازے بند کر دیئے لیکن حمزہ رضی اللہ عنہ نے دروازہ بند نہ کیا میں نے آ کر عرض کیا: یا رسول اللہ! سوائے حمزہ رضی

اللہ عنہ کے سب نے دروازے بند کردیئے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: حمزہ سے کہو اپنا دروازے تبدیل کردے میں نے حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ سے کہا: رسول اللہ ﷺ کا حکم ہے کہ آپ اپنا دروازہ تبدیل کردیں چنانچہ انھوں نے تبدیل کردیا پھر میں آپ ﷺ کے پاس واپس لوٹا آپ نماز پڑھ رہے تھے آپ نے فرمایا: اپنے گھر کی طرف واپس لوٹ جاؤ۔ رواہ البزار وفیہ حبۃ العرنی ضعیف جدا

۳۶۵۲۳ ۔۔۔ ''ایضاً'' ایک مرتبہ رسول کریم ﷺ نے میرا ہاتھ پکڑا اور ہم مدینہ کی ایک گلی میں چل رہے تھے اتنے میں ہم ایک باغیچہ کے پاس سے گزرے میں نے: یارسول اللہ! یہ باغیچہ کتنا خوبصورت ہے: آپ نے فرمایا: جنت میں تمہارے لیے اس سے خوبصورت باغیچہ ہے پھر ہم ایک اور باغیچہ کے پاس سے گزرے میں نے عرض کیا رسول اللہ! یہ باغیچہ کتنا خوبصورت ہے آپ نے فرمایا: جنت میں تمہارے لیے اس سے خوبصورت باغیچہ ہے یوں ہم سات باغیچوں کے پاس سے گزرے ہر بار آپ نے یہی فرمایا: جب آپ صاف کھلے راستے میں آ گئے آپ نے مجھے گلے لگا لیا اور دردمندانہ انداز میں رونے لگے: میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! آپ کیوں رو رہے ہیں؟ آپ نے فرمایا: تمہارے متعلق لوگوں کے دلوں میں کینہ ہے جو میرے بعد ظاہر ہوگا میں نے عرض کیا یارسول اللہ! میں دین پر سلامت وثابت رہوں گا فرمایا: دین پر تمہارے سلامت رہنے کی وجہ سے ہے۔

رواہ البزار وابویعلی والحاکم وابوالشیخ فی کتاب القطع والسرقۃ والخطیب وابن الجوزی فی الواھیات وابن النجار فی تاریخ

۳۶۵۲۴ ۔۔۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ میں نے عرض کیا یارسول اللہ! مجھے وصیت کریں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: کہو ''اللہ میرا رب ہے'' اور پھر اس پر ثابت قدم رہو۔ میں نے کہا: اللہ میرا رب ہے اور اللہ ہی توفیق دینے والا ہے اسی پر میں نے بھروسہ کیا اور اسی کی طرف رجوع کرتا ہوں آپ نے فرمایا: اے ابوالحسن تمہیں یہ علم مبارک ہو تم علم سے بھرپور سیراب ہوئے ہو۔ رواہ ابونعیم فی الحلیۃ وفیہ الکدیمی

۳۶۵۲۵ ۔۔۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اے علی! اللہ تعالیٰ نے مجھے حکم دیا ہے کہ میں تمہیں اپنے قریب کروں اور تمہیں علم سکھاؤں جسے تم یاد کرلو اور یہ آیت کریمہ نازل ہوئی ''وتعیھا اذن واعیہ'' اور اسے یاد کرنے والے کان یاد کریں گے تم ہی میرے علم کو یاد کرو گے۔

رواہ ابونعیم فی الحلیۃ

۳۶۵۲۶ ۔۔۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے آیت کریمہ ''وتعیھا اذن واعیۃ'' کی تفسیر میں فرمایا: رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے فرمایا: اے علی! میں نے اللہ تعالیٰ سے سوال کیا کہ تمہیں یاد کرنے والا کان بنادے چنانچہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے جو بات بھی سنی اسے یاد کرلیا اور نہیں بھولا۔

رواہ الضیاء وابن مردویہ وابونعیم فی المعرفۃ

۳۶۵۲۷ ۔۔۔ ''ایضاً'' شعبی کی روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے فرمایا: سید المسلمین اور امام المتقین کو خوش آمدید حضرت علی رضی اللہ عنہ سے پوچھا گیا آپ کا اس پر شکر کیا تھا؟ جواب دیا: اللہ تعالیٰ نے مجھے جو کچھ عطا کیا ہے اس پر میں نے اس کا شکر ادا کیا اور میں نے اللہ تعالیٰ سے شکر مانگا ہے جو مجھے دیا اور اس سے مجھے زیادہ عطا کرے۔ رواہ ابونعیم فی الحلیۃ

۳۶۵۲۸ ۔۔۔ شعبی کی روایت ہے حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔ جب میں اپنے باپ کو دفن کرکے واپس لوٹا تو نبی کریم ﷺ نے مجھے ایک بات ارشاد فرمائی مجھے محبوب نہیں کہ اس کے بدلہ میں میرے لیے دنیا ہو۔ رواہ الطبرانی ابویعلی وابونعیم فی الحلیۃ

۳۶۵۲۹ ۔۔۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کے دو بیٹوں کی محبت میں فاسق ونیکوکار سب برابر ہیں جب کہ مجھے وصیت کی گئی ہے مجھ سے صرف مؤمن ہی محبت کرے گا اور مجھ سے صرف منافق ہی بغض رکھے گا۔ رواہ ابونعیم فی الحلیۃ

حضرت علی رضی اللہ عنہ کی فراست

۳۶۵۳۰ ۔۔۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ایک مرتبہ فرمایا: اے اہل کوفہ! تمہارے سات افضل لوگ قتل کیے جائیں گے ان کی مثال اصحاب الاخدود (خندقوں والوں) کی سی ہے تمہارے ان میں سے حجر بن ادبر اور اس کے ساتھی ہوں گے چنانچہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے انھیں دمشق میں

مقام عذرار میں قتل کیا وہ سب اہل کوفہ میں سے تھے۔رواہ ابن عساکر

حضرت علی رضی اللہ عنہ کی سیرت فقر اور تواضع

۳۶۵۳۱...... ''مسند علی'' علی بن ارقم اپنے والد سے روایت نقل کرتے ہیں کہ میں نے حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کو کوفہ کی ایک کشادہ جگہ میں اپنی تلوار فروخت کے لیے پیش کرتے دیکھا آپ رضی اللہ عنہ فرمارہے تھے یہ میری تلوار کون خریدے گا؟ بخدا میں نے اس تلوار کے ذریعے بار بار رسول اللہ ﷺ کے سامنے بہادری کے جوہر دکھائے ہیں اگر میرے پاس ازار کے پیسے ہوتے میں اسے کبھی نہ بیچتا۔

رواہ یعقوب بن سفیان والطبرانی فی الاوسط وابونعیم فی الحلیة وابن عساکر

۳۶۵۳۲...... حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ مدینہ میں بھوک نے مجھے بہت تنگ کیا اچانک میں ایک عورت کے پاس پہنچ گیا وہ مٹی کے ڈھیلے جمع کررہی تھی میرا گمان ہے کہ وہ انھیں ترکرنا چاہتی تھی میں نے اس سے ہرڈول کے بدلہ میں ایک کھجور پر معاملہ طے کرلیا میں نے سولہ (۱۶) ڈول کھینچے جنکی وجہ سے میرے ہاتھ ڈھال بن گئے پھر میں پانی لایا اور اس عورت کے پاس آیا اور کہا: میں نے اتنا پانی نکال دیا ہے ہاتھوں سے اشارہ کیا اسماعیل نے اپنے ہاتھ پھیلا کر اشارہ کیا چنانچہ عورت نے میرے لیے سولہ کھجوریں گنیں، میں نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ کو خبر کی آپ نے میرے ساتھ دل کر کھجوریں تناول فرمائیں۔ (رواہ احمد بن حنبل والدورقی وابن منیع وابونعیم فی الحلیة وفیہ آپ ﷺ نے مجھے اچھی بات کہی اور مجھے دعا دی وصحح)

۳۶۵۳۳...... حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے میں نے اپنے آپ کو رسول اللہ ﷺ کے ساتھ دیکھا ہے کہ میں نے بھوک کی وجہ سے پیٹ پر پتھر باندھ رکھے تھے جب کہ آج میرا صدقہ چالیس ہزار تک پہنچتا ہے۔

رواہ احمد بن حنبل وابونعیم فی الحلیة والدورقی والضیاء

۳۶۵۳۴...... حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ کی بیٹی میرے پاس لائی گئیں اس رات میرے پاس مینڈھے کی کھال کے علاوہ کوئی بستر نہیں تھا۔رواہ ابن المبارک فی الزھد وھناد وابن ماجه وابویعلی والدینوری فی المجالسة

۳۶۵۳۵...... حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں ڈول سے پانی کھینچتا تھا اور ایک کھجور پر ایک ڈول کھینچتا تھا اور میں شرط لگالیتا تھا کہ کھجوریں موٹی موٹی ہوں گی۔رواہ الضیاء

۳۶۵۳۶...... حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے رسول کریم ﷺ کی بیٹی سے نکاح کیا تو ہمارے پاس مینڈھے کی کھال کے علاوہ کوئی بستر نہیں تھا۔اسے بچھا کر ہم رات بسر کرلیتے اور صبح کو اسے لپیٹ لیتے اور اسی پر اونٹنی کو چارا ڈالتے۔رواہ العسکری

۳۶۵۳۷...... ''ایضا'' صالح کی روایت ہے کہ میری دادی کہتی ہیں: میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو ایک درہم کے بدلہ میں کھجوریں خریدتے دیکھا آپ نے اپنی چادر میں کھجوریں ڈال کر اٹھائیں: کسی نے کہا: امیر المؤمنین! آپ کی جگہ ہم کھجوریں اٹھالیتے ہیں آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: صاحب عیال خود بوجھ اٹھانے کا زیادہ حق رکھتا ہے۔رواہ ابن عساکر

۳۶۵۳۸...... ''ایضا'' زاذان کی روایت ہے ایک مرتبہ حضرت علی رضی اللہ عنہ اکیلے ہی بازار میں چل رہے تھے آپ والی تھے گمراہ کو سیدھی راہ دکھاتے گمشدہ چیز کا اعلان کرتے کمزوری کی مدد کرتے نیز دوسرے دوکانداروں اور سبزی فروشوں کے پاس سے گزرتے انھیں قرآن کی یاد دلاتے اور خود یہ آیت پڑھتے: ''تلک الدار الآخرة نجعلها للذین لایریدون علوا فی الارض ولا فسادا'' یہ آخرت کا ٹھکانا ہے ہم یہ ان لوگوں کو عطاء کریں گے جو دنیا میں برتری اور فساد کے درپے نہیں ہوں گے آپ رضی اللہ عنہ فرماتے: یہ آیت ان لوگوں کی شان میں نازل ہوئی ہے جو حکمرانوں میں سے اہل عدل اور اور اہل تواضع ہوں اور باقی لوگوں میں سے اہل قدرت ہوں۔

رواہ ابن عساکر

۳۶۵۳۹......"ایضاً" ابوبختری کی روایت ہے کہ ایک شخص حضرت علی رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ کی مدح کرنے لگا اور قبل ازیں آپ کو اس شخص کے متعلق کچھ بات پہنچ چکی تھی آپ نے فرمایا: ایسا نہیں جیسے تم کہتے ہو جو بات تمہارے دل میں ہے میں اس سے اوپر ہوں۔

رواہ ابن ابی الدنیا فی الصمت وابن عساکر

۳۶۵۴۰......عبداللہ بن ابی ھذیل کی روایت ہے میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ پر ایک قمیص دیکھی جو قدرے ہلکی سی تھی آپ جب اس کی آستین کھینچتے تو وہ انگلیوں تک پہنچ جاتی اور جب اسے چھوڑ دیتے تو نصف بازو کے قریب پہنچ جاتی۔ رواہ ہناد وابن عساکر

۳۶۵۴۱......عمرو بن حریث کی روایت ہے ایک مرتبہ میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا آپ رضی اللہ عنہ اپنے قصد میں تھے اور لوگوں کا آپ کے ادر گرد جمگھٹا تھا آپ لوگوں کو اپنے درے سے پیچھے ہٹا رہے تھے اور بولے: اے عمرو بن حریث میں دیکھا کرتا تھا کہ والی رعیت پر ظلم کرتا تھا لیکن اب یہ دیکھا جارہا ہے کہ رعیت والی پر ظلم کررہی ہے۔ رواہ فی کتاب المداراۃ

۳۶۵۴۲......عمرو بن قیس کی روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ پر ایک ازار دیکھا گیا جس پر پیوند لگے ہوئے تھے آپ سے اس کی وجہ دریافت کی گئی آپ نے فرمایا: اس سے مومن کی اقتداء کی جاتی ہے اور اس کے ذریعے دل میں خشوع پیدا ہوتا ہے۔

رواہ ہناد وابونعیم فی الحلیۃ

۳۶۵۴۳......عطاء ابو محمد کی روایت ہے کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ پر کربوس کی قمیص دیکھی جو دھوئی ہوئی نہیں تھی۔

رواہ ابن ابی شیبۃ وہناد

۳۶۵۴۴......عنترہ کی روایت ہے ایک تن میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا اتنے میں قنبر آ گیا اور عرض کیا: اے امیر المؤمنین آپ مال میں سے اپنا حصہ نہیں لیتے حالانکہ آپ کے گھر والوں کا اس مال میں حصہ ہے میں نے آپ کے لیے ایک چیز چھپا رکھی ہے فرمایا: وہ کیا ہے؟ کہا: چلیں اور دیکھ لیں کہ وہ کیا ہے چنانچہ آپ رضی اللہ عنہ کو قنبر نے ایک گھر میں داخل کیا اس میں کچھ برتن ہیں جو سونا اور چاندی سے بھرے ہوئے ہیں جب حضرت علی رضی اللہ عنہ نے یہ مال دیکھا تو فرمایا: تیری ماں تجھے گم پائے، تم نے ارادہ کیا ہے کہ میرے گھر میں ایک بڑی آگ داخل کرو۔ پھر آپ رضی اللہ عنہ نے سونے چاندی کو تولنا شروع کر دیا اور جو بھی آتا اسے حصہ کے مطابق دیتے گئے پھر فرمایا: یہ میرا کام ہے اور یہ مستحق مسلمانوں تک پہنچ گیا ہے اور ہر کام کرنے والے کا ہاتھ اپنے منہ میں ہوتا ہے۔ اے مال: تو مجھے دھوکا مت دے بلکہ میرے علاوہ کسی اور کو دھوکا میں ڈال۔ رواہ ابو عبید

۳۶۵۴۵......جعفر بن محمد اپنے والد سے روایت نقل کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس بہت سا مال آیا آپ نے وزن اور پرکھ کے ماہرین کو اپنے سامنے بٹھایا آپ نے ایک ڈھیر سونے کا لگایا اور ایک ڈھیر چاندی کا لگایا اور فرمایا: اے سونا چاندی! تو اپنی شعائیں بکھیرتا رہ اور چمک پھیلاتا رہ اور میرے علاوہ دوسروں کو دھوکا دے یہی میرا کام ہے میں مسلمانوں کے مال سے اپنے آپ کو آلودہ نہیں کروں گا۔

رواہ ابو عبید و ابونعیم فی الحلیۃ وابن عساکر

۳۶۵۴۶......مجمع کی روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ بیت المال میں جھاڑو دیتے اور پھر اس میں نماز پڑھتے تاکہ قیامت کے دن گواہی دی جائے کہ آپ رضی اللہ عنہ نے مسلمانوں سے بچا کر مال بیت المال میں نہیں روکے رکھا۔

رواہ احمد بن حنبل فی الزھد ومسدد وابونعیم فی الحلیۃ

۳۶۵۴۷......"مسند علی" ابومطر کی روایت ہے ایک مرتبہ میں مسجد سے باہر نکلا اچانک مجھے پیچھے سے کوئی آواز دے رہا ہے اپنی شلوار اوپر کرو چونکہ یہ چیز اللہ تعالیٰ کا ڈر دل میں زیادہ ڈالتی ہے اور اس سے تمہارے کپڑے صاف ستھرے رہیں گے اگر تم مسلمان ہو تو اپنے بال کٹوا دو کیا دیکھتا ہوں کہ وہ علی رضی اللہ عنہ ہیں اور آپ کے پاس درہ ہے آپ چلتے چلتے بازار میں جا پہنچے آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: بیچو مگر قسمیں مت کھاؤ چونکہ قسم سے مال تو بک جاتا ہے لیکن برکت جاتی رہتی ہے پھر آپ رضی اللہ عنہ کھجور فروش کے پاس آئے کیا دیکھتے ہیں کہ ایک خادمہ کھڑی رو رہی ہے آپ رضی اللہ عنہ نے اس سے رونے کی وجہ پوچھی: وہ بولی: اس شخص نے مجھے ایک درہم کی کھجوریں فروخت کی

ہیں لیکن میرے آقا نے قبول کرنے سے انکار کر دیا ہے آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ لو اور اسے درہم واپس کرو چونکہ معاملہ اس کے اختیار میں نہیں ہے۔ اس شخص نے انکار کر دیا میں نے کہا: تم جانتے ہو یہ کون ہے کہا: نہیں میں نے کہا: یہ امیر المؤمنین حضرت علی رضی اللہ عنہ ہیں دوکاندار نے کھجوریں انڈیل دیں اور درہم خادمہ کو واپس کر دیا اور کہنے لگا: امیر المؤمنین مجھے پسند ہے کہ آپ مجھ سے راضی ہو جائیں تو آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں ناراض کیوں ہوں گا جب تم لوگوں کو پورا پورا دو گے پھر آپ رضی اللہ عنہ کا کھجور فروشوں کے پاس سے گزر ہوا آپ نے فرمایا: مسکینوں کو کھلاؤ تمہاری کمائی بڑھے گی پھر آپ چل پڑے۔ حتیٰ کہ مچھلی فروشوں کے پاس جا پہنچے اور فرمایا: ہمارے بازاروں میں طافی مچھلی۔ (جو مردہ ہو کر پانی میں الٹی تیرنے لگے) نہ بیچی جائے پھر آپ رضی اللہ عنہ کپڑا فروشوں کے بازار میں آئے اور فرمایا: اے شیخ مجھے ایک اچھی سی قمیص تین دراہم میں دے دو جب آپ نے اسے پہچان لیا آپ نے اس سے کچھ نہ خریدا پھر آپ رضی اللہ عنہ ایک دوسرے شخص کے پاس آئے اور جب اسے پہچان لیا تو اس سے بھی کچھ نہ خریدا پھر آپ ایک نوجوان لڑکے کے پاس آئے آپ نے اس سے تین دراہم میں قمیص خرید لی آپ نے قمیص پہنی اس کی آستین کلائیوں تک پہنچتی تھیں اتنے میں کپڑے کا مالک آ گیا اس سے کہا گیا تمہارے بیٹے نے امیر المؤمنین کو تین دراہم میں قمیص بیچی ہے مالک نے لڑکے سے کہا: تم نے دو درہم میں قمیص کیوں نہیں بیچی مالک نے ایک درہم لیا اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس آ گیا اور کہا: یہ درہم لے لیں آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا وجہ ہے؟ مالک نے کہا: ہماری اس قمیص کی قیمت دو درہم ہے جب کہ میرے بیٹے نے تین درہم لیے ہیں: آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: لڑکے نے مجھے رضامندی سے قمیص بیچی ہے اور میں نے اس کی رضامندی حاصل کی ہے۔

رواہ ابن راھویہ واحمد بن حنبل فی الزھد وعبدبن حمید و ابویعلی والبیھقی وابن عساکر وضعف

حضرت علی رضی اللہ عنہ کا زہد

۳۶۵۴۸ ... ایک شخص روایت نقل کرتا ہے کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو ایک ازار پہنے دیکھا جو موٹا دبیز تھا آپ رضی اللہ عنہ فرما رہے تھے میں نے یہ پانچ درہم میں خریدا ہے جو مجھے ایک درہم کا فائدہ دے میں اسے بیچ دوں گا۔ رواہ البیھقی

۳۶۵۴۹ ... "مسند علی رضی اللہ عنہ" عبداللہ بن شریک اپنے دادا سے نقل کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس فالودہ لایا گیا اور آپ کے سامنے رکھ دیا گیا۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: بلاشبہ تیری خوشبو بہت اچھی ہے تیرا رنگ بڑا خوبصورت ہے اور تیرا ذائقہ بھی بہت پیارا ہے لیکن مجھے ناپسند ہے کہ میں اپنے نفس کو ایسی چیز کا عادی بناؤں جس کا وہ عادی نہیں ہے۔

رواہ عبداللہ بن احمد بن حنبل فی الزھد وابو نعیم فی الحلیۃ

۳۶۵۵۰ ... عدی بن ثابت روایت نقل کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس فالودہ لایا گیا آپ رضی اللہ عنہ نے کھانے سے انکار کر دیا۔ رواہ ھناد وابو نعیم فی الحلیۃ

۳۶۵۵۱ ... "ایضاً" زیادہ بن ملیح کی روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس ایک قسم کا حلوہ لایا گیا آپ رضی اللہ عنہ نے حاضرین کے سامنے رکھ دیا اور انھوں نے کھانا شروع کر دیا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اسلام کوئی گم گشتہ اونٹ نہیں ہے لیکن قریش اسے دیکھ کر بدکنے لگے۔

رواہ عبداللہ بن احمد بن حنبل فی الزھد وابو نعیم فی الحلیۃ

۳۶۵۵۲ ... زید بن وھب کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ حضرت علی رضی اللہ عنہ ہمارے پاس تشریف لائے آپ پر ایک چادر اور ازار تھا ازار پر آپ نے پیوند لگا رکھا تھا آپ رضی اللہ عنہ سے اس کی وجہ دریافت کی گئی تو آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں یہ دو چادریں اس لئے پہنتا ہوں تاکہ میں فخر وتکبر سے دور رہوں اور میری نماز کے لیے بہتر ہو اور مومنین ایک سنت ہو۔ رواہ ابن المبارک

حضرت علی رضی اللہ عنہ کے مراسلات

۳۶۵۵۳.....مہاجر بن عامری کی روایت ہے کہ حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ نے اپنے ایک گورنر کو وصیت نامہ لکھا جس کا مضمون یہ ہے: امابعد! رعیت سے زیادہ عرصہ روپوش مت رہو چونکہ حکمرانوں کا رعیت سے روپوش رہنا تنگی اور امور سے ناواقفیت کا ایک حصہ ہے۔ روپوشی لوگوں کے احوال سے واقفیت کو ختم کردیتی ہے۔ جس کی وجہ سے لوگوں کے ہاں بڑا آدمی کمتر ہو جاتا ہے اور کمتر بڑا ہو جاتا ہے اچھائی برائی بن جاتی ہے اور برائی اچھائی بن جاتی ہے والی انسان ہے جبتک لوگوں کے معاملات اس سے مخفی رہیں وہ معروف نہیں ہوسکتا بات کی ایسی علامات نہیں ہوتیں جن کے ذریعے سچ جھوٹ سے ممتاز ہوسکے لہٰذا لوگوں سے حجاب کرلینا ایک ایسی چیز ہے جو لوگوں کو جائز حقوق ملنے میں آڑے آجاتا ہے۔ تم دو قسم کے آدمیوں میں سے ایک ہو یا تو ایسا شخص ہے کہ حق میں خرچ کرنے پر تیرا نفس سخاوت کرتا ہوں لہٰذا تمہارا احجاب کرنا کسی قسم کے حق سے ہوگا جو تم عطا کرتے ہو یا پھر کسی اچھی عادت کو تم روکنا چاہتے ہو۔ یا تو ایسا شخص ہے جو منع میں مبتلا کردیا گیا ہو لوگو تو ان کا رک جاتا تیرے سوال سے کتنا جلد ہے جب وہ اس سے مایوس ہوں جب کہ لوگوں کے اکثر ضروری امور تجھ تک منتہی ہوتے ہیں سکایت میں تجھ پر کوئی تاوان نہیں ہے کسی ظلم میں یا طلب انصاف میں، میں نے تم سے جو کچھ بیان کیا ہے اس سے نفع اٹھاؤ اور صرف اپنے حصہ پر اکتفاء کرو اور رشد و ہدایت کا دامن ہاتھ سے مت چھوڑو۔ انشاء اللہ۔ رواہ الدینوری و ابن عساکر

۳۶۵۵۴.....مدائنی کی روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اپنے کسی گورنر کو خط لکھا جس کا مضمون یہ ہے: رک جاؤ گویا تم آخری حد تک پہنچ چکے ہو اور تمہارے اوپر تمہارے اعمال پیش کیے جاچکے ہیں ایک ایسی جگہ جہاں دھوکہ کھانے والے کو پکارا جاتا ہے اور حسرت میں ڈوب جاتا ہے جہاں وقت ضائع کرنے والا توبہ کی تمنا کرتا ہے اور ظالم رجوع کا خواہشمند ہوتا ہے۔ رواہ الدینوری و ابن عساکر

حضرت علی رضی اللہ عنہ کا قتل

۳۶۵۵۵.....حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میرے پاس عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ آئے اور میں اپنے پاؤں رکابوں میں داخل کرچکا تھا انھوں نے مجھ سے کہا: آپ کہاں جانا چاہتے ہیں؟ میں نے کہا عراق وہ بولے: آپ وہاں اس لیے جارہے ہیں تاکہ آپ وہاں تلوار کے دندانوں سے زخمی ہوں حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ کی قسم! میں نے قبل ازیں نبی کریم ﷺ کو یہی فرماتے سنا ہے۔ رواہ الحمیدی والعدنی والبزار ویعقوب بن سفیان وابویعلی وابن حبان والحاکم وابونعیم فی المعرفة وابن عساکر وسعید بن المنصور

۳۶۵۵۶.....فضالہ بن ابی فضالہ انصاری کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ میں اپنے والد کے ساتھ ینبع کی طرف حضرت علی رضی اللہ عنہ کی عیادت کرنے گئے آپ رضی اللہ عنہ ینبع میں بیمار تھے حتیٰ کہ بیماری کی وجہ سے آپ سخت بوجھل ہو چکے تھے آپ رضی اللہ عنہ سے میرے والد نے کہا: آپ یہاں کیوں مقیم ہو چکے ہیں اگر آپ یہاں مرجاتے ہیں آپ کے پاس تو صرف قبیلہ جہینہ کے اعراب ہی آنے پائیں گے لہٰذا آپ سوار ہو کر مدینہ پہنچ جائیں اگر آپ کا وقت پورا ہو بھی چکا ہے تو وہاں آپ کے ساتھی آپ سے مل پائیں گے اور آپ پر نماز بھی پڑھیں گے ابوفضالہ بدری صحابہ رضی اللہ عنہم میں سے تھے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں اس بیماری سے نہیں مروں گا چونکہ رسول کریم ﷺ نے مجھ سے وعدہ کیا ہے کہ میں اس وقت تک نہیں مروں گا جب تک کہ میری داڑھی سر کے خون سے آلودنہ ہو جائے۔

رواہ عبداللہ بن احمد بن حنبل وابن ابی شیبة والبزار والحارث وابونعیم والبیهقی فی الدلائل وابن عساکر ورجالہ ثقات

۳۶۵۵۷.....ابوطفیل کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ میں حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کے پاس تھا آپ کے پاس عبدالرحمٰن بن ملجم آیا آپ نے اس کے لیے عطاء کا حکم دیا اور پھر فرمایا: اس داڑھی کا بدبخت نہیں رک پائے گا اور اسے اوپر سے خون آلود کرے گا اور آپ نے داڑھی کی طرف اشارہ کیا: اور پھر یہ اشعار پڑھے۔

اشدد حیازیمک للموت فان الموت آتیک

ولا تجزع من القتل اذا حل بوادیک

موت کے سامنے صبر کرلو اگر تجھے موت آجائے اور قتل سے گھبرانا نہیں جب تمہیں قتل سے پالا پڑے۔رواہ ابن سعد وابو نعیم

۳۶۵۵۸۔۔۔"مسند علی رضی اللہ عنہ" عبداللہ بن سبع کہتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ہمیں خطاب کیا اور فرمایا: قسم اس ذات کی جو دانے کو پھاڑتی ہے اور جان کو پیدا کرتی ہے میرے بدن کا یہ حصہ اس حصہ سے خون آلود ہوگا لوگوں نے کہا: آپ ہمیں بتلادیں وہ کون ہوگا جو آپ کو قتل کرے گا تاکہ ہم اس کا صفایا کرلیں فرمایا: میں تمہیں اللہ تعالیٰ کا واسطہ دیتا ہوں کہ میرے قاتل کے علاوہ کوئی اور قتل کردیا جائے لوگوں نے کہا: اگر یہی بات ہے تو آپ اسی وقت اپنا خلیفہ مقرر کردیں فرمایا: نہیں لیکن میں تمہیں اس طرح حوالے کرتا ہوں جس طرح رسول اللہ ﷺ نے حوالے کیا تھا لوگوں نے کہا: جب آپ اپنے رب کے پاس پہنچ جائیں گے اس سے کیا کہیں گے جواب دیا: میں کہوں گا "میں ان پر گواہ رہا ہوں جب تک ان میں رہا حتیٰ کہ تو نے مجھے وفات دی اور وہ تیرے بندے ہیں اگر تو چاہے تو ان کی درستی فرما چاہے تو انکو بگاڑ دے۔رواہ ابن سعد وابن ابی شیبة واحمد بن حنبل والحسن بن سفیان و ابویعلی والدورقی له فی الدلائل والآلکائی فی السنة والاصبهانی فی الحجة والضیاء

۳۶۵۵۹۔۔۔"ایضاً" ابوتجی کی روایت ہے کہ جب ابن ملجم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ پر حملہ کیا تو آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس کے ساتھ وہی کچھ کرو جیسا کہ رسول اللہ ﷺ نے اس شخص کے ساتھ کیا تھا جس نے آپ کو قتل کرنے کا ارادہ کیا تھا آپ ﷺ نے فرمایا: اسے قتل کرو اور پھر اسے آگ میں جلاؤ۔رواہ احمد بن حنبل وابن جریر وصححه والحاکم وابن عساکر

۳۶۵۶۰۔۔۔"ایضاً" عبیدہ کی روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: بدبخت نہیں رکے گا آئے گا اور مجھے قتل کرے گا یا اللہ! لوگوں کو میں نے اکتایا ہے اور انھوں نے مجھے اکتایا ہے انھیں مجھ سے راحت پہنچا اور مجھے ان سے۔رواہ ابن ابی شیبة

۳۶۵۶۱۔۔۔ابوسنان دؤلی کی روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ بیمار ہوگئے اور وہ ان کی عیادت کے لیے آئے ابوسنان کہتے ہیں میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے عرض کیا: اے امیر المؤمنین! آپ کو اس بیماری میں دیکھ کر ہمیں خوف ہورہا ہے آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ کی قسم مجھے خوف نہیں ہے چونکہ میں نے رسول اللہ ﷺ جو کہ صادق ومصدوق ہیں کو فرماتے سنا ہے کہ تجھے ایک زخم یہاں لگے گا اور ایک زخم یہاں لگے گا اور آپ نے کنپٹی کی طرف اشارہ کیا پھر تمہاری داڑھی خون آلود ہوجائے گی زخم لگانے والا سب سے زیادہ بدبخت ہوگا جیسا کہ اونٹنی کی کونچیں کاٹنے والا قوم ثمود میں سب سے زیادہ بدبخت ہوا ہے۔رواہ الحاکم والبیهقی واخرجه الحاکم فی المستدرک، ۳/۱۱۳

۳۶۵۶۲۔۔۔"ایضاً" صعصعہ بن صوحان کی روایت ہے کہ جب حضرت علی رضی اللہ عنہ کو ابن ملجم نے زخمی کیا ہم آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا: اے امیر المؤمنین! آپ ہمارے اوپر کسی کو خلیفہ مقرر کرجائیں آپ نے کہا: میں تمہیں اسی طرح چھوڑتا ہوں جس طرح رسول اللہ ﷺ نے تمہیں چھوڑا تھا اور ارشاد فرمایا: تھا: اگر اللہ تعالیٰ نے تمہارے اندر بھلائی دیکھی تمہارے اوپر کسی بہترین شخص کو والی مقرر کردے گا حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کہا۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے ہمارے اندر بھلائی دیکھی تو ہمارے اوپر ابوبکر رضی اللہ عنہ کو والی مقرر کیا۔

رواہ الحاکم وابن السنی فی کتاب الاخوة

۳۶۵۶۳۔۔۔"ایضاً" صہیب حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت نقل کرتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے مجھے فرمایا: پہلے لوگوں میں سب سے بڑا بدبخت کون تھا؟ میں نے عرض کیا: اونٹنی کی کونچیں کاٹنے والا آپ نے فرمایا: تم نے سچ کہا: بعد میں آنے والوں میں سب سے بڑا بدبخت کون ہوگا؟ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ مجھے اس کا علم نہیں ہے آپ ﷺ نے فرمایا: وہ شخص ہے جو تمہیں یہاں ضرب لگائے گا اور آپ نے کنپٹی کی طرف اشارہ کیا فرمایا کرتے تھے: میں چاہتا ہوں کہ تمہارا بدبخت یوں اٹھے کہ اس کی داڑھی بھی سر کے خون سے آلود ہورہی ہو۔

رواہ ابویعلی وابن عساکر

۳۶۵۶۴۔۔۔زہری کی روایت ہے کہ ابن ملجم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو زخمی کیا جب آپ رضی اللہ عنہ نے نماز سے سر اوپر اٹھایا اور فرمایا: اپنی نماز پوری کرلو اور آپ رضی اللہ عنہ نے کسی کو آگے نہیں بڑھایا۔رواہ عبدالرزاق فی امالیه

۳۶۵۶۵...... جعفر کی روایت ہے کہ جب رمضان کا مہینہ داخل ہوا حضرت علی رضی اللہ عنہ ایک رات حضرت حسن رضی اللہ عنہ کے پاس افطار کرتے ایک رات حضرت حسین رضی اللہ عنہ کے پاس افطار کرتے اور ایک رات عبداللہ بن جعفر کے ہاں جب کہ افطاری کے وقت دو یا تین لقموں سے زیادہ نہ کھاتے آپ سے اس کی وجہ دریافت کی گئی آپ نے فرمایا: یہ تھوڑی سی راتیں میں اللہ تعالیٰ کا حکم آنا چاہتا ہے اور میں چاہتا ہوں کہ میں بھوکے پیٹ رہوں چنانچہ آپ رضی اللہ عنہ اسی رات قتل کردیئے گئے۔ رواہ العسکری

۳۶۵۶۶...... حضرت حسن رضی اللہ عنہ یا حضرت حسین رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھ سے میرے حبیب نبی کریم ﷺ کی خواب میں ملاقات ہوئی میں نے آپ سے اہل عراق کی طرف سے پیش آنے والے مصائب کی شکایت کی تاہم آپ ﷺ نے مجھ سے عنقریب راحت ملنے کا وعدہ کیا۔ چنانچہ اس کے بعد آپ رضی اللہ عنہ تین دن ہی زندہ رہے۔ رواہ العدنی

۳۶۵۶۷...... ابوصالح حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت نقل کرتے ہیں کہ میں نے نبی کریم ﷺ کو خواب میں دیکھا میں نے آپ سے امت کی طرف سے پیش آنے والے مصائب وشدائد کی شکایت کی اور میں رونے لگا آپ نے فرمایا: اے علی رونہیں۔ میں نے ایک طرف التفات کیا، کیا دیکھتا ہوں کہ دوشخص اوپر چڑھ رہے ہیں اور پھر یکا یک چٹانوں سے ان کے سر کچلے جارہے ہیں سر کچل دیئے جاتے ہیں اور پھر ٹھیک ہوجاتے ہیں ابوصالح کہتے ہیں۔ میں ہر صبح حضرت علی رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضری دیتا تھا میں آج صبح ہوتے ہی خدمت میں حاضر ہونے کے لیے چل پڑا، حتیٰ کہ جب میں جزارین پہنچا لوگوں سے ملاقات ہوئی لوگوں نے کہا: امیر المؤمنین قتل کردیئے گئے ہیں۔ رواہ ابویعلیٰ

۳۶۵۶۸...... عبیدہ کی روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ جب ابن ملجم کو دیکھتے یہ شعر پڑھتے تھے:

ارید حباء ہ ویرید قتلی عذیرک من خلیک من مرادی

میں اسے عطا کرنا چاہتا ہوں اور وہ میرا قتل چاہتا ہے تیری ضیافت تیرے مرادی دوست کی طرف سے ہوگی۔

رواہ ابن سعد وعبدالرزاق ووکیع فی الغرر

۳۶۵۶۹...... ابووائل بن سعد کی روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس مشک تھی آپ رضی اللہ عنہ نے وصیت کی تھی کہ آپ کو یہی خوشبو لگائی جائے علی رضی اللہ عنہ فرماتے تھے: یہ رسول اللہ ﷺ کی خوشبوئے حنوط سے بچی ہوئی ہے۔ رواہ ابن سعد والبیھقی وابن عساکر

۳۶۵۷۰...... عبید کی روایت ہے کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو خطاب میں فرماتے ہوئے سنا: یااللہ میں نے انھیں فلاں میں ڈالا اور انھوں نے مجھے فلاں میں ڈالا اور میں نے انھیں اکتایا ہے اور انھوں نے مجھے اکتایا ہے انھیں مجھ سے راحت پہنچا اور مجھے ان سے راحت پہنچا۔ تمہارا سب سے بڑا بدبخت میری داڑھی کو خون آلود کرنے سے نہیں رکے گا۔ رواہ عبدالرزاق وابن سعد

۳۶۵۷۱...... حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ مجھے صادق ومصدوق ﷺ نے خبر دی ہے کہ میں اس وقت تک نہیں مروں گا جب تک مجھے یہاں ضرب نہ لگائی جائے اور آپ رضی اللہ عنہ نے سر کے آگے والے حصہ کی طرف اشارہ کیا اور اس کے خون سے داڑھی نہ آلودہ ہوجائے آپ ﷺ نے مجھے فرمایا: تجھے اس امت کا سب سے بڑا بدبخت قتل کرے گا جیسا کہ ثمود کے سب سے بڑے بدبخت نے اللہ کی اونٹنی کی کونچیں کاٹ ڈالی تھیں۔

رواہ عبد بن حمید وابن عساکر

۳۶۵۷۲...... حبشی بن جنادہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا: تمہارا میرے ہاں ایسا ہی مقام ہے جیسا کہ ہارون علیہ السلام کا موسیٰ علیہ السلام کے ہاں تھا۔ البتہ میرے بعد کوئی نبی نہیں ہوگا۔ رواہ ابونعیم

۳۶۵۷۳...... ''مسند سید الحسن'' عاصم بن ضمرہ کی روایت ہے کہ جب حضرت علی رضی اللہ عنہ قتل کردیئے گئے حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہ نے خطاب کیا اور کہا: اے اہل عراق آج رات تمہارے درمیان موجود ایک شخص کو قتل کردیا گیا ہے اور آج اس مصیبت سے واسطہ پڑا ہے نہ اولین کو اس کا علم تھا اور نہ ہی آخرین اس کا ادراک کرپائیں گے جب نبی کریم ﷺ انھیں کسی سریہ پر بھیجتے تھے جبرئیل علیہ السلام ان کی دائیں طرف ہوتے اور میکائیل علیہ السلام بائیں طرف۔ اس وقت تک واپس نہ لوٹتے جب تک اللہ تعالیٰ ان کے ہاتھ پر فتح نصیب نہ فرماتا۔ رواہ ابن ابی شیبة

۳۶۵۷۴...... ''ایضاً'' ھبیرہ بن مریم کی روایت ہے کہ میں نے حضرت حسن رضی اللہ عنہ کو خطاب میں فرماتے سنا ہے: اے لوگو! گزشتہ کل تم

سے ایک شخص جدا ہو گیا ہے نہ اولین اس پر سبقت لے سکے ہیں اور نہ ہی آخرین نے اس کا ادراک کیا ہے رسول کریم ﷺ انھیں کسی مہم پر بھیجتے تھے اور جھنڈا انھیں عطا کرتے وہ اس وقت واپس لوٹتے جب اللہ تعالیٰ ان کے ہاتھ پر فتح عطاء فرما دیتے جبریل امین ان کی دائیں طرف ہوتے اور میکائیل بائیں طرف آپ نے ترکہ میں نہ سونا چھوڑا نہ چاندی بجز سات سو دراہم کے وہ بھی آپ کے عطایا سے باقی بچے تھے آپ نے ان سے ایک خادم خریدنے کا ارادہ کر رکھا تھا۔

رواہ ابن ابی شیبہ واحمد بن حنبل و ابونعیم وابن عساکر واوردہ ابن جریر من طریق الحسن عن الحسین

۳۶۵۷۵۔۔۔۔۔حضرت حسن رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ جب حضرت حسین رضی اللہ عنہ قتل کر دیئے گئے تو حضرت حسن رضی اللہ عنہ لوگوں سے خطاب کرنے کھڑے ہوئے اللہ تعالیٰ کی حمد وصلوٰۃ کے بعد فرمایا: امابعد! تم نے آج رات ایسے شخص کو قتل کیا ہے ایسی رات میں جس میں قرآن نازل ہوا ہے اسی رات عیسیٰ علیہ السلام آسمانوں پر اٹھائے گئے اسی رات یوشع بن نون موسیٰ علیہ السلام کے خادم قتل کئے گئے اور اسی رات میں بنی اسرائیل کی توبہ قبول کی گئی۔رواہ ابویعلی وابن جریر وابن عساکر

۳۶۵۷۶۔۔۔۔۔محمد بن عبداللہ بن ابی رافع اپنے دادا سے روایت نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا: تمہیں میری سنت پر قتل کیا جائے گا۔رواہ ابن عدی وابن عساکر

۳۶۵۷۷۔۔۔۔۔صہیب کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے فرمایا: اولین میں سب سے بڑا بدبخت شخص کون تھا؟ عرض کیا: اونٹنی کی کونچیں کاٹنے والا۔فرمایا: آخرین میں سب سے بڑا بدبخت کون ہوگا؟ عرض کیا: میں نہیں جانتا، ارشاد فرمایا: وہ شخص جو تمہیں اس سر پر مارے گا چنانچہ حضرت علی رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے تھے اے اہل عراق میں چاہتا ہوں ایک بدبخت ترین شخص اٹھ کھڑا ہو جو سر سے داڑھی کو خون آلود کرے گا۔رواہ الرویانی وابن عساکر

۳۶۵۷۸۔۔۔۔۔عثمان بن صہیب عبداللہ سے روایت نقل کرتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا: اولین میں بڑا اشقی کون تھا؟ عرض کیا: اونٹنی کو قتل کرنے والا۔فرمایا: تم نے سچ کہا: آخرین میں بڑا اشقی کون ہوگا؟ عرض کیا: یارسول اللہ! میں نہیں جانتا فرمایا: جو تمہیں یہاں (یعنی سر پر) ضرب لگائے گا اور آپ نے کنپٹی کی طرف اشارہ کیا۔رواہ ابن عساکر

۳۶۵۷۹۔۔۔۔۔''مسند علی رضی اللہ عنہ'' عبیداللہ بن ابی رافع کی روایت ہے کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو فرماتے سنا جب کہ لوگ آپ رضی اللہ عنہ کی ایڑیوں پر چڑھے ہوئے تھے اور آپ کی ایڑیوں کو خون آلود کر دیا تھا آپ نے فرمایا: یا اللہ! میں نے لوگوں کو ملال میں ڈال دیا ہے اور انھوں نے مجھے ملال میں ڈال دیا ہے یا اللہ مجھے ان کی طرف سے بھلائی عطاء فرما اور میری طرف سے انھیں شر میں مبتلا کر چنانچہ یہی دن ہوا حتیٰ کہ آپ کے سر پر ضرب لگا دی گئی۔رواہ ابن عساکر

۳۶۵۸۰۔۔۔۔۔''ایضاً'' سعید بن مسیب کی روایت ہے میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو منبر پر دیکھا آپ فرما رہے تھے ضرور اس سے اس کو رنگدار کیا جائے گا آپ نے اپنی داڑھی اور ماتھے کی طرف ہاتھ سے اشارہ کیا کس چیز نے بدبخت کو روکے رکھا ہے میں کہا: حضرت علی رضی اللہ عنہ نے یہ بات کہہ کر علم غیب کا دعویٰ کر دیا ہے جب آپ رضی اللہ عنہ قتل کر دیئے گئے تب میں سمجھا کہ آپ سے اس وقوعہ کا وعدہ کیا گیا ہے۔

رواہ ابن عساکر

۳۶۵۸۱۔۔۔۔۔ابوصالح حنفی کی روایت ہے کہ میں حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کو ہاتھ میں قرآن مجید پکڑے ہوئے دیکھا اور اسے اپنے سر پر رکھ کر فرمایا: یا اللہ! لوگوں نے مجھے اس سے منع کر رکھا ہے جو کچھ اس میں ہے یا اللہ! یا اللہ! میں نے انھیں ملال میں ڈالا ہے اور انھوں نے مجھے ملال میں ڈالا ہے میں نے ان سے بغض کیا ہے اور انھوں نے مجھ سے بغض کیا ہے انھوں نے میری طبیعت کے خلاف کرنے پر مجھے ابھارا حالانکہ میری عادت اور میرے اخلاق ایسے نہیں ہیں مجھے ان کے متعلق بھلائی سے بدل دے اور انھیں مجھ سے شر سے بدل دے یا اللہ! ان کے دلوں کو مردہ کر دے یعنی اہل کوفہ کے دلوں کو۔رواہ ابن عساکر

۳۶۵۸۲۔۔۔۔۔''مسند علی رضی اللہ عنہ'' کی روایت ہے کہ معاویہ بن جوین حضرمی کہتے ہیں: حضرت علی رضی اللہ عنہ ایک مرتبہ گھوڑوں کا معائنہ

فرمارہے تھے، آپ کے پاس سے ابن ملجم گزرا آپ رضی اللہ عنہ نے اس سے اس کا نام دریافت کیا۔ یا اس کے نسب کے متعلق پوچھا۔ اس نے اپنے آپ کو غیر باپ کی طرف منسوب کر دیا آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم نے جھوٹ بولا پھر اس نے باپ کی طرف نسبت ظاہر کی فرمایا: تم نے سچ کہا: خبردار مجھے رسول کریم ﷺ نے حدیث بیان فرمائی ہے کہ میرا قاتل یہودیوں کے مشابہ ہوگا چنانچہ ابن ملجم یہودی تھا یہ سن کر آگے چل پڑا۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۵۸۳..... "ایضاً" عثمان بن مغیرہ کی روایت ہے کہ جب رمضان کا مہینہ داخل ہوا حضرت علی رضی اللہ عنہ کبھی حضرت حسن رضی اللہ عنہ کے ہاں شام کا کھانا کھاتے کبھی حسین رضی اللہ عنہ کے ہاں اور کبھی ابن عباس رضی اللہ عنہ کے ہاں لیکن آپ تین لقموں سے زیادہ نہ تناول فرماتے۔ اور کہتے: میرے پاس اللہ تعالیٰ کا حکم آنا چاہتا ہے اور میں بھوکا رہنا چاہتا ہوں چنانچہ ایک یا دو راتیں گزرنے پائی تھیں کہ آپ رات کے آخری حصہ میں شہید کر دیئے گئے۔ رواہ یعقوب بن سفیان وابن عساکر

۳۶۵۸۴..... "ایضاً" حسن بن کثیر اپنے والد سے روایت نقل کرتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نماز فجر کے لیے گھر سے باہر نکلے اتنے میں بہت سارے گرگٹ سامنے آگئے اور چیخنے لگے۔ لوگوں نے گرگٹوں کو دور بھگایا اور آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: انھیں چھوڑ دو یہ نوحہ کر رہے ہیں چنانچہ ابن ملجم نے آپ کو زخمی کر دیا۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۵۸۵..... "ایضاً" اصبغ حنظلی کی روایت ہے کہ جس رات حضرت علی رضی اللہ عنہ زخمی کئے گئے طلوع فجر کے وقت ابن بناح آیا اور آپ رضی اللہ عنہ کو نماز کی اطلاع کی آپ رضی اللہ عنہ لیٹے ہوئے تھے اور بدن بوجھل ہو رہا تھا ابن بناح دوسری بار پھر آیا اور پھر تیسری بار آیا حضرت علی رضی اللہ عنہ اٹھ کر چل پڑے اور یہ اشعار پڑھ رہے تھے:

شد حیازیمک للموت
فان الموت لاقیک
ولا تجزع من الموت
اذا حل بوادیک

موت کے آگے سینہ سپر رہو یقیناً تمہیں موت کا سامنا کرنا ہوگا جب موت آجائے اس سے مت گھبراؤ۔

چنانچہ جب آپ رضی اللہ عنہ باب صغیر تک پہنچے ابن ملجم نے آپ پر حملہ کر دیا اور آپ کو زخمی کر دیا۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۵۸۶ "ایضاً" ابن حنفیہ سے مروی ہے کہ ایک مرتبہ حمام میں ہمارے پاس ابن ملجم آیا میں حسن اور حسین رضی اللہ عنہ حمام میں بیٹھے ہوئے تھے جب داخل ہوا تو وہ دونوں۔ (حسن رضی اللہ عنہ وحسین رضی اللہ عنہ) اس سے کھٹک گئے پوچھا کہ تمہیں ہمارے پاس آنے کی جرأت کیسے ہوئی۔ میں نے ان دونوں سے کہا: اسے چھوڑ دو کیونکہ میری عمر کی قسم! وہ جو کچھ تمہارے ساتھ کرنا چاہتا ہے وہ اس سے زیادہ تکلیف دہ ہے جو اس نے کیا جب وہ دن آیا کہ اسے گرفتار کر کے لایا گیا تو ابن حنفیہ نے کہا: آج کے دن میں اس کو اس دن سے زیادہ پہچاننے والا نہیں ہوں جس دن ہمارے پاس حمام میں داخل ہوا تھا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ اسیر ہے اس لیے اس کی ضیافت اچھی طرح سے کرو اور سے اچھا ٹھکانا دو اگر میں بچ گیا تو اسے قتل کروں گا یا معاف کر دوں گا اگر میں مر گیا تو اسے میرے قصاص میں قتل کر دو اور حد سے آگے نہ بڑھو چونکہ حد سے آگے بڑھنے والوں کو اللہ تعالیٰ پسند نہیں کرتا۔ رواہ ابن سعد

۳۶۵۷۸..... حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے مجھ سے پوچھا: پہلے لوگوں میں سب سے بڑا بد بخت کون ہوا ہے؟ میں نے عرض کیا: اونٹنی کو زخمی کرنے والا۔ فرمایا: تم نے سچ کہا: پوچھا: بعد میں آنے والوں میں سب سے بڑا بد بخت کون ہوگا؟ میں نے عرض کیا: مجھے معلوم نہیں آپ ﷺ نے فرمایا: وہ شخص جو تمہیں یہاں ضرب لگائے گا جیسا کہ اونٹنی کو زخمی کرنے والا قوم ثمود کے بنی فلاں کا سب سے بڑا بد بخت تھا آپ ﷺ نے اس بد بخت کی نسبت نچلے خاندان کی طرف کی ہے نہ کہ ثمود کی طرف۔ رواہ ابن مردویہ

۳۶۵۷۹..... "ایضاً" جعفر بن محمد اپنے والد سے روایت نقل کرتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ جب صبح کے وقت گھر سے باہر تشریف لانے

آپ کے پاس درہ ہوتا جس سے آپ لوگوں کو بیدار کرتے تھے آپ نے وہی درہ ابن ملجم کے مارا اور فرمایا: اسے کھانا کھلاؤ پانی پلاؤ اور اس کی قید و بند کو اچھا کرو اگر میں زندہ رہا تو اس کے خون کا میں خود مالک ہوں گا اگر چاہوں گا اسے معاف کردوں گا اگر چاہوں گا تو اس پر اقدام کرلوں گا اور اگر میں مرگیا اسے قتل کردینا اور اس کی لاش کا مثلہ نہ کرنا۔ رواہ الشافعی والبیہقی

۳۶۵۸۹...... ''ایضاً'' زہیر بن اقمر کی روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ہمیں خطاب کرتے ہوئے فرمایا: خبردار! کچھ لوگ معاویہ کی طرف سے نمودار ہونے والے ہیں میں یہی سمجھتا ہوں کہ یہ لوگ مجتمع ہو کر تمہارے اوپر غالب آجائیں گے اور وہ اپنا باطل تمہارے اوپر مسلط کردیں گے اور تمہیں حق سے علیحدہ کردیں گے اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ اپنے امیر کی اطاعت کرتے ہیں اور تم اپنے امیر کی نافرمانی کرتے ہو وہ لوگ امانتدار ہیں اور تم خائن ہو، چنانچہ میں نے فلاں شخص کو عامل مقرر کیا اس نے دھوکا دیا اور سارا مال معاویہ کے پاس لے گیا۔ میں نے فلاں شخص کو عامل مقرر کیا اس نے بھی خیانت کی دھوکا دیا اور مال معاویہ کے پاس لے گیا حتیٰ کہ اگر میں کسی کے پاس لکڑ کا ایک پیالہ بھی امانت رکھوں وہ اس میں بھی ضیافت کرے گا اور مجھے اس پر بھروسہ نہیں یا اللہ! میں نے ان لوگوں سے بغض کیا انھوں نے مجھ سے بغض کیا انہیں مجھ سے راحت پہنچا اور مجھے ان سے راحت پہنچا۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۵۹۰...... اصبغ بن نباتہ کی روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میرے خلیل ﷺ نے مجھے بتایا ہے کہ میں سترہ رمضان میں زخمی کیا جاؤں گا اسی رات موسیٰ علیہ السلام نے وفات پائی اور میں بائیس (۲۲) رمضان میں وفات پاؤں گا اسی رات عیسیٰ علیہ السلام آسمانوں پر اٹھائے گے۔

رواہ العقیلی وابن الجوزی فی الواهیات

کلام:...... حدیث موضوع ہے دیکھئے التنزیہ ۱/۳۶۴ والفوائد المجموعۃ ۱۱۲۱۔

تتمہ عشرہ مبشرہ رضی اللہ عنہ اجمعین

حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ

۳۶۵۹۱...... ''مسند عمر رضی اللہ عنہ'' ابن عباس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے طلحہ رضی اللہ عنہ کا ذکر کیا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: رسول اللہ ﷺ کے ساتھ جب اس کا ہاتھ زخمی ہوا ہے اس وقت سے اسمیں تعظیم آ گئی ہے۔ رواہ الطبرانی

۳۶۵۹۲...... طلحہ بن عبید اللہ کی روایت ہے کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے ام ابان بنت عتبہ بن ربیعہ بن عبد شمس کو پیغام نکاح بھیجا ام ابان نے انکار کردیا اس سے انکار کی وجہ دریافت کی گئی کہنے لگی: اگر گھر میں داخل ہو خوف سے داخل ہوتا ہے باہر نکلے تب بھی خوف برپا کرتا ہے اس پر ایسی کیفیت طاری ہے کہ دنیا کے معاملات سے اسے غافل کردیا ہے یوں لگتا ہے گویا وہ اپنی آنکھ سے اپنے رب تعالیٰ کو دیکھ رہا ہے پھر حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ نے ام ابان کو پیغام نکاح بھیجا اس نے انکار کردیا انکار کی وجہ دریافت کی گئی تو کہنے لگی: اس کی بیوی کو صرف اون کی لٹوں سے شہد میسر ہوسکتا ہے پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اسے پیغام نکاح بھیجا لیکن ام ابان نے انکار کردیا اس سے انکار کی وجہ سے دریافت کی گئی کہنے لگی اس کی بیوی اس سے صرف اپنی خواہش ہی پوری کرسکتی ہے اور کہتا ہے کہ میں تھا وہ تھا اور میں تھا اور وہ تھا پھر اسے طلحہ رضی اللہ عنہ نے پیغام بھیجا کہنے لگی: جی ہاں یہی میرا خاوند بن سکتا ہے وجہ دریافت کی گئی کہ یہ کیسے؟ کہنے لگی: میں اس کی عمدہ عادات سے بخوبی واقف ہوں اگر گھر میں داخل ہوتا ہے تو ہنستا ہوا داخل ہوتا ہے اور باہر جاتا ہے تو مسکراتے ہوئے نکلتا ہے اگر میں اس سے کچھ مانگوں گی وہ مجھے عطاء کرے گا اگر میں خاموش رہوں تو وہ خود ابتدا کردے گا اگر میں کام کروں گی تو وہ شکر ادا کرے گا اور اگر مجھ سے غلطی سرزد ہوئی تو معاف کردے گا چنانچہ جب حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ ام ابان کو۔ (بعد از نکاح) اپنے گھر لائے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے طلحہ رضی اللہ عنہ سے کہا: اے ابو محمد! اگر مجھے اجازت دو میں ام ابان سے بات کرلوں؟ کہا: جی ہاں اجازت ہے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حجلہ عروسی کا پردہ اٹھایا اور پھر کہا: السلام علیکم! اے اپنے آپ

کو بالاتر سمجھنے والی! ام ابان نے کہا: وعلیکم السلام حضرت علی رضی اللہ عنہ بولے: تجھے امیر المؤمنین سید المسلمین نے پیغام نکاح بھیجا تم نے انکار کردیا ام ابان بولی: جی ہاں یہی بات ہے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کہا: تجھے رسول اللہ ﷺ کے پھوپھی زاد بھائی جو رسول اللہ ﷺ کے حواری ہیں نے پیغام نکاح بھیجا تم نے انکار کردیا بولی: جی ہاں یہی بات ہے پھر کہا: میں نے تجھے پیغام نکاح بھیجا حالانکہ میری رسول اللہ ﷺ کے ساتھ قرابتداری بھی ہے لیکن تم نے انکار کردیا بولی جی ہاں بات ایسی ہی ہے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: بخدا! تم نے ایسے شخص سے شادی کی ہے جو ہم سب سے زیادہ خوبصورت ہے زیادہ سخی ہے وہ یوں اور یوں عطاء کرتا ہے۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۵۹۳...... نزال بن سبرہ کی روایت ہے کہ لوگوں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے کہا: آپ ہمیں طلحہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں بتاتے ہیں، حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس شخص کے متعلق کتاب اللہ میں یہ آیت کریمہ نازل ہوئی ہے" فمنهم من قضى نحبه و منهم من ينتظر " ان میں سے کچھ ایسے ہیں جو اپنی حاجت پوری کر چکے اور کچھ انتظار میں ہیں۔ چنانچہ طلحہ رضی اللہ عنہ ان لوگوں میں سے ہیں جنھوں نے اپنی حاجت پوری کرلی ہے اور مستقبل میں اس پر کوئی حساب نہیں ہوگا۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۵۹۴...... ''مسند جابر بن عبداللہ'' غزوہ احد میں جب لوگ رسول کریم ﷺ سے دور ہوگئے تو آپ ﷺ کے پاس صرف طلحہ رضی اللہ عنہ باقی رہے مشرکین نے ان دونوں کو گھیر لیا رسول کریم ﷺ نے فرمایا: ان مشرکین کا سامنا کون کرے گا؟ حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ان کا سامنا میں کروں گا چنانچہ طلحہ رضی اللہ عنہ ہر طرف سے مشرکین کو پیچھے دھکیلنے لگے اور اسی دوران حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ کی انگلیاں کٹ گئیں اس پر کہا: حس'' (یہ ایک کلمہ ہے جو تکلیف پہنچنے پر غفلت میں انسان کے منہ سے نکل جاتا ہے) رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اے طلحہ! اگر تم ''بسم اللہ'' کہہ دیتے یا اللہ تعالیٰ کا ذکر کر لیتے فرشتے تمہیں اوپر اٹھا لیتے لوگ تمہیں دیکھتے رہ جاتے اور تم ہوا کے دوش پر فضا کو چیرتے ہوئے آسمانوں میں داخل ہوجاتے۔

رواہ ابونعیم

۳۶۵۹۵...... ''مسند سلمہ بن اکوع'' حضرت طلحہ بن عبید رضی اللہ عنہ نے پہاڑ کے دامن میں ایک کنواں خریدا اور لوگوں کو کھانا کھلایا رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے طلحہ! یقیناً تم بڑے فیاض ہو۔ رواہ الحسن بن سفيان و ابونعيم فى المعرفة و ابن عساكر

کلام:...... حدیث ضعیف ہے دیکھئے ذخیرۃ الحفاظ ۱۵۔

۳۶۵۹۶...... حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے منیٰ میں حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ کی طرف دیکھا اور فرمایا: یہ شہید ہے جو سطح زمین پر چل رہا ہے۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۵۹۷...... حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: طلحہ جنت میں داخل ہوگا حضرت عمر رضی اللہ عنہ طلحہ رضی اللہ عنہ کی طرف متوجہ ہوئے اور انھیں مبارکباد دینے لگے۔ رواہ ابن عدی و ابن عساکر

کلام:...... حدیث ضعیف ہے دیکھئے ذخیرۃ الحفاظ: ۳۴۶۷۔

۳۶۵۹۸...... حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: بخدا! ایک دن میں اپنے گھر میں تھی جب کہ رسول اللہ ﷺ اور آپ کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم صحن میں تھے ہمارے درمیان پردہ حائل تھا اتنے میں طلحہ بن عبیداللہ رضی اللہ عنہ آنکلے رسول کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جسے یہ بات خوش کرتی ہو کہ وہ سطح زمین پر چلتے ہوئے ایسے شخص کو دیکھے جو اپنی حاجت پوری کرچکا ہے اسے چاہئے کہ وہ طلحہ کو دیکھ لے۔

رواہ ابویعلی و ابن عساکر

۳۶۵۹۹...... مجاہد کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے حضرت طلحہ بن عبیداللہ رضی اللہ عنہ کی طرف دیکھا اور فرمایا: یہ ان لوگوں میں سے ہے جو اپنی حاجت پوری کرچکے ہیں۔ رواہ الواقدی و ابن عساکر

۳۶۶۰۰...... زہری کی روایت ہے غزوہ احد کے موقع پر جب مسلمانوں کو شکست ہوئی اور رسول اللہ ﷺ سے دور ہوگئے حتیٰ کہ آپ کے پاس مہاجرین و انصار میں سے صرف بارہ آدمی باقی رہے ان میں سے ایک طلحہ بن عبیداللہ رضی اللہ عنہ بھی تھے ایک مشرک تلوار لے کر رسول اللہ ﷺ کے چہرہ اقدس پر ضرب لگانے کے لیے آگے بڑھا حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ نے تلوار کا وار اپنے ہاتھ پر روکا اور جب تلوار ہاتھ پر لگی کہا: ''حس''

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے طلحہ! رک جاتم نے بسم اللہ" کیوں نہیں کہا اگر تم بسم اللہ کہہ دیتے یا اللہ کا ذکر کر دیتے فرشتے تمہیں اوپر اٹھا لیتے اور لوگ تمہیں دیکھتے رہ جاتے۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۶۰۱..... حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ احد کے دن حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ کے آگے ڈھال بنے کھڑے تھے اتنے میں ایک مشرک آگے بڑھا تا کہ رسول اللہ ﷺ پر حملہ کردے اس کے وار کو طلحہ رضی اللہ عنہ نے اپنے ہاتھ پر روکا جب تلوار ہاتھ پر گی تو حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ کے منہ سے نکل گیا "حس" نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اگر تم بسم اللہ" کہہ دیتے تمہیں فرشتے اوپر اٹھا لیتے۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۶۰۲..... ابوسعید کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ ہم رسول کریم ﷺ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے اتنے میں حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ کا گزر ہوا نبی کریم ﷺ نے فرمایا: یہ شہید ہے جو سطح زمین پر چل رہا ہے۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۶۰۳..... حضرت اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ حضرت طلحہ بن عبید اللہ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے آپ نے فرمایا: اے طلحہ! تم ان لوگوں میں سے ہو جنہوں نے اپنی حاجت پوری کرلی ہے۔ رواہ ابن مندہ وابن عساکر

۳۶۶۰۴..... حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ میرے اور عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ کے درمیان کچھ مال تھا جو ہم نے اپنے اپنے حصہ کا آپس میں تقسیم کرلیا عبدالرحمن رضی اللہ عنہ نے میری زمین سے پانی پینا چاہا میں نے انہیں منع کردیا چنانچہ عبدالرحمن نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور میری شکایت کردی نبی کریم ﷺ نے فرمایا: کیا تم ایسے شخص کی شکایت کرتے ہو جس نے اللہ کی راہ میں گھوڑے دوڑائے ہیں؟ عبدالرحمن میرے پاس آئے اور مجھے بشارت دی میں نے کہا: اے میرے بھائی اس مال کی وجہ سے تم نے رسول اللہ ﷺ سے میری شکایت کی ہے ہاں ایسی بات ہوئی ہے پھر کہا میں اللہ اور اللہ کے رسول کو گواہ بناتا ہوں کہ یہ مال تمہارا ہے۔ رواہ ابونعیم وابن عساکر وفیہ سلیمان الطلحی

۳۶۶۰۵..... حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ جب مجھے دیکھتے فرماتے تھے یہ دنیا وآخرت میں میرا خزانہ ہے۔

رواہ ابونعیم وابن عساکر وفیہ سلیمان الطلحی

کلام:..... حدیث ضعیف ہے دیکھئے ذخیرۃ الحفاظ ۱۹۵۱:۳۔

۳۶۶۰۶..... حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ غزوہ احد کے دن میں نبی کریم ﷺ کو اپنے کاندھوں پر اٹھا کر لے آیا اور ایک چٹان پر آپ کو رکھ دیا آپ مشرکین کی طرف سے چٹان کی اوٹ میں ہوگئے رسول اللہ ﷺ نے ہاتھ سے پیٹھ پیچھے اشارہ کیا کہ یہ جبرئیل علیہ السلام ہیں اور یہ مجھے بتا رہے ہیں کہ قیامت کے دن تمہیں جس قسم کی ہولناکی میں دیکھیں گے وہاں سے تمہیں نکال دیں گے۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۶۰۷..... حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں غزوہ احد کے دن میں یہ رجز یہ اشعار پڑھتا رہا ہوں۔

نحن حماۃ غالب ومالک

نذب عن رسولنا المبارک

نضرب عنہ القوم فی المعارک

ضرب صفاح الکوم فی المبارک

ہم غالب ومالک خدا تعالیٰ کے حمایتی ہیں اور اپنے رسول اللہ ﷺ جو مبارک ہیں ان کا دفاع کررہے ہیں ہم ان کی طرف سے معرکوں میں لوگوں کے سروں پر وار کرتے ہیں۔

چنانچہ جب رسول اللہ ﷺ احد سے واپس لوٹے حضرت حسان رضی اللہ عنہ سے فرمایا: طلحہ کی مدح میں اشعار کہو حضرت حسان رضی اللہ عنہ نے یہ اشعار پڑھے۔

وطلحة یوم الشعب آسی محمدا علی ساعة ضاقت علیه وشقت

گھاٹی والے دن طلحہ نے محمد ﷺ کی بھرپور غمخواری کی ایک ایسی گھڑی میں جو سخت تنگی اور مشقت والی تھی۔

یقیه بکفیه الرماح واسلمت اشاجعه تحت السیوف فشلت

اپنے ہاتھوں سے تیروں کو روکتا رہا جس کی وجہ سے اس کی انگلیاں تلواروں تلے شل ہوگئیں۔

وکان امام الناس الا محمدا اقام رحی الا سلام حتی استقلت

محمد ﷺ لوگوں کے امام تھے اسلام کی چکی کو قائم ودائم رکھا حتیٰ کہ اسلام میں استقلال آ گیا حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ کی مدح میں یہ اشعار کہے۔

حمی نبی الهدی والخیل تتبعه حتی اذا ما لقو حامی عن الدین

اس نے ہدایت دینے والے نبی کی حفاظت کی جب کہ گھوڑے اس کے پیچھے لگے ہوئے تھے حتیٰ کہ جب مقابلہ ہوا تو وہ دین کی حفاظت کر چکے تھے۔

صبر اعلی الطعن اذولت حما تهم والناس من بین مهدی ومفتون

نیزوں کے زخموں پر صبر کیا جب حفاظت کرنے والے منہ پھیر چکے جب کہ لوگ ہدایت ملنے اور فتنہ میں پڑنے کے بین بین تھے۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے طلحہ رضی اللہ عنہ کی مدح میں یہ شعر کہا:

حمی نبی الهدی بالسیف منصلتا لما تو لی جمیع الناس وانکشفوا

ہدایت پہنچانے والے نبی کی تلوار سے حفاظت کی جب لوگ پیٹھ پھیر کر ادھر ادھر ہوگئے۔

نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اے عمر! تم نے سچ کہا: رواہ ابن عساکر وفیه سلیمان بن ایوب الطلحی

۳۶۶۰۸..... ''مسند زبیر'' حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ میں نے رسول کریم ﷺ کو ارشاد فرماتے سنا۔ (یعنی غزوہ احد کے دن) طلحہ نے اپنے لیے جنت واجب کردی ہے جب طلحہ رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ کے سامنے اپنی آپ کو ڈھال بنالیا تھا۔

رواہ ابن ابی شیبة وابویعلی

حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ

۳۶۶۰۹..... عروہ کی روایت ہے کہ مطیع بن اسود کہتے ہیں میں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا: اگر میں کوئی وعدہ کرتا یا کوئی ترکہ چھوڑتا مجھے زیادہ محبوب تھا کہ اس کا ذمہ دار میں زبیر رضی اللہ عنہ کو بناتا چونکہ وہ ارکان دین میں سے ایک رکن ہیں۔

رواہ یعقوب بن سفیان و ابونعیم فی المعرفه وابن عساکر

۳۶۶۱۰..... عروہ کی روایت ہے کہ حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ، ابن مسعود رضی اللہ عنہ عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ مطیع بن اسود رضی اللہ عنہ نے حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کو وصیت کی زبیر رضی اللہ عنہ نے مطیع سے کہا میں تمہاری وصیت قبول نہیں کرتا۔ اس پر مطیع نے کہا میں آپ کو اللہ تعالیٰ کا واسطہ دیتا ہوں کہ اس سے میں نے صرف حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا قول مراد لیا ہے چنانچہ میں نے حضرت رضی اللہ عنہ کو فرماتے سنا کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اگر میں کوئی وعدہ کرتا یا کوئی ترکہ چھوڑتا میں اس کی وصیت صرف زبیر کو کرتا۔ چونکہ زبیر ارکان دین میں سے ایک رکن ہے۔ رواہ یعقوب بن سفیان وابونعیم والبیهقی

۳۶۶۱۱..... مطیع بن اسود کہتے ہیں میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو فرماتے سنا ہے کہ تم میں سے کوئی شخص زبیر کو وصی مقرر کرے بلاشبہ زبیر اسلام کے ستونوں میں سے ایک ستون ہے۔ رواہ الدارقطنی فی الافراد و ابونعیم وابن عساکر

۳۶۶۱۲..... ''مسند عمر رضی اللہ عنہ'' ابولھیعہ کی روایت ہے کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے ایک شخص کو کہتے سنا: میں حواری کا بیٹا ہوں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس سے کہا: کیا مردوں کی طرف سے زبیر تمہارا باپ ہے؟ جواب دیا: نہیں فرمایا: کیا عورتوں کی طرف ہے؟ جواب دیا: نہیں آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں تمہیں ہرگز یہ نہ کہتا سنوں کہ میں حواری کا بیٹا ہوں چونکہ میں رسول کریم ﷺ کو فرماتے سنا کہ زبیر میرا حواری ہے۔

رواہ ابن عساکر

۳۶۶۱۳...... حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جو مسلمان شخص کوئی ترکہ چھوڑے اس کا سب سے اچھا ذمہ دار زبیر ہے۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۶۱۴...... ابن عمر رضی اللہ عنہما کی روایت ہے ایک مرتبہ زبیر رضی اللہ عنہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور کہا: مجھے اجازت دیں تاکہ میں اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کروں حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ کو کافی ہے جو تم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ جہاد کر چکے ہو اگر میں اس کھائی کے منہ کو بند نہیں کروں گا تو امت محمد ﷺ ہلاک ہو جائے گا۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۶۱۵...... ذر کی روایت ہے کہ ابن جرموز جو کہ زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ کا قاتل تھا نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس آنے کی اجازت طلب کی حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ابن صفیہ کا قاتل دوزخ میں داخل ہو گیا ہے۔ چونکہ میں نے رسول کریم ﷺ کو ارشاد فرماتے سنا ہے کہ ہر نبی کا ایک حواری ہوتا ہے میرا حواری زبیر ہے۔ رواہ الطبرانی والشاشی و ابویعلی وابن جریر وصححہ

۳۶۶۱۶...... موسیٰ بن عبیدہ، عبداللہ بن عبیدہ کی سند سے حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے غزوہ خندق کے موقع پر فرمایا: کوئی شخص ہے جو ہمارے پاس بنی قریظہ کی خبر لائے؟ زبیر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ کام میں کروں گا چنانچہ حضرت زبیر رضی اللہ عنہ اپنے گھوڑے پر سوار ہوئے اور بنو قریظہ کی خبر لائے، دوسری بار پھر رسول اللہ ﷺ نے ہی مطالبہ کیا حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے دوسری بار بھی آمادگی ظاہر کی پھر تیسری بار بھی آمادگی ظاہر کی اس کے بعد نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ہر نبی کا ایک حواری ہوتا ہے میرا حواری زبیر ہے۔ رواہ البزاز

۳۶۶۱۷...... حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ غزوہ خندق کے موقع پر نبی کریم ﷺ نے فرمایا: کون شخص جائے گا جو ہمارے پاس لوگوں کی خبر لائے گا؟ چنانچہ زبیر رضی اللہ عنہ گھوڑے پر سوار ہوئے اور خبر لائے چنانچہ دو یا تین مرتبہ ایسا کیا: جب آخری بار زبیر رضی اللہ عنہ گھوڑے پر سوار ہوئے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ہر نبی کا ایک حواری ہوتا ہے اور میرا حواری میرا پھوپھی زاد بھائی زبیر ہے۔ راوی کہتے ہیں اس دن نبی کریم ﷺ نے زبیر رضی اللہ عنہ کے لیے اپنے ماں باپ دنوں جمع کر کے فرمایا: میرے ماں اور باپ تجھ پر قربان ہوں۔

رواہ ابن عساکر

۳۶۶۱۸...... عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: ہر نبی کا ایک حواری ہوتا ہے اور میرا حواری زبیر ہے اور وہ میرا پھوپھی زاد بھائی بھی ہے۔ رواہ ابن جریر

۳۶۶۱۹...... ابن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت ہے کہ مشرکین میں سے ایک آدمی نے نبی کریم ﷺ کو گالی دی نبی کریم ﷺ نے فرمایا: میری طرف سے میرے دشمن کی کون کفایت کرے گا؟ حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یہ کام میں کروں گا زبیر رضی اللہ عنہ نے اس مشرک کو للکارا اور اسے قتل کر دیا۔ رواہ ابن جریر

۳۶۶۲۰...... اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ مشرکین کا ایک آدمی اپنے اوپر اسلحہ سجا کر ایک اونچی جگہ پر کھڑا ہوا اور الکار کر کہنے لگا: میرے مقابلہ میں کون آئے گا؟ رسول کریم ﷺ نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں سے ایک شخص سے فرمایا: کیا تم اس کی طرف کھڑے ہوئے ہو؟ اس شخص نے کہا: یا رسول اللہ! اگر آپ چاہیں تو میں تیار ہوں۔ اچانک زبیر رضی اللہ عنہ نے آمادگی ظاہر کی رسول کریم ﷺ نے زبیر رضی اللہ عنہ کی طرف دیکھا اور فرمایا: اے ابن صفیہ کھڑے ہو جاؤ؟ زبیر رضی اللہ عنہ چل کر مشرک کے پاس جا پہنچے اور اس کے ساتھ کھڑے ہو گئے دونوں نے آپس میں دو دو ہاتھ کئے پھر ایک دوسرے سے چمٹ گئے اور لڑھکنے لگے رسول کریم ﷺ نے فرمایا: جو بھی نیچے ٹک گیا وہ قتل کر دیا جائے گا نبی کریم ﷺ اور صحابہ رضی اللہ عنہم نے دعا کرنی شروع کر دی چنانچہ کافر نیچے ہوا اور زبیر رضی اللہ عنہ اس کے سینے پر چڑھ گئے اور اسے قتل کر دیا۔

رواہ ابن جریر

۳۶۶۲۱...... سعید بن مسیب رحمۃ اللہ علیہ کی روایت ہے کہ اللہ تعالیٰ کی راہ میں سب سے پہلے حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ نے تلوار سونتی ہے چنانچہ زبیر رضی اللہ عنہ ایک رات سو رہے تھے کہ اچانک آواز سنی "رسول اللہ ﷺ قتل کر دیئے گئے ہیں" زبیر رضی اللہ عنہ ننگی تلوار لئے گھر سے باہر نکل آئے اور دیوار کے پیچھے تلے انہیں نبی کریم ﷺ مل گئے اور فرمایا: اے زبیر تمہیں کیا ہوا؟ عرض کیا: میں نے سنا ہے کہ آپ قتل کر دیئے گئے ہیں فرمایا: تم نے کیا کرنے کا ارادہ کر لیا ہے عرض کیا: میں نے ارادہ کیا ہے کہ اہل مکہ سے دو چار ہاتھ کھیل لوں نبی کریم ﷺ نے زبیر رضی اللہ عنہ کے لیے دعائے

خیر کی چنانچہ اسدی نے اسی کے متعلق یہ اشعار کہے ہیں:

هـــذاک آول سیف ســـل فـــی غـــضـــب
للہ سیف الـــز بیـــر الـــمـــنـــضـــی انـــفـــاً
حـــمیة سبـــقـــت مـــن فـــضـــل بـــخـــدتـــه
قـــد یـــجـــس البـــخـــدات الـــمـــجـــس الا رفـــا

یہ پہلی تلوار جو اللہ تعالیٰ کے لیے غصہ میں سونتی گئی جو کہ زبیر کی سونت ہوئی تلوار ہے یہ وہ بت ہے جو اس کی بہادری پر سبقت لے گئی کبھی کبھی بہادروں کو نرمی روک دیتی ہے۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۶۲۲.....عروہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے غزوہ خندق کے موقع پر فرمایا: کون شخص جائے گا جو میرے پاس بنوقریظہ کی خبر لائے گا؟ زبیر رضی اللہ عنہ گھوڑے پر سوار ہوئے اور خبر لائے چنانچہ تین مرتبہ گئے اور خبر لائے۔ نبی کریم ﷺ نے زبیر رضی اللہ عنہ کے لیے والدین جمع کر کے فرمایا: میرے ماں باپ تم پر فدا جائیں اور فرمایا: ہر نبی کا ایک حواری ہوتا ہے میرا حواری زبیر ہے اور وہ میرا پھوپھی زاد بھائی بھی ہے۔

رواہ ابن ابی شیبۃ

۳۶۶۲۳.....عروہ کی روایت ہے کہ اسلام میں سب سے پہلی تلوار جو مکہ میں سونتی گئی وہ زبیر رضی اللہ عنہ کی تلوار ہے۔ چنانچہ زبیر رضی اللہ عنہ کو خبر پہنچی کہ نبی کریم ﷺ قتل کردیئے گئے ہیں انھوں نے اپنی تلوار نیام سے باہر نکال لی اور کہا: میں جس شخص سے ملوں گا اسے قتل کروں گا نبی کریم ﷺ کو خبر پہنچی آپ نے تلوار پکڑ لی تلوار پر ہاتھ پھیرا اور زبیر رضی اللہ عنہ کو دعا دی۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۶۲۴.....عروہ کی روایت ہے کہ مہاجرین میں سوائے زبیر رضی اللہ عنہ کوئی شخص ایسا نہیں جس نے اپنی ماں کے ساتھ ہجرت کی ہو۔

رواہ ابن عساکر

۳۶۶۲۵.....عروہ کی روایت ہے کہ غزوہ بدر میں نبی کریم ﷺ کے ساتھ دو گھوڑے تھے ان میں سے ایک پر زبیر رضی اللہ عنہ سوار تھے۔

رواہ ابن سعد وابن عساکر

۳۶۶۲۶.....عروہ کی روایت ہے کہ بدر کے موقع پر جبرئیل علیہ السلام زبیر رضی اللہ عنہ کی صورت میں نازل ہوئے اور انھوں نے زرد رنگ کا عمامہ لپیٹ رکھا تھا۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۶۲۷.....عروہ کی روایت ہے کہ زبیر رضی اللہ عنہ نے بدر والے دن زرد رنگ کا عمامہ باندھ رکھا تھا اس پر نبی کریم ﷺ نے فرمایا: فرشتے زبیر کی شکل میں نازل ہو رہے ہیں۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۶۲۸.....عروہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ کو بدر کے دن ایک قباء عطا فرمائی تھی جو ریشم کی بنی ہوئی تھی زبیر رضی اللہ عنہ نے یہی پہن کر جنگ لڑی۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۶۲۹.....عروہ کی روایت ہے کہ فرشتے بدر کے دن زبیر رضی اللہ عنہ کی صورت میں نازل ہوئے فرشتوں نے اپنے اوپر زرد رنگ کے عمامے لپیٹ رکھے تھے اور ان کے شملے پیٹھ پیچھے ڈال رکھے تھے حضرت زبیر رضی اللہ عنہ پر زرد رنگ کا عمامہ تھا۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۶۳۰.....حضرت اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ عنہما کی روایت ہے کہ میرے پاس زبیر رضی اللہ عنہ کے دو ریشم کے بنے ہوئے بازو بند تھے نبی کریم ﷺ نے وہ دونوں حضرت اسماء رضی اللہ عنہا کو دیئے ہوئے تھے زبیر رضی اللہ عنہ یہی پہن کر جنگ لڑتے تھے۔

رواہ احمد بن حنبل وابن عساکر

۳۶۶۳۱.....ابن شہاب کی روایت ہے کہ حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ نے سرزمین حبشہ کی طرف ہجرت کی پھر وہاں سے نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور پھر مدینہ کی طرف ہجرت کی۔ رواہ ابو نعیم فی المعرفۃ

۳۶۶۳۲.....حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے حضرت زبیر بن عوام اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے

درمیان مواخات قائم کی۔رواہ ابن عساکر

۳۶۶۳۳۔۔۔حضرت زبیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول کریم ﷺ نے غزوہ قریظہ کے دن میرے لیے اپنے ماں باپ جمع کرکے فرمایا: تم پر میرے ماں باپ فدا ہوں۔رواہ ابن ابی شیبۃ

۳۶۶۳۴۔۔۔"ایضاً" جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ میں نے حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ کو فرماتے سنا وہ زبیر رضی اللہ عنہ سے فرمارہے تھے اے ابوعبداللہ! کیا رسول اللہ ﷺ نے تمہیں یہاں حکم دیا تھا کہ جھنڈا گاڑ دو۔رواہ ابونعیم فی المعرفۃ

۳۶۶۳۵۔۔۔"ایضاً" محمد بن کعب کی روایت ہے کہ زبیر رضی اللہ عنہ میں تبدیلی نہیں ہوتی تھی۔رواہ ابونعیم

۳۶۶۳۶۔۔۔"ایضاً" عروہ کی روایت ہے کہ حضرت زبیر رضی اللہ عنہ طویل القامت تھے حتی کہ جب گھوڑے پر سوار ہوتے ان کی ٹانگیں زمین پر گھسٹتی جاتی تھیں۔رواہ ابونعیم ابن عساکر

۳۶۶۳۷۔۔۔عروہ کی روایت ہے کہ سب سے پہلے جس شخص نے تلوار سونتی (اسلام میں) وہ زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ ہیں چنانچہ زبیر رضی اللہ عنہ نے کوئی شیطانی آواز سنی کہ رسول اللہ ﷺ پکڑ لیے گئے ہیں زبیر رضی اللہ عنہ اپنی تلوار لے کر نکل پڑے جب کہ رسول اللہ ﷺ مکہ میں اوپر کی طرف تھے آپ نے زبیر رضی اللہ عنہ سے فرمایا: اے زبیر تمہیں کیا ہوا؟ زبیر رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: مجھے خبر دی گئی ہے کہ آپ پکڑے گئے ہیں رسول اللہ ﷺ نے زبیر رضی اللہ عنہ کے لیے دعا کی اور تلوار واپس کی۔رواہ ابونعیم وابن عساکر

۳۶۶۳۸۔۔۔عروہ کی روایت ہے کہ حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے ایک دفعہ کوئی شیطانی آواز سنی کہ محمد ﷺ پکڑ لیے گئے ہیں یہ واقعہ اسلام لانے کے بعد کا ہے اس وقت ان کی عمر بارہ سال تھی زبیر رضی اللہ عنہ اپنی تلوار سونتے دوڑ پڑے حتی کہ مکہ کے اوپر والے حصہ میں نبی کریم ﷺ کے پاس پہنچ گئے نبی کریم ﷺ نے پوچھا تمہیں کیا ہوا عرض کیا میں سنا ہے کہ آپ پکڑ لئے گئے ہیں نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اگر معاملہ ایسا ہی ہوتا تم کیا کرتے؟ عرض کیا: میں اپنی اس تلوار سے آپ کو پکڑنے والے پر حملہ کرتا رسول اللہ ﷺ نے زبیر رضی اللہ عنہ اور ان کی تلوار کے لیے دعا کی زبیر رضی اللہ عنہ واپس لوٹ آئے چنانچہ اللہ تعالیٰ کی راہ میں یہ پہلی تلوار ہے جو نیام سے نکالی گئی۔رواہ ابونعیم وابن عساکر

۳۶۶۳۹۔۔۔"ایضاً" حفص بن خالد کی روایت ہے کہ مجھے ایک بوڑھے نے حدیث سنائی ہے جو موصل میں ہمارے پاس آیا تھا وہ کہتا ہے ایک دفعہ سفر میں میں زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ کے ساتھ ہولیا چنانچہ بیابان جگہ میں زبیر رضی اللہ عنہ کو جنابت لاحق ہوگئی انھوں نے مجھے ہا میرے آگے پردہ کرلو میں نے پردہ کرلیا اور میں ان کے قریب ہوگیا جب میں نے ان کی طرف التفات کیا تو کیا دیکھتا ہوں کہ ان کا جسم تلواروں کے زخموں سے چھلنی ہے میں نے کہا: بخدا میں تمہارے جسم پر نشانات دیکھ رہا ہوں جو میں نے کبھی کسی پر نہیں دیکھے زبیر رضی اللہ عنہ نے کہا: کیا تم یہ دیکھ چکے ہو؟ میں نے کہا: جی ہاں پھر فرمایا: اللہ کی قسم! جو زخم بھی ہے وہ اللہ تعالیٰ کی راہ میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ لگا ہے۔
رواہ ابونعیم وابن عساکر

۳۶۶۴۰۔۔۔زبیر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: بنی قریظہ کی خبر لینے کون جائے گا میں نے عرض کیا: میں جاؤں میں خبر لینے چلا گیا اور جب واپس آیا آپ نے مجھے فرمایا: میرے ماں باپ تمہارے فدا جائیں۔روہ ابونعیم

۳۶۶۴۱۔۔۔زبیر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے میرا ہاتھ پکڑ کر فرمایا: ہر نبی کا ایک حواری ہوتا ہے اور میرا حواری زبیر ہے اور وہ میرا پھوپھی زاد بھائی ہے زبیر رضی اللہ عنہ سے سوال کیا گیا: اے ابوعبداللہ! کیا آپ جانتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے حواری کا خطاب آپ کے علاوہ کسی اور کو دیا ہے؟ جواب دیا نہیں۔رواہ ابن عساکر

۳۶۶۴۲۔۔۔"ایضاً" عروہ کی روایت ہے کہ زبیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں مسلمانوں کے کسی غزوہ سے پیچھے نہیں رہا الا یہ کہ جب پلٹ آؤں تو ایسے لوگوں سے ملا ہوں جو معصیت میں مبتلا ہیں۔رواہ ابن عساکر

۳۶۶۴۳۔۔۔"ایضاً" زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے میرے لیے میری اولاد کے لیے اور میری اولاد کی اولاد کے لیے دعا فرمائی ہے۔رواہ ابویعلی وابن عساکر

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ

۳۶۶۴۴... ''مسند صدیق رضی اللہ عنہ'' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے رسول کریم ﷺ کو سنا ہے کہ آپ سعد رضی اللہ عنہ کے لیے فرما رہے تھے یا اللہ! اس کے تیر کونشانے پر درست لگا اس کی دعا قبول فرما فوراً اُسے اپنا دوست بنا لے۔ رواہ ابن عساکر وابن النجار

۳۶۶۴۵... حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ میں نے رسول کریم ﷺ کو نہیں سنا کہ حضرت سعد رضی اللہ عنہ کے علاوہ کسی پر اپنے ماں باپ کو فدا کیا ہو چنانچہ احد کے دن میں نے آپ ﷺ کو فرماتے سنا ہے: اے سعد تیر برساؤ میرے ماں باپ تمہارے اوپر فدا جائیں۔

رواہ الطبرانی وابن ابی شیبۃ واحمد بن حنبل والعدنی واحمد بن حنبل والبخاری ومسلم والترمذی والنسائی وابن ماجہ وابو عوانۃ و ابو یعلی و ابن حبان وابن جریر

۳۶۶۴۶... ''مسند عمر رضی اللہ عنہ'' سعید بن مسیب رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کی ایک لڑکی باہر نکلی لڑکی نے نئی قمیص پہن رکھی تھی تیز ہوا چلنے کی وجہ سے قمیص بدن سے ہٹ گئی۔ (اور بدن کا کچھ حصہ ظاہر ہو گیا) حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے لڑکی کو کوڑا دے مارا اتنے میں حضرت سعد رضی اللہ عنہ آ گئے تا کہ عمر رضی اللہ عنہ کو منع کریں حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کوڑے سے ان کی خبر لے لی سعد رضی اللہ عنہ عمر رضی اللہ عنہ کے لیے بد دعا کرنے لگے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے یہ دیکھ کر کوڑا سعد رضی اللہ عنہ کو دیا اور کہا: چلو بدلہ لے لو۔ سعد رضی اللہ عنہ نے عمر رضی اللہ عنہ کو معاف کر دیا۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۶۴۷... حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت ہے کہ ایک رات رسول کریم ﷺ میرے پہلو میں لیٹے ہوئے تھے اور فرمانے لگے: کاش کوئی نیک آدمی ہوتا جو آج رات میری چوکیداری کرتا ہم اسی حالت میں تھے کہ ہم نے اسلحہ کی آواز (جھنکار) سنی آپ نے فرمایا: یہ کون ہے؟ عرض کیا: میں سعد بن ابی وقاص ہوں آیا ہوں تا کہ آپ کی چوکیداری کروں سعد رضی اللہ عنہ آپ ﷺ کی چوکیداری کرنے بیٹھ گئے رسول اللہ ﷺ سو گئے حتیٰ کہ میں آپ کے خراٹوں کی آواز سننے لگے۔ رواہ ابونعیم

۳۶۶۴۸... حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے میں نے نبی کریم ﷺ کو نہیں دیکھا کہ بجز سعد رضی اللہ عنہ کے کسی کو فدا کہا ہو چنانچہ سعد رضی اللہ عنہ سے فرمایا: میرے ماں باپ تم پر فدا ہوں۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۶۴۹... حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے سعد رضی اللہ عنہ کے علاوہ کسی کے لیے اپنے والدین کو جمع کر کے فدا نہیں کہا چنانچہ احد کے دن آپ نے فرمایا: تیر برساؤ میرے ماں باپ تمہارے اوپر فدا جائیں مزید ان سے فرمایا: اے بہادر لڑکے تیر برساؤ مجھے نہیں معلوم کہ نبی کریم ﷺ نے حضرت سعد رضی اللہ عنہ کے علاوہ کسی اور کو بہادر لڑکے کے خطاب سے پکارا ہو۔ رواہ ابن شہاب

مصنف کہتے ہیں حضرت سعد رضی اللہ عنہ کے بقیہ فضائل صرف میں نے عن اسماء صحابہ رضی اللہ عنہم میں آئیں گے۔

حضرت ابوعبیدہ بن الجراح رضی اللہ عنہ

۳۶۶۵۰... ''مسند صدیق رضی اللہ عنہ'' حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ جب حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے حضرت ابوعبیدہ بن الجراح رضی اللہ عنہ کو شام روانہ کیا تو ان سے فرمایا: میں چاہتا ہوں تمہیں معلوم ہونا چاہئے کہ میرے نزدیک تمہاری کتنی عزت ہے اور میرے ہاں تمہارا کتنا مقام ہے قسم اس ذات کی جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے سطح زمین پر مہاجرین وانصار میں کوئی شخص ایسا نہیں جسے میں تمہارے برابر سمجھتا ہوں اور نہ ہی اس شخص کو یعنی عمر رضی اللہ عنہ کو جب کہ اس شخص کا میرے ہاں عظیم مقام ہے لیکن تمہارا ایک الگ مقام ہے۔

رواہ ابن عساکر

۳۶۶۵۱... موسیٰ بن عقبہ کی روایت ہے کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: رسول کریم ﷺ نے ابوعبیدہ بن الجراح رضی اللہ عنہ کے

لیے تین باتیں ارشاد فرمائیں وہ مجھے سرخ اونٹوں سے بھی زیادہ محبوب ہیں۔ لوگوں نے عرض کیا: اے خلیفہ رسول وہ کیا ہیں؟ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہم رسول کریم ﷺ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے رسول اللہ ﷺ انھیں پیچھے سے دیکھنے لگے اور پھر ہماری طرف متوجہ ہو کر فرمایا: یقیناً یہاں دو مومن کاندھے ہیں رسول اللہ ﷺ ہمارے پاس تشریف لائے آپ نے گمان کیا کہ ہم کسی ایسی چیز میں پڑے ہوئے ہیں جسے سننا ناپسند کرتے ہیں ہم آپس میں باتیں کر رہے تھے اور ہم خاموش ہو گئے پھر آپ نے فرمایا: میں اپنے ایک صحابی کے متعلق کچھ کہنا چاہتا تھا الا یہ کہ وہ ابوعبیدہ ہے ہمارے پاس اہل نجران کا وفد آیا ہوا تھا وفد نے کہا: اے محمد! ہمارے پاس ایک آدمی بھیجو جو تمہارے لیے حق قبضہ کرلائے اور ہم اسے دیں گے رسول کریم ﷺ نے فرمایا: قسم اس ذات کی جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے میں تمہارے ساتھ طاقتور اور امانتدار شخص کو بھیجوں گا حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے اس مرتبہ کے علاوہ کبھی امارت کا شوق نہیں ہوا میں نے آس امید میں سر اوپر اٹھایا تاکہ میں دیکھ سکوں چنانچہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اے ابوعبیدہ کھڑے ہو جاؤ آپ نے ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ کو اہل نجران کے ساتھ روانہ کیا۔

رواہ ابن عساکر

۳۶۶۵۲..... ''مسند عمر رضی اللہ عنہ'' شرع بن عبید و راشد بن سعد وغیرہما کی روایت ہے کہ جب حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ مقام سرغ پہنچے انھیں بتایا گیا کہ شام میں سخت وبا (طاعون) پھیلی ہوئی ہے آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے خبر پہنچی ہے کہ شام میں سخت وبا پھیلی ہوئی ہے اگر مجھے موت نے آن لیا اور ابوعبیدہ بن الجراح زندہ ہوں میں انھیں خلیفہ مقرر کرتا ہوں اگر اللہ تعالیٰ نے مجھے پوچھا کہ امت محمد ﷺ پر ابوعبیدہ کو کیوں خلیفہ مقرر کیا ہے؟ میں کہونگا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو ارشاد فرماتے سنا ہے: ہر نبی کا ایک امین ہوتا ہے اور میرا امین ابوعبیدہ بن الجراح ہے لوگوں نے آپ رضی اللہ عنہ کی بات کو اوپرا تصور کیا اور کہنے لگے: قریش کے اونچے طبقہ کا کیا ہوا؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر مجھے موت نے آن لیا دراں حالیکہ ابوعبیدہ بھی وفات پا جائیں تو میں معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کو خلیفہ مقرر کرتا ہوں اگر میرے رب تعالیٰ نے مجھ سے پوچھا کہ اسے کیوں خلیفہ مقرر کیا ہے؟ میں کہوں گا کہ میں نے میرے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا ہے: قیامت کے دن وہ چند علماء کے آگے آگے لایا جائے گا یعنی قیامت کے دن معاذ رضی اللہ عنہ علماء کی قیادت کر رہے ہوں گے۔

رواہ احمد بن حنبل وابن جریر وھو صحیح ورواہ ابو نعیم فی الحلیۃ من طرق عن عمر

۳۶۶۵۳..... حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے اپنے آپ کو امارت کے لیے کبھی پیش نہیں کیا بجز ایک بار کے وہ اس طرح کہ ایک بار اہل نجران رسول کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ سے اپنے عامل کی شکایت کی آپ نے فرمایا: میں تمہارے اوپر ایسے شخص کو عامل مقرر کر کے روانہ کروں گا جو نہایت امین ہے چنانچہ میں ان لوگوں میں شامل تھا جو اس فضلیت کو حاصل کرنے میں ایک دوسرے پر سبقت لے رہے تھے تاہم آپ رضی اللہ عنہ نے ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ کو بھیجا اور مجھے چھوڑ دیا۔ رواہ ابویعلی والحاکم وابن عساکر

۳۶۶۵۴..... ثابت بن حجاج کی روایت ہے کہ مجھے خبر پہنچی ہے کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر میں ابوعبیدہ بن الجراح رضی اللہ عنہ کو پالیتا میں اسے خلیفہ مقرر کرتا اور کسی سے مشورہ بھی نہ لیتا اگر اس کا مجھ سے سوال کیا جاتا میں کہتا: میں نے اللہ اور اس کے رسول کے امین کو خلیفہ مقرر کیا ہے۔ رواہ ابن سعد وابن عساکر

۳۶۶۵۵..... ابن ابی نجیح کی روایت کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے اپنے ہم جلیسوں سے فرمایا: تم لوگ کوئی تمنا کرو لوگوں نے اپنی سوچ کے مطابق تمنا کی آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: لیکن میں نے یہ تمنا کی ہے کہ ایک ایسا گھر ہو جو ابوعبیدہ بن الجراح جیسے لوگوں سے بھرا ہوا ہو سفیان رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں: ایک شخص نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے پوچھا: کیا آپ نے اسلام کی پرواہ نہیں کی؟ فرمایا: یہی تو ہے جس کا میں نے ارادہ کیا ہے۔ رواہ ابن سعد

۳۶۶۵۶..... شہر بن خوشب کی روایت ہے کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر میں ابوعبیدہ بن الجراح رضی اللہ عنہ کو پالیتا میں انھیں خلیفہ مقرر کرتا میرا رب مجھ سے ان کے متعلق سوال کرتا میں کہتا: میں نے تیرے نبی کریم ﷺ کو فرماتے سنا ہے کہ وہ اس امت کے امین ہیں۔

رواہ ابن سعد

۳۶۶۵۷..... حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ کے پہلو میں نیزہ لگا رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: یقیناً یہاں ہی مومن پہلو ہے۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۶۵۸..... حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ نبی کریم رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: ہر امت کا ایک امین ہوتا ہے اور ہماری امت کا امین ابوعبیدہ بن الجراح ہے۔ فرمایا کہ ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ کے پہلو میں نیزے کا کچوکا لگا فرمایا یہ مومن کا پہلو ہے۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۶۵۹..... حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: کچھ لوگ رسول کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ سے عرض کیا: ہمارے ساتھ اپنے کسی امانتدار شخص کو روانہ کریں جسے ہم اپنے صدقات دیں رسول اللہ ﷺ نے صحابہ رضی اللہ عنہم پر نظر دوڑائی مجھے شوق ہوا کہ آپ مجھے دیکھیں اور بلالیں تاہم آپ کی نظر مجھ سے تجاوز کر گئی اس وقت میں چاہتا تھا کہ زمین پھٹ جائے اور میں اس میں گھس جاؤں۔ چنانچہ آپ نے ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ کو بلایا اور فرمایا: یہ اس امت کا امین ہے ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ کو ان کے ساتھ بھیجا۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۶۶۰..... حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ کے پاس نجران کے دوسردار عاقب اور سید آئے عرض کیا: ہمارے ساتھ ایک ایسا شخص بھیجیں جو نہایت درجے کا امین ہو آپ نے فرمایا: میں تمہارے ساتھ ضرور ایسے شخص کو بھیجوں گا جو سچا امین ہوگا نبی کریم ﷺ کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے اس فضلیت کے لیے اپنے سر اوپر اٹھا لیے تاہم آپ ﷺ نے فرمایا: اے ابوعبیدہ کھڑے ہو جاؤ چنانچہ آپ نے ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ کو ان کے ہمراہ بھیجا۔ رواہ ابن ابی شیبة

۳۶۶۶۱..... حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ اہل نجران حضور نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا ہمارے لیے ایک شخص بھیجیں جو امین (امانتدار) ہو ارشاد فرمایا: میں آپ کے ساتھ ایسے شخص کو بھیجوں گا جو سچا امین ہوگا۔ تین بار فرمایا لوگ سر اٹھا کر دیکھنے لگے تاہم آپ ﷺ نے ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ کو بھیجا۔ رواہ احمد بن حنبل والدویانی وابویعلی و ابونعیم وابن عساکر

۳۶۶۶۲..... حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ بن الجراح رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ایک شخص ان کے پاس آیا اور انھیں روتے ہوئے پایا، اس نے کہا: اے ابوعبیدہ آپ کیوں رو رہے ہیں؟ فرمایا: مجھے یہ بات رلا رہی ہے کہ ایک دن رسول اللہ ﷺ نے ہمیں یاد دلایا کہ جب اللہ تعالیٰ مسلمانوں پر فتوحات کے دروازے کھول دے گا اور غنیمتیں ان کے پاس آنے لگیں گی حتیٰ کہ آپ نے شام کا بھی ذکر کیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اے ابوعبیدہ! اگر اللہ تعالیٰ نے تمہاری عمر بڑھادی تمہارے لئے تین خادم کافی ہوں گے ایک خادم جو تمہاری خدمت کرے گا ایک خادم جو تمہارے ساتھ سفر میں ہوگا اور ایک خادم جو تمہارے گھر والوں کی خدمت کرے گا۔ تمہیں تین سواریوں کے جانور کافی ہیں ایک سواری تمہارے اپنے چلنے کے لیے ایک سواری تمہارے بوجھ کے لیے اور ایک سواری تمہارے لڑکے کے لیے پھر میں ہوں کہ اپنے گھر کی طرف دیکھ رہا ہوں جو غلاموں سے بھرا پڑا ہے اور میں اپنے اصطبل کی طرف دیکھتا ہوں جو گھوڑوں اور چوپایوں سے اٹا پڑا ہے اب میں اس کے بعد رسول اللہ ﷺ سے کیسے ملاقات کروں گا جب کہ رسول اللہ ﷺ نے ہمیں وصیت کی ہے اور ارشاد فرمایا ہے کہ تم میں سے مجھے سب سے زیادہ محبوب اور میرے قریب تر وہ شخص ہے جو مجھ سے اس حال پر ملاقات کرے گا جس حال پر اس نے مجھے چھوڑا ہے۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۶۶۳..... "ایضاً" قتادہ کی روایت ہے کہ ابوعبیدہ بن الجراح رضی اللہ عنہ نے فرمایا: بخدا مجھے پسند ہے کہ میں ایک مینڈھا ہوتا جسے میرے گھر والے ذبح کر کے میرا گوشت کھا لیتے اور میرے ہٹورے کے خم پی لیتے عمران بن حصین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: بخدا مجھے پسند ہے کہ میں کسی اونچے ٹیلے پر پڑی ہوئی خاک ہوتا جسے تند و تیز ہوا اڑا دیتی۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۶۶۴..... "ایضاً" عروہ بن زبیر کی روایت ہے کہ حضرت ابوعبیدہ بن جراح اور ان کے اہل خانہ طاعون عمواس سے محفوظ تھے تاہم ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یا اللہ! اپنا حصہ ابوعبیدہ کی آل کو بھی عطا فرما چنانچہ ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ کی چنگل پر طاعون کا دانہ نکل آیا اور آپ رضی اللہ عنہ اس کی طرف دیکھنے لگے کسی نے کہا: یہ تو معمولی سا ہے یہ کچھ بھی نہیں فرمایا: مجھے امید ہے کہ اللہ تعالیٰ اس میں برکت عطا کرے گا جب قلیل میں برکت کرتا ہے تو وہ کثیر ہو جاتا ہے۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۶۶۵..... حارث بن عمیرہ حارثی کی روایت ہے کہ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ نے انھیں ابوعبیدہ بن الجراح رضی اللہ عنہ کی طرف بھیجا

تا کہ ان کا حال دریافت کر آئیں جب کہ ان پر طاعون کا حملہ ہو چکا تھا چنانچہ حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ نے حارث کو طاعون کا دانہ دکھا جوان کی کف دست پر نکلا ہوا تھا حارث کے دل میں اس کی کیفیت بڑھ گئی اور اس کو دیکھتے ہی الگ ہو گئے حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ نے قسم کھائی کہ انھیں یہ بات محبوب نہیں کہ اس کی جگہ ان کے لیے سرخ اونٹ ہوں۔رواہ ابن عساکر

۳۶۶۶۶ ..... ''ایضاً'' سعید بن ابی سعید مقبری کی روایت ہے جب حضرت ابوعبیدہ بن الجراح رضی اللہ عنہ طاعون میں مبتلا ہوئے آپ اردن میں تھے اور وہیں آپ کی قبر بھی ہے آپ نے مسلمانوں میں سے جو وہاں موجود تھا اسے اپنے پاس بلایا اور کہا: میں تمہیں وصیت کرتا ہوں اگر تم اسے قبول کرو گے خیر و بھلائی پر قائم رہو گے نماز قائم کرتے رہو زکوۃ دیتے رہو رمضان کے روزے رکھو صدقہ و حج وعمرہ کرو ایک دوسرے کی بھلائی چاہو اپنے امراء کے لیے خیر خواہ رہو ان سے دھوکا مت کرو اور تمہیں دنیا غافل نہ کرنے پائے اگر کسی کو ہزار سال عمر بھی مل جائے آسے ضرور موت کا سامنا کرنا ہے جسے تم اب دیکھ رہے ہو اللہ تعالیٰ نے بنی آدم پر موت فرض کر دی ہے وہ ضرور مر کر رہیں گے بنی آدم میں سب سے زیادہ عقلمند وہ ہے جو اپنے رب کی زیادہ اطاعت کرنے والا ہے اور اپنے آخری دن کیلئے زیادہ سے زیادہ عمل کرتا ہے۔ والسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔

اے معاذ بن جبل! لوگوں کو نماز پڑھاؤ چنانچہ ابوعبیدہ بن الجراح رضی اللہ عنہ نے جان جان آفریں کے سپرد کر دی اور حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نے لوگوں کا نظام سنبھال لیا اور فرمایا: اے لوگو! اللہ تعالیٰ کے حضور اپنے گناہوں سے پکی اور سچی توبہ کرو چونکہ جو شخص اپنے گناہوں سے توبہ تائب ہو کر اللہ تعالیٰ سے ملاقات کرتا ہے اللہ کا حق ہو جاتا ہے کہ اس بندے کو معاف کرے الا یہ کہ اس پر کسی کا قرض ہو چونکہ بندہ قرض میں پکڑا جاتا ہے تم میں سے جو شخص اپنے بھائی کو چھوڑتے ہوئے صبح کرے (یعنی اس سے ناراض ہو) وہ اس سے مل لے اور اس سے مصافحہ کرے کسی مسلمان کے لیے جائز نہیں کہ وہ اپنے بھائی کو تین دن سے زائد چھوڑے اور یہ کبیرہ گناہ ہے۔رواہ ابن عساکر

حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ

۳۶۶۶۷ ..... ''مسند عثمان رضی اللہ عنہ'' ابن مسیب کی روایت ہے کہ اصحاب نبی کریم ﷺ چاہتے تھے کہ حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ اور حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ آپس میں خرید وفروخت کا مقابلہ کریں تا کہ ہم جانچ سکیں کہ ان میں سے بڑا تاجر کون ہے چنانچہ عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے ایک گھوڑا خریدا جو کسی دوسری جگہ تھا اور وہ گھوڑا چالیس ہزار درہم میں خریدا سودے میں یہ شرط لگا دی کہ اگر گھوڑا صحیح وسالم پالیا گیا تب، معاملہ طے ہوئے پر عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ آگے بڑھ گئے تھوڑا دور جانے پر واپس لوٹ آئے اور کہا: میں آپ کو چھ ہزار دراہم زیادہ دوں گا بشرطیکہ میرے قاصد نے اگر اسے صحیح وسالم پالیا عثمان رضی اللہ عنہ نے کہا: جی ہاں ٹھیک ہے چنانچہ قاصد نے گھوڑا امردہ پایا اور یوں دوسری شرط کے ذریعے بیع سے نکل گئے۔رواہ عبدالرزاق والبیہقی

۳۶۶۶۸ ..... ''ایضاً'' ابراہیم بن عبدالرحمٰن بن عوف کی روایت ہے کہ ہم حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کے ساتھ مکہ کے راستے میں جا رہے تھے۔ عثمان رضی اللہ عنہ نے عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ کو دیکھا اور فرمایا: کسی شخص کے بس میں نہیں کہ وہ اس بوڑھے کی دو ہجرتوں کی فضیلت حاصل کر سکے یعنی ہجرت حبشہ اور ہجرت مدینہ۔رواہ ابن عساکر

۳۶۶۶۹ ..... ''مسند علی رضی اللہ عنہ'' ابراہیم بن قارظ کی روایت ہے کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو فرماتے سنا جب عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ وفات پا گئے: میں نے ان کے خالص وصاف عمل کو پالیا اور ان کی نرمی سے آگے نکل گیا۔رواہ الحاکم

۳۶۶۷۰ ..... حارث بن صمہ انصاری رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ غزوہ احد کے دن رسول کریم ﷺ ایک گھاٹی میں تھے آپ نے مجھ سے پوچھا: کیا تم نے عبدالرحمٰن بن عوف کو دیکھا ہے؟ میں نے کہا: جی ہاں یا رسول اللہ! میں نے انھیں پہاڑ کے دامن میں دیکھا ہے اور ان پر مشرکین کا ایک بڑا ہجوم چھایا ہوا ہے۔ میں نے چاہا کہ ان کی طرف جاؤں اور ان کا دفاع کروں لیکن میں نے آپ کو دیکھا تو آپ کی طرف پلٹ آیا نبی کریم ﷺ نے فرمایا: خبردار! فرشتے اس کے ساتھ مل کر لڑ رہے ہیں۔ چنانچہ میں عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ کی طرف چل پڑا میں نے انھیں سات آدمیوں کے

درمیان پایا جو مقتول پچھاڑے گئے تھے میں نے کہا: آپ تو صحت مند رہے کیا ان سب کو آپ نے قتل کیا ہے؟ انھوں نے جواب دیا: اس کو اسطات بن عبد سرجیل نے قتل کیا ہے اور یہ دو میں نے قتل کیے ہیں رہی بات ان مقتولین کی سو یہ اس نے قتل کیے ہیں جسے میں دیکھ نہیں سکتا۔ میں نے کہا: اللہ اور اللہ کے رسول نے سچ فرمایا۔ رواہ ابن مندہ والطبرانی وابونعیم

۳۶۶۷۱..... عمرو بن وھب ثقفی کی روایت ہے کہ ہم حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ کے پاس تھے ان سے پوچھا گیا، کیا اس امت میں سے ابو بکر رضی اللہ عنہ کے علاوہ کسی اور نے بھی نبی کریم ﷺ کی امامت کرائی ہے حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ ایک سفر میں تھے ایک دن سحری کے قریب آپ ﷺ نے میری سواری کی گردن پر ماری میں سمجھا آپ کو کوئی کام ہے میں آپ کے ساتھ اٹھ کھڑا ہوا ہم چل پڑے حتیٰ کہ لوگوں کی نظروں سے اوجھل ہو گئے پھر آپ ﷺ مجھ سے آگے بڑھ گئے حتیٰ کہ میری نظروں سے غائب ہو گئے تھوڑی دیر ٹھہرے اور پھر واپس آ گئے مجھ سے فرمایا: اے مغیرہ تمہیں کوئی کام ہے؟ میں نے عرض کیا: مجھے کوئی کام نہیں فرمایا: تمہارے پاس پانی ہے؟ میں نے عرض کیا جی ہاں میں لپکا اور کجاوے سے مشکیزہ کھول کر لے آیا میں نے آپ پر پانی بہایا آپ نے ہاتھ دھوئے اور اچھی طرح سے دھوئے مجھے شک ہے کہ آیا مٹی پر ہاتھ رگڑے یا نہیں آپ نے دوبارہ ہاتھ دھوئے اور پھر اپنے بازوؤں سے پانی جھاڑنے لگے آپ نے شامی جبہ پہن رکھا تھا اس کی آستین تنگ تھیں جیسے کے نیچے سے آپ نے ہاتھ نکالے اور چہرہ دھویا۔ حدیث میں ذکر کیا کہ دو مرتبہ چہرہ دھویا مجھے معلوم نہیں اسی طرح ہے یا نہیں۔ آپ نے سر مبارک پر مسح کیا اور عمامہ پر بھی مسح کیا اور پھر موزوں پر مسح کیا پھر ہم اونٹنی پر سوار ہو لیے جب ہم لوگوں کے پاس پہنچے تو نماز کھڑی کی جا چکی تھی اور عبدالرحمٰن بن عوف آگے کھڑے۔ (امامت کرا رہے) تھے۔ ایک رکعت ہو چکی تھی اور وہ دوسری رکعت میں تھے میں عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کو بتلانے لگا کہ رسول اللہ ﷺ تشریف لا چکے ہیں لہٰذا پیچھے ہٹ جاؤ لیکن رسول اللہ ﷺ نے مجھے منع فرما دیا: جو رکعت ہم نے پائی وہ امام کے ساتھ پڑھ لی اور جو ہم سے فوت ہو چکی تھی وہ ہم نے قضاء کر لی۔ رواہ سعید بن المنصور

۳۶۶۷۲..... حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ وہ نبی کریم ﷺ کے ساتھ ایک سفر میں تھے آپ رضی اللہ عنہ نے مغیرہ رضی اللہ عنہ سے وضو کا پانی مانگا، پانی لائے آپ ﷺ نے وضو کیا موزوں پر مسح کیا اور پھر لوگوں کے پاس آ گئے اتنے میں حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ لوگوں کو نماز پڑھا رہے تھے جب عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے آپ کو دیکھا تو پیچھے ہونے کا ارادہ کیا نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اپنی جگہ پر رہو، ہم نے عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کے پیچھے نماز پڑھی جو رکعت ملی وہ پڑھ لی اور جو فوت ہوئی اس کی قضاء کر لی۔ رواہ الضیاء

۳۶۶۷۳..... عبداللہ بن دینار اسلمی اپنے والد سے روایت نقل کرتے ہیں کہ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ ان اشخاص میں سے ہیں جو رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں فتویٰ دیتے تھے چنانچہ ابو بکر عمر اور عثمان رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ سے جو کچھ سنتے اس کے مطابق فتویٰ دیتے تھے۔

رواہ ابن عساکر

۳۶۶۷۴..... حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے بنی خزیمہ کے ساتھ جو کچھ کیا سو کیا اس کے بعد نبی کریم ﷺ کے پاس حاضر ہوئے عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ حضرت خالد رضی اللہ عنہ پر بنی خزیمہ کے ساتھ کیے گئے واقعے کا عیب لگایا حضرت خالد رضی اللہ عنہ نے کہا: تو نے امر جاہلیت کو تھاما ہے تو نے انھیں اپنے پرانے غم کی وجہ سے قتل کر دیا ہے اللہ تجھے کبھی قتل کرے چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت خالد رضی اللہ عنہ کے خلاف حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ کی مدد کی خالد رضی اللہ عنہ نے کہا: تم نے اپنے باپ کے بدلہ میں انھیں قتل کیا ہے حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ نے کہا: تم نے جھوٹ بولا: بخدا میں اپنے باپ کے قاتل کو خود قتل کیا ہے اور اس پر عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کو گواہ بنایا تھا پھر عثمان رضی اللہ عنہ کی متوجہ ہو کر کہا: میں آپ کو اللہ تعالیٰ کا واسطہ دیتا ہوں کیا آپ کو معلوم ہے کہ میں نے اپنے باپ کے قاتل کو قتل کیا ہے؟ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: جی ہاں پھر عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ نے کہا: اے خالد! افسوس ہے اگر میں نے اپنے باپ کے قاتل کو قتل کیا ہوتا تو جاہلیت میں تم میرے باپ کے بدلہ میں ایک قوم کو قتل کر چکے ہوتے حضرت خالد نے کہا: تمہیں کس نے خبر کی ہے کہ وہ اسلام لا چکے تھے؟ عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: سریہ میں شریک لوگ سب کہتے ہیں کہ تم نے انھیں اس حال میں پایا کہ وہ مساجد بنا رہے تھے اور اسلام کا اقرار کرتے تھے پھر تم نے ان پر تلوار چلائی حضرت خالد رضی اللہ عنہ نے کہا: مجھے رسول اللہ ﷺ کا حکم ملا تھا کہ میں

ان پر حملہ کر دوں میں نے رسول اللہ ﷺ کے حکم پر حملہ کیا ہے عبدالرحمن رضی اللہ عنہ نے کہا: تم نے رسول اللہ ﷺ پر جھوٹ بولا عبدالرحمن رضی اللہ عنہ نے بہت غصہ کیا اور برا بھلا کہا: رسول اللہ ﷺ نے حضرت خالد رضی اللہ عنہ سے منہ پھیر لیا اور ان پر غصہ کا اظہار کیا آپ کو یہ خبر بھی پہنچی کہ انھوں نے حضرت عبدالرحمن رضی اللہ عنہ کے ساتھ بحث ومباحثہ بھی کیا ہے۔ آپ نے فرمایا: اے خالد! میرے صحابہ رضی اللہ عنہم کو چھوڑ و جب کسی آدمی کی ناک زخمی کی جاتی ہے گویا وہ آدمی ہی زخمی ہوجاتا ہے اگر کسی شخص کے پاس ڈھیروں سونا ہو اور وہ اللہ کی راہ میں ایک قیراط خرچ کرتا رہے وہ عبدالرحمن کی ایک صبح یا ایک شام کو نہیں پہنچ سکتا۔ رواہ الواقدی و ابن عساکر

۳۶۶۷۵ ..... حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ حضرت عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ اور حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کے درمیان کچھ ناچاقی تھی اس پر رسول کریم ﷺ نے فرمایا: میرے صحابہ کو میرے لئے چھوڑ دو اگر تم میں سے کوئی شخص اگر احد کے برابر سونا خرچ کر دے وہ میرے صحابہ رضی اللہ عنہم کے مد یا نصف مد تک بھی نہیں پہنچ سکتا۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۶۷۶ ..... حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اپنے گھر میں تشریف فرما تھیں یکا یک میں نے آواز سنی جس سے پورا مدینہ گونج اٹھا۔ عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا: یہ کیا ہے؟ لوگوں نے جواب دیا: عبدالرحمن رضی اللہ عنہ کا تجارتی قافلہ شام سے واپس لوٹا ہے چنانچہ قافلہ میں سات سو اونٹ تھے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا: خبردار! میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا ہے: میں عبدالرحمن بن عوف کو سرین کے بل چلتے ہوئے جنت میں داخل ہوتے دیکھ رہا ہوں یہ حدیث عبدالرحمن رضی اللہ عنہ کو پہنچی وہ فوراً حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس حاضر ہوئے اور اس سے یہی حدیث پوچھی عائشہ رضی اللہ عنہا نے انھیں حدیث سنائی عبدالرحمن رضی اللہ عنہ بولے: میں آپ کو گواہ بناتا ہوں کہ یہ قافلہ بمعہ ساز وسامان اللہ تعالیٰ کی راہ میں صدقہ کرتا ہوں۔ رواہ احمد بن حنبل و ابونعیم

۳۶۶۷۷ ..... عبدالرحمن بن عبداللہ بن مجمع بن حارثہ کی روایت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ کی بیوی ام کلثوم بنت عقبہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا: کیا تمہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تھا کہ مسلمانوں کے سردار عبدالرحمن بن عوف سے نکاح کرلو؟ ام کلثوم رضی اللہ عنہا نے جواب دیا: جی ہاں۔ رواہ بن مندہ و ابن عساکر

۳۶۶۷۸ ..... زہری کی روایت ہے کہ حضرت عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں اپنے مال کا ایک بڑا حصہ صدقہ کیا چنانچہ پہلے چار ہزار درہم صدقہ کیے پھر واپس ہزار پھر چالیس ہزار دینار صدقہ کیے پھر سواری کے لیے پانچ سو گھوڑے پیش کئے پھر ڈیڑھ ہزار اونٹ سواری کے لیے فی سبیل اللہ صدقہ کیے آپ رضی اللہ عنہ کا مال تجارت سے مفاد تھا۔ رواہ ابونعیم

۳۶۶۷۹ ..... زہری کی روایت ہے کہ حضرت عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ کے عہد میں اپنے مال کا بڑا حصہ صدقہ کیا چنانچہ پہلے چار ہزار درہم صدقہ کئے پھر چالیس ہزار پھر چالیس ہزار دینار صدقہ کیے پھر سواری کے لیے پانچ سو گھوڑے فی سبیل اللہ دیئے پھر ڈیڑھ ہزار اونٹ سواری کے لیے صدقہ کیے آپ رضی اللہ عنہ کا عام مال تجارت سے تھا۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۶۸۰ ..... ''مسند رضی اللہ عنہ'' ابراہیم بن سعد اپنے والد اور دادا کی سند سے روایت نقل کرتے ہیں کہ جس دن حضرت عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ نے وفات پائی حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ابن عوف جاؤ بلاشبہ تم نے صاف وشفاف ماحول پالیا اور گدلے سے آگے نکل گئے۔

رواہ ابراھیم بن سعد فی نسختہ

۳۶۶۸۱ ..... ''مسند ابن عوف'' عروہ کی روایت ہے کہ جنگ بدر میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ بنو زہرہ میں سے عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ شریک ہوئے تھے۔ رواہ ابونعیم

۳۶۶۸۲ ..... حضرت عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ میرا نام عبدعمرو تھا جب میں نے اسلام قبول کیا میں نے اپنا نام عبدالرحمن رکھ لیا۔ رواہ ابونعیم

۳۶۶۸۳ ..... حضرت عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ میرا نام ''عبدعمرو'' تھا تاہم رسول اللہ ﷺ نے میرا نام عبدالرحمن رکھ دیا۔

رواہ ابونعیم و ابن عساکر

۳۶۶۸۴...... ابن سیر بن رحمۃ اللہ علیہ کی روایت ہے کہ حضرت عبدالرحمٰن کا جاہلیت میں ''عبدالکعبہ'' نام تھا رسول اللہ ﷺ نے آپ کا نام عبدالرحمٰن رکھ دیا۔ رواہ ابونعیم وابن عساکر وھو مرسل صحیح الاسناد

۳۶۶۸۵...... سعید بن عبدالرزیز کی روایت ہے کہ حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ کا نام ''عبد عمرو'' تھا رسول اللہ ﷺ نے آپ کا نام عبدالرحمٰن تجویز کیا۔
رواہ ابن عساکر

۳۶۶۸۶...... ابراہیم بن سعد کی روایت ہے کہ مجھے حدیث پہنچی ہے کہ غزوہ احد میں حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کو اکیس (۲۱) زخم آئے ان میں سے اکثر ٹانگ پر آئے تو جس کی وجہ سے ٹانگ میں لنگڑا پن پیدا ہوگیا تھا۔ رواہ ابونعیم وابن عساکر

۳۶۶۸۷...... سعد بن ابراہیم اپنے والد سے نقل کرتے ہیں کہ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ اپنے سر اور داڑھی کو خضاب وغیرہ سے تبدیل نہیں کرتے تھے۔ رواہ ابونعیم

۳۶۶۸۸...... یعقوب بن ابراہیم اپنے والد سے روایت نقل کرتے ہیں کہ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کو نبی کریم ﷺ کا حواری بھی کہا جاتا تھا۔ رواہ ابونعیم وابن عساکر

۳۶۶۸۹...... ابراہیم بن عبدالرحمٰن کی روایت ہے کہ حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ پر بیہوشی طاری ہوئی اور پھر افاقہ ہوا اور فرمایا: میرے پاس تندخوسخت مزاج دو فرشتے آئے اور کہنے لگے: ہمارے ساتھ چلو ہم تمہیں غالب وامین کی عدالت میں فیصلے کے لیے لے چلتے ہیں تاہم ان دونوں سے ایک اور فرشتے کی ملاقات ہوئی اس نے ان سے پوچھا تم اسے کہاں لیے جارہے ہو؟ وہ بولے: ہم اسے غالب وامین کی عدالت میں فیصلہ کے لیے لے جارہے ہیں وہ فرشتہ بولا: اسے چھوڑ دو چونکہ یہ ابھی اپنی ماں کے پیٹ میں تھا کہ سعادت اس کا مقدر بن چکی تھی۔
رواہ ابونعیم وابن عساکر

۳۶۶۹۰...... ''عبدالرحمٰن بن حمید بن عبدالرحمٰن بن عوف اپنے والد سے روایت نقل کرتے ہیں کہ میں نے اپنے والد کو فرماتے سنا: میں نے رسول اللہ ﷺ کی بعثت سے ایک سال قبل یمن کا سفر کیا اور میں عسکلان بن عواکر حمیری کے ہاں مہمان بنا عسکلان بہت بوڑھا ہو چکا تھا اللہ تعالیٰ نے اسے طویل عمر عطاء کی تھی حتیٰ کہ وہ چڑیا کے بچے جتنا ہوگیا تھا میں جب بھی یمن جاتا اسی کے ہی ٹھہرتا اور وہ مجھ سے اہل مکہ کی خبریں دریافت کرتا اور کہتا: کیا تمہارے درمیان کسی ایسے شخص کا ظہور ہوا ہے جو نئی خبر اور نئی بات لایا ہو کیا تم میں سے کوئی شخص اپنے دین کے متعلق خوفزدہ تو نہیں؟ میں نفی میں جواب دے دیتا۔ حتیٰ کہ میں اس بار یمن آیا جب رسول اللہ ﷺ مبعوث ہو چکے تھے عسکلان نے مجھے کہا: کیا میں تمہیں ایک خوشخبری نہ سناؤں وہ تمہارے لیے تجارت سے بدرجہا افضل ہے؟ میں نے کہا: کیوں نہیں ضرور سناؤ۔ وہ بولا: اللہ تعالیٰ نے پہلے مہینہ میں تمہاری قوم میں سے ایک نبی مبعوث کیا ہے اور اللہ تعالیٰ نے اسے اپنے لیے پسند فرمایا ہے، اس پر کتاب نازل کی ہے اور اس پر ثواب کا وعدہ کیا ہے وہ بتوں کی پرستش سے روکتا ہے اور اسلام کی دعوت دیتا ہے وہ حق کا حکم دیتا ہے اور حق بجالاتا ہے باطل سے روکتا ہے اور باطل کو ختم کرتا ہے اے عبدالرحمٰن وہ بنی ہاشم میں سے ہے اور تم لوگ اس کے ماموں ہو، اس واقعہ کو مخفی رکھنا اور جلدی جلدی واپس جاؤ اور اس کا ہاتھ تھام لو اس کے دست راست بن جاؤ اس کی تصدیق کرو اور میری طرف سے اسے یہ اشعار پہنچاؤ۔

اشھد باللہ ذی المعالی ۔۔۔ وفالق اللیل والصباح

میں اللہ تعالیٰ کو گواہ بناتا ہوں جو عالیشان ہے جو رات اور دن کو پھاڑ کر لانے والا ہے۔

انک فی السرو من قریش ۔۔۔ یاابن المفدی من الذباح

بلاشبہ تم قریش کے رئیس سخی اور شریف انسان ہو اے ذبح کر کے فدا ہونے والے کے بیٹے۔

ارسلت تدعو الی یقین ۔۔۔ ترشد للحق والفلاح:

تجھے پیغمبر بنا کر بھیجا گیا ہے تو یقین کی دعوت دیتا ہے حق وفلاح وکامیابی کی طرف راہنمائی کرتا ہے۔

ھد کرور السنین رکنی ۔۔۔ عن بکر السیر والرواح

سالہا سال کی جنگوں کا خاتمہ ہوا جب کہ ہوا اپنے ابتدائی مراحل میں ہے

فصرت حلسا لارض بیتی قدقص من قو تی جنا حی

میں اپنے گھر کے فرش کی چٹائی بن کے رہ گیا ہوں اور میرے بازو قوت ابویوت سے قاصر ہو چکے ہیں۔

اذا نا ی با لد یا ر بعد فا نت حرزی ومستر احی

جب گھروں میں کوئی دور کی خبر قریب ہو جائے گی تو ہی میری حفاظت اور سامان راحت ہوگا۔

اشھد با اللہ رب موسی انک ارسلت بالنطاح

میں اللہ تعالیٰ کو جو موسیٰ کا رب ہے گواہ بناتا ہوں یقیناً تجھے غالب بنا کر بھیجا گیا ہے۔

فکن شفیعی الی ملیک یدعو البرایا الی الفلاح

لہٰذا رب تعالیٰ کے ہاں میرے سفارشی بن جاؤ اور اللہ تعالیٰ مخلوق کو فلاح کی طرف بلاتا ہے۔

حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے اشعار یاد کر لیے اور مکہ واپس لوٹ آیا ابوبکر رضی اللہ عنہ سے میری ملاقات ہوئی میں نے انھیں سارا واقعہ کہہ سنایا ابوبکر رضی اللہ عنہ بولے: یہ ہیں محمد بن عبداللہ اللہ تعالیٰ نے انھیں اپنی تمام مخلوق کی طرف رسول بنا کر بھیجا ہے ان کے پاس جاؤ چنانچہ میں آپ کی خدمت میں حاضر ہوا اس وقت آپ خدیجہ رضی اللہ عنہا کے گھر میں تھے جب آپ نے مجھے دیکھا ہنسنے لگے اور فرمایا: میں کھلے ہوئے چہرے کو دیکھ رہا ہوں اور اس کے لیے بھلائی کی امید کرتا ہوں تم اپنے پیچھے کیا چھوڑ کر آئے ہو؟ میں نے عرض کیا: اے محمد! بھلا وہ کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: تم میرے پاس ایک امانت لائے ہو یا بدست تمہارے میری طرف کسی نے پیغام بھیجا ہے وہ لاؤ، خبردار حمیر کے بیٹے خاص مؤمنین میں سے ہیں۔ عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے کلمہ شہادت پڑھا اور آپ کو مسکلان کے اشعار سنائے اور سارا واقعہ بھی سنایا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بہت سارے لوگ ہیں جو مجھ پر ایمان رکھتے ہیں حالانکہ انھوں نے مجھے نہیں دیکھا اور بہت سارے لوگ میری تصدیق کرنے والے ہیں حالانکہ انھوں نے مجھے نہیں پایا یہ میرے سچے بھائی ہیں۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۶۹۱..... ''ایضاً'' ابراہیم بن سعد اپنے والد و دادا کی سند سے حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کی روایت نقل کرتے ہیں کہ جب رسول اللہ ﷺ حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ کے پاس پہنچے تو وہ لوگوں کو نماز پڑھا رہے تھے۔ چنانچہ عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ نے پیچھے ہٹنے کا ارادہ کیا آپ ﷺ نے ارشاد کیا کہ اپنی جگہ پر ٹکے رہو چنانچہ عبدالرحمٰن نے نماز پڑھائی اور رسول اللہ ﷺ نے ان کے پیچھے نماز پڑھی۔

رواہ ابویعلی وابن عساکر

۳۶۶۹۲..... ابراہیم بن عبدالرحمٰن بن عوف اپنے والد سے روایت نقل کرتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اے عبدالرحمٰن! تم مالدار لوگوں میں سے تم جنت میں گھسٹتے ہوئے داخل ہوگے لہٰذا اللہ تعالیٰ کو قرض دو تا کہ وہ تمہارے قدموں کو آزاد کرے عرض کیا: یا رسول اللہ ﷺ تو قرض دینا کیا ہے؟ رسول کریم ﷺ نے عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ کو پیغام بھیجا کہ میرے پاس جبرئیل امین آئے اور کہا: عبدالرحمٰن کو حکم دو کہ وہ مہمان کی مہمان نوازی کرے جنگوں کے موقع پر مال دے اور مسکینوں کو کھانا کھلائے۔ رواہ ابن عدی وابن عساکر

۳۶۶۹۳..... عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اے ابن عوف! تم مالدار لوگوں میں سے ہو اور جنت میں گھسٹتے ہوئے داخل ہوگے لہٰذا اللہ تعالیٰ کو قرض دو تا کہ تمہارے قدموں کو آزاد کر دے عرض کیا: میں کیا چیز اللہ تعالیٰ کو قرض دوں؟ فرمایا: ایسا کرنے سے تم اس مشکل سے آزاد ہو جاؤ گے عرض کیا: یا رسول اللہ! کیا ساری مشکلات سے میں بے خوف ہو جاؤں گا فرمایا: جی ہاں ابن عوف رضی اللہ عنہ دل میں یہ فکر لیے باہر نکلے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میرے پاس جبرئیل امین آئے اور فرمایا: ابن عوف کو حکم دو کہ مہمان کی مہمان نوازی کرے مسکینوں کو کھانا کھلائے سائل کو عطاء کرے اور اپنے عیال سے ابتداء کرے یوں جب وہ اس طرح کرے گا اپنی مشکل سے نکل جائے گا۔

رواہ ابن عدی وابن عساکر

۳۶۶۹۴..... روایت ہے کہ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ ظہر سے قبل طویل نماز پڑھتے تھے۔ رواہ ابن جریر

جامع فضائل ہائے خلفاء

۳۶۶۹۵..... ''مسند علی رضی اللہ عنہ'' عبدخیر کی روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے خطاب کیا اور فرمایا: لوگوں میں سب سے افضل نبی کریم ﷺ کے بعد ابوبکر رضی اللہ عنہ ہیں ابوبکر رضی اللہ عنہ کے بعد عمر رضی اللہ عنہ افضل ہیں اگر میں چاہوں تو تیرے کا بھی نام لے سکتا ہوں چنانچہ بعد میں آپ سے تیرے کے متعلق پوچھا گیا کہ وہ کون ہے آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: وہ شخص ہے جسے گائے کی طرح ذبح کردیا گیا ہے۔

رواہ العدنی وابن ابی داؤد وابویعلی وابونعیم فی الحلیة وابن عساکر

۳۶۶۹۶..... ''ایضاً'' عمرو بن حریث کی روایت ہے کہ میں نے حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کو منبر پر فرماتے سنا ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے بعد ابوبکر عمر اور عثمان رضی اللہ عنہ ہیں۔ رواہ ابونعیم فی الحلیب وابن شامعین فی السنة وابن عساکر

۳۶۶۹۷..... حضرت علی رضی اللہ عنہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ اس وقت تک دنیا سے رخصت نہیں ہوئے جب تک کہ مجھے بتا نہیں دیا کہ ان کے بعد خلیفہ ابوبکر ہوں گے پھر ان کے بعد عمر اور ان کے بعد عثمان پھر عثمان رضی اللہ عنہ بعد خلافت کا بار میں اٹھاؤں گا۔

رواہ ابن شاھین والفازی فی فضائل الصدیق وابن عساکر

۳۶۶۹۸..... نزال بن سبرہ کی روایت ہے کہ ایک دن ہم نے حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کو خوش خوش پایا ہم نے عرض کیا: اے امیرالمؤمنین ہمیں اپنے اصحاب کے متعلق کچھ بتلائیے آپ رضی اللہ عنہ نے کہا: رسول اللہ ﷺ کا ہر صحابی میر دواست ہے ہم نے کہا آپ ہمیں ابوبکر رضی اللہ عنہ کے متعلق بتلائیں فرمایا: ابوبکر رضی اللہ عنہ ایسے شخص تھے جنہیں اللہ تعالیٰ نے جبرئیل امین اور محمد ﷺ کی زبان سے صدیق کہلوایا ہے وہ رسول اللہ ﷺ کے خلیفہ تھے اللہ نے انھیں ہمارے دین کے لیے پسند فرمایا اور ہم نے انھیں اپنی دنیا کے لیے پسند کیا: ہم نے عرض کیا: آپ ہمیں عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے متعلق بتلائیں آپ رضی اللہ عنہ بولے: میں نے رسول کریم ﷺ کو فرماتے بنا ہے: یا اللہ! اسلام کو عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے ذریعے عزت عطاء فرما۔ ہم نے کہا: آپ ہمیں عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کے متعلق بتائیں: فرمایا اس شخص کو آسمانوں میں ''ذوالنورین'' کے نام سے پکارا جاتا ہے انھوں نے رسول اللہ ﷺ کی دو بیٹیوں سے شادی کی ہوئی تھی اور رسول اللہ ﷺ نے انھیں جنت کی ضمانت دی ہوئی تھی۔ رواہ خیثمة واللالکائی والعشاری فی فضائل الصدیق وابن عساکر

۳۶۶۹۹..... حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے اس وقت تک وفات نہیں پائی جب تک کہ ہم نے جان نہیں لیا کہ رسول اللہ ﷺ کے بعد لوگوں میں سب سے افضل ابوبکر ہیں آپ ﷺ نے اس وقت تک وفات نہیں پائی جب تک کہ ہم نے پہچان نہیں لیا کہ ابوبکر کے بعد افضل عمر بن خطاب ہیں اور آپ ﷺ نے اس وقت تک وفات نہیں پائی جب تک کہ ہم نے پہچان نہیں لیا کہ عمر کے بعد افضل ایک اور شخص ہے چنانچہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اس شخص کا نام نہیں لیا۔ یعنی وہ عثمان رضی اللہ عنہ ہیں۔ رواہ ابی عاصم وابن النجار

۳۶۷۰۰..... سعد بن طریف اصبغ بن نباتہ سے روایت نقل کرتے ہیں کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے عرض کیا: رسول اللہ ﷺ کے بعد لوگوں میں سب سے بہتر کون ہے؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے اصبغ ابوبکر صدیق پھر عمر پھر عثمان اور پھر میں ہوں۔ تم نے سن لیا ورنہ تمہارے دونوں کان بہرے ہوجائیں میں نے نبی کریم ﷺ کو دیکھا ہے ورنہ دونوں آنکھیں اندھی ہوجائیں اور وہ فرماتے تھے اللہ تعالیٰ نے اسلام میں کوئی مولود نہیں پیدا کیا جو ابوبکر صدیق سے افضل ہو صاف ہو حقیقی ہو پرہیزگار ہو یا ان کے برابر ہو۔

رواہ ابوالعباس الولید بن احمد الزوزنی فی کتاب شجرة العقل

۳۶۷۰۱..... حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: قیامت کے دن سب سے پہلے زمین مجھ سے ہٹے گی اور اس میں فخر نہیں: اللہ تعالیٰ مجھے ایسی کرامت وعزت عطاء فرمائے گا جو مجھے پہلے نہیں عطاء کی گئی پھر ایک منادی آواز لگائے گا: اے محمد! اپنے خلفاء کو قریب لاؤ میں کہوں گا خلفاء کون ہیں اللہ جل مجلالہ فرمائے گا عبداللہ ابوبکر صدیق چنانچہ میرے بعد ابوبکر رضی اللہ عنہ پہلے شخص ہوں گے جن سے

زمین ہٹے گی ابوبکر اللہ تعالیٰ کے سامنے کھڑے ہوں گے ان کا معمولی سا حساب ہوگا پھر انھیں سبز رنگ کے دو جوڑے پہنا دیئے جائیں گے پھر انھیں عرش کے سامنے کھڑا کر دیا جائے گا منادی ایک بار پھر آواز لگائے گا کہاں ہیں عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ؟ چنانچہ عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ آئیں گے اوران کی رگوں سے خون رس رہا ہوگا میں پوچھوں گا: اے عمر تمہارے ساتھ یہ کس نے کیا ہے؟ وہ کہیں گے: مغیرہ بن شعبہ کے غلام نے انھیں بھی اللہ تعالیٰ کے سامنے کھڑا کر دیا جائے گا اوران کا بھی تھوڑا سا حساب ہوگا پھر انھیں دو سبز رنگ کے جوڑے پہنا دیئے جائیں گے پھر انھیں بھی عرش کے سامنے کھڑا کر دیا جائے گا پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ لائے جائیں گے ان کے رگوں سے بھی خون رس رہا ہوں گا میں کہوں گا اے علی! تمہارے ساتھ یہ کس نے کیا ہے؟ وہ جواب دیں گے: عبدالرحمن بن ملجم نے۔ انھیں بھی اللہ تعالیٰ کے سامنے کھڑا کیا جائے گا اوران کا بھی تھوڑا سا حساب ہوگا پھر انھیں دو سبز جوڑے پہنا دیئے جائیں گے پھر انھیں عرش کے سامنے کھڑا کر دیا جائے گا۔ رواہ الزوزنی وفیہ علی بن صالح وقال الذہبی: لا یعرف ولہ خبر باطل وقال فی اللسان ذکرہ ابن حبان فی الثقات وقال روی عنہ اہل العراق مستقیم الحدیث

۳۶۷۰۲..... حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے وصیت کی تھی کہ میرے بعد بار خلافت ابوبکر اٹھائیں گے اور سب لوگ ان پر اکٹھے ہو جائیں گے پھران کے بعد عمر رضی اللہ عنہ بار خلافت اٹھائیں گے اور سب لوگ ان پر اتفاق کرلیں گے پھر عثمان بار خلافت اٹھائیں گے۔ رواہ الزوزنی

۳۶۷۰۳..... حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اے علی اللہ تعالیٰ نے مجھے حکم دیا ہے کہ میں ابوبکر کو سربراہ بناؤں عمر کو مشیر مقرر کروں عثمان کو سہارا بناؤں اور اے علی تمہیں اپنا پشت پناہ بناؤں تم چار لوگ ہو تمہارا پختہ وعدہ اللہ تعالیٰ نے کتاب میں لیا ہے تم سے صرف مومن ہی محبت کرے گا اور تم سے صرف فاجر و بدبخت بغض کرے گا تم میری نبوت کے خلفاء ہو میرے ذمہ کو پورا کرنے والے ہو میری امت پر محبت ہو ایک دوسرے سے قطع تعلقی مت کرو اور نہ ہی ایک دوسرے سے پیٹھ پھیرو۔

رواہ الزوزنی والخطیب و ابونعیم فی معجم شیوخہ وفی فضائل الصحابۃ و الدیلمی وابن عساکر وابن النجار من طرق کلہا ضعیفہ)

کلام:...... حدیث ضعیف ہے دیکھئے اللآلی ۱/۳۸۴۔

۳۶۷۰۴..... قاضی شریح کی روایت ہے کہ میں نے حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کو منبر پر فرماتے ہوئے سنا: نبی کریم ﷺ کے بعد اس امت کا سب سے افضل آدمی ابوبکر ہے پھر عمر پھر عثمان رضی اللہ عنہ اور پھر میں ہوں۔ رواہ ابن شاذان فی مشیختہ والخطیب وابن عساکر

۳۶۷۰۵..... عبد خیر کی روایت ہے کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو وضو کرایا آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے رسول کریم ﷺ کو اسی طرح وضو کرایا تھا میں نے آپ سے عرض کیا: یارسول اللہ مخلوق میں سب سے پہلے حساب کے لیے کسے بلایا جائے گا؟ آپ نے فرمایا: اے علی! میں بلایا جاؤں گا پھر میں رب تعالیٰ کے حضور تھوڑے دیر کھڑا رہوں گا پھر جنت کی طرف دائیں جانب کا حکم ہوگا میں نے عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ پھر کسے بلایا جائے گا؟ پھر ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو بلایا جائے گا اور وہ بھی اللہ تعالیٰ کے سامنے تھوڑی دیر کھڑے رہیں گے پھر انھیں دائیں جانب جنت کی طرف کا حکم ہوگا میں نے عرض کیا: پھر کسے بلایا جائے گا؟ فرمایا: پھر عمر رضی اللہ عنہ کو بلایا جائے گا اور وہ بھی اللہ تعالیٰ کے سامنے ابوبکر کی طرح کھڑے رہیں گے پھر انھیں بھی دائیں جانب جنت کی طرف حکم ہوگا؟ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! پھر کسے بلایا جائے گا؟ فرمایا: اے علی! پھر تمہیں بلایا جائے گا میں نے عرض کیا: عثمان بن عفان کہاں گئے فرمایا: وہ ایسا شخص ہے جسے اللہ تعالیٰ نے حیاء عطا کی ہے میں نے اللہ تعالیٰ سے سوال کیا کہ اسے قیامت کے دن حساب کے لیے پیشی نہ ہوں اللہ تعالیٰ نے اس کے متعلق میری سفارش قبول فرمائی۔

رواہ السلفی فی انتخاب حدیث الفداء وابن عساکر

۳۶۷۰۶..... حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب میں اسراء کے موقع پر ساتویں آسمان پر پہنچا مجھے جبرئیل امین نے کہا: اے محمد! آگے ہو جائیں اللہ کی قسم یہ عزت وشرف نہ کسی مقرب فرشتہ کو ملی ہے اور نہ ہی کسی نبی مرسل کو میرے رب تعالیٰ نے میری طرف وحی بھیجی جب میں واپس لوٹا پردے کے پیچھے سے کسی منادی نے آواز لگائی: سب سے اچھا باپ تمہارا باپ ابراہیم ہے اور سب سے اچھا بھائی تمہارا بھائی علی ہے لہٰذا اس سے بھلائی کا معاملہ کرو نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اے جبریل: کیا میں قریش کو خبر دے دوں کہ میں نے رب

تعالیٰ سے ملاقات کی ہے فرمایا: جی ہاں آپ نے فرمایا: قریش تو میری تکذیب کردیں گے جبریل امین نے اس پر کہا: ہرگز نہیں چونکہ ان میں ابوبکر صدیق بھی ہے اللہ تعالیٰ نے اسے اپنے ہاں صدیق کے لقب سے لکھا ہے وہ تمہاری تصدیق کرے گا۔ اے محمد! میری طرف سے عمر کو سلام کہنا۔ (رواہ البیہقی فی فضائل الصحابی وابن الجوزی فی الواھیات وقال لایصح۔ چونکہ اس حدیث کی سند میں مسلم بن خالد زنجی ہے: ابن المدینی کہتے ہیں ھولیس بشیٔ مصہ کہتے ہیں: وہ وہ شافعی مذہب کا مشہور امام ہے امام بخاری نے اسے ضعیف قرار دیا ہے ابوحاتم نے بھی اسے ضعیف قرار دیا ہے ساجی کہتے ہیں: اس کی اکثر روایات غلط ہیں جب کہ ابن معین کہتے ہیں: لیس بہ باس ابن معین نے بسا اوقات اسے ثقہ اور کبھی ضعیف کہا ہے ابن عدی کہتے ہیں اس کی روایات لینے میں کوئی حرج نہیں اور وہ حدیث حسن کا راوی ہے)

۳۶۷۰۷...... براء بن عازب کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ رسول کریم ﷺ نے ہم سے فرمایا: تم جانتے ہو کہ عرش پر کیا ہے؟ عرش پر لکھا ہے لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ ﷺ ابوبکر الصدیق عمر الفاروق عثمان الشہید علی رضی اللہ عنہ الرضی۔ رواہ ابن عساکر وفیہ محمد بن عامر کذاب

کلام:...... حدیث ضعیف ہے دیکھئے اللآلی: ۲۹۹۱۔

۳۶۷۰۸...... حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ نے میرے صحابہ رضی اللہ عنہم کو سوائے انبیاء مرسلین کے سارے عالم پر فوقیت بخشی ہے اور میرے صحابہ رضی اللہ عنہم میں سے چار کو میرے لیے خصوصاً منتخب فرمایا: ابوبکر عمر: عثمان، علی کو انھیں میرے صحابہ رضی اللہ عنہم میں سب سے بہتر قرار دیا ہے یہ سب اہل علم ہیں میری امت کو ساری امتوں پر فوقیت بخشی ہے میری امت میں سے چار زمانوں کو منتخب فرمایا ہے۔ پہلا زمانہ دوسرا زمانہ اور تیسرا زمانہ پے در پے اور چوتھا زمانہ الگ ہے۔ رواہ ابن عساکر

کلام:...... حدیث ضعیف ہے دیکھئے الفاضلہ ۲۷

۳۶۷۰۹...... "مسند حذیفہ رضی اللہ عنہ بن الیمان" سالم بن ابی جعد حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت نقل کرتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ کے سامنے امارت کا تذکرہ کیا گیا آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر تم اسے (ابوبکر کو) اپنا والی مقرر کرو تو بلاشبہ وہ امین مسلمان اور اللہ تعالیٰ کے حکم میں قوی ہے جب کہ اپنی ذات کے معاملہ میں کمزور ہے اگر عمر کو والی مقرر کرو تو وہ بھی امین مسلمان ہے اس کی راہوں میں کسی ملامت گر کی ملامت آڑے نہیں آتی اگر تم علی کو والی مقرر کرو تو وہ ہدایت یافتہ ہے اور ہدایت دینے والا ہے وہ تمہیں بالکل سیدھی راہ پر لے جائے گا۔ رواہ الخطیب وابن عساکر

۳۶۷۱۰...... "ایضاً" زید بن یثیع حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت نقل کرتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اگر تم لوگ ابوبکر خلافت کے لیے منتخب کرو تو وہ دنیا سے الگ رہنے والا ہے اور آخرت کی طرف مائل ہونے والا ہے البتہ ان کے جسم میں کمزوری ہے اگر تم عمر کو اپنا والی مقرر کرو تو وہ قوی اور امانتدار شخص ہے اور اللہ تعالیٰ کے معاملہ میں کسی ملامت گر کی ملامت آڑے نہیں آتی اگر تم علی کو والی مقرر کرو وہ سیدھی راہ پر تمہاری مدد کرے گا۔ رواہ ابن عساکر

کلام:...... حدیث ضعیف ہے دیکھئے ذخیرۃ الحفاظ: ۲۰۴۵

۳۶۷۱۱...... قطبہ رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے کہ میں رسول اللہ ﷺ کے پاس سے گزرا دراں حالیکہ آپ ﷺ مسجد قباء کی بنیاد رکھ رہے تھے آپ کے ساتھ ابوبکر رضی اللہ عنہ عمر اور عثمان رضی اللہ عنہ بھی تھے میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! آپ کے ساتھ ان تین کے علاوہ اور کوئی نہیں ہے آپ نے فرمایا: یہی لوگ میرے بعد بار خلافت اٹھائیں گے۔ رواہ ابن عدی وابن عساکر وابن النجار

۳۶۷۱۲...... حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ رسول کریم ﷺ ہمارے پاس تشریف لائے آپ کا دایاں ہاتھ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے ساتھ میں تھا بایاں ہاتھ عمر رضی اللہ عنہ نے ہاتھ میں تھا علی رضی اللہ عنہ نے آپ کی چادر کا پلو پکڑ رکھا تھا جب کہ عثمان رضی اللہ عنہ آپ کے پیچھے پیچھے چل رہے تھے آپ نے فرمایا: رب کعبہ کی قسم! ہم اسی طرح جنت میں داخل ہوں گے۔ رواہ ابن عساکر

کلام:...... حدیث ضعیف ہے دیکھئے ذخیرۃ الحفاظ: ۶۷۵۳ والمتناھیۃ۔

۳۶۷۱۳...... حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: میں نے خواب میں دیکھا کہ مجھے ترازو کے ایک پلڑے میں رکھ دیا گیا اور دوسرے پلڑے میں میری امت رکھ دی گئی میرا پلڑا جھک گیا پھر ابوبکر رضی اللہ عنہ کو ایک پلڑے میں رکھا گیا دوسرے

پلڑے میں میری امت رکھ دی گئی ابوبکر رضی اللہ عنہ والا پلڑا جھک گیا پھر عمر رضی اللہ عنہ کو ایک پلڑے میں رکھا گیا دوسرے پلڑے میں میری امت رکھی گئی۔ عثمان رضی اللہ عنہ والا پلڑا جھک گیا پھر ترازو اٹھالیا گیا۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۷۱۴...... حضرت عبدالرحمن بن ابی بکرہ کی روایت ہے کہ ہم حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے پاس وفد کی شکل میں حاضر ہوئے ہمارے ساتھ ابو بکرہ رضی اللہ عنہ بھی تھے معاویہ رضی اللہ عنہ نے کہا: اے ابوبکرہ رضی اللہ عنہ ہمیں کوئی حدیث سناؤ جو تم نے رسول اللہ ﷺ سے سنی ہو ابوبکرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: رسول اللہ ﷺ کو اچھا خوب سنا دل کو بیا تا تھا آپ سے خواب کی تعبیر لی جاتی تھی چنانچہ ایک دن آپ ﷺ نے فرمایا: تم میں سے کسی شخص نے خواب دیکھا ہے؟ صحابہ رضی اللہ عنہم میں سے ایک شخص بولا: یا رسول اللہ! میں نے آج رات خواب میں ترازو دیکھا جو آسمان سے لٹکا ہوا تھا۔ چنانچہ آپ کو اور ابوبکر کو ترازو میں تولا گیا آپ کا پلڑا بھاری نکلا پھر ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہ کو ترازو میں رکھا گیا ابوبکر عمر رضی اللہ عنہ پر بھاری نکلے پھر عمر و عثمان رضی اللہ عنہ کا وزن کیا گیا عمر رضی اللہ عنہ عثمان رضی اللہ عنہ پر بھاری نکلے پھر ترازو اٹھالیا گیا یا رسول اللہ! آپ مجھے اس کی تعبیر بتلاؤں چنانچہ رسول اللہ ﷺ نے اس کی تعبیر بتلائی کہ اس سے مراد نبوت کی خلافت ہے پھر اللہ تعالیٰ جسے چاہے گا بادشاہت عطا فرمائے گا رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے ناحق کسی کو قتل کیا وہ جنت کی خوشبو نہیں پائے گا حالانکہ جنت کی خوشبو پانچ سو سال کی مسافت سے پائی جاتی ہے رسول اللہ ﷺ نے یہ بھی فرمائی: حوض پر میرے پاس میرے صحابہ رضی اللہ عنہم میں سے بہت سے لوگ وارد ہوں گے وہ جب میرے پاس لائے جائیں گے مجھ سے پرے ہی روک دیئے جائیں گے میں کہوں گا میرے صحابہ رضی اللہ عنہم تو بہت سارے ہیں جواب دیا جائے گا: تمہیں نہیں معلوم کہ تمہارے بعد انھوں نے کیا کیا ہے۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۷۱۵...... حسن رحمۃ اللہ علیہ ابوبکر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ صبح کے وقت فرماتے تم میں سے کسی شخص نے کوئی خواب دیکھا ہے؟ ایک شخص بولا: میں نے خواب دیکھا ہے میں نے دیکھا گویا کہ آسمان سے ایک ترازو اترا ہے اس میں آپ کا اور ابوبکر رضی اللہ عنہ کا وزن کیا گیا لیکن آپ وزن میں ابوبکر پر بھاری ہے، پھر عمر رضی اللہ عنہ اور ابوبکر رضی اللہ عنہ کا وزن کیا گیا لیکن ابوبکر رضی اللہ عنہ عمر رضی اللہ عنہ پر وزن میں بھاری نکلے پھر عمر رضی اللہ عنہ اور عثمان رضی اللہ عنہ کا وزن کیا گیا عمر رضی اللہ عنہ والا پلڑا جھک گیا پھر ترازو اٹھالیا گیا چنانچہ میں نے رسول کریم ﷺ کے چہرہ اقدس پر ناپسندیدگی کے آثار نمایاں دیکھے۔ رواہ الترمذی و ابویعلی و الرویانی ابن عساکر

۳۶۷۱۶...... حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ایک شخص رسول کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا: یا رسول اللہ ﷺ میں اپنا صدقہ کسے ادا کروں؟ فرمایا: مجھے ادا کرو۔ عرض کیا: اگر میں آپ کو نہ پاؤں؟ فرمایا: ابوبکر کو دینا عرض کیا: اگر انھیں بھی نہ پاؤں تو فرمایا: عمر کو دینا عرض کیا اگر انھیں بھی نہ پاؤں؟ فرمایا: عثمان کو دینا پھر وہ شخص منہ پھیر کر واپس چلا گیا نبی کریم ﷺ نے فرمایا: یہی اشخاص میرے بعد میرے خلفاء ہوں گے۔ رواہ نعیم بن صحار فی الفتن و البیهقی فی فضائل الصحابه و ابن عساکر

۳۶۷۱۸...... حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے مسجد کی بنیاد رکھی اور ایک پتھر نصب کیا پھر ارشاد فرمایا: میرے پتھر کے ساتھ ابوبکر پتھر رکھے پھر فرمایا: ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پتھر کے ساتھ عمر رضی اللہ عنہ پتھر رکھے پھر فرمایا: عمر کے پتھر کے ساتھ عثمان پتھر رکھے پھر فرمایا: میرے بعد یہی لوگ میرے خلفاء ہوں گے۔ رواہ ابویعلی و ابن عدی و البیهقیؒ فی فضائل الصحاب و ابن عساکر

۳۶۷۱۹...... حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ جب حراء پہاڑ ہلنے لگا رسول کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا اے حراء! رک جا تیرے اوپر یا تو ایک نبی ہے یا ایک صدیق یعنی ابوبکر ہے یا فاروق یعنی عمر رضی اللہ عنہ ہے یا پیرہیزگار شخص یعنی عثمان ہے۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۷۲۰...... حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ صبح صبح رسول کریم ﷺ ہمارے پاس تشریف لائے اور ارشاد فرمایا: میں نے صبح سے قبل ایک خواب دیکھا گویا کہ مجھے کنجیاں اور بہت سارے ترازو دے دیئے گئے ہیں رہیں کنجیاں سو یہ وہی ہیں جنہیں تم چابیاں کہتے ہو اور ترازو وہی ہیں جن سے تم وزن کرتے ہو چنانچہ مجھے ترازو کے ایک پلڑے میں رکھا گیا اور دوسرے پلڑے میں میری امت رکھ دی گئی میں امت پر راجح رہا پھر ابوبکر رضی اللہ عنہ لائے گئے اور وہ بھی میری امت پر بھاری نکلے پھر عمر لائے گئے ان کا پلڑا بھی جھک گیا پھر عثمان لائے گئے اور وہ بھی میری امت پر بھاری رہے پھر میں بیدار ہو گیا اور ترازو اٹھالیا گیا۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۷۲۱......حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے صحابہ رضی اللہ عنہم جو کہ کثیر تعداد میں تھے کہا کرتے تھے: نبی کریم ﷺ کے بعد اس امت میں سب سے افضل ابوبکر ہیں پھر عمر اور پھر عثمان اس کے بعد ہم خاموش ہو جاتے تھے۔ رواہ الشاشی وابن عساکر

کلام:......حدیث ضعیف ہے دیکھئے ذخیرۃ الحفاظ: ۵۸۸۔

۳۶۷۲۲......حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ رسول کریم ﷺ حراء پہاڑ پر تھے یکا یک پہاڑ ہلنے لگا آپ نے فرمایا: اے حراء سکون میں آجا تیرے اوپر یا تو ایک نبی ہے یا صدیق ہے یا شہید ہے پہاڑ پر نبی کریم ﷺ ابوبکر عمر وعثمان رضی اللہ عنہم تھے۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۷۲۳......شعبی بنی مصطلق کے ایک شخص سے روایت نقل کرتے ہیں کہ میری قوم بنی مصطلق نے مجھے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں بھیجا کہ میں آپ سے پوچھوں آپ کے بعد بنی مصطلق کسے صدقات دیں میں نے آپ سے پوچھا: فرمایا: ابوبکر کو دیں میری ملاقات حضرت علی رضی اللہ عنہ سے ہوئی میں نے ان میں خبر کی انھوں نے کہا: واپس جاؤ اور پوچھو ابوبکر رضی اللہ عنہ کے بعد کسے دیں؟ میں نے آپ سے پوچھا: فرمایا: ابوبکر کے بعد عمر کو دیں میں نے علی رضی اللہ عنہ کو بتایا: انھوں نے کہا: واپس جاؤ اور پوچھو ان کے بعد کسے دیں میں نے آپ سے پوچھا: فرمایا: عمر کے بعد عثمان کو دیں میں نے علی رضی اللہ عنہ کو خبر کی انھوں نے کہا: واپس جاؤ اور پوچھو ان کے بعد کسے دیں میں نے کہا: رسول اللہ ﷺ کے پاس بار بار جانے پر مجھے حیاء آتی ہے۔ رواہ نعیم بن حماد فی الفتن

۳۶۷۲۴......حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ نے مدینہ میں مسجد کی بنیاد رکھی تو ابوبکر رضی اللہ عنہ ایک پتھر لیتے آئے آپ نے وہ پتھر نصب کیا پھر عمر رضی اللہ عنہ ایک پتھر لائے آپ نے وہ بھی نصب کیا پھر عثمان رضی اللہ عنہ ایک پتھر لائے آپ نے وہ بھی نصب کیا اور پھر ارشاد فرمایا: میرے بعد یہی لوگ بار خلافت اٹھائیں گے۔ رواہ ابو نعیم

۳۶۷۲۵......ابن عمر رضی اللہ عنہما کی روایت ہے کہ جب رسول کریم ﷺ صبح کی نماز پڑھ لیتے صحابہ رضی اللہ عنہم کی طرف چہرہ اقدس فرماتے: کیا تمہارے درمیان کوئی مریض ہے جس کی میں عیادت کروں؟ صحابہ رضی اللہ عنہم عرض کرتے نہیں فرماتے: کیا تمہارے درمیان کوئی جنازہ ہے جس کے ساتھ میں بھی چلوں؟ عرض کرتے: نہیں فرماتے: تم میں سے کسی شخص نے کوئی خواب دیکھا ہے جسے وہ بیان کرے؟ چنانچہ ایک شخص بولا: میں نے آج رات خواب دیکھا ہے گویا کہ آسمان سے ایک ترازو اترا ہے ایک پلڑے میں آپ رکھ دیئے گئے ہیں اور دوسرے پلڑے میں ابوبکر تاہم ابوبکر رضی اللہ عنہ والا پلڑا ہلکا رہا۔ پھر دوسرے پلڑے میں عمر رضی اللہ عنہ لائے گئے چنانچہ ابوبکر رضی اللہ عنہم والا پلڑا جھک گیا پھر عثمان رضی اللہ عنہ لائے گئے ان کے مقابلہ میں عمر رضی اللہ عنہ والا پلڑا جھک گیا پھر ترازو اٹھالیا گیا چنانچہ اس کے بعد رسول کریم ﷺ نے خواب کے متعلق سوال نہیں کیا۔

۳۶۷۲۶......عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ ایک باغ میں تھے ارشاد فرمایا: تمہارے پاس اہل جنت میں سے ایک شخص آیا چاہتا ہے دوسرا پھر تیسرا اور پھر چوتھا۔ چنانچہ ابوبکر داخل ہوئے پھر عمر پھر عثمان اور پھر علی رضی اللہ عنہ داخل ہوئے آپ نے فرمایا: تمہیں جنت کی خوشخبری ہے۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۷۲۷......شعبی کی روایت ہے کہ میں نے نبی کریم ﷺ کے پانچ سو سے زائد صحابہ رضی اللہ عنہم پائے ہیں وہ سب کہتے تھے: ابوبکر رضی اللہ عنہ عمر رضی اللہ عنہ عثمان رضی اللہ عنہ علی رضی اللہ عنہ۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۷۲۸......عرفجہ اشجعی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ہمیں فجر کی نماز پڑھائی پھر آپ بیٹھ گئے اور فرمایا: آج رات میرے صحابہ رضی اللہ عنہم کا وزن کیا گیا ابوبکر کا وزن کیا گیا وہ بھاری نکلے پھر عمر رضی اللہ عنہ کا وزن کیا گیا وہ بھی بھاری رہے پھر عثمان رضی اللہ عنہ کا وزن کیا گیا تاہم ان میں قدرے نرمی تھی اور وہ نیک آدمی ہیں۔ رواہ الشیرازی فی الالقاب وابن مندہ وقال: غریب وابن عساکر

۳۶۷۲۹......عصمہ بن مالک اشجعی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ بنو خزاعہ کا ایک شخص حضرت علی رضی اللہ عنہ سے ملا علی رضی اللہ عنہ نے پوچھا: تم کیوں آئے ہو کہا: میں آیا ہوں تا کہ رسول اللہ ﷺ سے پوچھوں کہ جب اللہ تعالیٰ انھیں اپنے پاس بلا لے گا پھر تو ہم اپنے صدقات کسے دیں۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ابوبکر رضی اللہ عنہ کو دینا۔ عرض کیا: جب اللہ تعالیٰ ان کی روح قبض کر لے تو پھر؟ فرمایا: عمر کو دینا اس شخص نے عرض کیا: جب عمر

رضی اللہ عنہ دنیا سے رخصت ہو گئے تو پھر فرمایا: عثمان رضی اللہ عنہ کو دینا عرض کیا: جب عثمان رضی اللہ عنہ دنیا سے رخصت ہو جائیں تو پھر آپ ﷺ نے فرمایا: اس وقت تم خود غور خوض کرلو۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۷۳۰..... حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جو شخص ابوبکر سے محبت کرے گا وہ قیامت کے دن ابوبکر رضی اللہ عنہ کے ساتھ ہوگا جہاں وہ جائیں گے ان کے ساتھ وہ بھی جائے گا جو شخص عمر رضی اللہ عنہ سے محبت کرے گا وہ بھی عمر رضی اللہ عنہ کے ساتھ ہوگا جہاں جائیں گے ان کے ساتھ ہوگا جو عثمان رضی اللہ عنہ سے محبت کرے گا وہ بھی عثمان رضی اللہ عنہ کے ساتھ ہوگا اور جو شخص مجھ سے محبت کرے گا وہ میرے ساتھ ہوگا اور جو شخص ان چاروں سے محبت کرے گا جنت کی طرف اسے لے جانے والے یہ چاروں ہوں گے۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۷۳۱..... ابولھیعہ یزید بن ابی حبیب کی سند سے ایک شخص عبد خیر سے روایت نقل کرتا ہے عبد خیر کہتے ہیں میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو وضو کرایا حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے بھی اسی طرح رسول اللہ ﷺ کو وضو کرایا تھا جس طرح تم نے مجھے وضو کرایا ہے میں نے عرض کیا: قیامت کے دن سب سے پہلے حساب کے لیے کسے بلایا جائے گا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: مجھے بلایا جائے گا پھر میں اللہ تعالیٰ کے سامنے کھڑا ہو جاؤں گا جتنی مدت اللہ چاہے گا پھر میں نکل جاؤں گا جب کہ اللہ تعالیٰ نے میری بخشش کردی ہوگی میں نے عرض کیا: پھر کسے حساب کے لیے بلا یا جائے گا؟ فرمایا: ابوبکر کو وہ بھی میری طرح اللہ تعالیٰ کے سامنے کھڑے ہوں گے پھر چل پڑیں گے اللہ تعالیٰ ان کی بخشش کردے گا میں نے عرض کیا: پھر حساب کے لیے کسے بلایا جائے گا؟ فرمایا: عمر کو وہ بھی ابوبکر رضی اللہ عنہ کی طرح کھڑے رہیں گے اللہ تعالیٰ ان کی بھی مغفرت کردے گا میں نے عرض کیا: پھر کون حساب کے لیے لایا جائے گا آپ نے پھر میرا نام لیا میں نے عرض کیا عثمان: کہاں چلے گئے فرمایا: عثمان حیادار انسان ہے میں نے اپنے رب سے سوال کیا کہ اسے حساب کے لیے کھڑا نہ کرے اللہ تعالیٰ نے میری سفارش قبول فرمائی۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۷۳۲..... ''مسند علی'' سعد بن طریق اصبغ بن نباتہ سے روایت نقل کرتے ہیں کہ میں نے علی رضی اللہ عنہ سے عرض کیا: اے امیر المؤمنین رسول اللہ ﷺ کے بعد لوگوں میں سب سے افضل کون ہے؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ابوبکر میں نے پوچھا: پھر کون؟ فرمایا: عمر میں نے پوچھا پھر کون؟ فرمایا: عثمان میں نے عرض کیا پھر کون؟ فرمایا: پھر میں ہوں میں نے رسول کریم ﷺ کو ان دو آنکھوں سے دیکھا ہے ورنہ یہ آنکھیں اندھی ہو جائیں میں نے آپ کو ان دو کانوں سے سنا ہے ورنہ یہ کان بہرے ہو جائیں۔ چنانچہ آپ رضی اللہ عنہ فرماتے تھے: اسلام میں کوئی شخص ایسا نہیں پیدا ہوا جو ابوبکر و عمر سے زیادہ پرہیزگار پاکباز اور افضل ہو۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۷۳۳..... ''ایضاً'' ابوحفص عمر بن عبدالمجید المیانشی (نے مجالس مکیہ میں لکھا) شیخ امام زین الدین ابومحمد عبداللہ شمیلہ بن ابی ھاشم حسنی شیخ امام زاہد ابوسعید محمد بن سعید ریحانی (یہ ۱۲۰ سال زندہ رہے) سالم بن عبداللہ بن سالم (یہ ۱۳۰ سال زندہ رہے) ابودینا شیخ کہتے ہیں مجھے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی کہ رسول کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: عرش صرف ابوبکر عمر عثمان اور علی رضی اللہ عنہم کی محبت ہی سے ثابت رہ سکتا ہے اور عرش کے ارکان صرف جبرئیل، میکائیل، اسرافیل اور اللہ عزوجل کے خادم فرشتوں ہی کی محبت سے اٹھایا جاسکتا ہے۔

کلام:..... میانشی کہتے ہیں یہ حدیث درجہ حسن میں ہے اور یہ حسن کے درجہ تک پہنچی ہے مصنف کہتے ہیں: شیخ جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں: اللہ کی قسم! یہ حدیث نہ حسن ہے اور نہ ہی ضعیف ہے بلکہ باطل ہے چونکہ ابودنیا بڑے بڑے کذابوں میں سے ایک کذاب ہے چنانچہ تین سو سال کے بعد اس نے دعوی کر دیا کہ اس نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے سماع کیا ہے تاہم لوگوں نے سختی سے اس کی تکذیب کی ہے تعجب تو میانشی کے قول سے ہوا ہے کہ یہ حدیث حسن ہے۔

۳۶۷۳۴..... حضرت عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ کے ہاں کچھ لوگ ایسے ہیں جن کے اپنے نام اور اپنے آباء کے نام لکھے ہوئے ہیں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! میرے ماں باپ آپ پر فدا جائیں ہمیں ان لوگوں کے متعلق بتائیں: آپ نے فرمایا: ہاں تم انہی میں سے ہے ہو عمر بھی انہی میں سے ہے اور عثمان بھی انہی میں سے ہے۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۷۳۵..... حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ان چار صحابہ رضی اللہ عنہم کی محبت صرف کسی مومن کے دل ہی میں جمع ہو سکتی ہے یعنی ابوبکر، عمر، عثمان اور علی رضی اللہ عنہم اجمعین کی محبت۔ رواہ ابن عساکر

جامع مناقبہائے عشرۂ مبشرہ رضی اللہ عنہم

۳۶۷۳۶...... حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ زخمی کر دیئے گئے اور آپ رضی اللہ عنہ نے امر خلافت کے متعلق شوریٰ قائم کردی آپ کی خدمت میں حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا داخل ہوئیں اور عرض کیا: اے ابا جان! لوگ کہتے ہیں یہ چھ لوگ پسندیدہ نہیں ہیں عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے سہارا دو، لوگوں نے آپ کو سہارا دے کر بٹھایا آپ نے فرمایا: علی بن ابی طالب کے متعلق لوگ کچھ نہ کہیں چونکہ میں نے نبی کریم ﷺ کو فرماتے سنا ہے کہ اے علی! میرے ہاتھ میں ہاتھ دو قیامت کے دن میرے ساتھ جنت میں داخل ہو جاؤ گے عثمان بن عفان کے متعلق بھی کچھ نہ کہیں میں نے نبی کریم ﷺ کو فرماتے سنا ہے: جس دن عثمان رضی اللہ عنہ کو موت آئے گی اس پر آسمان کے فرشتے نماز پڑھیں گے میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! خصوصاً عثمان رضی اللہ عنہ کے لیے یا سب مومنین کے لیے فرمایا: خصوصاً عثمان کے لیے طلحہ بن عبید اللہ کے متعلق کچھ نہ کہیں میں نے نبی کریم ﷺ کو ایک رات فرماتے سنا ہے درانحالیکہ آپ کا کجاوہ گرنے لگا تھا آپ نے فرمایا: میرا کجاوہ جو درست کرے گا جنت میں داخل ہوگا طلحہ رضی اللہ عنہ نے بھاگ کر کجاوہ درست کیا اور آپ رضی اللہ عنہ سواری پر سوار ہوئے پھر فرمایا: اے طلحہ! یہ جبرئیل کھڑے ہیں اور تمہیں سلام کہہ رہے ہیں اور کہتے ہیں قیامت کی ہولناکیوں میں میں تمہارے ساتھ رہوں گا حتیٰ کہ تمہیں ان سے نکال لوں۔ زبیر بن عوام کے متعلق بھی نہ کہیں چونکہ میں نے نبی کریم ﷺ کو ایک دن سوتے ہوئے دیکھا اور آپ کے پاس زبیر رضی اللہ عنہ چہرہ اقدس سے مکھیاں دفع کرنے بیٹھ گئے حتیٰ کہ جب آپ بیدار ہوئے ارشاد فرمایا: اے ابوعبداللہ تم یہاں سے گئے نہیں ہو جواب دیا: میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں میں نہیں گیا: آپ نے ارشاد فرمایا: یہ جبرئیل کھڑے ہیں تمہیں سلام کہہ رہے ہیں اور کہتے ہیں: قیامت کے دن میں تمہارے ساتھ ہوں گا حتیٰ کہ جہنم کو تم سے دور کر دوں سعد بن ابی وقاص کے متعلق بھی کچھ نہ کہیں میں نے نبی کریم ﷺ کو فرماتے سنا ہے بدر کے دن جب کہ سعد نے اپنی کمان میں چودہ مرتبہ وتر ڈالا فرمایا: تم پر میرے ماں باپ فدا جائیں تیر برساؤ عبدالرحمٰن بن عوف کے بارے میں بھی کچھ نہ کہیں چنانچہ میں نے حضور نبی کریم ﷺ کو فاطمہ رضی اللہ عنہا کے گھر میں دیکھا جب کہ حسن رضی اللہ عنہ اور حسین رضی اللہ عنہ مارے بھوک کے رو رہے تھے نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ہمارے پاس کون شخص کوئی چیز لائے گا؟ چنانچہ عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ ایک برتن لیے نمودار ہوئے اس میں حلوا اور دو روٹیاں تھیں روٹیوں کے درمیان چربی رکھی تھی نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ دنیا میں تمہاری کفایت کرے اور تمہاری آخرت کا میں ضامن ہوں۔

رواہ امعاذ بن المشنی فی زیارات مسند مسدد و الطبرانی فی الاوسط و ابونعیم فی الفضائل للصحابة وابو بکر الشافعی فی الغیلانیات وابوالحسین بن بشران فی فوائده والخطیب فی تلخیص المتشابه وابن عساکر والدیلمی و سنده صحیح

۳۶۷۳۷...... "مسند عثمان" ابان بن عثمان بن عفان کی روایت ہے کہ میرے والد محترم نے مجھے حدیث سنائی ہے کہ نبی کریم ﷺ حراء پہاڑ پر چڑھے پہاڑ ہلنے لگا رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اے حراء سکون میں آجا تجھ پر تو ایک نبی ہے یا صدیق ہے یا شہید ہے حراء پہاڑ پر رسول اللہ ﷺ ابوبکر عمر عثمان، علی طلحہ، زبیر، عبدالرحمٰن بن عوف، سعد بن ابی وقاص سعید بن زید بن عمرو بن نفیل رضی اللہ عنہم اجمعین تھے۔

رواہ الباغندی فی مسند عمر بن عبدالعزیز وابن عساکر

۳۶۷۳۸...... حضرت عبداللہ بن سعد بن ابی سرح کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ نبی کریم ﷺ اپنے دس صحابہ ابوبکر، عمر عثمان علی زبیر طلحہ وغیرھم رضی اللہ عنہم اجمعین کے ساتھ حراء پہاڑ پر تھے یکا یک پہاڑ ہلنے لگا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے حراء رک جا تیرے اوپر یا تو نبی ہے یا صدیق ہے یا شہید ہے۔ رواہ الحسن بن سفیان ویعقوب بن سفیان وابن منده وابن عساکر

۳۶۷۳۹...... ابن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ رسول کریم ﷺ حراء پہاڑ پر تھے یکا یک ہلنے لگا رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے حراء رک جا تجھ پر یا تو نبی ہے یا صدیق ہے یا شہید ہے پہاڑ پر رسول اللہ ﷺ ابوبکر عمر، عثمان، علی، طلحہ، زبیر، عبدالرحمٰن بن عوف سعد بن ابی وقاص اور سعید بن زید بن عمرو بن نفیل رضی اللہ عنہ تھے۔ رواہ ابویعلی والبغوی، وابن شاهین فی الافراد والطبرانی وابن عساکر

۳۶۷۴۰ ...... "مسند سعید بن زید" رجاح بن حارث کی روایت ہے کہ ہم کوفہ کی بڑی مسجد میں تھے، حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ چار پائی پر تشریف فرما تھے حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ بولے: میں نے رسول کریم ﷺ کو ارشاد فرماتے سنا ہے کہ ابوبکر جنت میں عمر جنت میں عثمان جنت میں علی جنت میں طلحہ جنت میں زبیر جنت میں عبدالرحمٰن بن عوف جنت میں سعد جنت میں اگر نویں مومن کا میں نام لینا چاہوں تو لے سکتا ہوں لوگوں نے کہا: ہم آپ کو اللہ تعالیٰ کا واسطہ دیتے ہیں کہ وہ نویں مؤمن کون ہیں؟ سعید رضی اللہ عنہ بولے: جب تم مجھے واسطہ دیتے ہو تو مونین میں سے نواں شخص میں ہوں اور رسول کریم ﷺ دسویں ہیں۔ پھر کہا: بخدا اصحابہ رضی اللہ عنہم میں سے کسی ایک کا رسول اللہ ﷺ کے ساتھ گھڑی بھر کے لیے کھڑا ہونا اس سے بدرجہا افضل ہے کہ اگر تم میں سے کسی کو عمر نوح دی جائے۔ رواہ احمد بن حنبل وابونعیم فی المعرفة وابن عساکر

۳۶۷۴۱ ..... "ایضاً" حضرت سعید بن زید بن عمرو بن نفیل رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ میں نو آدمیوں پر گواہی دیتا ہوں کہ وہ جنت میں جائیں گے اگر میں دسویں پر گواہی دوں تو میں گناہ گار نہیں ہوگا آپ سے پوچھا گیا وہ کیسے؟ سعید رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ایک مرتبہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ حراء پہاڑ پر تھے اچانک پہاڑ ہلنے لگا آپ ﷺ نے پاؤں مارا اور فرمایا: اے حراء رک جا چونکہ تجھ پر یا تو نبی ہے یا صدیق ہے یا شہید ہے پوچھا گیا وہ کون ہیں فرمایا: رسول اللہ ﷺ ابوبکر عمر، عثمان، علی، طلحہ، زبیر، سعد اور عبدالرحمٰن عوف رضی اللہ عنہم اجمعین ہیں۔ پوچھا گیا: دسواں کون ہے فرمایا: وہ میں ہوں۔ رواہ الترمذی وقال حسن صحیح و ابونعیم وابن النجار

کلام: ...... حدیث ضعیف ہے دیکھئے ذخیرۃ الحفاظ ۵۲۷۔

۳۶۷۴۲ ..... حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ وہ فرماتے ہیں میں نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو رسول اللہ ﷺ سے عرض کرتے سنا: کاش میں اہل جنت سے ہوتا، ارشاد فرمایا: میں آپ سے سوال نہیں کرتا مجھے معلوم ہے کہ آپ اہل جنت میں سے ہیں ارشاد فرمایا: میں اہل جنت میں سے ہوں تم بھی اہل جتن میں سے ہو عمر اہل جنت میں سے عثمان اہل جنت میں سے علی اہل جنت میں سے طلحہ اہل جنت میں سے زبیر اہل جنت میں سے عبدالرحمٰن اہل جنت میں سے سعد اہل جنت میں سے اگر میں چاہوں تو دسویں کا بھی نام لے سکتا ہوں حضرت سعید رضی اللہ عنہ سے پوچھا گیا: ہم آپ کو واسطہ دیتے ہیں کہ آپ اس کا نام لیں! فرمایا: وہ میں ہوں۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۷۴۳ ..... "ایضاً" حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم رسول کریم ﷺ کے ساتھ حرا پہاڑ پر تھے آپ نے دس صحابہ کا ذکر فرمایا: کہ وہ جنت میں ہیں وہ یہ ہیں ابوبکر عمر عثمان علی طلحہ زبیر عبدالرحمٰن بن عوف سعید بن مالک سعید بن زید اور عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہم۔ رواہ ابن عساکر

جامع مناقبہائے صحابہ رضی اللہ عنہم اجمعین

۳۶۷۴۴ ..... نیار اسلمی کی روایت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو اپنے دور خلافت میں جب کوئی مہم پیش آتی، اہل شوریٰ سے مشورہ کرتے اور انصار میں سے حضرت معاذ بن جبل حضرت ابی بن کعب اور زید بن ثابت رضی اللہ عنہم سے مشورہ لیتے۔ رواہ ابن سعد

۳۶۷۴۵ ..... سعد بن ابراہیم اپنے والد سے روایت نقل کرتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ عبداللہ بن مسعود ابودرداء اور ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ سے پوچھتے: اس مسئلہ میں رسول اللہ ﷺ سے کوئی حدیث مروی ہے چنانچہ آپ رضی اللہ عنہ نے ان صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو تا وفات مدینہ سے باہر نہیں جانے دیا۔ رواہ ابن سعد

۳۶۷۴۶ ..... حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ہم رسول کریم ﷺ کی خدمت میں بیٹھے ہوئے تھے آپ نے فرمایا: مجھے معلوم نہیں کہ میں تمہارے درمیان کتنی مدت تک زندہ رہوں گا لہٰذا میرے بعد ان لوگوں کی اقتداء کرو جو میرے بعد آئیں گے وہ ابوبکر وعمر ہیں عمار کی سیرت پر چلو اور ابن مسعود تمہیں جو حدیث سنائے اس کی تصدیق کرو۔ رواہ ابن ابی شیبة

۳۶۷۴۷ ..... "مسند سعید بن تمیم سکونی والد بلال بن سعد" بلال بن سعد اپنے والد سے روایت نقل کرتے ہیں وہ کہتے ہیں: میں نے عرض کیا: یا

رسول اللہ! آپ کی امت کے کون لوگ افضل ہیں: فرمایا: میں اور میرے زمانہ کے لوگ میں نے عرض کیا: پھر کیا ہے فرمایا: پھر دوسرا زمانہ ہے میں نے عرض کیا: پھر کیا ہے فرمایا: پھر تیسرا زمانہ ہے میں نے عرض کیا: اس کے بعد؟ فرمایا: اس کے بعد ایسے لوگ آئیں گے جو خود اپنے تیئں گواہی دیں گے حالانکہ ان سے گواہی کا مطالبہ نہیں کیا جائے گا وہ قسمیں اٹھائیں گے حالانکہ ان سے قسمیں نہیں لی جائیں گی ان کی پاس امانتیں رکھی جائیں گی اور وہ امانتیں ادا نہیں کریں گے۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۷۴۸...... حضرت عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ایک دن رسول کریم ﷺ اپنے صحابہ رضی اللہ عنہم کے پاس تشریف لائے اور ارشاد فرمایا: اے اصحاب محمد! آج رات اللہ تعالیٰ نے مجھے جنت میں تمہارے ٹھکانے دکھائے ہیں اور یہ بھی دکھایا ہے کہ میرے ٹھکانے کے مقابلہ میں تمہارے ٹھکانوں کا کیا انداز ہے پھر آپ ﷺ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا: اے علی کیا تم راضی نہیں ہو کہ جنت میں تمہارا ٹھکانا میرے ٹھکانے کے بالمقابل ہو؟ عرض کیا: جی ہاں یارسول اللہ! میرے ماں باپ آپ پر قربان جائیں کیوں راضی نہیں ہوں پھر آپ...... حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا: میں ایک شخص کو اس کے نام سے اس کے ماں باپ کے نام سے پہچانتا ہوں جب وہ جنت کے دروازے پر آئے گا تو جنت کے دروازوں میں سے کوئی دروازہ اور جنت کے بالا خانوں میں سے کوئی بالا خانہ نہیں رہے گا مگر ہر ایک سے آواز آئے گی مرحبا مرحبا حضرت سلمان رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! یہ شخص تو خوفزدہ نہیں ہوگا۔ فرمایا: وہ ابوبکر بن ابی قحافہ ہے پھر آپ ﷺ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی طرف متوجہ ہوکر فرمایا: میں نے جنت میں ایک عظیم الشان محل دیکھا ہے جو سفید موتی سے بنا ہوا ہے اس کا گنبد بھی سفید موتی کا ہے اور اس پر یاقوت جڑے ہوئے ہیں مجھے اس کی خوبصورتی تعجب خیز معلوم ہوئی میں نے کہا: اے رضوان یہ محل کس کا ہے؟ اس نے جواب دیا: یہ قریش کے ایک نوجوان کا ہے میں سمجھا وہ میرا ہے میں اس میں داخل ہونے لگا رضوان نے مجھے کہا: اے محمد! یہ عمر بن خطاب کا ہے اے ابوحفص! اگر تمہاری غیرت کا پاس نہ ہوتا تو میں اس میں ضرور داخل ہوتا حضرت عمر رضی اللہ عنہ رو پڑے اور پھر عرض کیا: یارسول اللہ! میں آپ پر غیرت کروں گا پھر آپ ﷺ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا: اے عثمان رضی اللہ عنہ ہر نبی کا جنت میں ایک رفیق ہوتا ہے اور تو جنت میں میرا رفیق ہوگا پھر آپ طلحہ وزبیر رضی اللہ عنہم کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا: اے طلحہ! اے زبیر! ہر نبی کا ایک حواری ہوتا ہے اور تم دونوں میرے حواری ہو پھر عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا: اے عبدالرحمٰن تم مجھ سے پیچھے رہ گئے مجھے خوف لاحق ہوا کہیں تم ہلاک تو نہیں ہو گئے ہو لیکن تم آ ہی گئے اور پسینہ میں شرابور تھے میں نے تم سے پوچھا: تمہیں کیوں تاخیر ہوئی میں تو سمجھا کہ تم ہلاک ہو گئے ہو تم نے جواب دیا: یارسول اللہ! کثرت مال نے مجھے تاخیر میں رکھا تاہم میں اپنے مال کے متعلق حساب دینے میں لگاتار کھڑا رہا کہ یہ مال میں نے کہاں سے کمایا اور اسے کہاں خرچ کیا؟ حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ رونے لگے اور عرض کیا یارسول اللہ! یہ سو اونٹ کھڑے ہیں جو میرے پاس مصر کی تجارت سے واپس لوٹے ہیں میں آپ کو گواہ بناتا ہوں کہ یہ سب اہل مدینہ کی بیواؤں اور یتیموں پر صدقہ ہیں تاکہ اللہ تعالیٰ قیامت کے دن مجھ پر تخفیف فرمائے۔

رواہ ابن عساکر

۳۶۷۵۰...... حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں تین انصاری جو بنو عبدالاشھل سے ہیں رسول اللہ ﷺ کے بعد فضلیت میں ان پر کوئی فوقیت نہیں رکھتا۔ وہ یہ ہیں سعد بن معاذ اسید بن حضیر اور عباد بن بشر رضی اللہ عنہم اجمعین۔ رواہ ابویعلی و ابن عساکر

۳۶۷۵۱...... ابن ابی ملیکہ کہتے ہیں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے سوال کیا گیا کہ اگر رسول اللہ ﷺ خود کسی کو خلیفہ مقرر کرتے تو وہ کون ہوگا؟ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے جواب دیا: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو ان سے پوچھا گیا: پھر کون ہوتا جواب دیا: عمر رضی اللہ عنہ پوچھا گیا: عمر رضی اللہ عنہ کے بعد کون ہوتا جواب دیا ابوعبیدہ بن الجراح رضی اللہ عنہ پھر عائشہ رضی اللہ عنہا خاموش ہوگئیں۔ رواہ ابن ابی شیبۃ و ابن عساکر

۳۶۷۵۲...... سعید بن جبیر کی روایت ہے کہ ابوبکر عمر عثمان، علی طلحہ، زبیر، سعید، عبدالرحمٰن بن عوف اور سعید بن زید بن عمرو بن نفیل رضی اللہ عنہم اجمعین جنگ میں رسول اللہ ﷺ کے آگے آگے ہوتے اور نماز میں آپ ﷺ کے پیچھے پہلی صرف میں کھڑے ہوئے مہاجرین وانصار میں سے کوئی بھی دوسرے کی جگہ (غار میں) کھڑا نہیں ہوتا تھا خواہ وہ غائب ہو یا حاضر ہو۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۷۵۳...... محمد ثابت عبدی قتادہ سے روایت نقل کرتے ہیں قتادہ کہتے ہیں رسول کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: میری امت میں سب سے زیادہ مہربان اور امت پر رحم کھانے والے ابوبکر ہیں اللہ تعالیٰ کے حکم میں سب سے زیادہ گرفت کرنے والے عمر ہیں میری امت میں سب سے زیادہ حیادار عثمان ہیں حلال وحرام کا سب سے زیادہ علم رکھنے والے معاذ بن جبل ہیں سب سے زیادہ فرائض سے واقفیت رکھنے والے زید بن ثابت ہیں سب سے بڑے قاری ابی بن کعب ہیں اور کہا جاتا تھا قضاء کا سب سے زیادہ علم رکھنے والے علی رضی اللہ عنہم اجمعین ہیں۔ رواہ الضیاء

۳۶۷۵۴...... ابوالبختری کی روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے سوال کیا گیا: آپ ہمیں محمد ﷺ کے صحابہ رضی اللہ عنہم کے متعلق بتائیں فرمایا: ان میں سے کس کے متعلق تم پوچھتے ہو لوگوں نے عرض کیا: آپ ہمیں عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے متعلق بتائیں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: انھوں نے قرآن وسنت کا علم حاصل کیا پھر غمخواری کی اور علم میں ان کی کفایت کی گئی لوگوں نے کہا آپ ہمیں ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ کے متعلق بتائیں۔ فرمایا انھوں نے علم کا بڑا ذخیرہ اپنے پاس محفوظ کیا ہے پھر وہ اس سے نکل گئے لوگوں نے کہا: عمار کے متعلق ہمیں بتائیں حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: وہ مؤمن ہے اور بھول جاتا ہے لیکن جب اسے یاددہانی کرائی جاتی ہے اسے یاد ہو جاتا ہے لوگوں نے کہا: سلمان رضی اللہ عنہ کے متعلق بتائیں فرمایا: انھوں نے پہلا علم بھی حاصل کیا اور دوسرا علم بھی حاصل کیا وہ بحر بیکراں ہیں اس کی گہرائی کا پانی ختم نہیں ہونے پایا وہ ہم اہل بیت میں سے ہے۔ لوگوں نے کہا: آپ ہمیں اپنے متعلق بتلائیں فرمایا: تم کیا چاہتے ہو؟ چنانچہ جب میں سوال کرتا تھا مجھے عطا کر دیا جاتا تھا اور جب خاموش رہتا تھا مجھ سے ابتداء کر دی جاتی تھی۔

رواہ ابن سعد والمروزی فی العلم والدورقی وان عساکر

۳۶۷۵۵...... ''مسند اسامہ'' اسامہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ حضرت علی رضی اللہ عنہ حضرت جعفر اور حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ اکٹھے ہوئے جعفر رضی اللہ عنہ بولے: میں رسول اللہ ﷺ کو سب سے زیادہ محبوب ہوں حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کہا: میں رسول اللہ ﷺ کو سب سے ذیادہ محبوب ہوں زید رضی اللہ عنہ نے بھی دعویٰ کیا کہ میں رسول اللہ ﷺ کو سب سے زیادہ محبوب ہوں۔ سب نے کہا رسول اللہ ﷺ کے پاس چلو ان سے پوچھ لو چنانچہ یہ صحابہ رضی اللہ عنہم آئے اور رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہونے کے لئے اجازت طلب کی آپ نے ارشاد فرمایا: اے اسامہ! باہر جاؤ اور دیکھو یہ کون لوگ ہیں؟ میں نے عرض کیا: یہ جعفر علی اور زید ہیں میں نے نہیں کہا کہ میرے ابا جان ہیں فرمایا: انھیں اجازت دو یہ حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اندر داخل ہوئے اور عرض کیا: یارسول اللہ! آپ کو سب سے زیادہ محبوب کون ہے؟ ارشاد فرمایا: فاطمہ رضی اللہ عنہا مجھے زیادہ محبوب ہے عرض کیا: ہم آپ سے مردوں کے متعلق پوچھ رہے ہین۔ ارشاد فرمایا: اے جعفر رہی تمہاری بات سوتم خلقت واخلاق میں میرے مشابہ ہو اور مجھ سے ہو میرے شجرہ میں سے ہو اے علی! تم میرے داماد ہو اور میرے دو بچوں کے والد ہو میں تجھ سے ہوں اور تو مجھ سے ہے۔ اور اے زید! تم میرے آزاد کردہ غلام ہو تم مجھ سے ہو اور قوم میں سب سے زیادہ محبوب ہو۔

رواہ احمد بن حنبل والطبرانی والحاکم والضیاء

۳۶۷۵۶...... حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ انصار کے دو قبیلے اوس اور خزرج ایک دوسرے پر فخر کرنے لگے اوس نے کہا: ہم میں سے چار لوگ بڑے فضائل کے حامل ہیں خزرج والے بولے: ہم میں سے بھی چار ہیں اوس والوں نے کہا: سعد بن معاذ ہم میں سے ہیں جن کے لیے رب تعالیٰ کا عرش جھوم اٹھا ہم میں وہ شخص بھی ہے جس ایک کی گواہی دو آدمیوں کی گواہی کے برابر ہے یعنی حضرت خزیمہ بن ثابت رضی اللہ عنہ ہم میں غسیل ملائکہ حنظلہ بن راہب بھی ہیں اور ہم میں وہ شخص بھی ہے جس کی نعش کو شہد کی مکھیوں نے ڈھانپ لیا تھا یعنی عاصم بن ثابت بن افلح۔ خزرج والے بولے: ہم میں ایسے چار اشخاص ہیں جھنوں نے رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں قرآن جمع کیا حالانکہ آپ کے عہد میں ان کے علاوہ کسی اور نے جمع نہیں کیا: وہ یہ ہیں: ابی بن کعب معاذ بن جبل زید بن ثابت اور ابوزید رضی اللہ عنہم اجمعین۔

رواہ ابویعلی وابو عوانۃ والطبرانی وابن عساکر وقال ھذا حدیث حسن صحیح

۳۶۷۵۷...... ''ایضاً'' حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ جنت چار اشخاص کی مشتاق ہوئی ہے علی، ابوذر، عمار اور مقداد رضی اللہ عنہم کی۔

رواہ ابن عساکر

۳۶۷۵۸...... ابن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جنت میرے صحابہ رضی اللہ عنہم میں سے چار کی زیادہ مشتاق ہے۔ میرے رب نے مجھے حکم دیا ہے کہ میں ان سے محبت کروں۔ چنانچہ اس فضلیت کے حصول کے لیے صہیب رومی بلال بن ابی رباح طلحہ، زبیر سعد بن ابی وقاص خدیفہ بن الیمان اور عمار بن یاسر رضی اللہ عنہم امیدیں کرنے لگے عرض کیا یا رول اللہ! یہ کون ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے عمار! اللہ تعالیٰ تمہیں منافقین کی پہچان کرائے رہی بات ان چار کی تو ان میں سے ایک علی ہے دوسرا مقداد بن اسود کندی ہے تیسر اسلمان فارسی ہے اور چوتھا ابوذر غفاری ہے۔ رواہ الطبرانی فی الاوسط

۳۶۷۵۹...... حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ جبرئیل علیہ السلام نبی کریم ﷺ کے پاس آئے اور کہا: اے محمد! اللہ تعالیٰ تیرے صحابہ رضی اللہ عنہم میں سے تین سے محبت کرتا ہے تم بھی ان سے محبت کرو وہ علی بن ابی طالب ابوذر اور مقداد ہیں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ایک بار آپ ﷺ کے پاس جبرئیل علیہ السلام آئے اور کہا: اے محمد تیرے صحابہ رضی اللہ عنہم میں سے تین کی جنت زیادہ مشتاق ہے آپ ﷺ کے پاس حضرت انس رضی اللہ عنہ بھی تھے وہ امیدیں کرنے لگے کہ یہ فضلیت انصار میں سے بھی کسی کو حاصل ہوا رادہ کیا کہ رسول اللہ ﷺ سے ان کے متعلق دریافت کریں لیکن مارے ھیبت کے سوال نہ کیا حضرت انس رضی اللہ عنہ باہر نکل آئے اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے ملاقات ہوئی ان سے کہا: اے ابوبکر رضی اللہ عنہ میں ابھی ابھی رسول اللہ ﷺ کے پاس تھا کہ اتنے میں جبرئیل علیہ السلام آئے اور کہنے لگے: تیرے صحابہ میں سے تین کے لیے جنت مشتاق ہے میں نے امید کی کہ یہ فضلیت کسی انصاری کے حصہ میں بھی آئے لیکن مارے ہیبت کے میں نے سوال نہیں کیا: کیا آپ جائیں گے تاکہ سوال کرلیں؟ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا: میں سوال کرنے سے ڈرتا ہوں کہ میں ان میں سے نہ ہوں اور پھر میری قوم مجھ پر خوشیاں کرنے لگے پھر انس رضی اللہ عنہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور ان سے کہا: انھوں نے بھی ابوبکر رضی اللہ عنہ کی طرح انکار کر دیا پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ سے ان کی ملاقات ہوئی حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حامی بھرلی کہ میں پوچھتا ہوں اگر میں ان میں سے ہوا تو اس پر اللہ کی حمد کرتا ہوں اگر نہ ہوا تو بھی اللہ کی حمد کروں گا۔ علی رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا: جنت آپ کے صحابہ میں سے تین کی زیادہ مشتاق ہے یا نبی اللہ وہ کون ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اے علی تم انہی میں سے ہو ایک عمار بن یاسر ہے وہ جنگوں میں تمہارے ساتھ حاضر رہے گا ان جنگوں کی فضلیت واضح ہے اور ان کی بھلائی عظیم تر ہے اور ایک سلمان ہے اور وہ ہم اہل بیت میں سے ہے وہ خیر خواہ ہے اسے اپنا دست راست بنالو۔ رواہ ابویعلی وفیه نضر بن حمید عن بن طریق الا سکاف وھما ضعیفان

کلام:...... حدیث ضعیف ہے دیکھئے الضعیفۃ ۲۳۲۸۔

۳۶۷۶۰...... حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ میں جعفر اور زید رضی اللہ عنہم نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے آپ نے زید رضی اللہ عنہ سے فرمایا: تم ہمارے بھائی ہو اور ہمارے آزاد کردہ غلام ہو زید رضی اللہ عنہ کچھ شرمندہ سے ہوگئے پھر جعفر رضی اللہ عنہ سے فرمایا تم خلقت اور اخلاق میں میرے مشابہ ہو زید رضی اللہ عنہ کے بعد وہ بھی شرمندہ سے ہوگئے پھر مجھ سے فرمایا: تم مجھ سے ہو اور میں تم سے ہوں پھر میں بھی جعفر کے بعد شرمندہ سا ہوگیا۔ رواہ ابن ابی شیبة وابویعلی والبیهقی

فائدہ:...... یہ شرمندگی کسی گناہ پر نہیں بلکہ یہ وہ شرمندگی ہے جو بادشاہ کے حضور رعایا کو عزت افزائی پر عارضی طور پر لاحق ہوجاتی ہے۔

حضرت ابوعبیدہ بن الجراح رضی اللہ عنہ

۳۶۷۶۱...... علی بن عبداللہ قرشی اپنے والد سے روایت نقل کرتے ہیں ایک مرتبہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ ایک قوم کے پاس سے گزرے جو آپس میں بیٹھے تمنائیں کررہے تھے آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں بھی تمہارے ساتھ تمنا کرتا ہوں میری تمنا ہے کہ اس گھر جیسا کوئی گھر ہو جو ابوعبیدہ بن الجراح اور سالم مولائے ابوحذیفہ جیسے لوگوں سے بھرا ہو چونکہ سالم اللہ تعالیٰ سے بہت زیادہ محبت کرتا ہے اگر اسے اللہ کا خوف نہ بھی ہو وہ پھر بھی اللہ کی نافرمانی نہیں کرے گا رہی بات ابوعبیدہ کی سو میں نے نبی کریم ﷺ کو ارشاد فرماتے سنا ہے کہ ہر امت کا ایک امین ہوتا ہے اور اس امت کا امین ابوعبیدہ بن الجراح ہے۔ رواہ الدینوری وابن عساکر

حضرت ابوعبیدہ بن الجراح اور حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہما

۳۶۷۶۲..... ''مسند عمر'' مالک بن اوس کی روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے چار سو دینار لیے اور ایک تھیلی میں ڈال کر غلام سے کہا: یہ ابوعبیدہ بن الجراح کے پاس لے جاؤ پھر تم تھوڑی دیر گھر ہی میں ٹھہرو اور دیکھو کہ وہ کیا کریں گے چنانچہ غلام ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ کے پاس گیا اور کہا: امیر المؤمنین کہتے ہیں کہ یہ اپنے کام میں صرف کرلو۔ ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ بولے: اللہ تعالیٰ امیر المؤمنین پر رحم فرمائے پھر بولے: اے لڑکی یہ سات دینار فلاں کے پاس لے جاؤ یہ پانچ فلاں کے پاس لے جاؤ حتیٰ کہ اسی طرح سب ختم کردیئے غلام عمر رضی اللہ عنہ کے پاس واپس لوٹ آیا اور انھیں خبر دی غلام نے عمر رضی اللہ عنہ کو اس حال میں پایا کہ انھوں نے اسی طرح حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کے لیے بھی دینار تھیلی میں ڈال کر تیار کرر کھے تھے فرمایا اے غلام یہ معاذ بن جبل کے پاس لے جاؤ اور تھوڑی دیر گھر میں ٹھہرو دیکھو کہ وہ کیا کریں گے چنانچہ غلام دینار لے کر حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا آپ یہ دینار اپنی ضرورت میں صرف کریں یہ امیر المؤمنین نے بھیجے ہیں۔ فرمایا: اللہ تعالیٰ امیر المؤمنین پر رحم فرمائے اے لڑکی یہ لے جاؤ فلاں کے پاس یا فرمایا فلاں کے گھر میں کچھ دیر بعد معاذ رضی اللہ عنہ کی بیوی نمودار ہوئی اور کہا: بخدا! ہم مسکین لوگ ہیں ہمیں بھی کچھ دی جیئے چنانچہ تھیلی میں صرف دو دینار بچے تھے معاذ رضی اللہ عنہ وہ لے کر اپنی بیوی کے پاس چلے گئے غلام واپس لوٹ آیا اور عمر رضی اللہ عنہ کو ساری خبر سنائی عمر رضی اللہ عنہ سن کر بہت خوش ہوئے اور فرمایا: بلاشبہ یہ صحابہ رضی اللہ عنہم آپس میں بھائی بھائی ہیں اور ایک قسم کی عادات کے حاملین ہیں۔ رواہ ابن المبارک

حضرت ابی بن کعب اور جندب بن جنادہ ابوذر غفاری رضی اللہ عنہم

۳۶۷۶۳..... ابن جریج عمرو بن دینار سے روایت نقل کرتے ہیں کہ بجالہ تمیمی کہتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے مسجد میں ایک لڑکا پایا اس نے اپنی گود میں ایک صحیفہ کھول رکھا تھا جس میں لکھا تھا: نبی مؤمنین پر ان کی جانوں سے بھی زیادہ حق رکھتا ہے اور وہ مومنین کا باپ ہوتا ہے عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اسے مٹا دو لڑکا بولا: بخدا! میں نہیں مٹاؤں گا چونکہ یہ ابی بن کعب کے مصحف میں ہے دونوں اٹھے اور حضرت ابی بن کعب کے پاس چلے گئے ابی رضی اللہ عنہ نے کہا: میں قرآن میں مشغول رہتا تھا جب کہ آپ بازاروں میں خرید وفروخت میں مشغول رہتے تھے جب کہ آپ کی چادر جو آپ کے کاندھے پر ہوتی تھی اور ابن عجماء کے دروازے کے ساتھ اٹک جاتی تھی عمرو بن دینار کہتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ مجوسیوں سے جزیہ نہیں لینا چاہتے تھے حتیٰ کہ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے گواہی دی کہ رسول اللہ ﷺ نے کے ہجر کے مجوسیوں سے جزیہ لیا تھا عمرو بن دینار کہتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ بن خطاب کے حضرت جزء بن معاویہ رضی اللہ عنہ احنف بن قیس کے چچا کو خط لکھا وہ عمر رضی اللہ عنہ کی وفات سے ایک سال قبل کسی جگہ کے گورنر تھے لکھا کہ جادوگر کو قتل کرا اور مجوسیوں کو رمن کے رشتہ سے رد کرو اور انھیں آگ جلانے سے منع کرو۔ فرمایا: ابوبستان کا کیا حال ہے نبی کریم ﷺ نے جندب سے فرمایا: جندب اور جندب کیا ہے وہ ایک وار کرتا ہے جس سے حق وباطل میں فرق کرتا ہے یکا یک ابوبستان قلعہ کے نچلے حصہ میں ولید بن عقبہ کے پاس کھیل رہے ہیں اور وہ کوفہ کے امیر تھے جبکہ لوگ سمجھتے تھے کہ وہ محل کی فصیل پر ہیں اس پر جندب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے لوگو تمہاری ہلاکت کھیل تو تمہارے ساتھ کیا جا رہا ہے وہ تو محل کے نچلے حصہ میں ہے پھر چل پڑے اپنی تلوار لی اور اسے مار دیا۔ رواہ عبد الرزاق

سماک بن مخرمہ وسماک بن عبیدہ وسماک بن خرشہ رضی اللہ عنہم

۳۶۷۶۴..... ''مسند عمر'' سیف بن عمر، محمد وطلحہ ومہلب وعمرو سعید سے روایت نقل کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضرت سماک بن مخرمہ وسماک بن عبیدہ

اور سماک بن خرشہ رضی اللہ عنہم حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ تمہیں برکت عطا فرمائے یا اللہ! ان کے ذریعے اسلام کو بلندی عطا فرما اور ان سے اسلام کی تائید فرمادے۔ رواہ ابن عساکر

مفصل فضائل صحابہ رضی اللہ عنہم کے بیان میں

حروف معجم کی ترتیب پر

حرف الف...... حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ

۳۶۷۶۵...... ابونضرہ کی روایت ہے ہمارا ایک شخص جسے جبر یا جبیر کہا جاتا تھا کہتا ہے میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دور خلافت میں مدینہ پہنچا اور آپ رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا مجھے اللہ تعالیٰ نے سمجھداری اور بات کرنے کا سلیقہ عطا کر رکھا تھا میں دنیاداری کی باتیں کرنے لگا اور دنیا کی خوب تحقیر بیان کی کہ دنیا کی ہر شے ذلیل ہے آپ رضی اللہ عنہ کے پہلو میں ایک سفید رنگت والا شخص بیٹھا ہوا تھا جب میں بات کر کے فارغ ہوا آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تمہاری ہر بات درست ہے سوائے اس کے کہ تم دنیا کے پیچھے پڑ گئے ہوں کیا تم جانتے ہو دنیا کیا ہے؟ اسی دنیا ہی میں ہمارا گزر بسر ہے اور آخرت کے لیے ہمارا توشہ ہے اسی دنیا میں تمہارے اعمال ہیں جن کا تمہیں آخرت میں بدلہ دیا جائے گا۔ چنانچہ ایک شخص دنیا میں رہتا ہے جو مجھ سے زیادہ علم رکھتا ہے میں نے عرض کیا: اے امیر المؤمنین! یہ کون شخص ہے جو آپ کے پہلو میں بیٹھا ہوا ہے؟ فرمایا: یہ مسلمانوں کے سردار ابی بن کعب ہیں۔ رواہ البخاری فی الادب وابن عساکر

۳۶۷۶۶...... حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ کی روایت ہے کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے حضرت ابی بن کعب پر ایک آیت کی قرات رد کر دی حضرت ابی رضی اللہ عنہ نے کہا: میں نے یہ آیت رسول کریم ﷺ سے اسی طرح سنی ہے جب کہ آپ کو بقیع میں خرید وفروخت غافل کیے ہوئے تھی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم نے سچ کہا میں تمہیں آزمانا چاہتا تھا تم میں ایسا شخص کوئی ہے جو حق بات کہے اس امیر میں کوئی بھلائی نہیں جس کے پاس حق بات نہ کہی جاتی ہو اور وہ امیر خود بھی حق بات نہ کہتا ہو۔ رواہ ابن راھویہ

۳۶۷۶۷...... ابوحبہ بدری کہتے ہیں: ایک مرتبہ نبی کریم ﷺ سے حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کی ملاقات ہوگئی آپ ﷺ نے فرمایا: جبرئیل علیہ السلام نے مجھے حکم دیا ہے کہ میں تمہیں سورت لم یکن الذین کفرو' سناؤں ابی رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! یہاں میرا تذکرہ کیا گیا ہے؟ فرمایا: جی ہاں ابی بن کعب رضی اللہ عنہ رونے لگے۔ رواہ ابونعیم وابن عساکر

۳۶۷۶۸...... ''مسند ابی رضی اللہ عنہ'' حضرت ابی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: مجھے رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اے ابومنذر! مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں تمہیں قرآن سناؤں میں نے عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ میں اللہ تعالیٰ پر ایمان لایا آپ کے ہاتھ پر اسلام قبول کیا اور آپ ہی سے علم حاصل کیا نبی کریم ﷺ نے ابی رضی اللہ عنہ کی بات رد کر دی ابی رضی اللہ عنہ نے کہا: یارسول اللہ! کیا میرا ذکر کیا گیا ہے؟ فرمایا: جی ہاں تمہارے نام اور نسب کا ملا اعلیٰ میں ذکر کیا گیا ہے۔ عرض کیا: یارسول اللہ تب سنائیں۔ رواہ الطبرانی فی الاوسط وابن عساکر

۳۶۷۶۹...... ''ایضاً'' ابن عباس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ حضرت ابی رضی اللہ عنہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے کہا: اے امیر المؤمنین میں نے اس ہستی سے قرآن حاصل کیا ہے جس نے جبریل سے حاصل کیا ہے اور یہ تازہ تازہ ہے۔

رواہ احمد بن حنبل والحاکم وابن عساکر وسعید بن المنصور

۳۶۷۷۰...... ''ایضاً'' حضرت ابی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! بخار کی کیا جزاء ہے آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: بخار والے کے لیے نیکیاں لکھی جاتی ہیں جب تک وہ کپکپی میں مبتلا رہتا ہے یا پسینہ سے شرابور رہتا ہے ابی رضی اللہ عنہ کہنے لگے: یا اللہ! میں تجھ سے ایسے بخار کا

سوال کرتا ہوں جو مجھے تیرے راہ میں نکالنے سے نہ روکے مجھے تیرے گھر (بیت اللہ) کی طرف جانے سے نہ روکے اور مجھے تیرے نبی کی مسجد میں جانے سے نہ روکے چنانچہ اس کے بعد جب بھی ابی رضی اللہ عنہ کو چھوا گیا انھیں بخار کی حالت میں پایا گیا۔

رواہ الطبرانی فی الاوسط وھو حسن وابن عساکر

۳۶۷۷۱......عکرمہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے حضرت ابی رضی اللہ عنہ سے فرمایا: مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں تمہیں قران سناؤں عرض کیا: میرے رب نے میرا ذکر کیا ہے؟ فرمایا جی ہاں: عرض کیا: آپ مجھے ایک آیت سنائیں میں آپ کو دوبارہ وہی سناؤں گا۔رواہ ابن ابی شیبة

۳۶۷۷۲......عبدالرحمٰن بن ابزی کی روایت ہے کہ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ نے مجھے کہا: رسول کریم ﷺ نے مجھے فرمایا کہ مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں تمہیں ایک سورت سناؤں ایک روایت میں ہے کہ مجھ پر ایک سورت نازل کی گئی ہے اور حکم دیا گیا ہے کہ وہ میں تمہیں سناؤں۔ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! آپ کے لیے میرا نام لیا گیا ہے؟ فرمایا: جی ہاں عبدالرحمٰن بن ابزی کہتے ہیں: میں نے ابی رضی اللہ عنہ سے کہا: کیا آپ اس پر خوش ہوئے؟ فرمایا: مجھے خوش ہونے سے کیا چیز روکتی حالانکہ فرمان باری تعالیٰ ہے ''قل بفضل اللہ و برحمته فبذالک فلتفرحوا'' کہہ دیجئے کہ اللہ تعالیٰ نے فضل ورحمت سے اور اس پر تم خوش ہو جاؤ۔ ابی بن کعب رضی اللہ عنہ نے یہ آیت اسی طرح ''فلتفرحوا'' کی تاء کی ساتھ پڑھی تھی۔رواہ ابن عساکر

۳۶۷۷۳......حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ وہ کہتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ کے پاس ایک شخص آیا اور کہنے لگا: فلاں شخص اپنے باپ کی بیوی کے پاس جاتا ہے۔ ابی رضی اللہ عنہ بولے: اگر میں ہوتا تلوار سے اس کی گردن اڑا دیتا نبی کریم ﷺ ہنس پڑے اور فرمایا: اے ابی تم کتنے غیر تمند ہو میں تم سے زیادہ غیر تمند ہوں اور اللہ تعالیٰ مجھ سے زیادہ غیر تمند ہے۔رواہ ابن عساکر

۳۶۷۷۴......''ابوادریس خولانی کی روایت ہے کہ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے عرض کیا: اے عمر! اللہ کی قسم آپ جانتے ہیں کہ میں نبی کریم ﷺ کے پاس حاضر رہتا تھا اور تم لوگ آتے رہتے تھے مجھے قریب کیا جاتا تھا جب کہ لوگوں کے آگے پردہ کر دیا جاتا تھا میرے ساتھ یہ اور یہ ہوتا تھا بخدا اگر میں چاہتا اپنے گھر ہی سے چمٹا رہتا اور کوئی حدیث نہ سناتا اور کسی کو نہ پڑھتا تاوقتیکہ مجھے موت آجاتی حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یا اللہ! تیری مغفرت یقیناً ہم نہیں جانتے کہ اللہ تعالیٰ نے تمہارے پاس علم رکھا ہے لیکن جتنا علم بھی رکھتے ہو لوگوں کو سکھاتے جاؤ۔رواہ ابن ابی داؤد فی المصاحف وابن عساکر

۳۶۷۷۵......''ایضاً'' ابوالعالیہ رحمۃ اللہ علیہ کی روایت ہے کہ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ عبادت گزار شخص تھے جب آپ کی لوگوں کو ضرورت پڑتی عبادت چھوڑ دیتے اور لوگوں کی ضرورت پوری کرنے بیٹھ جاتے۔رواہ ابن عساکر

۳۶۷۷۶......''مسند عمر رضی اللہ عنہ'' ابن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت ہے کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہمارے ساتھ ہماری قوم کی سرزمین کی طرف چلو چنانچہ ہم لوگ آپ رضی اللہ عنہ کے ساتھ چل نکلے میں اور ابی بن کعب لوگوں کے پیچھے پیچھے تھے اچانک بادل چھا گئے ابی رضی اللہ عنہ بولے: یا اللہ! بادلوں کی اذیت کو ہم سے دور رکھنا چنانچہ جب ہم آگے والے لوگوں کے ساتھ ملے ان کے کجاوے بھیگے ہوئے تھے عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیوں بارش تمہارے اوپر نہیں برسی؟ میں نے عرض کیا: ابومنذر نے اللہ تعالیٰ سے دعا کر لی تھی کہ یا اللہ! بارش کی اذیت کو ہم سے دور رکھنا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا تم نے ہمارے لیے دعا نہ کی۔

رواہ ابن ابی الدنیا فی مجابی الدعوة وابن عساکر

۳۶۷۷۷......''ایضاً'' ابن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ میں مدینہ کی گلیوں میں سے ایک گلی میں کتاب اللہ کی ایک آیت پڑھا جارہا تھا یک میں نے اپنے پیچھے ایک آواز سنی کہ: اے ابن عباس اس آیت کی سند بیان کرو میں نے جو پیچھے مڑ کر دیکھا تو عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ ہیں میں نے کہا: میں آپ کو ابی بن کعب کی سند پیش کرتا ہوں۔ آپ رضی اللہ عنہ نے اپنے غلام سے فرمایا: اس کے ساتھ ابی بن کعب کے پاس چلو اور اس سے کہو کیا تم ہی نے یہ آیت ابن عباس کو پڑھائی ہے؟ ہم حضرت ابی رضی اللہ عنہ کے پاس پہنچے ابھی ہم دروازے پر ہی پہنچے تھے کہ اتنے میں عمر رضی اللہ عنہ تشریف لے آئے اور اجازت طلب کی ہم تینوں ابی رضی اللہ عنہ کے پاس داخل ہوئے

اتنے میں زید رضی اللہ عنہ بھی کھرچن سے سر کھرچتے ہوئے آن پہنچے عمر رضی اللہ عنہ کے لیے ایک تکیہ پھینک دیا اور آپ اس پر بیٹھ گئے جب کہ ابی رضی اللہ عنہ یوں بیٹھے تھے کہ ان کا منہ دیوار کی طرف تھا اور پشت حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی طرف عمر رضی اللہ عنہ نے ہماری طرف متوجہ ہو کر فرمایا: یہ شخص ہمیں کچھ نہیں سمجھتا۔ پھر ابی رضی اللہ عنہ عمر رضی اللہ عنہ کی طرف منہ کر کے متوجہ ہوئے اور کہا: اے امیر المؤمنین! مرحبا کیا آپ ہم سے ملاقات کرنے آئے ہیں یا کوئی کام سے؟ فرمایا: نہیں بلکہ کام ہے۔ اے ابی! لوگوں کو کیوں ناامید کرتے ہو؟ ابن عباس کہتے ہیں: یہ آیت کی طرف اشارہ تھا جس میں شدت تھی، ابی رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: میں نے اسی ہستی سے قرآن حاصل کیا ہے جس نے براہ راست جبرئیل امین سے حاصل کیا ہے اور قرآن اس وقت تازہ تازہ تھا حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے تالی بجائی اور اٹھ کھڑے ہوئے اور کہتے جا رہے تھے: اللہ کی قسم! تم باز نہیں آؤ گے اور میں صبر کرنے والا بھی نہیں ہوں اللہ کی قسم! تم باز نہیں آؤ گے اور میں صبر کرنے والا بھی نہیں ہوں۔

رواہ ابن عساکر

۳۶۷۷۸...... ''مسند ابی'' عبدالرحمٰن بن ابزی اپنے والد سے روایت نقل کرتے ہیں کہ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: مجھے حکم ہوا ہے کہ تمہیں قرآن سناؤں میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! کیا اللہ تعالیٰ نے میرا ذکر کیا ہے اور میرا نام بھی لیا ہے؟ فرمایا: جی ہاں ابی رضی اللہ عنہ رونے بھی لگے اور ہنسنے بھی لگے: پھر ابی رضی اللہ عنہ نے یہ آیت پڑھی: ''بفضل اللہ وبرحمتہ فبذالک فلتفرحو ا'' چنانچہ ابی رضی اللہ عنہ نے تاء کے ساتھ آیت پڑھی۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۷۷۹...... حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے اس سال قرآن سنایا جس سال آپ دنیا سے رخصت ہوئے چنانچہ آپ ﷺ نے فرمایا: اے ابی! جبرئیل نے مجھے حکم دیا ہے کہ میں تمہیں قرآن سناؤں۔ اور وہ تمہیں سلام بھی کہہ رہے تھے۔

رواہ ابن مندہ فی تاریخ اصبھان

۳۶۷۸۰...... حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے ابن بی کعب رضی اللہ عنہ سے فرمایا: میرے رب تعالیٰ نے مجھے حکم دیا ہے کہ میں تمہیں قرآن سناؤں ابی رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: اللہ تعالیٰ نے میرا نام لیا ہے ابی رضی اللہ عنہ رونے لگے لوگوں کا خیال ہے کہ انھوں نے سورت ''لم یکن'' پڑھی تھی۔ رواہ ابویعلی وابن عساکر

۳۶۷۸۱...... حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے مجھے حکم دیا ہے کہ میں تمہیں سورت ''لم یکن الذین کفروا '' سناؤں ابی رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: اللہ تعالیٰ نے میرا نام لیا ہے؟ فرمایا: جی ہاں ابی رضی اللہ عنہ رونے لگے۔ رواہ احمد بن حنبل والبخاری ومملم والترمذی والنسائی وابویعلی

۳۶۷۸۲...... حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ جب سورت ''لم یکن الذین کفروا '' نازل ہوئی نبی کریم ﷺ نے حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے مجھے حکم دیا ہے کہ میں تمہیں یہ سورت سناؤں۔ ابی رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: کیا وہاں میرا نام لیا گیا ہے یارسول اللہ ابی رضی اللہ عنہ نے رونا شروع کر دیا۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۷۸۳...... حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے فرمایا اللہ تعالیٰ نے مجھے حکم دیا ہے کہ میں تمہیں قرآن سناؤں۔ عرض کیا: اللہ تعالیٰ نے آپ کے لیے میرا نام لیا ہے فرمایا جی ہاں عرض کیا: رب العالمین کے حضور میرا تذکرہ کیا گیا ہے فرمایا: جی ہاں اس پر ابی رضی اللہ عنہ کی آنکھیں آنسوؤں سے ڈبڈبانے لگیں۔ رواہ ابن عساکر وابن النجار

۳۶۷۸۴...... حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے حضرت ابی رضی اللہ عنہ سے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے مجھے حکم دیا ہے کہ میں تمہیں قرآن سناؤں عرض کیا: اللہ تعالیٰ نے میرا نام لیا ہے؟ فرمایا: جی ہاں عرض کیا: رب العالمین کے حضور میرا ذکر کیا گیا ہے؟ فرمایا: جی ہاں چنانچہ ابی رضی اللہ عنہ کی آنکھیں آنسوؤں سے ڈبڈبانے لگیں۔ رواہ ابن النجار

۳۶۷۸۵...... ''مسند ابی المنتفق'' رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اے ابومنذر! مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں تمہیں قرآن پیش کروں عرض کیا: یارسول اللہ! وہاں میرا ذکر کیا گیا ہے؟ فرمایا: جی ہاں چنانچہ ملاء اعلیٰ میں تمہارا نام اور نسب ذکر کیا گیا ہے۔ رواہ الطبرانی عن ابی

ابیض بن حمال مآربی السبائی رضی اللہ عنہ

۳۶۷۸۶...... "مسندہ" ابیض بن حمال رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انھوں نے رسول کریم ﷺ سے صدقہ کے متعلق بات کی جب وہ وفد کی صورت میں آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے تھے آپ نے ارشاد فرمایا: اے سبا کے بھائی صدقہ کے بغیر کوئی چارہ کار نہیں ہے عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ ہم کپاس کاشت کرتے ہیں جب کہ سبا قوم مارک سے ہلاک ہو چکی ہے اوران میں سے تھوڑے لوگ ہی باقی بچے ہیں تاہم نبی کریم ﷺ نے ہر سال ستر جوڑوں کی قیمت جو معافر کپڑے کی قیمت کے برابر ہو دینے پر صلح کر لی یہ ٹیکس ان لوگوں پر لاگو کیا تھا جو سبا قوم میں سے ابھی باقی تھے اہل سبا لگاتار ٹیکس دیتے رہے حتیٰ کہ رسول اللہ ﷺ دنیا سے رخصت ہو گئے چنانچہ گورنروں نے رسول اللہ ﷺ کی وفات کے بعد ستر جوڑوں کی صلح کا معاہدہ توڑ دیا لیکن ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اس معاہدہ کو جوں کا توں رہنے دیا۔ حتیٰ کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ بھی دنیا سے رخصت ہو گئے ان کے بعد پھر یہ معاہدہ ٹوٹ گیا اور صدقہ کے طور پر قائم رہا۔ رواہ ابوداؤد والطبرانی والضیاء

کلام:...... حدیث ضعیف ابی داؤد میں ذکر کی گئی ہے دیکھئے ۶۵۴

۳۶۷۸۷...... "ایضاً" روایت ہے کہ حضرت ابیض رضی اللہ عنہ کے چہرہ پر پھوڑا نما داغ تھا جس سے ناک میں قدرے بدنمائی پیدا ہو گئی تھی رسول کریم ﷺ نے انہیں اپنے پاس بلایا اور چہرے پر ہاتھ پھیرا چنانچہ اس دن کے بعد ابیض رضی اللہ عنہ کے چہرے پر داغ نہیں دیکھا گیا۔

رواہ الباوردی والطبرانی وابونعیم والضاء

ابراهیم بن ابی موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ

۳۶۷۸۸...... "مسند ابی موسیٰ" ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میرے گھر ایک لڑکا پیدا ہوا میں اسے لے کر رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا آپ نے اسکا نام ابراهیم رکھا اور کھجور چبا کر اسے گھٹی دی، بچے کے لیے برکت کی دعا کی اور پھر بچہ مجھے دے دیا۔ رواہ ابونعیم

کلام:...... بچے کے لیے برکت کی دعا...... ذخیرۃ الحفاظ میں نہیں ہے۔

اثال بن نعمان حنفی رضی اللہ عنہ

۳۶۷۸۹...... اثال بن نعمان رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ میں اور فرات بن حیان نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے ہم نے سلام کیا آپ نے سلام کا جواب دیا ہم اس کے بعد اسلام نہیں لائے تھے۔ رواہ عبدان

احمر بن سواء سدوسی رضی اللہ عنہ

۳۶۷۹۰...... احمر بن سواء سدوسی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ان کے پاس ایک بت تھا جس کی وہ پوجا کرتے تھے چنانچہ آپ رضی اللہ عنہ نے بت اٹھا کر کنویں میں پھینک دیا اور خود نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ کے دست اقدس پر بیعت کر لی۔

رواہ ابن مندہ وقال: حدیث غریب ورواہ ابونعیم واور دہ ابن الاثیر فی اسد الغابۃ ۷۱

حضرت ارطبان رضی اللہ عنہ

۳۶۷۹۱...... حضرت ارطبان رضی اللہ عنہ کہتے ہیں جب مجھے آزادی مل گئی میں نے بہت سارا مال کمایا اور مال کی زکوٰۃ لے کر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی

خدمت میں حاضر ہوا آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ کیا ہے؟ میں نے عرض کیا: یہ میرے مال کی زکوۃ ہے عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تمہارے پاس مال ہے میں نے جواب دیا: جی ہاں آپ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ تمہارے مال میں برکت عطا فرمائے۔ میں نے عرض کیا: اے امیر المؤمنین! میری اولاد کے لیے بھی دعا کریں فرمایا: تمہاری اولاد ہے؟ میں نے عرض کیا: امیر المؤمنین! آئندہ ہو گی فرمایا: اللہ تعالیٰ تمہارے مال اور اولاد میں برکت عطا فرمائے۔

حضرت ارقم بن ابی ارقم (عبد مناف) مخزومی رضی اللہ عنہ

۳۶۷۹۲.....عبداللہ بن عثمان بن ارقم اپنے دادا ارقم رضی اللہ عنہ جو کہ بدری صحابی میں روایت نقل کرتے ہیں کہ ارقم رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ اپنے گھر میں تھے جو صفا کے قریب تھا حتیٰ کہ لوگ اسلام قبول کر کے پورے چالیس ہو چکے تھے اور ان میں آخری میں عمر رضی اللہ عنہ نے اسلام قبول کیا تھا چنانچہ جب چالیس آدمی پورے ہو گئے تو مسلمان مشرکین کی طرف نکلنے لگے۔ (رواہ الطبرانی وابن مندہ والحاکم وابونعیم از داد وقیل: یراد بن عیسیٰ ابونعیم کہتے ہیں: بعض مؤرخین نے ارقم بن ابی ارقم کو صحابہ رضی اللہ عنہم میں شمار کیا ہے جب کہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں یہ حدیث مرسل ہے چونکہ ارقم بن ابی ارقم کو صحبت کا شرف حاصل نہیں ہوا۔

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ

۳۶۷۹۳.....''مسند عمر رضی اللہ عنہ'' اسلمہ روایت نقل کرتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کے لیے تین ہزار پانچسو (۳۵۰۰) درہم وظیفہ مقرر کیا جب کہ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کے لیے تین ہزار (۳۰۰۰) دراہم مقرر کیے اس تقسیم پر عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کو اعتراض ہوا اور عرض کیا: ابا جان! آپ نے اسامہ کو مجھ پر فوقیت کیوں دی ہے؟ اللہ کی قسم وہ کسی جنگ میں مجھ پر سبقت نہیں لے گیا عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: چونکہ زید (اسامہ رضی اللہ عنہ کے والد) رسول اللہ ﷺ کو تیرے باپ سے زیادہ محبوب تھے اور اسامہ رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ کو تجھ سے زیادہ محبوب تھا لہٰذا میں نے رسول اللہ ﷺ کے محبوب کو اپنے محبوب پر ترجیح دی ہے۔

رواہ ابن ابی شیبة وابو سعد وابو عبید فی الا موالی والترمذی و قال حسن غریب ورواہ ابویعلی وابن صبان والبیھقی

۳۶۷۹۴.....محمد بن قیس کی روایت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ جب بھی اسامہ رضی اللہ عنہ سے ملے انھیں کہا: السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ اے امیر! ایسا امیر جسے خود رسول اللہ ﷺ نے امیر مقرر فرمایا: وفات سے قبل اُسے معزول نہیں کیا۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۷۹۵.....عبداللہ بن دینار کی روایت ہے کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ جب اسامہ رضی اللہ عنہ کو دیکھتے تو کہتے اے امیر السلام علیکم! اسامہ رضی اللہ عنہ کہتے: اے امیر المؤمنین! اللہ تعالیٰ آپ کی مغفرت کرے آپ مجھے امیر کیوں کہتے ہیں؟ عمر رضی اللہ عنہ انھیں جواب دیتے میں جب تک زندہ رہوں گا تمہیں اسی خطاب سے پکاروں گا چونکہ رسول اللہ ﷺ دنیا سے رخصت ہوئے جب کہ تم مجھ پر امیر تھے۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۷۹۶.....حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: ایک مرتبہ اسامہ رضی اللہ عنہ دروازے کی چوکھٹ سے ٹکر کھا کر گر گئے جس سے ان کا چہرہ زخمی ہو گیا رسول اللہ ﷺ نے مجھے حکم دیا: اس سے گرد و غبار جھاڑو میں نے گرد جھاڑ دی آپ ﷺ اسامہ کے چہرے سے خون چوس کر تھوک دیتے اور فرمایا: اگر اسامہ لڑکی ہوتی میں اسے اچھے اچھے کپڑے پہناتا اور زیورات سے آراستہ کرتا حتیٰ کہ اسے بیاہ دیتا۔

رواہ ابن ابی شیبة وابن سعد

۳۶۷۹۷.....حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت ہے کہ ایک دن رسول اللہ ﷺ میرے پاس خوش خوش تشریف لائے آپ کا چہرہ اقدس مسرت سے کھلا ہوا دکھائی دے رہا تھا آپ کھڑے ہو گئے اور فرمایا: کیا تم نے نہیں سنا محرز مدلجی کیا کہتا ہے؟ چنانچہ محرز نے اسامہ اور زید کو سوئے ہوئے دیکھا ان دونوں نے ایک ہی کپڑے سے۔ یا فرمایا: ایک ہی چادر سے سر ڈھانپ رکھے تھے جب کہ ان کے پاؤں ننگے تھے اور ظاہری نظر

آتے تھے محرز بولا: یہ پاؤں ایک دوسرے سے کتنے مشابہ ہیں۔ رواہ عبدالرزاق والجازی ومسلم وابوداؤد والترمذی والنسائی وابن ماجہ

۳۶۷۹۸...... حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: رسول اللہ ﷺ نے ایک دن مجھے حکم دیا کہ میں اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کا منہ دھلا دوں اسامہ ابھی بچہ تھا جب کہ میرے ہاں کوئی بچہ پیدا نہیں ہوا میں نہیں جانتی تھی کہ بچوں کو کیسے دھویا جاتا ہے میں نے اسامہ پکڑا اور اس کا منہ ڈھلا دیا چنانچہ کوئی اچھی طرح سے اس کا منہ نہ دھلا سکی رسول اللہ ﷺ نے خود اسامہ کو پکڑا اور اس کا منہ دھلا دیا آپ اس دوران فرمائے جارہے تھے کہ اچھا ہوا جو یہ لڑکی نہ ہوئی اگر تو لڑکی ہوتی میں تجھے زیورات سے آراستہ کرتا اور تجھے بیاہ دیتا۔ رواہ ابویعلی وابن عساکر

۳۶۷۹۹...... عروہ کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ رسول اللہ ﷺ کو کوچ کرنے میں تاخیر ہوگئی سبب تاخیر یہ بنا کہ اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ قضائے حاجت کے لیے چلے گئے تھے جب اسامہ آگئے تو لوگوں نے دیکھا کہ ایک کالا چپٹی ناک والا لڑکا ہے۔ اہل یمن کہنے لگے: اس حقیر سے لڑکے کی وجہ سے کوچ کرنے میں ہمیں تاخیر ہوئی عروہ کہتے ہیں: نبی کریم ﷺ کی وفات کے بعد اہل یمن اسامہ کی وجہ سے کفر میں مبتلا ہوگئے۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۸۰۰...... عطاء بن یسار کی روایت ہے کہ حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ جب پہلی پہلی بار مدینہ آئے انھیں خارش کی شکایت ہوگئی وہ ابھی چھوٹے لڑکے تھے چنانچہ ان کی ناک سے رینٹ بہہ کر منہ میں آجاتی تھی عائشہ رضی اللہ عنہا اسامہ رضی اللہ عنہا سے گھن کرنے لگیں رسول اللہ ﷺ گھر میں تشریف لائے اور اسامہ رضی اللہ عنہ کا منہ دھونا شروع کر دیا اور بوسے لینے لگے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بولیں: اچھا اللہ کی قسم میں اسے اپنے سے دور کبھی نہیں کروں گی۔ رواہ الواقدی وابن عساکر

۳۶۸۰۱...... "مسند اسامہ بن زید" اسامہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: رسول کریم ﷺ مجھے پکڑتے اور اپنی ایک ران پر مجھے بیٹھا لیتے اور دوسری ران پر حسن بن علی رضی اللہ عنہ کو بٹھا لیتے پھر ہمیں اپنے ساتھ چمٹا لیتے اور فرماتے یا اللہ! میں ان پر مہربان ہوں تو بھی ان پر مہربان ہوجا۔

رواہ احمد بن حنبل وابویعلی والنسائی والرویانی وابن حبان والضیاء

۳۶۸۰۲...... اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ایک دن میں بیٹھا ہوا تھا اتنے میں حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت عباس رضی اللہ عنہ آئے اور کہنے لگے: اے اسامہ! رسول اللہ ﷺ سے اجازت لو۔ میں نے عرض کیا یارسول اللہ! علی اور عباس رضی اللہ عنہ اجازت طلب کر رہے ہیں ارشاد فرمایا: جانتے ہو وہ کیوں آئے ہیں؟ میں نے عرض کیا: نہیں فرمایا: لیکن میں جانتا ہوں اچھا انھیں اجازت دو وہ دونوں اندر داخل ہوئے اور عرض کیا: یارسول اللہ! ہم آپ کے پاس اس لیے آئے ہیں تاکہ آپ سے پوچھیں کہ آپ کو اپنے خاندان میں سے سب سے زیادہ محبوب کون ہے آپ نے فرمایا: فاطمہ بنت محمد عرض کیا: ہم آپ سے آپ کے گھر والوں کے متعلق پوچھتے ہیں آپ نے فرمایا: مجھے لوگوں میں سب سے زیادہ وہ شخص محبوب ہے جس پر اللہ تعالیٰ نے انعام کیا ہے اور میں نے انعام کیا ہے یعنی اسامہ بن زید عرض کیا پھر کون؟ فرمایا: علی بن ابی طالب حضرت عباس رضی اللہ عنہ بولے: یارسول اللہ! آپ نے اپنے چچا کو سب کے آخر میں کر دیا۔ اس پر ارشاد فرمایا: چونکہ علی نے آپ سے پہلے ہجرت کی ہے۔

رواہ الطبرانی والترمذی وقال حسن صحیح والرویانی والبغوی والطبرانی والحاکم وسعید بن المنصور

کلام: ...... حدیث پر کلام کیا گیا ہے دیکھئے ضعیف الترمذی ۸۰۰ والضعیفة ۱۸۴۴۔

۳۶۸۰۳...... اسامہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ بوجھل ہوگئے میں لوگوں کے ساتھ۔ (مضافات سے اتر کر) مدینہ آگیا آپ ﷺ خاموش تھے اور باتیں نہیں کرپاتے تھے۔ چنانچہ رسول اللہ ﷺ نے اپنے ہاتھ مبارک مجھ پر رکھنے شروع کر دیئے ہاتھ مجھ پر رکھ کر اوپر اٹھا لیتے میں سمجھ گیا کہ آپ میرے لیے دعا فرما رہے ہیں۔

رواہ احمد بن حنبل والترمذی وقال حسن غریب والرویانی وسمویہ والباوردی والطبرانی والبغوی والضیاء

۳۶۸۰۴...... حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب میرے والد محترم رضی اللہ عنہ شہید کر دیئے گئے میں نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا جب نبی کریم ﷺ نے مجھے دیکھا آپ کی آنکھوں میں آنسو آگئے دوسرے دن پھر میں نے خدمت اقدس میں حاضری دی، ارشاد فرمایا: کل میں تم سے نہیں مل سکا میں آج تم سے ملاقات کرتا ہوں۔

رواہ ابن ابی شیبة وابن منیع والبزار والباوردی والدارقطنی فی الافراد وسعید بن المنصور

حضرت اسلم مولائے عمر رضی اللہ عنہ

۳۵۸۰۵...... عبدالمنعم بن بشیر عبدالرحمٰن بن زید بن اسلم اپنے والد اور دادا کی سند سے روایت نقل کرتے ہیں کہ ان کے دادا اسلم رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ دو سفر کیے۔ (رواہ ابن مندہ اور عبدالمنعم اس پر ابن معین نے جرح کی ہے الاصابہ میں ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نبی کریم ﷺ کی وفات کے بعد اسلم کو خریدا ہے ابن اسحاق وغیرہ نے یہی ذکر کیا ہے اور یہی بات زیادہ مشہور ہے)

اسمر بن ساعد بن ھلوات المازنی رضی اللہ عنہ

۳۶۸۰۶...... احمد بنداؤد بن اسمر بن ساعد، اپنے والد داؤد سے نقل کرتے ہیں کہ میں اپنے والد ابو ساعد بن ھلوات کے ساتھ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا میرے والد ابو ساعد رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: میرا والد یعنی ھوات بہت بوڑھا ہے اس نے آپ کی خبر سنی وہ آپ پر ایمان لے آیا ہے اب اس میں اٹھنے کی طاقت نہیں رہی البتہ آپ کی خدمت میں دیہات کے کچھ سوغات ہدیہ بھیجے ہیں رسول اللہ ﷺ نے ہدیہ قبول فرمایا ان کے لیے اور ان کی اولاد کے لیے دعا فرمائی۔ رواہ ابن مندہ و ابونعیم وقال: لا یعرف الا من ھذا الوجہ وفی سندہ نظر

اسود بن سریع رضی اللہ عنہ

۳۶۸۰۷...... اسود بن سریع رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے نبی کریم ﷺ کے ساتھ چار غزوات کئے ہیں۔

رواہ البخاری فی تاریخہ وابن السکن وابن حبان

اسود بن عمران البکری رضی اللہ عنہ

۳۶۸۰۸...... میرہ نہدی، ابومجلز، عمران بن اسود۔ یا۔ اسود بن عمران کہتے ہیں میں اپنی قوم کے قاصد کی حیثیت سے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا یہ اس وقت کی بات ہے جب میری قوم نے اسلام قبول کیا اور اسلام کا اقرار کیا میری قوم نے مجھے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں بھیجا تھا۔

رواہ ابن مندہ وابو نعیم وقال ابن عبد البر: فی اسنادہ مقال قال فی الاصابۃ مافیہ غیر ابی المحجل وھو محجول

اسود بن بختری بن خویلد رضی اللہ عنہ

۳۶۸۰۹...... حسن بن مدرک، یحییٰ بن حماد، ابوعوانہ ابو مالک، ابوحازم کی روایت ہے کہ اسود بختری رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! میرا عظیم تر اجر یہ ہے کہ میں اپنی قوم سے بے نیاز ہو جاؤں۔ رواہ ابن مندہ وابونعیم قال فی الاصابۃ رجالہ ثقات مع ارسالہ

حضرت اسود بن حارثہ

۳۶۸۱۰...... ”مسند اسود بن حارثہ“ یزید بن ھارون مسلم بن سعید حبیب بن عبدالرحمٰن اپنے والد اور دادا کی سند سے روایت نقل کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ ایک غزوہ پر تشریف لے گئے چنانچہ میں اور ایک اور شخص اسلام لانے سے قبل نبی کریم ﷺ کی خدمت کی میں حاضر ہوئے ہم نے عرض کیا: یقیناً ہمیں حیاء آتی ہے کہ ہماری قوم جنگ میں شریک ہو اور ہم اس میں حصہ نہ لیں آپ نے فرمایا! کیا تم نے اسلام قبول کرلیا ہے۔

ہم نے عرض کیا: جی نہیں۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ہم مشرکین کے خلاف مشرکین کی مدد نہیں لینا چاہتے، چنانچہ ہم نے اسلام قبول کیا اور رسول اللہ ﷺ کے ساتھ جنگ میں شریک ہوئے میں نے ایک شخص کو قتل کیا جب کہ اس نے مجھ پر بھی ایک ضرب لگائی بعد میں میں نے اسی شخص کی بیٹی سے شادی کرلی وہ کہا کرتی تھی: میں ایک شخص کو معدوم نہیں سمجھتی جس نے تمہیں یہ ہار پہنایا ہے۔ (یعنی زخم لگایا ہے) میں آگے سے جواب دیتا: تو ایسے شخص کو بھی معدوم نہیں سمجھے گی جس نے تیرے باپ کو واصل جہنم کیا۔ رواہ الحاکم وقال: حبیب بن عبدالرحمن بن الاسود بن حارثۃ جدہ صحابی معروف قال فی الاصابۃ: کذاقال وھو وھم وھذا الحدیث رواہ احمد بن یزید بن ھارون فوقع عندہ عن حبیب بن عبد الرحمن بن حبیب واوردہ ابن عبد البر فی ترجمۃ حبیب ابن یساف وھو الصواب

حضرت اسود بن خطامہ الکنانی رضی اللہ عنہ (زہیر بن خطامہ کے بھائی)

۳۶۸۱۱... اسماعیل بن نصر بن اسود بن خطامہ (جو کہ بنی کنانہ سے ہیں) والد دادا کی سند سے روایت نقل کرتے ہیں کہ ان کے دادا اسود بن خطامہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں زہیر بن خطامہ رضی اللہ عنہ ایک وفد کے ساتھ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول اللہ پر ایمان لائے اور پھر عرض کیا ہماری ایک چراگاہ ہے جس میں ہم جاہلیت میں بھی اپنے مویشی چراتے تھے وہ چراگاہ آپ اسے ہمارے لیے مقرر کردیں۔ رواہ ابن مندہ وابونعیم قال فی الاصابۃ: الاسناد مجھول

اسود بن حازم بن صفوان بن عرار رضی اللہ عنہ

۳۶۸۱۲... مسند اسود بن حازم" ابو احمد نجیر بن نصر، ابو جمیل عباد بن ھشام شامی کہتے ہیں میں نے نبی کریم ﷺ کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے ایک شخص کو دیکھا جسے اسود بن حازم بن صفوان بن عرار کہا جاتا تھا میں ان کے پاس اپنے والد کے ساتھ آتا رہتا تھا اس وقت میری عمر چھ سال یا سات سال تھی اسود بن حازم رضی اللہ عنہ مکھن کے ساتھ کھجوریں کھاتے تھے چونکہ ان کے منہ میں دانت نہیں تھے وہ کہا کرتے ہیں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ غزوہ حدیبیہ میں شریک ہوا ہوں اس وقت میری عمر تیس سال تھی اسود بن حازم رضی اللہ عنہ سے پوچھا گیا: اب آپ کی کیا عمر ہے؟ فرماتے اب میری عمر ایک سو پچپن سال ہے۔ رواہ ابن مندہ وابونعیم قال فی الاصابۃ اسنادہ ضعیف جدا

حضرت اسید بن حضیر رضی اللہ عنہ

۳۶۸۱۳... حضرت اسید بن حضیر کہتے ہیں: ایک مرتبہ میں رات کو سورت بقرہ تلاوت کررہا تھا جب کہ میرا گھوڑا ساتھ ہی باندھا ہوا تھا یکا یک گھوڑا گھومنے لگا میں خاموش ہوا گھوڑا بھی سکون میں آگیا، پھر تلاوت شروع کی گھوڑا بھی گھومنے لگا میں خاموش ہوا گھوڑا بھی سکون میں آگیا میں نے پھر تلاوت شروع کی گھوڑا بھی گھومنے لگا میں خاموش ہوا گھوڑا بھی سکون میں آگیا۔ اسید بن حضیر رضی اللہ عنہ تلاوت ختم کرکے کھڑے ہوگئے اور قریب ہی ان کا بیٹا یحییٰ تھا اسے دیکھا کہیں اسے کوئی تکلیف نہ پہنچی ہو۔ جب چنداں کچھ نہ نظر آیا تو انہوں نے آسمان کی طرف نظر اٹھائی کیا دیکھتے ہیں کہ سائبان کی طرح کوئی چیز اوپر تنی ہوئی ہے اس میں چراغوں کی مانند کوئی چیزیں چمک رہی ہیں وہ سائباں آسمان کی طرف بلند ہوتا گیا، حتیٰ کہ دکھائی نہ دینے لگا جب صبح ہوئی تو اسید رضی اللہ عنہ نے رسول کریم ﷺ سے واقعہ بیان کیا رسول اللہ ﷺ نے ان سے تین بار فرمایا: اے ابن حضیر تلاوت کرتے رہو تمہیں معلوم ہے وہ کیا چیز تھی؟ عرض کیا: یارسول اللہ! مجھے نہیں معلوم ارشاد فرمایا: وہ فرشتے تھے جو تمہاری آواز سن کر تمہارے قریب ہوا چاہتے تھے اگر تم صبح تک تلاوت کرتے رہتے لوگ صبح اٹھتے فرشتوں کو ضرور دیکھتے حتیٰ کہ فرشتے ان کی نظروں سے اوجھل نہ ہوتے۔

رواہ ابو عبید فی فضائلہ واحمد بن حنبل و البخاری تعلیقا والنسائی والحاکم و ابونعیم فی المعرفۃ والبیھقی فی الدلائل

۳۶۸۱۴..... حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ حضرت اسید بن حضیر رضی اللہ عنہ خوبصورت آواز سے قرآن مجید کی تلاوت کرتے تھے وہ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کرتے میں اپنے گھر کی چھت پر تلاوت کررہا تھا میری بیوی حجرہ میں تھی جب کہ گھوڑا حجرے کے دروازے پر باندھا ہوا تھا کہ ایک بادلوں کی مانند کسی چیز نے مجھے ڈھانپ لیا میں خوفزدہ ہوا کہ کہیں گھوڑا نہ بھاگ جائے اور بیوی ڈر کر حمل نہ ساقط کر بیٹھے میں تلاوت ختم کرنے واپس آ گیا رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے اسید تلاوت کرتے رہو یہ فرشتہ تھا جو قرآن سننے آیا تھا۔

رواہ ابو نعیم

۳۶۸۱۵..... حضرت اسید بن حضیر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ انھوں نے عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ آج رات میں سورت بقرہ کی تلاوت کررہا تھا یکایک میں نے اپنے پیچھے گرنے کی آواز سنی میں سمجھا میرا گھوڑا جاتا رہا۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اے ابوعتیک تلاوت کرتے رہو، اسید رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: میں نے پیچھے جومڑ کر دیکھا کیا دیکھتا ہوں کہ روشن چراغ کی مانند کوئی چیز آسمان اور زمین کے درمیان لٹکی ہوئی ہے میں مزید تلاوت نہ کرسکا رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: یہ فرشتے تھے جو سورت بقرہ کی تلاوت پر نازل ہوئے تھے، اگر تم تلاوت جاری رکھتے بہت سے عجائب دیکھتے۔

رواہ ابن حسان والطبرانی والحاکم والبیھقی فی شعب الایمان

۳۶۸۱۶..... اسید بن حضیر کی روایت ہے وہ کہتے ہیں: ایک مرتبہ چاندنی رات میں میں نماز پڑھ رہا تھا میں نے اپنا گھوڑا قریب ہی باندھ رکھا تھا گھوڑا اچانک گھومنے لگا میں گھبرا گیا تھوڑی دیر بعد گھوڑے نے پھر گھومنا شروع کر دیا میں نے سر جو اوپر اٹھا کر دیکھا کیا دیکھتا ہوں کہ ایک سائبان ہے جس نے مجھے ڈھانپ لیا ہے اور وہ میرے اور چاند کے درمیان حائل ہے میں گھبرا کر گھر میں داخل ہو گیا صبح کو میں نے رسول اللہ ﷺ سے واقعہ بیان کیا آپ نے فرمایا: یہ فرشتے تھے جو رات کو پچھلے پہر سورت بقرہ کی تمہاری قرأت سننے آئے تھے۔ رواہ الطبرانی

۳۶۸۱۷..... حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت ہے کہ اسید بن حضیر رضی اللہ عنہ افاضل صحابہ رضی اللہ عنہم میں سے تھے، اور کہا کرتے تھے اگر میں ایسا ہوں جیسا کہ تین حالوں میں سے ایک حال پر ہوں تو میں اہل جنت میں سے ہوں گا اور مجھے اس میں شک بھی نہیں ہوگا جب میں قرآن کی تلاوت کررہا ہوتا ہوں اور جب تلاوت ہو رہی ہو میں سن رہا ہوتا ہوں اور جب میں رسول اللہ ﷺ کا خطبہ سن رہا ہوتا ہوں اور جب میں کسی جنازہ میں حاضر ہوتا ہوں حالانکہ میں کبھی کسی جنازہ میں شریک نہیں ہوا چونکہ میرے دل میں خیال آ جاتا ہے کہ جو کچھ اس کے ساتھ کیا جائے گا اور جس ٹھکانے کی طرف جانے والا ہے۔ رواہ ابو نعیم والبیھقی فی شعب الایمان وابن عساکر

۳۶۸۱۸..... عروہ کی روایت ہے کہ حضرت اسید بن حضیر رضی اللہ عنہ کو کوئی تکلیف ہوئی جس کی وجہ سے وہ بیٹھ کر اپنی قوم کی امامت کرتے تھے۔

رواہ عبد الرزاق وابن سعد

۳۶۸۱۹..... حضرت اسید بن حضیر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ایک رات میں نماز پڑھ رہا تھا اچانک بادلوں کی مانند کسی چیز نے مجھے ڈھانپ لیا اس میں چراغوں کی مانند کوئی چیزیں چمک رہی تھیں جب کہ میری بیوی میرے پہلو میں کھڑی تھی اور وہ حاملہ تھی گھوڑا گھر میں باندھا ہوا تھا میں خوفزدہ ہو گیا کہ گھوڑا بھاگ نہ جائے اور بیوی کا حمل مارے خوف کے ساقط نہ ہو جائے میں نے نماز ختم کر دی صبح ہوتے ہی میں نے اس واقعہ کا تذکرہ رسول اللہ ﷺ سے کیا آپ نے مجھ سے فرمایا: اسید! قرات کرتے رہو یہ فرشتہ تھا جو قرآن سننے آیا تھا۔ رواہ عبدالرزاق

۳۶۸۲۰..... ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ حضرت اسید بن حضیر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے ابویحییٰ کی کنیت سے پکارا۔

رواہ ابن مندہ وابن عساکر

۳۶۸۲۱..... عبدالرحمٰن بن ابی لیلی روایت ذکر کرتے ہیں کہ حضرت اسید بن حضیر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے مجھے ”ابوعیسیٰ“ کہہ کر پکارا۔

رواہ ابن عساکر

۳۶۸۲۲..... حضرت اسید بن حضیر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میرے پاس میری قوم کے دو خاندان آئے ایک بنی ظفر سے تھا اور دوسرا بنی معاویہ سے کہنے لگے: رسول اللہ ﷺ سے بات کرو کہ ہمیں بھی کچھ عطا کریں آپ ﷺ نے فرمایا: جی ہاں میں ہر خاندان کے لیے کچھ حصہ تقسیم کروں گا بشرطیکہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں کچھ لٹا دیا ہم بھی ان پر لٹا دیں گے اسید بن حضیر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر عطا

فرمائیے فرمایا: اللہ تعالیٰ تمہیں جزائے خیر عطا کرے چونکہ جب تک میں تمہیں حرام سے رکے ہوئے اور صبر کرتے ہوئے دیکھوں گا۔
رواہ ابویعلی وابن عساکر

حضرت اسید بن ابی ایاس رضی اللہ عنہ

۳۶۸۲۳......ابن عباس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے پاس بنی عبد بن عدی کا وفد آیا، وفد میں حارث بن وھبان وعویمر بن احرم حبیب ربیعہ اور ایک جماعت شامل تھی اہل وفد نے کہا: یا محمد! ہم اہل حرم ہیں اور حرم کے رہنے والے ہیں ہم حرم کی وجہ سے عزت مند ہیں ہم آپ سے جنگ نہیں کرنا چاہتے اگر قریش کے علاوہ کسی اور قبیلے نے آپ سے جنگ کی ہم آپ کا ساتھ دیتے ہوئے لڑیں گے لیکن ہم قریش کے مقابلہ میں نہیں لڑیں گے ہم آپ سے اور آپ کے قبیلہ سے محبت کرتے ہیں۔ ہم آپ کی خدمت میں حاضر ہو چکے ہیں اگر آپ نے ہم میں سے کسی کو خطاءً قتل کر دیا آپ پر اس کی دیت واجب ہوگی لیکن اگر ہم نے آپ کے کسی ساتھی کو خطاءً قتل کر دیا ہمارے اوپر دیت نہیں ہوگی۔ پھر اہل وفد نے اسلام قبول کر لیا۔ عویمر بن اصرم نے کہا: مجھے چھوڑ میں اس سے (محمد ﷺ) پختہ عہد لے لوں اس کے ساتھیوں نے کہا: نہیں محمد غدر نہیں کرتا اور نہ ہی غدر کروانے کی اس کی خواہش ہے حبیب اور ربیعہ نے کہا: یا رسول اللہ! اسید بن ابی ایاس وہی ہے جو بھاگ گیا تھا ہم اس کی طرف سے آپ کے سامنے برأت کا اظہار کرتے ہیں۔ نیز اس نے آپ کی گستاخی بھی کی ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے اس کا خون مباح قرار دیا اسید رضی اللہ عنہ کو جب ان دونوں کی بات پہنچی تو انھوں نے طائف میں اقامت اختیار کر لی ربیعہ اور حبیب کے لیے یہ شعر کہا:

فا ما اھلکن وتعیش بعدی　　　　فا نھما عدو کا شحان.

اگر میں ہلاک ہو جاؤں تم میرے بعد زندہ رہو گے حالانکہ وہ دونوں دشمن پوشیدہ رکھنے والے دشمن ہیں چنانچہ فتح مکہ کے موقع پر اسید بن ابی ایاس ان لوگوں میں سے تھے جنھیں مباح الدم قرار دیا گیا تھا، اس اثناء میں ساریہ بن زنیم طائف گئے اسید نے ان سے پوچھا: تم اپنے پیچھے کیسے حالات چھوڑ کر آئے ہو؟ ساریہ رضی اللہ عنہ نے جوابدیا: اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کریم ﷺ کو غلبہ عطا فرمایا ہے۔ اے بھتیجے اللہ کے نبی کے قدموں میں قرباں چونکہ جو شخص ان کے پاس حاضر ہو جاتا ہے وہ اسے قتل نہیں کرتے چنانچہ اسید نے اپنی حاملہ بیوی اٹھائی جو وضع حمل کے انتظار میں تھی اور چل پڑے۔ چنانچہ بیوی نے مقام قرن ثعالب میں بچہ جنم دیا اسید اپنے گھر والوں کے پاس آئے ایک قمیص پہنی عمامہ باندھا اور پھر رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے جب کہ ساریہ اسید رضی اللہ عنہ کے سر پر تلوار لئے ان کا پہرہ دے رہا تھا اسید رضی اللہ عنہ چل پڑے۔ حتیٰ کہ رسول اللہ ﷺ کے سامنے بیٹھ گئے اور عرض کیا: اے محمد کیا تم نے اسید کو مباح الدم قرار دیا ہے؟ فرمایا: جی ہاں۔ عرض کیا: اگر وہ مؤمن بن کر حاضر ہو آپ اس کے ایمان کو قبول فرمائیں گے؟ فرمایا: جی ہاں۔ چنانچہ اسید رضی اللہ عنہ نے اپنا ہاتھ رسول اللہ ﷺ کے دست اقدس میں دے دیا اور عرض کیا: اے محمد! میرا ہاتھ آپ کے ہاتھ میں ہے۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ اللہ کے رسول ہیں اور اللہ تعالیٰ کے سواء کوئی عبادت کے لائق نہیں رسول اللہ ﷺ نے ایک شخص کو حکم دیا کہ اعلان کرو اسید بن ابی ایاس ایمان لے آیا ہے اور رسول اللہ ﷺ نے اسے امن دے دیا ہے رسول اللہ ﷺ نے اسید رضی اللہ عنہ نے چہرے پر ہاتھ پھیرا اور ان کے ہاتھ کو اپنے سینے سے لگا لیا۔ چنانچہ کہا جاتا ہے کہ اسید رضی اللہ عنہ تاریک گھر میں داخل ہوتے وہ روشنی سے چمک اٹھتا، اسید بن ابی ایاس رضی اللہ عنہ نے یہ اشعار کہے:۔

انت الذی تھدی معدالدینھا　　　　بل اللہ یھدیھا وقال لک اشھد.

کیا آپ ہی نے قوم معد کو ان کے اصلی دین کی طرف راہنمائی کی ہے بلکہ اللہ تعالیٰ نے انھیں ہدایت دی ہے اور آپ کے سامنے انھوں نے گواہی دی ہے۔

فما حملت من ناقۃ فوق کورھا　　　　ابر واوفی ذمۃً من محمد.

کوئی اونٹنی بھی اپنے پالان پر بوجھ ہی اٹھاتی اس قدر کہ جتنا محمد ﷺ نے اپنی ذمہ داری نبھائی ہے۔

واکسی لبر دالحال قبل ابتذاله   واعطی لر اس السا بق المتجرد.
سردی کے حال کے موافق اس کے آنے سے قبل کپڑا پہنایا اور پہلے والے ننگے سر کو عطا کیا۔

تعلیم رسول اللہ انک قادر   علی کل حی متهمین ومنجد.
یارسول اللہ! آپ کو معلوم ہے کہ آپ ہر زندہ غمزدہ وخوش پر قادر ہیں۔

تعلیم بان الر کب رکب عو یمر   هم الکاذبون المخلفو کل موعد
آپ جانتے ہیں کہ یہ سواء عویمر کے سوار ہیں وہ جھوٹے ہیں اور ہر وعدے کی خلاف ورزی کرتے ہیں۔

انبوار رسول اللہ ان قدهجوته   فلا ارفعت سو طی الی اذا یدی
رسول اللہ ﷺ کو خبر کردو کہ میں نے ان کی ہجو کی ہے سو میرے ہاتھ کی طرف کوڑا نہیں اٹھ سکتا۔

سوی انني قد قلت ویلم فتية   اصیبوا بنحس لابطا ئرا سعد
البتہ میں نے اتنی بات کہی کہ چند نوجوانوں کے لیے ہلاکت ہے جو نحوست کو پہنچ چکے ہیں اور سعادت ان کے مقدر میں ہیں۔

اصا بهم من لم یکن لد ما ئهم   کفاء فقرت حسرتی وتبلدی
مصیبت انھیں پہنچی ہے جس کے خون کا کوئی ہمسر نہیں میری حسرت اور کند خاطر ٹھنڈی ہوئی

ذوا یب وکلکثوم وسلمی تتابعوا   جمیعا فان لا تد مع العین اکمد
وہ ذویب کلثوم اور سلمی ایک کے بعد دوسرا ہیں سو بدلے رنگ کی آنکھ سے آنسو نہیں بہتا۔

جب اسد رضی اللہ عنہ نے پہلے شعر میں کہا:

انت الذی تهدی معد الدینها

رسول اللہ ﷺ نے دوسرا مصرع کہا:

بل اللہ یهدیها

شاعر نے بھی کہا:

بل اللہ یهدیها وقال لک اشهد. رواه المدائنی وابن عساکر

حضرت اشج منذر بن عامر رضی اللہ عنہ

۳۶۸۲۴...... اشج عبد قیس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: رسول کریم ﷺ نے مجھے فرمایا: تجھ میں دو عادتیں ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ بہت پسند فرماتا ہے۔ میں نے عرض کیا وہ کون کون سی ہیں؟ آپ نے فرمایا: بردباری اور حیاء میں نے عرض کیا: یہ عادتیں مجھ میں پرانی چل آرہی ہیں یا نئی نئی پیدا ہوئی ہیں؟ ارشاد فرمایا: بلکہ پرانی چلی آرہی ہیں۔ میں نے کہا: تمام تعریفیں اس اللہ کے لیے ہیں جس نے مجھے ان عادتوں پر پیدا کیا جنھیں وہ محبوب رکھتا ہے۔

رواه ابن ابی شیبة وابونعیم

حضرت اصید بن سلمہ رضی اللہ عنہ

۳۶۸۲۵...... حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک سریہ روانہ کیا سریہ کے شرکاء نے بنی سلیم کا ایک آدمی پکڑ لیا اسے اصید بن سلمہ کہا جاتا تھا جب رسول اللہ ﷺ نے اسے دیکھا تو آپ کا دل پسیج گیا اور اسے اسلام کی دعوت دی اس نے اسلام قبول کر لیا اس شخص کا باپ بہت بوڑھا شخص تھا اس نے یہ اشعار لکھ بھیجے:

من رکاب نحو المدینة سالما حتی یبلغ ما اقولا الا صیدا

کون سوار ہے جو مدینہ صحیح وسالم پہنچے اور میری بات اصید تک پہنچا دے۔

ترکت دین ابیک و الشیم العلی اودو ابو بایعت الغداة محمدا

کیا تو نے اپنے باپ دادا کا دین اور بلند پایا عادات کو ترک کردیا ہے مجھے لے جاؤ تاکہ صبح کو میں محمد کے ہاتھ پر بیعت کرلوں۔

ان اشعار کا جواب دینے کے لیے اصید رضی اللہ عنہ نے رسول کریم ﷺ سے اجازت طلب کی آپ نے انھیں اجازت دی اور یہ اشعار لکھ بھیجے۔

ان الذی سمک السماء بقدة حتی علا فی ملکه و تو حدا

بلاشبہ ذات جس نے اپنی قدرت سے آسمان کو بلند عطا کی حتی کہ وہ اپنی بادشاہت میں بلند و بالا ہے اور اکیلا ہے۔

بعث الذی ما مثله فیما مضی یدعو لرحمته النبی محمدا

اس نے ایسا نبی مبعوث کیا ہے جس کی مثال اس سے قبل نہیں ملتی وہ اسے اپنی رحمت سے نبی محمد کے نام سے بلاتا ہے۔

جب باپ نے بیٹے کے یہ اشعار پڑھے فوراً نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہونے کے لیے چل پڑا اور پہنچتے ہی اسلام قبول کرلیا۔

رواه ابوموسی فی الدلائل و ابو النجار بن اللیثی فی مشیخة وفیه عبیدالله بن الویعد الوصافی ضعیف

اصیرم بن عبدالأشہل رضی اللہ عنہ

۳۶۸۶۲ حصین بن عبدالرحمن بن عمرو بن معاذ، ابوسفیان مولائے ابن ابی احمد سے روایت نقل کرتے ہیں کہ حضرت ابوھریرہ رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے تھے: مجھے اس شخص کے بارے بتاؤ جو جنت میں داخل ہوگیا اور اس نے کبھی نماز نہیں پڑھی؟ لوگ جب پہچان نہ کرپاتے پوچھتے کہ وہ کون ہے؟ آپ رضی اللہ عنہ کہتے وہ اصیرم بن اشہل عمرو بن ثابت بن وقش رضی اللہ عنہ ہیں، حصین کہتے ہیں: میں نے محمود بن لبید سے پوچھا اصیرم کے حالات کا کیا قصہ ہے؟ انھوں نے کہا: اصیرم اپنی قوم کے سامنے اسلام قبول کرنے سے انکار کردیتے تھے چنانچہ غزوۂ احد کے موقع پر رسول کریم ﷺ مدینہ سے باہر تشریف لائے اصیرم رضی اللہ عنہ پر اسلام کی حقانیت واضح ہوگئی اور انھوں نے اسلام قبول کرلیا پھر اپنی تلوار اٹھائی اور چل پڑے اپنی قوم کے پاس آئے اور لوگوں میں گھس گئے لڑنا شروع کردیا دوران جنگ آپ رضی اللہ عنہ کو کاری ضرب لگی اسی اثناء میں بنی عبدالاشہل کے لوگ اپنے مقتولین کو میدان جنگ میں تلاش کررہے تھے کہ وہ یکایک اصیرم رضی اللہ عنہ کے پاس جا پہنچے لوگوں نے کہا: یہ تو اصیرم ہے یہ جنگ میں کیسے آگیا؟ ہم تو اسے گھر چھوڑ کر آئے تھے اور وہ اسلام کا انکار کرتا تھا لوگوں نے اصیرم رضی اللہ عنہ سے پوچھا تم کیسے آئے ہو؟ اے عمرو تمہیں کونسی چیز یہاں لائی ہے؟ محض اپنی قوم کا ساتھ دینے آئے ہو یا اسلام کی طرف رغبت ہوگئی ہے؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: بلکہ مجھے اسلام کی طرف رغبت ہوئی ہے میں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول اللہ پر ایمان لے آیا ہوں میں نے اسلام قبول کرلیا ہے میں نے اپنی تلوار لی اور رسول اللہ ﷺ کی معیت میں لڑنا شروع کردیا حتی کہ مجھے کاری زخم آیا چنانچہ اس کے بعد آپ رضی اللہ عنہ تھوڑی ہی دیر میں لوگوں کے ہاتھوں میں جان جاں آفریں کے سپرد کردی، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے رسول کریم ﷺ سے اس واقعہ کا ذکر کیا آپ ﷺ نے فرمایا: بلاشبہ وہ اہل جنت میں سے ہے۔

رواه ابن اسحاق و ابونعیم فی المعرفة

حضرت اعرش (یا) اعوس بن عمرو یشکری رضی اللہ عنہ

۳۶۸۶۷ ”مسند اعرس“ عبدالرحمن بن عمرو بن جبلہ عبداللہ بن یزید بن اعرس یزید اعرس کی سند سے مروی ہے کہ اعرس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں رسول اللہ ... کی خدمت میں ایک ہدیہ لے کر حاضر ہوا آپ ﷺ نے ھدیہ قبول فرمایا اور ہمارے لیے دعا فرمائی۔

رواه ابن منده و ابونعیم وقالا: تفرد به ابن حبیب قال فی الاصابة وهو احد المتروکین

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ

۳۶۸۲۸......ثابت کی روایت ہے کہ حضرت ابوھریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے ابن ام سلیم یعنی انس رضی اللہ عنہ سے زیادہ کسی کو نہیں دیکھا جو رسول اللہ ﷺ کے مشابہ نماز پڑھتا ہے۔ رواہ البغوی فی الجعدیات وابن عساکر

۳۶۸۲۹......''مسند انس رضی اللہ عنہ'' حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں جب رسول اللہ ﷺ مدینہ منورہ تشریف لائے میں اس وقت آٹھ سال کا تھا میری والدہ مجھے لے کر آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئی اور عرض کیا: یا رسول اللہ میرے علاوہ انصار کے مرد اور عورتیں آپ کو تحائف پیش کرتے ہیں جب کہ میرے پاس آپ کو تحفہ دینے کے لیے کوئی چیز نہیں سوائے میرے اس بیٹے کے آپ اسے میری طرف سے قبول فرمائیں یہ آپ کی خدمت کرتا رہے گا چنانچہ میں نے دس سال تک رسول اللہ ﷺ کی خدمت کی آپ نے مجھے کبھی نہیں مارا مجھے گالی نہیں دی اور نہ ہی آپ کبھی چیں بہ جبیں ہوئے۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۸۳۰......حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ میرے گیسو تھے میری والدہ نے مجھے کہا: انھیں مت کاٹو چونکہ رسول اللہ ﷺ انھیں پکڑتے تھے اور کھینچتے تھے۔ رواہ ابونعیم

کلام:......حدیث ضعیف ہے دیکھئے ضعیف لابی داؤد ۸۹۹

۳۶۸۳۱......حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میرے گیسو تھے جنھیں رسول اللہ ﷺ پکڑ کر کھینچتے تھے۔ رواہ الطبرانی عن انس

۳۶۸۳۲......زہری کی روایت ہے کہ میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کو فرماتے سنا: جب رسول اللہ ﷺ مدینہ منورہ تشریف لائے اس وقت میں دس سال کا تھا اور جب آپ دنیا سے رخصت ہوئے اس وقت میری عمر بیس سال تھی میرے گھر کی عورتیں مجھے آپ کی خدمت پر ابھارتی تھیں۔ رواہ ابن ابی شیبۃ وابونعیم

۳۶۸۳۳......''ایضاً'' سعید بن میسب کی روایت ہے کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں جب رسول اللہ ﷺ مدینہ منورہ تشریف لائے اس وقت میری عمر ۹ سال تھی۔ رواہ ابونعیم

۳۶۸۳۴......حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ام سلیم رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یا رسول اللہ! انس کے لیے دعا فرمائیں چنانچہ آپ ﷺ نے مجھے یہ دعا دی یا اللہ! اس کے مال اور اولاد میں کثرت عطا فرما اور اسے برکت عطا فرما چنانچہ میں اپنی صلبی اولاد میں سے سوائے اپنے پوتوں کے ایک سو پچیس کو دفن کر چکا ہوں میرا باغ سال میں دو مرتبہ پھل لاتا ہے جب کہ شہر بھر میں کوئی ایسا باغ نہیں جو دو مرتبہ پھل لاتا ہو۔ رواہ ابونعیم

۳۶۸۳۵......''ایضاً'' حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں ایک دفعہ رسول اللہ ﷺ ام سلیم رضی اللہ عنہ کے پاس تشریف لائے ام سلیم نے کہا: یا رسول اللہ! میرے پاس ایک خاص چیز ہے آپ نے فرمایا: اے ام سلیم وہ کیا چیز ہے؟ عرض کیا: آپ کا خادم انس، آپ ﷺ نے میرے لیے دنیا و آخرت کی بھلائی کی دعا فرمائی، اور ارشاد فرمایا: یا اللہ، اسے مال اور اولاد عطا فرما اور اسمیں برکت بھی عطا فرما۔ چنانچہ انصار میں میری اولاد سب سے زیادہ ہوئی ہے میری بیٹی امینہ نے مجھے بتایا کہ بصرہ میں حجاج کے آنے تک ایک سو بیس سے زائد میری صلبی اولاد دفنا چکی ہے۔

رواہ الحارث وابونعیم

۳۶۸۳۶......ایضا'' حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی کریم ﷺ مجھے ''یاذا الاذنین'' یعنی اے دو کانوں والے کہا کرتے تھے۔

رواہ ابونعیم وابن عساکر

۳۶۸۳۷......''ایضاً'' حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں ایک مرتبہ ام سلیم رضی اللہ عنہا رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئی اور عرض کیا: یا رسول اللہ! میرے ماں باپ آپ پر قربان جائیں آپ انس کے لیے دعا فرمادیں رسول اللہ ﷺ نے میرے لیے تین دعائیں کیں ان میں سے دو کو پوری ہوتی دیکھ چکا ہوں اور تیسری کی مجھے امید ہے۔ رواہ عبدالرزاق

۳۶۸۳۸..... حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: مجھے امید ہے کہ میں رسول اللہ ﷺ سے ملاقات کروں گا میں کہوں گا یا رسول اللہ! میں آپ کا چھوٹا سا خادم ہوں۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۸۳۹..... "ایضاً" ثمامہ کی روایت ہے کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے پوچھا گیا: کیا آپ غزوۂ بدر میں شریک تھے؟ انس رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: تیری ماں نہ رہے میں بدر سے کہاں غائب ہو سکتا تھا محمد بن عبداللہ انصاری کہتے ہیں: جب رسول اللہ ﷺ بدر کی طرف نکلے تو انس رضی اللہ عنہ بھی ان کے ساتھ تھے انس رضی اللہ عنہ اس وقت لڑکے تھے اور رسول اللہ کی خدمت کرتے تھے۔ رواہ ابن سعد و ابن عساکر

۳۶۸۴۰..... حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نبی کریم ﷺ کے ساتھ حدیبیہ عمرہ، حج، فتح مکہ غزوۂ حنین، غزوۂ طائف اور غزوہ خیبر میں شریک رہا ہوں۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۸۴۱..... "ایضاً" یحییٰ بن سعید اپنی والدہ سے روایت نقل کرتے ہیں وہ کہتی ہیں: میں نے انس بن مالک کو خلوق خوشبو لگائے ہوئے دیکھا میں نے کہا: یہ تو سہل بن سعد سے طاقتور ہے حالانکہ سعد اس سے بڑا ہے انس نے میری بات سن کر کہا: رسول اللہ ﷺ نے میرے لیے دعا کی ہے۔

رواہ ابن عساکر

۳۶۸۴۲..... محمد بن سیرین حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت نقل کرتے ہیں کہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے پاس رسول اللہ ﷺ کی ایک چھوٹی سی چھڑی تھی جب انس رضی اللہ عنہ کی وفات ہوئی تو وہ چھڑی ان کے پہلو اور قمیص کے درمیان رکھ کر ان کے ساتھ دفنا دی گئی۔

رواہ البیهقی و ابن عساکر

۳۶۸۴۳..... "ایضاً" انس بن سیرین کہتے ہیں بوقت وفات حضرت انس رضی اللہ عنہ کے پاس میں حاضر تھا، انس رضی اللہ عنہ کہتے جا رہے تھے مجھے لا الہ الا اللہ کی تلقین کرو آپ یہی کہتے رہے، حتی کہ روح قفس عنصری سے پرواز کر گئی رضی اللہ عنہ۔

رواہ ابن ابی الدنیا فی المختفرین و ابن عساکر

حضرت انس بن نضر رضی اللہ عنہ

۳۶۸۴۴..... "مسند انس بن مالک" حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میرے چچا انس بن نضر رضی اللہ عنہ بدر کی جنگ میں شریک نہیں ہو سکتے تھے انھیں اس کا شدید صدمہ رہتا تھا اور اپنے نفس کو ملامت کرتے تھے جب آپ مدینہ واپس آئے کہنے لگے: میں پہلی لڑائی میں شریک نہیں ہو سکا جب کہ رسول اللہ ﷺ نے مشرکین کو تہ تیغ کیا ہے اگر آئندہ میں کسی لڑائی میں شریک ہوا اللہ تعالیٰ ضرور دیکھے گا کہ میں کیا کرتا ہوں چنانچہ غزوۂ احد میں مسلمانوں کو شکست ہوئی تو انس بن نضر رضی اللہ عنہ کہنے لگے: یا اللہ جو کچھ یہ مشرکین لائے ہیں میں اس سے بری الذمہ ہوں اور جو کچھ مسلمانوں نے کیا ہے میں اس سے تیرے حضور معذرت کرتا ہوں پھر اپنی تلوار لی اور میدان کارزار کی طرف چل پڑے سامنے سے ایک دوسرے صحابی حضرت حضرت بن معاذ رضی اللہ عنہ آرہے ہیں ان سے کہا: اے سعد! قسم اس ذات کی جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے احد کے پہاڑ سے جنت کی خوشبو آرہی ہے وہ مجھے جنت کی خوشبو لگتی ہے پھر آپ رضی اللہ عنہ بھرپور حملہ کرنے کے لیے میدان میں کود پڑے۔ سعد رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ سے عرض کیا: یا رسول اللہ! جو کچھ انس بن نضر نے کیا ہے جو کچھ کرنے کی مجھ میں طاقت نہیں تھی حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کہتے ہیں ہم نے انس بن نضر رضی اللہ عنہ کو مقتولین میں پایا ان پر تلواروں نیزوں اور تیروں کے اسی (۸۰) سے زائد زخم تھے اور ان کی لاش کا مثلہ کر دیا گیا تھا ہم انھیں نہیں پہچان سکے تھے حتیٰ کہ ان کی بہن نے انھیں انگلیوں کے پوروں سے پہچانا۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم کہا کرتے تھے۔ یہ آیت "من المومنین رجال صدقوا ماعاهدوا اللہ علیه" انس بن نضر اور ان کے ساتھیوں کے متعلق نازل ہوئی ہے۔

رواہ الطبرانی و ابن سعد و ابن ابی شیبة و الحارث و الترمذی و قال صحیح و النسائی و ابن جریر و ابن المنذر و ابن ابی حاتم مردویة و ابونعیم

حضرت انس بن ابی مرثد رضی اللہ عنہ

۳۶۸۴۵..... حضرت سہل بن حنظلیہ عبشمی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین رسول کریم ﷺ کے ساتھ حنین کے دن چلے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: آج رات ہمارا پہرہ کون دے گا حضرت انس بن ابی مرثد غنوی رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! میں پہرہ دوں گا حکم ہوا: گھوڑے پر سوار ہو جاؤ چنانچہ انس رضی اللہ عنہ بن ابی مرثد گھوڑے پر سوار ہوئے اور رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اس گھاٹی کے اوپر چلے جاؤ اور اپنی طرف سے دھوکا میں نہیں رہنا صبح ہوئی تو رسول اللہ ﷺ اپنی جائے نماز پر تشریف لائے اور دو رکعتیں ادا کیں پھر فرمایا: کیا تم نے اپنے شہسوار کو محسوس کیا ہے؟ ایک شخص بولا: یارسول اللہ! ہم نے اسے محسوس نہیں کیا نماز کے لیے اقامت کہی گئی رسول اللہ ﷺ نماز میں تھے اور آپ نے گھاٹی کی طرف دیکھنا شروع کر دیا حتیٰ کہ جب آپ نماز سے فارغ ہوئے اور سلام پھیرا، ارشاد فرمایا: خوش ہو جاؤ تمہارے گھڑسوار آ چکے ہیں ہم گھاٹی میں درختوں کے سائے تلے دیکھنے لگے چنانچہ وہ سامنے سے آرہے تھے اور آتے ہی رسول اللہ ﷺ کے پاس کھڑے ہو گئے اور عرض کیا: میں آپ کے پاس سے چل کر گھاٹی کے اوپر پہنچ گیا جہاں کا آپ نے مجھے حکم دیا تھا صبح کو جب سورج طلوع ہوا میں نے دائیں بائیں دیکھا مجھے کوئی نہ دکھائی دیا رسول اللہ ﷺ نے ان سے فرمایا: کیا تم رات کو نیچے اترے تھے؟ عرض کیا: نہیں البتہ نماز کے لئے اور قضائے حاجت کے لیے نیچے آیا ہوں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم نے اپنے اوپر جنت واجب کر دی اب تمہارے اوپر کوئی حرج نہیں کہ اس کے بعد کوئی عمل بھی نہ کرو۔ رواہ ابو نعیم فی المعرفة

حضرت اوفی بن مولیٰ تمیمی عنبری رضی اللہ عنہ

۳۶۸۴۶..... حضرت اوفی بن مولیٰ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا آپ ﷺ نے مجھے غمیم میں جائیداد عنایت فرمائی اور مجھ پر شرط عائد کی کہ میں پہلی سیرابی سے حاصل کرنے والا غلہ اللہ تعالیٰ کی بیں صدقہ کر دوں ہمارے ایک اور آدھی ساعدہ کو بیابان میں کنواں بطور جائداد دیا اسے جعرانہ کا کنواں کہا جاتا تھا اس کنویں میں پانی آتا تھا اور پانی شیریں نہیں تھا جب کہ ایاس بن قتادہ عنبری کو جابیہ میں جائداد تھی ہم سب آپ کی خدمت میں حاضری دیتے رہتے تھے آپ نے ہم میں سے ہر ایک کے لیے عطا نامہ چمڑے کے ٹکڑے پر رکھا تھا۔ رواہ ابن منده والطبرانی وابونعیم وقال: ابن عبد البر لیس اسناده بالقوی

حضرت اوس کلابی رضی اللہ عنہ

۳۶۸۴۷..... ''مسندہ'' معلیٰ بن حاجب بن اوس کلابی اپنے والد اور دادا سے نقل کرتے ہیں ان کے دادا اوس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔

حضرت ایمن رضی اللہ عنہا

۳۶۸۴۸..... ''مسند بلال رضی اللہ عنہ'' ابو میسرہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ حضرت ایمن رضی اللہ عنہا نبی کریم ﷺ کی مسواک اور جوتے تیار باش رکھتے تھے جب کہ ہم آپ کو قضائے حاجت کے لیے لے جاتے تھے۔ رواہ الطبرانی

حضرت ایاس بن معاذ رضی اللہ عنہ

۳۶۸۴۹..... بنی عبدالاشہل کے بھائی محمود بن لبید رضی اللہ عنہ کہتے ہیں جب ابوحیسر انس بن رافع مکہ آیا اس کے ساتھ بنی عبدالاشہل کے چند نوجوان بھی تھے ان میں ایک ایاس بن معاذ رضی اللہ عنہ بھی تھے، یہ لوگ قریش کو اپنی قوم خزرج کے خلاف حلیف بنانا چاہتے تھے رسول اللہ ﷺ کو ان کی خبر ہوئی آپ ان لوگوں کے پاس آئے اور ان کے ساتھ مل بیٹھے آپ نے فرمایا: کیا میں تمہیں ایسی چیز کی دعوت نہ دوں جو تمہارے حلف بندی سے بدر جہا افضل ہے؟ وہ بولے: وہ کیا چیز ہے ارشاد فرمایا: میں اللہ کا رسول ہوں اللہ تعالیٰ نے مجھے بندوں کی طرف بھیجا ہے تا کہ میں انھیں اللہ تعالیٰ کی طرف بلاؤں وہ صرف اللہ کی عبادت کریں اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرائیں اللہ تعالیٰ نے مجھ پر کتاب نازل فرمائی ہے پھر آپ نے ان لوگوں سے اسلام کے محاسن ذکر کیے اور قرآن پڑھ کر سنایا ایاس بن معاذ رضی اللہ عنہ بولے: (یہ اس وقت نوجوان لڑکے تھے) بخدا جس کام کے لیے تم آئے ہو یہ چیز اس سے بدر جہا افضل ہے ابو حیر انس بن رافع نے مٹھی بھر کنکریاں اٹھائیں اور ایاس بن معاذ رضی اللہ عنہ کے منہ پردے ماریں اور کہا تم ہمیں چھوڑو میری عمر کی قسم ہم تو کسی اور مقصد کے لیے آئے ہیں اس کے بعد رسول اللہ ﷺ اٹھ کھڑے ہوئے اور وہ لوگ بھی مدینہ واپس چلے گئے، چنانچہ بعاث کی لڑائی اوس اور خزرج کے درمیان ہوئی تھی اس کے بعد تھوڑی مدت میں ایاس بن معاذ رضی اللہ عنہ وفات پا گئے محمود بن لبید کہتے ہیں: میری قوم کے جو لوگ ایاس بن معاذ رضی اللہ عنہ کے پاس بوقت وفات موجود تھے انھوں نے مجھے بتایا ہے کہ ہم ایاس بن معاذ کو لگا تار اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتے تکبیر کہتے اور تسبیح کرتے سنتے رہے ہیں حتیٰ کہ وہ دنیا سے رخصت ہو گیا ان لوگوں نے شک نہیں کیا کہ وہ مسلمان ہی مرے ہیں۔ چنانچہ انھوں نے مدینہ میں نبی کریم ﷺ کی مجلس کرنے اسلام کی سمجھ بوجھ اپنے اندر پیدا کر لی تھی۔

رواہ ابونعیم

حرف باء...... حضرت باقوم رومی رضی اللہ عنہ

۳۶۸۵۰..... صالح مولائے توأمہ کہتے ہیں: مجھے حضرت باقوم مولائے سعید بن عاص رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے رسول اللہ ﷺ کے لیے منبر بنایا جو جنگلی لکڑی کا تھا تین زینے بنائے ایک بیٹھنے کا اور دو دوسرے۔ رواہ ابونعیم

حضرت براء بن معرور رضی اللہ عنہ

۳۶۸۵۱..... محمد بن معن غفاری اپنے دادا سے روایت نقل کرتے ہیں کہ بنی غفار کا ایک شخص نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا آپ ﷺ نے پوچھا: تیرا کیا نام ہے؟ جواب دیا: نبھان فرمایا: بلکہ تمہارا نام مکرم ہے نبی کریم ﷺ نے مدینہ تشریف لانے کے بعد براء بن معرور رضی اللہ عنہ کی نماز جنازہ پڑھائی اور فرمایا: یا اللہ! براء بن معرور پر رحمت نازل فرما اور قیامت کے دن اسے اپنے سے دور نہ رکھنا اسے جنت میں داخل کر دے اور تو نے ایسا کر بھی دیا ہے۔ رواہ ابن مندہ ابن عساکر

۳۶۸۵۲..... زہری کہتے ہیں: حضرت براء بن معرور رضی اللہ عنہ پہلے شخص ہیں جنہوں نے تہائی مال کی وصیت کی ہے اور کعبہ کا استقبال کیا ہے حالانکہ وہ اپنے گاؤں میں تھے نیز براء رضی اللہ عنہ بڑے متقی انسان تھے۔ رواہ ابونعیم

حضرت براء بن عازب اور حضرت زید بن ارقم

۳۶۸۵۳..... ابواسحاق کہتے ہیں: میں نے براء بن عازب رضی اللہ عنہ کو کہتے سنا ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ پندرہ غزوات کیے

ہیں۔ میں نے حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ کو کہتے سنا ہے کہ میں نے نبی کریم ﷺ کے ساتھ سترہ (۱۷) غزوات کیے ہیں۔
رواہ ابن ابی شیبۃ وابویعلی وابن عساکر

حضرت براء بن مالک رضی اللہ عنہ

۳۶۸۵۴..... محمد بن سیرین کہتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے عاملین کو خط لکھا کہ براء بن مالک کو مسلمانوں کے لشکروں میں سے کسی لشکر کا عامل مقرر نہ کرو چونکہ یہ ہلاکتوں میں سے ایک ہلاکت ہے۔ رواہ ابن سعد

فائدہ:...... عامل نہ مقرر کرنے کی وجہ مندرجہ ذیل حدیث سے واضح ہوجاتی ہے۔ وہ یہ کہ حضرت براء بن مالک رضی اللہ عنہ اگر رب اللہ کی قسم اٹھالیتے اللہ تعالیٰ اسے ضرور پوری فرماتے تھے۔

۳۶۸۵۵..... حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: بہت سارے چادر پوش ہیں جن کی طرف کوئی دھیان نہیں دیا جاتا اگر وہ اللہ تعالیٰ پر قسم کھالیں اللہ تعالیٰ ان کی قسم کو ضرور پوری کردے ان میں سے ایک براء بن مالک رضی اللہ عنہ بھی ہیں۔ چنانچہ تستر'' کے معرکہ میں مسلمانوں کو پہلے عارضی سی شکست ہوئی مسلمانوں نے کہا: اے براء اپنے رب پر قسم کھاؤ کہنے لگے: اے میرے رب میں تجھ پر قسم کھاتا ہوں کہ جب تو ہمیں کفار پر غلبہ عطا فرمائے اس سے قبل مجھے اپنے نبی کریم ﷺ سے لاحق کردے۔ رواہ ابونعیم

حضرت بسر مازنی رضی اللہ عنہ

۳۶۸۵۶..... یزید بن حمیز، عبداللہ بن یسر سے روایت نقل کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ میرے والد بسر رضی اللہ عنہ کے ہاں تشریف لائے۔
رواہ النسائی وابونعیم

۳۶۸۵۷..... معاویہ بن صالح ابن عبد احمد بن بسر عبداللہ بن بسر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ خچر پر سوار ہو کر ہمارے یہاں تشریف لائے ہم خچر کو شامی گدھا کہتے تھے۔ رواہ ابن السکن

حضرت بشر بن براء بن معرور رضی اللہ عنہ

۳۶۸۵۸..... حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اے بنی سلمہ تمہارے سردار کون ہے؟ بنی سلمہ نے کہا: جد بن قیس لیکن ہم بخل سے اس کا موازنہ کرتے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: بخل سے بڑھ کر اور کونسی بیماری ہوسکتی ہے؟ لوگوں نے کہا: یارسول اللہ! پھر ہمارا سردار کون ہے؟ فرمایا: بشر بن براء بن معرور تمہارا سردار ہے۔ رواہ ابونعیم

کلام:...... حدیث ضعیف ہے دیکھئے ذخیرۃ الحفاظ ۵۳۶۸۔

۳۶۸۵۹..... ابوسلمہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اے بنی عبید! تمہارا سردار کون ہے؟ بنی عبید نے جواب دیا: جد بن قیس ہمارا سردار ہے لیکن اس میں بخل ہے آپ نے فرمایا: اور کونسی بیماری بخل سے بڑھ کر ہوسکتی ہے؟ بلکہ تمہارا سردار تمہارے پہلے سردار کا بیٹا بشر بن براء بن معرور رضی اللہ عنہ ہے۔ رواہ ابن جریر

کلام:...... حدیث ضعیف ہے دیکھئے ذخیرۃ الحفاظ: ۵۳۶۸

حضرت بشر بن معاویہ بکائی رضی اللہ عنہ

۳۶۸۶۰......عمران بن صاعد بن عداء بن بشر بن معاویہ بکائی اپنے والد سے وہ اپنے والد بشر بن معاویہ سے روایت نقل کرتے ہیں کہ حضرت بشر بن معاویہ بن ثور رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ کے پاس پہنچے ان سے تین باتیں حاضر ہوئے معاویہ بن ثور رضی اللہ عنہ نے اپنے بیٹے بشر رضی اللہ عنہ سے کہہ رکھا تھا کہ جب تم سول اللہ ﷺ کے پاس پہنچو ان سے تین باتیں کہنی ہیں اوران میں کوئی کمی یا زیادتی نہیں کرنی کہنا السلام علیک یارسول اللہ! ہم اس لیے، حاضر ہوئے ہیں تاکہ آپ کو سلام کریں اور ہم اسلام کا اقرار کریں اور آپ میرے لیے برکت کی دعا کریں۔ بشر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے یہ سب کچھ کیا رسول اللہ ﷺ نے میرے سر پر دست شفقت پھیرا اور میرے لیے دعائے برکت کی بشر رضی اللہ عنہ کے چہرے پر رسول اللہ ﷺ کے مسح کا نشان تھا یوں کہتا تھا جیسا کہ وہ غرہ (چمکدار چیز) ہے اس پر جس چیز کو بھی مسح کیا جاتا وہ چمک اٹھتی تھی نبی کریم ﷺ نے معاویہ بن ثور رضی اللہ عنہ کے لئے خط لکھا اور انھیں صدقہ میں سے بارہ عدد دوسالہ اونٹ کے بچھڑے دیئے یہ ان کے لیے بطور معونت تھے جب حضرت معاویہ بن ثور رضی اللہ عنہ آپ کے پاس سے اٹھ کر چلنے لگے عرض کیا: میں آج یا کل کا مہمان ہوں میرے پاس کثیر مال ہے اور میرے صرف دو بیٹے ہیں آپ ﷺ کی طرف واپس پلٹے اور عرض کیا: یارسول اللہ! یہ مال آپ میری طرف سے قبول فرمائیں اور دشمن کی مکر بازیوں کے خلاف جہاں بہتر سمجھیں صرف کردیں میں مالدار ہوں اور میرے پاس بہت مال ہے آپ نے فرمایا: اے معاویہ تم درست وصواب رائے رکھتے ہو آپ نے مال واپس قبول فرمالیا۔ رواہ البخاری فی تاریخہ والبغوی وقال عمران مجھول ورواہ ابن مندہ وابونعیم

۳۶۸۱۶......"ایضاً" ابی ھیثم بکائی صاعد بن طالب اپنے والد سے وہ اپنے والد نواس سے وہ اپنے والد رباط سے وہ اپنے والد واصل سے وہ اپنے والد کاھل سے مجالد ثور بن بشر بن معاویہ اور یہ صاعد کے نانا ہیں کی سفر سے مروی ہے کہ وہ دونوں نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے آپ ﷺ نے انھیں سورت یٰسٓ سورت فاتحہ سورت اخلاص سورت فلق اور سورت ناس تعلیم کی نیز انھیں کہا کہ نماز میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم قرات جہراً کرو......الحدیث بطولہ۔ (رواہ ابونعیم قال فی الاصابہ: صاعد سے اوپر کی سند مجھول ہے)

حضرت بشیر بن عقربہ جھنی رضی اللہ عنہ

۳۶۸۹۲......بشیر بن عقربہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ میرے والد عقربہ رضی اللہ عنہ غزوۂ احد میں شہید کر دیئے گئے میں نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا میں رورہا تھا آپ نے فرمایا: اے حبیب! کیوں رورہے ہوں کیا تم اس بات پر خوش نہیں ہو کہ میں تمہارا والد ہوں اور عائشہ تمہاری ماں ہے میں نے کہا: جی ہاں یارسول اللہ! میرے باپ آپ پر قربان جائیں آپ ﷺ نے میرے سر پر ہاتھ پھیرا آپ کے ہاتھ پھیرنے کا نشان سیاہ تھا جب کہ باقی سارا جسم سفید تھا میری زبان میں لکنت تھی آپ ﷺ نے میرے منہ میں تھوکا جس سے لکنت جاتی رہی مجھ سے میرا نام پوچھ: میں نے کہا: میرا نام بحیر ہے فرمایا: بلکہ تمہارا نام بشیر ہے۔ رواہ البخاری فی تاریخہ وابن مندہ

حضرت بشیر بن خصاصیہ رضی اللہ عنہ

۳۶۸۶۳......حضرت بشیر بن خصاصیہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: رسول کریم ﷺ نے مجھ سے پوچھا: تم کس قبیلہ سے ہو میں نے جواب دیا: ربیعہ سے ہوں فرمایا: وہ ربیعہ الفرس جو کہتے ہیں: اگر وہ نہ ہوتے زمین اہل زمین سمیٹ پلٹ جاتی میں اللہ تعالیٰ کی حمد کرتا ہوں جس نے ربیعہ میں سے صرف تم پر احسان کیا۔ رواہ ابویعلی وابن عساکر

۳۶۸۶۴......حضرت بشیر بن خصاصیہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا آپ نے مجھے اسلام کی دعوت دی پھر

فرمایا: تمہارا نام کیا ہے؟ میں نے کہا: نذیر فرمایا: بلکہ تمہارا نام بشیر ہے مجھے صفہ میں ٹھہرایا چنانچہ جب آپ کے پاس کوئی ہدیہ آتا ہمیں بھی اس میں شریک کرتے اور اگر صدقہ آتا سارا ہمارے حوالے کر دیتے ایک دفعہ رات کو آپ گھر سے باہر نکلے میں بھی آپ کے پیچھے پیچھے چل دیا آپ بقیع میں آئے اور فرمایا: السلام علیکم! اے مؤمنین کی قوم: ہم بھی آپ کے ساتھ لاحق ہونے والے ہیں ہم اللہ ہی کے لیے ہیں اور اسی کی طرف لوٹ کر جائیں گے، تم نے بہت بھلائی پالی ہے اور برائی وشر سے پہلے پہلے کوچ کرتے رہے ہو پھر میری طرف متوجہ ہو کر فرمایا: یہ کون ہے؟ میں نے عرض کیا: میں بشیر ہوں فرمایا: کیا تم راضی نہیں ہو کہ اللہ تعالیٰ نے تمہارے کان تمہارا دل تمہاری آنکھوں کو اسلام کے لیے قبول فرمایا ہے تمام ربیعۃ الفرس میں سے جو کہتے ہیں: اگر ہم نہ ہوتے زمین اہل زمین کو لے کر الٹ جاتی میں نے کہا: جی ہاں یارسول اللہ! آپ نے پوچھا: تم کیوں آئے ہو میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! مجھے خوف ہوا آپ کو کوئی گزند نہ پہنچے یا حشرات الارض میں سے کوئی چیز آپ کو تکلیف نہ پہنچائے۔

رواہ ابن عساکر

۳۶۸۶۵...... حضرت بشیر بن خصاصیہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! آپ کس شرائط پر بیعت لیتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے اپنا ہاتھ پھیلایا اور فرمایا: یہ کہ تم گواہی دو اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ تنہا ہے اور اس کا کوئی شریک نہیں یہ کہ محمد اس کا بندہ اور اس کا رسول ہے یہ کہ ہر وقت نماز پنجگانہ ادا کرو فرض زکوٰۃ ادا کرو رمضان کے روزے رکھو بیت اللہ کا حج کرو اور اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرو میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! میں بجز دو کے سب ارکان کی طاقت رکھتا ہوں میں زکاۃ نہیں دے سکتا چونکہ بخدا میرے پاس دس اونٹ بکریاں ہیں جو میرے گھر والوں کی ضرورت ہیں اور بوجھ لادنے کے کام آتے ہیں میں جہاد کی طاقت نہیں رکھتا چونکہ میں بزدل شخص ہوں جب کہ لوگوں کا کہنا ہے جو میدان جنگ سے بھاگ جائے وہ اللہ تعالیٰ کے غصہ کا مستحق ہو جاتا ہے میں خوفزدہ ہوں کہ اگر جنگ چھڑ جائے مجھے اپنی جان کے لالے پڑ جائیں زور میں میدان جنگ سے بھاگ جاؤں یوں میں اللہ تعالیٰ کے غضب وغصہ کا مستحق ہو جاؤں رسول اللہ ﷺ نے اپنا ہاتھ مند کر لیا پھر ہاتھ کو حرکت دی اور فرمایا: اے بشیر! جب نہ صدقہ ہو نہ ہی جہاد ہو پھر تم جنت میں کیسے داخل ہو گے؟ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! ہاتھ بڑھائیں میں بیعت کرتا ہوں چنانچہ آپ ﷺ نے ہاتھ پھیلا دیا اور میں نے تمام ارکان کو بجالانے پر بیعت کر لی۔

رواہ الحسن بن سفیان والطبرانی فی الاوسط وابونعیم والحاکم والبیهقی وابن عساکر

۳۶۸۶۶...... حضرت بشیر بن خصاصیہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ میں رسول کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا میں آپ کے ساتھ بقیع میں آیا میں نے سنا کہ آپ فرما رہے تھے: اے مؤمنین کے گھر والوں السلام علیکم! میرا تسمہ ٹوٹ گیا فرمایا: اسے گانٹھ لو میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! میرا غزوہ طویل ہو گیا میں اپنے گھر سے دور رہا۔ ارشاد فرمایا: اے بشیر! کیا تم اللہ تعالیٰ کی حمد نہیں کرتے جو تمہیں اسلام کی طرف لایا ربیعہ میں سے جو کہتے ہیں اگر ہم نہ ہوتے زمین اہل زمین کو لے کر الٹ گئی ہوتی۔ رواہ ابونعیم

۳۶۸۶۷...... خالد بن سمیر بشیر بن نهیک سے مروی ہے کہ بشیر بن خصاصیہ رضی اللہ عنہ حدیث بیان کرتے ہیں رسول کریم ﷺ نے ان کا نام "بشیر" رکھا ہے جب کہ اس سے قبل ان کا نام "بحر" تھا کہتے ہیں ایک مرتبہ میں رسول کریم ﷺ کے ساتھ چہل قدمی کر رہا تھا میں نے آپ کا ہاتھ پکڑ رکھا تھا یا کہا کہ آپ نے میرا ہاتھ پکڑ رکھا تھا۔ مجھ سے فرمایا: اے ابن خصاصیہ، تو نے جو صبح کی تو اللہ پر عیب لگائے ہوئے صبح کی اور اللہ کے رسول کے ساتھ چہل قدمی کر رہے ہو میں نے عرض کیا میں نے اللہ تعالیٰ پر کوئی عیب نہیں لگایا میرے ماں باپ آپ پر قربان جائیں! اللہ تعالیٰ نے میرے ساتھ ہر طرح کی بھلائی کی ہے رسول اللہ ﷺ مشرکین کے قبرستان میں آگئے اور فرمایا: یہ لوگ خیر کثیر لے کر سبقت لے گئے ہیں یہ لوگ خیر کثیر لے کر سبقت لے گئے ہیں پھر آپ نے ایک نظر سے دوسری طرف دیکھا ایک شخص جوتوں سمیت قبروں کے درمیان چل رہا ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے سبتی جوتوں والے: اپنے جوتے ایک طرف ڈال دو جب اس شخص نے رسول کریم ﷺ کو دیکھا اس نے جوتے ڈال دیئے۔

رواہ لطبرانی وابونعیم

۳۶۸۶۸...... لیلی زوجہ بشیر، بشیر بن خصاصیہ رضی اللہ عنہ کی روایت نقل کرتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کی حمد کرو جس نے ربیعہ میں سے تمہیں توفیق دی کہ تم نے رسول اللہ ﷺ کے ہاتھ پر اسلام قبول کیا میں نے عرض کیا: یارسول اللہ اللہ تعالیٰ سے دعا کریں کہ مجھے آپ سے

قبل موت دے دے فرمایا: میں یہ دعا کسی کے لیے نہیں کرتا۔ رواہ ابونعیم

حضرت بشیر ابوعصام کعبی حارثی رضی اللہ عنہ

۳۶۸۶۹..... معام بن بشیر حارثی کعبی (یہ ایک سو بیس سال کی عمر تک پہنچے ہیں) کہتے ہیں: میرے والد رضی اللہ عنہ نے مجھے حدیث سنائی کہ میری قوم بنوحارث بن کعب نے مجھے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں بھیجا آپ نے پوچھا: تم کہاں سے آئے ہو؟ میں نے عرض کیا: میری قوم نے مجھے آپ کے پاس اسلام کی خاطر بھیجا ہے فرمایا: مرحبا: تمہارا نام کیا ہے؟ میں نے کہا: میرا نام "اکبر" ہے فرمایا: تمہارا نام بشیر ہے۔

رواہ البخاری فی تاریخہ والنسائی وابن السکن وابن مندہ وقال عزیب لا اعرفہ الا من حدیث اھل الجن یرۃ من مصام وابو نعیم

حضرت بکر بن جبلہ رضی اللہ عنہ

۳۶۸۷۰..... ھشام بن محمد بن سائب، حارث بن عمر وکلبی ابویعلی بن عطیہ عمارہ بن جریر کی سند سے حدیث مروی ہے کہ عبدعمرو بن جبلہ بن وائل کے پاس ایک بت تھا جسے "عیر" کہا جاتا تھا قبیلہ والے اس کی تعظیم کرتے تھے کہتے ہیں: ایک دن ہم اس بت کے پاس سے گزرے ہم نے ایک آواز سنی کوئی عبدعمرو سے کہہ رہا تھا: اے بکر بن جبلہ! تم محمد کو جانتے ہو۔ پھر اسلام کا ذکر کیا۔ رواہ ابن مندہ وابونعیم

حضرت بکر بن حارثہ جہنی رضی اللہ عنہ

۳۶۸۷۱..... حضرت بکر بن حارثہ جہنی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے مشرکین کے ساتھ جنگ کی رسول اللہ ﷺ نے مجھے فرمایا: اے بکر! آج تم نے کیا کیا ہے؟ میں نے غصہ سے ان پر اچھی طرح سے تیر برسائے ہیں اس پر رسول اللہ ﷺ نے میرا نام بربیر رکھ دیا۔ رواہ المعری

حضرت بکر بن شداخ لیثی رضی اللہ عنہ

۳۶۸۷۲..... عبدالملک بن یعلی لیثی کی روایت ہے کہ حضرت بکر بن شداخ لیثی رضی اللہ عنہ ان صحابہ رضی اللہ عنہم میں سے تھے جو رسول اللہ ﷺ کی خدمت کرتے تھے یہ لڑکپن میں خدمت کا فریضہ انجام دیتے تھے چنانچہ جب سن بلوغت کو پہنچے نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا: یارسول اللہ! مجھے آپ کے اہل خانہ کے پاس داخل ہونا پڑتا ہے حالانکہ میں سن بلوغت کو پہنچ چکا ہوں نبی کریم ﷺ نے مجھے دعا دی اور فرمایا: یااللہ اس کی بات کو سچ کردے اور فتحمندی سے اسے ہمکنار کر چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دور خلافت میں کسی یہودی نے ایک مقتول پایا عمر رضی اللہ عنہ نے اس کو امر عظیم سمجھا اور اس پر بڑے رنج کا اظہار کیا پھر منبر پر تشریف لے گئے اور فرمایا: کیا اسی لیے اللہ تعالیٰ نے مجھے ولایت دی ہے اور اسی لیے مجھے خلافت عطا کی ہے کہ مردوں کو یوں ناحق قتل کیا جائے؟ میں اللہ تعالیٰ سے ایسے شخص کا سوال کرتا ہوں جس کے پاس اس کا کوئی علم ہو اور مجھے بتائے بکر بن شداخ رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور فرمایا: مجھے اس کا علم ہے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: اللہ اکبر تم اس مقتول کے خون کے ذمہ دار ہو ورنہ اس سے نکلنے کی کوئی حجت بیان کرو عرض کیا: جی ہاں فلاں شخص جہاد میں شرکت کی غرض سے نکلا اور مجھے اپنے اہل وعیال کا وکیل بنا گیا میں اس کے دروازے پر پہنچا تو میں نے اس یہودی کو اس کے گھر میں پایا اور یہ کہہ رہا تھا:

واشعث غرۃ الا سلام منی　　　خلوت بعر سہ لیل التمام

میری وجہ سے اسلام کی چمک دھیمی پڑ گئی میں نے اس کے جلوہ کے لیے پوری پوری رات خلوت میں گزار دی۔

ابیت علی ترا بھا ویمسی　　　علی جرداء لا حقۃ الخرام

میں اس کے سینے پر حملہ کرنے سے بار رہا ہوں لیکن اس نے بے بالوں کے شام کی کہ وہ وسط راستہ پر جا چکا تھا۔

کان مجامع الر بلات منها فنام ینهفون الی فنام

گویا کہ اس کی ہڈیوں کے جوڑ انسانوں کی جماعت کی مانند تھے جو کسی دوسری جماعت کی طرف اٹھ رہے ہوں۔

چنانچہ نبی کریم ﷺ کی دعا کی وجہ سے ان کی بات سچ قرار دی اور مقتول کا خون رائیگاں قرار دیا۔ رواہ ابن مندہ و ابو نعیم

حضرت بلال مؤذن رضی اللہ عنہ

۳۶۸۷۳..... ''مسند صدیق'' محمد بن ابراہیم بن حارث تیمی کی روایت ہے جب رسول اللہ ﷺ کی وفات ہوگئی اور ابھی دفنائے نہیں گئے تھے حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے اذان دی اور جب اشھد ان محمدا رسول اللہ کہتے تو مسجد میں لوگوں پر گریہ طاری ہو جاتی جب رسول اللہ ﷺ دفن کر دیئے گئے بلال رضی اللہ عنہ سے ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اذان دو بلال رضی اللہ عنہ نے کہا: اگر آپ نے مجھے اس لیے آزاد کیا ہے کہ میں آپ کے ساتھ رہوں تو بلاشبہ آپ کو اس کا حق حاصل ہے اور اگر مجھے محض اللہ کے لیے آزاد کیا ہے تو پھر میرا راستہ چھوڑ دیں ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے تمہیں محض اللہ کے لیے آزاد کیا ہے بلال رضی اللہ عنہ نے کہا: میں رسول اللہ ﷺ کے بعد کسی کے لیے اذان نہیں دوں گا ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ٹھیک ہے اسکا تمہیں اختیار ہے بلال رضی اللہ عنہ نے مدینہ میں اقامت اختیار کی اور جب فتوحات شام کے لیے لشکروں کا خروج ہونے لگا بلال رضی اللہ عنہ لشکروں کے ساتھ ہوئے اور شام میں جا پہنچے۔ رواہ ابن سعد

۳۶۸۷۴..... سعید بن مسیب رحمۃ اللہ علیہ کی روایت ہے کہ جب حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ جمعہ کے دن منبر پر بیٹھے ان سے بلال رضی اللہ عنہ نے کہا: اے ابوبکر رضی اللہ عنہ آپ نے مجھے اللہ کے لیے آزاد کیا ہے یا اپنے لیے؟ فرمایا: اللہ کے لیے آزاد کیا ہے بلال رضی اللہ عنہ نے کہا: آپ مجھے اجازت دیں تاکہ میں اللہ کی راہ میں جہاد کرسکوں ابوبکر رضی اللہ عنہ نے انھیں اجازت مرحمت فرمائی بلال رضی اللہ عنہ شام چلے گئے اور وہیں وفات پائی۔ رواہ ابن سعد و ابو نعیم فی الحلیة

۳۶۸۷۵..... قیس بن ابی حازم کی روایت ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ وفات پا گئے حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے کہا: اگر آپ نے مجھے اپنی ذات کے لیے خریدا ہے تو مجھے اپنے پاس روک لیں اور اگر محض اللہ کے لیے خریدا ہے تو پھر مجھے چھوڑ دیں تاکہ میں اللہ کے لیے عمل کرسکوں ابوبکر رضی اللہ عنہ رو پڑے اور فرمایا: میں نے تمہیں اللہ کے لیے آزاد کیا ہے جاؤ اور اللہ کے لیے عمل کرو۔

رواہ ابن سعد و ابو نعیم فی الحلیة

۳۶۸۷۶..... عبداللہ بن محمد بن عمار بن سعد و عمار بن حفص بن عمر بن سعد و عمر بن حفص بن عمر بن سعد اپنے آباؤ اجداد سے نقل کرتے ہیں کہ انھوں نے خبر کی ہے کہ نجاشی حبشی نے رسول اللہ ﷺ کی طرف تین عصا۔ (لاٹھیاں) بھیجیں ان میں سے ایک رسول اللہ ﷺ نے اپنے لیے رکھ لی ایک حضرت علی رضی اللہ عنہ کو دی اور ایک حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو دی جو لاٹھی رسول اللہ ﷺ نے اپنے لیے رکھی تھی بلال رضی اللہ عنہ اسے لے کر عیدین کے موقع پر رسول اللہ ﷺ کے آگے آگے چلتے اور عیدگاہ میں آکر رسول اللہ ﷺ کے سامنے نصب کر دیتے رسول اللہ ﷺ اس کی طرف منہ کر کے نماز پڑھتے پھر رسول اللہ ﷺ کے بعد بلال رضی اللہ عنہ اسی طرح ابوبکر رضی اللہ عنہ کے آگے چلتے پھر ان کے بعد حضرت سعد قرظ عیدین کے موقع پر عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ اور حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کے آگے چلے اور عیدگاہ میں اسے نصب کر دیتے وہ دونوں بھی اسی کی طرف نماز پڑھتے تھے جب رسول اللہ ﷺ دنیا سے رخصت ہو گئے تو بلال رضی اللہ عنہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور کہا: اے رسول اللہ ﷺ کے خلیفہ! میں نے رسول اللہ ﷺ کو ارشاد فرماتے سنا ہے کہ مؤمن کا افضل ترین عمل جہاد فی سبیل اللہ ہے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے بلال تم کیا چاہتے ہو بلال رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: میں فی سبیل اللہ جہاد کرنا چاہتا ہوں حتیٰ کہ مجھے موت آجائے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے بلال رضی اللہ عنہ میں تمہیں اللہ تعالیٰ کا واسطہ دیتا ہوں اپنے احترام اور حق کا

واسطہ دیتا ہوں کہ میں بوڑھا ہو چکا ہوں جسمانی لحاظ سے کمزور ہو گیا ہوں اور میری وفات کا وقت بھی قریب ہو چکا ہے۔ (لہٰذا میرے پاس رہو) بلال رضی اللہ عنہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس مقیم رہے حتیٰ کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ دنیا سے رخصت ہو گئے ابوبکر رضی اللہ عنہ کے بعد حضرت عمر رضی اللہ عنہ خلیفہ بنے بلال رضی اللہ عنہ ان کی خدمت میں حاضر ہوئے اور وہی مطالبہ رکھا جو ابوبکر رضی اللہ عنہ کے سامنے رکھا تھا حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے بھی ابوبکر رضی اللہ عنہ کی طرح بلال رضی اللہ عنہ کا مطالبہ رد کر دیا لیکن بلال رضی اللہ عنہ نہ مانے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم اپنی جگہ کسے مؤذن مقرر کرتے ہو؟ عرض کیا میں سعد کو مؤذن مقرر کرتا ہوں چونکہ وہ رسول اللہ ﷺ کے لیے آذان دیتے رہے ہیں حضرت عمر رضی اللہ عنہ اللہ نے سعد رضی اللہ عنہ کو بلایا اور انھیں اذان کی ذمہ داری سونپی اور ان کے بعد انہی کی اولاد کو یہ فریضہ نبھانے کی تاکید کی۔

رواہ ابن سعد

۳۶۸۷۷...... ''مسند بریدہ بن حصیب اسلمی رضی اللہ عنہ'' بریدہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ایک مرتبہ میں نے اپنے آگے پاؤں کی چاپ سنی میں نے کہا: یہ کون ہے فرشتوں نے جواب دیا: یہ بلال ہیں آپ ﷺ نے بلال رضی اللہ عنہ سے پوچھا: تم کونسا عمل کرتے ہو جس کی وجہ سے تم جنت تک جا پہنچے ہو۔ عرض کیا: یارسول اللہ! مجھے جب بھی حدث لاحق ہوا ہے میں نے وضو کیا ہے، اور میں جب بھی وضو کرتا ہوں سمجھتا ہوں کہ میرے ذمہ اللہ کے لیے دو رکعتیں واجب ہیں، چنانچہ میں اس وضو سے ضرور دو رکعتیں پڑھتا ہوں۔

رواہ ابن ابی شیبۃ

۳۶۸۷۸...... ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ سب سے پہلے سات لوگوں نے اسلام کا اظہار کیا ہے، رسول اللہ ﷺ ابوبکر، عمر، عمار، ان کی والدہ سمیہ بلال اور مقداد رضی اللہ عنہم اجمعین اپنی بات رسول اللہ ﷺ کی سو اللہ تعالیٰ نے آپ کا دفاع آپ کے چچا ابوطالب کے ذریعے کیا رہی بات ابوبکر رضی اللہ عنہ کی اللہ تعالیٰ نے ان کا دفاع ان کی قوم کے ذریعے کیا، ان کے علاوہ بقیہ حضرات صحابہ رضی اللہ عنہ کو مشرکین نے پکڑ کر لوہے زنجیروں اور بیڑیوں میں جکڑ دیا اور انھیں تپتی ہوئی دھوپ میں ڈال دیا ان میں سے کوئی بھی ایسا نہیں مگر انھوں نے مشرکین کے ارادے کو قبول کیا سوائے بلال رضی اللہ عنہ کے چنانچہ انھوں نے اللہ تعالیٰ کے لیے اپنے آپ کو ذلیل کیا اور مشرکین ان کے ساتھ ہر طرح کا حربہ استعمال کر گزرے بالآخر مشرکین نے بلال رضی اللہ عنہ کو لڑکوں کے حوالے کیا لڑکے آپ رضی اللہ عنہ کو گھسیٹتے ہوئے مکہ کی گلیوں میں چکر لگانے لگے جب کہ بلال رضی اللہ عنہ کی زبان پر ایک ہی کام تھا احد، احد۔ رواہ ابن ابی شیبۃ

حرف تاء...... حضرت تلب بن ثعلبہ رضی اللہ عنہ

۳۶۸۷۹...... غالب بن حجیرہ کی روایت ہے کہ مجھے ھلقام بن تلب نے حدیث سنائی کہ تلب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ایک مرتبہ میں نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا: یارسول اللہ! جب آپ کو اجازت ملے میرے لیے اور استغفار کر دیں چنانچہ آپ ﷺ تھوڑی دیر ٹھہرے رہے اور پھر میرے لیے دعا کی اور دعا کے بعد اپنا ہاتھ چہرہ اقدس پر پھیر دیا اور فرمایا: یااللہ! تلب کی مغفرت کر اور اس پر رحم فرما۔ تین بار یہی دعا کی۔

رواہ ابونعیم

حرف جیم...... حضرت جابر بن سمرہ

۳۶۸۸۰...... حضوت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ جب بچے رسول اللہ ﷺ کے پاس سے گزرتے آپ ﷺ ان میں سے بعض کے ایک رخسار پر دست شفقت پھیرتے ان میں سے بعض کے دونوں رخساروں پر پھیرتے میں آپ کے پاس سے گزرا آپ نے میرے ایک رخسار پر دست شفقت پھیرا چنانچہ جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ کا وہ رخسار جس پر نبی کریم ﷺ نے دست شفقت پھیرا تھا وہ دوسرے کی نسبت زیادہ خوبصورت تھا۔ رواہ الطبرانی

حضرت جارود رضی اللہ عنہ

۳۶۸۸۱ ..... ''مسند جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ جب اہل بحرین کا وفد آیا تو ان کے ساتھ جارود رضی اللہ عنہ بھی رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے رسول اللہ ﷺ انھیں دیکھ کر بہت خوش ہوئے اور انھیں اپنے قریب بٹھایا۔

رواہ الطبرانی عن انس

حضرت جثامہ بن مساحق رضی اللہ عنہ

۳۶۸۸۲ ..... یحییٰ بن ایوب کنانی جنھیں حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ھرقل کے پاس بطور قاصد بھیجا تھا انھیں جثامہ بن مساحق بن ربیع بن ربیع بن قیس کنانی کہا جاتا تھا جثامہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں ہرقل کے پاس بیٹھ گیا میں سمجھا تھا کہ میرے نیچے کوئی چیز۔ (کرسی یا گدی وغیرہ) نہیں لیکن کیا دیکھتا ہوں کہ میرے نیچے سونے کی کرسی ہے جب میں نے سونے کی کرسی دیکھی میں اس سے نیچے اتر گیا ہرقل ہنس پڑا اور کہا: تم اس کرسی سے کیوں اتر گئے ہو حالانکہ ہم نے یہ تمہارے اکرام کے لیے رکھی تھی۔ میں نے کہا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو اس جیسی اشیاء کے استعمال سے منع فرماتے سنا ہے۔ رواہ ابونعیم

حضرت جحدم بن فضالہ رضی اللہ عنہ

۳۶۸۸۳ ..... محمد بن عمرو بن عبداللہ بن جحدم جہنی کی سند سے مروی ہے کہ ان کے پردادا جحدم رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا آپ ﷺ نے میرے سر پر دست شفقت پھیرا اور فرمایا: اللہ تعالیٰ جحدم میں برکت عطا فرمائے۔ نیز آپ نے میرے لیے ایک نوشتہ بھی لکھا ..... پھر راوی نے طویل حدیث ذکر کی۔ رواہ ابونعیم

حضرت جحش جہنی رضی اللہ عنہ

۳۶۸۸۴ ..... عبداللہ بن جحش جہنی اپنے والد جحش رضی اللہ عنہ سے روایت نقل کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے عرض کیا: یارسول اللہ! میں دیہات میں رہتا ہوں اور وہیں نماز پڑھتا ہوں مجھے آپ کسی رات کا حکم دیں تاکہ اس رات میں اس مسجد میں آ کر نماز پڑھوں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تیرھویں تاریخ کی رات آ جاؤ اگر چاہو تو اس کے بعد نماز پڑھو چاہو تو چھوڑ دو۔ رواہ الطبرانی و ابونعیم

حضرت جراد بن عیسیٰ رضی اللہ عنہ

۳۶۸۸۵ ..... قرہ بنت مزاحم کہتی ہیں ام عیسی اپنے والد جراد بن عیسی رضی اللہ عنہ سے روایت نقل کرتی ہیں وہ کہتے ہیں: ہم نے عرض کیا: یارسول اللہ! ہمارے بہت سارے کنویں ہیں جن سے پانی ابلتا ہے ہمارے کنوؤں کا شیریں پانی ہے ہمارے لیے کیا حکم ہے۔ الحدیث۔ رواہ ابونعیم

حضرت جندب بن جنادہ ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ

۳۶۸۸۶ ..... حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ انھوں نے ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کا تذکرہ کیا اور کہا: رسول اللہ ﷺ جب کسی کے

پاس امانت نہ رکھتے تو اس وقت حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کے پاس امانت رکھتے تھے اور جب کسی کو راز نہ بتاتے اس وقت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کو راز بتاتے تھے۔ رواہ ابن جریر

۳۶۸۸۷...... ضعیف بن حارث کہتے ہیں میں نے ابودرداء رضی اللہ عنہ سے ابوذر رضی اللہ عنہ کا ذکر کیا انھوں نے کہا: اللہ کی قسم! ابوذر جب حاضر ہوتے انہی کو رسول اللہ ﷺ اپنے قریب کرتے اور جب غائب ہوتے ان کا پوچھتے تھے مجھے معلوم ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: نہ زمین نے اپنے اوپر کسی بشر کو اٹھایا نہ ہی آسمان نے کسی پر سایہ کیا جو ابوذر سے بڑھ کر بات میں سچا ہو۔

رواہ احمد بن حنبل کما ذکرہ ابن حجر فی الا صابۃ، ۴۴ ۶

۳۶۸۸۸...... حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں چوتھے نمبر پر اسلام لایا مجھ سے قبل تین آدمی اسلام لائے تھے اور میں چوتھا تھا۔

رواہ ابونعیم

۳۶۸۸۹...... ابوذر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ گویا میں اپنے آپ کو اسلام کا چوتھا دیکھ رہا ہوں مجھ سے قبل صرف نبی کریم ﷺ ابوبکر اور بلال رضی اللہ عنہ اسلام لائے تھے۔ رواہ ابونعیم

۳۶۸۹۰...... ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے میرے لیے فرمایا: نہ آسمان نے کسی انسان پر سایہ کیا نہ زمین نے اسے اٹھایا جو ابوذر سے زیادہ سچا ہو ابوذر ابن مریم کے مشابہ ہے۔ رواہ ابونعیم

۳۶۸۹۱...... حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ کو ارشاد فرماتے سنا ہے: قیامت کے دن تم میں سے زیادہ میرے قریب وہ شخص بیٹھا ہوگا جو دنیا سے اس حالت میں جائے جس حالت پر میں نے اسے چھوڑا ہے۔ ابوذر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ کی قسم تم میں سے کوئی شخص نہیں سوائے میرے جو دنیا کے ساتھ کسی نہ کسی درجہ میں چمٹ نہ گیا ہو میں قیامت کے دن تمہاری نسبت رسول اللہ ﷺ کے زیادہ قریب ہوں گا۔ رواہ ابونعیم

۳۶۸۹۲...... "مسند عمر" مدائنی کی روایت ہے کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ سے پوچھا: لوگوں میں دل کے اعتبار سے کون زیادہ خوش قسمت ہے؟ ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: وہ بدن جو مٹی میں آلودہ ہوں عذاب سے مامون ہو اور ثواب کا منتظر ہو عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے ابوذر تم نے سچ کہا۔ رواہ الدینوری

۳۶۸۹۳...... حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کی بیوی ام ذر رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: جب ابوذر رضی اللہ عنہ کی وفات کا وقت آیا میں رونے لگی: ابوذر رضی اللہ عنہ بولے: تم کیوں رو رہی ہو؟ میں نے کہا: میں کیوں نہ روؤں حالانکہ آپ قریب الموت ہیں اور ہم ہیں بھی بیابان میں جہاں اور کوئی نہیں میرے پاس اتنا کپڑا بھی نہیں جو آپ کے کفن کی کفایت کر سکے؟ ابوذر رضی اللہ عنہ بولے: رو نہیں چونکہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو ایک جماعت سے فرماتے سنا ہے میں بھی ان میں تھا فرمایا: کہ ضرور تم میں سے ایک شخص بیاباں میں مرے گا اس کے پاس مسلمانوں کی ایک ٹکڑی جماعت حاضر ہوگی چنانچہ اس وقت آپ رضی اللہ عنہ کے پاس حاضرین میں سے جتنے لوگ تھے ان میں سے کوئی بھی میرے علاوہ بیاباں میں نہیں مرا ہر ایک بستی میں یا جماعت میں مرا ہے سو میں ہی ہوں جو بیاباں میں مر رہا ہوں اللہ کی قسم میں جھوٹ نہیں بول رہا اور نہ ہی میں نے جھوٹ بولا ہے، جاؤ راستہ دیکھو۔ ام ذر کہتی ہیں: میں نے کہا: یہ کیسے ہو سکتا ہے حالانکہ لوگ حج کے لیے جا چکے ہیں اور راستے منقطع ہو چکے ہیں۔ ابوذر رضی اللہ عنہ نے کہا: تم جاؤ دیکھ تو لو نا، ام ذر کہتی ہیں: میں ریت کے ایک ٹیلے پر آ گئی اور اِدھر اُدھر دیکھنے لگی: پھر میں ابوذر رضی اللہ عنہ کے پاس لوٹ آتی اور ان کی تیمارداری کرتی اسی دوران میں چکر لگا رہی تھی کیا دیکھتی ہوں۔ کہ کچھ لوگ کجاووں پر سوار پرندوں کے جھنڈ کی طرح سامنے سے آ رہے ہیں۔ میں کپڑا لے کر انھیں اپنی طرف بلانے لگی وہ میری طرف آنے لگے اور میرے پاس آ کر رک گئے اور پوچھا: اے اللہ کی بندی تمہیں کیا ہوا؟ میں نے کہا: مسلمانوں میں سے ایک شخص مرا جا رہا ہے تم لوگ اسکی تجہیز و تکفین کا بندوبست کردو۔ راہ گیروں نے پوچھا وہ کون شخص ہے؟ میں نے کہا: وہ ابوذر غفاری ہیں۔ وہ بولے: ابوذر جو کہ رسول اللہ ﷺ کے صحابی ہیں؟ میں نے کہا: جی ہاں ام ذر کہتی ہیں انہوں نے ابوذر رضی اللہ عنہ پر اپنے ماں باپ کو قربان کیا اور جلدی سے ابوذر کے پاس آئے ابوذر رضی اللہ عنہ نے انھیں مرحبا کہا اور بولے: میں نے رسول اللہ

ﷺ کو ایک جماعت سے فرماتے سنا میں بھی اس جماعت میں تھا فرمایا کہ ایک شخص بیاباں میں ضرور مرے گا اور اس کے پاس مسلمانوں کی ایک ٹکڑی جماعت آئے گی چنانچہ اس وقت آپ کے پاس حاضرین میں سے ہر شخص بستی میں یا جماعت میں مرا ہے اور میں ہی وہ شخص ہوں جو بیاباں میں مر رہا ہوں تم لوگ میری بات سن رہے ہو اگر میرے پاس اتنا کپڑا ہوا جو میرے کفن کے لیے کافی ہو مجھے اسی میں کفن دو اور تم یہ بھی سن رہے ہو کہ میں تمہیں گواہ بناتا ہوں مجھے وہ شخص کفن نہ دے جو امیر ہو یا سرکاری جاسوس ہو یا ایلچی ہو یا نقیب ہو، چنانچہ راہگیروں کی جماعت میں ہر شخص کسی نہ کسی عہدے پر فی الوقت فائز تھا یا قبل ازیں کسی عہدے پر رہ چکا تھا البتہ ایک انصاری نوجوان لڑکا تھا اس نے کسی قسم کا کوئی عہدہ نہیں قبول کیا تھا وہ لڑکا کہنے لگا: اے چچا جان، میں آپ کو کفن دوں گا میں آپ کے ذکر کردہ عہدوں میں سے کسی عہدے پر نہیں ہوں میں آپ کو اس چادر میں کفن دوں گا یا ان دو کپڑوں میں کفن دوں گا جو میرے تھیلے میں پڑے ہوئے ہیں جن کی سوت میری امی نے کاتی ہے اور اسی نے وہ بنائے ہیں۔ چنانچہ اسی انصاری نوجوان نے ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کو کفن پہنایا۔ رواہ ابو نعیم

۳۶۸۹۴......ابو یزید مدنی ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت نقل کرتے ہیں کہ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میرا ایک بھائی تھا جسکا نام انیس تھا اور وہ پائے کا شاعر تھا حدیث میں اس کے اسلام لانے کا واقعہ ذکر کیا اور اس میں یہ بھی ہے۔ جب رسول اللہ ﷺ میرے پاس سے گزرے اور ابوبکر آپکے پیچھے پیچھے چلے آ رہے تھے میں نے کہا: السلام علیک یارسول اللہ! فرمایا: وعلیک ورحمۃ اللہ (تین بار کہا) آپ ﷺ نے مجھ سے پوچھا: تم کون ہو؟ کہاں سے آئے ہو؟ اور کیوں آئے ہو؟ میں نے آپ کو سارا واقعہ سنانا شروع کر دیا۔ اس کے بعد آپ نے پوچھا: تم کہاں سے کھاتے پیتے ہو؟ میں نے عرض کیا: آب زمزم پی لیتا ہوں۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بلاشبہ آب زمزم کھانے کی چیز بھی ہے اور پینے کی بھی اور یہ بابرکت پانی ہے۔ آپ نے تین بار یہ بات ارشاد فرمائی۔ میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ مقیم رہا میں نے اسلام کی تعلیم حاصل کی اور کچھ قرآن بھی پڑھ لیا پھر میں نے عرض کیا: یارسول اللہ میں چاہتا ہوں میں اپنے دین اور اسلام کا برسر عام اعلان کروں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مجھے خوف ہے تمہیں کہیں قتل نہ کر دیا جائے۔ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! اس کے سوا کوئی چارہ کار نہیں گو مجھے قتل ہی کیوں نہ کر دیا جائے، چنانچہ آپ ﷺ خاموش ہو گئے۔ میں مسجد حرام میں آ گیا جب کہ قریش مختلف حلقے بنائے ہوئے گفتگو میں مشغول تھے۔ میں نے کہا: اشھد ان لا الہ اللہ وان محمدا رسول اللہ قریش نے حلقے برخاست کر دیئے اور غصہ میں میری طرف کھڑے ہو گئے مجھے مارنے لگے حتیٰ کہ جب مجھے چھوڑا میں ایسا تھا جیسا کہ سرخ رنگ کا بت ہوتا ہے جس پر منت کے جانوروں کو ذبح کر کے خون کے ساتھ لتھیڑ دیا گیا ہو۔ وہ سمجھے انھوں نے مجھے قتل کر دیا ہے تھوڑی دیر بعد مجھے افاقہ ہوا اور میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا آپ نے میری کیفیت دیکھ کر فرمایا: کیوں میں نے تمہیں منع نہیں کیا تھا: میں نے عرض کیا: یارسول اللہ میرے دل میں ایک حاجت تھی جسے میں نے پورا کر دیا کچھ عرصہ میں رسول اللہ ﷺ کے پاس ہی مقیم رہا پھر آپ نے فرمایا: اپنی قوم کے پاس واپس چلے جاؤ اور جب تمہیں میرے غلبہ کی خبر ہو میرے پاس آ جانا۔ رواہ ابو نعیم

۳۶۸۹۵......حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جس چیز نے سب سے پہلے مجھے اسلام کی طرف بلایا وہ یہ ہے کہ ہم تنگدست لوگ تھے ہمیں قحط سالی نے دبوچ لیا میں نے اپنے ساتھ اپنی والدہ اور بھائی انیس کو سوار کیا اور اپنے سسرال کے ہاں سرزمین نجد میں چلا گیا۔ ابوذر رضی اللہ عنہ نے اپنے بھائی اور شاعر درید بن صمہ کی باہمی منافرتی رسہ کشی اور خساء کے متعلق ان دونوں کی رقابت کا ذکر کیا: اور کہا: میں رسول اللہ ﷺ کے خدمت میں حاضر ہوا اور آپ کو سلام کیا: آپ نے یکلخت مجھ سے یہ سوالات کر ڈالے: تو کون ہے کس قبیلہ سے تعلق ہے کہاں سے آئے ہو اور کیوں آئے ہو؟ میں نے آپ کو سارا واقعہ سنانا شروع کر دیا آپ نے فرمایا: ابھی تک کہاں سے کھاتے پیتے رہے ہو میں نے عرض کیا: آب زمزم پیتا رہا ہوں فرمایا: بلاشبہ آب زمزم کھانا بھی ہے جو انسان کی پیٹ کو بھر دیتا ہے میں نے عرض کیا: مجھے اجازت دیں تاکہ کچھ کھالوں۔ فرمایا جی ہاں اتنے میں ابوبکر رضی اللہ عنہ اپنے گھر میں داخل ہوئے اور طائف کی کشمش لائے آپ ہمارے لیے تھوڑی تھوڑی بھر کشمش ڈالتے رہے اور ہم کھاتے رہے حتیٰ کہ ہم شکم سیر ہو گئے رسول اللہ ﷺ نے مجھے فرمایا: اے ابوذر! میں نے عرض کیا: جی ہاں فرمایا: میرے لیے میری سرزمین اٹھالی گئی ہے اور وہ کوئی پانی والی زمین ہے میں سمجھتا ہوں کہ وہ سرزمین تہامہ ہی ہو سکتی ہے لہٰذا تم اپنی قوم کے پاس واپس چلے جاؤ اور انھیں بھی اسلام کی دعوت دو۔ رواہ ابو نعیم

۳۶۸۹۶......حسن فردوسی کی روایت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ سے ملے عمر رضی اللہ عنہ نے ان کا ہاتھ پکڑ کر دبالیا۔ ابوذر رضی اللہ عنہ بولے: اے فتنے کے تالے میرا ہاتھ چھوڑ دو حضرت عمر رضی اللہ عنہ پہچان گئے کہ ابوذر کی اس بات کی ضرور کوئی حقیقت ہے لہٰذا پوچھا اے ابوذر فتنے کے تالے سے کیا مراد ہے ابوذر رضی اللہ عنہ نے کہا: ایک دن ہم رسول اللہ ﷺ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے اتنے میں آپ بھی ادھر آ نکلے اور آپ نے لوگوں کی گردنیں پھلانگ کر آگے جانا ناپسند سمجھا لہٰذا آپ وہیں لوگوں کے پیچھے پڑ گئے اور رسول اللہ ﷺ نے ہم سے فرمایا: جب تک یہ شخص تمہارے درمیان موجود ہے اسوقت تک تم کسی فتنہ کا شکار نہیں ہوگے۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۸۹۷......حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی دربان قنبر کی روایت ہے کہ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے لیے سخت رویہ رکھتے تھے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے عبادہ بن صامت ابودرداء اور عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کو حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کے پاس بھیجا تاکہ یہ حضرات ان سے بات کریں چنانچہ ان حضرات صحابہ کرام نے ابوذر رضی اللہ عنہ سے بات کی ابوذر رضی اللہ عنہ نے عبادہ رضی اللہ عنہ سے کہا: اے ابوولید! رہی تمہاری بات سو تمہیں مجھ پر فضلیت حاصل ہے اور مجھ پر سبقت بھی حاصل ہے اور میں تمہاری وجہ سے اس سرزمین سے اعراض بھی کر چکا تھا رہی تمہاری بات اے ابودرداء سو رسول اللہ ﷺ کی وفات کا وقت قریب ہوا تم نے اسلام کی طرف سبقت کی پھر تم اسلام لے آئے اور تم نیکوکار مؤمنین میں سے ہو۔ اے عمرو بن العاص رہی تمہاری بات سو تم نے اسلام قبول کیا: رسول اللہ ﷺ کے ساتھ جہاد میں شریک رہے حالانکہ اس وقت تو اپنے گھر کے اونٹ سے بھی زیادہ گمراہ تھا۔ رواہ ایعقوب بن سفیان وابن عساکر

۳۶۸۹۸......حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: آسمان نے کسی ایسے شخص پر سایہ کیا اور نہ ہی زمین نے کسی کو اپنے اوپر اٹھایا جو ابوذر سے زیادہ قول کا سچا ہو جس شخص کو یہ بات خوش کرتی ہو کہ وہ عیسیٰ بن مریم کی تواضع کی طرف دیکھے اسے چاہئے کہ وہ ابوذر رضی اللہ عنہ کو دیکھ لے۔ ایک روایت ہے کہ ابوذر زہد وتقوی نیکوکاری اور دنیا سے بے رغبتی میں عیسیٰ علیہ السلام کے ساتھ سب سے زیادہ مشابہت رکھتے ہیں۔ رواہ ابونعیم

۳۶۸۹۹......ابوجمرہ کی روایت ہے کہ ابن عباس رضی اللہ عنہما نے انھیں ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کے اسلام لانے کا واقعہ بیان کیا ہے کہ ابوذر رضی اللہ عنہ کو خبر پہنچی کہ مکہ میں ایک شخص کا ظہور ہوا ہے اس کا دعویٰ ہے کہ وہ نبی ہے ابوذر رضی اللہ عنہ نے اپنا بھائی بھیجا کہ میرے پاس اس شخص کی خبر لاؤ۔ پھر ان کے اسلام لانے کا واقعہ بیان کیا اور کہا کہ ابوذر رضی اللہ عنہ مکہ پہنچے ان کے پاس ایک مشکیزہ تھا جس میں زادراہ اور پانی تھا مسجد میں داخل ہوئے اور کسی سے کچھ نہ پوچھا اور نہ ہی رسول اللہ ﷺ سے ملے مسجد کے ایک کونہ میں جا بیٹھے اور شام تک بیٹھے رہے کچھ دیر بعد حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ ابوذر رضی اللہ عنہ کے پاس سے گزرے اور کہا: کیا ابھی تک وقت نہیں آیا کہ یہ شخص اپنی منزل کی پہچان کر سکے ابوذر رضی اللہ عنہ اٹھ کر علی رضی اللہ عنہ کے پیچھے ہولیے اور رسول اللہ ﷺ کے پاس آن پہنچے ابوذر رضی اللہ عنہ نے اپنا واقعہ سنایا اور اسلام لے آئے اور عرض کیا: یارسول اللہ! مجھے آپ جو چاہیں حکم دیں حکم ہوا: اپنے اہل خانہ کے پاس واپس لوٹ جاؤ حتیٰ کہ تمہارے پاس میری کوئی خبر پہنچے ابوذر رضی اللہ عنہ نے کہا: اللہ کی قسم میں اس وقت تک واپس نہیں جاؤں گا جب تک کہ سرعام اسلام کا اعلان نہ کردوں۔ چنانچہ ابوذر رضی اللہ عنہ مسجد میں چلے گئے اور بآواز بلند کہا: اشھد ان لاالٰہ الااللہ وان محمدً اعبدہ' ورسولہ مشرکین کہنے لگے: اس شخص نے اپنا آبائی دین ترک کردیا پھر اٹھ کھڑے ہوئے اور ابوذر کو مارنے لگے، حتیٰ کہ ابوذر ادھ موئے ہوکر گر پڑے۔ رواہ ابونعیم

۳۶۹۰۰......زید بن اسلم کی روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ابوذر رضی اللہ عنہ سے فرمایا: اے بریر تمہارا کیا حال ہے۔ رواہ ابونعیم

۳۶۹۰۱......ابوذر غفاری کہتے ہیں میں چوتھے نمبر پر اسلام لایا مجھ سے قبل تین اشخاص نے اسلام قبول کیا تھا۔ نبی کریم ﷺ ابوبکر اور بلال رضی اللہ عنہ نے اور میں چوتھا شخص تھا میں نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا: **السلام علیک یارسول اللہ! اشھد ان لاالٰہ الااللہ واشھد ان محمدًاعبدہ' ورسولہ**۔ میں نے رسول اللہ ﷺ کے چہرہ اقدس میں خوشی کے اثرات نمایاں دیکھ لئے ارشاد فرمایا: تم کون ہو؟ میں نے کہا: میں جندب بنی غفار کا ایک شخص ہوں گویا آپ کو میرا انتساب ناپسند آیا اور آپ چاہتے تھے کہ میں کسی قبیلہ سے ہوتا۔ چونکہ میرا قبیلہ حاجیوں کو لوٹ لیتا تھا اور قبیلہ کے لوگ ڈنڈے لے کر حاجیوں کے راستے میں کھڑے ہوجاتے۔ رواہ الطبرانی وابونعیم عن ابی ذر

حضرت ابوراشد عبدالرحمٰن بن عبید ازدی رضی اللہ عنہ

۳۶۹۰۲..... ''مسند ابن مندہ'' محمد بن رافع خزاعی' محمد بن احمد بن حماد ویعہ بن حماد رملی، ابوعثمان عبدالرحمٰن بن خالد بن عثمان، ابو خالد، عثمان بن محمد، محمد بن عثمان بن عبدالرحمٰن عثمان بن عبدالرحمٰن ابوراشد عبدالرحمٰن بن عبید رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں سو آدمیوں کے قافلہ کے ساتھ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا جب ہم نبی کریم ﷺ کے قریب ہوئے ہم کھڑے ہوگئے آپ ﷺ نے مجھے فرمایا: اے ابومعاویہ آگے بڑھو۔

رواہ ابن عساکر و العقیلی

۳۶۹۰۳..... محمد بن احمد، نضر بن سلمہ مروزی شاذان عبدالرحمٰن بن خالد بن عثمان بن محمد بن عثمان بن ابی راشد، اپنے آباؤ اجداد کی سند سے ابوراشد ازدی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں اور میرا بھائی ابو عاصیہ ازدے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے ہم سب نے اسلام قبول کیا رسول اللہ ﷺ نے جمیع ازدیوں کے لیے ایک نوشتہ لکھ کر میرے سپرد کیا جسکا مضمون یہ ہے کہ: محمد رسول اللہ ﷺ کی طرف سے اس شخص کی طرف جس پر یہ خط پڑھا جائے جو گواہی دیتا ہو کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور محمد اللہ کے رسول ہیں نماز قائم کرے اس کے لیے اللہ اور اس کے رسول کا امان ہے یہ خط عباس بن عبدالمطلب نے لکھا تھا۔ (رواہ ابن عساکر عقیلی کہتے ہیں: نضر بن سلمہ جھوٹا کذاب ہے اپنی طرف سے حدیثیں گھڑ لیتا تھا۔ ورواہ الدولابی فی الکنی)

۳۶۹۰۴..... ابوالعباس ویعد بن حماد بن جابر ابوعثمان عبدالرحمٰن بن خالد بن عثمان، ابوخالد بن عثمان، عثمان بن محمد، محمد بن عثمان بن عبدالرحمٰن عثمان بن عبدالرحمٰن کی سند سے ابوراشد عبدالرحمٰن بن عبید رضی اللہ عنہ کی روایت ہے وہ کہتے ہیں: میں اپنی قوم کے سو (۱۰۰) آدمیوں کے ساتھ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا جب ہم آپ کے قریب پہنچے تو آپ نے مجھے فرمایا: اے ابومغویہ، آگے بڑھو۔ چونکہ اگر تم اپنی محبوب چیز دیکھو گے ہمارے پاس واپس لوٹ گئے اور اگر اپنی محبوب چیز نہیں دیکھو گے واپس نہیں لوٹو گے۔ میں رسول اللہ ﷺ کے قریب تر ہو گیا جب کہ میں اپنی قوم کے افراد میں سے سب سے چھوٹا تھا۔ میں نے کہا: یا محمد! آنعم صباحا'' (یہ لفظ جاہلیت کا سلام سمجھا جاتا تھا) یعنی صبح بخیر نبی کریم ﷺ نے فرمایا: یہ مسلمانوں کا سلام نہیں ہے، میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! پھر مسلمانوں کا سلام کیا ہے؟ فرمایا: جب مسلمانوں کے پاس جاؤ تو کہو: السلام علیکم ورحمۃ اللہ میں نے کہا: السلام علیکم یا رسول اللہ ورحمۃ اللہ' جواب میں فرمایا: وعلیک السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ'' نبی کریم ﷺ نے مجھے فرمایا: تمہارا کیا نام ہے؟ میں نے عرض کیا: میرا نام ابومغویہ عبداللات والعزی ہے نبی کریم ﷺ نے فرمایا: بلکہ تمہارا نام ابوراشد عبدالرحمٰن ہے۔ آپ نے میرا اکرام کیا اور مجھے اپنے پاس بٹھایا اپنی چادر مجھے پہنائی اپنے جوتے مجھے عطا کیے اور اپنا عصا بھی مجھے دیا میں نے اسلام قبول کر لیا، حاضرین میں سے بعض لوگوں نے نبی کریم ﷺ سے عرض کیا: یا رسول اللہ! ہم دیکھتے ہیں کہ آپ نے اس شخص کا اکرام کیا ہے، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: چونکہ یہ قوم کا شریف آدمی ہے جب تمہارے پاس کسی قوم کا شریف آدمی آئے اس کا اکرام کرو۔ ابو راشد رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میرے ساتھ میرا غلام'' سرخان'' بھی تھا وہ بھی میرے ساتھ اسلام لے آیا نبی کریم ﷺ نے فرمایا: تمہارے ساتھ یہ کون ہے؟ میں نے عرض کیا: یہ میرا غلام سرخان'' ہے، نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اے ابوراشد کیا تم اسے آزاد کر سکتے ہو؟ اللہ تعالیٰ اس کے بدلہ میں تمہارے ہر عضو کو دوزخ کی آگ سے آزاد فرمائے گا ابوراشد رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے غلام آزاد کر دیا: اور عرض کیا: یا رسول اللہ! میں آپ کو گواہ بناتا ہوں کہ یہ اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے آزاد ہے پھر میں اپنے ساتھیوں کی طرف واپس لوٹ آیا اور انھوں نے بھی نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر اسلام قبول کیا۔ رواہ ابن عساکر

حضرت جعفر رضی اللہ عنہ

۳۶۹۰۵..... حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے حضرت جعفر رضی اللہ عنہ سے فرمایا: تم خلقت صورت اور اخلاق میں میرے مشابہ ہو۔ رواہ ابن ابی شیبۃ والحاکم

۳۶۹۰۶..... "مسند براء بن عازب" نبی کریم ﷺ نے جعفر رضی اللہ عنہ سے فرمایا: تم میری خلق اور اخلاق میں مشابہ ہو۔

رواہ ابن ابی شیبة واحمد بن حنبل والبخاری ومسلم والترمذی

۳۶۹۰۷..... "مسند بلال" حضرت جعفر رضی اللہ عنہ مسکینوں کے ساتھ مل بیٹھتے ان کے ساتھ گفتگو کرتے اسی وجہ سے نبی کریم ﷺ نے جعفر رضی اللہ عنہ کا نام ابو مساکین رکھا تھا۔ رواہ الطبرانی عن ابی ھریرة

حدیث ضعیف ہے دیکھئے ضعیف ابن ماجہ ۹۰۱۔

۳۶۹۰۸..... "مسند جابر بن عبداللہ" مکی بن عبداللہ عینی، سفیان بن عیینہ، ابن زبیر کی سند سے مروی ہے کہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب حضرت جعفر رضی اللہ عنہ سرزمین حبشہ سے واپس لوٹے تو ان سے رسول اللہ ﷺ ملے جب جعفر رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا تو آپ کی تعظیم کی خاطر شرمندہ سے ہو گئے رسول اللہ ﷺ نے جعفر رضی اللہ عنہ کی آنکھوں کے درمیان بوسہ لیا اور فرمایا: اے میرے حبیب! تم میری خلق صورت اور اخلاق میں سب سے زیادہ مشابہ ہوا ے میرے حبیب! تو بھی اسی مٹی سے پیدا کیا گیا ہے جس مٹی سے میں پیدا کیا گیا ہوں۔

رواہ العقیلی وابونعیم قال العقیلی: غیر محفوظ وقال فی المیزان: مکی له منا کیر وقال فی المغنی: تفرح عن ابن عیینة عدیث عبدالرزاق

کلام:.......حدیث ضعیف ہے دیکھئے المتناھیة ۹۶۲

۳۶۹۰۹..... حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ حضرت جعفر رضی اللہ عنہ مسکینوں سے محبت کرتے تھے ان کے ساتھ مل بیٹھے ان سے گفتگو کرتے مساکین بھی ان سے گفتگو کرتے رسول اللہ ﷺ ابو المساکین کہتے تھے۔ رواہ ابونعیم

کلام:.......حدیث ضعیف ہے دیکھئے ضعیف ابن ماجہ ۹۰۱۔

۳۶۹۱۰..... "مسند عبداللہ بن عباس" نبی کریم ﷺ نے جعفر رضی اللہ عنہ سے فرمایا: تم میری خلق اور اخلاق میں مشابہ ہو۔

رواہ ابن ابی شیبة واحمد بن حنبل

۳۶۹۱۱..... ابن عباس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب جعفر بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کی وفات کی خبر پہنچی رسول کریم ﷺ حضرت اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہ کے پاس تشریف لائے اور جعفر رضی اللہ عنہ کے دو بیٹوں عبداللہ اور محمد کو اپنی رانوں پر بٹھایا اور پھر فرمایا: جبرئیل علیہ السلام نے مجھے خبر دی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جعفر رضی اللہ عنہ کو شہادت عطا کی ہے اب جعفر کے دو پر ہیں جن کے ذریعے وہ فرشتوں کے ساتھ جنت میں اڑ رہے ہیں پھر فرمایا: یا اللہ! جعفر کی اولاد میں اچھے لوگوں کو پیدا فرما۔ رواہ الطبرانی وابونعیم وابن عساکر وفیه عمر بن ھارون متروک.

۳۶۹۱۲..... حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت ہے کہ جب جعفر کی شہادت کی خبر آئی ہم رسول اللہ ﷺ کے چہرہ اقدس پر غم وحزن کے اثرات نمایاں دیکھ رہے تھے۔ رواہ الطبرانی

۳۶۹۱۳..... اسماعیل بن ابی خالد شعبی کی روایت ہے کہ جب جعفر رضی اللہ عنہ سرزمین حبشہ سے واپس لوٹے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی ملاقات اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہ سے ہوئی عمر رضی اللہ عنہ نے اسماء رضی اللہ عنہا سے کہا: ہم ہجرت میں تمہارے اوپر سبقت لے گئے ہیں لہٰذا ہم تم سے افضل ہیں اسماء رضی اللہ عنہا بولیں میں واپس (گھر) نہیں جاؤں گی حتیٰ کہ آپ ﷺ سے پوچھ نہ لوں۔ چنانچہ اسماء رضی اللہ عنہا رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئیں اور عرض کیا: یا رسول اللہ! میں عمر رضی اللہ عنہ سے ملی وہ کہتے ہیں ہم تم سے افضل ہیں چونکہ ہم نے تم سے پہلے ہجرت کی ہے نبی کریم ﷺ نے فرمایا: بلکہ تم نے دو مرتبہ ہجرت کی ہے اسماعیل کہتے ہیں: سعد بن ابی بردہ نے مجھے حدیث سنائی کہ اسماء رضی اللہ عنہا نے اسی دن عمر رضی اللہ عنہ سے کہا: یہ بات اس طرح نہیں ہیں، ہم تو دور اور اجنبی سرزمین میں پھینکے گئے تھے جب کہ تم رسول اللہ ﷺ کے پاس موجود تھے رسول اللہ ﷺ تمہارے جاہل کو نصیحت کرتے اور تمہارے بھوکے کو کھانا کھلاتے تھے۔ رواہ ابن ابی شیبة

۳۶۹۱۵..... شعبی کی روایت ہے جب نبی کریم ﷺ نے خیبر فتح کیا تو آپ کو خبر دی گئی کہ جعفر رضی اللہ عنہ نجاشی کے پاس سے واپس لوٹ آئے ہیں۔ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: میں نہیں جانتا کہ کس چیز پر خوشی کروں جعفر کی آمد پر یا فتح خیبر پر پھر رسول اللہ ﷺ جعفر سے ملے اور ان کی آنکھوں کے درمیان بوسہ دیا۔ رواہ ابن ابی شیبة والطبرانی

۳۶۹۱۵...... شعبی کی روایت ہے کہ غزوۂ موتہ کے موقع پر مقام بلقاء میں حضرت جعفر بن ابی طالب رضی اللہ عنہ شہید کر دیئے گئے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: یا اللہ! جعفر کے خاندان میں نیکوکار بندوں کو پیدا فرما۔ رواہ ابن ابی شیبۃ

۳۶۹۱۶...... شعبی کی روایت ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ کے پاس جعفر رضی اللہ عنہ کے قتل ہو جانے کی خبر پہنچی تو آپ نے جعفر رضی اللہ عنہ کی بیوی اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہ کو اپنے حال پر چھوڑ دیا حتیٰ کہ جب اسماء رضی اللہ عنہا آنسو بہا چکیں اور حزن وملال میں قدرے کمی واقع ہوئی تب آپ ﷺ ان کے پاس تشریف لائے اور تعزیت کی جعفر رضی اللہ عنہ کے بیٹوں کو اپنے پاس بلایا اور عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ کے لیے دعا فرمائی کہ یا اللہ اس کے ہاتھ کی خرید فروخت میں برکت عطا فرما۔ چنانچہ جعفر رضی اللہ عنہ جو چیز بھی خریدتے تھے اس میں انھیں کثیر نفع ملتا حضرت اسماء رضی اللہ عنہا نے آپ ﷺ سے عرض کیا: یا رسول اللہ: یہ لوگ کہتے ہیں کہ ہم مہاجرین نہیں ہیں: ارشاد فرمایا: جھوٹ بولتے ہیں: بلکہ تم نے دو ہجرتیں کی ہیں ایک نجاشی کی طرف اور دوسری میری طرف۔ رواہ ابن ابی شیبۃ

۳۶۹۱۷...... حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ ابوطالب کے خیمہ میں تھا اچانک ابوطالب آدھمکے رسول اللہ ﷺ نے انھیں اپنے قریب بٹھایا اور کہا: اے چچا! کیا آپ ہمارے ساتھ نماز نہیں پڑھتے؟ ابوطالب نے کہا: اے بھتیجے! مجھے معلوم ہے کہ تم حق پر ہو لیکن میں سجدہ کرنا اچھا نہیں سمجھتا کہ میری سرین مجھ سے اونچی ہو جائے لیکن اے جعفر! تم جاؤ اور اپنے چچازاد کے بازوؤں کے ساتھ کھڑے ہو کر نماز پڑھو۔ چنانچہ جعفر رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ کی بائیں جانب کھڑے ہو کر نماز پڑھی جب نبی کریم ﷺ نماز سے فارغ ہوئے تو جعفر رضی اللہ عنہ کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا: خبردار! اللہ تعالیٰ نے تمہیں دو بازو عطا فرمائے ہیں جن کے ذریعے تم اپنے چچازاد بھائی کے ساتھ جنت میں اُڑتے رہو گے۔

رواہ الخطیب واللالکائی وابن الجوزی فی الواھیات وفیہ سیف بن محمد ابن اخت سفیان الثوری کذاب

حضرت جفینہ جہنی (قیل النہدی رضی اللہ عنہ)

۳۶۹۱۸...... عرینہ روایت نقل کرتے ہیں کہ حضرت جُفینہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی کریم ﷺ نے انھیں خط لکھا (خط چمڑے کے ٹکڑے پر لکھا تھا) جُفینہ رضی اللہ عنہ نے خط سے اپنے ڈول کو پیوند لگا دیا اس پر ان کی بیٹی نے کہا: تم نے عرب کے سردار کے خط سے اپنا ڈول گانٹھ دیا۔ (جب قبیلہ جہینہ پر مسلمانوں نے حملہ کیا تو) جُفینہ رضی اللہ عنہ بھاگ گئے اور ان کے گھر کا کل مال ومتاع مسلمانوں نے اپنے قبضہ میں لے لیا پھر بعد میں آئے اور اسلام قبول کر لیا نبی کریم ﷺ نے ان سے فرمایا: حصص کی تقسیم سے قبل اپنا مال ومتاع دیکھ لو اور جو پالو اسے لے لو۔ رواہ ابو نعیم

حضرت جندب بن کعب عبدی (ازدی) وحضرت زید بن صوحان رضی اللہ عنہما

۳۶۹۱۹...... ابوطائف احمد بن عیسیٰ بن عبداللہ علاء اپنے آباء واجداد کی سند سے روایت نقل کرتے ہیں کہ حضرات کہتے ہیں: ہم ایک سفر میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھے، آپ نے سواروں کی جماعت کے ساتھ کوچ کہنا اور آپ نے کہنا شروع کر دیا۔ جندب، اور جندب کہا؟ اور ہاتھ کٹا زید جو کہ افضل ہے، آپ یہ کلمات پوری رات دہراتے رہے۔ صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: یا رسول اللہ! آپ یہ بات پوری رات دہراتے رہے ہیں اس کی کیا وجہ ہے؟ آپ نے فرمایا: میری امت کے دو شخص ہیں ان میں سے ایک کو جندب کہا جاتا ہے وہ تلوار کے ایک ہی وار سے حق وباطل میں فرق کر دیتا ہے اور دوسرے کو ''زید'' کہا جاتا ہے اس اعضاء میں سے ایک وضو جنت کی طرف سبقت کر رہا ہے اور اس کے پیچھے اس کا پورا جسم جنت میں داخل ہو جاتا ہے رہی بات جندب کی سو وہ ولید بن عقبہ کے پاس ایک جادوگر لایا جو انھیں طرح طرح کی جادوگریاں دکھا رہا تھا جندب نے اپنی تلوار سے اس کا سر تن سے جدا کر دیا رہی بات زید کی سو مسلمانوں کی کسی جنگ میں اس کا ہاتھ کاٹا جائے گا اور پھر علی کا ساتھ دے گا چنانچہ جنگ جمل میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کا ساتھ دیتے ہوئے زید رضی اللہ عنہ قتل کر دیئے گئے۔ رواہ ابن عساکر

حضرت جریر رضی اللہ عنہ

۳۶۹۲۰..... ابراہیم بن جریر کی روایت ہے کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جریر رضی اللہ عنہ اس امت کے یوسف ہیں۔
رواہ ابن سعد والخرائطی فی اعتلال القلوب

۳۶۹۲۱..... جریر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ جب سے میں نے اسلام قبول کیا ہے نبی کریم ﷺ نے مجھے حجاب میں نہیں رکھا اور جب بھی آپ نے مجھے دیکھا آپ کے چہرے پر ضرور تبسم پایا گیا۔ رواہ ابن ابی شیبۃ وابونعیم

کلام:..... حدیث ضعیف ہے دیکھئے ذخیرۃ الحفاظ: ۴۷۸۶۔

۳۶۹۲۲..... حضرت جریر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب میں مدینہ منورہ کے قریب پہنچا میں نے اپنی سواری بٹھا دی اور پھر اپنے سامان کا تھیلا کھولا اور ایک اچھا سا جوڑا زیب تن کیا جب میں حاضر ہوا تو رسول اللہ ﷺ خطاب فرما رہے تھے میں نے رسول اللہ ﷺ پر سلام کیا: لوگوں نے مجھے کن انکھیوں سے گھورنا شروع کر دیا میں نے اپنے پاس بیٹھے ہوئے شخص سے کہا: اے عبداللہ کیا: رسول اللہ ﷺ نے میرے متعلق کچھ فرمایا ہے؟ اس نے اثبات میں جواب دیا اور کہا: رسول اللہ ﷺ نے تمہارا ذکر خیر کیا ہے کیا کہ اسی دوران رسول اللہ ﷺ خطبہ ارشاد فرما رہے تھے اچانک آپ کو دوران خطبہ ہی کچھ عارضہ پیش آیا اور فرمایا: اچانک تمہارے پاس اس کونے سے یا اس دروازے سے ایک شخص داخل ہوگا جو یمن والوں میں سب سے افضل ہے اس کے چہرے پر فرشتے کے مسح کا نشان ہوگا حضرت جریر کہتے ہیں: اس پر میں نے اللہ تعالیٰ حمد کی۔
رواہ ابن ابی شیبۃ والنسائی والطبرانی وابونعیم

۳۶۹۲۳..... حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول کریم ﷺ نے مجھے فرمایا: کیا تم مجھے ذی خلصہ سے راحت نہیں پہنچاتے۔ (ذی خلصہ دور جاہلیت میں قبیلہ خثعم کا ایک گھر تھا جسے وہ کعبہ یمانیہ کہتے تھے)
میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! میں گھوڑے کی پیٹھ پر ثابت قدم نہیں رہ سکتا۔ رسول اللہ ﷺ نے میرے سینے پر ہاتھ پھیرا اور فرمایا: یا اللہ اسے ہدایت دینے والا اور ہدایت یافتہ بنادے چنانچہ میں نے آپ کے دست اقدس کی ٹھنڈک محسوس کی۔ رواہ ابن شیبۃ

۳۶۹۲۴..... حضرت جریر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں وفود حاضر ہوئے آپ مجھے اپنے پاس بلاتے اور ان کے سامنے مجھ پر فخر کرتے۔ رواہ ابن الطبرانی

۳۶۹۲۵..... حضرت جریر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے مجھے فرمایا: اے جریر! اللہ تعالیٰ نے تمہیں خوبصورت بنایا ہے لہٰذا تم اپنے اخلاق کو بھی خوبصورت بناؤ۔ رواہ الدیلمی

۳۶۹۲۶..... حضرت جریر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں جب رسول اللہ ﷺ نے پیغام اسلام بھیجا میں آپ کی خدمت میں بیعت کرنے کے لئے حاضر ہوا آپ نے فرمایا: اے جریر تم کیوں آئے ہو؟ میں نے عرض کیا: میں اس لیے حاضر ہوا ہوں تا کہ آپ کے دست اقدس پر اسلام قبول کروں آپ ﷺ نے مجھے دعوت دی کہ میں گواہی دوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور میں اللہ کا رسول ہوں۔ نیز فرمایا: فرض نماز قائم کرو فرض زکواۃ دیتے رہو، اچھی اور بری تقدیر پر ایمان رکھو پھر آپ نے میری طرف اپنی چادر ڈال دی اور صحابہ رضی اللہ عنہم کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا جب تمہارے پاس کسی قوم کا کوئی شریف آدمی آئے اس کا اکرام کرو۔ رواہ الطبرانی وابونعیم

۳۶۹۲۷..... حضرت جریر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب میں مدینہ پہنچا میں نے اپنی سواری بٹھائی اور تھیلا کھولا اور عمدہ جوڑ ازیب تن کیا پھر رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اس وقت رسول اللہ ﷺ خطبہ ارشاد فرما رہے تھے میں نے نبی کریم ﷺ کو سلام کیا، لوگ مجھے کن انکھیوں سے گھورنے لگے: میں نے اپنے قریب بیٹھے ہوئے ایک شخص سے کہا: اے عبداللہ! کیا رسول اللہ ﷺ نے میرا ذکر کیا ہے؟ اس نے کہا: جی ہاں، رسول اللہ ﷺ نے تمہارا ذکر خیر کیا ہے اسی اثناء میں رسول اللہ ﷺ خطبہ ارشاد فرما رہے تھے کہ دوران خطبہ آپ کو کچھ عارضہ پیش آیا اور فرمایا:

عنقریب تمہارے پاس ایک شخص اس کونے سے یا فرمایا: اس دروازے سے داخل ہوگا جو یمن والوں میں سب سے بہتر ہوگا، خبردار، اس کے چہرے پر فرشتے کی مسح کا نشان ہے میں نے اس پر اللہ تعالیٰ کا شکرادا کیا۔

۳۶۹۲۸..... صابر بن سالم بن حمید بن یزید بن عبداللہ البجلی اپنے آباؤاجداد کی سند سے ام قصاف بنت عبداللہ بن ضمرہ کہتی ہیں میرے والد عبداللہ بن ضمرہ نے مجھے حدیث سنائی کہ ایک دن وہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر تھے اور آپ کے پاس آپ کے صحابہ رضی اللہ عنہم کی ایک جماعت بھی بیٹھی ہوئی تھی جس میں اکثریت اہل یمن کی تھی آپ ﷺ نے فرمایا: عنقریب تمہارے اوپر ایک شخص اس گھاٹی سے نمودار ہوگا جو اہل یمن میں سب سے بہتر ہے کیا دیکھتے ہیں کہ حضرت جریر بن عبداللہ بجلی رضی اللہ عنہ سامنے سے ظاہر ہوئے رسول اللہ ﷺ اور صحابہ رضی اللہ عنہم پر سلام کیا سب نے سلام کا جواب دیا پھر رسول اللہ ﷺ نے جریر رضی اللہ عنہ کے لیے اپنی چادر پھیلائی اور ان سے فرمایا: اے جریر! اس پر بیٹھو صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: یارسول اللہ! آپ نے بڑی گرمجوشی سے جریر کا استقبال کیا ہے حالانکہ آپ نے اس طرح کسی کا استقبال نہیں کیا۔ ارشاد فرمایا: جی ہاں یہ اپنی قوم کا شریف آدمی ہے اور جب تمہارے پاس کسی قوم کا شریف آدمی آئے اس کا اکرام کرو۔
رواہ الدیلمی

۳۶۹۲۹..... ام قصاف بنت عبداللہ اپنے والد سے روایت نقل کرتی ہیں وہ کہتے ہیں: میں نبی کریم ﷺ کے پاس بیٹھا ہوا تھا آپ نے فرمایا: اس کشادہ راستے سے تمہارے اوپر ایک شخص نمودار ہونے والا ہے جو یمن والوں میں سب سے بہتر ہے اس کے چہرے پر فرشتے کے ہاتھ پھیرنے کا واضح نشان ہے چنانچہ لوگ جھانک جھانک کر دیکھنے لگے، ہر ایک ہی چاہتا تھا کہ وہ اسی کے قبیلہ میں سے ہو۔ کیا دیکھتے ہیں کہ جریر رضی اللہ عنہ سامنے سے نمودار ہوئے جب نبی کریم نے جریر رضی اللہ عنہ کو دیکھا گرمجوشی سے ان کا استقبال کیا اور اپنی چادر پھیلائی پھر فرمایا: اے جریر! اس پر بیٹھو آپ ﷺ ان سے گفتگو میں مشغول ہوگئے جب جریر رضی اللہ عنہ اٹھ کر چلے گئے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: یارسول اللہ! جیسا استقبال آپ نے جریر کا کیا ہے اس طرح آپ نے کسی کا نہیں کیا: فرمایا: جی ہاں۔ میں نے یہی کیا ہے جب تمہارے پاس کسی قوم کا کوئی بڑا آدمی آئے اس کا اکرام کرو۔ رواہ ابوسعد النقاش فی معجمہ وابن النجار

۳۶۹۳۰..... "مسند جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ" جریر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں گھوڑوں کی پیٹھ پر جم کر نہیں بیٹھ سکتا تھا میں نے رسول اللہ ﷺ سے اس کی شکایت کی آپ ﷺ نے اپنا دست اقدس میرے سینے پر مارا میں نے آپ کے دست اقدس کا اثر اپنے سینے میں محسوس کیا آپ نے فرمایا: یا اللہ، اسے ثابت قدم رکھ اور اسے ھادی ومہدی بنادے چنانچہ اس کے بعد میں گھوڑے کی پیٹھ سے نہیں گرا۔ رواہ الطبرانی عن جریر

حضرت جعفر بن ابی الحکم رضی اللہ عنہ

۳۶۹۳۱..... جعفر بن ابی حکم رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے رسول کریم ﷺ کے ساتھ تیرہ (۱۳) غزوات کیے ہیں۔ رواہ الطبرانی عن جابر

حضرت جزء بن جدرجان رضی اللہ عنہ

۳۶۹۳۲..... "مسند جدرجان بن مالک الاسدی" ابوبشر دولدبی، اسحاق بن ابراہیم رملی، ھاشم بن محدم بن ھاشم بن جزء بن عبدالرحمن بن جزء بن جدرجان بن مالک اپنے آباؤاجداد کی سند سے روایت نقل کرتے ہیں کہ جدرجان رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں اور میرا بھائی اسو رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے ہم آپ پر ایمان لائے اور آپ کی تصدیق کی چنانچہ حضرت جزء اور حضرت جدرجان رضی اللہ عنہ دونوں رسول اللہ ﷺ کی خدمت کرتے تھے اور آپ کی صحبت میں بھی رہے۔

رواہ ابن مندہ وابونعیم وقال تفرد بہ اسحاق الرملی قال فی الاصابۃ: وھم مجھولون

حضرت جزی سلمی رضی اللہ عنہ

۳۶۹۳۳..... حبان بن جزی سلمی اپنے والد سے روایت نقل کرتے ہیں کہ وہ ایک قیدی کے ساتھ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے جو کہ صحابہ رسول اللہ ﷺ میں سے تھا لوگوں نے اسے قیدی بنالیا تھا اور وہ لوگ مشرکین تھے پھر اسلام لے آئے اور نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور وہ قیدی بھی ان کے ساتھ تھا، آپ ﷺ نے حضرت جزی رضی اللہ عنہ کو دو چادریں پہنائیں جزی رضی اللہ عنہ بھی آپ کے پاس اسلام لائے اور آپ رضی اللہ عنہ نے پھر فرمایا: عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس جاؤ وہ بھی تمہیں اپنے پاس سے دو چادریں عطا کرے گی چنانچہ جزی رضی اللہ عنہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس گئے اور عرض کیا: اللہ تعالیٰ آپ کو خوش وخرم رکھے! ان چادروں میں سے میرے لیے انتخاب کریں جو کہ آپ کے پاس ہیں، چونکہ نبی کریم ﷺ نے مجھے ان میں سے دو چادریں پہنائی میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے اپنی مسواک طولا کھینچتے ہوئے فرمایا: یہ لے لو اور یہ لے لو۔ چنانچہ عرب کی عورتیں نہیں دیکھی جاتی تھی۔ رواہ ابو نعیم

حرف حاء..... حضرت حارثہ بن نعمان انصاری رضی اللہ عنہ

۳۶۹۳۴..... حضرت حارثہ بن نعمان رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں رسول اللہ ﷺ کے پاس سے گزرا آپ کے پاس جبرئیل علیہ السلام مورچہ زن بیٹھے ہوئے تھے میں نے آپ کو سلام کیا اور آگے نکل گیا میں واپس لوٹا نبی کریم ﷺ بھی اپنی جگہ سے اٹھ آئے فرمایا: کیا تم نے اس شخص کو دیکھا ہے جو میرے ساتھ بیٹھا ہوا تھا؟ میں نے عرض کیا: جی ہاں، ارشاد فرمایا: وہ جبرئیل علیہ السلام تھے انھوں نے تمہارے سلام کا جواب دیا ہے۔

رواہ الطبرانی وابو نعیم

۳۶۹۳۵..... ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: ایک مرتبہ حارثہ بن نعمان رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ کے پاس سے گزرے آپ کے پاس جبرئیل امین بیٹھے ہوئے تھے اور آپ ﷺ کے ساتھ سرگوشی کررہے تھے حارثہ رضی اللہ عنہ آگے نکل گئے اور انھیں سلام نہ کیا جبرئیل امین نے کہا: اس شخص نے سلام کیوں نہیں کیا۔ اگر یہ سلام کرتا میں اس کے سلام کا جواب دیتا پھر کہا: یہ شخص اسی (۸۰) میں سے ہوگا رسول اللہ ﷺ نے پوچھا: اسی سے کیا مراد ہے؟ جواب دیا: اسی آدمیوں کے علاوہ باقی لوگ آپ کے پاس سے بھاگ جائیں گے اور یہ اسی آدمی آپ کے ساتھ صبر کیے رہیں گے ان کا اور ان کی اولاد کا رزق جنت میں ہے۔ جب حارثہ رضی اللہ عنہ واپس لوٹے سلام کیا ان سے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تم ہمارے پاس سے گزرے ہمیں سلام کیوں نہیں کہا: حارثہ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: میں نے آپ کے ساتھ ایک شخص بیٹھا ہوا دیکھا تھا میں نے آپ کی گفتگو کو منقطع کرنا اچھا نہیں سمجھا۔ فرمایا: کیا تم نے اس شخص کو دیکھا ہے؟ عرض کیا جی ہاں۔ فرمایا: وہ جبرئیل امین تھے پھر آپ رضی اللہ عنہ نے انھیں جبرئیل علیہ السلام کی بات سنائی۔ رواہ الطبرانی وابو نعیم

حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ

۳۶۹۳۶..... حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ بن عبدالمطلب اور زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کے درمیان مواخات قائم کی۔ رواہ الطبرانی

۳۶۹۳۷..... حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: حمزہ بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ افضل الشہداء ہیں۔ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جعفر بن ابی طالب شہیدوں کے سردار ہیں وہ فرشتوں کے ساتھ ہیں اور یہ عطیہ ان کے سوا پہلی امتوں میں کسی کو نہیں ملا، یہ ایسی چیز ہے جس سے اللہ تعالیٰ نے محمد ﷺ کا اکرام کیا ہے۔ رواہ ابوبکر وابو القاسم الحرفی فی امالیہ

۳۶۹۳۸...... "مسند جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ" حضرت جابر رضی اللہ عنہ روایت نقل کرتے ہیں کہ جب نبی کریم ﷺ نے حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کو۔(شہید) دیکھا رونے لگے اور جب انھیں مثلہ دیکھا تو آپ سسکیاں لے لے کر رونے لگے۔ رواہ الطبرانی وابونعیم

فائدہ:......مثلہ: میت کے کان ناک اور ہونٹ وغیرہ کاٹ دینے کو مثلہ کہتے ہیں: کسی کو مثلہ کرنا اسلام میں جائز نہیں۔

۳۶۹۳۹......حضرت حسین بن علی رضی اللہ عنہما کی روایت ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ نے حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کو دیکھا رونے لگے اور جب انھیں مثلہ دیکھا آپ کی سسکیاں بندھ گئیں۔ رواہ الطبرانی

۳۶۹۴۰......حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے جب غزوۂ احد میں حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ شہید کر دیئے گئے ان کی تلاش میں حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا آئیں انھیں نہیں پتہ تھا کہ حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ کیا بیتی ہے۔ صفیہ رضی اللہ عنہا کو حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت زبیر رضی اللہ عنہ ملے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے زبیر رضی اللہ عنہ سے کہا: اپنی ماں کو بتادو۔(کہ حمزہ شہید ہو چکے ہیں) زبیر رضی اللہ عنہ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے کہا: تم اپنی پھوپھی کو بتادو، چنانچہ حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا خود ہی بول پڑیں کہ حمزہ نے کیا کیا ہے؟ ان دونوں نے اتنا کہہ کر انھیں ٹال دیا کہ ہمیں نہیں معلوم۔ اتنے میں نبی کریم ﷺ تشریف لائے اور فرمایا: مجھے صفیہ رضی اللہ عنہا کی عقل ضائع ہوجانے کا خوف ہے۔ چنانچہ آپ نے اپنا دست اقدس حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کے سینے پر رکھا اور ان کے لیے دعا کی۔ صفیہ رضی اللہ عنہا نے انا للہ وانا الیہ راجعون پڑھا اور پھر رونے لگیں۔ پھر رسول اللہ ﷺ حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کی میت کے پاس تشریف لائے اور فرمایا: اگر عورتوں کے واویلے کی بات نہ ہوتی میں حمزہ کو یوں ہی پڑا رہنے دیتا تاکہ قیامت کے دن پرندوں کے پیٹوں اور جنگلی درندوں کے پیٹوں سے انھیں حشر کے لیے لے جایا جاتا۔ پھر آپ نے مقتولین (شہداء احد) پر نماز جنازہ پڑھنے کا حکم دیا چنانچہ سات میتیں لائی جاتیں اور حمزہ رضی اللہ عنہ وہیں رکھے رہتے آپ سات تکبیریں کہتے اور یہ میتیں اٹھالی جاتیں لیکن حمزہ رضی اللہ عنہ کو وہیں دکھ دیا جاتا پھر دوسرے سات لائے جاتے آپ ان پر بھی سات تکبیریں کہتے اور یوں فارغ ہوگئے۔ رواہ الطبرانی

۳۶۹۴۱...... "مسند حباب بن ارت" حضرت خباب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے حمزہ رضی اللہ عنہ کو (بعد از شہادت) دیکھا ہے، ہم ان کے لیے اتنا کپڑا نہیں پاتے تھے جس میں انھیں بقدر کفایت کفن دیا جاسکے، البتہ ایک چادر تھی اسی میں ہم نے انھیں کفن دیا اس کا بھی یہ حال تھا کہ جب ہم چادر سے پاؤں ڈھاپتے سر ننگا ہوجاتا اور جب سر ڈھاپتے پاؤں ننگے ہوجاتے بہر حال ہم نے ان کا سر ڈھانپ دیا اور پاؤں پر بیری کے پتے ڈال دیئے۔ رواہ الطبرانی

۳۶۹۴۲......حضرت حباب رضی اللہ عنہ ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت حنظلہ راہب رضی اللہ عنہ اور حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ بن عبد المطلب کی طرف دیکھا انھیں فرشتے غسل دے رہے تھے۔

رواہ ابن عساکر وفیہ ابو شیبۃ وھو متروک

۳۶۹۴۳......ابن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت ہے کہ غزوہ احد میں جب حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ شہید کر دیئے گئے تو ان کی تلاش میں حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا آئیں انھیں معلوم نہیں تھا کہ حمزہ رضی اللہ عنہ کا کیا بنا۔ حضرت علی اور زبیر رضی اللہ عنہ سے ان کی ملاقات ہوئی حضرت علی رضی اللہ عنہ نے زبیر رضی اللہ عنہ سے کہا: اپنی ماں کو بتادو زبیر رضی اللہ عنہ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے کہا: نہیں بلکہ تم ہی اپنی پھوپھی کو بتادو۔ حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا بولیں۔ حمزہ نے کیا کیا؟ ان دونوں حضرات نے اتنا کہہ کر انھیں ٹال دیا کہ وہ نہیں جانتے۔ اتنے میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اور فرمایا: مجھے صفیہ رضی اللہ عنہا کا خوف ہے کہ (حمزہ رضی اللہ عنہ کی خبر سن کر) اس کی عقل جاتی رہے گی چنانچہ آپ ﷺ نے اپنا دست اقدس صفیہ رضی اللہ عنہا کے سینے پر رکھا اور ان کے لیے دعا کی صفیہ رضی اللہ عنہا نے انا للہ وانا الیہ راجعون پڑھا اور پھر رونے لگیں۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کی میت کے پاس تشریف لائے جب کہ آپ ﷺ کی لاش کا مثلہ کر دیا گیا تھا۔ آپ نے فرمایا: اگر عورتوں کی جزع فزع کا خوف نہ ہوتا میں حمزہ رضی اللہ عنہ کو یونہی پڑا رہنے دیتا حتیٰ کہ قیامت کے دن انھیں پرندوں کے پیٹوں اور درندوں کے پیٹوں سے اٹھایا جاتا پھر آپ نے شہداء پر نماز جنازہ پڑھنے کا حکم دیا چنانچہ سات میتیں رکھی جاتیں ان کے ساتھ حمزہ رضی

اللہ عنہ بھی ہوتے آپ رضی اللہ عنہ سات تکبیریں کہتے پھر یہ سات اٹھا لیئے جاتے اور حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ وہیں رکھے رہتے پھر دوسرے سات شہداء لائے جاتے اور ایک حمزہ رضی اللہ عنہ ہوتے ان پر آپ سات تکبیریں کہتے یوں اس طرح آپ ان سے فارغ ہوئے۔

رواہ ابن ابی شیبة والطبرانی

۳۶۹۴۴..... یحییٰ بن عبدالرحمن اپنے دادا سے روایت نقل کرتے ہیں وہ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: قسم اس ذات کی جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے سات آسمانوں میں لکھا ہوا ہے حمزۃ بن عبدالمطلب اسد اللہ واسد رسولہ یعنی حمزہ بن عبدالمطلب اللہ اور اللہ کے رسول کے شیر ہیں۔ رواہ الدیلمی

۳۶۹۴۵..... ابن عمر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ غزوۂ احد سے واپس لوٹے تو بنی عبدالاشھل کی عورتیں اپنے مقتولین پر رورہی تھیں آپ ﷺ نے فرمایا: تم عورتیں حمزہ پر روؤ چونکہ اس کے لیے رونے والی عورتیں نہیں ہیں۔ چنانچہ انصار یہ عورتیں آئیں اور حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ پر رونے لگیں اتنے میں نبی کریم ﷺ کی آنکھ لگ گئی تھوڑی دیر بعد بیدار ہوئے اور فرمایا: ان عورتوں کے لیے ہلاکت ہے یہ ابھی تک وہیں ہیں۔ ان سے کہو واپس آجائیں اور آج کے بعد کسی میت پر نہ روؤں۔ رواہ مسلم وابن ابی شیبة

حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ

۳۶۹۴۶..... "مسند عمر رضی اللہ عنہ" سعید بن مسیب رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں: ایک مرتبہ حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ مسجد نبوی میں اشعار سنا رہے تھے اتنے میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ آگئے اور فرمایا: اے حسان، ! تم رسول اللہ ﷺ کی مسجد میں اشعار سنا رہے ہو؟ حضرت حسان رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: میں یہیں ایسی ذات کو اشعار سنا چکا ہوں جو تم سے بہتر ہے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم نے سچ کہا اور آپ واپس لوٹ گئے۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۹۴۷..... مسند بریدہ بن حصیب اسلمی" بریدہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: حضرت جبرئیل علیہ السلام نے نبی کریم ﷺ کی مدح میں ستر اشعار کے ساتھ حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ کی مدد کی۔ رواہ ابن عساکر وسندہ صحیح

۳۶۹۴۸..... ابن مسیب کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ مسجد میں اشعار پڑھ رہے تھے اتنے میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے انھیں دیکھ لیا اور منع کرنا چاہا حسان رضی اللہ عنہ نے کہا: میں نے رسول اللہ ﷺ کی موجودگی میں مسجد میں اشعار کہے ہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ بن کر آگے نکل گئے اور انھیں چھوڑ دیا۔ رواہ عبد الرزاق وابن عساکر

۳۶۹۴۹..... حضرت براء رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ میں نے حسان رضی اللہ عنہ کو کہتے سنا کہ نبی کریم ﷺ نے انھیں حکم دیا مشرکین کی ہجو میں اشعار کہو اور جبرئیل امین تمہارے ساتھ ہیں۔

رواہ ابن عساکر. وقال کذا قال فیه: سمعت حسان وقدر وی عن البراء من وجوہ عن النبی ﷺ نفسه الخطیب

۳۶۹۵۰..... قاضی ابوالعلاء واسطی عبداللہ بن موسیٰ سلامی الشاعر فائذ بن بکیر ابوعلی مفضل بن فضل شاعر خالد بن یزید الشاعر ابوتمام حبیب بن اوس الشاعر صہیب بن ابی صہباء الشاعر، فرزدق ھمام بن غالب الشاعر عبدالرحمن بن حسان بن ثابت الشاعر کی سند سے حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ مجھے رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اے حسان! مشرکین کی ہجو میں اشعار کہو اور جبرئیل امین بھی تمہارے ساتھ ہیں۔ بلاشبہ بعض اشعار حکمت سے لبریز ہوتے ہیں نیز آپ نے فرمایا: جب میرے صحابہ رضی اللہ عنہم اسلحہ سے لڑرہے ہوں تم زبان سے لڑا کرو۔

رواہ ابن عساکر

کلام:..... خطیب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: یہ حدیث ابوالعلاء سے بغدادیوں کی ایک بڑی جماعت نے حاصل کی ہے حالانکہ مجھے اس بات پر بڑا تعجب ہورہا ہے کہ عبداللہ بن موسیٰ سلامی جو کہ اصحاب عجائب وظرائف ہے کا وطن ماوراء النہر کا علاقہ ہے چنانچہ وہ بخارا، سمرقند اور ان کے

مضافات میں احادیث بیان کرتا رہا ہے اور مجھے خراسان میں کوئی شخص نہیں ملا جس نے اس سے سماع حدیث کیا ہو مجھے یہ بھی معلوم نہیں کہ وہ بغداد آیا ہو، چنانچہ جب ابوالعلاء نے مجھے اس کی سند سے حدیث سنائی میں سمجھا ممکن ہے سلامی حج کے لیے آیا ہو اور ابوعبداللہ بن بکیر اس سے ملے ہوں اور سماع کرلیا ہو اوران کے ساتھ ابوالعلاء بھی ہوں بہرحال اسی کشمکش و پیچ میں اس کی مرویات منظر عام پر آتی رہیں پھر ۴۲۷ھ میں ابو عبداللہ بن بکیر کے ہاتھ کا لکھا ہوا ایک خط میرے ہاتھ لگا جس میں سند کے ساتھ شعراء کی احادیث ذکر کی ہوئی تھیں۔ اس میں ابن بکیر کے خط سے یہ سند بھی مجھے ملی: حسین بن علی بن طاہر ابوعلی صیرفی، عبداللہ بن موسیٰ سلامی الشاعر ابوعلی مفضل بن فضل الشاعر اس سند سے وہی حدیث جو میں نے ابوالعلاء عن السلامی کی سند سے ذکر کی ہے اسی سیاق ولفظ میں مل گئی میں نے یہ قصہ ابوالقاسم تنوخی سے بیان کیا ان کی ابوالعلاء سے ملاقات ہوگئی اوران سے کہا: اے قاضی عبداللہ بن سلامی کسی سند سے احادیث روایت نہ کرو چونکہ یہ شیخ بخارا کے مضافات میں احادیث بیان کرتا رہا ہے اور بغداد میں روایت نہیں کیا۔ ابوالعلاء بولے: میں نے اس سلامی کو نہیں دیکھا، اور نہ ہی میں اسے جانتا ہوں۔

انتهى وقد روى هذا لحديث ايضاً ابن عساكر

۳۶۹۵۱...... ابوالحسن علی بن علی بن احمد بن حسن المؤذن قاضی ابوالمظفر ہناد بن ابراہیم بن نصر نفسی عبدالحی بن عبداللہ بن موسیٰ جوہری الشاعر۔ (بخارا میں) ابوالحسن سلامی الشاعر، ابوعلی مفضل بن فضل الشاعر سعید بن جبیر کی روایت ہے کہ ابن عباس رضی اللہ عنہما سے کسی نے کہا: حسان لعین۔ (ملعون) آچکا ہے ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: حسان رضی اللہ عنہ لعین نہیں ہیں چونکہ انھوں نے تلوار اور زبان کے ذریعے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ جہاد کیا ہے۔ رواه ابويعلى وابن عساكر

۳۶۹۵۲...... ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ کو گالی مت دو چونکہ وہ زبان اور ہاتھ کے ذریعے رسول اللہ ﷺ کی مدد کرتے تھے۔ رواه ابن عساكر

۳۶۹۵۳...... ابن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ نبی کریم ﷺ گھر سے باہر تشریف لائے اور حسان رضی اللہ عنہ صحن میں پانی کا چھڑکاؤ کررہے تھے جب کہ رسول اللہ ﷺ کے صحابہ رضی اللہ عنہم دو جماعتوں میں بٹے ہوئے تھے ان کے درمیان حسان رضی اللہ عنہ کی ایک چھوٹی سی لڑکی جسے سیرین کے نام سے پکارا جاتا تھا ہاتھ میں باجا لیے گانا گارہی تھی اور وہ یہ شعر گارہی تھی۔

هل علي ويحكم ان لهوت من حرج.

تمہاری ہلاکت! اگر میں گانا گاؤں مجھ پر کوئی حرج ہے۔

رسول اللہ ﷺ مسکرائے اور فرمایا: کوئی حرج نہیں۔

رواه ابن عساكر وفيه عبد الرحمن بن حارث الملقب جحدژ وقال ابن عدى يسرق والحديث

۳۶۹۵۴...... اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: ایک مرتبہ حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ صحابہ رضی اللہ عنہم کی ایک مجلس کے پاس سے گزرے اہل مجلس کو حسان رضی اللہ عنہ اشعار سنا رہے تھے مگر اہل مجلس محفوظ نہیں ہورہے تھے زبیر رضی اللہ عنہ ان کے ساتھ مل بیٹھے اور کہا: تم لوگ شوق سے ابن فریعہ کے اشعار کیوں نہیں سنتے؟ حالانکہ رسول اللہ ﷺ اس کے اشعار سنتے تھے اور اسے داد دیتے اور آپ اعراض نہیں کرتے تھے۔

رواه ابن جرير وابونعيم وابن عساكر

۳۶۹۵۵...... عطاء بن ابی رباح کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئے حسان رضی اللہ عنہ اس وقت نابینا ہوچکے تھے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے ان کے لیے تکیہ رکھ دیا اتنے میں عبدالرحمٰن بن ابی بکر رضی اللہ عنہما داخل ہوئے اور کہا: تم اس شخص کے لیے تکیہ رکھ رہی ہو حالانکہ اس نے ایسا ایسا کہا ہے! حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: یہ رسول اللہ ﷺ کی طرف سے جواب دیتا تھا اور آپ کے سینے کو دشمنوں کے متعلق شفا بخشتا تھا اب یہ نابینا ہوچکا ہے مجھے امید ہے کہ آخرت میں اسے عذاب نہیں ہوگا۔ رواه ابن عساكر

۳۶۹۵۶...... حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: ایک مرتبہ انصار کی ایک جماعت نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئی اور انھوں نے عرض

کیا: یارسول اللہ! آپ کی قوم نے ہماری مذمت میں (ہجو میں) اشعار کہے ہیں، اگر آپ بھی ہمیں اجازت مرحمت فرمائیں ہم بھی انھیں جواب دیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مجھے یہ بات بری نہیں لگتی کہ تم ایسے لوگوں سے بدلہ لو جنھوں نے تمہارے اوپر ظلم کیا ہے ابن رواحہ کے پاس تمہیں جانا چاہئے چونکہ وہ نسب دانی کا علم رکھتا ہے چنانچہ انصار حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ کے پاس گئے اور کہا: نبی کریم ﷺ نے ہمیں اجازت دی ہے کہ ہم (بھی اشعار کہہ کر) قریش سے بدلہ لیں لہٰذا قریش کی ہجو میں اشعار کہو۔ چنانچہ عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ نے اشعار کہے لیکن پر از ہجو نہ کہے جو کہ انصار چاہتے تھے انصار کعب بن مالک رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور کہا: نبی کریم ﷺ نے ہمیں اجازت دی ہے کہ ہم قریش سے بدلہ لیں چنانچہ کعب بن مالک رضی اللہ عنہ نے بھی اشعار کہے جو ہجو میں ابن رواحہ رضی اللہ عنہ کے اشعار سے قدرے بڑھے ہوئے تھے لیکن انصار کا مقصد یہاں بھی پورا نہ ہوا پھر یہ لوگ حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ کے پاس آئے ان سے یہی فرمائش کی حضرت حسان رضی اللہ عنہ نے کہا: میں اس وقت تک اشعار نہیں کہوں گا جب تک میں خود رسول اللہ ﷺ سے مل نہ لوں۔ چنانچہ حسان رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور کہا یارسول اللہ! آپ نے ان لوگوں کو واقعہ کی اجازت دی ہے؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں برا نہیں سمجھتا کہ یہ لوگ ظالموں سے بدلہ لیں اے حسان مسلسل تمہاری تائید جبرئیل امین کرتے رہیں گے جب تک تم رسول اللہ ﷺ کا (اشعار کے ذریعے) دفاع کرتے رہو گے۔

رواہ الذھلی فی الذھریات وابن عساکر

۳۶۹۵۷...... ''مسند عائشہ'' محمد بن عوف طائی آدم بن ابی ایاس ابن ابی ذئب محمد بن عرف عطاز کوان یمان کی سند سے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، قریش کی ہجو کرو۔ چونکہ ہجو کے اشعار قریش پر تیروں کی بارش سے بھی زیادہ سخت ہیں رسول اللہ ﷺ نے ابن رواحہ رضی اللہ عنہ کی طرف پیغام بھیجا کہ قریش کی ہجو کرو ابن رواحہ رضی اللہ عنہ نے اشعار کہے لیکن آپ رضی اللہ عنہ اس سے راضی نہ ہوئے آپ نے کعب بن مالک رضی اللہ عنہ کو پیغام بھیجا پھر ان کے بعد حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ کو پیغام بھیجا جب آپ کے پاس حضرت حسان رضی اللہ عنہ داخل ہوئے عرض کیا: اب وقت آچکا ہے کہ تم اس بپھرے ہوئے شیر کو پیغام بھیجو جو اپنی دم سے حملہ کرے گا پھر اپنی زبان گھما کر کہا قسم اس ذات کی جس نے آپ کو برحق مبعوث کیا ہے میں ان لوگوں کو اپنی زبان سے ایسا کاٹوں گا کہ حق ادا کردوں گا رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جلدی نہ کرو یقیناً ابوبکر قریش کے سب سے بڑے نسب دان ہیں اور میرا سلسلہ نسب بھی قریش میں ہے اور مجھے ان سے الگ تھلگ رکھا ہے حسان رضی اللہ عنہ ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور نسب دانی کا ضروری علم لے کر واپس رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا: یارسول اللہ! ہم نے آپ کا نسب الگ کردیا ہے قسم اس ذات کی جس نے آپ کو برحق مبعوث کیا ہے میں آپ کو قریش سے اس طرح نکالوں گا جس طرح بال آٹے سے بال نکال لیا جاتا ہے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: جبرئیل امین تمہاری تائید کرتے رہتے ہیں جب تک تم اللہ اور اللہ کے رسول کا دفاع کرتے رہتے ہو۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا ہے کہ (اے حسان) مشرکین کی ہجو کرو حضرت حسان رضی اللہ عنہ نے خوب ہجو کی۔ رواہ ابن جریر وابونعیم

۳۶۹۵۸...... ابوسلمہ بن عبدالرحمن کی روایت ہے کہ جب قریش نے نبی کریم ﷺ کی ہجو میں اشعار کہے اس سے آپ کبیدہ خاطر ہوئے اور آپ نے حضرت عبداللہ بن رواحہ سے فرمایا: قریش کی ہجو کرو چنانچہ قریش کی ہجو کی لیکن زیادہ بلیغ ہجو نہ کرسکے اور آپ ﷺ بھی اس سے خوش نہ ہوئے آپ نے حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ کو پیغام بھیجا کہ قریش کی ہجو کرو کعب رضی اللہ عنہ نے بھی ہجو کی لیکن وہ بھی زیادہ بلیغانہ انداز نہ اپنا سکے اور نہ ہی آپ ﷺ اس سے خوش ہوئے آپ ﷺ نے حضرت حسان بن ثابت کو پیغام بھیجا حالانکہ آپ انہیں پیغام بھیجنا اچھا نہیں سمجھتے تھے جب قاصد پہنچا اس نے کہا قریش کی ہجو میں اشعار کہو کہا: وقت آگیا ہے کہ تم اس بپھرے ہوئے شیر کو پیغام بھیجو جو اپنی دم سے حملہ کرے حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ نے کہا: قسم اس ذات کی جس نے آپ کو مبعوث کیا ہے؟ میں اپنی اس زبان سے ان کا بھرکس نکالوں گا پھر حسان رضی اللہ عنہ نے اپنی زبان نکالی عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: بخدا! حسان رضی اللہ عنہ کی زبان گویا سانپ کی زبان تھی رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: قریش میں میرا نسب ہے مجھے خدشہ ہے کہیں تم مجھے بھی ان میں خلط نہ کردو لہٰذا ابوبکر کے پاس جاؤ وہ قریش کے سب سے بڑے نسب دان ہیں وہ میرا نسب تمہیں الگ کرکے بتائیں گے حسان رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: قسم اس ذات کی جس نے آپ کو برحق مبعوث کیا ہے میں آپ کو قریش سے

اس طرح نکالوں گا جس طرح آٹے سے بال نکال لیا جاتا ہے چنانچہ حسان رضی اللہ عنہ نے قریش کی ہجو کی اور رسول اللہ ﷺ نے ان سے فرمایا: اے حسان تم نے شفادی اور خود بھی شفاء پائی ہے (یعنی بھرپور ہجو کی ہے)۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۹۵۹...... "مسند انس" عدی بن ثابت حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت حسان رضی اللہ عنہ سے فرمایا: قریش کی ہجو کرو جبرئیل امین تمہاری مدد کریں گے۔

رواہ ابن عساکر وقال ھذا لصحیف من ابن ادریس الداوی عن شعبة وانما ھو عن البراء

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ

۳۶۹۶۰...... محمد بن سیرین کی روایت ہے کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ جب کسی علاقہ میں اپنا گورنر مقرر کرتے آپ رضی اللہ عنہ عہد نامہ کے طور پر کچھ بھیجے! اے لوگو! اپنے امیر کی بات سنو اور جب تک تمہارے ساتھ عدل وانصاف کرے اس کی اطاعت کرو چنانچہ جب حذیفہ رضی اللہ عنہ کو مدائن کا گورنر مقرر کیا تو آپ نے لکھ بھیجا: اس کی بات سنو اور اطاعت بجالاؤ اور جو چیز تم سے مانگے اسے دو۔ چنانچہ حذیفہ رضی اللہ عنہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے رخصت ہوئے اور ایک گدھے پر سوار ہوئے جب کہ دوسرے گدھے پر ان کا زادراہ تھا جب آپ رضی اللہ عنہ مدائن پہنچے تو وہاں کے شہریوں اور دیہاتیوں نے حذیفہ رضی اللہ عنہ کا استقبال کیا حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کے ہاتھ میں ایک چپاتی اور گوشت کی ایک ہڈی تھی اور آپ گدھے پر سوار تھے حذیفہ رضی اللہ عنہ نے اہل مدائن کو عمر رضی اللہ عنہ کا نوشتہ عہد پڑھ کر سنایا لوگوں نے کہا: آپ جو چاہے ہم سے مانگیں؟ حذیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں تم سے اپنے لیے کھانا اور گدھوں کے لیے چارا مانگتا ہوں جب تک میں تمہارے درمیان موجود رہوں گا میں تم سے یہی مانگوں گا چنانچہ حذیفہ رضی اللہ عنہ جتنا عرصہ اللہ تعالیٰ نے چاہا مدائن میں رہے پھر عمر رضی اللہ عنہ نے لکھ بھیجا کہ میرے پاس آ ؤ جب عمر رضی اللہ عنہ کو حذیفہ رضی اللہ عنہ کے مدینہ پہنچ جانے کی خبر ہوئی کہ وہ ایسی جگہ ہیں جہاں انھیں کوئی نہیں دیکھتا جب عمر رضی اللہ عنہ نے انھیں دیکھا کہ وہ اسی حال پر ہیں جس حال پر وہ یہاں سے گئے تھے ان کے پاس آئے اور ان سے چمٹ گئے اور فرمایا: تو میرا بھائی ہے اور میں تیرا بھائی ہوں۔ رواہ ابن سعد وابن عساکر

۳۶۹۶۱...... "مسند عمر رضی اللہ عنہ" حمید بن ہلاک کی روایت ہے کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے پاس ایک شخص کی میت لائی گئی تاکہ آپ رضی اللہ عنہ اس پر نماز جنازہ پڑھیں حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے وضو کے لیے پانی منگوایا آپ کے پاس حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کھڑے تھے انھوں نے عمر رضی اللہ عنہ کو انگلیوں سے کریدنا شروع کر دیا کہ آپ اس پر نماز نہ پڑھیں حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جاؤ اور اپنے ساتھی پر نماز پڑھو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے پوچھا: اے حذیفہ رضی اللہ عنہ ان میں سے میں بھی ہوں کہا: نہیں فرمایا: میرے گورنروں میں سے کوئی (منافقین کی صف میں شامل) ہے؟ جواب دیا ایک شخص ہے گویا آپ نے اس پر دلالت کر دی اور اس سے گویا انھیں کشید کر لیا اور انھیں خبر نہیں کی۔ رواہ رستة فی الایمان

۳۶۹۶۲...... زید بن وہب کی روایت ہے کہ منافقین میں سے ایک شخص مر گیا حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے اس پر نماز نہ پڑھی حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان سے فرمایا: کیا یہ انہی لوگوں (یعنی منافقین) میں سے ہے: حذیفہ رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: جی ہاں عمر رضی اللہ عنہ نے پوچھا: اللہ کی قسم مجھے بتاؤ کیا میں ان میں سے ہوں؟ حذیفہ رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: نہیں اور میں آپ کے بعد اس کی کسی کو خبر نہیں کروں گا۔

رواہ رستة

۳۶۹۶۳...... حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے مجھے ہجرت اور نصرت کے درمیان اختیار دیا چنانچہ میں نے نصرت کا انتخاب کیا۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۹۶۴...... حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ رسول کریم ﷺ ہمارے درمیان کھڑے ہوئے اور تا قیامت جو کچھ ہونا ہے

سب بیان فرمایا: اسے جس نے یاد رکھنا تھا یاد رکھا اور جس نے بھولنا تھا وہ بھول گیا: حالانکہ میرے یہ ساتھی اسے جانتے ہیں ممکن ہے کوئی چیز مجھے بھول جائے اور جب میں اسے دیکھوں وہ یاد آجائے جیسا کہ ایک شخص کو دوسرے کا چہرہ دیکھ کے یاد آجاتا ہے اور وہ اس سے غائب ہو اور جب اسے دیکھتا ہے پہچان لیتا ہے۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۹۶۵..... حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: تم لوگ (آپ ﷺ سے) نرمی کے متعلق پوچھتے تھے جب کہ میں شدت کے متعلق پوچھتا تھا تاکہ میں اس سے گریزاں رہوں۔ مجھے وہ دن زیادہ محبوب ہے جس دن ضرورت مند لوگ مجھ سے شکایت کرتے ہیں چونکہ جب اللہ تعالیٰ اپنے کسی بندہ سے محبت کرتا ہے اسے آزمائش میں ڈال دیتا ہے کہ اے موت، اسے خوب بھینچ اور خوب سختی کر۔ میرا دل نہیں چاہتا مگر تیری ہی محبت۔

رواہ البیہقی فی الزھد وابن عساکر

۳۶۹۶۶..... حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے ماہ رمضان میں ایک رات میں سے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ نماز پڑھی، پھر آپ غسل کرنے کے لیے کھڑے ہوئے میں نے آپ کے آگے پردہ کر دیا جب آپ غسل سے فارغ ہوئے برتن میں کچھ پانی بچ گیا آپ نے فرمایا: اگر تم چاہو اسے باقی رہنے دو چاہو تو انڈیل دو میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! یہ بچا ہوا پانی انڈیلے ہوئے سے مجھے زیادہ محبوب ہے میں نے اس سے غسل کیا اور آپ ﷺ میرے آگے پردہ کیے رہے میں نے عرض کیا: آپ تکلیف نہ کریں اور پردہ کرنا رہنے دیں۔ فرمایا: کیوں نہیں جیسا کہ تم نے میرے آگے پردہ کیا میں بھی تمہارے آگے ضرور پردہ کروں گا۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۹۶۷..... حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے انھیں تنہا ہی سریہ کے طور پر بھیجا۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۹۶۸..... "ایضاً" ابوبختری کی روایت ہے حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر میں تمہیں ایک حدیث سنائی تمہارے تین لوگ میری تکذیب کریں گے ایک نوجوان انھیں دیکھ کر کھڑا ہوا اور کہا: جب ہم میں سے تین لوگ تمہاری تکذیب کریں گے پھر تمہاری تصدیق کون کرے گا؟ حذیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: رسول اللہ ﷺ کے صحابہ رضی اللہ عنہم رسول اللہ ﷺ سے خیر و بھلائی کے متعلق سوال کرتے تھے اور میں شر و برائی کے متعلق سوال کرتا تھا حذیفہ رضی اللہ عنہ سے پوچھا گیا: آپ ایسا کیوں کرتے تھے؟ فرمایا: چونکہ جو شخص شر و برائی کا اعتراف کرتا ہے وہ بھلائی پر آسکتا ہے۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۹۶۹..... حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں اگر میں کسی نہر کے کنارے ہوں اور چلو بھر پانی لینے کے لیے ہاتھ بڑھاؤں اس دوران میں تمہیں بتا سکتا ہوں کہ میں کیا جانتا ہوں اور جب تک میرا ہاتھ میرے منہ تک پہنچے حتیٰ کہ مجھے قتل کر دیا جائے۔

رواہ یعقوب بن سفیان وابن عساکر

۳۶۹۷۰..... حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے ہمیں کہا: یہ علم ہم نے حاصل کیا ہے اور تم تک پہنچا رہے ہیں اگرچہ اس پر ہم عمل نہیں کرتے۔ رواہ البیہقی وابن عساکر

۳۶۹۷۱..... حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: تم لوگوں نے میرے کفن میں حد سے تجاوز نہیں کرنا چونکہ اگر تمہارے صاحب کے پاس خیر بھلائی (نیکیاں) ہیں تو اس کا کفن بھلائی سے بدل دیا جائے گا ورنہ اس کا جیسا کیسا کفن ہو فوراً چھین لیا جائے گا۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۹۷۲..... حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میرے (کفن کے) لیے دو سفید چادریں کافی ہیں اور ان کے ساتھ قمیص کی بھی ضرورت نہیں چونکہ میں نے بہت تھوڑا تر کہ چھوڑا حتیٰ کہ بھلائی سے بدل جائے یا شر سے بدل دیا جائے۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۹۷۳..... حسن بصری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے مرض الموت میں فرمایا: فاقہ کی حالت میں ایک دوست آن پہنچا ہے جو شخص نادم ہو جائے وہ فلاح نہیں پاتا کیا میرے بعد اس چیز کا وقوع نہیں ہوگا جسے میں جانتا ہوں تمام تعریفیں اس اللہ کے لیے ہیں جس نے مجھے فتنہ اور اہل فتنہ سے پہلے پہلے نجات دی۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۹۷۴..... ابن سیرین کی روایت ہے کہ ابو مسعود انصاری رضی اللہ عنہ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کے پاس مرض الوفات میں داخل ہوئے ابو مسعود نے ان سے معانقہ کیا اور پھر کہا: فراق قریب ہے؟ جواب دیا: جی ھاں۔ فاقہ کی حالت میں ایک دوست آیا ہے ندامت خوردہ فلاح نہیں

پا تا کیا میرے بعد ان فتنوں کا وقوع نہیں ہوگا جنہیں میں جانتا ہوں۔ رواہ ابن ابی شیبۃ

۳۶۹۷۵.....حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے مجھے ہجرت اور نصرت میں اختیار دیا میں نے نصرت کا انتخاب کیا۔
رواہ ابونعیم

۳۶۹۷۶.....حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: رسول کریم ﷺ نے مجھے غزوۂ احزاب کی ایک رات مجھے تن تنہا سریہ کے طور پر بھیجا۔
رواہ ابونعیم

۳۶۹۷۷.....حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت ہے کہ غزوۂ احد میں جب مشرکین ہزیمت زدہ ہوئے ابلیس لعین چیخ اٹھا کہ اے اللہ کے بندو! اپنے پیچھے کا دھان رکھو چنانچہ آگے والے پیچھے ہٹ گئے وہ اور پیچھے والے گتھم گتھا ہو گئے۔ چنانچہ حذیفہ رضی اللہ عنہ نے دیکھا کہ وہ اپنے باپ یمان کے پاس کھڑے ہیں اور کہا: اے اللہ کے بندو! یہ ہے میرا باپ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں بخدا مسلمانوں نے زرہ برابر بھی باک نہیں محسوس کی حتیٰ کہ یمان کو قتل کر دیا۔ حذیفہ رضی اللہ عنہ نے کہا: اللہ تعالیٰ تمہاری مغفرت کرے عروہ کہتے ہیں: اللہ کی قسم! حذیفہ رضی اللہ عنہ جب تک زندہ رہے خیر و بھلائی ان کے دامن میں پڑی رہی۔ رواہ ابن ابی شیبۃ

حضرت حجاج بن علاط سلمی رضی اللہ عنہ

۳۶۹۷۸.....یحیٰ بن یعمر لیثی ابن یسار علاطی جو کہ حجاج بن علاط رضی اللہ عنہ کی اولاد میں سے ہیں کہتے ہیں مجھے میری دادی نے اپنے والد سے حدیث سنائی ہے کہ ابن علاط رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے مجھے اجازت مرحمت فرمائی تھی نہ میں اپنی امانتوں کے متعلق جھوٹ بول لوں تاوقتیکہ میں ان امانتوں کو پالوں جو کہ مکہ میں تھیں چنانچہ میں نے اہل مکہ سے کہا: محمد مصیبت میں گرفتار ہو چکا ہے اس پر مجھے میری امانتیں دے دی گئیں پھر میں آدھی رات کے وقت نکلا حتیٰ کہ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ کو سارا واقعہ سنایا۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۹۷۹.....حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ کہتے ہیں حضرت حجاج بن علاط رضی اللہ عنہ کے اسلام لانے کا سبب یہ ہوا، کہ وہ اپنی قوم کے چند سواروں کے ساتھ مکہ کی طرف عازم سفر ہوئے راستے میں انھیں وحشت زدہ خوفزدہ بیابان وادی میں رات ہو گئی ابن علاط رضی اللہ عنہ سے ان کے ساتھیوں نے کہا اے ابوکلاب! کھڑے ہو جاؤ اپنے لیے اور ہمارے لیے اس ڈراؤنی وادی میں امان طلب کرو حجاج رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور کہنے لگے:

اعیذ نفسی واعیذ صحبی من کل جنی بهذا النقب حتی اؤوب سالما ودکبی

میں اپنے لیے اور اپنے رفقاء سفر کے لیے اس اندھی وادی میں ہر قسم کے جن سے پناہ مانگتا ہوں حتیٰ کہ میں صحیح وسالم اپنے رفقاء کے ساتھ واپس لوٹ جاؤں۔

یکا یک ابن علاط رضی اللہ عنہ نے کسی کہنے والے کو کہتے ہوئے سنا۔

یامعشر الجن والانس ان استعتم ان تنفذوا من اقطار السموات والارض فا تفذوا لاتنفذون الابسلطان

اے جنات اور انسانوں کی جماعت اگر تم طاقت رکھتے ہو کہ آسمانوں اور زمین کے اطرف سے (چھید بنا کر) پار ہو جاؤ تو پار ہو جاؤ اور تم بغیر کسی صحبت کے پار نہیں جا سکتے۔"

جب مکہ پہنچے ابن علاط رضی اللہ عنہ نے قریش کی ایک مجلس میں یہ واقعہ سنایا قریش بولے: اے ابوکلاب، بخدا! تم نے سچ کہا: یہ وہی کلام ہے جس کا دعویٰ محمد کرتا ہے کہ یہ اس پر نازل ہوتا ہے؟ ابن علاط رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: بخدا! یہ کلام میں نے بھی سنا اور انھوں نے بھی میرے ساتھ سنا۔ اسی اثناء میں عاص بن وائل آن پہنچا اہل مجلس نے اس سے کہا: اے ابوھشام کیا تم نے نہیں سنا کہ ابوکلاب کیا کہتا ہے؟ وہ کیا کہتا ہے؟ لوگوں نے اسے بھی سارا واقعہ سنایا اس نے کہا: بھلا اس نے تمہیں کیوں تعجب میں ڈال ہے؟ اس نے جس کسی کو وہاں سنا ہے اسی نے تو یہ کلام محمد کی زبان

سے جاری کیا ہے جس نے اس قوم کو مجھ سے روک دیا ابن علاط رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: قریش کی گفتگو نے میری بصیرت میں اور زیادہ اضافہ کیا: میں نے نبی کریم ﷺ کے متعلق دریافت کیا مجھے بتایا گیا کہ مکہ سے مدینہ جا چکے ہیں میں اپنی اونٹنی پر سوار ہوا اور سیدھا چلتا ہوا مدینہ میں نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور جو کچھ میں نے سنا اس کی آپ کو خبر کی آپ نے فرمایا: بخدا تم نے حق سنا ہے یہ میرے رب کا کلام ہے جو کہ مجھ پر نازل فرمایا ہے اے ابن علاط تم نے یقیناً حق سنا ہے میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! مجھے اسلام کی تعلیم دیں آپ نے مجھے کلمہ اخلاص یعنی کلمہ شہادت کی تلقین کی اور مجھے حکم دیا: اپنی قوم کے پاس چلے جاؤ اور انھیں بھی اس حق کی دعوت دو جسکی میں نے تمہیں دعوت دی ہے۔

رواہ ابن ابی الدنیا فی ھواتف الجان و ابن عساکر وفیہ ایوب بن سوید ومحمد بن عبد اللہ اللیثی وھما ضعیفان

حضرت حسان بن شداد طھوی رضی اللہ عنہ

۳۶۹۸۰...... یعقوب بن عفیدہ بن عفاص بن حسان بن شداد اپنے آباؤاجداد کی سند سے حسان بن شداد رضی اللہ عنہ کی روایت نقل کرتے ہیں کہ میری والدہ مجھے لے کر نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئیں اور عرض کیا: یارسول اللہ! میں آپ کے پاس اس لیے آئی ہوں تا کہ آپ میرے اس بیٹے کے لیے دعا کریں تا کہ یہ پاکیزہ حالت میں بڑا ہو۔ آپ ﷺ نے وضو کیا اور اپنا چہرۂ اقدس صاف کیا اور فرمایا: یا اللہ اس عورت کے لیے اس بچے میں برکت عطا فرما اور اسے پاکیزہ حالت میں بڑا کردے۔ رواہ ابونعیم

حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ

۳۶۹۸۱...... حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے اس شرط پر نبی کریم ﷺ کے دست اقدس پر بیعت کی کہ میں سجدہ نہیں کروں گا مگر کھڑے ہوکر۔ رواہ الطبرانی والنسائی والطبرانی و ابونعیم

۳۶۹۸۲...... حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے انھیں ایک دینار میں قربانی کا جانور خریدنے کے لیے بھیجا انھوں نے ایک دینار میں بکری خریدی اور دو دینار میں بیچ دی پھر ایک دینار میں ایک بکری اور خرید لی چنانچہ ایک بکری اور ایک دینار لے کر نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے آپ نے ان کے لیے برکت کی دعا کی اور حکم دیا کہ اس دینار کو صدقہ کردو۔ رواہ عبدالرزاق وابن ابی شیبۃ

حضرت حزن بن ابی وھب مخزومی رضی اللہ عنہ

۳۶۹۸۳...... سعید بن میسّب اپنے والد کے واسطہ سے دادا کی روایت نقل کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے ان سے پوچھا: تمہارا کیا نام ہے؟ انھوں نے جواب دیا: میرا نام حزن ہے آپ ﷺ نے فرمایا: بلکہ تمہارا نام سہل ہے حزن رضی اللہ عنہ نے کہا: میں اپنا نام تبدیل نہیں کروں گا چونکہ میرا نام میرے والد نے رکھا ہے۔ ابن میسّب کہتے ہیں: اس کے بعد ہمارے خاندان سے سختی ختم نہیں ہوئی۔ رواہ ابونعیم

فائدہ:...... حزن کا معنی ہے سختی اور سھل کا معنی ہے آسانی حدیث سے معلوم ہوا اگر کسی کا نام اچھا نہ ہو بدل دینا چاہئے نیز معلوم ہوا کہ شخصیت پر نام کا بھی گہرا اثر ہوتا ہے۔ اس لیے والدین پر واجب ہے کہ وہ اولاد کا اچھا نام رکھیں۔

حضرت حزام (یا حازم) الجذامی رضی اللہ عنہ

۳۶۹۸۴...... ''مسند حزام'' مدرک بن سلیمان اپنے والد سلیمان سے وہ اپنے والد عقبہ شبیب سے'' وہ اپنے والد شبیب سے وہ اپنے دادا حزم رضی

اللہ عنہ سے روایت نقل کر کے ہیں: وہ کہتے ہیں: میں نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا آپ نے مجھ سے پوچھا تمہارا کیا نام ہے؟ میں نے عرض کیا: میرا نام حازم ہے آپ نے فرمایا: بلکہ تمہارا نام مطعم ہے۔ رواہ ابو نعیم

۳۶۹۸۵......مستدرک بن سلیمان جذامی، سلیمان بن عقبہ، عقبہ بن شیب کی سند سے مروی ہے کہ حازم بن حزام جذامی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں ایک شکار لے کر نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور شکار آپ کو ہدیہ کر دیا رسول اللہ ﷺ نے ہدیہ قبول فرمایا اور مجھے اپنا عمامہ پہنایا اور میرا نام حذام رکھا۔ رواہ ابن مندہ وابو نعیم وابن عساکر

حضرت حزابہ بن نعیم رضی اللہ عنہ

۳۶۹۵۶......نعیم بن طریق بن معروف بن عمرو بن حزابہ ابن نعیم اپنے والد اور دادا کی سند سے نقل کرتے ہیں ان کے دادا حرابہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نبی کریم ﷺ کی خدمت میں تبوک میں حاضر ہوا۔ رواہ ابو نعیم

حضرت حکیم بن عمرو بن ثرید رضی اللہ عنہ

۳۶۹۸۷......حضرت حکیم بن عمر بن ثرید رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے نبی کریم ﷺ کے پیچھے نماز پڑھی ایک آدمی کو چھینک آئی اس پر اس نے کہا: یرحمک اللہ، اس پر بعض صحابہ رضی اللہ عنہم ہنس پڑے۔ رواہ الحسن بن سفیان وابو نعیم

حضرت حارث بن مالک (یا حارثہ بن نعمان) انصاری رضی اللہ عنہ

۳۶۹۸۸......حضرت حارث بن مالک انصاری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ایک مرتبہ میں نبی کریم ﷺ کے پاس سے گزرا آپ نے فرمایا: اے حارث! تم نے صبح کس حال میں کی ہے؟ میں نے عرض کیا: میں نے پکے اور سچے مؤمن کی حالت میں صبح کی ہے ارشاد فرمایا: ذرہ دیکھو تم کیا کہہ رہے ہو چونکہ ہر چیز کی ایک حقیقت ہوتی ہے بھلا تمہارے ایمان کی کیا حقیقت ہے؟ میں نے عرض کیا: میں نے اپنے آپ کو دنیا سے الگ کر لیا اسی کے لیے میں رات کو جاگتا رہا اور دن کو پیاسا رہا گویا میں سر عام اپنے رب تعالیٰ کے عرش کی طرف دیکھ رہا ہوں بیدار گویا میں اہل جنت کو ایک دوسرے کی زیارت (ملاقات) کرتے دیکھ رہا ہوں گویا میں اہل دوزخ کو دوزخ میں چیخ وپکار کرتے دیکھ رہا ہوں آپ ﷺ نے تین بار فرمایا: اے حارث تم نے اپنے ایمان کی حقیقت پہچان لی لہٰذا اسی کو لازم رکھو۔ رواہ الطبرانی وابو نعیم

۳۶۹۸۹......حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ رسول کریم ﷺ مسجد میں تشریف لائے جب کہ حارث بن مالک سو رہے تھے آپ نے حارث رضی اللہ عنہ کو پاؤں سے حرکت دی اور فرمایا: اپنا سر اوپر اٹھاؤ، انھوں نے اپنا سر اوپر اٹھایا اور عرض کیا: یارسول اللہ میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں! نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اے حارث بن مالک! تم نے صبح کس حالت میں کی ہے؟ عرض کیا: یارسول اللہ! میں نے پکے اور سچے مؤمن کی حالت میں صبح کی ہے۔ ارشاد فرمایا: یقیناً ہر حق کی ایک حقیقت ہوتی ہے تم اپنے ایمان کی کیا حقیقت سمجھے ہو؟ عرض کیا: میں نے دنیا سے فروتنی برتی ہے اپنا دن پیاسا رکھا ہے اور رات کو جاگتا رہا ہوں گویا میں اپنے رب کے عرش کی طرف دیکھ رہا ہوں گویا میں اہل جنت کی طرف دیکھ رہا ہوں اہل جنت ایک دوسرے کی زیارت کر رہے ہیں گویا کہ میں اہل دوزخ کی طرف دیکھ رہا ہوں کہ وہ چیخ وپکار میں لگے ہوئے ہیں نبی کریم ﷺ نے ان سے فرمایا: تو ایسا شخص ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے نور سے بھر دیا ہے اور تو نے ایمان کی حقیقت پہچان لی ہے لہٰذا اسی کے ساتھ چمٹے رہو۔ رواہ ابن عساکر

۳۶۹۹۰..... حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے حضرت حارثہ رضی اللہ عنہ بن نعمان رضی اللہ عنہ سے فرمایا: تم نے کس حال میں صبح کی ہے؟ عرض کیا: میں نے پکے اور سچے مؤمن کی حالت میں صبح کی ہے آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ہر حق کی ایک حقیقت ہوتی ہے بتاؤ تمہارے ایمان کی کیا حقیقت ہے؟ عرض کیا: یا نبی اللہ! میں نے دنیا سے فروتنی برتی ہے رات بیداری کی حالت میں گزری ہے اور دن کو پیا سا رہا ہوں گویا میں اہل جنت کی طرف دیکھ رہا ہوں کہ وہ جنت میں کس طرح آپس میں ملاقات کررہے ہیں اہل دوزخ کی طرف دیکھ رہا ہوں کہ وہ دوزخ میں کیسے چیخ وپکار کررہے ہیں ارشاد فرمایا: تمہیں بصیرت مل چکی ہے اسی کو لازم رکھو پھر فرمایا: ایک بندہ ہے جس کے دل کو اللہ تعالیٰ نے نور سے بھردیا ہے: حارث رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یا نبی اللہ اللہ تعالیٰ سے میرے لیے شہادت کی دعا کریں۔ آپ ﷺ نے ان کے لیے دعا کی راوی کہتا ہے: ایک دن اعلان کیا گیا: اے اللہ کے شہسوارو! کوچ کرو چنانچہ حضرت حارث بن مالک رضی اللہ عنہ سب سے پہلے گھوڑے پر سوار ہوئے اور۔ (اس معرکہ میں) پہلے شہسوار تھے جو اللہ کی راہ میں شہید کیے گئے۔ رواہ العسکری فی الا مثال

۳۶۹۹۱..... حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ رسول کریم ﷺ چل قدمی کررہے تھے یکا یک سامنے سے انصار کا ایک نوجوان آیا نبی کریم ﷺ نے اسے فرمایا: حارث تم نے صبح کس حال میں کی ہے عرض کیا. میں نے مؤمن حق (پکے سچے مؤمن) کی حالت میں صبح کی ہے فرمایا: ذرا غور کرو کیا کہہ رہے ہو چونکہ ہر بات کی ایک حقیقت ہوتی ہے۔ عرض کیا: یارسول اللہ! میں نے اپنے آپ کو دنیا سے الگ تھلگ رکھا ہے رات بیدار رہتے ہوئے گزاری ہے اور دن کو پیاسا رہا ہوں۔ (یعنی رات بھر عبادت کرتا رہوں اور دن کو روزہ رکھا ہے) گویا میں ظاہر وباہر اللہ تعالیٰ کے عرش کو دیکھ رہا ہوں گویا میں اہل جنت کو آپس میں ملاقات کرتے دیکھ رہا ہوں اور گویا اہل دوزخ کو دوزخ میں چیخ وپکار کرتے دیکھ رہا ہوں آپ نے فرمایا: تمہیں بصیرت مل چکی ہے لہٰذا اسکو لازم رکھو (بلاشبہ تو ایسا) بندہ ہے جسکے دل کو اللہ تعالیٰ نے ایمان سے بھردیا ہے۔ عرض کیا: یارسول اللہ! آپ میرے لیے شہادت کی دعا کریں رسول اللہ ﷺ نے ان کے لیے دعا کی چنانچہ ایک دن شہسواروں میں اعلان کیا گیا حارث رضی اللہ عنہ سب سے پہلے گھوڑے پر سوار ہوئے اور معرکہ میں وہ پہلے شہسوار ہیں جنہیں شہادت ملی جب ان کی والدہ کو شہادت کی خبر ملی۔ وہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئی اور عرض کیا: یارسول اللہ! میرا بیٹا اگر جنت میں ہے تو پھر میں نہیں روؤں گی اور اس پر غم بھی نہیں کروں گی اور اگر دوزخ میں ہے جب تک زندہ رہوں گی روتی رہوں گی آپ ﷺ نے فرمایا: اے ام حارث! وہ کوئی ایک باغ نہیں بلکہ جنت بے شمار باغات ہیں اور حارث فردوس بریں میں ہے چنانچہ ام حارث رضی اللہ عنہ ہنستی ہوئی واپس لوٹیں اور کہہ رہی تھیں: اے حارث تجھے مبارک ہو۔

رواہ ابن النجار وفیہ یوسف بن عطیۃ

حضرت حشرج رضی اللہ عنہ

۳۶۹۹۲..... اسحاق بن حارث مولائے ھبار قرشی کہتے ہیں: میں نے نبی کریم ﷺ کے صحابہ رضی اللہ عنہم میں سے ایک شخص حشرج رضی اللہ عنہ کو دیکھا نبی کریم ﷺ نے انھیں پکڑ کر اپنی گود میں بٹھایا اور ان کے سر پر دست شفقت پھیرا اور ان کے لیے دعا فرمائی۔ رواہ ابونعیم وابن عساکر

حضرت حصین بن اوس نہشلی رضی اللہ عنہ

۳۶۹۹۳..... غسان بن اغر، زیاد بن حصین نہشلی اپنے والد حصین بن اوس رضی اللہ عنہ سے روایت نقل کرتے ہیں وہ کہتے ہیں میں اپنے کچھ اونٹ لیکر مدینہ حاضر ہوا اور عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ اہل وادی کو حکم دیں کہ وہ میری مدد کریں اور مجھے اپنے ساتھ اچھی طرح سے رکھیں رسول اللہ ﷺ نے انھیں حکم دیا انھوں نے حصین بن اوس رضی اللہ عنہ کی معاونت کی اور ان کے ساتھ اچھا برتاؤ کیا پھر نبی کریم ﷺ نے انھیں اپنے پاس بلایا ان کے چہرے پر ہاتھ پھیرا اور ان کے لیے دعا کی۔ رواہ الطبرانی وابونعیم

حضرت حصین بن عوف خثعمی رضی اللہ عنہ

۳۶۹۹۴..... ''مسند حصین بن عوف'' حضرت حصین بن عوف رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ سے مآرب میں نمک کی جاگیر مانگی آپ ﷺ نے انھیں عطا کر دی جب واپس لوٹنے لگے اہل مجلس میں سے ایک شخص نے کہا: آپ کو معلوم ہے کہ آپ نے اسے کیا دیا ہے؟ آپ نے اسے دائمی پانی دیا ہے آپ نے اس سے یہ جاگیر واپس لے لی۔ کہتے ہیں میں نے سوال کیا: کونسی زمین آباد کی جائے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: وہ زمین جس تک اونٹ نہ پہنچ پاتے ہوں۔ رواہ الترمذی وقال غریب وابو داؤد وابن ماجہ عن ابیض بن حمال

حضرت حصین بن عبد والد عمران بن حصین رضی اللہ عنہ

۳۶۹۹۵..... حضرت عمران بن حصین اپنے والد سے روایت نقل کرتے ہیں کہ وہ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا: یا محمد! عبدالمطلب اپنی قوم کے لیے تم سے بہتر تھا چونکہ وہ اپنی قوم کو جانوروں کا دل اور کوہان کھلاتا تھا جب کہ تم نے اپنی قوم ذبح کر دی ہے۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ جو چاہتا ہے کرتا ہے حصین رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: آپ مجھے کیا حکم دیتے ہیں کہ میں کیا کہوں؟ فرمایا: کہو: یا اللہ مجھے نفس کے شر سے بچا اور رشد و ہدایت کے راستے پر مجھے چلا، میں نے عرض کیا: میں ابھی کیا کہوں فرمایا: کہو یا اللہ میرے وہ گناہ مجھے بخش دے جو میں نے پوشیدہ کئے جو اعلانیہ کئے جو مجھ سے بھول چوک ہوئی جو میں نے جان بوجھ کر کئے جو میں جانتا ہوں اور جن سے میں ناواقف ہوں۔

رواہ ابونعیم

حضرت حمید بن ثور ہلالی رضی اللہ عنہ

۳۶۹۹۶..... یعلی بن اشدق بن جراد حمید بن ثور ہلالی رضی اللہ عنہ نے جب اسلام قبول کیا نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور یہ شعر عرض کیا:

اصبح قلبی من سلیمی مقصدا ان خطا منها وان تعمدا

میرا دل سلیمی سے ایک مقصد پر آیا ہے گو اس نے خطا کی ہے یا جان بوجھ کے ایسا کیا ہے۔

حضرت حمزہ بن عمرو اسلمی رضی اللہ عنہ

۳۶۹۹۷ حمزہ بن عمرو اسلمی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ سخت تاریک رات میں کوچ کیا میری انگلیاں چمکنے لگیں ان کی روشنی میں سب جمع ہو گئے اور کوئی ہلاک نہ ہوا۔ یکایک میری انگلیاں چمکنے لگی تھیں۔ رواہ ابونعیم

حضرت حنظلہ بن حذیم بن حنفیہ مالکی رضی اللہ عنہ

۳۶۹۹۸..... زیال بن عبیدہ نے حنظلہ سے یہ سنا کہ حنفیہ نے اپنے بیٹے حذیم سے کہا: اپنی اولاد کو بلاؤ میں ان کو کچھ وصیت کرنا چاہتا ہوں، انھوں نے اپنے تمام بیٹوں کو جمع کر لیا اور کہا: اے والد محترم! سب موجود ہیں حنفیہ بولے: میری پہلی وصیت یہ ہے کہ وہ سو اونٹ جو کہ عہد جاہلیت میں مطیبہ کہلاتے تھے ضرمس بن قطیفہ نامی یتیم کے لیے بطور صدقہ ہے حذیم نے عرض کیا ابا جان! میں نے اپنے بیٹوں کے متعلق یہ سنا ہے کہ

اپنے والد کے سامنے اس کا اقرار کر لیتے ہیں اور اس کی وفات کے بعد آپس ہی میں تقسیم کرلیں گے اور اپنی طرح اس یتیم کو بھی حصہ دیں گے اس پر حنفیہ بولے: کیا تم نے یہ بات خود ان سے سنی ہے؟ بولے: ہاں فرمایا: میرے اور تمہارے درمیان نبی کریم ﷺ فیصلہ کریں گے چنانچہ ہم آپ ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے آپ تشریف فرما تھے فرمایا: یہ آنے والے لوگ کون ہیں؟ صحابہ رضی اللہ عنہم نے جواب دیا: یہ اونٹوں والے حنفیہ ہیں جن کے سب سے زیادہ اونٹ جنگل میں چرتے ہیں پوچھا ان کے دائیں اور بائیں کون ہیں صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: دائیں جانب تو ان کے بڑے صاحبزادے حذیم ہیں اور بائیں جانب نہ معلوم کون ہے۔

پھر فرماتے ہیں: جب ہم حضور ﷺ کے پاس پہنچے تو حنفیہ نے سلام کیا تو آپ نے فرمایا: کیسے تشریف لائے ہو؟ حنفیہ بولے: مجھے یہ لوگ لائے ہیں اور انھوں نے حذیم کی ران پر ہاتھ مارا ان کی طرف اشارہ کیا آپ ﷺ نے فرمایا: کیا یہ حذیم نہیں؟ عرض کیا: جی ہاں یہ حذیم ہی ہے حنفیہ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! اللہ تعالیٰ نے مجھے کافی مال عطا کیا ہے میرے پاس ایک ہزار اونٹوں اور چالیس گھوڑوں کے علاوہ بہت سامال گھروں میں پڑا ہے اور مجھے یہ خوف ہے کہ میں اللہ تعالیٰ کے حقوق ادا کیے بغیر مر نہ جاؤں چنانچہ میں نے سو اونٹ جو عہد جاہلیت میں مطیبہ (پاک اونٹ) کہلاتے تھے میں نے اپنے پروردہ یتیم کو صدقہ کرنے کی وصیت کرنے کا ارادہ کیا تو میں نے دیکھا کہ نبی کریم ﷺ کے چہرۂ اقدس پر غصہ کے اثرات نمایاں ہوگئے ہیں پھر گھٹنوں کے بل بیٹھ گئے اور فرمایا: لا الہ الا اللہ جانوروں کا صدقہ پانچ ورنہ دس ورنہ پندرہ ورنہ بیس ورنہ پچیس ورنہ تیس اور زیادہ سے زیادہ چالیس کا ہوتا ہے چنانچہ حنفیہ نے جب یہ سنا تو فوراً بولے: یارسول اللہ! اس مطیبہ میں سے چالیس اونٹ یتیم کو دے دیئے جائیں آپ ﷺ نے چالیس اونٹوں کی اجازت دے دی پھر آپ نے پوچھا ابو حذیم! تمہارا یتیم کہاں ہے؟ وہ یتیم بالغ شیخ کے مشابہ تھا۔ فرمایا: یہ یتیم تو اچھا خاصا ڈاڑھی والا ہے پھر حنفیہ اور ان کے بیٹے اٹھ کر اپنے اونٹوں کے پاس چلے گئے مزید فرماتے ہیں کہ جاتے جاتے حذیم نے کہا: یارسول اللہ! میری اولاد میں ڈاڑھی والے اور امرد دونوں ہیں یارسول اللہ آپ اس حنظلہ رضی اللہ عنہ (حنظلہ کہتے ہیں: میں سب سے چھوٹا تھا) کے لیے دعائے خیر کردیں آپ ﷺ نے فرمایا: بیٹا میرے پاس آ ؤ چنانچہ حضرت حنظلہ رضی اللہ عنہ آپ ﷺ کے قریب ہوگئے آپ نے ان کے سر پر دست اقدس رکھا اور یہ دعا کی: اللہ تعالیٰ تمہیں برکت دے ذیال کہتے ہیں: میں نے اس کے بعد دیکھا کہ حنظلہ رضی اللہ عنہ کے پاس کوئی ورم زدہ مرد یا ورم زدہ تھنوں والی بکری لائی جاتی آپ اپنے ہاتھوں پر تھتکارتے اور پھر ہاتھوں کو ورم پر پھیرتے اور یہ دعا پڑھتے، بسم اللہ علی اثر ید رسول اللہ ﷺ ورم بالکل ٹھیک ہوجاتا۔ رواہ احمد بن حنبل والحسن ابن سفیان ویعقوب بن سفیان و ابویعلی والمنجنیقی فی مسندہ والبغوی والباوردی وابن قانع والطبرانی وابونعیم والضیاء

حضرت حکیم بن سعید بن العاص بن امیہ بن عبد الشمس رضی اللہ عنہ

۳۶۹۹۹ ...... حکیم بن سعید بن العاص رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں رسول کریم ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا تا کہ آپ کے دست اقدس پر بیعت کرلوں، آپ نے پوچھا: تمہارا کیا نام ہے؟ میں نے عرض کیا میرا نام حکیم ہے آپ نے فرمایا: بلکہ تمہارا نام عبداللہ ہے میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! میرا نام عبداللہ ہے۔ رواہ ابونعیم

حضرت حنظلہ بن ربیع الکاتب الاسدی رضی اللہ عنہ

۳۷۰۰۰ ...... قیس بن زہیر کہتے ہیں: میں حنظلہ بن ربیع رضی اللہ عنہ کے ساتھ حضرت فرات بن حیان رضی اللہ عنہ کی مسجد میں گیا اتنے میں نماز کا وقت ہوگیا فرات رضی اللہ عنہ نے حنظلہ رضی اللہ عنہ سے کہا: اے حنظلہ آگے بڑھو اور امامت کراؤ چونکہ تم عمر میں مجھ سے بڑے ہو اور مجھ سے پہلے ہجرت کی ہے دراں حالیکہ یہ مسجد بھی آپ کی مسجد ہے، فرات رضی اللہ عنہ بولے: میں نے رسول اللہ ﷺ آپ کے متعلق ارشاد فرماتے سنا ہے لہٰذا میں کبھی بھی آگے نہیں ہوں گا چنانچہ حنظلہ رضی اللہ عنہ آگے بڑھ گئے اور لوگوں کو نماز پڑھائی فرات رضی اللہ عنہ بولے: اے بنی عجل! میں نے

انھیں آگے اس لیے کیا ہے کہ میں رسول اللہ ﷺ کو سنا ہے دراں حالیکہ رسول اللہ ﷺ نے انھیں جاسوسی کے لیے طائف روانہ کیا چنانچہ یہ طائف کی خبر لے کر خدمت اقدس میں حاضر ہوئے حنظلہ رضی اللہ عنہ بولے: تم نے سچ کہا: لہٰذا اب اپنے گھر واپس لوٹ جاؤ، چونکہ تم رات بھر جاگتے رہے ہو جب واپس ہوتے آپ نے ہم سے فرمایا: اس جیسے لوگوں کو اپنا امام بناؤ۔ رواہ ابویعلی والبغوی وابن عساکر

حضرت حارث بن حسان رضی اللہ عنہ

۳۷۰۰۱...... حارث بن حسان بکری ذہلی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ایک مرتبہ میں مقام ربذہ میں ایک بڑھیا کے پاس سے گزرا۔
رواہ احمد بن حنبل والحسن بن سفیان وابونعیم

حضرت حارثہ بن عدی بن امیہ بن ضبیب رضی اللہ عنہ

۳۷۰۰۲...... جعفر بن کمیل بن عصمہ بن کمیل بن دیر بن حارثہ بن عدی بن امیہ بن ضبیب اپنے آباء واجداد سے حضرت حارثہ بن عدی رضی اللہ عنہ کی روایت نقل کرتے ہیں وہ کہتے ہیں: میں اور میرا بھائی اس وفد میں موجود تھے جو رسول اللہ ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا تھا آپ نے فرمایا: یا اللہ! حارثہ کے طعام میں برکت عطا فرما۔ الحدیث رواہ ابونعیم

حضرت حارث بن مسلم تمیمی رضی اللہ عنہ

۳۷۰۰۳...... ''مسند ابی مسلم حارث بن مسلم تمیمی رضی اللہ عنہ'' عبدالرحمٰن بن حسان کنانی، مسلم بن حارث بن مسلم تمیمی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ان کے والد حارث بن مسلم رضی اللہ عنہ نے انھیں حدیث سنائی کہ رسول کریم ﷺ نے انھیں ایک سریہ کے ہمراہ روانہ کیا۔ جب ہم مطلوبہ جگہ کے قریب پہنچے میں نے اپنا گھوڑا تیز رفتار کر دیا اور اپنے ساتھیوں سے آگے بڑھ گیا چنانچہ بستی والوں کو آہ وبکاء کرتے ہوئے پایا میں نے اہل بستی سے کہا: لا الٰہ الا اللہ کہہ دو جان بچا لو گے بستی والوں نے کلمہ پڑھ لیا اتنے میں میرے ساتھی بھی پہنچ گئے انھوں نے مجھے ملامت کی اور کہا: وہ غنیمت جو ہمارے ہاتھوں میں آچکی تھی اس سے تم نے ہمیں محروم کر دیا ہے جب ہم واپس لوٹے ہم نے اس واقعہ کا رسول اللہ ﷺ سے تذکرہ کیا آپ ﷺ نے مجھے اپنے پاس بلایا اور میری اس کاروائی پر مجھے خراج تحسین پیش کیا اور فرمایا: خبردار! اللہ تعالیٰ نے بستی والوں کے ہر انسان کے بدلہ میں تمہارے نامۂ اعمال میں فلاں اور فلاں نیکیاں لکھ دی ہیں۔ عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ بولے: اس کا سبب میں بنا ہوں۔ پھر رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے فرمایا: میں تمہارے لیے ایک نوشتہ تحریر کرتا ہوں اور میرے بعد مسلمانوں کے آنے والے آئمہ (حکمرانوں) کو تمہاری وصیت کرتا ہوں چنانچہ آپ نے نوشتہ تحریر کیا اور اسے سربمہر کر کے میرے حوالے کر دیا مجھے آپ نے وصیت کی: جب صبح کی نماز پڑھو تو کلام کرنے سے قبل سات مرتبہ یہ کلمات پڑھو ''اللھم اجرنی من النار'' اگر تم اسی دن مر گئے تمہیں عذاب نار سے پناہ مل جائے گی، اور جب مغرب کی نماز پڑھو تب بھی کلام کرنے سے قبل سات مرتبہ ''اللھم اجر نی من النار'' پڑھو اگر تم اس رات مر گئے اللہ تعالیٰ تمہیں عذاب نار سے پناہ دے دے گا حضرت حارث بن مسلم رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ جب رسول اللہ ﷺ دنیا سے رخصت ہو گئے میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں وہ نوشتہ لے کر حاضر ہوا آپ رضی اللہ عنہ نے مہر توڑی اور نوشتہ پڑھا آپ نے میرے لیے مال کا حکم دیا اور نوشتہ پر مہر لگا کر میرے حوالے کر دیا۔ میں یہ نوشتہ لے کر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آیا آپ نے بھی یہی کچھ کیا: ان کے بعد میں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے پاس آیا انھوں نے بھی میرے ساتھ یہی معاملہ کیا حضرت حارث رضی اللہ عنہ نے عثمان رضی اللہ عنہ کے دور خلافت میں وفات پائی مسلم بن حارث کہتے ہیں نوشتہ ہمارے پاس محفوظ تھا حتیٰ کہ عمر بن عبدالعزیز کا دور خلافت آیا عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ نے ہمارے متعلق اپنے عامل کو حکم لکھا کہ مسلم بن حارث تمیمی کا وہ خط جو

رسول اللہ ﷺ نے اس کے والد کے لیے لکھا تھا اس کی تعیین کرو چنانچہ میں نے وہ خط عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ کو بھیج دیا انھوں نے میرے لیے مال کا حکم دیا اور خط پر مہر لگائی۔ رواہ الحسن بن سفیان وابونعیم

۳۷۰۰۴..... حارث بن مسلم بن حاث اپنے والد اور دادا سے روایت نقل کرتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے میرے دادا حارث رضی اللہ عنہ کے لیے خط لکھا جس میں آنے والے امراء والاۃ کو وصیت کی گئی تھی آپ نے اس خط کو سربمہر کر کے ان کے حوالہ کیا تھا۔

رواہ احمد بن حنبل وابونعیم

حضرت حارث بن عبد شمس خثعمی رضی اللہ عنہ

۳۷۰۰۵..... حارث بن عبدالشمس خثعمی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ وہ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور اسلام قبول کیا: انھوں نے اپنے جمیع اصحاب کے لیے ان کی جانوں اور اموال کا امن طلب کیا، آپ ﷺ نے ان کے لیے خط لکھا اور انھیں اپنے علاقہ میں آنے کی اجازت مرحمت فرمائی اور فلاں فلاں حکم دیا۔ الحدیث۔ رواہ ابونعیم

حضرت حکم بن حارث سلمی رضی اللہ عنہ

۳۷۰۰۶..... حضرت حکم بن حارث سلمی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے مجھے کچھ بزرگان دین (صحابہ کرام رضی اللہ عنہم) کے ساتھ (کسی مہم پر) بھیجا آپ کا میرے پاس سے گزر ہوا جب کہ میری اونٹنی پیچھے رہ گئی تھی اور میں اسے مارے جارہا تھا آپ نے فرمایا: اسے نہ مارو، فرمایا: چلتی جا اونٹنی اٹھ کھڑی ہوئی اور لوگوں کے ساتھ ساتھ چلنے لگی۔ رواہ الحسن بن سفیان والطبرانی وابو نعیم

۳۷۰۰۷..... خبیب بن حرم سلمی کہتے ہیں: میرے چچا کا عطا دو ہزار (درہم یا دینار) ہوتا تھا جب اپنا عطا نکالتے اپنے غلام سے کہتے: جاؤ اور ہمارا قرض چکا دو۔ چونکہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو ارشاد فرماتے سنا ہے: جس نے ایک دینار چھوڑا اسے آگ کا ایک داغ لگایا جائے گا جس نے دو دینار چھوڑے اسے دو داغ لگائے جائیں گے۔ رواہ ابونعیم

۳۷۰۰۸..... حکم بن حارث سلمی رضی اللہ عنہ نے ایک بار فرمایا: جب تم مجھے دفن کر چکو اور میری قبر پر پانی چھڑک دو اس وقت میری قبر پر کھڑے ہو جاؤ اور قبلہ رو ہو کر میرے لیے دعا کرو۔ رواہ ابونعیم

حضرت حسیل ابوحذیفہ رضی اللہ عنہ

۳۷۰۰۹..... محمود بن لبید کہتے ہیں: جب رسول اللہ ﷺ اُحد کی طرف تشریف لے گئے تو حسیل۔ (اور وہ یمان حضرت حذیفہ بن یمان کے والد ہیں) اور ثابت بن وقش بن زعوراء عورتوں اور بچوں کے ساتھ ایک اونچے ٹیلے پر چڑھ گئے وہ آپس میں کہنے لگے (یہ دونوں بوڑھے تھے) تمہارا باپ نہ رہے! کیا دیکھتے نہیں ہو اللہ کی قسم (اسلام میں داخل ہونے کے لئے) ہم میں سے کسی کے لیے وقت نہیں رہا مگر اتنا ہی جتنا وقت پیاسے گدھے کو پانی دیکھ کر لگتا ہے (ہم بوڑھے ہو چکے ہیں) آج مرے یا کل لہٰذا ہمیں اپنی تلواریں پکڑ لینی چاہئیں اور پھر ہمیں رسول اللہ ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہو جانا چاہیے شاید اللہ تعالیٰ ہمیں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ شہادت نصیب فرمادے چنانچہ دونوں حضرات نے اپنی تلواریں لیں اور لوگوں میں گھس گئے حالانکہ ان کا کسی کو علم نہیں تھا، رہی بات حضرت ثابت بن وقش رضی اللہ عنہ کی سو انھیں مشرکین نے قتل کر دیا رہی بات حسیل رضی اللہ عنہ کی ان پر مسلمانوں کے تیروں کی اندھا دھند بارش برسی حالانکہ مسلمانوں کو ان کا علم نہیں تھا۔ یوں وہ مسلمانوں کے ہاتھوں شہید ہوئے حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ بولے: یہ میرے والد ہیں مسلمانوں نے کہا: بخدا اگر ہم انھیں پہچانتے حذیفہ رضی اللہ عنہ نے کہا: اللہ تعالیٰ

تمہاری مغفرت کرے اور وہ ارحم الرحمین ہے رسول اللہ ﷺ نے حذیفہ رضی اللہ عنہ کو دیت دینی چاہی حذیفہ رضی اللہ عنہ نے دیت مسلمانوں کو صدقہ کردی (اور لینے سے انکار کردیا) چنانچہ رسول اللہ ﷺ کے ہاں انھیں خیر و بھلائی میں دن رگنی رات چگنی ترقی ملتی رہی۔ رواہ ابونعیم

حضرت حممہ دوسی رضی اللہ عنہ

۳۷۰۱۰......حمدی بن عبدالرحمن حمیری کی روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے ایک شخص تھا جسے حمم کہا جاتا تھا انہوں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دور خلافت میں اصفہان میں جہاد کیا عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یا اللہ! بلاشبہ حممہ رضی اللہ عنہ کو تیری ملاقات بہت محبوب ہے یا اللہ! وہ اگر اس میں سچا ہے اس کے سچ کی پاسداری رکھ اور اگر جھوٹا ہے پھر اس کا وبال اسی پر ڈال دے یا اللہ! حمم کو اس سفر سے واپس نہ کرنا۔ چنانچہ حضرت حممہ رضی اللہ عنہ نے اصفہان میں وفات پائی وفات کی خبر سن کر ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے فرمایا: اے لوگو! اللہ کی قسم! ہم نے نبی کریم ﷺ سے جو کچھ سنا ہے اور جہاں تک ہمارے علم کی آسانی ہے وہ یہ کہ حممہ رضی اللہ عنہ شہید ہیں۔ رواہ ابونعیم

حوط بن قرواش بن حصین رضی اللہ عنہ

۳۷۰۱۱......حاتم بن فضل بن سالم بن جون بن عیاچ بن حوط بن قراوش بن حصین بن ثامہ بن شبت بن حدر اپنے اباء واجداد سے روایت نقل کرتے ہیں کہ حضرت حوط بن قرواش رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا میرے ساتھ بنوعدی کا ایک شخص اور تھا اسے واتد کہا جاتا تھا ہم اسلام لانے کے لیے پہلی بار خدمت اقدس میں حاضر ہوئے تھے۔الحدیث۔ رواہ ابونعیم

حرف خاء......حضرت خالد بن عمیر رضی اللہ عنہ

۳۷۰۱۲......حضرت خالد بن عمیر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں مکہ میں نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا جب کہ نبی کریم ﷺ ہجرت سے قبل مکہ ہی میں مقیم تھے میں نے آپ کے دست اقدس پر بیعت کی۔ رواہ الحسن بن سفیان و ابونعیم

حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ

۳۷۰۱۳......''مسند صدیق'' عروہ کہتے ہیں: حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے مرتد ہوجانے والوں میں سے بعض لوگوں پر آگ برسائی حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے عرض کیا: کیا آپ اس شخص کو چھوڑ رہے ہیں جو لوگوں کو اللہ کے عذاب کی سزا دیتا ہے؟ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں اس تلوار کو نیام میں نہیں داخل کروں گا جسے اللہ تعالیٰ نے مشرکین پر بے نیام کردیا ہے۔

رواہ عبد الرزاق وابن ابی شیبة وابن سعد

۳۷۰۱۴......وحشی بن حرب بن وحشی اپنے والد سے نقل کرتے ہیں کہ وحشی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کا تذکرہ کرتے ہوئے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو ارشاد فرماتے سنا ہے:۔ (خالد بن ولید) اللہ تعالیٰ کا اچھا بندہ ہے قبیلے کا فرزند ارجمند ہے اللہ تعالیٰ کی تلواروں میں سے ایک تلوار ہے جسے اللہ تعالیٰ نے مشرکین و منافقین کے لیے بے نیام کردیا ہے۔

رواہ احمد بن حنبل والحسن بن سفیان والبغوی والطبرانی والحاکم و ابونعیم وابن عساکر والضیاء

۳۷۰۱۶......یزید بن اصم کہتے ہیں: جب حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے وفات پائی ان پر خالد رضی اللہ عنہ کی والدہ رونے لگیں عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے ام خالد! کیا خالد اور اس کے اجر و ثواب کے مفقود ہونے پر رو رہی ہو؟ میں تجھے واسطہ دیتا ہوں کہ رات تجھے گزرنے نہ پائے

حتیٰ کہ اپنے ہاتھوں کو مہندی میں رنگ لو۔ رواہ ابن سعد

۳۷۰۱۶..... حضرت ثعلبہ بن ابی مالک کہتے ہیں میں نے ہفتہ کے دن حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو قباء میں دیکھا آپ رضی اللہ عنہ کے ساتھ مہاجرین والنصار کی ایک جماعت تھی جب کہ اہل شام کے کچھ حاجی مسجد قباء میں نماز پڑھ رہے تھے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے پوچھا: یہ کون لوگ ہیں؟ حاضرین نے کہا: یہ لوگ حمص کے رہنے والے ہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان سے پوچھا: کیا وہاں خیریت ہے انھوں نے کہا: جس دن ہم حمص سے آئے ہیں اس دن حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کی وفات ہوئی ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ بار بار انا للہ وانا الیہ راجعون پڑھتے رہے اپنا سر جھکا لیا اور خالد رضی اللہ عنہ کے لیے دعائے رحمت کرتے رہے۔ اور فرمایا: اللہ کی قسم! خالد دشمنوں کے آگے۔ (سیسہ پلائی ہوئی) دیوار کی مانند تھے اور معرکہ جات کے ہیرو تھے حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ بھی وہاں موجود تھے وہ بولے: آپ نے خالد کو معزول کیوں کیا تھا؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے اسے اس لیے معزول کیا ہے چونکہ وہ اہل شرف اور شعراء پر مال خرچ کرتا تھا حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کہا: آپ انھیں فضول خرچی سے روکتے اور لشکر کی کمان ان کے پاس رہنے دیتے فرمایا: وہ اس پر راضی نہیں تھا حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کہا: آپ نے انھیں آزمایا کیوں نہیں۔ رواہ ابن سعد وابن عساکر

فائدہ: ...... حضرت خالد رضی اللہ عنہ اہل شرف اور شعراء پر اپنا ذاتی مال خرچ کرتے تھے سرکاری مال یا اجتماعی مال غنیمت نہیں تھا بایں ہمہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ اس عبقری شخصیت کے مالک تھے جس کی مثال نہیں ملی ان کے ہاں یہ چیز بھی قابل ماخوذ تھی اور وہ اسے امراء اور سپہ سالاروں کے لیے خلاف اولیٰ سمجھتے تھے۔ رضی اللہ عنہم اجمعین۔

۳۷۰۱۷..... بنی غفار کے ایک بزرگ کہتے ہیں: میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو فرماتے سنا دراں حالیکہ آپ رضی اللہ عنہ حضرت خالد رضی اللہ عنہ کے مناقب اور موت کا تذکرہ کر رہے تھے فرمایا: اسلام میں ایک زبردست خلاء پڑا ہے جو پر نہیں ہونے پائے گا عرض کیا: اے امیر المؤمنین حضرت خالد رضی اللہ عنہ کی زندگی میں تو آپ کی یہ رائے نہیں تھی فرمایا: جو کچھ ان سے مقصود تھا وہ میں پہلے کر چکا ہوں۔ رواہ ابن سعد

۳۷۰۱۸..... ''مسند عمر'' ابوعلی صرمازی کہتے ہیں: ایک مرتبہ ھشام بن بختری بنی مخزوم کے چند لوگوں کے ساتھ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے ھشام! مجھے اپنے وہ اشعار سناؤ جو تم نے خالد بن ولید کے متعلق کہے ہیں چنانچہ ہشام نے وہ اشعار سنائے پھر کہا: میں نے ابوسلیمان کی مدح میں کم اشعار کہے اللہ تعالیٰ ان پر رحم فرمائے اگرچہ شرک اور اہل شرک کو ذلیل کرنا انھیں بہت پسند تھا اور گستاخ ان کے آگے اللہ کے عذاب کا مستحق بن جاتا تھا پھر عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ بنی تمیم کے بھائی کو غرق کرے کیا خوب تاجر تھا۔

فقل للذی یبقی خلاف الذی مضی
تہیأ لاخری مثلها فکان
قد فما عیش من قد عاش قبلی بنا فعی
ولا موت من قد مات قبلی بمخائدی

باقی زندہ رہنے والوں سے کہو وہ کچھ جو گذشتہ کے خلاف ہے اس جیسی ایک اور موت کے لیے تیاری کرو گویا کہ جس کا وقوع ہو چکا ہے جو لوگ مجھ سے پہلے زندہ رہے ان کی زندگی کس نفع کی تھی اور جو مجھ سے پہلے مر چکے ان کی موت کس کام کی۔

پھر فرمایا اللہ تعالیٰ ابوسلیمان (خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کی کنیت تھی) پر رحم فرمائے۔ اللہ تعالیٰ کے یہاں ان کے لیے دنیا سے بدرجہا بہتر ہے البتہ وہ دنیا سے رخصت ہوئے کہ اپنا ثانی نہیں چھوڑا اور جو زندگی گزاری وہ بھی قابل ستائش ہے لیکن تم زمانہ ڈھونڈو گے ان کی مثال نہ ملے گی۔

رواہ ابن عساکر

میں کہتا ہوں تو مرا نہیں یقیناً دنیا مرگئی
مگر تیرے جا مرنے سے ویرانی آگئی

تیری موت نہیں عالم کی موت ہے
ہر سو جس سے تاریکی چھا گئی
زندگی میں حمید تھا مزا ہے فقید ہے
تا قیامت بھر زمانہ رنگی رلا گئی ●

از مترجم

۳۷۰۱۹...... عدی بن سہل کہتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے مختلف شہروں میں حکمنامہ جاری کیا تھا جسکا مضمون یہ ہے: یقیناً میں نے غصہ میں آ کر خالد کو معزول نہیں کیا اور نہ ہی کسی قسم کی خیانت کی وجہ سے انھیں معزول کیا ہے لیکن لوگ ان کی وجہ سے فتنہ میں مبتلا ہو چکے تھے مجھے خدشہ ہوا کہیں لوگوں کو خالد کے رحم وکرم پر نہ چھوڑ دیا جائے اور آزمائش میں ڈال دیئے جائیں، میں چاہتا ہوں لوگ یقین رکھیں کہ سب کرنے والا صرف اللہ تعالیٰ ہے اور یوں لوگ کسی قسم کے فتنہ میں نہ پڑیں۔ رواہ سیف و ابن عساکر

۳۷۰۲۰...... شعبی کی روایت ہے کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ اور حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے لڑکپن میں آپس میں کشتی لڑی۔ خالد رضی اللہ عنہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ماموں زاد بھائی تھے چنانچہ خالد رضی اللہ عنہ نے عمر رضی اللہ عنہ کی پنڈلی توڑ دی جس کی وجہ سے ٹانگ میں لنگڑا پن پیدا ہو گیا تھا اور بعد میں ہڈی درست ہو جانے پر لنگڑا پن جاتا رہا چنانچہ ان دونوں حضرات کے درمیان عداوت کا یہی سبب تھا۔
رواہ ابن عساکر

کلام:...... حدیث پر کلام کیا گیا ہے حتیٰ کہ موضوع تک اسے کہا گیا ہے ابن جوزی نے اسے واھیات میں شمار کیا ہے اگر حدیث کی صحت تسلیم کر لی جائے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی ذات گرامی جاہلیت کے دور کا اسلام میں انتقام لینے کی اجازت نہیں دیتی سو کہاں عمر اور کہاں ذاتی انتقام۔ علی سبیل التسلیم: سوال پیدا ہوتا ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنی خلافت کے پانچ سال بعد حضرت خالد رضی اللہ عنہ کو کیوں معزول کیا؟ اگر انتقام ہی لینا تھا تو خلافت کے ملتے ہی انھیں معزول کر دیتے اگر یہ کہا جائے کہ اس وقت فتوحات کی ابتداء تھی اور حضرت خالد کی ضرورت تھی جناب والا! یہ اپنی طرف سے چاڈ ماری ہے چونکہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی دور میں قلت رجال نہیں تھی ابوعبیدہ بن الجراح رضی اللہ عنہ تھے معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ تھے عکرمہ بن ابی جہل رضی اللہ عنہ تھے عمرو بن معدیکرب رضی اللہ عنہ تھے۔ از مترجم

۳۷۰۲۱...... حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں رسول کریم ﷺ کے دربار گوہر یاب میں سرخرو ہونے کے لیے نکل پڑا میری ملاقات خالد بن ولید سے ہو گئی یہ فتح مکہ سے پہلے کا واقعہ ہے خالد رضی اللہ عنہ بھی مکہ سے آرہے تھے میں نے کہا: اے ابوسلیمان! کہاں کا ارادہ ہے؟ خالد رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: اللہ کی قسم! حق کا نشان لگنے والا ہے بلاشبہ یہ شخص (محمد ﷺ) نبی ہے اللہ کی قسم میں اسلام قبول کرنے چلا ہوں خالد رضی اللہ عنہ نے پوچھا: تمہارا کہاں کا ارادہ ہے؟ میں نے کہا: اللہ کی قسم میں بھی صرف اسلام قبول کرنے کی غرض سے چلا ہوں۔ ہم رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے خالد رضی اللہ عنہ مجھ سے آگے بڑھ گئے اسلام قبول کیا اور دست اقدس پر بیعت کی پھر میں قریب ہوا بیعت کی اور پھر میں واپس لوٹ گیا۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۰۲۲...... حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب سے میں نے اور خالد رضی اللہ عنہ نے اسلام قبول کیا ہے رسول اللہ ﷺ نے کسی جنگ میں اپنے صحابہ رضی اللہ عنہم میں سے کسی کو بھی میرے اور خالد رضی اللہ عنہ کے ہم پلہ نہیں سمجھا۔ رواہ ابویعلی و ابن عساکر

۳۷۰۲۳...... حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں ایک مرتبہ ہم رسول کریم ﷺ کے ساتھ تھے اتنے میں لوگ گزرنے لگے رسول اللہ ﷺ پوچھتے: اے ابوہریرہ یہ کون ہے؟ میں عرض کرتا: یہ فلاں ہے آپ فرماتے: یہ اللہ تعالیٰ کا بہت اچھا بندہ ہے پھر کوئی گزرتا آپ پوچھتے یہ کون ہے؟ میں عرض کرتا فلاں ہے؟ آپ فرماتے یہ اللہ کا بہت برا بندہ ہے یہاں تک کہ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ گزرے میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! یہ خالد بن ولید ہیں، فرمایا: خالد اللہ تعالیٰ کا بہت اچھا بندہ ہے اور اللہ کی تلواروں میں سے ایک تلوار ہے۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۰۲۴...... حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب اللہ تعالیٰ نے مجھے خیر وبھلائی سے سرشار کرنے کا ارادہ کیا، میرے دل میں

اسلام کی محبت ڈال دی اور میری رشد و ہدایت کا وقت آن پہنچا۔ میں نے کہا: میں محمد ﷺ کے خلاف لڑی گئی ساری جنگوں میں شریک رہا ہوں اور جس جنگ سے بھی واپس لوٹا ہوں دل میں پختہ عزم ہوتا چلا گیا کہ جس جگہ میں کھڑا ہوں یہ میرے شایان شان نہیں ہے (مجھے کہیں اور ہونا چاہیے تھے) اور یہ کہ محمد ﷺ کو عنقریب غلبہ حاصل ہو جائے گا چنانچہ جب رسول اللہ ﷺ صلح حدیبیہ کی طرف تشریف لائے میں مشرکین کے شہسواروں کے ساتھ نکل پڑا میں رسول اللہ ﷺ سے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے ساتھ مقام عسفان میں ملا میں آپ سے تعرض کرنے کے لئے آپ کے بالمقابل کھڑا ہو گیا آپ نے صحابہ رضی اللہ عنہم کو نماز ظہر میں امامت کرائی (دوران نماز) ہم نے ارادہ کیا کہ محمد اور اس کے ساتھیوں پر حملہ کر دیں لیکن ہمیں اس کی ہمت نہ ہوئی بلاشبہ اس میں بہتری تھی چنانچہ دفاعی لحاظ سے ہمیں اور پختہ یقین ہوتا چلا گیا پھر آپ ﷺ نے اپنے صحابہ کو نماز عصر پڑھائی اور نماز خوف پڑھائی یہ بات بھی میرے دل میں رچ بس گئی اور میں نے کہا: بلاشبہ یہ شخص اپنے مضبوط دفاع میں ہے اور اس کے پاس بلا کی قوت بھی ہے ہم حملے کا خیال ترک کر کے چلے گئے جب کہ رسول اللہ ﷺ ہمارے شہسواروں والا راستہ چھوڑ کر دائیں طرف سے چلے گئے جب قریش نے حدیبیہ میں صلح کر لی اور آپ ﷺ کو قریش نے چٹیل میدان میں دھکیل دیا میں نے دل ہی دل میں کہا: اب کونسی چیز باقی رہی ہے، نجاشی کے پاس جانے کا کونسا راستہ رہا ہے جب کہ نجاشی نے محمد اور اس کے اصحاب کی اتباع اختیار کر لی ہے اور محمد کے اصحاب نجاشی کے پاس امن خوردہ ہیں، اگر میں ہرقل کی طرف جاتا ہوں تو اپنے دین سے نکلنا پڑتا ہے مجھے یا تو نصرانی ہونا پڑے گا یا یہودی پھر مجھے ان عجمیوں کے ساتھ رہنا پڑے گا دوسری صورت یہ ہے کہ میں اپنے گھر ہی میں بند ہو کر رہ جاؤں میں اسی کشمکش و پنج میں تھا کہ رسول اللہ ﷺ عمرہ قضا کے لیے تشریف لائے میں غائب ہو گیا اور مکہ میں آپ کے داخلہ کے وقت حاضر نہیں ہوا آپ نے مجھے تلاش کیا مگر مجھے نہ پایا آپ نے میری طرف خط لکھا جس کا مضمون یہ ہے ''بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ اما بعد! میں نے اس سے بڑھ کر کوئی بات عجیب تر نہیں دیکھی کہ تم اسلام سے بھاگ رہے ہو حالانکہ تمہاری عقل بے مثال ہے بھلا اسلام جیسی چیز سے کون جاہل رہ سکتا ہے۔'' رسول اللہ ﷺ نے میرے متعلق پوچھا: خالد کہاں ہے؟ میں نے دل میں کہا: اللہ تعالیٰ اسے لائے گا آپ نے یہ بھی فرمایا: خالد جیسے لوگ اسلام سے جاہل نہیں رہ سکتے' اگر خالد کی یلغار مسلمانوں کے ساتھ مل کر مشرکین کے خلاف ہوتی تو یہ اس کے لیے بدر جہا بہتر تھی اور اسے ہم دوسروں پر مقدم کرتے اے میرے بھائی مافات کا استدراک کرو بلاشبہ بہت سارے نیکی کے مقام تجھ سے نکل چکے ہیں'' چنانچہ جب آپ کا خط مجھے ملا مدینہ کی طرف چل پڑنے کا شوق مجھے بیقرار کرنے لگا اسلام کی طرف میری رغبت دو چند ہونے لگی، رسول اللہ ﷺ کے مکتوب گرامی نے میری فرحت و سرور میں اضافہ در اضافہ کر دیا۔

حضرت خالد رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ایک رات میں نے خواب دیکھا گویا میں کسی تنگ بے آب و گیاہ جگہ میں ہوں اور میں وہاں سے نکل کر کشادہ اور سرسبز و شاداب جگہ میں پہنچ گیا، میں نے سوچا: یقیناً یہ سچا خواب ہے، چنانچہ جب میں مدینہ پہنچا میں نے کہا: میں ضرور ابو بکر سے اس خواب کا ذکر کروں گا۔ کہتے ہیں: میں نے ابو بکر رضی اللہ عنہ سے خواب بیان کیا ابو بکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ تمہارا کفر و شرک سے نکل کر اسلام و ہدایت کی طرف آنا ہے چنانچہ جب رسول اللہ ﷺ کی طرف کوچ کرنے کا میرا پروگرام بن گیا میں نے سوچا: محمد کے پاس جانے کے لیے میں کسے اپنا رفیق سفر بناؤں اس کے لیے میں نے صفوان بن امیہ سے ملاقات کی، میں نے اسے کہا: اے ابو وھب! ہم جس چیز (یعنی کفر و شرک) میں پڑے ہوئے ہیں اس بارے تمہاری کیا رائے ہے؟ بلاشبہ ہم تو ایک سر کا نوالہ ہیں عنقریب محمد عرب و عجم پہ چھایا چاہتا ہے لہٰذا ہم کیوں نہ محمد کی اتباع اختیار کریں یقیناً محمد کی برتری حقیقت میں ہماری برتری ہے، چنانچہ صفوان بن امیہ نے بڑی سختی سے انکار کر دیا اور بولا: بالفرض قریش میں سے میرے سوا کوئی بھی باقی نہ رہے تب بھی میں محمد کی پیروی نہیں کروں گا۔ اس قدر بحث و مباحثہ کے بعد ہم جدا ہو گئے میں نے کہا: یہ شخص تو انتقام پر تلا ہوا ہے چونکہ اس کا باپ اور بھائی بدر میں قتل کر دیئے گئے تھے، پھر اسی سلسلہ میں میں نے عکرمہ بن ابی جہل سے ملاقات کی اور اس کے آگے بھی میں نے یہی بات رکھی لیکن اس نے بھی صفوان کی طرح ٹکا سا جواب دے دیا، البتہ جاتے جاتے میں نے اس سے کہا: اتنا تو کرنا کہ میرا کسی سے ذکر نہ کرنا۔ بولا: کسی سے تمہارا ذکر نہیں کروں گا میں اپنے گھر واپس چلا گیا میں نے اپنی سواری تیار کرنے کا حکم دیا تا کہ میں عثمان بن ابی طلحہ سے ملوں میں نے سوچا: یہ میرا اچھا دوست ہے اگر میں اپنے ارادہ کا اس سے ذکر کر دوں شاید یہ میری حمایت کرے چنانچہ میں اس کے پاس چلا گیا اور اس کے آباء کا ذکر کیا جو قتل کیے جا چکے تھے۔ پھر میں نے اچھا نہ سمجھا کہ میں اپنے ارادہ کا اس سے ذکر کروں پھر میں نے سوچا اگر میں

میں ابھی نکل جاؤں بھلا میرے آگے کونسی رکاوٹ حائل ہے۔ بہر حال میں اسے مختلف راویوں سے گزار کر اصل مقصد پر لے آیا اور میں نے اس سے کہا: ہماری مثال اس لومڑ کی سی ہے جو کسی سوراخ میں دبکا بیٹھا ہو اگر اس پر کٹی ڈول پانی انڈیلا جائے لامحالہ لومڑ باہر آجائے گا پھر میں نے اس سے بھی اسی طرح کی باتیں کیں جو میں نے پہلے اپنے دو دوستوں سے کی تھیں۔ چنانچہ اس نے مجھے جلد ہی تسلی بخش جواب دیا اور کہنے لگا: میں آج ہی کوچ کرنے کا سوچ رہا ہوں اور یہ میرا پختہ ارادہ ہے سامنے گھاٹی میں میری سواری تیار کھڑی ہے چنانچہ ہم نے آپس میں جائے ملاقات ''یاجج'' نامی جگہ متعین کر دی کہ اگر وہ آگے نکل گیا تو وہ اس جگہ میرا انتظار کرے گا اور اگر میں آگے نکل گیا تو میں اس جگہ اس کا انتظار کروں گا چنانچہ ہم سحری کے قریب روانہ ہو گئے ابھی فجر طلوع نہیں ہوئی تھی کہ ہم متعین جگہ (یاجج) پہنچ گئے وہاں سے ہم دونوں آگے چل پڑے اور مقام ھدہ'' جا پہنچے وہاں ہم نے حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کو پایا، وہ بولے: مرحبا ہم نے کہا: تمہیں بھی مرحبا۔ عمرو رضی اللہ عنہ بولے: کہاں کا ارادہ ہے، ہم نے بھی فوراً سوال داغ دیا کہ تم گھر سے کیوں باہر نکلے ہو؟ انھوں نے بھی جواب میں ایک اور سوال دے مارا بولے: تمہیں کس چیز نے نکلنے پر مجبور کیا ہے؟ ہم نے ہی جواب دیا: اور ہمیں کو تھتی سلجھانی پڑی ہم نے کہا: ہم اسلام میں داخل ہونا چاہتے ہیں اور محمد ﷺ کی اتباع اختیار کرنا چاہتے ہیں۔ عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ بولے: یہی چیز مجھے بھی یہاں تک لے آئی ہے، حضرت خالد رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم سب اکٹھے مدینہ پہنچے اور مقام صرہ میں اپنی سواریاں بٹھائیں اتنے میں ہمارے آنے کی رسول اللہ ﷺ کو خبر کی گئی آپ ہماری آمد پر بے حد خوش ہوئے میں نے اپنا عمدہ جوڑا زیب تن کر رکھا تھا میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضری کا ارادہ کیا اتنے میں میرا بھائی مجھ سے ملا اس نے کہا: جلدی کرو، چونکہ رسول اللہ ﷺ کو تمہاری آمد پر بے حد خوشی ہوئی ہے اور آپ ﷺ تمہارے انتظار میں ہیں، چنانچہ میں نے نہ آؤ دیکھا نہ تاؤ جلدی جلدی قدم اٹھاتا ہوا خدمت اقدس میں حاضر ہوا جب میں نمودار ہوا دیکھا کہ؟ آپ کے مسکراہٹ بھرے مبارک ہونٹوں سے تبسم کے پیالے بھرے جارہے ہیں میں کھڑا ہو گیا اور سلام پیش کیا آپ نے مسکراتے چہرے سے سلام کا جواب دیا میں نے عرض کیا: میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں اور آپ اللہ کے رسول ہیں۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تمام تعریفیں اس ذات کے لیے ہیں جس نے تمہیں ہدایت سے بہرہ مند کیا میں نے تمہارے اندر عقل سلیم کا وجدان کر لیا تھا مجھے پختہ امید تھی کہ تمہارا اسلام قبول کرنا خیر و بھلائی کا پیغام ہے میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ بہت ساری جنگوں میں نہایت سختی سے حق سے روگردانی کی ہے اور آپ کے خلاف لڑتا رہا ہوں لہٰذا اللہ تعالیٰ سے دعا کیجئے کہ میری بخشش کر دے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اسلام گذشتہ کے تمام تر گناہوں کالعدم کر دیتا ہے ہیں نے عرض کیا: یارسول اللہ آپ دعا فرمادیں آپ نے فرمایا: یا اللہ! خالد بن ولید جہاں جہاں بھی تیری راہوں میں رکاوٹ بننے کے لیے نمودار ہوا ہے اسے سب معاف فرمادے حضرت خالد رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: پھر عمرو بن العاص اور عثمان بن ابی طلحہ رضی اللہ عنہ آگے بڑھے اور رسول اللہ ﷺ کے دست اقدس پر بیعت کی ہم سن ۸ ہجری ماہ صفر میں حاضر خدمت ہوئے تھے اللہ کی قسم جس دن میں نے اسلام قبول کیا اس کے بعد رسول اللہ ﷺ نے کسی جنگ میں اپنے صحابہ میں سے کسی کو بھی میرے ہم پلہ نہیں سمجھا۔ رواہ الواقدی ابن عساکر

۳۷۰۲۵..... عبدالحمید اپنے والد سے روایت نقل کرتے ہیں وہ کہتے ہیں: حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کی ٹوپی میں رسول اللہ ﷺ کا موئے مبارک تھا حضرت خالد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں جب بھی کسی قوم سے میرا مقابلہ ہوا اور حالانکہ موئے مبارک میرے سر پر ہو مجھے ضرور فتح و کامرانی ملی ہے۔ رواہ ابو نعیم

حضرت خباب بن ارت رضی اللہ عنہ

۳۷۰۲۶..... شعبی سے مروی ہے کہ حضرت خباب بن ارت رضی اللہ عنہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس حاضر ہوئے انھوں نے خباب رضی اللہ عنہ کو اپنی نشست گاہ پر بٹھایا اور فرمایا: روئے زمین پر کوئی شخص اس مجلس کا ان سے زیادہ مستحق نہیں سوائے ایک شخص کے خباب رضی اللہ عنہ نے کہا: امیر المؤمنین! بھلا وہ شخص کون ہے؟ فرمایا: وہ ''بلال'' ہیں خباب رضی اللہ عنہ نے کہا: امیر المؤمنین! وہ مجھ سے زیادہ مستحق نہیں ہیں چونکہ

بلال کے لیے مشرکین میں ایسا آدمی تھا جس کے ذریعے سے اللہ ان کی حفاظت کرتا جب کہ میرا کوئی نہیں تھا جو میری حفاظت کرتا چنانچہ ایک دن چشم فلک نے دیکھا کہ لوگوں نے مجھے پکڑ لیا اور پھر آگ سلگائی لوگوں نے مجھے آگ میں دھکیل دیا حتیٰ کہ ایک شخص نے میرے سینے پر پاؤں رکھ دیا میں زمین کی ٹھنڈک کے سوا اپنی پیٹھ کو کسی چیز سے نہ بچا سکا پھر خباب رضی اللہ عنہ نے اپنی پیٹھ سے کپڑا اٹھایا کیا دیکھتے ہیں کہ پیٹھ برص کے نشانات کی طرح سخت متاثر ہے۔ رواہ ابن سعد

۳۷۰۲۷..... زید بن وھب سے مروی ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ حباب رضی اللہ عنہ کو غریق رحمت کرے انھوں نے خوشی سے اسلام قبول کیا خوشی سے ہجرت کی اور عبادتگزار بن کر زندگی گزاری انھیں جسمانی آزمائشوں سے دوچار ہونا پڑا جو شخص نیک عمل کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے اجر وثواب کو ضائع نہیں کرتا۔ نیز حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: خوشخبری ہے اس شخص کے لیے جو اپنی آخرت کو یاد رکھے حساب کے لیے عمل کمائے کفاف پر قناعت کرے اور اللہ عزوجل سے راضی رہے۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۰۲۸..... طارق بن شہاب کہتے ہیں: حضرت حباب رضی اللہ عنہ مہاجرین میں سے تھے اور ان کا شمار ان لوگوں میں ہوتا ہے جنہوں نے اللہ کی راہ میں سخت اذیتیں برداشت کیں۔ رواہ ابن ابی شیبة

حضرت خبیب رضی اللہ عنہ

۳۷۰۲۹..... عثمان بن محمد اخنسی کی روایت ہے کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے حضرت سعید بن عامر بن حذیم جمحی رضی اللہ عنہ کو حمص کا گورنر مقرر کیا چنانچہ سعید بن عامر رضی اللہ عنہ پر غشی طاری ہو جاتی تھی سعید رضی اللہ عنہ اپنے ساتھیوں میں موجود تھے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے ان کی غشی کا ذکر کیا گیا جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ حمص تشریف لائے فرمایا: اے سعید! تمہیں کیسی غشی طاری ہو جاتی ہے؟ کیا تمہیں پاگل پن لاحق ہو جاتا ہے؟ سعید! رضی اللہ عنہ نے کہا: امیر المؤمنین! اللہ کی قسم ایسا نہیں لیکن خبیب رضی اللہ عنہ کو جب قتل کیا گیا ان کے پاس موجود لوگوں میں میں بھی تھا۔ میں نے ان کی بددعا اپنے کانوں سے سنی تھی اللہ کی قسم! اس دعا نے میرے دل پر ایسا اثر کیا کہ میں جس مجلس میں بھی ہوتا ہوں اگر مجھے وہ وقت یاد آ جائے مجھے غشی طاری ہو جاتی ہے چنانچہ ایمان افروز کیفیت سن کر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی بھلائی میں اضافہ ہوا۔ رواہ ابن سعد

۳۷۰۳۰..... عبداللہ بن ابی ملیکہ کی روایت ہے کہ حضرت خبیب بن مسلمہ مدینہ میں نبی کریم ﷺ کی خدمت میں جہاد سے واپس لوٹے ان کے والد نے انھیں مدینہ میں پایا، مسلمہ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: اے اللہ کے نبی! میرا اس کے سوا کوئی بیٹا نہیں جو میرے مال اور جائداد کی دیکھ بھال کرے اور میرے اہل خانہ کی دیکھ بھال کرنے والا بھی کوئی نہیں، چنانچہ نبی کریم ﷺ نے خبیب رضی اللہ عنہ کو والد کے ساتھ روانہ کر دیا اور فرمایا: شاید اسی سال تمہیں چھٹکارا مل جائے اے خبیب اپنے والد کے ساتھ واپس لوٹ جاؤ۔ چنانچہ مسلمہ رضی اللہ عنہ اسی سال وفات پا گئے اور حبیب رضی اللہ عنہ اسی سال دوبارہ غزوات میں شریک ہو گئے۔ رواہ ابو نعیم

حضرت خالد بن ابی جبل عدوانی رضی اللہ عنہ

۳۷۰۳۱..... عبدالرحمن بن خالد بن ابی جبل اپنے والد سے نقل کرتے ہیں، وہ کہتے ہیں: میں نے رسول اللہ کو بنی ثقیف کے مشرق میں دیکھا جب آپ ان کے پاس تشریف لائے آپ کمان پر یا عصا پر ٹیک لگائے کھڑے تھے آپ ثقیف کے پاس نصرت کے لیے آئے تھے میں نے آپ کو سورت ''والسماء والطارق'' پوری پڑھتے سنا میں نے جاہلیت میں یہ سورت یاد کرلی جب کہ میں مشرک ہی تھا میں نے یہ سورت دوبارہ پڑھی جب کہ میں اسلام میں داخل ہو چکا تھا ثقیف کے لوگوں نے کہا: اس شخص سے تم نے کیا سنا ہے؟ میں نے ان کو سورت طارق پڑھ کر سنادی چنانچہ قریش میں جو لوگ بنی ثقیف کے ساتھ تھے وہ بولے: ہم اپنے صاحب کو خوب جانتے ہیں جو کچھ وہ کہتا ہے اگر ہم اسے حق سمجھتے اس کی پیروی کر لیتے۔

رواہ احمد بن حنبل والبخاری فی تاریخہ والحسن بن سفیان وابن حزیمة والطبرانی وابن مر دویہ وابو نعیم عن خالد بن ابی حبل العدوانی

حضرت خالد بن سعید بن العاص رضی اللہ عنہ

۳۷۰۳۲......موسیٰ بن عبیدہ کہتے ہیں: ہمارے بزرگوں نے ہمیں بتایا ہے کہ خالد بن سعید بن عاص رضی اللہ عنہ مہاجرین میں سے تھے، انھوں نے مشرکین کے ایک شخص کو قتل کر دیا اور پھر اس کا ساز وسامان اپنے قبضہ میں کر لیا اور اس کا ریشم کا جوڑا اتار کر خود پہن لیا۔ خالد رضی اللہ عنہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ساتھ چل رہے تھے اور لوگ ان کی طرف حیرت سے دیکھتے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم لوگ کیا دیکھتے ہو جو شخص چاہے خالد جیسا کام کرے اور پھر خالد جیسے کپڑے پہنے۔ رواہ ابن سعد

۳۷۰۳۳......حضرت خالد بن سعید بن العاص رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ کی وفات کے بعد یمن سے آئے۔ (ابوبکر رضی اللہ عنہ کے ہاتھ پر) بیعت کرنے کے بعد دو مہینے تک انتظار میں بیٹھے رہے اور فرمایا رسول اللہ ﷺ نے مجھے یمن کا حکم دیا تھا پھر آپ نے مجھے معزول نہیں کیا حتیٰ کہ آپ دنیا سے رخصت ہوئے۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۰۳۴......''ایضاً'' ابواسحاق مدنی سے مروی ہے کہ حضرت خالد بن سعید بن العاص رضی اللہ عنہ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے کہا کرتے تھے: میں نے تم سے پہلے اسلام قبول کیا ہے اس معاملہ میں میں اللہ تعالیٰ کے ہاں تمہارے ساتھ جھگڑا کروں گا لیکن میں اپنے باپ سے ڈرتا تھا اس لیے اپنے اسلام کو چھپائے رکھا جب کہ تم اپنے باپ سے نہیں ڈرتے تھے۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۰۳۵......موسیٰ بن عقبہ کہتے ہیں میں نے ام خالد بنت خالد بن سعید بن العاص کو کہتے ہیں سنا کہ: نبی کریم ﷺ کی بعثت سے قبل ایک رات خالد بن سعید رضی اللہ عنہ سو رہے تھے خالد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں نے خواب دیکھا گویا فرشتے خلا میں اس قدر چھائے ہوئے ہیں کہ تاریکی ہی تاریکی ہوگئی ہے حتیٰ کہ آدمی اپنی کف دست بھی نہیں دیکھ سکتا اسی اثناء میں ایک نور آسمان میں بلند ہوا پہلے بیت اللہ میں چمکا پھر اس نے پورے مکہ کو روشنی سے جگمگا دیا پھر بخدا یثرب تک اس کی روشنی پھیل گئی حتیٰ کہ اس روشنی میں کھجور کے درختوں پر کھجوروں کے دانے دیکھ سکتا تھا میں بیدار ہوگیا اور سارا ماجرا اپنے بھائی عمرو بن سعید کو کہہ سنایا میرا بھائی صاحب رائے انسان تھا بھائی نے کہا: یہ کوئی عظیم تر معاملہ ہے جس کا ظہور بنی عبدالمطلب میں ہونے والا ہے، کیا تم نہیں دیکھتے کہ ان کے باپ کے کھودے ہوئے گھڑے سے اس کا ظہور ہوا ہے خالد رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: اس خواب کے ذریعے اللہ تعالیٰ نے مجھے اسلام کی ہدایت سے بہرہ مند کیا۔ ام خالد کہتی ہیں: سب سے پہلے اسلام قبول کرنے والے میرے والد ہیں چونکہ میرے والد نے رسول اللہ ﷺ سے اپنا خواب بیان کیا آپ نے فرمایا: اے خالد! اللہ کی قسم یہ نور میں ہی ہوں میں ہی اللہ کا رسول ہوں۔ رسول اللہ ﷺ نے خالد رضی اللہ عنہ کو اسلام کا تعارف کرایا خالد رضی اللہ عنہ نے اسلام قبول کر لیا جب کہ ان کے بھائی عمرو رضی اللہ عنہ نے ان کے بعد اسلام قبول کیا ہے۔ رواہ الدارقطنی فی الافراد وابن عساکر

حضرت خزیمہ بن ثابت رضی اللہ عنہ

۳۷۰۳۶......حضرت خزیمہ بن ثابت رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک بدو نے نبی کریم ﷺ کو گھوڑی بیچی پھر نبی کریم ﷺ سے طے شدہ قیمت سے زیادہ کا مطالبہ کرنے لگا پھر انکار کر دیا کہ میں نے آپ کو گھوڑی بیچی ہی نہیں۔ اسی اثناء میں حضرت خزیمہ رضی اللہ عنہ ان کے پاس سے گزرے اور نبی کریم ﷺ کو فرماتے سنا کہ یہ گھوڑی میں نے تم سے خرید لی ہے خزیمہ رضی اللہ عنہ نے اس پر گواہی دی (کہ جی ہاں نبی کریم ﷺ نے گھوڑی خریدی ہے) بدو جب چلا گیا نبی کریم ﷺ نے خزیمہ رضی اللہ عنہ سے پوچھا: خریدنے کے وقت تم ہمارے پاس موجود تھے؟ عرض کیا: نہیں لیکن میں نے آپ کو فرماتے سنا ہے کہ اس نے گھوڑی آپ کو بیچ دی ہے مجھے یقین ہوگیا کہ آپ حق پر ہیں چونکہ آپ حق کے سوا کچھ نہیں کہتے نبی کریم ﷺ نے فرمایا: تم ایک کی گواہی دو آدمیوں کی گواہی کے برابر ہے۔ رواہ عبدالرزاق

۳۷۰۳۷...... حضرت خزیمہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ان (ایک) کی شہادت کو دو آدمیوں کی شہادت کے برابر قرار دیا ہے۔
رواہ الدارقطنی فی الافراد وابن عساکر

۳۷۰۳۸...... حضرت خزیمہ بن ثابت رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے سوار بن قیس محاربی سے گھوڑا خریدا سوار بن قیس نے خریداری سے انکار کر دیا خزیمہ بن ثابت رضی اللہ عنہ نے آپ ﷺ کے حق میں گواہی دی بعد میں رسول اللہ ﷺ نے خزیمہ رضی اللہ عنہ سے پوچھا: بھلا تم نے کیونکر گواہی دی حالانکہ تم ہمارے پاس موجود نہیں تھے؟ عرض کیا: آپ جو تعلیمات لے کر آئے ہیں ہم ان کی تصدیق کرتے ہیں لہٰذا مجھے یقین ہو گیا کہ آپ حق کے سوا کچھ نہیں کہتے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس شخص کے حق میں یا اس کے خلاف خزیمہ گواہی دے اس کے لیے صرف اسی کی گواہی کافی ہے۔ رواہ ابویعلی وابونعیم وابن عساکر وعبد الرزاق

۳۷۰۳۹...... معمر، زہری یا قتادہ یا دونوں سے روایت نقل کرتے ہیں کہ ایک یہودی نبی کریم ﷺ کے پاس آیا اور اپنا قرض مانگنے لگا نبی کریم ﷺ نے فرمایا: میں نے قرضہ تمہیں ادا کر دیا ہے یہودی نے گواہوں کا مطالبہ کیا اتنے میں حضرت خزیمہ انصاری رضی اللہ عنہ ادھر آ نکلے اور عرض کیا: میں گواہی دیتا ہوں کہ نبی کریم ﷺ نے تمہیں ادائیگی کر دی ہے نبی کریم ﷺ نے حضرت خزیمہ رضی اللہ عنہ سے فرمایا: بھلا تمہیں کیونکہ معلوم ہے؟ عرض کیا: میں اس سے عظیم تر معاملہ میں آپ کی تصدیق کرتا ہوں اور آسمان کی خبریں لانے پر تصدیق کرتا ہوں" چنانچہ نبی کریم ﷺ نے خزیمہ رضی اللہ عنہ کی گواہی کو دو آدمیوں کی گواہی کے برابر جائز قرار دیا"۔

فائدہ:...... یہ حدیث ابن حجر نے اصابہ میں ذکر کی ہے ۹۳۳ اور آخری جملہ صرف اصابہ میں ہے۔ وقال رواہ الدارقطنی۔

حضرت خزیم بن فاتک الاسدی رضی اللہ عنہ

۳۷۰۴۰...... حضرت خزیم بن فاتک الاسدی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ وہ نبی کریم ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے انھوں نے عالی شان جوڑا زیب تن کر رکھا تھا بالوں میں کنگھی کی ہوئی تھی اور خلوق خوشبو لگا رکھی تھی۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: خریم کی ماں کے لیے ہلاکت (یہ کلمہ تعجب کے لیے ہے نہ کہ بدعا کے لئے) اگر یہ خوشبو کم لگاتا بال چھوٹے کراتا اور شلوار ٹخنوں سے اوپر کرتا۔ (کیا ہی اچھا ہوتا) صحابہ رضی اللہ عنہم خریم رضی اللہ عنہ کی طرف دیکھنے لگے، وہ فوراً سمجھ گئے کہ نبی کریم ﷺ نے ان کے متعلق کچھ فرمایا ہے چنانچہ خریم رضی اللہ عنہ نے بعض صحابہ رضی اللہ عنہم سے پوچھا صحابہ رضی اللہ عنہم نے انھیں معاملہ سے آگاہ کر دیا خریم رضی اللہ عنہ نے خوشبو دھو ڈالی شلوار ٹخنوں سے اوپر کر دی اور سر منڈوا دیا۔
رواہ ابن عساکر

۳۷۰۴۱...... حضرت خریم بن فاتک رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں اپنے اونٹوں کی تلاش میں گھر سے نکلا چنانچہ مقام "ابرق العزاف" میں اونٹ مجھے مل گئے میں نے وہیں اونٹ باندھ دیئے اور ایک اونٹ کی دستی کو سرہانہ بنا کر وہیں لیٹ گیا یہ نبی کریم ﷺ کی ہجرت کے ابتدائی زمانہ کی بات ہے پھر میں نے کہا: میں اس وادی کے بڑے کرتے دھرتے کی پناہ مانگتا ہوں میں اس وادی کے عظیم کی پناہ مانگتا ہوں جاہلیت میں لوگوں کو جب کھلے آسمان تلے رات ہو جائی اپنے بچاؤ کے لئے یہی کرتے تھے یکا یک ہاتف غیبی کی آواز سنی کوئی کہہ رہا تھا۔

ویحک عذ باللہ ذی الجلال
منزل الحلال والحرام
ووحد اللہ والا تبالی
ما ھول ذی الجن من الاھوال
اذیذکر اللہ علی الامیال
وفی سول الارض والجبال

وصار کید الجن فی سفال
الا التقی وصالح الاعمال

تیرا ناس ہو! اللہ عزوجل کی پناہ مانگ جو حلال وحرام کا نازل کرنے والا ہے اور اللہ کی توحید کا اقرار کر پھر تمہیں جنات کی ہولنا کیوں کی کوئی پرواہ نہیں ہوگی جب زمین کے نشیب وفراز میں اللہ تعالیٰ کا ذکر کیا جارہا ہو جنات کے مکروفریب بیکار ہو جاتے ہیں صرف تقویٰ اور نیک اعمال ہی کام آتے ہیں۔

میں نے جواب میں یہ شعر پڑھ دیا:

یا ایھا الداعی ما تخیل
رشد عندک ام تضلیل

اے پکارنے والے: تمہارا کیا خیال ہے آیا کہ تمہارے پاس رشد وہدایت ہے یا سراسر گمراہی ہے۔

اس نے جواب میں کہا:

ھذا رسول اللہ ذوالخیرات
جاء بیاسین وحامیمات.
وسور بعد مفصلات
محرمات ومحلات
یامر بالصوم والصلاۃ
ویزجر الناس عن الھنات
قد کن فی الانام منکرات

یہ اللہ کا رسول ہے جو بھلائیوں کا سراپا ہے جو یس اور حم والی سورتیں لایا ہے جو مفصلات اور دیگر بہت ساری سورتیں لایا ہے وہ سورتیں حلال کرنے والی بھی ہیں اور حرام کرنے والی بھی ہیں وہ نماز اور روزے کا حکم دیتا ہے اور لوگوں کو برائیوں سے روکتا ہے جب کہ لوگوں میں منکرات کا اضافہ ہورہا ہے۔

میں نے کہا: اللہ تعالیٰ تم پر رحم کرے تو ہے کون؟ اس نے کہا: میں مالک بن مالک ہوں مجھے رسول اللہ ﷺ نے اہل نجد کے جنات پر امیر مقرر کرکے بھیجا ہے۔ میں نے کہا: اگر میرے ان اونٹوں کی کوئی دیکھ بھال کرتا میں اس رسول کے پاس جاتا اور اس پر ایمان لاتا۔ اس نے کہا: میں تمہارے اونٹوں کی ذمہ داری لیتا ہوں حتیٰ کہ میں انھیں صبح شام تیرے گھر والوں تک پہنچا دوں انشاء اللہ تعالیٰ۔ میں نے ایک اونٹ تیار کیا اور مدینہ پہنچ گیا اس وقت لوگ نماز جمعہ میں تھے میں نے سوچا لوگ نماز پڑھ لیں میں پھر داخل ہوں گا چونکہ میں تھکا ہوا تھا اتنی دیر میں میں تھوڑا ستا بھی لیتا ہوں، میں نے اپنا اونٹ بٹھایا۔ اتنے میں ابوذر رضی اللہ عنہ میری طرف باہر نکلے اور مجھ سے کہا: رسول اللہ ﷺ تمہیں اندر آنے کا حکم دیتے ہیں۔ جب آپ نے مجھے فرمایا: بوڑھے بزرگ نے کیا کیا جس نے تمہارے اونٹ صحیح سالم تمہارے گھر تک پہنچانے کی ضمانت دی تھی؟ اس نے تو تمہارے اونٹ تمہارے گھر تک صحیح وسالم پہنچا دیئے ہیں۔ میں نے کہا: اللہ تعالیٰ اس پر رحم فرمائے نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جی ہاں اللہ تعالیٰ اس پر رحم فرمائے۔ رواہ الطبرانی وابن عساکر

۳۶۰۴۲..... ''ایضاً'' حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ حضرت خریم بن فاتک رضی اللہ عنہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے کہا: اے امیر المؤمنین! میں آپ کو نہ بتاؤں کہ میرے اسلام قبول کرنے کی ابتداء کیسے ہوئی؟ عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیوں نہیں ضرور بتاؤ خریم رضی اللہ عنہ نے کہا: ایک مرتبہ میں اپنے چوپایوں کی تلاش میں تھا میں ان کے نشانات کا پیچھا کرتے کرتے مجھے رات ہوگئی اور مقام ''ابرق عزاف'' میں مجھے اونٹ مل گئے اور مجھے یہیں رات گزارنی پڑی میں نے آواز بلند کہا: میں اس وادی کے بڑے کی پناہ مانگتا ہوں اس کی قوم کے بے وقوفوں

سے یکا یک ہاتف غیبی کی آواز آئی۔

ویحک عذ باللہ ذی الجلال
والمجد والنعماء والا فضال
واقراء آیات من الانفال
ووحداللہ ولا تبالی

تیرا ناس ہو! اللہ عزوجل کی پناہ مانگ جو بزرگی نعمتوں اور فضلوں والا ہے سورت انفال کی آیات پڑھو اور اللہ تعالیٰ کی توحید کا اقرار کر کے بے پرواہ ہو جاؤ۔

خریم رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں بہت زیادہ خوفزدہ ہوا جب میری طبیعت بحال ہوئی میں نے کہا:۔

یاایھا الھاتف ما تقول
ارشد عندک ام تضلیل
بین لنا ھدیت ما الحویل

اے ہاتف تم کیا کہتے ہو کیا تیرے پاس رشد و ہدایت کا سامان موجود ہے یا گمراہی کی بات کر رہے ہو بات واضح کرو تمہیں ہدایت ملی ہے یا ہوامیں باتیں کر رہے ہو۔

ھاتف نے جواباً یہ اشعار پڑھے:

ان رسول اللہ ذالخیرات
بیثرب یدعو الی النجاۃ
یامر بالصوم وبالصلاۃ
ویزع الناس عن الھنات

رسول اللہ ﷺ جو بھلائیوں والے ہیں یثرب میں مقیم ہیں اور نجات کی طرف بلاتے ہیں نماز و روزہ کا حکم دیتے ہیں اور لوگوں کو برائیوں سے روکتے ہیں۔

خریم رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میری اونٹنی کھڑی ہوگئی اور میں نے جواباً یہ اشعار کہے:

ارشدنی رشد و ھدایت
لاجعت ولا غریت
ولا برحت بیلا مقیت
وتوثر علی الخیر الذی اتیت

مجھے راہ ہدایت کی طرف راہنمائی کرو جو ہدایت تمہیں ملی ہے جس میں تمہیں نہ بھوکا ہونا پڑا ہے اور نہ ہی ننگا ہونا پڑا تم میرے سردار ہوگے جو بھلائی تمہیں ملی ہے اسے ترجیح دو۔

اس نے جواب دیا:

صاحبک اللہ وسلم نفسکا
وبلغ الاھل وادی رحلکا
آمن بہ افلح ربی حقکا
وانصرہ اعز ربی نصرکا

اللہ تعالیٰ تمہارے ساتھ ہے اپنے آپ کو سلامی میں رکھو اور تمہارے اونٹ تمہارے گھر والوں تک پہنچ جائیں گے اس پر ایمان لاؤ میرا رب تمہیں کامیاب کرے گا اس رسول کی مدد کرو میرا رب تمہاری مدد کرے گا۔

میں نے کہا: اللہ تجھ پر رحم فرمائے تو کون ہے؟ اس نے کہا: میں عمرو بن اثال ہوں اور مبعوث ہونے والے نبی آخر الزماں کا نجد کے مسلمانوں پر عامل ہوں میں تمہارے اونٹوں کا ذمہ دار ہوں حتیٰ کہ تم اپنے گھر واپس لوٹ آؤ چنانچہ میں مدینہ پہنچ گیا اور جمعہ کا دن تھا ابوبکر رضی اللہ عنہ باہر تشریف لائے اور فرمایا: اللہ تجھ پر رحم فرمائے داخل ہو جاؤ ہمیں تمہارے اسلام کی خبر پہنچ چکی ہے میں نے عرض کیا: مجھے طہارت حاصل کرنے کا طریقہ نہیں آتا مجھے طہارت کا طریقہ بتادو میں مسجد میں داخل ہوا رسول اللہ ﷺ کو منبر پر خطبہ ارشاد فرماتے دیکھا آپ کی صورت اقدس ایسی لگی جیسے چوھودیں کا چاند چمک رہا ہو آپ فرما رہے تھے: جو مسلمان بھی اچھی طرح سے وضو کرتا ہے اور پھر نماز پڑھتا ہے دھیان رکھتے ہوئے اور سوچ سمجھ کر وہ جنت میں داخل ہو جائے گا حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم اس دعوے پر گواہ لاؤ ورنہ میں تمہیں ضرور سزا دوں گا چنانچہ قریش کے ایک بزرگ عثمان بن عفان نے میرے لیے گواہی دی اور عمر رضی اللہ عنہ نے ان کی گواہی قبول کر لی۔

رواہ الرویانی وابن عساکر

حضرت خزیمہ بن حکیم سلمی رضی اللہ عنہ

۳۷۰۴۳......ابو جریج زہری سے روایت نقل کرتے ہیں کہ خزیمہ بن حکیم سلمی بہری حضرت خدیجہ بنت خویلد رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے خزیمہ رضی اللہ عنہ جب کبھی آتے خیر و بھلائی لے کر واپس لوٹ جاتے چنانچہ ایک مرتبہ خدیجہ رضی اللہ عنہا نے میرے پاس آئی خدیجہ رضی اللہ عنہا نے خزیمہ رضی اللہ عنہ کو رسول اللہ ﷺ کے ساتھ بصری روانہ کیا آپ کے ساتھ خدیجہ رضی اللہ عنہا کا غلام میسر بھی تھا بصرہ سرزمین شام میں واقع ہے خزیمہ رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ سے بہت محبت کرتے تھے حتیٰ کہ جب رسول اللہ ﷺ کو ان سے اطمینان ہو گیا خزیمہ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یا محمد! میں تمہارے اندر بہت سارے اوصاف دیکھ رہا ہوں جو مجھے کسی انسان میں نظر نہیں آتے تم اپنی میلاد میں صریح تر ہو اپنی قوم کے ہاں امین ہو میں دیکھتا ہوں کہ لوگ تم سے بے پناہ محبت کرتے ہیں میرا خیال ہے کہ سرزمین تہامہ میں جس کا ظہور ہونے والا ہے وہ تم ہی ہو۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں محمد اللہ کا رسول ہوں میں نے عرض کیا: میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ سچے ہیں میں آپ پر ایمان لا چکے ہوں جب قافلہ شام سے واپس لوٹا خزیمہ رضی اللہ عنہ اپنے علاقہ میں چلے گئے، اور جاتے جاتے عرض کیا: یارسول اللہ! جب میں آپ کی ہجرت کا سنوں گا آپ کی خدمت میں حاضر ہو جاؤں گا چنانچہ تک اپنے گاؤں میں ٹھہرے رہے حتیٰ کہ فتح مکہ کے موقع پر خدمت اقدس میں حاضر ہوئے جب رسول اللہ ﷺ نے آپ رضی اللہ عنہ کو دیکھا فرمایا: سب سے پہلے ہجرت کرنے والے کو مرحبا عرض کیا یارسول اللہ میں اپنی ان انگلیوں کی تعداد کے بقدر آپ کی خدمت میں حاضر ہوا مجھے آپ سے صرف اس چیز نے روکے رکھا کہ میں آپ کے اعلان کا۔ (ہجرت کے واسطے) انتظار کرتا رہا ورنہ تو میں آپ کی رسالت کا منکر نہیں ہوں اور نہ ہی آپ کی دعوت کا مخالف ہوں میں قرآن پر ایمان لایا اور بتوں سے انکار کیا۔ یارسول اللہ! میں آپ کی خدمت میں حاضر ہوا ہوں اپنے قول میں تبدیلی نہیں کی آپ کی بیعت کو توڑا بھی نہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ اپنے بندے پر ہر دن ایک نصیحت پیش کرتا ہے اگر وہ اسے قبول کر لے سخاوت میں رہتا ہے اور اگر اسے ترک کر دے بدبخت ہو جاتا ہے جو شخص دن میں گناہ کرتا ہے اللہ تعالیٰ اپنا ہاتھ کشادہ کر دیتا ہے اگر وہ توبہ کرے تو اللہ اس کی توبہ قبول کر لیتا ہے بلاشبہ حق ثقیل چیز ہے جیسا کہ قیامت کے دن کا ثقل ہے اور باطل ہلکا ہے جیسا کہ قیامت کے دن ہلکا پھلکا ہوگا جنت کو ناگواریوں کے ساتھ ڈھانپ دیا گیا ہے جب کہ دوزخ کو شہوات سے ڈھانپ دیا گیا ہے تیرے ہاتھ خاک آلود رہیں خوش رہو حضرت خزیمہ رضی اللہ عنہ نے پوچھا: یارسول اللہ! مجھے بتائیں رات کو تاریکی اور دن میں روشنی کیوں ہوتی ہے سردیوں میں۔ (زمین سے نکلنے والا) پانی گرم اور گرمیوں میں ٹھنڈا کیوں ہوتا ہے بادلوں کا مخرج کیا ہے مرد کا مادہ منویہ اور عورت کا مادہ منویہ کہاں قرار پکڑے ہوئے ہے جسد میں جان کا ٹھکانا کہاں ہے ماں کے پیٹ میں بچہ کیا میت ہے ہڈیوں کا مخرج کیا ہے اور بلد امین سے کیا

مراد ہے؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: رہی بات رات کی تاریکی اور دن کے اجالے کی سو اللہ تعالیٰ نے پردہ ماء سے ایک مخلوق پیدا کر رکھی ہے جسکا باطن سیاہ اور ظاہر سفید ہے اس کی ایک طرف مشرق میں ہے اور دوسری طرف مغرب میں اس پردے کو فرشتوں نے تان رکھا ہے جب صبح نمودار ہوتی ہے فرشتے پردہ ظلمت کو کھینچ لیتے ہیں اور اس پردے کو مغرب کی طرف دھکیل دیتے ہیں جب رات ہونے لگتی ہے فرشتے پردہ ضوکو کشید کر لیتے ہیں اور اسے ہوا کے دوش میں دھکیل دیتے ہیں یہ پردے اسی طرح کار آمد ہیں پوشیدہ نہیں ہونے پاتے اور نہ ہی کبھی ہوتے ہیں۔ رہی بات سردیوں میں (زمین سے نکلنے والے) پانی کے گرم ہونے اور گرمیوں میں ٹھنڈا ہونے کی اس کی وجہ یہ ہے کہ جب سردیوں میں راتیں لمبی ہو جاتی ہیں سورج سطح زمین سے اوجھل ہو جاتا ہے اور پانی کافی دیر تک زمین میں ٹھہر رہتا ہے اور یوں گرم ہو جاتا ہے جب کہ گرمیوں میں راتیں چھوٹی ہوتیں ہیں اور پانی اپنی حالت پر برقرار دیتا ہے۔ رہی بات بادلوں کی سوز مین وآسمان کے دھنسے ہوئے مقام میں بادلوں میں شگاف پڑتا ہے پھر اس پر غبار کی تہہ پڑ جاتی ہے جب کہ جنوبی اور صبائی ہوائیں اس کے فرق کا باعث بنتی ہیں اور مکفوف مزید سے جمع ہوتے ہیں جب کہ شمالی اور دبور ہوائیں بادلوں کو باہم ملا دیتی ہیں۔ رہی بات مرد کے مادہ منویہ کے قرار گاہ کی چنانچہ مرد کا مادہ منویہ احلیل۔ (آلہ تناسل) سے خارج ہوتا ہے اور یہ ایک رگ ہے جسکا سلسلہ براہ راست پشت سے منسلک ہے حتیٰ کہ وہاں سے ہوتا ہوا بائیں فوتے میں ٹھہر جاتا ہے۔ رہی بات عورت کے مادہ منویہ کی سووہ اس کے سینے میں سختی سے گھسا ہوتا ہے وہ لگا تار قریب تر ہوتا جاتا ہے حتیٰ کہ مرد اس کے عسیلہ (شہد) کو چکھ لیتا ہے رہی بات جان کی سواس کا ٹھکانا دل ہے جو مسلسل روابط کے ساتھ معلق ہے اور روابط رگوں میں جاری وساری رہتے ہیں جب دل ہلاک ہو جاتا ہے رگوں کا باہمی رابطہ منقطع ہو جاتا ہے رہی بات ماں کے پیٹ میں بچے کے رہنے کی سواس کی صورت حال یہ ہے کہ بچہ چالیس دن تک نطفہ رہتا ہے پھر چالیس دن تک جما ہوا خون ہوتا ہے چالیس دن تک نرم مادہ رہتا ہے چالیس دن میں سخت ہو جاتا ہے پھر چالیس دن تک گوشت کا لوتھڑا رہتا ہے پھر باریک ہڈیاں پیدا ہوتی ہیں اور پھر جنین کی صورت اختیار کر لیتا ہے اس وقت اس میں چیخنے کی صلاحیت پیدا ہوتی ہے اور اس میں روح پھونک دی جاتی ہے جب اللہ تعالیٰ اسے تام حالتمیں نکالنا چاہتا ہے نکال دیتا ہے اور جب اسے رحم مادر میں نو مہینے تک رکھنا چاہتا ہے تو اس کا حکم نافذ ہو جاتا ہے اس جنین پر رحم کی رگیں چڑھی ہوتی ہیں انہی سے بچے کو غذا میسر ہوتی ہے رہی بات ہڈیوں کی جائے خروج کی سووہ سمندر میں مچھلی کی ایک چھینک سے پیدا ہوتی ہیں اسے ابزار کہا جاتا ہے رہی بات بلد امین کی سووہ مکہ مکرمہ ہے جہاں آندھی کڑک اور بجلی کا وقوع نہیں ہوتا اس میں دجال داخل نہیں ہوگا دجال کے خروج کی نشانی یہ ہے کہ جب حیاء سے روک دیا جائے زنا عام ہو جائے اور عہد ومعاہدہ توڑا جائے۔

رواہ ابن عساکر وابن شاہین

حضرت خالد بن رباح رضی اللہ عنہ (بلال رضی اللہ عنہ کے بھائی)

۳۷۰۴۴...... موسیٰ بن عبیدہ، زندبہ عبدالرحمٰن اپنی والدہ جحہ بنت قرط وہ اپنی ماں عقیلہ بیت عتیک بن حارث سے وہ اپنی والدہ قریرہ بنت حارث سے روایت نقل کرتے ہیں وہ کہتی ہیں ہم فتح مکہ کے دن رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے آپ ابطح میں ٹھہرے ہوئے تھے آپ پر سرخ رنگ کا قبہ (جھگا) بنا دیا گیا تھا ہم نے آپ کے دست اقدس پر بیعت کی اور آپ نے چند شرائط پر ہم سے بیعت لے لی اسی اثناء میں بنی عامر بن لوی کا ایک شخص سہیل بن عمرو سامنے سے چلتا ہوا آیا وہ یوں لگتا تھا جیسے خاکستری رنگ کا اونٹ ہو۔ حضرت بلال رضی اللہ عنہ کے بھائی حضرت خالد بن رباح رضی اللہ عنہ سے اس کی ملاقات ہوئی جب کہ سورج طلوع ہو چکا تھا خالد رضی اللہ عنہ بولے: تمہیں بجز نفاق کے کسی چیز نے نہیں روکا کہ تم رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو جاؤ قسم اس ذات کی جس نے رسول اللہ ﷺ کو برحق مبعوث کیا ہے اگر ایک وجہ نہ ہوتی میں تمہیں تلوار سے دولخت کر دیتا۔ چنانچہ سہیل بن عمرو سمجھدار شخص تھا رسول اللہ ﷺ کے پاس گیا اور کہا: کیا آپ نہیں دیکھتے کہ یہ غلام مجھے کیا کہتا ہے؟ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اسے چھوڑ دو کیا بعید وہ تم سے بدر جہا بہتر ہو اور پھر تم اسے ڈھونڈو پر اسے نہ پا سکو۔ چنانچہ اس کے لیے یہ بات پہلی سے زیادہ سخت تھی۔ رواہ ابو نعیم

۳۷۰۴۵..... قریبہ بنت حارث کہتی ہیں ہم فتح مکہ کے دن رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے آپ ابطح میں ٹھیرے ہوئے تھے آپ پر سرخ رنگ کا قبہ بنادیا گیا تھا ہم نے آپ کے دست اقدس پر بیعت کی اور آپ نے ہمارے اوپر چند شرائط لاگو کیں اسی دوران بنی عامر بن لوی کا ایک شخص سھیل بن عمرو سامنے سے آیا وہ یوں لگتا تھا جیسا کہ خاکستری رنگ کا اونٹ ہو اس کی خالد بن رباح (بلال رضی اللہ عنہ کے بھائی) سے ملاقات ہوئی جب کہ سورج طلوع ہو چکا تھا خالد رضی اللہ عنہ بولے: تمہیں صبح صبح نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہونے سے صرف اور صرف نفاق (منافقت) نے روکے رکھا ہے قسم اس ذات کی جس نے رسول اللہ ﷺ کو برحق مبعوث کیا ہے اگر ایک وجہ نہ ہوتی میں تلوار سے تمہیں دولخت کر دیتا چنانچہ سھیل بن عمرو سمجھدار شخص تھا فوراً رسول اللہ ﷺ کے پاس گیا اور کہا: کیا آپ نہیں دیکھتے کہ یہ غلام مجھے کیا کہہ رہا ہے؟ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اسے چھوڑ دو، کیا بعید وہ تم سے بدر جہا بہتر ہو اور پھر تم اسے تلاش کرو پر اسے کہیں بھی نہ پاسکو چنانچہ سہیل بن عمرو کے لیے یہ بات پہلی سے زیادہ سخت تھی۔ رواہ ابن مندہ وابن عساکر وفیہ موسیٰ بن عبیدہ وھو ضعیف

حرف راء..... حضرت ربیع بن زیاد رضی اللہ عنہ

۳۷۰۴۶..... عبداللہ بن بریدہ روایت نقل کرتے ہیں ایک مرتبہ وفد کی آمد پر لوگ جمع ہوئے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ابن ارقم رضی اللہ عنہ کو حکم دیا کہ: محمد ﷺ کے صحابہ رضی اللہ عنہم کو دیکھو ان سے کہو کہ پہلے وہ آئیں پھر وہ جوان سے ملے ہوئے ہیں۔ چنانچہ صحابہ کرام اندر داخل ہوئے اور آپ رضی اللہ عنہ کے سامنے صف بنالی آپ رضی اللہ عنہ نے دیکھا کہ ایک موٹا شخص کھڑا ہے اور اس نے اپنے اوپر چادر کا ٹکڑا اوڑھ رکھا ہے عمر رضی اللہ عنہ نے اس کی طرف اشارہ کیا وہ آپ رضی اللہ عنہ کے پاس آیا فرمایا: کچھ کہو:۔ (تین بار فرمایا) وہ شخص بولا! آپ ہی کچھ فرمائیں۔ (تین بار کہا) عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تیرا ناس ہو کھڑا ہو جا وہ آدمی کھڑا ہو گیا۔ عمر رضی اللہ عنہ نے پھر دیکھا کہ ایک اشعری شخص ہے جو دبلے پتلے اور کمزور جسم کا مالک ہے آپ رضی اللہ عنہ نے اس کی طرف اشارہ کیا وہ آپ کے پاس آ گیا فرمایا: کچھ کہو۔ اشعری بولا! آپ ہی کچھ فرمائیں عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کچھ کہو وہ بولا: آپ بات کی ابتدا کریں ہم بات جاری رکھیں گے۔ فرمایا: تیرا ناس ہو کھڑا ہو جا تجھے بھیڑوں کا چرواہا ہرگز نفع نہیں پہنچا سکتا۔ عمر رضی اللہ عنہ نے پھر دیکھا کہ ایک اور شخص ہے جو سفید فام اور کمزور جسم کا مالک ہے اس کی طرف اشارہ کیا وہ آپ کے پاس آیا آپ نے فرمایا: کچھ کہو: اس نے نہ آؤ دیکھا نہ تاؤ فوراً حمد وثناء کے بعد کہا: تمہیں اس امت کا بار امارت اٹھانا پڑا ہے لہٰذا اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو تمہیں خلافت کی ذمہ داری سنبھالنی پڑی ہے تمہاری رعایا تمہارے دل میں ہونی چاہیے تمہیں حساب چکانا ہوگا اور تم رعایا کے مسئول ہو۔ بلاشبہ تم امین ہو اور امانت کی ادائیگی آپ کا فرض ہے لہٰذا تمہیں تمہارے عمل کے بقدر اجر ملے گا عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جب سے مجھے خلیفہ نامزد کیا گیا ہے تب سے تمہارے علاوہ مجھے کسی شخص نے سچ نہیں کہا: تم کون ہو؟ جواب دیا: میں ربیع بن زیاد ہوں فرمایا: کیا تم مہاجرین زیادہ کے بھائی ہو؟ کہا: جی ہاں چنانچہ عمر رضی اللہ عنہ نے ایک لشکر تیار کیا اور ان کا نگران اشعری کو مقرر کیا اشعری کو حکم دیا تم ربیع بن زیادہ رضی اللہ عنہ کو دیکھتے رہو جو کچھ اس نے کہا ہے اگر اس میں سچا ہے تو بلاشبہ اس معاملہ میں وہ تمہاری مدد کرے گا لہٰذا اسے عامل مقرر کر دو پھر دس دن کے بعد پھر اس کا معائنہ کرو اور اس کے طریقہ کار کو مجھے لکھ بھیجو تاکہ میں دیکھ لوں کہ آیا گورنری کے مستحق ہے کہ نہیں۔ پھر فرمایا: ہمارے نبی کریم ﷺ نے ہمیں وصیت کی ہے کہ: میں اپنے بعد تمہارے اوپر سب سے زیادہ اس منافق کا خوف محسوس کرتا ہوں جو صاحب لسان ہو۔

رواہ ابن راھویہ والحارث ومسدد وابویعلی وصحیح

حضرت ربیعہ بن کعب اسلمی رضی اللہ عنہ

۳۷۰۴۷..... ربیعہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نبی کریم ﷺ کی خدمت کرتا تھا ایک دن آپ نے فرمایا: اے ربیعہ! کیا تم شادی نہیں کرتے ہو؟ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! مجھے آپ کی خدمت شادی کرنے سے زیادہ محبوب ہے۔ آپ نے دوبارہ پھر شادی کرنے کا فرمایا: میں نے یہی

عذر پیش کیا پھر میں نے سوچا: بخدا رسول اللہ ﷺ میرے لیے وہی کچھ جانتے ہیں جو میرے لیے بہت مفید ہے اگر آپ نے ایک بار اور شادی کی پیشکش کی میں قبول کرلوں گا چنانچہ تیسری بار فرمایا: اے ربیعہ! شادی نہیں کرتے ہو؟ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! کیوں نہیں فرمایا: فلاں انصاری کے پاس چلے جاؤں وہ لوگ اپنی بیٹی سے تمہاری شادی کرادیں گے میں ان لوگوں کے پاس چلا گیا اور کہا: رسول اللہ ﷺ نے تمہیں حکم دیا ہے کہ میری شادی کرادو۔ وہ لوگ بولے: رسول اللہ ﷺ کے قاصد کو ہم مرحبا کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ کا قاصد اپنے مقصد میں کامیاب ہو کر جائے گا چنانچہ ان لوگوں نے میری شادی کرادی اور مجھ سے گواہوں کا مطالبہ تک بھی نہیں کیا، میں پریشانی کے عالم میں رسول اللہ ﷺ کے پاس حاضر ہوا فرمایا: اے ربیعہ! تمہارا کیا ہوا؟ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! میں اچھے اور شریف لوگوں کے پاس گیا ہوں انھوں نے میری شادی کرادی جب کہ مجھ سے گواہوں کا مطالبہ بھی نہیں کیا لیکن میرے پاس مہر میں دینے کے لیے کوئی چیز نہیں ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے صحابہ رضی اللہ عنہم کو حکم دیا کہ ربیعہ کے لیے گٹھلی کے برابر سونا جمع کرو، صحابہ نے میرے لیے دو گٹھلیوں کے برابر سونا جمع کیا میں یہ سونا لے کر سسرال والوں کے ہاں آ گیا اور انھیں دے دیا انھوں نے کہا: یہ مہر کثیر ہے اور اچھا و پاکیزہ ہے۔ میں ایکبار پھر پریشانی کی حالت میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا آپ نے فرمایا: اے ربیعہ تمہارا کیا ہوا؟ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! میں اچھے اور شریف لوگوں کے پاس گیا انھیں سونا دیا وہ بولے: کثیر ہے اور اچھا ہے لیکن اب میرے پاس ولیمہ کرنے کے لیے کچھ نہیں ہے رسول اللہ ﷺ نے صحابہ رضی اللہ عنہم سے فرمایا: ربیعہ کے لئے ایک مینڈھے کے پیسے جمع کرو صحابہ رضی اللہ عنہم نے مینڈھے کے لیے پیسے جمع کردیئے رسول اللہ ﷺ نے اپنے اہل خان کے پاس پیغام بھیجا چنانچہ ایک تھال لایا گیا جس میں جو تھے میں وہ لے کر سسرال کے پاس چلا گیا سسرال والوں نے کہا: مینڈھے کے متعلق ہم تمہاری کفایت کردیں گے چنانچہ دوسرے دن صبح کو میں نے رسول اللہ ﷺ اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی دعوت کی۔ رواہ احمد بن حنبل والحاکم والطبرانی عن ربیعة الاسلمی

حضرت رباح رضی اللہ عنہ (نبی کریم ﷺ کا آزاد کردہ غلام)

۳۷۰۴۸..... ”مسند سلمہ بن اکوع“ ایاس بن سلمہ اپنے والد سے روایت نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کا ایک رباح نامی غلام تھا۔ رواہ ابن جریر

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ

۳۷۰۴۹..... ”مسند اسید بن حضیر“ حسین وسعدی ولد ثابت بن اسید بن ظہیر اپنے والد اور دادا سے روایت نقل کرتے ہیں، وہ کہتے ہیں: غزوۂ احد کے موقع پر رسول اللہ ﷺ نے حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ کو چھوٹا سمجھ کر غزوہ میں شامل ہونے کی اجازت نہ دی رافع رضی اللہ عنہ کے چچا ظہیر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا یارسول اللہ! رافع تیرانداز ہے رسول اللہ ﷺ نے اجازت دیدی چنانچہ دوران جنگ رافع رضی اللہ عنہ کو گلے میں تیر لگا انھیں ان کے چچا لیکر رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا: میرے بھتیجے کو تیر لگا ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اگر تم اسے نکالنا چاہتے ہو تو ہم اسے نکال دیں گے اور اگر اسی طرح چھوڑنا چاہتے ہو اور پھر وہ مرجائے بلاشبہ وہ شہید کی موت مرے گا۔ رواہ ابونعیم

حرف زاء..... حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ

خلفاء اربعہ کے بعد تتمہ عشرہ مبشرہ میں حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ کا تذکرہ ہو چکا ہے۔

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ

۳۷۰۵۰..... سلیمان بن یسار کی روایت ہے کہ قضاء، فتویٰ، فرائض (علم میراث اور قرآن میں حضرت عمر اور عثمان رضی اللہ عنہ حضرت زید بن

ثابت رضی اللہ عنہ پر کسی کومقدم نہیں کرتے تھے۔ رواہ ابن سعد

۳۷۰۵۱...... قاسم کی روایت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ جب کسی سفر پر تشریف لے جاتے مدینہ میں حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کو اپنا نائب مقرر کر کے جاتے تھے عمر رضی اللہ عنہ مختلف شہروں میں لوگوں کو بھیجتے تھے جب کہ اہم قسم کی مہمات پر حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کو بھیجتے تھے آپ رضی اللہ عنہ سے زید رضی اللہ عنہ کے بارے نامی گرامی لوگ پوچھتے آپ فرماتے زید کا مقام میرے نزدیک گرانہیں ہے لیکن شہر والے زید کے محتاج ہیں چونکہ لوگوں کو اپنے مسائل کا حل زید رضی اللہ عنہ کے پاس ملتا ہے جو ان کے علاوہ کسی کے پاس نہیں ہوتا۔

رواہ ابن سعد

۳۷۰۵۲...... سالم بن عبدا رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جسدن زید بن ثابت رضی اللہ عنہ دنیا سے رخصت ہوئے ہم ابن عمر رضی اللہ عنہما کے پاس تھے میں نے کہا: آج لوگوں کا عالم دنیا سے رخصت ہو چکا ہے ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: عمر رضی اللہ عنہ کے دور خلافت میں یہ شخص لوگوں کا عالم تھا اور اوران کے دور خلافت کا صبر ہے۔ عمر رضی اللہ عنہ لوگوں کو مختلف شہروں میں بھیجتے تھے اور انھیں اپنی رائے کے مطابق فتویٰ دینے سے منع فرماتے تھے جب کہ زید بن ثابت مدینہ میں مجلس لگاتے اہل مدینہ اور باہر کے لوگوں کو فتویٰ دیتے تھے۔ رواہ ابن سعد

۳۷۰۵۳...... ''مسند عثمان رضی اللہ عنہ'' ابوعبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ انھوں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو اپنی قرأت سنانا چاہی عثمان رضی اللہ عنہ نے ان سے فرمایا: اس طرح تم مجھے لوگوں کے امور کی دیکھ بھال سے غافل کر دو گے زید بن ثابت کے پاس جاؤ وہ انہی کاموں کے لیے فارغ بیٹھا ہے۔ اسے قرأت سناؤ اس کی قرأت اور میری قرأت ایک ہی ہے ہماری قرأتوں میں کوئی فرق نہیں ہے۔

رواہ ابن الانباری فی المصاحف

۳۷۰۵۴...... سلیمان سے مروی ہے کہ خارجہ بن زید بن ثابت کہتے ہیں: ایک مرتبہ چندلوگ میرے والدمحترم کے پاس حاضر ہوئے اور کہنے لگے: ہمیں رسول اللہ ﷺ کی بعض حدیثیں سناؤ زید رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں تمہیں کیا کیا حدیثیں سناؤں! میں تو رسول اللہ ﷺ کا پڑوسی تھا جب وحی نازل ہوتی مجھے پیغام بھجوا کر اپنے پاس بلا لیتے تھے اور میں وحی لکھ لیتا تھا جب ہم (صحابہ رضی اللہ عنہم) آخرت کا ذکر کرتے آپ ﷺ بھی ہمارے ساتھ شامل ہوتے جب ہم دنیا کا ذکر کرتے آپ بھی ہمارے تذکرہ میں شامل ہوتے جب ہم کھانے پینے کا ذکر کرتے آپ بھی ہمارے ساتھ ہوتے جب ہم عورتوں کا ذکر کرتے آپ بھی ان کا ذکر کرتے ان تمام امور کے متعلق میں تمہیں رسول اللہ ﷺ کی حدیثیں سنا سکتا ہوں۔

رواہ ابن ابی داؤد فی المصاحف و ابویعلی والرویانی والبیھقی وابن عساکر

۳۷۰۵۵...... حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب نبی کریم ﷺ مدینہ منورہ تشریف لائے اس وقت میں گیارہ سال کا تھا۔

رواہ ابن عساکر

۳۷۰۵۶...... حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جب نبی کریم ﷺ مدینہ تشریف لائے مجھے آپ کی خدمت میں حاضر کیا: لوگوں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! یہ لڑکا بنی نجار سے ہے اور اس نے آپ کے اوپر نازل ہونے والے قرآن میں سے ستر سورتیں حفظ کر لی ہیں میں نے رسول اللہ ﷺ کو وہ سورتیں سنائیں آپ ﷺ کو اس چیز نے بہت خوش کیا اور فرمایا: اے زید! یہودیوں کی کتاب سیکھ لو میں نے تم سے ایک کام لینا ہے اللہ کی قسم میں یہودیوں پر بھروسہ نہیں کرتا کہ وہ میری کتاب پر ایمان لائیں گے میں نے نصف مہینہ میں ان کی کتاب پڑھ کر اچھی خاصی مہارت پیدا کر لی چنانچہ جب بھی یہودیوں کو خط لکھنا ہوتا میں ہی رسول اللہ ﷺ کے لیے خط لکھتا تھا اور جب یہودی آپ کو خط لکھتے ہیں میں ہی ان کے خطوط پڑھتا تھا۔ رواہ یعلی وابن عساکر

۳۷۰۵۷...... ''ایضاً'' عبداللہ بن ابی بکر بن محدم بن عمرو بن حزم سے مروی ہے کہ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ اس وقت کے مدارس میں علم حاصل کرتے رہے ہیں چنانچہ آپ نے پندرہ (۱۵) دنوں میں یہودیوں کی کتاب پڑھ لی حتیٰ کہ آپ رضی اللہ عنہ یہودیوں کی تحریف وتبدیل کو بخوبی جانتے تھے۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۰۵۸...... حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں رسول اللہ ﷺ کے لیے وحی لکھتا تھا چنانچہ جب آپ پر وحی نازل ہوتی آپ کو

سخت مشقت کا سامنا کرنا پڑتا آپ پسینے میں شرابور ہو جاتے اور موتیوں کی طرح پسینے کی لڑیاں بہنے لگیں پھر یہ کیفیت یک سر ختم ہو جاتی۔
رواہ ابن عساکر

۳۷۰۵۹..... حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے حکم دیا کہ میرے پاس مختلف قسم کے خطوط آتے ہیں میں نہیں چاہتا کہ انھیں ہر کوئی پڑھے کیا تم عبرانی زبان سیکھ سکتے ہو؟ یا فرمایا: کہ سریانی زبان سیکھ سکتے ہو؟ میں نے عرض کیا: جی ہاں چنانچہ ستر دنوں میں، میں نے یہ زبان سیکھ لی۔ رواہ ابن ابی داؤد فی المصاحف وابن عساکر

۳۷۰۶۰..... زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی کریم ﷺ نے مجھے حکم دیا کیا تم سریانی زبان اچھی طرح سے جانتے ہو؟ چونکہ میرے پاس طرح طرح کے خطوط آتے ہیں: میں نے عرض کیا: میں سریانی زبان نہیں جانتا حکم دیا کہ یہ زبان سیکھ لو چنانچہ سترا (۱۷) دنوں میں میں نے یہ زبان سیکھ لی۔ رواہ ابویعلی وابن ابی داؤد وابن عساکر

۳۷۰۶۱..... عمار بن ابی عمر سے مروی ہے کہ ایک دن حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ گھوڑے پر سوار ہونا چاہتے تھے اتنے میں ابن عباس رضی اللہ عنہما نے سواری کی رکابیں تھام لیں زید رضی اللہ عنہ نے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے فرمایا: اے ابن عباس! ہٹ جاؤ ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا: ہمیں اپنے علماء اور بزرگوں کے ساتھ یہی کرنے کا حکم دیا گیا ہے زید رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے اپنا ہاتھ دکھاؤ ابن عباس رضی اللہ عنہما نے اپنا ہاتھ نکال لیا زید رضی اللہ عنہ نے ان کا ہاتھ چوما اور فرمایا: ہمیں بھی یہ حکم دیا گیا ہے کہ ہم بھی اپنے نبی کے اہل بیت کے ساتھ یہی کچھ کریں۔
رواہ ابن عساکر

۳۷۰۶۲..... ایک مرتبہ ابن عباس رضی اللہ عنہما نے حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کی سواری کی رکابیں تھام لیں اور پھر کہا: ہمیں حکم دیا گیا ہے کہ ہم اپنے معلمین کی رکابیں تھامیں۔ رواہ ابن النجار

حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ

۳۷۰۶۳..... حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے آزاد کردہ غلام زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ نے اسلام قبول کیا چنانچہ انھوں نے سب سے پہلے اسلام قبول کیا اور سب سے پہلے نماز پڑھی۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۰۶۴..... حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یا رسول اللہ آپ نے میرے اور حمزہ رضی اللہ عنہ کے درمیان مواخات قائم کی ہے۔ رواہ ابونعیم

۳۷۰۶۵..... ''مسند جبلہ بن حارثہ کلبی رضی اللہ عنہ'' جبلہ بن حارثہ کہتے ہیں: میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ میرے ساتھ میرے بھائی زید کو بھیج دیں آپ نے فرمایا: وہ یہ تمہارے سامنے کھڑا ہے اگر وہ تمہارے ساتھ جانا چاہتا ہے میں اسے نہیں روکتا اتنے میں زید رضی اللہ عنہ بول پڑے اور کہا: یا رسول اللہ! نہیں نہیں اللہ کی قسم: میں آپ پر کسی اور کو ترجیح نہیں دوں گا جبلہ کہتے ہیں: میرے بھائی کی رائے میری حقیر رائے سے بدرجہا افضل تھی۔ رواہ ابویعلی والدارقطنی فی الافراد والطبرانی و ابونعیم والنسائی وابن عساکر

۳۷۰۶۶..... جبلہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب خود جہاد میں شریک نہ ہوئے اپنا اسلحہ حضرت علی رضی اللہ عنہ یا حضرت زید رضی اللہ عنہ کو دیتے تھے۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۰۶۷..... ''ایضاً'' جبلہ کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ نبی کریم رضی اللہ عنہ کو دو عدد پالان ہدیہ میں دیئے گئے ان میں سے ایک آپ نے خود رکھ لیا اور دوسرا زید رضی اللہ عنہ کو عطا کر دیا۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۰۶۸..... حضرت حذیفہ بن الیمان رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ایک دن زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کی طرف دیکھا اور آپ رونے لگے: پھر فرمایا: یہ میرے اہل بیت میں سے مظلوم ہے۔ اور یہ میرا ہم نام ہے اسے اللہ کی راہ میں قتل کیا جائے گا اور سولی پر لٹکایا جائے گا

آپ نے زید رضی اللہ عنہ کی طرف اشارہ کیا: فرمایا: میرے قریب ہو جاؤ اے زید بن حارثہ! اللہ تعالیٰ تمہاری محبت میں اضافہ فرمائے بلاشبہ تو حبیب کا ہم نام ہے زید کی اولاد میں سے۔ رواہ ابن عساکر

کلام:......حدیث کلام کیا گیا ہے چونکہ اس میں ایک راوی نصر بن مزاحم ہے مغنی میں لکھا ہے کہ یہ رافضی تھا محدثین نے اسے متروک قرار دیا ہے۔

۳۷۰۶۹......ابوسعید رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: مجھے جنت میں لے جایا گیا جنت میں ایک لڑکی نے میرا استقبال کیا میں نے اس سے پوچھا: اے لڑکی تو کس کی ہے اس نے جواب دیا میں زید بن حارثہ کی ہوں پھر اس کے بعد میں صاف ستھرے پانی کی نہروں دودھ کی نہروں جو کبھی خراب نہیں ہوتا اور شراب کی نہروں جو پینے والوں کو بھرپور لذت فراہم کرتا ہے اور صاف وشفاف شہد کی نہروں پر کھڑا ہوا جنت کے اناریوں لگتے تھے گویا کوئی بڑا ڈول لٹک رہا ہو میں نے جنت کے پرندے بھی دیکھے جو تمہارے بختی اونٹوں جیسے تھے اس موقع پر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بلاشبہ اللہ تعالیٰ نے اپنے نیک کار بندوں کے لیے ایسی ایسی نعمتیں پیدا کر رکھی ہیں جنھیں نہ کسی آنکھ نے دیکھا نہ کسی کان نے ان کے متعلق سنا اور نہ ہی کسی بشر کے دل میں ان کا خیال کھٹکا۔ رواہ ابن عساکر

کلام:......حدیث ضعیف ہے چونکہ اس کی سند میں ابوہارون عبدی ہے۔

۳۷۰۷۰......"مسند عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما" ابن عمر رضی اللہ عنہما کی روایت ہے کہ ہم زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کو زید بن محمد کہہ کر پکارتے تھے حتیٰ کہ قرآن میں یہ آیت نازل ہوئی "ادعوهم لاباء هم" یعنی منہ بولے بیٹوں کو ان کے باپوں کی طرف منسوب کر کے پکارو۔

رواہ ابن ابی شیبۃ

۳۷۰۷۱......عروہ کہتے ہیں: حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ نے سب سے پہلے اسلام قبول کیا۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۰۷۲......عروہ کہتے ہیں حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ غزوہ موتہ میں شہید کیے گئے۔ رواہ ابن سعد وابن عساکر

۳۷۰۷۳......زہری ونافع ومحمد بن اسامہ بن زید وعمران بن ابی انس اور سلیمان بن یسار کہتے ہیں سب سے پہلے زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ نے اسلام قبول کیا۔ رواہ ابن عساکر وابن سعد

۳۷۰۷۴......زہری کہتے ہیں: ہم کسی کو نہیں جانتے جو زید بن حارثہ سے قبل اسلام لایا ہے۔ رواہ ابن عساکر

فائدہ:......بعض احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ سب سے پہلے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اسلام قبول کیا اور مذکورہ بالا احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا نے اسلام قبول کیا بعض سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت علی نے سب سے پہلے اسلام قبول کیا اور احادیث مذکورہ وبالا سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت زید بن حارث نے سب سے پہلے اسلام قبول کیا علماء نے احادیث مختلف میں یوں تطبیق دی ہے کہ بوڑھوں میں سب سے پہلے حضرت ابوبکر نے اسلام قبول کیا عورتوں میں حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا نے، بچوں میں حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اور غلاموں میں زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ نے۔

حضرت زیاد بن حارث صدائی رضی اللہ عنہ

۳۷۰۷۵......حضرت زیاد بن حارث صدائی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور میں نے اسلام قبول کرنے کی شرط پر بیعت کر لی چنانچہ ایک مرتبہ مجھے خبر ملی کہ آپ ﷺ نے میری قوم کی طرف لشکر بھیجا ہے میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! آپ لشکر کو واپس بلالیں میں اپنی قوم کے اسلام قبول کرنے اور ان کی اطاعت بجالانے کی ضمانت دیتا ہوں آپ نے مجھے حکم دیا: تم خود جاؤ اور لشکر کو واپس بلالاؤ میں نے عرض کیا یارسول اللہ! میری سواری تھکی ماندی ہے چنانچہ رسول اللہ ﷺ نے ایک شخص بھیجا اور اس نے لشکر واپس کر دیا صدائی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے میری قوم کی طرف ایک خط لکھا جس کی پاداش میں قوم کا وفد قبول اسلام کی خبر لے کر حاضر ہوا رسول اللہ ﷺ نے مجھے

فرمایا: اے صدائی! تیری قوم میں تیری بات مانی جاتی ہے میں نے جواب دیا: بلکہ اللہ تعالیٰ نے میری قوم کو اسلام کی ہدایت دی ہے رسول اللہ ﷺ نے مجھے فرمایا: کیا میں تمہیں قوم پر امیر نہ مقرر کردوں۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ جی ہاں مجھے امیر مقرر کردیں۔ آپ نے میرے لئے فرشتہ تحریر کردیا میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! مجھے قوم کے صدقات کے بارے میں حکم دیں فرمایا: جی ہاں: آپ نے ایک اور نوشتہ میرے لیے حوالہ قرطاس کیا صدائی کہتے ہیں: یہ واقعہ آپ کے بعض اسفار میں پیش آیا تھا چنانچہ رسول اللہ ﷺ نے ایک جگہ پڑاؤ کیا اس جگہ کے باسی آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور اپنے عامل کی شکایت کرنے لگے اور کہا: ہمارا عامل جاہلیت کی دشمنی کا مواخذہ لینا چاہتا ہے جو ہمارے اور اس کی قوم کے درمیان جاہلیت میں تھی نبی کریم ﷺ نے فرمایا: کیا وہ ایسا کرتا ہے؟ لوگوں نے کہا: جی ہاں چنانچہ نبی کریم ﷺ نے اپنے صحابہ رضی اللہ عنہم کی طرف التفات کیا میں بھی ان میں شامل تھا ارشاد فرمایا: مؤمن شخص کی ایسی امارت میں کوئی بھلائی نہیں ہے صدائی کہتے ہیں: آپ ﷺ کا فرمان میرے دل میں رچ بس گیا پھر آپ کے پاس ایک اور شخص آیا اور کہا: اے اللہ کے نبی! مجھے کچھ عطا کریں نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جس شخص نے مالدار ہوتے ہوئے سوال کیا وہ اس کے لیے سر کا درد ہے اور پیٹ میں بیماری ہے مسائل نے کہا: مجھے صدقہ میں سے عطا کریں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ صدقات نے متعلق کسی نبی یا غیر نبی کے فیصلہ سے قطعی راضی نہیں ہے حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ نے صدقات کے متعلق خود آٹھ حصے کردیئے ہیں اگر تو ان حصوں میں آتا ہوں میں تمہیں صدقہ دوں گا صدائی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں آپ ﷺ کا یہ فرمان بھی میرے دل و دماغ میں رچ بس گیا کہ میں مالدار ہوں جب کہ میں نے آپ سے صدقہ کا سوال کیا تھا اس کے بعد رسول اللہ ﷺ رات کے اول حصہ میں روانہ ہوگئے میں آپ کے ساتھ ساتھ چلنے لگا، چونکہ میں قوی شخص تھا جب کہ آپ صحابہ رضی اللہ عنہم آپ سے کٹنے لگے اور آہستہ آہستہ پیچھے رہنے لگے حتیٰ کہ ایسا وقت بھی آیا کہ آپ کے ساتھ میرے سوا کوئی بھی نہیں تھا۔ جب صبح کی اذان کا وقت قریب ہوا رسول اللہ ﷺ نے مجھے حکم دیا میں نے اذان دی میں کہنے لگا: یا رسول اللہ! اقامت کہوں۔ رسول اللہ ﷺ نے جانب مشرق دیکھنا شروع کردیا کہ طلوع فجر ہوا ہے یا نہیں۔ چنانچہ آپ نے فرمایا: ابھی اقامت نہ کہو حتیٰ کہ جب طلوع فجر ہوا آپ ﷺ اترے اور قضائے حاجت کے لیے تشریف لے گئے پھر میری طرف واپس لوٹے اتنے میں آپ کے صحابہ رضی اللہ عنہم بھی پہنچ چکے تھے آپ نے فرمایا: اے صدائی تمہارے پاس پانی ہے؟ میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! میرے پاس بہت تھوڑا سا پانی ہے جو آپ کو کافی نہیں ہوسکتا نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اسے ایک برتن میں ڈالو اور پھر اسے میرے پاس لے آؤ آپ نے اپنی ہتھیلی پانی میں داخل کی میں نے دیکھا کہ آپ کی انگلیوں کے درمیان سے پانی کے چشمے پھوٹ پڑے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اگر مجھے اپنے رب تعالیٰ سے حیا نہ آتی ہم یہ پانی پیتے اور دوسروں کو بھی پلاتے میرے صحابہ رضی اللہ عنہم میں اعلان کرو اگر کسی کو پانی کی ضرورت ہو؟ میں نے اعلان کیا جسے پانی کی ضرورت تھی اس نے پانی لیا پھر آپ ﷺ نماز پڑھانے کے لیے کھڑے ہوگئے اقامت کہنے کے لیے بلال رضی اللہ عنہ تیاری کرنے لگے لیکن نبی کریم ﷺ نے انھیں اقامت کہنے سے منع کردیا اور فرمایا: صدائی نے اذان دی ہے اور جو اذان دیتا ہے وہی اقامت کہنے کا حق رکھتا ہے۔ چنانچہ آپ نے نماز پڑھائی اور جب فارغ ہوئے میں آپ کے لکھے ہوئے دونوں خطوط آپ کے پاس لے آیا اور میں نے عرض کیا یا رسول اللہ میرا عذر قبول کیجئے ارشاد فرمایا: بھلا تمہیں کیا سوجھا؟ میں نے عرض کیا: یا نبی اللہ! میری تے آپ کو فرماتے سنا ہے کہ: مومن شخص کی امارت میں کوئی بھلائی نہیں۔ جب کہ میں اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لایا ہوں میں نے آپ کو ایک سائل سے فرماتے سنا: جس شخص نے مالدار ہوتے ہوئے سوال کیا وہ سر میں درد ہے اور پیٹ میں بیماری ہے جب کہ میں نے آپ سے سوال کیا ہے حالانکہ میں مالدار ہوں نبی کریم ﷺ نے فرمایا: یہ ایسا ہی ہے اگر چاہو تو امارت قبول کرو اگر چاہو تو چھوڑ دو میں نے عرض کیا: میں امارت (گورنری) چھوڑتا ہوں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اچھا پھر کوئی ایسا آدمی مجھے بتاؤ جسے میں تمہارے اوپر امیر مقرر کردوں میں نے وفد میں شریک ایک آدمی کا نام لیا پھر ہم نے عرض کیا: یا نبی اللہ! ہمارا ایک کنواں ہے سردیوں میں اس کا پانی کافی ہوتا ہے اور ہم سب اس پر جمع ہوجاتے ہیں لیکن گرمیوں میں اس کا پانی کم پڑ جاتا ہے جس کی وجہ سے ہمیں مضافات سے پانی لانا پڑتا ہے اب جب ہم اسلام لاچکے ہیں ہمارے اردگرد کے لوگ ہمارے دشمن ہوجائیں گے وہ ہمیں پانی نہیں دیں گے لہٰذا آپ اللہ تعالیٰ سے دعا کریں تاکہ ہمارے کنویں میں پانی سارا سال جاری رہے جو ہمیں کافی ہے اور تاکہ ہم ادھر ادھر پانی لینے نہ جائیں۔ آپ نے سات کنکریاں منگوائیں انھیں اپنے ہاتھوں میں الٹا پلٹا اور ان پر دعا پڑھی پھر فرمایا: یہ کنکریاں لے جاؤ اور اللہ کا نام لیکر ایک ایک

کر کے کنویں میں ڈال دو صدائی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں ہم نے ایسا ہی کیا پھر اس کے بعد ہم نے کنویں کی گہرائی نہیں دیکھ سکے۔
رواه البغوی و ابن عساکر وقال هذا حدیث حسن

حضرت زید بن سہل ابوطلحہ انصاری رضی اللہ عنہ

۳۷۰۷۶...... حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ اور ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ کے درمیان مواخات قائم کی ہے۔ رواہ عبدالرزاق

۳۷۰۷۷...... حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ کے زمانے میں (نفلی) روزے کم رکھتے تھے چونکہ آپ ﷺ جہاد میں شرکت کرتے تھے، جب رسول اللہ ﷺ دنیا سے رخصت ہوئے ابوطلحہ رضی اللہ عنہ بجز سفر اور مرض کے روزہ نہیں چھوڑتے تھے۔
رواه ابن جریر

۳۷۰۷۸...... حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ سے عرض کیا: یا رسول اللہ! اللہ تعالیٰ مجھے آپ پر فدا کرے۔
رواه ابن عساکر

حضرت زید بن صوحان وجندب بن کعب عبدی (یا ازدی) رضی اللہ عنہ

۳۷۰۷۹...... ابومجلز بن حمید ابن عباس، وابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ایک غزوہ میں تھے اور صحابہ رضی اللہ عنہم باری باری سوار ہوتے تھے جب رسول اللہ ﷺ کی باری آئی آپ سواروں کے لیے حدی دیتے اور فرماتے: زید اچھا ہے اور زید کیا ہے جندب اور جندب کیا ہے صبح ہوئی ہم نے عرض کیا یا رسول اللہ! میں نے آپ کو کثرت سے زید رضی اللہ عنہ اور جندب رضی اللہ عنہ کا تذکرہ کرتے دیکھا ہے اس کی کیا وجہ ہے؟ فرمایا: یہ میری امت کے دو شخص ہیں رہی بات ان میں سے ایک کی سو اس کے جسم کا کچھ حصہ یا اس کا ہاتھ پہلے سے جنت میں پہنچ جائے گا اور دوسرا شخص حق و باطل کے درمیان فرق کرتا ہے چنانچہ زید رضی اللہ عنہ کا ہاتھ غزوہ جلولاء میں کٹ گیا اور خود جنگ جمل میں شہید ہوئے رہی بات جندب کی چنانچہ ایک مرتبہ وہ ولید بن عتبہ کے پاس سے گزرے اور ولید کے سامنے ایک جادوگر کرتب دکھا رہا تھا، جندب رضی اللہ عنہ نے اپنی تلوار اٹھائی اور سیدھے آ کر جادوگر کے دے ماری اور اسے واصل جہنم کر دیا۔ رواه ابن عساکر

۳۷۰۸۰...... حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: جس شخص کو یہ بات خوش کرتی ہو کہ وہ ایسے شخص کو دیکھے جس کے بعض اجزاء جنت میں پہنچ چکے ہیں وہ زید بن صوحان رضی اللہ عنہ کو دیکھ لے۔

رواه ابویعلی وابن عدی والبیهقی فی الدلائل والخطیب وابن عساکر وقال البیهقی فیه هزیل بن بلال غیر قوی

کلام:...... بیہقی کہتے ہیں حدیث ضعیف ہے چونکہ اس کی سند میں ہزیل بن بلال ہے جو قوی نہیں۔

حضرت زید الخیل رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ نے ان کا نام زید الخیر رکھا

۳۷۰۸۱...... حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم جاہلیت کے آخر میں اور اسلام کے اول زمانہ میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے زید الخیل رضی اللہ عنہ (زید بن مہلہل طائی) آگے بڑھے اور رسول اللہ ﷺ کو سلام کیا اور پھر ٹھہر گئے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے زید! آگے بڑھو تمہیں دیکھا ہیں تاحتی کہ اب تمہیں دیکھنا چاہتا ہوں زید رضی اللہ عنہ آگے بڑھے اور کلمہ شہادت کا اقرار کیا اور پھر باتیں کہیں عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے کہا: اے زید! میرا خیال ہے کہ بنی طے میں تم سے افضل کوئی نہیں۔ زید رضی اللہ عنہ نے جواب دیا اللہ کی قسم کیوں نہیں طے

میں مہمانوں کی میزبانی کرنے والا حاتم بھی ہے جس عفاف دامن ہاتھ سے نہیں چھوڑا عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: تم نے باقی لوگوں کے لیے خیر وبھلائی نہیں چھوڑی زید رضی اللہ عنہ بولے: ہم میں مقدوم حومہ بھی ہے جو سینے کے اعتبار سے شجاع ہے جسکا حکم ہمارے درمیان نافذ ہوتا ہے عمر رضی اللہ عنہ نے پھر فرمایا: تم نے باقی لوگوں کے لیے خیر وبھلائی نہیں چھوڑی زید رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: اللہ کی قسم کیوں نہیں۔ رواہ ابن عساکر

حرف سین...... حضرت سعد بن عبادۃ رضی اللہ عنہ

۳۷۰۸۲...... حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ وہ نبی کریم ﷺ کے پاس ایک برتن لائے جو مغز سے بھرا ہوا تھا آپ ﷺ نے فرمایا: اے ابوثابت یہ کیا ہے؟ عرض کیا: قسم اس ذات کی جس نے آپ کو برحق پیدا کیا ہے میں نے چالیس جانور ذبح کیے ہیں میں نے چاہا کہ آپ کو مغز سے سیر کردوں چنانچہ نبی کریم ﷺ نے مغز تناول فرمایا: اور پھر سعد رضی اللہ عنہ کے لیے دعائے خیر کی۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۰۸۳...... ابن سیرین کی روایت ہے کہ جب اہل صفہ کو شام ہوجاتی تو کوئی شخص آتا وہ اپنے ساتھ اہل صفہ میں سے ایک آدمی لے جاتا کوئی دو کو لے جاتا کوئی ایک جماعت کو لے جاتا رہی بات حضرت سعد بن عبادۃ رضی اللہ عنہ کی وہ ہر رات اپنے ساتھ اسّی اسّی آدمیوں کو لے کر جاتے۔
رواہ ابن ابی الدنیا وابن عساکر

حضرت سعد بن مالک رضی اللہ عنہ

۳۷۰۴۸...... حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: یہ میرے ماموں ہیں کوئی شخص اپنا بھی ماموں دکھائے۔
رواہ الطبرانی والحاکم

۳۷۰۸۵...... ''مسند جابر بن عبداللہ'' ایک مرتبہ ہم نبی کریم ﷺ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے اتنے میں سامنے سے حضرت سعد بن مالک رضی اللہ عنہ تشریف لائے آپ ﷺ نے فرمایا: یہ میرے ماموں ہیں کوئی آدمی اپنے ماموں کو بھی مجھے دکھائے۔
رواہ الترمذی وقال: غریب والطبرانی والحاکم وابونعیم والضیاء

۳۷۰۸۶...... حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک مرتبہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ بیٹھے ہوئے تھے اتنے میں حضرت سعد بن مالک رضی اللہ عنہ سامنے سے تشریف لائے نبی کریم ﷺ نے فرمایا: آپ میرے ماموں ہیں۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۰۸۷...... حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت ہے کہ ایک رات رسول اللہ ﷺ میرے پہلو میں جاگتے رہے میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! بیدار رہنے کی کیا وجہ ہے؟ ارشاد فرمایا: کوئی نیک شخص ہو جو آج رات میری چوکیداری کرتا رہے چنانچہ تھوڑی دیر گزری تھی کہ یکایک ہم نے اسلحہ کی جھنکار سنی رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: یہ کون ہے؟ وہ بولا! میں سعد بن مالک ہوں فرمایا: کیوں آئے ہو؟ عرض کیا یارسول اللہ! میں اس لیے آیا ہوں تاکہ کہ آپ کی چوکیداری کروں۔ چنانچہ رسول اللہ ﷺ گہری نیند سو گئے حتیٰ کہ مجھے آپ کے خراٹوں کی آواز سنائی دینے لگی۔
رواہ ابن ابی شیبة

حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ

۳۷۰۸۸...... ''ابن ابی شیبة یزید بن ہارون، محمد بن عمرو اپنے والد اور دادا سے وہ علقمہ بن وقاص سے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت نقل کرتے ہیں وہ کہتی ہیں: میں غزوۂ خندق کے دن لوگوں کے پاؤں کے نشانات پر ان کے پیچھے پیچھے چلنے لگی میں نے اپنے پیچھے پاؤں کی چاپ سنی میں پیچھے جو مڑ کو دیکھا کیا دیکھتی ہوں کہ میرے پیچھے حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ آرہے ہیں اور ان کے ساتھ ان کے بھتیجے حارث بن

او بن ہیں حارث نے سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کی ڈھال اٹھا رکھی ہے۔ میں انھیں دیکھ کر زمین کے ساتھ چپک کر بیٹھ گئی حضرت سعد رضی اللہ عنہ گزر گئے سعد رضی اللہ عنہ نے زرہ پہن رکھی تھی جس کے اطراف باہر نکلے دکھائی دیتے تھے مجھے ان کے اطراف سے ڈر لگا: چونکہ سعد رضی اللہ عنہ لوگوں میں بڑے اور طویل القامت تھے وہ یہ رجز پڑھتے ہوئے میرے پاس سے گزرے۔

لث قليلاً يدرك الهيجا حمل   ما احسن الموت اذا حان الا جل

تھوڑی دیر ٹھہر جا جنگ بوجھ کو پالے گی جب اجل قریب ہو جائے اس وقت موت کتنی اچھی ہوتی ہے میں اٹھ کر قریب ہی ایک باغیچے میں جا گھسی اس میں مسلمانوں کی ایک جماعت موجود تھی ان میں عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ بھی تھے ایک اور شخص بھی تھا جس نے جنگی ٹوپی (خود) پہن رکھا تھا عمر رضی اللہ عنہ نے مجھے دیکھ کر فرمایا: تمہارا ناس ہو تم کیوں آئی ہو (تین بار کہا) تو ضد کر کے آ گئی ہے کیا معلوم سخت معرکہ آرائی ہو ایسی حالت میں تمہیں کون امن فراہم کرے گا۔ عمر رضی اللہ عنہ مجھے ملامت کرتے رہے حتیٰ کہ میں تمنا کرنے لگی کہ زمین پھٹ جائے اور میں اس میں دھنس جاؤں دوسرے شخص نے خود سر سے اوپر اٹھایا کیا دیکھتی ہوں کہ وہ طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ ہیں، وہ بولے: اے عمر! تمہارا ناس ہو آج تم نے بہت زیادہ ملامت کر دی معرکہ آرائی ہو یا فرار ہو ہر چیز کا انجام اللہ ہی کی طرف ہے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کو مشرکین قریش میں سے ایک شخص نے تیر مارا اس شخص کا نام حبان بن عرق تھا تیر مارتے وقت اس نے کہا: یہ لو میں ابن عرقہ ہوں چنانچہ تیر حضرت سعد رضی اللہ عنہ کے بازو کی رگ پر لگا انھوں نے رب تعالیٰ سے دعا کی: یا اللہ! مجھے موت نہ دینا تاوقتیکہ قریظہ سے میری آنکھوں کو ٹھنڈا نہ کر دے، بنو قریظہ جاہلیت میں سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کے حلفاء اور قریبی دوست تھے سعد رضی اللہ عنہ کے زخموں سے خون خشک ہو گیا، ادھر اللہ تعالیٰ نے مشرکین کے لشکروں پر زور کی آندھی بھیجی جس نے اندھا دھند تباہی مچا دی اور یوں اللہ تعالیٰ نے جنگ میں مؤمنین کی کفایت کی ابوسفیان لتامہ جا پہنچا عیینہ بن بدر اور اس کے ہمراہی نجد جا پہنچے جب کہ بنو قریظہ اپنے قلعوں میں جا گھسے اور رسول اللہ ﷺ مدینہ واپس لوٹ آئے مسجد میں حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کے لیے چھوٹا سا چبوترا بنوا دیا گیا آپ ﷺ نے اسلحہ اتار دیا اتنے میں جبرئیل امین تشریف لائے اور فرمایا: کیا آپ نے اسلحہ اتار دیا ہے، بخدا، فرشتوں نے ابھی تک اسلحہ نہیں اتارا ابھی ابھی بنو قریظہ کی خبر لینے جائیں اور ان کا قتل عام کریں نبی کریم ﷺ نے مسلمانوں کو کوچ کرنے کا حکم دیا اور آپ نے اپنی زرہ زیب تن کی اور پھر بنی غنم کے پاس سے گزرے، بنی غنم مسجد کے پڑوس میں آباد تھے فرمایا: تمہارے پاس سے کون گزرا ہے؟ انھوں نے جواب دیا: ہمارے پاس سے دحیہ کلبی گزرے ہیں (جبرئیل امین دحیہ کلبی کی صورت میں حاضر ہوئے تھے) چنانچہ رسول اللہ ﷺ مسلمانوں کے ساتھ بنی قریظہ کے پاس جا پہنچے اور پچیس دن تک ان کا محاصرہ جاری رکھا چنانچہ جب بنی قریظہ پر سختی زیادہ ہو گئی اور وہ مشقت سے دو چار ہو گئے ان سے کہا گیا: رسول اللہ ﷺ کے حکم پر قلعوں سے نیچے اتر آؤ بنو قریظہ نے اشارہ کر کے حضرت ابولبابہ رضی اللہ عنہ سے اپنے فیصلہ کے متعلق پوچھا: ابولبابہ رضی اللہ عنہ نے ہاتھ سے ذبح کی طرف اشارہ کیا بنو قریظہ نے مطالبہ پیش کیا کہ ہم سعد بن معاذ کے فیصلہ پر قلعوں سے نیچے اتریں گے وہ ہمارے متعلق جو فیصلہ بھی کر دیں رسول اللہ ﷺ فرمایا: ٹھیک ہے سعد بن معاذ کے فیصلے پر ہی نیچے آؤ چنانچہ بنی قریظہ قلعوں سے اتر کے نیچے آ گئے رسول اللہ ﷺ نے سعد رضی اللہ عنہ کو پیغام بھیجا چنانچہ سعد رضی اللہ عنہ پالان ڈالے ہوئے گدھے پر سوار کیے گئے سعد رضی اللہ عنہ کی قوم کے لوگ ان کے فیصلہ کو اور نظر سے دیکھنے لگے اور کہنے لگے: بنو قریظہ آپ کے حلیف اور دوست ہیں آپ کو معلوم ہے کہ ان کی طرف کسی چیز نے نہیں لوٹنا۔ حتیٰ کہ جب قریب پہنچ گئے اپنی قوم کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا: سعد کے کفن کا وقت قریب ہو چکا ہے اور وہ اللہ تعالیٰ کے معاملہ میں کسی ملامت گر کی ملامت سے نہیں ڈرے گا، جب سعد رضی اللہ عنہ سامنے سے نمودار ہوئے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اپنے سردار کے لیے کھڑے ہو جاؤ اور اسے پالان سے نیچے اتارو۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہمارا سردار تو اللہ ہے۔ فرمایا: اسے نیچے اتارو چنانچہ صحابہ رضی اللہ عنہم نے سعد رضی اللہ عنہ کو نیچے اتارا سعد رضی اللہ عنہ نے کہا: یا رسول اللہ! میں بنی قریظہ کے متعلق یہ فیصلہ کرتا ہوں کہ ان کے فوجیوں اور جنگجوؤں کو قتل کیا جائے ان کی اولاد کو قیدی بنا لیا جائے اور ان کے اموال مسلمانوں میں تقسیم کر دیئے جائیں۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم نے اللہ اور اس کے رسول کے فیصلہ کے مطابق فیصلہ کیا ہے پھر سعد رضی اللہ عنہ نے دعا کی: یا اللہ! اگر تو نے اپنے نبی کے لیے قریش کے ساتھ کسی لڑائی کو باقی رکھا ہے تو اس کے لیے مجھے بھی زندہ رکھ اور اگر تو نے قریش اور نبی کریم ﷺ کے درمیان جنگ

کے سلسلہ کو ختم کر دیا ہے تو مجھے اپنے پاس بلالے۔ چنانچہ حضرت سعد رضی اللہ عنہ کے زخم از سر نو تازہ ہو کر پھوٹ پڑے جب کہ زخم مندمل ہو چکے تھے اور صرف بُند ے کے برابر مندمل ہونے کو رہ گیا تھا رسول اللہ ﷺ واپس لوٹ آئے اور سعد رضی اللہ عنہ اپنے چبوترے میں واپس لوٹ گئے جو رسول اللہ ﷺ نے ان کے لیے لگوا رکھا تھا حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے صحابہ رضی اللہ عنہم کے بارے میں فرمایا ہے ''رحماء بینھم'' صحابہ آپس میں مہربان ہیں'' چنانچہ اس کی زندہ تفسیر دیکھنے کو ملی کو حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کے پاس رسول اللہ ﷺ ابوبکر رضی اللہ عنہ اور عمر رضی اللہ عنہ حاضر ہوئے علقمہ کہتے ہیں میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا: اے امی جان! اس موقع پر رسول اللہ ﷺ کیا کر تے تھے عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: کسی شخص کی موت پر عام طور پر آپ ﷺ کے آنکھ سے آنسو نہیں بہتے تھے لیکن جب آپ کو شدید غم لاحق ہوتا آپ اپنی داڑھی مٹھی مین پکڑ لیتے تھے۔

محمد عمرو کہتے ہیں مجھے عاصم بن عمر بن قتادہ نے حدیث سنائی ہے کہ جب شام کے وقت رسول اللہ ﷺ سو گئے آپ کے پاس جبرئیل امین تشریف لائے اور فرمایا: آج رات آپ کی امت میں سے ایک شخص مرا ہے جس کی موت پر اہل آسمان خوشیاں منا رہے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ہو نہ ہو وہ سعد بن معاذ ہی ہوگا چونکہ وہ شام کو سخت مرض میں مبتلا تھے آپ نے صحابہ رضی اللہ عنہم سے پوچھا: سعد کا کیا بنا؟ صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: یا رسول اللہ وہ اللہ کو پیارے ہو چکے ہیں۔ سعد رضی اللہ عنہ کی قوم کے لوگ آئے اور انھیں اپنے گھر لے گئے رسول اللہ ﷺ نے فجر کی نماز ادا کی اور پھر صحابہ کے ساتھ سعد رضی اللہ عنہ کی طرف چل پڑے۔ رسول اللہ ﷺ صحابہ کے ساتھ تیز تیز چلنے لگے حتیٰ کہ جوتوں میں پڑے ہوئے تسمے ٹوٹنے لگے اور کاندھوں سے چادریں نیچے گرنے لگیں ایک شخص بولا: یا رسول اللہ! آپ لوگوں کو کیوں تیز تیز لے کر چل رہے ہیں: ارشاد فرمایا: مجھے ڈر ہے کہیں فرشتے ہم سے آگے نہ بڑھ جائیں جیسا کہ حنظلہ کی طرف فرشتے ہم سے آگے بڑھ گئے تھے۔

محمد کہتے ہیں مجھے اشعث بن اسحاق نے خبر کی ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ حضرت سعد کے پاس پہنچے انھیں غسل دیا جا رہا تھا بیٹھے بیٹھے رسول اللہ ﷺ نے مجلس مین اپنے گھٹنے سکیڑ دیئے اور فرمایا: ایک فرشتہ داخل ہوا ہے جس کے بیٹھنے کے لئے مجلس میں جگہ نہیں تھی اس لیے میں نے گھٹنے سکیڑ کر اس کے لیے گنجائش پیدا کی ہے حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کی والدہ رو رہی تھیں اور ان کی زبان پر یہ اشعار تھے:

ویل ام سعد سعدا
براعة ونجدا
بعدا یادیا له ومجدا
مقدما سدبه مسدا.

ہلاکت ہے ام سعد کے لیے سعد کی وفات پر جو علم و فضل اور بزرگی میں اکمل ہے ایاد کے بعد بزرگی اور فضلیت کا اس نے دروازہ بند کر دیا ہے۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: سب رونے والی عورتیں جھوٹ بولتی ہیں سوائے ام سعد کے۔

محمد کہتے ہیں: ہمارے اصحاب میں سے بعض لوگوں کا کہنا ہے: جب رسول اللہ ﷺ حضرت سعد رضی اللہ عنہ کے جنازہ کے ساتھ نکلے منافقین میں سے کچھ لوگ کہنے لگے: سعد کا جنازہ کس قدر ہلکا پھلکا ہے۔ محمد کہتے ہیں مجھے سعد بن ابراہیم نے حدیث سنائی ہے کہ جس دن حضرت سعد رضی اللہ عنہ دنیا سے رخصت ہوئے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کے جنازہ میں شرکت کرنے کے لیے ستر ہزار فرشتے آسمان سے زمین پر اترے ہیں قبل ازیں اتنی تعداد میں فرشتے زمین پر نہیں اترے۔ محمد کہتے ہیں میں نے اسماعیل بن محمد بن سعد کو کہتے سنا دراں حالیکہ ہم واقد بن عمرو بن سعد بن معاذ کو دفنا رہے تھے وہ بولے: کیا میں تمہیں اپنے بزرگوں کی بیان کردہ حدیث نہ سناؤں جس دن سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کی وفات ہوئی رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: سعد کے جنازہ میں ستر ہزار (۷۰) ہزار فرشتے شریک ہوئے ہیں جب کہ قبل ازیں اتنی تعداد میں فرشتے زمین پر نہیں اترے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: رسول اللہ ﷺ اور آپ کے صاحبین ابوبکر رضی اللہ عنہ عمر رضی اللہ عنہ کے بعد مسلمان سب سے زیادہ سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کی کمی محسوس کرتے تھے محمد کہتے ہیں: محمد بن منکدر محمد بن شرحبیل سے روایت نقل کرتے ہیں

کہ ایک شخص نے حضرت سعد رضی اللہ عنہ کی قبر سے مٹی اٹھائی اوراسے سونگھا چنانچہ مٹی سے خوشبو آ رہی تھی محمد کہتے ہیں: مجھے واقد بن عمرو بن سعد نے بتایا ہے۔ (واقد خوبصورت اور دراز قد انسان تھے) کہ میں حضرت انس رضی اللہ عنہ کے پاس گیا مجھ سے پوچھا: تو کون ہے؟ میں نے جواب دیا میں واقد بن عمرو بن سعد بن معاذ ہوں حضرت انس رضی اللہ عنہ بولے: اللہ تعالیٰ سعد پر رحم فرمائے بلاشبہ تو سعد کے مشابہ ہے پھر کہا: اللہ تعالیٰ سعد پر رحم فرمائے وہ لوگوں میں سے زیادہ خوبصورت اور دراز قد تھے۔ محمد کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے اکیدر دومہ کی طرف ہدیہ بھیجا اس نے عالیشان ریشم کا بنا ہوا جبہ بھیجا جسے سونے کی تاروں سے اٹایا گیا تھا رسول اللہ ﷺ نے جبہ زیب تن کیا اور منبر پر تشریف فرما ہوئے اور لوگوں سے کلام نہیں کہا: لوگ جبے سے ہاتھ مس کرتے اور تعجب کرتے نبی کریم ﷺ نے فرمایا: کیا تم اس جبہ سے تعجب کرتے ہو؟ صحابہ رضی اللہ عنہم نے جواب دیا: یارسول اللہ! اس سے خوبصورت کپڑا ہم نے نہیں دیکھا نبی کریم ﷺ نے فرمایا: قسم اس ذات کی جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے! جنت میں سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کے رومال اس جبہ سے کہیں زیادہ خوبصورت ہیں۔ رواہ ابونعیم

۳۷۰۸۹...... حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ بن الیمان رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کا عرش سعد بن معاذ کی روح کے لیے جھوم اٹھا۔ رواہ ابن ابی شیبۃ

۳۷۰۹۰...... محمد بن حفصہ کی روایت ہے کہ ایک شخص نے حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کی قبر سے مٹھی بھر مٹی اٹھائی جب مٹھی کھولی تو وہ مٹی مشک بن چکی تھی رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: سبحان اللہ! سبحان اللہ! حتیٰ کہ خوشی کے اثرات نبی کریم ﷺ کے چہرہ اقدس میں نمایاں دیکھے جاسکتے تھے۔

رواہ ابونعیم فی المعرفۃ وسندہ صحیح

۳۷۰۹۱...... عطارد بن حاجب کی روایت ہے کہ کسریٰ نے نبی کریم ﷺ کو ریشم کا کپڑا ھدیہ میں بھیجا صحابہ کرام رضی اللہ عنہم آپ کے پاس تشریف لاتے اور اسے دیکھ کر تعجب سے کہتے: کیا یہ کپڑا آپ پر آسمان سے اتارا گیا ہے؟ آپ نے فرمایا: تم لوگ اس کپڑے پر کیوں تعجب کرتے ہو؟ جنت میں سعد بن معاذ کے رومالوں میں سے ایک رومال بھی اس سے بدرجہا بہتر ہے۔ پھر آپ نے فرمایا: اے غلام! یہ کپڑا ابوجہم بن حذیفہ کے پاس لے جاؤ اور اس سے کہو کہ میرے پاس خیس بھیج دے۔ رواہ ابن عساکر وقال غریب

۳۷۰۹۲...... محمد بن منکدر کہتے ہیں: ام سعد بن معاذ حضرت سعد رضی اللہ عنہ پر رو رہی تھیں اور یہ شعر پڑھ رہی تھیں۔

ویل ام سعد سعدا نزاھۃ وجدا.

ہلاک ہے ام سعد کے لیے سعد پر جو بزرگی اور عظمت تک جا پہنچا۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: سب رونے والی عورتیں جھوٹی ہیں سوائے ام سعد کے۔ رواہ ابن جریر فی تھذیبہ

۳۷۰۹۳...... حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت ہے کہ جب حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے وفات پائی تو نبی کریم ﷺ اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم رو پڑے چنانچہ جب آپ ﷺ کا غم بڑھ جاتا آپ مٹھی میں داڑھی پکڑ لیتے تھے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں میں عمر رضی اللہ عنہ کے رونے سے اپنے والد محترم کا رونا پہچان لیتی تھی۔ رواہ ابن جریر فی تھذیبہ

۳۷۰۹۴...... ''مسند ابن عمر'' محمد بن فضیل عطاء بن سائب مجاہد کی سند سے ابن عمر رضی اللہ عنہما کی روایت مروی ہے کہ سعد رضی اللہ عنہ کی رب تعالیٰ سے ملاقات کی محبت میں عرش جھوم اٹھا ہے کہتے ہیں: جس سریر (چارپائی) پر سعد رضی اللہ عنہ کی میت رکھی ہوئی تھی اس سریر کی لکڑیوں میں چرچراہٹ کی آواز پیدا ہوگئی تھی ابن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ سعد رضی اللہ عنہ کی قبر میں داخل ہوئے اور تھوڑی دیر وہیں رکے رہے جب باہر تشریف لائے صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: یارسول اللہ! آپ قبر میں کیوں رک گئے تھے ارشاد فرمایا: قبر نے سعد کو معمولی سا بھینچ لیا تھا پھر میں نے رب تعالیٰ سے دعا کی اور یہ کیفیت جاتی رہی۔ رواہ ابن ابی شیبۃ

۳۷۰۹۵...... ''مسند اسید بن حضیر'' حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: ہم لوگ حج یا عمرہ سے واپس لوٹے مقام ''ذوالحلیفہ'' پہنچے وہاں انصار کے لڑکے آ کر اپنے گھر والوں سے ملاقات کرنے لگے۔ لڑکے جب حضرت اسید بن حضیر رضی اللہ عنہ سے ملے انھیں ان کی بیوی کی موت کی خبر سنائی۔ اسید رضی اللہ عنہ نے سر پر چادر ڈالی اور رونے لگے میں نے کہا: اللہ تعالیٰ تمہاری مغفرت کرے تم رسول اللہ ﷺ کے صحابی ہو تم نے پہلے

پہل اسلام قبول کیا ہے اور شروع سے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ رہے ہو بھلا تم ایک عورت پر رو رہے ہو؟ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: اسید رضی اللہ عنہ نے سر سے چادر ہٹائی اور بولے: تم سچ کہتی ہو میری عمر کی قسم! مجھے سعد بن معاذ کے بعد کسی پر نہیں رونا چاہئے حالانکہ رسول اللہ ﷺ نے سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کے متعلق کیا خوب ارشاد فرمایا تھا۔ میں نے استفسار کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے کیا فرمایا تھا: اسید رضی اللہ عنہ بولے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تھا کہ سعد بن معاذ کی وفات پر عرش جھوم اٹھا ہے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: وہ میرے اور رسول اللہ ﷺ کے درمیان چلتے تھے۔ رواہ ابن ابی شیبۃ واحمد بن حنبل والشاشی وابن عساکر

۳۷۰۹۶..... حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ اکیدر دومہ نے رسول اللہ ﷺ کو جبہ ہدیہ میں دیا لوگوں کو اس جبہ کی خوبصورتی نے تعجب میں ڈال دیا رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جنت میں سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کے رومال اس جبہ سے بدرجہا بہتر ہیں۔ رواہ ابو نعیم فی المعرفة

۳۷۰۹۷..... حضرت براء رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ کو ایک ریشمی کپڑا ہدیہ میں دیا گیا، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اس کی نرم گدازی پر تعجب کرتے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کے رومال جنت میں اس سے کہیں زیادہ نرم ہیں۔ رواہ ابن ابی شیبۃ

۳۷۰۹۸..... حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ جبرئیل امین نبی کریم ﷺ کے پاس تشریف لائے اور فرمایا: یہ کون بندہ صالح ہے جس کے لیے جنت کے دروازے کھولے گئے ہیں اور عرش اس کے لیے جھوم اٹھا ہے؟ رسول اللہ ﷺ باہر تشریف لائے کیا دیکھتے ہیں کہ حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کھڑے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: یہی وہ بندہ صالح جس پر قبر میں سختی کی گئی اور پھر یہ سختی ان سے دور ہوگئی۔

رواہ احمد بن حنبل وابن جریر

۳۷۰۹۹..... حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کی موت پر عرش جھوم اٹھا۔

رواہ ابن شیبۃ

۳۷۱۰۰..... حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے جس دن سعد رضی اللہ عنہ نے وفات پائی اور انھیں دفن کیا جارہا تھا ارشاد فرمایا اس بندہ صالح کے لیے عرش جھوم اٹھا اور اس کے لیے آسمان کے دروازے کھولے گئے اور اس پر عارضی سختی ہوئی پھر وہ دور بھی ہوگئی۔

رواہ ابن عساکر

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ

۳۷۱۰۱..... حضرت سعد رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے ستر سال کی عمر میں اسلام قبول کیا۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۱۰۲..... "ایضاً" حضرت سعد رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے غزوۂ احد میں رسول اللہ ﷺ کا دفاع کیا حالانکہ ترکش میں کوئی تیر نہیں تھا۔ آپ نے فرمایا: اے سعد! میرے ماں باپ تم پر فدا ہو جائیں تیر برساتے جاؤ چنانچہ رسول اللہ ﷺ نے میرے لیے اپنے والدین جمع فرمائے یہ فضیلت مجھ سے پہلے کسی کو ملی ہے اور نہ دوبارہ اٹھائے جانے تک کسی کو ملے گی۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۱۰۳..... حضرت سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: غزوۂ احد کے دن رسول اللہ ﷺ مجھے تیر پکڑاتے رہے اور فرماتے تیر برساؤ میرے ماں باپ تم پر فدا ہو جائیں۔ رواہ ابویعلی وابن عساکر

۳۷۱۰۴..... حضرت سعد رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ احد کے دن وہ تیر برساتے اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میرے ماں باپ تم پر فدا جائیں یہ تمہیں کافی ہے۔ رواہ ابویعلی وابن عساکر

۳۷۱۰۵..... سعد رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: اللہ کی قسم میں چوتھے نمبر پر اسلام لایا رسول اللہ ﷺ نے احد کے دن میرے لیے اپنے والدین جمع کر کے فرمایا: اے سعد تیر برساؤ میرے ماں باپ تم پر فدا جائیں یا اللہ اس کے تیر کو نشانے پہ لگا اور اس کی دعا قبول فرما۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۱۰۶..... حضرت سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے احد کے دن مسلمانوں سے فرمایا: سعد کو تیر دیتے رہو اسے سعد تیر برساؤ کا

تیر برساؤ میرے ماں باپ تم پر فدا جائیں۔ رواہ ابن جریر

۳۷۱۰۷......حضرت سعد رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں عرب میں سے پہلا شخص ہوں جس نے اللہ تعالیٰ کی راہ میں تیر چلایا یعنی غزوہ اور جنگ میں۔
رواہ ابن ابی شیبۃ والحسن بن سفیان وابونعیم فی المعرفۃ

۳۷۱۰۸......"مسند جابر بن سمرۃ" حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ اللہ تعالیٰ کی راہ میں سب سے پہلے تیر چلانے والے حضرت سعد رضی اللہ عنہ ہیں۔ رواہ ابن ابی شیبۃ

۳۷۱۰۹......ابن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو نہیں سنا کہ آپ نے سعد رضی اللہ عنہ کے علاوہ کسی کے لیے اپنے والدین فدا کیے ہوں چنانچہ میں نے آپ کو فرماتے سنا تیر برساؤ میرے ماں بات تم پر فدا جائیں۔ رواہ ابن عساکر

کلام:......حدیث ضعیف ہے چونکہ اس کی سند میں ابوزہیر عبدالرحمن بن مغراء ابوسعد بقال سے روایت کرتے ہیں اور وہ دونوں ضعیف ہیں دیکھئے الحفاظ ۴۲۰۔

۳۷۱۱۰......ابن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت ہے احد کے دن رسول اللہ ﷺ نے حضرت سعد رضی اللہ عنہ سے فرمایا: دشمنوں کے سینوں کا نشانہ لو میرے ماں باپ تم پر فدا ہو جائیں سعد رضی اللہ عنہ تیر کمان میں رکھتے اور کہتے تیرا تیر تیرے راستے میں ہے۔ یا اللہ! اپنے رسول کی مدد فرما۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: یا اللہ! سعد کی دعا قبول فرما۔ رواہ ابن عساکر وفیہ المذکوران وابن ابی شیبۃ

۳۷۱۱۱......نافع ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت نقل کرتے ہیں کہ ہم نبی کریم ﷺ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے آپ نے فرمایا: اس دروازے سے ایک شخص داخل ہوگا جو اہل جنت میں سے ہے ہم میں سے ہر شخص تمنا کرنے لگا کہ داخل ہونے والا شخص اس کے خاندان سے ہو یکا یک ہم دیکھتے ہیں کہ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ اندر داخل ہوں۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۱۱۲......سالم بن عبداللہ اپنے والد سے روایت نقل کرتے ہیں وہ کہتے ہیں: ہم رسول اللہ ﷺ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے آپ نے فرمایا: اس دروازے سے ایک شخص داخل ہوگا جو اہل جنت میں سے ہوگا چنانچہ سعد رضی اللہ عنہ اندر داخل ہوئے۔ رواہ ابن عدی وابن عساکر

۳۷۱۱۳......سعید بن میّب کہتے ہیں: سعد رضی اللہ عنہ نے احد کے دن مسلمانوں میں سب سے زیادہ جان فشانی سے جنگ لڑی۔
رواہ ابن ابی شیبۃ

۳۷۱۱۴......ابن شہاب کہتے ہیں: حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے احد کے دن ایک تیر سے تین آدمیوں کو قتل کیا چنانچہ ایک تیر کا نشانہ لیا اور برسادیا پھر وہی تیر مشرکین نے واپس مسلمانوں پر مارا سعد رضی اللہ عنہ نے وہ تیر لیا اور دے مارا جس سے دوسرا شخص قتل ہوا پھر وہی تیر واپس لوٹا اور سعد رضی اللہ عنہ نے تیر کا نشانہ لے کر دے مارا اور اسے بھی قتل کر دیا چنانچہ حضرت سعد رضی اللہ عنہ کی اس مہارت پر لوگ تعجب کرتے تھے سعد رضی اللہ عنہ فرماتے یہ تیر نبی کریم ﷺ نے مجھے دیا تھا۔ رسول اللہ ﷺ نے سعد رضی اللہ عنہ پر اپنے والدین فدا کیے۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۱۱۵......زہری کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے ایک سریہ بھیجا اس میں حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ بھی شامل تھے یہ سریہ سرزمین حجاز میں رابغ مقام کی طرف بھیجا تھا مشرکین کو مسلمانوں سے شکست اٹھانی پڑی تھی چنانچہ سعد رضی اللہ عنہ نے مسلمانوں کی طرف سے مشرکین پر تیر برسائے سعد رضی اللہ عنہ پہلے شخص تھے جنھوں نے اللہ تعالیٰ کی راہ میں تیر چلایا اور اسلام میں یہ پہلی جنگ تھی تیر اندازی کے دوران سعد رضی اللہ عنہ یہ اشعار پڑھتے رہتے تھے:

الا ھل الی رسول اللہ آنی
حمیت صحابی بصدور نبلی
اذود لبھا عدوھم ذیارا
بکل حزنۃ وبکل سھل
فما یعتد رام فی عدو
بسھم فی سبیل اللہ قبلی

کوئی شخص رسول اللہ ﷺ کے پاس نہیں جاتا کہ میں نے اپنے ساتھیوں کا تیروں سے دفاع کیا ہے میں نے تیروں سے دشمن کو آگے دھکیل دیا خواہ ان کے آگے پہاڑی راستہ آیا یا ہموار راستہ آیا کسی تیرانداز پر دشمن کے متعلق اعتماد نہیں کہ اس نے مجھ سے پہلے اللہ کی راہ میں تیر چلایا ہو۔

رواہ ابن عساکر

۳۷۱۱۶......حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ایک مرتبہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ بیٹھے ہوئے تھے آپ نے فرمایا: اہل جنت میں سے ایک شخص تمہارے اوپر نمودار ہونے والا ہے چنانچہ سعد رضی اللہ عنہ نمودار ہوئے دوسرے دن بھی رسول اللہ ﷺ نے یہی فرمایا: چنانچہ صبح کو بھی سعد رضی اللہ عنہ اپنے مرتبہ کے ساتھ نمودار ہوئے اس کے بعد دوسرے دن بھی رسول اللہ ﷺ نے یہی فرمایا: اور ایک بار پھر سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ اپنے مرتبہ میں نمودار ہوئے جب رسول اللہ ﷺ کھڑے ہوئے عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ غبطہ میں آ کر اٹھ کھڑے ہوئے اور کہا: میں اپنے والد کو سزا وار عتاب سمجھتا ہوں اور قسم کھاتا ہوں کہ اپنے والد کے پاس تین دن تک نہیں جاؤں گا اگر آپ دیکھیں کہ میں آپ کے پاس آتا ہوں، حتیٰ کہ میری قسم پوری ہو جائے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کا خیال ہے کہ انھوں نے ساعد رضی اللہ عنہ کے ساتھ ایک رات بسر کی حتیٰ کہ فجر کا وقت ہو گیا اور اپنی جگہ سے ہلے تک نہیں البتہ جب اپنے بستر پر کروٹ بدلتے اللہ کا ذکر اور تکبیر کہہ دیتے اور پھر فجر کے وقت اٹھے پورا وضو کیا اور صبح کا ناشتہ کیا (یعنی روزہ بھی نہیں رکھا) عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں تین دن تک انھیں دیکھتا رہا انھوں نے اپنے اس دستور العمل پر مزید اضافہ نہیں کیا البتہ میں نے ان کے منہ سے خیر و بھلائی کے سوا کوئی بات نہیں سنی حتیٰ کہ جب تین راتیں گزر گئیں قریب تھا کہ میں ان کے عمل کو کمتر سمجھتا۔ میں نے کہا: میرے اور میرے والد کے درمیان غم و غضب اور ہجرت کا فرق نہیں لیکن میں نے رسول اللہ ﷺ کو تین دن تک تین مجلسوں میں فرماتے سنا: اہل جنت میں سے ایک شخص تمہارے اوپر نمودار ہوگا اور تینوں مرتبہ آپ ہی نمودار ہوئے میں نے چاہا آپ کے پاس رات گزاروں اور آپ کا عمل دیکھوں پھر میں آپ کی اقتدا کروں لیکن میں نے آپ کا کوئی زیادہ عمل نہیں دیکھا لہٰذا آپ ہی بتائیں کس عمل نے آپ کو اس مقام تک پہنچا دیا ہے جو رسول اللہ ﷺ نے بیان فرمایا ہے؟ سعد رضی اللہ عنہ بولے: مجھے تو اپنے عمل میں کوئی ایسی چیز نظر نہیں آتی البتہ میں اپنے دل میں کسی مسلمان کے لیے برا نہیں سوچتا ہوں اور نہ ہی برا کہتا ہوں عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: یہی وہ چیز ہے جس نے آپ کو اس مقام تک پہنچا دیا ہے اور بلاشبہ یہ ایسا عمل ہے جس کے بجالانے کی مجھ میں طاقت نہیں ہے۔ (رواہ ابن عساکر ورجالہ الصحیح الا ان ابن شھاب قالع حدثنی من لا اتھم عن انس قلت! حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے بعض فضائل تتمہ عشرہ مبشرہ میں خلفاء اربعہ کے بعد بیان ہو چکے ہیں)

حضرت سعد بن قیس عنزی رضی اللہ عنہ

۳۷۱۱۶......حضرت سعد بن قیس رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے آپ نے فرمایا: تمہارا کیا نام ہے؟ انھوں نے جواب دیا: میرا نام سعد الخیل ہے آپ نے فرمایا: بلکہ تمہارا نام سعد الخیر ہے۔ رواہ ابن مندہ وقال غریب

حضرت سعید بن العاص رضی اللہ عنہ

۳۷۱۱۷......ابن عمر رضی اللہ عنہما کی روایت ہے کہ ایک عورت رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں ایک اچھا سا کپڑا لے کر حاضر ہوئی اور کہنے لگی: میں نے نیت کی ہے کہ یہ کپڑا اس شخص کو دوں گی جو عرب میں سب سے زیادہ مکرم ہو۔ رسول اللہ ﷺ نے عورت سے فرمایا: یہ کپڑا اس لڑکے کو دے دو یعنی حضرت سعید بن عاص رضی اللہ عنہ کو۔ سعید رضی اللہ عنہ سامنے کھڑے تھے اسی وجہ سے کپڑوں کو الثیاب السعیدۃ" کہا جاتا ہے۔

رواہ الزبیر بن بکار وابن عساکر

حضرت سعد بن ربیع رضی اللہ عنہ

۳۷۱۱۸...... "مسند الصدیق" عبدالملک بن ھشام نے سیرت میں بیان کیا ہے مجھے ابوبکر زبیر نے حدیث سنائی ہے کہ ایک شخص حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا جب کہ حضرت سعد بن ربیع رضی اللہ عنہ کی ایک چھوٹی سی بچی ابوبکر رضی اللہ عنہ کے سینے پر بیٹھی کھیل رہی تھی اور آپ رضی اللہ عنہ اس کے بوسے لے رہے تھے اس شخص نے پوچھا: یہ بچی کون ہے؟ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ اس شخص کی بچی ہے جو مجھ سے افضل ہے یعنی سعد بن ربیع رضی اللہ عنہ کی بچی ہے سعد بن ربیع رضی اللہ عنہ بیعت عقبہ کے دن کے نقباء میں سے تھے جنگ بدر میں شریک رہے تھے اور غزوۂ احد میں شہید ہوئے۔

کلام:......ابن کثیر کہتے ہیں یہ حدیث معضل ہے۔

فائدہ:......حدیث معضل وہ ہوتی ہے جس کی سند سے دو یا دو سے زائد راوی محذوف ہوں۔

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ

۳۷۱۱۹...... "مسند سلمہ بن اکوع" حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ سات غزوات کیے ہیں اور زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ بھی سات غزوات کیے ہیں رسول اللہ ﷺ نے زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کو ہمارا امیر مقرر کیا تھا۔

رواہ یعقوب بن سفیان وابن عساکر

۳۷۱۲۰...... "ایضاً" ایاس بن سلمہ اپنے والد سے روایت نقل کرتے ہیں: وہ کہتے ہیں: میں نے معرکہ آرائی کے لیے ایک شخص کو للکارا اور میں نے اسے قتل کر دیا۔ رسول اللہ ﷺ نے اس کا ساز وسامان انعام میں مجھے عطا کیا۔ رواہ ابن جریر

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ

۳۷۱۲۱......قتادہ اور ابن زید بن جدعان کہتے ہیں: حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ اور حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کے بیچ کچھ ان بن تھی ایک مرتبہ بہت سارے صحابہ رضی اللہ عنہم مجلس لگائے بیٹھے تھے حضرت سعد رضی اللہ عنہ بولے: اے فلاں اپنا شجرہ نسب بیان کرو اس شخص نے اپنا نسب بیان کر دیا اس کے بعد سعد رضی اللہ عنہ ایک کے بعد دوسرے سے اس کا سلسلہ نسب پوچھتے رہے حتیٰ کہ نوبت حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ تک پہنچی ان سے کہا: اے فلاں تو بھی اپنا سلسلہ نسب بیان کر حضرت سلمان رضی اللہ عنہ بولے: میں اسلام میں اپنا سلسلہ نسب نہیں پہچانتا لیکن میں اپنے آپ کو سلمان ابن اسلام کہتا ہوں حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم جانتے ہو کہ خطاب جاہلیت میں معزز ترین شخص تھے اور میں عمر ابن اسلام سلمان بن اسلام کا بھائی ہوں۔ (یعنی ہمارا سلسلہ نسب اسلام ہے) کیا تم نے نہیں سنا کہ ایک شخص نے جاہلیت میں اپنا نسب نو (۹) آباء تک گنا جب کہ ان کا دسواں دوزخ میں ہے۔ اور جو شخص اپنا نسب اسلام میں کسی شخص سے منسوب کرتا ہے اور اوپر والوں کو چھوڑ دیتا ہے لامحالہ وہ اس کے ساتھ جنت میں ہوگا۔ رواہ عبدالرزاق والبیھقی فی شعب الایمان

۳۷۱۲۲......بنی خامر کا ایک شخص اپنے ماموں سے روایت نقل کرتا ہے کہ جب حضرت سلمان رضی اللہ عنہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے لوگوں سے فرمایا: ہمارے ساتھ چلو تا کہ ہم سلمان کا استقبال کریں۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۱۲۳......سالم بن ابی جعد سے مروی ہی کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت سلمان رضی اللہ عنہ کا چھ ہزار (درہم) وظیفہ مقرر کیا۔

رواہ ابوعبید فی الاموال وابن سعد

۳۷۱۲۴...... حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں رامہرمز میں اپنے خاندان کے ساتھ رہتا تھا میں اپنے ایک معلم کے پاس لکھنے پڑھنے جاتا تھا اور راستے میں ایک راہب آتا تھا جب میں راہب کے پاس سے گزرتا تھوڑی دیر کے لیے اس کے پاس بیٹھ جاتا وہ مجھے آسمانوں اور زمین کی خبریں سناتا حتیٰ کہ میں اس سے متاثر ہو کر اسی کا بن بیٹھا اور لکھنے پڑھنے کا سلسلہ ترک کر دیا میرے معلم نے گھر والوں کو خبر کر دی اور کہا: یہ راہب تمہارے بیٹے کو خراب کر رہا ہے اسے یہاں سے نکال دو چنانچہ میں گھر والوں سے چھپ کر راہب کے ساتھ ہولیا اور ہم دونوں موصل جا پہنچے وہاں ہم نے چالیس راہب پائے میں نے دیکھا کہ موصل کے راہب میرے ساتھ راہب کی بڑی قدر و تعظیم کرتے ہیں، میں راہب کے ساتھ کئی مہینوں تک رہا حتیٰ کہ میں بیمار پڑ گیا ان راہبوں میں سے ایک راہب کہنے لگا: میں بیت المقدس جاتا ہوں تاکہ اس میں نماز پڑھوں یہ سن کر مجھے بڑی خوشی ہوئی اور میں نے کہا: میں بھی تمہارے ساتھ چلتا ہوں چنانچہ میں بھی اس کے ساتھ ہولیا میں نے اسے بڑا صبر آزما پایا، وہ مسلسل چلتا رہا جب مجھے تھکا ہوا دیکھتا کہتا: سو جاؤ میں سو جاتا جب کہ وہ کھڑا ہو کر نماز میں مشغول ہو جاتا۔ چنانچہ اس نے ایک دن بھی کھانا نہیں کھایا حتیٰ کہ ہم بیت المقدس پہنچ گئے وہاں پہنچ کر راہب سو گیا اور مجھے تاکید کی کہ جب سایہ یہاں تک پہنچے مجھے جگا دینا وہ آرام سے سو گیا اور جیسا سایہ مطلوبہ نشان پر پہنچا میں نے راہب کو بیدار کرنا چاہا پھر مجھے خیال آیا کہ بیچارا رات کو بھی بیدار رہتا ہے لہٰذا تھوڑی دیر کے لیے اور سولے چنانچہ گھڑی بھر نہیں گزرنے پائی تھی کہ راہب خود ہی بیدار ہو گیا اور کہنے لگا: میں نے تمہیں کہا نہیں تھا کہ مجھے بیدار کرنا ہے؟ میں نے عذر بیانی سے کام لیا اور کہا تم سوتے نہیں وہ اس لیے میں نے چاہا تھوڑی دیر سولو اور یوں سایہ مطلوبہ نشان سے تجاوز کر گیا راہب بولا: مجھے پسند نہیں کہ مجھ پر ایک گھڑی بھی ایسی گزرے جس میں میں اللہ کا ذکر نہ کروں۔ پھر ہم بیت المقدس میں داخل ہو گئے۔ کیا دیکھتے ہیں کہ دروازے پر ایک اپاہج سائل مانگ رہا ہے اس نے راہب سے بھی سوال کیا مجھے لازم نہیں راہب نے اسے کیا جواب دیا۔ جب ہم باہر نکلے سائل نے پھر سوال کیا راہب نے اسے کچھ نہ دیا، سائل بولا: تم اندر داخل ہوئے مجھ کچھ نہیں دیا اور اب باہر نکلے ہو تب بھی مجھے کچھ نہیں دیا، سائل اپاہج تھا اور چل نہیں سکتا تھا۔ راہب نے کہا: کیا تمہیں یہ پسند ہے کہ تم سیدھے کھڑے ہو جاؤ اور چلنے پھرنے کے قابل ہو جاؤ؟ سائل نے کہا: جی ہاں راہب نے اس کے لیے دعا کی اور وہ دیکھتے ہی دیکھتے کھڑا ہو گیا اور چلنے لگا مجھے اس پر بڑا تعجب ہوا۔ راہب باہر نکل کر چل پڑا جب کہ میں اسی کشش و پیچ میں راستہ بھول گیا میں بھی باہر نکلا اور لوگوں سے راہب کے متعلق پوچھنے لگا اتنے میں انصار کے چند مسافروں سے میری ملاقات ہوئی میں نے ان سے پوچھا کیا تم نے ایسے ایسے حلیہ کا کوئی شخص دیکھا ہے؟ مسافر بولے: یہ تو ہمارا بھاگا ہوا غلام ہے انھوں نے مجھے پکڑ لیا اور مجھے ایک آدمی کی نگرانی میں دے دیا چنانچہ وہ مجھے مدینہ لے آئے اور اپنے ایک باغ میں مجھے بگار پر لگا دیا میں کھجور کے پتوں سے یہ چیزیں بنانے لگا مجھ سے راہب نے کہا تھا: اللہ تعالیٰ نے عرب میں کوئی نبی نہیں پیدا کیا عنقریب عربوں میں ایک نبی کا ظہور ہونے والا ہے۔ اگر تم اسے پاؤ اس کی تصدیق کرو اور اس پر ایمان لاؤ اس کی نشانی یہ ہے کہ وہ ہدیہ قبول کرتا ہوگا اور صدقہ نہیں کھائے گا اور یہ کہ اس کی پشت پر مہر نبوت ہے میں مدینہ میں عرصہ تک ٹھہرا رہا۔ پھر اہل مدینہ نے کہا: نبی کریم ﷺ مدینہ تشریف لا رہے ہیں میں اپنے ساتھ کھجوریں لے کر آپ کی خدمت میں حاضر ہوا آپ نے پوچھا: یہ کیا ہے؟ میں نے عرض کیا: یہ صدقہ کی کھجوریں ہیں آپ نے فرمایا ہم صدقہ نہیں کھاتے میں نے کھجوریں اٹھالیں میں آپ کی خدمت میں کھجوریں لے کر دوبارہ حاضر ہوا کھجوریں آپ کے سامنے رکھیں فرمایا یہ کیا ہے؟ میں نے عرض کیا: یہ ھدیہ ہے۔ چنانچہ آپ نے کھجوریں تناول فرمائیں اور آپ کے پاس حاضرین نے بھی تناول کیں پھر میں مہر نبوت دیکھنے کے لیے آپ کے پیچھے کھڑا ہو گیا، آپ ﷺ فوراً سمجھ گئے اور کاندھوں سے چادر ہٹادی میں نے کھلی آنکھوں سے مہر نبوت دیکھی میں ایمان لے آیا اور آپ کی تصدیق کر دی میں نے کھجوروں کے سو (۱۰۰) عدد پودے کاشت کرنے پر مکاتبت (بدل آزادی) کر لی چنانچہ رسول اللہ ﷺ نے اپنے دست اقدس سے پودے کاشت کیے حتیٰ کہ سال بھی نہیں گزرے پایا تھا کہ پودے جوان ہو گئے اور ان کے ساتھ کھجوریں لگ گئیں۔ رواہ عبدالرزاق

۳۷۱۲۵...... سعید بن مسیّب رحمۃ اللہ علیہ نقل کرتے ہیں کہ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ نے اس شرط پر مکاتبت کر لی کہ وہ کھجور کے سو (۱۰۰) پودے کاشت کریں گے اور جب ان سے کھجوریں کھائی جائیں گی تو وہ آزاد ہو جائیں گے۔ رواہ عبدالرزاق

۳۷۱۲۶...... عامر بن عطیہ کہتے ہیں: میں نے سلمان رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ انھیں کھانے پر مجبور کیا جاتا تھا سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے: مجھے اتنی

بات کافی ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو ارشاد فرماتے سنا کہ قیامت کے دن سب سے زیادہ بھوک اس شخص کو لگے گی جو دنیا میں سب سے زیادہ پیٹ بھر کر کھاتا ہوں اے سلمان، دنیا مؤمن کا قید خانہ ہے اور کافر کی جنت ہے۔ رواہ العسکری فی الامثال

۳۷۱۲۷...... حارث بن عمیرہ کہتے ہیں: میں مدائن میں حضرت سلمان رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا میں نے انھیں چمڑے کے کارخانہ میں کچے چمڑوں کو دباغت دیتے ہوئے پایا جب میں نے سلام کیا انھوں نے فرمایا: اپنی جگہ کھڑے رہو میں ابھی باہر آنا چاہتا ہوں میں نے عرض کیا: اللہ کی قسم! میں نہیں سمجھتا کہ آپ نے مجھے پہچانا ہو سلمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیوں نہیں، میری روح نے تمہاری روح کو پہچان لیا ہے چونکہ روحیں جمع شدہ لشکر ہیں، ان میں سے جن روحوں کا آپس میں تعارف ہوجاتا ہے وہ آپس میں مل جاتی ہیں اور جن کا تعارف نہ ہو وہ الگ الگ ہوجاتی ہیں۔

رواہ ابن عساکر

۳۷۱۲۸...... حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں عظماء فارس کے بیٹوں میں سے ہوں میرا شمار کاتبین میں تھا میری معیت میں دو غلام تھے یہ غلام جب اپنے معلم سے واپس لوٹتے راستہ میں ایک راہب کے پاس جاتے ایک دن میں بھی ان کے ساتھ راہب کے پاس چلا گیا راہب بولا: کیا میں نے تمہیں منع نہیں کیا تھا کہ میرے پاس صرف ایک آدمی آیا کرو، اس کے بعد میں نے راہب کے پاس آنا جانا شروع کردیا اور یوں میں غلاموں کی نسبت راہب کو زیادہ محبوب ہوگیا۔ راہب نے مجھے کہا جب تم سے گھر والے تاخیر کی بابت پوچھیں کہہ دو: معلم نے مجھے تاخیر کردی اگر معلم پوچھے کہہ دو گھر والوں نے تاخیر کردی۔ کچھ عرصہ کے بعد راہب نے وہاں سے کوچ کرنے کا ارادہ کرلیا میں نے کہا: میں بھی تمہارے ساتھ جاؤں گا چنانچہ میں بھی اس کے ساتھ ہولیا اور ہم ایک بستی میں جا پہنچے وہاں ایک عورت راہب کے پاس آتی جب راہب کی وفات کا وقت قریب ہوا اس نے کہا: اے سلمان! میرے سر کے پاس ایک گڑھا کھود میں نے گڑھا کھودا گڑھے سے درہموں بھرا ایک مٹکا برآمد ہوا راہب نے مجھے حکم دیا یہ دراہم میرے سینے پر بہادو میں نے دراہم اس کے سینے پر بہادیئے وہ کہتا جارہا تھا میرے اعتماد واقتناء کی ہلاکت پھر وہ مرگیا۔ اس کے بعد میں نے دوسرے راہبوں سے کہا: مجھے کوئی ایسا عالم شخص بتاؤ جس کی میں پیروی کروں؟ راہبوں نے ایک شخص کا مجھے بتایا، میں اس کے پاس آ گیا اور اس سے کہا: میں صرف حصول علم کے لیے تیرے پاس آیا ہوں، راہب بولا اللہ کی قسم! سوائے ایک شخص کے میں کسی کو نہیں جانتا جس کا سرزمین تیماء میں ظہور ہونے والا ہے۔ اگر تم ابھی جاؤ تو اس سے مل سکتے ہو۔ یاد رکھو اس میں تین نشانیاں ہیں۔ ہدیہ کھالیتا ہے صدقہ نہیں کھاتا اور دائیں کاندھے کی ہڈیوں کے جوڑ پر مہر نبوت ہے جو کبوتری کے انڈے کے مشابہ ہے اس کا رنگ کھال کا رنگ ہے، چنانچہ میں حق کی تلاش میں چل پڑا اور گنواروں کی بستی پر سے میرا گزر ہوا انھوں نے مجھے پکڑ کر غلام بنالیا اور پھر مجھے بیچ ڈالا حتیٰ کہ اہل مدینہ کی ایک عورت نے مجھے خرید لیا میں نے مدینہ میں لوگوں کو نبی کریم ﷺ کا تذکرہ کرتے ہوئے سنا میں نے اپنی مالکن سے کہا: مجھے ایک دن کی اجازت دو وہ مان گئی، میں نے لکڑیاں جمع کیں اور انھیں بیچ کر کھانا پکایا اور کھانا لے کر نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوگیا، کھانا تھوڑا تھا میں نے آپ کے سامنے رکھ دیا، آپ نے پوچھا: یہ کیا ہے؟ میں نے عرض کیا: یہ صدقہ ہے آپ نے اپنے صحابہ رضی اللہ عنہم سے فرمایا: یہ کھاؤ جب کہ آپ نے خود نہیں تناول فرمایا میں نے سوچا ایک نشانی صحیح ثابت ہوئی۔ پھر کچھ عرصہ بعد میں نے اپنی مالکہ سے کہا مجھے ایک دن کی اجازت دو اس نے کہا: جی ہاں میں نے لکڑیاں جمع کیں اور انھیں بیچ کر کھانا تیار کیا اور اسے آپ کے پاس لے آیا آپ ﷺ اپنے صحابہ رضی اللہ عنہم کے درمیان تشریف فرما تھے میں نے کھانا آپ کے سامنے رکھ دیا آپ نے پوچھا یہ کیا ہے؟ میں نے عرض کیا: یہ ہدیہ ہے۔ آپ نے تناول فرمانے کے لیے اپنا ہاتھ رکھ دیا اور صحابہ سے بھی کھانے کو فرمایا: میں آپ کے پیچھے کھڑا ہوگیا آپ فوراً سمجھ گئے اور اپنی چادر کاندھے سے اتاردی میں نے جو آنکھ اٹھا کر دیکھا مہر نبوت کو سامنے پایا میں نے کہا: میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ اللہ کے رسول ہیں، آپ نے فرمایا: یہ کیا ہے؟ میں نے اپنے ساتھی شخص کا واقعہ سنایا پھر میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! وہ جنت میں داخل ہوگا؟ چونکہ اسی نے مجھے بتایا ہے کہ آپ نبی ہیں۔ آپ نے فرمایا: جنت میں صرف مسلمان شخص ہی داخل ہوگا۔ رواہ ابن ابی شیبۃ

۳۷۱۲۹...... عامر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ المعروف ابن عبد قیس روایت نقل کرتے ہیں کہ جب حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کی وفات کا وقت قریب ہوا تو آپ رضی اللہ عنہ جزع کرنے لگے۔ حاضرین نے کہا: اے ابوعبداللہ آپ کیوں جزع کررہے ہیں حالانکہ آپ کو بھلائی میں سبقت

حاصل ہے آپ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ غزوات میں شریک رہے اور بڑی بڑی فتوحات میں شامل رہے سلمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے یہ چیز جزع فزع پر مجبور کر رہی ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ سے رخصت ہوئے آپ نے ہمیں وصیت کی تھی کہ آدمی کو اتنا مال کافی ہے جتنا کہ مسافر کا زدراہ ہوتا ہے۔ پس یہی چیز مجھے جزع پر مجبور کر رہی ہے چنانچہ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ کا مال جمع کر کے اس کی قیمت کا اندازہ لگایا گیا تو وہ پندرہ دینار کے برابر نکلا۔ رواہ ابن حسان وابن عساکر

۳۷۱۳۰......ابوجعفر کی روایت ہے کہ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ بنونضیر کے کچھ لوگوں کے غلام تھے انھوں نے اس شرط پر سلمان رضی اللہ عنہ سے مکاتبت کر لی کہ وہ ان کے لیے اتنے اتنے کھجور کے پودے کاشت کریں گے رسول اللہ ﷺ نے سلمان رضی اللہ عنہ سے فرمایا: ہر گڑھے کے پاس پودا رکھ دو پھر صبح کو نبی کریم ﷺ خود تشریف لے گئے اور اپنے دست اقدس سے گڑھے میں پودا کھڑا کیا اور سلمان رضی اللہ عنہ کے لیے دعا فرمائی۔ یوں لگتا تھا گویا پودے سمندر کے درمیان ہوں اور وہاں سے پروان چڑھتے دکھائی دیتے ہیں۔ جب اللہ تعالیٰ نے نبی کریم ﷺ کو یہ سر زمین غنیمت میں عطا کی یہ ہموار زمین تھی آپ نے اسے مدینہ میں صدقہ قرار دے دیا۔ رواہ عبدالرزاق

۳۷۱۳۱......مالک، زہری سے ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن کی روایت نقل کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ قیس بن مطاطیہ مسلمانوں کے ایک حلقہ کے پاس آیا حلقہ میں حضرت سلمان فارسی صہیب رومی اور بلال حبشی رضی اللہ عنہ بھی بیٹھے تھے قیس بن مطالیہ بولا: اوس اور خزرج اس شخص۔ (سلمان فارسی رضی اللہ عنہ) کی مدد کے لیے کھڑے ہو گئے ہیں لہٰذا ان کا کیا حال ہوگا؟ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ قیس کی طرف کھڑے ہوئے اور اس کے گلے میں چادر ڈال کر اسے پکڑ لیا اور اسے کھینچتے ہوئے نبی کریم ﷺ کے پاس لے آئے اور اس کی کہی ہوئی بات بیان کی رسول اللہ ﷺ غصہ میں کھڑے ہوئے حتیٰ کہ آپ کی چادر زمین پر گھسٹتی جارہی تھی آپ مسجد میں داخل ہوئے اور اعلان کیا گیا: الصلاۃ جامعۃ'' آپ نے اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء کے بعد فرمایا: اے لوگو! رب تعالیٰ ایک ہے باپ بھی ایک ہے دین بھی ایک ہے خبردار! عربیت نہ تمہارا باپ ہے نہ ماں یہ تو صرف ایک زبان ہے لہٰذا جو عربی زبان بولتا ہے وہ عربی ہے حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نے قیس کو گلے میں چادر ڈالا کر پکڑ رکھا تھا عرض کیا: یارسول اللہ! آپ اس منافق کے بارے میں کیا فرماتے ہیں: آپ ﷺ نے فرمایا: اسے دوزخ کے رحم وکرم پر چھوڑ دو چنانچہ قیس بن مطالیہ ان لوگوں میں سے ہے جو مرتد ہو گئے تھے اور اسی حالت میں وہ قتل کیا گیا۔ رواہ ابن عساکر

کلام:...... حدیث ضعیف ہے دیکھئے الضعیفۃ۔

حضرت سندر ابوعبداللہ مولائے زنباع جذامی رضی اللہ عنہ

۳۷۱۳۲......''مسند عمر رضی اللہ عنہ'' عمرو بن شعیب اپنے والد اور دادا کی سند سے روایت نقل کرتے ہیں کہ زنباع جذامی کا ایک غلام تھا جسے سندر کہا جاتا تھا۔ زنباع نے سندر کو اس حال میں پایا کہ وہ زنباع کی لڑکی کا بوسہ لے رہا تھا زنباع نے سندر کے خصیے ناک اور کان کاٹ دیئے بعد میں سندر کو نبی کریم ﷺ کے پاس لایا گیا نبی کریم ﷺ نے زنباع کو پیغام بھیجوا کر اپنے پاس بلایا اور فرمایا: غلاموں پر اتنا بوجھ نہ ڈالو جس کے اٹھانے کی وہ طاقت نہ رکھتے ہوں، انھیں وہی کچھ کھلاؤ جو تم خود کھاتے ہو انھیں وہی کپڑے پہناؤ جو تم خود پہنتے ہو۔ اگر تم ان سے راضی ہوں انھیں اپنے پاس رہنے دو اور اگر تم انھیں ناپسند کرو تو انھیں بیچ ڈالو اللہ تعالیٰ کی مخلوق کو عذاب میں مبتلا مت کرو جس شخص کو مثلہ کر دیا جائے یا اسے آگ جلا دیا جائے وہ آزاد ہے۔ لہٰذا سندر اللہ اور اس کے رسول کا آزاد کردہ غلام ہے آپ ﷺ نے سند کو آزاد کر دیا سندر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! میری وصیت کریں۔ آپ نے فرمایا: میں تمہاری ہر مسلمان کو وصیت کرتا ہوں جب رسول اللہ ﷺ دنیا سے رخصت ہوئے سندر رضی اللہ عنہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا: رسول اللہ ﷺ نے میرے متعلق جو وصیت کی تھی اس کی حفاظت کرو ابوبکر رضی اللہ عنہ نے سندر کا وظیفہ جاری کر دیا جب ابوبکر رضی اللہ عنہ دنیا سے رخصت ہوئے تو سندر رضی اللہ عنہ عمر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا: رسول اللہ ﷺ کی وصیت کی حفاظت کرو۔ عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جی ہاں اگر تم میرے پاس رہنا پسند کرو تو میں تمہارا وظیفہ جاری کر دوں گا جو ابوبکر

رضی اللہ عنہ نے تمہارے لیے مقرر کیا تھا ورنہ جس جگہ تم جانا چاہتے ہو چلے جاؤ میں وہاں کے گورنر کے نام نوشتہ تحریر کردوں گا سندر رضی اللہ عنہ بولے: میں مصر جانا چاہتا ہوں چونکہ مصر زرخیز زمین ہے چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان کے لیے حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کے نام نوشتہ تحریر کر دیا اور لکھا: امابعد! سندر تمہارے پاس آنا چاہتا ہے اس کے متعلق رسول اللہ ﷺ کی وصیت کی حفاظت کرو۔ جب سندر رضی اللہ عنہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس پہنچے تو عمر رضی اللہ عنہ نے انھیں وسیع زمین اور عالیشان گھر جائیداد میں دیا، سندر رضی اللہ عنہ نے وہیں زندگی گزارنی شروع کر دی جب سندر رضی اللہ عنہ نے وفات پائی تو جائیداد کو اللہ تعالیٰ کے جمیع مال میں شامل کر لیا گیا۔

رواہ ابن سعد ۵۰۶۷ وابن عبد الحکیم وابن مسندہ فی المعرفۃ

۳۷۱۳۳...... یزید بن ابی حبیب کی روایت ہے کہ زنباع جذامی نے اپنے غلام پر تہمت لگائی جس کی پاداش میں اس نے غلام کو خصی کرنے کا حکم دیا پھر اس کے ناک اور کان کاٹ دیئے غلام رسول اللہ ﷺ کے پاس لایا گیا آپ نے غلام کو آزاد کر دیا اور فرمایا: جو غلام بھی مثلہ کیا جائے وہ آزاد ہے وہ اللہ اور اس کے رسول کا آزاد کردہ غلام ہے چنانچہ یہ غلام مدینہ میں رسول اللہ ﷺ کے پاس رہا اس سے بڑی ہمدردی کی جاتی تھی، جب آپ رضی اللہ عنہ کا مرض شدت اختیار کرتا گیا سندر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! آپ مجھے دیکھ رہے ہیں آپ کے بعد میرا کون ہوگا؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں تمہاری ہر مؤمن کو وصیت کرتا ہوں۔ جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو خلیفہ نامزد کیا گیا تو سندر رضی اللہ عنہ ان کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا: رسول اللہ ﷺ کی وصیت کی حفاظت فرمائیں۔ عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم مسلمانوں کے جس لشکر کے ساتھ لاحق ہونا چاہتے ہو چلے جاؤ میں انھیں تمہارے ساتھ ہمدردی کرنے کا لکھ دوں گا۔ سندر رضی اللہ عنہ نے کہا: میں مصر جانا چاہتا ہوں۔ چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کو خط لکھا کہ سندر کو وسیع زمین جائیداد میں دو۔ سندر رضی اللہ عنہ مصر ہی میں رہے۔

رواہ ابن عبدالحکیم

حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ

۳۷۱۳۴ ''ابواسحاق کی روایت ہے کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے تھے: میرے پاس سہل کو بلا لاؤ نہ کہ حزن کو یعنی سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ کو چونکہ ان کا سابقہ نام حزن تھا۔ رواہ ابن عساکر

حضرت سہیل بن عمرو رضی اللہ عنہ

۳۷۱۳۵...... عبید بن عمیر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ دنیا سے رخصت ہوئے تو حضرت عتاب بن اسید رضی اللہ عنہ مکہ کے گورنر تھے جب انھیں نبی کریم ﷺ کی وفات کی خبر پہنچی مسجد میں آہ وبکا کی آوازیں بلند ہوئیں عتاب رضی اللہ عنہ اٹھے اور مکہ کی گھاٹیوں میں سے ایک گھاٹی میں جا گھسے حضرت سہیل بن عمرو عتاب رضی اللہ عنہ کے پاس گئے اور کہا: مسجد میں تشریف لائیں اور لوگوں سے بات کریں عتاب رضی اللہ عنہ نے کہا: رسول اللہ ﷺ کی وفات کے ہوتے ہوتے میں لوگوں سے کلام کرنے کی طاقت نہیں رکھتا۔ سہیل رضی اللہ عنہ نے کہا: میرے ساتھ چلئے میں آپ کی کفایت کروں گا، دونوں چل پڑے اور مسجد میں آ گئے سہیل رضی اللہ عنہ لوگوں سے خطاب کرنے کھڑے ہوئے اور حمد وثناء کے بعد بالکل ایسا ہی خطاب کیا جیسا کہ مدینہ میں ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے کیا تھا اس میں ذرہ برابر بھی کمی زیادتی نہیں کی حضرت سہیل بن عمرو رضی اللہ عنہ غزوۂ بدر کے موقع پر قیدیوں میں شامل تھے، ان کے متعلق رسول کریم ﷺ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے فرمایا: تم اس کے دانت نکالنے کے درپے کیوں ہو گئے ہو؟ اسے چھوڑو عنقریب اللہ تعالیٰ اسے ایسے مقام پر کھڑا کرے گا جو تجھے خوش کر دے گا چنانچہ آپ کی بات یوں پوری ہوئی یہ وہی مقام ہے جس پر آج سہیل بن عمرو رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور عتاب رضی اللہ عنہ کی گورنری ضبط ہو کر رہ گئی۔ رواہ سیف وابن عساکر

۳۷۱۳۶...... ''مسند علی'' واقدی، ابوبکر واسماعیل ابن محمد، اپنے والد سے عامر بن سعد اپنے والد سے روایت کرتے ہیں وہ کہتے ہیں: بدر کے دن

میں نے سہیل بن عمرو کے تیر مارا جس سے انھیں گہرا زخم لگا میں خون کے نشانات دیکھتا ہوا ان کے پیچھے گیا، چنانچہ انھیں مالک بن دخشم رضی اللہ عنہ نے پکڑ رکھا تھا میں نے کہا: یہ میرا قیدی ہے چونکہ میں نے ہی اسے تیر سے زخمی کیا ہے۔ جب کہ مالک رضی اللہ عنہ نے کہا: یہ میرا قیدی ہے چونکہ میں نے اسے پکڑا رہے۔ دونوں رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے نبی کریم نے فیصلہ کیا کہ تم دونوں نے اسے قید کیا ہے چنانچہ روحاء نامی جگہ سے مالک بن دخشم رضی اللہ عنہ کے ہاتھ سے سہیل بن عمرو نکل بھاگے مالک رضی اللہ عنہ نے لوگوں میں اعلان کیا اور خود ان کی تلاش میں نکل گئے نبی کریم ﷺ نے فرمایا جو بھی اسے پائے اسے قتل کردے چنانچہ نبی کریم ﷺ نے خود انھیں پایا اور قتل نہیں کیا جب سہیل بن عمرو رضی اللہ عنہ قید ہو گئے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نبی کریم ﷺ سے عرض کیا: یارسول اللہ! اس کے دانت نکلوادیں تاکہ اس کی زبان لٹک جائے اور آپ کے خلاف تقریریں کرنے کبھی کھڑا نہ ہو۔ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: میں اسے مثلہ نہیں کرتا چونکہ اللہ تعالیٰ مجھے مثلہ کردے گا اگرچہ میں نبی ہی کیوں نہ ہوں۔ ہوسکتا ہے یہ ایسے مقام پر کھڑا ہو جسے تم اچھا سمجھو۔ چنانچہ نبی کریم ﷺ کی رحلت کے موقع پر سہیل بن عمرو رضی اللہ عنہ لوگوں سے خطاب کرنے کھڑے ہوئے اور وہی خطاب کیا جو ابوبکر رضی اللہ عنہ نے مدینہ میں لوگوں سے کیا تھا گویا وہی خطاب سن لیا ہو۔ جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو ان کے خطاب کا علم ہوا فرمایا: میں گواہی دیتا ہوں کہ تم اللہ کے قاصد ہو چونکہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا تھا: شاید وہ ایسے مقام پر کھڑا ہو جو تمہیں پسند ہو۔ جب سہیل بن عمرو رضی اللہ عنہ مقام ''شنوکہ پہنچے اور وہ مالک بن دخشم رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھے سہیل رضی اللہ عنہ بولے: میں قضائے حاجت کے لیے جانا چاہتا ہوں لہٰذا میرا راستہ چھوڑ دوں چنانچہ مالک رضی اللہ عنہ ان کے قریب ہی کھڑے ہو گئے سہیل رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: اس پر میری طبیعت سخت منقبض ہوئی اور مجھے غصہ آ گیا، مالک رضی اللہ عنہ پیچھے ہٹ گئے اور سہیل رضی اللہ عنہ نے موقع فرار مناسب سمجھتے ہوئے سیدھے آگے نکل گئے جب سہیل رضی اللہ عنہ کافی تاخیر کردی اور واپس نہ لوٹے تو مالک معاملہ جانچ گئے اور لوگوں میں ان کے بھاگ جانے کا اعلان کردیا صحابہ رضی اللہ عنہم ان کی تلاش میں چل پڑے اور رسول اللہ ﷺ خود بھی ان کی تلاش میں نکل گئے اور اعلان کردیا: جو بھی اسے پائے وہ اسے قتل کردے چنانچہ سہیل رضی اللہ عنہ کو خود نبی کریم ﷺ نے پکڑ لیا سہیل رضی اللہ عنہ ببول کے درختوں میں چھپے بیٹھے تھے نبی کریم ﷺ نے ان کے ہاتھ گردن سے باندھ دینے کا حکم دیا اور پھر انھیں اپنی سواری کے ساتھ ساتھ پیدل چلنے کا حکم دیا، حتیٰ کہ جب مدینہ پہنچے اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ سے ملاقات ہوئی مجھے اسحاق بن حازم نے عبیداللہ بن مقسم کے واسطہ سے جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کی روایت سنائی ہے جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ کی اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ سے ملاقات ہوئی دراں حالیکہ رسول اللہ ﷺ اپنی قصوی نامی اونٹنی پر سوار تھے آپ نے اسامہ رضی اللہ عنہ کو اپنے آگے سوار کرلیا جب کہ سہیل رضی اللہ عنہ کے ہاتھ گردن سے بندھے ہیں تھے اور پیدل چل رہے تھے جب اسامہ رضی اللہ عنہ نے سہیل رضی اللہ عنہ کی طرف دیکھا تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ابویزید! عرض کیا: جی ہاں فرمایا: یہ وہی شخص ہے کہ جو میں روٹیاں کھاتا تھا۔ رواہ العقیلی

فائدہ:...... شنوکہ نامی جگہ سقیا اور ملل کے درمیان بدر کے قریب ایک پہاڑ ہے۔

حضرت سعد بن تمیم سکونی رضی اللہ عنہ

۳۷۱۳۶...... ''مسند سعد رضی اللہ عنہ'' عثمان بن سعد دمشقی بلال بن سعد سے روایت نقل کرتے ہیں کہ سعد رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ کو پایا ہے اور کہا جاتا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ان کے سر پر ہاتھ پھیرا اور ان کے لیے دعا فرمائی۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۱۳۸...... عمرو بن قاری روایت نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ مکہ مکرمہ تشریف لائے آپ نے سعد رضی اللہ عنہ کو اپنے پیچھے مریض چھوڑ دیا جب آپ جعرانہ سے عمرہ کے لیے مکہ داخل ہوئے سعد رضی اللہ عنہ سخت تکلیف میں تھے عرض کیا: یارسول اللہ! میرا کافی سارا مال ہے لیکن میں وراثت کے اعتبار سے کلالہ ہوں۔ (یعنی میرے ماں باپ اور اولاد نہیں ہے) کیا میں اپنے مال کی وصیت کروں یا صدقہ کردوں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: نہیں سعد رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: ایک تہائی مال صدقہ کردوں؟ فرمایا: جی ہاں اور یہ بھی زیادہ ہے عرض کیا: یارسول اللہ! میں مہاجر تھا اور اب مدینہ میں نہیں ہوں۔ (کیا میری ہجرت میں کمی تو نہیں آئے گی) آپ نے فرمایا: میں اللہ تعالیٰ سے امید کرتا ہوں کہ وہ تمہیں بلند مقام عطا

فرمائے گا تمہاری وجہ سے بہت ساری اقوام کو ذلیل کرے گا اور بہت ساری اقوام کو تم سے نفع پہنچائے گا اے عمرو بن قاری! جب سعد مرجائے اسے یہیں مدینہ کے راستے میں دفن کرنا۔ آپ نے ہاتھ سے اشارہ کر کے جگہ کی تعیین کی۔ رواہ ابن عساکر

حضرت سیمویہ بلقائی رضی اللہ عنہ

۳۷۱۳۹ ..... منصور بن صبیح ابیع بن صبیح کے بھائی سیماہ یا سیمویہؓ سے روایت نقل کرتے ہیں سیمویہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے نبی کریم ﷺ کو دیکھا ہے اور آپ کے منہ مبارک سے میرے کانوں نے باتیں سنی ہیں، ہم بلقاء سے گندم لے کر گئے تھے تاکہ مدینہ میں بیچ دیں اور وہاں سے کھجوریں خرید لائیں۔ لیکن لوگوں نے کھجوریں دینے سے انکار کر دیا۔ ہم نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ کو خبر دی نبی کریم ﷺ نے انکار کرنے والوں سے فرمایا: کیا تمہیں یہ سستا غلہ کافی نہیں جو یہ اٹھا کر لائے ہیں مہنگی کھجوروں کے بدلہ میں؟ انھیں چھوڑ دو۔ سیمویہ رضی اللہ عنہا اہل بلقاء میں سے تھے، غالی قسم کے نصرانی تھے پھر اسلام قبول کیا اور ان کا اسلام اچھا رہا اور ایک سو بیس (۱۲۰) سال تک زندہ رہے۔
رواہ ابن مندہ وابن عساکر

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ

۳۷۱۴۰ ..... جعید بن عبدالرحمٰن کہتے ہیں: حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ نے چورانوے (۹۴) سال کی عمر میں وفات پائی تادم حیات معتدل اور تگڑے رہے حضرت سائب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں جانتا ہوں کہ میں نے اپنے کانوں اور آنکھوں سے کتنا نفع اٹھایا ہے یہ سب نبی کریم ﷺ کی دعا کی بدولت ہے۔ چنانچہ میری خالہ مجھے رسول اللہ ﷺ کے پاس لے گئیں اور عرض کیا: میرے اس بھانجے کو شکایت رہتی ہے اللہ تعالیٰ سے اس کے لیے دعا کریں۔ چنانچہ آپ ﷺ نے میرے لیے دعا فرمائی۔ رواہ الحسن بن سفیان وابن عساکر

۳۷۱۴۱ ..... عطاء مولائے سائب بن یزید رضی اللہ عنہ روایت نقل کرتے ہیں کہ سائب رضی اللہ عنہ کے سر کا درمیانی حصہ سیاہ اور باقی ماندہ حصہ اور داڑھی سفید تھی میں نے اس کی وجہ دریافت کی تو سائب رضی اللہ عنہ سے فرمایا: میں بچوں کے ساتھ کھیل رہا تھا نبی کریم ﷺ ہمارے پاس سے گزرے میں نے آپ کو سلام کیا آپ نے سلام کا جواب دیا اور فرمایا: تو کون ہے؟ میں نے عرض کیا: میں سائب بن یزید غر بن قاسط کا بھانجا ہوں رسول اللہ ﷺ میرے سر پر دست شفقت پھیرا اور فرمایا: اللہ تعالیٰ تمہیں برکت عطا فرمائے، تب سے میرے سر کے یہ بال سفید نہیں ہوئے۔
رواہ ابن عساکر

حضرت سوید بن غفلہ رضی اللہ عنہ

۳۷۱۴۲ ..... حضرت سوید بن غفلہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں رسول اللہ ﷺ کا ہمعصر ہوں چنانچہ میری پیدائش بھی ہاتھیوں والے سال (عام الفیل) میں ہوئی۔ (رواہ ایعقوب سفیان وابن عساکر)

حضرت سفینہ رضی اللہ عنہا

۳۷۱۴۳ ..... "مسند احمد مولیٰ ام سلمہ رضی اللہ عنہا عمران بجلی، احمر مولائے ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت نقل کرتے ہیں وہ کہتے ہیں: ہم ایک غزوہ میں نبی کریم ﷺ کے ساتھ تھے ہم ایک وادی سے گزرے میں نے زیادہ سے زیادہ آنا جانا شروع کر دیا نبی کریم ﷺ نے مجھے فرمایا: بلاشبہ تم تو آج ایک سفینہ (کشتی) کی مانند ہو۔ رواہ الحسن بن سفیان وابن مندہ والمالینی فی المؤلف وابونعیم

حرف صاد......حضرت صفوان بن معطل رضی اللہ عنہ

۳۷۱۴۴.....''مسند سعد بن عبادۃ'' حسن کی روایت کہ سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم ایک سفر میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھے ہمارے پاس تھوڑی سی کھجوریں تھیں صفوان بن معطل رضی اللہ عنہ میرے پاس آئے اور کہا: مجھے یہ کھجوریں کھلاؤ میں نے عذر کیا کہ یہ تھوڑی سی کھجوریں ہیں نہ معلوم کب نبی کریم ﷺ یہ کھجوریں منگوالیں، جب صحابہ رضی اللہ عنہم کسی جگہ پڑاؤ کریں گے وہاں کھجوریں کھائیں گے تم بھی ان کے ساتھ مل کر کھا لینا صفوان رضی اللہ عنہ بولے: مجھے بھوک نے بہت ستایا ہے لہٰذا کھجوریں کھلاؤ میں نے کھجوریں دینے سے انکار کر دیا۔ صفوان رضی اللہ عنہ نے تلوار اٹھائی اور اس اونٹنی کی ٹانگیں کاٹ دیں جس پر کھجوریں لادی ہوئی تھیں۔ نبی کریم ﷺ کو اس کی خبر ہوئی آپ نے فرمایا: صفوان پوری رات صحابہ رضی اللہ عنہم کے پاس چکر لگائے رہے بالآخر حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس پہنچے اور ان سے پوچھا میں کہاں جاؤں؟ کیا میں کفر کی طرف چلا جاؤں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ کے پاس آئے اور انھیں خبر کی نبی کریم ﷺ نے فرمایا: صفوان سے کہو: ساتھ مل جائے۔

رواہ الشاشی وابن عساکر

۳۷۱۴۵.....حسن نبی کریم ﷺ کے ایک صحابی۔ (ابن عوف کہتے ہیں ان کا نام سفینہ ہے) سے روایت نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ایک سفر میں تھے سفینہ رضی اللہ عنہ کی سواری پر نبی کریم ﷺ کا زاد راہ رکھا ہوا تھا اتنے میں حضرت صفوان بن معطل رضی اللہ عنہ آئے اور کہا: میں بھوکا ہوں سفینہ رضی اللہ عنہ نے کہا: میں تمہیں کچھ نہیں دوں گا یہاں تک کہ نبی کریم ﷺ مجھے حکم نہ دے دیں اور جہاں لوگ پڑاؤ کریں گے تم بھی ان کے ساتھ مل کر کھا لینا صفوان رضی اللہ عنہ نے تلوار کی طرف اشارہ کیا اور اونٹنی کی کونچ کاٹ ڈالی اتنے میں صحابہ رضی اللہ عنہم نے رک جاؤ رک جاؤ کی آواز سنی صحابہ رضی اللہ عنہم فوراً رک گئے اور نبی کریم ﷺ جب تشریف لائے اور دیکھا تو فرمایا: نکل جا۔ جب کہ صحابہ رضی اللہ عنہم کو کچھ کرنے کا حکم دیا صفوان رضی اللہ عنہ نے قافلہ کے پیچھے رہنا شروع کر دیا حتیٰ کہ ایک جگہ صحابی نے پڑاؤ ڈالا صفوان رضی اللہ عنہ صحابہ رضی اللہ عنہم کے کجاووں کا چکر لگانے لگے اور کہتے جاتے۔ رسول اللہ ﷺ نے مجھے کہاں نکالا ہے۔ کیا دوزخ کی طرف نکالا ہے؟ صحابہ رضی اللہ عنہم نے آکر رسول اللہ ﷺ کو خبر کی کہ یا رسول اللہ! آج پوری رات صفوان بن معطل ہمارے کجاووں کا چکر لگا تا رہا ہے اور کہتا ہے رسول اللہ ﷺ نے مجھے کہاں نکالا ہے؟ کیا دوزخ کی طرف مجھے نکالا ہے؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: صفوان بن معطل زبان کا گندا ہے لیکن دل کا پاک ہے۔

رواہ ابویعلی وابن عساکر

حضرت صہیب رضی اللہ عنہ

۳۷۱۴۶.....حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: صہیب رضی اللہ عنہ اچھا بندہ ہے اگر اسے اللہ کا خوف نہ ہوتا معصیت میں نہ پڑتا۔

رواہ ابوعبید فی الغریب

کلام:......مصنف کہتے ہیں یہ حدیث ابوعبید نے الغریب میں ذکر کی ہے لیکن، اس کی اسناد بیان نہیں کی متأخرین نے ذکر کیا ہے کہ حفاظ، محدثین کرام اس حدیث کی اسناد سے واقف نہیں ہیں یہ حدیث اگرچہ اس کتاب کی شرط کے مطابق نہیں تاہم پھر بھی میں نے اس لیے ذکر کر دی ہے کہ یہ حدیث ابوعبید نے ذکر کی ہے جب کہ ابوعبید اس دور کے لوگوں میں شمار ہوتے ہیں جنھوں نے اتباع تابعین کو پایا ہے ظاہر یہی ہے کہ ابوعبید کو اس حدیث کی سند پہنچی ہے بہر حال میں نے اس کتاب میں ایسی کوئی حدیث ذکر نہیں کی جس کی سند سے مجھے واقفیت نہیں ہوئی سوائے اس حدیث کی۔

حدیث ضعیف ہے دیکھئے الاتقان: ۲۲۰۳ والاسرار المرفوعۃ ۵۶۴۔

۳۷۱۴۷.....زید بن اسلم سے مروی ہے کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے صہیب رضی اللہ عنہ سے فرمایا: اگر تم میں تین خصلتیں نہ

ہوتیں تو تمہارے اندر کوئی نقص نہ ہوتا، صہیب رضی اللہ عنہ نے کہا: وہ کیا میں جب کہ اللہ کی قسم ہم نے آپ کو کسی چیز پر عیب لگاتے نہیں دیکھا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تمہارا ابویحییٰ کی کنیت اختیا کرنا حالانکہ تمہارا کوئی بیٹا نہیں، تمہارا غر بن قاسط کی طرف نسبت کرنا، اور یہ کہ تم فضول خرچی کرتے ہو۔ صہیب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: رہی بات کہ میں نے ابویحییٰ کی کنیت اختیار کی ہے سو رسول اللہ ﷺ نے مجھے اسی کنیت سے پکارا ہے میں اسے نہیں چھوڑ سکتا تاوقتیکہ آپ سے میری ملاقات ہو جائے۔ رہی یہ بات کہ میں نے اپنے آپ کو نمر بن قاسط کی طرف منسوب کیا ہے سو میں اسی قبیلہ میں سے ہوں اور ایلہ میں میں نے دودھ نہیں پیا پس یہ اسی وجہ سے ہے رہی بات مال خرچ کرنے کی سو آپ نے مجھے کبھی خرچ کرتے نہیں دیکھا ہوگا مگر حق میں خرچ کرتے۔

رواہ احمد بن حنبل وابن عساکر ووصلہ ابن عساکر من طریق زید بن اسلم عن ابیہ

۳۷۱۴۸...... حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت صہیب رضی اللہ عنہ سے فرمایا: اے صہیب تمہارے اندر تین خصلتیں ہیں جنہیں میں ناپسند کرتا ہوں۔ صہیب رضی اللہ عنہ نے کہا وہ کیا ہیں؟ عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تمہارا کھانا کھلانا جب کہ تمہارے پاس مال نہیں۔ تمہارا کنیت کا استعمال کرنا جب کہ تمہاری اولاد نہیں اور تمہارا اپنے آپ کو عربوں کی طرف منسوب کرنا حالانکہ تمہاری زبان میں لکنت ہے صہیب رضی اللہ عنہ نے کہا: رہا یہ کہ میں کھانا کھلاتا ہوں سو نبی کریم ﷺ نے فرمایا ہے تم میں سب سے افضل وہ ہے جو دوسروں کو کھانا کھلائے۔ اللہ کی قسم میں یہ چیز ہرگز نہیں چھوڑ سکتا، رہی بات کہ میں کنیت استعمال کرتا ہوں سو نبی کریم ﷺ نے مجھ سے پوچھا: کیا تمہاری اولاد ہے؟ میں نے عرض کیا: نہیں آپ نے فرمایا: ابویحییٰ کنیت کرو۔ رہی بات کہ میں اپنے آپ کو عربوں کی طرف منسوب کرتا ہوں حالانکہ میری زبان میں لکنت ہے سو میں صہیب بن سنان ؓ بن نمر بن قاسط ہوں میں اپنے گھر والوں کی بکریاں چراتا تھا رومیوں نے غارتگری ڈالی اور مجھے لیتے گئے پھر انھوں نے مجھے اپنی زبان سکھلائی میری لکنت کی یہی وجہ ہے۔ رواہ ابویعلی وابن عساکر

۳۷۱۴۹...... صہیب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں رسول اللہ ﷺ پر وحی نازل ہونے سے قبل آپ کی صحبت میں رہا ہوں۔

رواہ ابویعلی وابن عساکر

۳۷۱۵۰...... صہیب رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ ایک قیدی کے ساتھ گزرے تا کہ رسول اللہ ﷺ سے اس کے لئے امان طلب کریں جب کہ صہیب رضی اللہ عنہ مسجد میں تشریف فرما تھے: انھوں نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے کہا: آپ کے ساتھ یہ کون ہے؟ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: یہ میرا قیدی ہے اور مشرک ہے میں اس کے لیے رسول اللہ ﷺ سے امن طلب کرنے جا رہا ہوں صہیب رضی اللہ عنہ نے کہا: اس کی گردن میں تلوار کی جگہ ہے (یعنی اسے تو قتل کیا جائے گا) سن کر ابوبکر رضی اللہ عنہ سخت غصہ ہوئے نبی کریم ﷺ نے ابوبکر رضی اللہ عنہ کو دیکھ کر فرمایا: غصہ کیوں ہو رہے ہیں ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا: میں اپنے اس قیدی کو لیے صہیب کے پاس سے گزرا صہیب نے کہا: اس شخص کی گردن میں تلوار زنی کی جگہ ہے نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ہوسکتا ہے تم نے صہیب کو اذیت پہنچائی ہو۔ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا: اللہ کی قسم نہیں۔ فرمایا: اگر تم نے اسے اذیت پہنچائی ہوتی بلاشبہ تم اللہ اور اس کے رسول کو اذیت پہنچاتے۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۱۵۱...... حضرت صہیب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول کریم ﷺ نے جب بھی کسی جنگ میں حصہ لیا میں آپ کے ساتھ ضرور حاضر رہا۔ آپ نے جو بیعت بھی کی اس میں میں ضرور حاضر ہوا آپ نے جو سریہ بھی بھیجا میں اس میں بھی حاضر رہا۔ آپ نے شروع یا آخر میں جو غزوہ بھی کیا میں آپ کے دائیں یا بائیں ضرور رہا ہوں۔ مجاہد بن نے جب بھی آپ کے آگے خوف محسوس کیا تو میں آگے ہو گیا اور اگر پیچھے سے خوف محسوس کیا تو میں پیچھے ہو گیا۔ میں نے رسول اللہ ﷺ کو اپنے اور دشمن کے درمیان کبھی نہیں رکھا حتیٰ کہ رسول اللہ ﷺ دنیا سے رخصت ہو گئے۔

رواہ ابن عساکر

۳۷۱۵۱...... سلیمان بن ابی عبداللہ کی روایت ہے کہ صہیب رضی اللہ عنہ کو میں نے فرماتے سنا: اللہ کی قسم میں تمہیں جان بوجھ کر یوں حدیثیں نہیں سناؤں گا کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: لیکن میرے پاس آؤ میں تمہیں رسول اللہ ﷺ کے مغازی (معرکے) کے حوال بتاؤں جن میں میں شریک رہا اور جو میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا رہی یہ بات کہ میں کہوں: قال رسول اللہ ﷺ تو ایسا نہیں ہوسکتا۔

حرف ضاد......حضرت ضرار بن خطاب رضی اللہ عنہ

۳۷۱۵۳..... ''مسند عمر رضی اللہ عنہ'' ابوبکر احمد بن یحییٰ بلاذری کہتے ہیں: حضرت ضرار بن خطاب بن مرداس فہری رضی اللہ عنہ ''سرات'' نامی جگہ میں تھے قبیلہ دوس کے لوگوں نے انھیں قتل کرنے کے لیے چڑھائی کر دی ضرار رضی اللہ عنہ بھاگنے میں کامیاب ہو گئے اور ایک عورت جسے ام جمیل کہا جاتا تھا کے گھر میں داخل ہو گئے آپ کا پیچھا کرتا ہوا ایک شخص وہاں جا پہنچا تلوار سے ایک وار کیا اور تلوار کے دندانے دروازے سے ٹکرائے ام جمیل آڑ بن کر دروازے میں کھڑی ہو گئی اور بھرپور دفاع کرنے لگی پھر اپنی قوم کو آواز دی قوم نے آکر لوگوں کو پیچھے ہٹا دیا جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ خلیفہ بنے ام جمیل سمجھیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ ضرار بن خطاب کے بھائی ہیں ام جمیل مدینہ آگئیں اور واقعہ آپ رضی اللہ عنہ کے گوش گزار کیا عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں اس کا بھائی نہیں ہوں البتہ تمہارے درمیان اسلام کا رشتہ ہے وہ اس وقت شام میں جواہر شجاعت دکھا رہے ہیں میں ہمارے احسان کا اعتراف کرتا ہوں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ام جمیل کو مسافرہ سمجھ کر عطیات دیئے۔ رواہ ابن عساکر

فائدہ:...... حضرت ضرار بن خطاب بن مرداس رضی اللہ عنہ کو صحبت کا شرف حاصل ہے عظیم شہسوار اور شجاع تھے جنگ یمامہ میں شہید ہوئے دیکھئے الاصابہ لابن حجر ۲/۲۰۹۔

حضرت ضرار بن ازور رضی اللہ عنہ

۳۷۱۵۴..... ''مسند ضرار رضی اللہ عنہ'' حضرت ضرار رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور میں نے عرض کیا: (یارسول اللہ ﷺ) ہاتھ بڑھائیں میں اسلام پر بیعت کرتا ہوں میں نے آپ کے دست اقدس پر بیعت کی اور اسلام قبول کر لیا میں نے یہ اشعار کہے:

ترک القداح وعزف القیا
ن والخمر اشربها والشمالا
وکسی المحبر فی غمرة
وحملی علی المسلمین القتالا
فیارب لا اغبنن صفقتی
فقد بعت اهلی ومالی ابتذالا

میں نے جام لہو لعب کے آلات اور شراب نوشی جیسی بری عادتیں سب ترک کر دی ہیں میری خوگی اور مسلمانوں پر حملے کا خاتمہ ہو چکا ہے اے میرے رب میں نے خسارے والا سودا نہیں کیا میں نے اپنے اہل اور مال کو فی الفور بیچ ڈالا ہے۔

نبی کریم ﷺ نے فرمایا: بلاشبہ تم نے خسارے والا سودا نہیں کیا اے ضرار اللہ تعالیٰ تمہارے سودے میں خسارہ نہ لائے۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۱۵۵..... ''ایضاً'' حضرت ضرار بن ازور رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں رسول اللہ ﷺ کے سامنے کھڑا ہوا اور عرض کیا: یارسول اللہ! کیا میں اپنے اشعار آپ کو نہ سناؤں؟ فرمایا ضرور سناؤں میں نے اشعار کہے۔

خلعت العزاف وضرب القیا　　　ان اوالخمر تصلیة وابتهالا

میں نے لہو لعب کے آلات اور شراب نوشی سے دست کشید کر لیا ہے اور عجز وانکساری اپنائی ہے۔

وکری المحبر فی غمرة　　　وشدی علی المسلمین القتالا.

میرا حملہ جو دھوکا تھا ختم ہو چکا اور مسلمانوں سے میری لڑائی کا خاتمہ ہوا۔

فیارب لا اغبنن بیعتی　　　قد بعت اھلی و مالی ابتذالا

اے میرے رب میری بیعت کوخسارہ میں نہ رکھنا میں نے اپنے اہل ومال کوفی الفور بیچ دیا ہے۔
نبی کریم ﷺ نے فرمایا: تمہاری بیع نفع بخش ہے تمہاری بیع نفع بخش ہے۔ رواہ ابن عساکر

حضرت ضحاک بن سفیان رضی اللہ عنہ

۳۷۱۵۶.....مولہ بن کنیف کی روایت ہے کہ حضرت ضحاک بن سفیان کلابی رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ کے تیغ زن (گارڈ) تھے تلوار نکالے رسول اللہ ﷺ کے سر کے پاس کھڑے رہتے بنوسلیم کی تعداد ۹۰۰ (نوسو) کے لگ بھگ تھی رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کیا تمہیں ایسا شخص چاہئے جو ایک سو کے برابر ہو؟ چنانچہ آپ نے ضحاک بن سفیان رضی اللہ عنہ کو پیش کیا جب واپس لوٹے رسول اللہ ﷺ نے حضرت عباس بن مرداس رضی اللہ عنہ سے فرمایا: میری قوم کو کیا ہوا؟ وہ ان کے قتل کا ارادہ رکھتا ہے تمہاری قوم کو کیا ہوا وہ ان کا دفاع کرنا چاہتا ہے۔ عباس رضی اللہ عنہ نے یہ اشعار کہے:

نذودا خانا عن اخینا ولو نری
مھر الکنا الاقربین نتابع.
نبایع بین الا خشبین وانما
یداللہ بین الا خشبین بتایع
عشیة ضحاک بنسفیان معتص
بسیف رسول اللہ والموت کانع

ہم اپنے بھائی کو اپنے ہی دوسرے بھائی سے پیچھے ہٹا رہا ہیں اگرچہ ہم کوئی برانگیختہ کرنے والا دیکھتے ہیں لیکن اقرباء کے پیچھے چلتے ہیں ہم نے دو قبیلوں کے درمیان بیعت کی ہے بلاشبہ اللہ تعالیٰ کا ہاتھ بھی دونوں قبیلوں پر ہے رات کو ضحاک بن سفیان نے رسول اللہ ﷺ کی تلوار سے غلطی کردی جب کہ موت قریب کھڑی تھی۔ رضی اللہ عنہ

حضرت ضماد ازدی

۳۷۱۵۷.....ابن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت ہے کہ قبیلہ ''ازدشنوءہ'' میں ضماد نامی آدمی تھا وہ جھاڑ پھونک کا کام کرتا تھا جب وہ مکہ آیا تو اس نے اہل مکہ کو سنا کہ وہ کہہ رہے ہیں رسول اللہ ﷺ مجنون ہیں ضماد رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا اور کہا میں جھاڑ پھوک کرتا ہوں اور دوائی بھی دیتا ہوں اگر آپ پسند فرمائیں میں آپ کو دوائی دیتا ہوں نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

الحمدللہ نحمدہ ونستعینہ ونومن بہ ونتوکل علیہ ونعوذ باللہ من شرور انفسنا وسیئات اعمالنا من یھدہ اللہ فلا مضل لہ ومن یضلل فلا ھادی لہ واشھدان لاالہ الااللہ وان محمد عبدہ ورسولہ.

ضماد نے دوبارہ خطبہ دہرانے کی پیشکش کی آپ نے خطبہ دوہرایا ضماد بولا: اللہ کی قسم! میں نے کاہنوں جادوگروں شعراء اور بلغاء کا کلام سنا ہے اور اس جیسا کلام میں نے کبھی نہیں سنا ہاتھ بڑھائیں میں بیعت کرتا ہوں چنانچہ ضماد رضی اللہ عنہ نے اسلام پر بیعت کرلی عرض کیا: میں اپنی قوم کی طرف سے بھی بیعت علی الاسلام کرسکتا ہوں؟ فرمایا: اپنی قوم کی طرف سے بھی بیعت کرلو۔ اس کے بعد رسول اللہ ﷺ نے سریہ (لشکر) بھیجا جب سریہ ضماد رضی اللہ عنہ کے علاقہ سے گزرا تو سریہ کے امیر نے کہا: کیا تم نے کوئی چیز پائی ہے؟ لوگوں نے کہا: جی ہاں چمڑے کا ایک چھوٹا سا ظرف پایا ہے امیر نے کہا: یہ ظرف بستی والوں کو واپس کردو چونکہ یہ لوگ ضماد رضی اللہ عنہ کی قوم ہیں۔ رواہ ابن عساکر

حرف طاء...... حضرت طارق بن شہاب احمسی رضی اللہ عنہ

۳۷۱۵۸...... طارق بن شہاب کہتے ہیں: میں نے نبی کریم ﷺ کو دیکھا ہے اور ابوبکر رضی اللہ عنہ عمر رضی اللہ عنہ کے دورخلافت میں جہاد کیا ہے۔
رواہ احمد بن حنبل وابن مندہ وابن ......

حضرت طلحہ بن براء رضی اللہ عنہ

۳۷۱۵۹...... "مسند حصین بن عوف خثعمی" روایت ہے کہ جب حضرت طلحہ بن براء رضی اللہ عنہ رسول کریم ﷺ سے ملے تو وہ آپ ﷺ کے ساتھ چمٹ گئے اور آپ کے قدموں کا بوسہ لینے لگے، عرض کیا: یارسول اللہ آپ جو چاہیں مجھے حکم دیں میں کسی حکم میں آپ کی نافرمانی نہیں کروں گا طلحہ رضی اللہ عنہ ابھی نوجوان لڑکے تھے نبی کریم ﷺ ان کے جذبات کو دیکھ کر تعجب میں پڑ گئے اور فرمایا: چلو جاؤ اپنے باپ کو قتل کرو چنانچہ طلحہ رضی اللہ عنہ حکم بجالانے کے لیے پیٹھ پھیر کر چل پڑے رسول اللہ ﷺ نے طلحہ رضی اللہ عنہ کو اپنے پاس بلایا جب وہ آپ کے پاس آگئے آپ نے فرمایا: بلاشبہ مجھے قطع رحمی کے لیے مبعوث نہیں کیا گیا، اس کے بعد سخت سردی اور بارش کی وجہ سے طلحہ رضی اللہ عنہ بیمار پڑ گئے نبی کریم ﷺ ان کی عیادت کرنے تشریف لائے اور لوگوں سے فرمایا: مجھے لگتا ہے کہ اس کی وفات کا وقت قریب ہو چکا ہے لہٰذا اگر اس کی روح قبض ہو جائے مجھے ضرور اطلاع کرنا تاکہ میں اس کی نماز جنازہ پڑھاؤں نبی کریم ﷺ ابھی بنی سالم کے محلّہ تک بھی نہیں پہنچے تھے کہ طلحہ رضی اللہ عنہ نے جان جان آفریں کے سپرد کر دی اور بوقت وفات کہا: رسول اللہ ﷺ کو اطلاع مت کرو چونکہ مجھے اندیشہ ہے کہ نبی کریم ﷺ کو یہودی کوئی گزند نہ پہنچائیں رات کی سخت تاریکی ہے لہٰذا مجھے فی الفور دفن کر دینا تاکہ میں اپنے رب سے جاملوں۔ چنانچہ صبح کو جب نبی کریم ﷺ کو اطلاع کی گئی نبی کرم ﷺ طلحہ رضی اللہ عنہ کی قبر پر تشریف لائے خود آگے کھڑے ہوئے اور اپنے پیچھے صحابہ رضی اللہ عنہم کی صف بنائی اور یوں قبر پر نماز جنازہ ادا کی جب فارغ ہوئے تو دونوں ہاتھ اٹھا کر دعا مانگی: یااللہ! طلحہ سے ملاقات کر بایں طور کہ تو اسے دیکھ کر ہنس رہا ہو اور وہ تجھے دیکھ کر ہنس رہا ہو۔
رواہ الطبرانی عن حصین بن وحرح الانصاری

طلحہ بن عبیداللہ کا ذکر عشرہ مبشر میں ہو چکا ہے۔

حرف عین...... حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ

۳۷۱۶۰...... عمرو بن حریث رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ میں رسول اللہ ﷺ کی طرف گیا اور میں نوجوان لڑکا تھا نبی کریم ﷺ عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ کے پاس سے گزرے عبداللہ رضی اللہ عنہ کسی چیز کو فروخت کے لیے پیش کر رہے تھے نبی کریم ﷺ نے ان کے لیے دعا فرمائی یااللہ اس کی تجارت میں برکت عطا فرما۔ رواہ البیہقی فی ...... وابن عساکر

۳۷۱۶۱...... حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ میں قثم بن عباس اور عبداللہ بن عباس کھیل رہے تھے ہم بچے تھے اتنے میں رسول اللہ ﷺ ہمارے پاس سے گزرے آپ ایک چوپائے پر سوار تھے آپ نے فرمایا: اسے اوپر میری طرف اٹھاؤ آپ نے مجھے اپنے آگے بٹھالیا قثم کے لیے فرمایا: اسے میری طرف اوپر اٹھاؤ اور اسے اپنے پیچھے بیٹھالیا جب کہ عبداللہ حضرت عباس رضی اللہ عنہ کو قثم سے زیادہ محبوب تھے لہٰذا آپ نے اپنے چچا سے حیا نہیں کی کہ آپ نے قثم کو سوار کر لیا اور عبداللہ رضی اللہ عنہ کو چھوڑ دیا۔ عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ کہتے تھے: پھر رسول اللہ ﷺ نے میرے سر پر تین بار ہاتھ پھیرا جوں جوں ہاتھ پھیرتے تو فرماتے: یااللہ! جعفر کی اولاد میں اچھے لوگ پیدا فرما۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۱۶۲...... حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ایک مرتبہ رسول کریم ﷺ میرے پاس سے گزرے میں بچوں کے ساتھ کھیل

رہا تھا آپ نے مجھے اپنے ساتھ سوار کرلیا اور بنی عباس میں سے بھی ایک لڑکے کو اپنے ساتھ سوار کیا۔ یوں چوپایہ پر ہم تین سوار ہوئے۔
رواہ ابن عساکر

۳۷۱۶۳......حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ جب نبی کریم ﷺ میرے والد کی وفات کی خبر دیتے میری والدہ کے پاس تشریف لائے میں آپ کی طرف دیکھے جارہا تھا اور آپ میرے سر پر اور میرے بھائی کے سر پر دست شفقت پھیرے جارہے تھے جب کہ آنکھوں سے آنسو بہہ رہے تھے حتیٰ کہ آپ کی داڑھی سے آنسو ٹپکنے لگے۔ پھر آپ نے فرمایا: یا اللہ! بلاشبہ جعفر اچھے ثواب کی طرف پہنچ گیا ہے اس کی اولاد میں اچھے لوگ پیدا فرما۔ پھر فرمایا: اے اسماء کیا میں تمہیں خوشخبری نہ دوں؟ وہ بولیں! جی ہاں یا رسول اللہ! ضرور۔ فرمایا: اللہ تعالیٰ نے جعفر کو دو پر عطا کیے ہیں جن سے وہ جنت میں اڑ رہے ہیں۔ اسماء رضی اللہ عنہا بولیں: یا رسول اللہ! میرے ماں باپ آپ پر قربان جائیں، آپ لوگوں کو بھی بتادیں۔ رسول اللہ ﷺ اٹھ کھڑے ہوئے مجھے بھی ہاتھ میں پکڑ لیا اور میرے سر پر ہاتھ پھیرتے رہے پھر آپ منبر پر تشریف لے گئے اور مجھے نچلے زینے پر بٹھا دیا غم وحزن کے آثار آپ پر نمایاں دکھائی دیتے تھے، آپ نے فرمایا، آدمی کے بھائی اور چچازاد بھائی بہت سارے ہوتے ہیں الا یہ کہ جعفر شہید ہو چکے ہیں اللہ تعالیٰ نے جنت میں انھیں دو پر عطا کیے ہیں جن سے وہ اڑ رہے ہیں۔ پھر رسول اللہ ﷺ منبر سے نیچے تشریف لے آئے اور اپنے گھر میں داخل ہوگئے مجھے بھی اپنے ساتھ لے گئے آپ نے کھانا تیار کرنے کا حکم دیا چنانچہ میرے گھر والوں کے لیے کھانا تیار کیا گیا، آپ نے میرے بھائی کو پیغام بھیج کر منگوالیا ہم نے آپ کے پاس کھانا کھایا بخدا کیا خوب پاکیزہ اور بابرکت کھانا تھا پھر آپ کی خادمہ سلمٰی نے جو لیے انھیں پیسا اور صاف کیا پھر انھیں گوندکر پکائے اور ان پر کالی مرچ ڈالی میں نے اور میرے بھائی نے آپ کے ساتھ مل کر کھانا کھایا ہم تین دن تک آپ کے گھر میں رہے آپ اپنی جس بیوی کے پاس تے ہم بھی آپ کے ساتھ ہوتے پھر ہم اپنے گھر واپس لوٹ آئے پھر رسول اللہ ﷺ تشریف لائے جب کہ میں اپنے بھائی کی ایک بکری کا بھاؤ تاؤ کر رہا تھا آپ نے فرمایا: یا اللہ اس کے سودے میں برکت عطا فرما۔ چنانچہ میں نے جو چیز بھی فروخت کی یا خریدی وہ میرے لیے بابرکت ثابت ہوئی۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۱۶۴......حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب نبی کریم ﷺ کسی سفر سے واپس آتے تو آپ اپنے اہل بیت کے بچوں سے ملاقات کرتے چنانچہ ایک مرتبہ آپ سفر سے تشریف لائے مجھے پہلے ہی سے آپ کے پاس لے جایا گیا آپ نے مجھے اپنے آگے بٹھایا اور پھر فاطمہ رضی اللہ عنہا کا ایک بیٹا حسن رضی اللہ عنہ یا حسین رضی اللہ عنہ لایا گیا اور آپ نے اسے اپنے پیچھے بٹھایا۔ یوں تین آدمی ایک چوپائے پہ سوار ہوکر مدینہ میں داخل ہوئے۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۱۶۵......حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: رسول کریم ﷺ نے میرے لیے ایک کام ارشاد فرمایا مجھے پسند نہیں کہ اس کے بدلہ میں مجھے سرخ اونٹ دیئے جائیں چنانچہ میں نے آپ کو فرماتے سنا: جعفر اخلاق اور صورت میں میرے مشابہ ہے، اور اے عبداللہ تم اللہ تعالیٰ کی مخلوق میں اپنے باپ کے زیادہ مشابہ ہو۔ رواہ العقیلی وابن عساکر

۳۷۱۶۶......عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اے عبداللہ، تمہیں مبارک ہو کہ تمہیں میری فطرت پر پیدا کیا گیا ہے اور تمہارا باپ فرشتوں کے ساتھ آسمانوں میں اڑ رہا ہے۔ رواہ ابن عساکر وابن حبان

کلام:......حدیث ضعیف ہے چونکہ اس کی سند میں ایک راوی قدام بن محمد مدنی ہے ابن حبان نے اس پر جرح کی ہے۔

۳۷۱۶۷......ابن عمر رضی اللہ عنہ جب عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ کو سلام کرتے تو کہتے: السلام علیک اے پروں والے کے بیٹے۔
رواہ ابونعیم وابن عساکر

حضرت عبداللہ بن ارقم رضی اللہ عنہ

۳۷۱۶۸......حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ کو خط لکھا گیا، آپ نے عبداللہ بن ارقم رضی اللہ عنہ کو جواب لکھنے کا حکم دیا،

عبداللہ بن ارقم رضی اللہ عنہ نے خط کا جواب لکھا اور پھر خط لے کر رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے آپ نے فرمایا: شاباش اس وقت سے میرے دل میں عبداللہ بن ارقم کا مقام پیدا ہوگیا حتیٰ کہ جب مجھے بار خلافت کی ذمہ داری سونپی گئی میں نے عبداللہ بن ارقم رضی اللہ عنہ کو بیت المال کا ذمہ دار بنادیا۔ رواہ البزار

کلام:...... مصنف کہتے ہیں کہ یہ حدیث بزار نے ضعیف قرار دی ہے۔

حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ

۳۷۱۶۹...... حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ سے فرمایا: اگر تم ہمارے ساتھ سواریوں کو حرکت دیتے عرض کیا: میں نے اپنا قول ترک کر دیا فرمایا: بات سنو اور اطاعت کرو۔ عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ نے یہ اشعار کہے:

اللھم لو لا انت ما اھتدینا

لا تصدقنا ولا صلینا

فانزل سکینة علینا

وثبت الا قدام ان الا قینا

یا اللہ! اگر آپ (یعنی رسول اللہ) نہ ہوتے ہم ہدایت نہ پاسکتے اور نہ صدقہ کر سکتے اور نہ ہی نماز پڑھتے ہمارے اوپر رحمت نازل فرما اور جنگ میں ہمیں ثابت قدم رکھ۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: یا اللہ! اس پر رحم فرما میں نے کہا: دعا قبول ہوئی۔ رواہ النسائی والدارقطنی فی الا فراد والضیاء

۳۷۱۷۰...... ھشام بن عروہ اپنے والد کے واسطہ سے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت نقل کرتے ہیں کہ جمعہ کے دن رسول کریم ﷺ منبر پر تشریف لائے اور فرمایا: بیٹھ جاؤ حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ نے آپ کا حکم سنا تو وہ بنی غنم کے ہاں کھڑے تھے وہیں بیٹھ گئے رسول اللہ ﷺ سے کہا گیا: یارسول اللہ! عبداللہ بن رواحہ وہ ہیں انھوں نے آپ کا حکم سناوہ اپنی جگہ پر ہی بیٹھ گئے۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۱۷۱...... عبدالرحمن بن ابی لیلیٰ، عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ کی اہل سے روایت نقل کرتے ہیں وہ کہتی ہیں ایک مرتبہ نبی کریم ﷺ مسجد میں خطبہ ارشاد فرمارہے تھے اتنے میں حضرت عبداللہ بن رواحہ نے نبی کریم ﷺ کو فرماتے سنا کہ "بیٹھ جاؤ" تو وہ مسجد سے باہر جہاں کھڑے تھے وہیں بیٹھ گئے، جب نبی کریم ﷺ کو اس کی خبر ہوئی تو فرمایا: اللہ تعالیٰ تمہاری اطاعت پر حرص میں اضافہ فرمائے۔ رواہ الدیلمی

۳۷۱۷۲...... شعبی کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ رسول اللہ ﷺ مسجد میں تشریف فرما تھے اتنے میں عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ کا ادھر سے گزر ہوا لوگوں نے اٹھ کر ان کے پاس ہجوم بنالیا اور کہنے لگے: اے عبداللہ بن رواحہ! اے عبداللہ بن رواحہ! کہتے ہیں میں سمجھ گیا کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے اپنے پاس بلایا ہے، میں خدمت اقدس میں حاضر ہوا آپ نے مجھے فرمایا: یہاں بیٹھو میں آپ کے سامنے بیٹھ گیا فرمایا: تم کس طرح اشعار کہتے ہو؟ گویا آپ تعجب کر رہے تھے میں نے عرض کیا: دیکھتے جائیں پھر میں کہتا ہوں فرمایا مشرکین کی ہجو میں تمہیں اشعار کہنے چاہئیں جب کہ میں کچھ بھی کہنے کی حالت میں نہیں تھا تاہم میں نے یہ کلمہ کہہ دیا۔

فاخبرونی اثمان العباء متی کنتم بطاریق اودانت لکم مضر

"مجھے عباء (قباء جبہ) کے پیسوں کے متعلق خبر دو تم کب جرنیل ہوئے یا تمہارے لیے مضر قریب ہوگیا ہے" اس پر میں نے رسول اللہ ﷺ کے چہرہ اقدس پر ناگواری کے اثرات دیکھ لیے لہٰذا میں نے یہ اشعار کہے:

یا ھاشم الخیر ان الفضل فضلکم

علی البریة فضلاً ما لہ غیرو

انی تفرست فیک الخیرا عرفہ
فراسۃ خالفتھم فی الذی نظروا
ولو سالت اوستنصرت بعھضم
فی جل امرک ما آوواولا نصروا
فثبت اللہ ما اتاک من حسن
تثبیت موسیٰ ونصرا کالذی نصروا

اے چیز کے تقسیم کرنے والے حقیقت فضیلت تمہیں حاصل ہے ساری مخلوق پر ایسی فضیلت حاصل ہے جو کسی دوسرے کو حاصل نہیں۔ میں نے آپ میں خیر و بھلائی کو جانچ لیا ہے ایسی فراست سے کہ اس کے ذریعے میں نے غیروں میں یہ چیز نہیں دیکھی۔ اگر آپ سوال کریں یا ان میں سے بعض سے آپ مدد طلب کریں کسی بڑے کام میں تو وہ نہ جگہ دیں گے اور نہ ہی مدد کریں گے اللہ تعالیٰ نے آپ کو جو خوبی عطا کر رکھی ہے اسے ثابت قدم رکھے جیسا کہ موسیٰ اور نصر کو ثابت قدم رکھا اور ان لوگوں کی طرح جس کی مدد کی گئی۔

چنانچہ رسول اللہ ﷺ مسکراتے ہوئے میری طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا: اللہ تمہیں ثابت قدم رکھے۔ رواہ ابن جریر

۳۷۱۷۳..... عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ کی روایت ہے کہ ایک دن عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے جب کہ آپ خطبہ ارشاد فرما رہے تھے عبداللہ رضی اللہ عنہ نے آپ کو فرماتے سنا کہ ''بیٹھ جاؤ تو عبداللہ رضی اللہ عنہ مسجد سے باہر جہاں کھڑے تھے ہیں بیٹھ گئے جب نبی کریم ﷺ خطبہ سے فارغ ہوئے تو آپ کو خبر کی گئی فرمایا: اللہ تعالیٰ تمہاری حرص علی الطاعت میں اضافہ فرمائے۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۱۷۴..... عکرمہ مولائے ابن عباس کی روایت ہے کہ عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ ایک مرتبہ اپنی بیوی کے پہلو میں لیٹے ہوئے تھے فوراً اٹھے اور حجرے میں داخل ہو گئے اور اپنی باندی سے حاجت نفس پوری کرنے لگے: اتنے میں بیوی بیدار ہوئی اور عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ کو اپنے پاس نہ دیکھ کر وہ بھی اٹھ کھڑی ہوئی کیا دیکھتی ہے کہ عبداللہ رضی اللہ عنہ باندی کے پیٹ پر چڑھے ہوئے ہیں بیوی واپس لوٹ گئی اور چھری اٹھالائی عبداللہ رضی اللہ عنہ نے اسے چھری اٹھائے دیکھا اور بولے: تم کیا چاہتی ہو بیوی نے بھی کہا: تو کیا چاہتا ہے۔ اگر میں تمہیں وہیں پاتی جہاں تم تھے میں تمہیں ضرور اس چھری سے کچوکے لگاتی۔ عبداللہ رضی اللہ عنہ نے کہا: میں کہاں تھا؟ بیوی بولی باندی کے پیٹ پر عبداللہ رضی اللہ عنہ نے کہا: کیا ایسا ہی ہے؟ بیوی نے کہا: کیوں نہیں یہ تو ہوا ہے۔ عبداللہ رضی اللہ عنہ نے کہا: رسول اللہ ﷺ نے ہمیں حالت جنابت میں قرآن پڑھنے سے منع فرمایا ہے بولی: پڑھو عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ نے یہ اشعار پڑھے:

اتانا رسول اللہ یتلو کتابہ
کمالا مشھور من الصبح ساطع اتی
بالھدی بعد العمنی قلوبنا
بہ موقنات ان ما قال واقع
یبت یجا فی جنبہ عن فراشہ
اذا ستقلت بالکا فرین المفا جع.

ہمارے پاس اللہ تعالیٰ کا رسول آیا جو اللہ کی کتاب کی تلاوت کرتا ہے جیسا کہ تاریکی کے بعد صبح روشن ہو جاتی ہے وہ جہالت کے بعد ہدایت لائے ہیں ہمارے دل اس ہدایت پر یقین رکھتے ہیں کہ جو کچھ آپ فرماتے ہیں وہ حق ہے وہ رات بسر کرتے ہیں بایں طور کہ ان کا پہلو بستر سے الگ ہوتا ہے جب کہ کافروں پر ان کے بچھونے بھاری ہوتے ہیں۔ (بیوی سمجھی شاید قرآن ہی پڑھا ہے جب کہ جنابت کی حالت میں قرآن پڑھنا جائز نہیں)

بیوی نے اشعار سن کر کہا: میں اللہ تعالیٰ پر ایمان لائی اور میری نظر نے جھوٹ دیکھا عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں صبح ہوتے ہیں نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ کا واقعہ سنایا رسول اللہ ﷺ ہنس پڑے حتیٰ کہ آپ کے دانت مبارک دکھائی دینے لگے۔

رواہ ابن عساکر

حضرت عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ عنہ

۳۷۱۷۵..... اسماعیل بن ابی خالد کہتے ہیں: میں نے حضرت عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ عنہ کے ہاتھ میں زخم دیکھا میں نے کہا: یہ زخم کیسا ہے؟ انھوں نے جواب دیا: حنین کے دن یہ زخم لگا ہے میں نے کہا: کیا آپ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ غزوۂ حنین میں شریک تھے؟ بولے: جی ہاں۔

رواہ ابن ابی شیبة

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما

۳۷۱۷۵..... ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے مجھے محمد ﷺ کے صحابہ رضی اللہ عنہم کے ساتھ اپنے پاس بلایا اور فرمایا: تم نے اس وقت تک بات نہیں کرنی جب تک صحابہ بات نہ کرلیں چنانچہ آپ رضی اللہ عنہ نے صحابہ رضی اللہ عنہم کو بلایا اور اس سے سوال کیا: رسول کریم ﷺ لیلۃ القدر کے متعلق جو فرمایا ہے کہ ''اسے رمضان کے آخری عشرہ میں تلاش کرو'' تمہاری رائے میں وہ کونسی رات ہوسکتی ہے؟ چنانچہ بعض صحابہ رضی اللہ عنہم نے کہا: وہ اکیسویں رات ہے بعض نے کہا: وہ تیسویں رات ہے بعض نے کہا: پچیسویں رات ہے بعض نے ستائیسویں کا کہا، صحابہ رضی اللہ عنہم مختلف اقوال کرتے رہے میں خاموش بیٹھا رہا عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: بھلا تم کیوں نہیں بولتے: میں نے کہا: آپ ہی نے تو مجھے حکم دیا تھا کہ میں اس وقت تک بات نہ کروں جب تک صحابہ رضی اللہ عنہم بات نہ کرلیں عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کہو کیا کہنا چاہتے ہو میں نے تو اسی لیے تمہیں بلایا ہے۔ میں نے کہا اللہ تعالیٰ نے کثرت سے سات کے عدد کا ذکر کیا ہے سات آسمانوں کا ذکر کیا ہے اور انہی کی طرح زمین کا بھی ہفتہ میں سات دن میں طواف کے سات چکر ہیں رمی جمار بھی سات مرتبہ ہے صفا اور مروہ کے درمیان بھی سات چکر لگائے جاتے ہیں۔ انسان کو سات چیزوں سے پیدا کیا گیا ہے ہمیں سبع مثانی (سات بڑی سورتیں) عطا کی گئی ہیں، اقرباء میں سے سات عورتوں سے نکاح کرنے سے منع کیا گیا ہے اللہ تعالیٰ نے وارثت سات لوگوں پر تقسیم کی ہے۔ اس مناسبت سے میں لیلۃ القدر کو آخری سات راتوں میں سمجھتا ہوں، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم نے یہ جو کہا کہ زمین کی نباتات سات ہیں اس سے کیا مراد ہے؟ میں نے کہا: اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

ثم شققنا الارض شقا فانبتنا فيها حبا وعنبا وقضبا وزيتونا ونخلا وحدائق غلبا وفاكهة وابا

یعنی ہم نے پھاڑا زمین کو اس سے اگائے بیج اناج کے اور انگور ترکاری زیتون کھجوریں باغات گھن کے میوہ اور چارہ۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس پر تعجب کیا اور فرمایا: اس میں صرف اس لڑکے نے میری موافقت کی ہے جسے تم کچھ نہیں سمجھتے، بخدا! میں اسی قول کو حق سمجھتا ہوں جو تم نے کہا ہے۔

رواه الترمذی وابن سعد وابن راهويه وعبد بن حميد ومحمد بن نصر فی الصلاة والطبرانی و ابونعيم فی الحلية والحاكم والبيهقی

۳۷۱۷۷..... ابن عباس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے اس فرمان باری تعالیٰ کے متعلق دریافت کیا: يا ايها الذين آمنوا لاتسئلوا عن اشياء ان تبدلكم تسوء كم یعنی اے ایمان والو! ان چیزوں کے متعلق مت سوال کرو جنھیں تمہارے لیے اگر ظاہر کردیا جائے تو تم پریشان ہوجاؤ'' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مہاجرین میں سے کچھ لوگوں کے نسب میں عیب تھا وہ ایک دن کہنے لگے: اللہ کی قسم ہم چاہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ قرآن میں ہمارے نسب کے متعلق کچھ نازل فرمائے چنانچہ اللہ تعالیٰ نے یہ آیت کریم نازل فرمائی۔ پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے مجھ سے فرمایا: تمہارا یہ صاحب ''یعنی حضرت بن ابی طالب رضی اللہ عنہ'' اگر والی بنا دیا جائے تو بے رغبتی

کرے گا لیکن مجھے اس پر عجب کا خوف ہے کہ وہ اسے لے نہ جائے میں نے عرض کیا اے امیر المؤمنین! ہمارے صاحب کو آپ جانتے ہیں، اللہ کی قسم ہم کہتے ہیں کہ اس انہیں نہ تغیر ہوئی نہ تبدیلی ہوئی اور نہ رسول اللہ ﷺ ان کی صحبت کے ایام میں غصہ ہوئے انھوں نے ابوجہل کی بیٹی کو فاطمہ رضی اللہ عنہا پر لانے کے لیے پیغام نکاح بھیجا میں نے کہا: اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کی معصیت پر فرمایا: ''**لم نجد له عزماً**'' ہم نے ان کی طرف سے معصیت پر پختہ عزم نہیں پایا۔ اس طرح ہمارے صاحب نے بھی رسول اللہ ﷺ کو غصہ میں لانے کے لیے پختہ عزم نہیں کیا۔ لیکن جہاں تک وسوسوں کی بات ہے سوان سے دور رہنے کی کسی کو قدرت نہیں حاصل۔ بسا اوقات کسی فقیہ اور عالم سے غلطی ہو جاتی ہے جب اسے تنبیہ کی جاتی ہے تو وہ اللہ کی طرف رجوع کر لیتا ہے عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے ابن عباس! کوئی شخص اگر گمان کرے کہ وہ تمہارے علمی سمندر میں غوطہ لگائے اور اس کی گہرائی تک جا پہنچے بلاشبہ وہ اس سے عاجز ہی رہے گا۔ رواہ الزبیر بن بکار فی الموفقیات

۳۷۱۷۸..... یعقوب بن یزید کہتے ہیں: جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو کوئی اہم مسئلہ پیش آتا تو ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مشورہ کرتے تھے اور فرماتے: اے غوطہ خور! غوطہ لگاؤ۔ رواہ ابن سعد

۳۷۱۷۹..... طاؤس کہتے ہیں: میں گواہی دیتا ہوں کہ میں نے ابن عباس رضی اللہ عنہ کو کہتے سنا کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ میں نے عمر رضی اللہ عنہ کو فرماتے سنا انھوں نے تلبیہ کہتے ہوں گے آواز بلند کی کہ ہم موقف میں کھڑے ہیں ابن عباس رضی اللہ عنہ سے ایک شخص نے کہا: کیا آپ نے عمر رضی اللہ عنہ کو آگے بڑھتے دیکھا ہے؟ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نہیں جانتا لوگوں نے ابن عباس رضی اللہ عنہ کے تقویٰ پر تعجب کیا۔

رواہ ابن سعد

۳۷۱۸۰..... عطاء بن یسار کی روایت ہے کہ حضرت عمر اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کو اپنے پاس بلاتے اور ابن عباس رضی اللہ عنہ اہل بدر کے ساتھ مشورہ دیتے تھے حضرت عمر اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے دور خلافت میں ابن عباس رضی اللہ عنہ فتوی دیتے تھے اور تاوقت وفات فتویٰ دیتے رہے۔ رواہ ابن سعد

۳۷۱۸۱..... ابوزناد کی روایت ہے کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ ابن عباس رضی اللہ عنہ کی عیادت کے لیے تشریف لائے ابن عباس رضی اللہ عنہ کو بخار تھا عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تمہارے مرض نے ہمارے درمیان رکاوٹ ڈال دی اور اللہ ہی سے مدد طلب کی جاتی ہے۔

رواہ ابن سعد

۳۷۱۸۲..... حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے ابن عباس سے بڑھ کر حاضر فہم عقلمند کثرت علم والا اور بردباری میں وسیع تر کسی کو نہیں دیکھا، میں نے عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ تو دیکھا ہے کہ وہ ابن عباس کو پیچیدہ امور کے حل کے لیے اپنے پاس بلاتے تھے پھر فرماتے: یہ پیچیدگی تمہارے پاس آئی ہے پھر ابن عباس رضی اللہ عنہ کے قول سے آگے تجاوز نہیں کر پاتے تھے۔ حالانکہ عمر رضی اللہ عنہ کے آس پاس مہاجرین وانصار میں سے بدری صحابہ رضی اللہ عنہم موجود ہوتے تھے۔ رواہ ابن سعد

۳۷۱۸۳..... حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ایک دن میں حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے پاس گیا انہیں یمن سے یعلی بن امیہ نے ایک مسئلہ (استفتاء کے لیے) لکھ بھیجا تھا میں نے اس مسئلہ کا جواب دیا عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں گواہی دیتا ہوں کہ تم نبوت کے گھر سے بول رہے ہو۔ رواہ ابن سعد

۳۷۱۸۴..... حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے عباس رضی اللہ عنہ سے فرمایا: نبوت اور بادشاہت تمہارے اندر ہے ایک روایت میں خلافت تمہارے اندر ہے اور نبوت بھی۔ رواہ ابن عساکر

فائدہ:..... یہ مطلب نہیں کہ آئندہ تمہاری اولاد میں کوئی نبی ہوگا بلکہ مطلب یہ ہے کہ تمہارے خاندان میں نبوت آئی ہے ظاہر ہے عباس رضی اللہ عنہ اور نبی کریم ﷺ کا خاندان ایک ہی ہے۔

۳۷۱۸۵..... ابن عباس رضی اللہ عنہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: یا اللہ! عباس کی مغفرت فرما اس کی اولاد کی مغفرت فرما اور جوان سے محبت کرے اس کی بھی مغفرت فرما۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۱۸۶...... ''مسند عمر'' معمر کی روایت ہے کہ ابن عباس رضی اللہ عنہما نے عام طور پر تین اشخاص سے علم حاصل کیا ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ علی رضی اللہ عنہ اور ابی بن کعب رضی اللہ عنہ۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۱۸۷...... ''ایضاً'' عبید اللہ بن عبد اللہ بن عتبہ کہتے ہیں: میں نے سنت کا بڑا عالم رائے میں پختہ اور گہری نظر رکھنے والا ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بڑھ کر کسی کو نہیں دیکھا، چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ بن خطاب رضی اللہ عنہ ابن عباس رضی اللہ عنہما کے لیے فرماتے تھے: ہمارے پاس پیچیدہ فیصلے آتے ہیں تم ہی انھیں نمٹا سکتے ہو۔ رواہ المروزی فی العلم

۳۷۱۸۸...... ''مسند حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ'' ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: مجھے حذیفہ بن یمان اور کعب احبار نے بتایا ہے کہ جب تمہاری اولاد خلافت کی مالک بنے گی تو خلافت لگا تار ان میں ہے گی تاوقتیکہ وہ خود عیسیٰ بن مریم کے سپرد نہ کردیں۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۱۸۹...... میمون بن مہران ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت نقل کرتے ہیں: میں ایک مرتبہ نبی کریم ﷺ کے پاس سے گزرا دراں حالیکہ آپ ظہر کی نماز سے فارغ ہوکر واپس لوٹ رہے تھے میں نے سفید رنگ کے کپڑے پہن رکھے تھے آپ دحیہ کلبی سے محو گفتگو تھے فی الواقع وہ جبرائیل امین تھے جبرئیل امین بولے: یارسول اللہ! یہ ابن عباس ہے اگر یہ ہمیں سلام کرتا ہم اس کے سلام کا جواب دیتے ابن عباس نے سفید کپڑے پہن رکھے ہیں جب کہ ان کی اولاد سیاہ کپڑے پہنے گی جب جبرائیل امین واپس چلے گئے، اور نبی کریم ﷺ بھی واپس لوٹ آئے تو آپ نے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے فرمایا: جب تم ہمارے پاس سے گزرے تم نے ہمیں سلام کیوں نہیں کیا؟ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! جس وقت میں آپ کے پاس سے گزرا آپ دحیہ کلبی کے ساتھ سرگوشی کررہے تھے میں نے اچھا نہیں سمجھا کہ آپ کی سرگوشی منقطع کردوں آپ نے فرمایا: واقعی تم نے گہری نظر رکھی ہے، یہ جبرئیل امین تھے سونبی کی علاوہ اگر کوئی اور انھیں دیکھ لے تو اس کی بصارت جاتی رہے گی تمہاری بصارت بھی ختم ہو جائے گی اور پھر وفات کے دن تمھیں واپس لوٹادی جائے گی عکرمہ کہتے ہیں: جب ابن عباس رضی اللہ عنہما دنیا سے رخصت ہوئے اور انھیں کفن میں لپیٹ دیا گیا، اتنے میں ایک پرندہ آیا اور ان کے کفن میں گھس گیا لوگ دیکھ کر اسے کفن میں تلاش کرنے لگے لیکن پرندہ دستیاب نہ ہوا عکرمہ بولے: کیا تم لوگ احمق ہو؟ یہ وہی بصارت ہے جسے دوبارہ لوٹنے کا نبی کریم ﷺ نے وعدہ کیا تھا کہ وفات کے دن بصارت واپس لوٹ آئے گی جب لوگوں نے ابن عباس رضی اللہ عنہما کی میت قبر میں رکھی تو قبر پر کھڑے لوگوں نے یہ کلمات سنے۔

یاایتھا النفس المطمئنة ارجعي الی ربک راضیة مرضیة فاخلي في عبادي وادخلي جنتي.

اے نفس مطمئنہ اپنے رب کی طرف خوش وخرم واپس لوٹ جا میرے بندوں میں داخل ہوجا اور میری جنت میں داخل ہوجا۔

رواہ ابن عساکر

۳۷۱۹۰...... ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں رسول اللہ نے میرے لیے فرمایا: یااللہ! اسے کتاب کے علم سے سرفراز کر اور دین میں اسے فقاہت عطافرما۔

رواہ ابن النجار

۳۷۱۹۱...... ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: ایک مرتبہ میں اور میرے والد محترم نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر تھے جب ہم آپ کے پاس سے اٹھ کر باہر نکل آئے میں نے والد سے عرض کیا: آپ نے رسول اللہ ﷺ کے پاس بیٹھا ہوا شخص نہیں دیکھا، میں نے اس سے خوبصورت شخص کوئی نہیں دیکھا والد نے کہا: وہ شخص خوبصورت تھا یا نبی کریم ﷺ؟ میں نے جواب دیا: وہ شخص خوبصورت تھا۔ والد بولے: ہمارے ساتھ واپس چلو ہم واپس لوٹ گئے اور آپ کے پاس جاپہنچے والوں نے کہا: یارسول اللہ! وہ شخص کہاں چلا گیا جو آپ کے پاس بیٹھا ہوا تھا؟ عبد اللہ کا خیال ہے کہ وہ آپ سے زیادہ خوبصورت ہے آپ نے فرمایا: اے عبد اللہ! تم نے وہ شخص دیکھا ہے؟ میں نے عرض کیا: جی ہاں، فرمایا: وہ تو جبرئیل امین تھے جب تم دونوں میرے پاس آئے جبرئیل امین نے مجھے کہا: اے محمد! یہ کون لڑکا ہے؟ میں نے جواب دیا: یہ میرے چچا عباس کا بیٹا عبد اللہ ہے جبرئیل امین نے کہا: یہ لڑکا سراپا خیر وبھلائی ہے۔ میں نے کہا: اے جبرئیل! اللہ تعالیٰ سے اس کے لیے دعا کرو۔ جبرئیل امین بولے: یااللہ! اسے برکت عطافرما، یااللہ! اسے کثرت سے پاکیزگی عطافرما۔ رواہ ابن النجار

۳۷۱۹۲...... مدائنی کی روایت ہے کہ حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ نے ابن عباس رضی اللہ عنہما کے متعلق فرمایا: یہ عقل اور فطانت کے

تاریک پردوں سے مخفی امور کو دیکھ لیتا ہے۔رواہ الدینوری

۳۷۱۹۳..... ''مسند ابن عباس'' ابن عباس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں ایک مرتبہ میں نے حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کے ہاں رات گزاری میں نے رسول اللہ ﷺ کے وضو کے لیے پانی رکھ دیا آپ نے فرمایا: یہ پانی کس نے رکھا ہے؟ میمونہ رضی اللہ عنہا نے جواب دیا: عبداللہ نے رکھا ہے۔ آپ نے فرمایا: یا اللہ! اسے دین کی فقاہت نصیب فرما اور علم تفسیر سے اسے بہرہ مند فرما۔رواہ ابن ابی شیبة

۳۷۱۹۴..... ''ایضاً'' ابن عباس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: رسول کریم ﷺ نے میرے لیے دعا فرمائی کہ اللہ تعالیٰ میرے علم وفہم میں اضافہ فرمائے۔

رواہ ابن ابی شیبة

۳۷۱۹۵..... مجاہد کی روایت ہے کہ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جب نبی کریم ﷺ شعب ابی طالب میں نظر بند تھے تو آپ کے پاس میرے والد محترم آئے اور عرض کیا: اے محمد! میں ام فضل (اپنی بیوی کو حاملہ دیکھ رہا ہوں نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ہوسکتا ہے اللہ تعالیٰ تمہاری آنکھوں کو ٹھنڈا کرے۔(جب میں پیدا ہوا) میرے والد مجھے ایک کپڑے میں لپیٹ کر نبی کریم ﷺ کی خدمت میں لائے آپ نے لعاب مبارک سے مجھے گھٹی دی مجاہد کہتے ہیں: ہمیں معلوم نہیں کہ ابن عباس رضی اللہ عنہ کے علاوہ کسی اور کو نبی کریم ﷺ نے لعاب کی گھٹی دی ہو۔رواہ ابن عساکر

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ

۳۷۱۹۶..... ''مسند صدیق اکبر رضی اللہ عنہ'' حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ حضرت ابوبکر صدیق اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو بشارت سنائی کہ نبی کریم ﷺ نے انھیں فرمایا: مانگو تمہیں عطا کیا جائے گا۔رواہ البزار وصححہ

۳۷۱۹۷..... ''مسند عمر'' قیس بن مروان سے مروی ہے کہ میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا اے امیر المؤمنین! میں کوفہ سے آیا ہوں میں نے وہاں ایک شخص چھوڑا ہے جو ظہر قلب سے مصاحف کا املاء کرا رہا ہے (یعنی بن دیکھے زبانی مصاحف کا املاء کرا رہا ہے) حضرت عمر رضی اللہ عنہ سخت غصہ ہوئے اور پھول کر گویا بن گئے قریب تھا کہ آپ رضی اللہ عنہ غصہ سے پھٹ پڑتے فرمایا: بھلا وہ کون شخص ہے؟ قیس نے کہا: وہ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ ہیں عمر رضی اللہ عنہ کی آہستہ آہستہ طبیعت بحال ہوئی اور غصیلی کیفیت چھٹتی گئی جب افاقہ ہوا فرمایا: تیری ہلاکت صحابہ رضی اللہ عنہم میں میں کسی کو نہیں جانتا جو ان سے بڑھ کر مصاحف کا علم رکھتا ہو، میں تمہیں ان کے متعلق ایک حدیث سناتا ہوں چنانچہ رسول اللہ ﷺ ہمیشہ صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے ساتھ سرکاری امور کے متعلق رات گئے تک تبادلہ خیال کرتے رہتے تھے اسی طرح ایک رات نبی کریم ﷺ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے ساتھ محو گفتگو تھے میں بھی آپ کے ساتھ تھا بعد میں رسول اللہ ﷺ اٹھ کر چل پڑے، ہم بھی آپ کے ساتھ ہولیے یکایک ہم دیکھتے ہیں کہ ایک شخص مسجد میں نماز پڑھ رہا ہے رسول اللہ ﷺ اس کی قرأت سننے کے لیے کھڑے ہوگئے قریب تھا کہ ہم اس شخص کو پہچان لیتے تاہم رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص قرآن مجید کی قرات کرنا چاہے اسے چاہئے کہ ابن ام عبد کی طرح قرات کرے پھر وہ شخص بیٹھ گیا اور دعا کرنے لگا بلکہ رسول اللہ ﷺ فرماتے جارہے تھے سوال کرو تمہارا سوال پورا کیا جائے گا میں نے کہا: اللہ کی قسم صبح ہوتے ہی میں اس کے پاس جاؤں گا اور اسے خوشخبری سناؤں گا چنانچہ صبح ہوتے ہی میں اسے خوشخبری سنانے اس کے پاس پہنچا مگر کیا ابوبکر صدیق علیہ السلام رضی اللہ عنہ مجھ سے آگے بڑھ گئے اور اسے خوشخبری سنا آئے اللہ کی قسم میں نے جب بھی کسی بھلائی کے کام میں صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے ساتھ دوڑ لگائی مگر وہ مجھ سے ہر مرتبہ آگے بڑھ گئے۔رواہ ابو عبید فی فضائلہ واحمد بن حنبل والترمذی وابن خریمة وابن ابی داؤد وابن الانباری معافی المصاحف وابویعلی وابن حبان والدارقطنی فی الافراد وابن عساکر و ابونعیم فی الحلیة والبیھقی والضیاء

فائدہ:..... صحابہ کرام رضی اللہ عنہم آپس میں خیر و بھلائی کے کاموں میں دوڑ لگاتے تھے اور ایک دوسرے سے آگے بڑھنے کی کوشش کرتے تھے لیکن جب ابوبکر صدیق اکبر رضی اللہ عنہ (فداہ ابی وامی) نے دوڑ لگائی تو میدان میں صرف فاروق اعظم رضی اللہ عنہ ہی اترے گو صدیق اکبر رضی اللہ عنہ سے پیچھے رہے اسی طرح جب صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے دوڑ لگائی ان کا مقابلہ کرنے کی کسی کو جرات نہیں ہوتی تھی سوائے

فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے گو صدیق اکبر رضی اللہ عنہ سے پیچھے ہی کیوں نہ رہے یعنی میدان مسابقت کے ان دو شہسواروں کا مد مقابل کوئی نہیں تھا اور نہ ہی کسی کو جرات ہوتی تھی۔ سبحان اللہ ماعظم شانہ اللھم ارزق اتباعھم آمین یارب العالمین. از مترجم تنولی

۳۷۱۹۸..... حبہ مزنی کی روایت ہے کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے اہل کوفہ! تم عربوں کا سر اور سادات ہو اگر میرے پاس کوئی چیز وہاں اور وہاں سے پہنچے اس میں میرا وہی حصہ ہے جو محنت سے مجھے ملے میں تمہارے پاس عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو بھیج رہا ہوں میں نے تمہارے لیے ان کا انتخاب کیا ہے میں نے اپنی ذات پر انہی کو تمہارے بھلے کے لیے ترجیح دی ہے۔

رواہ ابن سعد والضیاء

۳۷۱۹۹..... ابووائل کی روایت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو قضا (جسٹسی) اور بیت المال کے عہدوں کی ذمہ داری سونپی۔ رواہ البیھقی

۳۷۲۰۰..... حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں اہل کوفہ کو ابن ام عبد سے اپنے اوپر ترجیح دی ہے دین میں ان کا طویل تر حصہ ہے اور یہ چھوٹا سا مٹکا ہے جو علم سے لبریز ہے۔ رواہ ابن سعد

۳۷۲۰۱..... ابومجلز کہتے ہیں: ہم حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے آپ رضی اللہ عنہ نے ہمیں انعامات سے نوازا لیکن اہل شام کو انعام میں ہم پر فضلیت دی۔ ہم نے عرض کیا: اے امیر المؤمنین! کیا آپ اہل شام کو ہمارے اوپر فضلیت دے رہے ہیں؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے اہل کوفہ! تم لوگ جزع فزع کرنے لگے ہو کہ میں نے اہل شام کو تمہارے اوپر فضلیت دی ہے ان کی مشقت کے بُعد کی وجہ سے؟ حالانکہ میں نے تمہیں ابن ام عبد کے ذریعے ترجیح دی ہے۔ رواہ ابن سعد وابن ابی شیبۃ واحمد بن حنبل وابویعلی

۳۷۲۰۲..... حضرت علی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: رسول کریم ﷺ نے ابن مسعود رضی اللہ عنہ کو ایک درخت پر چڑھنے کا حکم دیا تا کہ درخت سے مسواک توڑ لائیں۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی پتلی پتلی ٹانگیں دیکھ کر ہنسنے لگے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم کیوں ہنس رہے ہو؟ بخدا عبداللہ بن مسعود کی ٹانگیں قیامت کے دن میزان میں احد پہاڑ سے بھی زیادہ بھاری ہوں گی۔

رواہ الطبرانی والضیاء وابن خزیمۃ واصححہ

۳۷۲۰۳..... ''مسند عمر'' عبدالرحمٰن بن یزید کہتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے لئے فرمایا: وہ لوگوں میں سب سے زیادہ اس مرتبہ کے حق دار ہیں۔ چونکہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ کے لیے مسواک لاتے تکیہ رکھتے اور آپ کے جوتے اٹھاتے تھے جب کہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ نہ مویشی چراتے تھے اور نہ تجارت کا شغل تھا جب ہم غائب ہوتے وہ رسول اللہ ﷺ کے پاس حاضر ہوتے اور جب ہمیں اندر جانے سے روک دیا جاتا وہ اندر داخل ہو جاتے۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۲۰۴..... کمیل کی روایت ہے کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نبی کریم ﷺ کے ساتھ تھا اور ابوبکر رضی اللہ عنہ کچھ اور لوگ بھی آپ کے ہمراہ تھے ہم عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس سے گزرے وہ نماز پڑھ رہے تھے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: یہ کون ہے جو مزے لے لے کر قرات قرآن کر رہا ہے کسی نے جواب دیا: یہ عبداللہ ابن ام عبد ہیں آپ نے فرمایا: عبداللہ اسی طرح قرآن پڑھ رہا ہے جس طرح نازل ہوا ہے پھر عبداللہ رضی اللہ عنہ نے رب تعالیٰ کی حمد وثناء کی اور کیا خوب انداز سے رب تعالیٰ کی حمد وثناء کی پھر اللہ تعالیٰ سے خوبصورت انداز میں مانگنا شروع کیا پھر یہ دعا مانگی۔

اللھم انی اسالک ایمانا لایرتد ویقینا لا ینفد ومرافقۃ محمد النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی اعلی علیین فی جناتک جنات الخلد.

یا اللہ! میں تجھ سے ایسے ایمان کا سوال کرتا ہوں جو رد نہ کیا جائے ایسے یقین کا سوال کرتا ہوں جو ختم نہ ہونے پائے اور اپنے نبی کریم ﷺ کا تیری بہشتوں میں اعلیٰ علیین میں رفاقت کا سوال کرتا ہوں۔

رسول اللہ ﷺ فرمارہے تھے سوال کرو تمہیں عطا کیا جائے گا سوال کرو تمہیں عطا کیا جائے گا میں عبداللہ رضی اللہ عنہ کو خوشخبری سنانے چلا

لیکن ابوبکر مجھ پر سبقت لے گئے خیر و بھلائی کے کاموں میں ابوبکر رضی اللہ عنہ سبقت لے جاتے تھے۔

رواہ ابن عساکر وقال ھذا غریب والمحفوظ عن عمر ماتقدم اول المسند

۳۷۲۰۵..... "ابوعبیدہ کی روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے ایک سفر کیا لوگوں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے ذکر کیا کہ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ اوران کے رفقائے سفر شدت پیاس کی وجہ سے جاں بلب ہوگئے ہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ عبداللہ اوران کے رفقاء کو پیاسا نہیں مارے گا بلکہ ان کے لیے چشمہ آب جاری کردے گا۔ رواہ یعقوب بن سفیان وابن عساکر

۳۷۲۰۶..... ابووائل کی روایت ہے کہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے ایک شخص کو دیکھا اس نے شلوار ٹخنوں سے نیچے لٹکا رکھی تھی۔ ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اپنی شلوار ٹخنوں سے اوپر کردو اس شخص نے کہا: اے ابن مسعود! تم بھی اپنی شلوار ٹخنوں سے اوپر کرلو۔ ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: میں تمہاری طرح نہیں ہوں میری ٹانگیں پتلی پتلی ہیں جب کہ میں لوگوں کو امامت کراتا ہوں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو اس کی خبر ہوئی تو آپ رضی اللہ عنہ نے اس شخص کی پٹائی کی اور فرمایا: کیا تو ابن مسعود رضی اللہ عنہ پر اعتراض کرتا ہے۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۲۰۷..... اعمش، علاء نے اپنے شیوخ سے روایت نقل کی ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ مدینہ منورہ میں ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے ایک گھر پر کھڑے تھے اوراس کی تعمیر کی طرف دیکھ رہے تھے قریش کے کسی شخص نے کہا: اے امیرالمؤمنین! آپ اس کی کفایت کردیں گے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک اینٹ اٹھائی اوراس شخص کے دے ماری فرمایا: کیا تم مجھ سے عبداللہ سے روگردانی کرانا چاہتے ہو۔ رواہ یعقوب بن سفیان

۳۷۲۰۸..... حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ جمعہ کے دن رسول اللہ ﷺ منبر پر تشریف لے گئے اور فرمایا: بیٹھ جاؤ۔ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سنتے ہی دروازے کے پاس بیٹھ گئے نبی کریم ﷺ نے انھیں وہاں بیٹھے دیکھ کر فرمایا: اے عبداللہ بن مسعود آگے آجاؤ۔

رواہ ابن عساکر

۳۷۲۰۹..... عمرو بن حدیث کہتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے فرمایا: قرآن پڑھو عرض کیا: میں قرآن پڑھوں حالانکہ قرآن آپ پر نازل ہوتا ہے فرمایا: میں چاہتا ہوں کہ کسی اور سے سنوں چنانچہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے سورۃ النساء شروع کردی اور جب اس آیت کریمہ پر پہنچے۔

فکیف اذا جئنا من کل امۃ شھید وجنا بک علی ھو لاء شھید

اس وقت کیا حال ہوگا جب ہم ہر امت سے ایک گواہ لائیں گے اور آپ کو بھی ان لوگوں پر بطور گواہ لائیں گے۔

تو نبی کریم ﷺ کی آنکھوں سے آنسو نکل آئے اور عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے تلاوت روک دی رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بات کرو۔ ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء اور رسول اللہ ﷺ پر صلوٰۃ وسلام بھیجنے کے بعد شہادت حق پیش کی اور بولے: ہم اللہ تعالیٰ کے رب ہونے پر راضی ہیں اسلام کے دین ہونے پر راضی ہیں جس چیز سے اللہ اوراس کا رسول راضی ہے میں بھی اس سے راضی ہوں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں تمہارے لیے اس چیز پر راضی ہوں جس پر ابن ام عبد راضی ہے۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۲۱۰..... حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ کی سیرت نمونہ اور شمائل میں لوگوں میں سب سے زیادہ آپ کے مشابہ تھے۔ رواہ احمد بن والدیانی ویعقوب بن سفیان وابن عساکر

۳۷۲۱۱..... حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ سے بمثل مذکور بالا حدیث مروی ہے البتہ اس میں اتنا اضافہ ہے کہ حذیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ابن ام عبد کے نمونہ کو اپناؤ۔ رواہ ابن ابی شیبۃ

۳۷۲۱۲..... معاویہ بن قرہ اپنے والد سے روایت نقل کرتے ہیں کہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ صحابہ رضی اللہ عنہم کی لیے مسواک کی ٹہنیاں توڑ کر لاتے تھے ہوا چل رہی ہوتی جس سے ان کی ٹانگیں ننگی ہوجاتی تھیں اور صحابہ رضی اللہ عنہم ان کی پتلی پتلی ٹانگیں دیکھ کر ہنس پڑتے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کیا تم اس کی پتلی پتلی پنڈلیوں کو دیکھ کر ہنس رہے ہو؟ قسم اس ذات کی جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے یہ دونوں ٹانگیں قیامت کے دن میزان میں احد پہاڑ سے زیادہ بھاری ہوں گی۔ رواہ ابن جریر

۳۷۲۱۳..... سعید بن جبیر حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ سے روایت نقل کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ نبی کریم ﷺ کھڑے ہوئے اور ہلکا خفیف سا خطبہ دیا اور پھر فرمایا: اے ابوبکر! کھڑے ہوجاؤ اور لوگوں سے خطاب کرو چنانچہ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے نبی کریم ﷺ کے خطبہ سے قدرے کم خطاب کیا جب ابوبکر خطاب سے فارغ ہوئے فرمایا: اے عمر! کھڑے ہوجاؤ اور خطاب کرو۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور نبی کریم ﷺ وابوبکر رضی اللہ عنہ سے کم خطاب کیا۔ جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ خطاب سے فارغ ہوئے فرمایا: اے فلاں کھڑے ہوجاؤ اور خطاب کرو بات پوری ہوئی تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بیٹھ جاؤ، یا فرمایا: خاموش ہوجاؤ۔ (اس میں ابوشہاب کوشک ہوا ہے) چونکہ گریبان چاک کرنا شیطان کی طرف سے ہوتا ہے اور بیان میں جادو جیسا اثر ہوتا ہے۔ پھر فرمایا: اے ابن ام عبد! کھڑے ہوجاؤ اور خطاب کرو چنانچہ ابن ام عبد رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور حمد وثناء کے بعد فرمایا: اے لوگو! اللہ ہمارا رب ہے قران ہمارا امام ہے۔ بیت اللہ ہمارا قبلہ ہے اور یہ ہمارے نبی ہیں پھر اپنے ہاتھ سے نبی کریم ﷺ کی طرف اشارہ کیا رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ابن ام عبد نے صواب اور سچ کہا میں اس چیز پر راضی ہوں جو اللہ تعالیٰ نے میرے لیے میری امت کے لیے اور ابن ام عبد کے لیے پسند فرمائی ہے اور میں اس چیز کو ناپسند کرتا ہوں جسے اللہ تعالیٰ نے میرے لیے میری امت کے لیے اور ابن ام عبد کے لیے ناپسند فرمائی ہے۔ رواہ ابن عساکر و قال سعید بن جبیر لم یدلک ابا الدرواء

۳۷۲۱۴..... ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ حاضر ہوئے جب ہم غائب ہوئے اور جب ہمیں روک دیا جاتا انھیں اندر داخل ہونے کی اجازت دی جاتی۔ رواہ یعقوب بن سفیان وابن عساکر

۳۷۲۱۵..... ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے متعلق مجھے جو چیز سب سے پہلے معلوم ہوئی اس کی تفصیل یہ ہے کہ میں اپنی ایک پھوپھی کے ہمراہ مکہ گیا، لوگ ہمیں عباس بن عبدالمطلب کی طرف لے گئے جب ہم عباس رضی اللہ عنہ کے پاس پہنچے تو وہ آب زمزم کے پاس بیٹھے ہوئے تھے ہم ان کے پاس بیٹھے ہوئے تھے اتنے میں ایک شخص باب صفا کی طرف سے آیا اس کے چہرے میں سفیدی کے ساتھ سرخی ملی ہوئی تھی اس کے بال سیدھے قدرے گھنگھریالے پن کی طرف مائل تھے جو کانوں کے نصف تک لٹکے ہوئے تھے ستواں ناک سامنے کے دانت چمکدار اس کی آنکھیں سیاہ اور موٹی تھیں گھنی داڑھی سینے کے درمیان بالوں کی باریک سی لکیر تھی پر از گوشت ہتھیلیاں اور قدم اس شخص نے دو سفید کپڑے پہن رکھے تھے یوں لگتا تھا جیسے چودھویں کا چاند نمودار ہوا ہے اس شخص کے دائیں طرف بے ریش قریب البلوغ خوبصورت ایک لڑکا چل رہا تھا اس کے پیچھے پیچھے ایک عورت تھی جس نے اپنے اعضاء محاسن کو ڈھانپ رکھا تھا یہ شخص حجر اسود کے پاس گیا استلام کیا پھر لڑکے نے استلام کیا اور پھر عورت نے استلام کیا پھر اس شخص نے بیت اللہ کا سات مرتبہ طواف کیا جب کہ لڑکا اور عورت اس کے ساتھ تھے ہم نے عباس رضی اللہ عنہ سے پوچھا: اے ابوالفضل! ہم اس دین کو نہیں جانتے یا کوئی نیا دین چل پڑا ہے عباس رضی اللہ عنہ نے کہا: یہ میرا بھیجتا محمد بن عبداللہ ہے، یہ لڑکا علی بن ابی طالب ہے اور عورت محمد کی بیوی خدیجہ رضی اللہ عنہا ہے۔ بخدا! سطح زمین پر ہم ان تین کے علاوہ کسی کو نہیں جانتے جو اس دین کے مطابق اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتا ہو۔

رواہ یعقوب بن شیبة وقال لا نعلم رواہ احد عن شریک غیر یشربن مھران الخصاف وھو صالحورو[illegible] ابن عساکر

۳۷۲۱۶..... ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں اپنے آپ کو چھ آدمیوں میں سے چھٹے نمبر پر دیکھ رہا ہوں سطح زمین پر ہمارے علاوہ کوئی اور مسلمان نہیں تھا۔ رواہ ابن ابی شیبة

۳۷۲۱۷..... حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: مجھے رسول کریم ﷺ نے ستر سورتیں پڑھائیں میں نے انھیں اچھی طرح ذہن نشین کرلیا جب کہ زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے ابھی اسلام قبول نہیں کیا تھا۔ رواہ ابن ابی داؤد فی المصاحف

۳۷۲۱۸..... عثمان بن ابی العاص کی روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ دنیا سے رخصت ہوگئے لیکن تادم حیات دوشخصوں سے والہانہ محبت کرتے رہے عبداللہ بن مسعود اور عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۲۱۹..... حسن کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کو لشکر کا سپہ سالار اور عامل مقرر کرکے بھیجتے تھے لشکر میں عام صحابہ رضی اللہ عنہم شامل ہوتے تھے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے پوچھا گیا: رسول اللہ ﷺ آپ کو عامل مقرر کرتے تھے آپ کو اپنے قریب رکھتے اور

آپ سے محبت کرتے تھے عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: رسول اللہ ﷺ مجھے عامل مقرر کرتے تھے مجھے معلوم نہیں آیا کہ آپ مجھ سے الفت کرتے تھے یا مجھ سے محبت کرتے تھے لیکن میں تمہیں ایسے دو شخص بتا سکتا ہوں جن سے رسول اللہ ﷺ محبت کرتے تھے اور ان سے محبت کرتے کرتے دنیا سے رخصت ہوئے وہ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ اور عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ ہیں۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۲۲۰...... عطاء کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ نبی کریم ﷺ لوگوں سے خطاب فرما رہے تھے ارشاد فرمایا: بیٹھ جاؤ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ دروازے پر تھے وہیں بیٹھ گئے آپ نے انھیں دیکھ کر فرمایا: اے عبداللہ اندر داخل ہو جاؤ۔ رواہ ابن ابی شیبة

۳۷۲۲۱...... عروہ بن زبیر کی روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے بعد سب سے پہلے جہراً قرات حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے کی ہے۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۲۲۲...... حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت نقل کرتے ہیں کہ سب سے پہلے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے ظہر قلب (زبانی) سے کتاب اللہ کی آیتیں پڑھی ہیں۔ رواہ ابن عساکر

حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ

۳۷۲۲۳...... سلمان کی روایت ہے کہ وہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور جوں ہی اندر داخل ہوئے دیکھتے ہیں کہ عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کھڑے میں ان کے پاس ایک طشتری ہے اور جو کچھ اس میں پڑا ہے وہ پی رہے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے بھتیجے تمہارا کیا حال ہے؟ عرض کیا: میں چاہتا ہوں کہ میرے پیٹ میں رسول اللہ ﷺ کا خون شامل ہو جائے فرمایا: تمہارے لیے لوگوں سے ہلاکت ہے اور لوگوں کے لیے تم سے ہلاکت ہے آگ تمہیں نہیں چھوئے گی مگر قسم پوری کرنے کے طور پر۔ رواہ ابن عساکر و رجالہ ثقات

۳۷۲۲۴...... یعلی بن اشدق عبداللہ بن جراد سے روایت نقل کرتے ہیں کہ اسلام (یعنی مدینہ) میں سب سے پہلے بیدار ہونے والا بجز عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ ہیں رسول اللہ ﷺ نے انھیں کھجور سے گھٹے دی تھی۔ رواہ ابن عساکر

کلام:...... حدیث ضعیف ہے دیکھئے ذخیرۃ الحفاظ ۲۱۷۶۔

۳۷۲۲۵...... حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ میں نے اپنی ماں کے پیٹ میں ہجرت کی ہے چنانچہ میری والدہ کو جو بھی تکلیف اور اذیت پہنچی اس کا درد اور شدت مجھ میں ضرور داخل ہوئی۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۲۲۶...... حضرت عبداللہ بن زبیر کی روایت ہے کہ وہ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے دراں حالیکہ آپ ﷺ سینگی لگوار ہے تھے جب سینگی لگوا کر فارغ ہوئے فرمایا: اے عبداللہ! یہ خون ایسی جگہ بہادو جہاں لوگ اسے نہ دیکھ سکیں عبداللہ رضی اللہ عنہ لے کر اٹھ پڑے اور جب آپ کی نظروں سے اوجھل ہو گئے خون منہ سے لگایا اور پی لیا جب عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ واپس لوٹے تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے عبداللہ! تم نے کیا کیا؟ عرض کی: میں نے خون انتہائی خفیہ جگہ میں ڈال دیا ہے جو لوگوں کی نظروں سے بالکل مخفی ہے آپ نے فرمایا: شاید تم نے خون پی لیا ہے میں نے عرض کیا: جی ہاں، فرمایا: تم نے خون کیوں پیا؟ لوگوں کے لیے تم سے ہلاکت ہے اور تمہارے لیے لوگوں سے ہلاکت ہے۔ ابوعاصم کہتے ہیں: لوگوں کا خیال ہے کہ عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ میں قوت اسی خون کی وجہ سے تھی۔ رواہ ابویعلی و ابن عساکر

۳۷۲۲۷...... حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ رسول کریم ﷺ نے سینگی لگوائی اور سینگی سے نکلنے والا خون مجھے دیا اور فرمایا: یہ خون ایسی جگہ چھپا دو جہاں اس تک نہ کوئی درندہ پہنچنے پائے نہ کتا اور نہ ہی کوئی انسان۔ میں اٹھ کر الگ ہو گیا اور خون پی لیا پھر آپ کے پاس حاضر ہوا آپ نے فرمایا: تم نے کیا کیا ہے؟ میں نے عرض کیا: آپ نے جو حکم دیا ہے وہ میں نے کر دیا ہے فرمایا: میرے خیال میں تم اسے پی چکے ہو۔ میں نے عرض کیا: جی ہاں۔ فرمایا: میری امت نے تم سے کیا لینا ہے۔ ابوسلمہ کہتے ہیں: لوگوں کا خیال ہے کہ ابن زبیر رضی اللہ عنہ میں قوت رسول اللہ ﷺ کے خون کی وجہ سے تھی۔ رواہ البیھقی فی...... و ابن عساکر

۳۷۲۲۸...... مجاہد کہتے ہیں: ابن زبیر رضی اللہ عنہ عبادت میں یہاں تک جا پہنچے ہیں جہاں تک کوئی نہیں پہنچ سکا چنانچہ ایک مرتبہ سیلاب آیا جو لوگوں اور بیت اللہ کے طواف میں رکاوٹ بن گیا ابن زبیر رضی اللہ عنہ تشریف لائے اور تیر کر طواف کیا۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۲۲۹...... عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ جب میری والدہ اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ عنہ نے مجھے جنم دیا مجھے اٹھا کر رسول اللہ ﷺ کے پاس لے آئی سامنے سے میرے والد زبیر رضی اللہ عنہ تشریف لا رہے تھے مجھے والدہ سے لے لیا اور خود رسول اللہ ﷺ کے پاس مجھے لیتے گئے آپ نے مجھے گھٹی دی۔ رواہ الزبیر بن بکار

۳۷۲۳۰...... قطن بن عروہ کی روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ سات سات دن تک صوم وصال رکھتے حتیٰ کہ ان کی انتڑیاں سکڑ جاتی تھیں۔ رواہ ابن جریر

۳۷۲۳۱...... ھشام بن عروہ کہتے ہیں: عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ سات سات دن تک صوم وصال رکھتے جب گراں ہونے لگا پانچ پانچ دن کا صوم وصال رکھتے جب یہ بھی گراں ہونے لگا تین تین دن تک رکھتے۔ رواہ ابن جریر

۳۷۲۳۲...... محمد بن کعب قرظی کی روایت ہے کہ جب عبداللہ بن زبیر پیدا ہوئے تو رسول اللہ ﷺ تشریف لائے اور فرمایا: کیا وہ لڑکا ہے؟ کیا وہ لڑکا ہے آپ کو بتایا گیا: یا رسول اللہ! اسماء رضی اللہ عنہا نے عبداللہ کو دودھ پلانا چھوڑ دیا ہے جب اس نے آپ کو یہ کہتے سنا۔ دودھ پلاؤ اگرچہ تمہیں آنکھوں کے آنسو ہی کیوں نہ پلانے پڑیں یہ لڑکا بھیڑیوں کا دنبہ ہے وہ بھیڑے ہوں گے جنھوں نے کپڑے پہن رکھے ہوں گے البتہ یہ ضرور بر ضرور حرم پاک کا دفاع کرتا رہے گا اور حرم ہی میں اسے قتل کر دیا جائے گا۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۲۳۳...... ضمام کی روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ نے اپنی والدہ کو پیغام بھیجا کہ لوگ مجھ سے پیچھے ہٹ گئے ہیں اور انھوں نے مجھے امان کی دعوت دی ہے والدہ نے جواب دیا: اگر تو کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ ﷺ کے احیاء کے لیے نکلے ہو تو بلاشبہ تم حق پر قائم ہو اور اگر طلب دنیا کے لیے نکلے ہو تو پھر تمہارے زندہ اور مردہ ہونے میں کوئی بھلائی نہیں ہے۔ رواہ ابونعیم بن حماد فی الفتن

۳۷۲۳۴...... ابو محمد رباح مولائے زبیر کہتے ہیں: میں نے اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ عنہ کو سنا وہ حجاج سے کہہ رہی تھیں: نبی کریم ﷺ نے سینگی لگوائی اور آپ نے نکلنے والا خون میرے بیٹے کو دیا اس نے خون پی لیا اتنے میں جبرئیل امین تشریف لائے اور آپ کو خبر کر دی آپ نے فرمایا: تم نے خون کا کیا کیا وہ بولا: میں نے آپ کا خون گرانا اچھا نہیں سمجھا نبی کریم ﷺ نے فرمایا: تمہیں آگ نہیں چھونے پائے گی آپ نے اس کے سر پر دست شفقت پھیرا اور فرمایا: تم سے لوگوں کے لیے ہلاکت ہے اور لوگوں سے تمہارے لیے ہلاکت ہے۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۲۳۵...... حضرت اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ جب حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بن زبیر ان کے بطن میں تھے میرے حمل کا وقت پورا ہونے کو تھا میں مدینہ آئی اور قباء میں جا اتری اور قباء ہی میں میں نے وضع حمل کیا پھر میں بچے کو لیے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئی آپ نے بچہ مجھ سے لے لیا اور اپنی گود میں رکھ لیا پھر آپ نے کھجور منگوائی اور چبا کر بچے کے منہ میں ڈال دی چنانچہ بچے کے منہ میں سب سے پہلی چیز نبی کریم ﷺ کا لعاب مبارک تھا پھر آپ نے اسے کھجور سے گھٹی دی پھر دعائے برکت فرمائی اور اس کا نام عبداللہ رکھا یہ بچہ اسلام میں پیدا ہونے والا۔ (مسلمانوں کے ہاں) پہلا بچہ تھا۔ رواہ ابن ابی شیبة وابن عساکر

۳۷۲۳۶...... حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے عبداللہ بن زبیر کو گھٹی دی۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۲۳۷...... اسحاق بن سعید اپنے والد سے روایت نقل کرتے ہیں کہ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور فرمایا: اے ابن زبیر! اللہ تعالیٰ کے حرم پاک میں الحاد پھیلانے سے بچو میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا ہے کہ عنقریب قریش سب سے ایک شخص حرم میں الحاد پھیلائے گا اگر اس کے گناہوں کا جن وانس کے گناہوں سے وزن کیا جائے تو اس کے گناہ بھاری نکلیں گے دیکھیں وہ تم ہی نہ ہو۔

رواہ ابن ابی شیبة

۳۷۲۳۸...... نافع کی روایت ہے کہ ابن عمر رضی اللہ عنہ نے ایک شخص کو کہتے ہوئے سنا: میں رسول ﷺ کے حواری کا بیٹا ہوں۔ ابن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: بشرطیکہ اگر تم زبیر کی اولاد میں سے ہو ورنہ نہیں۔ رواہ ابن ابی شیبة

۳۷۲۳۹..... ویحانہ کی روایت ہے کہ ابن عمر رضی اللہ عنہ نے ایک لڑکے کو سنا وہ کہہ رہا تھا۔ میں حواری کا بیٹا ہوں، ابن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر تم ابن زبیر کے بیٹے نہیں ہو تو جھوٹ بولتے ہو۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۲۴۰..... عروہ کی روایت ہے کہ عبداللہ بن زبیر اور عبداللہ بن جعفر (ایک روایت میں ہے جعفر بن زبیر) نے نبی کریم ﷺ کے دست اقدس پر بیعت کی اس وقت ان دونوں کی عمر سات سال تھی رسول کریم ﷺ نے جب انھیں دیکھا تبسم فرمایا اور دست اقدس بڑھا کر ان سے بیعت لی۔
رواہ ابونعیم وابن عساکر

۳۷۲۴۱..... ھشام بن عروہ عروہ بن زبیر رضی اللہ عنہ اور فاطمہ بنت منذر بن زبیر سے روایت نقل کرتے ہیں وہ دونوں کہتے ہیں: حضرت اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ عنہ جب ہجرت مدینہ کے لیے مکہ سے نکلیں تو عبداللہ زبیر رضی اللہ عنہ ان کے بطن میں تھے قباء پہنچیں اور وہیں عبداللہ پیدا ہوئے پھر انھیں لے کر رسول اللہ ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئیں اور عبداللہ رضی اللہ عنہ کو آپ کی گود میں رکھ دیا آپ ﷺ نے کھجور مانگی ہم نے کھجور تلاش کی پھر آپ نے کھجور چبا کر عبداللہ رضی اللہ عنہ کے منہ میں ڈالی سب سے پہلے جو چیز عبداللہ رضی اللہ عنہ نے پیٹ میں پہنچی وہ رسول اللہ ﷺ کا لعاب مبارک تھا اسماء رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: پھر آپ نے عبداللہ کے سر پر دست شفقت پھیرا ان کے لیے دعائے برکت کی اور اس کا نام عبداللہ رکھا پھر عبداللہ رضی اللہ عنہ کی عمر جب سات سال کی ہوئی تو زبیر رضی اللہ عنہ کی ایماء پر رسول اللہ ﷺ کی خدمت اقدس میں بیعت کے لیے حاضر ہوئے آپ نے جب عبداللہ رضی اللہ عنہ کو سامنے سے آئے دیکھا تو آپ ﷺ مسکرا دیئے پھر عبداللہ رضی اللہ عنہ سے بیعت لی۔
رواہ ابن عساکر

۳۷۲۴۲..... ''مسند زبیر رضی اللہ عنہ'' قثام بن بسطام کی روایت ہے کہ ابن عمر رضی اللہ عنہ عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کے پاس سے گزرے درال حالیکہ عبداللہ رضی اللہ عنہ سولی پر لٹکا دیئے گئے تھے ابن عمر رضی اللہ عنہ بولے: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص برائی کرتا ہے اسے دنیا میں یا آخرت میں اس کا بدلہ دے دیا جاتا ہے اگر یہ کسی برائی کے بدلہ میں ہوا ہے تو یہ ہے اور یہ ہے۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۲۴۳..... ''ایضاً'' عروہ کی روایت ہے کہ عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ نے غزوۂ خندق کے دن زبیر رضی اللہ عنہ سے عرض کیا: اے اباجان! میں نے آپ کو اشعر گھوڑے پر سوار دیکھا ہے زبیر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے بیٹے واقعی تم نے مجھے دیکھا تھا؟ عرض کیا: جی ہاں زبیر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس وقت رسول اللہ ﷺ نے تمہارے باپ کے لیے اپنے والدین جمع کر کے فرمایا: گھوڑے پر سوار ہو جاؤ میرے ماں باپ تمہارے اوپر فدا جائیں۔
رواہ ابن جریر

حضرت عبداللہ بن عامر رضی اللہ عنہ

۳۷۲۴۴..... عمرو بن میمون بن مہران کی روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن عامر رضی اللہ عنہ جب مرض الوفات میں مبتلا تھے ان کے پاس نبی کریم ﷺ کے اصحاب تشریف لائے ان میں ابن عمر رضی اللہ عنہ بھی تھے عبداللہ بن عامر رضی اللہ عنہ بولے: تم لوگ مجھے کس حال میں دیکھ رہے ہو؟ صحابہ رضی اللہ عنہم نے فرمایا: ہمیں تمہاری نجات میں کچھ شک نہیں چونکہ آپ لوگوں کی مہمان نوازی کرتے رہے ہیں اور مبتلائے حوادث کو عطا کرتے رہے ہیں۔ رواہ البیھقی فی شعب الایمان

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ

۳۷۲۴۵..... ابن عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: غزوہ احد کے موقع پر جب میرے والد مجھے لے کر رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے اس وقت میری عمر چودہ (۱۴) سال تھی نبی کریم ﷺ نے مجھے غزوہ میں شمولیت کی اجازت نہیں دی پھر غزوۂ خندق کے موقع پر والد محترم لے کر آئے اس وقت پندرہ (۱۵) سال میری عمر تھی، رسول اللہ ﷺ نے مجھے غزوہ میں شمولیت کی اجازت مرحمت فرمائی۔ رواہ عبدالرزاق

۳۷۲۴۶...... ابن عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: مجھے غزوہ احد کے موقع پر نبی کریم ﷺ کے سامنے پیش کیا گیا اس وقت ۱۴ سال میری عمر تھی آپ نے مجھے نابالغ سمجھ کر غزوہ میں شرکت کی اجازت نہیں دی پھر مجھے غزوۂ خندق کے موقع پر پیش کیا گیا جب کہ میری عمر ۱۵ سال تھی آپ نے مجھے اجازت دے دی۔ رواہ عبد الرزاق وابن ابی شیبة

۳۷۲۴۷...... ابن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: غزوہ احد کے موقع پر مجھے نبی کریم ﷺ کے سامنے پیش کیا گیا اس وقت میری عمر دس (۱۰) سال تھی آپ نے مجھے چھوٹا سمجھ کر غزوہ میں شرکت کرنے کی اجازت نہ دی پھر غزوہ خندق کے موقع پر مجھے پیش کیا گیا میری عمر پندرہ سال تھی آپ نے مجھے اجازت دے دی۔ رواہ ابن ابی شیبة

۳۷۲۴۸...... ابن شوذب کہتے ہیں: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کو خبر پہنچی کہ زیادہ حجاز مقدس کی گورنری کا خواہاں ہے ابن عمر رضی اللہ عنہ کو اس کی سلطنت میں رہنا ناگوار گزرا اور فرمایا: یا اللہ تو اپنی مخلوق میں جسے چاہتا ہے قتل کا کفارہ بنا دیتا ہے پس مجھے قتل کیے جانے سے قبل اسے موت سے ہمکنار کردے چنانچہ زیاد کے انگوٹھے پر طاعون کا دانہ نکلا اور ہفتہ بھی نہیں گزرنے پایا تھا کہ مر گیا۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۲۴۹...... ابن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: مجھے غزوۂ بدر کے موقع پر نبی کریم ﷺ کے سامنے پیش کیا گیا میری عمر تیرہ (۱۳) سال تھی آپ نے مجھے واپس کر دیا پھر مجھے غزوہ احد کے موقع پر پیش کیا گیا میری عمر چودہ (۱۴) سال تھی تب بھی آپ نے مجھے واپس کر دیا پھر غزوۂ خندق کے موقع پر مجھے پیش کیا گیا میری عمر پندرہ (۱۵) سال تھی آپ نے مجھے اجازت دے دی۔ رواہ ابن سعد

۳۷۲۵۰...... ابن عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: غزوۂ خندق کے موقع پر مجھے اور رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ کو نبی کریم ﷺ کے سامنے پیش کیا گیا۔ اس وقت ہماری عمر پندرہ (۱۵) سال تھی آپ نے ہمیں قبول فرمالیا۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۲۵۱...... ابن عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے غزوۂ احد کے موقع پر رسول اللہ ﷺ کے دست اقدس پر بیعت کی میری عمر تیرہ (۱۳) سال تھی آپ نے مجھے کمسن سمجھ کر واپس کر دیا پھر میں اس غزوہ سے پیچھے رہا۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۲۵۲...... ابن عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: مجھے بدر کے دن رسول اللہ ﷺ کے سامنے پیش کیا گیا آپ نے مجھے کمسن سمجھ کر واپس کر دیا اس رات میں سو بھی نہ سکا اور پوری رات روتے روتے اور حزن وملال کی حالت میں آنکھوں سے نکال دی اگلے سال پھر مجھے آپ کے سامنے پیش کیا گیا، آپ نے مجھے قبول کر لیا اور اس پر میں نے اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا ایک شخص بولا: اے ابوعبدالرحمٰن! غزوۂ خندق میں تم لوگوں نے پیٹھ پھیر لی تھی؟ فرمایا: جی ہاں اللہ تعالیٰ نے ہم سب کو معاف کر دیا اور اس پر ہم اللہ کا جتنا بھی شکر کریں وہ کم ہے۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۲۵۳...... ابن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں فتح مکہ میں شریک رہا ہوں جب کہ میری عمر بیس (۲۰) سال تھی۔

رواہ ابن مندہ وابن عساکر

۳۷۲۵۴...... ابن مجاہد کہتے ہیں: ابن عمر رضی اللہ عنہ فتح مکہ میں شریک رہے ہیں اس وقت ان کی عمر پچیس سال تھی ان کے پاس ایک اڑیل قسم کا گھوڑا اور بھاری نیزہ تھا ابن عمر رضی اللہ عنہ اپنے گھوڑے کے لیے چارا لانے گئے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: عبداللہ تو اللہ کا بندہ ہے۔

رواہ ابن عساکر

۳۷۲۵۵...... نافع کی روایت ہے کہ ابن عمر رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ کے آثار ونشانات کو تلاش کرتے اور وہاں نماز پڑھتے حتیٰ کہ نبی کریم ﷺ ایک درخت کے نیچے اترے تھے چنانچہ ابن عمر رضی اللہ عنہ باقاعدگی سے اس درخت کے پاس اترتے اس کی جڑوں پر پانی بہاتے تاکہ خشک نہ ہو جائے۔

رواہ ابن عساکر

۳۷۲۵۶...... نافع سے مروی ہے کہ ہم ابن عمر رضی اللہ عنہ کے ساتھ ایک سفر میں تھے افواہ پھیلی کہ درندے نے راستہ روک رکھا ہے، ابن عمر رضی اللہ عنہ کی سواری پیچھے رہ گئی تھی جب اس جگہ پہنچے تو نیچے اترے اور درندے کا کان اینٹھا اور پھر راستے سے ہٹا دیا فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو ارشاد فرماتے سنا ہے کہا گر آدمی اللہ تعالیٰ کے سوا کسی سے نہ ڈرے تو اس پر کسی کو مسلط نہیں کرتا اور اگر آدمی اللہ تعالیٰ کے سوا کسی سے امید وابستہ نہ رکھتا ہو تو اللہ تعالیٰ اسے کسی کے سپرد نہیں کرتا۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۲۵۷.....وہب بن ابان قرشی کی روایت ہے کہ ابن عمر رضی اللہ عنہما ایک سفر میں تھے ایک جگہ پہنچ کر یکا یک لوگ کھڑے ہوگئے ابن عمر رضی اللہ عنہما نے پوچھا یہ لوگ کیوں کھڑے ہیں؟ جواب ملا: راستے میں شیر کھڑا ہے اور لوگ ڈر کے مارے آگے جا نہیں رہے ابن عمر رضی اللہ عنہما سواری سے نیچے اترے شیر کا کان پکڑ کر اینٹھا اور پھر گردن سے پکڑ کر راستے سے الگ کر دیا پھر فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو ارشاد فرماتے سنا ہے کہ آدمی پر وہی کچھ مسلط کر دیا جاتا ہے جس سے وہ ڈرتا ہے اگر آدمی اللہ تعالیٰ کے سوا کسی سے نہ ڈرے تو اللہ تعالیٰ اپنے غیر کو اس پر مسلط نہیں کرے گا آدمی کسی شے کے سپرد کر دیا جاتا ہے جس کی وہ امید کرتا ہے اگر ابن آدم اللہ کے سوا کسی سے امید وابستہ نہ کرے اللہ تعالیٰ اسے اپنے غیر کے سپرد نہیں کرے گا۔ رواہ ابن عساکر

حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ

۳۷۲۵۸.....حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے نبی کریم ﷺ سے ایک ہزار مثالیں یاد کی ہیں۔

رواہ ابویعلی والعسکری والرامھذی معافی الامثال

۳۷۲۵۹.....حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: ایک دن میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ آپ کے گھر میں تھا، آپ نے فرمایا: کیا تمہیں معلوم ہے ہمارے ساتھ گھر میں کون ہے میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ ﷺ کون ہے؟ فرمایا: جبرئیل امین ہیں: میں نے کہا: السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جبرئیل امین نے تمہیں سلام کا جواب دیا ہے۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۲۶۰.....محمد بن اسحاق کی روایت ہے کہ مجھے ایسے شخص نے حدیث سنائی ہے جسے میں تہمت زدہ نہیں سمجھتا۔ کہا کہ کعب رضی اللہ عنہ مکہ آئے اور مکہ میں حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ تھے کعب رضی اللہ عنہ بولے: عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے تین چیزوں کے متعلق سوال کرو اگر وہ تمہیں ان کے متعلق بتا دیں سمجھ لو کہ وہ عالم ہیں ان سے پوچھ کہ زمین پر سب سے پہلا پانی کون سا ہے؟ زمین پر سب سے پہلا کون سا درخت لگایا گیا؟ وہ کونسی جنت میں پائی جانے والی کوئی چیز ہے جو زمین پر لوگوں کے لیے رکھ دی گئی ہے؟ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ نے فرمایا: پہلا پانی جو سرزمین پر لوگوں کو نفع رسانی کے لیے پیدا کیا گیا وہ یمن میں آب برھوت ہے زمین پر سب سے پہلا اگایا جانے والا درخت عوسجہ ہے جس سے موسیٰ علیہ السلام نے اپنا عصا توڑا تھا اور جنت میں پائی جانے والی چیز جو زمین میں لوگوں کے لیے رکھ دی گئی ہے وہ حجر اسود ہے۔ جب کعب رضی اللہ عنہ کو اس کی خبر دی گئی تو بولے اس شخص نے سچ کہا بخدا یہ عالم ہے۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۲۶۱.....''مسند طلحہ بن عبیداللہ'' حاکم نے مندرجہ ذیل سند سے حدیث ذکر ہے ابو حاکم مکی بن عبدان، احمد یعنی ابن یوسف سلمی، حماد بن سلمان حرانی، عیسیٰ بن عبدالرحمٰن انصار ابوعبادہ ابن شہاب ابن عامر بن سعد بن ابی وقاص، اسماعیل بن طلحہ بن عبیداللہ اپنے والد سے حدیث نقل کرتے ہیں وہ کہتے ہیں ایک مرتبہ میں اپنے مال مویشیوں کو جنگل میں لے گیا، جنگل میں مجھے رات ہوگئی میں نے کہا اگر میں اپنے گھوڑے پر سوار ہوکر اپنے گھر چلا جاؤں میرے لیے بہتر ہوگا میں گھوڑے پر سوار ہوا حتیٰ کہ جب میں شہداء کی قبروں کے قریب پہنچا مجھے وحشت نے گھیر لیا میں نے کہا: اگر میں اپنا گھوڑا باندھ کر عبداللہ بن عمرو کی قبر کے پاس چلا جاؤں چنانچہ میں نے ایسا ہی کیا بخدا! میں نے قبر پر جونہی سر رکھا مجھے قبر سے قرأت کی آواز سنائی دی اتنی خوبصورت قرأت میں نے کبھی نہیں سنی میں نے کہا: قرأت قبر سے ہورہی ہے عین ممکن ہے وادی میں بھی ہورہی ہو لہٰذا مجھے وادی کی طرف نکل جانا چاہیے لیکن مجھے احساس ہوا کہ واقعی قرات قبر میں ہورہی ہے۔ میں واپس لوٹ آیا اور سر قبر پر رکھ دیا کیا خوب قرات تھی میں نے ایسی قرات کبھی نہیں سنی میں اس قرأت سے بھرپور مانوس ہوگیا اور میری نیند جاتی رہی طلوع فجر تک میں قرأت سنتا رہا۔ جب طلوع فجر ہوئی قراءت کی آواز دھیمی پڑتی گئی حتیٰ کہ صبح ہوئی میں نے کہا: اگر میں نبی کریم ﷺ کے پاس جاؤں اور آپ کو یہ ماجرا سناؤں میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ کو سارا واقعہ سنایا فرمایا: یہ عبداللہ بن عمرو تھا اے طلحہ کیا تمہیں معلوم نہیں کہ اللہ تعالیٰ روحیں قبض کر لیتا ہے اور انھیں قندیلوں میں رکھ دیتا ہے جو زبرجد اور یاقوت کی بنی ہوتی ہیں انھیں جنت کے وسط میں لٹکا دیا گیا ہے؟ جب رات ہوتی ہے ارواح واپس لوٹا دی

جاتی ہیں جب طلوع فجر ہوتا ہے روحیں اپنے اصلی مقامات کی طرف واپس لوٹا دی جاتی ہیں جس میں وہ ہوتی ہیں۔
کلام:۔۔۔۔۔حدیث ضعیف ہے چنانچہ مغنی میں لکھا ہے کہ عیسیٰ بن عبدالرحمٰن عن الزھری کے متعلق نسائی وغیرہ کہتے ہیں کہ یہ متروک ہے۔

حضرت عبداللہ بن انیس رضی اللہ عنہ

۳۷۲۶۲۔۔۔۔۔ابوجعفر محمد بن علی کی روایت ہے کہ جہنی یعنی حضرت عبداللہ بن انیس رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا (یارسول اللہ!) میری جان آپ پر فدا ہو مجھے ایک رات کا حکم دیں میں آپ کے پاس آجاؤں تاکہ آپ کے پیچھے نماز پڑھ لوں۔
رواہ ابن جریر

حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ

۳۷۲۶۳۔۔۔۔۔حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ وہ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا: میں نے قرآن مجید اور تورات پڑھ رکھی ہے آپ نے فرمایا: ایک رات یہ پڑھو اور ایک رات یہ پڑھو۔ رواہ ابن عساکر
۳۷۲۶۴۔۔۔۔۔حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے مجھے ایک رات قرآن مجید پڑھنے کا حکم دیا اور ایک رات تورات پڑھنے کا۔ رواہ ابن سعد وابن عساکر
کلام:۔۔۔۔۔حدیث ضعیف ہے چونکہ اس کی سند میں ابراہیم بن محمد بن ابی یحییٰ مدنی ہے جو کہ ضعیف راوی ہے۔
۳۷۲۶۵۔۔۔۔۔"مسند علی" سعد رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں ایک مکان میں نبی کریم ﷺ کے ساتھ تھا آپ نے فرمایا: اس گھاٹی سے ایک شخص نمودار ہوگا جو اہل جنت میں سے ہے چنانچہ اس گھاٹی کے پیچھے عامر بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ رہتے تھے میں سمجھا شاید وہی ہو لیکن عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ گھاٹی سے نمودار ہوئے۔ رواہ ابن عساکر

حضرت عبداللہ بن جحش رضی اللہ عنہ

۳۷۲۶۶۔۔۔۔۔"مسند سعد بن ابی ووقاص" رسول کریم ﷺ نے حضرت عبداللہ بن جحش رضی اللہ عنہ کو امیر مقرر کیا اور اسلام میں سب پہلے امیر مقرر کیے گئے تھے۔ رواہ ابن ابی شیبة
۳۷۲۶۷۔۔۔۔۔"ایضاً" حضرت سعد رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب نبی کریم ﷺ مدینہ منورہ تشریف لائے تو قبیلہ جہینہ آپ کی خدمت میں حاضر ہوا انھوں نے عرض کیا: آپ ہمارے درمیان اترے ہیں لہٰذا آپ ہمارے کو استوار کر جائیں تاکہ آپ ہم پر بھروسہ کریں اور ہم آپ پر چنانچہ نبی کریم ﷺ نے ان کے لیے میثاق لکھ دیا جب کہ یہ قبیلہ ابھی اسلام نہیں لایا تھا۔ رسول اللہ ﷺ نے ہمیں ماہ رجب میں کنانہ کی ایک بستی پر غارتگری ڈھانے بھیجا یہ بستی جہینہ کے پاس ہی آباد تھی ہماری تعداد سو سے زیادہ نہیں تھی جب کہ وہ ہم سے زیادہ تھے ہم نے انھیں لوٹا ہم جہینہ میں آکر ٹھہرے جہینہ کے لوگوں نے پوچھا: تم نے حرمت والے مہینے میں قتال کیوں کیا ہے؟ ہم نے کہا: ہم نے تو ان لوگوں سے قتال کیا ہے جنھوں نے ہمیں حرمت والے مہینے میں حرمت والے شہر سے نکالا ہے اس متعلق ہم ایک دوسرے سے چہ میگوئیاں کرنے لگے کہ تمہارا کیا خیال ہے؟ صحابہ رضی اللہ عنہم نے کہا: ہمیں رسول اللہ ﷺ کے پاس جا کر انھیں خبر کرنی چاہیے۔ جب کہ بعض صحابہ رضی اللہ عنہم نے کہا: نہیں بلکہ ہمیں یہیں قیام کرنا چاہیے میں نے کہا جب کہ میرے ساتھ بھی کچھ لوگ تھے نہیں بلکہ ہمیں قریش کے اس قافلہ کے پاس جانا چاہیے اور انھیں لوٹنا چاہیے ہم قریش کے قافلہ کو لوٹنے چل پڑے جب کہ ہمارے دوسرے ساتھی نبی کریم ﷺ کی طرف چل پڑے انھوں نے آپ کو سارا واقعہ سنایا آپ ﷺ سخت غصہ

میں سرخ چہرے کے ساتھ اٹھ کھڑے ہوئے اور فرمایا: تم میرے پاس سے اکٹھے گئے تھے اور اب جدا جدا واپس لوٹ رہے ہو۔ تم سے پہلی قوموں کو تفرقہ نے ہلاک کیا ہے۔ البتہ میں تمہارے اوپر ایسے شخص کو امیر مقرر کرتا ہوں جو بھوک اور پیاس پر زیادہ سے زیادہ صبر کرتا ہے چنانچہ آپ ﷺ نے حضرت عبداللہ بن جحش اسدی رضی اللہ عنہ کو ہمارا امیر مقرر کیا اور یہ اسلام میں پہلے امیر مقرر کئے گئے تھے۔ رواہ ابن ابی شیبۃ

حضرت عبداللہ ذوالبجادین رضی اللہ عنہ

۳۷۲۶۸..... ''مسند ادرع'' ادرع رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ایک رات میں رسول اللہ ﷺ کا پہرہ دینے حاضر ہوا یکا یک میں نے بآواز بلند کسی شخص کی قرات سنی نبی کریم ﷺ باہر تشریف لائے میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! یہ دکھلاوہ ہے فرمایا: یہ عبداللہ ذوالبجادین ہے چنانچہ حضرت عبداللہ ذوالبجادین رضی اللہ عنہ نے مدینہ میں وفات پائی ان کی تجہیز وتکفین کے لیے صحابہ رضی اللہ عنہم پریشان ہوئے اور ان کی میت دیر تک روکے رکھی نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اس کے ساتھ نرمی کرو اللہ تعالیٰ نے اس کے ساتھ نرمی کی ہے۔ چونکہ یہ اللہ اور اس کے رسول سے محبت کرتا تھا پھر ان کے لیے قبر کھودی گئی فرمایا: اس کے لیے کشادگی کرو اللہ تعالیٰ نے اس پر کشادگی کی ہے۔ بعض صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ آپ اس پر غمزدہ ہو رہے ہیں۔ فرمایا: جی ہاں، چونکہ یہ اللہ اور اس کے رسول سے محبت کرتا تھا۔

رواہ ابن ماجہ والبغوی وابن مندہ وقال غریب لایعرف الا من ھذا لوجہ وابونعیم فی مسندہ موسیٰ بن عبیدہ الترمذی ضعیف

کلام:...... حدیث ضعیف ہے دیکھا ضعیف ابن ماجہ ۳۴۲ نیز اس کی سند میں موسیٰ بن عبیدہ ربذی ضعیف راوی ہے۔

حضرت عبداللہ بن حازم رضی اللہ عنہ

۳۷۲۶۹..... عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن سعد دشتکی رازی کہتے ہیں میں نے اپنے والد سے سنا انھوں نے میرے دادا سے روایت نقل کی ہے وہ کہتے ہیں: میں نے بخارا میں سفید خچر پر سوار ایک شخص دیکھا اس نے سر پر سیاہ رنگ کا ریشمی عمامہ باندھ رکھا تھا وہ کہتا تھا۔ مجھے یہ عمامہ رسول اللہ ﷺ نے پہنایا ہے عبدالرحمٰن کہتے ہیں ہم اسے ابن حزم سلمی رضی اللہ عنہ سمجھتے ہیں۔ رواہ البخاری فی تاریخہ وابن عساکر

۳۷۲۷۰..... عبداللہ بن سعید ازرق اپنے والد سے روایت نقل کرتے ہیں وہ کہتے ہیں: میں نے بخارا میں نبی کریم ﷺ کے صحابہ رضی اللہ عنہم میں سے ایک شخص دیکھا جس نے سر پر سیاہ رنگ کا ریشمی عمامہ سجا رکھا تھا ان کا کہنا تھا یہ عمامہ مجھے رسول اللہ ﷺ نے پہنایا ہے اس کا نام عبداللہ بن حازم رضی اللہ عنہ تھا۔ رواہ ابن عساکر

عبداللہ بن ابی (منافق)

۳۷۲۷۱..... ''مسند اسامہ بن زید'' حضرت اسامہ بن زید کی روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ ایک گدھے پر سوار ہوئے گدھے پر پالان رکھا ہوا تھا اور آپ کے نیچے فدک کی چادر تھی آپ نے مجھے اپنے پیچھے بٹھا لیا آپ حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کی عیادت کرنے بنی حارث بن خزرج میں جا رہے تھے یہ بدر سے پہلے کا واقعہ ہے آپ کا گزر ایک مجلس کے پاس سے ہوا جس میں مسلمان مشرکین بتوں کے پجاری اور یہود اکٹھے بیٹھے تھے ان میں عبداللہ بن ابی بھی بیٹھا ہوا تھا یہ عبداللہ بن ابی کے اسلام قبول کرنے سے پہلے کا واقعہ ہے مجلس میں حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ بھی تھے جب مجلس کے قریب گدھے نے گزرتے گزرتے غبار اڑائی عبداللہ بن ابی نے ناک کپڑے سے ڈھانپ دی اور بولا ہمارے اوپر غبار مت ڈالو نبی کریم ﷺ نے سلام کیا رکے اور نیچے اتر آئے مجلس والوں کو اللہ تعالیٰ کی طرف بلایا اور انھیں قرآن پڑھ کر سنایا، عبداللہ بن ابی بولا: اے آدمی: اس سے کوئی بات اچھی نہیں۔ جو کچھ تم کہتے ہو وہ اگر حق ہے تو ہماری مجلسوں میں ہمارے پاس مت آؤ اور اپنی سواری پر واپس

چلے جاؤ۔ہم میں سے جو شخص آئے اسے سنادیا کرو۔عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ بولے: بلکہ آپ ہماری مجالس میں تشریف لائیں ہم اسے پسند کرتے ہیں پس اسی پر مسلمان مشرکین اور یہود ایک دوسرے سے الجھ پڑے حتی کہ مارنے اور مرنے تک نوبت پہنچ گئی لیکن نبی کریم ﷺ نے سب کو ٹھنڈا کیا پھر آپ اپنی سواری پر سوار ہوئے اور حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کے پاس پہنچ گئے اور فرمایا: اے! سعد کیا تم نے ابوحباب کو نہیں سنا کہ کیا کہتا ہے؟ وہ ایسی اور ایسی باتیں کرتا ہے؟ سعد رضی اللہ عنہ نے کہا: یارسول اللہ ﷺ اسے معاف کریں اور درگزر کریں اللہ کی قسم! اللہ تعالیٰ نے آپ کو بہت خوبیاں عطا کر رکھی ہیں۔جب کہ اس بحیرہ کے رہنے والوں نے اتفاق کرلیا ہے کہ وہ اسے تاج پہنائیں گے اور اسے ایک مضبوط جماعت بھی فراہم کریں گے جب اللہ تعالیٰ نے اس کے باطل خیال کو آپ کو عطا کئے گئے حق سے رد کردیا تو اسے ایک طرح کا اچھو لگ گیا یہ سب کچھ اسی کی یاداش میں کیا ہے جو آپ نے دیکھا ہے۔تاہم نبی کریم ﷺ نے اسے معاف کردیا نبی کریم ﷺ اور آپ کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم مشرکین واہل کتاب کو معاف کردیتے تھے اور ان کی اذیتوں پر صبر کرلیتے تھے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے انھیں اس کا حکم دیا ہے جب کہ رسول اللہ ﷺ معاف کرنے کے لیے بہانے ڈھونڈتے تھے حتی کہ اللہ تعالیٰ نے کافروں کو بھی معاف کرنے کی آپ کو اجازت مرحمت فرمائی جب رسول اللہ ﷺ کو غزوۂ بدر میں فتح وکامرانی نصیب ہوئی اور اس جنگ میں قریش کے بڑے بڑے سردار مارے گئے تو یہ صورتحال دیکھ کر ابن ابی اور اس کے ساتھ مشرکین بتوں کے پجاریوں نے کہا: یہ اسلام تو غلبہ کی طرف آتا دکھائی دے رہا ہے چنانچہ انھوں نے رسول اللہ ﷺ کے دست اقدس پر بیعت کرلی اور اسلام قبول کرلیا۔(رواہ احمد بن حنبل ومسلم والبخاری والنسائی والعدنی والبیہقی فی الدلائل جب کہ مسلم کی روایت یہاں تک ہے کہ نبی کریم ﷺ نے اسے معاف کردیا)۔

۳۷۲۷۲.....''ایضاً'' اسامہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ ایک مجلس کے پاس سے گزرے جس میں مسلمان اور یہودی اکھٹے بیٹھے ہوئے تھے آپ نے انھیں سلام کیا۔رواہ الترمذی وقال حسن صحیح

۳۷۲۷۳.....حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ عبداللہ بن ابی کی عیادت کرنے تشریف لے گئے عبداللہ مرض الوفات میں تھا جب آپ عبداللہ بن ابی کے پاس پہنچے تو آپ نے اسمیں موت کے نشانات پہچان لیے اور فرمایا: میں تمہیں یہودیوں کی محبت سے منع کرتا تھا۔عبداللہ بن ابی بولا اسعد بن زرارہ بھی تو یہودیوں سے بغض کرتا تھا وہ مرگیا اور یہودیوں کے بغض نے اسے کوئی نفع نہ پہنچایا جب ابن ابی مرگیا تو اس کا بیٹا آیا اور عرض کیا: عبداللہ بن ابی مرچکا ہے آپ مجھے اپنی قمیص عطا کریں تاکہ میں اس میں اسے کفناؤں۔چنانچہ رسول اللہ ﷺ نے اپنی قمیص اتاری اور سے دے دی۔رواہ احمد بن حنبل وابو داؤد والرویانی والطبرانی والبیہقی فی الدلائل والضیاء

کلام:.......حدیث ضعیف ہے دیکھئے ضعیف ابی داؤد ۶۸۱۔

حضرت عبداللہ بن بسر رضی اللہ عنہ

۳۷۲۷۴.....حضرت عبداللہ بن بسر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں اور میرے والد اپنے گھر کے دروازے پر بیٹھے ہوئے تھے اتنے میں رسول اللہ ﷺ اپنے خچر پر سوار تشریف لائے والد نے عرض کیا: یارسول اللہ آپ اترتے ہیں تاکہ کھانا تناول فرمائیں اور ہمارے لئے دعائے برکت کریں؟ چنانچہ رسول اللہ ﷺ خچر سے نیچے اترے اور فرمایا: یااللہ! ان پر رحم فرما اور ان کی بخشش فرما اور ان کے رزق میں برکت عطا فرما۔رواہ ابن عساکر

۳۷۲۷۵.....سلیم بن عامر کی روایت ہے کہ مجھے بسر کے دو بیٹوں نے حدیث سنائی ہے کہ رسول اللہ ﷺ ہمارے پاس تشریف لائے آپ کے نیچے ایک چادر پھیلادی گئی آپ اس پر بیٹھ گئے پھر ہمارے گھر میں آپ پر وحی نازل ہوئی ہم نے آپ کو مکھن اور کھجوریں تناول کرنے کے لیے پیش کیں جب کہ آپ بسر کو زیادہ پسند فرماتے تھے بسر کے بیٹوں میں سے ایک کے سر کی ایک جانب بالوں کا گچھا تھا یوں لگتا تھا جیسے کہ وہ سینگ ہو آپ نے فرمایا: کیا میں اپنی امت میں سینگ نہیں دیکھتا؟ ہم نے عرض کیا یارسول اللہ! اللہ تعالیٰ سے ہمارے لیے دعا فرمائیں آپ نے فرمایا یا اللہ ان پر رحم فرما ان کی بخشش کر اور انھیں رزق عطا فرما۔رواہ ابن عساکر

۳۷۲۷۶...... صفوان بن عمرو اور حریز بن عثمان کہتے ہیں: ہم نے نبی کریم ﷺ کے صحابی حضرت عبداللہ بن بسر رضی اللہ عنہ کو دیکھا ہے ان کی زلفیں (جمہ) تھیں ہم نے سردیوں میں اور نہ ہی گرمیوں میں ان کے سر پر عمامہ یا ٹوپی نہیں دیکھی۔ رواہ ابن عساکر و ابن وھب

۳۷۲۷۷...... معاویہ بن صالح کی روایت ہے کہ ابن بسر کہتے ہیں: مجھے میرے والد نے حدیث سنائی ہے کہ انھوں نے رسول اللہ ﷺ سے عرض کی کہ ہمارے ہاں تشریف لائیں اور دعائے برکت فرمائیں۔ چنانچہ رسول اللہ ﷺ تشریف لائے میری والدہ اٹھیں اور حشیش (ایک قسم کھا کھانا) پکایا جب کھانا تیار ہوا آپ نے (اور صحابہ رضی اللہ عنہم نے) کھانا کھایا پھر پانی پلایا رسول اللہ ﷺ نے پیا اور پھر اپنے دائیں بائیں بیٹھے لوگوں کو پلایا جب مشروب کا دوسرا جام لایا گیا تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جام اس شخص کو تھماؤ جس کے پاس پہلا ختم ہوا ہے جب رسول اللہ ﷺ کھانے اور پینے سے فارغ ہوئے تو ہمارے لیے دعا کی: یا اللہ: ان کی مغفرت فرما اور ان پر رحم کر اور انھیں رزق عطا فرما۔ کہتے ہیں: ہم نے آج تک اپنے گھر میں برکت اور رزق میں وسعت خوب دیکھی ہے۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۲۷۸...... محمد بن زیاد الھانی، عبداللہ بن بسر سے روایت نقل کرتے ہیں کہ حضور نبی کریم ﷺ نے ان کے سر پر دست شفقت رکھا اور فرمایا: یہ لڑکا ایک قرن تک زندہ رہے گا چنانچہ عبداللہ بن بسر رضی اللہ عنہ ایک سو سال تک زندہ رہے ان کے چہرے پر ہلکے ہلکے داغ تھے آپ نے فرمایا: یہ لڑکا اس وقت تک نہیں مرے گا جب تک یہ داغ ختم نہ ہو جائیں چنانچہ ایسا ہی ہوا کہ عبداللہ بن بسر رضی اللہ عنہ کے چہرے سے جب داغ ختم ہوئے اس وقت وفات پائی۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۲۷۹...... محمد بن قاسم طائی ابوالقاسم حمصی روایت نقل کرتے ہیں کہ عبداللہ بن بسر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میرے والد اور والدہ ہجرت کر کے نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے نبی کریم ﷺ نے میرے سر پر دست شفقت پھیرا اور ارشاد فرمایا: یہ لڑکا ایک قرن تک زندہ رہے گا میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ میرے ماں باپ آپ پر قربان جائیں! قرن کتنا ہوتا ہے؟ ارشاد فرمایا: ایک سو سال۔ ایک مرتبہ عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے اپنی عمر کے پچانوے (۹۵) سال گزار دیئے ہیں اور پانچ (۵) سال نبی کریم ﷺ کے فرمان کو پورا ہونے میں باقی رہتے ہیں۔ محمد بن قاسم کہتے ہیں ہم پانچ سال گنتے رہے پھر عبداللہ رضی اللہ عنہ وفات پا گئے۔ رواہ ابن مندہ و ابن عساکر

۳۷۲۸۰...... "ایضاً" نبی کریم ﷺ خچر پر سوار ہو کر عبداللہ بن بسر رضی اللہ عنہ کے پاس تشریف لائے عبداللہ بن بسر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں ہم خچر کو شامی گدھا کہتے تھے رسول اللہ ﷺ اور آپ کے صحابہ رضی اللہ عنہم اندر تشریف لائے میری والدہ کھڑی ہوئیں اور آپ کے لیے گھر میں چٹائی پر چادر بچھائی جب آپ چادر پر بیٹھے چادر چٹائی کے ساتھ چپک گئی والد صاحب نے انھیں کھجوریں پیش کیں تا کہ ان میں مشغول رہیں والد نے میری والدہ کو حشیش (کھجوروں سے تیار کیا جانے والا کھانا) تیار کرنے کو کہا جبکہ میں والد صاحب اور والدہ کے درمیان خدمت گذاری کر رہا تھا جب کہ والد صاحب رسول اللہ ﷺ اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے پاس کھڑے تھے جب والدہ محترمہ نے کھانا تیار کر لیا میں اٹھا کر لے آیا اور آپ کے سامنے رکھ دیا آپ نے اور صحابہ رضی اللہ عنہم نے مل کر تناول فرمایا۔ پھر والد صاحب نے مہمانوں کو مشروب پلایا اور پلانے میں دائیں طرف سے شروع کیا۔ پھر جب مشروب ختم ہوا میں نے جام لے لیا اور دوبارہ اسے بھر لایا اور رسول اللہ ﷺ کو پیش کیا آپ نے فرمایا: اس شخص کو دو جس کے پاس جام ختم ہوا ہے جب آپ کھانے پینے سے فارغ ہوئے ہمارے لیے دعا فرمائی۔ یا اللہ! ان پر رحم فرما ان کی بخشش فرما اور ان کے رزق میں برکت عطا فرما۔ چنانچہ ہمیں رزق میں وسعت ہمیشہ دیکھنے میں ملی۔ رواہ الطبرانی عن عبداللہ بن بسر

حضرت عبداللہ بن حذافہ رضی اللہ عنہ

۳۷۲۸۱...... زہری کی روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن حذافہ رضی اللہ عنہ کی رسول اللہ ﷺ سے شکایت کی گئی کہ وہ مزاح کرتے رہتے ہیں اور کچھ باطل امور کا ان سے ظہور رہتا ہے آپ ﷺ نے فرمایا: اسے چھوڑ دو چونکہ اس میں ایک پوشیدہ بات ہے کہ وہ اللہ اور اس کے رسول سے محبت کرتا ہے۔
رواہ ابن عساکر

۳۷۲۸۲...... ابورافع کی روایت ہے کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے روم کی طرف ایک لشکر روانہ کیا اس میں ایک شخص تھا جسے عبداللہ بن حذافہ رضی اللہ عنہ کہا جاتا تھا اور وہ نبی کریم ﷺ کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے تھا اتفاقاً رومی اسے قید کر کے اپنے ملک میں لے گئے وہاں جا کر انھوں نے اپنے بادشاہ سے کہا یہ شخص محمد (ﷺ) کے قریبی ساتھیوں میں سے ہے روم کے سرکش گمراہوں نے حضرت عبداللہ بن حذافہ رضی اللہ عنہ سے کہا: اگر تم نصرانی ہو جاؤ تو ہم تمہیں اپنی حکومت اور سلطنت میں شامل کر لیں گے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: اگر تم مجھے اپنی حکومت کا سب کچھ دے دو اور ہر وہ چیز دے دو جس کے عرب مالک ہیں میں پل بھر کے لیے بھی دین محمد ﷺ سے روگردانی نہیں کروں گا رومیوں نے آپ رضی اللہ عنہ کو دھمکی دی ہم تمہیں قتل کر دیں گے فرمایا: تم اس سے اپنا جی بھر لو۔ چنانچہ بادشاہ کے حکم سے انھیں سولی پہ لٹکا دیا گیا اور تیراندازوں کو حکم دیا کہ اسے قریب سے ہاتھوں اور ٹانگوں کے درمیان تیر مارو۔ وہ برابر نصرانیت کی پیشکش کرتا رہا لیکن آپ برابر انکار کرتے رہے تاہم آپ کو تختہ دار سے گلے میں رسی ڈالنے سے قبل اتار دیا گیا پھر روم کے بادشاہ نے ایک بڑی دیگ منگوائی اس میں پانی بھروایا پھر اس کے نیچے آگ جلوائی جب پانی خوب کھول گیا تو بادشاہ نے دو مسلمان قیدی طلب کیے اور پھر ان میں سے ایک کو کھولتی ہوئی دیگ میں ڈال دیا آپ رضی اللہ عنہ کو ایک بار پھر نصرانیت کی پیشکش کی گئی مگر آپ انکار پر مصر رہے پھر بادشاہ نے آپ رضی اللہ عنہ کو دیگ میں ڈالنے کا حکم دیا جب آپ رضی اللہ عنہ کو لے جایا جانے لگا تو آپ رضی اللہ عنہ رو پڑے، بادشاہ کو آپ رضی اللہ عنہ کے رونے کی خبر دی گئی وہ سمجھا شاید دیگ کو دیکھ کر گھبرا گیا ہو واپس کرنے کا حکم دیا ایک بار پھر نصرانیت کی پیشکش کی آپ نے انکار کر دیا بادشاہ نے پوچھا: پھر تم روئے کیوں ہو؟ فرمایا: مجھے اس چیز نے رلایا ہے کہ میری ایک ہی جان ہے جو دیگ میں پڑتے ہی ختم ہو جاوے گی میں چاہتا ہوں کہ میرے جسم پر جتنے بال ہیں ان کے بقدر مجھے ہر بار نئی جان ملتی رہے جو اللہ کی راہ میں قربان ہوتی رہے۔ رومیوں کے بادشاہ نے کہا: کیا تم میرے سر کا بوسہ لے سکتے ہو میں تمہارا راستہ چھوڑ دوں گا (یعنی تمہیں رہا کر دوں گا) عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میرا یہ بوسہ سب مسلمان قیدیوں کی طرف سے ہوگا (لہٰذا تمہاری قید میں جو جو مسلمان ہیں وہ تمہیں رہا کرنے ہوں گے) بادشاہ نے آپ رضی اللہ عنہ کے اس مطالبہ کو منظور کر لیا۔ عبداللہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے دل میں سوچا یہ کافر اللہ کا دشمن ہے اگر اس کے سر کا بوسہ لے کر میں اپنی اور مسلمان قیدیوں کی جان بخشی کرا لوں اس میں کیا حرج ہے۔ چنانچہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بادشاہ کے قریب ہوئے اور اس کے سر کا بوسہ لے لیا اور اس کے بدلہ میں مسلمان قیدی آپ رضی اللہ عنہ کے سپرد کر دیئے گئے جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو اس واقعہ کی خبر دی گئی تو انھوں نے فرمایا: ہر مسلمان کا حق بنتا ہے کہ وہ عبداللہ بن حذافہ رضی اللہ عنہ کے سر کا بوسہ لے میں اپنے سے ابتداء کرتا ہوں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور عبداللہ بن حذافہ رضی اللہ عنہ کے سر کا بوسہ لیا۔

رواہ البیھقی فی شعب الایمان و ابن عساکر

حضرت عبدالجبار بن حارث رضی اللہ عنہ

۳۷۲۸۳...... ''مسند عبدالجبار رضی اللہ عنہ'' عبداللہ بن کریر بن ابی طلاسہ بن عبدالجبار بن حارث بن مالک الجدسی ثم المنادی اپنے والد اور دادا کے واسطہ سے حضرت عبدالجبار بن حارث بن مالک رضی اللہ عنہ کی روایت نقل کرتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں: میں سرزمین ''سراۃ'' میں نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور میں نے عربوں کا مروجہ سلام انعم صباحا'' کہا۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے محمد اور اس کی امت کو اس کے علاوہ اور الفاظ میں ایک دوسرے کو سلام کرنے کا حکم دیا ہے۔ میں نے فوراً کہا: یارسول اللہ! السلام علیک! آپ نے مجھے سلام کا جواب دیا اور پھر مجھ سے پوچھا: تمہارا کیا نام ہے؟ میں نے عرض کیا: میرا نام جبار بن حارث ہے۔ فرمایا: تمہارا نام عبدالجبار بن حارث ہے میں نے عرض کی: جی ہاں میں عبدالجبار بن حارث ہوں؟ میں نے اسلام قبول کر لیا اور نبی کریم ﷺ کے دست اقدس پر بیعت کر لی۔ پھر آپ کو اطلاع کی گئی کہ یہ منادی اپنی قوم کے شہسواروں میں سے ایک شہسوار ہے چنانچہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے سواری کے لیے ایک گھوڑا عطا کیا میں نے رسول اللہ ﷺ کے پاس قیام کیا اور آپ کی معیت میں لڑتا رہا ایک مرتبہ رسول اللہ ﷺ نے میرے گھوڑے کے ہنہنانے کی آواز نہ سنی فرمایا: کیا وجہ ہے میں حدسی کے گھوڑے کی

ہنہناہٹ نہیں سن رہا ہوں۔ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! مجھے خبر ملی تھی کہ آپ کو ہنہناہٹ سے اذیت ہوتی ہے اس لیے میں نے گھوڑا خصی کر دیا ہے۔ چنانچہ رسول اللہ ﷺ نے گھوڑوں کے خصی کرنے سے منع فرمایا مجھے کہا گیا: اگر تم بھی نبی کریم ﷺ سے ایک نوشتہ کا سوال کرو جس طرح تمہارے چچازاد بھائی تمیم داری نے کیا تھا۔ میں نے کہا: ابھی سوال کروں یا بعد میں؟ صحابہ رضی اللہ عنہم نے کہا: بلکہ ابھی سوال کرو میں نے کہا: ابھی نہیں کرتا ہوں لیکن میں رسول اللہ ﷺ سے سوال کروں گا کہ اللہ تعالیٰ کے حضور کل میری فریاد کریں۔

رواہ ابن مندہ وابن عساکر وقال حدیث غریب لااعلم انی کتبتہ الا من ھذا الوجہ

حضرت عروہ بن ابی جعد البارقی رضی اللہ عنہ

۳۷۲۸۴...... عروہ بارقی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے انھیں ایک دینار دیا اور حکم دیا کہ اس سے ایک بکری خرید لاؤ عروہ رضی اللہ عنہ نے ایک دینار سے دو بکریاں خرید لائیں اور ان میں سے ایک کو پھر ایک دینار کے بدلہ میں بیچ دیا یوں ایک بکری اور ایک دینار (نقد) لے کر نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے نبی کریم ﷺ نے ان کی بیع کے لیے دعا فرمائی۔ چنانچہ عروہ رضی اللہ عنہ اگر مٹی بھی خریدتے اس میں انھیں نفع ہوتا۔ رواہ عبدالرزاق وابن ابی شیبۃ

فائدہ:...... عروہ بن ابی جعد رضی اللہ عنہ نے کوفہ میں سکونت اختیار کی تھی جب کہ حدیث مذکور بالا بخاری نے بھی روایت کی ہے۔ دیکھئے صحیح البخاری کتاب علامات النبوۃ اور ابوداؤد نے کتاب البیوع باب فی المصائب یخالف میں ذکر کی ہے۔

حضرت غرفہ بن حارث کندی رضی اللہ عنہ

۳۷۲۸۵...... کعب بن علقمہ کی روایت ہے کہ حضرت غرفہ بن حارث کندی رضی اللہ عنہ کو نبی کریم ﷺ کی صحبت کا شرف حاصل ہے ایک مرتبہ غرفہ رضی اللہ عنہ ایک شخص کے پاس گزرے اس شخص سے ان کا عہد و پیماں تھا غرفہ رضی اللہ عنہ نے اسے اسلام کی دعوت دی اس نے نبی کریم ﷺ کو گالیاں دیں غرفہ رضی اللہ عنہ نے اسی جگہ اسے قتل کر دیا۔ حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ نے کہا: یہ لوگ عہد و پیماں کی وجہ سے ہمارے اوپر بھروسہ کرتے ہیں غرفہ رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: ہم نے کافروں کے ساتھ یہ عہد نہیں کیا کہ وہ اللہ اور اس کے رسول کی شان میں گستاخی کر کے ہمیں اذیت پہنچائیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: اے ابو حارث! میں نے تمہیں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ فلاں اور فلاں دن ایک فرمانبردار گھوڑے پر سوار دیکھا تھا کیا میں تمہیں ایک اور گھوڑے پر سوار نہ کروں؟ غرفہ رضی اللہ عنہ نے کہا: اے عمرو! مجھے نہیں لگتا کہ تم گھوڑوں پر وار کر سکتے ہو اور یہ کہاں ہوسکتا ہے۔ رواہ ابن عساکر

حضرت عقبہ بن عامر جہنی رضی اللہ عنہ

۳۷۲۸۶...... عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: مجھے رسول اللہ ﷺ کے مدینہ تشریف لانے کی خبر پہنچی میں اپنی بکریوں میں تھا میں نے وہیں بکریاں چھوڑیں اور نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! مجھ سے بیعت لے لیں ارشاد فرمایا: بیعت اعرابیہ چاہتے ہو یا بیعت ہجرت؟ میں نے عرض کیا: نہیں بلکہ میں بیعت ہجرت چاہتا ہوں رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے بیعت لی اور میں نے آپ کے ساتھ قیام کر لیا پھر آپ نے فرمایا: جو شخص معد کی اولاد میں سے یہاں ہو وہ کھڑا ہو جائے کچھ لوگ کھڑے ہوئے میں بھی ان کے ساتھ کھڑا ہو گیا آپ نے فرمایا: تو بیٹھ جا۔ آپ نے تین مرتبہ یہی کیا میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! کیا میں معد کی اولاد میں سے نہیں ہوں؟ آپ نے فرمایا: نہیں۔ میں نے عرض کیا: پھر میں کس کی اولاد سے ہوں؟ فرمایا: تم قضاعہ بن مالک بن حمیر کی اولاد میں سے ہو۔ رواہ ابن مندہ وابن عساکر

حضرت عمرو بن حریث رضی اللہ عنہ

۳۷۲۸۷...... حضرت عمرو بن حریث رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میرے والد حریث رضی اللہ عنہ مجھے نبی کریم ﷺ کے پاس لے گئے آپ نے میرے سر پر دست شفقت پھیرا اور میرے لیے دعائے برکت کی اور میرے لیے مدینہ میں کمان کے ساتھ ایک دائرہ کھینچا اور فرمایا: میں تمہیں اضافہ کروں گا۔ میں تمہیں اضافہ کروں گا۔ رواہ ابو نعیم

حضرت عمرو بن حمق رضی اللہ عنہ

عجلی کہتے ہیں: عمرو بن حمق رضی اللہ عنہ سے صرف دو حدیثیں مروی ہیں۔

۳۷۲۸۸...... عمرو بن حمق رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ انھوں نے رسول اللہ ﷺ کو دودھ پلایا تھا رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: یا اللہ! اسے لازوال شباب سے نواز، چنانچہ اسی (۸۰) سال ان کی عمر ہو چکی تھی اور ان کا ایک بال بھی سفید نہیں دیکھا گیا۔ رواہ البغوی والدیلمی وابن عساکر

۳۷۲۸۹...... اجلح بن عبداللہ کندی کہتے ہیں میں نے زید بن علی عبداللہ بن حسن وجعفر بن محمد ومحمد بن عبداللہ بن حسن (ان سب) کو ان لوگوں کا تذکرہ کرتے سنا ہے جو حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ شریک تھے اور وہ نبی کریم ﷺ کے صحابہ رضی اللہ عنہم میں سے تھے یہ سب اپنے آباؤ اجداد اور اپنے خاندان والوں کا تذکرہ کر رہے تھے میں نے ان کے علاوہ ایک اور شخص کو حضرت علی رضی اللہ عنہ کے رفقاء کا تذکرہ کرتے سنا اور ان میں اس نے حضرت عمرو بن حمق رضی اللہ عنہ خذاعی کا ذکر بھی کیا چنانچہ رسول اللہ ﷺ نے ان سے فرمایا تھا: کیا میں تمہیں جنت کی نشانی نہ بتلا دوں؟ عرض کیا: یارسول اللہ ضرور بتلائیں۔ اتنے میں حضرت علی رضی اللہ عنہ سامنے سے گزرے آپ نے فرمایا: یہ اور اس کی قوم جنت کی نشانی ہیں چنانچہ جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ قتل کر دیئے گئے اور لوگوں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ہاتھ پر بیعت کر لی تو عمرو بن حمق رضی اللہ عنہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ لازم ہو گئے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ رہے۔ حتیٰ کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ شہید کر دیئے گئے پھر حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے اپنی فوج کو عمرو بن حمق رضی اللہ عنہ کی تلاش کا حکم دیا اور اپنے پاس لانے کو کہا۔ اجلح کہتے ہیں مجھے عمران بن سعید نے حدیث سنائی ہے جب کہ ان کے اور عمران بن سعید رضی اللہ عنہ کے درمیان مواخات قائم کی تھی۔ عمران بن سعید رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب ان کی تلاش جاری تھی وہ ان کے ساتھ چل پڑے اور عمرو رضی اللہ عنہ نے مجھے کہا: اے رفاعہ! لوگ مجھے قتل کرنا چاہتے ہیں جب کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے خبر کی ہے کہ میرے خون میں جنات اور انسان دونوں شریک ہوں گے مجھے کہا: اے عمرو! اگر تم کسی آدمی پر گرفت پالو تو اسے قتل نہ کرنا کہیں تم اللہ تعالیٰ سے دھوکا دینے والے کی صورت میں نہ ملو، رفاعہ کہتے ہیں: عمرو کی بات پوری نہ ہونے پائی تھی میں نے کچھ سواروں کے سر ہلتے دیکھے میں نے اسے الوداع کہا اور یکا یک ایک سانپ نے چھلانگ لگائی اور انھیں ڈس لیا اتنے میں سوار بھی پہنچ گئے اور انھوں نے عمرو رضی اللہ عنہ کا سر تن سے جدا کر دیا اسلام میں یہ پہلا سر تھا جو۔ (کسی مسلمان کا) تن سے جدا کیا گیا۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۲۹۰...... عبداللہ بن ابی رافع کی روایت ہے کہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے عمرو بن حمق رضی اللہ عنہ کی تلاش میں اپنے آدمی بھیجے تاکہ مل جانے پر انھیں قتل کریں عمرو رضی اللہ عنہ جزیرہ کی طرف بھاگ گئے ان کے ساتھ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھیوں میں سے ایک شخص بھی تھا۔ اسے زاہر کہا جاتا تھا جب یہ دونوں کسی وادی میں اترے عمرو رضی اللہ عنہ کو سانپ نے ڈس لیا رات کا وقت تھا صبح ہوئی تو ان کا بدن پھول چکا تھا زاہر سے کہا: مجھ سے الگ ہو جاؤ چونکہ میں نے اپنے خلیل رسول اللہ ﷺ نے مجھے خبر کی ہے کہ میرے خون میں جن وانس شریک ہوں گے لہٰذا ضروری ہے کہ مجھے قتل کیا جائے گا اس وادی میں مجھے جن نے مصیبت پہنچا دی ہے وہ دونوں حضرات اسی شش وپنج میں تھے کہ یکا یک انھوں نے گھڑ سواروں کے سر ہلتے ہوئے دیکھے جو ان کی تلاش میں نکلے ہوئے تھے۔ زاہر سے کہا کہ تم چھپ جاؤ اور جب مجھے قتل کر دیا جائے یہ لوگ میرا

سرتن سے جدا کر کے لیتے جائیں گے تم میرے جسد کی طرف لوٹ آنا وار اسے دفن کر دینا۔ زاہر نے کہا: بلکہ میں ان پر تیروں کی بارش کروں گا جب میرے تیر ختم ہو جائیں پھر بھلے مجھے تمہارے ساتھ قتل کر دیا جائے عمرو رضی اللہ عنہ نے کہا: نہیں لیکن میں تمہیں اپنی طرف سے ایک چیز زادراہ کی طور پر دوں گا جو تمہیں نفع پہنچائے گی مجھ سے جنت کی نشانی سن لو جو مجھے محمد رسول اللہ ﷺ نے بتائی ہے۔ وہ نشانی علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ ہیں چنانچہ زاہر روپوش ہو گئے تلاش کرنے والے لوگ آئے ان میں سے گندمی رنگ کا ایک شخص نیچے اترا اور عمرو رضی اللہ عنہ کا سر تن سے جدا کر دیا اسلام میں یہ پہلا سر ہے جس کی لوگوں میں تشہیر کی گئی۔ لوگوں کے چلے جانے کے بعد زاہر باہر نکلے اور لاش دفنا دی۔

رواہ ابن عساکر

حضرت عمرو بن حبیب بن عبد شمس رضی اللہ عنہ

۳۷۲۹۱..... "مسند ثعلبہ بن عبدالرحمن بن ثعلبہ انصاری" ثعلبہ رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت نقل کرتے ہیں کہ حضرت عمرو بن حبیب بن عبد شمس رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا: یا رسول اللہ! میں نے بنی فلاں کا ایک اونٹ چوری کیا ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے اونٹ کے مالکوں کو اپنے پاس بلایا حاضر ہونے پر انھوں نے اعتراف کیا کہ ہم نے اپنا ایک اونٹ گم پایا ہے۔ نبی کریم ﷺ نے ہاتھ کاٹنے کا حکم دیا۔ ثعلبہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جس وقت عمرو رضی اللہ عنہ کا کٹا ہوا ہاتھ زمین پر گرا میں اسے دیکھ رہا تھا جب کہ عمرو رضی اللہ عنہ کہہ رہے تھے۔ تمام تعریفیں اس ذات کے لیے ہیں جس نے مجھے اس چوری سے پاک کر دیا ورنہ یہ مجھے دوزخ میں لے جانے کے درپے تھی۔

رواہ الحسن ابن سفیان و ابن مندہ والطبرانی و ابونعیم

حضرت عمرو بن مرہ جہنی رضی اللہ عنہ

۳۷۲۹۲..... حضرت عمرو بن مرہ جہنی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم جاہلیت میں اپنی قوم کی ایک جماعت کی ساتھ صبح کے لیے روانہ ہوئے جب ہم مکہ پہنچے میں نے خواب دیکھا گویا ایک نور ہے جو مکہ سے نکل رہا ہے اس سے یثرب کے پہاڑ روشن ہوئے اور میں نے جہینہ کی بستی دیکھ لی، اس نور میں میں نے ایک آواز سنی کوئی کہہ رہا تھا تاریکیاں چھٹ گئی ہیں روشنی چمک اٹھی ہے اور خاتم الانبیاء مبعوث ہو چکے ہیں پھر ایک اور روشنی بلند ہوئی جس میں میں نے حیرہ کے محلات اور مدائن کی سفیدی دیکھی اس نور میں بھی ایک آواز سنی کوئی کہہ رہا تھا: اسلام ظاہر ہو چکا ہے اور بت ٹوٹ چکے ہیں صلہ رحمی کا وقت آن پہنچا میں گھبرا کر اٹھ بیٹھا اور میں نے اپنی قوم کے لوگوں سے کہا: اللہ کی قسم! قریش کی اس بستی میں کوئی نیا حادثہ رونما ہونے والا ہے میں نے اپنی قوم کو خواب سنایا جب ہم اپنے علاقہ میں پہنچے خبر آگئی کہ ایک شخص جسے احمد کے نام سے پکارا جاتا ہے مبعوث ہو چکا ہے میں اس شخص سے ملنے اپنے گھر سے چل پڑا جب اس کے پاس پہنچا میں نے اسے خواب سنایا اس نے کہا: اے عمرو بن مرہ! میں نبی مرسل ہوں اور مجھے تمام انسانوں کی طرف مبعوث کیا گیا ہے میں انھیں اسلام کی طرف بلاتا ہوں میں انھیں جانوں کی حفاظت اور صلہ رحمی کا حکم دیتا ہوں صرف ایک اللہ تعالیٰ کی عبادت کا حکم دیتا ہوں اور بتوں کی عبادت سے منع کرتا ہوں میں انھیں بیت اللہ کے حج اور بارہ مہینوں میں سے ایک مہینہ رمضان کے روزوں کا حکم دیتا ہوں جس نے میری دعوت قبول کر لی اس کے لیے جنت ہے اور جس نے نافرمانی کی اس کے لیے دوزخ ہے اے عمرو! ایمان لے آؤ اللہ تعالیٰ تمہیں دوزخ کی ہولناکی سے محفوظ فرمائے گا میں نے کہا: میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں اور آپ اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں آپ حلال و حرام کی جو تعلیمات بھی لائے ہیں میں ان پر ایمان لاتا ہوں اگرچہ یہ بہت ساری اقوام کو براہی کیوں نہ لگے۔ پھر میں نے آپ کی مدح میں بہت سارے اشعار کہے۔ ہمارا ایک بت تھا میرا باپ اس کا منتظم تھا میں نے اسے توڑ دیا پھر میں نبی کریم ﷺ سے جا ملا اور میں نے یہ اشعار کہے:

شھدت بان اللہ حق واننی
لا الھة الا حجار اول تارک
وشمرت عن ساقی الا زار مھا جرا
اجوب الیک الوعث بعد الر کادک
لا صحب نیر الناس نفسا ووالدا
رسول ملیک الناس فوق الجا نک

میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ حق ہے چونکہ میں پتھر کے معبودین کو سب سے پہلے ترک کر چکا ہوں اور اپنی پنڈلیوں سے شلوار اوپر کر لی ہے میں سختیوں اور مشقتوں کو روندتا ہوا آپ تک پہنچا ہوں میں اس شخص کی صحبت میں رہوں گا جو اپنی ذات اور ولدیت میں سب سے افضل ہے وہ رسول ہے اور لوگوں پر اس کی حکمرانی ہے۔

نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اے عمرو! مرحبا۔ میں نے عرض کیا: میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں۔ آپ مجھے اپنی قوم کی طرف روانہ کر دیں یا اللہ میرے ذریعے اللہ تعالیٰ ان پر احسان فرمائے آپ نے مجھے بھیج دیا اور مجھے نصیحت کی۔ تمہیں مہربانی اور نرمی سے کام لینا چاہئے بات سچی کرنا تند خو، متکبر اور حاسد نہیں ہونا، میں اپنی قوم کے پاس آ گیا اور کہا: اے بنی رفاعہ رحمۃ اللہ علیہ بلکہ اے قبیلہ جہنیہ کی جماعت! میں تمہاری طرف اللہ کے رسول کا قاصد ہوں میں تمہیں اسلام کی دعوت دیتا ہوں اور بتوں کو چھوڑنے کو کہتا ہو میں تمہیں بیت اللہ کے حج رمضان کے روزے رکھنے کا حکم دیتا ہوں۔ جس نے میری دعوت قبول کی اس کے لیے جنت ہے اور جس نے نافرمانی کی اس کے لیے دوزخ ہے اے جہینہ کی جماعت! اللہ تعالیٰ نے تمہیں بہترین قوم بنایا ہے۔ جاہلیت اور اس کے رسوم کو ناپسند کیا ہے جو کہ عربوں میں مشہور ہیں بلاشبہ عرب دو سگی بہنوں کو نکاح میں جمع کر لیتے ہیں اور حرمت والے مہینوں میں جنگیں کرتے ہیں آدمی اپنے باپ کی منکوحہ سے شہوت پوری کر لیتا ہے لہذا اس نبی مرسل کی دعوت کو قبول کرو تمہیں دنیا اور آخرت کی بھلائیاں میسر آئیں گی میرے پاس ان میں سے صرف ایک شخص آیا اور کہنے لگا: اے عمرو بن مرہ! اللہ تمہاری زندگی میں بدمزگی لائے کیا تم ہمیں اپنے معبودان کے چھوڑنے کا حکم دیتے ہو تاکہ ہم اپنی جمعیت میں تفرقہ ڈالیں اپنے آباء کے دین کی مخالفت کریں عمدہ اخلاق ترک کریں صرف ایک قریشی کے کہنے پر جو اہل تہامہ میں سے ہے؟ اس میں کوئی پسندیدگی اور بھلائی نہیں پھر اس خبیث نے یہ اشعار پڑھے:

ان ابن مر ب قھداتی بمقالة
لیست مقالة من یر ید صلاحا
انی لا حسب قو لہ وفعالہ
یوماً وان طال الز مان ذباحآ
لیسفہ الا شیاخ ممن قد مضی
من رام ذالک لا اصاب فلاحا

ابن مرہ ایک بات لے کر آیا ہے جو مجھے کسی طرح مصلح کا قول نہیں لگتا میں تو اس کے قول وفعل کو کسی دن کا سمجھتا ہوں اگر چہ زمانہ میں لڑائیاں زیادہ ہوں۔ پر وہ بزرگوں کو بے وقوف بنانا چاہتا ہے اور وہ گذشتہ زمانے کے بزرگ ہیں جو بھی یہ کرنے کا قصد کرے گا کامیابی سے دور رہے گا۔

حضرت عمرو رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ واضح ہو جائے گا کہ میں جھوٹا ہوں یا تو اللہ تعالیٰ تمہاری زندگی کو بدمزگی سے دوچار کرے۔ تیری زبان کو گنگ کرے اور تیری آنکھوں کو اندھا کرے عمرو رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: اللہ کی قسم یہ خبیث اس وقت تک نہیں مرا جب تک اس کے دانت گر نہیں گئے چنانچہ اندھا ہو گیا اور اسے کھانے کا ذائقہ نہیں محسوس ہوتا تھا حضرت عمر رضی اللہ عنہ اپنی قوم کے چند اسلام قبول کرنے والوں کو لے کر

نبی کریم ﷺ کے خدمت میں حاضر ہوئے آپ نے انھیں مرحبا کہا اور خراج تحسین پیش کیا پھر ان کے لیے ایک خط تحریر کیا جسکا مضمون یہ ہے۔
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم: یہ خط اللہ تعالیٰ کی طرف سے امان ہے جو اس کے رسول حق اور سچے کی زبان سے جاری ہوا ہے اور کتاب ناطق نازل فرمائی جو عمرو بن مرہ کے ساتھ جہینہ بن زید کے لیے ہے بلاشبہ زمین کے نشیب وفراز تمہارے لیے ہیں وادیوں کے پوشیدہ اور ظاہری حصے تمہارے لیے ہیں کہ تم ان کی نباتات کو چراؤ اور ان کا پانی پیئو اس شرط پر کہ تم ان کا خمس ادا کرو اور پنجگانہ نمازیں ادا کرو بھیڑ بکریاں جب دونوں اکٹھی ہوں ان میں دو بکریاں ہیں اگر الگ الگ ہوں تو ایک ایک بکری ہے کھیتی جوتنے والے بیلوں میں صدقہ نہیں ہے نو وارد پر صدقہ نہیں۔ اللہ تعالیٰ ہمارے اور مسلمانوں کے درمیان گواہ ہے۔ رواہ کتاب قیس بن شماس الرویانی وابن عساکر

حضرت عمرو طائی رضی اللہ عنہ

۳۷۲۹۳ ..... ''مسند عمرو طائی رضی اللہ عنہ'' تمام، ابوالحسن عمرو بن عتبہ بن عمارہ بن یحییٰ بن عبدالحمید بن یحییٰ بن عبدالحمید بن محدم بن عمرو بن عبداللہ روافع بن عمرو طائی نے حجر بستی میں محرم الحرام ۳۵۰ھ میں املا کرایا ان کا کہنا تھا کہ ان کی ۱۲۰ سال عمر ہے انھوں نے سند ذیل سے حدیث بیان کی میرے والد کے چچا مسلم بن یحییٰ بن عبدالحمید طائی اپنے والد سے وہ اپنے والد سے اور وہ محمد بن عمرو بن عبداللہ سے وہ اپنے والد سے وہ اپنے دادا سے ابورافع بن عمرو وہ اپنے والد عمرو طائی رضی اللہ عنہ سے نقل کرتے ہیں کہ عمرو رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے آپ نے انھیں اپنے ساتھ چٹائی پر بٹھایا عمرو رضی اللہ عنہ نے اسلام قبول کیا اور ان کا اسلام بہت اچھا رہا پھر اپنی قوم کی طرف واپس لوٹ گئے اور ان کی قوم نے بھی اسلام قبول کرلیا۔ رواہ ابن عساکر

حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ

۳۷۲۹۴ ..... اسلم کی روایت ہے کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ سے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو ارشاد فرماتے سنا ہے کہ ہم مسجد میں اضافہ کریں گے جب کہ آپ کا گھر مسجد کے زیادہ قریب ہے لہٰذا اپنا گھر ہمیں دے دیں تاکہ ہم مسجد میں توسیع کریں اور اس گھر کے بدلہ میں آپ کو اس سے کشادہ گھر دوں گا عباس رضی اللہ عنہ نے کہا: میں ایسا نہیں کروں گا حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں آپ سے زبردستی لوں گا عباس رضی اللہ عنہ نے کہا: آپ کو اس کا اختیار نہیں ہے۔ میں اپنے اور آپ کے درمیان کسی ثابت کو قائم کرتا ہوں جو ہمارے درمیان برحق فیصلہ کرے گا، عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: وہ کون ہوگا؟ عباس رضی اللہ عنہ نے کہا: وہ حذیفہ بن الیمان ہے چنانچہ دونوں حضرات حذیفہ رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور مسئلہ بیان کیا حذیفہ رضی اللہ عنہ نے کہا: میرے پاس اس مسئلہ میں ایک حدیث ہے پوچھا وہ کونسی؟ حذیفہ رضی اللہ عنہ نے کہا: داؤد علیہ السلام نے بیت المقدس میں توسیع کرنی چاہی بیت المقدس کے قریب ایک یتیم کا گھر تھا داؤد علیہ السلام نے یتیم سے گھر طلب کیا لیکن اس نے دینے سے انکار کردیا داؤد علیہ السلام نے زبردستی گھر لینا چاہا اللہ تعالیٰ نے وحی نازل کی کہ میرا گھر ظلم سے پاک ہے داؤد علیہ السلام نے گھر کا خیال چھوڑ دیا عباس رضی اللہ عنہ بولے: کیا کچھ باقی رہا؟ حذیفہ رضی اللہ عنہ نے کہا: نہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ مسجد میں داخل ہوئے دیکھتے ہیں کہ عباس رضی اللہ عنہ کے گھر کا پرنالہ مسجد میں گرتا ہے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے ہاتھ سے پرنالہ اکھاڑ پھینکا اور فرمایا: یہ پرنالہ رسول اللہ ﷺ کی مسجد میں پانی نہ بہائے عباس رضی اللہ عنہ نے یہ دیکھنے کے بعد کہا: قسم اس ذات کی جس نے محمد کو برحق مبعوث کیا ہے یہ پرنالہ خود رسول اللہ ﷺ نے اسی جگہ لگایا تھا اور اے عمر تم نے اسے اکھاڑ پھینکا ہے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اپنے پاؤں میرے کاندھے پر رکھو اور پرنالہ اسی جگہ پر دوبارہ لگادو عباس رضی اللہ عنہ نے ایسا ہی کیا اور فرمایا: میں نے آپ کو یہ گھر دے دیا آپ رسول اللہ ﷺ کی مسجد میں توسیع کردیں عمر رضی اللہ عنہ نے مسجد میں توسیع کردی اور عباس رضی اللہ عنہ کو مقام ''زوراء'' میں پہلے گھر سے کہیں زیادہ کشادہ گھر جائیداد میں دیا۔ رواہ الحاکم وابن عساکر وا ور دالحاکم والبیہقی لہ شاھدا

۳۷۲۹۵.....سعید بن مسیب کی روایت ہے کہ جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے مسجد میں توسیع کرنا چاہا۔ حدیث بالا ذکر کی یہ پوری حدیث خطیب نے متفق میں بیان کی ہے احمد ابن عسا کرنے بیان کیا کہ عمر رضی اللہ عنہ نے عباس رضی اللہ عنہ سے ان کا گھر لینا چاہا عباس رضی اللہ عنہ نے کہا: میں گھر نہیں بیچتا حضرت عمر رضی اللہ عنہ بولے: تب تو میں زبردستی لوں گا عباس رضی اللہ عنہ نے کہا: آپ کو یہ اختیار حاصل نہیں۔ عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: میرے اور اپنے درمیان ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کو منصف مقرر کرو، ابی رضی اللہ عنہ نے دونوں کے درمیان فیصلہ کیا اور فیصلہ عباس رضی اللہ عنہ کے حق میں دیا۔ عباس رضی اللہ عنہ بولے: جب تم نے یہ فیصلہ کیا ہے میں اسے مسلمانوں کے لیے صدقہ کرتا ہوں۔

۳۷۲۹۶.....حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ جب لوگوں کو قحط کا سامنا ہوتا تو حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ حضرت عباس بن عبد المطلب کے وسیلہ سے مینہ طلب کرتے تھے اور کہتے: یا اللہ! نبی کریم ﷺ کے زمانہ میں ہم نبی کریم ﷺ کے وسیلہ سے بارش طلب کرتے تھے تو ہمیں بارش سے سیراب کر دیتا تھا اور آج ہم نبی کریم ﷺ کے چچا کے وسیلہ سے بارش طلب کرتے ہیں چنانچہ بارش لوگوں کو سیراب کر دیتی۔

رواه البخاری وابن سع وابن خزيمة وابو عوانة وابن حبان والطبرانی والبيهقی

۳۷۲۹۷.....ابن عمر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ قحط والے سال حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے وسیلہ سے بارش طلب کی اور فرمایا: یا اللہ! یہ شخص تیرے نبی ﷺ کا چچا ہے ہم تیرے حضور اس کا وسیلہ پیش کرتے ہیں لہٰذا ہمیں بارش عطا فرما چنانچہ تھوڑی دیر گزری تھی کہ اللہ تعالیٰ نے بارش نازل فرمادی۔ ایک مرتبہ عمر رضی اللہ عنہ نے لوگوں سے خطاب کیا اور فرمایا: رسول اللہ ﷺ عباس رضی اللہ عنہ کو ایسا ہی سمجھتے تھے جیسا کہ بیٹا اپنے والد کو سمجھتا ہے اور اس کی عزت واحترام کرتا ہے اور اس کی قسم پوری کرتا ہے اے لوگو! عباس رضی اللہ عنہ کے بارے میں رسول اللہ ﷺ کی اقتداء کرو اور قرب الٰہی کے لیے انھیں اپنا وسیلہ بناؤ۔ (رواه الحاكم والبانیاسی فی جزیه وابن عساکر وابن النجار

۳۷۲۹۸.....حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے گھر کا پرنالہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے راستے میں پڑتا تھا ایک دن عمر رضی اللہ عنہ نے جمعہ کے دن کپڑے زیب تن کئے عباس رضی اللہ عنہ کے لیے دو چوزے ذبح کیے گئے تھے جب عمر رضی اللہ عنہ پرنالے کے عین نیچے پہنچے تو پرنالے میں چوزوں کا خون بہا دیا گیا جو حضرت عمر رضی اللہ عنہ پر آن پڑا عمر رضی اللہ عنہ نے پرنالہ اکھاڑنے کا حکم دیا اور خود کپڑے تبدیل کرنے واپس لوٹ آئے پھر تشریف لائے اور لوگوں کو نماز پڑھائی عمر رضی اللہ عنہ کے پاس عباس رضی اللہ عنہ آئے اور کہا: اس جگہ پر رسول اللہ ﷺ نے پرنالہ لگایا تھا عمر رضی اللہ عنہ نے عباس رضی اللہ عنہ کہا: میں تمہیں واسطہ دیتا ہوں کہ میرے کاندھوں پر چڑھو اور اسی جگہ دوبارہ پرنالہ لگا دو جہاں رسول اللہ ﷺ نے لگایا تھا عباس رضی اللہ عنہ نے ایسا ہی کیا۔

رواه ابن سعد واحمد بن حنبل وابن عساکر

۳۷۲۹۹.....سالم ابونضر کی روایت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دور میں جب مسلمانوں کی تعداد بڑھ گئی اور مسجد تنگ پڑنے لگی حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت عباس کے گھر کے علاوہ اور امہات المؤمنین کے حجروں کے علاوہ بقیہ گھر مسجد میں توسیع کرنے کی غرض سے خرید لئے حضرت عمر رضی اللہ عنہ عباس رضی اللہ عنہ سے فرمایا: اے ابوالفضل! مسجد مسلمانوں کو تنگ پڑ گئی ہے اس خاطر میں نے مسجد کے آس پاس کے گھر خرید لیے ہیں آپ کا گھر اور امہات المؤمنین کے حجرے باقی رہ گئے ہیں رہی بات حجروں کی سوان کے خریدنے میں کوئی گنجائش نہیں رہا آپ کا گھر تو آپ سرکاری خزانہ میں سے قیمت لے کر مجھے بیچ دیں تاکہ اسے بھی مسجد میں شامل کر کے توسیع کر لی جائے۔ عباس رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: میں ایسا نہیں کر سکتا۔ عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تمہارے پاس تین اختیارات ہیں ان میں سے ایک اپنے لیے پسند کرلو۔ یا تو سرکاری مال میں سے جس چیز کے بدلہ میں چاہو مجھے بیچ دو یا مدینہ میں تم جہاں چاہو بتاؤ میں سرکاری مال سے تمہارے لیے جگہ خرید کر گھر تعمیر کروا دوں گا یا مسلمانوں پر صدقہ کر دو تاکہ مسجد میں توسیع ہو سکے۔ عباس رضی اللہ عنہ نے ٹکا سا جواب دیا اور کہا ان میں سے ایک اختیار بھی مجھے پسند نہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: پھر کسی کو منصف مقرر کرو جو میرے اور آپ کے درمیان فیصلہ کر دے۔ عباس رضی اللہ عنہ نے منصف کے طور پر حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کا نام لیا دونوں حضرات ابی رضی اللہ عنہ کے پاس تشریف لے گئے اور پورا قصہ انھیں سنایا ابی رضی اللہ عنہ نے کہا: تم اگر چاہو تو میں تمہیں ایک حدیث سناتا ہوں جو میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنی ہے دونوں نے حدیث سننے کی فرمائش کی ابی رضی اللہ عنہ بولے: میں نے

رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا کہ اللہ تعالیٰ نے داؤد علیہ السلام کی طرف وحی نازل کی کہ میرے لیے ایک گھر بناؤ جس میں میرا ذکر کیا جائے گا چنانچہ داؤد علیہ السلام نے بیت المقدس کی جگہ میں خطوط کھینچے ناپ تول کی جگہ میں ایک شخص کا گھر پڑتا تھا داؤد علیہ السلام نے اس سے کہا: یہ گھر مجھے بیچ دو لیکن اس نے بیچنے سے انکار کر دیا داؤد علیہ السلام نے زبردستی اس کا گھر ہتھیا کر بیت المقدس میں شامل کرنا چاہا تاہم اللہ تعالیٰ نے وحی نازل کی کہ میں نے تمہیں گھر بنانے کا حکم دیا ہے جس میں میرا ذکر کیا جائے اور تم کسی کا گھر غصب کر کے اس میں شامل کرنا چاہتے ہو جو میرے گھر کے شایان شان نہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ ابی رضی اللہ عنہ کو پکڑ کر لیتے آئے اور فرمایا: میں تمہارے پاس ایک مسئلہ لے کر آیا اور تم نے اس پر شدت کا مظاہرہ کیا بہرحال تمہیں اس کی سچائی سے باز یاب ہونا ہوگا عمر رضی اللہ عنہ ابی رضی اللہ عنہ کو کھینچتے ہوئے مسجد میں لے آئے اور مسجد میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا ایک حلقہ بیٹھا ہوا تھا ان میں حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ بھی تھے عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں اس شخص کو واسطہ دیتا ہوں جس نے بیت المقدس والی حدیث رسول اللہ ﷺ سے سنی ہو کہ اللہ تعالیٰ نے داؤد علیہ السلام کو بیت المقدس کے تعمیر کرنے کا حکم دیا تھا۔ جس نے یہ سنی ہو وہ بیان کرے۔ ابوذر رضی اللہ عنہ بولے: میں نے یہ حدیث رسول اللہ ﷺ سے سنی ہے دوسرا بولا میں نے بھی سنی ہے تیسرا بولا: میں نے بھی سنی ہے عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت ابی رضی اللہ عنہ کو چھوڑ دیا پھر ابی رضی اللہ عنہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی طرف متوجہ ہو کر کہا: آپ مجھے رسول اللہ ﷺ کی حدیث پر تہمت زدہ کرنا چاہتے ہیں؟ عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے ابومنذر! اللہ کی قسم میں تمہیں تہمت نہیں لگانا چاہتا، لیکن مجھے ناپسند ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی کوئی حدیث غیر ظاہر ہو۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے کہا: جاؤ میں تمہارے گھر پر اعتراض نہیں کرتا عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جب آپ نے یہ کیا ہے میں بھی اس گھر کو مسلمانوں کے لیے صدقہ کرتا ہوں تاکہ مسلمانوں کی مسجد میں توسیع ہو جائے رہی بات آپ کی خصومت کی (یعنی کیس لڑ کر اگر آپ لینا چاہیں) تو آپ کو اس کا اختیار ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عباس رضی اللہ عنہ کے لیے ایک گھر بنایا جو آج تک باقی ہے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے وہ گھر سرکاری مال سے بنوایا تھا۔

رواہ ابن سعد وابن عساکر وسندہ صحیح الا ان سالما ابا النصر لم یدرک عمر

۳۷۳۰۰......ابن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت ہے کہ حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ کا مدینہ میں ایک گھر تھا جو مسجد کے پڑوس میں تھا حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ گھر مجھے ہبہ کر دو یا مجھے بیچ دو تاکہ میں اسے مسجد میں شامل کر دوں۔ عباس رضی اللہ عنہ نے گھر دینے سے انکار کر دیا عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: کوئی ثالث مقرر کرو جو میرے اور آپ کے درمیان فیصلہ کرے چنانچہ دونوں نے حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ پر اتفاق کر لیا حضرت ابی رضی اللہ عنہ نے عمر رضی اللہ عنہ کے خلاف فیصلہ دیا۔ عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: رسول اللہ ﷺ کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں ابی بن کعب سے بڑھ کر مجھ پر جرأت کرنے والا کوئی نہیں ابی رضی اللہ عنہ بولے: اے امیر المؤمنین مجھ سے زیادہ آپ کے لیے کوئی خیرخواہ بھی نہیں ہے۔ کیا آپ کو ایک عورت کا قصہ معلوم نہیں ہے کہ داؤد علیہ السلام نے جب بیت المقدس تعمیر کرنا چاہا اس میں ایک عورت کا گھر اس کی اجازت کے بغیر داخل کر لیا جب لوگوں کو اس کی خبر ہوئی تو انھوں نے عمارت کھڑی کرنے میں رکاوٹیں ڈال دیں داؤد علیہ السلام نے فرمایا: اے میرے رب جب تو نے بیت المقدس کی عمارت میں رکاوٹ کھڑی کر دی ہے تو اسے میرے بعد میری اولاد میں بھی رکھ اسی وجہ سے بعد میں بھی رکاوٹ ہوئی عباس رضی اللہ عنہ نے کہا: کیا تم نے میرے حق میں فیصلہ نہیں دیا ہے۔ ابی رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: جی ہاں عباس رضی اللہ عنہ نے کہا: اے عمر! یہ گھر میں آپ کو ہبہ کرتا ہوں۔ رواہ ابن سعد ویعقوب بن سفیان والبیھقی وابن عساکر وسند حسن

۳۷۳۰۱......ابوجعفر محمد بن علی کی روایت ہے کہ حضرت عباس رضی اللہ عنہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور کہا: نبی کریم ﷺ نے مجھے بحرین میں جائداد دی ہے عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: تمہارے اس دعویٰ کی سچائی کا کسے علم ہے عباس رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: مغیرہ بن شعبہ کو اس کا علم ہے۔ عباس رضی اللہ عنہ مغیرہ رضی اللہ عنہ کو لے آئے اور انھوں نے ان کے حق میں گواہی دی عمر رضی اللہ عنہ نے اس جائداد کے صدور کا نفاذ نہ کیا گویا عمر رضی اللہ عنہ نے مغیرہ رضی اللہ عنہ کی گواہی قبول نہ کی عباس رضی اللہ عنہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ پر غصہ ہو گئے عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے عبداللہ! اپنے والد کا ہاتھ پکڑ لو، اے ابوالفضل تمہارے اسلام پر جتنی مجھے خوشی ہوئی ہے۔ بخدا! اگر میرا باپ خطاب رسول اللہ ﷺ کی رضا کے لیے اسلام قبول کرتا اتنی خوشی اس پر نہ ہوتی۔ رواہ ابن سعد وابن راھویہ

۳۷۳۰۲......موسیٰ بن عمر کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ قحط پڑ گیا حضرت عمر رضی اللہ عنہ استسقاء کے لیے باہر تشریف لائے اور عباس رضی اللہ عنہ کو ہاتھ سے پکڑ کر قبلہ رو ہوئے اور کہنے لگے: یا اللہ! یہ شخص تیرے نبی کا چچا ہے ہم تیرے حضور اس کا وسیلہ لے کر آئے ہیں، موسیٰ بن عمر کہتے ہیں لوگ اپنے اپنے گھروں کو واپس نہیں لوٹے تھے کہ زوردار بارش برسنے لگی۔ رواہ ابن سعد

۳۷۳۰۳......عبدالرحمٰن بن حاطب کی روایت ہے کہ میں نے عمر رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ آپ نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ کو ہاتھ سے پکڑ رکھا ہے ایک جگہ کھڑے ہوئے ہیں اور فرمایا: یا اللہ! ہم تیرے رسول اللہ ﷺ کے چچا کی تیرے حضور سفارش لائے ہیں۔ رواہ ابن سعد

۳۷۳۰۴......احنف بن قیس کی روایت ہے کہ میں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو فرماتے سنا: قریش لوگوں کے رؤسا (سردار) ہیں، ان میں سے جو بھی کسی باب میں داخل ہوتا ہے لوگوں کی ایک جماعت اس کے ساتھ شریک ہو جاتی ہے۔ احنف بن قیس کہتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا یہ فرمان اس وقت مجھے سمجھ میں نہ آیا حتیٰ کہ جب آپ رضی اللہ عنہ کو زخمی کیا گیا اور آپ قریب الوفات ہو گئے آپ نے صہیب رضی اللہ عنہ کو تین دن تک نماز پڑھانے کا حکم دیا نیز آپ نے حکم دیا کہ لوگوں کو کھانا کھلایا جائے حتیٰ کہ کسی شخص کو لوگ اپنا خلیفہ نامزد کر لیں۔ جب لوگ جنازہ سے واپس لوٹے کھانا لایا گیا اور دسترخوان لگائے گئے لوگوں نے غم وحزن کی وجہ سے کھانا کھانے سے ہاتھ روک لیے جب حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے یہ کیفیت دیکھی تو فرمایا: اے لوگو! رسول اللہ ﷺ دنیا سے رخصت ہو گئے ہم ان کے بعد کھاتے پیتے رہے ابوبکر رضی اللہ عنہ دنیا سے رخصت ہوئے ہم ان کے بعد بھی کھاتے پیتے رہے کھانے پینے کے بغیر کوئی چارہ کار نہیں لہٰذا یہ کھانا کھاؤ پھر عباس رضی اللہ عنہ نے اپنا ہاتھ آگے بڑھایا اور کھانا کھانا شروع کیا لوگوں نے بھی انھیں دیکھ کر کھانا شروع کر دیا اب مجھے عمر رضی اللہ عنہ کا فرمان سمجھ میں آیا کہ قریش لوگوں کے سردار ہیں۔

رواہ ابن سعد وابن منیع وابوبکر فی الغیلانیات وابن عساکر

۳۷۳۰۵......عامر شعبی کی روایت ہے کہ حضرت عباس رضی اللہ عنہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی بہت عزت کرتے تھے عباس رضی اللہ عنہ نے کہا: اے امیر المؤمنین! مجھے بتائیں اگر آپ کے پاس موسیٰ علیہ السلام کا چچا اسلام قبول کر کے آجائے آپ اس کے ساتھ کیا کریں گے؟ عمر رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: اللہ کی قسم میں اس کے ساتھ احسان وبھلائی کروں گا۔ عباس رضی اللہ عنہ نے کہا: میں محمد ﷺ کا چچا ہوں۔ عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: اے ابوالفضل تمہاری کیا رائے ہے؟ اللہ کی قسم آپ کا باپ مجھے اپنے باپ سے زیادہ محبوب ہے، کہا: اللہ میں جانتا ہوں کہ وہ رسول اللہ ﷺ کو میرے باپ سے زیادہ محبوب تھا میں اپنے محبوب پر رسول اللہ ﷺ کے محبوب کو ترجیح دیتا ہوں۔ رواہ ابن سعد

۳۷۳۰۶......حسن کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے بیت المال سے لوگوں میں مال تقسیم کیا اور کچھ تھوڑا سا باقی بچ گیا حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور لوگوں سے کہا: مجھے بتاؤ اگر تمہارے درمیان موسیٰ علیہ السلام کا چچا موجود ہوتا تم اس کا اکرام کرتے؟ لوگوں نے جواب دیا: جی ہاں عباس رضی اللہ عنہ نے کہا: پھر اکرام کا میں زیادہ حقدار ہوں چونکہ میں نبی کریم ﷺ کا چچا ہوں حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے لوگوں سے بات کی اور اجازت لے کر بقیہ مال جو بچا تھا وہ حضرت عباس رضی اللہ عنہ کو دے دیا۔ رواہ ابن سعد وابن عساکر

۳۷۳۰۷......عباس بن عبداللہ بن معبد کہتے ہیں: جب حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے دیوان مرتب کیا تو ابتداء بنی ہاشم سے کی جاتی تھی اور بنی ھاشم میں سے ابتدا حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ کو بلا کر کی جاتی تھی حضرت عمر اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے دور میں یہی ہوتا رہا۔

رواہ ابن سعد

۳۷۳۰۸......حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کی روایت کہ جب نبی کریم ﷺ کسی جگہ تشریف فرما ہوتے تو ابوبکر رضی اللہ عنہ آپ کی دائیں طرف بیٹھتے تھے ایک دن ابوبکر رضی اللہ عنہ نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ کو سامنے سامنے دیکھا ابوبکر رضی اللہ عنہ اپنی جگہ سے کھسک گئے نبی کریم ﷺ نے عباس رضی اللہ عنہ کو نہیں دیکھا تھا فرمایا: اے ابوبکر آپ کیوں اپنی جگہ سے کھسک گئے ابوبکر رضی اللہ عنہ نے جواب دیا یا رسول اللہ! یہ آپ کے چچا آرہے ہیں چنانچہ نبی کریم ﷺ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے اس رویہ سے از حد خوش ہوئے حتیٰ کہ خوشی کے آثار آپ کے چہرہ اقدس پر نمایاں دکھائی دیتے تھے۔ رواہ ابن عساکر وقال لم ار فی سندہ من تکلم فیہ

۳۷۳۰۹......ابن عباس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ایک شخص حضرت عباس رضی اللہ عنہ کی قرابتداری کو برا بھلا کہتا تھا عباس رضی اللہ عنہ نے

اسے تھپڑ دے مارا اس شخص کی قوم آ گئی اور کہنے لگے: اللہ کی قسم ہم بھی عباس کو تھپڑ ماریں گے جس طرح انھوں نے ہمارے آدمی کو مارا ہے نبی کریم ﷺ نے فرمایا: عباس مجھ سے ہیں اور میں عباس سے ہوں ہمارے مردوں کو گالیاں دیکر ہمارے زندوں کو اذیت مت پہنچاؤ۔

۳۷۳۱۰......ابن عباس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ایک شخص نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے باپ کو گالیاں دیں عباس رضی اللہ عنہ نے اسے ایک طمانچہ رسید کیا اس شخص کی قوم دوڑتی ہوئی آ گئی اور کہنے لگی: بخدا! ہم بھی طمانچہ کے بدلہ میں طمانچہ ماریں گے حتیٰ کہ قوم نے اسلحہ تان لیا رسول اللہ ﷺ کو اس کی خبر ہوئی آپ سخت غصہ میں آ گئے اور منبر پر تشریف لے گئے فرمایا: میں کون ہوں؟ لوگوں نے جواب دیا: آپ اللہ کے رسول ہیں فرمایا: آدمی کا چچا باپ کی مانند ہوتا ہے ہمارے مردوں کو گالیاں دے کر ہمارے زندوں کو اذیت مت پہنچاؤ لوگوں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! ہم آپ کے غصہ سے اللہ کی پناہ چاہتے ہیں ہمارے لیے استغفار کریں چنانچہ نبی کریم ﷺ نے ان کے لیے استغفار کیا۔ رواہ ابن عساکر

کلام:......حدیث ضعیف ہے دیکھئے ضعیف النسائی ۳۲۸ والضعیفۃ ۲۳۱۵۔

۳۷۳۱۱......ابن عباس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ انصار میں سے ایک شخص نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ کی گستاخی کی۔ رواہ احمد بن حنبل

۳۷۳۱۲......ابن عباس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یا رسول اللہ! اس امر میں ہمارے لیے کیا ہے آپ ﷺ نے فرمایا: ہمارے لیے نبوت ہے اور تمہارے لیے خلافت ہے تمہیں سے اس امر کی ابتدا ہوگی اور تم ہی پر اس کی انتہا ہوگی ابن عباس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی کریم ﷺ نے عباس رضی اللہ عنہ سے یہ بھی فرمایا: جو شخص تم سے محبت کرے گا میرے شفاعت اسے حاصل ہوگی اور جو تم سے بغض وعداوت رکھے گا اسے میری شفاعت نہیں ملے گی۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۳۱۳......ابن عباس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ جب نبی کریم ﷺ نے طائف کا محاصرہ کیا تو قلعہ سے ایک شخص باہر نکلا اور نبی کریم ﷺ کے ایک صحابی کو اٹھا کر لے گیا تا کہ اسے قلعہ میں داخل کر لے نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جو شخص اس کو چھڑا لائے گا اس کے لیے جنت ہے عباس رضی اللہ عنہ اس کام کے لیے کمر بستہ ہو گئے اور چل پڑے۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جس آپ کے ساتھ جبرئیل ومیکائیل ہیں عباس رضی اللہ عنہ گئے اور دونوں کو اٹھا لائے اور نبی کریم ﷺ کے سامنے رکھ دیئے۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۳۱۴......ابن عباس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: عباس رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ کے پاس آئے اور عرض کیا: آپ نے جب سے یہ کام کیا جو کیا آپ نے ہمارے اندر کمینہ چھوڑ دیا ہے نبی کریم ﷺ نے فرمایا: وہ لوگ خیر وبھلائی۔ (یا فرمایا ایمان) کو نہیں پا سکتے حتیٰ کہ تم سے محبت اللہ کے لیے اور میری قرابت کے لیے کیا قبیلہ بنوسلیم مرادی میری شفاعت کی امید رکھے گا اور بنو عبدالمطلب امیدوار نہیں ہوگا۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۳۱۵......ابن عباس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ایک مرتبہ نبی کریم ﷺ عباس رضی اللہ عنہ کے پاس ان کی عبادت کرنے تشریف لائے عباس رضی اللہ عنہ چارپائی پر تھے عباس رضی اللہ عنہ نے نبی کریم ﷺ کا ہاتھ پکڑ کر اپنی جگہ پر بیٹھ گئے نبی کریم ﷺ نے ان سے فرمایا: میرے چچا اللہ تعالیٰ آپ کو بلند مقام عطا فرمائے۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۳۱۶......ابن عباس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے مہاجرین وانصار کو حکم دیا کہ دو صفیں بنالیں پھر آپ ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت عباس رضی اللہ عنہ کا ہاتھ پکڑا اور ان کے درمیان چلنے لگے پھر نبی کریم ﷺ ہنس پڑے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یا رسول اللہ ﷺ آپ کیوں ہنسے ہیں؟ ارشاد فرمایا: جبرئیل امین نے مجھے خبر دی ہے کہ اللہ تعالیٰ مہاجرین وانصار پر اہل آسمان میں فخر کر رہے ہیں اور اے علی وعباس! تم دونوں پر حاملین عرش میں فخر کر رہے ہیں۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۳۱۷......اعمش اضحاک سے ابن عباس رضی اللہ عنہ کی روایت نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کے ارشاد فرمایا سفاح، منصور اور مہدی ہم میں سے ہوں گے۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۳۱۸......مہدی امیر المؤمنین اپنے آباء کی سند سے ابن عباس رضی اللہ عنہ کی روایت نقل کرتے ہیں کہ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ کی قسم! اگر دنیا میں رہنے کا صرف ایک ہی دن باقی ہو تو اللہ تعالیٰ تمہیں ضرور بنی امیہ دکھائے گا البتہ سفاح، منصور اور مہدی ہم میں سے ہوں گے۔

رواہ ابن عساکر

۳۷۳۱۹۔۔۔۔۔۔ ابراہیم بن سعدی، مامون، رشید، مہدی، منصور محمد بن علی، اپنے والد سے عبداللہ کی سند سے عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کی روایت منقول ہے کہ نبی کریم ﷺ نے عباس رضی اللہ عنہ سے فرمایا: پیر کی صبح اپنے گھر رہو میں آپ کے پاس آؤں گا چنانچہ حسب وعدہ نبی کریم ﷺ تشریف لائے آپ نے کتان اور قطن کی ایک چادر اوڑھ رکھی تھی اور آپ دروازے کے دونوں پٹ پکڑ کر کھڑے ہوگئے اور فرمایا: کیا تمہارے درمیان تمہارے علاوہ کوئی اور بھی ہے؟ عرض کیا: یارسول اللہ کوئی نہیں صرف ہمارے غلام ہیں آپ نے فرمایا: قوم کے غلام اسی قوم کے افراد ہوتے ہیں ہم آپ کے قریب جمع ہوگئے آپ نے ہمارے اوپر اپنی چادر تان لی اور فرمایا: یا اللہ! یہ میرے چچا ہیں جو میرے باپ کی مانند ہیں یا اللہ! دوزخ کی آگ سے انھیں اسی طرح پوشیدہ رکھ جس طرح میں نے انھیں چادر سے چھپالیا ہے۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: اللہ کی قسم ہر چیز نے آمین کہا حتیٰ کہ چوکھٹ کے بالائی حصہ نے بھی آمین کہا۔ رواہ ابن النجار

۳۷۳۲۰۔۔۔۔۔۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت ہے کہ حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا: یارسول اللہ! چند واقعات کی وجہ سے ہم لوگوں کے دلوں میں کینہ دیکھتے ہیں۔ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: بخدا! وہ لوگ بھلائی نہیں پاسکتے حتیٰ کہ تم سے میری قرابت داری کی وجہ سے محبت نہ کریں۔ پھر نبی کریم ﷺ نے فرمایا: قبیلہ بنوسلیم میری شفاعت کا امیدوار ہے اور بنوعبدالمطلب امیدوار نہیں ہوں گے۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۳۲۱۔۔۔۔۔۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ نبی کریم ﷺ اپنے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے ساتھ بیٹھے ہوئے تھے آپ کی ایک جانب ابوبکر رضی اللہ عنہ بیٹھے تھے اور دوسری جانب عمر رضی اللہ عنہ اتنے میں عباس رضی اللہ عنہ آئے ان کے لیے ابوبکر رضی اللہ عنہ کھسک گئے عباس رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ اور ابوبکر رضی اللہ عنہ کے درمیان بیٹھ گئے نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اہل فضل ہی فضلیت والوں کا مقام جانتے ہیں پھر عباس رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ کی طرف متوجہ ہوکر گفتگو کرنے لگے نبی کریم ﷺ نے اپنی آواز بہت دھیمی کرلی۔ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عمر رضی اللہ عنہ سے فرمایا: رسول اللہ ﷺ کو کوئی نیا واقعہ پیش آیا ہے جس نے میرا دل مشغول کرلیا ہے عباس رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ کے پاس بیٹھے رہے حتیٰ کہ جب اپنے کام سے فارغ ہوئے اور اٹھ کر چلے گئے ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ کیا ابھی کوئی نئی بات ہوئی ہے؟ فرمایا: نہیں عرض کیا: میں نے آپ کو دوران گفتگو آواز دھیمی کیے ہوئے دیکھا ہے آپ نے فرمایا: جبرئیل امین نے مجھے حکم دیا ہے کہ جب عباس رضی اللہ عنہ تشریف لائیں میں آواز دھیمی کرلوں جس طرح تمہیں میرے پاس آواز دھیمی رکھنے کا حکم دیتے۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۳۲۲۔۔۔۔۔۔ ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو سعی کے لیے بھیجا (کسی سرکاری کام کے لیے) عمر رضی اللہ عنہ عباس رضی اللہ عنہ کے پاس سے گزرے انھوں نے غصہ کردیا عمر نے نبی کریم ﷺ سے ان کی شکایت کردی نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اے عمر! آدمی کا چچا باپ کی مانند ہوتا ہے ہم نے عباس رضی اللہ عنہ سے دوسالوں کا پیشگی صدقہ لے لیا ہے۔ رواہ ابن جریر

۳۷۳۲۳۔۔۔۔۔۔ ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے عباس رضی اللہ عنہ کا ہاتھ دیکھا جو کم گوشت تھا آپ نے فرمایا: یہ میرے چچا ہیں اور میرے باپ کی مانند ہیں۔ عربوں کے سردار ہیں یہ جنت کے اعلیٰ درجے میں میرے ساتھ ہوں گے۔ رواہ ابن النجار

کلام:۔۔۔۔۔۔ حدیث ضعیف ہے اس کی سند میں زکریا بن یحییٰ الرقاشی ہے جو کہ ضعیف ہے)۔

۳۷۳۲۴۔۔۔۔۔۔ سعید بن المسیب کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے عباس رضی اللہ عنہ سے فرمایا: اے ابوالفضل! کیا میں آپ کو خوشخبری نہ سناؤں؟ عرض کیا: یارسول اللہ جی ہاں فرمایا: اگر آپ پیش رفت کردیں اللہ تعالیٰ آپ کو عطا کرے گا حتیٰ کہ آپ راضی ہوجائیں۔

رواہ ابن عدی وابن عساکر

کلام:۔۔۔۔۔۔ حدیث ضعیف ہے دیکھئے الالحفاظ ۸۰۷

۳۷۳۲۵۔۔۔۔۔۔ شعبی کی روایت ہے کہ اگر عباس رضی اللہ عنہ بدر میں موجود ہوتے تو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں کوئی شخص رائے اور عقلمندی کے اعتبار سے ان پر فضلیت نہ لے جاتا۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۳۲۶۔۔۔۔۔۔ ابن شہاب کی روایت ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ بدر سے واپس تشریف لائے آپ کے ساتھ عباس رضی اللہ عنہ بھی تھے انھوں نے

آپ کی خدمت اقدس میں حاضر ہو کر عرض کیا: یارسول اللہ! مجھے اجازت دیں میں واپس مکہ جاؤں اور پھر مہاجرین کی طرح ہجرت کر کے آؤں آپ نے فرمایا: اے ابوالفضل بیٹھ جائیں: آپ خاتم مہاجرین ہیں جس طرح میں خاتم الانبیاء ہوں۔ رواہ الد ویانی وابن عساکر

۳۷۳۲۷ ...... حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے عباس رضی اللہ عنہ سے فرمایا: آپ میرے چچا ہیں اور باپ کی مانند ہیں جو شخص چاہے وہ اپنے چچا پر فخر کرے۔ رواہ ابوالحسن الجوھری فی امالیہ

۳۷۳۲۸ ...... حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں لوگ جب قحط میں مبتلا ہو جائے تو رسول اللہ ﷺ کے وسیلہ سے بارش طلب کرتے تھے اور خوب بارش برستی تھی نبی کریم ﷺ کی وفات کے بعد حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دور خلافت میں جب لوگ قحط میں مبتلا ہوئے عمر رضی اللہ عنہ حضرت عباس رضی اللہ عنہ کو لیکر باہر تشریف لائے اور ان کے وسیلہ سے بارش طلب کی اور فرمایا: یا اللہ! جب ہم تیرے نبی کے عہد میں قحط زدہ ہوتے تو انہی کے وسیلہ سے بارش طلب کرتے تھے اور اب ہم تیرے نبی کے چچا کا وسیلہ لائے ہیں لہٰذا ہمیں بارش عطا فرما چنانچہ بارش برس پڑتی۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۳۲۹ ...... صہیب رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے ہاتھ پاؤں چومتے دیکھا ہے۔

رواہ النجار ری فی الا دب وابن المصری فی الرؤصۃ فتی تقبیل الید

۳۷۳۳۰ ...... "مسند عمر" ابن عباس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عباس رضی اللہ عنہ سے فرمایا: بخدا! آپ کا اسلام قبول کرنا مجھے خطاب کے اسلام قبول کرنے سے زیادہ محبوب ہے۔ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا ہے کہ وہ آپ کی سبقت کو محبوب سمجھتے تھے۔

رواہ ابن عساکر

۳۷۳۳۱ ...... ابن شہاب کی روایت ہے کہ حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہ اپنے اپنے دور خلافت میں جب کبھی حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے ملاقات کرتے اپنی سواری سے اتر پڑتے اور عباس رضی اللہ عنہ کے ساتھ ان کے گھر تک پیدل چلتے اور انھیں گھر پہنچا کر جدا ہوتے۔

رواہ ابن عساکر

۳۷۳۳۲ ...... عدی بن سہیل کی روایت ہے کہ جب اہل شام نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے اہل فلسطین کے خلاف مدد طلب کی تو عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو نائب مقرر کیا اور خود مدد لے کر روانہ ہو گئے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کہا: کیا آپ خود جارہے ہیں؟ آپ تو کتا نما دشمن کے ارادہ پر چل رہے ہیں۔ فرمایا: میں عباس رضی اللہ عنہ کی وفات سے قبل جہاد میں شریک ہونا چاہتا ہوں چونکہ تم لوگوں نے اگر عباس رضی اللہ عنہ کو گم پایا تمہارے اندر شر پھوٹ پڑے گا، جیسا کہ رسی ٹوٹ جاتی ہے۔ چنانچہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی امارت کے چھ سال گزرنے پائے تھے کہ حضرت عباس رضی اللہ عنہ دنیا سے رخصت ہو گئے اللہ کی قسم لوگوں میں ان کے جاتے ہی شر پھوٹ پڑا۔

رواہ اسیف وابن عسا کر ولہ حکم الرفع

۳۷۳۳۳ ...... ابو جزہ سعدی اپنے والد سے روایت نقل کرتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے بارش طلب کرتے ہوئے فرمایا: یا اللہ! میں لوگوں سے عاجز آپ کا ہوں جب کہ تیرے پاس وسعتیں ہیں عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ کا ہاتھ پکڑا اور فرمایا: یہ تیرے نبی کا چچا ہے ہم تیرے حضور اس کا وسیلہ پیش کرتے ہیں جب عمر رضی اللہ عنہ منبر سے نیچے اترنا چاہتے تو اپنی چادر الٹتے تھے اور پھر نیچے اتر آتے۔

رواہ ابن عساکر

۳۷۳۳۴ ...... مسلم کی روایت ہے کہ میں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو محصب وادی میں دیکھا میں نے انھیں لیے ہوئے دیکھا آپ رضی اللہ عنہ افق میں دیکھ رہے تھے آپ کے ساتھ مختلف قسم کے سوالات کئے جارہے تھے مگر آپ کچھ جواب نہیں دیتے تھے لوگوں نے کہا: اے امیر المؤمنین آپ سو چکے ہیں؟ فرمایا: بخدا میں سویا نہیں ہوں لیکن میرے دل میں چند باتیں آئی ہیں جنھوں نے مجھے پریشان کر دیا ہے میں نے چند چیزیں دیکھیں کہ وہ ترقی کرتی جارہی ہیں اور جب اپنے عروج پر پہنچتی ہیں وہاں سے واپس لوٹ آتی ہیں اور کچھ بھی نہیں ہوتیں مجھے خوف ہوا کہ رسول اللہ ﷺ کے بعد اسلام کمزور تو نہیں ہو گیا۔ حتیٰ کہ عباس بھی دنیا سے جاتے رہیں۔ رواہ الترقفی فی جزئہ

۳۷۳۳۵...... "مسند عثمان" قاسم بن محمد کہتے ہیں کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے دور میں جو واقعہ پیش ہوا اور وہ اس سے راضی بھی رہے وہ یہ کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے ایک شخص کو مارا اس نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ گستاخی کی تھی عثمان رضی اللہ عنہ سے اس کی وجہ پوچھی گئی تو فرمایا: کیا رسول اللہ ﷺ کے چچا کی کوئی عزت نہیں یا ان کی تحقیر کی اجازت دی گئی ہے؟ رسول اللہ ﷺ نے مخالفت کی اس شخص کی جو اس فعل سے خوش ہوا ہو۔ رواہ اسیف و ابن عساکر

۳۷۳۳۶...... جابر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ایک شخص نے عباس رضی اللہ عنہ پر غصہ کیا رسول اللہ ﷺ نے اس شخص پر غصہ کر کے فرمایا: کیا تمہیں معلوم نہیں کہ آدمی کا چچا باپ کی مانند ہوتا ہے۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۳۳۷...... "مسند خلاد انصاری" دحیہ کلبی کہتے ہیں: میں شام سے آیا اور نبی کریم ﷺ کو خشک میوے پستہ، بادام اور کیک بطور ہدیہ پیش کیے اور آپ کے سامنے رکھ دیئے آپ نے فرمایا: یا اللہ میرے اہل میں جو شخص آپ کو سب سے زیادہ محبوب ہو اسے لائیں تا کہ میرے ساتھ میوے کھائے چنانچہ عباس رضی اللہ عنہ نمودار ہوئے آپ نے فرمایا: چچا جان قریب ہو جائیں میں نے اللہ تعالیٰ سے سوال کیا تھا کہ میرے اہل میں سے محبوب شخص کو لائے جو میرے ساتھ میوے کھائے تاہم آپ آئے ہیں عباس رضی اللہ عنہ بیٹھ گئے در اور میرے ساتھ کھانے لگے۔

رواہ ابن عساکر

۳۷۳۳۸...... نبیطہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے عباس رضی اللہ عنہ سے فرمایا! اے چچا آپ مجھ سے بڑے ہیں عباس رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: میں عمر میں بڑا ہوں اور اللہ کا رسول بہت بڑا ہے۔

رواہ ابن ابی شیبۃ وفیہ احمد بن اسحاق بن ابراھیم بن نبیط وقل فی المغنی متروک لہ نسخۃ و کل مایاتی منھا ورواہ ابن عساکر

۳۷۳۳۹...... حضرت سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ جب نبی کریم ﷺ بدر سے واپس لوٹے تو آپ سے عباس رضی اللہ عنہ نے اجازت طلب کی کہ مکہ واپس چلے جائیں اور پھر وہاں سے ہجرت کر کے مدینہ آئیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا چچا جان تسلی رکھیں آپ خاتم المہاجرین جیسے میں خاتم الانبیاء ہوں۔ رواہ الشاشی وابن عساکر

۳۷۳۴۰...... "ایضاً" حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے نبی کریم ﷺ سے ہجرت کی اجازت طلب کی آپ نے عباس رضی اللہ عنہ کو لکھ بھیجا: اے چچا! آپ اپنی جگہ اقامت کریں اللہ تعالیٰ نے آپ کے ذریعے ہجرت کا خاتمہ کرنا ہے جس طرح مجھ سے نبوت کا خاتمہ کیا۔ رواہ ابویعلی والطبرانی وابونعیم فی فضائل الصحابۃ وابن عساکر وابن النجار ومدار الحدیث علی اسماعیل بن قیس بن سعد بن زید بن ثابت ضعفوہ

کلام:...... حدیث ضعیف ہے دیکھئے الالحافظ ۱۸۲۔

۳۷۳۴۱...... حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ایک دن نبی کریم ﷺ کے راستے پر تھے اس دن زور کی گرمی پڑی آپ ایک جگہ اترے اور پانی طلب کیا تا کہ غسل کرلیں عباس رضی اللہ عنہ صوف کی ایک چادر لے کر آپ کے آگے ستر کرنے کی عرض سے کھڑے ہو گئے سہل رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ کی طرف چادر کی جانب سے دیکھا آپ ہاتھ اٹھائے یہ دعا مانگ رہے تھے: یا اللہ! عباس اور اس کی اولاد کی دوزخ سے پردہ پوشی فرما۔ رواہ الدوپانی والشاشی وابن عساکر

۳۷۳۴۲...... ایک مرتبہ نبی کریم ﷺ کسی غزوہ سے واپس تشریف لا رہے تھے گرمی شدت پر تھی آپ کے لیے پانی کا ٹب رکھ دیا گیا تا کہ آپ ٹھنڈک حاصل کرلیں عباس رضی اللہ عنہ نے آپ کی طرف پیٹھ کر کے چادر پھیلا دی تا کہ آپ کا ستر ہو جائے جب آپ غسل سے فارغ ہوئے پوچھا یہ کون؟ جواب ملا کہ آپ کے چچا عباس ہیں۔ آپ نے دونوں ہاتھ آسمان کی طرف بلند کیے حتیٰ کہ ہم نے چادر کے اوپر سے ہاتھ دیکھ لئے ایک روایت میں ہے کہ آپ چادر کے اوپر سے ہماری طرف جھانکے اور فرمایا: اے چچا! اللہ تعالیٰ آپ کو اور آپ کی اولاد کو آتش دوزخ سے مستور رکھے۔

رواہ الرویانی

۳۷۳۴۳...... ابن اسحاق کی روایت ہے کہ ہمیں ابو صالح شعیب بن ﷺ نے حدیث بیان کی۔ (ابو یعلی) شعیب اسماعیل بن قیس ابوحازم (ابن عساکر) کی سند سے ابورافع رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ میں نے نبی کریم ﷺ کو حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے اسلام قبول کرنے

کی بشارت سنائی آپ نے مجھے گلے لگالیا۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۳۴۴...... محمد بن عبید اللہ بن ابی رافع اپنے والد اور دادا سے روایت نقل کرتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے فرمایا: اے چچا میں آپ کے لئے اللہ تعالیٰ سے سوال کرتا رہوں گا حتی کہ آپ خوش ہو جائیں۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۳۴۵...... ابو رافع کی روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو وصولی صدقات کا ذمہ دار بنا کر بھیجا حضرت عمر رضی اللہ عنہ عباس رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور ان سے صدقات کا مطالبہ کیا۔ عباس رضی اللہ عنہ نے آگے سے غصہ کا اظہار کیا عمر رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ کے پاس آئے اور ان کا ذکر کیا نبی کریم ﷺ نے فرمایا: آدمی کا چچا باپ کی مانند ہوتا ہے عباس رضی اللہ عنہ نے ہمیں ایک سال کا پیشگی صدقہ دے دیا ہے۔

رواہ ابن عساکر

۳۷۳۴۶...... ابو ھیاج اپنے والد ابوسفیان بن حارث سے روایت نقل کرتے ہیں انھوں نے کہا: مجھے آج یقین ہوا ہے کہ نبی کریم ﷺ کے بعد حضرت عباس رضی اللہ عنہ عرب کی سردار ہیں اور نبی کریم ﷺ کے ہاں ان کا مرتبہ عظیم تر تھا جب قریش آپ کے درپے ہو گئے تھے عباس رضی اللہ عنہ نے کہا: اگر قریش نے انھیں قتل کر دیا میں ان میں سے کسی کو نہیں چھوڑوں گا جب حمزہ رضی اللہ عنہ کو قتل کرنے کے بعد مثلہ کیا گیا فرمایا: اگر میں زندہ رہا تو قریش کے تیس آدمیوں کا مثلہ کروں گا بعض نے ستر کا قول کیا ہے۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۳۴۷...... حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت ہے کہ عباس رضی اللہ عنہ سے پوچھا گیا: آپ بڑے ہیں یا رسول اللہ ﷺ! جواب دیا: وہ مجھ سے بڑے ہیں لیکن میں ان سے پہلے پیدا ہوا ہوں۔ رواہ ابن عساکر وابن النجار

۳۷۳۴۸...... حضرت عباس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ میں اور علی رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے جب آپ نے ہمیں دیکھا تو فرمایا: تمہارے لیے خوشخبری ہے میں اولاد آدم کا سردار ہوں اور تم عرب کے سردار ہو۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۳۴۹...... اسحاق بن ابراہیم بن عبداللہ بن حارثہ بن نعمان ابراہیم بن عبداللہ بن حارثہ کی روایت ہے کہ جب صفوان بن امیہ بن خلف رضی اللہ عنہ مدینہ آئے اور نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے آپ نے پوچھا: اے ابو وہب! کس کے پاس ٹھہرے ہو عرض کی: میں عباس رضی اللہ عنہ کے پاس ٹھہرا ہوا ہوں۔ فرمایا: تم ایسے قریشی کے پاس ٹھہرے ہو جو قریش کے لیے سب سے زیادہ حیاء کرنے والا ہے۔

رواہ یعقوب بن سفیان وابن عساکر

۳۷۳۵۰...... ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو وصولی صدقات کے لیے بھیجا حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی سب سے پہلے عباس رضی اللہ عنہ سے ملاقات ہوئی اور ان سے مطالبہ کیا کہ اے ابوالفضل اپنے مال کی زکوٰۃ لائیں عباس رضی اللہ عنہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو سختی سے چند باتیں سنائیں حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: اللہ کی قسم! اگر رسول اللہ ﷺ کے ہاں تمہارا مرتبہ نہ ہوتا میں تمہیں اس کا ضرور بدلہ دیتا۔ پھر دونوں حضرات اپنے اپنے راستے پر الگ الگ ہو گئے حضرت عمر رضی اللہ عنہ حضرت علی کے پاس آئے اور انھیں ماجرا سنایا حضرت علی رضی اللہ عنہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا ہاتھ پکڑا اور نبی کریم ﷺ کے پاس لے گئے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یا رسول اللہ! آپ نے مجھے صدقات کا عامل مقرر کر کے بھیجا تھا عباس رضی اللہ عنہ سے میری ملاقات ہوئی میں نے ان سے کہا: اے ابوالفضل! اپنے مال کا صدقہ لائیں انھوں نے مجھے ایسی ایسی باتیں سنائیں اور مجھ پر غصہ کیا۔ میں نے کہا: بخدا! اگر رسول اللہ ﷺ کے ہاں تمہارا مقام نہ ہوتا میں تمہیں اس کا بدلہ دیتا۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: عباس کا اکرام کرو اللہ تعالیٰ تمہارا اکرام کرے گا کیا تمہیں معلوم نہیں کہ آدمی کا چچا باپ کی مانند ہوتا ہے صدقات کے معاملہ میں عباس رضی اللہ عنہ سے بات مت کرو چونکہ ہم نے ان سے دو سالوں کا صدقہ پیشگی لے لیا ہے۔

رواہ ابن عساکر

۳۷۳۵۱...... جعفر بن محمد اپنے والد اور دادا کی سند سے روایت نقل کرتے ہیں کہ جب نبی کریم ﷺ تشریف فرما ہوئے ابوبکر رضی اللہ عنہ آپ کی دائیں جانب بیٹھے عمر رضی اللہ عنہ بائیں جانب اور عثمان رضی اللہ عنہ آپ کے سامنے بیٹھے تھے عثمان رضی اللہ عنہ آپ ﷺ کے کاتب تھے چنانچہ جب عباس رضی اللہ عنہ آتے ابوبکر رضی اللہ عنہ اپنی جگہ سے ہٹ جاتے اور عباس رضی اللہ عنہ بیٹھ جاتے۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۳۵۲..... حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کی حیات طیبہ میں خواب میں دیکھا گویا میں ابوبکر رضی اللہ عنہ عمر، عثمان رضی اللہ عنہ بیٹھے ہوئے ہیں یکا یک ہمارے اوپر آسمان سے ایک دستر خوان نازل ہوا حتیٰ کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ کے ہاتھ میں آن ُکا انہوں نے اس سے تناول کیا اور پھر اپنی جگہ سے ہٹ گئے پھر عمر آئے انھوں نے کھایا اور اپنی جگہ سے ہٹ گئے پھر آئے اور وہ بھی کھا کر ہٹ گے پھر میں آگے، بڑھا اور کھایا اس دوران میری قوم آ گئی انھوں نے مجھے پلٹ دیا میں مسلسل کھانے پر ان سے لڑتا رہا لیکن وہ مجھ پر غالب آ گئے اور کھانے لگے پھر یکا یک میرے چچا عباس رضی اللہ عنہ کی اولاد آ گئی اور اس نے قوم کا پانسہ پلٹ دیا اور خود دستر خوان سے کھانے بیٹھ گئے میں نے اس کی تعبیر خلافت سے لی ہے۔ اور یہ کہ میرے چچا کی اولاد ان کی خبر لے گی مجھ سے یہ حدیث یاد رکھو۔

رواہ الحسن بن بدر فی کتاب ما رواہ الخلفاء

۳۷۳۵۳..... حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! قریش اپنی سرشت کی بنا پر ہم سے مختلف وجوہ پر ملیں گے آپ نے فرمایا: ایمان ان کے دلوں میں داخل نہیں ہوگا حتیٰ کہ وہ میرے لیے تم سے محبت نہ کریں۔

رواہ ابن عدی وابن عساکر

کلام:...... حدیث ضعیف ہے دیکھئے ذخیرۃ الحفاظ ۳۷۲۵۔

۳۷۳۵۴..... حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ فتح مکہ کے دن رسول اللہ ﷺ عباس رضی اللہ عنہ سے ملے آپ سفید خچر پر سوار تھے فرمایا: اے چچا جان! کیا میں آپ کو خوشخبری نہ سناؤں۔ جواب دیا جی ہاں یارسول اللہ میرے ماں باپ آپ پر قربان جائیں۔ ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ نے اس امر (معاملہ دین اسلام) کی مجھ سے ابتداء کی ہے اور آپ کی اولاد سے اس کا خاتمہ فرمائے گا۔

رواہ ابوبکر فی الغیلانیات والخطیب وابن عساکر وابن النجار

۳۷۳۵۵..... حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے کہا: کیا آپ کو یاد ہے کہ نبی کریم ﷺ نے آپ کو صدقات کی وصولی کے لیے بھیجا تھا اور آپ عباس رضی اللہ عنہ کے پاس گئے انھوں نے زکوٰۃ دینے سے انکار کر دیا اور آپ کو بتایا کہ انھوں نے نبی کریم ﷺ کو دو سالوں کا پیشگی صدقہ دے دیا ہے آپ رسول اللہ ﷺ کے پاس گئے اور عرض کیا: عباس رضی اللہ عنہ نے زکواۃ دینے سے انکار کر دیا ہے۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا تھا: آدمی کا چچا باپ کی مانند ہوتا ہے۔ رواہ ابن جریر وابن عساکر

۳۷۳۵۶..... حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ کے دست اقدس پر اللہ تعالیٰ نے مکہ فتح کرلیا تو دوسرے دن آپ نے لوگوں کو صبح کی نماز پڑھائی جب نماز سے فارغ ہوئے تو آپ ہنس دیئے صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: یارسول اللہ ہم نے آپ کو اس طرح ہنستے نہیں دیکھا۔ آپ نے فرمایا: یہ جبرئیل امین ہیں۔ انھوں نے مجھے خبر دی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے میرے چچا عباس اور میرے بھائی علی بن ابی طالب پر اہل فضاء حاملین عرش ارواح انبیاء اور چھ آسمانوں کے فرشتوں نے فخر کیا ہے اور میری امت پر اہل آسمان دنیا پر فخر کیا ہے۔ رواہ ابن عساکر

حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ

۳۷۳۵۷..... عبید اللہ بن عبد اللہ بن عتبہ کی روایت ہے کہ انھیں خبر پہنچی ہے کہ جب حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ کی وفات ہوئی تو حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ شہید نہیں ہوئے جس سے میرے دل سے ان کا مقام جاتا رہا میں نے کہا کہ اس شخص کو دیکھو وہ ہم سے زیادہ دنیا سے کنارہ کش رہتا تھا اور وہ اس حالت میں مرا کہ شہید نہیں ہوا میرے دل میں عثمان کے متعلق یہی خطرہ رہا یہاں تک کہ رسول اللہ ﷺ کی وفات ہوئی میں نے کہا: اے عمر! تجھ پر افسوس ہے ہمارے بہترین لوگ مرتے ہیں شہید نہیں ہوتے پھر ابوبکر رضی اللہ عنہ کی وفات ہوئی تو میں نے کہا: اے عمر! تجھ پر افسوس ہے ہمارے بہترین لوگ مرتے ہیں اس کے بعد عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ کا مقام میرے دل میں پہلے کی طرح جاگزیں ہوگیا۔ رواہ ابن سعد وابوعبید فی الغریب

۳۷۳۵۸.....حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت ہے کہ جب حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ نے وفات پائی رسول اللہ ﷺ نے ان کے چہرہ سے کپڑا اٹھایا اوران کی آنکھوں کے درمیان بوسہ لیا اور بہت روئے پھر فرمایا: اے عثمان! تمہارے لیے خوشخبری ہے دنیا نے تجھے التباس میں ڈال ہے اور نہ ہی تو نے دنیا کو ملتبس کیا ہے۔ رواہ الدیلمی

۳۷۳۵۹.....حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپ نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو موت کے وقت بوسہ دیا۔ حتیٰ کہ آپ کے آنسو چہرہ اقدس پر بہہ رہے تھے۔ رواہ ابن عساکر

حضرت عمار رضی اللہ عنہ

۳۷۳۶۰.....ابویعلی کندی کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ حضرت خباب بن ارت رضی اللہ عنہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آئے عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: قریب ہو جاؤ، بجز عمار بن یاسر کے اس جگہ پر بیٹھنے کا آپ سے زیادہ کوئی حق نہیں رکھتا۔ چنانچہ خباب رضی اللہ عنہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو اپنی پشت پر وہ نشانات دکھانے لگے جو مشرکین نے آپ کو طرح طرح کی اذیتیں دینے پر لگائے تھے۔

رواہ ابن سعد وابن ابی شیبۃ و ابونعیم فی الحلیۃ

۳۷۳۶۱.....عامر شعبی کی روایت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت عمار رضی اللہ عنہ سے فرمایا: تمہیں اپنے سے دور رکھنا تمہیں برا لگتا ہے؟ عمار رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: اگر آپ یہی کہتے ہیں تو جب آپ نے مجھے عامل مقرر کیا مجھے برا لگا اور جب آپ نے مجھے معزول کیا اس وقت بھی برا لگا۔ رواہ ابن سعد وابن عساکر

۳۷۳۶۲.....حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ ہم رسول کریم ﷺ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے اتنے میں حضرت عمار رضی اللہ عنہ آئے اور اجازت طلب کی آپ نے عمار رضی اللہ عنہ کی آواز پہچان لی اور فرمایا: اسے اندر آنے کی اجازت دو جب عمار رضی اللہ عنہ اندر داخل ہوئے تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ہم اس پاکیزہ شخص کو خوش آمدید کہتے ہیں۔ رواہ الطبرانی وابن ابی شیبۃ واحمد بن حنبل والترمذی وقال حسن صحیح وابن ماجہ و ابویعلی وابن جریر وصححہ والحاکم والشاشی و ابونعیم فی الحلیۃ وسعید بن المنصور

۳۷۳۶۳.....''مسند عمر'' حبیب بن ابی ثابت کی روایت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت عمار رضی اللہ عنہ کو معزول کیا عمار رضی اللہ عنہ جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آئے تو عمر رضی اللہ عنہ ان سے معذرت کرنے لگے عمار رضی اللہ عنہ نے کہا: اللہ کی قسم آپ نے مجھے عامل مقرر کیا اور نہ ہی مجھے معزول کیا۔ عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: پھر کس نے آپ کو عامل مقرر کیا اور کس نے معزول کیا عمار رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: سب کچھ اللہ نے کیا ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے لوگو! اسی طرح کہا کرو جس طرح عمار رضی اللہ عنہ نے کہا ہے کہ بخدا! آپ نے عامل مقرر کیا اور نہ ہی مجھے آپ نے معزول کیا۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۳۶۴.....حبیب بن ابی ثابت کی روایت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے لوگوں سے حضرت عمار رضی اللہ عنہ کے متعلق سوال کیا لوگوں نے جواب دیا: اللہ کی قسم! آپ نے عمار رضی اللہ عنہ کو ہم پر امیر مقرر نہیں کیا لیکن اللہ تعالیٰ نے ہمارے اوپر انھیں امیر مقرر کیا ہے امارت کے عہدے پر میری تقرری اگر درست تھی تو وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے اور اگر اس میں خطا تھی تو وہ میری طرف سے ہے۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۳۶۵.....''مسند عثمان رضی اللہ عنہ'' سلام بن ابی جعد کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ کے صحابہ رضی اللہ عنہم کو اپنے پاس بلایا ان میں حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ بھی تھے عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں تمہیں اللہ تعالیٰ کا واسطہ دیتا ہوں کیا تمہیں معلوم ہے کہ رسول اللہ ﷺ قریش کو سب لوگوں پر فوقیت و ترجیح دیتے تھے صحابہ رضی اللہ عنہم خاموش رہے اور کچھ جواب نہ دیا: عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: بالفرض اگر میرے ہاتھ میں جنت کی چابیاں ہوتیں تو میں وہ بنی امیہ کو دے دیتا حتیٰ کہ وہ سب کے سب جنت میں داخل ہو جاتے۔ پھر عثمان رضی اللہ عنہ نے حضرت طلحہ اور حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کو پیغام بھیجا: کیا میں تمہیں عمار رضی اللہ عنہ سے مروی حدیث نہ سناؤں؟ کہ میں

رسول اللہ ﷺ کے ساتھ چل رہا تھا آپ نے میرا ہاتھ پکڑ رکھا تھا آپ بطحاء میں چل رہے تھے۔ حتیٰ کہ آپ عمار رضی اللہ عنہ کے والد والدہ اور خود عمار رضی اللہ عنہ کے پاس تشریف لائے انھیں سخت تکلیفیں دی جارہی تھیں پھر عمار رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! کیا زمانہ ایسا ہی ہے؟ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: صبر کرو پھر فرمایا: یااللہ! یاسر کی آل اولاد کی مغفرت فرما اور تو ایسا ہی کرتا ہے۔

رواه احمد بن حنبل والبيهقي والبغوى فى مسند عثمان والعقيلي وابن الجوزي فى الواهيات وابن عساكر

۳۷۳۶۶...... "ایضاً" حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کہتے ہیں بطحاء میں رسول اللہ ﷺ سے میری ملاقات ہوگئی آپ نے مجھے ہاتھ سے پکڑ لیا اور میں آپ کے ساتھ چل دیا آپ کا حضرت عمار اور ان کی والدہ کے پاس سے گزر ہوا انھیں مکہ میں (اسلام قبول کرنے پر) سخت تکلیفیں دی جارہی تھیں۔ آپ نے فرمایا: آل یاسر! صبر کا دامن ہاتھ سے نہیں چھوڑنا۔ بلاشبہ تمہارا ٹھکانا جنت میں ہے۔

رواه الحارث والبغوى فى مسند عثمان وابن منده وابونعيم فى الحلية وابن عساكر

۳۷۳۶۷...... "ایضاً" زید بن وہب کی روایت ہے کہ قریش نے حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ پر بہت سختیاں کی ہیں۔ چنانچہ قریش عمار رضی اللہ عنہ پر چڑھ دوڑے اور انھیں خوب مارا عمار رضی اللہ عنہ اپنے گھر بیٹھ گئے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ بن عفان رضی اللہ عنہ آپ کی عیادت کرنے آئے پھر عثمان رضی اللہ عنہ باہر تشریف لے گئے اور منبر پر چڑھے پھر فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو ارشاد فرماتے سنا ہے کہ: اے عمار! تجھے باغی جماعت قتل کرے گی عمار کا قاتل دوزخ میں جائے گا۔ رواه ابونعيم فى الحلية وابن عساكر

۳۷۳۶۸...... "ایضاً" حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ بطحاء میں چل رہا تھا یکایک ہم عمار ان کے والد اور والدہ کے پاس جا پہنچے انھیں دھوپ میں سخت تکلیفیں دی جارہی تھیں تاکہ اسلام سے پھر جائیں ابوعمار بولے: یارسول اللہ! یہ روا ہے۔ آپ نے فرمایا: اے آل یاسر صبر کرو یااللہ! آل یاسر کی مغفرت فرما اور تو نے ایسا کر بھی دیا ہے۔ رواه الحاكم فى الكنى وابن عساكر

۳۷۳۶۹...... "ایضاً" حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ میں رسول اللہ ﷺ کو سنا آپ عمار، ام عمار اور ابوعمار رضی اللہ عنہ سے فرمارہے تھے اے آل یاسر! صبر کرو! تمہارا ٹھکانا جنت ہے۔ رواه ابن عساكر

۳۷۳۷۰...... حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے حضرت عمار رضی اللہ عنہ سے فرمایا: تجھے باغی جماعت قتل کرے گی ایک روایت میں ہے عمار کو باغی جماعت قتل کرے گی۔ رواه ابن عساكر

فائدہ:...... حضرت عمار رضی اللہ عنہ جنگ صفین میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کا ساتھ دیتے ہوئے قتل کیے گئے ہیں چونکہ جنگ جمل ہو یا جنگ صفین ہو ان میں جنگ کا فتنہ بھڑکانے کے اعتبار سے مرکزی کردار عبداللہ بن سبا اور اس کی ذریت کا ہے بلاشبہ خوارج اور سبائی لوگ فئۃ باغیہ۔ (یعنی باغی جماعت) تھے۔ اور عمار رضی اللہ عنہ کا قتل بھی ابن سبا کی ذریت کے ہاتھوں ہوا ہے۔ تفصیل کے لیے دیکھیں فتنہ سبائیت اور سبائی فتنہ۔ از مترجم تنولی

۳۷۳۷۱...... "مسند جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ" حضرت جابر کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ رسول کریم ﷺ حضرت عمار اور ان کے گھر والوں کے پاس سے گزرے انھیں سخت تکلیفیں دی جارہی تھیں آپ نے فرمایا: اے آل عمار! خوش ہوجاؤ! تمہارا ٹھکانا جنت ہے۔

رواه الطبرانى فى الاوسط والحاكم والبهيقى وابن عساكر والضياء

۳۷۳۷۲...... حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ اور مسلمان (غزوہ احزاب کے موقع پر) خندق کھود رہے تھے جب کہ حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ خندق سے باہر مٹی اور پتھر نکال کر کنارے ڈال رہے تھے عمار رضی اللہ عنہ بیماری کی وجہ سے رنجور تھے پھر اس دن روزہ بھی رکھا تھا کمزوری کی وجہ سے بے ہوش ہوگئے عمار رضی اللہ عنہ کے پاس ابوبکر رضی اللہ عنہ تشریف لائے اور فرمایا: اے عمار! اپنے آپ کو مشقت میں نہ ڈالو۔ تم نے اپنے آپ کو قتل کردیا ہے حالانکہ تم بیماری سے رنجور ہو رسول اللہ ﷺ ابوبکر رضی اللہ عنہ کی باتیں سن کر کھڑے ہوگئے اور عمار رضی اللہ عنہ کے پاس تشریف لائے پھر آپ نے عمار رضی اللہ عنہ کے سر اور کاندھوں سے مٹی جھاڑنی شروع کردی آپ فرمارہے تھے: بلاشبہ تم نے مرنا ہے حالانکہ تم نے اپنے آپ کو قتل کردیا تھا اللہ کی قسم ہرگز نہیں ایک روایت میں ہے نہیں اللہ کی قسم۔ تم نہیں مروگے حتیٰ کہ تمہیں ایک باغی

جماعت قتل کرے گی۔رواہ ابن عساکر

۳۷۳۷۳..... عبداللہ بن مسلمہ کی روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی دوشخصوں سے ملاقات ہوئی جو تیل لگائے حمام سے باہر آرہے تھے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے پوچھا: تم کون ہو؟ انھوں نے جواب دیا: ہم مہاجرین میں سے ہیں حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم جھوٹ بولتے ہو مہاجر تو عمار بن یاسر ہے۔رواہ ابونعیم فی الحلیة وابن عساکر

۳۷۳۷۴..... حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے مجھے فرمایا: اے ابن سمیہ! تیرا ناس ہو! تجھے ایک باغی جماعت قتل کرے گی دنیا میں تمہارا آخری توشہ پانی ملایا ہوا گرم دودھ ہوگا۔رواہ ابن عساکر

۳۷۳۷۵..... حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کی آزاد کردہ باندی سے مروی ہے کہ حضرت عمار رضی اللہ عنہ بیمار پڑ گئے اور ان پر غشی طاری ہوگئی عمار رضی اللہ عنہ نے کہا: کیا تمہیں خدشہ ہے کہ میں اپنے بستر پر مرجاؤں گا؟ میرے حبیب رضی اللہ عنہ نے مجھے خبر دی ہے کہ مجھے باغی جماعت قتل کرے گی اور دنیا میں پرآخری توشہ پانی ملا دودھ ہوگا۔رواہ ابویعلی وابن عساکر

۳۷۳۷۶..... ابوالبختری کی روایت ہے کہ صفین کے دن جب لڑائی زوروں پر تھی حضرت عمار رضی اللہ عنہ نے گھونٹ بھر دودھ منگوایا اور اسے پی لیا۔اور پھر کہا: جناب رسول کریم ﷺ نے مجھے فرمایا ہے: دنیا میں تمہاری آخری پینے کی چیز گھونٹ بھر دودھ ہوگا جسے تم پیوگے اور پھر مرجاؤ گے پھر عمار رضی اللہ عنہ آگے بڑھے اور قتل کردیئے گئے۔رواہ ابن ابی شیبة واحمد بن حنبل ومسلم ویعقوب بن سفیان وابن عساکر

۳۷۳۷۷..... حضرت عمار رضی اللہ عنہ کی آزاد کردہ باندی لؤلؤہ کہتی ہے میں نے حضرت عمار رضی اللہ عنہ کو کہتے سنا ہے کہ میں بیماری کی وجہ سے نہیں مروں گا چنانچہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ مجھے صفین میں قتل کیا جائے گا۔رواہ ابن عساکر

۳۷۳۷۸..... ام عمار حضرت عمار رضی اللہ عنہ کی آیا کہتی ہیں: حضرت عمار رضی اللہ عنہ بیمار ہوگئے: کہنے لگے: میں اس بیماری سے نہیں مروں گا چونکہ میرے حبیب ﷺ نے مجھے بتایا ہے کہ مؤمنین کی دو جماعتوں کے درمیان مجھے قتل کیا جائے گا۔رواہ ابن عساکر

فائدہ:..... یہی حدیث اصل الاصول ہے کہ نہ یہ جماعت قاتل ہوگی اور نہ ہی یہ بلکہ کوئی تیسرا گروہ جو باغی ہے اس نے حضرت عمار رضی اللہ عنہ کو مومنین کی دو جماعتوں کے درمیان قتل کردیا۔ازمترجم

۳۷۳۷۹..... حضرت عمار رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے مجھے وصیت کی تھی کہ دنیا میں تمہارا آخری توشہ پانی ملا ہوا دودھ ہوگا۔

رواہ ابن عساکر

۳۷۳۸۰..... قیس بن ابی حازم کی روایت ہے کہ حضرت عمار رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے کپڑوں سمیت دفن کرو میں جھگڑا کروں گا۔

رواہ ابن عساکر

۳۷۳۸۱..... عکرمہ کی روایت ہے کہ ایک چور نے حضرت عمار رضی اللہ عنہ کا تھیلا چوری کرلیا حضرت عمار رضی اللہ عنہ نے چور پکڑلیا اور فرمایا: میں اس کی پردہ پوشی کرتا ہوں تاکہ اللہ تعالیٰ میری پردہ پوشی کرے۔رواہ ابن عساکر

۳۷۳۸۲..... حوشب فزاری کی روایت ہے کہ حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ نے جس دن حضرت عمار رضی اللہ عنہ قتل کردیئے گئے فرمایا: رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے کہ تمہارا ساز وسامان چھیننے والا اور قاتل دونوں دوزخ میں جائیں گے۔رواہ ابن عساکر

۳۷۳۸۳..... حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ سے کہا گیا کہ عمار رضی اللہ عنہ قتل کردیئے گئے ہیں۔حضرت عمرو رضی اللہ عنہ نے کہا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا ہے کہ تیرا سامان چھیننے والا اور قاتل دونوں دوزخ میں جائیں گے حضرت عمرو رضی اللہ عنہ سے کہا گیا آپ ہی تو ان سے جنگ کررہے تھے عمرو رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: آپ ﷺ نے فرمایا ہے اس کا قاتل اور اس کا سامان چھیننے والا دوزخ میں جائے گا۔

رواہ ابن عساکر

۳۷۳۸۴..... حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: عمار رضی اللہ عنہ اس وقت تک مبتلائے فتنہ نہیں ہوں گے جب تک بڑھاپے سے سٹھیا نہ جائیں میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا ہے کہ ابویقظان فطرت پر ہے وہ اپنی فطرت کو مرتے دم تک نہیں چھوڑے گا یا پھر اس پر بے رحم

بڑھاپے کا حملہ نہ ہوجائے۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۳۸۵ ...... حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے کہا گیا: عثمان رضی اللہ عنہ قتل کردیئے گئے ہیں۔ آپ ہمیں کیا حکم دیتے ہیں؟ حذیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: عمار رضی اللہ عنہ سے چمٹ جاؤ کہا گیا: عمار رضی اللہ عنہ تو حضرت علی رضی اللہ عنہ سے الگ ہی نہیں ہوتے حذیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا حسد جسم کے لیے سب سے بڑا ہلاکو ہے تمہیں عمار کا حضرت علیؓ سے قرب نفرت دلا رہا ہے حالانکہ اللہ کی قسم حضرت علی رضی اللہ عنہ حضرت عمار سے افضل ہیں یہ فرق تو ایسا ہے جیسا غبار اور بالوں میں ہاں عمار رضی اللہ عنہ اخیار میں سے ہیں۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۳۸۶ ...... حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت عمار رضی اللہ عنہ سے فرمایا: عمار رضی اللہ عنہ خندق سے مٹی باہر نکال رہے تھے تمہیں باغی جماعت قتل کرے گی تمہاری آخری پینے کی چیز پانی ملا ہوا دودھ ہوگا۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۳۸۷ ...... حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ میرے اور عمار رضی اللہ عنہ کے درمیان تو تکرار ہوگئی عمار رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ سے میری شکایت کرنے چل پڑے میں بھی رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا عمار رضی اللہ عنہ آپ سے میری شکایت کررہے تھے میں نے عمار پر اور غصہ کرنا شروع کردیا جب کہ رسول اللہ ﷺ خاموش بیٹھے تھے عمار رضی اللہ عنہ رو پڑے اور عرض کیا: یارسول اللہ! کیا آپ اسے نہیں سن رہے۔ رسول اللہ ﷺ نے میری طرف سر اٹھایا اور فرمایا: جس نے عمار سے دشمنی کی اللہ تعالیٰ اس سے دشمنی رکھے گا اور جو شخص عمار سے بغض رکھے گا اللہ تعالیٰ اس سے بغض رکھے گا۔ رواہ ابن ابی شیبة واحمد بن حنبل والنسائی

۳۷۳۸۸ ...... حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ وہ نبی کریم ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے اور عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ اگر آپ کی بات نہ ہوتی مجھے ابن سمیہ گالی نہ دیتا۔ آپ نے فرمایا: اے خالد! رک جاؤ جس نے عمار کو گالی دی اللہ اسے ذلیل کرے گا جس نے عمار کی تحقیر کی اللہ اس کی تحقیر کرے گا جس نے عمار کو بیوقوف کہا اللہ اسے بے وقوف بنائے گا۔ رواہ ابن النجار

۳۷۳۸۹ ...... حضرت خالد رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے ایک کام کیا جو میرے لیے بہت زیادہ باعث خوف تھا کہ وہ مجھے عمار رضی اللہ عنہ کی وجہ سے آتش دوزخ میں نہ داخل کردے۔ پوچھا گیا: بھلا وہ کیا ہے؟ خالد رضی اللہ عنہ نے کہا: مجھے رسول اللہ ﷺ نے اپنے صحابہ رضی اللہ عنہم میں سے بعض لوگوں کے ساتھ عرب کی ایک بستی کی طرف بھیجا میں نے انھیں جالیا بستی میں مسلمانوں کا بھی ایک گھرانہ تھا عمار رضی اللہ عنہ نے چند صحابہ رضی اللہ عنہم کے ساتھ ان کے متعلق بات کی اور کہا: آپ انھیں رہا کردیں میں نے کہا: نہیں حتیٰ کہ میں رسول اللہ ﷺ پاس چلا جاؤں پھر آپ چاہیں انھیں آزاد کردیں یا ان کے متعلق جو چاہیں کریں۔ میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا عمار رضی اللہ عنہ نے بھی اندر آنے کے لیے اجازت طلب کی اندر آئے اور کہا: یارسول اللہ! کیا آپ خالد کی طرف نہیں دیکھتے اس نے ایسا اور ایسا کیا ہے؟ خالد رضی اللہ عنہ بولے: اللہ کی قسم! اگر آپ کی مجلس کے آداب ملحوظ نہ ہوتے ابن سمیہ مجھے کبھی گالی نہ دیتا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے عمار! باہر نکل جاؤ۔ چنانچہ عمار رضی اللہ عنہ روتے ہوئے باہر نکل گئے اور کہا رسول اللہ ﷺ نے خالد رضی اللہ عنہ کے خلاف میری مدد نہیں کی رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کیا تم اس شخص کو جواب نہیں دیتے؟ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! اسے جواب دینے سے مجھے اس کی حقارت نے روک دیا ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے عمار کو حقارت کی نظر سے دیکھا اللہ تعالیٰ اسے حقارت کی نظر سے دیکھے گا جس نے عمار سے بغض رکھا اللہ اس سے بغض رکھے گا میں باہر نکلا اور عمار کے پیچھے ہولیا میں نے انھیں منالیا اور انھوں نے میرے لیے استغفار کیا۔ رواہ ابویعلی وابن عساکر

۳۷۳۹۰ ...... ''ایضاً'' رسول کریم ﷺ نے مجھے (خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کو) ایک سریہ میں بھیجا ہم نے موحدین کے ایک گھرانے کو جالیا عمار رضی اللہ عنہ نے کہا: ان لوگوں نے توحید کا اظہار کرکے اپنی جان بچانے کی کوشش کی ہے میں نے عمار رضی اللہ عنہ کی بات کی طرف مطلق توجہ نہ دی عمار رضی اللہ عنہ بولے: میں ضرور رسول اللہ ﷺ کو اس کی خبر کروں گا چنانچہ جب ہم رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے عمار رضی اللہ عنہ نے آپ سے میری شکایت کی جب عمار رضی اللہ عنہ نے دیکھا کہ نبی کریم ﷺ مجھ سے کوئی باز پرس نہیں کررہے بیٹھ پھر کر واپس لوٹ گئے اور ان کی آنکھوں سے آنسو نکل آئے نبی کریم ﷺ نے عمار رضی اللہ عنہ کو واپس بلایا اور فرمایا: اے خالد! عمار کو برا بھلا مت کہو چونکہ جو شخص عمار کو برا بھلا کہے گا اللہ تعالیٰ اس کا برا کرے گا جو عمار سے بغض رکھے گا اللہ تعالیٰ اس سے بغض رکھے گا جو عمار کو بے وقوف بنائے گا اللہ تعالیٰ اسے بے وقوف بنائے گا

میں نے عرض کیا: یارسول اللہ میرے لیے استغفار کیجئے۔ اللہ کی قسم عمار کو ترت جواب دینے سے مجھے صرف اور صرف اس کی حقارت نے روکا ہے۔ اے خالد رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میرا گناہ جو مجھے سب سے زیادہ خوفزدہ کررہا ہے وہ یہ کہ میں عمار رضی اللہ عنہ کو حقارت کی نظر سے دیکھتا تھا۔

رواہ النسائی والطبرانی والحاکم

۳۷۳۹۱...... حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ، بنت ھشام بن ولید بن مغیرہ سے روایت نقل کرتے ہیں بنت ھشام حضرت عمار رضی اللہ عنہ کی دیکھ بھال کرتی تھیں وہ کہتی ہیں: حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ، حضرت عمار رضی اللہ عنہ کی عیادت کرنے آئے جب باہر نکلے، کہنے لگے: یا اللہ! ہمارے ہاتھوں عمار کی موت واقع نہ ہو۔ چونکہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو کہتے سنا ہے کہ عمار کو باغی جماعت قتل کرے گی۔

رواہ ابویعلی وابن عساکر

۳۷۳۹۲...... حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے حضرت عمار رضی اللہ عنہ سے فرمایا: تجھے باغی جماعت قتل کرے گی۔

رواہ ابن عساکر

۳۷۳۹۳...... سلمان رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ حضرت عمار رضی اللہ عنہ کو (قبول اسلام پر) سخت اذیتیں دی جارہی تھیں عرض کیا: یارسول اللہ! کیا زمانہ ہمیشہ ایسا ہی رہتا ہے؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: یا اللہ! آل یاسر کی مغفرت فرما! تمہارا ٹھکانا جنت ہے۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۳۹۴...... محمد بن عبداللہ بن ابی رافع روایت نقل کرتے ہیں کہ ان کے دادا ابورافع رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی کریم ﷺ نے (حضرت عمار رضی اللہ عنہ سے) فرمایا: تجھے فتنہ باغیہ (باغی جماعت) قتل کرے گا۔ رواہ الرویانی وابویعلی وابن عساکر

۳۷۳۹۵...... ابوقتادہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے حضرت عمار رضی اللہ عنہ سے فرمایا: اے ابن سمیہ تیرا ناس ہوا! تجھے باغی جماعت قتل کرے گی۔ رواہ ابویعلی وابن عساکر

۳۷۳۹۶...... ابوقتادہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے حضرت عمار رضی اللہ عنہ کی سر سے مٹی صاف کی اور فرمایا: اے ابن سمیہ تجھ پر افسوس ہے! تجھے باغی جماعت قتل کرے گی۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۳۹۷...... خیثمہ بن عبدالرحمٰن کی روایت ہے کہ میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھا تھا میں نے کہا: مجھے حدیث سنائیں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بولے: تم کن لوگوں میں سے ہو؟ میں نے جواب دیا: میں اہل کوفہ میں سے ہوں۔ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا تم مجھ سے سوال کرتے ہو، حالانکہ تمہارے پاس رسول اللہ ﷺ کے علماء صحابہ کرام رضی اللہ عنہم موجود میں اور وہ شخص موجود ہے جسے شیطان سے پناہ دی گئی ہے یعنی حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۳۹۸...... حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ سول اللہ ﷺ مسجد تعمیر کررہے تھے جب کہ لوگ پتھر لاتے تھے اور لوگ ایک ایک پتھر اٹھاتے جب کہ عمار رضی اللہ عنہ دودو پتھر اٹھا کر لائے لوگ ایک ایک اینٹ لاتے عمار رضی اللہ عنہ دودو اینٹیں لائے نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ابن سمیہ پر افسوس ہے۔ اسے باغی گروہ قتل کرے گا۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۳۹۹...... علاء، ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت نقل کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے حضرت عمار رضی اللہ عنہ سے فرمایا: تجھے باغی گروہ قتل کرے گا۔

رواہ ابن عساکر

۳۷۴۰۰...... ابوبکر بن حفص ایک شخص سے روایت نقل کرتے ہیں وہ کہتا ہے میں نے ابو یسر کو کہتے سنا: رسول اللہ ﷺ نے حضرت عمار رضی اللہ عنہ سے فرمایا: تجھے باغی گروہ قتل کرے گا۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۴۰۱...... ابن شہاب بو یسر اور زیاد بن فرد سے روایت نقل کرتے ہیں رسول کریم ﷺ نے عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ سے فرمایا: دراں حالیکہ عمار رضی اللہ عنہ تعمیر مسجد کے لیے دودو اینٹیں اٹھا رہے تھے فرمایا: تم ایسا کیوں کرتے ہو؟ عرض کیا: یارسول اللہ! میں اجر وثواب حاصل کرنا چاہتا ہوں آپ ﷺ نے عمار رضی اللہ عنہ کے کاندھوں اور پیٹھ سے مٹی صاف کرنی شروع کردی اور آپ نے فرمائے جارہے تھے: اے عمار تجھ پر افسوس ہے! تجھے باغی گروہ قتل کرے گا۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۴۰۲......ابن عباس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ سے فرمایا: تجھے باغی گروہ قتل کرے گا۔
رواہ ابن عساکر

۳۷۴۰۳......حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت ہے کہتے ہیں: عمار بن یاسر کو دیکھو اسے فطرت پر موت آئے گی الا یہ کہ تکبر کی وجہ سے اس میں تھوڑی سی پھسلن آجائے گی۔رواہ ابن عساکر

۳۷۴۰۴......حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے مسجد کی تعمیر شروع کی تو لوگ ایک ایک پتھر لائے اور عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ دو دو پتھر لاتے نبی کریم ﷺ نے عمار رضی اللہ عنہ کی پیٹھ پر ہاتھ پھیرا اور فرمایا: یااللہ! عمار کو برکت عطا فرما اے ابن سمیہ! تجھ پر افسوس ہے تجھے باغی گروہ قتل کرے گا اور دنیا میں تیرا آخری توشہ پانی ملا ہوا دودھ ہوگا۔رواہ ابن عساکر

۳۷۴۰۵......حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے عمار رضی اللہ عنہ کو دیکھا وہ خندق کے دن پتھر ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جارہے تھے فرمایا: اے ابن سمیہ پر افسوس ہے۔اسے باغی گروہ قتل کرے گا۔رواہ ابن عساکر

۳۷۴۰۶......حضرت عبداللہ بن عمرو کی روایت ہے کہ میں نے رسول کریم ﷺ کو ارشاد فرماتے سنا آپ عمار رضی اللہ عنہ سے فرمارہے تھے تجھے باغی گروہ قتل کرے گا عمار کے قاتل کو دوزخ کی خبر دے دو۔رواہ ابویعلی و ابن عساکر

۳۷۴۰۷......عبداللہ بن حارث بن نوفل کی روایت ہے کہ میں حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ صفین سے واپس لوٹا تو میں نے حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کو کہتے سنا: اے ابا جان! کیا آپ نے رسول اللہ ﷺ کو نہیں سنا جب مسجد کی تعمیر ہورہی تھی آپ نے عمار رضی اللہ عنہ سے فرمایا: تم اجر وثواب کے بڑے حریص ہو بلاشبہ تو اہل جنت میں سے ہے تجھے باغی گروہ قتل کرے گا؟ حضرت عمرو رضی اللہ عنہ نے کہا: جی ہاں میں نے سنا ہے۔رواہ ابویعلی و ابن عساکر

۳۷۴۰۸......حسن کی روایت ہے کہ جب نبی کریم ﷺ مدینہ تشریف لائے تو فرمایا: ہمارے لیے مسجد بناؤ صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: یارسول اللہ کیسے بنائیں؟ ارشاد فرمایا: اس کی چھت ایسی ہو جیسی موسیٰ علیہ السلام کی چھت تھی چنانچہ صحابہ رضی اللہ عنہم نے مسجد کی تعمیر شروع کردی جب کہ رسول اللہ ﷺ صحابہ رضی اللہ عنہم کو اینٹیں پکڑاتے جاتے تھے اور یہ شعر پڑھتے رہے:

اللھم ان العیش عیش الاخرۃ
فاغفر الانصار والمھاجرہ

یااللہ اس زندگی تو آخرت کی زندگی ہے مہاجرین وانصار کی مغفرت فرما۔

اتنے میں عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ آپ کے پاس سے گزرے آپ نے عمار رضی اللہ عنہ کے سر سے مٹی جھاڑنا شروع کردی اور فرمایا: اے ابن سمیہ! تجھ پر افسوس ہے! تجھے باغی گروہ قتل کرے گا۔رواہ ابن عساکر

۳۷۴۰۹......حضرت سعید بن جبیر رحمۃ اللہ علیہ کی روایت ہے کہ حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ مٹی اور پتھر مسجد کی طرف لارہے تھے رسول اللہ ﷺ سے کسی نے آکر کہا: پتھر گر کر لگنے کی وجہ سے عمار رضی اللہ عنہ وفات پاگئے ہیں۔آپ ﷺ نے فرمایا: عمار نہیں مرا اسے تو باغی گروہ قتل کرے گا۔
رواہ ابن عساکر

۳۷۴۱۰......ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ مجھے خندق کا دن نہیں بھولنے پاتا چنانچہ نبی کریم ﷺ صحابہ رضی اللہ عنہم کو اینٹیں پکڑارہے تھے اور آپ کا سینہ غبار آلود ہوگیا تھا جب کہ آپ یہ شعر پڑھ رہے تھے:

الا ان الخیر خیر الاخرہ
فاغفر للانصار والمھاجرۃ

خبردار! اصل بھلائی تو آخرت کی بھلائی ہے یااللہ انصار ومہاجرین کی مغفرت فرما۔اتنے میں عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ آئے ان سے نبی کریم ﷺ نے فرمایا: عمار پر افسوس ہے یا فرمایا: ابن سمیہ پر افسوس ہے۔اسے باغی ٹولہ قتل کرے گا۔رواہ ابن عساکر

۳۷۴۱۱...... ”مسند علی“ سعد، محمد بن عمر وغیرہ کی روایت ہے کہ جب حضرت عمار رضی اللہ عنہ قتل کر دیئے گئے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مسلمانوں میں سے جو شخص حضرت عمار رضی اللہ عنہ کے قتل کو عظیم تر نہیں سمجھتا اور انھیں پیش آنے والی مصیبت کو گراں تر نہیں سمجھتا وہ رشد وہدایت سے کوسوں دور ہے جس دن عمار نے اسلام قبول کیا اللہ نے ان پر رحم فرمایا جس دن قتل ہوئے اللہ نے ان پر رحم فرمایا اور جس دن دوبارہ زندہ اٹھائے جائیں گے اس دن بھی اللہ تعالیٰ ان پر رحم فرمائے گا چنانچہ نبی کریم ﷺ کے چار صحابہ رضی اللہ عنہم کا ذکر کیا جائے تو ان میں سے چوتھے عمار ہوتے پانچ کا ذکر کیا جائے تو پانچویں عمار ہوتے رسول اللہ ﷺ کے قدماء صحابہ میں سے کسی نے بھی شک نہیں کیا کہ عمار رضی اللہ عنہ جنتی ہیں پس عمار کو جنت مبارک ہو۔ البتہ کہا جاتا ہے عمار حق کا ساتھ دیتے ہیں اور حق ان کے ساتھ گھوم جاتا ہے عمار حق کے ساتھ ہوتے ہیں خواہ حق جہاں بھی دوران کرے عمار کا قاتل دوزخ میں جائے گا۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۴۱۲...... ”ایضاً“ اوس بن ابی اوس کہتے ہیں: میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھا ہوا تھا میں نے انھیں کہتے سنا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: عمار کا خون اور گوشت پوست آتش دوزخ پر حرام ہے کہ آگ اسے کھا جائے یا چھو جائے۔ رواہ ابن عساکر

کلام: ...... حدیث ضعیف ہے دیکھئے ضعیف الجامع ۲۹۹۱۔

۳۷۴۱۳...... مجاہد کی روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو دیکھ رہے تھے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم عمار رضی اللہ عنہ پر پتھر لاد رہے تھے آپ ﷺ مسجد تعمیر کررہے تھے آپ نے فرمایا: صحابہ اور عمار کو کیا ہوا وہ انھیں جنت کی طرف بلاتا ہے اور صحابہ اسے دوزخ کی طرف بلا رہے ہیں یہ تو بد بخت برے لوگوں کے فعل ہے ایک روایت ہے کہ یہ تو بد بخت گناہگاروں کی عبادت ہے۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۴۱۴...... ”مسند علی“ محمد بن سعد بن ابی وقاص انہی سے روایت نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: حق عمار کے ساتھ ہے جب تک اس پر تکبر کا علبہ نہ ہو جائے۔ رواہ سیف وابن عساکر

۳۷۴۱۵...... مجاہد اسامہ بن شریک سے روایت نقل کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ان لوگوں اور عمار کو کیا ہوا؟ عمار انھیں جنت کی طرف بلاتا ہے اور لوگ اسے دوزخ کی طرف بلا رہے ہیں۔ عمار کا قاتل اور اس کا ساز وسامان چھیننے والا دوزخ میں جائے گا۔

رواہ ابن عساکر وقال ہذا دوی موصولاً والحفوظ عن مجاھد و مرسلاً

۳۷۴۱۶...... حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: عمار کو باغی ٹولا قتل کرے گا۔ رواہ ابن عساکر

حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہ

۳۷۴۱۷...... مصعب بن عبد اللہ کی روایت ہے کہ جب نبی کریم ﷺ نے حضرت عکرمہ بن ابی جہل رضی اللہ عنہ کو دیکھا تو آپ ان کی طرف کھڑے ہوئے اور انھیں گلے لگا لیا اور فرمایا: سوار ہو کر ہجرت کرنے والے کو ہم خوش آمدید کہتے ہیں مصعب کہتے ہیں: بعض لوگوں کا خیال ہے کہ رسول اللہ ﷺ عکرمہ رضی اللہ عنہ کی طرف کھڑے ہونے اور ان پر خوش ہونے کی وجہ یہ تھی کہ آپ نے خواب دیکھا گویا آپ جنت میں داخل ہو گئے ہیں اور آپ نے جنت میں کھجوروں کا خوشہ لٹکا دیکھا جو آپ کے دل کو بہت بھایا آپ نے پوچھا: یہ کس کا ہے؟ جواب ملا: یہ ابو جہل کا ہے آپ پر یہ بہت ہی گراں گزرا اور فرمایا: ابو جہل کا جنت سے کیا تعلق اللہ کی قسم ابو جہل جنت میں کبھی داخل نہیں ہوگا چنانچہ جب آپ نے عکرمہ رضی اللہ عنہ کو بحالت مسلمان دیکھا تو خواب میں دکھائی دینے والے خوشے کی تعبیر عکرمہ بن ابی جہل رضی اللہ عنہ سے لی۔ عکرمہ رضی اللہ عنہ آپ کی خدمت میں اس وقت حاضر ہوئے جب آپ فتح مکہ کے بعد مدینہ واپس لوٹ آئے تھے عکرمہ رضی اللہ عنہ جب بھی انصار کی مجلسوں کے پاس سے گزرتے انصار کہتے یہ ابو جہل کے بیٹے ہیں اور ابو جہل کو گالیاں دیتے عکرمہ رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ سے اس کی شکایت کی رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مردوں کو گالیاں دے کر زندوں کو اذیت مت پہنچاؤ۔ رواہ الزبیر وابن عساکر

فائدہ: ...... ایک حدیث میں آپ نے فرمایا: ”لاتسبوا الاموات“ مردو کو گالیاں مت دو۔ ایک اور حدیث ہے ”لا تسبوا الاموات

فانهم افضو الی ماقدمو ا'' مردوں کو گالیاں مت دو چونکہ وہ اپنے اعمال کی جزایا سزا بھگتنے آگے پہنچ چکے ہیں۔ انہی دلائل کی روشنی میں علماء نے یزید بن معاویہ کو برا بھلا اور سب وشتم کرنے سے منع فرمایا ہے۔ لہٰذا یزید پر لعن طعن کرنے والوں کو سوچ لینا چاہئے کہ نبی کریم ﷺ کی کیا تعلیمات ہیں۔

۳۷۴۱۸......ثابت بنانی کی روایت ہے کہ حضرت عکرمہ بن ابی جہل رضی اللہ عنہ فلاں فلاں جنگوں میں پیادہ پا حملہ آور ہوتے حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کہتے: ایسامت کرو چونکہ تمہارا قتل ہو جانا مسلمانوں پر بہت گراں گزرے گا عکرمہ رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: اے خالد! میرا رستہ چھوڑو، تم نے مجھ سے پہلے اسلام قبول کیا ہے اس اعتبار سے تمہیں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ سبقت حاصل ہے جب کہ میں اور میرا باپ رسول اللہ ﷺ اور مسلمانوں پر بہت سختیاں کرتے تھے چنانچہ عکرمہ رضی اللہ عنہ پیدل تھے، آگے بڑھے حتیٰ کہ اللہ کی راہ میں شہید ہو گئے۔

رواه يعقوب بن ابی سفيان وابن عساكر

۳۷۴۱۹......حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ فتح مکہ کے دن عکرمہ بن ابی جہل رضی اللہ عنہ کی بیوی ام حکیم بنت حارث بن ھشام نے اسلام قبول کرلیا اور عرض کیا: یارسول اللہ! عکرمہ آپ سے ڈر کر یمن کی طرف بھاگ گیا ہے اسے خوف ہے کہ آپ اسے قتل کر دیں گے آپ اسے امن دیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اسے امن ہے ام حکیم رضی اللہ عنہ عکرمہ کی تلاش میں نکل پڑیں ان کے ساتھ ان کا ایک رومی غلام بھی تھا رومی غلام خواہش نفس کے لیے ام حکیم کو پھسلانے لگا ام حکیم اسے تمنا دلواتی رہی حتیٰ کہ قبیلہ عک کی ایک بستی پر پہنچیں بستی والوں سے غلام کے خلاف مدد چاہی بستی والوں نے غلام باندھ دیا ام حکیم تہامہ کے ساحل کی طرف آئیں جب کہ عکرمہ رضی اللہ عنہ ساحل پر پہنچ کر کشتی میں سوار ہوئے کشتی ڈگمگانے لگی کشتی بان نے کہا: یہاں اخلاص سے رب کو پکارو عکرمہ رضی اللہ عنہ بولے: میں کیا کہوں؟ کشتی بان نے کہا: لا الہ الا اللہ کہو عکرمہ بولے: میں تو اسی کلمہ سے بھاگ کر یہاں پہنچا ہوں لہٰذا مجھے یہیں اتار دو۔ اتنے میں ام حکیم رضی اللہ عنہ نے عکرمہ رضی اللہ عنہ کو آن لیا اور بولیں: اے میرے چچا کے بیٹے میں تیرے پاس ایسی ہستی کے پاس سے آئی ہوں جو سب سے زیادہ صلہ رحم لوگوں پر سب سے زیادہ مہربانی کرنے والا اور لوگوں میں سب سے افضل ہے اپنے آپ کو ہلاکت میں مت ڈالو ام حکیم رضی اللہ عنہا نے خوب اصرار کیا عکرمہ رک گئے جب ام حکیم پاس پہنچیں بولیں: میں نے رسول اللہ ﷺ سے تمہاری جان بخشی کروالی ہے عکرمہ بولے: یہ کام تم نے کیا ہے؟ بولیں: جی ہاں میں نے ہی آپ سے بات کی آپ نے تمہیں امان دیا ہے۔ ام حکیم کے ساتھ عکرمہ واپس لوٹ آئے ام حکیم نے رومی غلام کی بدکرداری کا ذکر کیا عکرمہ رضی اللہ عنہ نے اسے قتل کر دیا حالانکہ ابھی عکرمہ رضی اللہ عنہ نے اسلام قبول نہیں کیا تھا۔ جب رسول اللہ ﷺ مکہ کے قریب ہوئے تو فرمایا: عکرمہ بن ابی جہل مومن ومہاجر ہو کر آئے گا لہٰذا تم اس کے باپ کو گالیاں مت دو چونکہ مردے کو گالی دینا زندہ کو اذیت پہنچانا ہے جب کہ وہ گالی مردے کو نہیں پہنچی عکرمہ رضی اللہ عنہ نے اپنی بیوی سے قضائے حاجت کا مطالبہ شروع کر دیا مگر وہ مسلسل انکار کرتی رہی اور کہہ دیتی تو کافر ہے میں تو مسلمان ہوں وہ کہتے تجھے کسی عظیم تر معاملہ نے مجھ سے روک دیا ہے۔ جب نبی کریم ﷺ نے عکرمہ رضی اللہ عنہ کو دیکھا تو آپ ان کی طرف کود پڑے آپ کو مارے خوشی کے اپنے اوپر چادر لینے کا بھی خیال نہیں رہا پھر رسول اللہ ﷺ بیٹھ گئے اور عکرمہ رضی اللہ عنہ آپ کے سامنے کھڑے رہے ان کے ساتھ ان کی بیوی بھی نقاب کیے ہوئے تھی عکرمہ بولے: یا محمد! اس عورت نے مجھے بتایا ہے کہ آپ نے میری جان بخش دی ہے حکم ہوا! یہ سچ کہتی ہے تمہیں امان ہے۔ عکرمہ بولے: اے محمد! کس چیز کی دعوت دیتے ہو فرمایا: میں تمہیں دعوت دیتا ہوں کہ تم گواہی دو'' اللہ کے سواء کوئی معبود نہیں اور میں اللہ کا رسول ہوں یہ کہ نماز قائم کرو زکوٰۃ دو اور فلاں فلاں کام کرو'' حتیٰ کہ آپ نے اسلام کی چند خصلتیں گنیں عکرمہ رضی اللہ عنہ نے کہا: اللہ کی قسم آپ کو دعوت حق دیتے ہیں بخدا! قبل ازیں بھی آپ نے ہمارے اندر رہتے ہوئے اس کی دعوت دی جب کہ آپ سب سے سچے اور سب سے زیادہ مہربان تھے بولے: میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور گواہی دیتا ہوں کہ محمد اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔ رسول اللہ ﷺ اقرار شہادت سے بہت خوش ہوئے عرض کیا: یارسول اللہ! مجھے سب سے بہترین چیز کی تعلیم دیں جسے میں کہوں فرمایا تم کلمہ شہادت کہو عکرمہ رضی اللہ عنہ نے کلمہ شہادت دھرایا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: آج تم مجھ سے جو چیز مانگو گے میں تمہیں ضرور دوں گا۔ عکرمہ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: میں آپ سے سوال کرتا ہوں کہ میں جو آپ سے جس طرح کی بھی عداوت کی ہے یا کوئی بھی آپ کے خلاف سفر کیا ہے یا جہاں

کہیں بھی آپ سے جنگ کی ہے یا آپ کی شان میں جو بھی گستاخی کی ہے خواہ آپ حاضر تھے یا غائب ان سب امور کی اللہ تعالیٰ سے استغفار کریں تاکہ اللہ تعالیٰ مجھے معاف کردے۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: یا اللہ اس نے جو بھی مجھ سے عداوت کی اور تیرے نور کو مٹانے کے لیے جہاں بھی اس نے سفر کیا اس میرے سامنے جو بھی میری گستاخی کی یا غائبانہ طور پر گستاخی کی اسے معاف فرما عکرمہ بولے: یارسول اللہ میں راضی ہوں میں نے اللہ تعالیٰ کی راہ میں رکاوٹ بننے کے لیے جو اخراجات کیے میں ان کا دگنا اللہ کی راہ میں خرچ کروں گا میں نے اللہ کی راہ میں رکاوٹ بننے کے لیے جس جوانمردی سے لڑا ہوں اس کا دگنا اللہ کی راہ میں لڑوں گا پھر عکرمہ رضی اللہ عنہ نے ہتھیلی پر جان رکھ کر اسلام کے لیے بے دریغ لڑے آخر (یرموک میں) شہید ہوئے رسول اللہ ﷺ نے عکرمہ رضی اللہ عنہ کی بیوی پہلے نکاح ہی میں انھیں واپس کردی واقدی اپنے شیوخ سے نقل کرتے ہیں کہ سہیل بن عمرو نے حنین کے دن کہا: محمد اور اس کے ساتھیوں نے عکرمہ اور اس کی بیوی کا امتحان نہیں لیا عکرمہ نے اس سے کہا: وہ یہ کچھ نہیں چاہتے۔معاملہ تو اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے محمد کے ہاتھ میں تو نہیں ہے اگر میں آج پہلوتہی کروں گا تو کل اس کا انجام مجھے ہی بھگتنا پڑے گا سہیل نے کہا: بخدا تمہارا واقعہ تو اس کے خلاف ہے۔عکرمہ رضی اللہ عنہ بولے: اے ابویزید! ہم اس سے قبل بخدا! غیر موزوں مقام میں تھے ہمارے عقلیں الٹی پڑی تھیں ہم پتھروں کی پوجا کرتے تھے جو نہ نفع کے مالک تھے نہ نقصان کے۔رواہ الواقدی وو ابن عساکر

۳۷۴۲۰......زبیر بن موسیٰ مصعب بن عبداللہ بن ابی امیہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت منقول ہے۔کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں نے (خواب میں) ابوجہل کے لیے کھجوروں کا ایک خوشہ دیکھا جب عکرمہ بن ابی جہل رضی اللہ عنہ ایمان لائے تو آپ نے فرمایا: اے ام سلمہ! میرے خواب کی تعبیر عکرمہ ہے ام سلمہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: عکرمہ رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ سے شکایت کی کہ جب میں مدینہ میں چلتا پھرتا ہوں لوگ کہتے ہیں: یہ اللہ کے دشمن ابوجہل کا بیٹا ہے نبی کریم ﷺ لوگوں سے خطاب کرنے کے لیے کھڑے ہوئے حمد وثناء کے بعد فرمایا: لوگ معادن۔(معدن یمن کان کی جمع معادن) ہیں جو جاہلیت میں افضل تھا وہ اسلام میں بھی افضل ہے بشرطیکہ جب دین میں سمجھ بوجھ بیدار کرلے۔

رواہ ابن عساکر

۳۷۴۲۱......زہری مصعب بن عبداللہ بن ابی امیہ، ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ جب عکرمہ بن ابی جہل مدینہ آئے انصار کے پاس سے گزرتے وہ کہتے: یہ اللہ کے دشمن ابوجہل کا بیٹا ہے عکرمہ رضی اللہ عنہ نے ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے شکایت کی اور کہا: میرے خیال میں مجھے واپس مکہ لوٹ جانا چاہیے۔چنانچہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے رسول اللہ ﷺ کو خبر کردی آپ لوگوں سے خطاب کرنے کھڑے ہوئے اور فرمایا: لوگ معاون (کانیں) ہیں جو جاہلیت میں سب سے بہتر تھا وہ اسلام میں بھی سب سے بہتر ہے بشرطیکہ جب وہ دین میں سمجھ بوجھ پیدا کرلے کسی مسلمان کو کافر کی وجہ سے اذیت نہ پہنچائی جائے۔رواہ ابن عساکر

۳۷۴۲۲......"مسند عکرمہ" عکرمہ بن ابی جہل رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے فرمایا جس دن میں ہجرت کرکے آپ کے پاس پہنچا: ہجرت کرکے آنے والے کو ہم خوش آمدید کہتے ہیں میں نے عرض کیا: یارسول اللہ میں نے آپ کی مخالفت میں جس قدر اخراجات کئے ہیں اس سے دگنا اللہ کی راہ میں خرچ کردوں گا۔رواہ الترمذی وقال: ھکذا حدیث البغوی وابن مندہ وابن عساکر

۳۷۴۲۳......عامر بن سعد، عکرمہ بن ابوجہل رضی اللہ عنہ سے روایت نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے جب عکرمہ رضی اللہ عنہ کو دیکھا فرمایا: راکب مہاجر کو ہم مرحبا کہتے ہیں۔پھر عکرمہ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یا نبی اللہ! کیا کہوں؟ فرمایا: تم گواہی دو کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور یہ کہ محمد اللہ تعالیٰ کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔عرض کیا: میں اس کے بعد اور کیا کہوں؟ فرمایا: تم کہو: یا اللہ! میں تجھے گواہ بناتا ہوں کہ میں مہاجر ومجاہد ہوں عکرمہ رضی اللہ عنہ نے اس کا اقرار کیا: پھر نبی کریم ﷺ نے فرمایا: تم مجھ سے جو چیز مانگو گے میں تمہیں عطا کروں گا۔عرض کیا: میں آپ سے مال نہیں مانگتا میں قریش میں سب سے زیادہ مالدار ہوں۔لیکن میری آپ سے صرف ایک گزارش ہے کہ میرے لیے اللہ تعالیٰ سے استغفار کریں پھر عکرمہ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: میں نے اللہ تعالیٰ کی راہ میں رکاوٹ ڈالنے کے لیے جو اخراجات کئے ہیں اللہ کی قسم اگر میری عمر دراز ہوئی میں اس سے دگنا چوگنا اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کروں گا۔رواہ ابن عساکر

۳۷۴۲۴......"مسند انس رضی اللہ عنہ شعبہ، خالد حذاء کی سند سے حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ عکرمہ رضی اللہ عنہ نے صحن

انصاری کو قتل کیا نبی کریم ﷺ کو اس کی خبر ہوئی تو آپ ہنس پڑے انصار نے کہا: یارسول اللہ، آپ ہنس رہے ہیں کہ آپ کی قوم کے ایک شخص نے ہماری قوم کے ایک شخص کو قتل کر دیا آپ نے فرمایا: مجھے اس چیز نے نہیں ہنسایا لیکن اس نے اسے قتل کیا ہے اور وہ اس کے درجہ میں ہے۔
رواہ ابن عساکر

حضرت عمرو بن اسود رضی اللہ عنہ

۳۷۴۲۵..... حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جو شخص رسول اللہ ﷺ کی سیرت کو دیکھنا چاہے وہ عمرو بن اسود کی سیرت دیکھ لے۔
رواہ احمد بن حنبل

حضرت عثمان ابوقحافہ رضی اللہ عنہ

۳۷۴۲۶..... قاسم اپنے والد سے روایت نقل کرتے ہیں کہ ان کے دادا رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں ابوقحافہ کو لیکر رسول اللہ کی خدمت میں حاضر ہوا آپ نے فرمایا: تم نے اس بزرگ کو گھر پر ہی کیوں نہیں رہنے دیا حتیٰ کہ میں خود اس کے پاس آ جاتا۔ میں نے عرض کیا: بلکہ یہی آپ کے پاس حاضر ہونے کا زیادہ حق رکھتا ہے آپ نے فرمایا: ہمیں اس کے بیٹے کے احسانات اچھی طرح یاد ہیں۔ رواہ البزار والحاکم

۳۷۴۲۷..... جابر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ فتح مکہ کے دن آپ ﷺ کے پاس ابوقحافہ رضی اللہ عنہ لائے گئے تاکہ بیعت کریں جب کہ ابوقحافہ کا سر اور داڑھی بالکل سفید ہو چکا تھا رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کسی چیز سے اس کا سر اور داڑھی تبدیل کر دو۔ یعنی مہندی وغیرہ سے بال سرخ کر دو۔
رواہ ابن عساکر

۳۷۴۲۸..... حضرت اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ جب رسول اللہ (گھر میں) داخل ہوئے اور اطمینان سے بیٹھ گئے آپ کے پاس ابوبکر رضی اللہ عنہ اپنے والد ابوقحافہ رضی اللہ عنہ کو لائے جب رسول اللہ ﷺ نے انھیں دیکھا فرمایا: اے ابوبکر! اس بزرگ کو گھر پر ہی کیوں نہیں رہنے دیا حتیٰ کہ میں خود چل کر اس کے پاس آ جاتا۔ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: یارسول اللہ! یہ آپ کی طرف چل کر آنے کا زیادہ حقدار ہے چنانچہ ابوقحافہ رضی اللہ عنہ نے اسلام قبول کیا اور شہادت حق کا اقرار کیا۔ رواہ ابن النجار

۳۷۴۲۹..... حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت ہے کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ کی باپ کے سوا کسی مہاجر کے باپ نے اسلام قبول نہیں کیا۔
رواہ ابن مندہ وموسی بن عقبہ

۳۷۴۳۰..... زہری کی روایت ہے کہ فتح مکہ کے دن جب ابوقحافہ نبی کریم ﷺ کے پاس لائے گئے ان کا سر سفید پھول کی مانند تھا نبی کریم ﷺ نے فرمایا: تم نے بوڑھے بزرگ کو اس کے گھر میں کیوں نہیں ٹھہر نے دیا تاکہ ہم ابوبکر کی عظمت واکرام کی خاطر خود آ جاتے آپ نے حکم دیا کہ اس کے بالوں کا رنگ تبدیل کر دو پھر آپ نے ابوقحافہ رضی اللہ عنہ سے بیعت لے لی۔ ابوقحافہ مدینہ آئے حتیٰ کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ کے دور خلافت کو پایا ہے جب کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ ان سے پہلے وفات پا گئے ابوبکر رضی اللہ عنہ کے مال میں سے چھٹے حصہ کے وارث بنے جو انھوں نے ابوبکر رضی اللہ عنہ کی اولاد کو واپس دے دیا۔ ابوقحافہ رضی اللہ عنہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دور خلافت میں ۱۴ھ میں وفات پائی اس وقت ان کی عمر ستانوے (۹۷) سال تھی۔ رواہ عبدالرزاق

حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ

۳۷۴۳۱..... حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: یا اللہ! عمرو بن العاص نے میری ہجو کی ہے حالانکہ وہ

جانتا ہے کہ میں شاعر نہیں ہوں تو بھی اس کی ہجو کر اور س پر لعنت کر اسی بقدر جتنی اس نے میری ہجو کی یا فرمایا: میری ہجو کی جگہ۔

رواہ الرویانی وابن عساکر وقال: فی اسنادہ مقال

کلام:...... حدیث ضعیف ہے ابن عساکر کے بقول اس کی سند میں مقال ہے۔

۳۷۴۳۲...... جابر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ حضرت عمرو بن العاص کے پاس تشریف لے گئے اور فرمایا: ابوعبداللہ ام عبداللہ اور عبداللہ اچھے گھر والے ہیں۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۴۳۳...... جابر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ایک دن نبی کریم ﷺ اپنی چادر اوڑھے سور ہے تھے یا سونے کے قریب تھے فرمانے لگے: یا اللہ! عمرو کی مغفرت فرما۔ تین بار فرمایا: صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: یارسول اللہ! کون سا عمرو؟ فرمایا: عمرو بن العاص میں نے جب بھی اسے صدقہ کی پیشکش کی وہ میرے پاس صدقہ لیتا آیا۔ رواہ ابن عدی وابن عساکر

۳۷۴۳۴...... عمرو بن مرہ کی روایت ہے کہ صحابہ رضی اللہ عنہم نے حضرت نے حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ سے کہا: رسول اللہ ﷺ تم سے مشورہ لیتے تھے اور تمہیں لشکروں کا امیر امقرر کر کے بھیجتے تھے عمرو ابن العاص رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تمہیں کیسے پتہ چلا شاید رسول اللہ ﷺ اس سے میرے ساتھ الفت کرنا چاہتے ہوں۔ رواہ ابن ابی شیبۃ

۳۷۴۳۵...... "مسند علقمہ بلوی" علقمہ بن رمثہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کو بحرین بھیجا پھر رسول اللہ ﷺ خود بھی ایک سریہ کے ساتھ چل پڑے ہم بھی آپ کے ہمراہ تھے چنانچہ رسول اللہ ﷺ کی آنکھ لگ گئی اور پھر بیدار ہو گئے اور فرمایا: اللہ تعالیٰ عمرو پر رحم فرمائے: ہم آپس میں مذاکرہ کرنے لگے کہ عمرو کس کا نام ہے۔ ایک بار پھر آپ کی آنکھ لگ گئی اور پھر بیدار ہوئے اور فرمایا: اللہ تعالیٰ عمرو پر رحم فرمائے ہم نے عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ عمرو کون ہے؟ آپ نے فرمایا: عمرو بن العاص۔ صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: ان کا کیا حال ہے؟ میں نے عمرو کو اس لیے یاد کیا ہے کہ جب بھی میں نے صدقہ لانے کا اعلان کیا عمرو نے صدقات دینے میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ میں عمرو سے کہتا اے عمرو! یہ کہاں سے لے آئے ہو؟ وہ کہتا: اللہ تعالیٰ کے پاس سے لایا ہوں۔ عمرو نے سچ کہا بلاشبہ اللہ تعالیٰ کے ہاں عمرو کے لیے بہت خیر و بھلائی ہے۔

رواہ یعقوب بن سفیان وابن مندہ وابن عساکر والدیلمی وسندہ صحیح

۳۷۴۳۶...... "مسند عمر" زید بن اسلم کی روایت ہے کہ حضرت بن خطاب رضی اللہ عنہ نے حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ سے فرمایا: مجھے تمہاری ذھاہنت اور عقلمندی پر تعجب ہے پھر تم کیسے مہاجرین اولین کی صف میں شامل نہیں ہو سکے؟ حضرت عمرو رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: آپ کو یہ بات عجیب نہ لگے چونکہ میں ایسا شخص ہوں کہ جسکا دل کسی اور ذات کے قبضہ قدرت میں ہے جس سے چھٹکارا پانے کی کوئی صورت نہیں بن پڑتی الا یہ کہ اللہ تعالیٰ خود کوئی ارادہ کر فرمائے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم نے سچ کہا۔ رواہ ابن عساکر

حضرت عویمر بن عبداللہ بن زید ابوالدرداء رضی اللہ عنہ

۳۷۴۳۷...... جویریہ مندرجہ ذیل حدیث کا کچھ حصہ نافع سے روایت کرتے ہیں اور کچھ حصہ ابودرداء کی اولاد میں سے ایک شخص سے کہتے ہیں: ابو درداء رضی اللہ عنہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے شام جانے کے لئے اجازت طلب کی حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں تمہیں اجازت نہیں دے سکتا الا یہ کہ تم عامل کا عہدہ قبول کرو ابودرداء رضی اللہ عنہ نے کہا: میں عامل۔ (گورنر) نہیں بننا چاہتا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرمایا: تب میں تمہیں شام جانے کی اجازت بھی نہیں دے سکتا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: شام میں جاؤں گا تا کہ وہاں لوگوں کو نبی کریم ﷺ کی سنت تعلیم کروں اور ان کے ساتھ نماز پڑھوں۔ تا ہم انھیں اجازت دے دی۔ چنانچہ عمر رضی اللہ عنہ شام کی طرف روانہ ہو گئے جب شام میں مسلمانوں کی چھاؤنی نے قریب پہنچے تو باہر ہی قیام کیا حتی کہ جب شام ہوئی اور رات چھا گئی فرمایا: اے یرفاء۔ (خادم کا نام تھا) مجھے یزید بن ابی سفیان کے پاس لے چلو تا کہ میں دیکھوں کہ اس کے پاس رات کو باتیں کرنے والے ہیں چراغ جل رہے ہیں یا نہیں اور وہ مسلمانوں کے مال غنیمت سے

لیے ہوئے دریباج وریشم کے بچھونے پہ سویا ہے تم اسے سلام کرنا وہ تجھے سلام کا جواب دے گا تم اس سے اجازت طلب کرنا وہ تمہیں اجازت نہیں دے گا حتیٰ کہ اسے معلوم ہو جائے کہ تم کون ہو چنانچہ ہم چل پڑے جب دروازے پر پہنچے یرفا نے کہا: السلام علیکم! یزید بن ابی سفیان رضی اللہ عنہ بولے: وعلیکم السلام بولا: کیا میں اندر داخل ہو جاؤں؟ جواب ملا: تو کون ہے۔ کہا: میں یرفاء ہوں اور یہ وہ شخص ہے جس کا آنا تمہیں اچھا نہیں لگتا اور یہ امیر المؤمنین ہیں۔ یزید بن ابی سفیان رضی اللہ عنہ نے دروازہ کھولا کیا دیکھتے ہیں کہ رات کو باتیں کرنے والے موجود ہیں چراغ جل رہا ہے اور وہ خود دیباج وریشم کا بچھونا لگائے بیٹھے ہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے یرفاء دروازے پر رہو۔ پھر آپ رضی اللہ عنہ نے درہ مارنے کے لیے کان میں رکھ لیا پھر ساز وسامان جمع کیا اور کمرے کے درمیان رکھ دیا پھر گھر میں حاضرین سے فرمایا، تم میں سے کوئی شخص یہاں سے ہلنے نہ پائے حتیٰ کہ میں واپس لوٹ آؤں۔ پھر دونوں وہاں سے نکل پڑے اور آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے یرفاء! ہمیں عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کے پاس لے جاؤ تاکہ ہم اس کے پاس رات کے قصہ گو دیکھیں چراغ اور دیباج وریشم کا بچھونا دیکھیں جو کہ مسلمانوں کے مال غنیمت میں سے ہیں۔ تم اس پر سلام کرو گے وہ تمہیں سلام کا جواب دے گا تم اندر جانے کی اجازت طلب کرنا وہ تمہیں اجازت نہیں دے گا حتیٰ کہ اسے معلوم ہو جائے تم کون ہو چنانچہ ہم عمرو رضی اللہ عنہ دروازے پر پہنچے عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: السلام علیکم! جواب ملا وعلیکم السلام کہا: میں داخل ہو سکتا ہوں جواب دیا: تم کون ہو؟ یرفا نے جواب دیا: یہ وہ شخص ہے جس کا آنا تمہیں اچھا نہیں لگے گا یہ امیر المؤمنین ہیں عمر رضی اللہ عنہ نے دروازہ کھولا کیا دیکھتے ہیں کہ رات کے قصہ گو یا چراغ اور دیباج وریشم کے بچھونے موجود ہیں۔ عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے یرفاء! دروازے پر رہو پھر آپ رضی اللہ عنہ نے ساز وسامان جمع کیا اور گھر کے درمیان رکھ دیا آپ نے درہ کان میں رکھ دیا فرمایا: تم لوگ یہاں سے ہرگز ہلنے نہ پاؤ تاوقتیکہ میں واپس لوٹ آؤں۔ فرمایا: اے یرفاء ہمیں ابوموسیٰ کے پاس لے جاؤ تاکہ میں وہاں رات کے قصہ گو چراغ اور صوف کے بچھونے دیکھوں جو کہ مسلمانوں کے مال غنیمت سے ہیں۔ تم اس سے اجازت طلب کرو گے وہ تمہیں اجازت نہیں دے گا حتیٰ کہ اسے معلوم ہو جائے کہ تم کون ہو۔ چنانچہ ہم چل پڑے ہم تے ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ کے پاس رات کے قصہ گو چراغ اور صوف (اون) کے بچھونے دیکھے عمر رضی اللہ عنہ نے مارنے کے لیے درہ کان میں رکھ لیا اور فرمایا: اے ابوموسیٰ تم بھی ایسے ہو گئے ہو ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ نے کہا: اے امیر المؤمنین! آپ نے یہ جو کچھ دیکھا ہے میرے ساتھیوں نے کیا ہے۔ اللہ کی قسم مجھے بھی وہی کچھ مل پایا ہے جو کچھ دوسرے لوگوں کو ملا ہے۔ فرمایا: یہ کیا ہے جواب دیا: شہر والوں کو خیال ہے یہ ہی چیز اصلح اور زیادہ مناسب ہے۔ چنانچہ آپ رضی اللہ عنہ نے سامان لپیٹا اور گھر کے درمیان رکھ دیا حاضرین سے فرمایا: تم میں سے کوئی شخص یہاں سے نکلنے نہ پائے تاوقتیکہ میں تمہارے پاس لوٹ نہ آؤں۔ جب ہم ان کے پاس سے نکلے عمر رضی اللہ عنہ بولے: اے یرفاء اب ہمیں ہمارے بھائی کے پاس لے چلو ہم اسے ضرور دیکھیں گے اس کے پاس رات کی قصہ گوئی ہو گی اور نہ ہی چراغ جل رہا ہو گا اس کے دروازہ پر تالہ بھی نہیں ہو گا اس کا بچھونا کنکریاں ہوں گی اس نے عام سی گدڑی کا تکیہ بنا رکھا ہو گا اور اپنے اوپر باریک سی چادر اوڑھی ہو گی وہ سردی سے ٹھٹھر رہا ہو گا تو اسے سلام کرے گا وہ تجھے سلام کا جواب دے گا تو اس سے اجازت طلب کرے گا وہ تجھے اجازت دے دے گا قبل ازیں کہ اسے معلوم ہو تم کون ہو ہم چل پڑے حتیٰ کہ جب اس کے دروازے پر پہنچے عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: السلام علیکم جواب ملا وعلیکم والسلام کہا: میں اندر آ جاؤں؟ جواب ملا اندر آ جاؤ چنانچہ عمر رضی اللہ عنہ دروازہ کھول کر اندر گئے دروازے پر کوئی رکاوٹ نہیں ہم تاریک گھر میں داخل ہوئے عمر رضی اللہ عنہ اسے تلاش کرنے لگے بالاخر ان کا ہاتھ اس پر جا لگا تکیہ ٹٹول کر دیکھا وہ عام سی گدڑی کا بنا تھا ان کا بچھونا دیکھا تو وہ کنکریوں کا تھا اوڑھنی دیکھی تو وہ عام باریک سی چادر تھی۔ ابودرداء رضی اللہ عنہ بولے: یہ کون ہے؟ کہا امیر المؤمنین ہیں فرمایا: جی ہاں کہا بخدا میں آپ کو اس سال سے مؤخر کرتا رہا ہوں عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: اللہ تعالیٰ تجھ پر رحم فرمائے کیا میں تمہیں وسعت نہ دے دوں؟ کیا میں تمہیں آسودگی میں نہ کر دوں؟ ابودرداء رضی اللہ عنہ بولے: کیا آپ کو رسول اللہ ﷺ کی بیان کردہ حدیث یاد ہے عمر رضی اللہ عنہ نے پوچھا: کونسی حدیث کہا: وہ یہ ہے کہ ”تمہیں دنیا میں اتنا گزارہ ہے کافی ہے جتنا کہ مسافر کا زادراہ عمر رضی اللہ عنہ بولے: جی ہاں ابودرداء رضی اللہ عنہ نے کہا: اے عمر! پھر ہم نے رسول اللہ ﷺ کے بعد کیا کرنا شروع کر دیا ہے۔ چنانچہ دونوں ل صبح تک پھوٹ پھوٹ کر رونے لگے۔ رواہ الیشکری فی الیشکریات وابن عساکر

۳۷۴۳۸..... جوشب فزاری کی روایت ہے کہ انھوں نے ابودرداء رضی اللہ عنہ کو منبر پر خطاب کرتے سنا وہ فرما رہے تھے: جتنا تمہیں علم ہے اس پر

کتنا عمل کیا؟ کتاب اللہ کی ہر آیت یا تو ڈانٹنے والی ہے یا کسی چیز کا حکم دیتی ہے ہر آیت اپنے فریضہ کا مجھ سے سوال کرتی ہے میرے خلاف امر والی آیت گواہی دیتی ہے کہ میں عمل نہیں کرتا ڈانٹنے والی آیت گواہی دیتی ہے کہ میں باز نہیں آ رہا تو کیا میں چھوڑ دوں۔ رواہ ابن عساکر

حضرت عمرو بن طفیل رضی اللہ عنہ

۳۷۴۳۹......"مسند عمر" عبدالواحد بن ابی عون دوسی کہتے ہیں: حضرت طفیل بن عمرو رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور مدینہ ہی میں آپ کے ساتھ ٹھہر گئے حتیٰ کہ رسول اللہ ﷺ اللہ کو پیارے ہو گئے آپ کی رحلت کے بعد عرب مرتد ہو گئے طفیل رضی اللہ عنہ مسلمانوں کے ساتھ شامل ہو کر جہاد کے لیے روانہ ہوئے حتیٰ کہ طلیحہ اور سرزمین نجد سے فارغ ہوئے پھر مسلمانوں کے ساتھ یمامہ کی طرف روانہ ہوئے ان کے ساتھ ان کا بیٹا عمرو بن طفیل رضی اللہ عنہ بھی تھا چنانچہ جنگ یمامہ میں طفیل رضی اللہ عنہ شہید ہوئے اور ان کا بیٹا عمرو بن طفیل رضی اللہ عنہ زخمی ہوا ان کا ہاتھ کٹ گیا اور بری طرح متاثر ہوا بعد میں ہاتھ صحیح ہو گیا: چنانچہ ایک مرتبہ عمرو بن طفیل رضی اللہ عنہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے پاس تھے اتنے میں کھانا لایا گیا عمرو رضی اللہ عنہ اس سے الگ ہو گئے حضرت عمر رضی اللہ عنہ الگ ہو جانے کی وجہ دریافت کی اور فرمایا: کیا تم اپنے ہاتھ کی وجہ سے الگ ہو گئے ہو عرض کیا: جی ہاں عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: بخدا میں کھانا چکھوں گا بھی نہیں جب تک تم اپنے ہاتھ سے کھاؤ گے نہیں عمرو رضی اللہ عنہ نے کھانا شروع کیا: عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: بخدا! قوم میں ایسا کوئی شخص نہیں جس کے بدن کا کچھ حصہ جنت میں پہنچ گیا ہو بجز تمہارے پھر عمرو رضی اللہ عنہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دور خلافت میں جنگ یرموک میں حصہ لیا اور اسی میں شہید ہوئے۔

رواہ ابن سعد وابن عساکر

۳۷۴۴۰......حضرت عمرو بن طفیل ذوالنورین دوسی رضی اللہ عنہ رسول کریم ﷺ کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے تھے رسول اللہ ﷺ نے ان کے کوڑے کے لیے دعا کی تھی جس سے ان کا کوڑا چمک اٹھا عمرو رضی اللہ عنہ اپنے کوڑے کی روشنی میں رات کو چلتے تھے۔

رواہ ابن مندہ وابن عساکر

۳۷۴۴۱......حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے حضرت عمرو بن طفیل رضی اللہ عنہ کو خیبر سے اپنی قوم کی طرف واپس لوٹ جانے کا حکم دیا عرض کیا: یا رسول اللہ! جنگ پورے زور پر ہے جب کہ آپ مجھے جنگ سے غائب کرنا چاہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کیا تم خوش نہیں ہو کہ تم اللہ کے رسول کے قاصد ہو۔ رواہ ابن مندہ وابن عساکر

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ

۳۷۴۴۲......"مسند عمر" قبیصہ بن ذویب کی روایت ہے کہ حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ نے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کو کسی چیز سے روکنا چاہا نہ ماننے پر کہا: میں ایسی سرزمین پر نہیں رہ سکتا چنانچہ مدینہ پہنچ گئے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان سے پوچھا: تم کیوں آ گئے ہو؟ عبادہ رضی اللہ عنہ نے ماجرا سنایا حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اپنی جگہ واپس لوٹ جاؤ اللہ تعالیٰ اس سرزمین کا برا کرے جس پر تو اور تجھ جیسے لوگ نہ ہوں معاویہ کو تمہارے اوپر حکمرانی کرنے کا کوئی حق نہیں۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۴۴۳......عبادہ بن محمد بن صامت کی روایت ہے کہ جب حضرت عبادہ رضی اللہ عنہ کی وفات کا وقت قریب ہوا تو آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میرا بستر گھر کے صحن میں نکالو۔ پھر حکم دیا کہ میرے پاس میرے غلاموں خادموں اور پڑوسیوں کو جمع کرو چنانچہ گھر والوں نے مذکورہ لوگوں کو جمع کیا جب لوگ جمع ہو گئے عبادہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں سمجھتا ہوں دنیا میں میرا یہ آخری دن ہوگا اور آنے والی رات آخرت کی میری پہلی رات ہوگی مجھے معلوم نہیں شاید میرے ساتھ یا میری زبان سے کسی کے حق میں زیادتی ہوئی ہو لہٰذا اسے چاہئے کہ میری روح قبض ہونے سے پہلے پہلے مجھ سے قصاص لے لے۔ حاضرین نے کہا: بلکہ آپ والد ہیں اور آپ نے ہمارے تربیت کی ہے عبادہ بن محمد کہتے ہیں: عبادہ بن صامت رضی

اللہ عنہ نے خادم کو کبھی بری بات نہیں کہی عبادہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا تم مجھے معاف کرتے ہو؟ لوگوں نے کہا: جی ہاں فرمایا: یا اللہ،! گواہ رہ پھر فرمایا خبردار! میری وصیت یاد رکھنا میں ہر انسان کو منع رونے سے کرتا ہوں جب میری روح قبض ہو جائے تو اچھی طرح سے وضو کرو اور پھر ہر شخص مسجد میں داخل ہو جائے نماز پڑھے عبادہ کے لیے اور اپنی ذات کے لیے استغفار کرے چنانچہ فرمان باری تعالیٰ ہے۔''استعینو ابالصبر والصلوٰۃ''صبر اور نماز کے ذریعے مدد طلب کرو مجھے قبر میں جلدی دفن کرنا میرے پیچھے آگ نہ لانا اور میرے نیچے سرخ کپڑا نہ پھیلانا۔

رواه البيهقي في شعب الايمان وابن عساكر

۳۷۴۴۴......قتادہ کی روایت ہے کہ حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ بدری صحابی ہیں اور نقباء انصار میں سے ایک ہیں۔انھوں نے رسول اللہ ﷺ کے دست اقدس پر بیعت کی تھی کہ اللہ تعالیٰ کی معاملہ میں کسی ملامت گر کی ملامت سے نہیں ڈریں گے۔رواہ البخاری ومسلم

حضرت عمیر بن سعد انصاری رضی اللہ عنہ

۳۷۴۴۵......''مسند عمر''محمد بن مزاحم کی روایت ہے کہ حضرت عمرو بن خطاب رضی اللہ عنہ نے حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ کی وفات کے بعد حضرت عمیر بن سعد رضی اللہ عنہ کو حمص کا گورنر بنا کر بھیجا ایک سال تک حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس ان کی کوئی خیر خبر نہیں آئی حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک دن اپنے کاتب کو حکم دیا عمیر کو خط لکھو اللہ کی قسم میرا تو خیال ہے کہ عمیر نے ہمارے ساتھ خیانت کی ہے۔خط کا مضمون یہ تھا۔

''جونہی میرا خط تمہیں ملے فوراً میرے پاس آ جاؤ اور میرا خط پڑھتے ہی تم وہ سارا مال ساتھ لے کر آ ؤ جو تم نے مسلمانوں کے مال غنیمت میں سے جمع کر رکھا ہے''۔

چنانچہ خط پڑھتے ہی حضرت عمیر رضی اللہ عنہ مدینہ کے لیے تیار ہوئے اپنا چمڑے کا تھیلا لیا اور اس میں اپنا توشہ اور پیالہ رکھا چمڑے کا لوٹا تھیلے سے باندھ کر لٹکا لیا اپنی لاٹھی لی اور حمص سے پیدل چل کر مدینہ منورہ پہنچے مدینہ پہنچے تو آپ کا رنگ بدلا ہوا تھا چہرہ غبار آلود تھا بال لمبے ہو چکے تھے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور کہا: السلام علیک یا امیر المؤمنین حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے پوچھا: تمہارا کیا حال ہے؟ عمیر رضی اللہ عنہ بولے: آپ مجھے کس حال میں دیکھ رہے ہیں کیا آپ دیکھ نہیں رہے کہ میں صحتمند اور پاکیزہ وصاف وستھرے خون والا ہوں اور میرے ساتھ میری دنیا ہے جس کی باگ پکڑ کر میں کھینچ لایا ہوں حضرت عمر رضی اللہ عنہ سمجھے یہ اپنے ساتھ بہت سامال لائے ہوں گے جو ابھی پہنچے ہیں اس لیے پوچھا: تمہارے ساتھ کیا مال ہے حضرت عمیر رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: میرے پاس میرا تھیلا ہے جس میں میں اپنا توشہ اور پیالہ رکھتا ہوں پیالہ میں کھا بھی لیتا ہوں سر دھو لیتا ہوں اور اسی میں کپڑے بھی دھو لیتا ہوں ایک لوٹا ہے جس میں وضو کرتا ہوں اور پیسے رکھتا ہوں میری ایک لاٹھی ہے جس پر میں ٹیک لگاتا ہوں اگر کوئی دشمن سامنے آ جائے تو اس سے اس کا مقابلہ بھی کرتا ہوں اللہ کی قسم دنیا میرے اس سامان کے علاوہ ہے (یعنی میری دنیاوی ضروریات اس سے پوری ہو جاتی ہیں) پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے پوچھا: حمص سے تم پیدل چل کر آئے ہو؟ عرض کیا: جی ہاں، فرمایا: کیا وہاں تمہارا کوئی تعلقدار نہیں جس سے سواری لے کر آ جاتے؟ عرض کیا: وہاں کے لوگوں نے مجھے سواری نہیں دی اور نہ ہی میں نے ان سے سواری کا مطالبہ کیا ہے۔عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: بہت بُرے مسلمان ہیں وہ جنھوں نے اپنے گورنر کا خیال نہیں رکھا عمیر رضی اللہ عنہ نے کہا: اے عمر! اللہ سے ڈریئے اللہ تعالیٰ نے غیبت سے منع فرمایا ہے جب کہ میں نے وہاں کے لوگوں کو صبح کی نماز پڑھتے دیکھا ہے (جو شخص نماز پڑھ لیتا ہے وہ اللہ تعالیٰ کی ذمہ داری میں آ جاتا ہے) حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے تمہیں کہاں بھیجا تا اور تم نے کیا کیا؟ عمیر رضی اللہ عنہ نے کہا: امیر المؤمنین آپ کیا پوچھنا چاہتے ہیں میں سمجھا نہیں ہوں۔عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: سبحان اللہ (سوال تو واضح ہے) حضرت عمیر رضی اللہ عنہ نے کہا: اگر یہ ڈر نہ ہوتا کہ نہ بتانے سے آپ غمگین ہوں گے تو میں آپ کو نہ بتاتا آپ نے جہاں مجھے بھیجا تھا وہاں پہنچ کر میں نے نیک لوگوں کو جمع کیا اور مسلمانوں سے مال غنیمت جمع کرنے کا ان کو ذمہ دار بنایا چنانچہ جب وہ مال جمع کر کے لے آئے میں نے وہ مال صحیح مصرف میں خرچ کیا اگر شرعاً اس میں آپ کا حصہ ہوتا میں آپ کے پاس ضرور لے کر آتا عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا تم ہمارے پاس

کچھ نہیں لائے؟ حضرت عمیر رضی اللہ عنہ نفی میں جواب دیا: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا یہ تو بہت اچھے گورنر ہیں جو اپنے ساتھ کچھ نہیں لے کر آئے لہٰذا ان کے لیے دوبارہ حمص کی گورنری کا عہد نامہ لکھ دو حضرت عمیر رضی اللہ عنہ نے کہا: اب میں آپ کی طرف سے گورنر بننے کو تیار نہیں ہوں اور نہ ہی آپ کے بعد کسی اور کی طرف سے کیونکہ اللہ کی قسم میں۔(اس گورنری میں خرابی سے) بچ نہ سکا۔ میں نے ایک نصرانی سے۔(امارت کے زعم میں) کہا تھا: اے فلاں اللہ تعالیٰ تجھے ذلیل کرے جب کہ ذمی کو تکلیف پہنچانا برا کام ہے اے عمر آپ نے مجھے گورنر بنا کر بڑی خرابیوں میں مبتلا کیا ہے۔ اے عمر میری زندگی کے سب سے برے دن وہ ہیں جن میں میں آپ کے ساتھ پیچھے رہ گیا (اور دنیا سے چلا نہیں گیا) پھر عمیر رضی اللہ عنہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے اجازت طلب کی حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے انھیں اجازت دے دی چنانچہ عمیر رضی اللہ عنہ مدینہ سے اپنے گھر واپس لوٹ آئے ان کا گھر مدینہ سے چند میل کے فاصلہ پر تھا۔

جب حضرت عمیر رضی اللہ عنہ چلے گئے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میرا تو یہی خیال ہے کہ عمیر نے ہم سے خیانت کی ہے (یہ حمص سے ضرور مال لے کر آیا ہے جو میرے پاس نہیں لایا بلکہ سیدھا اپنے گھر بھیج دیا ہے) پھر عمر رضی اللہ عنہ نے حارث نامی آدمی کو سو(۱۰۰) دینار دے کر کہا یہ لے جاؤ اور عمیر کے پاس جا کر اجنبی مہمان بن کر ٹھہر جاؤ اگر اس کے گھر میں مال کی فراوانی دیکھو تو فوراً میرے پاس لوٹ آؤ اور اگر اسے تنگی کی حالت میں دیکھو تو سو(۱۰۰) دینار اسے دے دینا۔ حارث جب حضرت عمیر رضی اللہ عنہ کے پاس پہنچے دیکھا کہ عمیر رضی اللہ عنہ ایک دیوار کے ساتھ بیٹھے اپنی قمیص سے جوئیں نکال رہے ہیں حارث نے کہا: السلام علیکم! عمیر رضی اللہ عنہ نے سلام کا جواب دیا: عمیر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ تم پر رحم کرے آ جاؤ اور ہمارے مہمان بن جاؤ حارث سواری سے اترا اور ان کے یہاں ٹھہر گئے پھر حضرت عمیر رضی اللہ عنہ نے پوچھا: آپ کہاں سے آئے ہیں؟ جواب دیا: مدینہ سے فرمایا: امیر المؤمنین کو کس حال میں چھوڑا ہے؟ جواب دیا: اچھے حال میں تھے پوچھا: مسلمانوں کا کیا حال ہے؟ جواب دیا: وہ بھی ٹھیک ہیں عمیر رضی اللہ عنہ نے پوچھا کیا امیر المؤمنین شرعی حدود قائم نہیں کرتے ہیں: حارث نے جواب دیا: امیر المؤمنین کے بیٹے سے کبیرہ گناہ ہو گیا تھا تو امیر المؤمنین نے اس پر حد شرعی قائم کی کوڑے سے اس کی پٹائی کی جس سے اس کا انتقال ہو گیا تھا عمیر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یا اللہ! عمر کی مدد فرما جہاں تک میں جانتا ہوں وہ تجھ سے بے انتہا محبت کرتے ہیں۔

چنانچہ حارث عمیر رضی اللہ عنہ کے ہاں تین دن تک رہے ان کے ہاں جو کی صرف ایک ہی روٹی ہوتی تھے جسے مہمان کھا لیتا اور میزبان بھوکے رہ جاتے آخر جب فاقہ بہت زیادہ ہو گیا تو حارث سے کہا: تمہاری وجہ سے ہمارے گھر میں فاقوں تک نوبت پہنچ گئی ہے اگر مناسب سمجھو تو کہیں اور چلے جاؤ اس پر حارث نے سو دینار نکالے اور پیش کیے ساتھ کہا: یہ دینار امیر المؤمنین نے آپ کے لئے بھیجے ہیں۔ آپ انھیں اپنے کام میں لائیں عمیر رضی اللہ عنہ نے کہا: یہ واپس لے جاؤ ہمیں ضرورت نہیں اتنے میں بیوی بولی: دینار لے لو اگر ضرورت پڑی تو اس میں سے خرچ کر لینا ورنہ مناسب جگہ خرچ کر دینا عمیر رضی اللہ عنہ فرمایا: اللہ کی قسم میرے پاس کوئی جگہ ایسی نہیں ہے جہاں میں انھیں رکھوں گا اس پر ان کی بیوی نے اپنی قمیص کا نیچے والا دامن پھاڑ کر دیا جس میں انہوں نے وہ دینار رکھ لیے پھر باہر تشریف لائے دو دو چار چار کر کے سب کے سب فقراء، مساکین اور محتاجوں میں تقسیم کر دیئے حارث کا خیال تھا کہ عمیر رضی اللہ عنہ انھیں بھی کچھ دیں گے مگر عمیر رضی اللہ عنہ نے رخصت کرتے وقت اتنا کہا کہ امیر المؤمنین کو ہمارا سلام کہنا۔

حارث جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس پہنچے تو آپ رضی اللہ عنہ نے پوچھا: عمیر کا کیا حال ہے؟ حارث نے جواب دیا: وہ تو بہت سختی میں ہیں پوچھا: دیناروں کا کیا بنا؟ حارث نے کہا: مجھے نہیں پتہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے خط لکھا کہ: اے عمیر یہ خط پاتے ہی فوراً میرے پاس آ جاؤ چنانچہ عمیر رضی اللہ عنہ مدینہ آ گئے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے پوچھا ہم نے جو دینار بھیجے تھے ان کا کیا کیا؟ عمیر رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: مجھے جو مرضی آئی کیا آپ ان دیناروں کے متعلق کیوں پوچھ رہے ہیں؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: میں تمہیں قسم دے کر کہتا ہوں مجھے ضرور بتاؤ دیناروں کا کیا کیا؟ حضرت عمیر رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: میں نے ان کو اپنے لیے اگلے جہاں میں بھیج دیا ہے (یعنی ضرورت مندوں میں تقسیم کر دیئے ہیں)

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ آپ پر رحم فرمائے پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حکم دیا کہ حضرت عمیر رضی اللہ عنہ کو ایک

وسق۔(یعنی پانچ من دس سیر) غلہ اور دو کپڑے دیئے جائیں حضرت عمیر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے غلہ کی ضرورت نہیں چونکہ میں گھر پر دو صاع (سات سیر) جو چھوڑ کر آیا ہوں ان دو صاع کے کھانے سے قبل اللہ تعالیٰ اور رزق پہنچا دیں گے چنانچہ عمیر رضی اللہ عنہ نے غلہ تو نہ لیا البتہ دو کپڑے لیتے گئے اور فرمایا: فلاں ام فلاں کے پاس کپڑے نہیں ہیں (اسے دوں گا) پھر اپنے گھر واپس لوٹ آئے اور تھوڑے عرصہ بعد اللہ تعالیٰ کو پیارے ہو گئے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو جب ان کی وفات کی خبر پہنچی تو فرمایا: اللہ تعالیٰ عمیر کو غریق رحمت کرے پھر آپ رضی اللہ عنہ نے حاضرین سے کہا: ہر شخص اپنے دل میں تمنا و آرزو کرے۔ فرمایا: لیکن میں تمنا کرتا ہوں کہ میرے پاس عمیر رضی اللہ عنہ جیسے لوگ ہوں جن کے ذریعے میں مسلمانوں کے امور (سرکاری کاموں) میں مدد لوں۔ رواہ ابن عساکر

حضرت عبدالرحمٰن بن ابزی رضی اللہ عنہ

۳۷۴۴۶...... عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ کی روایت ہے کہ میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ساتھ مکہ کی طرف روانہ ہوا مکہ پہنچنے پر مکہ کے امیر نافع بن حرث نے ہمارا استقبال کیا نافع بن حرث نے کہا: میں اہل مکہ پر کسے نائب مقرر کروں عمر رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: عبدالرحمٰن بن ابزی کو نائب مقرر کرو: نافع نے کہا: آپ نے تو آزاد کردہ غلام کو نائب مقرر کر دیا ہے جب کہ مکہ میں قریش رہتے ہیں اور محمد ﷺ کے اصحاب رہتے ہیں فرمایا: جی ہاں میں نے عبدالرحمٰن کو قرآن مجید کا سب سے بڑا قاری پایا ہے جب کہ مکہ میں لوگ حاضری دینے کے لئے آتے ہیں میں چاہتا ہوں کہ لوگ کسی خوبصورت آواز والے قاری سے کتاب اللہ سنیں۔ کہا: جی ہاں: میں عبدالرحمٰن بن ابزی کو ان لوگوں میں دیکھ رہا ہوں جسے اللہ تعالیٰ نے قرآن کے ذریعے بلندی عطا فرمائی ہے۔ رواہ ابویعلی

حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ

۳۷۴۴۷...... "عن عمر" حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا میں نے عرض کیا: اے امیر المؤمنین! کیا آپ مجھے جانتے ہیں؟ فرمایا: جی ہاں میں تجھے جانتا ہوں تم نے اس وقت ایمان لایا ہے جس وقت لوگ کفر کر رہے تھے اس وقت تم دین اسلام کی طرف متوجہ ہوئے جب لوگ پیٹھ پھیر کر جا رہے تھے تم نے اس وقت وفا کی جب لوگوں نے دھوکا دیا۔ سب سے پہلا صدقہ جس نے رسول اللہ ﷺ کے چہرہ اقدس کو خوش کیا ہے اور صحابہ رضی اللہ عنہم کو خوش کیا ہے وہ قبیلہ بنی طے کا صدقہ ہے جو تم رسول اللہ ﷺ کے پاس لائے تھے۔ رواہ ابن ابی شیبۃ واحمد بن حنبل وابن سعد والبخاری ومسلم والبیھقی

۳۷۴۴۸...... حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب بھی کسی نماز کا وقت آیا میں پہلے سے اس کے لیے تیار رہا ہوں اور پورے شوق سے اس نماز کو ادا کیا ہے۔ رواہ ابن عساکر

حضرت عمرو بن معاذ رضی اللہ عنہ

۳۷۴۴۹...... بریدہ کی روایت ہے کہ جب حضرت عمرو بن معاذ رضی اللہ عنہ کا پاؤں کٹ گیا نبی کریم ﷺ نے زخم پر تھوکا جس سے زخم ٹھیک ہو گیا۔ رواہ ابن جریر

حضرت عقیل بن ابی طالب رضی اللہ عنہ

۳۷۴۵۰...... حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ حضرت عقیل رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

اے ابویزید! ہم تمہیں مرحبا کہتے ہیں: تم نے کس حال میں صبح کی ہے عرض کیا: میں نے صبح خیریت سے کی ہے۔ اے ابوقاسم! میں آپ کے حضور صبح کا سلام بجالاتا ہوں۔ رواہ ابن عساکر والدیلمی

۳۷۴۵۱..... جابر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ غزوۂ موتہ میں حضرت عقیل رضی اللہ عنہ نے ایک کافر کو مقابلہ کے لیے للکارا جب کافر مقابلہ کے لیے اتر آیا تو عقیل رضی اللہ عنہ نے اسے قتل کر دیا رسول اللہ ﷺ نے عقیل رضی اللہ عنہ کو اس کی تلوار اور ڈھال انعام میں دی۔

رواہ البیھقی وابن عساکر

۳۷۴۵۲..... عبدالرحمٰن بن سابط کی روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ حضرت عقیل رضی اللہ عنہ سے فرمایا کرتے تھے: میں تجھ سے دوگنی محبت کرتا ہوں۔ ایک محبت تجھ سے کرتا ہوں اور دوسری محبت ابوطالب کی بھی تیرے لیے ہے۔ رواہ ابن عساکر

حضرت غلبہ بن زید رضی اللہ عنہ

۳۷۴۵۳..... عبدالمجید بن عیسیٰ عن ابیہ عن جدہ کی سند سے غلبہ بن زید جو کہ نبی کریم ﷺ کے صحابہ رضی اللہ عنہم میں سے ہیں سے مروی ہے کہ انھوں نے فرمایا: یا اللہ میں اپنی عزت صدقہ کرتا ہوں تیری مخلوق میں جو اسے لینا چاہے۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: رات کو اپنی عزت صدقہ کرنے والا کہاں ہے؟ حضرت غلبہ رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور عرض کیا: یارسول اللہ! میں یہ ہوں ارشاد فرمایا اللہ تعالیٰ نے تمہارا صدقہ قبول کرلیا ہے۔

رواہ ابن البخار

حضرت عمارہ بن احمر مازنی رضی اللہ عنہ

۳۷۴۵۴..... عمارہ بن احمر مازنی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ نبی کریم ﷺ کے شہسواروں نے ہمارے اوپر غارت گری ڈالی آپ کے آدمی ہمارے اونٹ لے گئے میں نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور اسلام قبول کرلیا آپ نے اونٹ مجھے واپس کر دیئے جب کہ آپ کے آدمیوں نے اونٹ ابھی تک تقسیم نہیں کیے تھے۔ رواہ ابویعلی والبغوی وابن مندہ

حضرت عمیر بن وھب جمحی رضی اللہ عنہ

۳۷۴۵۵..... عروہ بن زبیر کی روایت ہے کہ جنگ بدر کے بعد عمیر بن وہب صفوان بن امیہ کے ساتھ حجر میں مل بیٹھے عمیر قریش کے شیاطین میں سے ایک شیطان تھا اس کا شماران لوگوں میں ہوتا تھا جو نبی کریم ﷺ اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو اذیتیں پہنچاتے تھے جب آپ مکہ میں تھے ہر وقت آپ کے پیچھے پڑے رہتے تھے عمیر کا بیٹا وھب بن عمیر بدر کے قیدیوں میں سے تھا چنانچہ عمیر نے قلیب کنویں میں دفنائے جانے والے کفار اور پیش آنے والی مصیبت کا تذکرہ کیا صفوان نے کہا: اللہ کی قسم رؤساء قریش کے مرنے کے بعد زندگی میں لطف و مزہ نہیں رہا: عمیر نے بھی کہا: بخدا تم نے سچ کہا: اللہ کی قسم اگر مجھ پر قرض نہ ہوتا جب کہ میرے پاس ادائیگی کا سامان نہیں میرا عیال بھی ہے جس کے ضائع ہونے کا مجھے خدشہ ہے تو میں سوار ہو کر محمد تک پہنچ جاتا حتیٰ کہ اسے قتل کر دیتا حالانکہ وہ میرے دادا کی اولاد ہے۔ میرا بیٹا مسلمانوں کے قبضہ میں ہے۔ لہٰذا اسے چھڑاؤ۔ تمہارا قرضہ میرے ذمہ ہے تمہاری طرف سے میں اسے ادا کروں گا تمہارا عیال میرے عیال کے مساوی ہوگا جب تک زندہ رہیں گے انھیں کسی چیز کی کمی نہیں لگے گی عمیر نے کہا: ہماری طے ہونے والی بات کو ہر صورت پوشیدہ رکھو بولا: میں یہی کروں گا۔

پھر عمیر نے اپنی تلوار منگوائی اسے تیز کیا اور زہر آلود کر کے نکل پڑا حتیٰ کہ مدینہ پہنچ گیا اس دوران حضرت عمر رضی اللہ عنہ مسلمانوں کی جماعت کے ساتھ مسجد میں بیٹھے تھے اور غزوہ بدر کے متعلق آپس میں تبادلۂ خیال کر رہے تھے یکا یک حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی نظر عمیر بن وھب پر پڑی جب

اس نے مسجد کے دروازہ پر اپنا اونٹ بٹھایا عمیر نے اپنی تلوار گلے میں لٹکا رکھی تھی عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ کتا اللہ کا دشمن ہے گلے میں تلوار لٹکائے یہاں پہنچ گیا ہے عمر رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ کے پاس گئے اور انھیں عمیر کے آنے کی خبر دی آپ نے فرمایا: اسے میرے پاس لاؤ چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے تلوار کے حمائل سے عمیر کو پکڑا اور گھسیٹتے ہوئے اندر لے آئے عمر رضی اللہ عنہ نے انصار سے کہا: رسول اللہ ﷺ کے پاس چلے جاؤ اور انہی کے پاس بیٹھو کہیں یہ خبیث آپ کو کوئی گزند نہ پہنچائے چونکہ اس کا کوئی بھروسہ نہیں جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عمیر کو حمائل سے پکڑے ہوئے اندر داخل ہوئے اور آپ نے عمیر کو بحالت تذلیل دیکھا فرمایا اے عمر! اسے چھوڑ دو۔ اے عمیر میرے قریب آجاؤ عمیر قریب چلا گیا اور کہا: تمہاری صبح اچھی ہو (یہ جاہلیت کا سلام تھا) رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے ہمارا ''سلام'' سے اکرام کیا ہے جو کہ اہل جنت کا سلام ہے عمیر بولا: اللہ کی قسم اے محمد میں ابھی نیا ہوں آپ نے فرمایا: اے عمیر کیوں آئے ہو؟ وہ بولا: میں اس قیدی کو لینے آیا ہوں جو آپ کے قبضہ میں ہے اس کے متعلق احسان کرو آپ نے فرمایا: تم نے اپنے گلے میں ننگی تلوار کیوں لٹکا رکھی ہے؟ وہ بولا: اللہ تعالیٰ تلواروں کا برا کرے کیا تلوار بھی کسی چیز سے بے نیاز کر سکتی ہے فرمایا: تم نے سچ کہا بھلا آئے کیوں ہو؟ جواب دیا: صرف اسی کام کے لیے آیا ہوں (جو ذکر کر دیا ہے) ارشاد فرمایا: کیوں تم اور صفوان بن امیہ مقام حجر میں مشورہ کرنے نہیں بیٹھے تھے تم نے قلیب کنویں میں پڑے قریش کا ذکر کیا پھر تو نے کہا: مجھ پر قرضہ نہ ہوتا اور میرے عیال کی بات نہ ہوتی میں چل پڑتا حتیٰ کہ محمد کو قتل کر دیتا چنانچہ مجھے قتل کرنے کی اجرت پر صفوان نے تمہارا اہل وعیال کو سنبھالنے کی ذمہ داری قبول کی حالانکہ اللہ تعالیٰ میرے اور تمہارے درمیان حائل ہے عمیر بولا: میں گواہی دیتا ہوں آپ اللہ کے رسول ہیں یارسول اللہ! ہم آپ کی تکذیب کر چکے وجہ اس کی صرف اتنی تھی کہ آپ ہمارے پاس آسمان کی خبریں لاتے تھے اور وحی کی بات ہم تک پہنچاتے تھے: جب کہ یہ معاہدہ صرف میرے اور صفوان کے درمیان طے پایا تھا تیسرے شخص کو قطعاً اس کا علم نہیں تھا مجھے یقین ہو گیا ہے کہ اس معاملہ کی خبر آپ کو صرف اور صرف اللہ تعالیٰ نے کی ہے تمام تعریفیں اس ذات کے لیے ہیں جس نے مجھے اسلام کی ہدایت سے بہرہ مند کیا اور اس راستے پر چلایا پھر عمیر رضی اللہ عنہ نے شہادت حق کا اقرار کیا: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اپنے بھائی کو دین کی تعلیم دو اسے قرآن پڑھاؤ اور اس کا قیدی واگزار کرو صحابہ رضی اللہ عنہم نے آپ کا حکم بجالایا پھر عمیر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! میں نے اللہ تعالیٰ کے نور کو مٹانے کے لیے از حد کوششیں کی ہیں اور اللہ کے دین کا اقرار کرنے والوں کو سخت اذیتیں پہنچائی ہیں میں چاہتا ہوں کہ آپ مجھے مکہ واپس جانے کی اجازت دیں تاکہ میں اہل مکہ کو اسلام کی دعوت دوں شاید اللہ تعالیٰ انھیں راہ راست پر لے آئے ورنہ میں انھیں اسی طرح اذیتیں پہنچاؤں گا جس طرح آپ کے ساتھیوں کو پہنچاتا رہا ہوں رسول اللہ ﷺ نے عمیر رضی اللہ عنہ کو اجازت دے دی چنانچہ وہ مکہ چلے گئے۔

جب عمیر بن وہب رضی اللہ عنہ صفوان کے پاس سے مدینہ کے لیے روانہ ہوئے تھے صفوان قریش سے کہتا تھا: واقعہ بدر کے نعم البدل سے خوش ہو جاؤ۔ صفوان ان دنوں مسافروں سے عمیر رضی اللہ عنہ کے متعلق سوال کرتا حتیٰ کہ ایک مسافر آیا اس نے صفوان کو عمیر کے قبول اسلام کی خبر دی صفوان نے قسم کھائی کہ عمیر رضی اللہ عنہ سے بات نہیں کرے گا اور اسے کوئی نفع نہیں پہنچائے گا جب عمیر رضی اللہ عنہ مکہ پہنچے لوگوں کو اسلام کی دعوت دی اور جو ان کی مخالفت کرتا اسے سخت اذیتیں دیتے چنانچہ ان کے ہاتھ پر بہت سے لوگوں نے اسلام قبول کیا۔ رواہ سحاق وابن جریر

حضرت عباس بن مرداس رضی اللہ عنہ

۳۷۴۵۶..... اصمعی کی روایت ہے کہ نائل بن مطرف بن عباس اپنے دادا عباس سے نقل کرتے ہیں کہ وہ نبی کریم ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے آپ نے ان سے مطالبہ کیا کہ دثینہ مقام میں ان کے لیے کنویں کھودیں چنانچہ عباس رضی اللہ عنہ نے کنواں کھودا شرط یہ طے پائی کہ ان کے لیے مسافروں کا بچا ہوا پانی ہوگا۔ رواہ ابن عساکر

حضرت عیینہ رضی اللہ عنہ

۳۷۴۵۷..... عامر بن ابو محمد کی روایت ہی کہ عیینہ رضی اللہ عنہ نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے کہا: اے امیر المؤمنین یا آپ اپنے لیے

پہرے کا بندوبست کریں یا مدینہ سے نکل جائیں چونکہ مجھے خوف ہے کہ غیر مسلموں میں سے کوئی شخص آپ کو اس جگہ زخمی نہ کردے عیینہ رضی اللہ عنہ نے اپنا ہاتھ اس جگہ رکھا جہاں ابولؤلؤ نے آپ رضی اللہ عنہ کو زخم لگایا تھا: جب عمر رضی اللہ عنہ زخمی کیے گئے فرمایا: عیینہ نے کیا کیا؟ یہاں بھی ایک رائے تھی۔ رواہ ابن سعد

حضرت عیاش بن ابی ربیعہ رضی اللہ عنہ

۳۷۴۵۸...... عبداللہ بن عیاس بن ابی ربیعہ روایت نقل کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ رسول کریم ﷺ آل ربیعہ کے کسی گھر میں داخل ہوئے کسی مریض کی عیادت کے لیے تشریف لائے تھے یا کسی اور کام کے لیے اسماء بنت مخرمہ تمیمہ یعنی ام جلاس جو کہ ام عیاش بن ابی ربیعہ ہیں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! کیا آپ مجھے وصیت نہیں کرتے؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اپنی بہن کے پاس جاؤ جب کہ وہ تیرے پاس نہیں آنا چاہتی اپنی بہن کے لیے وہی کچھ پسند کرو جو وہ تمہارے لیے پسند کرتی ہو پھر عیاش رضی اللہ عنہ کی اولاد میں سے ایک بچہ رسول اللہ ﷺ کے پاس لایا گیا ام جلاس نے رسول اللہ ﷺ سے بچے کے کسی مرض کا ذکر کیا تھا رسول اللہ ﷺ نے بچے پر دم کرنا شروع کر دیا اور آپ اس پر پھونک مار دیتے جیسا کہ رسول اللہ ﷺ بچے پر پھونک مارتے اسی طرح بچہ آپ پر پھونک مارتا گھر والوں میں سے بعض نے بچے کو ایسا کرنے سے روکنا چاہا لیکن رسول اللہ ﷺ گھر والوں کو منع کر دیا یعنی بچے کو اپنے حال پر رہنے دو۔ رواہ ابن مندہ وابن عساکر

۳۷۴۵۹...... عطا کی روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے عیاش بن ابی ربیعہ کے لیے دعا فرمائی اور آپ رکوع میں تھے جب رکوع سے سر مبارک اوپر اٹھایا اور سیدھے کھڑے ہوگئے فرمایا: یا اللہ! عیاش بن ابی ربیعہ ولید بن ولید بن مغیرہ سلمہ بن ھشام اور اپنے کمزور بندوں کو نجات عطا فرما۔ رواہ عبدالرزاق

حضرت عامر بن واثلہ ابوطفیل رضی اللہ عنہ

۳۷۴۶۰...... مہدی بن عمران حنفی کی روایت ہے کہ میں نے عامر بن واثلہ ابوطفیل رضی اللہ عنہ کو فرماتے سنا: میں بدر کے موقع پر (نابالغ) لڑکا تھا اسوقت میں تہبند اپنے اوپر کس لیتا تھا اور میں پہاڑ سے نیچے ہموار زمین کی طرف گوشت منتقل کرتا تھا۔

رواہ یعقوب بن سفیان وابن عساکر وقال: ھذا ایضا وھم

۳۷۴۶۱...... حضرت ابوطفیل رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے نبی کریم ﷺ کو دیکھا ہے میں اس وقت لڑکا تھا اور تہبند۔ (ازار) پہنتا تھا۔

رواہ البخاری فی تاریخ وابن عساکر

حضرت عبدالرحمٰن بن صخر ابوہریرہ رضی اللہ عنہ

۳۷۴۶۲...... ''مسند ابی ہریرۃ'' ھشام بن حسان محمد کی سند سے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے محمد کہتے ہیں: ہم حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے اور انھوں نے کتان کے باریک دو کپڑے پہن رکھے تھے پھر انھوں نے ایک اور کپڑے سے ناک صاف کی اور فرمایا: تمام تعریفیں اس ذات کے لیے ہیں جس نے ابوہریرہ کو کتان کے کپڑے سے ناک صاف کرنے کی توفیق عطا فرمائی۔ مجھے یاد ہے کہ میں نبی کریم ﷺ کے منبر اور عائشہ رضی اللہ عنہا کے حجرے کے درمیان غشی طاری ہوجانے کی وجہ سے گر جاتا تھا غشی مجھے بھوک کی وجہ سے طاری ہوتی تھی چنانچہ کوئی شخص میرے سینے پر چڑھ کر بیٹھ جاتا میں کہتا: مجھے مرگی نہیں بلکہ یہ بھوک کی وجہ سے ہے۔ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں ابن عفان اور بنت غزوان کا مزدور ہوتا تھا میری مزدوری صرف یہ تھی کہ میں نوبت بہ نوبت اونٹ پر سواری کروں گا اور پیٹ بھر کر کھانا کھاؤں گا جب

وہ کسی جگہ اترتے میں ان کی خدمت کرتا اور جب کوچ کرتے میں ان کی سواریاں پیچھے سے ہنکاتا تھا ایک دن بنت غزوان بولی: تم اسے کھڑے کھڑے سوار کرو اور ننگے پاؤں ساتھ چلو۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے بنت غزوان سے میری شادی کرادی میں نے یہ بات اسے یاد کرائی محمد کہتے ہیں: ابوہریرہ رضی اللہ عنہ مزاح بھی کرتے تھے۔ رواہ عبدالرزاق

۳۷۴۶۳......حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ایک مرتبہ ارشاد فرمایا: کوئی شخص ہے جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کے مقرر کردہ ایک کلمہ یا دو کلموں یا تین یا چار یا پانچ کلمات کو حاصل کرلے اور اپنی چادر کے کونے میں باندھ لے پھر ان پر عمل کرے اور دوسروں کو سکھائے؟ میں نے عرض کیا: اس کے لیے میں تیار ہوں۔ میں نے اپنی چادر پھیلا دی رسول اللہ ﷺ بیان فرمانے لگے حتیٰ کہ جب خاموش ہو گئے میں نے اپنی چادر لپیٹ کر اپنے سینے سے لگالی مجھے امید ہے کہ اس کے بعد میں نے آپ سے جو حدیث بھی سنی ہے مجھے نہیں بھولی۔

رواہ ابن عساکر

۳۷۴۶۴......حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ جب وہ (ابوہریرہ رضی اللہ عنہ) مدینہ آئے تو ان کا غلام جوان کے ساتھ تھا کہیں گم ہوگیا رات کی تاریکی میں اس کا کہیں پتہ نہ چلا اور راستے سے بھٹک گیا۔ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ رضی اللہ عنہ بولے:

یا لیلۃ من طولھا وعنائھا

علی انھا من دارۃ الکفر نجت۔

اے تاریک رات تیرا طول اور تیری شفقت بہت ہے لیکن اسی رات نے مجھے دار کفر سے نجات دی ہے چنانچہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے یکا یک ان کا غلام سامنے سے نمودار ہوا نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اے ابوہریرہ! یہ رہا تمہارا غلام ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بولے: یارسول اللہ! میں آپ کو گواہ بناتا ہوں یہ خالصۃً للہ آزاد ہے۔ رواہ البزار

حضرت عتبہ بن عبد سلمی رضی اللہ عنہ

۳۷۴۶۵......عتبہ بن عبد سلمی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ میں نے رسول کریم ﷺ سے کپڑے طلب کیے آپ نے مجھے دو خیش پہنائے چنانچہ میں نے دیکھا کہ میرے ساتھیوں میں سب سے زیادہ کپڑا میرے پاس تھا۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۴۶۶......عتبہ بن عبد سلمی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے مجھے چھوٹی سی تلوار عنایت فرمائی اور ارشاد فرمایا: اگر تم اس سے ضرب نہ لگا سکو تو اس سے کچوکے تو لگا سکتے ہو۔ رواہ البخاری فی تاریخہ وابن عساکر

حضرت عتبہ بن غزوان رضی اللہ عنہ

۳۷۴۶۷......حضرت عتبہ بن غزوان رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے اپنے آپ کو نبی کریم ﷺ کے ساتھ سات کا ساتواں دیکھا ہے۔

رواہ ابن ابی شیبۃ

فائدہ:......یعنی چھ صحابہ رضی اللہ عنہم اور تھے اور ساتویں حضرت عتبہ بن غزوان رضی اللہ عنہ تھے یا انھوں نے ساتویں نمبر پر اسلام قبول کیا۔

حضرت عاصم بن ثابت بن ابی افلح رضی اللہ عنہ

۳۷۴۶۸......عاصم بن عمر کی روایت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے تھے: اللہ تعالیٰ مؤمن کی حفاظت فرمائے عاصم بن ثابت ابن ابی افلح رضی اللہ عنہ نے نذر مان رکھی تھی کہ وہ کسی مشرک کو نہیں چھوئیں گے اور نہ ہی کوئی مشرک انھیں کبھی چھوئے گا چنانچہ بعد از وفات اللہ تعالیٰ نے ان کا

بھرپوردفاع کیا جیسا کہ زندگی میں ان کا دفاع کیے رکھا۔ رواہ ابن ابی شیبة والبیھقی فی الدلائل

حرف الفاء...... حضرت فروہ بن عامر جذامی رضی اللہ عنہ

۳۷۴۶۹..... ابن عباس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے حضرت فروہ بن عامر جذامی رضی اللہ عنہ کو میرے پاس بھیجا انھوں نے اسلام قبول کر لیا تھا آپ ﷺ نے انھیں سفید خچر ہدیہ کیا اسلام قبول کرنے سے پہلے فروہ رضی اللہ عنہ روم کے بادشاہ قیصر کے عرب کے بعض زیرنگیں علاقوں پر عامل تھے ان کا ٹھکانا عجان تھا جب روم کے بادشاہ کو ان کے اسلام کی خبر پہنچی تو اس نے انھیں قتل کروادیا۔

رواہ ابن مندہ وابن عساکر

حضرت فیروز دیلمی رضی اللہ عنہ

۳۷۴۷۰..... عبداللہ دیلمی کی روایت ہے کہ مجھے ابی فیروز نے حدیث سنائی ہے کہ یمن سے رسول اللہ ﷺ کی حدیث میں حاضر ہونے والے وفد میں میں بھی شامل تھا میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! آپ ہمیں بخوبی جانتے ہیں اور ہم کن لوگوں کے درمیان سے آئے ہیں آپ یہ بھی جانتے ہیں ہمارا تعلق کس علاقہ سے ہے آپ یہ بھی جانتے ہیں ہمارا امیر کون ہوگا؟ آپ نے فرمایا: اللہ اور اس کا رسول وفد بولا: ہمیں کافی ہے۔

رواہ ابویعلی وابن عساکر

۳۷۴۷۱..... کثیر بن ابی الزقاق کہتے ہیں: فیروز دیلمی رضی اللہ عنہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس سے گذر گئے اور ان کی خدمت میں حاضر نہ ہوئے وہ شام میں حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے پاس جانا چاہتے تھے جب شام سے واپس لوئے اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوئے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اے ابن دیلمی: تم میرے پاس کیوں نہیں آئے اور یوں گزر گئے کیا تم معاویہ سے ڈرتے تھے؟ اگر میں نے رسول اللہ ﷺ کو ارشاد فرماتے نہ سنا ہوتا کہ کذاب اور اس کا قاتل ایک ہی جگہ میں داخل نہیں ہوتے" تو میں تمہیں اندر آنے کی اجازت نہ دیتی۔

رواہ ابن عساکر

۳۷۴۷۲..... ابن عمر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ کے پاس جس رات اسود عنسی قتل کیا گیا آسمان سے خبر آئی آپ ہمارے پاس تشریف لائے اور فرمایا: اسود آج رات قتل کردیا گیا ہے اسے ایک مبارک شخص نے قتل کیا ہے جو مبارک گھر کا فرد ہے آپ سے پوچھا گیا وہ کون ہے؟ ارشاد فرمایا: وہ فیروز دیلمی رضی اللہ عنہ ہے۔ رواہ الدیلمی

۳۷۴۷۳..... "مسند عمر" حرمازی کی روایت ہے کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فیروز دیلمی رضی اللہ عنہ کو خط لکھا جسکا مضمون یہ ہے: امابعد! مجھے خبر پہنچی ہے کہ تم شہد کے ساتھ مغز کھانے میں مشغول رہتے ہو جونہی میرا خط پہنچے فوراً میرے پاس آجاؤ۔ چنانچہ فیروز رضی اللہ عنہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور اجازت طلب کی حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اجازت دی لیکن اندر داخل ہونے میں قریش کے ایک نوجوان نے مزاحمت کردی فیروز رضی اللہ عنہ نے ہاتھ اٹھا کر طمانچہ دے مارا قریشی حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس خون آلود ناک لیے داخل ہوا عمر رضی اللہ عنہ نے پوچھا: یہ کس نے کیا: جواب دیا: فیروز دیلمی نے اور وہ دروازے پر کھڑے ہیں حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فیروز رضی اللہ عنہ کو داخل ہونے کی اجازت دی وہ اندر داخل ہوئے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے پوچھا: اے فیروز یہ کیا معاملہ ہے؟ جواب دیا: امیرالمؤمنین! ہمارا بادشاہ کے ساتھ نیا نیا یارانہ ہے آپ نے مجھے خط لکھا مگر اسے خط نہیں لکھا آپ نے مجھے داخل ہونے کی اجازت دی اور اسے اجازت نہ دی وہ میری اجازت سے قبل داخل ہونا چاہتا تھا تو پھر مجھ سے وہ ہوا جسکی آپ کو خبر ہوئی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم سے قصاص لیا جائے گا فیروز رضی اللہ عنہ بولے: کیا اس کے سوا کوئی چارہ کار ہے۔ فرمایا اس کے سوا کوئی چارہ کار نہیں فیروز رضی اللہ عنہ گھٹنوں کے بل بیٹھ گئے اور نوجوان قصاص لینے کھڑا ہوگیا حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے لڑکے سے کہا: اے نوجوان ذرہ ٹھہرو تا کہ میں تمہیں ایک حدیث سناؤں جو میں نے رسول اللہ ﷺ سے

سنی ہے چنانچہ آپ ﷺ نے ایک صبح فرمایا: آج رات اسود عنسی کذاب قتل کر دیا گیا ہے۔ اسے بندہ صالح فیروز دیلمی نے قتل کیا ہے۔ اے نوجوان یہ سن لینے کے بعد بھی تم اس شخص سے قصاص لینے کے لیے آمادہ ہو۔ نوجوان بولا: میں نے یہ سننے کے بعد اسے معاف کر دیا فیروز رضی اللہ عنہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے کہا: اس کے بعد میں اپنے صنیع سے باہر نکل گیا: فرمایا: جی ہاں فیروز رضی اللہ عنہ نے کہا: میں آپ کو گواہ بناتا ہوں کہ میری تلوار گھوڑا اور میرے مال میں سے تیس ہزار اس نوجوان نے لیے ہبہ ہیں پھر بولے: اے قریشی! تو نے معاف کر کے اجر و ثواب حاصل کیا اور مال لیتا گیا۔ رواہ ابن عساکر

حضرت فرات بن حیان رضی اللہ عنہ

۳۷۴۷۴...... حارثہ بن مضرب، فرات بن حیان رضی اللہ عنہ سے روایت نقل کرتے ہیں جب کہ رسول اللہ ﷺ نے فرات رضی اللہ عنہ کو قتل کرنے کا حکم دیا تھا چونکہ فرات رضی اللہ عنہ ابوسفیان کے جاسوس تھے۔ چنانچہ ایک مرتبہ فرات رضی اللہ عنہ انصار کے حلقہ کے پاس سے گزرے اور کہا: میں مسلمان ہوں ایک انصاری بولا: یارسول اللہ! یہ کہتا ہے کہ میں مسلمان ہوں۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم میں سے کچھ لوگ ایسے ہیں جنھیں ہم ان کے ایمان کے سپرد کر دیتے ہیں ان میں سے ایک فرات بن حیان بھی ہے۔ رواہ ابونعیم فی الحلیۃ

حرف قاف...... حضرت قتادہ بن نعمان رضی اللہ عنہ

۳۷۴۷۵...... حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ قتادہ بن نعمان رضی اللہ عنہ سے روایت نقل کرتے ہیں۔ (ابوسعید خدی رضی اللہ عنہ قتادہ رضی اللہ عنہ کے ماں شریک بھائی تھے) کہ قتادہ رضی اللہ عنہ کی آنکھ غزوۂ احد کے دن جاتی رہی وہ اپنی آنکھ ہاتھ میں اٹھائے نبی کریم ﷺ کے پاس لائے نبی کریم ﷺ نے آنکھ اپنی جگہ رکھی اور آنکھ بالکل درست ہوگئی۔ رواہ البیھقی فی وابن عساکر

حضرت قیس بن مکشوح مراری رضی اللہ عنہ

۳۷۴۷۶...... محمد بن عمارہ بن خزیمہ بن ثابت کی روایت ہے کہ حضرت عمرو بن معدیکرب رضی اللہ عنہ نے قیس بن مکشوح مراری سے کہا: اے قیس تم اپنی قوم کے آج سردار ہو شنید ہے کہ قریش کا ایک شخص" جیسے محمد کہا جاتا ہے" حجاز میں اس کا ظہور ہوا ہے وہ کہتا ہے کہ میں نبی ہوں لہٰذا ہمارے ساتھ اس کے پاس چلو تاکہ ہم اس کے علم کا جائزہ لیں، اگر وہ واقعۃً نبی ہے جیسا کہ اس کا دعوی ہے تو حقیقت حال ہمارے اوپر مخفی نہیں رہے گی جب ہم اس سے ملاقات کریں گے سب کچھ واضح ہو جائے گا اور ہم اس کی پیروی کرلیں گے اگر معاوملہ اس کے خلاف ہو تب بھی ہم اس کے علم کا جائزہ لے لیں گے اگر تمہاری قوم کا کوئی شخص اس تک جا پہنچا ہے تو وہ ہمارا سردار اور رئیس ہوگا اور ہم اس کے ماتحت ہوں گے قیس نے عمرو رضی اللہ عنہ کی رائے قبول کرنے سے انکار کر دیا اور ان کی رائے کو نامعقول سمجھا۔ چنانچہ حضرت عمرو بن معدیکرب رضی اللہ عنہ اپنی قوم کے دس آدمیوں کے ساتھ مدینہ حاضر ہوئے اور اسلام قبول کر کے اپنے وطن واپس چلے گئے جب قیس بن مکشوح رضی اللہ عنہ کو حضرت عمرو رضی اللہ عنہ کے مدینہ کی طرف روانہ ہونے کی خبر ہوئی تو قیس رضی اللہ عنہ نے انھیں دھمکی دی اور کہا: اس نے میری مخالفت کی ہے اور میری رائے کی مطلق پاسداری نہیں کی۔ جب کہ حضرت عمرو رضی اللہ عنہ کہتے جارہے تھے: اے قیس میں نے تجھے خبر دی ہے کہ فروہ بن مسیک کی تابع فرمان دم ہے فر وہ نے قیس بن مکشوح کی تلاش شروع کر دی بالآخر قیس بن مکشوح اپنے ملک سے بھاگ نکلا اور اس کے بعد اسلام قبول کرلیا۔ جب اسود عنسی نے نبی ہونے کا دعوی کیا تو قیس اس سے خوفزدہ ہو کر اس کے پاس آنے لگا اسے سلام کرتا اور اس کی گھات میں لگا رہتا اور اس کا اظہار کسی سے نہ کرتا۔ حتی کہ ایک دن عنسی کے پاس داخل ہوا دراں حالیکہ فیروز دیلمی رضی اللہ عنہ نے اس کی گردن میں چادر ڈال رکھی تھی اور اس کا چہرہ گردن کی طرف

موڑ رکھا تھا بالآخر اسے قتل کردیا اور قیس نے اس کا سر کاٹ کر اس کے حمایتیوں کی طرف پھینک دیا پھر قیس عنسی کی قوم سے خوفزدہ ہوا اور داذویہ پر حملہ کر کے اسے قتل کردیا تاکہ عنسی کی قوم کو خوش کردے داذویہ ان لوگوں میں سے تھا جو عنسی کے قتل میں شامل تھے جب ابوبکر رضی اللہ عنہ کو اس کی خبر ہوئی تو انھوں نے مہاجر بن ابی امیہ کو خط لکھا کہ قیس کو بیڑیوں میں جکڑ کر میرے پاس بھیج دو چنانچہ اسے بھیج دیا حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس کے قتل کے متعلق بات کی اور فرمایا: میں اسے بندہ صالح یعنی داذویہ کے بدلہ میں قتل کروں گا یہ تو سرکش چور ہے قیس نے قسمیں اٹھانی شروع کر دیں کہ میں نے اسے قتل نہیں کیا ابوبکر رضی اللہ عنہ نے قیس سے منبر رسول اللہ ﷺ کے پاس پچاس قسمیں لیں کہ میں نے اسے قتل کیا اور نہ ہی اس کے قاتل کا مجھے علم ہے پھر ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اسے معاف کردیا حضرت عمر رضی اللہ عنہ اس سے فرمایا کرتے اگر ابوبکر رضی اللہ عنہ نے تجھے معاف نہ کیا ہوتا میں تجھے داذیہ کے بدلہ میں قتل کردیتا قیس جواب دیتا امیر المؤمنین! اللہ کی قسم آپ نے مجھے پہنچان لیا تھا جو شخص بھی یہ بات آپ کے منہ سے سنے گا وہ مجھ پر جرات کرے گا اور مجھے قتل کردے گا حالانکہ میں اس کے قتل سے بری ہوں۔ عمر رضی اللہ عنہ اس کے بعد اس کے ذکر سے باز رہتے تھے عمر رضی اللہ عنہ جب اپنے لشکروں کو بھیجتے تھے تو قیس سے مشورہ لیتے اور اسے کوئی سرکاری عہدہ نہیں سونپتے تھے اور فرماتے تھے! یہ فنون حرب کا ماہر ہے لیکن امانتدار ہیں۔ رواہ ابن سعد

حضرت قیس بن سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ

۳۷۴۷۷...... حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے ایک لشکر بھیجا جن پر حضرت قیس بن سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کو امیر مقرر کیا لشکر نے جہاد کیا اور اس دوران (اشیاء خورد ونوش کی قلت پڑ جانے کی وجہ سے) قیس بن سعد رضی اللہ عنہ نے نو (۹) سواریاں ذبح کر کے کھائیں واپسی پر ساحل سمندر کا راستہ اختیار کیا ساحل پر انھیں بڑی مچھلی (وہیل) اڑی ہوئی ملی تین دن تک اس کے پاس ٹھہرے اور خوب کھائی مچھلی کے گوشت اور چربی سے مشکیزے بھر لیے جب مدینہ واپس پہنچے تو رسول اللہ ﷺ سے مچھلی کا ذکر کیا رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اگر ہمیں اس کا علم ہو جاتا اور ہم اسے پالیتے تو ہم اس کے پاس سے نہ ہٹتے ہم چاہتے ہیں کہ وہ ہمارے پاس ہو۔ شرکائے لشکر نے رسول اللہ ﷺ سے قیس رضی اللہ عنہ کا ذکر کیا۔ آپ نے فرمایا: سخاوت تو اس گھر کی عادت ہے۔

رواہ ابوبکر فی العیلا نیات عن جابر بن سمرۃ نحوہ و ابن عساکر

۳۷۴۷۸...... رافع بن حدیج رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ (غزوہ ذات الخبط کے دوران) قیس رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور ان کے ساتھ عمر رضی اللہ عنہ بھی تھے قیس رضی اللہ عنہ سے کہا: میں تمہیں واسطہ دیتا ہوں کہ سواریاں ذبح مت کرو بالآخر سواریاں ذبح کردی گئیں جب نبی کریم ﷺ کو خبر ہوئی تو فرمایا: یہ تو سخاوت کے گھر میں رہتا ہے۔ رواہ ابن ابی الدنیا و ابن عساکر

۳۷۴۷۹...... ابن شہاب کی روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ انصار کا جھنڈا حضرت قیس بن سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ اٹھاتے تھے ان کا شمار ذی رائے لوگوں میں ہوتا تھا رواہ ابن عساکر

۳۷۴۸۰...... حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ حضرت قیس بن سعد رضی اللہ عنہ کا نبی کریم ﷺ کے ہاں پولیس افسر کا عہدہ تھا۔

رواہ ابن عساکر

۳۷۴۸۱...... حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ مدینہ منورہ تشریف لائے ایک روایت میں ہے جب مکہ تشریف لائے تو قیس بن سعد رضی اللہ عنہ پولیس افسر کے طور پر آگے آگے تھے سعد رضی اللہ عنہ نے نبی کریم ﷺ سے بات کی کہ قیس کو اس عہدہ سے ہٹادیں چونکہ سعد رضی اللہ عنہ کو خوف دامنگیر تھا کہ انھیں کوئی مسئلہ نہ پیش آجائے چنانچہ نبی کریم ﷺ نے انھیں پیچھے ہٹادیا۔

رواہ ابویعلی و ابن مندہ و ابن عساکر

۳۷۴۸۲...... حضرت قیس بن سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ میں دس سال تک رسول اللہ ﷺ کی صحبت میں رہا۔ رواہ ابن عساکر

حضرت قثم بن عباس رضی اللہ عنہ

۳۷۴۸۳...... رسول اللہ ﷺ کی صحبت میں سب سے آخر میں آنے والے قثم بن عباس ہیں۔ رواہ احمد بن حنبل والضیاء

حضرت قیس بن کعب رضی اللہ عنہ

۳۷۴۸۴...... عبدالرحمٰن بن عابس نخعی قیس بن کعب نخعی سے روایت نقل کرتے ہیں کہ وہ وفد کی شکل میں نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور قیس رضی اللہ عنہ کے ساتھ ان کا بھائی ارطاۃ بن کعب رضی اللہ عنہ اور ارقم رضی اللہ عنہ بھی تھے یہ دونوں حضرات اپنے زمانہ کے حسین ترین لوگوں میں سے تھے اور اللہ تعالیٰ نے انھیں بلا کی قوت گویائی عطا کر رکھی تھی۔ نبی کریم ﷺ نے ان دونوں کو دعوت اسلام دی انھوں نے اسلام قبول کر لیا اور آپ نے ان کے لیے دعائے خیر کی اور ارطات رضی اللہ عنہ کے لیے نوشتہ تحریر کیا اور انھیں ایک جھنڈا بھی عطا کیا۔ چنانچہ حضرت ارطات رضی اللہ عنہ یہی جھنڈا لے کر جنگ قادسیہ میں شریک ہوئے تھے۔ رواہ ابن شاہین بسند ضعیف

حضرت قیس بن ابی حازم بجلی احمسی رضی اللہ عنہ

اسکا نام عوف ہے انھیں عوف بن عبدالحارث بھی کہا جاتا ہے۔ ابن عساکر کہتے ہیں: انھوں نے نبی کریم ﷺ کو پایا ہے لیکن آپ کا دیدار نہیں ہوسکا بعض کہتے ہیں قیس رضی اللہ عنہ نے آپ ﷺ کو دیکھا ہے البتہ ان کے والد کو صحبت کا شرف حاصل ہوا ہے۔

۳۷۴۸۵...... اسماعیل بن ابی خالد کی روایت ہے کہ قیس بن ابی حازم رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں بچہ تھا میرے والد مجھے ہاتھ سے پکڑ کر مسجد میں لے گئے اتنے میں ایک شخص آیا اور منبر پر چڑھ گیا اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء کی اور منبر سے نیچے اتر آیا۔ میں نے والد صاحب سے پوچھا: یہ کون ہے؟ جواب دیا: یہ اللہ تعالیٰ کے نبی کریم ﷺ ہیں۔ اس وقت میں سات یا آٹھ سال کا تھا۔

رواہ ابن مندہ وقال ھذ احدیث عزیب جدا تفر دبہ اھل خراسان ولم اکتبہ الا من ھذا الو جہ وابن عساکر

۳۷۴۸۶...... قیس بن ابی حازم رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں اس وقت حاضر ہوا جب آپ دنیا سے رخصت ہو چکے تھے جب کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ کھڑے اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء کر رہے تھے اور میں نے انھیں بہت روتے ہوئے دیکھا۔ رواہ عبدالرزاق

حضرت قیس بن مخرمہ رضی اللہ عنہ

۳۷۴۸۷...... مطلب بن عبداللہ بن قیس بن مخرمہ اپنے والد اور دادا سے روایت نقل کرتے ہیں وہ کہتے ہیں: میں اور رسول اللہ ﷺ ہاتھیوں والے سال پیدا ہوئے اس اعتبار سے ہم دونوں ہم عمر ہیں۔ رواہ ابن اسحاق والبغوی وابن عساکر

حرف کاف...... حضرت کابس بن ربیعہ رضی اللہ عنہ

۳۷۴۸۸...... ''مسند انس'' عبادہ بن منصور کی روایت ہے کہ ہمارا ایک شخص تھا جسے کابس بن ربیعہ کہا جاتا تھا اسے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے دیکھا تو انس رضی اللہ عنہ نے اسے گلے لگا لیا، رونے لگے پھر کہا: جو شخص رسول اللہ ﷺ کو دیکھنا چاہے وہ کابس بن ربیعہ رضی اللہ عنہ کو دیکھ لے۔ رواہ ابن عساکر

حضرت کثیر بن عباس رضی اللہ عنہ

۳۷۴۸۹......کثیر بن عباس کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ مجھے عبداللہ عبیداللہ اور قثم کو جمع کرتے اور پھر اپنی بانہیں کھول لیتے اور فرماتے! جو سب سے پہلے میرے پاس پہنچے گا اسے یہ اور یہ چیز (انعام میں) ملے گی۔ رواہ ابن عساکر

حضرت کعب بن عاصم اشعری رضی اللہ عنہ

۳۷۴۹۰......حضرت کعب بن عاصم اشعری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے ایک مرتبہ سفید گندم خریدی رسول اللہ ﷺ ابھی بقید حیات تھے میں یہ گندم لے کر اپنے گھر والوں کے پاس آیا گھر والوں نے کہا: تم عمدہ اور اچھی گندم چھوڑ آئے ہو اور یہ ردی قسم کی گندم خرید لائے ہو۔ (بیوی نے کہا) اللہ کی قسم! رسول اللہ ﷺ نے تجھ سے میرا نکاح کروایا ہے حالانکہ تم گفتگو میں عاجز ہو حقیر و بدصورت ہو اور تمہاری قوت بھی ماند پڑ گئی ہے کعب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے اسی گندم سے روٹی پکائی میں نے اپنے ہاں اسے اشعری دوستوں کو کھانے پر مدعو کرنا چاہا میں نے سوچا: میں پیٹ بھر کر ڈکار مارنے لگوں گا جب کہ میرے دوست بھوکے ہوں گے۔ میری بیوی رسول اللہ ﷺ کے پاس میری شکایت کرنے آئی اور عرض کیا: آپ نے مجھے جہاں چھوڑا ہے وہاں سے میری جان چھڑائیں رسول اللہ ﷺ نے کعب رضی اللہ عنہ کو پیغام بھیجوا کر اپنے پاس بلایا پھر آپ نے دونوں میاں بیوی کو جمع کیا اور بات کی پھر آپ نے فرمایا: تو نے اپنے خاوند سے اس کے علاوہ کوئی اور بری بات تو نہیں دیکھی؟ بولی: نہیں۔ آپ نے فرمایا: تم چاہتی ہو کہ اس سے اپنی جان چھڑا لے اور یوں گدھے کی لاش بن جائے یا تو کسی مالدار کی خواہشمند ہے جس کے برتن پر شیطان بھی بیٹھا ہو۔ کیا تم راضی نہیں ہو کہ ہم نے ایسے شخص سے تمہاری شادی کی ہے جس سے افضل کوئی شخص نہیں جس پر سورج طلوع ہوتا ہو؟ وہ بولی: میں راضی ہوں پھر اٹھی اور اپنے خاوند کا سر چوما اور پھر کہا: میں اپنے خاوند سے کبھی بھی جدا نہیں ہوں گی۔
رواہ ابن عساکر

حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ

۳۷۴۹۱......حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ سے فرمایا: تمہارے رب نے وہ شعر نہیں بھولا عرض کیا: وہ کون سا شعر ہے؟ آپ نے فرمایا اے ابوبکر اسے وہ شعر سناؤ۔ ابوبکر رضی اللہ عنہ بولے:

زعمت سخية ان ستغلب ربها
وليغلبن مغالب الغلاب

رواہ ابن منده و ابن عساکر

۳۷۴۹۲......حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب میری توبہ کا حکم نازل ہوا میں نے رسول اللہ ﷺ کے ہاتھ چوم لیے۔
رواہ ابن عساکر

حرف لام......حضرت لجلاج زہری رضی اللہ عنہ

۳۷۴۹۳......عبدالرحمن بن علاء بن الجلاج اپنے والد اور دادا کی سند سے روایت نقل کرتے ہیں ان کے دادا کہتے ہیں: میں نے رسول

اللہ ﷺ کے ساتھ اسلام قبول کیا اس وقت میری عمر پچاس سال تھی چنانچہ لجلاج رضی اللہ عنہ نے ۱۲۰ سال کی عمر میں وفات پائی لجلاج رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب میں نے اسلام قبول کیا ہے پیٹ بھر کر کھانا نہیں کھایا صرف اتنا کھاتا اور پیتا تھا جس سے گزارا ہو سکے۔

رواہ ابن عساکر

حرف میم ...... حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ

۳۷۴۹۴...... حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک مرتبہ رسول کریم ﷺ نے حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ کی طرف دیکھا مصعب رضی اللہ عنہ سامنے سے آرہے تھے اور انھوں نے اپنے اوپر مینڈھے کی کھال لپیٹ رکھی تھی نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اس شخص کی طرف دیکھو جس کے دل کو اللہ تعالیٰ نے منور کر دیا ہے میں نے اس کی یہ حالت بھی دیکھی ہے کہ اس کے والدین اسے اچھے سے اچھا کھانا کھلاتے تھے اور اچھے سے اچھا مشروب پلاتے تھے میں نے اسے ایسے ایسے جوڑے زیب تن کیے ہوئے دیکھا ہے جنکی قیمت دو دو سو درہم تھی چنانچہ اللہ اور اس کے رسول کی محبت نے اسے اس حالت کی طرف بلایا ہے جسے تم دیکھ رہے ہو۔

رواہ الحسن بن سفیان وابوعبدالرحمن السلمی فی الاربعین و ابونعیم فی الاربعین الصوفیة والبیھقی فی شعب الایمان والدیلمی والحاکم

۳۷۴۹۵...... "مسند خباب بن الارت" حضرت خباب بن ارت رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ہم نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ ہجرت کی ہم صرف اضائے الٰہی کے جویاں تھے لہٰذا ہمارا اجر وثواب اللہ تعالیٰ کے ذمہ ہے چنانچہ ہم میں سے کچھ ہستیاں ایسی بھی ہیں جو دنیا سے رخصت ہو چکی ہیں ان میں سے ایک ہستی مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ کی بھی ہے۔ انھیں احد کے دن قتل کیا گیا ان کے لیے اتنا کپڑا بھی دستیاب نہیں تھا جس میں انھیں کفن دیا جائے صرف چھوٹی سی ایک چادر تھی جس میں انھیں کفن دیا گیا جسے صحابہ رضی اللہ عنہم اگر سر کی طرف کھینچتے تو پاؤں ننگے ہو جاتے اگر پاؤں ڈھانپتے سر ننگا ہو جاتا تاہم رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: چادر سے اس کا سر ڈھانپ دو اور پاؤں پر اذخر گھاس ڈال دو۔ ہم میں سے کچھ لوگ ایسے بھی ہیں جنکا پھل پک چکا ہے اور وہ اسے ہدیہ میں ملا ہے۔ رواہ ابن ابی شیبة

۳۷۴۹۶...... "مسند علی" محمد بن کعب قرظی کہتے ہیں: مجھے ایک شخص نے حدیث بیان کی ہے اس نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو فرماتے سنا ہے کہ ایک مرتبہ ہم رسول اللہ کے ساتھ بیٹھے ہوئے تھے یکا یک حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ ہمارے اوپر نمودار ہوئے انھوں نے اپنے اوپر ایک چادر اوڑھ رکھی تھی جسمیں موٹے کپڑے کے پیوند لگے ہوئے تھے جب رسول اللہ ﷺ نے انھیں دیکھا تو ان کی پرانی عیش وعشرت اور آج کی حالت کو دیکھ کر رو پڑے۔ رواہ ابو نعیم فی الاربعین الصوفیة

حضرت محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ

۳۷۴۹۷...... حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ کوئی شخص نہیں جسے فتنہ پیش آئے گا مگر مجھے اس کے مبتلائے فتنہ ہونے کا از حد خوف ہے سوائے محمد بن مسلمہ کے چونکہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو ارشاد فرماتے سنا ہے کہ: (اے محمد بن مسلمہ) تجھے فتنہ کوئی ضرر نہیں پہنچائے گا۔

رواہ ابن ابی شیبة

۳۷۴۹۸...... حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ بن عفان رضی اللہ عنہ نے پچاس شہسواروں کا ایک دستہ روانہ کیا۔ (میں بھی ان میں شامل تھا) ہمارے امیر محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ تھے چنانچہ محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ نے مصر سے آنے والے لوگوں سے بات کی چنانچہ ہمارا استقبال ایک شخص نے کیا اس کے ہاتھ میں قرآن مجید تھا اور گلے میں تلوار لٹکا رکھی تھی اس نے کہا: یہ ہمیں حکم دیتا ہے کہ ہم اس قرآن کے حکم کے مطابق ضرب لگائیں۔ رواہ ابن مندہ وابن عساکر

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ

۳۷۴۹۹...... ابوسفیان بعض شیوخ سے روایت نقل کرتے ہیں کہ ایک عورت کا خاوند عرصہ دو سال سے گھر سے غائب رہا جبکہ وہ عورت حاملہ تھی اس عورت کا کیس حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی عدالت میں پیش کیا گیا آپ رضی اللہ عنہ نے عورت کو رجم کرنے کا حکم دیا عمر رضی اللہ عنہ سے حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نے کہا، ! اگر آپ عورت کو رجم کریں گے تو اس کے پیٹ میں جو کچھ ہے اس کا کیا بنے گا حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حکم دیا: عورت کو وضع حمل تک روکے رکھو چنانچہ عورت نے بچہ جنم دیا اس کے دو دانت نکلے ہوئے تھے جب عورت کے خاوند نے بچہ دیکھا فوراً اپنی شبیہ پہچان گیا اور کہنے لگا رب کعبہ کی قسم یہ میرا بیٹا ہے۔ جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو اس کی خبر ہوئی فرمایا: عورتیں معاذ جیسا انسان پیدا کرنے سے عاجز ہیں اگر معاذ نہ ہوتے عمر ہلاک ہو جاتا۔ رواہ البیھقی وعبدالرزاق وابن ابی شیبة

۳۷۵۰۰...... شہر بن حوشب کہتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: قیامت کے دن جب علماء جمع کیے جائیں گے معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ علماء کے درمیان ایسے نمایاں ہوں گے جیسے پہاڑ کا کنگرا نمایاں ہوتا ہے۔ رواہ ابن سعد

۳۷۵۰۱...... حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے تھے: معاذ رضی اللہ عنہ شام کی طرف روانہ ہو گئے چنانچہ ان کا شام کی طرف جانا اہل مدینہ کے لیے نقصان تھا چونکہ معاذ اہل مدینہ کو فتویٰ دیتے تھے میں نے ابوبکر رضی اللہ عنہ (اللہ تعالیٰ ان پر رحم فرمائے) سے بات کی کہ وہ معاذ رضی اللہ عنہ کو لوگوں کی ضرورت کی بنا پر روک لیں لیکن ابوبکر رضی اللہ عنہ نے انکار کر دیا اور فرمایا: ایک شخص شہادت سے اپنے آپ کو سرفراز کرنا چاہتا ہے میں اسے نہیں روک سکتا۔ میں نے کہا: بخدا اللہ تعالیٰ آدمی کو اس کے گھر پر بھی شہادت عطا کر سکتا ہے۔ حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ اور ابوبکر صدیق کے زندہ ہوتے ہوئے بھی اہل مدینہ کو فتویٰ دیتے تھے۔ رواہ ابن سعد

کلام:...... حدیث ضعیف ہے چونکہ اس کی سند میں واقدی ہے۔

۳۷۵۰۲...... حارث بن عمیرہ کہتے ہیں جب حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کی وفات کا وقت قریب ہوا تو ان کے پاس بیٹھے ہوئے لوگ رو پڑے معاذ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیوں رو رہے ہو؟ لوگوں نے جواب دیا: ہم اس علم پر رو رہے ہیں جو آپ کی موت کے ساتھ ہی منقطع ہونے والا ہے معاذ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: علم اور ایمان تا قیامت اپنی جگہ پر رہیں گے جو علم وایمان کو تلاش کرے گا انھیں کتاب وسنت میں پالے گا ہر مسئلہ کو کتاب اللہ پر پیش کرو نہ کہ کتاب اللہ کو مسئلہ پر پیش کرو۔ عمر عثمان اور علی رضی اللہ عنہ سے علم حاصل کرو اگر تم انھیں گم پاؤں تو ان چار اشخاص سے علم حاصل کرو عویمر ابن مسعود سلمان، ابن سلام جو کہ یہودی تھے پھر اسلام قبول کر لیا رضی اللہ عنہم میں نے رسول کریم ﷺ کو ارشاد فرماتے سنا ہے کہ ابن سلام رضی اللہ عنہ جنت میں دس کا دسواں ہوگا عالم کے پھسل جانے سے ڈرو حق جہاں بھی ملے اسے مضبوطی سے پکڑ لو جب کہ باطل اور پیش خیمہ باطل کو رد کرو خواہ وہ جس حال میں بھی ہو۔ رواہ سعید وابن عساکر

۳۷۵۰۳...... عمرو بن میمون کہتے ہیں ہم یمن میں تھے کہ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ ہمارے پاس تشریف لائے اور فرمایا اسلام قبول کرو اور اپنے آپ کو سلامتی میں کر لو۔ میں اللہ کے رسول کا تمہارے پاس قاصد آیا ہوں عمرو بن میمون کہتے ہیں تب سے میرے دل میں معاذ رضی اللہ عنہ کی محبت رچ بس گئی پھر دنیا سے رخصت ہونے تک میں نے ان کا دامن ہاتھ سے نہیں چھوڑا چنانچہ معاذ رضی اللہ عنہ جب قریب الوفات ہوئے میں رو پڑا معاذ رضی اللہ عنہ نے مجھ سے رونے کی وجہ پوچھی میں نے عرض کیا: آپ کے ساتھ ساتھ علم بھی ختم ہو رہا ہے فرمایا: علم اور ایمان تا قیامت باقی رہیں گے علم تو عبداللہ بن مسعود، عبداللہ بن سلام جو کہ جنت میں دس کے دسویں ہوں گے سلمان الخیر اور عویمر ابو درداء رضی اللہ عنہ کے پاس ہے۔ چنانچہ میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے ساتھ جاملا میں نے نماز کا تذکرہ کیا عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے مجھے وہی حکم دیا جو نبی کریم ﷺ نے دیا ہے کہ میں وقت پر نماز پڑھوں اور نفلی نماز کا بھی اہتمام کروں۔ میں نے عبداللہ رضی اللہ عنہ سے جماعت

کی فضلیت بیان کی انھوں نے میری ران پر ہاتھ مارا اور فرمایا: تجھ پر افسوس ہے! لوگوں کی اکثریت جماعت سے الگ ہے جماعت تو وہی ہے جو اللہ عزوجل کی اطاعت کے موافق ہو۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۵۰۴......حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب رسول اللہ ﷺ نے مجھے یمن بھیجا ارشاد فرمایا میں جانتا ہوں تمہیں اللہ اور اس کے رسول کے معاملہ میں کن کن دشواریوں کا سامنا کرنا پڑا ہے حتیٰ کہ تمہارا مال بھی ختم ہو گیا میں نے تمہارے ملیے اچھا ہدیہ تیار کر رکھا ہے لہٰذا جو چیز بھی میں تمہیں ہدیہ کروں وہ تمہاری ہی ہوگی۔ رواہ ابن جریر

کلام:......ابن جریر نے حدیث کو ضعیف قرار دیا ہے۔

۳۷۵۰۵......''مسند ابن مسعود'' ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ حضرت معاذ رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ خدمت اقدس میں حاضر ہوئے اور عرض کیا: یا رسول اللہ! ابن مسعود مجھ سے قرآن سننا چاہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اسے قرآن سناؤ میں نے انھیں قرآن سنایا پھر میں اور معاذ رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو معاذ رضی اللہ عنہ نے آپ کو قرآن سنایا: چنانچہ معاذ رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں معلم تھے۔ رواہ ابن ابی شیبة

۳۷۵۰۶......''مسند عمر'' سعید بن مسیّب کی روایت ہے کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کو بنی کلاب سے وصولی صدقات کے لیے بھیجا چنانچہ معاذ رضی اللہ عنہ نے کوئی چیز نہ چھوڑی حتیٰ کہ وہ کمبل جو ساتھ لیتے گئے تھے اسے بھی اپنے کاندھوں پر اٹھا کر لیتے آئے معاذ رضی اللہ عنہ کی بیوی نے ان سے کہا: تم کہاں سے آرہے ہیں عاملین جو چیز بھی لاتے ہیں پہلے اپنے گھر والوں کو پیش کرتے ہیں؟ معاذ رضی اللہ عنہ نے کہا میرے ساتھ ضاعط (نگہبان تھا) بیوی بولی! تم رسول اللہ ﷺ اور ابوبکر رضی اللہ عنہ کے ہاں امانتدار سمجھے جاتے تھے جبکہ عمر نے تمہارے ساتھ ضاغط'' کو بھی بھیج دیا معاذ رضی اللہ عنہ کی بیوی عورتوں میں کھڑی ہوئی اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے شکایت کر دی حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے معاذ رضی اللہ عنہ کو بلایا اور کہا: کیا میں نے تمہارے ساتھ ضاعط بھیجا تھا معاذ رضی اللہ عنہ نے کہا: میرے پاس اس کے علاوہ اور کوئی عذر نہیں تھا جسے میں اپنی بیوی کے سامنے ظاہر کر سکتا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ ہنس پڑے اور کوئی چیز دے کر فرمایا: یہ لیتے جاؤ اور اس سے اپنی بیوی کو راضی کر لو۔ ابن جریر کہتے ہیں: معاذ رضی اللہ عنہ نے جو ضاعظ کہا اس کا معنی نگہبان ہے اور ان کی مراد اللہ تعالیٰ تھا۔

رواہ عبد الرزاق والمحاملی فی امالیه

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ

۳۷۵۰۷......''مسند عمر'' محمد بن سلام کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے معاویہ بن ابی سفیان کا ذکر کیا اور فرمایا: قریش کے گندم گوں سے بچو جو کہ مطابق رضارات گزارتا ہے اور غصہ میں بھی ہنستا ہے وہ اس سب کے باوجود اپنے سر کے اوپر کی چیز قدموں تلے سے پالیتا ہے۔ مجھے نہیں معلوم آیا کہ وہ اسے بلند کرتا ہے یا نہیں۔ رواہ الدیلمی فی مسند الفردوس

۳۷۵۰۸......ابن عباس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ایک اعرابی نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا آپ نے فرمایا: اے معاویہ کھڑے ہو جاؤ اور اس سے کشتی لڑو۔ چنانچہ معاویہ رضی اللہ عنہ نے اعرابی سے کشتی کی اور اسے پچھاڑ دیا۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: معاویہ جس شخص سے بھی کشتی کرتا ہے اسے پچھاڑ دیتا ہے۔ رواہ الدیلمی

۳۷۵۰۹......ابو اسود کہتے ہیں: ایک مرتبہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوئے عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: تم نے اہل عذراء حجر اور اس کے ساتھیوں کو کیوں قتل کیا ہے؟ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: اے ام المؤمنین! میں نے امت کی بہتری کے لیے ان کا قتل روا سمجھا ہے چونکہ ان کے زندہ رہنے سے امت میں فساد پھیلنے کا خدشہ تھا۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: میں نے رسول ﷺ کو ارشاد فرماتے سنا ہے عنقریب عذراء میں لوگوں کو قتل کیا جائے گا ان پر اللہ اور اہل آسمان غضبناک ہیں۔

رواہ یعقوب بن سفیان وابن عساکر

٣٧٥١٠...... سعید بن ابی ہلاک کی روایت ہے کہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ حج کے لیے آئے اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوئے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اے معاویہ رضی اللہ عنہ تم نے حجر بن ادبر اور اس کے ساتھیوں کو قتل کر دیا ہے۔ اللہ کی قسم! مجھے حدیث پہنچی ہے کہ عذراء میں سات آدمی قتل کیے جائیں گے جن پر اللہ تعالیٰ اور اہل آسمان کا سخت غضب نازل ہوتا ہے۔ رواہ ابن عساکر

٣٧٥١١...... عبدالرحمٰن بن ابی عمیر مزنی کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے لیے دعا کی اور فرمایا: یا اللہ! معاویہ کو حساب و کتاب کا علم عطا فرما اور اسے عذاب سے بچالے۔ رواہ ابن عساکر

٣٧٥١٢...... حضرت عرباض رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے رسول اللہ ﷺ کو معاویہ رضی اللہ عنہ کے لے یہ دعا فرماتے ہوئے سنا: یا اللہ! اسے حساب و کتاب کا علم عطا فرما اور اسے عذاب سے بچالے۔ رواہ ابن النجار

٣٧٥١٣...... سری بن اسماعیل شعبی سے روایت نقل کرتے ہیں کہ مجھے سفیان ابن لیل نے حدیث سنائی ہے کہ جب حضرت حسن رضی اللہ عنہ کوفہ سے مدینہ منورہ تشریف لائے تو میں نے کہا: اے المؤمنین کے رسوا کرنے والے! حسن رضی اللہ عنہ نے کہا: یہ مت کہو میں نے اپنے والد کو کہتے ہوئے سنا ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو ارشاد فرماتے سنا: دن اور راتیں اس وقت تک ختم نہیں ہوں گی جب تک کہ ایک شخص بادشاہ نہ بن جائے اور وہ معاویہ ہے۔ اللہ کی قسم مجھے پسند نہیں کہ میرے لیے دنیا و مافیہا ہو اس کے بعد کہ جب میں نے یہ حدیث سن لی کہ میں مدینہ میں لوٹ کے نہ آیا ہوتا۔ (رواہ سمویہ ورواہ نعیم بن حماد فی الفتن والعقیلی بلفظ) اللہ کی قسم مجھے پسند نہیں ہیں کہ میرے لیے دنیا و مافیہا ہو اور ایک بھی کھوپڑی کا خون بہایا جائے۔ اس میں یہ بھی اضافہ ہے کہ میں نے والد کو کہتے سنا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس شخص نے اپنے دل سے ہمارے ساتھ محبت کی اپنی زبان سے ہماری مدد کی اور اپنے ہاتھوں کو روکے رکھا وہ اس جگہ میں ہوگا جو ہمارے ساتھ ملا ہوا ہے عقیلی کہتے ہیں: سفیان بن لیل کوفی ہے اور غالی قسم کا رافضی ہے، اس کی حدیثیں کسی طرح صحیح نہیں۔ میزان میں ہے: شعبی سے یہ حدیث روایت کرنے میں سری بن سفیان متفرد ہے اور یہ ہلاک شرگاہ میں سے ایک ہے۔ ابوالفتح ازدی کہتے ہیں: سفیان بن لیل کی ایک حدیث یہ بھی ہے: امت کا خاتمہ اس وقت تک ہیں ہوگا جب تک کہ اس کا حکمران وہ شخص نہ ہو جائے جو کشادہ حلقوم والا ہوگا وہ کھاتا جائے گا لیکن اس کا پیٹ نہیں بھرے گا یہ حدیث ذکر کرنے کے بعد ابوالفتح کہتے ہیں: سفیان مجہول روای ہے جبکہ حدیث منکر ہے۔ انتہٰی

محمد بن ثابت بن قیس رضی اللہ عنہ

٣٧٥١٤...... ''مسند ثابت بن قیس'' اسماعیل بن محمد بن ثابت بن قیس بن شماس اپنے والد سے روایت نقل کرتے ہیں کہ ان کے والد (ثابت بن قیس رضی اللہ عنہ) نے جمیلہ بنت عبداللہ بن ابی سے علیحدگی اختیار کر لی جبکہ وہ حاملہ تھی اور اس کے بطن میں محمد بن ثابت رضی اللہ عنہ تھے جب اس نے وضع حمل کیا قسم کھالی کہ وہ اسے دودھ نہیں پلائے گی، چنانچہ حضرت ثابت رضی اللہ عنہ بچے کو کپڑے میں لپیٹ کر رسول اللہ ﷺ کی خدمت اقدس میں لے آئے اور آپ کو سارا واقعہ سنایا۔ فرمایا: اسے میرے قریب لاؤ کہتے ہیں میں نے بچہ قریب کیا: آپ نے بچے کے منہ میں تھوکا اور اس کا نام محمد رکھا اور عجوہ کھجور سے اسکو گھٹی دی پھر فرمایا: اسے لے جاؤ اللہ ہی اسے رزق دینے والا ہے چنانچہ ایک دو دن ہی گزرنے پائے تھے کہ عرب کی ایک عورت مجھ سے ملنے آئی اور وہ لوگوں سے ثابت بن قیس بن شماس کے متعلق پوچھتی رہی میں نے عورت سے کہا: تجھے اس سے کیا کام ہے؟ وہ بولی: آج رات میں نے خواب دیکھا ہے کہ میں اس کے بیٹے کو دودھ پلا رہی ہوں اور اس کا نام محمد ہے وہ بولے: میں ہی ثابت ہوں اور یہ میرا بیٹا محمد ہے چنانچہ وہ عورت بچے کو لیتی گئی۔ رواہ ابن منده والبغوی وابونعیم فی المعرفة وابن عساکر

محمد بن حنفیہ رضی اللہ عنہ

٣٧٥١٥...... محمد بن حنفیہ کہتے ہیں: ایک مرتبہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ ہمارے گھر میں داخل ہوئے اور میں اپنی بہن ام کلثوم کے پاس تھا

عمر رضی اللہ عنہ نے مجھے اپنے ساتھ چمٹالیا اور فرمایا: اے کلثوم! اس پر مہربان رہنا۔ رواہ ابن عساکر

محمد بن طلحہ رضی اللہ عنہ

۳۷۵۱۶......عیسیٰ بن طلحہ کہتے ہیں: مجھے محمد بن طلحہ کی آیا نے حدیث سنائی ہے کہ جب محمد بن طلحہ پیدا ہوئے میں انھیں لے کر نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا آپ نے پوچھا: اس کا کیا نام رکھا ہے؟ میں نے عرض کیا: اس کا نام محمد رکھا ہے۔ فرمایا: یہ میرا اہم نام ہے اور اس کی کنیت ابوالقاسم ہے۔ رواہ ابونعیم فی المعرفة

۳۷۵۱۷......ابراہیم بن محمد بن طلحہ اپنے والد کی آیا سے روایت نقل کرتے ہیں وہ کہتی ہیں: جب محمد بن طلحہ بن عبیداللہ پیدا ہوئے میں انھیں لیکر نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئی تا کہ آپ انھیں گھٹی دیں اور دعا فرمائیں۔ آپ کے پاس دعائے برکت کے لیے بچے لے جائے جاتے تھے: نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اے عائشہ یہ کون ہے؟ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے جواب دیا: یہ محمد بن طلحہ ہے۔ آپ نے فرمایا: یہ میرا اہم نام ہے اور یہ ابوالقاسم بھی ہے۔ رواہ ابونعیم

حضرت منذر رضی اللہ عنہ

۳۷۵۱۸......"منذ جویریہ عصری" جویریہ عصری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں وفد عبدالقیس کے ہمراہ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا ہمارے ساتھ منذر بھی تھے۔ رسول اللہ ﷺ نے منذر سے فرمایا: تمہارے اندر دو خصلتیں ہیں جنھیں اللہ تعالیٰ پسند فرماتا ہے حلم اور بردباری۔

رواہ ابن منده وابونعیم

حضرت ماعز بن مالک رضی اللہ عنہ

۳۷۵۱۹......بریدہ کی روایت ہے کہ جب نبی کریم ﷺ نے حضرت ماعز بن مالک رضی اللہ عنہ کو رجم کرنے کا حکم دیا تو (ان کے رجم ہو جانے کے بعد) لوگ دو جماعتوں میں منقسم ہو گئے بعض کہتے: ماعز بہت بری حالت میں ہلاک ہوا ہے اور اس کے گناہ نے اس کا احاطہ کرلیا ہے۔ بعض کہتے: ماعز بن مالک کی توبہ سے بڑھ کر افضل واعلیٰ توبہ کسی کی نہیں ہوسکتی۔ چنانچہ ماعز رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور اپنا ہاتھ نبی کریم ﷺ کے دست اقدس میں تھمادیا اور عرض کیا: مجھے پتھروں سے قتل کریں صحابہ رضی اللہ عنہم نے ایسی حالت میں دو یا تین دن گزار دیئے پھر آپ تشریف لائے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم بیٹھے ہوئے تھے آپ نے سلام کیا اور بیٹھ گئے پھر فرمایا: ماعز بن مالک کے لیے استغفار کرو صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا اللہ تعالیٰ نے ماعز کی مغفرت کردی ہے؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ماعز نے ایسی توبہ کی ہے کہ اگر کسی امت میں تقسیم کی جائے تو انھیں کافی ہو۔ رواہ ابن جریر والحدیث فی صحیح البخاری کتاب الحدود باب من اعترف علی نفسه بالزنا

۳۷۵۲۰......بریدہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ جب ماعز رضی اللہ عنہ رجم کردیئے گئے تو بعض لوگوں نے کہا: یہ ماعز ہے جس نے اپنے آپ کو ہلاک کردیا ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ماعز نے اللہ تعالیٰ کے حضور ایسی توبہ کی ہے کہ اگر لوگوں کی ایک جماعت ایسی توبہ کرتی تو انھیں کافی ہوتی۔

رواہ ابن جریر

۳۷۵۲۱......بریدہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ماعز بن مالک کو رجم کرنے کا حکم دینے کے بعد ان کے لیے دعائے مغفرت کی۔

رواہ ابن جریر

۳۷۵۲۲......بریدہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں حضرت ماعز بن مالک رضی اللہ عنہ رسول کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا: یارسول

اللہ! مجھے پاک کریں حکم ہوا تجھ پر افسوس ہے واپس جاؤ اللہ تعالیٰ سے استغفار کرو اور اس کے حضور توبہ کرو ماعز رضی اللہ عنہ تھوڑے آگے تک چلے پھر واپس لوٹ آئے اور عرض کیا: یارسول اللہ مجھے پاک کریں نبی کریم ﷺ نے پہلے کی طرح انھیں واپس کر دیا حتیٰ کہ چوتھی بار نبی کریم ﷺ نے فرمایا: کس چیز سے میں تمہیں پاک کروں؟ عرض کیا: مجھے زنا سے پاک کریں۔ نبی کریم ﷺ نے پوچھا: کیا اس پر بے ہوشی کا حملہ تو نہیں ہوتا۔ خبر دی گئی کہ اس پر بیہوشی طاری نہیں ہوتی۔ فرمایا: کیا اس نے شراب تو نہیں پی؟ چنانچہ ایک آدمی نے بو سونگھی اور اس نے شراب کی بو نہ پائی فرمایا: کیا تم نے واقعی زنا کیا ہے؟ عرض کیا جی ہاں۔ آپ نے انھیں رجم کرنے کا حکم دیا۔ بعد میں ان کے متعلق لوگوں کی دو جماعتیں ہوگئیں ایک جماعت کہتی تھی ماعز بہت ہی بری حالت میں ہلاک ہوا ہے اس کے گناہ نے اس کا احاطہ کرلیا ہے بعض کہتے تھے ماعز کی توبہ سے بڑھ کر کسی اور کی بھی توبہ افضل واعلیٰ ہوسکتی ہے چونکہ وہ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور اپنا ہاتھ نبی کریم ﷺ کے دست اقدس میں دے دیا اور عرض کیا مجھے پتھر مار مار کر قتل کر دیں۔ صحابہ رضی اللہ عنہم دو تین دن تک اسی بحث ومباحثہ میں رہے پھر نبی کریم ﷺ تشریف لائے جبکہ صحابہ رضی اللہ عنہم بیٹھے ہوئے تھے آپ نے سلام کیا اور بیٹھ گئے پھر فرمایا: ماعز کے لیے استغفار کرو صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: اللہ تعالیٰ ماعز بن مالک کی مغفرت کرے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ماعز نے ایسی توبہ کی ہے کہ اگر کسی امت میں اس کی توبہ تقسیم کی جائے انھیں کافی ہو۔

بریدہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: پھر آپ ﷺ کے پاس قبیلہ غامد بن ازد کی ایک عورت آئی اور عرض کیا: یارسول اللہ! مجھے پاک کریں آپ نے فرمایا: تجھ پر افسوس ہے واپس جاؤ اور اللہ تعالیٰ سے استغفار کرو اور اس کے حضور توبہ کرو غامدیہ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا شاید آپ مجھے بھی ماعز کی طرح واپس کرنا چاہتے ہیں آپ نے فرمایا: کیا معاملہ ہے؟ عرض کیا: میں تو زنا سے حاملہ ہوچکی ہوں آپ نے پوچھا: واقعی تم سے زنا سرزد ہوا ہے؟ عرض کیا: جی ہاں فرمایا: ہم تمہیں اس حالت میں رجم نہیں کر سکتے حتیٰ کہ تو وضع حمل نہ کر دے چنانچہ ایک انصار نے غامدیہ رضی اللہ عنہ کی ذمہ داری لی چنانچہ کچھ عرصہ بعد انصاری آیا اور عرض کیا: یارسول اللہ! غامدیہ نے وضع حمل کرلیا ہے آپ نے فرمایا: ہم اسے اس حالت میں بھی رجم نہیں کر سکتے کہ وہ دودھ پیتا بچہ چھوڑ جائے اور اسے کوئی دودھ بھی پلانے والا نہ ہو۔ انصار میں سے ایک شخص کھڑا ہوا اور عرض کیا: یانبی اللہ! بچے کو دودھ پلانے کی ذمہ داری میں لیتا ہوں۔ آپ نے غامدیہ رضی اللہ عنہا کو رجم کرنے کا حکم دے دیا۔ (رواہ ابونعیم واخرجہ مسلم فی صحیحہ کتاب الحدود باب من اعترف علی نفسہ بالزنا۔ اس معنی میں بہت ہی احادیث کتاب الحدود میں گزرچکی ہیں دیکھیں حدیث نمبر ۱۳۴۵۰)

۳۷۵۲۳...... حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ حضرت ماعز بن مالک رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور زنا کا اقرار کیا: رسول اللہ ﷺ نے انھیں واپس کر دیا ماعز رضی اللہ عنہ پھر واپس لوٹ آئے اور زنا کا اقرار کیا: پھر چوتھی بار آپ نے ماعز رضی اللہ عنہ کی قوم سے پوچھا: کیا تم اس کی عقل میں کوئی فتور تو نہیں پاتے؟ قوم نے جواب دیا نہیں۔ آپ نے رجم کرنے کا حکم صادر فرمایا: چنانچہ ماعز کو ایسی جگہ رجم کیا گیا جہاں پتھر کم تھے جسکی وجہ سے موت واقع ہونے میں تاخیر ہوئی ماعز رضی اللہ عنہ ایسی جگہ کی طرف بھاگنے لگے جہاں پتھر زیادہ تھے لوگ بھی ان کے پیچھے پیچھے ہوئے لوگوں نے ان پر پتھر برسائے حتیٰ کہ انھیں قتل کر دیا۔ پھر رسول اللہ ﷺ سے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے ماعز رضی اللہ عنہ کی کارگزاری سنائی آپ نے فرمایا: تم نے اس کا راستہ چھوڑ کیوں نہیں دیا پھر ان کی قوم نے رسول اللہ ﷺ سے انھیں دفن کرنے اور نماز جنازہ پڑھنے کی اجازت طلب کی آپ نے انھیں اجازت دی اور فرمایا: ماعز نے ایسی توبہ کی ہے کہ اگر اس کی توبہ لوگوں کی مختلف جماعتوں میں تقسیم کی جائے سب کو کافی ہو۔ رواہ البزار

۳۷۵۲۴...... حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے ماعز رضی اللہ عنہ کو نہ برا بھلا کہا اور نہ ہی ان کے لیے استغفار کیا۔

رواہ ابن جریر

۳۷۵۲۵...... حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ حضرت ماعز بن مالک رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا: مجھ سے برائی سرزد ہوئی ہے آپ ﷺ انھیں بار بار واپس کر دیتے بالآخر آپ نے ماعز رضی اللہ عنہ کی قوم سے پوچھا: کیا اسے کوئی بیماری تو ہیں؟ جواب دیا گیا کہ اسے کوئی بیماری نہیں۔ آپ نے ہمیں رجم کرنے کا حکم دیا ہم ماعز رضی اللہ عنہ کو لے کر بقیع غرقد میں چلے گئے ہم نے گھڑا

کھودا اور نہ ہی انھیں ایک جگہ کھڑا ہونے پر مجبور کیا۔ ہم نے انھیں چھوٹے چھوٹے پتھر اور ٹھیکریاں ماریں پھر وہ دوڑ پڑے ہم بھی ان کے پیچھے پیچھے ہو لیے، چنانچہ وہ مقام صرہ میں آ گئے اور کھڑے ہو گئے وہاں ہم نے ان پر بڑے بڑے پتھر برسائے حتیٰ کہ خاموش ہو گئے یعنی اللہ کو پیارے ہو گئے۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۵۲۶...... مجاہد کی روایت ہے کہ ماعز رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے آپ نے انھیں چار مرتبہ واپس کر دیا اور پھر رجم کرنے کا حکم صادر فرمایا: چنانچہ جب ان پر پتھر برسائے گئے تو وہ گھومنے لگے اور آہ وبکا شروع کر دی جب نبی کریم ﷺ کو اس کی خبر ہوئی فرمایا: تم نے اسے چھوڑ کیوں نہیں دیا۔ رواہ عبدالرزاق

۳۷۵۲۷...... ابوامامہ بن سہل بن حنیف انصاری رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ جس دن ماعز رضی اللہ عنہ رجم کیے گئے اس دن نبی کریم ﷺ نے ظہر کی نماز پڑھی اور پہلی دو رکعتیں بہت طویل کر دیں حتیٰ کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم طویل قیام کی وجہ سے عاجز آ گئے جب آپ نماز سے فارغ ہوئے آپ نے ماعز رضی اللہ عنہ کے رجم کا حکم دیا۔ انھیں رجم کیا گیا وہ مر نہیں رہے تھے حتیٰ کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اونٹ کے جبڑے کی ہڈی سر پر ماری جس سے ان کی جان نکل گئی جب ان کی جان نکلی ایک شخص نے کہا: تو بدنصیب ہے۔ نبی کریم ﷺ سے کہا گیا: یارسول اللہ! ہم اس پر نماز پڑھیں؟ فرمایا: جی ہاں دوسرے دن پھر آپ نے ظہر کی نماز میں پہلی دو رکعتیں طویل کیں جب نماز سے فارغ ہوئے فرمایا: اپنے صاحب پر نماز پڑھو چنانچہ نبی کریم ﷺ نے نماز جنازہ پڑھی اور لوگوں نے بھی پڑھی۔ رواہ عبدالرزاق

موسیٰ وعمران ابن طلحہ رضی اللہ عنہ

۳۷۵۲۸...... موسیٰ بن طلحہ اپنے والد سے روایت نقل کرتے ہیں وہ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے میرے دو بیٹوں کا نام موسیٰ اور عمران رکھا۔
رواہ ابن مندہ ابن عساکر

محمد بن فضالہ بن انس بقول بعض محمد بن انس بن فضالہ رضی اللہ عنہ

۳۷۵۲۹...... محمد بن فضالہ کی روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ سے میری ملاقات فتح مکہ والے سال ہوئی ہے اس وقت میری عمر دس سال تھی۔
رواہ ابونعیم

۳۷۵۳۰...... یونس بن محمد بن فضالہ ظفری اپنے والد سے روایت نقل کرتے ہیں وہ کہتے ہیں: میری والدہ مجھے لے کر نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئی اور میرے لیے دعائے برکت کرنے کے لیے عرض کیا: آپ نے میرے لیے دعا فرمائی اور آپ نے دست اقدس میری گدی پر رکھا یونس کہتے ہیں: میرے والد کے جسم کے سب بال سفید ہو گئے تھے مگر وہ بال جن پر رسول اللہ ﷺ نے دست اقدس پھیرا تھا وہ سفید نہیں ہوئے۔
رواہ الحسن بن سفیان و ابونعیم

۳۷۵۳۱...... یونس بن محمد بن فضالہ اپنے والد سے روایت نقل کرتے ہیں وہ کہتے ہیں: جب نبی کریم ﷺ مدینہ منورہ تشریف لائے اس وقت میں پندرہ دنوں کا تھا مجھے آپ کی خدمت میں حاضر کیا گیا آپ نے میرے سر پر دست شفقت پھیرا اور فرمایا: اس کا نام میرے نام پر رکھو لیکن میرے کنیت مت رکھو مجھے آپ کے ساتھ حجۃ الوداع کرایا گیا اس وقت میں دس سال کا تھا اور میری زلفیں تھیں یونس کہتے ہیں: محمد کے سر اور جسم کے تمام بال سفید ہو گئے تھے مگر وہ بال جن پر رسول اللہ ﷺ نے ہاتھ پھیرا تھا وہ سفید نہیں ہوئے۔ رواہ ابونعیم

۳۷۵۳۲...... عمرو بن ابی فردہ اپنے بعض مشائخ اہل بیت سے روایت نقل کرتے ہیں کہ غزوہ احد میں انس بن فضالہ قتل کر دیئے گئے تو رسول اللہ ﷺ کے پاس محمد بن انس ظفری لائے گئے آپ نے انھیں کھجوروں کا خوشہ صدقہ کیا جو نہ بیچا گیا تھا اور نہ ہی ہبہ کیا گیا تھا۔ رواہ ابونعیم

حضرت محیصہ بن مسعود بن کعب انصاری اوسی رضی اللہ عنہ

۳۷۵۳۳...... بنت محیصہ اپنے والد سے روایت نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: یہودی مردوں میں سے جسے بھی قتل کرنے کا تمہیں موقع میسر ہوا سے قتل کردو چنانچہ محیصہ رضی اللہ عنہ اٹھ کھڑے ہوئے اور یہودیوں کے ایک تاجر شیبہ کو قتل کردیا۔ محیصہ رضی اللہ عنہ اس سے خرید وفروخت کرتے تھے محصیہ رضی اللہ عنہ کے بھائی خویصہ رضی اللہ عنہ نے ابھی اسلام قبول نہیں کیا تھا: خویصہ نے محیصہ رضی اللہ عنہ کو مارتے تھے اور کہتے: اے اللہ کے دشمن تو نے اسے قتل کیا ہے۔ بخدا! تیرے پیٹ میں جڑی ہوئی بیشتر چربی اسی کے مال سے ہے محیصہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے بھائی کو جواب دیا: اللہ کی قسم رسول اللہ ﷺ اگر تجھے قتل کرنے کا حکم دیں اس سے بھی گریز نہیں کروں گا محیصہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں بخدا! یہی واقعہ خویصہ کے اسلام قبول کرنے کا ذریعہ بنا کہا: بخدا! اگر محمد تجھے میرے قتل کا حکم دیں تو مجھے قتل کردو گے؟ محصیہ رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: اللہ کی قسم جی ہاں خویصہ بولے: بخدا! تمہارے نزدیک دین کا معاملہ یہاں تک پہنچا ہے یہ تو عجیب بات ہے۔ رواہ ابونعیم

حضرت مدلوک ابوسفیان رضی اللہ عنہ

ابوسفیان کہتے ہیں: مدلوک رضی اللہ عنہ کو صحبت کا شرف حاصل ہے۔

۳۷۵۳۴...... آمنہ بنت ابی شعثاء اوران کی آزاد کردہ باندی قطبہ کہتی ہیں کہ ان دونوں نے مدلوک ابوسفیان رضی اللہ عنہ کو دیکھا ہے وہ کہتی ہیں ہم نے مدلوک کو کہتے سنا ہے کہ میں اپنی مالک کے ساتھ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا میں نے اسلام قبول کیا اور رسول اللہ ﷺ نے میرے سر پر دست شفت پھیرا آمنہ کہتی ہیں میں نے مدلوک کے سر پر رسول اللہ ﷺ کے ہاتھ مبارک کا نشان دیکھا ہے بایں طور کہ سر کا وہ حصہ پر آپ کے دست اقدس پھیرا تھا وہ سیاہ تھا اور باقی حصہ سفید تھا۔ رواہ ابونعیم وابن عساکر

۳۷۵۳۵...... آمنہ یا امیہ بنت ابی شعثاء اوران کی آزاد کردہ باندی قطبہ کہتی ہیں: ہم نے ابوسفیان کو کہتے سنا کہ میں اپنے مالکوں کے ساتھ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور میں نے اسلام قبول کرلیا۔ رسول اللہ ﷺ نے میرے لیے دعا فرمائی اور میرے سر پر دست شفقت پھیرا اور میرے لیے دعائے برکت فرمائی۔ آمنہ کہتی ہیں: ابوسفیان کے سر کا مقدم حصہ سیاہ تھا جس پر نبی کریم ﷺ نے ہاتھ پھیرا تھا جبکہ باقی حصہ سفید تھا۔ رواہ البخاری فی تاریخہ

حضرت مسلمہ بن مخلد رضی اللہ عنہ

۳۷۵۳۶...... ابوقتیل کہتے ہیں میں نے مسلمہ بن مخلد انصاری رحمۃ اللہ علیہ کو کہتے سنا جبکہ وہ بحری مہم پر کثرت سے آتے جاتے تھے اور لشکر اسے ناپسند کرتا تھا۔ تو مسلمہ رضی اللہ عنہ نے کہا: اے اہل مصر! تم مجھ سے کیوں انتقام لینا چاہتے ہو جان لو میرے بعد جو کچھ ہونے والا ہے وہ بہتر ہے آخر تو آخر ہے۔ رواہ ابونعیم

۳۷۵۷۳...... مسلمہ بن مخلد کہتے ہیں: جب نبی کریم ﷺ مدینہ تشریف لائے تو میں پیدا ہوا اور جب آپ دنیا سے رخصت ہوئے اس وقت میری عمر دس (۱۰) سال تھی۔ رواہ ابن ابی شیبۃ

حضرت مطاع رضی اللہ عنہ

۳۷۵۳۸...... عبدالرحمن بن مثنی بن مطلاع بن عیسیٰ بن مطاع بن زیادہ بن مسلم بن مسعود بن ضحاک بن جابر بن عدی ابومسعود لحمی اپنے آباء

اجداد کسی سند سے اپنے دادا مسعو بن ضحاک کی روایت نقل کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے ان کا نام مطاع رکھا اور ان سے فرمایا: تم اپنی قوم کے مطاع (فرمانبردار) ہو آپ نے مطاع رضی اللہ عنہ کو ابلق گھوڑا سواری کے لیے دیا اور جھنڈا بھی عطا کیا اور فرمایا: اے مطاع اپنے ساتھیوں کے پاس واپس چلے جاؤ جو شخص بھی میرے جھنڈے تلے آئے گا وہ عذاب سے مامون رہے گا۔

قال الطبرانی: لایروی الا بھذا الاسناد و رواہ ابن عساکر

حضرت معن بن یزید بن احسن بن حبیب سلمی رضی اللہ عنہ

۳۷۵۳۹......حضرت معن بن یزید بن اخنس بن حبیب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں رسول اللہ ﷺ کے پاس ایک کیس لے کر گیا۔ آپ نے مجھے میرے مدمقابل پر غلبہ دیا پھر مجھے نکاح کی پیش کش کی جسے میں نے قبول کیا اور آپ نے میرا نکاح کرا دیا پھر میں نے اور میرے باپ دادا نے آپ کے دست اقدس پر بیعت کی۔ رواہ الطبرانی وابونعیم

حضرت محمد بن حاطب رضی اللہ عنہ

۳۷۵۴۰......عبدالرحمن بن عثمان بن ابراہیم بن محمد بن حاطب اپنے والد اور دادا محمد بن حاطب سے روایت نقل کرتے ہیں اور وہ اپنی والدہ ام جمیل بنت مجلل رضی اللہ عنہ سے روایت نقل کرتے ہیں وہ کہتی ہیں: میں تجھے (یعنی محمد بن حاطب رضی اللہ عنہ کو) سرزمین حبشہ سے لے کر آئی اور مدینہ سے ایک یا دو دن کی مسافت پر تھی میں تمہارے لیے کھانا پکا رہی تھی کہ لکڑیاں ختم ہو گئیں میں لکڑیاں لینے گئی اور ہنڈیاں چولہے سے نیچے اتارنے لگی۔ ہنڈیا الٹ گئی جو تیرے بازوں پر آن گری جب مدینہ پہنچی میں تجھے لیکر نبی کریم ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئی اور عرض کیا: یارسول اللہ! میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں یہ محمد بن حاطب ہے یہ پہلا بچہ ہے جس کا نام آپ کے نام پر رکھا گیا ہے نبی کریم ﷺ نے تمہارے منہ میں تھتکارا، تمہارے سر پر دست شفقت پھیرا اور تمہارے لیے دعائے برکت فرمائی۔ دوران دعا تمہارے ہاتھوں پر تھتکارتے رہے اور یہ دعا پڑھتے رہے۔

اذھب الباس رب الناس! واشف.
انت الشافی لا شفاء الا شفاء ک شفاء لایغادر سقما.

اے لوگوں کے پرمددگار دکھ تکلیف دور فرمادے اور شفاء عطا فرما تو ہی شفا بخشنے والا ہے اور تیرے سوا کوئی شفاء بخشنے والا نہیں ہے ایسی شفا جو بیماری کو جڑ سے اکھاڑ پھینکے۔

اس کے بعد میں تمہیں لیکر اٹھ گئی تمہارے ہاتھ بالکل صحیح ہو چکے تھے۔ رواہ احمد بن حنبل وابویعلی وابن مندہ وابونعیم وابن عساکر

حرف نون......حضرت نابغہ جعدی رضی اللہ عنہ

۳۷۵۴۱......یعلی بن اشدق سے مروی ہے کہ نابغہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ایک مرتبہ میں نے نبی کریم ﷺ کو اشعار سنائے جب کہ میں آپ کی دائیں طرف بیٹھا ہوا تھا۔

بلغنا السماء مجدنا وجدودنا
وانا لنرجو فوق ذالک مظھرا

ہم اپنی بزرگی وشرافت میں آسمان تک جا پہنچے ہیں اور ہم اس سے بھی کہیں اوپر جانے کی امید رکھتے ہیں آپ نے فرمایا: اے

ابویعلیٰ۔اس سے اوپر کہاں کا ارادہ ہے؟ تمہاری ماں تمہیں گم پائے میں نے عرض کیا: جنت میں فرمایا: جی ہاں انشاء اللہ میں نے کہا:

ولا خیر فی علم اذا لم یکن لہ
بوادر تحمی صفوہ ان یکدرا
ولا خیر فی جھل اذا لم یکن لہ
حلیم اذا ما اورد الا مرا صدرا

اس علم میں کوئی خیر و بھلائی نہیں جو صاف اور مکدر میں فرق نہ کر سکے اور اس جہالت میں بھی کوئی خیر و بھلائی نہیں کہ جس کا واسطہ کسی بردبار سے نہ پڑے اور وہ معاملہ کو جانچ نہ سکتا ہو۔

رسول کریم ﷺ نے فرمایا: بہت اچھا اللہ تمہیں رسوا نہیں کرے گا۔ یعلی بن اشدق کہتے ہیں میں نے نابغہ رضی اللہ عنہ کو دیکھا اس وقت ان کی عمر ایک سو بیس (۱۲۰) سال تھی جب کہ ان کے منہ میں دانت نو کیلے تھے اور یوں لگتے تھے جیسا کہ اولے ہوں۔ رواہ ابن عساکر وابن النجار

۳۷۵۴۲......ابن بخار، احمد بن یحیٰ بن برکہ البزار، ابونصر یحیٰ بن علی بن محدم خطیب انباری ابوبکر احمد بن علی بن ثابت الخطیب، ابومحمد جعفر بن محدم ابھری الشاعر (ہمدان میں سماعت ہوئی) ابوبکر عبداللہ بن احمد بن محمد الفارسی الشاعر ابوعثمان سعدی بن زید بن خالد مولیٰ بنی ہاشم شاعر حمص عبد السلام بن رعبان الشاعر دیک الجن دعبل بن علی شاعر شاعر ابونواس حسن بن ہانی شاعر والبہ بن حباب شاعر کمیت بن زید وہ اپنے ماموں فرزدق شاعر سے روایت نقل کرتے ہیں کہ طرماح شاعر کہتے ہیں کہ میری ملاقات نابغہ بن جعدہ شاعر سے ہوئی میں نے اس سے پوچھا: کیا رسول اللہ ﷺ سے تمہاری ملاقات ہوئی ہے؟ اس نے جواب دیا: جی ہاں بلکہ میں نے تو آپ ﷺ کو اپنا قصیدہ بھی سنایا ہے جس کا مطلع یہ ہے۔

بلغنا السماء مجدنا وجدودنا
وانا لنرجو فوق ذالک مظھرا.

نابغہ رضی اللہ عنہ نے کہا: میں نے رسول اللہ ﷺ کا چہرہ اقدس متغیر ہوتے دیکھا اور غصہ کے آثار نمایاں دکھائی دیتے تھے فرمایا: اے ابولیلیٰ! آسمان سے اوپر کہاں؟ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! جنت میں فرمایا: جی ہاں جنت میں انشاءاللہ تعالیٰ۔

حرف واؤ......حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ

۳۷۵۴۳......واثلہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے پاس آیا اور ان سے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بارے میں پوچھا: وہ بولیں: رسول اللہ ﷺ کے پاس گئے ہیں۔ میں وہیں بیٹھ گیا اتنے میں رسول اللہ ﷺ تشریف لائے ان کے ساتھ حضرت علی رضی اللہ عنہ حسن رضی اللہ عنہ اور حسین رضی اللہ عنہ بھی تھے، جبکہ آپ نے حسنین کریمین رضی اللہ عنہ کو ہاتھ میں پکڑ رکھا تھا اندر تشریف لائے پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ اور فاطمہ رضی اللہ عنہا کو اپنے قریب کیا اور ان دونوں کو اپنے سامنے بٹھایا جبکہ حضرت حسن رضی اللہ عنہ اور حضرت حسین رضی اللہ عنہ کو اپنی ران پر بٹھایا پھر آپ نے اپنی چادر لپیٹ لی اور یہ آیت تلاوت کی ''انما یرید اللہ لیذھب عنکم الرجس اھل البیت'' اے اہل بیت اللہ تعالیٰ تم سے گندگی دور کرنا چاہتا ہے۔ پھر آپ نے فرمایا: یا اللہ یہ میرے اہل بیت ہیں اور میرے اہل بیت زیادہ حق رکھتے ہیں میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! میں بھی تو آپ کے اہل میں سے ہوں۔ فرمایا: تو بھی میرے اہل میں سے ہے واثلہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں جو چیز رسول اللہ ﷺ نے کسی کے لیے چاہی وہ میرے لیے بھی چاہی۔ رواہ ابن ابی شیبۃ وابن عساکر

۳۷۵۴۴......واثلہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا حضرت علی، حضرت حسن اور حضرت حسین رضی اللہ عنہم کو ایک کپڑے تلے جمع کیا اور پھر فرمایا: یا اللہ! میں نے تیری رحمت مغفرت اور تیری رضا ابراہیم علیہ السلام اور آل ابراہیم کے لیے بھیجی ہے۔ یا اللہ! یہ مجھ سے ہیں اور میں ان سے ہوں لہٰذا اپنی رحمت مغفرت اور رضا مجھ پر اور ان پر نازل فرما۔ واثلہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں

دروازے پر کھڑا تھا میں نے عرض کیا: یارسول اللہ میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں مجھ پر بھی رحمت ایزدی کا نزول ہو۔ فرمایا: یا اللہ واثلہ پر بھی اپنی رحمت نازل فرما۔ رواہ الدیلمی

حضرت ولید بن عقبہ رضی اللہ عنہ

۳۷۵۴۵..... حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ ولید بن عقبہ کی بیوی نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئی اور عرض کیا: یارسول اللہ! ولید مجھے مارتا ہے۔ آپ نے فرمایا: اس سے کہہ دو کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے پناہ دی ہے چنانچہ تھوڑی دیر گزرنے پائی تھی کہ واپس لوٹ آئی اور بولی: اس نے تو مجھے اور زیادہ مارنا شروع کر دیا ہے۔ چنانچہ نبی کریم ﷺ نے اپنے کپڑے سے ایک ٹکڑا کاٹا اور اس عورت کو دیا اور فرمایا: اس سے کہو! رسول اللہ ﷺ نے مجھے پناہ دی ہے اور یہ کپڑا انہی کے کپڑے کا ٹکڑا ہے تھوڑی دیر گزری تھی واپس لوٹ آئی اور کہنے لگی: ولید نے مجھے اور زیادہ مارا ہے چنانچہ آپ ﷺ نے ولید کو بددعا دینے کے لیے دونوں ہاتھ اوپر اٹھائے اور فرمایا: یا اللہ! ولید سے نمٹ لے اس نے میری معصیت کی ہے آپ نے دو یا تین بار فرمایا۔ رواہ ابن ابی شیبة ومسدو عبد اللہبن احمد بن حنبل و ابویعلی و ابن جریر و صححه

فائدہ:...... ولید بن عقبہ بن ابی معیط رضی اللہ عنہ نے معاویہ رضی اللہ عنہ کے دور خلافت میں وفات پائی ہے حدیث سیاق وسباق سے پتہ چلتا ہے کہ یہ حدیث ولید بن عقبہ رضی اللہ عنہ کے اسلام قبول کرنے سے پہلے کی ہے خصوصاً حدیث کا آخری جملہ جس میں بددعا کا ذکر ہے اس سے یہ بات اور بھی زیادہ واضح ہو جاتی ہے۔

حرف ہاء...... حضرت ہلال مولائے مغیرہ رضی اللہ عنہ

۳۷۵۴۶..... حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اس دروازہ سے ضرور ایک شخص داخل ہوگا جس کی طرف اللہ تعالیٰ نظر رحمت سے دیکھتے ہیں۔ چنانچہ حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ کا ایک حبشی غلام داخل ہوا اس کا نام ہلال تھا اس کی آنکھیں اندر دھنسی ہوئی تھیں اس کے ہونٹ موٹے موٹے تھے سامنے کے دانت ظاہری دکھائی دیتے تھے پیٹ سکڑا ہوا تھا پنڈلیاں پتلی پتلی تھیں پاؤں کے تلوے ہموار مہزول کمر چہرے کی سیاہی پر زردی کا غلبہ تھا وہ ذکر وتسبیح میں مشغول اپنے ہونٹ ہلا رہا تھا نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ! ہم ہلال کو آنے پر مرحبا کہتے ہیں کیا ہمارے ساتھ کھانا کھاؤ گے بلکہ اپنی عادت کے موافق روزے میں رہو اور اے ہلال: مجھ پر درود بھیجا کرو۔

رواہ ابوعبدالرحمن السلمی فی سنن الو فیه والدیلمی

حضرت ھانی ابو مالک رضی اللہ عنہ

۳۷۵۴۷..... مفضل بن غسان کہتے ہیں میں نے یحییٰ بن معین سے کہا: مجھے ابوایوب سلیمان بن عبدالرحمن دمشقی نے اس سند سے حدیث بیان کی خالد بن یزید عبدالرحمن بن ابی مالک، وہ اپنے والد اور دادا ھانی ابو مالک ھمدانی سے روایت نقل کرتے ہیں وہ کہتے ہیں میں یمن سے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور میں نے اسلام قبول کیا رسول اللہ ﷺ نے میرے سر پر دست شفقت پھیرا اور میرے لیے دعائے برکت کی پھر آپ ﷺ نے ھانی رضی اللہ عنہ کو یزید ابی سفیان کے ہاں ٹھہرایا پھر اس لشکر کے ساتھ شام روانہ ہو گئے جسے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے بھیجا تھا پھر وہ شام سے واپس نہیں لوٹے۔ چنانچہ یحییٰ بن معین نے خالد بن یزید کو ضعیف قرار دیا۔

رواہ ابن عساکر

حرف یاء...... حضرت یسار مولیٰ مغیرہ رضی اللہ عنہ

۳۷۵۴۸...... حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ میں مسجد میں بیٹھا تھا اتنے میں ایک حبشی غلام اندر داخل ہوا اس کے جسم میں عیب تھا اور اس نے سر پر یمنی چادر اوڑھ رکھی تھی وہ حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ کا غلام تھا نبی کریم ﷺ نے اسے دیکھ کر فرمایا: ہم یسار کو آنے پر مرحبا کہتے ہیں۔

حضرت یزید بن ابی سفیان رضی اللہ عنہ

۳۷۵۴۹...... عمرو بن یحیی بن سعید اموی اپنے دادا سے روایت نقل کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ ابو سفیان رضی اللہ عنہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے پاس آئے حضرت عمر رضی اللہ عنہ ابوسفیان سے ان کے بیٹے یزید کی تعریف کی حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: اے ابوسفیان اللہ تعالیٰ تمہیں تمہارے بیٹے کے متعلق اجر عطا فرمائے ابوسفیان نے پوچھا: اے امیر المؤمنین! میرے کس بیٹے کی آپ بات کر رہے ہیں؟ فرمایا: یزید کی ابوسفیان بولے: اسے کس نے سرکاری کام پر بھیجا تھا؟ فرمایا: اس کے بھائی معاویہ نے پھر عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ دونوں بھائی مصلح ہیں، ہمارے لیے حلال نہیں کہ ہم کسی مصلح کو اس کے عہدے سے سبکدوش کردیں۔ رواہ ابن سعد واللالکائی فی السنۃ

کنیتوں کا بیان

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ

۳۷۵۵۰...... ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن کی روایت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ جب ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کو دیکھتے کہتے اے ابوموسیٰ! ہمیں اپنے رب کی یاد دلاؤ ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ عمر رضی اللہ عنہ کے پاس قرآن مجید کی تلاوت شروع کردیتے۔ رواہ عبدالرزاق وابوعبیدہ وابن سعد

۳۷۵۵۱...... انس بن مالک کی روایت ہے کہ مجھے ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس بھیجا حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے پوچھا: تم نے اشعری کو کس حال میں چھوڑا ہے؟ میں نے جواب دیا: میں نے انھیں لوگوں کو قرآن مجید کی تعلیم دیتے چھوڑا ہے عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: بلاشبہ وہ عقلمند آدمی ہے پھر پوچھا: تم نے اعراب کو کس حال میں چھوڑا میں نے کہا: آپ اشعرین کے متعلق پوچھ رہے ہیں؟ فرمایا: نہیں بلکہ میں اہل بصرہ کے متعلق پوچھ رہا ہوں میں نے کہا: اگر وہ یہ کلمہ (اعراب یعنی گنوار دیہاتی) سن لیں تو یہ ان پر گراں گزرے گا فرمایا: انھیں یہ بات مت پہنچاؤ بلاشبہ وہ تو اعراب (گنوار) ہیں الایہ کہ اللہ تعالیٰ کسی شخص کو جہاد فی سبیل اللہ کی توفیق عطا فرمائے۔ رواہ ابن سعد

۳۷۵۵۲...... حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی کریم ﷺ نے ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ کو قرآن پڑھتے سنا آپ نے فرمایا: یہ آواز گویا تو لحن داؤد کی مانند ہے۔ رواہ ابویعلی وابن عساکر

۳۷۵۵۳...... بریدہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی کریم ﷺ نے ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی قرآن پڑھنے کی آواز سنی فرمایا: اسے تو داؤد علیہ السلام کا لحن عطا کیا گیا ہے بریدہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے ابوموسیٰ کو یہ بات سنائی وہ بولے: تم نے مجھے یہ خبر سنائی اب سے تم میری دوست ہوا گر مجھے پتہ ہوتا کہ رسول اللہ ﷺ میری آواز سن رہے ہیں میں اپنی آواز میں اور زیادہ خوبصورتی پیدا کرتا ایک مرتبہ نبی کریم ﷺ نے ایک دوسرے شخص کی آواز سنی فرمایا: کیا تم اسے ریا کار کہہ سکتے ہو؟ میں نے آپ کو کوئی جواب نہ دیا آپ نے دو یا تین بار مجھ سے پوچھا: میں نے عرض کیا کیا آپ اسے ریا کار کہتے ہیں بلکہ وہ تو طالب رضا ہے۔ آپ ﷺ نے ایک اور شخص کو دعا کرتے سنا جو یہ دعا مانگ رہا تھا:

اللھم انی اسالک بانی اشھد انک انت اللہ الذی لا الہ الا انت الاحد الصمد الذی لم تلد ولم تولد ولم یکن لک کفواً احد.

یا اللہ! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ میں گواہی دیتا ہوں تو ہی اللہ ہے اور تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو ایک اور بے نیاز نہ تیری کوئی اولاد ہے اور نہ ہی تو کسی کی اولاد ہے اور تیرا کوئی ہمسر نہیں دعا سننے کے بعد آپ ﷺ نے فرمایا: اس شخص نے اللہ تعالیٰ کے ایسے نام کے ذریعے سوال کیا ہے کہ جب اس نام سے اللہ تعالیٰ سے دعا کی جائے وہ ضرور قبول فرماتا ہے اور جب سوال کیا جائے عطا فرماتا ہے۔ رواہ عبدالرزاق

۳۷۵۵۴..... ابونجاء حکیم کہتے ہیں: ایک مرتبہ میں حضرت عمار رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھا ہوا تھا اتنے میں ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ آ گئے اور کہا: مجھے تم سے کیا دوری؟ بھلا میں تمہارا بھائی نہیں ہوں؟ عمار رضی اللہ عنہ بولے: مجھے پتہ نہیں لیکن میں رسول اللہ ﷺ کو پہاڑ والی رات۔ لیلۃ الجبل تمہارے اوپر لعنت کرتے سنا ہے ابوموسی رضی اللہ عنہ نے عذر ظاہر کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے میرے لیے استغفار کر دیا ہے۔ عمار رضی اللہ عنہ اس پر بولے: میں لعنت کرتے وقت تو آپ کے پاس حاضر تھا جبکہ استغفار کرتے وقت حاضر نہیں تھا۔ رواہ ابن عدی وابن عساکر

کلام:....... ابن عدی نے اس روایت کو واہی تباہی۔ (موضوع) قرار دیا ہے۔

۳۷۵۵۵..... عیاض اشعری کی روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے اس آیت کی تفسیر کرتے ہوئے فرمایا: "فسوف یاتی اللہ بقوم یحبھم ویحبونہ" "عنقریب اللہ تعالیٰ ایسی قوم لائے گا جس سے وہ محبت کرتا ہے اور وہ اس سے محبت کرتے ہیں" آیت میں قوم سے مراد یہ لوگ ہیں۔ آپ نے ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی طرف اشارہ کیا۔ رواہ ابن ابی شیبۃ وابن عساکر

۳۷۵۵۶..... ابوموسی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر تھا آپ نے مکہ اور مدینہ کے درمیان مقام جعرانہ میں پڑاؤ کیا ہوا تھا آپ کے ہمراہ بلال رضی اللہ عنہ بھی تھے رسول اللہ ﷺ کے پاس ایک اعرابی آیا اور کہا: اے محمد آپ نے جو وعدہ مجھ سے کیا تھا وہ پورا نہیں کرتے ہو؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تیرے لیے بشارت ہے۔ اعرابی بولا: آپ نے مجھے بہت ساری بشارتیں لے لی ہیں چنانچہ رسول اللہ ﷺ ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ اور بلال رضی اللہ عنہ کی طرف غصہ میں متوجہ ہوئے اور فرمایا: اس اعرابی نے بشارت رد کر دی ہے لہٰذا تم دونوں بشارت قبول کرلو۔ دونوں نے عرض کیا رسول اللہ! ہم سے آپ کی خوشخبری قبول فرمائی۔ پھر رسول اللہ ﷺ نے ایک برتن منگوایا اس میں ہاتھ دھوئے اور چہرہ اقدس دھویا اور منہ میں پانی لیکر اس میں کلی کی پھر ان دونوں سے فرمایا: یہ پانی پی لو۔ اور کچھ اپنے سروں پر انڈیل لو ایک روایت میں ہے کہ اپنے چہروں پر ڈال لو۔

اور سینوں پر بھی ڈال لو۔ خوش ہو جاؤ ابوموسی رضی اللہ عنہ اور بلال رضی اللہ عنہ نے برتن لیا اور آپ کا حکم بجالایا پردہ کے پیچھے سے حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے آواز دی کہ اپنی ماں کے لیے بھی پانی بچادو چنانچہ دونوں نے کچھ پانی برتن میں ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے لیے بچالیا۔

رواہ ابویعلی

۳۷۵۵۷..... حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ نبی کریم ﷺ نے ابوموسیٰ کی قرات کی آواز سنی ارشاد فرمایا: ابوموسیٰ کو لحن داؤد سے حصہ عطا کیا گیا ہے۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۵۵۸..... حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ میں رسول اللہ ﷺ کا سر مبارک دھلا رہی تھی آپ نے مسجد میں (قرآن کی) ایک آواز سنی فرمایا: ذرا جھانک کر دیکھو یہ کون ہے میں نے جھانک کر دیکھا تو وہ ابوموسی رضی اللہ عنہ تھے میں نے کو آپ بتایا۔ آپ نے فرمایا: ابوموسیٰ کو داؤد کی آواز عطا کی گئی ہے۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۵۵۹..... ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ کی قرأت سنی فرمایا: اسے تو لحن داؤدی عطا کی گئی ہے۔

رواہ عبدالرزاق

۳۷۵۶۰..... حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ حضرت ابوموسی رضی اللہ عنہ اپنے گھر میں بیٹھے اور ان کے اپس لوگ جمع ہو گئے ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ نے لوگوں کو قرآن سنانا شروع کر دیا رسول کریم ﷺ کے پاس ایک شخص آیا اور عرض کیا: یا رسول اللہ کیا میں آپ کو ابوموسیٰ کے متعلق

عجیب بات نہ سناؤں چنانچہ وہ اپنے گھر میں بیٹھا ہے اوراس کے پاس لوگ جمع ہیں اوراس نے لوگوں کوقرآن سنانا شروع کردیا ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم مجھے ایسی جگہ بٹھا سکتے ہو جہاں سے میں اسے دیکھ سکوں لیکن مجھے کوئی نہ دیکھ سکے؟ اس شخص نے کہا: جی ہاں وہ شخص باہر نکل گیا اور رسول اللہ ﷺ بھی اس کے ساتھ تھے پھراس نے آپ کو ایسی جگہ بٹھایا جہاں سے اسے کوئی نہیں دیکھ سکتا تھا آپ نے ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ کی قرأت سنی اورفرمایا: اسے تولحن داؤدی سے حصہ عطا کیا گیا ہے۔ رواہ ابویعلی وابن عساکر

۳۷۵۶۱......حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ابوموسیٰ کولحن داؤدی سے حصہ عطا کیا گیا ہے۔

رواہ ابن عساکر

۳۷۵۶۲......حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ایک رات ابوموسی رضی اللہ عنہ قرآت قرآن کررہے تھے رسول اللہ ﷺ نے ان کی قرات سماعت فرمائی صبح کو ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ کوخبر کی گئی انھوں نے کہا: اگر مجھے خبر ہوتی ہیں آواز میں اورزیادہ دلکشی پیدا کرتا اورآپ کو مزید مشتاق بناتا۔

رواہ ابن عساکر

۳۷۵۶۳......حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ نبی کریم ﷺ ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ کے پاس سے گزرے وہ مسجد میں بیٹھے بآواز بلند قرأت قرآن کررہے تھے آپ نے فرمایا: اسے تولحن داؤدی سے حصہ عطا کیا گیا ہے۔ رواہ ابن عساکر

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ

۳۷۵۶۴......عبدالرحمٰن بن کعب بن مالک کہتے ہیں جب میرے والدمحترم رضی اللہ عنہ کی بصارت جاتی رہی میں ان کا ہاتھ پکڑ کرانھیں چلاتا تھا چنانچہ جمعہ کے دن نماز کے لیے جب وہ باہر جاتے اورآذان سنتے تو ابوامامہ اسعد بن زرارہ رضی اللہ عنہ کے لئے استغفار کرتے اوران کے لیے دعائیں کرتے میں نے پوچھا: اباجان! آپ جب آذان سنتے ہیں ابوامامہ رضی اللہ عنہ کے لیے استغفار کرتے ہیں ان کے لیے دعائیں کرتے ہیں اوران پرنزول رحمت کی دعا کرتے ہیں اس کی کیا وجہ ہے؟ فرمایا: اے بیٹے! یہ وہ پہلا شخص ہے جس نے نبی کریم ﷺ کی آمد سے قبل ہمیں نقیع الخضمات میں حرہ بیاضہ میں جمع کیا تھا۔ (اور جمعہ پڑھنے کا اہتمام کیا تھا) میں نے پوچھا: اس وقت آپ کی تعداد کتنی تھی؟ فرمایا: ہم چالیس آدمی تھے۔ رواہ ابن ابی شیبۃ والطبرانی وابونعیم فی المعرفۃ

حضرت ابوامامہ صدی بن عجلان رضی اللہ عنہ

۳۷۵۶۵......حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے مجھے ایک قوم کی طرف بھیجا تاکہ میں انھیں اللہ اوراس کے رسول کی دعوت دوں اوران پرشرائع اسلام پیش کروں جب میں ان لوگوں کے پاس پہنچا وہ اپنے اونٹوں کو پانی پلارہے تھے اوردودھ دوہ کر پی رہے تھے جب انھوں نے مجھے دیکھا بولے: ہم صدی بن عجلان کو آمد پر مرحبا کہتے ہیں: کہنے لگے: ہمیں خبر پہنچی ہے کہ تم نے اپنا دین چھوڑ دیا ہے اوراس شخص (محمد ﷺ) کی طرف مائل ہوگئے ہو۔ میں نے کہا: ایسی بات نہیں لیکن میں اللہ اوراس کے رسول پرایمان لایا ہوں اوررسول کریم ﷺ نے مجھے تمہارے پاس بھیجا ہے تاکہ میں تمہیں اسلام اوراس کے شرائط سے آگاہ کروں۔ اسی دوران یہ لوگ خون سے بھرا ہوا ایک برتن لائے اسے اپنے درمیان رکھا اوراس کے اردگرد جمع ہوگئے اورخون کھانے لگے بولے: اے صدی! تم بھی آجاؤ میں نے کہا: تمہاری ہلاکت! میں تمہارے ہاں ایسی شخصیت کے پاس سے آیا ہوں جس نے خون کوتمہارے اوپر حرام قرار دیا۔ چونکہ اللہ تعالیٰ نے اس پرحکم نازل فرمایا ہے۔ بولے: وہ کیا ہے؟ میں نے یہ آیت تلاوت کی:

”حرمت علیکم المیتة والدم ولحم الخنزیر...... ذلکم فسق“

یعنی مردار خون اورخنزیر کا گوشت تمہارے اوپر حرام کردیا گیا ہے الایۃ۔

میں نے انھیں سلام کی دعوت دینے لگا مگر وہ برابر انکار کرتے رہے۔ میں بولا: تمہاری ہلاکت! مجھے ایک گھونٹ پانی تو پلاؤ مجھے شدید پیاس لگی ہوئی ہے میں نے اپنے اوپر عباء اوڑھ رکھی تھی وہ بولے: ہم تمہیں پانی نہیں دیں گے حتی کہ تو پیاسا تڑپتا تڑپتا مر جائے میں نے اللہ پر بھروسہ کر لیا اور عبا (چغہ) میں سر ڈال کر گرم سنگریزوں پر شدید گرمی میں سو گیا۔ خواب میں میرے پاس کوئی شخص آیا اس کے ہاتھ میں کانچ کا خوبصورت جام تھا جو کسی آنکھ نے نہیں دیکھا جام میں مشروب تھا اور وہ ایسا لذیذ تھا کہ لوگوں نے اس جیسا کبھی دیکھا نہیں۔ اس نے جام مجھے تھما دیا میں نے وہ پی لیا جب میں پی کر فارغ ہوا فوراً بیدار ہو گیا اللہ کی قسم اس کے بعد مجھے پیاس لگی اور نہ ہی بھوک لگی۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۵۶۵ ... حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: رسول کریم ﷺ نے میرا ہاتھ پکڑا اور پھر فرمایا: اے ابو امامہ! بعض مؤمنین کے لیے میرا دل نہایت نرم و مہربان ہو جاتا ہے۔ رواہ ابن عساکر

حضرت ابوسفیان رضی اللہ عنہ

۳۷۵۶۶ ... حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ ابوسفیان رضی اللہ عنہ گدھے پر سوار ہو کر جنگل کی طرف نکلے انھوں نے اپنے پیچھے (اپنی بیوی) ہند کو سوار کر لیا میں کمسن لڑکا تھا اور میں اپنی گدھی پر سوار ہو کر ان کے آگے آگے چلنے لگا اچانک ہم نے رسول اللہ ﷺ کی آواز سنی ابوسفیان رضی اللہ عنہ بولے: اے معاویہ رضی اللہ عنہ نیچے اترو تاکہ محمد سوار ہو جائے۔ میں گدھی سے نیچے اتر آیا اور رسول اللہ ﷺ سوار ہو گئے آپ آرام آرام سے ہمارے آگے چلنے لگے پھر آپ ﷺ نے ہماری طرف متوجہ ہو کر فرمایا: اے ابوسفیان رضی اللہ عنہ بن حرب! اے ھند بنت عتبہ! اللہ کی قسم تم نے ضرور مرنا ہے اور پھر تم دوبارہ زندہ کیے جاؤ گے پھر تم میں سے جو نیکوکار ہو گا وہ جنت میں داخل ہو جائے گا اور جو بدکار ہو گا وہ دوزخ میں چلا جائے گا۔ میں نے جو کچھ تم سے کہا ہے وہ سراسر حق ہے تم پہلے ہو جسے میں ڈرسنا رہا ہو۔ پھر رسول اللہ ﷺ نے یہ آیات تلاوت فرمائیں۔ ''حم تنزیل من الرحمن الرحیم ... سے اتینا طائعین'' تک۔ ابوسفیان بولے: اے محمد! تم نے اپنی بات پوری کر لی؟ فرمایا: جی ہاں پھر رسول اللہ ﷺ سواری سے نیچے اتر آئے اور میں دوبارہ سوار ہو گیا۔ اتنے میں ھند نے ابوسفیان کی طرف متوجہ ہو کر کہا: تم نے اس جھوٹے جادوگر کے لیے میرا بیٹا سواری سے نیچے اتارا ہے۔ ابوسفیان رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: اللہ کی قسم ایسی بات نہیں نہ وہ جادوگر ہے اور نہ ہی جھوٹا ہے۔ رواہ ابن عساکر

حضرت ابوعامر رضی اللہ عنہ

۳۷۵۶۶ ... ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا ان کے پاس ایک شخص بیٹھا ہوا تھا حضرت عمر رضی اللہ عنہ بولے: اے ابوموسیٰ! اس شخص کو جانتے ہو میں نے جواب دیا: نہیں۔ بھلا یہ کون ہے؟ فرمایا: یہ وہی شخص ہے جو ابوعامر رضی اللہ عنہ کے قتل سے بچ نکلنے میں کامیاب ہوا تھا حالانکہ اس سے قبل ابوعامر رضی اللہ عنہ دس (۱۰) مشرکین کو قتل کر چکے تھے جبکہ کسی شخص کو قتل کرتے کہتے! یا اللہ گواہ رہنا حتی کہ جب یہ گیارھواں باقی رہا اور ابوعامر رضی اللہ عنہ نے اپنی تلوار زہر آلود سے اس کا کام تمام کرنا چاہا تو بولے: یا اللہ گواہ رہنا یہ شخص ایک باغ میں اتر گیا اور بولا: یا اللہ آج میرے خلاف گواہ نہ ہونا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: سو آج یہ مسلمان ہو کر حاضر ہو گیا ہے۔ رواہ ابن عساکر

حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ

۳۷۵۶۷ ... حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ کی داڑھی مبارک سے کوئی تنکا وغیرہ اٹھایا آپ نے ارشاد فرمایا: اے ابوایوب

اللہ تعالیٰ تم سے برائی کو دور کرے۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۵۶۸......سعید بن میسیّب کی روایت ہے کہ ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ نے رسول کریم ﷺ کی داڑھی مبارک سے کوئی چیز اٹھائی آپ نے فرمایا: اے ابوایوب اللہ تعالیٰ تمہیں برائی میں مبتلا نہ کرے۔ رواہ ابن عدی و ابن عساکر

۳۷۵۶۹......سعید بن میسیّب رحمۃ اللہ علیہ کی روایت ہے کہ حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ نے رسول کریم ﷺ کی داڑھی مبارک میں کوئی چیز (تنکا وغیرہ) دیکھا ابوایوب رضی اللہ عنہ نے داڑھی مبارک سے الگ کر دیا اور آپ ﷺ کو دکھایا۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ ابوایوب سے ناپسندیدہ چیز کو دور رکھے۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۵۷۰......"مسند ابی ایوب" رضی اللہ عنہ حبیب بن ابی ثابت کی روایت ہے کہ حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور ان سے اپنے اوپر قرض ہونے کی شکایت کی تاہم حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی طرف سے کوئی خاص دلچسپی نہ دیکھی اور وہ بولے: میں نے رسول اللہ ﷺ کو ارشاد فرماتے سنا ہے کہ: میرے بعد عنقریب مال و دولت کی فراوانی دیکھو گے پوچھا: تمہیں کس چیز کا حکم دیا ہے؟ جواب دیا: صبر کا معاویہ رضی اللہ عنہ نے کہا: پس تم بھی صبر کرو ابوایوب رضی اللہ عنہ بولے: بخدا! میں تم سے کسی چیز کا سوال نہیں کروں گا پھر ابوایوب رضی اللہ عنہ بصرہ آئے اور ابن عباس رضی اللہ عنہما کے ہاں قیام کیا ابن عباس رضی اللہ عنہما نے اپنا گھر خالی کیا اور کہا: میں بھی آپ کے ساتھ اسی طرح کروں گا جس طرح آپ نے (ہجرت کے موقع پر) رسول اللہ ﷺ کے ساتھ کیا تھا ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا: گھر میں جو کچھ ہے سب تمہارا ہے نیز ابن عباس رضی اللہ عنہما نے ابوایوب رضی اللہ عنہ کو چالیس ہزار درہم اور بیس مملوک بھی دیئے۔ رواہ الدویانی و ابن عساکر

۳۷۵۷۱......عمارہ بن غزیہ کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور کہا: رسول اللہ ﷺ نے سچ فرمایا کہ اے جماعت انصار! تم لوگ عنقریب میرے بعد مال و دولت کی فراوانی دیکھو گے اس وقت تم صبر کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑنا۔ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے کہا: رسول اللہ ﷺ نے سچ فرمایا: اور سب سے پہلے اس کی تصدیق کرتا ہوں ابوایوب رضی اللہ عنہ بولے: کیا اللہ اور اس کے رسول پر جرأت ہے؟ میں اس سے کبھی بات نہیں کروں گا اور کیا میرے گھر کی چھت نے رسول اللہ ﷺ کو اور مجھے پناہ نہیں دی تھی۔

رواہ یعقوب سفیان و ابن عساکر

حضرت ابوثعلبہ خشنی رضی اللہ عنہ

۳۷۵۷۲......ابوثعلبہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ میں رسول اللہ ﷺ سے ملاقات کی اور عرض کیا: یارسول اللہ! مجھے کسی ایسے شخص کے پاس بھیج دیں جو اچھی طرح سے میری تعلیم و تربیت کر سکے چنانچہ آپ نے مجھے ابوعبیدہ بن الجراح رضی اللہ عنہ کے پاس بھیجا اور ارشاد فرمایا: میں نے تمہیں ایسے شخص کے پاس بھیجا ہے جو اچھی طرح سے تمہاری تعلیم و تربیت کرے گا۔ رواہ ابن عساکر

حضرت ابوصفرہ رضی اللہ عنہ

۳۷۵۷۳......محمد بن ابی طالب بن عبدالرحمٰن بن یزید بن مہلب بن ابی صفرہ کہتے ہیں کہ میرے والد نے اپنے آباؤ اجداد سے روایت نقل کی ہے کہ حضرت ابوصفرہ رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے تاکہ آپ ﷺ کے دست اقدس پر بیعت کریں ابوصفرہ رضی اللہ عنہ نے زرد رنگ کا جوڑا زیب تن کر رکھا تھا اللہ تعالیٰ نے انھیں ظرافت حسن و جمال اور فصاحت و بلاغت سے نواز رکھا تھا جب نبی کریم ﷺ نے ان کی طرف دیکھا تو ان کا حسن و جمال نہایت دلکش لگا اور فرمایا: تم کون ہو؟ جواب دیا: میں قاطع (ڈاکو) بن سارق (چور) بن ظالم بن عمرو بن مرہ بن ہلقام بن جلند بن متکبر بن جلند جو کہ ہر طرح کی کشتی کو لوٹ لیتا ہے اور میں ملک بن ملک ہوں۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: سارق و ظالم کو چھوڑ و تم ابو صفرہ ہو۔ ابوصفرہ رضی اللہ عنہ بولے: میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں اور یہ کہ آپ اللہ تعالیٰ کے بندے اور اس کے رسول

ہیں۔ میرے اٹھارہ (۱۸) بیٹے ہیں اور اللہ تعالیٰ نے مجھے سب سے آخر میں بیٹی عطا فرمائی ہے میں نے اس کا نام صفرہ رکھا ہے۔ رواہ الدیلمی

حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ

۳۷۵۷۴......حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ انھیں ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ کے قتل ہوجانے کی خبر پہنچی تو فرمایا: اللہ تعالیٰ ابوعبیدہ پر رحم فرمائے! اگر وہ میرے پاس آجاتا میں اس کی مدد کرتا۔ رواہ ابن جریر

حضرت ابوعمرو بن حفص رضی اللہ عنہ

۳۷۵۷۵......ناشرہ بن سمی یزنی کی روایت ہے کہ میں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو جابیہ کے دن لوگوں سے خطاب کرتے ہوئے سنا وہ فرمارہے تھے: میں تم سے خالد بن ولید کی طرف سے معذرت کرتا ہوں میں نے اسے حکم دیا تھا کہ یہ مال مہاجرین پر وقف کرے لیکن اس نے یہ مال شرفاء اور اصحاب لسان (شعراء) میں بانٹ دیا اس لیے میں نے اس معزول کردیا ہے اور اس کی جگہ ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ کو سپہ سالار مقرر کیا ہے۔ اس پر ابوعمرو بن حفص بن مغیرہ رضی اللہ عنہ بولے: اے عمر! اللہ کی قسم آپ نے عدل وانصاف سے کام نہیں لیا آپ نے ایسے گورنر کو عہدے سے سبکدوش کردیا ہے جسے رسول اللہ ﷺ نے گورنر مقرر کیا تھا آپ نے ایسی تلوار کو نیام میں ڈال دیا ہے جسے اللہ تعالیٰ نے بے نیام کردیا تھا آپ نے وہ جھنڈا سرنگوں کردیا ہے جسے رسول اللہ ﷺ نے بلند کیا تھا۔ آپ نے قطع رحمی کی ہے اور اپنے چچازاد بھائی سے حسد کیا ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: بلاشبہ تم قرابتداری کے قریب تر ہو نسبتاً کمسن ہو اور اپنے چچازاد بھائی پر بے جا غصہ کررہے ہو۔

رواہ ابونعیم فی المعرفة وقال ذکر النسائی عن ابراهیم بن یعقوب الجوزجانی انه سائل ابو اهشام المخزومی وکان علامة بانساب بنی مخزوم عن اسم ابی عمرو بن حفص ابن المغیرة فقال احمد وابن عساکر

حضرت ابوغادیہ رضی اللہ عنہ

۳۷۵۷۶......سعد بن ابی غادیہ یسار اپنے والد سے روایت نقل کرتے ہیں: وہ کہتے ہیں: ایک دن نبی کریم ﷺ نے حضرت ابوغادیہ رضی اللہ عنہ کو نماز میں گم پایا تھوڑی دیر بعد کیا دیکھتے ہیں کہ ابوغادیہ رضی اللہ عنہ سامنے سے آرہے ہیں آپ نے پوچھا: اے ابوغادیہ! باجماعت نماز سے کیوں پیچھے رہے ہو؟ عرض کیا: یارسول اللہ! میرے گھر لڑکا پیدا ہوا ہے۔ (اس لیے میں اہلیہ کی تیمارداری کرتا رہا تب باجماعت نماز میں شریک نہ ہوسکا) آپ نے فرمایا بچے کا نام رکھا ہے؟ جواب دیا: نہیں فرمایا: اسے میرے پاس لے کرآنا چنانچہ ابوغادیہ رضی اللہ عنہ بچہ لے کر آپ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے آپ نے بچے کے سر پر دست شفقت پھیرا اور اس کا نام سعد رکھا۔ رواہ ابن عساکر

حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ

۳۷۵۷۷......ابوقتادہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم نبی کریم ﷺ کے ساتھ ایک سفر میں تھے یکا یک آپ (کو اونگھ آنے لگی اور) اپنی سواری سے ایک طرف جھک گئے میں نے ہاتھ سے آپ کو ہلایا حتیٰ کہ آپ جاگ گئے تھوڑی دیر بعد آپ پھر ایک طرف جھک گئے میں نے دوبارہ ہاتھ بڑھا کر آپ کو جگایا آپ جاگ گئے اور پھر فرمایا: یا اللہ! ابوقتادہ کی حفاظت فرما جس طرح اس نے آج رات میری حفاظت کی میں یہی سمجھتا ہوں کہ میں نے تمہیں مشقت میں ڈالا ہے۔ رواہ ابونعیم

حضرت ابوقرصافہ رضی اللہ عنہ

۳۷۵۷۸......''مسند ابی قرصافہ رضی اللہ عنہ'' حضرت ابوقرصافہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ میرے اسلام قبول کرنے کا واقعہ یوں ہوا ہے کہ میں یتیم لڑکا تھا اور اپنے والد اور خالہ کے پاس رہتا تھا لیکن اکثر خالہ کے ہاں رہتا تھا میں اپنی بکریاں چراتا تھا خالہ مجھے اکثر کہا کرتے تھی: اے بیٹا! اس شخص (نبی کریم ﷺ) کے پاس مت جاؤ، وہ تمہیں گمراہ کردے گا میں بکریاں لے کر گھر سے نکل جاتا اور چراگاہ میں آجاتا چراگاہ میں بکریاں چھوڑ کر نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوجاتا اور آپ کی باتیں سنتا پھر شام کو کمزور اور دودھ سے خالی تھنوں والی بکریاں لے کر واپس لوٹ جاتا میری خالہ کہتیں تیری بکریوں کو کیا ہوا ان کے تھن سوکھے ہوئے ہیں؟ میں کہتا: مجھے نہیں پتہ دوسرے دن پھر میں آپ کی خدمت میں حاضر ہوا اور اس دن میں نے آپ کو فرماتے سنا: اے لوگو! ہجرت کرلو اور اسلام پر ثابت قدم رہو بلاشبہ ہجرت کا سلسلہ ختم نہیں ہونے پائے گا جب تک جہاد باقی ہے'' پھر میں پہلے دن کی طرح اپنی بکریاں لے کر واپس لوٹ آیا میں تیسرے دن پھر آپ کی خدمت میں حاضر ہوا یوں میں لگاتار آپ کا کلام سنتا رہا بالآخر میں نے اسلام قبول کرلیا اور آپ کے دست اقدس پر بیعت کرلی اور میں نے اپنے ہاتھ سے آپ سے مصافحہ کیا: پھر میں نے آپ سے خالہ اور اپنی بکریوں کے معاملہ کی شکایت کی رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اپنی بکریاں میرے پاس لیتے آؤ چنانچہ میں بکریاں لے کر آپ کی خدمت میں حاضر ہوگیا آپ نے بکریوں کی پشت اور تھنوں پر ہاتھ پھیرا اور دعائے برکت فرمائی۔ چنانچہ بکریوں کی پیٹھ چربی سے اور تھن دودھ سے بھر گئے جب میں بکریاں لے کر خالہ کے پاس پہنچا وہ بولی: بیٹا اسی طرح بکریاں چرا کرلایا کرو میں نے کہا: خالہ میں نے آج بھی وہیں بکریاں چرائی ہیں جہاں قبل ازیں چراتا تھا لیکن میں آپ کو اپنا قصہ سناتا ہوں میں نے سارا واقعہ خالہ کے گوش گزار کیا اور میں نے نبی کریم ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہونے اور آپ کی سیرت وکلام کے متعلق بھی خالہ کو آگاہ کیا۔ میری ماں اور خالہ بولیں: ہمیں بھی رسول اللہ ﷺ کے پاس لے چلو میں اپنی ماں اور خالہ کو لے کر آپ کی خدمت میں حاضر ہوا چنانچہ ان دونوں نے اسلام قبول کیا اور رسول اللہ ﷺ کے دست اقدس پر بیعت کی اور مصافحہ بھی کیا جب رسول اللہ ﷺ نے ہم سے بیعت لے لی ہم تینوں واپس لوٹ آئے میری ماں اور خالہ نے مجھے کہا: انے بیٹا اس شخص جیسا ہم نے کوئی خوبصورت صاف ستھر اور نرم کلام والا کوئی انسان نہیں دیکھا ہم نے دیکھا ہے گویا ان کے منہ سے نور نکل رہا ہے۔

رواہ الطبرانی عن ابی قرصافہ

حضرت ابومریم سلولی مالک بن ربیعہ رضی اللہ عنہ

۳۷۵۷۹......یزید بن ابی مریم سلولی اپنے والد سے روایت نقل کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے ان کے والد کے لیے اولاد میں برکت کی دعا فرمائی چنانچہ میرے والد کے اسّی (۸۰) بیٹے تھے۔ رواہ ابن مندہ وابن عساکر

حضرت ابومریم الغسانی رضی اللہ عنہ

۳۷۵۸۰......ابوبکر بن عبداللہ بن ابی مریم اپنے والد اور دادا کی سند سے روایت نقل کرتے ہیں وہ کہتے ہیں میں نبی کریم ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا اور عرض کیا آج رات میرے ہاں بچی پیدا ہوئی ہے نبی کریم ﷺ نے فرمایا: آج رات مجھ پر سورت مریم نازل ہوئی ہے لہٰذا اپنی بیٹی کا نام مریم رکھو چنانچہ اس صحابی کی کنیت ابومریم تھی۔ رواہ ابن عساکر

حضرت ابواسماء رضی اللہ عنہا

۳۷۵۸۱ ..... احمد بن یوسف بن ابی اسماء بن علی کہتے ہیں میں نے اپنے دادا ابواسماء بن علی بن ابی اسماء کو کہتے سنا کہ ان کے دادا اسماء کہتے ہیں میں رسول اللہ ﷺ کے دور میں پیدا ہوا میں نے آپ کے دست اقدس پر بیعت کی اور آپ نے مجھ سے مصافحہ کیا اس کے بعد میں نے قسم کھالی کہ میں رسول اللہ ﷺ سے مصافحہ کرنے کے بعد کسی اور اسے مصافحہ نہیں کروں گا۔ رواہ ابن مندہ ابن عساکر

ایک نامعلوم صحابی رضی اللہ عنہ

۳۷۵۸۲ ..... حرب بن شریح کہتے ہیں مجھے بلعدویہ کے ایک شخص نے اپنے دادا سے مروی حدیث سنائی ہے اس کے دادا کہتے ہیں میں مدینہ کی طرف چلا اور وادی میں جا اترا کیا دیکھتا ہوں کہ دو شخص کھڑے ہیں (جو خرید وفروخت کی باتیں کر رہے ہیں) چنانچہ خریدار بیچنے والے سے کہتا ہے: میرے ساتھ معاملہ اچھی طرح سے کرو میں نے دل ہی دل میں کہا: یہ وہی ہاشمی ہے جو لوگوں کو گمراہ کرتا ہے کیا یہ وہی ہے؟ جب میں نے غور سے دیکھا تو معلوم ہوا کہ یہ ایک خوبصورت شخص ہے پیشانی کشادہ ہے ستواں ناک باریک باریک بھنویں ہیں سینے سے ناف تک بالوں کی باریک لکیر ہے جو دیکھنے میں دھاگے کی طرح لگتی ہے۔ اس نے دو قدرے پرانے کپڑے پہن رکھے تھے ہمارے قریب آیا اور بولا: السلام علیکم! حاضرین نے سلام کا جواب دیا: اس شخص نے فوراً خریدار کو بلایا، اس نے آتے ہی کہا یا رسول اللہ! آپ اس سے کہیں میرے ساتھ معاملہ اچھی طرح کرے اس نے ہاتھ بڑھا دیا اور بولا: تمہارے اموال تمہاری ملکیت ہیں میں امید کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ سے قیامت کے دن ملاقات کروں اور مجھ سے کوئی شخص مال کا مطالبہ نہ کرتا ہو جان کا مطالبہ نہ کرتا ہوں اور عزت کا مطالبہ نہ کرتا ہو الا یہ کہ کسی حق کی بنا پر ہو۔ اللہ تعالیٰ اس شخص پر رحم فرمائے جو بیچنے میں آسانی پیدا کرے جو خریدنے میں آسانی پیدا کرے آسانی سے قبضہ کرے سہولت سے دے دے سہولت سے ادا کرے اور سہولت سے تقاضا کرے پھر وہ شخص چل پڑا میں نے کہا: اللہ کی قسم میں اس کے پیچھے ضرور جاؤں گا یہ تو بہت اچھی اچھی باتیں کرتا ہے میں اس کے پیچھے ہولیا قریب پہنچنے پر کہا اے محمد! اس نے پوری طرح میری طرف مڑ کر کہا کیا چاہتے ہو؟ میں نے کہا: تو ہی وہ شخص ہے جو لوگوں کو گمراہ کر رہا ہے ہلاکت میں ڈال رہا ہے اور ان کے آبائی دین سے انھیں روک رہا ہے؟ اس نے جواب دیا: یہ تو اللہ کا حکم ہے میں نے کہا: تمہاری دعوت کیا ہے؟ جواب دیا: میں اللہ کے بندوں کو اللہ کی طرف بلاتا ہوں میں نے کہا: تم کس چیز کا اقرار کرتے ہو؟ وہ بولا! تم گواہی دو کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور محمد اللہ کے رسول ہیں جو کچھ اللہ تعالیٰ نے مجھ پر نازل کیا ہے اس پر ایمان لاؤ لات وعزیٰ کا انکار کرو نماز قائم کرو زکوۃ دو میں نے پوچھا: زکواۃ کیا ہے؟ جواب دیا: وہ یہ کہ ہمارا مالدار شخص فقیر محتاج پر اپنا مال صرف کرے میں نے کہا: بہت اچھی تعلیمات ہیں جنکی تم دعوت دیتے ہو یہ شخص کہتا ہے: چنانچہ سطح زمین پر محمد رسول اللہ ﷺ سے بڑھ کر کوئی چیز بری نہیں لگتی تھی پھر یہ کیفیت بھی ہوئی کہ محمد ﷺ اپنی جگہ سے ملنے نہیں پائے تھے کہ مجھے ہر چیز اولاد والدین اور تمام انسانوں سے زیادہ محبوب ہو گئے فرمایا: سمجھ گئے ہو؟ میں نے عرض کیا جی ہاں یا رسول اللہ ﷺ میں ابھی ایک پانی پر جاتا ہوں جہاں بہت سارے لوگ جمع ہیں میں انھیں اسلام کی دعوت دیتا ہوں، مجھے امید ہے کہ وہ آپ کی پیروی اختیار کریں گے، آپ ﷺ نے مجھے اجازت مرحمت فرمائی، میں نے ان لوگوں کو دعوت دی چنانچہ وہ سب مرد عورتیں اسلام لے آئے رخصت کرتے وقت رسول اللہ ﷺ نے اس شخص کے سر پر ہاتھ پھیرا۔

رواہ ابویعلی وابن عساکر

باب فضائل صحابیات رضی اللہ عنہن

مجتمعات ومتفرقات

مجتمعات

۳۷۵۸۳..... ابن عباس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ام ابی بکر ام عثمان ام طلحہ، ام زبیرہ، ام عبدالرحمٰن بن عوف اور ام عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ نے اسلام قبول کیا۔ رواہ ابن عساکر

متفرقات..... ام سلیط رضی اللہ عنہا

۳۷۵۸۴..... ثعلبہ بن مالک کی روایت ہے کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے ایک مرتبہ عورتوں میں چادریں تقسیم کیں ایک عمدہ سی چادر باقی بچ گئی بعض لوگوں نے کہا: اے امیر المؤمنین! یہ چادر رسول اللہ ﷺ کی بیٹی جو آپ کے نکاح میں ہے یعنی ام کلثوم بنت علی رضی اللہ عنہ کو دے دیں حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ام سلیط اس چادر کی زیادہ مستحق ہے ام سلیط انصار کی ان عورتوں میں سے ہیں جنھوں نے رسول اللہ ﷺ کے دست اقدس پر بیعت کی تھی حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ام سلیط احد کے دن ہمارے لیے مشکیں بھر بھر کر لاتی تھی۔

رواہ البخاری وابونعیم فی الحلیة وابو عبیدہ فی الاموال

اہلیہ حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ

۳۷۵۸۵..... سفیان کی روایت ہے کہ مجھے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث پہنچی ہے کہ وہ حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ کے پاس آئے ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ کی اہلیہ نے کچھ خاص توجہ نہ دی اس پر ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ غصہ ہوئے اور بولے: تو نے ایسا اور ایسا کیا ہے میں نے تجھے رسوا کرنے کا ارادہ کرلیا ہے بیوی نے جواب دیا: آپ اس پر قادر نہیں ہیں۔ ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ بولے: اے امیر المؤمنین اللہ تعالیٰ نے آپ کو اس پر قدرت دے رکھی ہے۔ بیوی بولی: کیا تم مجھ سے اسلام کی دولت چھینا چاہتے ہو جواب دیا: نہیں۔ بولی: پھر مجھے اس کے بعد کوئی پرواہ نہیں حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ تجھ پر رحم فرمائے اسلام تمہارے دل میں رچ بس گیا ہے میرا خیال ہے کہ اسلام تمہیں جنت میں داخل کر کے چھوڑے گا۔

رواہ ابن المبارک

حضرت ام کلثوم بنت علی رضی اللہ عنہا

۳۷۵۸۶..... مستظل بن حصین کی روایت ہے کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کو ان کی بیٹی ام کلثوم بنت علی رضی اللہ عنہ کا پیغام نکاح بھیجا حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے بیٹی کے کمسن ہونے کا عذر بیان کیا حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں اس سے زوجیت کے ارادہ سے نکاح نہیں کرنا چاہتا لیکن میں نے رسول اللہ ﷺ کو ارشاد فرماتے سنا ہے کہ قیامت کے دن سوائے میرے نسبی تعلق کے ہر قسم کا نسبی تعلق منقطع ہوجائے گا ہر اولاد کے عصبہ کی نسبت والد کی طرف ہوتی ہے سوائے فاطمہ رضی اللہ عنہا کی

اولاد کے سو میں ان کا باپ اور ان کا عصبہ ہوں۔ رواہ ابونعیم فی المعرفة وابن عساکر

فائدہ:......عصبہ سے مراد گوشت پوست میں شریک رشتہ دار۔

۳۷۵۸۷......ابو جعفر کی روایت ہے کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو ان کی بیٹی ام کلثوم رضی اللہ عنہ سے نکاح کا پیغام بھیجا حضرت علی رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: میں نے اپنی بیٹیاں جعفر کے بیٹوں کے لیے وقف کر دی ہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: اے علی اپنی بیٹی سے میرا نکاح کرا دو اللہ کی قسم! سطح زمین پر کوئی شخص ایسا نہیں جو مجھ سے بڑھ کر تمہاری بیٹی سے حسن سلوک رکھے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کہا: میں نے نکاح کرا دیا پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ روضۂ رسول اللہ ﷺ اور منبر کے درمیان مہاجرین کی مجلس میں آئے وہاں علی، عثمان، زبیر، طلحہ اور عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ تشریف فرما تھے چنانچہ آفاق واطراف سے جو خبر آئی (یا کوئی اہم امر پیش آتا) حضرت عمر رضی اللہ عنہ ان حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے پاس تشریف لائے اور انھیں خبر دیتے اور ان سے مشورہ لیتے چنانچہ اس روز بھی حضرت عمر رضی اللہ عنہ یہاں تشریف لائے اور فرمایا: اتفاق کرلو۔ صحابہ رضی اللہ عنہم نے پوچھا: امیر المؤمنین! کس پر اتفاق کرلیں؟ فرمایا: اس بات پر کہ علی بن ابی طالب کی بیٹی سے میرا نکاح ہو چکا ہے پھر عمر رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ کا فرمان سنانا شروع کر دیا کہ آپ نے فرمایا: قیامت کے دن ہر نسب اور ہر تعلق ختم ہو جائے گا مگر میرا نسب اور تعلق باقی رہے گا میں نبی کریم ﷺ کا صحبت یافتہ ہوں لہٰذا میں چاہتا ہوں کہ میرا تعلق اور نسب آپ سے جڑا رہے۔

رواہ ابن سعد وارواہ ابن راھویہ مختصرا ورواہ سعید بن المنصور تبمامہ

۳۷۵۸۸......عبدالعزیز بن محمد اپنے والد سے عطاخراسانی کی روایت نقل کرتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ام کلثوم بنت علی رضی اللہ عنہ کا چالیس ہزار درہم مہر مقرر کیا۔ رواہ ابن سعد وارواہ ابن عدی والبھقی عن اسلم وابن ابی شیبة ورواہ ابن عساکر عن انس وجابر

حضرت ام عمارہ بنت کعب رضی اللہ عنہ

۳۷۵۸۹......ضمرہ بن سعید کہتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس بہت ساری چادریں لائی گئیں جس میں ایک عمدہ اور کھلی چادر بھی تھی بعض صحابہ رضی اللہ عنہم نے کہا: اس چادر کی قیمت اتنی اور اتنی ہے (یعنی یہ چادر بہت قیمتی ہے) یہ چادر عبداللہ کی بیوی صفیہ بنت ابی عبید کو دے دی جائے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ان کی نئی نئی شادی ہوئی ہے میں ابن عمر کے پاس نہیں جاتا لیکن میں یہ چادر ایسی عورت کو بھیجتا ہوں جو اس سے زیادہ حقدار ہے اور وہ ام عمارہ نسیبہ بنت کعب ہے میں نے رسول اللہ ﷺ کو ارشاد فرماتے سنا ہے کہ میں نے جب بھی دائیں یا بائیں دیکھا میں نے ام عمارہ کو اپنے سامنے لڑتے ہوئے پایا۔ رواہ ابن سعد وفیہ الواقدی

حضرت ام کلثوم بنت ابی بکر رضی اللہ عنہ

۳۷۵۹۰......ابو خالد کی روایت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو ام کلثوم بنت ابی بکر سے نکاح کرنے کا پیغام بھیجا۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے جواب دیا: اس کے متعلق آپ سے ہم کہاں جاسکتے ہیں چنانچہ ام کلثوم کو اس کی خبر ہوئی وہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئی اور بولیں آپ میرا نکاح عمر سے کرانا چاہتی ہیں جو کھانے کی بجائے مجھے بھوسہ کھلائے گا میں تو ایسے نوجوان سے نکاح کرنا چاہتی ہوں جو مجھ پر دنیا کا دریا بہا دے اللہ کی قسم اگر آپ نے ایسا کر دیا تو میں نبی کریم ﷺ کی قبر مبارک کے پاس جاؤں گی اور خوب شور مچاؤں گی حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا حضرت عمرو بن العاص کو پیغام بھیجا کہ عمر رضی اللہ عنہ سے بات کرو انھوں نے حامی بھر لی پھر عمرو رضی اللہ عنہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور گفتگو کی پھر بولے: اے امیر المؤمنین! آپ شادی کرنا چاہتے ہیں؟ جواب دیا: جی ہاں۔ پوچھا: کس سے؟ فرمایا: ام کلثوم بنت ابی بکر سے عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: امیر المؤمنین! میں یہی دیکھتا ہوں کہ وہ لڑکی اپنے والد کے پاس جا کر ہر دن شکایت کرتی ہے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: عائشہ نے تمہیں اس کا حکم دیا ہے چنانچہ حضرت طلحہ بن عبیداللہ رضی اللہ عنہ نے ام کلثوم بنت ابی بکر رضی اللہ عنہ

سے شادی کرلی حضرت علی رضی اللہ عنہ نے طلحہ رضی اللہ عنہ سے کہا: آپ مجھے اجازت دیتے ہیں کہ میں اس کے پردہ کے قریب ہوکر ایک بات کروں۔ طلحہ رضی اللہ عنہ نے کہا: جی ہاں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم نے رسول اللہ ﷺ کے صحابہ رضی اللہ عنہم میں سے (ایک عظیم) نوجوان سے شادی کی ہے۔ رواہ ابن عساکر

ام کلثوم زوجہ عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ

۳۷۵۹۱...... عبدالرحمن بن حمید بن عبدالرحمٰن بن عوف اپنے والد سے وہ اپنی ماں ام کلثوم بنت عقبہ بن ابی معیط سے وہ بسرہ بنت صفوان رضی اللہ عنہ سے روایت نقل کرتی ہیں وہ کہتی ہیں ایک مرتبہ رسول کریم ﷺ میرے پاس تشریف لائے میں عائشہ رضی اللہ عنہا کے سر میں کنگھی کر رہی تھی آپ نے فرمایا: اے بسرہ! ام کلثوم کو کون کون پیغام نکاح بھیج رہا ہے؟ جواب دیا: فلاں اور فلاں اور عبدالرحمٰن بن عوف۔ فرمایا: تمہارا عبدالرحمٰن کے بارے کیا خیال ہے؟ وہ مسلمانوں کا سردار اور افضل آدمی ہے میں نے عرض کیا یارسول اللہ! ہم ایسے نکاح کو اچھا نہیں سمجھتے جو باعث تکلیف ہو یا پھر ہم اس سے اس کے چچا کی بیٹی شیبہ بنت زمعہ کے طلاق کا اس سے مطالبہ کرنے لگیں (یہ بھی ہمیں پسند ہیں) رسول اللہ ﷺ نے دوبارہ بات دہرائی میں نے بھی اپنی بات دہرادی پھر آپ نے سہ بارہ بات دہرائی اور فرمایا: اگر ام کلثوم کا نکاح کرادیا جائے وہ اپنا حصہ پائے گی اور خوش وراضی رہے گی اتنے میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بولیں: اے بری عورت! کیا تو سنتی نہیں ہے کہ رسول اللہ ﷺ تم سے کیا فرماتے ہیں؟ بسرہ رضی اللہ عنہ کہتی ہیں: میں نے اپنے ہاتھ دھوکر صاف کیے اور ام کلثوم کے پاس چلی گئی اور اسے رسول اللہ ﷺ کا فرمان سنایا چنانچہ ام کلثوم نے عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ اور خالد بن سعید رضی اللہ عنہ کو پیغام بھیج کر بلوایا اور ان دونوں نے ام کلثوم رضی اللہ عنہا کی شادی عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ سے کرادی ام کلثوم کہتی ہیں: بخدا: میں نے اپنا حصہ پایا اور میں خوش بھی رہی۔

رواہ ابن عساکر

حضرت اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ عنہ

۳۷۵۹۲...... حضرت اسماء رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: جب نبی کریم ﷺ نے ہجرت مدینہ کا ارادہ کیا میں نے اپنے والد ابوبکر رضی اللہ عنہ کے گھر میں آپ ﷺ کے لیے زادراہ تیار کیا تاہم میں نے ایسی کوئی چیز نہ پائی جس سے آپ کے زادراہ اور پانی وغیرہ کو باندھوں۔ میں نے والد محترم سے عرض کیا: اللہ کی قسم میں نے کوئی چیز نہیں پائی جس سے یہ باندھتی سوائے اپنے کمربن کے۔ والد نے فرمایا: کمربند کو دو حصوں میں پھاڑ لو ایک سے پانی والا برتن باندھ دو اور دوسرے سے زادراہ اسی وجہ سے حضرت اسماء رضی اللہ عنہا کو "ذات النطاقین" کہا جاتا ہے۔ رواہ ابن ابی شیبۃ

ام خالد بنت خالد بن سعید رضی اللہ عنہ

۳۷۵۹۳...... ام خالد بنت خالد بن سعید کہتی ہیں: میں نے سب سے پہلے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لکھی۔

رواہ ابن ابی داؤد فی البعث وابن عساکر

حضرت سبیعہ غامدیہ بقول بعض آمنہ رضی اللہ عنہا

۳۷۵۹۴...... "مسند بریدہ بن حصیب رضی اللہ عنہ" حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ جب نبی کریم ﷺ نے لوگوں کو غامدیہ رضی

اللہ عنہا کے رجم کرنے کا حکم دیا دوران سنگساری حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے غامدیہ رضی اللہ عنہا کو سر پر پتھر مارا جس سے خون کا فوارہ پھوٹ پڑا اور حضرت خالد رضی اللہ عنہ پر خون پڑا اس پر انھوں نے غامدیہ رضی اللہ عنہ کو برا بھلا کہہ دیا جب رسول اللہ ﷺ کو خبر ہوئی کہ خالد رضی اللہ عنہ نے غامدیہ کو برا بھلا کہا ہے آپ نے فرمایا: اے خالد! رک جاؤ اسے بری بھلی مت کہو قسم اس ذات کی جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے! غامدیہ نے ایسی توبہ کی ہے کہ اگر ظالم ٹیکس وصول کرنے والا بھی ایسی توبہ کرتا تو اس کی توبہ قبول ہوجاتی اور اس کی مغفرت ہوجاتی آپ نے حکم دیا اور غامدیہ رضی اللہ عنہا پر نماز جنازہ پڑھی گئی۔ ایک روایت میں ہے اگر ایسی توبہ ظالم ٹیکس وصول کرنے والا توبہ کرتا یا اہل مدینہ میں سے ستر لوگ توبہ کرتے ان کی طرف سے توبہ قبول ہوجاتی۔ رواہ ابن جریر

حضرت ام ورقہ بنت عبداللہ بن حارث انصاری رضی اللہ عنہا

۳۷۵۹۵...... ولید بن عبداللہ بن جمیع کہتے ہیں میری دادی نے مجھے ام ورقہ بنت عبداللہ بن حارث انصاری کی حدیث سنائی ہے کہ نبی کریم ﷺ ام ورقہ رضی اللہ عنہا سے ملنے آتے تھے اور انھیں شہیدہ کہہ کر پکارتے تھے ام ورقہ رضی اللہ عنہا نے پورا قرآن حفظ کر رکھا تھا جب رسول اللہ ﷺ غزوہ بدر کے لیے تشریف لے گئے نے عرض کیا: یا رسول اللہ ﷺ آپ مجھے اجازت دیں تاکہ میں بھی آپ کے ساتھ جہاد میں شرکت کرسکوں زخمیوں کی دیکھ بھال کروں گی اور بیماروں کی تیمارداری کروں گی شاید اللہ تعالیٰ مجھے بھی شہادت سے سرفراز فرمادے۔ آپ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے تمہیں شہادت عطا کرنی ہے رسول اللہ ﷺ انھیں شہیدہ کے نام سے پکارتے تھے اور انھیں اجازت دے رکھی تھی کہ وہ اپنے گھر والوں کی امامت کرائیں۔ ام ورقہ رضی اللہ عنہا کا ایک غلام اور ایک لونڈی تھے ان سے اپنی وفات کے ساتھ مشروط آزادی کا وعدہ کر رکھا تھا، چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دور خلافت میں غلام اور باندی نے انھیں قتل کردیا۔ جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو خبر ہوئی کہنے لگے: اللہ اور اللہ کے رسول اللہ ﷺ نے سچ فرمایا تھا کہ ہمارے ساتھ چلو ہم شہیدہ سے ملاقات کرنے جارہے ہیں۔

رواہ ابن سعد و ابن راھویہ وابونعیم فی الحلیۃ والبیھقی وروی ابوداؤد بعضہ

فائدہ: ...... عورت کی امامت دلائل قطعیہ سے مکروہ تحریمی ہے آپ ﷺ نے ام ورقہ کو اجازت دی یہاں ان کی خصوصیت تھی یا صرف نوافل کی حد تک تھی جو انہی کے ساتھ مخصوص ہے۔

حضرت سلامہ بنت معقل رضی اللہ عنہ

۳۷۵۹۶...... حضرت سلامہ بنت معقل رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ جاہلیت کے دور میں میرے چچا نے مجھے حباب بن عمرو کے ہاتھ فروخت کر دیا۔ اس نے مجھے اپنی کنیز بنالیا اور میں نے اس کا ایک بیٹا عبدالرحمٰن بن حباب جنم دیا حباب اپنے ذمہ قرض چھوڑ کر مرگیا چنانچہ حباب کی بیوی نے مجھے کہا: اے سلامہ اللہ کی قسم تجھے اب قرض میں فروخت کیا جائے گا میں نے کہا: اگر اللہ تعالیٰ نے ادائیگی قرض کا بندوبست کرلیا پھر مجھے نہیں بیچا جائے گا چنانچہ میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئی اور آپ کو خبر کی آپ نے فرمایا: حباب کے ترکہ کا مالک کون ہے؟ جواب دیا: حباب کا بھائی ابوالیسر بن عمرو چنانچہ آپ نے ابوالیسر بلایا اور پھر فرمایا: اسے آزاد کردو جب تم سنو کوئی غلام میرے پاس آیا ہے تو مجھ سے اس کا عوض لے کر اسے آزاد کردو۔ چنانچہ ان لوگوں نے مجھے آزاد کردیا بعد میں ایک غلام رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا آپ نے ابوالیسر کو بلایا اور فرمایا: یہ غلام لے لو یہ تمہارے بھائی کے بیٹے کی ملکیت ہے۔ رواہ ابونعیم

کلام: ...... حدیث کا آخری جملہ قابل غور ہے دیکھئے ضعیف ابی داؤد ۸۵۱۔

حضرت سمیہ ام عمار رضی اللہ عنہ

۳۷۵۹۷...... مجاہد کی روایت ہے اسلام میں سے سب سے پہلے عمار رضی اللہ عنہ کی والدہ سمیہ رضی اللہ عنہا کو شہید کیا گیا ابوجہل نے ان کی شرمگاہ میں برچھا مار کر انھیں شہید کردیا تھا۔ رواہ ابن ابی شیبة

حضرت خنساء بنت خدام رضی اللہ عنہا

۳۷۵۹۸...... مجمع بن حارثہ کی روایت ہے کہ حضرت خنساء رضی اللہ عنہا انیس بن قتادہ رضی اللہ عنہ کے نکاح میں تھیں۔ انیس رضی اللہ عنہ غزوۂ احد میں شہید کردیئے گئے پھر حضرت خنساء رضی اللہ عنہ کے والد نے ان کا نکاح قبیلہ مزینہ کے ایک شخص سے کرادیا جسے خنساء رضی اللہ عنہا ناپسند کرتی تھی چنانچہ خنساء رضی اللہ عنہا رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئیں اور آپ سے شکایت کی آپ نے یہ نکاح رد کردیا اور ابولبابہ رضی اللہ عنہ سے نکاح کردیا اور سائب بن ابی لبابہ رضی اللہ عنہ کو جنم دیا۔ رواہ ابونعیم

حضرت صفیہ بنت عبداللہ رضی اللہ عنہ

۳۷۵۹۹...... اسحاق عزری ام عروہ بنت صعفر بن زبیر بن عوام وہ آپ کے والد جعفر بن زبیر سے وہ اپنی والدہ صفیہ بنت عبدالمطلب سے روایت نقل کرتے ہیں صفیہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: جب رسول اللہ ﷺ احد کی طرف نکل گئے مجھے اور دوسری عورتوں کو مسجد کے پاس ایک ٹیلے پر پیچھے چھوڑ گئے ہمیں اس مسجد میں داخل کرگئے اور ہمارے ساتھ حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ بھی تھے۔ چنانچہ ایک یہودی مسکلے پر چڑھ کر ہماری طرف آنے لگا حتیٰ کہ ایک ٹیلے سے نمودار ہوا میں نے حسان بن ثابت سے کہا کھڑے ہوجاؤ اور اسے قتل کردو حسان رضی اللہ عنہ بولا: یہ مجھ سے نہیں ہو سکتا۔ اگر مجھ سے ایسا ہوسکتا تو میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ میدان کارزار میں ہوتا میں نے کہا: اچھا پھر تلوار میری زرہ سے باندھ دو حسان رضی اللہ عنہ تلوار باندھ دی اور میں یہودی کی طرف گئی اور اس کا سر کاٹ لائی میں نے کہا: یہ سر اٹھا کر یہودیوں کی طرف پھینک آؤ تاکہ وہ اوپر آنے کی جسارت نہ کرسکیں وہ سمجھتے ہیں کہ محمد نے اپنے اہل وعیال میں اپنے پیچھے کوئی مرد نہیں چھوڑا اور تاکہ انھیں کسی مرد کی موجودگی کا یقین ہوجائے۔

رواہ ابن عساکر

۳۷۶۰۰...... ابن اسحاق، یحییٰ بن عباد بن زبیر وہ اپنے والد سے حضرت صفیہ بنت عبدالمطلب رضی اللہ عنہ کی روایت نقل کرتے ہیں۔ صفیہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: ہم (عورتیں) حسان بن ثابت کے ساتھ فارع کے قلعہ میں تھیں جبکہ نبی کریم ﷺ خندق میں تھے یکا یک ایک یہودی آیا اور قلعہ کے اردگرد چکر کاٹنے لگا ہمیں اندیشہ ہوا کہ یہ ہماری تنہائی کی خبر کافروں کو نہ کردے میں نے حسان سے کہا نیچے جاؤ اور اس یہودی کا کام تمام کردو کہیں یہ ہماری تنہائی کی خبر افشانہ کردے حسان رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: اے بنت عبدالمطلب! تم جانتی ہو کہ میں اس قابل نہیں ہوں صفیہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: میں نے ہمت کی ہاتھ میں ایک ستون لیا اور نیچے اتر گئی اور اسے قتل کردیا میں نے پھر حسان سے کہا: جاؤ اور اس کا ساز و سامان اتار لاؤ حسان رضی اللہ عنہ نے کہا: مجھے اس کی ضرورت نہیں۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۶۰۱...... ضحاک بن عثمان حزامی کہتے ہیں: جب حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا حسان رضی اللہ عنہ اور یہودی کا واقعہ ہمیں (صحابہ رضی اللہ عنہم کو) پہنچا اور صحابہ رضی اللہ عنہم نے نبی کریم ﷺ سے اس کا تذکرہ کیا صفیہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں سن کر رسول اللہ ﷺ (زور زور سے) ہنسے۔ حتیٰ کہ میں نے ان کی پچھلی ڈاڑھیں دیکھ لیں قبل ازیں میں نے آپ کو اس طرح ہنستے ہوئے کبھی نہیں دیکھا۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۶۰۲...... "مسند زبیر" محمد حسن مخزومی ام عروہ کی سند سے ان کے دادا زبیر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے وہ کہتی ہیں جب رسول اللہ ﷺ نے عورتیں

احد کے دن مدینہ میں اپنے پیچھے فارع میں چھوڑیں ان میں صفیہ بنت عبدالمطلب رضی اللہ عنہ بھی تھیں اور عورتوں کے ساتھ حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ کو چھوڑا چنانچہ ایک مشرک آیا اور عورتوں میں گھسنا چاہتا تھا صفیہ رضی اللہ عنہا نے حسان سے کہا: تمہارے پاس ایک مرد آ گیا ہے حسان رضی اللہ عنہ نے سست روی کا مظاہرہ کیا اور انکار کر دیا خود صفیہ رضی اللہ عنہا نے تلوار لی اور مشرک کے دے ماری جس سے وہ ٹھنڈا ہو گیا بعد میں اس کی خبر رسول اللہ ﷺ کو کی گئی آپ نے صفیہ رضی اللہ عنہا کو مال غنیمت سے حصہ دیا جیسا کہ مردوں کو حصہ دیا تھا۔ رواہ ابن عساکر

حضرت عاتکہ بنت زید بن عمرو بن نفیل رضی اللہ عنہ

۳۷۶۰۳..... یحییٰ بن عبدالرحمن بن حاطب کہتے ہیں: عاتکہ بنت زید بن عمرو بن نفیل رضی اللہ عنہ عبداللہ بن ابی بکر رضی اللہ عنہ کے نکاح میں تھیں، عبداللہ رضی اللہ عنہ نے عاتکہ کو کافی سارا مال دے رکھا تھا اور شرط یہ عائد کی تھی کہ ان بعد عاتکہ کسی اور سے شادی نہیں کرے گی چنانچہ جب عبداللہ رضی اللہ عنہ دنیا سے رخصت ہو گئے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عاتکہ کو پیغام بھیجا کہ تو نے اللہ تعالیٰ کے حلال کردہ حکم کو اپنے اوپر حرام کر دیا ہے لہٰذا لیا ہوا مال عبداللہ کے وارثوں کو واپس کر دو اور شادی کرو عاتکہ نے مال واپس کر دیا پھر عمر رضی اللہ عنہ نے انھیں پیغام نکاح بھیجا جسے قبول کر لیا اور یوں حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عاتکہ رضی اللہ عنہ سے نکاح کر لیا۔ رواہ ابن سعد

۳۷۶۰۴..... علی بن یزید کی روایت ہے کہ عاتکہ بنت زید عبداللہ بن ابی بکر رضی اللہ عنہ کے نکاح میں تھیں عبداللہ رضی اللہ عنہ وفات پا گئے اور عاتکہ پر یہ شرط عائد کر دی کہ ان کے بعد کسی سے شادی نہیں کرے گی چنانچہ عاتکہ بن شادی کے بیٹھ گئی جبکہ مردوں کے پیغام کے پیغام ملتے اور وہ نکاح سے انکار کر لیتی چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عاتکہ کے ولی سے اس کا تذکرہ کیا اور کہا: عاتکہ کو میرا پیغام نکاح دو ولی نے پیغام دیا عاتکہ نے پھر انکار کر دیا حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ولی سے کہا: اس سے میری شادی کرا دو چنانچہ ولی نے شادی کرا دی، جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ عاتکہ کے پاس آئے اس کی طرف سے سخت مزاحمت کا سامنا کرنا پڑا بالآخر عمر رضی اللہ عنہ اس پر غالب آ گئے اور صحبت کر لی جب فارغ ہوئے فرمایا: اُف، اُف، اُف، اس عورت پر اُف ہے پھر اس کے پاس سے نکل گئے اور پھر کچھ دنوں کے لیے اسے یونہی چھوڑ دیا اور اس کے پاس نہ آئے چنانچہ عاتکہ نے اپنی باندی حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس بھیجی کہ تشریف لائیں میں آپ کے لیے تیاری کرتی ہوں۔

رواہ ابن سعد واھو منقطع

قیلہ رضی اللہ عنہا

۷۶۰۵..... قیلہ کی روایت ہے کہ وہ نبی کریم ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہونے کے لیے شروع اسلام میں گھر سے نکلی قیلہ کہتی ہیں: میں اپنی ایک بہن کے پاس آئی جو بنی شیبان میں بیاہی ہوئی تھی اتنے میں سامنے سے اس کا خاوند آ گیا اور بولا: میں نے قیلہ کا سچا صاحب پایا ہے میری بہن بولی وہ کون ہے؟ جواب دیا: وہ حریث بن حسان شیبانی ہے وہ آج صبح صبح بکر بن وائل کے ساتھ رسول اللہ ﷺ کے پاس گیا ہے۔ قیلہ کہتی ہیں میں بھی ان کے ساتھ ہو لی حتیٰ کہ رسول اللہ ﷺ کے پاس آن پہنچے آپ لوگوں کو فجر کی نماز پڑھا رہے تھے فجر طلوع ہو چکی تھی ستارے آسمان پر چمک رہے تھے اور تاریکی کی وجہ سے مرد ایک دوسرے کو نہیں پہچان سکتے تھے میں نے رسول اللہ ﷺ کی موجودگی میں اس سے کہا: اللہ کی قسم میں نہیں جانتی کہ تم تاریکی میں کوچ کرنے والے پر مجھے دلالت کر سکو۔ جو ابھی تک رفیق حیات سے گریزاں ہے۔ حتیٰ کہ ہم رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے وہ بولا: اس میں کوئی حرج نہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کو سامنے پا رہا ہوں میں مسلسل تمہارے جیون ساتھی کے تلاش میں رہا ہوں جب سے تم نے اس کی تعریف کی تھی میں نے کہا: جب میں نے اس کی ابتدا کی ہے تو میں ہرگز اسے ضائع بھی نہیں کروں گا۔

رواہ ابو نعیم

حضرت فاطمہ بنت اسد ام علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ

۳۷۶۰۶.....شیرازی فی الالقاب، ابوعباس احمد بن سعید بن معدان (مرو میں) احمد بن محمد بن مروہ اوہ اپنے والد اور چچا سے وہ اپنے دادا عمرو بن مصعب سے سعید بن مسلم بن قتیبہ علی بن موسیٰ ولی عہد امیر المؤمنین ابوالعباس، وہ اپنے والد محمد بن علی سے ابو ہاشم بن محمد بن حنفیہ حسین بن علی علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ اور محمد بن علی اپنے والد سے اور وہ ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت نقل کرتے ہیں: حضرت علی رضی اللہ عنہ کی والدہ فاطمہ بنت اسد بن ہاشم کا شماران عورتوں میں ہوتا ہے جنھوں نے عبدالمطلب کی وفات کے بعد نبی کریم ﷺ کی پرورش اور تربیت کی جب فاطمہ بنت اسد رضی اللہ عنہ نے وفات پائی تو نبی کریم ﷺ نے انھیں اپنی قمیص میں کفن دیا ان کی نماز جنازہ پڑھائی ان کے لیے استغفار کیا اور دعائے خیر کی اور جب انھیں قبر میں رکھ دیا گیا تو نبی کریم ﷺ ان کے ساتھ (تھوڑی دیر کے لیے) قبر میں لیٹ گئے صحابہ رضی اللہ عنہم نے آپ سے پوچھا: یا رسول اللہ! آپ نے فاطمہ بنت اسد رضی اللہ عنہ کے ساتھ جو کچھ کیا ہے آپ نے ایسا کسی کے ساتھ نہیں کیا: آپ نے فرمایا: میں نے اپنی قمیص میں انھیں کفن دیا ہے تاکہ اللہ تعالیٰ انھیں اپنی رحمت میں داخل کرے اور ان کی مغفرت فرمائے۔ میں ان کی قبر میں اس لیے لیٹا ہوں تاکہ اللہ تعالیٰ ان کے لیے تخفیف فرمائے۔

۳۷۶۰۷.....حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ جب فاطمہ بنت اسد بن ہاشم کی وفات ہوئی تو نبی کریم ﷺ نے انھیں اپنی قمیص میں کفن دیا، ان پر نماز جنازہ پڑھائی اور اور ستر تکبیریں کہیں۔ پھر آپ قبر میں اترے اور ہاتھ سے یوں اشارے کیے جسے آپ قبر میں توسیع کر رہے ہوں۔ پھر قبر سے باہر نکل آئے جبکہ آپ کی آنکھوں سے آنسو بہہ رہے تھے آپ نے مٹھی پھر مٹی قبر میں ڈالی جب آپ چل پڑے عمر رضی اللہ عنہ نے آپ سے پوچھا: یارسول اللہ! میں نے آپ اس عورت کے ساتھ وہ کچھ کرتے دیکھا ہے جو آپ نے کسی عورت کے ساتھ نہیں کیا آپ نے فرمایا: عمر! یہ عورت میری حقیقی ماں کے بعد ماں کا درجہ رکھتی ہے ابوطالب کا میرے ساتھ بہت اچھا رویہ رہا ہے ان کا دسترخوان بچھتا تھا جس پر ہمیں جمع کیا جاتا یہ عورت ابوطالب کے ہاں فضلیت والی عورت تھی جبرئیل امین نے مجھے اپنے رب تعالیٰ کی طرف سے خبر دی ہے کہ یہ اہل جنت میں سے ہے مجھے جبرئیل امین نے یہ خبر بھی دی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ستر ہزار فرشتوں کو اس پر نماز جنازہ پڑھنے کا حکم دیا ہے۔

رواہ المستدرک للحاکم ۱۰۸/۳

۳۷۶۰۸.....ابن عباس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ جب فاطمہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی والدہ محترمہ کا انتقال ہوا رسول اللہ ﷺ نے اپنی قمیص اتار کر انھیں پہنائی اور پھر ان کی قبر میں لیٹ گئے جب قبر پر مٹی ڈال دی تو بعض صحابہ رضی اللہ عنہم نے کہا: یارسول اللہ! ہم نے آپ کو وہ کچھ کرتے دیکھا ہے جو آپ نے کسی کے ساتھ نہیں کیا؟ آپ نے فرمایا: میں نے اپنی قمیص اسے پہنائی ہے تاکہ وہ جنت کے کپڑے پہنے اور میں اس کے ساتھ قبر میں لیٹا ہوں تاکہ قبر کی بھینچ میں تخفیف ہو بلاشبہ ابوطالب کے بعد اس عورت نے میرے ساتھ بہت اچھا سلوک کیا ہے۔

رواہ ابونعیم فی المعرفۃ والدیلمی و مسندہ حسن

حضرت صفیہ بنت حیی ام المؤمنین رضی اللہ عنہا

۳۷۶۰۹.....حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ سے زیادہ اچھے اخلاق کسی کے نہیں دیکھے چنانچہ ایک مرتبہ رسول کریم ﷺ نے مجھے رات کو اپنی اونٹنی پر اپنے پیچھے بٹھایا۔ مجھے اونگھ آنے لگی آپ مجھے ہاتھ سے پکڑ لیتے اور فرماتے: اے بنت حیی رک جاؤ پھر فرماتے: اے صفیہ!، جو کچھ میں نے تمہاری قوم سے کیا ہے میں اس کی تم سے معذرت کرتا ہوں چونکہ تمہاری قوم نے مجھے یہ کہا اور یہ کہا۔

رواہ ابویعلی وابن عساکر

حضرت ام اسحاق رضی اللہ عنہا

۳۷۶۱۰......بشار بن عبدالملک کہتے ہیں مجھے ام حکیم نے ام اسحاق کی حدیث سنائی: ام اسحاق کہتی ہیں: میں نے اپنے بھائی کے ساتھ رسول اللہ ﷺ کی طرف مدینہ میں ہجرت کی میں راستے میں تھے کہ میرے بھائی نے کہا: اے ام اسحاق یہیں بیٹھ جاؤ میں مکہ میں اپنا خرچہ بھول آیا ہوں میں نے کہا: مجھے اپنے شوہر فاسق کا ڈر ہے۔(وہ مجھے قتل نہ کردے) بھائی نہ کہا: ہرگز نہیں انشاءاللہ! ام اسحاق کہتی ہیں: میں کئی دنوں تک یہیں بیٹھی رہی میرے پاس سے ایک شخص گزرا میں اس کا نام نہیں لیتی۔ حالانکہ میں اسے پہچانتی تھی اس نے پوچھا: اے ام اسحاق یہاں کیوں بیٹھی ہو؟ میں نے کہا: میں اسحاق کے انتظار میں ہوں وہ اپنا خرچہ لینے مکہ گیا ہوا ہے۔ وہ بولا: تمہیں اسحاق نہیں ملے گا چونکہ اسے تیرے شوہر فاسق نے قتل کردیا ہے میں اکیلی ہی چل پڑی اور رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئی آپ وضو کررہے تھے میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! اسحاق قتل کردیا گیا ہے میں رورہی تھی جب کہ آپ مجھے دیکھ رہے تھے میں نے دیکھا کہ آپ نے وضو کرتے کرتے سر جھکالیا ہے آپ نے چلو بھر پانی لیا اور میرے چہرے پر پھینک دیا ام حکیم کہتی ہیں: ام اسحاق کو عظیم مصیبت پیش آئی اس کی آنکھوں میں آنسو ڈبڈبا رہے تھے جبکہ رخساروں پر بہتے نہیں تھے۔

رواہ البخاری فی تاریخہ وسمویہ وابو نعیم فی الحلیۃ

کلام:......حدیث ضعیف ہے الاصابہ میں لکھا ہے کہ بشار کو ابن معین نے ضعیف قرار دیا ہے۔

فضائل اہل بیت اور وہ حضرات جو صحابہ رضی اللہ عنہم ہیں

فضائل امت وقبائل ومقامات وازمنہ وحیوانات

فضائل اہل بیت مجمل ومفصل

فصل......مجمل فضائل کے بیان میں

۳۷۶۱۱......ابن عمر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کہ محمد ﷺ کا ان کے اہل بیت کے متعلق احترام کرو۔

رواہ البخاری

۳۷۶۱۲......حضرت علی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ایک مرتبہ رسول کریم ﷺ ہماری ملاقات کے لیے تشریف لائے اور ہمارے ہاں رات گزاری جب کہ حسن رضی اللہ عنہ اور حسین رضی اللہ عنہ سورہے تھے: حسن رضی اللہ عنہ نے پانی مانگا رسول اللہ ﷺ پانی لینے مشکیزے کی طرف کھڑے ہوئے اور تھنوں سے دودھ نکالنے کی طرح مشکیزے سے برتن میں پانی نکالا ایک روایت میں ہے: آپ ہماری بکری کی طرف اٹھے اسے دوہا پھر آپ دودھ پیتے ہوئے واپس آئے اور برتن حسن کو تھمادیا حسین رضی اللہ عنہ نے برتن لینا چاہا لیکن آپ نے انھیں منع کردیا ایک روایت میں ہے: آپ نے حسین رضی اللہ عنہ کی طرف ہاتھ بڑھایا لیکن حسن رضی اللہ عنہ سے ابتداء کی اس پر فاطمہ رضی اللہ عنہا نے کہا: یارسول اللہ! گویا حسن آپ کو زیادہ محبوب ہے آپ نے فرمایا: نہیں لیکن پانی اس نے پہلے مانگا ہے۔ پھر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں اور یہ دونوں اور یہ سویا ہوا یعنی حضرت علی رضی اللہ عنہ قیامت کے دن ایک ہی جگہ میں ہوں گے۔

رواہ الطبرانی واحمد بن حنبل وابویعلی وابن ابی عاصم فی السنۃ والطبرانی فی المتفق والمفترق وابن النجار والخطیب

۳۷۶۱۳..... حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے حسن رضی اللہ عنہ وحسین رضی اللہ عنہ کا ہاتھ پکڑ کر فرمایا: جوشخص ان دونوں سے ان کے باپ اور ماں سے محبت کرے گا وہ قیامت کے دن میرے ساتھ ہوگا۔

رواہ الترمذی وعبد اللہ بن احمد بن حنبل ونظام الملک فی امالیہ وابن النجار وسعید بن المنصور

۳۷۶۱۴..... حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ مجھے رسول اللہ ﷺ نے خبر دی ہے کہ جنت میں سب سے پہلے میں فاطمہ حسن اور حسین رضی اللہ عنہم داخل ہوں گے میں نے کہا: یارسول اللہ! ہمارے محبین بھی جنت میں داخل ہوں گے؟ فرمایا: وہ تمہارے پیچھے ہوں گے۔ رواہ الحاکم

۳۷۶۱۵..... حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جوشخص ہم اہل بیت سے محبت کرتا ہے وہ فقر کے لیے چادر تیار کرے یا فرمایا: کہ وہ اپنے لیے پاکھر تیار کرے۔ رواہ ابو عبیدہ

۳۷۶۱۶..... حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جنت میں ایک درجہ ہے جسے وسیلہ کہا جاتا ہے جب اللہ تعالیٰ سے سوال کروتو میرے لیے وسیلہ کا سوال کرو۔ صحابہ رضی اللہ عنہم نے پوچھا: یارسول اللہ! آپ کے ساتھ اس درجہ میں اور کون سکونت اختیار کرے گا؟ فرمایا: علی فاطمہ، حسن وحسین رضی اللہ عنہم اجمعین۔ رواہ ابن مردویہ

۳۷۶۱۷..... حذیفہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ میری ماں نے مجھے پوچھا: تم کب سے نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر نہیں ہوئے۔ میں نے کہا اتنے اتنے عرصہ سے۔ میں نے کہا: مجھے اجازت دوتا کہ میں آپ کے ساتھ مغرب کی نماز پڑھوں اور پھر میں آپ سے اس وقت تک جدا نہیں ہوں گا جب تک آپ میرے لیے اور تمہارے لیے استغفار نہ کرلیں چنانچہ میں نے آپ کے ساتھ مغرب اور پھر عشاء کی نماز پڑھی لوگ مسجد سے چلے گئے اور کوئی بھی نہ رہا چنانچہ آپ پر کوئی خاص کیفیت طاری ہوئی جب یہ کیفیت چھٹ گئی تو آپ نے میری آواز پہچان لی اور فرمایا: اے حذیفہ! میں نے عرض کیا: جی ہاں فرمایا: کیوں آئے ہو؟ اے حذیفہ اللہ تعالیٰ تمہاری اور تمہاری ماں کی مغفرت فرمائے۔ یہ فرشتہ نازل ہوا ہے جو اس سے قبل نازل نہیں ہوا، یہ اپنے رب تعالیٰ سے اجازت لیتا ہے کہ مجھ پر سلام پیش کرے رب تعالیٰ نے اسے اجازت دی اس نے مجھے خوشخبری سنائی ہے کہ فاطمہ رضی اللہ عنہا جنتی عورتوں کی سردار ہے اور حسن وحسین جنت کے نوجوانوں کے سردار ہیں۔ رواہ ابن جریر

۳۷۶۱۸..... زید بن ارقم رضی اللہ عنہ روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے حضرت فاطمہ حضرت علی رضی اللہ عنہ حضرت حسن اور حضرت حسین رضی اللہ عنہم سے فرمایا: جوشخص تم سے جنگ کرے میں اس سے جنگ کروں گا جو تمہارے ساتھ سلامتی میں رہے گا میں بھی سے سلامتی کی نوید سناتا ہوں۔

رواہ ابن ابی شیبة والترمذی وابن ماجہ وابن حبان والطبرانی والحاکم والضیاء

کلام:..... حدیث ضعیف ہے دیکھئے ذخیرۃ الحفاظ: ۴۸۷۔

۳۷۶۱۹..... زید بن ارقم رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: میں تمہیں اپنے اہل بیت کے متعلق اللہ تعالیٰ کا واسطہ دیتا ہوں۔ آپ نے دومرتبہ فرمایا۔ رواہ ابن جریر

۳۷۶۲۰..... یزید بن حبان حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے روایت نقل کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ رسول کریم ﷺ ہمیں خطاب کرنے کے لیے کھڑے ہوئے آپ مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے درمیان خم نامی چشمہ پر تھے آپ نے حمد وثناء کے بعد وعظ ونصیحت کی اور پھر فرمایا: امابعد! اے لوگو! میں انتظار کر رہا ہوں کہ میرے پاس میرے رب کا قاصد آئے میں اس کی بات قبول کروں میں تمہارے درمیان دو چیزیں چھوڑ رہا ہوں ایک کتاب اللہ ہے اسمیں ہدایت اور سچائی ہے کتاب اللہ کو مضبوطی سے پکڑے رکھو آپ نے ہمیں کتاب اللہ کی ترغیب دی اور اس پر ابھارا۔ پھر فرمایا: دوسری چیز میرے اہل بیت ہیں میں تمہیں اپنے اہل بیت کے متعلق دہائی دیتا ہوں آپ نے تین بار فرمایا: زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے پوچھا گیا: آپ کے اہل بیت کون ہیں؟ کیا آپ کی بیویاں اہل بیت نہیں ہیں؟ زید رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: آپ کی ازداج مطہرات اہل بیت میں سے تو ہیں ہی لیکن اہل بیت وہ لوگ بھی ہیں جن پر آپ کے بعد صدقہ حرام ہے پوچھا گیا وہ کون ہیں؟ جواب دیا: وہ آل عباس، آل علی، آل جعفر، اور آل عقیل ہیں پوچھا گیا: کیا ان سب پر صدقہ حرام ہے؟ جواب دیا: جی ہاں۔ رواہ ابن جریر

۳۷۶۲۱..... ''ایضاً'' یزید بن حبان حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے روایت نقل کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ رسول اللہ ﷺ نے مکہ اور مدینہ کے

درمیان خم نامی وادی میں ہمیں خطاب کیا اور ارشاد فرمایا: میں ایک بشر ہوں عنقریب مجھے پکارا جائے اور میں پکار کا جواب دے دوں (یعنی دنیا سے رخصت ہو جاؤں) خبردار میں تمہارے درمیان دو چیزیں چھوڑ رہا ہوں۔ ایک کتاب اللہ ہے جو اس کی پیروں کرے گا وہ ہدایت پر رہے گا جس نے اسے چھوڑ دیا وہ گمراہی پر ہوگا دوسری چیز میرے اہل بیت ہیں میں تم کو اپنے اہل بیت کے متعلق دہائی دیتا ہوں تین بار فرمایا۔ رواہ ابن جریر

۳۷۶۲۲......ابوسعید رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ نبی کریم ﷺ اپنی بیٹی فاطمہ رضی اللہ عنہا کے پاس تشریف لے گئے ان کے دونوں بیٹے ان کی ایک طرف بیٹھے ہوئے تھے جبکہ حضرت علی رضی اللہ عنہ سو رہے تھے حسن رضی اللہ عنہ نے پانی مانگا آپ ﷺ اونٹنی کے پاس گئے دودھ دوہ کر لیتے آئے حضرت حسین رضی اللہ عنہ نے پہلے دودھ پینے کے مطالبہ کیا اور منازعت کردی اور (نہ ملنے پر) رونے لگے۔ آپ نے فرمایا: پہلے تمہارا بھائی پی لے پھر تم پینا فاطمہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا: گویا آپ حسن کو حسین پر ترجیح دے رہے ہیں فرمایا: میں اسے ترجیح نہیں دے رہا یہ میرے نزدیک ایک مقام رکھتے ہیں۔ تو یہ دونوں اور یہ سویا ہوا شخص قیامت کے دن میرے ساتھ ایک جگہ میں ہوں گے۔

رواہ ابن عساکر

۳۷۶۲۳......عباس بن عبدالمطلب کہتے ہیں: ہم قریش کی ایک جماعت سے ملاقات کرتے تھے وہ آپس میں گفتگو کرتے اور پھر گفتگو منقطع کر دیتے ہم نے نبی کریم ﷺ سے اس کا تذکرہ کیا آپ نے فرمایا: اللہ کی قسم کسی شخص کے دل میں ایمان داخل نہیں ہوگا حتیٰ کہ وہ تم سے محض اللہ کے لیے اور میری قرابت کے لیے محبت نہ کرے۔ رواہ ابن عساکر وابن النجار

کلام:......حدیث ضعیف ہے دیکھئے ضعیف ابن ماجہ ۲۵۔

۳۷۶۲۴......حضرت عباس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ وہ کچھ لوگوں کے پاس بیٹھے ان لوگوں نے اپنی گفتگو منقطع کردی عباس رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ سے اس کا تذکرہ کیا آپ نے فرمایا: کیا وجہ ہے لوگوں کے پاس جب میرے اہل بیت میں سے کوئی شخص بیٹھتا ہے وہ اپنی گفتگو منقطع کر دیتے ہیں؟ قسم اس ذات کی جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے ایمان کسی شخص کے دل میں داخل نہیں ہوگا حتیٰ کہ وہ میرے اہل بیت سے محض اللہ کے لیے یا میری قرابت کے لیے محبت نہ کرے۔ رواہ الرویانی وابن عساکر

۳۷۶۲۵......زینب بنت ابی سلمہ کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ رسول کریم ﷺ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے ہاں تھے آپ نے اپنی ایک طرف حسن رضی اللہ عنہ کو بٹھایا اور دوسری طرف حسین رضی اللہ عنہکو جبکہ فاطمہ رضی اللہ عنہا آپ کی گود میں تھیں آپ نے فرمایا: اے اہل بیت تم پر اللہ تعالیٰ کی رحمت و برکت ہو بلاشبہ اللہ تعالیٰ قابل ستائش اور بزرگی والا ہے جبکہ میں اور ام سلمہ رضی اللہ عنہا سو رہی تھیں تو ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے رونا شروع کردیا رسول اللہ ﷺ نے ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی طرف دیکھا اور رونے کی وجہ دریافت فرمائی ام سلمہ رضی اللہ عنہا بولیں: آپ نے انہی کو رحمت و برکت میں خاص کیا ہے جبکہ مجھے اور میری بیٹی کو چھوڑ دیا ہے فرمایا: تو اور تیری بیٹی اہل بیت میں سے ہیں۔

رواہ ابن عساکر

۳۷۶۲۶......"مسند ابن عباس" ابن عباس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: میرے رب تعالیٰ نے میرے اہل بیت کے تین افراد میں سے مجھے منتخب کیا ہے میں ان تینوں کا سردار اور اولاد آدم کا سردار ہوں اور اسمیں کوئی فخر نہیں اللہ تعالیٰ نے مجھے علی بن ابی طالب حمزہ بن عبدالمطلب اور جعفر بن ابی طالب کو منتخب کیا ہے ایک مرتبہ ہم ابطح میں سو رہے تھے اور ہم میں سے ہر شخص نے چادر سے سر منہ ڈھانپ رکھا تھا علی میری دائیں جانب تھا جعفر میری بائیں جانب اور حمزہ رضی اللہ عنہ میرے پاؤں کی طرف سو رہے تھے مجھے نیند سے فرشتوں کے ہلکے ہلکے پروں اور علی کے بازو کی ٹھنڈک جو کہ میرے رخسار کے نیچے تھا جگا دیا میں بیدار ہو گیا جبکہ جبرئیل تین فرشتوں کے ساتھ تھے فرشتوں میں سے ایک نے جبرئیل سے کہا: اے جبرئیل ان چار میں سے کس کی طرف تمہیں بھیجا گیا ہے؟ جبرئیل نے اپنا پاؤں مجھے مارا اور کہا اس کی طرف مجھے بھیجا گیا ہے یہ اولاد آدم کا سردار ہے فرشتے نے پوچھا: اے جبرئیل! یہ کون ہے؟ جبرئیل علیہ السلام نے فرمایا: یہ محمد بن عبداللہ ہے جو انبیاء کا سردار ہے یہ علی بن ابوطالب ہے اور یہ حمزہ بن عبدالمطلب سید الشہداء ہے اور یہ جعفر ہے اس کے دو پر ہیں جن سے یہ جنت میں اڑے گا جہاں چاہے گا۔

رواہ یعقوب سان سفیان والخطیب وابن عساکر

کلام :......حدیث ضعیف ہے چونکہ اس کی سند میں عبایعہ ربعی ہے جو غالی شیعہ ہے۔

۳۷۶۲۷......محمد بن اسحاق نافع مولائے ابن عمرو ابن عمر رضی اللہ عنہما وسعید مقبری عمار رضی اللہ عنہ اور ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت نقل کرتے ہیں کہ درہ بنت ابی لہب ہجرت کر کے مدینہ منورہ آئی اور رافع بن معلٰی کے گھر ٹھہری چنانچہ بن زریق کی عورتیں اس کے پاس بیٹھیں اور کہنے لگیں: یہ ابولہب کی بیٹی ہے جس کے بارے میں "تبت یدا ابی لھب وتب" نازل ہوئی ہے سو تمہاری ہجرت اسے نفع نہیں پہنچائے گی درہ رسول اللہ ﷺ کے پاس آئی اور رونے لگی او آپ سے عورتوں کا تذکرہ کیا آپ ﷺ نے درہ کو تسلی دی اور فرمایا: یہیں بیٹھی رہو آپ نے لوگوں کو ظہر کی نماز پڑھائی پر تھوڑی دیر کے لیے منبر پر بیٹھے پھر فرمایا: اے لوگو: مجھے میرے اہل بیت کے متعلق کیوں اذیت پہنچائی جاتی ہے؟ اللہ کی قسم میری شفاعت میرے قرابتداروں کو پائے گی حتیٰ کہ صداء حکم حاء اور سلہب کو انھیں قیامت کے دن میری شفاعت حاصل ہوئی۔ رواہ الدیلمی

۳۷۶۲۸......ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ ان کے پاس تھے اتنے میں خادمہ آئی اور بولی: علی اور فاطمہ رضی اللہ عنہا دروازے پر کھڑے ہیں۔ آپ نے فرمایا: میرے اہل بیت کے لیے ذرا الگ ہو جاؤ میں اٹھ کر گھر کے ایک کونے میں چلی گئی علی فاطمہ حسن اور حسین رضی اللہ عنہم اندر داخل ہوئے حسن و حسین رضی اللہ عنہما کو آپ نے گود میں بٹھایا ایک ہاتھ سے علی رضی اللہ عنہ کو پکڑا اور اپنے ساتھ چمٹا لیے دوسرے ہاتھ سے فاطمہ رضی اللہ عنہا کو پکڑا اور اپنے ساتھ چمٹالیا اور انھیں بوسہ دیا اور اپنی سیاہ چادر ان پر ڈال دی پھر فرمایا: یا اللہ! ان کا ٹھکانا اپنے پاس رکھنا نہ کہ دوزخ میں میں اور میرے اہل بیت کا مرجع تیری طرف ہے میں نے آواز دی: یا رسول اللہ! میں بھی ہوں فرمایا: اور تو بھی۔

رواہ ابن ابی شیبة

۳۷۶۲۹......ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فاطمہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا: تم اپنے خاوند اور بیٹوں سمیت میرے پاس آنا فاطمہ رضی اللہ عنہا انھیں لے کر آئیں رسول اللہ ﷺ نے ان پر اپنی چادر ڈالی جو خیبر سے پائی تھی پھر اپنے ہاتھ اٹھا کر دعا فرمائی: یا اللہ! یہ لوگ آل محمد ہیں اپنی رحمتیں اور برکتیں آل محمد پر نازل فرما۔ جیسا کہ تو نے آل ابراہیم پر نازل فرمائی ہیں بلاشبہ تو حمد والا اور بزرگی والا ہے ام سلمہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں میں نے چادر اٹھائی تاکہ میں بھی ان میں شامل ہو جاؤں لیکن رسول اللہ ﷺ نے چادر میرے ہاتھ سے کھینچ لی اور فرمایا: تو خیر وبھلائی پر ہے۔ رواہ ابویعلی وابن عساکر

۳۷۶۳۰......ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے ایک بازو میں حضرت علی رضی اللہ عنہ اور فاطمہ رضی اللہ عنہا کو لیا اور دوسرے بازو میں حسن رضی اللہ عنہ وحسین رضی اللہ عنہ کو اور پھر ان پر اپنی سیاہ رنگ کی چادر ڈال دی علی رضی اللہ عنہ اور فاطمہ رضی اللہ عنہا کا بوسہ لیا اور فرمایا یا اللہ! میرا اور میری اہل بیت کا ٹھکانا تیری طرف ہے نہ کہ دوزخ کی طرف ام سلمہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں میں نے کہا: اور میں بھی۔ فرمایا: اور تو بھی۔ رواہ الطبرانی

۳۷۶۳۱......"مسند علی" شبلی کی روایت ہے کہ حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اے علی! اسلام ننگا ہے اور اس کا لباس تقویٰ ہے اس کے بال و پر ہدایت ہے اس کی زینت حیاء ہے ورع اس کا ستون ہے عمل صالح اس کی اصل اور جڑ ہے، میری اور میرے اہل بیت کی محبت اسلام کی نبیاد ہے۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۶۳۲......"مسند انس" حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ چھ مہینے تک فاطمہ رضی اللہ عنہا کے گھر کے پاس سے گزرتے رہے آپ نماز فجر کی لیے جاتے تھے گزرتے وقت آپ فرماتے اسے اہل بیت تمہارے اوپر رحمت نازل ہو۔ اے اہل بیت اللہ تعالیٰ تم سے گندگی دور کرنا چاہتا ہے اور تمہیں پاک کرنا چاہتا ہے۔ رواہ ابن ابی شیبة

۳۷۶۳۳......حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ میرے پاس تشریف لائے آپ نے چادر بچھائی اس پر خود بیٹھ گئے علی، فاطمہ، حسن وحسین رضی اللہ عنہم کو بھی پر بٹھایا پھر آپ نے چادر کا کونا پکڑا اور اس پر بیٹھ گئے اور فرمایا: یا اللہ ان سے راضی رہ جیسا کہ میں ان سے راضی ہوں۔

رواہ الطبرانی فی الاوسط

فضائل اہل بیت مفصل...... حضرت حسن رضی اللہ عنہ

۳۷۶۳۴..... "مسند صدیق" عقبہ بن حارث رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ کی وفات کے کچھ دنوں بعد میں ابوبکر رضی اللہ عنہ کے ساتھ عصر کی نماز پڑھنے جارہا تھا حضرت علی رضی اللہ عنہ ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پہلو میں چل رہے تھے اتنے میں حسن بن علی رضی اللہ عنہ کے پاس سے گزرے اور وہ لڑکوں کے ساتھ کھیل رہے تھے ابوبکر رضی اللہ عنہ نے حسن رضی اللہ عنہ کو اپنے کاندھوں پر اٹھالیا اور فرمایا:

بابی شبیه با لنبی　　لیس شبیها بعلی

یہ لڑکا جو کہ نبی کریم ﷺ کے مشابہ ہے نہ کہ علی کے مشابہ ہے اس پر میرے ماں باپ فدا ہوں۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ یہ دیکھ کر ہنس رہے تھے۔ رواہ ابن سعد واحمد بن حنبل وابن المدنی والبخاری والنسائی والحاکم

فائدہ:...... ابن کثیر کہتے ہیں یہ حدیث مرفوع کے حکم میں ہے گویا ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ نبی کریم ﷺ صورت میں حسن کے مشابہ تھے۔

۳۷۶۳۵..... "مسند علی" حارث کی روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ حضرت حسن رضی اللہ عنہ سے فرماتے تھے: یہ قمیص اتارنے والا ہے۔ یعنی خلافت سے دستبردار ہوگا۔ رواہ الحاکم

۳۷۶۳۶..... "ایضاً" ابواسحاق کی روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اپنے بیٹے حسن کی طرف دیکھ کر فرمایا میرا یہ بیٹا سردار ہے جیسا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا ہے عنقریب اس کی اولاد میں ایک شخص پیدا ہوگا جو اخلاق میں اس کے مشابہ ہوگا اور صورت میں اس سے مشابہ نہیں ہوگا۔ اس کا نام تمہارے نبی کے نام پر ہوگا وہ زمین کو عدل وانصاف سے بھردے گا۔ رواہ ابوداؤد ونعیم بن حماد فی الفتن

۳۷۶۳۷..... حضرت علی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ایک مرتبہ نبی کریم ﷺ ہمارے ہاں تشریف لائے اور فرمایا: منا کہاں ہے؟ کیا یہاں منا ہے؟ چنانچہ حسن رضی اللہ عنہ باہر آئے انھوں نے گلے میں کالی مرچ کا ہار ڈال رکھا تھا حسن رضی اللہ عنہ نے اپنے ہاتھ پھیلا لیے رسول اللہ ﷺ نے بھی اپنے ہاتھ پھیلا لیے اور انھیں اپنے ساتھ چمٹالیا اور فرمایا: میرے ماں باپ تجھ پر فدا ہوں جو شخص مجھ سے محبت کرتا ہوں وہ اس سے محبت کرے۔

رواہ ابن عساکر

۳۷۶۳۸..... حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ اور ابواعہد سلمی نے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ سے کہا: حسن بن علی رضی اللہ عنہ کی زبان میں لکنت ہے۔ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: ایسی بات مت کہو چونکہ رسول کریم ﷺ نے حسن رضی اللہ عنہ کے منہ میں تھتکارا تھا۔ چنانچہ جس کے منہ میں رسول اللہ ﷺ تھتکار دیں اس میں لکنت نہیں ہوسکتی۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۶۳۹..... "مسند ابی ہریرہ" حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپ نے حسن بن علی رضی اللہ عنہ کو ہاتھ میں پکڑا اور ان کی ٹانگیں اپنے گھٹنوں پر ڈال دیں آپ فرمارہے تھے اے چھوٹی آنکھ والے اوپر چڑھ۔

رواہ وکیع فی العزر والرامهرمزی فی الامثال

۳۷۶۴۰..... حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے حضرت حسن رضی اللہ عنہ سے فرمایا: یا اللہ میں اس سے محبت کرتا ہوں تو بھی اس سے محبت کر اور جو اس سے محبت کر اس سے بھی محبت کر۔ رواہ ابن عساکر واحمد بن حنبل

۳۷۶۴۱..... حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ نبی کریم ﷺ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے ہاں تشریف لے گئے میں بھی آپ کے ساتھ تھا۔ جب گھر پہنچے فرمایا: کیا یہاں منا ہے؟ حسن رضی اللہ عنہ نہ آئے میں سمجھا: فاطمہ رضی اللہ عنہا انھیں ہار پہنا رہی ہیں یا نہلا رہی ہیں۔ اتنے میں حسن رضی اللہ عنہ دوڑتے ہوئے آئے آپ ﷺ نے حسن رضی اللہ عنہ کو گلے لگالیا اور فرمایا: یا اللہ! میں اس سے محبت کرتا ہوں تو بھی اس سے محبت کر اور جو اس سے محبت کرے اس سے تو بھی محبت کر۔ رواہ ابویعلی وابن عساکر

۳۷۶۴۲..... حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ رسول کریم ﷺ مسجد میں بیٹھ گئے اور میں آپ کے ساتھ تھا۔ آپ نے فرمایا:

منے کو میرے پاس بلا لاؤ۔ چنانچہ حسن رضی اللہ عنہ دوڑتے ہوئے آ گئے اور آتے ہی اپنے ہاتھ نبی کریم ﷺ کی داڑھی مبارک میں داخل کر دیئے نبی کریم ﷺ نے حسن رضی اللہ عنہ کا منہ کھول کر اپنی زبان ان کے منہ میں ڈالنی شروع کر دی پھر فرمایا: یا اللہ! میں اس سے محبت کرتا ہوں تو بھی اس سے محبت کر اور جو اس سے محبت کرے اس سے بھی محبت کر۔ آپ نے تین بار فرمایا۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۶۴۳...... حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میرے ان کانوں نے سنا اور ان دو آنکھوں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا آپ نے دونوں ہاتھوں سے حسن رضی اللہ عنہ یا حسین رضی اللہ عنہ کو پکڑے دیکھا اور ان کے قدم رسول اللہ ﷺ کے قدموں پر تھے آپ ﷺ فرما رہے تھے کمزور چھوٹے چھوٹے قدموں والا چھوٹی آنکھ والے اوپر چڑھ (حزقۃ حزقہ + ترق عین رقہ یہ کلمات عربی زبان کی لوری ہے) چنانچہ لڑکا آپ پر چڑھ گیا حتیٰ کہ اس کے قدم رسول اللہ ﷺ کے سینے پر پہنچ گئے۔ پھر آپ نے اس سے فرمایا: اپنا منہ کھولو۔ پھر آپ نے بوسہ لیا: اور فرمایا: یا اللہ اس سے محبت کر میں بھی اس سے محبت کرتا ہوں۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۶۴۴...... حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپ نے حسن رضی اللہ عنہ کو اپنے کاندھوں پر اٹھا رکھا تھا جبکہ حسن رضی اللہ عنہ نے منہ سے رال آپ پر ٹپک رہی تھی۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۶۴۵...... حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپ حسن رضی اللہ عنہ کی زبان چوس رہے تھے جس طرح کہ آدمی کھجور چوستا ہے۔ رواہ ابن شاھین فی الافراد وابن عساکر

۳۷۶۴۶...... سعید مقبری کی روایت ہے کہ ہم حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھے اتنے میں حسن رضی اللہ عنہ آئے اور سلام کیا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا: وعلیک السلام یا سیدی! میں نے رسول کریم ﷺ کو ارشاد فرماتے سنا ہے کہ یہ سید (سردار) ہے۔ رواہ ابویعلی وابن عساکر

۳۷۶۴۷...... عمیر بن اسحاق کی روایت ہے کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہ سے ملاقات ہوئی ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اپنے کپڑے اوپر اٹھاؤ تا کہ میں اس جگہ پر بوسہ دوں جہاں میں نے رسول اللہ ﷺ کو بوسہ دیتے دیکھا تھا۔ چنانچہ حسن رضی اللہ عنہ نے اپنے پیٹ سے قمیص اٹھائی اور ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے حضرت حسن رضی اللہ عنہ کی ناف پر منہ رکھ کر بوسہ لیا۔ رواہ ابن النجار

۳۷۶۴۸...... ابن عباس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ نبی کریم ﷺ حضرت حسن رضی اللہ عنہ کو اپنے کاندھوں پر اٹھاتے ہوئے باہر تشریف لائے حسن رضی اللہ عنہ سے ایک شخص نے کہا: اے لڑکے! بہت اچھی سواری پر تو سوار ہوا ہے۔ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اور سوار بھی تو بہت اچھا ہے۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۶۴۹...... زہیر بن اقمر کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہ خطاب کر رہے تھے اتنے میں قبیلہ ازد کا ایک شخص جسکا رنگ گندمی اور قد دراز تھا کھڑا ہوا اور بولا: میں نے نبی کریم ﷺ کو دیکھا ہے کہ آپ نے حسن رضی اللہ عنہ کو اپنے حبوہ میں رکھا اور فرمایا: میں اس سے محبت کرتا ہوں اور جو مجھ سے محبت کرتا ہے وہ اس سے بھی محبت کرے پس جو حاضر ہے وہ غائب تک پہنچادے۔

رواہ ان ابی شیبۃ واحمد بن حنبل وابن مندہ وابن عساکر والحاکم

۳۷۶۵۰...... زہیر بن اقمر کہتے ہیں: ایک مرتبہ حسن بن علی رضی اللہ عنہ خطاب کر رہے تھے اتنے میں ارد شنوہ کا ایک بوڑھا بزرگ کھڑا ہے اور کہا: میں نے نبی کریم ﷺ کو دیکھا ہے منبر پر کھڑے ہوئے اس شخص کو آپ نے اپنے حبوہ میں رکھا اور آپ فرما رہے تھے جو شخص مجھ سے محبت کرے وہ اس سے بھی محبت کرے حاضر غائب کو پہنچادے اگر رسول اللہ ﷺ کا حکم نہ ہوتا میں کسی کو یہ حدیث نہ سناتا۔ رواہ ابن مندہ وابن عساکر

۳۷۶۵۱...... براء بن عازب رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ میں نے نبی کریم ﷺ کو دیکھا آپ نے کاندھے پر حسن رضی اللہ عنہ کو اٹھا رکھا تھا آپ فرما رہے تھے: یا اللہ میں اس سے محبت کرتا ہوں تو بھی محبت کر۔ رواہ ابن ابی شیبۃ واحمد بن حنبل والبخاری ومسلم والترمذی وابن عساکر

(ابن عساکر میں اضافہ ہے کہ جو اس سے محبت کرے اس سے بھی محبت کر)۔

۳۷۶۵۲...... سودہ بنت مسرح کندیہ کی روایت ہے کہ میں بھی ان عورتوں میں شامل تھی جو فاطمہ رضی اللہ عنہا کے دردزہ کے وقت ان کے پاس موجود تھیں چنانچہ نبی کریم ﷺ تشریف لائے اور فرمایا: فاطمہ رضی اللہ عنہا کا کیا حال ہے میری بیٹی کا کیا حال ہے میں اس پر قربان جاؤں؟ میں

نے عرض کیا: یارسول اللہ! وہ تکلیف میں ہے فرمایا: جب بچہ جنم دے دے مجھے بتانے سے پہلے کچھ نہیں کرنا۔ سودہ رضی اللہ عنہ کہتی ہیں: فاطمہ رضی اللہ عنہانے بچہ جنم دیا: میں نے بچے کی ناف کاٹی اور بچے کو زرد رنگ کے کپڑے میں لپیٹ لیا۔ اتنے میں رسول اللہ ﷺ تشریف لائے اور فرمایا: میری بیٹی کا کیا ہوا میں اس پر فدا جاؤں اس کا کیا حال ہے وہ کیسی ہے؟ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! اس نے بچہ جنم دیا ہے اور میں نے اس کی ناف کاٹ دی ہے اور اسے زرد رنگ کے کپڑے میں لپیٹ دیا ہے۔ آپ نے فرمایا: تم نے میری نافرمانی کی میں نے عرض کیا: میں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول اللہ ﷺ کی معصیت سے پناہ مانگتی ہوں۔ یارسول اللہ! میں نے اس کی ناف کاٹی ہے اور اس کے علاوہ میرے پاس اس کا کوئی چارہ کار نہیں تھا فرمایا: اسے میرے پاس لاؤ۔ بچہ لیکر میں حاضر ہوئی۔ آپ نے زرد رنگ کا کپڑا پھینک دیا اور بچہ سفید کپڑے میں لپیٹا اور اس کے منہ میں لعاب ڈالا۔ پھر فرمایا: میرے پاس علی کو بلالاؤ میں علی رضی اللہ عنہ کو بلالائی آپ نے علی رضی اللہ عنہ سے پوچھا: اے علی اس کا نام کیا رکھا ہے؟ عرض کیا: یارسول اللہ جعفر نام رکھا ہے فرمایا نہیں بلکہ اس کا نام حسن ہے اور اس کے بعد حسین ہے اور تو ابوالحسن والحسین ہے۔

رواہ ابن مندہ وابونعیم وابن عساکر ورجالہ ثقات

۳۷۶۵۳..... حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ حضرت حسن کو پکڑتے اور اپنے ساتھ چمٹا لیتے پھر فرماتے: یا اللہ! یہ میرا بیٹا ہے میں اس سے محبت کرتا ہوں تو بھی محبت کر اور جو اس سے محبت کرے اس سے بھی محبت کر۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۶۵۴..... حضرت حسن رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں: نبی کریم ﷺ نے حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہ کو اپنے ساتھ منبر پر بٹھایا اور فرمایا: میرا یہ بیٹا سردار ہے ہوسکتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے ذریعہ مسلمانوں کی دو جماعتوں میں صلح کرائے۔ رواہ ابن ابی شیبۃ

۳۷۶۵۵..... محمد بن سیرین کی روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے حسن رضی اللہ عنہ بن علی کی طرف دیکھ کر فرمایا: یا اللہ! اسے سلامتی میں رکھ اور اس میں سلامتی ڈال دے۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۶۵۶..... سعید بن زید کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے حضرت حسن کو گود میں لے کر فرمایا: یا اللہ! میں اس سے محبت کرتا ہوں تو بھی اس سے محبت کر۔ رواہ الطبرانی وابونعیم

۳۷۶۵۷..... "مسند حسین بن عوف خثعمی" مقدام بن معدیکرب اور عمرو بن اسود حضرت معاملہ رضی اللہ عنہ کے پاس حاضر ہوئے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے مقدام سے کہا: مجھے خبر دی گئی ہے کہ حسن بن علی رضی اللہ عنہ وفات پا گئے ہیں؟ مقدام نے انا للہ پڑھا معاویہ رضی اللہ عنہ نے ان سے کہا: کیا تم اسے ایک بڑی مصیبت سمجھتے ہو؟ مقدام نے جواب دیا: کیوں نہیں یہ تو ایک بڑی مصیبت ہے، چونکہ رسول اللہ ﷺ نے حسن رضی اللہ عنہ کو اپنی گود میں بٹھایا ہے اور فرمایا: یہ مجھ سے ہے اور حسین علی سے ہے۔ رواہ الطبرانی عن خالد بن معدان

۳۷۶۵۹..... زہری حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ صحابہ میں رسول اللہ ﷺ سے سب سے زیادہ مشابہ حسن بن علی رضی اللہ عنہ تھے۔ رواہ ابونعیم

فضائل حضرت حسین رضی اللہ عنہ

۳۷۶۶۰..... محمد بن سیرین حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت نقل کرتے ہیں حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں جب حضرت حسین رضی اللہ عنہ کا سر مبارک عبیداللہ بن زیاد کے پاس لایا گیا میں وہاں موجود تھا عبیداللہ بن زیاد　سر مبارک کو چھڑی سے کریدنے لگا میں نے کہا: خبردار حضرت حسین رضی اللہ عنہ رسول کریم ﷺ کے ساتھ سب سے زیادہ مشابہت رکھتے تھے۔ رواہ ابونعیم

۳۷۶۶۱..... ابوالبختری کہتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ ایک مرتبہ منبر پر کھڑے خطاب کررہے تھے حضرت حسین رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور کہا: میرے باپ کے منبر سے نیچے اترو۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: منبر تمہارے باپ کا ہے میرے باپ کا نہیں۔ تمہیں کس نے بتایا ہے؟ اتنے میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور کہا: اسے کسی نے بھی نہیں بتایا۔ اے دھوکا باز میں تمہیں کچوکے لگاؤں

گا عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میرے بھائی کے بیٹے کو کچھ کے مت لگاؤ اس نے سچ کہا یہ اس کے باپ کا منبر ہے۔

رواہ ابن عساکر وقال ابن کثیر: سندہ ضعیف

کلام: ......ابن کثیر کے مطابق یہ حدیث ضعیف ہے۔

۳۷۶۶۲...... حضرت حسین بن علی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے پاس منبر پر چڑھ گیا اور میں نے عمر رضی اللہ عنہ سے کہا: میرے باپ کے منبر سے نیچے اتر جاؤ اور اپنے باپ کے منبر پر چڑھ جاؤ عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میرے باپ کا کوئی منبر نہیں ہے عمر رضی اللہ عنہ نے مجھے اپنے پاس بٹھالیا جب منبر سے نیچے اترے مجھے اپنے ساتھ اپنے گھر لے گئے اور فرمایا: اے بیٹے! تمہیں یہ بات کس نے سکھائی ہے میں نے جواب دیا: مجھے کسی نے نہیں سمجھائی عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے بیٹے اگر تم ہمارے پاس آؤ اور ہمارے ساتھ کھانا کھاؤ۔ حسین رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ایک دن میں عمر رضی اللہ عنہ کے گھر پر آیا اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ معاویہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ تنہائی میں بیٹھے ہوئے تھے جبکہ دروازے پر ابن عمر رضی اللہ عنہما تھے: ابن عمر رضی اللہ عنہما نے مجھے اندر جانے کی اجازت نہ دی میں واپس لوٹ گیا اس کے بعد حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی مجھ سے ملاقات ہوئی اور فرمایا: اے بیٹے تم ہمارے پاس کیوں نہیں آئے میں نے جواب دیا: میں آیا تھا لیکن آپ معاویہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ بیٹھے ہوئے تھے میں نے دروازے پر ابن عمر کو دیکھا میں واپس لوٹ آیا فرمایا: تم عبداللہ بن عمر کی بنسبت اجازت کے زیادہ حقدار ہو ہمارے سروں پر جو کچھ اللہ تعالیٰ نے اگایا ہے وہ تم دیکھ رہے ہو اور پھر تم ہی ہو عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے سر پر ہاتھ رکھا۔

رواہ ابن سعد وابن راھویہ والخطیب

۳۷۶۶۳...... "مسند علی" نجی کی روایت ہے کہ وہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ سفر میں تھے جب نینویٰ پہنچے فرمایا: اے ابوعبداللہ صبر کروائے ابوعبداللہ فرات کے کنارے صبر کرو حضرت علی رضی اللہ عنہ صفین کی طرف جا رہے تھے میں نے کہا: اس کی کیا وجہ ہے؟ فرمایا: ایک مرتبہ میں نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا آپ کی آنکھیں آنسوؤں سے بہہ رہی تھیں میں نے عرض کیا: یا نبی اللہ آپ کو کسی نے غصہ دلایا ہے آپ کی آنکھوں سے آنسو کیوں بہہ رہے ہیں؟ فرمایا: جی ہاں، تھوڑی دیر پہلے میرے پاس سے جبرئیل امین آئے ہیں انھوں نے مجھے حدیث سنائی ہے کہ حسین رضی اللہ عنہ فرات کے کنارے قتل کیا جائے گا کیا میں تمہیں وہاں کی مٹی نہ سونگھا دوں؟ میں نے عرض کیا: جی ہاں آپ ﷺ نے اپنا ہاتھ بھڑایا پھر مٹی اٹھائی اور مجھے دے دی میں اپنی آنکھوں پر قابو نہ پاسکا حتیٰ کہ آنسو بہنے لگے۔

رواہ ابن ابی شیبة واحمد بن حنبل وابویعلی واسعید بن المنصور

۳۷۶۶۴...... شیبان بن مخرم کی روایت ہے کہ جب حضرت علی رضی اللہ عنہ کربلاء پہنچے میں ان کے ساتھ تھا حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس جگہ کچھ شہداء قتل کیے جائیں گے سوائے شہداء بدر کے ان کی مانند شہدا نہیں ہوں گے۔ رواہ الطبرانی

۳۷۶۶۵...... یعلی بن مرہ عامر کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ حضرت حسن وحسین رضی اللہ عنہ دوڑتے ہوئے رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے رسول اللہ ﷺ نے دونوں صاحبزادوں کو اپنے ساتھ چمٹالیا اور فرمایا: بلاشبہ اولاد باعث بخل اور باعث سستی ہے۔

رواہ ابن ابی شیبة والرامھرمزی فی الامثال

۳۷۶۶۶...... مطلب بن عبداللہ بن حطب، ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت نقل کرتے ہیں: ام سلمہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں ایک دن نبی کریم ﷺ میرے گھر میں بیٹھے ہوئے تھے اور آپ نے فرمایا: میرے پاس کوئی نہ داخل ہونے پائے میں انتظار میں بیٹھ گئی، چنانچہ حسین رضی اللہ عنہ داخل ہوئے اور میں نے نبی کریم ﷺ کی دردبھری رونے کی آواز سنی میں نے جھانک کر دیکھا چنانچہ حسین رضی اللہ عنہ آپ کی گود میں تھے یا آپ کے پہلو میں بیٹھے ہوئے تھے آپ حسین رضی اللہ عنہ کے سر پر دست شفقت پھیر رہے تھے اور ساتھ ساتھ رو رہے تھے آپ نے فرمایا: جبرئیل امین ہمارے پاس تھے انھوں نے کہا: کیا تم اس سے محبت کرتے ہو؟ میں نے کہا: رہی بات دنیاوی محبت کی سو میں کرتا ہوں فرمایا: عنقریب تمہاری امت اسے (حسین رضی اللہ عنہ کو) ایسی سرزمین میں قتل کرے گی جسے کربلا کہا جاتا ہے جبرئیل امین نے کربلاء کی مٹی اٹھائی اور نبی کریم ﷺ کو دکھلائی چنانچہ واقعہ کربلا کے دوران جب حضرت حسین رضی اللہ عنہ کا محاصرہ کرلیا گیا تو انھوں نے لوگوں سے پوچھا: اس سرزمین کا نام کیا ہے؟

لوگوں نے جواب دیا: یہ سرزمین کربلاء ہے فرمایا: رسول اللہ ﷺ نے سچ فرمایا ہے یہ سرزمین کرب وبلاء (دکھ تکلیف اور آزمائشوں سے پر) ہے۔

رواہ ابن ماجہ والطبرانی وابونعیم

۳۷۶۶۷..... ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ ایک دن لیٹے ہوئے تھے یکا یک اٹھ بیٹھے اور آپ پریشان حال تھے آپ کے ہاتھ میں سرخ رنگ کی مٹی تھی آپ اسے الٹ پلٹ رہے تھے میں نے عرض یا: یارسول اللہ ﷺ یہ کیسی مٹی ہے؟ فرمایا: مجھے جبرئیل امین نے خبر دی ہے کہ یہ (حسین رضی اللہ عنہ رحمۃ اللہ علیہ) سرزمین عراق میں قتل کیا جائے گا۔ میں نے جبرئیل امین سے کہا: مجھے اس زمین کی مٹی دکھلاؤ چنانچہ جبرائیل امین نے مٹی دکھلا کر کہا یہ ہے وہاں کی مٹی ہے۔رواہ الطبرانی

۳۷۶۶۷..... ام سلمہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: ایک مرتبہ حضرت حسین رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ کے پاس آئے میں دروازے کے پاس سورہی تھی میں نے جھانک کر دیکھا کہ نبی کریم ﷺ کے ہاتھ میں کوئی چیز ہے جسے وہ الٹ پلٹ رہے ہیں میں نے کہا: یارسول اللہ! میں نے آپ کو جھانک کر دیکھا آپ اپنی ہتھیلی میں کوئی چیز الٹ پلٹ رہے تھے جبکہ بچہ آپ کے بطن مبارک پر سور ہا تھا اور آپ کی آنکھوں سے آنسو بہہ رہے تھے۔ آپ نے فرمایا: جبرئیل امین میرے پاس اس سرزمین کی مٹی لائے تھے جہاں یہ بچہ قتل کیا جائے گا انھوں نے مجھے خبر دی ہے کہ میری امت اسے قتل کرے گی۔

رواہ ابن ابی شیبۃ

۳۷۶۶۹..... حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: بارش کے فرشتہ نے رسول کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہونے کے لئے اجازت طلب کی آپ نے اسے اجازت دی اور فرمایا: اے ام سلمہ! دروازے پر حفاظت کرنا کوئی نہ داخل ہونے پائے۔ چنانچہ حسین رضی اللہ عنہ آئے اور چھلانگ لگا کر اندر داخل ہوگئے اور نبی کریم ﷺ کے کاندھے پر چڑھ کر بیٹھنا شروع کر دیا۔ فرشتے نے آپ ﷺ سے کہا: کیا آپ اس سے محبت کرتے ہیں؟ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جی ہاں۔ وہ بولا: آپ کی امت کے لوگ اسے قتل کریں گے۔ اگر تم چاہو تو میں تمہیں اس جگہ کی مٹی بھی دکھا سکتا ہوں جہاں یہ قتل کیا جائے گا۔ فرشتے نے اپنا پر مارا اور سرخ رنگ کی مٹی لا دکھائی۔ چنانچہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے وہ مٹی اٹھالی اور اپنی چادر کے آنچل میں باندھ لی۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم کہا کرتے تھے کہ حسین رضی اللہ عنہ کربلاء میں قتل کیے جائیں گے۔ رواہ ابونعیم

فضائل حسنین کریمین رضی اللہ عنہما

۳۷۶۷۰..... حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں نے حضرت حسن اور حضرت حسین رضی اللہ عنہ کو نبی کریم ﷺ کے کاندھوں پر دیکھا۔ میں نے کہا: تم دونوں کے نیچے بہت اچھی سواری ہے۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اور دونوں سوار بھی تو بہت اچھے ہیں۔

رواہ ابویعلی وابن شاھین فی السنۃ

۳۷۶۷۱..... جعفر بن محمد اپنے والد سے روایت نقل کرتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حسن وحسین رضی اللہ عنہ کا وظیفہ ان کے باپ کی بمثل مقرر کر رکھا تھا۔رواہ ابوعبید فی الاموال وابن سعد

۳۷۶۷۲..... جعفر بن محمد اپنے والد سے روایت نقل کرتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس یمن سے کچھ جوڑے آئے آپ رضی اللہ عنہ نے جوڑے لوگوں میں تقسیم کر دیئے لوگ نئے نئے جوڑے پہن کر واپس جاتے جب کہ آپ رضی اللہ عنہ منبر اور روضہ اور اس کے درمیان تشریف فرما تھے لوگ آئے سلام کرتے اور آپ کو دعائیں دے کر واپس چلے جاتے اتنے میں حضرت حسن رضی اللہ عنہ اور حضرت حسین رضی اللہ عنہ اپنی والدہ کے گھر سے باہر نکلے اور لوگوں سے آگے نکل آئے جب کہ انھوں نے یہ جوڑے نہیں پہنے ہوئے تھے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دونوں صاحبزادوں کو اپنے پاس بٹھایا اور پھر درد بھری آواز میں فرمایا اللہ کی قسم میرے پاس کوئی جوڑا باقی نہیں رہا جو اس میں آپ کو پہناؤں۔ حسن رضی اللہ عنہ وحسین رضی اللہ عنہ نے کہا: اے امیر المؤمنین! آپ نے اپنی رعیت کو جوڑے پہنا دیئے بہت اچھا کیا حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: دولڑکے جو لوگوں سے آگے نکل آئے اور ان کے پاس کوئی جوڑا نہیں یہ بڑی گراں بار بات ہوئی پھر آپ نے یمن کے گورنر کو خط لکھا کہ حسن رضی اللہ عنہ

وحسین رضی اللہ عنہ کے لیے جلد از جلد دو جوڑے بھیجو۔ چنانچہ گورنر یمن نے دو جوڑے بھیجے عمر رضی اللہ عنہ نے انھیں پہنچائے۔ رواہ ابن سعد

۳۷۶۷۳..... حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ انھوں نے فرمایا: جو شخص گردن سے اوپر کسی کو رسول اللہ ﷺ کے مشابہ دیکھنا چاہے وہ حسن بن علی رضی اللہ عنہ کو دیکھ لے اور جو گردن سے نیچے آور ٹخنوں سے اوپر کسی کو رسول اللہ ﷺ کے مشابہ دیکھنا چاہے وہ حسین بن علی کو دیکھ لے۔

رواہ الطبرانی وابونعیم

۳۷۶۷۴..... حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جو شخص رسول اللہ ﷺ کو سر اور گردن کے درمیان چہرے کو دیکھنا چاہتا ہو وہ حسن رضی اللہ عنہ کو دیکھ لے اور جو گردن سے نیچے نیچے دیکھنا چاہے وہ حسین رضی اللہ عنہ کو دیکھ لے۔ چنانچہ رسول اللہ ﷺ کی صورت اقدس دونوں کو منقسم ہو کر چلی ہے۔

رواہ الطبرانی

۳۷۶۷۵..... حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: حسن حسین اور محسن کے نام رسول اللہ ﷺ نے رکھے ہیں اور ان کی طرف سے عقیقہ بھی آپ نے کیا ہے۔ آپ ہی نے ان کے سر مونڈھے اور بالوں کے برابر صدقہ کیا پھر آپ ہی کے حکم سے ان کی ناف کاٹی گئی اور ان کے ختنہ بھی کئے گئے۔

رواہ الطبرانی وابن عساکر

۳۷۶۷۶..... حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ جب حسن رضی اللہ عنہ پیدا ہوئے میں نے اس کا نام حرب رکھا اتنے میں رسول اللہ ﷺ تشریف لائے اور فرمایا: مجھے میرا بیٹا دکھاؤ تم نے اس کا نام کیا رکھا ہے؟ میں نے عرض کیا میں نے اس کا نام حرب رکھا ہے۔ فرمایا: بلکہ اس کا نام حسن ہے جب حسین رضی اللہ عنہ پیدا ہوا میں نے اس کا نام حرب رکھا اتنے میں رسول کریم ﷺ تشریف لائے اور فرمایا: مجھے میرا بیٹا دکھاؤ اس کا کیا نام رکھا ہے؟ میں نے عرض کیا: اس کا نام حرب رکھا ہے فرمایا: بلکہ اس کا نام حسین ہے۔ جب محسن پیدا ہوا میں نے اس کا نام حرب رکھا اتنے میں نبی کریم ﷺ تشریف لائے اور فرمایا مجھے میرا بیٹا دکھاؤ تم نے اس کا کیا نام رکھا ہے؟ میں نے عرض کیا: میں نے اس کا نام حرب رکھا ہے فرمایا: بلکہ اس کا نام محسن ہے۔ پھر فرمایا: میں نے ان کے نام ہارون علیہ السلام کے بیٹوں کے نام پر رکھے ہیں۔ ان کے نام یہ تھے شبر شبیر اور مشبر۔

رواہ الطبرانی واحمد بن حنبل وابن ابی شیبة وابن جریر وابن حبان والطبرانی والدولابی فی الذریة الطاهریة والبیهقی والضیاء

کلام:..... حدیث ضعیف ہے دیکھئے ضعیف الادب ۱۳۳۔

۳۷۶۷۷..... "ایضاً" محمد بن حنفیہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت نقل کرتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اپنے بڑے بیٹے کا نام حمزہ رکھا حسین رضی اللہ عنہ کا نام جعفر (ان کے چچا کے نام پر) رکھا رسول اللہ ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو بلایا جب آ گئے فرمایا: میں نے اپنے ان دو بیٹوں کا نام تبدیل کر دیا ہے میں نے کہا: اللہ اور اس کا رسول بہتر جانتے ہیں۔ چنانچہ آپ نے ان کے نام حسن اور حسین رکھے۔

رواہ احمد بن حنبل وابویعلی وابن جریر والدولابی فی الذریة الطاهرة والبیهقی والضیاء

۳۷۶۷۸..... حضرت علی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: حسن رضی اللہ عنہ سینے سے لے کر سر تک رسول اللہ ﷺ کے زیادہ مشابہ تھے جب کہ حسین رضی اللہ عنہ سینے سے نیچے نیچے رسول اللہ ﷺ کے زیادہ مشابہ تھے۔ رواہ ابوداؤد الطیالسی واحمد بن حنبل والترمذی وقال حسن غریب وابن حبان والدولابی فی الذریة الطاهرة والبیهقی فی الدلائل والضیاء

کلام:..... حدیث ضعیف ہے دیکھئے ضعیف الترمذی ۷۸۹۔

۳۷۶۷۹..... حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ کریم ﷺ جنازہ گاہ میں بیٹھے ہوئے تھے اچانک حسن اور حسین لڑ پڑے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ ابھی وہاں موجود تھے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اے حسین! حسن کو پکڑو۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے کہا: یا رسول اللہ! آپ حسن پر چڑھائی کروا رہے ہیں حالانکہ وہ بڑا ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: یہ جبرائیل امین کھڑے ہیں وہ کہہ رہے ہیں: اے حسین! حسن کو پکڑو۔ **رواہ ابن شاهین ومنده لاباس به الا ان فیه انقطاعاً**

۳۷۶۸۰..... حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا: کیا تم راضی نہیں ہو کہ تمہارے یہ دونوں بیٹے نوجوان جنت کے سردار ہوں البتہ میرے خالہ زاد بھائیوں یعنی یحییٰ وعیسیٰ علیہ السلام کے سردار نہیں ہوں گے۔ رواہ ابن شاهین

۳۷۶۸۱......سلمہ بن کہیل کی روایت ہے کہ حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا میں تمہیں اپنے متعلق اور اپنے اہل بیت کے متعلق خبر نہ دوں؟ سو حسین مجھ سے ہے اور میں اس سے ہوں۔ رہی بات حسن کی سو وہ تمہیں ادنی قسم کے لوگوں کی طرف سے بے نیاز نہیں کر سکتا۔ رہی بات عبداللہ بن جعفر کی سو وہ وفادار سایہ ہے۔ رواہ الشیدااى فی الالقاب

۳۷۶۸۲......مسند انس ثابت بنانی حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت نقل کرتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا حسن اور حسین نوجوانان جنت کے سردار ہیں۔ رواہ ابونعیم

۳۷۶۸۳......''مسند براء بن عازب'' حضرت براء بن عازر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے حسن رضی اللہ عنہ حسین رضی اللہ عنہ سے فرمایا: یہ مجھ سے ہے اور میں اس سے ہوں لہٰذا جو کچھ مجھ پر حرام ہے اس پر بھی حرام ہے۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۶۸۴......حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھے ہمیں کھانے کی دعوت دی گئی راستے میں دیکھا کہ حسین رضی اللہ عنہ بچوں کے ساتھ کھیل رہے ہیں نبی کریم ﷺ صحابہ رضی اللہ عنہم سے آگے بڑھ گئے اور حسین رضی اللہ عنہ کی طرف اپنے ساتھ پھیلا لیے حسین رضی اللہ عنہ نے اِدھر اُدھر بھاگنا شروع کر دیا رسول اللہ ﷺ نے انھیں ہنسانا شروع کر دیا اور پھر پکڑ لیے آپ نے ایک ہاتھ حسین کی ٹھوڑی کے نیچے رکھا اور دوسرا ہاتھ سر اور کانوں کے درمیان پھر حسین رضی اللہ عنہ کو گلے لگا لیا اور انھیں بوسہ دینے لگے پھر فرمایا حسین مجھ سے ہے اور میں حسین سے ہوں جو شخص حسین سے محبت کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس سے محبت کرتا ہے اور حسن وحسین دونو اسے ہیں۔

رواہ الطبرانی عن یعلی بن عمرہ

۳۷۶۸۵......''ایضاً'' حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم نبی کریم ﷺ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے اتنے میں ام ایمن رضی اللہ عنہا آ گئیں اور بولی: یا رسول اللہ ﷺ حسن رضی اللہ عنہ اور حسین رضی اللہ عنہ کہیں گم ہو گئے ہیں یہ لگ بھگ دو پہر کا وقت تھا رسول کریم ﷺ نے صحابہ رضی اللہ عنہم سے فرمایا: کھڑے ہو جاؤ اور میرے بیٹوں کو تلاش کرو چنانچہ ہر شخص کا جس طرف منہ تھا چل پڑا جب کہ میں نبی کریم ﷺ کی طرف چل پڑا حتیٰ کہ نبی کریم ﷺ پہاڑ کے دامن میں آ گئے کیا دیکھتے ہیں کہ حسن رضی اللہ عنہ وحسین رضی اللہ عنہ ایک دوسرے سے چمٹے ہوئے ہیں اور سامنے ایک (بڑا) سانپ اپنی دم پر کھڑا ہے اور منہ سے گویا آگ کے شعلے نکال رہا ہے رسول اللہ ﷺ کی طرف لپکے اور وہ انسانی شکل میں رسول اللہ ﷺ کی طرف مخاطب ہوا اور پھر کسی سوراخ میں جا گھسا۔ پھر آپ ﷺ نے دونوں کو الگ الگ کیا اور ان کے چہروں پر دست شفقت پھیرا اور فرمایا: میرے ماں باپ تمہارے اوپر قربان جائیں اللہ تعالیٰ عزت عطا فرمائے۔ پھر ایک کو دائیں کاندھے پر اور دوسرے کو بائیں کاندھے پر اٹھایا میں نے عرض کیا: تم دونوں کے لیے خوشخبری ہے تمہاری سواری بہت اچھی سواری ہے رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اور یہ سوار بھی تو بہت اچھے ہیں اور ان کا باپ ان سے افضل ہے۔ رواہ الطبرانی عن سلمان

۳۷۶۸۶......''مسند بریدة'' بریدة'' کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ رسول کریم ﷺ خطبہ ارشاد فرما رہے تھے اتنے میں حضرت حسن رضی اللہ عنہ اور وحسین سامنے سے آئے اور انھوں نے سرخ رنگ کی قمیص پہن رکھی تھیں یہ دونوں گرتے پڑتے آگے چلتے رہے رسول کریم ﷺ منبر سے نیچے اترے اور دونوں کو پکڑ کر اپنے سامنے بٹھا لیا پھر فرمایا: اللہ تعالیٰ نے سچ فرمایا ''انما اموالکم واولادکم فتنه ''یعنی مال اور اولاد فتنہ ہے جب میں نے انھیں دیکھا مجھ سے صبر نہ ہو سکا پھر آپ نے دوبارہ خطبہ شروع کر دیا۔ رواہ ابن ابی شیبة واحمد بن حنبل وابوداؤد والترمذی وقال حسن غریب' انسائی وابن ماجه وابویعلی وابن خزیمة وابن حبان والحاکم والبیهقی الضیاء

۳۷۶۸۷......''مسند جابر'' حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ میں نبی کریم ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا جب کہ حضرت حسن رضی اللہ عنہ وحسین رضی اللہ عنہ آپ کی پیٹھ پر بیٹھے تھے اور آپ فرما رہے تھے: تمہارا اونٹ بہت اچھا اونٹ ہے اور تم سوار بھی بہت اچھے ہو۔ رواہ الرامهرمزی فی الامثال وابن عساکر وفیه مسروح ابو شهاب الحدثی عن سفیان الثوری قال فی المغفی. ضعیف

کلام:......مغنی میں اس حدیث کو ضعیف قرار دیا گیا ہے۔

۳۷۶۸۸......حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ میں رسول اللہ ﷺ کو ارشاد فرماتے سنا ہے آپ نے حضرت علی بن ابی طالب سے فرمایا:

اے ابوریحانتین! میں تمہیں دنیا میں اپنے دونوں پھولوں کی وصیت کرتا ہوں عنقریب تمہارے دونوں رکن گر جائیں گے اللہ تعالیٰ ہی کارساز ہے، چنانچہ جب رسول اللہ ﷺ دنیا سے رخصت ہوئے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ میرا ایک رُکن تھا پھر جب حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا دنیا سے رخصت ہوئیں فرمایا: یہ میرا دوسرا رکن تھا جس کے متعلق رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔

رواہ ابونعیم فی المعرفة والدیلمی وابن عساکر وابن النجار فیه حماد بن عیسی غریق والجحفة ضعیف

کلام:......حدیث ضعیف ہے چونکہ اس کی سند میں حماد بن عیسیٰ ضعیف ہے۔

۳۷۶۸۹......حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ میں نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا آپ نے حسن اور حسین رضی اللہ عنہ کو اپنی پیٹھ پر اٹھا رکھا تھا اور آپ فرما رہے تھے: تمہارا اونٹ بہت اچھا اونٹ ہے اور تم دونوں کا بوجھ بھی اچھا بوجھ ہے۔ رواہ ابن عدی وابن عساکر

کلام:......حدیث ضعیف ہے دیکھئے الالحفاظ ۴۵۷۵ والمتناھیۃ ۴۱۳۔

۳۷۶۹۰......جابر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ میں نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا آپ نے حضرت حسن اور حضرت حسین رضی اللہ عنہ کو اپنی پیٹھ پر اٹھا رکھا تھا اور آپ چل رہے تھے۔ میں نے عرض کیا: تمہارا اونٹ بہت اچھا اونٹ ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اور دونوں سوار بھی بہت اچھے ہیں۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۶۹۱......حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت حسن رضی اللہ عنہ سے فرمایا: میرا یہ بیٹا سردار ہے اور اللہ تعالیٰ اس کے ذریعہ صلح فرمائے گا ایک روایت میں ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کے ہاتھوں پر صلح کرائے گا مسلمانوں کی دو جماعتوں کے درمیان۔

رواہ ابن عساکر

۳۷۶۹۲......حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں جب حسن رضی اللہ عنہ پیدا ہوا میں نے اس کا نام حرب رکھا اتنے میں رسول اللہ ﷺ تشریف لائے اور فرمایا: میرے پاس میرا بیٹا لاؤ تم نے اس کا نام کیا رکھا ہے؟ میں نے عرض کیا: میں نے اس کا نام حرب رکھا ہے آپ نے فرمایا: بلکہ اس کا نام حسن ہے۔ جب حسین رضی اللہ عنہ پیدا ہوا میں نے اس کا نام حرب رکھا اتنے میں رسول اللہ ﷺ تشریف لائے اور فرمایا: مجھے میرا بیٹا دکھاؤ اور تم نے اس کا نام کیا رکھا ہے؟ میں نے عرض کیا: میں نے اس کا نام حرب رکھا ہے آپ نے فرمایا: بلکہ اس کا نام حسین ہے جب تیسرا بیٹا پیدا ہوا میں نے اس کا نام حرب رکھا آپ ﷺ تشریف لائے اور فرمایا: میرا بیٹا مجھے دکھاؤ اور اس کا نام کیا رکھا ہے میں نے عرض کیا: حرب آپ نے فرمایا: بلکہ اس کا نام محسن ہے پھر فرمایا: میں نے ان کے نام ہارون علیہ السلام کے بیٹوں کے ناموں پر رکھے ہیں ان کے نام شبر شبیر اور مشبر تھے۔

رواہ الطبرانی

کلام:......حدیث ضعیف ہے دیکھئے ضعیف الادب ۱۳۳۔

۳۷۶۹۳......"مسند جہنم غیر منسوب" ذوالکارع جہم رضی اللہ عنہ سے روایت نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا حسن اور حسین نوجوانان جنت کے سردار ہیں۔ رواہ ابن من وابونعیم وابن عساکر

۳۷۶۹۴......حذیفہ بن الیمان رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ایک دن ہم نے رسول اللہ ﷺ کے چہرہ اقدس پر خوشی کے آثار دیکھے، ہم نے عرض کیا: یا رسول اللہ! چہرہ اقدس سے آج خوشی و سرور کے آفتاب چمک رہے ہیں؟ ارشاد فرمایا: مجھے خوشی اور سرور کیوں نہیں ہوا میرے پاس جبرائیل امین آئے تھے انھوں نے مجھے خبر دی ہے کہ حسن اور حسین نوجوانان جنت کے سردار ہیں اور ان کا باپ ان سے افضل ہے۔

رواہ الطبرانی وابن عساکر

۳۷۶۹۵......"ایضاً" میں نے رسول اللہ ﷺ کے ہاں ایک رات بسر کی میں نے آپ کے ہاں ایک شخص دیکھا آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تم نے (اسے) دیکھا ہے؟ میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ ﷺ جی ہاں آپ نے فرمایا یہ فرشتہ ہے جب سے مجھے مبعوث کیا گیا ہے یہ میرے پاس نازل نہیں ہوا آج رات میرے پاس آیا ہے اس نے مجھے خوشخبری دی ہے کہ حسن اور حسین رضی اللہ عنہ نوجوانان جنت کے سردار ہیں۔ رواہ الطبرانی

۳۷۶۹۶......"ایضاً" میں نے نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا میں نے آپ کے ساتھ مغرب کی نماز پڑھی پھر آپ نے عشاء کی نماز پڑھی

اور پھر باہر نکل گئے پھر فرمایا: ایک فرشتہ میرے پاس آیا ہے جس نے اپنے رب تعالیٰ سے اجازت طلب کی تھی کہ میرے پاس سلام بجالائے اس نے مجھے خوشخبری سنائی ہے کہ حسن اور حسین نوجوان جنت کے سردار ہیں۔ رواہ ابن ابی شیبة

۳۷۶۹۷..... مسند حصین بن عوف خثعمی'' ایک مرتبہ رسول کریم ﷺ فاطمہ رضی اللہ عنہا کے گھر کے پاس ٹھہرے اتنے میں حضرت حسن یا حضرت حسین باہر تشریف لائے آپ نے فرمایا: تجھ پر میرے ماں باپ فدا ہوں اے چھوٹی آنکھ والے اوپر چڑھ پھر آپ نے اسے انگلی سے پکڑ لیا بچہ آپ کے کاندھے پر چڑھ گیا پھر دوسرا بچہ حسن رضی اللہ عنہ یا حسین رضی اللہ عنہ باہر آیا رسول اللہ ﷺ نے اس سے فرمایا: مرحبا میرے والدین تجھ پر فدا ہوں۔ چھوٹی آنکھ والے اوپر چڑھ آپ نے بچے کی انگلی پکڑی اور اسے بھی کاندھے پر بٹھا دیا۔ پر نبی کریم ﷺ نے دونوں کی گردنیں پکڑیں اور ان کے منہ اپنے منہ مبارک کے ساتھ لگا لئے پھر فرمایا! یا اللہ! میں ان دونوں سے محبت کرتا ہوں تو بھی ان سے محبت کر اور جو ان سے محبت کرے اس سے بھی محبت کر۔ رواہ الطبرانی عن ابی هريرة

۳۷۶۹۸..... ''مسند خباب ابی السائب'' خباب ابوسائب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میرے ان دو کانوں نے سنا اور میری ان دو آنکھوں نے دیکھا کہ رسول اللہ ﷺ نے حسن رضی اللہ عنہ یا حسین رضی اللہ عنہ کو اپنے دونوں ہاتھوں سے پکڑ رکھا تھا اور اس کے دونوں قدم رسول اللہ ﷺ کے قدموں پر تھے آپ فرما رہے تھے: چھوٹے چھوٹے قدموں والے چھوڑ چھوٹی آنکھوں والے اوپر چڑھ جاؤ وہ لڑکا آپ کے کاندھے پر چڑھ گیا حتیٰ کہ اس کے پاؤں رسول اللہ ﷺ کے سینہ مبارک کے پاس تھے پھر آپ نے اس سے فرمایا: اپنا منہ کھولو پھر آپ نے اسے بوسہ دیا فرمایا: یا اللہ میں اس سے محبت کرتا ہوں تو بھی اس سے محبت کر۔ رواہ الطبرانی عن ابی هريرة

۳۷۶۹۹..... حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ حضرت حسن اور حسین رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ کی پیٹھ پر چڑھے ہوئے تھے اور چھلانگیں لگا رہے تھے جب کہ آپ انھیں ہاتھ سے پکڑ لیتے آپ اپنی کمر اوپر اٹھا لیتے اور وہ دونوں امین پر کھڑے ہو جائے جب فارغ ہوئے آپ نے دونوں کو اپنی گود میں بیٹھایا اور پھر فرمایا: میرے یہ دونوں بیٹے دنیا میں میرے پھول میں۔ رواہ ابن عدی وابن عساکر

۳۷۷۰۰..... حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ رسول کریم ﷺ نے سجدہ کیا اور آپ لوگوں کو نماز پڑھا رہے تھے اتنے میں حسن رضی اللہ عنہ نے چھلانگ لگائی اور آپ کی کمر یا گردن پر چڑھ گئے آپ نے آرام سے بچے کو اپنے اوپر سے اٹھا کر نیچے رکھا تا کہ گر نہ جائے آپ نے اس طرح کی بار کیا جب آپ نماز سے فارغ ہوئے آپ نے بچے کو اپنے ساتھ چمٹا لیا اور بوسہ دینے لگے صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا یا رسول اللہ! آپ جس طرح اس بچے کے ساتھ کر رہے ہیں ہم نے آپ کو کسی کے ساتھ اس طرح کرتے ہیں دیکھا آپ نے فرمایا: میرا یہ بیٹا دنیا میں میرا پھول ہے اور یہ سردار ہے عنقریب اللہ تعالیٰ اس کے ذریعے مسلمانوں کے دو گروہوں میں صلح کرائے گا۔

رواہ احمد بن حنبل والدوپانی وابن عساکر

۳۷۷۰۱..... حضرت سلمان رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہارون علیہ السلام نے اپنے دو بیٹوں کے کام شبر اور شبیر رکھے تھے میں نے بھی ان کے بیٹوں کے ناموں پر اپنے دونوں بیٹوں کے نام حسن اور حسین رکھے ہیں۔ رواہ ابونعیم

۳۷۷۰۲..... ''مسند شداد بن ہاد'' حضرت شداد بن ھاد رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ نبی کریم ﷺ کو نماز کے لیے کہا گیا: آپ باہر تشریف لائے درانحالیکہ آپ نے حسن رضی اللہ عنہ یا حسین رضی اللہ عنہ کو اٹھا رکھا تھا آپ نے بڑے کو اپنے قریب بٹھا دیا اور آپ نے ایک سجدہ بہت طویل کر دیا صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے صرف میں نے سر اٹھا لیا کیا دیکھتا ہوں کہ لڑکا رسول اللہ ﷺ کی کمر پر چڑھا ہوا ہے میں دوبارہ سجدہ میں چلا گیا جب رسول اللہ ﷺ نے سلام پھیرا اصحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: یا رسول اللہ ﷺ آپ ﷺ نے یہ سجدہ وہ بہت طویل کیا گویا آپ پر وحی نازل ہو رہی تھی۔ آپ نے فرمایا: ایسا نہیں لیکن میرا بیٹا میری کمر پر چڑھ گیا تھا میں نے اچھا نہیں سمجھا کہ جلدی کروں حتیٰ کہ یہ اپنا شوق پورا کرے۔

رواہ ابن ابی شیبة

۳۷۷۰۳..... ''ایضاً'' عبداللہ بن شداد اپنے والد سے روایت نقل کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ رسول کریم ﷺ مغرب عشاء ظہر، عصر میں سے کسی ایک نماز کے لیے تشریف لائے اور آپ نے حسن رضی اللہ عنہ یا حسین رضی اللہ عنہ کو اٹھا رکھا تھا نبی کریم ﷺ آگے تشریف لے گئے اور بچے کو اپنے

قریب ہی بٹھادیا پھر آپ نے تکبیر کی اور دوران نماز ایک سجدہ بہت طویل کردیا میں نے جو سر اٹھا کر دیکھا کیا دیکھتا ہوں کہ بچہ آپ کی کمر پر چڑھا ہوا ہے میں دوبارہ سجدے میں چلا گیا جب رسول اللہ ﷺ نے نماز پوری کی لوگوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! آپ نے بہت طویل سجدہ کیا ہے حتیٰ کہ ہم سمجھے کہ آپ پر وحی نازل ہورہی ہے یا کوئی حادثہ پیش آ گیا ہے آپ نے فرمایا: اس میں سے کچھ بھی نہیں ہوا لیکن میرا بیٹا مجھ پر چڑھ گیا تھا میں نے اچھا نہیں سمجھا کہ اسے جلدی اتاردوں۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۷۰۴...... ''مسند ابی ہریرہ'' حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ میری ان دونوں آنکھوں نے دیکھا ہے اور ان دونوں کانوں نے سنا ہے کہ نبی کریم ﷺ نے حسن رضی اللہ عنہ یا حسین رضی اللہ عنہ کو ہاتھ سے پکڑ رکھا تھا اور آپ فرمارہے تھے: اے چھوٹی آنکھ والے اوپر چڑھ لڑکے نے اپنا پاؤں نبی کریم ﷺ کے پاؤں پر رکھ دیا پھر آپ نے لڑکے کو اوپر اٹھالیا اور اپنے سینے پر رکھ دیا۔ آپ نے فرمایا: اپنا منہ کھولو۔ پھر آپ نے اسے بوسے دیئے اور فرمایا: یا اللہ میں اس سے محبت کرتا ہوں تو بھی اس سے محبت کر۔ رواہ ابن ابی شیبة

۳۷۷۰۵...... حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ میری ان دونوں آنکھوں نے دیکھا اور ان دونوں کانوں نے سنا کہ رسول کریم ﷺ نے حسن رضی اللہ عنہ یا حسین رضی اللہ عنہ میں سے کسی ایک کو اپنے ہاتھ میں پکڑا ہوا تھا اور آپ فرمارہے تھے: اے چھوٹی آنکھ والے اوپر چڑھ لڑکے نے اپنے پاؤں نبی کریم ﷺ کے پاؤں پر رکھ دیئے آپ نے لڑکے کو اپنے سینے پر بٹھالیا اور فرمایا: منہ کھولو۔ لڑکے نے منہ کھولا اور آپ بوسے دینے لگے۔ پھر فرمایا: یا اللہ! میں اس سے محبت کرتا ہوں تو بھی اس سے محبت کر۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۷۰۶...... حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ عشاء کی نماز پڑھ رہے تھے جب کہ حضرت حسن رضی اللہ عنہ اور حسین رضی اللہ عنہ آپ کی پیٹھ پر چھلانگیں لگا رہے تھے جب نماز سے فارغ ہوئے تو ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے عرض کیا یارسول اللہ! کیا میں ان دونوں کو ان کی ماں تک نہ پہنچادوں۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: نہیں اتنے میں بجلی کوندی اور دونوں لڑکے اپنی ماں کے پاس داخل ہوگئے۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۷۰۷...... حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ نماز عشاء پڑھ رہے تھے جب آپ سجدہ کرتے تو حضرت حسن رضی اللہ عنہ اور حضرت حسین رضی اللہ عنہ آپ کی پشت مبارک پر چڑھ جاتے جب آپ سجدہ سے سر اٹھاتے تو آرام سے سر اٹھاتے اور پھر سجدہ میں چلے جاتے جب آپ نے نماز پوری کی آپ نے دونوں بچوں کو اپنی گود میں بٹھالیا میں نے عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ کیا میں انھیں ماں تک نہ پہنچادوں؟ اتنے میں بجلی کوندی اور دونوں بچے بجلی کی روشنی میں اپنی ماں کے پاس پہنچ گئے۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۷۰۸...... ابن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت ہے کہ حضرت عباس رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ کی تیمارداری کے لیے آئے آپ نے عباس رضی اللہ عنہ کو چارپائی پر بٹھایا اور فرمایا اے چچا: اللہ تعالیٰ نے آپ کا مقام بلند کیا ہے حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یہ علی کھڑا ہے اور اندر آنے کی اجازت طلب کررہا ہے حضرت علی رضی اللہ عنہ اندر داخل ہوئے اور ان کے ساتھ حسن اور حسین رضی اللہ عنہ بھی داخل ہوئے حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے عرض کیا یارسول اللہ یہ آپ کی اولاد ہے آپ نے فرمایا: اے چچا! یہ آپ کی بھی اولاد ہے فرمایا: کیا آپ ان سے محبت کرتے ہیں جس طرح آپ ان سے محبت کرتے ہیں اسی طرح اللہ تعالیٰ بھی آپ سے محبت کرے۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۷۰۹...... زینب بنت رافع کی روایت ہے کہ حضرت فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہا، حضرت حسن رضی اللہ عنہ اور حضرت حسین رضی اللہ عنہ کے ساتھ اپنے والد رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئیں جب کہ آپ ﷺ مرض الوفات میں تھے فاطمہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ آپ انھیں کوئی چیز وراثت میں دیتے ہیں آپ نے فرمایا: حسن کے لیے میرا رعب اور میری بقیہ جوانی ہے جب کہ حسین کے لیے میری جرأت اور سخاوت ہے۔ رواہ ابن منده والطبرانی وابونعیم وابن عساکر

کلام:...... حدیث ضعیف ہے چونکہ اس کی سند میں قدرے ضعیف ہے۔

۳۷۷۱۰...... ''مسند ام ایمن'' حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ ام ایمن رضی اللہ عنہ سے روایت نقل کرتے ہیں، فرماتی ہیں: حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا حضرت حسن رضی اللہ عنہ اور حسین رضی اللہ عنہ کے ساتھ کریم ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئیں اور عرض کیا: یا نبی اللہ! آپ انھیں کچھ عطا فرمائیں آپ نے فرمایا: میں نے اس بڑے کو رعب اور بردباری عطا کی اور اس چھوٹے کو محبت اور رضاء عطا کی۔ رواہ لعسکری فی الامثال

کلام:...... حدیث ضعیف ہے چونکہ اس کی سند میں ناصح محلمی ہے ابن معین وغیرہ کے بقول یہ راوی غیر ثقہ ہے۔

۳۷۷۱۱..... ''مسند اسامہ'' حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں کسی کام کے لیے ایک رات نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا نبی کریم ﷺ باہر تشریف لائے درآنحالیکہ آپ نے چادر تلے کوئی چیز ڈھانپ رکھی تھی میں نہیں جانتا تھا کہ وہ کیا چیز ہے جب میں اپنے کام سے فارغ ہوا میں عرض کیا: یہ کیا چیز ہے جو آپ نے چادر تلے ڈھانپ رکھی ہے آپ نے چادر اٹھائی کیا دیکھتا ہوں کہ آپ کی ایک ران پر حسن رضی اللہ عنہ ہیں اور دوسری پر حسین رضی اللہ عنہ آپ نے فرمایا: یہ میرے اور میری بیٹی کے بیٹے ہیں یا اللہ ان دونوں سے محبت رکھ میں ان سے محبت کرتا ہوں اور جو ان سے محبت کرے اس سے تو بھی محبت رکھ۔ (رواہ ابن ابی شیبۃ وعبدبن حمید والترمذی وقال حسن غریب وابن حبان وسعید بن المنصور وزاد ابن ابی شیبۃ یعنی ابن ابی شیبہ میں　　اضافہ ہے کہ آپ نے تین بار فرمایا)

۳۷۷۱۲..... ''مسند علی'' حضرت سعد بن مالک رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ میں نبی کریم ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا جب کہ حسن اور حسین رضی اللہ عنہ آپ کی پشت مبارک پر بیٹھے کھیل رہے تھے میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ ﷺ! کیا آپ ان سے محبت کرتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: میں ان سے محبت کیوں نہیں کروں گا حالانکہ یہ دونوں دنیا میں میرے پھول ہیں۔ رواہ ابونعیم

قتل حسین رضی اللہ عنہ

۳۷۷۱۳..... مطلب بن عبداللہ بن حطب کہتے ہیں جب حضرت حسین بن علی رضی اللہ عنہ کا محاصرہ کرلیا گیا تو آپ ﷺ نے پوچھا: اس زمین کا نام کیا ہے؟ جواب دیا گیا: اس کا نام کربلاء ہے حضرت حسین رضی اللہ عنہ نے کہا: رسول اللہ ﷺ نے سچ فرمایا: یہ سرزمین کرب وبلا (یعنی مشقت وازمائش والی زمین) ہے۔ رواہ الطبرانی

۳۷۷۱۴..... ''مسند سیدنا حسن بن علی'' محمد بن عمرو بن حسین کہتے ہیں: ہم کربلاء میں حضرت حسین رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھے، حضرت حسین رضی اللہ عنہ نے شمر ذی الجوشن کی طرف دیکھ کر فرمایا: اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول نے سچ فرمایا: رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: گویا میں سیاہ اور سفید کتے کی طرف دیکھ رہا ہوں جو میرے اہل بیت کا خون پی رہا ہے۔ چنانچہ شمر ذی الجوشن کے چہرے پر برص کے داغ تھے۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۷۱۵..... ''ایضاً'' عبیداللہ بن حُر کی روایت ہے کہ انھوں نے حضرت حسین بن علی رضی اللہ عنہ سے پوچھا: کیا رسول کریم ﷺ نے آپ سے اس سفر کے متعلق کچھ وعدہ کیا تھا؟ خود حسین رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: نہیں۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۷۱۶..... طاؤس کی روایت ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: حضرت حسین رضی اللہ عنہ میرے پاس آئے اور عراق کی طرف خروج کرنے کے متعلق مجھ سے مشورہ لینے لگے میں نے کہا: اگر مجھے اعزہ کی اذیت کا ڈر نہ ہوتا تو میں اپنے ہاتھ تمہارے بالوں میں گھسا دیتا۔ تم کہاں جارہے ہو؟ ایسی قوم کے پاس جارہے ہو جس نے تمہارے باپ کو قتل کیا تمہارے بھائی کو زخمی کیا: حالانکہ وہ اپنی جان پر کھیل جانے والے تھے حتیٰ کہ انھوں نے مجھ سے یہاں تک کہا ہے: یہ حرم ایک آدمی کی وجہ سے حلال سمجھ لیا جائے گا میں فلاں اور فلاں سرزمین میں قتل کیا جاؤں مجھے زیادہ پسند ہے اس سے کہ میں ہی وہ شخص ہوں۔ رواہ ابن ابی شیبۃ

۳۷۷۱۷..... حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ وہ کہتے ہیں: میں عبیداللہ بن زیادہ کے پاس بیٹھا ہوا تھا اتنے میں حضرت حسین رضی اللہ عنہ کا سر مبارک لایا گیا اور عبیداللہ کے سامنے رکھ دیا گیا عبیداللہ نے چھڑی ہونٹوں پر رکھ دی میں نے عبیداللہ سے کہا: تم ایسی جگہ چھڑی رکھ رہے ہو جہاں میں نے کئی مرتبہ رسول اللہ ﷺ کو بوسہ لیتے دیکھا ہے ابن زیاد بولا: کھڑا ہو جا تجھ بوڑھے کی عقل ختم ہو چکی ہے۔

رواہ الخطیب فی المتفق

۳۷۷۱۸..... محمد بن سیرین رحمۃ اللہ علیہ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت نقل کرتے ہیں۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب عبیداللہ بن زیاد کے پاس حضرت حسین رضی اللہ عنہ کا سر مبارک لایا گیا میں ابن زیاد کے پاس تھا ابن زیاد نے چھڑی سے سر مبارک کریدنا شروع

کر دیا میں نے کہا: خبر دار! حسین رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ سب سے زیادہ مشابہت رکھتے تھے۔ رواہ ابو نعیم

۳۷۷۱۹...... ابن ابی نعم کی روایت ہے کہ میں ابن عمر رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھا ہوا تھا اتنے میں ایک شخص آئے اور مچھر کے خون کے متعلق آپ رضی اللہ عنہ سے پوچھنے لگا ابن عمر رضی اللہ عنہ نے پوچھا: تم کہاں سے ہوں؟ اس نے جواب دیا میں اہل عراق سے ہوں ابن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اسے دیکھو! یہ مچھر کے خون کے متعلق پوچھ رہا ہے حالانکہ انھوں نے رسول اللہ ﷺ کے بیٹے کو قتل کر دیا ہے جب کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو ارشاد فرماتے سنا ہے کہ یہ دونوں (حسن رضی اللہ عنہ و حسین رضی اللہ عنہ) میرے دنیا کے دو پھول ہیں۔ رواہ احمد بن حنبل والبخاری

۳۷۷۲۰...... حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں حسین رضی اللہ عنہ کو قتل ہوتے دیکھ رہا ہوں میں اس سرزمین کو بخوبی پہنچانتا ہوں جہاں اسے قتل کیا جائے گا وہ دو دریاؤں کے قریب ہے۔ رواہ ابن ابی شیبة

۳۷۷۲۱...... ابو ھرثمہ کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ کربلاء میں تھا آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس سرزمین سے ستر ہزار لوگ اٹھائے جائیں گے اور وہ سب بغیر حساب کے جنت میں داخل کر دیئے جائیں گے۔ رواہ ابن ابی شیبة

۳۷۷۲۲...... محمد بن سیرین کی روایت ہے کہ آسمان کے کناروں پر یہ سرخی نہیں دیکھی گئی۔ حتیٰ کہ حضرت حسین بن علی رضی اللہ عنہ قتل کیے گئے اس کے بعد یہ سرخی چھا گئی اور حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے قتل سے قبل جنگوں میں ابلق۔ (چتکبرے گھوڑے گم نہیں پائے گئے۔

رواہ ابن عساکر

۳۷۷۲۳...... "مسند علی رضی اللہ عنہ" ابن سیرین نے اپنے بعض اصحاب سے روایت نقل کی ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے عمر بن سعد سے فرمایا: اس وقت تمہارا کیا حال ہوگا جب تم ایسے مقام میں کھڑے ہوگے کہ تمہیں جنت اور دوزخ کا اختیار دیا جائے گا اور تم اپنے لیے دوزخ کا انتخاب کروگے۔ رواہ ابن عساکر

حضرت فاطمۃ الزھراء رضی اللہ عنہا

۳۷۷۲۴...... "مسند عمر" اسلم کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئے اور فرمایا: اے فاطمہ رضی اللہ عنہا! اللہ کی قسم! میں کوئی نہیں دیکھا جو رسول اللہ ﷺ کو آپ سے بڑھ کر زیادہ محبوب ہو بخدا رسول اللہ ﷺ کے بعد مجھے بھی آپ سے زیادہ کوئی محبوب نہیں۔ رواہ الحاکم

۳۷۷۲۵...... حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فاطمہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا: اللہ تعالیٰ تیرے غصہ ہونے کی وجہ سے غضبناک ہو جاتا ہے اور تیری خوشی کی وجہ سے وہ بھی خوش ہوتا ہے۔ رواہ الحاکم وابن النجار

۳۷۷۲۶...... "ایضاً" سوید بن غفلہ کی روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ابو جہل کی بیٹی سے شادی کرنے کا پیغام اس کے چچا حارث بن ھشام کو بھیجا اور نبی کریم ﷺ سے مشورہ لیا نبی کریم ﷺ نے فرمایا: کیا تم اس کے حسب ونسب کے متعلق سوال کر رہے ہو؟ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: میں اس کا حسب ونسب جانتا ہوں لیکن کیا آپ مجھے اس عورت سے نکاح کرنے کی اجازت دیتے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: نہیں چونکہ فاطمہ رضی اللہ عنہا میرا ٹکڑا ہے مجھے پسند نہیں کہ اسے غمگین کیا جائے یا اسے کوئی دکھ پہنچایا جائے حضرت علی رضی اللہ عنہ کہا: میں ایسے کام کا ارتکاب نہیں کروں گا جسے آپ ناپسند کرتے ہوں۔ رواہ ابویعلی

۳۷۷۲۷...... حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فاطمہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا: کیا تم راضی نہیں ہو کہ تم جنتی عورتوں کی سردار ہو اور تمہارے دونوں بیٹے نوجوانان جنت کے سردار ہوں۔ رواہ البزار

۳۷۷۲۸...... "مسند حذیفہ بن یمان" حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا آپ باہر تشریف لے گئے میں بھی آپ کے پیچھے پیچھے ہو لیا آپ نے فرمایا: میرے پاس ایک فرشتہ آیا ہے وہ اپنے رب سے مجھے سلام کرنے کے لیے اجازت طلب کرتا رہا

ہے اس نے مجھے خبر کی ہے کہ فاطمہ رضی اللہ عنہا خواتین جنت کی سردار ہے۔ رواہ ابن ابی شیبة

۳۷۷۲۹..... حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ اکثر فاطمہ رضی اللہ عنہا کی پیشانی پر بوسہ لیتے تھے۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۷۳۰..... حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کی بیٹی فاطمہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا جب وہ رسول اللہ ﷺ کی مرض الوفات میں حاضر ہوئی پوچھا کہ جس وقت تو نبی کریم ﷺ پر جھکی تو رو پڑی تھی پھر دوسری بار جھکی ہنس پڑی تھی فاطمہ رضی اللہ عنہا نے جواب دیا: میں پہلی بار جب جھکی تو آپ ﷺ نے مجھے بتایا کہ وہ دنیا سے رخصت ہو رہے ہیں اس پر میں رو پڑی پھر میں دوسری بار جھکی مجھے آپ نے بتایا کہ سب سے پہلے میں آپ کے پاس جاؤں گی اور یہ کہ میں سوائے مریم بنت عمران کے جنت کی بیبیوں کی سردار ہوں اس پر میں ہنس پڑی۔

رواہ ابن ابی شیبة

۳۷۷۳۱..... حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے مرض الوفات میں فاطمہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا: اے فاطمہ رضی اللہ عنہا! اے میری بیٹی! ذرا جھک کر میرے قریب آؤ فاطمہ رضی اللہ عنہا جھک گئی رسول اللہ ﷺ نے تھوڑی دیر سرگوشی کی پھر فاطمہ رضی اللہ عنہا پیچھے ہٹ گئی اور وہ رو رہی تھی جب کہ عائشہ رضی اللہ عنہا ادھر ہی موجود تھیں تھوڑی دیر بعد پھر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ذرا جھک کر سر میرے قریب لاؤ فاطمہ رضی اللہ عنہا جھک گئی اور آپ ﷺ نے اس سے سرگوشی کی پھر ہنستی ہوئی پیچھے ہٹ گئی حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے پوچھا: اے رسول اللہ کی بیٹی! مجھے بتاؤ رسول اللہ ﷺ نے کیا سرگوشی کی ہے؟ چنانچہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نے وفائے راز کا عذر ظاہر کیا حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا پر گراں گزرا چنانچہ جب اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ ﷺ کو اپنے پاس بلالیا حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا سے کہا: کیا تم مجھے وہ خبر نہیں بتاؤ گی۔ فاطمہ رضی اللہ عنہا نے جواب دیا: جی ہاں اب بتاؤں گی پہلی مرتبہ جب آپ ﷺ نے مجھ سے سرگوشی کی آپ نے بتایا کہ قبل ازیں جبرئیل امین ہر سال ایک بار مجھے قران سناتے تھے جب کہ اس سال دو مرتبہ سنا چکے ہیں جبرائیل امین نے یہ خبر بھی دی ہے کہ ہر بعد میں آنے والے نبی کی عمر پہلے نبی کی عمر کے نصف ہوتی ہے اور عیسیٰ علیہ السلام ایک سو بیس (۱۲۰) سال زندہ رہے ہیں میں یہی سمجھتا ہوں کہ ساٹھ سال پورے ہونے پر میں دنیا سے چلا جاؤں گا چنانچہ مجھے اس خبر نے رلا دیا فرمایا: اے بیٹی امؤمنین کی عورتوں میں کوئی عورت ایسی نہیں جس کی مصیبت تیری مصیبت سے بڑھ کر ہو لہٰذا صبر کرنے میں بھی کسی عورت سے کم نہیں ہونا۔ آپ نے پھر دوسری بار سرگوشی کی مجھے خبر دی کہ میں آپ کے اہل بیت میں سے سب سے پہلے آپ کے پاس پہنچوں گی اور آپ نے یہ بھی فرمایا کہ تو خواتین جنت کی سردار ہے۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۷۳۳..... یحییٰ بن جعدہ کی روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ مرض الوفات میں فاطمہ رضی اللہ عنہا کو اپنے پاس بلایا اور فاطمہ رضی اللہ عنہا سے سرگوشی کی فاطمہ رضی اللہ عنہا رو پڑیں پھر دوبارہ سرگوشی کی جس پر وہ ہنس پڑیں صحابہ رضی اللہ عنہمنے فاطمہ رضی اللہ عنہا سے رونے اور ہنسنے کی وجہ دریافت کی؟ فاطمہ رضی اللہ عنہا نے بتانے سے انکار کر دیا جب رسول اللہ ﷺ دنیا سے رخصت ہوئے فاطمہ رضی اللہ عنہا نے لوگوں کو خبر کی اور فرمایا: رسول اللہ ﷺ نے مجھے بلا کر ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ نے جس نبی کو بھی مبعوث کیا اسے پہلے نبی کی نصف عمر عطا کی تاہم عیسیٰ علیہ السلام بنی اسرائیل میں چالیس سال تک رہے ہیں اور میرے لیے بیس (۲۰) سال پورے ہو چکے ہیں میں یہی سمجھتا ہوں کہ میں نے اب دنیا سے چلے جانا ہے اور میری موت کا سبب یہی مرض بنے گا نیز قبل ازیں ہر سال جبرئیل امین مجھے ایک بار قرآن سناتے تھے جب کہ اس بار مجھے دو مرتبہ قرآن سنا چکے ہیں اس پر میں رو پڑی آپ نے مجھے پھر بلایا اور ارشاد فرمایا: میرے گھر والوں میں سب سے پہلے تم میرے پاس آؤ گی اس پر میں ہنس پڑی۔

رواہ ابن عساکر

۳۷۷۳۴..... حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فتح مکہ کے بعد فاطمہ رضی اللہ عنہا کو اپنے پاس بلایا اور اس سے کوئی سرگوشی کی جس سے فاطمہ رضی اللہ عنہا رو پڑی آپ نے فاطمہ رضی اللہ عنہا سے پھر کوئی بات کی جس سے وہ ہنس پڑی میں نے اس کے متعلق فاطمہ رضی اللہ عنہا سے کچھ نہ پوچھا تاہم جب رسول اللہ ﷺ دنیا سے رخصت ہوئے میں نے فاطمہ رضی اللہ عنہا سے رونے اور ہنسنے کی وجہ دریافت کی وہ بولی: رسول اللہ ﷺ نے مجھے خبر کی تھی کہ آپ دنیا سے رخصت ہونے والے ہیں میں رو پڑی پھر آپ نے مجھ سے بات کی کہ میں خواتین جنت کی سردار ہوں سوائے مریم علیہ السلام نے اس پر میں ہنس پڑی۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۷۳۵...... شعبی رحمۃ اللہ علیہ کی روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے اور آپ سے ابوجہل کی بیٹے کی متعلق پوچھا اور یہ کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ اس کے چچا حارث بن ہشام کو پیغام نکاح بھیجنا چاہتے ہیں نبی کریم ﷺ نے فرمایا: تم اس کے متعلق کیا پوچھنا چاہتے ہو اس کے حسب ونسب کے متعلق پوچھ رہے ہو؟ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: نہیں لیکن میں اس سے شادی کرنا چاہتا ہوں کیا آپ اسے ناپسند کرتے ہیں؟ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: فاطمہ رضی اللہ عنہا میرے دل کا ٹکڑا ہے مجھے ناپسند ہے کہ اسے غمگین کیا جائے یا اسے غصہ دلایا جائے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: میں اس چیز کا ہرگز ارتکاب نہیں کروں گا جو آپ کو پریشان کرتی ہو۔ رواہ عبدالرزاق

۳۷۷۳۶...... ابوجعفر کی روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ابوجہل کی بیٹی سے نکاح کرنا چاہا ہے نبی کریم ﷺ منبر پر تشریف لے گئے اور اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء کے بعد فرمایا: علی نے جویریہ بنت ابی جہل کو پیغام نکاح بھیجا ہے جب کہ یہ نہیں ہوسکتا کہ رسول اللہ ﷺ کی بیٹی اور اللہ کے دشمن کی بیٹی کسی کے نکاح میں جمع ہوجائیں فاطمہ رضی اللہ عنہا تو میرا جگر گوشہ ہے۔ رواہ عبدالرزاق

۳۷۷۳۷...... ابن ابی ملیکہ کی روایت ہے کہ حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ نے ابوابوجہل کی بیٹی کو پیغام نکاح بھیجا حتیٰ کہ نکاح کا وعدہ کرلیا گیا حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کو خبر ہوئی انھوں نے اپنے والد نبی کریم ﷺ کو بتایا اور عرض کیا: لوگوں کا خیال ہے کہ آپ اپنی بیٹیوں کے لیے غصہ نہیں کرتے اور یہ ہے ابوالحسن اس نے ابوجہل کی بیٹے کو پیغام نکاح بھیجا ہے اور نکاح کا وعدہ بھی کرلیا گیا ہے۔ نبی کریم ﷺ کھڑے ہوئے حمد وثناء کے بعد ابوالعاص کا ذکر کیا اور اس کے دامادی رشتہ کی تعریف کی پھر فرمایا: فاطمہ رضی اللہ عنہا تو میرا گوشہ جگر ہے مجھے خوف ہے تم اگر آزمائش میں نہ ڈال دو۔ اللہ کی قسم اللہ کے رسول کی بیٹی اور اللہ کے دشمن کی بیٹی کسی شخص کے نکاح میں جمع نہیں ہوسکتیں۔ چنانچہ بعد میں اس نکاح سے سکوت کرلیا گیا اور ترک کردیا گیا۔ رواہ عبدالرزاق

۳۷۷۳۸...... ابوجعفر کی روایت ہے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو باندی عطا کی اس کے بعد ام ایمن رضی اللہ عنہا حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے پاس آتیں لیکن ام یمن رضی اللہ عنہ نے فاطمہ رضی اللہ عنہا کے چہرہ اقدس پر خفگی کے اثرات دیکھے اور پوچھا تمہیں کیا ہوا؟ فاطمہ رضی اللہ عنہا نے کچھ جواب نہ دیا: ام ایمن رضی اللہ عنہا نے دوبارہ استفسار کیا اور کہا اللہ کی قسم تمہارے والد مجھ سے کوئی چیز نہیں چھپاتے تھے پھر تم کیوں چھپاتی ہو فاطمہ رضی اللہ عنہا نے کہا: ابوالحسن کو ایک باندی دی گئی ہے چنانچہ ام ایمن رضی اللہ عنہا دروازے پر آئیں اور جس پر حضرت علی رضی اللہ عنہ تھے اور آواز بلند کہا خبردار! رسول اللہ ﷺ ایسے شخص تھے کہ ان کے اہل خانہ کے متعلق ان کی حفاظت کی جاتی تھی حضرت علی رضی اللہ عنہ نے پوچھا کیا ہوا؟ ام ایمن رضی اللہ عنہا نے جواب دیا: یہ باندی تمہارے پاس بھیجی گئی ہے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: باندی فاطمہ رضی اللہ عنہا کی ہوگی۔ رواہ عبدالرزاق

حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے نکاح کے بیان میں

۳۷۷۳۹...... حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ جب انھوں نے فاطمہ رضی اللہ عنہا سے شادی کی تو نبی کریم ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا: عام مہر خوشبو میں خرچ کرو۔ رواہ ابن راھویہ

۳۷۷۴۰...... حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں جب میں نے فاطمہ رضی اللہ عنہا سے شادی کی میں نے عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ میں اپنا گھوڑا بیچوں یا زرہ؟ آپ نے فرمایا: اپنی زرہ بیچ دو چنانچہ میں نے ۱۲ اوقیہ میں زرہ بیچ دی اور یہی فاطمہ رضی اللہ عنہا کا مہر مقرر کیا۔ رواہ ابویعلی

۳۷۷۴۱...... حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب میں نے فاطمہ رضی اللہ عنہا سے شادی کی میں نے عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ! فاطمہ رضی اللہ عنہا کی رخصتی کردیں آپ نے فرمایا: اسے کوئی چیز دے دو میں نے عرض کیا: میرے پاس کچھ نہیں فرمایا: تمہاری زرہ کہاں ہے؟ میں نے عرض کیا: وہ میرے پاس ہے فرمایا: وہی اسے دے دو۔ رواہ النسائی و ابن جریر والطبرانی البھقی والضیاء

۳۷۷۴۲...... ''ایضاً'' علباء بن احمر کی روایت ہے کہ حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ کو ان کی بیٹی فاطمہ

رضی اللہ عنہا سے نکاح کا پیغام بھیجا حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اپنی ایک زرہ بیچی اور کچھ اپنا سامان بیچا۔ اس سب کی قیمت ۴۰۰ درہم تک پہنچی۔ نبی کریم ﷺ نے حکم دیا کہ دو تہائی رقم خوشبو میں خرچ کرو اور ایک تہائی کپڑوں پر خرچ کرو۔ ایک مٹکے میں پانی بھروا دیا اور اسی سے غسل کرنے کی ہدایت فرمائی حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کو حکم دیا کہ اپنے بچے کو دودھ پلانے میں جلدی نہیں کرنی لیکن حضرت حسین رضی اللہ عنہ کو دودھ پلانے میں جلدی کر دی وہی بات حضرت حسن رضی اللہ عنہ کی سو نبی کریم ﷺ نے ان کے منہ میں پہلے کوئی چیز۔ (اواب یا کھجور وغیرہ) ڈالی چنانچہ حسن رضی اللہ عنہ علم میں زیادہ فائق تھے۔ رواہ ابویعلی وسعید بن المنصور

۳۷۷۴۳..... حضرت علی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی کریم ﷺ نے فاطمہ رضی اللہ عنہا سے میری شادی کرائی اور مہر اپنے ایک زرہ مقرر کی گئی آپ نے فرمایا: یہی زرہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کو بھیج دو اور یہ مہر دے کر اسے اپنے لیے حلال کر دو میں نے زرہ بھیج دی اللہ کی قسم اس کی قیمت ۴۰۰ درہم تھی۔

رواہ ابویعلی

۳۸۸۴۴..... بریدہ کی روایت ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ نے فاطمہ رضی اللہ عنہا کی شادی کرائی آپ نے فرمایا: نو بیاہے جوڑے کے لیے ولیمہ ضروری ہے پھر آپ نے ایک مینڈھا ذبح کروایا اور اس سے ولیمہ کیا۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۷۴۵..... بریدہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ انصار کی ایک جماعت نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے کہا: آپ کے نکاح میں فاطمہ رضی اللہ عنہا ہیں لہٰذا آپ رسول اللہ ﷺ کے پاس جا کر انھیں سلام پیش کریں چنانچہ حضرت علی رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور سلام کیا آپ نے فرمایا: ابن ابی طالب کو کیا کام پیش آیا ہے؟ عرض کیا: یارسول اللہ میں نے فاطمہ رضی اللہ عنہا کا تذکرہ کیا ہے فرمایا: مرحبا خوش آمدید اس سے زیادہ کچھ نہیں فرمایا: حضرت علی رضی اللہ عنہ انصار کی اس جماعت کے پاس چلے گئے وہ ان کی انتظار میں بیٹھے تھے انصار بولے: کیا ہوا؟ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے معلوم نہیں البتہ آپ نے مجھے مرحبا اور خوش آمدید کہا ہے انصار نے کہا: رسول اللہ ﷺ کی طرف سے تمہیں دو خصلتوں میں سے ایک کافی ہے تمہیں آپ ﷺ نے اہل و مرحبیت عطا کی ہے بعد ازیں جب حضرت علی رضی اللہ عنہ کی شادی ہوئی آپ نے فرمایا: اے علی! دولہے کے لیے ولیمہ ضروری ہے سو رضی اللہ عنہ نے کہا: میرے پاس مینڈھا ہے جب کہ انصار کی جماعت نے چند صاع چاول اکٹھے کیے جب پہلی رات آئی آپ نے فرمایا: کچھ نہیں کرنا حتیٰ کہ مجھ سے مل لو چنانچہ رسول اللہ ﷺ نے پانی منگوایا اور وضو کیا جو باقی بچ گیا وہ حضرت علی رضی اللہ عنہ پر انڈیل دیا اور فرمایا: یا اللہ! ان میں برکت عطا فرما اور ان دونوں پر برکت نازل اور ان کی زفاف میں بھی برکت عطا فرما اور ان کی نسل میں بھی برکت نازل فرما۔ رواہ الدوپانی والطبرانی وابن عساکر

۳۷۷۴۶..... "مسند حجر بن عنبس بقول بعض ابن قیس کندی" حجر بن عنبس کی روایت ہے کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فاطمہ رضی اللہ عنہا سے نکاح کے لیے پیغام بھیجا نبی کریم ﷺ نے فرمایا اے علی! فاطمہ رضی اللہ عنہا تمہارے لیے ہے اس شرط پر کہ تم اسے حسن سلوک سے رکھو گے۔ رواہ ابونعیم

۳۷۷۴۷..... ابن عباس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ جب حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا سے شادی کی رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: فاطمہ کو کوئی چیز دے دو۔ علی رضی اللہ عنہ نے کہا: تمہاری حطمی زرہ کہاں ہے۔ رواہ ابن جریر

۳۷۷۴۸..... حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ جب میں نے فاطمہ رضی اللہ عنہا کو پیغام نکاح بھیجا نبی کریم ﷺ فرمایا: کیا تمہارے پاس مہر ہے میں نے عرض کیا: میرے پاس میری سواری اور میری زرہ ہے فرمایا ان دونوں چیزوں کو چار سو درہم میں بیچ دو آپ نے فرمایا: فاطمہ رضی اللہ عنہا کے لیے زیادہ سے زیادہ خوشبو لاؤ چونکہ وہ بھی خواتین میں سے ایک خاتون ہے۔ رواہ البیہقی

۳۷۷۴۹..... شعبی کی روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے فاطمہ بنت محمد ﷺ سے شادی کی میرے اور اس کے پاس چمڑے کے بچھونے کے سوا کوئی کچھ نہیں تھا رات کو ہم اس پر سو جاتے اور دن اس پر اونٹنی کے آگے چارا ڈال دیتے فاطمہ رضی اللہ عنہا کے علاوہ میرے پاس کوئی خادم نہیں تھا۔ رواہ هنادالدنیوری

۳۷۷۵۰..... حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ جب نبی کریم ﷺ نے فاطمہ کی شادی کرائی آپ نے پانی پی کر کلی کی اور پھر حضرت علی رضی

اللہ عنہ کے گریبان اور کاندھوں کے درمیان چھینک دیا۔ پھر قل ھواللہ احد اور معوذتین پڑھ کر دم کیا۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۷۵۱..... حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ جب میں نے رسول اللہ ﷺ کو فاطمہ رضی اللہ عنہا سے نکاح کے لیے پیغام بھیجنا چاہا تو میری آزاد کردہ باندی نے کہا کیا تمہیں معلوم ہے کہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کے لیے رسول اللہ ﷺ کو پیغامات مل رہے ہیں؟ میں نے کہا: مجھے معلوم نہیں وہ بولیں: فاطمہ رضی اللہ عنہا کے لیے پیغام نکاح بھیجا جا رہا ہے بھلا تمہیں کس چیز نے روکا ہے تم رسول اللہ ﷺ کے پاس کیوں نہیں جاتے وہ تمہاری شادی کرادیں گے میں نے کہا: بھلا میرے پاس کوئی چیز ہے جو میں شادی کروں؟ باندی نے کہا: اگر تم جاؤ گے رسول اللہ ﷺ تمہاری شادی کر ادیں گے۔ بخدا وہ مجھے مسلسل ترغیب دیتی رہی۔ بالآخر میں جرأت کر کے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا رسول اللہ ﷺ کی شان میں جلال اور رعب تھا جب میں آپ کے سامنے بیٹھ گیا میں نے چپ سادھ لی بخدا بات کرنے کی مجھ سے جسارت نہ ہوسکی رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کیوں آئے ہو کیا تمہیں کوئی کام ہے؟ میں خاموش رہا آپ نے پھر فرمایا: کیوں آئے ہو کیا تمہیں کوئی کام ہے؟ میں پھر خاموش رہا فرمایا: شاید تم فاطمہ رضی اللہ عنہا کے لیے پیغام نکاح لائے ہو میں نے عرض کیا: جی ہاں فرمایا: کیا تمہارے پاس کوئی چیز ہے جسے تم مہر دے کر اسے اپنے لیے حلال کرو؟ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ بخدا میرے پاس کچھ نہیں فرمایا: وہ زرہ کہاں ہوئی جو میں نے تمہیں بندھوائی تھی قسم اس ذات کی جس کے قبضہ قدرت میں علی کی جان ہے وہ حطمی زرہ ہے اس کی قیمت ۴۰۰ درہم ہے فرمایا: میں نے تمہاری شادی کردی وہ زرہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کو بھجوا دو تاکہ اس کے ذریعے تم اسے اپنے لیے حلال لو بلاشبہ وہی زرہ فاطمہ بنت محمد ﷺ کا مہر تھی۔ رواہ البیھقی فی الدلائل والدولدبی فی الذریۃ الطاھرۃ

۳۷۷۵۲..... حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فاطمہ رضی اللہ عنہا کو روئی دار کپڑا مشکیزہ اور چمڑے کا تکیہ جس میں اذخر گھاس بھری ہوئی تھی جہیز میں دیا۔ رواہ البیھقی فی الدلائل

کلام:..... حدیث ضعیف ہے دیکھئے ضعیف النسائی ۲۲۰

۳۷۷۵۳..... حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ میں نبی کریم ﷺ کے پاس بیٹھا ہوا تھا یکایک آپ پر وحی نازل ہونے لگی جب نزول وحی کی کیفیت ختم ہوئی فرمایا: اے انس تمہیں معلوم ہے جبرائیل امین نے عرش والے سے کیا پیغام لایا ہے؟ میں نے عرض کیا میرے ماں باپ آپ پر قربان جائیں جبرئیل امین عرش والے کے پاس سے کیا پیغام لائے ہیں؟ فرمایا: اللہ تعالیٰ نے مجھے حکم دیا ہے کہ میں فاطمہ رضی اللہ عنہا کی شادی علی رضی اللہ عنہ سے کرادوں۔ رواہ الخطیب وابن عساکر والحاکم

۳۷۷۵۴..... حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے ۴۸۰ دراہم پر فاطمہ رضی اللہ عنہا سے میری شادی کرائی یہ درہم وزن ستہ کے برابر تھے۔ (رواہ ابوعبید فی کتاب الاموال: ابوعبید کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ کے زمانے میں درہم ۶ دانق کا ہوتا تھا)

کلام:..... حدیث ضعیف ہے اس کی سند میں ضعیف ہے۔

۳۷۷۵۵..... "مسند انس رضی اللہ عنہ" ابن جریر محمد بن ھیثم حسن بن حماد یحیٰ بن یعلی اسلمی سعید بن ابی عروری قتادہ حسن کے سلسلہ سند سے مروی ہے کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ کے سامنے بیٹھ گئے اور عرض کیا: یا رسول اللہ آپ کو میری خیر خواہی کا بخوبی علم ہے اور اسلام میں میری قدامت کو بھی آپ جانتے ہیں نیز میرا آپ سے ایسا اور ایسا تعلق رہا ہے آپ نے فرمایا: تم کیا چاہتے ہو؟ عرض کیا: فاطمہ رضی اللہ عنہا سے میری شادی کرادیں۔ آپ ﷺ اس پر خاموش رہے یا کہا: آپ نے اعراض کرلیا۔ ابوبکر رضی اللہ عنہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس واپس لوٹے اور فرمایا: میں ہلاک ہوگیا اور مجھے ہلاک کردیا گیا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے پوچھا: وہ کیوں؟ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے نبی کریم ﷺ کو فاطمہ کے لیے پیغام نکاح دیا اور آپ نے اعراض کرلیا: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: آپ اپنی جگہ رہیں حتیٰ کہ میں رسول اللہ ﷺ کے پاس جاتا ہوں اور اس مقصد کا اظہار کرتا ہوں۔ چنانچہ عمر رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ کے پاس آئے اور آپ کے سامنے بیٹھ گئے اور عرض کیا: یا رسول اللہ ﷺ آپ میری خیر خواہی کو تو بخوبی جانتے ہیں اور اسلام میں میری قدامت کو بھی آپ جانتے ہیں میرا آپ سے ایسا اور ایسا تعلق رہا ہے۔ (اور وہ اب بھی ہے) آپ نے فرمایا: کیا چاہتے ہو؟ عرض کیا: فاطمہ رضی اللہ عنہا سے میری شادی کرادیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اعراض کرلیا حضرت عمر رضی اللہ عنہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے

پاس واپس لوٹ آئے اور کہا: آپ ﷺ اللہ تعالیٰ کے فیصلہ کی انتظار میں ہیں چلیں اب ہم علی کے پاس جاتے ہیں اور انھیں کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کے پاس جا کر یہی مقصد ظاہر کریں حضرت علی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں یہ دونوں حضرات شیخین میرے پاس آئے اس وقت میں کھجوروں کو پودے لگا رہا تھا انھوں نے فرمایا: تمہارے چچا کی بیٹی کو پیغام نکاح دیا جا رہا ہے حضرت علی ﷺ کہتے ہیں: انھوں نے مجھے ایک نام کے لیے جگا دیا میں اپنی چادر لیے اٹھ کھڑا ہوا چادر کا ایک پلو میرے کاندھے پر تھا اور دوسرا زمین پر گھسٹ رہا تھا حتیٰ کہ میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا یا رسول اللہ! آپ میری خیر خواہی سے بخوبی واقف ہیں اور میری اسلام میں قدامت کو بھی آپ جانتے ہیں نیز میرا آپ سے ایسا اور ایسا تعلق ہے فرمایا: کیا چاہتے ہو؟ میں نے عرض کیا: آپ فاطمہ رضی اللہ عنہا سے میری شادی کرا دیں فرمایا: تمہاری پاس کوئی چیز ہے؟ میں نے کہا میرے پاس میرا گھوڑا اور میری زرہ ہے آپ نے فرمایا: رہی بات گھوڑے کی سو اس کے سوا کوئی چارہ کار نہیں البتہ زرہ بیچ دو میں نے ۴۸۰ درہم میں زرہ بیچ دی اور رقم لا کر آپ کی گود میں ڈھیر کر دی آپ نے اس میں سے مٹھی بھر درہم اٹھائے اور بلال رضی اللہ عنہ کو دے کر فرمایا: اے بلال ان دراہم کی ہمارے لیے خوشبو خرید لاؤ آپ نے ایک چارپائی ایک تکیہ جو چھال سے بھرا ہوا تھا جہیز میں دیا جب کہ میرا گھر ریت سے اٹا پڑا تھا آپ نے فرمایا جب فاطمہ رضی اللہ عنہا تمہارے پاس پہنچ جائے کچھ نہیں کرنا حتیٰ کہ میں تمہارے پاس آ جاؤں چنانچہ فاطمہ رضی اللہ عنہا ام ایمن رضی اللہ عنہا کے ہمراہ آئی اور گھر میں ایک طرف بیٹھ گئی جب کہ میں دوسری طرف بیٹھا ہوا تھا اتنے میں رسول اللہ ﷺ تشریف لائے، آتے ہی فرمایا: علی میرا بھائی ہے۔ ام ایمن رضی اللہ عنہا نے جواب دیا: وہ آپ کا بھائی ہے حالانکہ آپ نے اپنی بیٹی سے اس کی شادی کرائی ہے فرمایا: جی ہاں آپ اندر تشریف لائے اور فاطمہ سے فرمایا: میرے پاس پانی لاؤ چنانچہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نے ایک پیالہ لیا اور اس میں پانی ڈال کر آپ کے پاس لائی آپ نے پانی میں کلی کی اور پھر فاطمہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا: کھڑی ہو جا جب وہ کھڑی ہو گئیں تو آپ نے پانی ان کے سر اور سینے پر بہا دیا اور فرمایا: یا اللہ! میں اسے اور اس کی اولاد کو شیطان مردود سے تیری پناہ میں دیتا ہوں آپ نے فاطمہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا: پیٹھ پھیرو فاطمہ رضی اللہ عنہا نے آپ کی طرف پیٹھ کر دی اور آپ نے کچھ پانی فاطمہ رضی اللہ عنہا کا کاندھوں پر انڈیل دیا پھر فرمایا: یا اللہ! میں اسے اور اس کی اولاد کو شیطان مردود سے تیری پناہ میں دیتا ہوں پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ سے پانی لانے کو فرمایا حضرت علی کہتے ہیں میں آپ کے ارادہ کو جانتا تھا میں اٹھا اور پانی سے پیالا بھر لایا آپ نے پانی میں کلی کی اور پھر میرے سینے اور سر پر بہا دیا پھر فرمایا: یا اللہ! اسے اور اس کی اولاد کو شیطان مردود سے تیری پناہ میں دیتا ہوں پھر فرمایا: پیٹھ پھیرو میں نے آپ کی طرف پیٹھ پھیر دی آپ نے میرے کاندھوں پر پانی بہا دیا اور فرمایا: میں اسے اور اس کی اولاد کو شیطان مردود سے تیری پناہ میں دیتا ہوں۔ پھر آپ نے مجھے فرمایا: اللہ تعالیٰ کے نام اور اس کی برکت کے ساتھ اپنے اہل خانہ کے ہمراہ گھر میں داخل ہو جاؤ۔

حضرت فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا کی وفات

۳۷۷۵۶... ''مسند صدیق رضی اللہ عنہ'' ام جعفر کی روایت ہے کہ حضرت فاطمہ بنت رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے اسماء (ام جعفر) عورتوں کے ساتھ جو کچھ کیا جاتا ہے وہ مجھے بہت برا لگتا ہے چنانچہ عورت پر کپڑا ڈال دیا جاتا ہے۔ (مرنے کے بعد) جو عورت کے اعضاء مستورہ کا حال منکشف کر دیتا ہے اسماء رضی اللہ عنہا بولیں: اے رسول اللہ کی بیٹی! کیا میں تمہیں ایک چیز نہ بتاؤں جو سرزمین حبشہ میں میں نے دیکھی ہے چنانچہ اسماء رضی اللہ عنہا نے چند ہری ٹہنیاں منگوائیں اور انھیں ٹیڑھا کر کے ان پر کپڑا ڈال دیا فاطمہ رضی اللہ عنہا نے کہا: یہ کتنی خوبصورت لگ رہی ہیں بلاشبہ ایسا کرنے سے مرد اور عورت میں تمیز ہو جاتی ہے لہٰذا جب میں مر جاؤں مجھے صرف تو اور علی غسل دیں اور میرے پاس کوئی اور نہ آئے چنانچہ جب فاطمہ رضی اللہ عنہا نے وفات پائی حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے اندر آنا چاہا اسماء رضی اللہ عنہا بولیں: اندر مت آؤ عائشہ رضی اللہ عنہا نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے اس کی شکایت کر دی کہ یہ خثعمیہ میرے اور رسول اللہ ﷺ کی بیٹی کے درمیان حائل ہو گئی ہے اور اس نے فاطمہ رضی اللہ عنہا کے لیے دلہن کے ہودج کی طرح کوئی چیز بنا رکھی ہے اتنے میں ابوبکر رضی اللہ عنہ تشریف لائے اور دروازے پر کھڑے ہو گئے اور فرمایا: اے

اسماء! رسول اللہ ﷺ کی ازواج تو رسول اللہ ﷺ کی بیٹی کے پاس اندر آنے سے کیوں روک رہی ہو اور تم نے فاطمہ رضی اللہ عنہا کے لیے دلہن کے ہودج کی طرح چیز کیوں بنا رکھی ہے اسماء رضی اللہ عنہا نے جواب دیا فاطمہ رضی اللہ عنہا نے مجھے حکم دیا ہے کہ اس کے پاس کوئی نہ آنے پائے اور میں نے اسے زندہ ہوتے ہوئے اس طرح کا ھودہ بنائے دیکھا ہے اور اس نے مجھے بنانے کا حکم دیا تھا۔ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا:: فاطمہ رضی اللہ عنہا نے تمہیں جو حکم دیا ہے وہ بجالاؤ پھر فاطمہ رضی اللہ عنہا کو حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت اسماء رضی اللہ عنہا نے غسل دیا۔

رواه البيهقي

۳۷۷۵۷...... شعبی کی روایت ہے کہ جب فاطمہ رضی اللہ عنہ نے وفات پائی انھیں راتوں رات حضرت علی رضی اللہ عنہ نے دفنا دیا اور نماز جنازے کے لیے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو بازو سے پکڑ کر آگے کر دیا۔ رواه البيهقي

فضائل ازواج مطہرات امہات المومنین رضی اللہ عنہن

فضائل مجملہ

۳۷۷۵۸...... ''مسند عمر'' ابن جریج' ابن ابی ملیکہ وعمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے بعد رسول اللہ ﷺ کے نکاح میں نو (۹) عورتیں جمع ہوئیں آپ رضی اللہ عنہ ان سب کو چھوڑ کر دنیا سے رخصت ہوئے ابن جریج کہتے ہیں: عثمان بن ابی سلیمان نے مزید دو کا اضافہ کیا ہے، جن کا تعلق بنی عامر بن صعصعہ سے تھا ان میں سے ایک کو ام المساکین کے لقب سے پکارا جاتا تھا چونکہ یہ عورت آپ کی ازواج میں سب سے زیادہ مسکینوں کے ساتھ خیر خواہی سے پیش آتی تھی بنی جون سے ایک اور عورت سے آپ نے نکاح کر رکھا تھا جب کہ آپ اس کے پاس گئے اس نے آپ سے پناہ طلب کی آپ نے اسے طلاق دے دی آپ نے کندہ کی ایک اور عورت سے نکاح کیا لیکن اس سے مباشرت نہیں کر پائے چنانچہ نبی کریم ﷺ کے بعد اس عورت نے کسی سے شادی کر لی تھی حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے میاں بیوی کے درمیان تفریق کر دی اور اس کے خاوند کی پٹائی کی اس پر وہ عورت بولی! اے عمر رضی اللہ عنہ میرے معاملہ میں رب تعالیٰ سے ڈرو اگر واقعی میں امہات المؤمنین میں سے ہوں پھر میرے لیے بھی حجاب کا حکم لاگو کرو اور میرے لیے بھی اتنا ہی وظیفہ مقرر کرو جتنا امہات المؤمنین کے لیے مقرر کر رکھا ہے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہاں تمہاری رعایت نہیں کی جا سکتی عورت بولی: پھر مجھے نکاح کرنے کی اجازت دو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: نہیں کبھی نہیں تو اپنی آنکھوں کو ٹھنڈا نہیں کر سکتی اور اس مسئلہ میں میں کسی کی بات نہیں مانوں گا۔ رواه عبد الرزاق

۳۷۷۵۹...... معمر زہری سے روایت نقل کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ کی ازواج مطہرات میں خدیجہ بنت خویلد عائشہ بنت ابی بکر ام سلمہ بنت ابی امیہ حفصہ بنت عمر ام حبیبہ بنت ابی سفیان جویریہ بنت حارث میمونہ بنت حارث، زینب بنت جحش، سودہ بنت زمعہ، صفیہ بنت حیی، حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے بعد آپ کے نکاح میں نو (۹) عورتیں رہی ہیں اور یہ عورتیں بھی آپ کے نکاح میں رہی ہیں کندیہ جس کا تعلق بنی جون سے تھا عالیہ بنت ظبیان بنی عامر بن کلاب سے روز بنت بنت خذیمہ بلالیہ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے زندہ رہتے ہوئے آپ نے کسی اور عورت سے نکاح نہیں کیا آپ کی دو باندیاں بھی تھیں قبطیہ اور ریحانہ بنت شمعون خدیجہ رضی اللہ عنہا نے نبی کریم ﷺ کے لیے یہ اولاد جنم دی۔ قاسم، طاہر، فاطمہ، زینب، ام کلثوم اور رقیہ آپ کا ایک بیٹا ابراہیم قبطیہ سے پیدا ہوا چنانچہ خدیجہ رضی اللہ عنہا کے سوا آپ کی اولاد کسی اور بیوی سے نہیں ہوئی۔

رواه عبد الرزاق

۳۷۷۶۰...... معمر، یحیٰی بن ابی کثیر سے روایت نقل کرتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے سب سے پہلے حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا سے شادی کی پھر سودہ بنت زمعہ سے پھر مکہ میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے نکاح کیا اور رخصتی مدینہ منورہ میں ہوئی مدینہ ہی میں زینب بنت خزیمہ ہلالیہ رضی

اللہ عنہا سے نکاح کیا پھر ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے نکاح کیا پھر جویریہ بنت حارث سے نکاح کیا جویریہ رضی اللہ عنہا آپ کو غنیمت میں ملی تھیں پھر میمونہ بنت حارث رضی اللہ عنہا سے نکاح کیا چنانچہ میمونہ رضی اللہ عنہا نے اپنے تئیں آپ کے سپرد کر دیئے تھے پھر آپ نے صفیہ بنت حیی سے نکاح کیا صفیہ رضی اللہ عنہا آپ کو چیز سے حصہ میں ملی تھیں پھر زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا سے نکاح کیا ان ازواج میں سے زینب بنت خزیمہ رضی اللہ عنہ اور خدیجہ رضی اللہ عنہا نے آپ کی زندگی میں وفات پائی آپ نے بنی کلاب بن ربیعہ سے ایک عورت سے نکاح کیا تھا اسے عالیہ بنت ظبیان کہا جاتا تھا چنانچہ جب وہ آپ کے پاس لائی گئی آپ نے اسے طلاق دے دی تھی آپ کی ازواج یہ بھی ہیں جویریہ جن کا تعلق بنی مصطلق بن خذاعہ سے ہے حفصہ، ام حبیبہ اور بنی کلب کی ایک عورت۔ چنانچہ جن عورتوں سے آپ نے نکاح کیا وہ چودہ (۱۴) میں ان میں سے ایک کندیہ بھی ہے رضی اللہ عنھن۔رواہ اعبدالرزاق

۳۷۷۶۱...... ''مسند ابن عوف'' ابوسلمہ بن عبدالرحمن اپنے والد سے روایت نقل کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو اپنی ازواج سے فرماتے سنا کہ میرے بعد تمہارے اوپر صرف وہی لوگ مہربان ہوں گے جو صابر اور صادق ہوں گے۔رواہ ابن عساکر

فضائل ازواج مطہرات مفصلہ

ام المومنین حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا

۳۷۷۶۲...... حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کو جنت میں ایک گھر کے رہنے کی بشارت سنائی جو خوبصورت موتی سے بنا ہوگا اور سونے کی اس پر جڑائی ہوئی جو آگ سے مددگار ہوگا اس میں کوئی اذیت والی بات اور شور وغل نہیں سنا جائے گا۔

رواہ ابو عبد اللہ محمد بن ابراھیم الجر جانی فی امالیہ المعروفۃ بالحر جانیات ورجالہ ثقات

۳۷۷۶۳...... ابو خالد والبی حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ یا کسی اور صحابی رضی اللہ عنہم سے روایت نقل کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ بکریاں چرواتے تھے چنانچہ آپ نے بکریاں پہاڑی پر لے جانا چاہیں آپ نے اور آپ کے ایک شریک نے خدیجہ رضی اللہ عنہا کی بہن سے اونٹ کرائے پر لے لیا جب سفر تمام ہوا تو خدیجہ رضی اللہ عنہا کی بہن کے ذمہ کچھ کرایہ باقی بچ گیا آپ کا شریک باقی کرایہ مانگنے آتا جب کہ وہ آپ سے کہتا کرایہ لینے تم جاؤ آپ فرماتے تو خود چلا جا مجھے حیاء آتی ہے چنانچہ ایک مرتبہ شریک آیا تو وہ عورت بولی: محمد کہاں ہے وہ تمہارے ساتھ کیوں نہیں آیا؟ اس نے جواب دیا: میں نے اسے آنے کو کہا تھا مگر اس نے کہا کہ مجھے حیاء آتی ہے عورت بولی: میں نے محمد سے بڑھ کر زیادہ حیاء دار اور پاکدامن کوئی شخص نہیں دیکھا چنانچہ اس عورت کی بہن یعنی خدیجہ رضی اللہ عنہا کے دل میں آپ کا مقام پیدا ہو گیا خدیجہ رضی اللہ عنہا نے آپ کو اپنے پاس بلوایا تو کہا میرے والد کے پاس جاؤ اور اس سے میرے لیے پیغام نکاح دو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تمہارا باپ بڑا مالدار شخص ہے وہ ایسا نہیں کرے گا۔ خدیجہ رضی اللہ عنہا نے کہا: جاؤ تو سہی اس سے بات کرو پھر میں سارا مسئلہ حل کردوں گی اور یاد رکھو اس کے پاس اس وقت جاؤ جب وہ نشہ میں دھت پڑا ہو۔ چنانچہ نبی کریم ﷺ نے ایسے ہی کیا اور خدیجہ رضی اللہ عنہا کے باپ نے آپ کی شادی کرادی صبح ہوئی تو خویلد اپنے دوستوں کے ساتھ مجلس میں مل بیٹھا اسے کہا گیا شاباش بہت اچھا تم نے جو محمد کی شادی کرادی بولا: ارے کیا میں نے ایسا کیا ہے؟ لوگوں نے کہا: جی ہاں خویلد فوراً اٹھ کھڑا ہوا اور حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے پاس آیا اور کہنے لگا: لوگوں کا کہنا ہے کہ میں نے محمد کی شادی کرا دی ہے حالانکہ میں نے ایسا نہیں کیا حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا بولیں: کیوں نہیں تم نے شادی کرادی بلاشبہ آپ کی رائے کسی صورت غلط نہیں ہوسکتی چونکہ محمد عظیم شخصیت کا مالک ہے چنانچہ خدیجہ رضی اللہ عنہا اپنے والد سے لگی لپٹی رہی۔ حتیٰ کہ اسے راضی کرلیا پھر خدیجہ رضی اللہ عنہا نے نبی کریم ﷺ کے پاس دو اوقیہ چاندی یا سونا بھیجا اور کہا: عمدہ سا جوڑا خرید کر مجھے ہدیہ کردو ایک مینڈھا خریدو اور فلاں اور فلاں چیزیں بھی خریدو چنانچہ آپ نے ایسا ہی کیا۔رواہ الطبرانی

۳۷۷۶۴..... "مسند عائشہ" ابوسلمہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: ایک بوڑھی عورت نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوتی تھی آپ اس سے ازحد مہربانی سے پیش آتے اور اس کا بہت احترام واکرام کرتے میں نے عرض کیا: آپ پر میرے ماں باپ قربان ہوں جیسا سلوک آپ اس بڑھیا کے ساتھ کرتے ہیں ایسا کسی اور کے ساتھ نہیں کرتے؟ آپ نے فرمایا: یہ عورت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے پاس آتی تھی کیا تمہیں معلوم نہیں کہ دوستی کی پاسداری رکھنا ایمان کا حصہ ہے۔ رواہ البیھقی فی شعب الایمان

۳۷۷۶۵..... "ایضاً" ابن ابی ملیکہ کی روایت ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: ایک بڑھیا نبی کریم ﷺ خدمت میں حاضر ہوئی آپ نے فرمایا: تو کون ہے؟ اس نے جواب دیا: میں جثامہ مزنیہ ہوں آپ نے فرمایا: بلکہ تو حنانہ مزنیہ ہے تمہارا کیا حال ہے تم کیسی ہو ہمارا اور تمہارا کیا حال رہا اس نے کہا: یارسول اللہ میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں ہم خیریت سے ہیں جب وہ چلی گئی میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! آپ نے اس بڑھیا کا بڑی گرمجوشی سے استقبال کیا ہے آپ نے فرمایا: اے عائشہ! یہ عورت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے زمانہ میں ہمارے پاس آتی تھی بلاشبہ گزرے زمانے کی پاسداری ایمان کا حصہ ہے۔ رواہ البیھقی فی شعب الایمان وابن النجار

۳۷۷۶۶..... عروہ کی روایت ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ نبی کریم ﷺ کے پاس ایک عورت آتی تھی آپ اس کا ازحد اکرام کرتے تھے میں نے عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ یہ کون عورت ہے آپ نے فرمایا: یہ خدیجہ رضی اللہ عنہا کے زمانہ میں ہمارے پاس آتی تھی اور گزرے زمانے کا لحاظ ایمان کا حصہ ہے۔ رواہ البیھقی فی شعب الایمان

کلام:..... حدیث ضعیف ہے دیکھئے الشذرۃ ۳۶۰ وکشف الخفاء ۱۱۴۶۔

۳۷۷۶۷..... حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ جبرائیل میں نبی کریم ﷺ کے پاس تشریف لائے اور فرمایا: یہ خدیجہ رضی اللہ عنہا ہے آپ کے پاس آتی ہے اور اس کے پاس برتن میں سالن ہے یا طعام ہے یا مشروب ہے جو آپ کے پاس آجائے اسے اپنے رب کی طرف سے اور میری طرف سے سلام کہنا نیز اسے جنت میں اعلیٰ قسم کے گھر کی خوشخبری سناؤ جو خوبصورت موتی سے بنا ہے اس میں نہ شور ہوگا نہ کوئی **مشقت** والی بات۔ رواہ ابن ابی شیبۃ وابن عساکر

۳۷۷۶۸..... مسند عبداللہ بن ابی اوفی" رسول کریم ﷺ نے حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کو جنت میں ایک گھر کی خوشخبری سنائی جو موتی سے بنا ہے اس میں شور ہوگا اور نہ ہی کوئی مشقت ہوگی۔ رواہ ابن ابی شیبۃ

۳۷۷۶۹..... حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت ہے کہ وہ کہتی ہیں: میں نے خدیجہ رضی اللہ عنہا کبھی نہیں دیکھیں مجھے کبھی کسی عورت پر اتنی غیرت نہیں آئی جتنی کہ خدیجہ رضی اللہ عنہا پر آئی چونکہ نبی کریم ﷺ کثرت سے خدیجہ رضی اللہ عنہا کا ذکر کرتے تھے۔ رواہ عبدالرزاق

۳۷۷۷۰..... عروہ کہتے ہیں خدیجہ رضی اللہ عنہا نے نبی کریم ﷺ کی ہجرت مدینہ سے لگ بھگ تین سال قبل وفات پائی اور عائشہ رضی اللہ عنہا سے خدیجہ رضی اللہ عنہا کی وفات کے بعد عنقریب ہی شادی کر لی تھی خدیجہ رضی اللہ عنہا کے ہوتے ہوئے آپ نے کسی دوسری عورت سے شادی نہیں کی۔ رواہ عبدالرزاق

۳۷۷۷۱..... ابن شہاب کی روایت ہے کہ ہمیں حدیث پہنچی ہے حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا بنت خویلد زوجہ نبی کریم ﷺ اللہ اور اس کے رسول پر سب سے پہلے ایمان لائیں اور نماز فرض ہونے سے قبل وفات پاگئیں۔ رواہ ابن ابی شیبۃ

ام المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا

۳۷۷۷۲..... حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! میری سہیلیوں کی ضرور کوئی نہ کوئی کنیت ہے۔ (میری بھی کوئی کنیت ہونی چاہیے) آپ ﷺ نے فرمایا: اپنے بیٹے عبداللہ بن زبیر کے نام پر اپنی کنیت رکھو چنانچہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا ام عبداللہ اپنی کنیت کرتی تھیں۔ رواہ البزاز

۳۷۷۷۳... حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں رسول کریم ﷺ نے مجھے سیاہ رنگ کی اونٹنی عطا کی گویا وہ کوئلہ لگ رہی تھی اس پر سواری کرنا مشکل تھی اور نکیل نہیں ڈالنے دیتی تھی آپ نے اونٹنی پر ہاتھ پھیرا اور برکت کی دعا فرمائی پھر آپ نے فرمایا: سوار ہو جاؤ اور نرمی سے پیش آؤ چونکہ جس چیز سے نرمی کی جاتی ہے وہ مزین ہو جاتی ہے اور جس چیز سے نرمی کشید کر لی جاتی ہے عیب دار ہو جاتی ہے۔ رواہ عبد النجار

۳۷۷۷۴... حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں نبی کریم ﷺ نے مجھ سے شادی کی۔ میری چھ سال عمر تھی جب میری رخصتی ہوئی اس وقت میری عمر نو سال تھی۔ رواہ سعید بن المنصور

۳۷۷۷۵... ''مسند عمر'' مصعب بن سعد کی روایت ہے کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے امہات المومنین کا وظیفہ دس ہزار (۱۰۰۰۰) درہم مقرر کیا جب کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے وظیفہ میں ۲۰۰۰ (دو ہزار) کا اضافہ کیا اور فرمایا: عائشہ رسول اللہ ﷺ کی محبوب بیوی ہے۔

رواہ الخرائطی فی اعتال القلوب

۳۷۷۷۶... ''مسند عمار'' عمار رضی اللہ عنہ رحمۃ اللہ علیہ کی روایت ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا زوجہ نبی کریم ﷺ جنت میں ہیں۔

رواہ ابن ابی شیبۃ

۳۷۷۷۷... حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں ہماری ماں عائشہ رضی اللہ عنہا اپنی راہ پر گامزن رہیں ہم یہ یقین رکھتے ہیں کہ عائشہ رضی اللہ عنہا نبی کریم ﷺ کی دنیا و آخرت میں بیوی ہیں لیکن اللہ تعالیٰ نے ہمیں ان کے ذریعے آزمائش میں مبتلا کیا ہے تاکہ اللہ تعالیٰ جان لے کہ آیا ہم اس کی اطاعت کرتے ہیں یا عائشہ کی۔ رواہ ابویعلی وابن ابی عساکر

۳۷۷۷۸... عمرو بن غالب کی روایت ہے کہ حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ نے ایک شخص کو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی شان میں گستاخی کرتے سنا عمار رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے بدصورت کتے خاموش رہ میں گواہی دیتا ہوں کہ عائشہ رضی اللہ عنہا جنت میں رسول اللہ ﷺ کی زوجہ محترمہ ہوں گی۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۷۷۹... ''مسند عائشہ'' حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: اللہ تعالیٰ نے مجھے سات خصلتوں سے نوازا ہے جو کسی کو بھی نہیں عطا ہوئیں۔ البتہ کچھ کچھ مریم بنت عمران کو عطا فرمائی ہیں۔ بخدا میں نہیں کہتی کہ مجھے اپنی سوتنوں پر فخر ہے چنانچہ میری صورت میں فرشتہ نازل ہوتا رہا ہے میری سات سال کی عمر میں رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے شادی کی اور نو (۹) سال کی عمر میں مجھے زفاف کے لیے ان کے پاس پہنچا دیا گیا میں کنواری تھی آپ سے پہلے مجھ سے کسی نے شادی نہیں کی آپ کے پاس وحی آتی تھی جب کہ میں اور آپ ایک لحاف میں ہوتے تھے میں آپ کو ازواج میں سب سے زیادہ محبوب تھی اللہ تعالیٰ نے میرے متعلق قرآن میں آیات نازل فرمائیں قریب تھا کہ امت ہلاکت تک پہنچ جاتی میں نے جبرئیل امین کو دیکھا ہے حالانکہ آپ کی بیویوں میں سے کسی اور نے جبرئیل امین کو نہیں دیکھا۔ اور میرے گھر میں آپ کی روح قبض کی گئی۔

رواہ ابن ابی شیبۃ

۳۷۷۸۰... ''ایضاً'' حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں ایک مرتبہ رسول مقبول رضی اللہ عنہ حجرہ میں تشریف فرما تھے اتنے میں گھوڑے پر سوار ایک شخص اندر داخل ہوا نبی کریم ﷺ اس کی طرف کھڑے ہوئے اور گھوڑے کی بال اگنے کی جگہ پر ہاتھ رکھ کر اس سے باتیں کرنے لگے پھر آپ واپس لوٹ آئے میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! یہ کون شخص تھا جس سے آپ سرگوشی کر رہے تھے؟ فرمایا: کیا تم نے کسی کو دیکھا ہے؟ میں نے عرض کیا: جی ہاں۔ میں نے گھوڑے پر سوار ایک شخص دیکھا آپ نے فرمایا: اس کی شکل کس سے ملتی جلتی تھی میں نے عرض کیا: وہ دحیہ کلبی کے مشابہ تھا فرمایا: وہ جبرائیل امین تھے تم نے بھلائی دیکھی ہے پھر کچھ عرصہ کے بعد جبرئیل امین تشریف لائے رسول اللہ ﷺ حجرہ میں تھے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اے عائشہ: میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! میں حاضر ہوں فرمایا: یہ جبرئیل ہیں انھوں نے مجھے کہا ہے کہ میں ان کی طرف سے تمہیں سلام پہنچاؤں میں نے عرض کیا میری طرف سے بھی انھیں سلام کا جواب دیں رسول اللہ ﷺ پر بسا اوقات وحی نازل ہوتی جب کہ میں اور آپ ایک ہی لحاف میں ہوتے تھے۔ رواہ ابن ابی شیبۃ

۳۷۷۸۱... ''ایضاً'' حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: رسول کریم ﷺ نے میرے گھر میں اور میری گود میں وفات پائی۔ رواہ ابن ابی شیبۃ

۳۷۷۸۲...... حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت ہے کہ ان کا نبی کریم ﷺ سے جھگڑا ہوا حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے حضرت ابوبکر کے پاس فیصلہ لایا حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا تھا: یا رسول اللہ! خرچہ میں میانہ روی سے کام میں سماعت پر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ کو تھپڑ مارا اور فرمایا: تم رسول اللہ ﷺ سے کہتی ہو کہ میانہ روی کرو چنانچہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی ناک سے خون پھوٹ پڑا اور کپڑوں پر بہنے لگا جب کہ رسول اللہ ﷺ نے اپنے ہاتھ سے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے کپڑوں سے خون دھونے لگے اور فرمار ہے تھے ہم تو یہ نہیں چاہتے تھے ہم تو یہ نہیں چاہتے تھے۔ رواہ الدیلمی

۳۷۷۸۳...... حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ جب میری رخصی کا وقت ہوا میری والدہ نے مجھے موٹی کرنے کے لیے کچھ کھلانا چاہا لیکن میں نے کوئی چیز قبول نہ کی حتیٰ کہ مجھے لکڑیاں اور تازہ کھجوریں کھلانے لگی چنانچہ میں اچھی طرح موٹی ہوگئی۔ رواہ البیھقی فی شعب الایمان

۳۷۷۸۴...... حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت ہے کہ اللہ تعالیٰ نے مجھ پر بہت افاات کیے ہیں من جملہ ان میں سے یہ بھی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے میرے حجرہ میں اور میری گود میں وفات پائی کہ اللہ تعالیٰ نے میرا اور رسول اللہ ﷺ کا لعاب جمع فرمایا۔ چنانچہ عبدالرحمٰن بن ابی بکر میرے پاس آیا اس کے ہاتھ میں مسواک تھی رسول اللہ ﷺ اس کی طرف دیکھنے لگے میں نے عبدالرحمٰن سے کہا مسواک مجھے دو عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ نے مسواک توڑ کر مجھے تھمادی میں نے اپنے منہ میں مسواک چپائی اور جب نرم ہوگئی میں نے رسول اللہ ﷺ کو دے دی آپ مسواک کرنے لگے آپ مسواک اوپر اٹھاتے لیکن ہاتھ نہ پہنچ پاتا اور آپ کی آنکھوں میں ٹکٹکی بندھ گئی اور آپ نے فرمایا: یا اللہ مجھے رفیق اعلیٰ سے ملا لے۔

رواہ ابویعلی وابن عساکر

ام المؤمنین حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا

۳۷۷۸۵...... حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ حفصہ بنت عمر رضی اللہ عنہ کے شوہر خنیس بن حذافہ سہمی رضی اللہ عنہ جو کہ صحابی رسول میں فوت ہوگئے اور حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا بیوہ ہوگئی تو میں نے اس کے نکاح کے سلسلہ میں حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ سے بات کی انہوں نے کہا مجھے کچھ سوچ بچار کی مہلت دو سو چند دن کے بعد حضرت عثمان رضی اللہ عنہ ملے اور کہا آج کل میں نکاح کا ارادہ نہیں رکھتا اس کے بعد ابوبکر رضی اللہ عنہ سے میری ملاقات ہوئی اور اس سے بات کی انھوں نے خاموش اختیار کرلی اور کچھ جواب نہ دیا مجھے ابوبکر رضی اللہ عنہ پر عثمان رضی اللہ عنہ غنی رضی اللہ عنہ سے زیادہ غصہ آیا کچھ دنوں کے بعد نبی کریم ﷺ نے حفصہ رضی اللہ عنہا کے لیے پیغام نکاح بھیجا اور پھر نکاح کرلیا اس کے بعد ابوبکر رضی اللہ عنہ مجھ سے ملے اور کہا: جب تم نے مجھ سے حفصہ رضی اللہ عنہا کی بات کی اور میں نے کچھ جواب نہیں دیا تھا شاید تمہیں مجھ پر زیادہ غصہ آیا ہے میں نے کہا: جی ہاں ابوبکر رضی اللہ عنہ بولے: جواب دینے سے مجھے جو چیز قانع تھی وہ اصل میں یہ تھی کہ نبی کریم ﷺ حفصہ رضی اللہ عنہا کا تذکرہ کرر ہے تھے اور مجھے آپ کے اس رجحان کا علم تھا لہٰذا میں نے ان کے اس راز کو افشاء کرنا مناسب نہ سمجھا اگر رسول اللہ ﷺ یہ ارادہ ترک کر دیتے ہیں حفصہ رضی اللہ عنہا سے ضرور نکاح کر لیتا۔ (رواہ ابن سعد واحمد بن حنبل والبخاری والنسائی والبیہقی وابویعلی وابن حبان اور ابن حبان میں اتنا اضافہ ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے عثمان رضی اللہ عنہ کی شکایت کی آپ نے فرمایا: حفصہ رضی اللہ عنہا کی شادی عثمان سے بہتر شخص سے کرادی جائے گی اور عثمان کی شادی حفصہ رضی اللہ عنہا سے بہتر عورت سے کرائی جائے گی چنانچہ نبی کریم ﷺ نے اپنی بیٹی کی شادی حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے کرائی)۔

۳۷۷۸۶...... حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حفصہ رضی اللہ عنہا کی ولادت نبوت سے پانچ سال قبل ہوئی جب کہ قریش بیت اللہ کی تعمیر کرر ہے تھے۔ رواہ ابن سعد ۵۸۸

کلام:...... حدیث ضعیف ہے اس کی سند میں واقدی ہے۔

۳۷۷۸۷...... حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ جب خنیس بن حذافہ کا انتقال ہوگیا تو میں نے حفصہ رضی اللہ عنہا کے لیے عثمان غنی رضی

اللہ عنہ کو پیش کش کی لیکن انھوں نے اعراض کر دیا میں نے یہ قصہ نبی کریم ﷺ خدمت میں عرض کیا: کہ عثمان پر بڑا تعجب اور افسوس ہے کہ میں نے انھیں حفصہ رضی اللہ عنہا کی پیشکش کی لیکن انھوں نے انکار کر دیا رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے عثمان کا نکاح ایسی عورت سے کرا دیا تمہاری بیٹی سے بہتر ہے اور تمہاری بیٹی کا نکاح ایسے شخص سے کرا دیا جو عثمان سے بہتر ہے چنانچہ حفصہ رضی اللہ عنہا سے خود رسول اللہ ﷺ نے شادی کی اور اپنی بیٹی ام کلثوم رضی اللہ عنہا سے عثمان رضی اللہ عنہ کی شادی کرادی۔ رواہ ابن سعد

ام المؤمنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا

۳۷۷۸۸..... ''مسند عمر رضی اللہ عنہ'' ابووائل کی روایت ہے کہ ایک شخص کا ام سلمہ رضی اللہ عنہا پر کوئی حق تھا اس نے اس پر قسم کھالی حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے سے تیس۔(۳۰) کوڑے لگائے جسم پر کوڑوں کا تشتر واضح تھا اور یہ کوڑے رائیگاں سمجھے گئے۔

رواہ ابوعبید فی الغریب وسفیان بن عیینۃ فی حدیثہ والا لکائی

۳۷۷۸۹..... عبدالملک بن حارث بن ھشام مخزومی اپنے والد سے روایت نقل کرتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے شوال میں نکاح کیا اور شوال ہی میں رخصتی عمل میں آئی۔ رواہ ابونعیم

۳۷۷۹۰..... ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی روایت ہے کہ جب وہ مدینہ آئیں تو انھوں نے اہل مدینہ کو خبر کی کہ میں ابوامیہ بن مغیرہ کی بیٹی ہوں لوگوں نے انھیں جھٹلا دیا حتیٰ کہ لوگ حج کی تیاری میں مصروف ہو گئے اور لوگوں نے حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے کہا اپنے گھر والوں کو خط لکھو چنانچہ ام سلمہ رضی اللہ عنہ نے خط لکھ بھیجا جب لوگ مدینہ واپس آئے تو ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی تصدیق کر دی اور ان کا زیادہ احترام و اکرام کرنے لگے ام سلمہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں جب میں نے زینب کو جنم دیا میرے پاس نبی کریم ﷺ تشریف لائے اور مجھے پیغام نکاح دیا میں نے عرض کیا: مجھ جیسی عورت سے نکاح کیا جائے گا؟ سوفی الحال نکاح کرنے کا میرا ارادہ نہیں ہے میں عیالدار عورت ہوں اور میں ہوں بھی غیرت مند عورت۔ آپ نے فرمایا: میں تجھ سے بڑا ہوں۔ رہی اس قسم کی غیرت سو اللہ تعالیٰ اسے ختم کر دے گا رہی بات عیال کی وہ اللہ اور اس کے رسول کے سپرد ہے چنانچہ رسول اللہ ﷺ نے ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے شادی کر لی اور آپ نے ام سلمہ رضی اللہ عنہ کے پاس آنا شروع کر دیا اور فرماتے زینب رضی اللہ عنہا کہاں ہے؟ حتیٰ کہ عمار رضی اللہ عنہ آئے اور بولے: یہ لڑکی رسول اللہ ﷺ کے لیے رکاوٹ بنی ہوئی ہے چونکہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا اسے دودھ پلاتی تھیں۔ اس کے بعد رسول اللہ ﷺ تشریف لائے اور پوچھا: زینب رضی اللہ عنہا کہاں ہے؟ ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے کہا: میں نے اسے بنت ابی امیہ کے پاس بھیج دیا ہے اور ابن یاسر نے اسے لے لیا ہے نبی کریم ﷺ نے فرمایا: میں آج رات تمہارے پاس آؤں گا ام سلمہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں میں نے چکی کے نیچے چمڑہ بچھایا اور کچھ جو پیسے جو میرے تھیلے میں پڑے ہوئے تھے کچھ چربی لی اور اس سے کھانا تیار کیا آپ ﷺ نے میرے یہاں رات بسر کی جب صبح ہوئی آپ نے فرمایا: بلاشبہ تمہاری تمہارے خاندان والوں کے ہاں عزت واحترام ہے اگر تم چاہو تو میں تمہارے ہاں سات دن بسر کروں اور پھر دوسری بیویوں کے ہاں بھی سات دن بسر کروں گا۔ رواہ ابن عساکر

ام المؤمنین حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا

۳۷۷۹۱..... عبدالرحمن بن ابزی کی روایت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے زینب بنت جحش کے جنازہ پر چار تکبیریں کہیں پھر ازواج مطہرات کی طرف پیغام بھیجا کہ زینب رضی اللہ عنہا کو کون قبر میں داخل کرے؟ ازواج نے جواب دیا: زینب کو وہی شخص قبر میں داخل کرے جو ان کی زندگی میں ان کے پاس زیادہ سے زیادہ حاضر ہوتا تھا پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: رسول اللہ ﷺ ارشاد فرماتے تھے تم میں سے سب سے پہلے وہ میرے پاس آئے گی جس کے ہاتھ سب سے زیادہ لمبے ہوں گے چنانچہ ازواج مطہرات اپنے ہاتھ ایک دوسرے سے ملاتی تھیں کس کا زیادہ لمبا ہے حالانکہ اس کا مطلب یہ تھا کہ زینب اللہ تعالیٰ کی راہ میں زیادہ سے زیادہ خیرات کرنے والی تھی۔ رواہ البزر وابن مندہ فی غرائب شعبۃ

۳۷۷۹۲...... نافع وغیرہ کی روایت ہے کہ پہلے مرد وزن برابر جنازے پر حاضر ہوتے تھے جب زینب بنت جحش رضی اللہ عنہ نے وفات پائی حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے منادی سے اعلان کرایا کہ زینب رضی اللہ عنہا کے جنازہ پر صرف ان کا محرم ہی حاضر ہو چنانچہ حضرت اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہ نے کہا: اے امیر المؤمنین! میں آپ کو ایک چیز دکھاتی ہوں جو میں نے حبشیوں کو اپنی عورتوں کے لیے کرتے دیکھا ہے چنانچہ (کمس وغیرہ سے) نعش بنائی اور پر اس پر کپڑا ڈال کر اسے ڈھانپ دیا جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس کی طرف دیکھا فرمایا: یہ تو بہت اچھی چیز ہے اور اس سے ستر بھی زیادہ ہو جاتا ہے پھر آپ نے منادی کو حکم دیا کہ لوگوں میں اعلان کرو کہ اپنی ماں کے جنازہ میں شریک ہو جاؤ۔ رواہ ابن سعد

۳۷۷۹۳...... عمرہ بنت عبدالرحمٰن کی روایت ہے کہ جب زینب بنت جحش رضی اللہ عنہ کی وفات کا وقت قریب ہوا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے بیت المال سے پانچ قسم کے کپڑے ان کے پاس بھیجے اور فرمایا جونسا چاہیں پسند فرمائیں۔ رواہ ابن سعد

۳۷۷۹۴...... قاسم بن عبدالرحمٰن سے مروی ہے کہ جب حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہ نے وفات پائی تو یہ ازواج مطہرات میں سب سے پہلے آپ ﷺ کے ساتھ لاحق ہونے والی ہیں جب ان کا جنازہ قبر کے پاس لایا گیا حضرت عمر رضی اللہ عنہ قبر کے پاس کھڑے ہوئے اور اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء کے بعد فرمایا جب یہ بیمار ہوئی تو میں نے ازواج مطہرات کے پاس پیغام بھجوایا کہ کون ان کی تیمارداری کرے گا؟ ازواج مطہرات نے کہا: ہم کریں گی میرے خیال میں انھوں نے تیمارداری کا حق ادا کر دیا پھر جب ان کی وفات ہوگئی تو میں نے ازواج مطہرات کے پاس پیغام بھیجا کہ کون ان کی تجہیز وتکفین کرے گا؟ انھوں نے کہا: ہم کریں گے یقیناً انھوں نے حق ادا کیا ہوگا پھر میں نے پیغام بھجوایا کون ان کو قبر میں اتارے گا انھوں نے کہا: جس کو ان کے پاس ان کی زندگی میں آنا جانا حلال تھا میرا خیال ہے کہ اس میں بھی انھوں نے سچ اور حق کہا ہے لہٰذا! اے لوگو! تم سب یہاں سے ہٹ جاؤ پھر آپ نے لوگوں کو وہاں سے ہٹا دیا اور زینب رضی اللہ عنہ کے گھر والوں میں سے دو شخص انھیں قبر میں اتارنے کے لئے اترے۔ رواہ ابن سعد

۳۷۷۹۵...... عبدالرحمٰن بن ابزی سے مروی ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کے جنازہ پر چار تکبیریں کہیں پھر جب قبر میں اتارنے کا مرحلہ آیا تو ازواج مطہرات کی طرف پیغام بھیجوایا انھوں نے کہا: آپ کے لیے ان کو قبر میں اتارنا حلال نہیں ہے ان کو قبر وہی شخص اتارے گا جس کو ان کی زندگی میں ان کی طرف دیکھنا حلال تھا۔ رواہ ابن سعد

۳۷۷۹۶...... محمد بن منکدر سے مروی ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ بن خطاب رضی اللہ عنہ قبرستان سے گزرے تو کچھ لوگ زینب بنت جحش رضی اللہ عنہ کی قبر کھود رہے تھے دن انتہائی گرم تھا آپ نے لوگوں کو دیکھ کر فرمایا: کاش میں ان پر خیمہ نصب کرا دیتا پھر آپ نے ان پر خیمہ نصب کرا دیا اور قبر پر نصب کیا جانے والا یہ پہلا خیمہ تھا۔ رواہ ابن سعد

۳۷۷۹۷...... ثعلبہ بن ابی مالک سے مروی ہے کہ میں نے عثمان رضی اللہ عنہ کے دور خلافت میں جس دن حکم بن ابی العاص فوت ہوئے تو ان کی قبر پر خیمہ نصب دیکھا، حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: لوگوں نے برائی کی طرف کس قدر جلدی کی ہے اور ایک دوسرے کی نقل کرنے لگے ہیں میں تم حاضرین سے اللہ تعالیٰ کی قسم دے کر پوچھتا ہوں کیا تم جانتے ہو تو حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے حضرت زینب بنت جحش کی قبر پر خیمہ نصب کیا تھا؟ لوگوں نے جواب دیا جی ہاں ہمیں معلوم ہے۔ پھر پوچھا کیا تم نے اس پر کسی کو اعتراض کرتے سنا تھا؟ لوگوں نے کہا: نہیں۔

رواہ ابن سعد

۳۷۷۹۸...... عبداللہ بن ابی سلیط سے مروی ہے کہ میں نے ابواحمد بن جحش کو دیکھا کہ وہ حضرت زینب بنت جحش کی چارپائی کو اٹھائی ہوئے ہیں اور وہ رو رہا ہے اور لوگوں کے لیے رکاوٹ بن رہا ہے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے اس سے فرمایا: اے ابواحمد! چارپائی سے ہٹ جاؤ اور لوگوں کے لیے رکاوٹ نہ بنو لوگوں نے چارپائی پر بھیڑ کر لی تھی ابواحمد نے کہا: اے عمر، یہ وہ خاتون ہے کہ جس کے ذریعہ ہم نے خیر پائی ہے لہٰذا جس قدر مجھ سے ہو سکے گا میں اس عمل سے اپنی گرمی کو ٹھنڈک پہنچاؤں گا حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ٹھیک ہے ٹھیک ہے۔ رواہ ابن سعد

۳۷۷۹۹...... عبداللہ بن عامر بن ربیعہ سے مروی ہے کہ میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ انھوں نے حضرت زینب بنت جحش پر ۲۰ھ میں ایک گرم دن میں نماز جنازہ پڑھی میں نے دیکھا کہ ایک کپڑا ان کی قبر پر تان دیا گیا ہے حضرت عمر رضی اللہ عنہ قبر کے کنارے بیٹھے ہوئے ہیں اور

ابواحمد نابینا بھی ان کے ساتھ ہیں دفن کے وقت حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اوران کے ساتھ دیگر اکابر صحابہ بھی کھڑے ہوئے اور عمر بن محمد بن عبداللہ بن جحش اسامہ وعبداللہ ابنا ابی احمد بن جحش اور محمد بن طلحہ بن عبداللہ جوان کی بہن حمنہ بنت جحش کے لڑکے ہیں ان سب نے زنیب بنت جحش رضی اللہ عنہ کو قبر میں اتارا۔ رواہ ابن سعد

۳۷۸۰۰...... واثلہ کی روایت ہے کہ میں نے رسول کریم ﷺ کوارشاد فرماتے سنا ہے کہ اے فاطمہ رضی اللہ عنہا! سب سے پہلے میرے گھر والوں میں سے میرے ساتھ تولاحق ہوگی اور میری ازواج میں میرے ساتھ سب سے پہلے زینب لاحق ہوگی اور وہ ہاتھوں میں سب سے لمبی ہے چنانچہ زنیب رضی اللہ عنہ جوتا گانٹھ لیتیں تسمہ ڈال لیتی تھیں مشکیزہ درست کر لیتی یا ہرقسم کا برتن درست کر لیتی تھی مشکیزے اٹھاتی تھیں اور اللہ کی راہ میں زیادہ سے زیادہ خرچ کرتی تھیں اسی لیے رسول کریم ﷺ نے انھیں سب سے لمبی ہتھیلی والی کہا تھا۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۸۰۱...... حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ حضرت زنیب رضی اللہ عنہ ازواج مطہرات پرفخر کرتی تھیں اور کہتی تھیں کہ میری شادی رسول اللہ ﷺ سے خود اللہ تعالیٰ نے کرائی ہے لوگوں نے نہیں کرائی آپ نے روٹی اور گوشت سے میرا ولیمہ کیا ہے اور اصحاب کے متعلق آیات میرے ہی بارے میں نازل ہوئی ہیں۔ رواہ ابن عساکر

ام المؤمنین حضرت صفیہ بنت حیی رضی اللہ عنہ

۳۷۸۰۲...... حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ خیبر کے موقع پر رسول اللہ ﷺ کے پاس صفیہ رضی اللہ عنہا لائی گئیں آپ کے سامنے دو شخص بھی لائے گئے ان میں سے ایک صفیہ رضی اللہ عنہا کا خاوند تھا اور دوسرا بھائی تھا الخ چنانچہ شب زفاف کو حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ نے آپ کے خیمہ کے ارد گرد چکر لگاتے ہوئے رات گزاری جب رسول اللہ ﷺ نے قدموں کی چاپ سنی، فرمایا: یہ کون ہے؟ جواب دیا: میں خالد بن زید ہوں رسول اللہ ﷺ ان کے پاس آئے اور فرمایا: یہاں کیسے آنا ہوا؟ عرض کیا: میں رات بھرسویا نہیں ہوں مجھے خوف تھا کہیں اس عورت کی وجہ سے آپ کو کوئی تکلیف نہ پہنچائے آپ نے ابوایوب رضی اللہ عنہ کو واپس چلے جانے کا حکم دیا اور وہ واپس چلے گئے۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۸۰۳...... حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ صفیہ رضی اللہ عنہا سے کچھ ناراض سے ہو گئے صفیہ رضی اللہ عنہا نے کہا: اے عائشہ رضی اللہ عنہا! کیا تم رسول اللہ ﷺ کو راضی کرسکتی ہو اس کے صلہ میں میں اپنی باری کا دن تمہارے نام کردوں گی؟ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ نے کہا: جی ہاں پھر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے زعفران میں رنگی ہوئی چادر لی اور اسے خوشبو سے معطر کیا پھر آکر نبی کریم ﷺ کے پہلو میں بیٹھ گئیں آپ نے فرمایا: اے عائشہ رضی اللہ عنہا اپنی باری کا انتظار کرو آج تمہاری باری کا دن نہیں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا: یہ اللہ تعالیٰ کا فضل ہے جسے چاہے عطا کرے پھر عائشہ رضی اللہ عنہا نے ماجرا سنایا اور آپ صفیہ رضی اللہ عنہا سے رضامند ہو گئے۔ رواہ ابن النجار

۳۷۸۰۴...... حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت ہے کہ صفیہ رضی اللہ عنہا صفی میں سے تھیں۔ رواہ ابن النجار

فائدہ:...... صفی: رسول اللہ ﷺ مال غنیمت سے کوئی چیز اپنے لیے پسند فرمالیتے تھے اسے صفی کہا جاتا تھا۔

۳۷۸۰۵...... عروہ کی روایت ہے کہ ابوایوب رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ کا پہرہ دیتے ہوئے رات گزاری جب صفیہ بنت حیی رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ کے پاس زفاف کے لئے لائی گئیں صبح صبح جب رسول اللہ ﷺ باہر نکلے ابوایوب رضی اللہ عنہ نے تکبیر کہی آپ نے تکبیر کہنے کی وجہ دریافت فرمائی ابوایوب رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ آج رات میں سویا نہیں ہوں آپ نے فرمایا: اے ابوایوب کیوں نہیں سوئے؟ عرض کیا: جب یہ عورت آپ کے پاس آئی مجھے یاد آیا کہ آپ نے اس کے باپ بھائی خاوند اور اس کے رشتہ داروں کو قتل کیا ہے اللہ کی قسم مجھے خوف ہوا کہیں یہ عورت آپ کو دھوکا نہ دے دے رسول اللہ ﷺ ہنس پڑے اور ابوایوب رضی اللہ عنہ کی تعریف کی۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۸۰۶...... حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کسی قوم پر صبح ہونے سے پہلے حملہ آور نہ ہوتے جب صبح ہوجاتی اگر اذان سنتے تو حملہ کرنے سے رک جاتے اور اگر اذان کی آواز نہ سنتے حملہ کر دیتے آپ خیبر تشریف لائے جب کہ اہل خیبر اپنے قلعوں سے باہر نکل آئے تھے اور اپنے کام کاج کے لئے کھیتوں میں متفرق ہوئے تھے ان کے ساتھ ان کے لڑکے

ٹوکرے اور کلہاڑے وغیرہ بھی تھے جب انھوں نے نبی کریم ﷺ کو دیکھا کہنے لگے یہ تو محمد اور اس کا لشکر ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ اکبر خیبر ویرانگی کے قریب تر ہو چکا ہے جب ہم کسی قوم کے صحن میں اترتے ہیں تو ڈرسناتے ہوئے لوگوں کی صبح بہت بری ہوتی ہے رسول اللہ ﷺ نے لڑائی کا آغاز کر دیا اور اللہ تعالیٰ نے فتح نصیب فرمائی غنیمت تقسیم کی گئیں اور صفیہ رضی اللہ عنہا حضرت دحیہ کلبی رضی اللہ عنہ کے حصہ میں آئیں رسول اللہ ﷺ سے کہا گیا: ایک خوبصورت باندی دحیہ کلبی کے حصہ میں آئی ہے چنانچہ رسول اللہ ﷺ نے سات سروں کے بدلہ میں صفیہ رضی اللہ عنہا کو خرید لیا اور انھیں ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے پاس بھیجوا دیا تاکہ ام سلیم رضی اللہ عنہا ان کی حالت درست کرلیں چنانچہ جب آپ نے صفیہ رضی اللہ عنہا کے پاس جانے کا ارادہ کیا لوگوں نے کہا: ہمیں معلوم نہیں آیا کہ آپ نے اسے اپنی باندی بنالیا ہے یا اس سے شادی کرلی ہے۔ جب آپ نے خیبر سے کوچ کیا صفیہ رضی اللہ عنہا کو اپنے پیچھے بٹھایا اور جب مدینہ کے قریب پہنچے سواری تیز کردی صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا یہی دستور تھا جب مدینہ کے قریب پہنچے سواریوں کو تیز کرلیتے تھے اس اثناء میں رسول اللہ ﷺ کی اونٹنی ٹھوکر کھا کر گر پڑی جس سے آپ ﷺ اور حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا گر پڑے جب کہ نبی کریم ﷺ کی بیویاں یہ ماجرا دیکھ رہی تھیں وہ بول پڑیں: اللہ تعالیٰ اس یہودیہ کو دور رکھے اور اس کا برا کرے آپ نے صفیہ رضی اللہ عنہ پر پردہ کر دیا اور دوبارہ اپنے ساتھ اونٹنی پر سوار کرلیں۔ رواہ ابن ابی شیبة

ام المؤمنین حضرت جویریہ بنت حارث رضی اللہ عنہا

۳۷۸۰۷..... شعبی کی روایت ہے کہ حضرت جویریہ رضی اللہ عنہا رسول اللہ ﷺ کی ملکیت تھیں آپ نے جویریہ رضی اللہ عنہا کو آزاد کر دیا اور ان کے قبیلہ بنی مصطلق کے ہر فرد کی آزادی کو ان کا مہر قرار دیا۔ رواہ عبدالرزاق

۳۷۸۰۸..... مجاہد کی روایت ہے کہ حضرت جویریہ رضی اللہ عنہا نے نبی کریم ﷺ سے عرض کیا: آپ کی ازواج مجھ پر فخر کرتی ہیں اور کہتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے تجھ سے شادی نہیں کی آپ نے فرمایا: کیا میں نے تمہارا مہر اتنا عظیم تر نہیں مقرر کیا؟ کیا تیری قوم کے چالیس لوگ آزاد نہیں کئے۔

رواہ عبدالرزاق

عالیہ بنت ظبیان

۳۷۸۰۹..... معمر، زہری سے روایت نقل کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے عالیہ بنت ظبیان کو طلاق دے دی پھر عالیہ سے اس کے چچازاد بھائی نے شادی کرلی یہ واقعہ ازواج مطہرات سے حرمت نکاح سے پہلے کا ہے چنانچہ عالیہ سے اس کے خاوند کی اولاد بھی ہوئی۔ رواہ عبدالرزاق

قتیلہ کندیہ

۳۷۸۱۰..... شعبی کی روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے کندہ کی ایک عورت سے شادی کی تھی چنانچہ نبی کریم ﷺ کی وفات کے بعد وہ عورت لائی گئی۔

رواہ عبد الرزاق

۳۷۸۱۱..... داؤد بن ابی ھند کی روایت ہے کہ جب نبی کریم ﷺ کی وفات ہوئی تو آپ قبیلہ کندہ کی ایک عورت کی مالک تھے یعنی اس سے نکاح کیا ہوا تھا اس کا نام قتیلہ تھا وہ اپنی قوم کے ساتھ بعد میں مرتدہ ہوگئی پھر عکرمہ بن ابی جہل رضی اللہ عنہ نے اس سے نکاح کرلیا حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو جب خبر ہوئی انھیں سخت رنج وملال ہوا حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے ان کی خدمت میں عرض کیا کہ اے خلیفہ رسول اللہ! اللہ کی قسم! یہ عورت آپ ﷺ کی ازواج میں سے نہیں ہے چونکہ آپ نے اس عورت کو نہ ہی اختیار دیا اور نہ ہی اس سے پردہ کرایا اور اس کے مرتدہ ہو جانے کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے بھی آپ کو اس سے بری کر دیا ہے۔ رواہ ابن سعد

ام المؤمنین میمونہ بنت حارث رضی اللہ عنہ

۳۷۸۱۲..... مولائے ابن عباس عکرمہ کی روایت ہے کہ میمونہ رضی اللہ عنہا نے اپنے تئیں نبی کریم ﷺ کے سپرد کر دیئے تھے۔
رواہ عبدالرزاق

۳۷۸۱۳..... معمر زہری اور قتادہ سے روایت نقل کرتے ہیں کہ میمونہ رضی اللہ عنہا نے اپنے تئیں نبی کریم ﷺ کے سپرد کر دیئے تھے یعنی اپنا نفس نبی کریم ﷺ کو ہبہ کر دیا تھا۔ رواہ عبدالرزاق

ذیل ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن

۳۷۸۱۴..... ابراہیم بن سعد اپنے والد اور دادا کی سند سے روایت نقل کرتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ بن خطاب رضی اللہ عنہ نے عبد الرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ اور عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کو ازواج مطہرات کے ساتھ حج کرانے" اس سال کہ جس میں عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کی شہادت ہوئی بھیجا عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ ازواج مطہرات کے اونٹوں کے آگے آگے چلتے تھے اور کسی کو بھی قریب نہ آنے دیتے تھے دور سے ہی کوئی اس قافلہ کو دیکھ سکتا تھا جب کہ عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ ان کے پیچھے پیچھے چلتے تھے ساری ازواج مطہرات اپنے اپنے ھودج میں ہوتی تھیں جب یہ دونوں حضرات ازواج کو کسی گھاٹی میں اتارتے یہ دونوں الگ ہو کر بیٹھ جاتے اور ان کے پاس کسی کو نہ آنے دیتے۔
رواہ ابن سعد

۳۷۸۱۵..... ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اسماء بنت نعمان سے مہاجرین ابی امیہ نے نکاح کیا حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دونوں کو سزا دینے کا ارادہ کیا تو اسماء کہنے لگی: اللہ کی قسم! مجھ سے نہ تو پردہ کر دیا گیا اور نہ ہی مجھے ام المؤمنین کے لقب سے پکارا گیا اس پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ سزا دینے سے رُک گئے۔ رواہ ابن سعد

۳۷۸۱۶..... ابوجعفر کی روایت ہے کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے ازواج مطہرات کو حج وعمرہ کرنے سے منع فرما دیا تھا۔
رواہ ابن سعد

۳۷۸۱۷..... حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ہمیں حج وعمرہ کرنے سے منع کیا تھا حتیٰ کہ جب ان کے دور خلافت کا آخری سال آیا انھوں نے ہمیں حج کرنے کی اجازت دے دی۔ رواہ ابن سعد وابونعیم فی المعرفة

۳۷۸۱۸..... مسور بن مخرمہ کی روایت ہے کہ حضرت عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ نے حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کو چالیس ہزار دینار میں زمین بیچی عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ نے حاصل ہونے وال مال بنی زہرہ کے فقراء ومسکین اور امہات المؤمنین میں تقسیم کیا مسور کہتے ہیں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے حصہ کا مل مجھے دیکر ان کے پاس بھیجا جب میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ کے پاس پہنچا انھوں نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو ارشاد فرماتے سنا ہے کہ میرے بعد تمہارے اوپر۔ (ازواج مطہرات پر) صرف نیک و صالح لوگ ہی مہربان ہوں گے اللہ تعالیٰ ابن عوف کو جنت کے مخصوص چشمہ سلسبیل سے پانی پلائے۔ رواہ ابونعیم

۸۱۹ ۷..... حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ رسول کریم ﷺ نے مجھ پر جھک کر فرمایا: بلاشبہ تم۔ (ازواج مطہرات) میرے ترکہ کا اہم ترین سرمایہ ہو میرے بعد تمہارے اوپر صرف نیک وصالح اور صبر کرنے والے لوگ ہی مہربان ہوں گے۔ رواہ ابونعیم

۳۷۸۲۰..... حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے مرض الوفات میں اپنی ازواج مطہرات کو جمع کیا اور پھر فرمایا: تمہاری حفاظت وہی لوگ کریں گے جو صابر وصادق ہوں گے۔ رواہ الحسن ابن سفیان وابن عساکر

۳۷۸۲۱......عروہ کی روایت ہے کہ خولہ بنت حکیم بن اوقص جو کہ نبی سلیم کی ایک عورت ہے یہ منجملہ ان عورتوں میں سے ہے جنھوں نے اپنے تئیں نبی کریم ﷺ کے سپرد کردیئے تھے میں نے نہیں سنا کہ آپ نے اس کا بوسہ تک بھی لیا ہو۔رواہ عبدالرزاق

۳۷۸۲۲......عروہ کی روایت ہے کہ جب کندیہ نبی کریم ﷺ کے پاس لائی گئی بولی ”اعوذ باللہ منک“ میں تجھ سے اللہ کی پناہ مانگتی ہوں آپ نے فرمایا: عظیم ذات کی پناہ مانگی ہے لہٰذا اپنے خاندان والوں کے پاس چلی جاؤ۔رواہ عبدالرزاق

قد تمت بحمدالله وحسن توفيقه ترجمة الجزء الثالث عشر من كنز العمال بلعلامة علاء الدين على المتقى الهندى رحمه اللهتعالىٰ المتوفى مسنة ۹۷۵ھ. يوم الاحد ۱۶ لربيع الثانى سنة ۱۴۲۹ھ، الموافق ۱۳ نيسان (ابريل) سنة ۲۰۰۸م والساعة اربع والنصف من المساء.
وندعوالله سبحانه وتعالىٰ ان ينفعنا به ويوفقنا لما يحبه و يرضاه وصلى اللهعلى خير خلقه سيد نا محمد وآله وصحبه اجمعين وآخر دعوانا ان الحمد للهرب العالمين. آمين.

المترجم: ابوعبداللہ محمد یوسف تنولی

اردو ترجمہ کنز العمال

حصہ چہاردہم

مترجم

مفتی علی شہزاد علوی

فاضل دارالعلوم، کراچی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تابعین وغیرھم کے فضائل

اویس بن عامر القرنی رحمہ اللہ

۳۷۸۲۳...... اسیر بن جابر سے مروی ہے کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس جب اہل یمن کی امداد آئی تو آپ رضی اللہ عنہ نے ان (اہل یمن) سے پوچھا: کیا تمہارے ساتھ اویس بن عامر بھی ہیں؟ پھر (ان کے بتانے پر) آپ اویس رحمۃ اللہ علیہ کے پاس تشریف لائے اوران سے پوچھا: کیا آپ اویس ہیں؟ حضرت اویس رحمۃ اللہ علیہ بولے: جی ہاں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے پوچھا: کیا آپ قبیلہ مراد کی قرن شاخ سے تعلق رکھتے ہیں (جس کی وجہ سے قرنی کہلاتے ہیں)؟ انہوں نے عرض کیا: جی ہاں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے پوچھا: کیا آپ کو برص کی بیماری تھی پھر وہ صحیح ہوگئی مگر پھر بھی ایک درہم کی جگہ باقی رہ گئی ہے؟ حضرت اویس رحمۃ اللہ علیہ نے عرض کیا: جی ہاں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے پوچھا: کیا آپ کی والدہ (حیات) ہیں؟ عرض کیا: جی ہاں۔ تب حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: میں نے رسول اکرم ﷺ سے سنا ہے، آپ علیہ السلام نے فرمایا تھا: تمہارے پاس اہل یمن کی امداد کے ساتھ اویس بن عامر آئیں گے جن کا تعلق قبیلہ مراد کی قرن شاخ سے ہوگا۔ ان کو پہلے برص کی بیماری ہوئی ہوگی جو ایک درہم کے سوا صحیح ہو چکی ہوگی ان کی والدہ ہوگی جن کے ساتھ وہ (بہت) نیکی کرنے والے ہوں گے۔ اگر وہ اللہ پر قسم کھالیں تو اللہ ان کی قسم کو پوری فرمادیں گے۔

(اور حضور ﷺ نے فرمایا تھا) اگر تو ان سے اپنے لئے استغفار کروا سکے تو ضرور کرالینا۔

پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان سے استغفار کی درخواست کی تو حضرت اویس رحمۃ اللہ علیہ نے ان کے لئے استغفار کیا۔

پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان سے پوچھا: اب آپ کا کہاں جانے کا قصد ہے؟

انہوں نے عرض کیا: کوفہ جانے کا قصد ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے پوچھا: کیا میں آپ کے لئے کوفہ کے گورنر کو خط نہ لکھ دوں؟ وہ آپ کے ساتھ اچھا سلوک کرے گا؟ حضرت اویس رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: نہیں، میں عام گمنام لوگوں میں رہنا پسند کرتا ہوں۔

پھر آئندہ سال کوفہ کے اشراف لوگوں میں سے ایک شخص حج پر آیا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے اس کی ملاقات ہوئی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس سے اویس رحمۃ اللہ علیہ کے متعلق پوچھا کہ جب تم آئے تو وہ کس حال میں تھے؟ کوفی نے جواب دیا: میں نے جب ان کو چھوڑا تو ان کے گھر کا حال برا تھا اور وہ بے سروسامانی کی حالت میں تھے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے (وہی حدیث سنائی اور) فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا تھا: تمہارے پاس اہل یمن کی امداد کے ساتھ اویس بن عامر رحمۃ اللہ علیہ آئیں گے جو قبیلہ مراد کی قرن شاخ سے ہوں گے۔ ان کو برص لاحق ہوگا پھر وہ اس سے شفایاب ہوجائیں گے سوائے ایک درہم کی جگہ کے۔ ان کی والدہ ہوگی جس کے ساتھ وہ بہت نیکی برتنے والے ہوں گے۔ اگر وہ اللہ پر قسم کھالیں تو اللہ ان کی قسم کو پورا فرمادیں گے۔ اگر تم سے ہو سکے کہ ان سے استغفار کرواؤ تو ضرور کرالینا۔

چنانچہ وہ کوفی شخص واپسی میں حضرت اویس رحمۃ اللہ علیہ کے پاس حاضر ہوا اور عرض کیا۔ میرے لئے استغفار کر دیجئے۔ حضرت اویس رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: تم مبارک سفر سے نئے نئے لوٹے ہو تم میرے لئے استغفار کرو۔ کوفی نے عرض کیا: آپ میرے لئے استغفار کردیجئے۔ تب

حضرت اویس رحمۃ اللہ علیہ نے اس شخص سے پوچھا: کیا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے ملا تھا؟ اس نے اثبات میں جواب دیا۔ تب حضرت اویس رحمۃ اللہ علیہ نے اس کے لئے اللہ سے مغفرت کی دعا کی۔

اب لوگوں کو ان کے مرتبے کا علم ہو گیا جس کی وجہ سے وہ وہاں سے کہیں اور کوچ کر گئے۔

ابن سعد، مسلم، ابو عوانة، الرویانی، مسند ابی یعلی، حلیة الاولیاء، الدلائل البیهقی

۳۷۸۲۴ ...... اُسیر بن جابر سے مروی ہے کہ کوفہ میں ایک محدث تھا جو ہمیں حدیث بیان کرتا تھا۔ جب وہ حدیث سے فارغ ہو جاتا تو لوگ منتشر ہو جاتے، جب کہ ایک گروہ پیچھے بیٹھا رہ جاتا تھا۔ ان میں ایک آدمی تھا جو ان کو ایسی باتیں سناتا تھا جو میں نے کسی کو بیان کرتے نہیں سنی تھیں۔ مجھے اس آدمی کی باتیں اچھی لگیں۔ پھر وہ شخص مفقود ہو گیا۔ میں نے اپنے ساتھیوں سے پوچھا: تم اس شخص کو جانتے ہو جو ہمارے ساتھ بیٹھتا (تھا اور ایسی ایسی باتیں کرتا) تھا۔ ایک آدمی نے کہا: ہاں میں اس کو جانتا ہوں۔ وہ اویس قرنی ہیں۔ میں نے کہا: تم اس کا گھر جانتے ہو؟

اس نے اثبات میں جواب دیا تو میں اس کے ساتھ چل پڑا اور جا کر اس کا دروازہ کھٹکھٹایا۔ اویس نکل کر میرے پاس آئے۔ میں نے کہا: اے بھائی! تم ہمارے پاس آنے جانے سے رک کیوں گئے؟ اویس بولے: بے لباس ہونے کی وجہ سے۔ کیونکہ میرے ساتھی اس کے ساتھ مذاق اور تمسخر کرتے تھے اور اس کو ستاتے تھے۔ چنانچہ میں نے اس کو کہا: یہ میری چادر لے لو اور باندھ لو۔ اویس نے ایسا کرنے سے منع کیا اور بولے: یہ چادر مجھ پر دیکھ کر وہ لوگ مجھے مزید تکلیف دیں گے۔ اسیر کہتے ہیں: میں اصرار کرتا رہا حتیٰ کہ اویس نے وہ چادر باندھلی اور پھر میرے ساتھیوں کے پاس آئے تو انہوں نے کہا: کیا خیال ہے تمہارا اس نے کس کو دھوکہ دے کر چادر حاصل کی ہے؟ اویس یہ سن کر واپس ہوئے اور چادر اتار دی اور مجھے بولے: دیکھ لیا تم نے۔ اسیر کہتے ہیں: تب میں اپنے دوستوں کی مجلس میں حاضر ہوا اور ان سے مخاطب ہوا: تم اس آدمی سے آخر چاہتے کیا ہو؟ تم نے اس کو بہت ستالیا ہے۔ اس کا حال تو یہ ہے کہ ایک وقت اس کے پاس تن ڈھانکنے کو ہوتا ہے تو دوسرے وقت وہ بھی نہیں ہوتا۔

پھر میں نے ان کو خوب کھری کھری سنائیں اور سخت زبان استعمال کی۔

پھر اللہ کا کرنا ایسا ہوا کہ اہل کوفہ کا وفد حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں گیا۔

وفد میں ان میں سے ایک آدمی وہ بھی تھا جو اویس رحمۃ اللہ علیہ کو ستاتے تھے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اہل وفد سے فرمایا: کیا تمہارے پاس قرنیوں میں سے کوئی شخص بھی ہے؟

(یعنی اویس قرنی)؟ یہ بات سن کر وہ شخص کھٹک گیا۔ پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تھا: تمہارے پاس یمن سے ایک شخص آئے گا جس کو اویس کہا جاتا ہوگا۔ یمن میں صرف اپنی ماں کو چھوڑے گا۔ اس کو برص کی سفیدی ہوگی۔ وہ اللہ سے دعا کرے گا تو اس کی سفیدی زائل ہو جائے گی سوائے (ایک درہم کی جگہ کے۔ پس جو شخص بھی اس سے ملاقات کا شرف حاصل کرے وہ اس سے اپنے لئے مغفرت کی دعا کرالے۔ پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: چنانچہ وہ بزرگ ہمارے پاس تشریف لائے تھے۔ میں نے ان سے پوچھا: آپ کہاں سے تعلق رکھتے ہیں؟ انہوں نے فرمایا: یمن سے۔ میں نے پوچھا: تمہارا نام کیا ہے؟

انہوں نے اویس نام بتایا۔ میں نے پوچھا: یمن میں کس کو چھوڑ کر آئے ہو؟ فرمانے لگے: ماں کو۔ میں نے پوچھا: کیا تمہیں (برص کی) سفیدی تھی پھر تمہاری دعا سے اللہ نے وہ زائل کر دی؟

انہوں نے فرمایا: بالکل۔ تب میں نے ان کی خدمت میں درخواست کی کہ میرے لئے اللہ سے مغفرت کی دعا کر دیجئے۔ وہ بولے: اے امیر المؤمنین! کیا میرے جیسا (کم اوقات) شخص آپ جیسے (امیر المؤمنین) کے لئے دعا کرے گا! چنانچہ پھر انہوں نے میرے لئے دعائے مغفرت فرما دی۔ پھر میں نے ان سے عرض کیا: آپ میرے بھائی ہیں۔ مجھ سے جدا نہ ہوئیے گا۔ لیکن پھر وہ مجھ سے گم ہو گئے۔ پھر مجھے خبر ملی کہ وہ تمہارے پاس کوفہ میں آ گئے ہیں۔

یہ ساری باتیں سن کر وہ شخص جو حضرت اویس رحمۃ اللہ علیہ کو حقیر سمجھ کر ان کا مذاق اڑاتا تھا، وہ بولا: ایسا کوئی آدمی ہمارے اندر نہیں اور نہ ہم ایسے کسی آدمی کو جانتے ہیں۔ پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرمانے لگے:

ہاں وہ ایسا ہی (گمنام) آدمی ہے، گویا حضرت عمر رضی اللہ عنہ اویس رحمۃ اللہ علیہ کی شان کو کم کرنے لگے، جس سے اس آدمی (میں حوصلہ پیدا ہوا اور پھر وہ) بولا: امیر المؤمنین! ہمارے ہاں ایک آدمی ہے تو، جس کو اویس اویس کہتے ہیں۔ ہم اس کے ساتھ ہنسی مذاق بھی کر لیتے ہیں۔ تب حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جاؤ اس کو ملو، ممکن تو نہیں ہے کہ اب وہ تمہیں ملے۔

چنانچہ وہ شخص کوفہ واپس ہوا اور اپنے اہل وعیال کے پاس جانے سے پہلے حضرت اویس رحمۃ اللہ علیہ کے پاس حاضر ہوا (اور اس کی ادب نوازی کو دیکھ کر) حضرت اویس رحمۃ اللہ علیہ بولے: ایسی تو تمہاری عادت پہلے نہیں تھی۔ تمہیں کیا ہو گیا ہے؟ وہ آدمی بولا: میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو یوں یوں تمہارے متعلق فرماتے ہوئے سنا ہے۔ لہٰذا اے اویس! میرے لئے مغفرت کی دعا کر دیجئے۔ حضرت اویس رحمۃ اللہ علیہ فرمانے لگے: میں ایسا نہیں کرسکتا جب تک کہ تم مجھ سے وعدہ نہ کرو کہ آئندہ میرے ساتھ مذاق تمسخر نہ کرو گے اور نہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی کوئی بات کسی سے بیان کرو گے۔ چنانچہ پھر حضرت اویس رحمۃ اللہ علیہ نے اس کے لئے اللہ کے حضور دعائے مغفرت کی۔

اسیر کہتے ہیں: پھر اویس کا معاملہ کوفہ میں شہرت پکڑ گیا تو میں ان کی خدمت میں حاضر ہوا اور ان کو عرض کیا: اے میرے بھائی: ہم نادانی میں آپ کا خیال نہیں کر پائے۔

حضرت اویس رحمۃ اللہ علیہ بولے: مجھے جو لوگوں سے تکلیف پہنچتی ہے تو بات یہ ہے کہ ہر انسان کو اس کے اپنے عمل کی سزا ملتی ہے۔ پھر حضرت اویس رحمۃ اللہ علیہ وہاں سے بھی چلے گئے اور غائب ہو گئے۔ ابن سعد، حلیۃ الاولیاء، البیہقی فی الدلائل، ابن عساکر

۳۷۸۲۵..... محمد بن سیرین رحمہ اللہ سے مروی ہے، فرمایا: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا: اگر کوئی شخص تابعین میں سے کسی آدمی سے (یعنی اویس سے) ملے تو ان سے اپنے لئے مغفرت کی دعا کرالے۔

محمد بن سیرین رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: مجھے خبر ملی ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ (ہر) موسم حج میں حضرت اویس رحمۃ اللہ علیہ سے متعلق مذکورہ اعلان فرماتے تھے۔ ابن سعد، ابن عساکر

۳۷۸۲۶..... (مسند عمر رضی اللہ عنہ) صعصعۃ بن معاویہ سے مروی ہے کہ حضرت اویس بن عامر تابعین میں سے تھے اور قرن سے تعلق رکھتے تھے (جس کی وجہ سے اویس قرنی) کہلاتے تھے۔ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ارشاد فرمایا: ہمیں رسول اللہ ﷺ نے خبر دی ہے کہ تابعین میں قرن کا ایک آدمی ہوگا جس کو اویس بن عامر کہا جاتا ہوگا اس کو برص کی بیماری نکلے گی، وہ اللہ سے دعا کرے گا کہ اس کی یہ بیماری دور کر دے۔

وہ دعا کرے گا: اے اللہ! میرے جسم میں اتنا حصہ (اس بیماری کا) چھوٹ دے جس کو دیکھ کر میں تیری نعمت کو یاد رکھا کروں۔ چنانچہ اللہ اس کے جسم میں اتنا حصہ چھوڑ دیا جس کے ذریعے وہ اللہ کی اپنے اوپر نعمت کو یاد کرتا رہے۔

پھر حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ارشاد فرمایا: پس تم میں سے جس کی ان سے ملاقات ہوا اور وہ اس سے اپنے لئے مغفرت کی دعا کرا سکے تو ضرور کرائے۔ الحسن بن سفیان، ابو نعیم فی المعرفۃ البیہقی فی الدلائل، ابن عساکر

۳۷۸۲۷..... یحییٰ بن سعید رحمۃ اللہ علیہ، سعید بن المسیب رحمۃ اللہ علیہ سے اور وہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: مجھے ایک دن رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

اے عمر! میں نے عرض کیا: لبیک وسعدیک یا رسول اللہ! اے اللہ کے رسول! میں حاضر ہوں اور ساری سعادت آپ ہی کے لئے ہے۔ مجھے اس وقت گمان ہوا کہ شاید آپ مجھے کسی کام کے لئے روانہ فرمائیں گے۔ پھر حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا:

اے عمر! میری امت میں آخری زمانے میں ایک شخص ہوگا، جس کو اویس قرنی کہا جاتا ہوگا۔ اس کو اپنے جسم میں کوئی بیماری لاحق ہوگی، وہ اللہ سے دعا کرے گا تو اللہ اس کی بیماری کو ختم کر دے گا سوائے ایک تھوڑی سی چمک کے جو اس کے پہلو میں ہوگی۔ جب وہ اس چمک کو دیکھا کرے گا تو اللہ عزوجل کو یاد کیا کرے گا۔

پس جب تیری اس سے ملاقات ہو تو اس کو میری طرف سے سلام کہنا اور اس کو حکم کرنا کہ وہ تیرے لئے دعا کرے۔ کیونکہ وہ اپنے رب کے

ہاں کریم (عزت والا) ہے۔

اپنی والدہ کے ساتھ نیکی برتنے والا ہے۔ اگر وہ اللہ پر قسم کھالے تو اللہ اس کی قسم کو پوری فرمادے گا۔ وہ ربیعہ اور مضر (عرب کے دو بڑے) قبیلوں جتنے لوگوں کی شفاعت کرے گا۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: چنانچہ میں نے رسول اللہ ﷺ کی زندگی میں اس کی تلاش رکھی مگر میں ان کو نہ پاسکا۔ پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے زمانہ خلافت میں ان کی تلاش میں رہا مگر ان کو نہ پاسکا۔ پھر اپنی امارت (امیری کے) زمانہ میں میں قافلوں سے پوچھتا رہا کہ کیا تمہارے میں قبیلہ مراد کا کوئی شخص ہے؟ کیا تمہارے میں قرن کا کوئی شخص ہے؟ کیا تمہارے اندر اویس قرنی ہے؟ پھر ایک مرتبہ ایک بوڑھے نے کہا کہ وہ تو میرا بھتیجا ہے۔ کیا آپ ایسے آدمی کے بارے میں پریشان ہو رہے ہیں جو گھٹیا اوقات کا آدمی ہے۔ اے امیر المومنین! آپ جیسے آدمی کو تو ایسے آدمی کے بارے میں نہیں پوچھنا چاہئے۔ امیر المومنین فرماتے ہیں:

میں نے کہا: تو اس کے بارے میں ہلاک ہونے والوں میں سے ہے۔ مگر اس نے پھر وہی اپنی پہلی بات دہرائی۔

حضرت عمر امیر المومنین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: پس میں اسی ادھیڑ بن میں تھا کہ ایک مرتبہ میرے سامنے ایک سواری برے حال میں آئی جس پر ایک پریشان حال آدمی بیٹھا تھا۔ میرے دل میں از خود آیا کہ یہ اویس ہوں گے۔ میں نے کہا: اے اللہ کے بندے! کیا آپ اویس قرنی نہیں ہیں؟ اس نے ہاں کہی، تو میں نے کہا: رسول اللہ ﷺ نے تمہیں سلام کہا ہے۔

اویس نے کہا: اللہ کے رسول پر بھی سلام ہو اور آپ پر بھی سلام ہو اے امیر المؤمنین!۔

پھر میں نے کہا: حضور آپ کو حکم دے گئے ہیں کہ میرے لئے دعا کر دینا۔

پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کہ پس ہر سال میں ان سے ملاقات کرتا ہوں اور ان کو اپنے حال کی خبر دیتا ہوں اور وہ مجھے اپنے حال کی خبر سناتے ہیں۔ ابو القاسم عبدالعزیز بن جعفر الخرقی فی فوائده، ابن عساکر للخطیب وقال: هذا حديث غريب جداً

کلام:...... مذکورہ روایت انتہائی ضعیف اور کمزور ہے، (جو نا قابل استدلال ہے)۔

۳۷۸۲۸...... حسن سے مروی ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: میری امت کے ایک آدمی کی شفاعت کی وجہ سے ربیعہ اور مضر سے زیادہ لوگ جنت میں داخل ہوں گے۔ کیا میں تم کو ان کا نام نہ بتاؤں؟ صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: ضرور تب آپ نے ارشاد فرمایا: وہ اویس قرنی ہوں گے۔ پھر (حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو مخاطب ہو کر) ارشاد فرمایا: اے عمر! اگر تیری ان سے ملاقات ہو جائے تو ان کو میرا سلام کہنا اور ان کو کہنا کہ وہ تیرے لئے دعا کریں۔ اور یاد رکھو ان کو سفیدی (برص) کی بیماری ہوئی ہوگی۔

پھر وہ اللہ سے دعا کریں گے تو اللہ پاک اس بیماری کو ان سے اٹھالیں گے سوائے کچھ معمولی حصہ کے۔

چنانچہ جب خلافت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا دور ہوا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جب آپ دوران حج میں تھے، (آنے والوں سے) ارشاد فرمایا: تم سب لوگ بیٹھ جاؤ سوائے قبیلہ قرن کے آدمیوں کے۔

چنانچہ ایک آدمی کے سوا سب بیٹھ گئے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس کو بلایا اور پوچھا:

کیا تم میں اویس نام کا کوئی شخص ہے؟ آدمی نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ ہی سے پوچھا: آپ اس سے کیا چاہتے ہیں، وہ تو ویران جگہوں میں رہنے والا آدمی ہے اور لوگوں سے بھی میل جول نہیں رکھتا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا:

اس کو میرا سلام کہنا اور اس کو مجھ سے ملاقات کے لئے کہہ دینا۔

چنانچہ اس آدمی نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا پیغام حضرت اویس قرنی رحمۃ اللہ علیہ تک پہنچا دیا۔ حضرت اویس رحمۃ اللہ علیہ تعمیل ارشاد میں حاضر ہوئے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے پوچھا: کیا آپ اویس ہیں؟ انہوں نے عرض کیا: جی ہاں امیر المومنین! حضرت عمر رضی اللہ عنہ بولے: رسول اللہ ﷺ نے صحیح فرمایا تھا۔ پھر پوچھا: کیا آپ کو برص کی بیماری تھی، پھر آپ نے اللہ سے دعا کی تو وہ بیماری زائل ہوگئی، آپ نے پھر دعا کی تو اللہ نے اس بیماری کا کچھ حصہ آپ کو واپس لوٹا دیا؟ حضرت اویس رحمۃ اللہ علیہ نے پوچھا: ہاں ایسا ہی ہے، آپ کو کس نے یہ خبر دی؟ اللہ کی قسم!

اس کا تو اللہ کے سوا کسی کو علم نہ تھا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے رسول اللہ ﷺ نے اس کی خبر دی تھی اور مجھے حکم دیا تھا کہ میں آپ سے اپنے لئے دعا کی درخواست کروں نیز حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا تھا: میرے ایک امتی کی شفاعت کی وجہ سے ربیعہ اور مضر قبیلوں سے زیادہ لوگ جنت میں داخل ہوں گے، پھر حضور نے آپ کا نام لیا تھا۔

چنانچہ حضرت اویس رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے لئے دعا کی اور پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے درخواست کی کہ اے امیر المؤمنین! میری بھی آپ سے ایک حاجت ہے، وہ یہ کہ آپ اس راز کو چھپا کر رکھئے گا اور اب مجھے واپس لوٹنے کی اجازت بھی رحمت فرمادیجئے۔

چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان کی درخواست پر عمل فرمایا اور ان کے راز کو مخفی رکھتے رہے حتیٰ کہ جب وہ (حضرت اویس قرنی رحمۃ اللہ علیہ) نہاوند کی جنگ میں شہید ہوگئے (تب آپ نے دوسرے لوگوں کو اطلاع فرمائی)۔ ابن عساکر

۳۷۸۲۹..... سعید بن المسیب رحمۃ اللہ سے مروی ہے کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے منیٰ میں منبر پر اہل قرن کو فرمایا: اے اہل قرن! چنانچہ کچھ بزرگ لوگ اٹھے اور بولے: اے امیر المؤمنین! ہم ہیں اہل قرن حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے پوچھا: کیا قرن میں کوئی اویس نامی آدمی ہے۔ ایک بوڑھے نے عرض کیا: اے امیر المؤمنین! ہمارے اندر اویس نامی صرف ایک پاگل آدمی ہے اور تو کوئی نہیں۔ جو ویرانوں اور جنگلوں میں رہتا ہے اور وہ نہ کسی سے دوستی رکھتا ہے اور نہ کسی سے کوئی دوستی و تعلق رکھتا ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہاں یہی وہ شخص ہے، جس کی مجھے تلاش تھی۔ جب تم واپس (اپنے قبیلے) قرن میں جاؤ تو اس کو تلاش کر کے میرا اسلام پہنچانا اور اس کو کہنا: رسول اللہ ﷺ نے مجھے تمہاری خوش خبری سنائی تھی اور مجھے حکم دیا تھا کہ میں تمہیں حضور کا سلام پہنچاؤں۔

چنانچہ وہ لوگ (اپنے قبیلے) قرن پہنچے اور ان کو تلاش کیا تو ریتیلے ٹیلوں میں پایا۔

انہوں نے حضرت اویس رحمۃ اللہ علیہ کو حضرت امیر المومنین کا سلام پہنچایا اور حضور اکرم ﷺ کا سلام پہنچایا۔ حضرت اویس رحمۃ اللہ علیہ نے پوچھا: کیا امیر المومنین مجھے پہچانتے ہیں اور انہوں نے میرا نام لیا ہے۔ پھر انہوں نے حضور پر سلام بھیجا کہ سلام ہو رسول اللہ پر۔

اے اللہ! ان پر اپنی رحمتیں نازل فرما اور ان کی آل پر رحمتیں نازل فرما۔

پھر حضرت اویس رحمۃ اللہ علیہ وہاں سے ادھر ادھر آوارہ پھرنے لگے اور پھر زمانے بھر ان کا نام نشان کچھ نہ ملا۔ پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ کے زمانہ خلافت میں واپس ظاہر ہوگئے اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کی معیت میں جنگ صفین میں شرکت کی اور شہید ہوگئے۔ ابن عساکر

۳۷۸۳۰..... صعصعۃ بن معاویہ سے مروی ہے کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس جب اہل کوفہ کا وفد آتا تو آپ رضی اللہ عنہ ان سے پوچھتے: کیا تم اویس بن عامر قرنی کو جانتے ہو وہ کہتے: نہیں۔ جب کہ حضرت اویس رحمۃ اللہ علیہ کوفہ کی مسجد میں رہا کرتے تھے اور اس سے جدا نہیں ہوتے تھے۔ ان کا ایک چچازاد بھائی تھا جو بادشاہ کے دربار میں کثرت سے حاضری بھرا کرتا تھا۔ اور حضرت اویس رحمہ اللہ کو ایذاء دیتا تھا۔

چنانچہ ایک مرتبہ وہ کوفہ کے وفد کے ساتھ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان سے دریافت فرمایا: کیا تم لوگ اویس بن عامر قرنی کو جانتے ہو؟ حضرت اویس رحمۃ اللہ علیہ کے چچازاد بھائی نے کہا: اے امیر المؤمنین!

اویس کی شان اتنی بلند نہیں ہے کہ آپ جیسی شخصیت اس کے بارے میں پوچھ گچھ کرے۔ وہ ایک گھٹیا انسان ہے اور وہ میرا چچازاد بھائی ہے (اس لئے میں اس کو خوب جانتا ہوں)۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس کو فرمایا: افسوس ہے تجھ پر، تیرا ناس ہو۔ ہمیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تھا: تابعین میں ایک شخص ہوگا جس کو اویس بن عامر قرنی کہا جاتا ہوگا۔ پس جو تم میں سے اس کو پائے اور اس سے اپنے لئے مغفرت کی دعا کرا سکے تو ضرور کرالے۔

پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اویس رحمۃ اللہ علیہ کے چچازاد کو فرمایا: جب تو اس کو دیکھے تو اس کو میرا اسلام کہنا اور اس کو کہنا کہ وہ میرے پاس ضرور تشریف لائے۔

چنانچہ حضرت اویس رحمۃ اللہ علیہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں جب حاضر ہوئے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان سے پوچھا: کیا

آپ اویس بن عامر قرنی ہیں؟ کیا آپ کو برص کے داغ نکلے تھے پھر آپ نے دعا کی تو اللہ نے وہ داغ آپ سے مٹا دیئے؟

پھر آپ نے دعا کی کہ اے اللہ! میرے جسم میں اتنا حصہ اس بیماری کا چھوڑ دے جس کو دیکھ کر میں تیری نعمت کو یاد کرتا رہوں؟

حضرت اویس رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے پوچھا: اے امیر المومنین! آپ کو ان باتوں کا کیسے علم ہوا؟ خدا کی قسم! میں نے کسی انسان کو بھی ان باتوں کا ذکر نہیں کیا۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے رسول اللہ ﷺ نے خبر دی تھی کہ تابعین میں ایک آدمی ہوگا جس کو اویس بن عامر قرنی کہا جاتا ہوگا۔ اس کو برص کے داغ نکلیں گے تو وہ اللہ سے دعا کرے گا کہ اے اللہ ان کو مٹا دے۔ چنانچہ اس کی دعا قبول ہوگی پھر وہ دعا کرے گا: اے اللہ! میرے جسم میں اس کی کچھ نشانی چھوڑ دے تاکہ میں اس کو دیکھ کر تیری نعمت کو یاد کرتا رہوں۔ چنانچہ پھر اس کی دعا قبول ہوگی۔

پھر حضور ﷺ نے فرمایا تھا کہ تم میں سے جو اس سے ملے اور اس سے اپنے لئے دعائے استغفار کرا سکے تو ضرور کرالے۔ لہٰذا اے اویس! میرے لئے استغفار کر دیجئے۔ حضرت اویس رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: اللہ آپ کی مغفرت کرے، اے امیر المومنین!

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ آپ کی بھی مغفرت کرے، اے اویس!

پھر لوگوں نے بھی ان سے اپنے لئے استغفار کی درخواست کی۔

پھر حضرت اویس رحمۃ اللہ علیہ وہاں سے رخصت ہو گئے اور اس کے بعد اب تک نظر نہیں آئے۔

مسند ابی یعلی، ابن مندہ ابن عساکر

۳۷۸۳۱..... نہشل بن سعید، ضحاک بن مزاحم سے وہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ دس سال تک اویس قرنی کے بارے میں لوگوں سے تفتیش کرتے رہے۔ ایک مرتبہ اہل (یمن سے آنے والے) حاضرین کو فرمایا: اے اہل یمن!

تم میں سے جو (قبیلہ) مراد کے لوگ ہوں وہ اٹھ کھڑے ہوں۔ چنانچہ مرادی اٹھ گئے اور دوسرے بیٹھے رہے۔ پھر ان سے پوچھا: کیا تم میں اویس ہیں؟ ایک آدمی نے کہا: اے امیر المؤمنین! ہم کسی اور اویس کو تو نہیں جانتے، سوائے میرے بھتیجے کے، اس کو بھی اویس کہا جاتا ہے، لیکن وہ تو ایسا غریب اور بے وقعت آدمی ہے کہ آپ جیسی شخصیت اس کے متعلق نہیں پوچھ سکتی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس سے پوچھا: کیا وہ ہمارے حرم (مکہ) میں ہے؟ اس نے عرض کیا: جی ہاں وہ میدان عرفات میں پیلو کے درختوں کے پاس ہے، اور لوگوں کے اونٹ چرا رہا ہے۔

چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور حضرت علی رضی اللہ عنہ دونوں گدھوں پر سوار ہوئے اور پیلو کے درختوں کے پاس پہنچے۔ دیکھا تو ایک شخص کھڑا نماز پڑھ رہا ہے اور اس کی نظر سجدے کی جگہ گڑی ہوئی ہے۔

اس کا حال کمزوری کی وجہ سے ایسا تھا گویا پسلیاں وغیرہ ایک دوسرے میں گھسی ہوئی ہیں۔ دونوں صحابیوں نے ان کو دیکھا تو آپس میں بولے: ہم جس کی تلاش میں ہیں وہ یہی شخص ہو سکتا ہے۔ اس آدمی نے ان دونوں کی آہٹ سنی تو اس نے نماز ہلکی کر دی اور سلام پھیر دیا۔ دونوں نے اس کو سلام کیا تو اس نے جواب میں کہا وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ (تم دونوں پر بھی سلامتی ہو اور اللہ کی رحمت اور اس کی برکتیں ہوں) پھر دونوں نے اس سے پوچھا: آپ کا نام کیا ہے؟ اللہ آپ پر رحم کرے! اس شخص نے جواب دیا: میں ان اونٹوں کا چرواہا ہوں۔ دونوں نے پھر پوچھا: ہمیں آپ اپنا نام بتایئے، اس شخص نے پھر کہا: میں قوم کا مزدور ہوں۔ دونوں نے کہا: آپ کا نام کیا ہے؟ اس نے عرض کیا: میں اللہ کا بندہ ہوں۔ تب حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اس کو فرمایا: بے شک ہم جانتے ہیں کہ جو بھی آسمانوں اور زمین میں ہیں وہ سب اللہ کے بندے ہیں۔ میں آپ کو اس کعبہ کے رب کا واسطہ دیتا ہوں اور اس حرم کے رب کا واسطہ دیتا ہوں کہ آپ اپنا وہ نام ہمیں بتایئے جو آپ کی ماں نے آپ کا رکھا تھا؟ تب اس شخص نے کہا: میں اویس بن عامر ہوں، آپ لوگ کیا چاہتے ہیں؟ دونوں نے کہا: آپ اپنے بائیں پہلو کو کھولیئے۔ حضرت اویس رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے بائیں، پہلو سے کپڑا اٹھایا تو وہاں درہم کی بقدر ایک سفید داغ تھا۔ لیکن وہی

بیماری باقی نہ تھی۔

چنانچہ دونوں حضرات آگے بڑھے اور اس جگہ کو چومنے لگے پھر دونوں نے کہا: ہمیں رسول اللہ ﷺ نے حکم فرمایا تھا کہ ہم آپ کو (ان کا) سلام پہنچادیں اور آپ سے دعا کے لئے درخواست کریں۔ حضرت اویس رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: میری دعا زمین کے مشرق ومغرب میں بسنے والے تمام مؤمن مردوں اور عورتوں کے لئے ہے۔ دونوں حضرات نے پھر درخواست کی کہ آپ ہمارے لئے دعا فرمادیں۔ چنانچہ حضرت اویس رحمۃ اللہ علیہ نے ان دونوں کے لئے اور تمام مؤمن مرد اور عورتوں کے لئے بھی دعا فرمائی۔ پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں اپنی تنخواہ میں سے کچھ حصہ آپ کو دینا چاہتا ہوں، آپ اس سے اپنے کام میں مدد لیجئے گا۔ حضرت اویس رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: میرے دونوں کپڑے (جو جسم پر ہیں) نئے ہیں اور میرے دونوں جوتے مضبوط سلے ہوئے ہیں اور میرے پاس چار درہم ہیں۔

اور میرا کچھ سامان لوگوں کے پاس ہے۔ پس میں یہ سامان کب ختم کروں گا؟

بے شک جو شخص ایک ہفتے کی روزی کی سوچ میں پڑتا ہے پھر اس کو مہینے بھر کی فکر لگ جاتی ہے اور جو مہینے کی فکر کرتا ہے پھر اس کو سال بھر کی روزی کی فکر پریشان کرتی رہتی ہے۔ پھر حضرت اویس رحمۃ اللہ علیہ نے لوگوں کے اونٹ ان کو واپس کردیئے اور وہاں سے روپوش ہوگئے اور پھر نظر نہیں آئے۔ ابن عساکر

۳۷۸۳۲......حضرت علقمہ بن مرثد الحضرمی سے مروی ہے فرماتے ہیں زہد اور بزرگی آٹھ تابعیوں پر ختم ہے: عامر بن عبداللہ القیسی، اویس قرنی، ھرم بن حیان عبدی، ربیع بن خثیم ثوری، ابو مسلم خولانی، اسود بن یزید، مسروق بن الاجدع، حسن بن ابوالحسن بصری۔

اویس قرنی کے گھر والوں نے ان کے متعلق پاگل ہونے کا خیال کرلیا تھا اور ان کے لئے اپنے محلے کے دروازے پر ایک گھر بنادیا تھا۔ گھر والوں کو ایک ایک دو دو سال ایسے گذر جاتے تھے کہ ان کو اویس نظر نہیں آتے تھے۔ حضرت اویس رحمۃ اللہ علیہ اپنا گذر بسر اس طرح کرتے تھے کہ کھجور کی گٹھلیاں چنتے پھرتے تھے شام کو ان کو بیچ کر اپنی افطاری کا بندوبست کرلیتے تھے اور اگر کہیں ردی کھجور پڑی مل جاتی تو ان کو اپنی افطاری کے لئے سنبھال کر رکھ لیتے تھے۔

جب حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ لوگوں کے والی (حاکم) بنے تو انہوں نے (موسم حج میں) ارشاد فرمایا: لوگو! کھڑے ہوجاؤ، پھر فرمایا: سب بیٹھ جاؤ صرف وہ لوگ جو اہل یمن سے تعلق رکھتے ہیں وہ کھڑے رہیں۔ پھر ارشاد فرمایا: صرف وہ یمنی کھڑے رہیں جو اہل کوفہ میں سے ہیں۔ چنانچہ پھر کچھ لوگ بیٹھ گئے۔ پھر ارشاد فرمایا: ان میں سے صرف وہ لوگ کھڑے رہیں جو مراد (قبیلے) کے ہوں۔ چنانچہ پھر کچھ لوگ بیٹھ گئے۔ پھر ارشاد فرمایا: صرف وہ لوگ کھڑے رہیں جو قرن (شاخ) کے ہوں۔ چنانچہ پھر ایک آدمی کے سوا سب لوگ بیٹھ گئے۔ اور یہ آدمی حضرت اویس رحمۃ اللہ علیہ کے چچا تھے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان کو فرمایا: کیا تو قرنی ہے؟ اس نے اثبات میں جواب دیا تو پھر اس سے حضرت اویس رحمۃ اللہ علیہ کے متعلق پوچھا تو وہ بولے: اے امیر المؤمنین! آپ اس کے متعلق کیوں پوچھ رہے ہیں؟ اللہ کی قسم! ہمارے اندر اس سے ہلکا اور پاگل آدمی اور پریشان حال اور کوئی نہیں ہے۔ یہ سن کر حضرت عمر رضی اللہ عنہ رو پڑے اور ارشاد فرمایا: مجھے اس پر نہیں تجھ پر رونا آرہا ہے۔ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے کہ اس (اویس) کی شفاعت کی بدولت ربیعہ ومضر (عرب کے سب سے زیادہ افراد والے دو قبیلوں) کی مثل لوگ جنت میں داخل ہوں گے۔ ابن عساکر

حضرت خضر علیہ السلام

۳۷۸۳۳......ابوالطاہر احمد بن السرح کہتے ہیں: ہمیں عبداللہ بن وھب نے بیان کیا انہوں نے ایک شخص سے روایت کیا۔ اس شخص نے ابن عجلان سے روایت کی۔ انہوں نے محمد بن المنکدر سے روایت کی کہ:

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ ایک جنازے کی نماز پڑھانے کے لئے کھڑے ہوئے تو اچانک ایک آدمی نے پیچھے سے آواز

دی: اللہ آپ پر رحم کرے، نماز میں جلدی نہ کیجئے۔ چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ اس کا انتظار کرنے لگے۔ حتیٰ کہ وہ آدمی صف میں آ ملا۔ پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جنازے کی تکبیر کہی اور اس آدمی نے بھی ان کے ساتھ تکبیر کہی پھر اس نے نماز میں یہ دعا کی:

ان تعذبه فكثر اعصاك وان تغفر له ففقير الى رحمتك.

اے اللہ! اگر تو اس کو عذاب دے تو بہت سے لوگ تیرے نافرمان ہیں اور اگر تو اس کو بخش دے تو یہ تیری رحمت کا محتاج ہے۔

پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور آپ کے ساتھیوں نے اس شخص کو دیکھا۔ پھر جب میت کو دفن کر دیا گیا تو اس آدمی نے اس کی قبر کو مٹی دے کر فرمایا:

اے صاحب قبر! خوشی کا مقام ہے تیرے لئے! اگر تو کاہن یا نجومی نہ تھا، اور ٹیکس لینے والا نہ تھا، اور خزانچی نہ تھا، اور منشی نہ تھا اور پولیس والا نہ تھا۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: اس آدمی کو میرے پاس لے کر آؤ۔ ہم اس سے اس کی نماز اور اس کے کلام کے متعلق پوچھیں گے۔ اور خود اس کے بارے میں پوچھیں گے کہ وہ کون ہے؟ مگر وہ لوگوں کی نظروں سے اوجھل ہو گیا۔

لوگوں نے دیکھا تو اس کے پاؤں کا نشان ہاتھ بھر (آدھ گز کے قریب) تھا۔

چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: اللہ کی قسم! یہ وہی خضر ہیں جن کے بارے میں ہم سے نبی اکرم ﷺ نے بیان کیا تھا۔

رواہ ابن عساکر

حضرت الیاس علیہ السلام

۳۷۸۳۴......ابن عساكر أنبأنا ابو الكرم بن المبارك بن الحسن بن احمد بن على الشهرزورى أنبأنا ابو البركان عبدالملك بن احمد بن على الشهر زورى أنبأنا عبدالله بن عمر بن احمد الوعظ حدثنى ابى حدثنا احمد بن عبدالعزيز بن منير الحدانى بمصر حدثنا ابو الطاهو خير بن عرفة الانصارى حدثنا هانى، بن الحسن حدثنا بقية عن الا وزاعى عن مكحول قال سمعت واثلة بن الاسقع۔

حضرت واثلة بن الاسقع رضی اللہ تعالیٰ عنہ ارشاد فرماتے ہیں: ہم نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ غزوۂ تبوک میں شرکت کی۔ جب ہم بلاء حذام میں حوزۃ نامی علاقے میں پہنچے تو وہاں ہم کو سخت پیاس لاحق ہوئی اور اچانک ہی ہم پر بارش کے آثار منڈلانے لگے۔ ہم بہت خوش ہوئے۔ اس کے علاوہ قریب ہی ہمیں ایک تالاب نظر آیا۔ لیکن اس میں دو مردار پڑے ہوئے تھے اور پھر وہاں تالاب پر درندے اکٹھے ہو گئے انہوں نے مرداروں کو کھا لیا اور اسی تلاب سے پانی پیا (اور چلے گئے)۔ ہم نے عرض کیا: یا رسول اللہ! آپ دیکھ رہے ہیں کہ) ان مرداروں اور درندوں کا (اس پانی میں) اثر ہے۔

نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ہاں مگر یہ دونوں آسمان و زمین سے اکٹھے ہوئے ہیں ان کو کوئی چیز ناپاک نہیں کر سکتی۔ درندے جو پانی اپنے پیٹوں میں لے گئے لے گئے اور جو بچ گیا وہ ہمارے لئے ہے۔

حضرت واثلة بن الاسقع رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں: (ہمارے وہاں قیام کے دوران) جب ایک تہائی رات گذر گئی تو ہم کو کسی منادی کی نداء کان میں پڑی جو بڑی رنجیدہ آواز کے ساتھ پکار رہا تھا:

اللهم اجعلنى من امة محمد المرحومة المغفور لها المستجاب لها المبارک عليها.

اے اللہ! مجھے امت محمدیہ میں سے کر دے، جس امت پر تیری رحمت ہے اور اس کی مغفرت ہو چکی ہے اور اس کی دعائیں قبول ہوتی ہیں اور ان پر برکتیں نازل ہوتی ہیں۔

حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اے حذیفہ! اور اے انس!

اس گھاٹی میں جاؤ (جہاں سے یہ آواز آ رہی ہے) اور دیکھو یہ کیسی آواز ہے؟

دونوں نے (آ کر) کہا: ہم وہاں داخل ہوئے تو وہاں ایک آدمی تھا جس پر سفید لباس زیب تن تھا برف سے زیادہ سفید۔ اور اس کا چہرہ اور اس کی داڑھی بھی اسی طرح سخت سفید تھی۔ معلوم نہیں کہ اس کا لباس زیادہ سفید تھا یا اس کا چہرہ۔ اور اس کا قد ہم سے دو یا تین ہاتھ زیادہ لمبا تھا۔ ہم نے اس کو سلام کیا اس نے ہمارے سلام کا جواب دیا۔

پھر فرمایا: خوش آمدید ہو۔ تم رسول اللہ ﷺ کے قاصد ہو؟ ہم نے عرض کیا:

ہاں۔ پھر ہم نے پوچھا: اللہ آپ پر رحم کرے، آپ کون ہیں؟ انہوں نے عرض کیا: میں الیاس پیغمبر ہوں (علیہ الصلاۃ والسلام)۔ میں مکہ کے ارادے سے نکلا تھا۔ پھر میں نے تمہارا لشکر دیکھا تو مجھے ملائکہ کے ایک لشکر، جس کے مقدمہ میں جبرائیل علیہ السلام اور پیچھے میکائیل علیہ السلام تھے، نے مجھے کہا: یہ آپ کے بھائی (محمد) رسول اللہ ﷺ ہیں، آپ ان کو سلام کیجئے اور ان سے ملاقات کیجئے۔ لہٰذا اب تم دونوں جا کر حضور ﷺ کو میرا سلام عرض کرو اور ان کی خدمت میں میری درخواست سناؤ اور بولو کہ میں اس وجہ سے آپ کے لشکر میں داخل نہیں ہو سکتا کہ وہاں اونٹ (اور دوسرے جانور) بدک جائیں گے اور میرے قد کاٹھ کو دیکھ کر مسلمان پریشان ہوں گے کیونکہ میری تخلیق تمہاری تخلیق جیسی نہیں ہے۔ لہٰذا حضور سے عرض کرو۔ (مہربانی فرما کر) میرے پاس آ جائیں۔

حضرت حذیفہ اور انس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں: پھر ہم نے ان سے مصافحہ کیا تو انہوں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے پوچھا: یہ کون ہیں؟ تو انہوں نے اپنے ساتھی کے متعلق بتایا: یہ حذیفہ بن الیمان (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) ہیں، رسول اللہ ﷺ کے راز دار۔ حضرت الیاس علیہ السلام نے ان کو مبارک باد دی اور فرمایا:

اللہ کی قسم! یہ زمین سے زیادہ آسمانوں میں مشہور ہیں اور اہل آسمان ان کو رسول اللہ کے راز دار کے نام سے جانتے ہیں۔

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے حضرت الیاس علیہ السلام سے پوچھا: کیا آپ ملائکہ سے ملاقات کرتے ہیں؟ انہوں نے جواب میں فرمایا: کوئی دن ایسا نہیں گذرتا جس میں میں ان سے ملاقات نہ کرتا ہوں۔ پھر وہ مجھے سلام کرتے ہیں اور میں ان کو سلام کرتا ہوں۔

دونوں صحابی رسول فرماتے ہیں: چنانچہ پھر ہم نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو حضور ﷺ ہمارے ساتھ تشریف لائے، حتیٰ کہ ہم اسی گھاٹی میں پہنچ گئے۔ حضرت الیاس علیہ السلام کا چہرہ نور سے تمتما رہا تھا گویا سورج کی روشنی چہرے سے نکل رہی ہے۔ حضور اکرم ﷺ نے ہم کو فرمایا:

تم یہیں ٹھہرو۔ پھر آپ پچاس قدم ہم سے آگے نکل کر تشریف لے گئے اور حضرت الیاس علیہ السلام سے خوب جی بھر کر بغل گیر ہوئے پھر دونوں پیغمبر بیٹھ گئے۔

دونوں صحابی فرماتے ہیں: پھر ہم نے پرندے کی مثل اونٹ جتنا بڑا پرندہ دیکھا جس نے اپنے پر ہمارے اور دونوں پیغمبروں کے درمیان پھیلا رکھے تھے، اس کا رنگ سفید تھا اور وہ اس جگہ کو گھیرے ہوئے تھا۔ پھر نبی اکرم ﷺ نے ہم کو آواز دی اے حذیفہ! اے انس! آ جاؤ۔ چنانچہ ہم دونوں آ گئے پہنچے، دیکھا تو ان کے سامنے سبز دستر خوان بچھا ہوا ہے میں نے اس سے اچھی چیز کبھی نہیں دیکھی، اس کی سبزی ہماری سفیدی پر غالب آ رہی تھی حتیٰ کہ ہمارے چہرے اور ہمارے لب اس بھی سبز ہو گئے تھے۔ دستر خوان پر دیکھا تو روٹیاں، انار، کیلے، انگور، تازہ کھجور اور گندنے کے علاوہ سبزیاں بھی تھیں۔ پھر نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اللہ کا نام لے کر کھاؤ۔ دونوں صحابی فرماتے ہیں: ہم نے پوچھا: یا رسول اللہ! کیا یہ دنیا کا کھانا ہے؟ تو حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: نہیں، حضرت الیاس علیہ السلام نے ہم کو فرمایا: یہ میرا کھانا ہے اور مجھے ہر چالیس دن اور رات میں یہ کھانا ایک مرتبہ ملتا ہے اور ملائکہ میرے پاس یہ کھانا لے کر آتے ہیں۔ اور اچالیس دن و رات پورے ہونے کے بعد یہ کھانا آیا ہے۔

اور اللہ کے لئے کن فرمانے کی دیر ہوتی ہے اور یہ حاضر ہو جاتا ہے دونوں صحابی فرماتے ہیں: ہم نے پوچھا: آپ کا کس طرف رخ سفر تھا؟

فرمایا سلطنت رومیہ کے پیچھے۔ پھر فرمایا: میں ملائکہ کے لشکر میں تھا جو مسلمانوں کی مدد کر رہا تھا۔ اور کفار کی جماعت سے لڑ رہا تھا۔ ہم نے پوچھا: وہاں سے یہاں تک کتنے عرصہ کا سفر ہے؟ فرمایا: چار ماہ کا اور مجھے وہاں سے نکلے ہوئے دس دن ہو گئے ہیں۔ اور میں مکہ کی طرف جا رہا تھا تا کہ وہاں کا (زمزم) پانی پی سکوں۔ میں سال میں ایک مرتبہ وہ پانی پیتا ہوں جو مجھے سارا سال سیراب رکھتا ہے اور آئندہ آنے والے سال تک کے لئے میری حفاظت کرتا ہے۔ ہم نے پوچھا: کون سا علاقہ آپ کا زیادہ تر جائے سکونت رہتا ہے؟ فرمایا:

شام، بیت المقدس، مغرب، یمن اور محمد ﷺ کی مساجد میں سے کوئی مسجد ایسی نہیں ہوتی جہاں میں داخل نہ ہوتا ہوں چھوٹی ہو یا بڑی۔

ہم نے پوچھا: کہ حضرت خضر علیہ السلام سے آپ کی ملاقات کب ہوئی تھی؟

ارشاد فرمایا: سال پہلے۔ موسم حج میں میری اور ان کی ملاقات ہوئی تھی۔

انہوں نے مجھے فرمایا تھا: تم مجھ سے قبل محمد ﷺ سے ملاقات کرو گے۔ لہذا تم ان کو میرا سلام کہنا۔

پھر حضرت الیاس علیہ السلام نے حضور اکرم ﷺ سے (الوداعی) معانقہ کیا اور رونے لگے پھر ہم نے ان کے ساتھ مصافحہ کیا اور معانقہ کیا وہ بھی روئے ہم بھی روئے۔

پھر ہم نے ان کو دیکھا تو وہ آسمان کی طرف بلند ہو رہے ہیں گویا انہوں نے کوئی بوجھ لاد رکھا ہے۔ ہم نے عرض کیا: یا رسول اللہ! یہ ہم نے بڑا تعجب خیز منظر دیکھا کہ وہ آسمان کی طرف از خود بلند ہو گئے۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: وہ فرشتے کے دو پروں کے درمیان بیٹھ کر گئے ہیں جہاں چاہیں فرشتہ ان کو اتار دے گا۔ ابن عساکر ،ھذا حدیث منکر ، وانسادہ لیس بالقوی

کلام:...... مذکورہ روایت جھوٹی من گھڑت ہے اور اس کی سند بھی قوی نہیں (یہاں صرف تنبیہ کے لئے ذکر کر دی گئی۔)

۳۷۸۳۵...... (مسند ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما) اسباط رحمۃ اللہ علیہ، سدی رحمۃ اللہ علیہ سے نقل کرتے ہیں کہ ایک بادشاہ تھا جس کا ایک بیٹا تھا جس کو خضر کہتے تھے، (علیہ السلام) اور الیاس اس کا بھائی تھا، (علیہ السلام) لوگوں نے بادشاہ کو کہا:

آپ ضعیف العمر ہو گئے ہیں اور آپ کا بیٹا خضر بادشاہی میں نہیں آتا ہے۔ آپ ایسا کریں کہ اس کی شادی کر دیں۔ اس کا بیٹا ہوگا تو شاید وہ آپ کے بعد بادشاہی سنبھال لے۔ چنانچہ بادشاہ نے اپنے بیٹے خضر علیہ السلام کو کہا: بیٹا شادی کر لے۔ بیٹے نے کہا: میں شادی نہیں کرنا چاہتا۔ باپ نے کہا: بیٹا اس کے بغیر تو چارہ کار نہیں۔ بیٹے نے کہا: تب آپ کی مرضی، شادی کر دیں۔ چنانچہ باپ نے اپنے بیٹے خضر کی ایک کنواری عورت سے شادی کر دی۔ حضرت خضر علیہ السلام نے اس عورت کو فرمایا: مجھے عورتوں کی رغبت و حاجت نہیں ہے۔ اگر تو چاہتی ہے تو میرے ساتھ اللہ کی عبادت کرتی رہ اور شاہی رہن سہن اور کھانے کھاتی رہ اور اگر چاہے تو میں تجھے طلاق دے دیتا ہوں۔ عورت بولی: نہیں، بلکہ میں تیرے ساتھ اللہ کی عبادت کرتی رہوں گی۔ خضر نے فرمایا: ٹھیک ہے، مگر میرا راز کسی پر ظاہر نہ کرنا۔ کیونکہ اگر تو میرے راز کی حفاظت کرتی رہے گی تو اللہ تیری حفاظت کرتا رہے گا۔ اور اگر تو، راز کو فاش کر دے گی تو اللہ تجھے ہلاک کر دے گا۔

چنانچہ وہ سال بھر خضر کے ساتھ رہی اور اس نے کسی بچے کو جنم نہیں دیا۔

لہذا اس کو بادشاہ نے بلوایا اور کہا: تو جوان عورت ہے اور میرا بیٹا بھی جوان ہے۔

پھر بچہ کہاں ہے؟ حالانکہ تو بچے دینے والی عورتوں میں سے ہے۔ عورت بولی: اولا د اللہ کے حکم سے ہوتی ہے۔ پھر بادشاہ نے اپنے بیٹے خضر کو بلایا اور پوچھا: اے بیٹے! بچہ کہاں ہے؟ خضر نے بھی وہی جواب دیا: بچہ اللہ کے حکم سے ہوتا ہے۔

کسی نے بادشاہ کو کہا: ممکن ہے یہ عورت بانجھ کوکھ ہو بچہ جننے کی اہلیت نہ رکھتی ہو۔

لہذا آپ اپنے بیٹے کی شادی کسی ایسی عورت سے کریں جس نے پہلے کوئی بچہ جنم دیا ہو۔

چنانچہ بادشاہ نے اپنے بیٹے کو کہا تم اس بیوی کو طلاق دے دو خضر بولا: آپ میرے اور اس کے درمیان جدائی کرانا چاہتے ہو حالانکہ اب مجھے اس سے لگاؤ ہو گیا ہے۔ بادشاہ نے کہا: اس کو طلاق دیئے بغیر گذارہ نہیں۔ چنانچہ مجبوراً خضر نے اس بیوی کو طلاق دے دیا۔ پھر بادشاہ نے اپنے بیٹے کی شادی بیاسی ثیبہ عورت (جس کی پہلے شادی ہو چکی ہو) سے کر دی جس نے پہلے بچہ بھی جنا تھا۔

چنانچہ خضر نے اس کو بھی وہی بات کہی جو پہلی عورت کو شادی کے بعد کہی تھی۔

عورت نے بھی ویسا جواب دیا کہ میں تمہارے ساتھ عبادت کرتی رہوں گی۔ جب اس کو بھی سال گذر گیا تو بادشاہ نے اس کو بھی بلایا اور کہا: تو پہلے سے شادی شدہ عورت تھی اور تجھے پہلے بچہ بھی ہو چکا تھا، اب تیرا بچہ کہاں ہے؟ عورت (راز کو مخفی نہ رکھ سکی اور) بولی: بچہ مرد کے ملنے سے ہوتا ہے اور میرا مرد عبادت میں مشغول رہتا ہے اور اس کو عورتوں کی طرف رغبت ہوتی نہیں۔ تب بادشاہ کو اپنے بیٹے پر سخت غصہ آیا اور اس کو تلاش کرنے کا حکم دیا۔ مگر خضر بھاگ گئے ان کی تلاش میں تین افراد نکلے۔ ان میں سے دو افراد نے خضر کو تلاش کر لیا۔

خضر نے ان کو کہا: تم مجھے چھوڑ دو مگر دونوں نے چھوڑنے سے انکار کر دیا۔ پھر تیسرا متلاشی بھی ان کے پاس پہنچ گیا اس نے کہا: تم خضر کو بادشاہ کے پاس لے جانے سے گریز کرو، کہیں بادشاہ اسی کو سزا نہ دے اور یہ اس کا بیٹا ہے۔

چنانچہ دونوں کی سمجھ میں بات آ گئی اور انہوں نے اس کو چھوڑ دیا۔

پھر بادشاہ کے پاس آ کر دونوں نے خبر دی کہ انہوں نے خضر کو پکڑ لیا تھا لیکن تیسرے نے اس کو ان سے لے لیا۔ چنانچہ بادشاہ نے تیسرے کو قید کر لیا۔ پھر بادشاہ نے غور وفکر کیا تو دونوں کو بلایا اور بولا: تم دونوں نے میرے بیٹے کو اتنا خوفزدہ کر دیا کہ وہ مجھ سے بھاگ کر چلا گیا۔ لہٰذا پھر بادشاہ نے ان دونوں کے قتل کا حکم جاری کر دیا اور عورت کو بھی بلایا اور اس کو کہا: تو نے میرے بیٹے کو فرار ہونے پر مجبور کیا ہے، اور اس کے راز کو فاش کیا ہے۔ اگر تو اس کا راز رکھتی تو وہ میرے پاس موجود ہوتا۔ چنانچہ بادشاہ نے اس کو بھی قتل کروا دیا۔ اور پہلی بیوی اور تیسرے آدمی کو آزاد کر دیا۔

عورت نے جا کر شہر کے دروازے پر ایک چھپر ڈال لیا اور لکڑیاں اکٹھی کر کے ان کو بیچتی اور اس سے اپنا گذر سفر کرتی تھی۔

ایک مرتبہ وہی تیسرا آدمی فقیری حالت میں اس شہر سے نکلا اور اس نے بسم اللہ کہا۔ عورت نے اس سے پوچھا: کیا تو اللہ کو جانتا ہے؟ اس نے کہا:

میں خضر علیہ السلام کا ساتھی ہوں عورت بولی: اور میں خضر علیہ السلام کی پہلی بیوی ہوں۔

چنانچہ اس آدمی نے اس عورت سے شادی کر لی اور پھر اس کے ہاں اولاد بھی ہوئی۔

یہ عورت (خضر علیہ السلام کی طلاق یافتہ اور اس دوسرے آدمی کی بیوی)، فرعون کی بیٹی کی کنگھی کرنے والی خادمہ تھی۔

أسباط، عطاء بن السائب عن سعید بن جبیر عن ابن عباس رضی اللہ عنہ کی سند سے روایت کرتے ہیں۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ایک مرتبہ وہ عورت فرعون کی بیٹی کو کنگھی کر رہی تھی کہ اس کے ہاتھ سے کنگھی چھوٹ کر گر گئی تو اس کے منہ سے نکلا:

سبحان ربی، میرا رب پاک ذات ہے۔ فرعون کی بیٹی بولی: یعنی میرا باپ؟

عورت بولی: نہیں میرا اور تیرے باپ کا رب۔

فرعون کی بیٹی نے اس عورت کو ڈرایا کہ میں اپنے باپ کو خبر دوں گی۔

عورت بولی ٹھیک ہے۔ چنانچہ بیٹی نے اپنے باپ فرعون کو خبر کر دی۔ فرعون نے اس کو بلوایا اور بولا اپنے پہلے دین کی طرف واپس آ جا۔ لیکن عورت نے انکار کر دیا۔ فرعون نے تیل کا کڑاہا گرم کروایا حتیٰ کہ جب وہ جوش مارنے لگا تو تب اس عورت سے پوچھا: کیا تو اپنے دین کی طرف واپس آتی ہے؟

اس نے تب بھی انکار کیا تو فرعون نے حکم دیا اور اس کی اولاد میں سے ایک بچے کو اس کڑاہے میں ڈال دیا گیا۔ پھر دوبارہ عورت سے پوچھا: کیا اپنے دین کی طرف واپس آتی ہے؟ اس نے تب بھی انکار کیا پھر دوسرا بچہ ڈال دیا گیا۔

حتیٰ کہ اس طرح اس عورت کی تمام اولاد کو ڈال دیا گیا پھر آخر میں پوچھا: اب لوٹتی ہے اپنے سابقہ دین کی طرف؟ اس نے انکار کیا تو پھر اس کے لئے بھی حکم دیا گیا۔

عورت بولی: میری ایک حاجت ہے، پوچھا گیا: وہ کیا؟ اس نے کہا: جب تو مجھے کڑاھے میں ڈال دے تو پھر یہ کڑاھا میرے گھر جو شہر کے دروازے پر ہے میں الٹوا دینا اور پھر کڑاھا نکال کر ہماری نعشوں پر اس گھر کو ڈھا دینا تا کہ وہ ہماری قبر بن جائے۔ بادشاہ نے کہا: بہتر ہے۔ تیرا اتنا تو ہم پر حق ہے۔ اور پھر بادشاہ نے اس کے حکم کو پورا کروایا۔

ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

جس رات مجھے آسمانوں کی سیر کے لئے لے جایا گیا تو میں نے ایک عمدہ خوشبو محسوس کی میں نے پوچھا اے جبرائیل! یہ کیسی خوشبو ہے؟ انہوں نے فرمایا: یہ خوشبو فرعون کی بیٹی کی کنگھی کرنے والی خادمہ اور اس کی اولاد کی خوشبو ہے۔ رواہ ابن عساکر

ابوعثمان النہدی رحمہ اللہ

۳۷۸۳۶ ...... ابوعثمان نہدی رحمۃ اللہ علیہ سے مروی ہے کہ میں نے زمانہ جاہلیت میں حج کیا تھا پھر اس کے بعد نبی اکرم ﷺ کو نبوت عطا کی گئی تو میں بھی مسلمان ہو گیا پھر میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں (جس عرصہ میں) حاضر ہوا تو آپ ﷺ کا انتقال ہو چکا تھا۔ ابن مندہ

۳۷۸۳۷ ...... حضرت عاصم رحمۃ اللہ علیہ سے مروی ہے کہ ابوعثمان نہدی رحمۃ اللہ علیہ سے پوچھا گیا: کیا آپ نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا ہے؟ تو انہوں نے ارشاد فرمایا: میں حضور اکرم ﷺ کے زمانے میں مسلمان ہو گیا تھا اور اپنے تین (سال کے) صدقات بھی آپ کی خدمت میں بھیجے تھے لیکن میں حضور اکرم ﷺ سے ملاقات کا شرف حاصل نہ کر سکا۔ رواہ ابن عساکر

فائدہ: ...... ابوعثمان نہدی کا نام عبدالرحمٰن بن مل بن عمر بن عدی ہے۔ پہلے کوفہ میں پھر بصرہ میں سکونت اختیار کی۔ زمانہ جاہلیت کو پایا پھر حضور اکرم ﷺ کو نبوت ملی تو مسلمان ہو گئے اور اپنے صدقات حضور کی خدمت میں بھیجے لیکن ملاقات نہ کر سکے۔ ساٹھ حج و عمرے کئے۔ ثقہ آدمی تھے، اپنی قوم کے عریف (پیشن گوئی کرنے والے) ۹۵ھ میں وفات ہوئی۔ تہذیب التہذیب ۶ / ۲۷۸۔

ابو وائل رحمہ اللہ

۳۷۸۳۸ ...... ابو وائل رحمۃ اللہ علیہ سے مروی ہے وہ اپنے متعلق فرماتے ہیں جب نبی اکرم ﷺ مبعوث ہوئے تو اس وقت میں جوان لڑکا تھا لیکن تقدیر میں نہ تھا کہ میں آپ ﷺ سے ملاقات کا شرف پاتا۔ ابن کامل لابن عدی، ابن مندہ، ابن عساکر

۳۷۸۳۹ ...... ابو وائل رحمۃ اللہ علیہ سے مروی ہے ایک مرتبہ میں اپنے گھر والوں کی بکریاں چرا رہا تھا ایک قافلہ آیا جس کی وجہ سے میری بکریاں ادھر اُدھر منتشر ہو گئیں۔ ان قافلے والوں میں سے ایک آدمی نے کھڑے ہو کر کہا: اس کی بکریاں جمع کر دو جس طرح تم نے ان کو ادھر اُدھر منتشر کر دیا ہے۔ پھر وہ لوگ وہاں سے چلے گئے۔ میں نے ان کے پیچھے جا کر ایک آدمی سے پوچھا: یہ کون تھے؟ اس نے بتایا کہ وہ رسول اللہ ﷺ تھے۔

یعقوب بن سفیان، ابن عساکر

کلام: ...... ابن عساکر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں وہ روایتیں جو اس بات کی گواہی دیتی ہیں کہ ابو وائل نے نبی اکرم ﷺ کو نہیں دیکھا وہ زیادہ صحیح روایتیں ہیں۔

فائدہ: ...... ابو وائل کا نام شقیق بن سلمہ اسدی کوفی ہے۔ انہوں نے نبی اکرم ﷺ کا زمانہ پایا تھا لیکن زیارت نہ کر سکے۔ ابن حبان ثقات میں فرماتے ہیں ان کی وفات ۸۰ھ میں ہوئی۔ ابن سعد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں ابو وائل بہت حدیث روایت کرنے والے اور ثقہ تھے۔ تہذیب التہذیب ۴/ ۳۶۲۔

۳۷۸۴۰ ...... ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ سے مروی ہے فرماتے ہیں کوئی بستی ایسی نہیں ہوتی جس میں ایسے (ولی اللہ) نہ ہوں جن کی بدولت اس بستی سے عذاب ہٹایا جاتا ہے اور مجھے امید ہے کہ ابو وائل ایسے ہی لوگوں میں سے ہیں۔ رواہ ابن عساکر

سالم بن عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما

۳۷۸۴۱.....(مسند عمر رضی اللہ عنہ) منصور بن الحمید الضبی حضرت سالم بن عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں، حضرت سالم رحمہ اللہ نے فرمایا: ایک قیدی کو حجاج کے روبرو پیش کیا گیا۔ حجاج نے (حاضرین میں سے) حضرت سالم کو فرمایا: اے سالم! اٹھ اور اس قیدی کی گردن اڑا۔ حضرت سالم نے اپنی تلوار سونت لی اور قیدی کے پاس آئے۔ لوگوں نے ان کے والد حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو کہا: آپ کا بیٹا ایک قیدی کی گردن اڑانے گیا ہے۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: نہیں وہ ایسا نہیں کرسکتا۔ لوگوں نے کہا: اس نے تلوار بھی سونت لی ہے اور اس کی طرف چل پڑا ہے آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: نہیں وہ ایسا نہیں کرسکتا۔ چنانچہ حضرت سالم بن عبداللہ اس قیدی کے پاس تشریف لائے اور فرمایا: اے شخص! کیا تو نے صبح کو اچھی طرح وضو کیا تھا اور نماز جماعت کے ساتھ ادا کی تھی؟ اس نے عرض کیا: جی ہاں، چنانچہ حضرت سالم نے اپنی تلوار نیام میں کرلی اور واپس لوٹ گئے۔

حجاج نے پوچھا: آپ کو کس چیز نے روکا کہ آپ قیدی کی گردن مارتے؟ حضرت سالم رحمہ اللہ نے جواب دیا: اس بات نے جو میں نے اپنے والد سے سنی ہے وہ اپنے والد حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے اور وہ حضور ﷺ سے نقل کرکے بیان کرتے ہیں کہ:

جس شخص نے صبح کی نماز کے لئے اچھی طرح وضو کیا اور پھر جماعت کے ساتھ نماز ادا کی تو وہ اللہ تعالیٰ کے پڑوس میں آجاتا ہے۔

پھر حضرت سالم رحمہ اللہ نے فرمایا: لہٰذا میں ایسے شخص کو قتل نہیں کرسکتا جو اللہ کا پڑوسی ہو اے حجاج!

ان کے والد نے کہا: اس کی ماں نے اس کا سالم نام رکھ کر غلطی نہیں کی (جس کا معنی ہے محفوظ)۔ ابن النہار

فائدہ:.......سالم بن عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہم۔ یہ مدینے کے بڑے فقہاء میں سے ہیں۔
امیر المؤمنین حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پوتے ہیں۔ امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ فرماتے ہیں اصح ترین سند الزہری عن سالم عن ابیہ کی ہے۔ ابن سعد فرماتے ہیں:

یہ ثقہ اور کثیر الحدیث تھے، لوگوں میں بلند ترین رتبہ والے تھے۔ ۱۰۶ھ میں وفات پائی۔ تھذیب لابن حج ۴۳۸/۳

شریح القاضی رحمہ اللہ

۳۷۸۴۲.....(مسند عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ) شعبی رحمۃ اللہ علیہ سے مروی ہے کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک گھوڑے کی قیمت لگوائی پھر اس کو پرکھنے کے لئے اس پر سوار ہوئے مگر گھوڑا ہلاک ہوگیا۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مالک کو فرمایا: اپنا گھوڑا لے لو۔ مالک بولا: نہیں۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں اپنے اور تمہارے درمیان قاضی (فیصلہ کرنے والا) مقرر کرتا ہوں۔

آدمی نے کہا: شریح کو مقرر کیجئے۔ چنانچہ دونوں شریح رحمۃ اللہ علیہ کے پاس گئے۔

شریح نے کہا: اے امیر المؤمنین! جو آپ نے خریدا ہے وہ لے لو ورنہ جیسی حالت میں خریدا تھا ویسی حالت میں واپس کردو۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: بے شک یہی درست فیصلہ ہے۔ تم کوفہ جاؤ۔ چنانچہ حضرت امیر المؤمنین نے شریح کو کوفہ کا قاضی مقرر کرکے بھیج دیا۔ اور یہ پہلا دن تھا جب قاضی شریح کو امیر المومنین نے پہچانا۔ الجامع عبدالرزاق، ابن سعد

۳۷۸۴۳.....(مسند عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ) شعبی رحمۃ اللہ علیہ سے مروی ہے کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ابن سور کو بصرہ کا قاضی بنا کر بھیجا اور شریح کو کوفہ کا قاضی بنا کر بھیجا۔ السنن البیہقی

۳۷۸۴۴.....(مسند قاضی شریح) علی بن عبداللہ بن معاویہ بن میسرۃ بن شریح قاضی سے مروی ہے وہ کہتے ہیں ہمیں ہمارے والد نے اپنے والد

سے انہوں نے اپنے والد معاویہ سے انہوں نے اپنے دادا قاضی شریح سے نقل کیا ہے۔

قاضی شریح فرماتے ہیں: میں نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا: یارسول اللہ! یمن میں میرے کافی گھر والے ہیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا: ان کو بھی لے آ ؤ۔ چنانچہ وہ اپنے گھر والوں کو لے کر آئے تو نبی اکرم ﷺ وفات فرما چکے تھے۔ رواہ ابن عساکر

فائدہ:......قاضی ابوامیہ شریح بن الحارث بن قیس حضور نبی اکرم ﷺ کے زمانے میں تھے، لیکن آپ سے کوئی حدیث سننے کی نوبت نہیں آئی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان کو کوفہ پر قاضی مقرر کیا وہاں ساٹھ سال تک عہدۂ قضاء پر متمکن رہے۔ آپ ثقہ تھے اور ۸۷ھ میں ۱۸۰ اسی سال کی عمر میں وفات پائی۔ تہذیب لا بن حجر ۳۲۸/۴

عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ

۳۷۸۴۵......(مسند عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ) ابووائل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ایک بڑھیا کے پاس سے گذرے جو سوق اللیل میں سے دودھ بیچ رہی تھی۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس کو فرمایا: اے بڑھیا: مسلمانوں اور اللہ کے گھر کی زیارت کو آنے والوں کو دھوکہ نہ دیا کر اور دودھ میں پانی نہ ملایا کر۔ بڑھیا بولی: ٹھیک ہے، یا امیر المؤمنین! اس کے بعد پھر امیر المؤمنین کا اس بڑھیا کے پاس سے گذر ہوا تو فرمایا: اے بڑھیا: کیا میں نے پہلے تجھے منع نہیں کیا تھا کہ دودھ میں پانی نہ ملایا کر؟ بڑھیا بولی: اللہ کی قسم! میں نے ایسا (کچھ) نہیں کیا۔ اس کی بیٹی اندر پردے سے بولی: اماں دھوکہ دہی کے ساتھ بھی جھوٹ بولنا بھی شروع کر دیا؟

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس کی بات سنی تو بڑھیا کو سزا دینے کا ارادہ کیا مگر پھر اس کی بیٹی کی سچ گوئی کی وجہ سے اس کو معاف کر دیا۔ پھر اپنے بیٹوں سے فرمایا: تم میں سے کون اس لڑکی سے شادی کرے گا؟ شاید اللہ پاک اس سے اسی جیسی کوئی پاک روح پیدا فرمادے۔ حضرت عاصم بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: اے امیر المؤمنین! میں اس سے شادی کروں گا۔ چنانچہ امیر المؤمنین عمر رضی اللہ عنہ نے اسی لڑکی سے اپنے بیٹے کی شادی کر دی۔

پھر اس لڑکی سے حضرت عاصم کی ایک بیٹی ام عاصم نام کی پیدا ہوئی۔

پھر ام عاصم سے عبدالعزیز بن مروان نے شادی کی تو ام عاصم کے ہاں عمر بن عبدالعزیز (ثانی عمر) پیدا ہوئے۔ رواہ ابن النجار

۳۷۸۴۶......عبداللہ بن دینار حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کرتے ہیں، آپ رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: اے آل عمر! ہم گفتگو کیا کرتے تھے کہ خلافت کا معاملہ ختم نہیں ہوگا جب تک کہ آل عمر میں سے ایسا ایک آدمی خلیفہ نہ بنے جو بعینہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے طرز پر چلے۔ اور اس کے چہرے میں ایک علامت بھی ہوگی۔ چنانچہ بلال بن عبداللہ بن عمر کے چہرے پر ایک تل تھا جس کی وجہ سے لوگ اسی کو وہی مارک شخص سمجھتے تھے حتیٰ کہ اللہ پاک نے عمر بن عبدالعزیز کو کھڑا کر دیا اور اسکی ماں ام عاصم بنت عاصم بن عمر بن خطاب تھی۔ (اور یہ آل بیٹی کی طرف سے نکلی جس طرح حضور کی آل بیٹی سے چلی۔) التاریخ الخطیب، ابن عساکر

۳۷۸۴۷......نافع رحمہ اللہ سے مروی ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما اکثر فرمایا کرتے تھے:

کاش میں جان لیتا کہ وہ کون شخص ہوگا جو آل عمر سے ہوگا اور اس کے چہرے میں علامت ہوگی اور وہ زمین کو عدل وانصاف سے بھر دے گا۔

رواہ ابن عساکر

۳۷۸۴۸......حضرت سعید بن المسیب رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: خلفاء تین ہیں اور باقی سب بادشاہ ہیں۔ پوچھا گیا: یہ تین کون ہیں؟ ارشاد فرمایا: ابوبکر، عمر اور عمر پوچھا گیا: ابوبکر وعمر کو تو ہم جانتے ہیں، یہ دوسرے عمر کون ہیں؟ ارشاد فرمایا: اگر تم زندہ رہے تو اس کو پالو گے اور اگر مر گئے تو وہ تمہارے بعد آئے گا۔ نعیم بن حماد فی الفتن

۳۷۸۴۹...... حبیب بن ھند اسلمی سے مروی ہے کہ مجھے حضرت سعید بن المسیب رحمہ اللہ نے ارشاد فرمایا: خلفاء تین ہیں، میں نے پوچھا: وہ کون ہیں؟ فرمایا: ابوبکر رضی اللہ عنہ، عمر رضی اللہ عنہ اور عمر رحمۃ اللہ علیہ۔

میں نے پوچھا: ابوبکر و عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو تو ہم جان گئے یہ اور عمر کون ہیں؟ ارشاد فرمایا:

اگر تو جیا تو اس کو دیکھ لے گا اور اگر مر گیا تو وہ تیرے بعد ضرور آئے گا۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۸۵۰...... مالک رحمۃ اللہ علیہ حضرت سعید بن المسیب رحمہ اللہ سے روایت کرتے ہیں، انہوں نے ارشاد فرمایا: خلفاء ابوبکر اور دو عمر ہیں۔ ان سے پوچھا: ابوبکر و عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو تو ہم جانتے ہیں۔ یہ دوسرے عمر کون ہیں؟ ارشاد فرمایا:

ممکن ہے تو زندہ رہا تو اس کو پہچان لے گا یعنی عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ کو۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۸۵۱...... یونس بن ھلال حضرت (ابن شہاب) زہری رحمہ اللہ سے روایت کرتے ہیں، اور فرماتے ہیں: میرا غالب گمان یہ ہے کہ انہوں نے مرفوعاً۔

ارشاد فرمایا:

کوئی امت جو سو سال تک اللہ کی اطاعت کرتی ہے وہ اس طاعت کی برکت اسی قدر کھاتی ہے اور اگر کسی امت پر سو سال ایسے گذر جائیں کہ وہ ان میں اللہ کی نافرمانی کرتی رہے تو وہ امت ہلاک ہو جاتی ہے اور بے نام ونشان ہو جاتی ہے۔

پس اللہ پاک نے اس امت پر جن لوگوں کی بدولت رحم کیا ان میں سے عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ (اور ان) کی خلافت ہے۔

رواہ ابن عساکر

۳۷۸۵۲...... حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے، ارشاد فرمایا:

بنی امیہ کو لعنت نہ کرو بے شک ان میں ایک نیک صالح امیر ہوگا۔ یعنی عمر بن عبدالعزیز۔ عبداللہ بن احمد بن حنبل فی الزھد

فائدہ:...... ابوجعفر عمر بن عبدالعزیز قریشی مدنی رحمہ اللہ خلیفۃ المسلمین تھے ۶۳ سال عمر پائی۔ ثقہ اور عادل حاکم تھے ۱۰۱ھ میں وفات پائی۔
تہذیب ۷/ ۴۷۵

امام شافعی رحمہ اللہ

۳۷۸۵۳......(مسند عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ) قال البیھقی فی السنن: ثنا ابوسعد احمد بن محمد المالینی ثنا أبوبکر الاسماعیلی ثنا عبداللہ بن وھب یعنی الدینوری ثنا عبداللہ بن محمد بن ھارون الفریابی قال سمعت الشافعی محمد بن ادریس بمکۃ یعقول:

امام شافعی رحمہ اللہ نے ایک مرتبہ مکہ میں لوگوں کو مخاطب ہو کر فرمایا:

اے لوگو! جو چاہو تم مجھ سے سوال کرو، میں کتاب اللہ عزوجل اور سنت رسول اللہ ﷺ سے تم کو جواب دوں گا۔

محمد بن ہارون جو اس روایت کے راوی ہیں کہتے ہیں: میں نے ان کو عرض کیا:

اللہ آپ کو درست رکھے آپ اس محرم کے بارے میں کیا کہتے ہیں جو زنبور (بھڑ، تتیے) کو قتل کر دے؟

حضرت امام رحمہ اللہ نے فرمایا: ہاں، بسم اللہ الرحمن الرحیم: اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

وما آتاکم الرسول فخذوہ وما نھاکم عنہ فانتھوا.

اور جو چیز تم کو پیغمبر دیں وہ لے لو اور جس سے منع کریں (اس سے) باز رہو۔

پھر فرمایا: حدثنا سفیان بن عیینہ عن عبدالملک بن عمیر عن ربعی عن حذیفۃ یعنی حذیفہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

میرے بعد والے یعنی ابوبکر وعمر کی اقتداء کرنا۔

پھر فرمایا: حدثنا سفیان بن عیینة عن مسعر قیس بن مسلم عن طارق بن شهاب عن عمر بن الخطاب یعنی حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ آپ رضی اللہ عنہ نے محرم کو زنبور (بھڑ، تتیے) کے قتل کا حکم دیا۔ السنن البیهقی

فائدہ:...... امام کبیر ابوعبداللہ محمد بن ادریس شافعی، قریشی، ہاشمی مطلبی مکی اہل سنت کے چار بڑے اماموں میں سے ایک ہیں۔ (۱۵۰ھ میں پیدا ہوئے اور ۲۰۴ھ میں وفات پائی۔ بہترین کتاب جس میں ان کے حالات درج ہیں وہ امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ کی عربی تصنیف "مناقب الشافعی" دو جلدوں میں ہے۔

محمد بن الحنفیہ رحمہ اللہ

۳۷۸۵۴...... محمد بن الحنفیۃ رحمہ اللہ سے مروی ہے کہ (میرے والد) حضرت علی کرم اللہ وجہہ اور حضرت طلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے درمیان بات چلی۔ حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو فرمایا: آپ کی جرات دیکھئے کہ آپ نے ان (حضور ﷺ) کا نام (اپنے بیٹے کا نام) رکھا اوران کی (یعنی آپ ﷺ کی) کنیت بھی ان کو دی۔ حالانکہ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا تھا ان دونوں کو (کسی ایک کے لئے) جمع نہیں کیا جائے گا۔ اور دوسرے الفاظ روایت کے یہ ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے منع فرمایا کہ آپ کی امت میں سے آپ کے بعد ان کو کوئی جمع کرے۔ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ارشاد فرمایا: جری وہ ہے جو اللہ اور اس کے رسول اللہ ﷺ پر جرات کرے، بلاؤ فلاں فلاں قریش کے لوگوں کو۔ چنانچہ وہ آئے تو انہوں نے بھی شہادت دی کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو ارشاد فرمایا: میرے بعد عن قریب تیرے ہاں ایک بچہ ہوگا میں اس کو اپنا نام اور اپنی کنیت عطیہ کرتا ہوں اور اس کے بعد میری امت میں سے کسی کے لئے جائز نہیں۔ ابن سعد، ابن عساکر

۳۷۸۵۵...... حضرت علی بن الحسین رحمہ اللہ سے مروی ہے، ارشاد فرمایا: شاہ روم نے عبدالملک بن مروان کو خط لکھا اور اس کو ڈرایا دھمکایا اور قسم کھائی کہ وہ اس پر ایک لاکھ خشکی کی فوج اور ایک لاکھ بحری فوج چڑھا کر لائے گا یا تو جزیہ دے دے۔

خط عبدالملک بن مروان کے ہاتھ میں آیا تو اس نے (خط کے جواب کے لئے ترکیب کی کہ) حجاج کو خط لکھا کہ تو ابن الحنفیہ کو خط لکھ اور اس میں اس کو ڈرا دھمکا پھر مجھے بتا کہ وہ کیا جواب دیتے ہیں۔ چنانچہ حجاج نے ابن الحنفیہ کو خط لکھا اور اس میں ان کو سخت ڈرایا دھمکایا اور قتل کی دھمکیاں دیں۔ حضرت ابن الحنفیہ رحمۃ اللہ علیہ نے حجاج کو جواب لکھا:

اللہ تعالیٰ اپنی مخلوق کی طرف تین سو ساٹھ مرتبہ التفات فرماتے ہیں اور مجھے امید ہے کہ اللہ پاک میری طرف ایک مرتبہ التفات فرمائیں گے تو وہ التفات رحمت تجھ کو مجھ سے روک دے گی۔

حجاج نے مذکور، خط عبدالملک بن مروان کو بھجوادیا۔ عبدالملک بن مروان نے اسی جواب کو نقل کرا کر شاہ روم کو بھجوادیا شاہ روم بولا: یہ خط آیا تو تیری طرف سے ہے لیکن بات کسی اور کی ہے، صرف نبوت کے گھرانے سے ایسی بات نکل سکتی ہے۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۸۵۶...... (مسند علی رضی اللہ عنہ) بن الحنفیہ سے مروی ہے کہ حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کے درمیان گفت وشنید ہوئی۔ حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو فرمایا: آپ نے حضور کا نام (اپنے بیٹے کے لئے) رکھا اور ان کی کنیت بھی اس کے لئے تجویز کی۔

حالانکہ رسول اللہ ﷺ نے اس سے منع فرمایا تھا کہ کوئی آپ کی امت میں ان کو جمع نہ کرے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: بے شک جری وہ ہے جو اللہ اور اس کے رسول پر جرات کرے، اے فلاں، میرے پاس فلاں فلاں لوگوں کو بلا کر لاؤ۔ چنانچہ چند قریشی اصحاب رسول اللہ ﷺ حاضر ہوگئے اور انہوں نے شہادت دی کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو رخصت دی تھی کہ وہ ان کو جمع کر سکتے ہیں لیکن ان

کے علاوہ باقی امت پران کو حرام کردیا تھا۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۸۵۷..... (مسند علی رضی اللہ عنہ) ربیع بن منذر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں، انہوں نے فرمایا کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ کے درمیان بحث ہوئی۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا جری وہ ہے جو اللہ اور اس کے رسول پر جرات کرے۔ اے فلاں فلاں کو میرے پاس بلا کر لاؤ، چنانچہ وہ قریش کے ایک گروہ کو بلا لایا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے پوچھا: تم کیا شہادت دیتے ہو؟ انہوں نے کہا: ہم شہادت دیتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے (آپ کو) ارشاد فرمایا تھا، تم میرا نام رکھنا اور میری کنیت رکھنا اور تمہارے بعد کسی کے لئے حلال نہیں۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۸۵۸..... حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ عنقریب میرے بعد تجھے ایک لڑکا ہوگا میں اس کو اپنا نام اور اپنی کنیت بخشتا ہوں۔ الدلائل للبیہقی، الواھیات لابن الجوزی، ابن عساکر

کلام:..... علامہ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ نے مذکورہ روایت کو واھیات یعنی لغو اور بے اصل روایتوں میں ذکر کیا ہے۔

محمد بن علی بن الحسین رحمہم اللہ

۳۷۸۵۹..... ابوجعفر رحمۃ اللہ علیہ محمد بن علی بن حسین سے مروی ہے آپ رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا: لوگ سمجھتے ہیں کہ میں ہی مہدی ہوں جب کہ میں مہدی ہونے کی بجائے موت کے زیادہ قریب ہوں۔

بات یہ ہے کہ اگر لوگ اس بات پر متفق الرائے ہو جائیں کہ ان کو فلاں (شخص کے) دروازے سے عدل وانصاف ملے گا تو تقدیر خداوندی ان کے اس خیال کو باطل کردے گی اور ان کو دوسرے دروازے سے ہدایت نوازے گی۔ (یہی حال ان کے مذکورہ خیال کا ہے)۔ رواہ ابن عساکر

فائدہ:..... امام باقر ابوجعفر محمد بن علی بن الحسین ھاشمی مدنی آل رسول میں سے ہیں ۱۸۰ھ میں تہتر ۷۳ سال کی عمر میں وفات پائی۔ تھذیب التھذیب لابن حجر ۹/ ۳۵۱

زید بن عمرو بن نفیل رضی اللہ تعالیٰ عنہ

۳۷۸۶۰..... جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ سے زید بن عمرو بن نفیل کے متعلق پوچھا گیا کہ یارسول اللہ! وہ زمانہ جاہلیت میں قبلہ رخ ہو کر کہا کرتا تھا: میرا معبود صرف وہی ہے جو ابراہیم علیہ السلام کا تھا اور میرا دین وہی ہے جو ابراہیم علیہ السلام کا دین تھا اور وہ سجدہ کرتا تھا؟ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اس کا قیامت کے دن ایک برحق امت کے ساتھ حشر ہوگا جو میرے اور عیسیٰ بن مریم علیہ السلام کے درمیانی زمانے میں تھی۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۸۶۱..... حضرت عروج سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ سے زید رحمۃ اللہ علیہ بن عمرو بن نفیل کے متعلق سوال کیا گیا تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

وہ قیامت کے روز ایک امت بنا کر اٹھایا جائے گا جو میرے اور عیسیٰ بن مریم کے درمیان تھی۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۸۶۲..... (مسند سعید رضی اللہ عنہ) نفیل بن ہشام بن سعید بن زید بن عمرو بن نفیل اپنے والد ہشام سے اور وہ ان کے دادا یعنی حضرت سعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں، حضرت سعید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ (ان کے والد یعنی) زید بن عمرو بن نفیل اور ورقہ بن نوفل دونوں دین حق کی تلاش میں نکلے اور اسی تلاش میں موصل میں ایک راہب کے پاس پہنچے۔ راہب نے زید بن عمرو سے پوچھا: اے اونٹ والے تو کہاں سے آیا ہے؟ زید بولے: ابراہیم علیہ السلام کے بنائے ہوئے گھر (یعنی بیت اللہ کے پاس) سے؟ پھر راہب نے پوچھا: اور کس چیز کی تلاش میں

زید بولے: دین حق کی تلاش میں راہب بولا: تو واپس جا، عنقریب تیری اپنی سرزمین میں وہ دین حق ظاہر ہو جائے گا۔

چنانچہ ورقہ بن نوفل تو نصرانی المذہب ہو گئے جب کہ زید بن عمرو نے نصرانیت کو قبول نہ کیا اور یہ اشعار پڑھتے ہوئے وہ ان سے واپس ہو گئے۔

لبیک حقاً حقاً. تعبداً ورقاً.

میں حاضر ہوں دین حق کے لئے خدا کی بندگی کے لئے اور اس غلامی کے لئے۔

البرَّا غنی لاالمال. وهل مهاجر كما قال.

میں نیکی ہی کی تلاش میں ہوں نہ کہ مال کی۔ اور نہیں ہے میری ہجرت کسی اور مقصد کے لئے۔

عذت بما عاذبه ابراهيم.

میں پناہ مانگتا ہوں جس چیز سے ابراہیم علیہ السلام نے پناہ مانگی۔

زید بن عمرو کے بیٹے سعید بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا: یارسول اللہ! میرے والد کو آپ نے دیکھا ہی تھا جیسا کہ آپ نے دیکھا اور جیسا کہ آپ کو خبر بھی پہنچی ہے، لہٰذا آپ ان کے لئے استغفار فرما دیجئے۔

حضور ﷺ نے فرمایا: ہاں (ضرور) پھر ارشاد فرمایا: ان کو قیامت کے دن ایک (برحق) امت (کی حالت میں) اٹھایا جائے گا۔

ایک مرتبہ خود زید بن عمرو بن نفیل رحمۃ اللہ علیہ حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے زید بن حارثہ بھی حضور اکرم ﷺ کے ساتھ تھے اور یہ دونوں ایک دسترخوان سے کھا رہے تھے۔ دونوں نے زید بن عمرو بن نفیل کو کھانے پر بلایا تو زید بن عمرو بن نفیل نے حضور اکرم ﷺ کو ارشاد فرمایا: جو جانور بتوں کے نام پر ذبح کئے جائیں اے بھتیجے! (محمد!) ہم ان کو نہیں کھاتے۔ ابوداؤد، ابونعیم، ابن عساکر

۳۷۸۶۳..... سعید رضی اللہ عنہ بن زید رحمۃ اللہ علیہ سے مروی ہے کہ میں نے اور عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضور اکرم ﷺ سے زید عمرو بن نفیل کے متعلق سوال کیا، تو فرمایا: وہ قیامت کے دن ایک امت (مسلمہ کے ساتھ) آئیں گے۔

مسند ابی یعلی، ابونعیم، ابن عساکر

شاہ حبشہ نجاشی رحمۃ اللہ علیہ

۳۷۸۶۴..... حضرت سعید بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: نجاشی کے لئے دعائے مغفرت کرو۔

رواہ ابونعیم

فائدہ:..... مذکورہ نجاشی حبشہ کے بادشاہ تھے جن کا نام اصحمۃ بن ابجر تھا۔ نجاشی ان کا لقب تھا۔ حضور اکرم ﷺ کے زمانے میں مسلمان ہو گئے تھے لیکن حضور اکرم ﷺ کے پاس ہجرت کر کے جانے کی اور زیارت کرنے کی سعادت نہ ہو سکی اور فتح مکہ سے قبل وفات پا گئے تھے۔ نبی اکرم ﷺ نے مدینہ میں ان کی غائبانہ نماز جنازہ پڑھائی اور نماز میں چار تکبیریں ادا فرمائیں۔ اسد الغابہ، ۱/۱۲۰

لقمان حکیم رحمۃ اللہ علیہ

۳۷۸۶۵..... نوفل بن سلیمان ھنائی، عبداللہ بن عمر سے، وہ نافع سے اور نافع حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا:

حق بات یہ ہے کہ لقمان نبی نہ تھے۔ لیکن (اللہ کے) ثابت قدم بندے تھے، بہت زیادہ غور و فکر کرنے والے اور اچھے خیالات کے مالک تھے۔ انہوں نے اللہ سے محبت رکھی اللہ نے ان کو محبوب بنالیا اور ان کو حکمت سے نوازا۔

ایک مرتبہ لقمان رحمۃ اللہ علیہ دن کو سوئے ہوئے تھے کہ ان کو ایک آواز آئی: اے لقمان! کیا تم چاہتے ہو کہ اللہ پاک تم کو زمین میں خلافت (بادشاہت) عطا فرمائے اور تم لوگوں کے درمیان حق کے ساتھ فیصلے کرو؟ لقمان یہ آواز سن کر بیدار ہو گئے اور انہوں نے اس آواز کا جواب دیا: اگر میرا رب مجھے اختیار دے گا (حکم دے گا) تو میں قبول کرلوں گا کیونکہ مجھے علم ہے کہ اگر پروردگار مجھے یہ منصب عطا کرے گا تو میری مدد بھی کرے گا اور مجھے اس کا علم عطا کرے گا اور مجھے (خطاء میں پڑنے سے) محفوظ رکھے گا، لیکن اگر میرا رب مجھے اختیار دے تو میں عافیت کو قبول کروں گا اور (خلافت کی) مصیبت کو قبول نہ کروں گا۔ ملائکہ نے نرم آواز میں پوچھا: کیوں اے لقمان! حضرت لقمان رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا: کیونکہ حاکم سخت حالات میں گھرا رہتا ہے اور ظلم ہر طرف سے اس پر چھاجاتا ہے (ظلم کرنے کے خطرات درپیش ہوتے ہیں، پھر وہ ان سے نجات پاجائے یا مبتلائے ظلم ہوجائے۔ اگرچہ نجات پانے کے بھی وہ لائق ہے۔ اور اگر اس سے عدل وانصاف کا راستہ خطا ہوجائے تو اس سے جنت کا راستہ خطا ہوجاتا ہے۔ اور دنیا کی ذلت دنیا کی شرافت سے زیادہ بہتر ہے۔ اور جو شخص دنیا کو آخرت پر ترجیح دے کر قبول کرتا ہے تو دنیا اس کو فتنے وآزمائش میں مبتلا کردیتی ہے اور وہ آخرت کی بادشاہت حاصل نہیں کرسکتا۔

ملائکہ کو ان کے عمدہ جواب سے تعجب ہوا۔ پھر وہ سوئے تو اللہ نے ان کو حکمت سے بھر دیا پھر اٹھے تو حکمت والا کلام کرنے لگے۔

پھر اسی طرح حضرت داؤد علیہ السلام کو بھی وہی نداء دی گئی اور انہوں نے خلافت کو قبول فرمالیا اور کسی طرح کی کوئی شرط نہیں لگائی جس کی وجہ سے ان سے کئی مرتبہ خطاء سرزد ہوئی اگرچہ ہر مرتبہ اللہ پاک ان سے درگذر فرماتے رہے اور ان کی مغفرت کرتے رہے۔

حضرت لقمان رحمۃ اللہ علیہ حضرت داؤد علیہ السلام کو حکمت کی باتیں کہتے تھے اور ان کو حکمت سکھاتے تھے۔ حضرت داؤد علیہ السلام نے حضرت لقمان رحمۃ اللہ علیہ کو فرمایا: اے لقمان! تم خوش نصیب ہو کہ تم کو حکمت ودانائی عطا کردی گئی اور مصیبت کو تم سے دور کردیا گیا جب کہ داؤد کو خلافت دی گئی اور مصیبت وآزمائش میں اس کو مبتلا کردیا گیا۔ الدیلمی، ابن عساکر

فرعون کا ذکر

۳۷۸۶۶..... حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے ارشاد فرمایا، کہ مجھے خبر ملی ہے کہ فرعون کے دانت ٹوٹے ہوئے تھے۔

الاوسط للطبرانی، ابن عبد الحکم فی فتوح مصر

حاتم طائی

۳۷۸۶۷..... حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم ﷺ کے پاس حاتم طائی کا ذکر کیا گیا تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اس آدمی نے ایک کام کا ارادہ کیا تھا۔ دوسرے الفاظ میں اس نے ایک چیز طلب کی تھی اور پھر اس کو پالیا۔ (غالباً شہرت مراد ہے)۔

الدارقطنی فی الافراد، ابن عساکر

ابن جدعان

۳۷۸۶۸..... حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے کہ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! مجھے میرے چچا کے بیٹے ابن جدعان کے بارے میں بتائیے۔ حضور ﷺ نے پوچھا: وہ کیسا آدمی تھا؟ میں نے عرض کیا: وہ عمدہ اونٹ ذبح کیا کرتا تھا، پڑوس کا خیال رکھا کرتا تھا، مہمان کی اکرام نوازی کیا کرتا تھا، سچی بات کہتا تھا، عہد وذمہ داری کو پوری کرتا تھا، صلہ رحمی کرتا تھا، گردنوں کو غلامی سے چھڑاتا تھا، لوگوں کو کھانا کھلاتا تھا اور امانت ادا کیا کرتا تھا۔ حضور پاک ﷺ نے پوچھا: کیا کبھی اس نے جہنم سے پناہ مانگی؟ میں نے عرض کیا:

اللہ کی قسم! وہ تو یہ نہیں جانتا تھا کہ جہنم کیا ہے؟ تو حضور ﷺ نے فرمایا: تب نہیں (یعنی اس کا آخرت پر یقین ہی نہیں تھا اس لئے وہ مؤمن نہیں تھا)۔ رواہ ابن النجار

۳۷۸۶۹..... حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے فرماتی ہیں: میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! ابن جدعان یتیم کا بوجھ اٹھاتا تھا، رشتے ناطوں کو جوڑتا تھا، اور یہ کرتا تھا، یہ کرتا تھا۔

حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا: اے عائشہ! وہ کیسے (جنت میں جاسکتا ہے)

حالانکہ اس نے رات و دن کی کسی گھڑی میں کبھی نہیں کیا:

رب اغفرلی خطیئتی یوم الدین.

اے میرے رب قیامت کے دن میرے گناہوں کو بخش دیجئے گا۔ ابن ترکان فی الدعاء والدیلمی

ابوطالب

۳۷۸۷۰..... (مسند اسامۃ رضی اللہ عنہ) (حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں) حضرت علی رضی اللہ عنہ حضور ﷺ کے پاس حاضر ہوئے اور ابی طالب کی موت کی خبر دی۔ الدارقطنی فی الافراد

۳۷۸۷۱..... (مسند علی رضی اللہ عنہ) حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جب (میرے والد) ابوطالب کی وفات ہوگئی تو میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا: یارسول اللہ! آپ کا گمراہ چچا وفات پا گیا ہے۔ تو حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا: جا اور (گڑھا کھود کر) اس کو چھپا آ، پھر کوئی کام کئے بغیر میرے پاس آجا۔

چنانچہ میں ان کو زمین میں چھپا کر آپ ﷺ کے پاس حاضر ہوا تو آپ ﷺ نے مجھے غسل کا حکم دیا، چنانچہ میں نے غسل کیا۔ پھر آپ ﷺ نے میرے لئے چند دعائیں فرمائیں، جو مجھے ساری دنیا کی دولت سے زیادہ عزیز ہیں۔

مسند ابن ابی داؤد، ابن ابی شیبہ، ابوداؤد، النسائی، المروزی، فی الجنائز، ابن الجارود، ابن جریر، مسند ابی یعلی

۳۷۸۷۲..... (مسند علی رضی اللہ عنہ) ابواسحاق سے مروی ہے کہ جب ابوطالب کا انتقال ہوگیا تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا: یارسول اللہ! آپ کے گمراہ (غیر مسلم) چچا انتقال کر گئے ہیں۔

حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا: جاؤ اور اس کو (گڑھا کھود کر) چھپا آؤ۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: چنانچہ میں اس کام سے فارغ ہو کر واپس آپ ﷺ کی خدمت میں پہنچا تو آپ ﷺ نے مجھے فرمایا: کیا میں تجھے ایسی دعا نہ سکھاؤں کہ اللہ پاک تجھے ضرور بخش دے گا اگرچہ خدا پاک نے تیری پہلے سے مغفرت لکھ دی ہے؟ میں نے عرض کیا: اے اللہ کے نبی! مجھے وہ دعا ضرور سکھا دیجئے۔ تو حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: کہو!

لاالہ الااللہ العلی العظیم، لاالہ الا اللہ الحلیم الکریم.

لاالہ الااللہ سبحان اللہ رب العرش العظیم، الحمدللہ رب العالمین. رواہ ابن جریر

۳۷۸۷۳..... حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ جب ابوطالب کا انتقال ہوگیا تو میں نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا: آپ کے گمراہ چاچا انتقال کر گئے ہیں۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: جاؤ اس کو گڑھے میں دبا کر آؤ اور کسی کام میں لگے بغیر سیدھے میرے پاس آؤ۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: چنانچہ میں آپ ﷺ کے حکم کی تعمیل کی اور واپس آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ نے مجھے وہ کلمات سکھائے جو مجھے سرخ اونٹوں سے زیادہ محبوب ہیں۔ ابن حمدان

۳۷۸۷۴ ...... (مسند ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ) (حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے اپنے چچا ابو طالب کو فرمایا:)
اے چچا جان! بے شک مجھ پر لوگوں میں سب سے عظیم حق آپ کا ہے، اور لوگوں میں مجھ پر سب سے زیادہ آپ کے احسانات ہیں، اور آپ کا مجھ پر میرے والد سے زیادہ حق ہے۔ پس آپ یہ کلمہ کہہ لیں جس کی بدولت قیامت کے روز مجھ پر آپ کی شفاعت واجب ہو جائے گی، آپ لا الہ الا اللہ کہہ لیں۔ مسند ابی الحاکم عن ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ

امراء القیس شاعر

۳۷۸۷۵ ...... ھشام بن محمد کلبی روایت کرتے ہیں فروۃ بن سعید سے وہ عفیف بن معدی کرب سے وہ اپنے والد کے واسطے سے اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ:
یمن کے کچھ لوگوں کا وفد رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور انہوں نے بتایا: اے محمد! اللہ نے ہم کو امراء القیس بن حجر شاعر کے دو شعروں کے ذریعے زندگی بخش دی۔ حضور ﷺ نے پوچھا: وہ کیسے؟
انہوں نے کہا: ہم آپ کی طرف آنا چاہتے تھے لیکن ہم راستہ بھٹک گئے۔
اور (ایسے علاقے میں گم ہو گئے کہ وہاں) تین دن بغیر (کسی آس پاس) چشمے کے گذارے۔ پھر ہم کیکر اور ببول کے درختوں کے سائے تلے ٹھہر گئے۔ وہاں ایک آدمی گام باندھے ہوئے سواری پر سوار آیا اور ہم میں سے ایک آدمی نے دو شعر پڑھے:
ولمارأت ان الشریعة همها. وان البیاض من فرأصها دامی.
اور جب اس نے دیکھا کہ پانی کا گھاٹ ان کا مقصود تلاش ہے اور سواریوں کے پہلوؤں سے خون رسنے لگا ہے، تو یقیناً تو اس چشمے کے پاس پہنچ گیا ہے جو ضارج مقام کے پاس ہے اور کیکر و ببول کے درخت اس پر سایہ کئے ہوئے ہیں اور اس کی شاخوں اور پتوں نے اس کو چھپایا ہوا ہے۔
یہ شعر سن کر آنے والے سوار نے پوچھا: یہ شعر کس کا ہے؟ شعر پڑھنے والے نے جواب دیا: امراء القیس بن حجر شاعر کا ہے۔ سوار بولا: اللہ کی قسم! اس نے ہرگز جھوٹ نہیں بولا۔ یہ تمہارے پاس ضارج مقام ہے، یہ سن کر ہم گھٹنوں کے بل پانی پر امنڈ پڑے، واقعی جیسا کہ شاعر نے کہا تھا اس پانی کے چشمے کو کیکر و ببول کے درختوں نے چھپایا ہوا تھا۔
تو ہم نے خوب سیر ہو کر اس سے پانی پیا اور راستے کے لئے بطور زاد راہ اور پانی بھی ساتھ لے لیا۔
حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: یہ (شاعر) آدمی اس کا ذکر (چرچا) ہو چکا۔ اور روایت کے دوسرے الفاظ ہیں وہ مشہور ہو لیا۔ پھر فرمایا: وہ (شاعر) دنیا میں معزز تھا مگر آخرت میں بھولا بھٹکا ہوگا اور بے نام ہوگا اور قیامت کے ساتھ شاعروں کے آگے آگے ان کا جھنڈا اٹھائے ہوئے آئے گا اور ان سب کو جہنم میں لے جائے گا۔ ابن عساکر، ابن النجار

سوید بن عامر

۳۷۸۷۶ ...... یزید بن عمرو بن مسلم الخزاعی رضی اللہ عنہ ثم المصطلقی کہتے ہیں: مجھے میرے والد نے اپنے والد سے نقل کر کے بیان کیا وہ یعنی مسلم الخزاعی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کے پاس حاضر خدمت تھا تو میں نے آپ ﷺ کو سوید بن عامر المصطلقی کا قول سنایا:
لاتأمنن وان امسیت فی حرم. ان المنایا یجنی کل انسان.
مطمئن مت ہو جا خواہ تو حرم میں ہو، بے شک امیدیں ہر انسان کو گناہ میں ڈال دیتی ہیں۔

فاسلک طریقک نمشی غیر مختشع. حتی تلاقی ماتمنی لک المانی.

پس اپنے راستے پر چلتا رہ بغیر عاجزی کئے ہوئے حتیٰ کہ تو ان امیدوں کو پالے جو کسی نے تیرے لئے لگا رکھی ہیں۔

فکل ذی صاحب یوماً مفارقه. و کل زاد وان أبقیته فان.

پس ہر دوست رکھنے والا ایک دن اس سے بچھڑے گا اور ہر توشہ خواہ تو اس کو کسی طرح باقی رکھ مگر وہ ختم ہونے والا ہے۔

والخیر والشر مجموعان فی قرن. (بکل ذلک یأ تیک الجدید ان.

خیر اور شر ایک ہی زمانے میں ساتھ ساتھ ہیں ہر ایک اپنا اپنا صلہ رکھتا ہے۔

یہ اشعار سن کر رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اگر یہ شاعر مجھے پالیتا تو ضرور مسلمان ہو جاتا۔ دوسرے الفاظ یہ ہیں کہ اگر میں اس کو پالیتا تو یہ ضرور مسلمان ہو جاتا۔ الزهد للبیهقی ابن عساکر

ابوجہل

۳۷۸۷۷...... مغیرۃ بن شعبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے، فرماتے ہیں: پہلا پہلا دن جب میں نے رسول اللہ ﷺ کو پہچانا میں اُبوجہل کے ساتھ مکے میں جا رہا تھا، ہم کو رسول اللہ ﷺ ملے۔ آپ ﷺ نے اُبوجہل کو فرمایا: اے اُبوالحکم! اللہ اور اس کے رسول اور اس کی کتاب کی طرف آجاؤ۔

میں تجھے اللہ کی طرف بلاتا ہوں۔ ابوجہل بولا: اے محمد! تو ہمارے خداؤں کو برا بھلا کہنے سے باز نہیں آئے گا؟ تو یہی چاہتا ہے ناں کہ ہم گواہی دے دیں کہ تو نے ہم کو رسالت پہنچادی، لے ہم گواہی دیتے ہیں کہ تو نے ہم کو رسالت پہنچادی۔ یہ سن کر رسول اللہ ﷺ واپس ہو گئے۔

پھر ابوجہل میری طرف متوجہ ہوا اور بولا: اللہ کی قسم! میں جانتا ہوں کہ یہ (محمد ﷺ) جو کہہ رہا ہے وہ حق (سچ) ہے (ﷺ) لیکن بات یہ ہے کہ قصی (حضور کے جدامجد) کی اولاد نے کہا تھا: حجابت (بیت اللہ کی دربانی) کے مناصب ہمارے اندر رہیں گے، ہم نے کہا ٹھیک ہے۔ پھر انہوں نے آگے چل کر) کہا: (بیت اللہ کو آنے والے زائرین کی) مہمان نوازی ہماری ہوگی۔

ہم نے کہا: ٹھیک ہے۔ پھر (آگے چل کر) انہوں نے کہا: ندوہ (کچہری اور سرپنچی یعنی سرداری) ہمارے اندر رہے گی، ہم نے کہا: ٹھیک ہے۔ پھر انہوں نے کہا: سقایہ (ماء زمزم یعنی حاجیوں کو پانی پلانے کی ذمہ داری) ہماری ہوگی، ہم نے کہا: ٹھیک ہے۔ پھر انہوں نے بھی کھلایا اور ہم نے بھی کھلایا (یعنی ہم دونوں خاندانوں نے سخاوت کی اور اپنے اپنے اموال خرچ کئے) حتیٰ کہ سواروں میں مقابلے ہونے لگے تو اب یہ لوگ کہہ اٹھے ہیں کہ ہمارے اندر نبی آ گیا ہے۔ اللہ کی قسم! ایسا میں ہرگز نہیں کروں گا (کہ ان کی یہ بڑائی تسلیم کرلوں)۔

مصنف ابن ابی شیبه

مطعم والد جبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ

۳۷۸۷۹...... عن سفیان عن الزہری عن محمد بن جبیر عن اُبیہ، حضرت جبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے بدر کے قیدیوں کے متعلق ارشاد فرمایا: اگر مطعم زندہ ہوتے اور وہ مجھ سے ان کے بارے میں بات کرتے تو میں ان سب کو چھوڑ دیتا۔

راوی سفیان کہتے ہیں، مطعم کا نبی اکرم ﷺ کے ہاں بڑا مرتبہ تھا اور وہ لوگوں میں سب سے اچھے مرتبے اور احسان کرنے والے شخص تھے۔

شعب الایمان للبیهقی

باب...... مختلف جماعتوں کے فضائل

مطلق جماعت کے فضائل

۳۷۸۸۰..... (مسند عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ) حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ میں نبی اکرم ﷺ کے پاس بیٹھا ہوا تھا تو آپ علیہ السلام نے ارشاد فرمایا: مجھے بتاؤ سب سے افضل ایمان والے کون لوگ ہیں؟ لوگوں نے کہا: یارسول اللہ! ملائکہ۔

آپ ﷺ نے فرمایا: وہ تو واقعی ایسے ہیں یہ ان کا حق ہے اور وہ کیوں نہ ہوں ایسے، کیونکہ اللہ نے ان کو ایک مرتبہ عطا فرمایا ہے۔ ان کے علاوہ بتاؤ! لوگوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! وہ انبیاء کرام علیہم السلام جن کو اللہ نے اپنی رسالت اور نبوت سے نوازا ہے۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: وہ بھی ایسے ہی ہیں اور یہ ان کا حق ہے اور وہ کیوں نہ ہوں ایسے جب کہ اللہ پاک نے ان کو ان کا رتبہ عطا فرمایا ہے۔ لوگوں نے کہا: یارسول اللہ! وہ شہداء جو انبیاء علیہم السلام کے ساتھ شہید ہوئے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: وہ ایسے ہی ہیں، اور یہ ان کا حق ہے اور وہ ایسے کیوں نہ ہوں جب کہ اللہ عزوجل نے ان کا اکرام کیا ہے کہ ان کو انبیاء کے ساتھ شہادت سے نوازا ہے، بلکہ ان کے علاوہ بتاؤ۔

تب لوگوں نے عرض کیا: یارسول اللہ (آپ ہی بتائیے) وہ کون ہیں؟ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا:

وہ لوگ جو ابھی دوسرے لوگوں کی پشتوں میں ہیں اور میرے بعد آئیں گے، وہ مجھ پر ایمان لائیں گے حالانکہ انہوں نے مجھے دیکھا نہ ہوگا اور وہ میری تصدیق کریں گے حالانکہ انہوں نے مجھے دیکھا نہ ہوگا۔ وہ ورق معلق (لٹکا ہوا ورق یعنی قرآن) دیکھیں گے اور جو کچھ اس میں ہوگا اس پر عمل کریں گے۔ پس یہ لوگ سب سے افضل ایمان والے ہوں گے۔ ابن راھویہ، ابن زنجویہ، مسند البزار، مسند ابی یعلی، الضعفاء للعقیلی، المرھبی فی فضل العلم، مستدرک الحاکم وتعقبه ابن حجر فی اطرافه بأن

کلام:...... مذکورہ روایت محل کلام ہے، حافظ ابن حجر اپنی کتاب اطراف میں فرماتے ہیں مذکورہ روایت کا راوی محمد بن أبی حمید متروک الحدیث ہے۔

اور المطالب العالیہ میں ہے کہ محمد ضعیف الحدیث ہے اور سئی الحفظ (کمزور یادداشت والا) ہے۔ امام بزار رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: درست بات یہ ہے کہ یہ روایت زید بن اسلم سے مرسلاً مروی ہے۔

۳۷۸۸۱..... (مسند جابر بن عبداللہ بن الرأب السلمی الانصاری) رسول اللہ ﷺ نے مسجد بنی معاویہ میں تین دعائیں فرمائیں، آپ کی دو دعائیں مقبول ہوگئیں مگر ایک کا انکار کر دیا گیا۔ آپ نے سوال کیا کہ اللہ پاک ان کی امت کو بھوک سے ہلاک نہ کردے اور ان کا دشمن ان پر غالب نہ آجائے تو یہ دعائیں قبول ہوگئیں۔ آپ نے دعا کی کہ ان کے آپس میں لڑائی جھگڑے نہ ہوں تو یہ دعا قبول نہ ہوئی۔ الکبیر للطبرانی

۳۷۸۸۲..... جابر بن عتیک، مطرف سے روایت کرتے ہیں، مطرف کا بیان ہے کہ مجھے حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا:

جان لے! اللہ کے بندوں میں سے قیامت کے روز بہترین لوگ حمد کرنے والے ہوں گے اور جان لے کہ اہل اسلام کا ایک گروہ لوگوں سے قتال کرتا رہے گا۔ رواہ ابن جریر

۳۷۸۸۳..... (مسند حذیفۃ بن الیمان) رسول اللہ ﷺ حرہ بنی معاویہ کی طرف نکلے اور میں آپ کے نشانات قدم کی تلاش میں پیچھے نکل لیا۔ آپ حرۃ پہنچ کر چاشت کی نماز میں مصروف ہوگئے اور آٹھ رکعات چاشت کی ادا فرمائیں اور خوب لمبی لمبی رکعات پڑھیں۔ پھر آپ واپس لوٹ گئے اور فرمایا: اے حذیفہ! شاید میں نے تم کو لمبے انتظار میں ڈال دیا! میں نے عرض کیا: اللہ اور اس کا رسول زیادہ جانتے ہیں۔ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا: میں سے اللہ نے اس نماز میں تین دعائیں کی تھیں۔ دو تو اللہ پاک نے عطا فرمادیں اور ایک کو منع فرمادیا۔ میں نے سوال کیا تھا کہ میری امت پر کوئی غیر (کافر) غالب نہ ہوجائے۔ اللہ پاک نے یہ دعا قبول فرمائی۔ اور میں نے یہ سوال کیا کہ اللہ پاک میری امت کو قحط سالیوں میں

ہلاک نہ کردے، اللہ پاک نے میری یہ مراد بھی پوری فرمادی اور میں نے یہ جو سوال کیا کہ ان کے درمیان لڑائی جھگڑے نہ ہوں، اس کو اللہ پاک نے منع فرمادیا۔ مصنف ابن ابی شیبہ، ابن مردویہ

۳۷۸۸۴......کریب روایت کرتے ہیں مرۃ البہزی رضی اللہ عنہ سے انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا آپ نے ارشاد فرمایا:

میری امت میں سے ایک جماعت حق پر قائم رہے گی، جو بھی ان سے برسرپیکار ہوگا وہ اس پر غالب رہے گی۔ اور وہ کھانے والوں کے درمیان برتن کی طرح ہوگی، حتیٰ کہ اللہ کا حکم آجائے اور وہ اسی حال پر رہیں گے۔ مرۃ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ہم نے عرض کیا: یارسول اللہ! یہ جماعت کن لوگوں کی ہوگی اور یہ لوگ کہاں ہوں گے؟ حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: وہ لوگ بیت المقدس کے اطراف واکناف میں ہوں گے۔

راوی کہتے ہیں: مجھے کسی نے بیان کیا ہے کہ رملۃ وہ ربوۃ ہے جو مغرب و مشرق کی طرف جاتی ہے۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۸۸۵......(مسند الحکم بن رافع بن سنان) عمر بن الحکم بن رافع بن سنان سے مروی ہے کہ مجھے میرے بعض بزرگوں یعنی والد اور چچاؤں نے بیان کیا کہ ان کے پاس ایک ورقہ (کاغذ) تھا، جو ان میں جاہلیت کے زمانہ سے وراثت در وراثت چلا آرہا تھا۔ حتیٰ کہ اسلام کا ظہور ہوگیا۔ جب نبی اکرم ﷺ مدینے تشریف لائے تو ہم لوگ وہ ورقہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں لے کر آئے۔ وہ آپ کے سامنے پڑھا گیا اس میں لکھا تھا۔

شروع اللہ کے نام سے جس کی بات سچی ہے اور ظالمین کی بات تباہی میں ہے۔ یہ اس امت کا ذکر ہے جو آخری زمانے میں آئے گی، وہ کمر پر ازاریں باندھیں گے، سارے اعضاء غسل میں دھوئیں گے، اپنے دشمنوں سے جنگ کے لئے سمندروں میں بھی گھسیں گے، ان کے اندر ایسی نماز ہوگی کہ اگر وہ قوم نوح میں ہوتی تو وہ پانی کے طوفان سے ہلاک نہ ہوتے اور اگر وہ قوم عاد میں ہوتی تو وہ ہوا سے ہلاک نہ کئے جاتے اور اگر وہ قوم ثمود میں ہوتی تو وہ چیخ سے ہلاک نہ ہوتے، اللہ کے نام سے، جس کا قول حق ہے۔

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اس ورقے کو قرآن شریف کے اوراق کے درمیان رکھ دو۔ رواہ ابو نعیم

۳۷۸۸۶......(مسند معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ) رسول اللہ ﷺ نے نماز پڑھی اور خوب لمبی نماز پڑھی، جب نماز سے فارغ ہوئے تو میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! آج آپ نے نماز بہت لمبی کردی؟ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: یہ ڈر اور شوق کی نماز تھی۔ اور میں نے اللہ سے اپنی امت کے لئے (اس نماز میں) تین دعائیں کی تھیں۔ اللہ نے دو دعائیں تو قبول فرمالیں اور ایک رد فرمادی۔ میں نے اللہ سے دعا کی تھی کہ میری امت پر کوئی غیر دشمن مسلط نہ فرمائے اللہ پاک نے میری یہ دعا قبول فرمائی، نیز میں نے دعا کی کہ ان کو (طوفان نوح کی طرح) بالکل غرق نہ کردے، اللہ پاک نے یہ دعا بھی قبول فرمائی۔ نیز میں نے اللہ سے یہ دعا بھی کی تھی کہ ان کے درمیان آپس میں لڑائی جھگڑے نہ ہوں لیکن یہ دعا رد کردی گئی۔ مصنف ابن ابی شیبہ، مسند احمد، ابن ماجہ، الکبیر للطبرانی

۳۷۸۸۷......عمیر بن ہانی سے مروی ہے کہ حضرت معاویۃ بن ابی سفیان رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے لوگوں کو خطبہ دیا اور ارشاد فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا:

میری امت کا ایک گروہ اللہ کے دین کو قائم رکھے گا ان کی مخالفت کرنے والا ان کو کوئی نقصان نہ پہنچا سکے گا اور نہ ان کو رسوا کرنے والا کچھ زک پہنچا سکے گا حتیٰ کہ اللہ کا فیصلہ آجائے اور وہ اسی حال پر قائم رہیں گے دوسرے الفاظ روایت کے یہ ہیں کہ وہ لوگوں پر کامیاب و کامران رہیں گے۔

راوی عمیر بن ھانی فرماتے ہیں: پھر مالک بن یخامر کھڑے ہوئے اور بولے کہ میں نے حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے کہ وہ ملک شام میں ہوں گے۔ مسند احمد، التاشی، یعقوب بن سفیان، مسند ابی یعلی، ابن عساکر، البغوی

۳۷۸۸۸......یونس بن حلیس الیھندی سے مروی ہے کہ معاویہ بن ابی سفیان رضی اللہ تعالیٰ عنہما منبر پر فرمایا کرتے تھے: میں نے رسول اللہ ﷺ کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

میری امت کا ایک گروہ حق پر لوگوں سے قتال کرتا رہے گا اور وہ لوگوں پر غالب رہے گا حتیٰ کہ اللہ کا فیصلہ آجائے اور وہ اس حال پر ہوں گے۔

پھر حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے یہ آیت پڑھی:

یاعیسیٰ انی متوفیک ورافعک الی ومطھرک من الذین کفروا وجاعل الذین اتبعوک فوق الذین کفروا الی یوم القیامۃ

اے عیسیٰ! میں تجھے وفات دینے والا ہوں اور تجھے اپنی طرف اٹھانے والا ہوں اور تجھے پاک کرنے والا ہوں کافروں سے اور تیری اتباع کرنے والوں کو قیامت تک اوپر کرنے والا ہوں کافروں پر۔رواہ ابن عساکر

فائدہ:۔۔۔۔۔۔آیت مذکورہ میں اسی جماعت کی وضاحت ہے، جس کا ذکر حدیث میں آیا ہے کہ جن کے متعلق اللہ نے کتاب اللہ میں فرمایا کہ ان کو (یعنی عیسیٰ علیہ السلام کے آنے کے بعد) عیسیٰ علیہ السلام کے ماننے والے امت محمدیہ کے موحد مسلمانوں کو کافروں پر قیامت تک غالب رکھے گا۔

۳۷۸۸۹۔۔۔۔مسلم بن ھرمز سے مروی ہے کہ میں نے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کو اپنے خطبے میں ارشاد فرماتے ہوئے سنا: رسول اللہ ﷺ فرمایا کرتے تھے:

اس امت میں ایک جماعت اللہ کے امر (دین خلافت) پر قتال کرتی رہے گی ان کو رسوا کرنے والا ان کو کچھ نقصان پہنچا سکے گا اور نہ کسی کی دشمنی ان کو کچھ ضرر پہنچا سکے گی حتیٰ کہ اللہ کا فیصلہ آئے وہ اس وقت تک اسی حال پر قائم رہیں گے۔

پھر حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اور اے اہل شام! مجھے امید ہے کہ وہ جماعت تمہاری ہی ہے۔رواہ ابن عساکر

۳۷۸۹۰۔۔۔۔مکحول رحمۃ اللہ علیہ حضرت معاویہ بن ابی سفیان رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کرتے ہیں۔

انہوں نے منبر پر خطبہ دیتے ہوئے ارشاد فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

اے لوگو! علم سیکھنے کے ساتھ ہے، فقہ (تفقہ) سمجھ بوجھ کے ساتھ ہے اور اللہ پاک جس کے ساتھ بھلائی کا ارادہ کرتا ہے اس کو دین میں سمجھ بوجھ عطا فرمادیتا ہے۔ اور بے شک اللہ کے بندوں میں سے علم والے ہی اللہ سے ڈرتے ہیں، اور میری امت کا ایک گروہ حق پر رہے گا اور لوگوں پر غالب رہے گا، وہ مخالفت کرنے والوں کی پرواہ نہ کریں گے اور نہ مقابلہ کرنے والوں کو خاطر میں لائیں گے حتیٰ کہ اسی برتر حال پر رہتے ہوئے ان کے پاس اللہ کا فیصلہ آجائے گا۔رواہ ابن عساکر

۳۷۸۹۱۔۔۔۔نعمان بن بشیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: میری امت کا ایک گروہ لوگوں پر غالب رہے گا وہ اپنے مخالفین کی پرواہ نہ کریں گے حتیٰ کہ ان کو اللہ کا حکم آجائے۔ حضرت نعمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔

جو شخص یہ کہے کہ میں رسول اللہ ﷺ کی طرف سے وہ بات کہہ رہا ہوں جو آپ ﷺ نے نہیں ارشاد فرمائی تو دیکھو اس بات کی تصدیق کتاب اللہ تعالیٰ میں ہے۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

”یاعیسیٰ انی متوفک ورافعک الی ومطھرک من الذین کفروا وجاعل الذین اتبعوک فوق الذین کفروا الی یوم القیامۃ“ ابن ابی حاتم، ابن عساکر

۳۷۸۹۲۔۔۔۔ابوامامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

ایک ایسے آدمی کی شفاعت کی وجہ سے جو نبی بھی نہ ہوگا دو بڑے قبیلوں ربیعہ اور مضر جتنے لوگ جنت میں داخل ہوں گے۔

ایک کہنے والے نے کہا: ربیعہ مضر کے مقابلے میں کیا ہے؟ تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: میں جو کہہ رہا ہوں کہہ رہا ہوں۔ (جس میں کوئی شک نہیں)۔مسند ابی یعلی، ابن عساکر

۳۷۸۹۳۔۔۔۔حضرت ابوامامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

میری امت کا ایک گروہ حق پر قائم رہے گا اور اپنے دشمنوں پر غالب رہے گا جو ان کی مخالفت کریں گے ان کو کچھ نقصان نہ پہنچا سکیں گے إلا أصابھم من لاواء اور وہ کھانے والوں کے درمیان کھانے کی برتن کی طرح (قلیل) ہوں گے حتیٰ کہ ان کو اللہ کا فیصلہ آجائے اور وہ اسی حال پر ہوں گے۔ لوگوں نے پوچھا: یارسول اللہ! وہ لوگ کہاں ہوں گے؟ فرمایا: بیت المقدس میں اور اس کے اطراف وجانب میں۔رواہ ابن جریر

۳۷۸۹۴۔۔۔۔۔اَبی ثعلبہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے، انہوں نے ارشاد فرمایا: اللہ کی قسم! اس اُمت کو قسطنطنیہ کی فتح میں آدھے دن سے زیادہ نہیں لگے گا، جب تو دیکھے گا کہ شام کی قیادت اہل بیت کا ایک آدمی کررہا ہے تو پس وہ قسطنطنیہ کی فتح کا وقت ہوگا۔ البیهقی فی البعث

۳۷۸۹۵۔۔۔۔۔مسند ابو جمعہ حبیب بن سباع) خالد بن دریک سے مروی ہے فرماتے ہیں: میں نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں سے ایک آدمی ابو جمعہ سے عرض کیا: آپ ہمیں کوئی ایسی بات ذکر کریں جو آپ نے رسول اللہ ﷺ سے سنی ہو! انہوں نے فرمایا: ہاں۔

میں تمہیں ایک اچھی بات سناتا ہوں۔ ایک مرتبہ ہم نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ صبح کا کھانا تناول کیا، ہمارے ساتھ حضرت ابوعبیدۃ رضی اللہ عنہ بھی تھے۔ انہوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! کیا ہم سے بھی بہتر کوئی ہے؟ کیونکہ ہم آپ کے روبرو اسلام لائے اور آپ کے ساتھ مل کر ہم نے جہاد کیا۔ حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ہاں (تم سے بہتر) وہ لوگ ہوں گے جو میرے بعد آئیں گے، مجھ پر ایمان لائیں گے حالانکہ انہوں نے مجھے دیکھا نہ ہوگا، دوگتوں کے درمیان کتاب اللہ کو پائیں گے اور اس پر ایمان لے آئیں گے اور اس کی تصدیق کریں گے وہ تم سے بہتر ہوں گے۔ مسند احمد، مسند ابی یعلی، الباوردی، ابن قانع، الکبیر للطبرانی، مستدرک الحاکم، أبونعیم، ابن عساکر

۳۷۸۹۶۔۔۔۔۔حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: میری امت کا ایک گروہ لوگوں پر غالب رہے گا ان کو لوگوں کی مخالفت کی پروانہ ہوگی حتیٰ کہ اللہ کا حکم آجائے۔

پھر حضرت نعمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر کوئی یہ کہے کہ میں رسول اللہ ﷺ کی طرف سے وہ بات کہہ رہا ہوں جو آپ ﷺ نے ارشاد نہیں فرمائی تو اس کی تصدیق کتاب اللہ میں بھی ہے، بے شک اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

یاعیسٰی انی متوفیک ورافعک الی ومطهرک من الذین کفروا وجاعل الذین اتبعوک فوق الذین کفروا الی یوم القیامة. ابن أبی حاتم، ابن عساکر

۳۷۸۹۷۔۔۔۔۔عبداللہ عامر بن قیس کندی سے مروی ہے، وہ حضرت ابوسعید زرقی رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

اللہ تعالیٰ نے مجھ سے وعدہ فرمایا ہے کہ وہ میری امت میں سے ستر ہزار لوگوں کو بغیر حساب کتاب کے جنت میں داخل کرے گا۔

پھر میرے لئے اپنی دونوں ہتھیلیوں سے تین مٹھیاں بھرے گا۔

پھر رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اگر اللہ چاہے گا تو ان مٹھیوں میں میرے سارے مہاجرین کو اور کچھ اعرابیوں کو بھی بھرلے گا۔

البغوی، ابن النجار

۳۷۸۹۸۔۔۔۔۔عبدالرحمٰن بن ابی عمرۃ اپنے والد رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ سے پوچھا گیا کہ: یارسول اللہ! ان لوگوں کے متعلق آپ کا کیا خیال ہے جو آپ پر ایمان لائے اور آپ کی تصدیق کی مگر وہ آپ کو دیکھ نہ سکے؟ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا: ان کے لئے خوش خبری ہے، مزید ان کے لئے خوش خبری ہے۔ وہ لوگ ہم میں سے ہیں اور وہ لوگ ہمارے ساتھ ہوں گے۔ الحسن بن سفیان و أبونعیم

۳۷۸۹۹۔۔۔۔۔عبداللہ بن اَبی اَوفیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: مجھے اپنے بھائیوں سے ملنے کا شوق ہے۔ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ارشاد فرمایا: یارسول اللہ! کیا ہم آپ کے بھائی نہیں ہیں؟ حضور ﷺ نے فرمایا: نہیں، تم تو میرے صحابی (دوست اور ساتھی) ہو۔ میرے بھائی وہ لوگ ہوں گے جو مجھ پر مجھے دیکھے بغیر ایمان لائیں گے۔

پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ تشریف لائے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو حضور ﷺ کے ارشاد کی خبر دی۔ پھر رسول اللہ ﷺ نے (ان کو) ارشاد فرمایا: کیا تو ایسے لوگوں کو محبوب نہیں رکھتا جن کو جب یہ خبر پہنچے گی کہ تو مجھ سے محبت رکھتا ہے تو وہ تجھ سے بھی محبت رکھنے لگیں گے پھر اللہ پاک بھی ان کو اپنا محبوب بنالیں گے۔

کلام:۔۔۔۔۔امام ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں مذکور روایت ضعیف ہے اور اس روایت کی سند ضعیف ہے۔

۳۷۹۰۰۔۔۔۔۔حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: کاش میں اپنے بھائیوں کو دیکھوں جب وہ میرے

پاس حوض پر آئیں گے اور میں آب کوثر کے بھرے برتنوں کے ساتھ ان کا استقبال کروں گا اور ان کو جنت میں داخل ہونے سے قبل اپنے حوض سے پلاؤں گا۔ کسی نے عرض کیا: یارسول اللہ! کیا ہم آپ کے بھائی نہیں ہیں؟ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم تو میرے ساتھی ہو اور میرے بھائی وہ لوگ ہیں جو مجھ پر ایمان لائیں گے اور انہوں نے مجھے دیکھا نہ ہوگا۔ الدیلمی وفیہ اسماعیل بن یحییٰ تیمی

کلام:...... مذکورہ روایت ضعیف الاسناد ہے۔

۳۷۹۰۱...... (مسند ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما) بے شک اللہ تعالیٰ میری امت کو گمراہی پر جمع نہیں کرے گا اور جماعت پر اللہ کا ہاتھ ہے اور جس نے (جماعت سے) جدا راستہ اختیار کیا وہ جدا جہنم میں گرے گا۔ الترمذی غریب

کلام:...... مذکورہ روایت ضعیف ہے۔ دیکھئے ضعیف الترمذی ۳۸۲ انیز الترمذی۔

۳۷۹۰۲...... ابن عمر اور ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے مروی ہے، فرمایا: اللہ سے ڈرو، اور صبر کرتے رہو حتیٰ کہ نیکوکار راحت پا جائے یا بدکار سے اس کو راحت مل جائے (موت کے ذریعے)، اور تم پر جماعت کا ساتھ لازم ہے۔ بے شک اللہ پاک امت محمدیہ کو گمراہی پر جمع نہیں کرے گا۔ (مصنف ابن ابی شیبہ، اسنادہ صحیح) مذکورہ روایت صحیح السند ہے۔

۳۷۹۰۳...... ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ ہمیں رسول اللہ ﷺ نے خطبہ دیا اس حال میں کہ اپنی کمر کی ٹیک چمڑے کے خیمے سے لگا رکھی تھی تو آپ علیہ السلام نے ارشاد فرمایا:

آگاہ ہو جاؤ! جنت میں مسلمان کے سوا کوئی داخل نہ ہوگا۔

پھر فرمایا: اے اللہ! کیا میں نے پیغام پہنچا دیا؟ پس اے اللہ! تو گواہ رہنا۔ پھر ارشاد فرمایا: کیا تم چاہتے ہو کہ تم اہل جنت میں چوتھائی حصہ ہو جاؤ۔ لوگ نے عرض کیا: ہاں، یارسول اللہ! پھر فرمایا: کیا تم چاہتے ہو کہ تم اہل جنت میں ایک تہائی ہو؟ لوگوں نے عرض کیا: جی ہاں۔ پھر فرمایا: مجھے امید ہے کہ تم جنت کے اندر نصف تعداد میں ہو گے۔ تمہاری مثال اور امتوں کے مقابلے میں ایک کالے بال کی سی ہے جو سفید بیل میں ہو یا سفید بال کی ہے جو کالے بیل میں ہو۔ رواہ ابن عساکر

فائدہ:...... دیگر امتوں کی اکثر تعداد جہنم میں اور امت محمدیہ کی اکثر تعداد جنت میں ہوگی جس کی وجہ سے امت محمدیہ تنہا جنت میں دیگر جنتیوں کے مقابلے میں نصف تعداد میں ہوگی۔

۳۷۹۰۴...... حضرت حسن سے مروی ہے کہ مجھے خبر پہنچی ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: میں نے اپنے رب سے سوال کیا تھا کہ وہ میری امت کو گمراہی پر جمع نہ ہونے دے تو اللہ پاک نے میری یہ دعا قبول فرمائی۔ رواہ ابن جریر

۳۷۹۰۵...... حضرت سعید بن جبیر رحمۃ اللہ علیہ سے مروی ہے ارشاد فرمایا: کسی امت کو انا للہ وانا الیہ راجعون کے کلمات نہیں ملے سوائے اس امت کے، کیا تو نے یعقوب علیہ السلام کا قول نہیں سنا: یا اسفیٰ علی یوسف ہائے افسوس! یوسف پر۔ (یعنی ہر ایسے موقع پر امت محمدیہ میں انا للہ منقول ہے)۔ شعب الایمان للبیہقی

امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: بعض ضعیف راویوں نے اس کو ابن عباس سے نقل کیا ہے اور وہ اس کو مرفوع بیان کرتے ہیں نبی اکرم ﷺ سے (جو درست نہیں ہے)۔

۳۷۹۰۶...... ابن شہاب زہری رحمۃ اللہ علیہ سے مروی ہے رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے:

میری امت امت مرحومہ ہے، آخرت میں اس پر عذاب نہیں کیا جائے گا اس کا عذاب دنیا ہی میں زلزلوں اور مصیبتوں کی شکل میں ہے۔ پس جب قیامت کا روز ہوگا اللہ پاک ہر (مسلمان) آدمی کو یاجوج ماجوج کفار میں سے ایک ایک آدمی دے دے گا اور کہا جائے گا یہ تیرا جہنم کا فدیہ ہے۔ ایک آدمی نے عرض کیا: یارسول اللہ! قصاص (بدلہ) کہاں گیا؟ تو آپ ﷺ نے سکوت اختیار فرمایا۔ رواہ ابونعیم

۳۷۹۰۷...... **(مسند علی رضی اللہ عنہ) أنبأنا أبو نصر محمد بن عبداللہ الكريني حدثنا أبو بكر العاطرفاني املاء ثنا عبدالرحمن بن محمد بن ابراهيم اما ديني ثنا بن عقدة ثنا محمد بن عبداللہ بن أبي نجيح تني علي بن حسان**

القرشي عن عمه عبدالرحمن بن كثير عن جعفر بن محمد قال :قال أبو جعفر محمد بن علي

ابوجعفر محمد بن علی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: مجھے میرے دادا حسین بن علی نے اپنی گود میں بٹھایا اور مجھے فرمایا: تجھے رسول اللہ ﷺ نے سلام کہا تھا اور فرمایا کہ مجھے بھی (میرے والد) علی بن الحسین نے فرمایا تھا کہ مجھے (میرے دادا) علی بن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے گود میں بٹھایا اور مجھے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے تجھے سلام کہا تھا۔

۳۷۹۰۸..... سہیل بن ابی زینب سے مروی ہے کہ میں حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ کے پاس تھا: انہوں نے مجھے فرمایا: اے ابوقلابہ! ہمیں کوئی حدیث بیان کرو تو میں نے عرض کیا:

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: (خواب میں) میں نے دیکھا کہ (اے صحابہ!) میں تمہاری امامت کر رہا ہوں اور مجھے بادلوں کے سایوں نے آگھیرا، میں آگے بڑھ گیا، مجھے پھر بادلوں نے آگھیرا میں پھر آگے بڑھ گیا۔

(اس کی تعبیر یہ ہے کہ) درحقیقت مجھ سے میری وہ امت آملی جو میرے بعد آئے گی۔

ان کے قلوب اور ان کے عمال میرے اخلاق میں رنگے ہوں گے۔ (گویا دو زمانے یعنی تابعین اور تبع تابعین کے لوگ میرے نقش قدم پر ہوں گے۔)

یہ سن کر حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ نے مجھے فرمایا: اے ابوقلابہ!

تم نے آج سے پہلے ہم کو یہ حدیث سنا کر خوش کیوں نہیں کیا۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۹۰۹..... حضرت سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ ایک مرتبہ رسول اللہ ﷺ اوپر سے اترے اور جب آپ کا گذر بنی معاویہ کی مسجد پر ہوا تو وہاں داخل ہو گئے اور وہاں دو رکعت نماز ادا فرمائی، ہم نے بھی آپ کے ساتھ نماز پڑھی اور آپ ﷺ نے اپنے رب سے بہت دیر تک دعا کی۔ پھر فارغ ہو کر ہماری طرف متوجہ ہوئے اور ارشاد فرمایا: میں نے اپنے پروردگار سے سوال کیا تھا کہ میری امت کو غرق کر کے ہلاک نہ فرمانا، پروردگار نے میرا یہ سوال پورا فرمایا۔

نیز میں نے اللہ سے سوال کیا تھا کہ میری امت کو قحط سالی سے ہلاک نہ کیجیو، اللہ پاک نے میری یہ دعا بھی قبول فرمائی۔ اور میں نے اللہ پاک سے یہ سوال کیا تھا کہ ان کے درمیان جنگ و جدال نہ ہو تو اللہ پاک نے اس سے منع فرما دیا۔

مصنف ابن ابی شیبہ، مسند احمد، مسلم، ابن خزیمہ، ابن حبان

۳۷۹۱۰..... (مسند سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ) شریح بن عبید حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اور وہ حضور نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں، آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

مجھے امید ہے کہ میری امت (قیامت کے روز) اپنے رب کے ہاں نصف یوم سے زیادہ عاجز نہ ہوگی (یعنی نصف یوم کے اندر اندر ان کا حساب کتاب نمٹ جائے گا)۔ حضرت سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کسی نے پوچھا: وہ نصف یوم کتنا (بڑا) ہوگا؟ تو حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے فرمایا: پانچ سو سال کا۔ مسند احمد، ابوداؤد، نعیم بن حماد، مستدرک الحاکم، البعث للبیهقی، السنن لسعید بن منصور

کلام:..... بیہقی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں مذکورہ حدیث کی سند شامی (روایت پر مبنی) ہے، وہ اس حدیث میں منفرد ہیں۔

۳۷۹۱۱..... حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: مجھ سے میرے رب نے وعدہ فرمایا ہے کہ وہ میری امت میں سے ایک لاکھ افراد کو جنت میں داخل کرے گا۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا: یا رسول اللہ! اضافہ فرمائیے!

پھر آپ ﷺ نے اپنے ہاتھ کو بھر کر اشارہ فرمایا (یعنی اللہ پاک اپنی ایک مٹھی بھر کر میری امت کے لوگ جنت میں داخل فرمائے گا) حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے پھر عرض کیا: یا رسول اللہ! مزید اضافہ فرمائیے! حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: اللہ پاک قادر ہیں اس بات پر کہ ہم (سب) کو ایک مٹھی میں جنت میں داخل فرما دیں۔ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا: عمر نے سچ کہا۔ ابونعیم، الدیلمی

۳۷۹۱۲..... حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے اپنی امت کے لئے دعا فرمائی: اے اللہ! میری امت کے دلوں کو

اپنے دین کی طرف متوجہ فرما۔

اوراس کے علاوہ (ان کی جوخطائیں ہیں وہ) اپنی رحمت سے درگذر فرمادے۔الکبیر للطبرانی

۳۷۹۱۳...... حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشادفرمایا:

میں اپنے اصحاب سے کب ملوں گا؟ میں اپنے احباب سے کب ملوں گا؟ کسی صحابی رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: کیا ہم آپ کے احباب نہیں ہیں؟ حضور ﷺ نے ارشادفرمایا:

تم تو میرے صحابی ہو جب کہ میرے احباب (محبوب دوست) وہ ہیں جنہوں نے مجھے نہیں دیکھا ہوگا مگر وہ مجھ پر ایمان لائیں گے، مجھے ان کی ملاقات کا شوق ہے۔ابوالشیخ فی الثواب

۳۷۹۱۴...... حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشادفرمایا: اللہ عزوجل نے مجھ سے وعدہ فرمایا ہے کہ وہ میری امت میں سے چارلاکھ افراد کو جنت میں داخل فرمائے گا۔حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ (ہماری تعداد میں) اضافہ فرمائیے۔ پھر آپ ﷺ نے دونوں ہتھیلیوں کو ملا کر اشارہ فرمایا: (یعنی اللہ پاک اپنے دونوں ہاتھ بھر کر میری امت کے لوگ جنت میں داخل فرمادیں گے۔) حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! اور اضافہ فرمائیے۔آپ ﷺ نے پھر اشارہ فرمایا۔تب حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: اے ابوبکر! یہ کافی ہے تیرے لئے،حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے چھوڑ عمر! تجھے کیا ہے اگر اللہ پاک ہم سب کو جنت میں داخل فرمادے؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا:

اگر اللہ پاک چاہے تو اپنی ایک ہتھیلی سے ساری مخلوق کو جنت میں داخل فرمادے۔پھر نبی کریم ﷺ نے ارشادفرمایا: عمر نے سچ کہا۔

رواہ ابن عساکر

۳۷۹۱۵...... حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشادفرمایا: میری امت کا ایک گروہ حق ملک شام پر قتال کرتا رہے گا وہ قیامت تک غالب رہے گا اور پھر اپنے ہاتھ کے ساتھ ملک شام کی طرف اشارہ فرمایا۔رواہ ابن عساکر

۳۷۹۱۶...... (أیضاً۔ابن النجار) کتب الی یوسف بن عبداللہ الدمشقی أنبانا أبو القاسم محمود بن الفرج بن ابی القاسم المقرئ الکرخی أنبأنا ابوحفص عمر بن ابی بکر المقرئ أنبانا أبو الصفا تامر بن علی أنبانا منصور بن محمد بن علی الاصبھانی المذکر أنبانا محمد بن احمد بن ابراھیم القاضی ثنا محمد أیوب الرازی ثنا القعسی عن سلمة بن وردان عن ثابت البنانی عن انس رضی اللہ تعالیٰ عنه۔

حضرت ثابت بنانی رحمۃ اللہ علیہ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشادفرمایا: جس رات مجھے آسمانوں کی سیر کرائی گئی میں نے اپنے پروردگار عزوجل سے سوال کیا کہ اے الٰہ! اے میرے آقا! میری امت کا حساب میرے ہاتھوں میں دے دے تاکہ ان کے عیوب پر میرے سوا کوئی مطلع نہ ہو۔تو اوپر سے آواز آئی اے احمد! وہ میرے بندے ہیں، میں یہ پسند نہیں کرتا کہ میں تجھے ان کے عیوب پر مطلع کروں۔ پھر میں نے عرض کیا: اے الٰہ! اے میرے آقا! میری امت کے گناہ گاروں کا کیا بنے گا؟ تو اوپر سے نداء آئی: اے احمد! جب میں رحیم ہوں اور تو شفاعت کرنے والا تو پھر ہمارے درمیان گناہ گار کہاں رہیں گے! تب میں نے عرض کیا: بس مجھے یہ کافی ہے، مجھے یہ کافی ہے۔

کلام:...... محمد بن علی کے متعلق المغنی میں ہے کہ وہ متھم ہے اور علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ مجھے زیادہ رجحان اس بات کا ہے کہ یہ حدیث ان کی موضوعات میں سے ہو۔

۳۷۹۱۷...... (مسند علی رضی اللہ عنہ) صفوان ابدال بن عبداللہ بن صفوان سے مروی ہے کہ جنگ صفین کے دن ایک آدمی نے کہا:

اللّٰھم العن اھل الشام

اے اللہ اہل شام پر لعنت فرما۔

حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا: سارے اہل شام کو گالی نہ دو، کیونکہ شام میں ابدال بھی رہتے ہیں۔

ابن راھویه، الذھبی فی علل حدیث الزھری، الدلائل للبیھقی

ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: مذکورہ حدیث کا شاہد ہے ابوزریر غافقی کی حدیث سے جو کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے موقوفاً مروی ہے، نیز ابن یونس نے تاریخ مصر میں بھی اس کو روایت کیا ہے۔

۳۷۹۱۸..... حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں، ارشادفرمایا کہ میری امت میں بہترین لوگ پانچ سو رہتے ہیں اور چالیس ابدال۔ پس نہ پانچ سو کم ہوتے ہیں اور نہ چالیس۔ جب بھی ابدال میں سے کوئی مرتا ہے تو اللہ پاک پانچ سو والوں میں سے نکال کر چالیس ابدال کی تعداد کو پورا فرما دیتا ہے، پس اس طرح نہ پانچ سو کم ہوتے ہیں اور نہ چالیس۔

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: یارسول اللہ! ہمیں بتائیے ان کے اعمال کیا ہیں؟ حضور ﷺ نے ارشادفرمایا: یہ لوگ اپنے اوپر ظلم کرنے والوں کو معاف کرتے ہیں اور اپنے ساتھ برائی کرنے والوں کے ساتھ حسن سلوک کرتے ہیں اور جو مال اللہ نے ان کو دے رکھا ہے اس کے ذریعے وہ دوسروں کی غمخواری کرتے ہیں اور اس بات کی تصدیق کتاب اللہ میں بھی ہے:

والکاظمین الغیظ والعافین عن الناس واللہ یحب المحسنین.

اور (وہ لوگ) غصہ کو پی جانے والے ہیں اور لوگوں سے درگذر کرنے والے ہیں اور اللہ پاک احسان کرنے والوں کو پسند فرماتے ہیں۔

رواہ ابن عساکر

۳۷۹۱۹..... رجاء بن حیوۃ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں، آپ رضی اللہ عنہ نے ارشادفرمایا:

اے اہل عراق! اہل شام کو گالی مت دو۔ بے شک ان میں ابدال رہتے ہیں۔

ان میں سے جب بھی کوئی مرتا ہے اللہ پاک اس کی جگہ دوسرا بدل دیتے ہیں۔

رجاء فرماتے ہیں: پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے مجھے مخاطب ہو کر ارشادفرمایا: اے رجاء! بیسان کے باشندوں میں مجھے دو نیک لوگوں کا بتا، کیونکہ اللہ پاک نے بیسان کو دو ابدال رکھنے کی فضیلت بخشی ہے۔ وہ دو ایسے افراد ہوں جنہوں نے جھوٹ موٹ پرہیزگاری کا لبادہ نہ اوڑھ رکھا ہو اور نہ وہ ائمہ پر طعن تشنیع کرنے والے ہوں کیونکہ ایسے لوگوں کو اللہ پاک ابدال کا درجہ نہیں دیتا۔

ابن مندہ فی غرائب شعبة، أخرجه ابن عساکر من طریق رجاء

۳۷۹۲۰..... حارث بن حرمل حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں، آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ارشادفرمایا: اہل شام کو گالی گلوچ نہ کرو، کیونکہ ان میں ابدال ہیں، اور حارث کہتے ہیں (یہ بھی حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا:) اے رجاء! مجھے اہل بیسان میں سے دو نیک شخص بتا، کیونکہ مجھے خبر ملی ہے کہ اللہ نے اہل بیسان میں ابدال میں سے دو نیک شخص رکھتے ہیں۔ ان میں سے کوئی ایک نہیں مرتا مگر اللہ پاک اس کی جگہ دوسرا بدل دیتا ہے، پھر فرمایا: اور مجھے کسی بناوٹی اور ائمہ کو طعن کرنے والے کا نہ بتانا کیونکہ ایسے دونوں گروہوں میں سے ابدال نہیں ہوتے۔

رواہ ابن عساکر

باب..... قبائل کے فضائل میں

مہاجرین رضوان اللہ علیہم اجمعین

۳۷۹۲۱..... حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے، فرمایا: ہم ایک دن طلوع شمس کے وقت رسول اللہ ﷺ کے پاس حاضر خدمت تھے۔ آپ ﷺ نے ارشادفرمایا: عن قریب میری امت کے کچھ لوگ قیامت کے دن اس حال میں آئیں گے کہ ان کا نور سورج کی روشنی کی طرح

ہوگا۔ ابن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ہم نے عرض کیا: یا رسول اللہ! یہ لوگ کون ہوں گے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: فقراء مہاجرین، جن کے ذریعے مشکلات کو دفع کیا جاتا ہے (جنگوں میں اور مشکل مواقع پر) اوران میں سے کوئی مرتا ہے تو اپنی آرزوئیں اپنے سینے میں لے کر چلا جاتا ہے۔ یہ لوگ زمین کے اطراف واکناف سے قیامت کے روز اکٹھے ہوں گے۔ رواہ ابن النجار

۳۷۹۲۲..... (مسند عبداللہ بن عمر) کیا تو جانتا ہے پہلے گروہ کو جو میری امت میں سے سب سے پہلے جنت میں داخل ہوگا؟ یہ فقراء مہاجرین ہوں گے جو قیامت کے روز جنت کے دروازے پر آئیں گے اوراس کا دروازہ کھلوائیں گے، جنت کا خازن ان سے پوچھے گا: کیا تمہارا حساب کتاب ہو چکا ہے؟ تو وہ کہیں گے: ہم سے کس چیز کا حساب ہوگا، ہمیشہ تو ہمارے کاندھوں پر تلوار لٹکی رہی اوراسی حال میں ہم مر گئے۔ چنانچہ ان کے لئے جنت کا دروازہ کھول دیا جائے گا۔ پس وہ اس میں چالیس سال تک قیلولہ کرتے رہیں گے لوگوں کے جنت میں داخل ہونے سے قبل۔

مستدرک الحاکم، شعب الایمان للبیهقی

۳۷۹۲۳..... حضرت ابن عمر رحمۃ اللہ علیہ حضرت قتادہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں، قتادہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:
میں نے حضرت سعید بن المسیب رحمہ اللہ سے پوچھا: مہاجرین اولین اورآخرین میں کیا فرق ہے؟ انہوں نے فرمایا: دو قبلوں کا۔ یعنی جس نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ دونوں قبلوں کی طرف منہ کرکے نماز پڑھی ہے وہ مہاجرین اولین میں سے ہے۔ مصنف ابن ابی شیبہ

انصار رضوان اللہ علیہم اجمعین

۳۷۹۲۴..... (مسند صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ) عثمان بن محمد بن الزبیری رحمۃ اللہ علیہ سے مروی ہے کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے کسی خطبے میں ارشاد فرمایا: اللہ کی قسم ہمارا اورانصار کا حال ایسا ہے جیسا کسی نے کہا:

جزی اللّٰہ عنا جعفراً حین أشرفت. بنا نعلنا للواطئین فزلت

اللہ ہماری طرف سے جعفر کو جزائے خیر دے، جب ہمارے جوتے روندنے کے لئے اٹھے تو پھسل گئے، انہوں نے تھکنے سے انکار کردیا، اوراگر ہماری امید برآتی ہمارے سفر سے تو ہماری جوتیاں تھک جاتیں۔ ابن ابی الدنیا فی الا شراف

۳۷۹۲۵..... حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ مکہ میں حج کے دنوں میں لوگوں سے ملنے کھڑے ہوئے اورعرب کے ایک ایک قبیلے کے پاس جا کر دعوت دینے لگے، لیکن کوئی ایسا قبیلہ نہیں ملا جو آپ کی دعوت کو قبول کرتا حتیٰ کہ اللہ پاک نے انصار کے اس قبیلے کو کھڑا کردیا اوران کو یہ سعادت بخش دی اوران کو یہ کرامت وعزت نصیب ہوئی کہ انہوں نے حضور ﷺ اورمہاجرین کو ٹھکانا دیا اوران کی مدد کی، پس اللہ پاک ان کو ان کے نبی کی طرف سے جزائے خیر دے۔ البزار وحسنه

۳۷۹۲۶..... حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اے اللہ اسلام کو انصار کے ساتھ عزت دے، جن کے ذریعے تو نے دین کو قائم کیا اورانہوں نے مجھے ٹھکانا دیا اورمیری مدد کی اوروہ دنیا وآخرت میں میرے بھائی ہیں۔ اور یہ لوگ سب سے پہلے جنت کے صحن میں داخل ہوں گے۔ رواہ الدیلمی

۳۷۹۲۷..... (مسند بریدۃ بن الحصیب الاسلمی) ذوالیدین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ارشاد ہے:

اے انصار کے گروہ! کیا تم کو رسول اللہ ﷺ نے حکم نہیں دیا تھا کہ تم صبر کرنا حتیٰ کہ مجھ سے آملو۔ الکبیر للطبرانی عن رجل

۳۷۹۲۸..... (مسند جبیر بن مطعم) عن محمد بن یوسف الحمال عن سفیان بن عیینۃ عن عمرو بن دینار عن محمد بن جبیر بن مطعم عن ابیہ قال..... حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے اپنے صحابہ رضی اللہ عنہم کو ارشاد فرمایا کرتے تھے: چلو ہمارے ساتھ بنی واقف کے پاس بصیر (آنکھوں والے) کی زیارت کرکے آئیں۔

سفیان کہتے ہیں بنی واقف انصار کا ایک قبیلہ تھا اوراس میں ایک نابینا شخص تھا۔ شعب الایمان للبیهقی

۳۷۹۲۹...... (أيضاً) عن ابی عمرو عن سفیان عن عمرو عن محمد بن جبیر بن مطعم...... محمد بن جبیر بن مطعم سے مروی ہے کہ رسول اکرم ﷺ اپنے اصحاب کو فرمایا کرتے تھے: چلو ہمارے ساتھ بصیر کی طرف جو بنی واقف میں رہتا ہے، اس کی زیارت کر کے آئیں۔ شعب الایمان

امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: اس کا مرسل ہونا جیسا کہ اس حدیث میں ہے زیادہ درست ہے۔

۳۷۹۳۰...... نبی اکرم ﷺ اپنے صحابہ رضی اللہ عنہم کو فرمایا کرتے تھے: چلو چلیں بنی واقف میں، بصیر کی زیارت کر کے آئیں۔

سفیان کہتے ہیں: بنی واقف انصار کا ایک قبیلہ تھا اور بصیر ان میں ایک نابینا شخص تھا۔ الکبیر للطبرانی عن جبیر بن مطعم

۳۷۹۳۱...... (مسند جابر بن عبداللہ) حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں رسول اللہ ﷺ کے مدینہ تشریف لانے سے قبل دو سال تک ہم مدینہ منورہ میں مسجدیں تعمیر کرتے رہے اور نماز قائم کرتے رہے۔ مصنف ابن ابی شیبہ

۳۷۹۳۲...... حضرت جابر انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ میں ایک دن رسول اکرم ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: خوش آمدید اے جویبر! (جابر کو پیار سے جویبر فرماتے ہوئے (پھر آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اے انصار کی جماعت! اللہ! تمہیں جزائے خیر دے، جب لوگوں نے مجھے دھتکار دیا تھا تب تم لوگوں نے مجھے ٹھکانا دیا اور جب لوگوں نے مجھے رسوا کر دیا تب تم نے میری مدد کر کے آگے بڑھے پس اللہ تم کو جزائے خیر دے اے انصار کے گروہ!

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے عرض کیا: بلکہ اللہ آپ کو ہماری طرف سے جزائے خیر دے، آپ کی بدولت اللہ نے ہم کو اسلام کی ہدایت بخشی اور آپ کے طفیل اللہ نے ہم کو جہنم کے گڑھے سے نکالا اور آپ (کی شفاعت) کے طفیل ہم جنت کے بلند درجات پانے کی امید رکھتے ہیں۔ رواہ الدیلمی

۳۷۹۳۳...... حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرمایا: نقباء (ہجرت سے پہلے حضور ﷺ کو مدینے آنے کی دعوت دینے والے) سب کے سب انصار تھے۔ انہی میں سے براء بن معرور بھی تھے جو بنی سلمہ سے تعلق رکھتے تھے۔ رواہ ابونعیم

۳۷۹۳۴...... حارث بن زیاد الساعدی (انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ) سے مروی ہے کہ میں غزوۂ خندق کے موقع پر حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ (آپ ﷺ لوگوں سے ہجرت (مدینہ) پر بیعت لے رہے تھے۔ ہمیں یہ خیال ہوا کہ آپ لوگ بیعت کے لئے بلا رہے ہیں۔ چنانچہ میں نے عرض کیا:

یا رسول اللہ! اس کو بھی ہجرت پر بیعت فرما لیجئے۔ آپ علیہ السلام نے پوچھا: کس کو؟ میں نے عرض کیا: یہ میرا چچازاد ہے حوط بن یزید یا یزید بن حوط فرمایا۔ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: میں تم سے (ہجرت پر) بیعت نہیں لے سکتا، کیونکہ لوگ تو ہجرت کر کے تمہاری طرف (مدینے) آتے ہیں جب کہ تم ہجرت کر کے ان کے پاس نہیں جاتے۔ قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے! (تم) انصار سے کوئی شخص محبت نہیں کرتا مگر وہ ضرور اللہ سے اس حال میں ملاقات کرے گا کہ اللہ پاک اس سے محبت کرتے ہوں گے۔ اور کوئی شخص انصار سے بغض نہیں رکھتا مگر وہ اللہ سے اس حال میں ملاقات کرے گا کہ اللہ پاک بھی اس سے بغض (نفرت) رکھتے ہوں گے۔

مسند احمد، التاریخ للبخاری، ابن ابی خیثمہ، أبو عوانة، البغوی، الکبیر للطبرانی، أبونعیم

۳۷۹۳۵...... زید بن ثابت (انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ) سے مروی ہے کہ حضرت سعد بن عبادۃ (انصار کے سردار رضی اللہ تعالیٰ عنہ) اپنے بیٹے کے ساتھ حضور نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: یہاں بیٹھو یہاں، اور ان کو اپنی دائیں طرف جگہ عنایت فرمائی اور فرمایا انصار کو مرحبا ہو۔

اور انہوں نے اپنے بیٹے کو رسول اللہ ﷺ کے سامنے کھڑا کر دیا۔ رسول اللہ ﷺ نے ان کے بیٹے کو فرمایا: بیٹھ جاؤ۔ چنانچہ وہ بیٹھ گیا۔ پھر اس کو فرمایا: قریب آجا، وہ قریب ہو گیا اور پھر اس نے رسول اللہ ﷺ کے ہاتھ اور پاؤں کو بوسہ دیا۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

میں بھی انصار میں سے ہوں، اور انصار کے بچوں میں سے ہوں۔ حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: اللہ آپ کو عزت بخشے جیسے آپ نے ہم کو عزت بخشی۔

آپ ﷺ نے فرمایا: میرے عزت دینے سے قبل ہی اللہ نے تم کو عزت سے نواز دیا تھا۔تم میرے بعد (اپنے آپ کے ساتھ زیادتی اور اوروں کی) ترجیح دیکھو گے لہٰذا تم صبر کا دامن تھامے رکھنا حتیٰ کہ حوض پر مجھ سے آملو۔رواہ ابن عساکر

کلام: ...... مذکورہ روایت کی سند میں عاصم بن عبدالعزیز اشجعی ہے جس کے متعلق خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں یہ قوی راوی نہیں ہے۔

۳۷۹۳۶...... سہل بن سعد الساعدی (انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ) سے مروی ہے، انہوں نے حجاج کو مخاطب ہو کر ارشاد فرمایا: اے حجاج! کیا تو ہمارے متعلق رسول اللہ ﷺ کی وصیت کو یاد نہیں رکھتا؟ حجاج نے پوچھا: رسول اللہ ﷺ نے تمہارے متعلق کیا وصیت فرمائی تھی؟ حضرت سہل رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ ﷺ نے وصیت فرمائی تھی کہ انصار کے اچھے لوگوں کے ساتھ اچھا برتاؤ کیا جائے اور ان کے بروں کے ساتھ درگذر کا معاملہ کیا جائے۔رواہ ابن عساکر

۳۷۹۳۷...... عیسیٰ بن سبرۃ اپنے والد کے واسطے اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

یاد رکھو! نماز بغیر وضو کے نہیں ہے اور اس شخص کا وضو نہیں ہے جو اللہ کا نام نہ لے۔اور یاد رکھو! وہ اللہ پر ایمان نہیں لایا جو مجھ پر ایمان نہیں لایا اور وہ مجھ پر ایمان نہیں لایا جس نے انصار کا حق نہیں پہنچانا۔رواہ ابن النجار

۳۷۹۳۸...... مہاجر بن دینار سے مروی ہے کہ حضرت ابوسعید انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے خلیفہ عبدالملک بن مروان کو فرمایا: میرے بارے میں رسول اللہ ﷺ کی وصیت کا خیال رکھنا۔خلیفہ عبدالملک نے پوچھا: وہ کیا ہے؟ فرمایا:

انصار کے اچھے لوگوں کو قبول کرو اور بروں سے درگذر کرو۔

حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ اسماء رضی اللہ عنہا بنت یزید بن السکن کے شوہر تھے۔رواہ ابن عساکر

۳۷۹۳۹...... حضرت ابوسعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ نے مقام جعرانہ میں قیدیوں وغیرہ کو تقسیم کیا تو قریش وغیرہ عرب کے لوگوں کو عطیے عطا کئے، جن میں سے انصار کو کچھ نہ ملا۔جس کی وجہ سے چہ میگوئیاں بڑھ گئیں اور طرح طرح کی باتیں پھیلنے لگیں حتیٰ کہ ان میں سے ایک نے یہ تک کہا: حاصل کلام رسول اللہ اپنی قوم والوں سے جا ملے ہیں۔حضور پاک ﷺ نے سعد بن عبادۃ کو (جو انصار کے سردار تھے) پیغام بھیج کر بلوایا اور پوچھا: یہ کیا باتیں ہیں جو مجھے تمہاری قوم کی طرف سے پہنچ رہی ہیں اور بہت زیادہ پھیل گئی ہیں؟ حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: جو باتیں آپ کو پہنچی ہیں واقعۃً ہو رہی ہیں۔حضور پاک ﷺ نے پوچھا: اور ان باتوں میں تمہارا کیا کردار ہے؟ انہوں نے عرض کیا: میں بھی اپنی قوم ہی کا ایک فرد ہوں۔یہ سن کر رسول اللہ ﷺ کا غصہ بڑھ گیا اور آپ علیہ السلام نے فرمایا: تم اپنی قوم کے لوگوں کو جمع کرو اور ان کے علاوہ کوئی اور آدمی نہ ہو۔چنانچہ حضرت سعد نے قیدیوں کے میدانوں میں سے ایک میدان میں اپنی انصار قوم کے لوگوں کو اکٹھا کیا اور خود وہاں دروازے پر کھڑے ہو گئے اور صرف اپنی قوم کے لوگوں کو چھوڑتے تھے صرف مہاجرین کے کچھ لوگوں کو چھوڑا تھا اور (اکثر) لوگوں کو واپس کر دیا تھا۔پھر نبی اکرم ﷺ تشریف لائے غصہ آپ کے چہرہ مبارک پر عیاں تھا۔آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

اے جماعت انصار! کیا میں نے تم کو گمراہ نہیں پایا تھا پھر تم کو اللہ نے ہدایت بخش دی؟ انصار کہنے لگے: ہم اللہ کی پناہ مانگتے ہیں اللہ کے غصے اور اس کے رسول کے غصے سے۔آپ ﷺ نے پھر فرمایا: اے انصار کی جماعت! کیا میں نے تم کو تنگدست نہیں پایا تھا پھر اللہ نے تم کو غنی و مالدار کر دیا؟ انصار پھر بولے: ہم اللہ کی پناہ مانگتے ہیں اللہ اور اس کے رسول کے غصے سے۔آپ ﷺ نے فرمایا: تم لوگ جواب کیوں نہیں دیتے؟ انصار بولے: اللہ اور اس کے رسول کے اس سے زیادہ ہم پر احسانات اور فضل ہیں۔چنانچہ جب رسول اللہ ﷺ کا غصہ کافور ہو گیا تو آپ نے فرمایا: اگر تم چاہو تو یوں کہہ سکتے ہو اور اس میں کچھ جھوٹ نہ ہوگا: کہ ہم نے آپ کو دھتکارا ہوا پایا تھا پھر ہم نے آپ کو ٹھکانا دیا اور دوسرے لوگوں نے آپ کو جھٹلا دیا تھا لیکن ہم آپ کی تصدیق کی اور آپ تنگدست تھے ہم نے آپ کی غمخواری کی، آپ رسوا ہو چکے تھے ہم نے آپ کی مدد کی۔یہ سن کر انصار رو پڑے اور کہنے لگے: اللہ اور اس کے رسول کے ہم پر بہت احسانات اور انعامات ہیں۔پھر آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: کیا تم دنیا کا مال دیکھتے ہو جو میں کسی قوم کو دے کر ان کو اسلام کے لئے نرم کرنا چاہتا ہوں جب کہ تم کو اسلام کے حوالہ کرتا ہوں۔اگر یہ سارے لوگ ایک

وادی یا گھاٹی میں چل پڑیں تو میں تمہاری وادی اور گھاٹی میں ہی چلوں گا۔تم میرے لئے بدن سے ملے ہوئے کپڑے ہو اور لوگ اوپر کا (زائد) لباس ہیں۔اگر ہجرت نہ ہوتی تو میں انصار ہی میں سے ہوتا۔

پھر آپ ﷺ نے اپنے دونوں ہاتھ اٹھائے حتی کہ میں آپ کی کہنیوں کے نیچے والا حصہ دیکھ رہا تھا پھر آپ ﷺ نے دعا کی!

اللھم اغفر للانصار ولابناء الانصار ولابناء ابناء الانصار.

اے اللہ! انصار کی مغفرت فرما اور انصار کے بیٹوں کی مغفرت فرما اور انصار کے بیٹوں کے بیٹوں کی مغفرت فرما۔

پھر آپ ﷺ نے فرمایا۔اے انصار کیا تم اس بات پر راضی نہیں ہو کہ اور لوگ تو بکریاں اور اونٹ اپنے ساتھ لے کر جائیں اور تم اللہ کے رسول کو اپنے ساتھ اپنے گھروں کو لے جاؤ۔یہ سن کر انصار رو پڑے حتی کہ ان کی داڑھیاں تر ہوگئیں اور پھر وہ یہ کہتے ہوئے لوٹے رضینا باللہ ربا وبرسولہ حظا ونصیبا

ہم اللہ کے رب ہونے پر راضی ہیں اور رسول ہمارے حصے میں آئے ہم اس پر راضی اور خوش ہیں۔مصنف ابن ابی شیبہ

۳۷۹۴۰..... عبداللہ بن رباح سے مروی ہے کہ حضرت ابوہریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: اے انصار کی جماعت! میں تمہارے متعلق حدیثوں میں سے ایک حدیث نہ بتاؤں؟ پھر فرمایا:

رسول اللہ ﷺ نے انصار کو فرمایا تھا: اے انصار کی جماعت! انصار لوگوں نے عرض کیا:

لبیک یارسول اللہ! آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تم نے یہ کہا تھا کہ آدمی کو (یعنی رسول کو) اپنی (مکہ کی) بستی کی چاہت آگئی ہے اور اپنے خاندان کی محبت (اور طرف داری) پیدا ہوگئی ہے؟ انصار نے عرض کیا: یارسول اللہ! ہم سے یہ بات نکلی ہے۔آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ہرگز ایسا نہیں ہے، میں اللہ کا بندہ اور اس کا رسول ہوں۔میں تمہارے پاس ہجرت کر کے آیا، اب زندگی تمہارے ساتھ ہے اور موت بھی تمہارے ساتھ ہے۔یہ سن کر انصار آپ کی طرف بڑھے اور رونے لگے اور بولے: اللہ کی قسم! اے اللہ کے رسول! ہم نے جو کہا تھا وہ محض ہماری اللہ اور اس کے رسول کے ساتھ بدگمانی تھی۔پھر رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اللہ اور اس کا رسول تمہاری تصدیق کرتے ہیں اور تمہاری معذرت قبول کرتے ہیں۔

مصنف ابن ابی شیبہ

۳۷۹۴۱..... حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے جنگ حنین کے اموال غنیمت میں سے سو اونٹ اقرع بن حابس کو دیئے اور سو اونٹ عیینہ بن حصن کو دیئے۔انصار کے کچھ لوگوں نے آپس میں کہا: رسول اللہ ﷺ ہمارے اموال غنیمت ایسے لوگوں کو دے رہے ہیں جن کے خون سے ہماری تلواریں ٹپک رہی ہیں یا ان کی تلواروں سے ہمارے خون ٹپک رہے ہیں۔یہ بات نبی اکرم ﷺ کو پہنچی۔آپ ﷺ نے ان کو پیغام بھیج کر بلوایا وہ حاضر ہوئے تو آپ نے پوچھا کیا تم میں کوئی غیر تو نہیں ہے انہوں نے عرض کیا: نہیں، صرف ہمارا ایک بھانجا ہے۔نبی ﷺ نے فرمایا: کسی قوم کی بہن کا بیٹا بھی انہی میں شمار ہوتا ہے۔پھر فرمایا:

کیا تم نے ایسا ایسا کہا تھا، کیا تم اس بات پر راضی نہیں ہو کہ اور لوگ تو بکریاں اور اونٹ اپنے ساتھ لے کر جائیں اور تم محمد کو اپنے گھروں میں لے کر جاؤ؟

انصار نے عرض کیا: کیوں نہیں یارسول اللہ! رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اور لوگ دثار ہیں (یعنی اوپر کا زائد کپڑا) اور انصار شعار ہیں (بدن سے ملا ہوا اصل کپڑا)، انصار میری جماعت ہیں اور میرے راز دار ہیں۔اگر ہجرت نہ ہوتی تو میں انصار کا ایک آدمی ہوتا۔

مصنف ابن ابی شیبہ

۳۷۹۴۲..... حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضرت اسید بن حضیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضور نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔انہوں نے (آنے سے پہلے) کچھ غلہ مسلمانوں میں تقسیم کیا تھا۔(یہاں آنے کے بعد) ان سے ایک گھر والوں کا کسی نے ذکر کیا کہ وہ انصار کے بنی ظفر قبیلے کے لوگوں کا گھر ہے اور وہ حاجت مند بھی تھے اور اس گھر والوں میں اکثر اہل خانہ کی تعداد عورتوں کی ہے (لیکن ان کو آپ نے مال نہیں دیا) چنانچہ حضور نبی کریم ﷺ نے حضرت اسید رضی اللہ عنہ کو فرمایا: اے اسید! تو نے ہم کو چھوڑ دیا گویا (اپنے آپ کو انصار کا فرد کہہ دیا)

حتیٰ کہ ہمارے ہاتھوں میں جو مال تھا وہ ختم ہوگیا۔ اب جب تم دوبارہ سنو کہ ہمارے پاس مال آیا ہے تو مجھے اس گھر والوں کا یاد دلانا۔ چنانچہ بعد میں پھر حضور نبی کریم ﷺ کی خدمت میں خیبر سے مال آیا جو جو یا کھجوریں تھیں۔

رسول اللہ ﷺ نے لوگوں میں مال تقسیم فرمایا اور انصار کو خوب دیا اور اس محروم گھر میں بھی مال عطا کیا اور خوب دیا۔ چنانچہ حضرت اسید بن حضیر نے بطور شکریہ کے عرض کیا: اے اللہ کے نبی! اللہ آپ کو بہترین جز (آئے خیر) عطا فرمائے۔ میں جانتا ہوں بے شک تم لوگ صبر والے پاک دامن لوگ ہو اور عن قریب حکومت کے معاملے اور تقسیم میں میرے بعد اپنے اوپر اوروں کی ترجیح دیکھو گے۔ پس تم صبر کرتے رہنا۔ حتیٰ کہ تم حوض پر مجھ سے آملو۔ (الکامل لا بن عدی، شعب الایمان للبیھقی، ابن عساکر

۳۷۹۴۱...... حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ (ایک مرتبہ) رسول اللہ ﷺ باہر تشریف لائے اور آپ نے اپنا سر باندھا ہوا تھا۔ (شاید سر میں درد ہوگا)۔ باہر آپ سے انصار نے ملاقات کی۔ ان کے ساتھ ان کے بچے اور نوکر بھی تھے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں محمد کی جان ہے! میں تم سے محبت کرتا ہوں۔ بے شک انصار نے (نصرت اور شہادت کے ساتھ) اپنا حق ادا کر دیا جو ان پر لازم تھا اور (پھر دوسروں سے فرمایا اور) تم پر باقی رہ گیا ہے۔ پس تم لوگ انصار کے اچھے لوگوں کے ساتھ اچھائی برتنا اور ان کے بروں کے ساتھ درگذر کا معاملہ کرنا۔ رواہ الدیلمی

۳۷۹۴۴...... حضرت انس رضی اللہ عنہ حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا:

یا رسول اللہ! ہم نے کوئی قوم انصار کے سوا ایسی نہیں دیکھی جو مال کے زیادہ ہوتے وقت خوب خرچ کرنے والی ہو اور جب مال کم ہو تب بھی بہت اچھے طریقے سے غم خواری کرنے والی ہو۔ اور ہم مدینے آئے تو ان لوگوں نے ہماری مشقت کو اپنے اوپر لے لیا جب کہ فائدے (اور پھلوں) میں انہوں نے ہم کو شریک کرلیا۔ اب ہمیں خوف ہے کہ کہیں وہ سارا اجر ہی نہ لے اڑیں۔ پھر حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: بہر حال تم نے جو بھی ان کی تعریف کی ہے اور ان کے لئے جو دعا دی ہے۔ یہ ان کا بدلہ نہیں ہوسکتی۔

ابن جریر، مستدرک الحاکم، شعب الایمان للبیھقی

۳۷۹۴۵...... (مسند عبداللہ بن زید بن عاصم المازنی) عباد بن تمیم حضرت عبداللہ بن زید سے روایت کرتے ہیں کہ جب حنین کی جنگ کے موقع پر اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کو مال غنیمت سے نوازا تو رسول اللہ ﷺ نے وہ مال غنیمت ان لوگوں میں تقسیم کر دیا۔ (جو نو مسلم تھے یا ابھی مسلمان نہیں ہوئے تھے اور) ان کی دلداری مقصود تھی۔ اور انصار کو کچھ مال نہ دیا۔ جب انہوں نے دیکھا کہ لوگوں کو مال ملا ہے اور وہ محروم کر دیئے گئے ہیں اس کا اثر انہوں نے اپنے دلوں میں لیا تو رسول اللہ ﷺ نے ان انصار لوگوں کو خطبہ دیا اور ارشاد فرمایا:

اے انصاریو! کیا میں نے تم کو گمراہی کی حالت میں نہیں پایا تھا پھر اللہ نے میری بدولت تم کو راہ ہدایت نوازی؟ اور کیا تم آپس میں ٹکڑے ٹکڑے نہیں تھے پھر اللہ نے میری بدولت تم کو جمع کیا؟ اور کیا تم پہلے تنگدست نہیں تھے پھر اللہ نے تم کو میری بدولت مالدار کیا؟

اور حضور پاک ﷺ جب بھی کوئی ایسا سوال فرماتے تو انصار آواز دیتے! اللہ اور اس کے رسول کے اس سے زیادہ ہم پر احسانات ہیں۔ پھر حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: تم لوگ میری بات کا جواب کیوں نہیں دیتے تو انصار رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے پھر وہی جواب عرض کیا: اللہ اور اس کے رسول کے اس سے زیادہ ہم پر احسانات ہیں۔

پھر رسول اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اگر تم چاہو تو یوں کہہ سکتے ہو: ہم نے یہ کیا، یہ کیا۔ پھر فرمایا: کیا تم لوگ اس بات پر راضی نہیں ہو کہ لوگ تو بکریاں اور اونٹ اپنے ساتھ لے کر جائیں اور تم رسول اللہ ﷺ کو اپنے ساتھ لے کر جاؤ۔ اگر ہجرت پیش نہ آتی تو میں انصار ہی کا ایک آدمی ہوتا۔ اور (سنو!) اگر سب لوگ کسی ایک وادی میں جائیں گے تو میں انصار کی وادی اور ان کی گھاٹی میں چلوں گا۔

بے شک انصار اندر کا اصل کپڑا ہیں اور دوسرے دثار (اوپر کا زائد) کپڑا ہیں۔ اور اے انصار! بے شک تم میرے بعد ترجیح (بے انصافی) دیکھو گے پس صبر کرتے رہنا حتیٰ کہ حوض پر آکر مجھ سے ملاقات کرلو۔ مصنف ابن ابی شیبہ

۳۷۹۴۶...... (مسند ابن عباس رضی اللہ عنہ) ایک مرتبہ رسول اللہ ﷺ منبر پر تشریف فرما تھے، ایک چادر زیب تن تھی اور ایک کالی دھبے دار پٹی سے

اپنے سر مبارک کو باندھا ہوا تھا آپ ﷺ نے اللہ کی حمد و ثنا کی پھر ارشاد فرمایا:

اے لوگو! تم بڑھتے جارہے ہو اور انصار کم ہوتے جارہے ہیں حتیٰ کہ وہ (ایک دن) کھانے میں نمک کی طرح رہ جائیں گے۔ پس جو لوگ ان کے حاکم بنیں وہ ان کے نیکوں کی پذیرائی کریں اور ان کے خطا کاروں سے درگذر کریں۔ مصنف ابن ابی شیبہ

۳۷۹۴۷..... حضرت حسن رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ انصار کا ایک قبیلہ تھا ان کو رسول اللہ ﷺ کی دعا لگی ہوئی تھی چنانچہ ان میں سے جب کوئی آدمی مرتا تو بادل آکر اس کی قبر کو سیراب کیا کرتا تھا۔ پھر ان میں سے ایک غلام مرگیا، مسلمانوں نے کہا آج ہم رسول اللہ ﷺ کے اس قول کو دیکھتے ہیں جس میں آپ نے فرمایا ہے کہ کسی قوم کا مولی (غلام) انہی میں سے (شمار) ہوتا ہے۔

چنانچہ جب اس کو دفن کیا گیا تو بادل آیا اور اس کی قبر پر بھی برسا۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۹۴۸..... (مسند انس رضی اللہ عنہ) رسول اکرم ﷺ نے انصار کی عورتوں یا بچوں کو کسی شادی سے واپس آتے ہوئے دیکھا تو ان کو ارشاد فرمایا: اللہ جانتا ہے تم (انصاری لوگ مجھے تمام انسانوں سے زیادہ محبوب ہو۔ مصنف ابن ابی شیبہ

۳۷۹۴۹..... (ایضاً) عمرو بن مرۃ سے مروی ہے کہ میں نے ابوحمزۃ سے سنا کہ انصار نے عرض کیا: یارسول اللہ! ہر نبی کے پیروکار ہوتے تھے اور آپ کے پیروکار ہم ہیں، آپ یہ دعا بھی فرما دیجئے ہم میں سے (اور ہماری اولاد میں سے بھی) اللہ پیروکار بنادے۔ چنانچہ حضور اکرم ﷺ نے ان کے لئے دعا فرمائی کہ ان میں سے ان کے پیروکار بنادے۔

عمرو بن مرہ کہتے ہیں: میں نے یہ بات عبدالرحمٰن بن ابی لیلی کو ذکر کی تو انہوں نے فرمایا: اس بات کی خواہش (ان کے) مکھن (یعنی عمدہ لوگوں) نے کی تھی۔ مصنف ابن ابی شیبہ

۳۷۹۵۰..... (مسند انس رضی اللہ عنہ) حضور ﷺ کے مرض الوفات میں ابوطلحہ رضی اللہ عنہ آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ حضور ﷺ نے ان کو ارشاد فرمایا: اپنی (انصار) قوم کو (میرا) سلام کہنا، بے شک وہ پاک دامن اور صبر کرنے والے لوگ ہیں۔ رواہ ابونعیم

۳۷۹۵۱..... حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے، فرماتے ہیں: حضور اکرم ﷺ کے پاس بحرین سے مال آیا۔ مہاجرین اور انصار سب کو خبر ہوگئی تو سب رسول اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوگئے۔ آگے حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے طویل روایت ذکر فرمائی (جس کے آخر میں) حضور اکرم ﷺ نے انصار کو ارشاد فرمایا: بے شک میں تم کو خوب جانتا ہوں کہ تم لوگ مصیبت (اور پریشانی) کے وقت (مدد کرنے کے لئے) بڑھ جاتے ہو اور لالچ (یعنی مال کی تقسیم) کے وقت گھٹ جاتے ہو۔ العسکری فی الامثال

۳۷۹۵۲..... حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں: جریر رضی اللہ عنہ سفر میں میرے ساتھ تھے اور وہ میری خدمت کرتے تھے۔ انہوں نے فرمایا: میں نے انصار کو رسول اللہ ﷺ کے ساتھ بہت اچھا سلوک کرتے دیکھا چنانچہ میں جس انصاری کو دیکھوں گا اس کی خدمت کرکے رہوں گا۔ (البغوی فی البیھقی فی ابن عساکر

مہاجرین اور انصار رضی اللہ تعالیٰ عنہم

۳۷۹۵۳..... نوفل بن عمارۃ سے مروی ہے حارث بن ہشام اور سہیل بن عمرو (قریش مکہ کے بڑے لوگوں اور سرداروں میں سے تھے مگر تاخیر سے اسلام لائے یہ) دونوں امیر المومنین حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس حاضر ہوئے۔ دونوں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھ گئے اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ ان دونوں کے درمیان میں تھے، پھر مہاجرین اور انصار حضرت عمر رضی اللہ عنہ کبھی حضرت سہیل رضی اللہ عنہ سے فرماتے! ادھر آجاؤ اے سہیل، کبھی حارث کو فرماتے: ادھر آجاؤ اے حارث۔ یوں ان دونوں کو پیچھے ہٹاتے رہے اور انصار بھی آتے رہے اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ دونوں کو ان سے پیچھے کرتے رہے حتیٰ کہ وہ دونوں سب لوگوں کے آخر میں ہوگئے۔ پھر جب دونوں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس سے نکلے تو حارث بن ہشام نے سہیل بن عمرو کو فرمایا: دیکھا تو نے ہمارے ساتھ کیا سلوک ہوا ہے؟ سہیل نے ان کو فرمایا: او

اللہ کے بندے! عمر پر کوئی ملامت نہیں۔ ہمیں چاہئے ہم اپنے آپ کو ملامت کریں۔ اسلام کی دعوت پھیلی تو اور لوگ جلدی اس کی طرف لپک لئے اور ہمیں دعوت ملی تو ہم سے تاخیر ہوگئی۔

چنانچہ یہ دونوں حضرات پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور بولے: اے امیر المؤمنین! آج جو آپ نے برتاؤ کیا ہم نے دیکھ لیا اور ہمیں بھی معلوم ہوگیا کہ ہم خود پیچھے رہ گئے ہیں تو اب کوئی صورت ہے کہ ہم اس فضیلت کو پالیں؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے معرکہ روم کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا:

اس کے علاوہ مجھے اور کوئی صورت نظر نہیں آتی۔ چنانچہ دونوں (جہاد کے لئے) شام چلے گئے اور وہیں وفات پائی۔ رواہ ابن عساکر

فائدہ:...... حضرت عمر رضی اللہ عنہ جب ہجرت کرنے لگے تھے تو انہوں نے حارث بن ہشام کو دعوت ہجرت دی تھی۔ انہوں نے قبول نہ فرمائی، اسی طرح صلح حدیبیہ کے وقت سہیل بن عمرو کافروں کی طرف سے معاہدہ کرنے والے تھے۔

۳۷۹۵۴...... (مسند انس رضی اللہ عنہ) حضور نبی اکرم ﷺ سے مروی ہے کہ آپ ﷺ نے یہ دعا فرمائی:

اللهم اصلح الانصار والمهاجرة

اے اللہ مہاجرین اور انصار کے معاملات کو درست فرما۔ مصنف ابن ابی شیبہ

۳۷۹۵۵...... (ایضاً) حضور ﷺ کو یہ بات پسند تھی کہ نماز میں آپ کے قریب مہاجرین اور انصار کھڑے ہوں۔ المصنف عبدالرزاق

اہل بدر رضی اللہ عنہم

۳۷۹۵۶...... (مسند صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ) **الا مام الدارقطني في الافراد حدثنا أبوبكر احمد بن موسىٰ بن العباس بن مجاهد المقرى ثنازيد بن اسمٰعيل الصائغ ثنا محمد بن كثير الكوفى ثنا الحارث بن حصيرة عن جابر الجعفى عن غنم بن جديم عن رجل من أرحب يقال له عقبة بن حمير قال:**

عقبہ بن حمیر ارجبی کہتے ہیں میں گواہی دیتا ہوں کہ میں نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ میں نے رسول اکرم ﷺ کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ:

جنگ بدر کے حاضرین کو جنت کی خوشخبری دے دو۔

کلام:...... امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: مذکورہ روایت ابوبکر کی حدیث سے ضعیف ہے۔ عقبہ الارجبی کے سوا اور کسی سے یہ روایت منقول نہیں ہے۔

اسی طرح عقبہ سے اس کو روایت کرنے میں بھی صرف حارث بن حصیرۃ آتے ہیں، نیز امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: اس طرح اس کو ہمارے شیخ کے علاوہ کسی اور سے نقل نہیں کیا گیا۔ سوائے ابن عساکر انہوں نے اس کو ہمارے شیخ سے نقل کیا ہے۔

۳۷۹۵۷...... حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے، فرماتے ہیں: حاطب بن ابی بلتعہ (بدری صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ) نے اہل مکہ کو خط لکھا۔ جس کی اللہ پاک نے اپنے نبی کو اطلاع دے دی۔ حضور ﷺ نے حضرت علی اور حضرت زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو اس خط کو لانے کے لئے بھیجا۔ دونوں نے قاصد عورت کو ایک اونٹ پر پالیا اور اس کے بالوں سے خط کو برآمد کیا اور وہ خط لے کر حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں اس خط کو لے کر حاضر ہوئے۔ حضور ﷺ نے حاطب بن ابی بلتعہ رضی اللہ عنہ کو پیغام بھیج کر بلوایا اور فرمایا: اے حاطب! کیا تو نے یہ خط (ان کو) لکھا ہے؟ انہوں نے عرض کیا: جی ہاں، آپ علیہ السلام نے پوچھا:

کس بات نے تجھے اس پر مجبور کیا؟ جواب دیا: یارسول اللہ! اللہ کی قسم! میں اللہ اور اس کے رسول کا خیر خواہ ہوں، مگر بات یہ ہے کہ اہل مکہ میں میں کمزور آدمی ہوں اور میرے بال بچے وہیں ان میں رہتے ہیں۔

مجھے اس بات کا ڈر رہا کہ کہیں وہ ان پر آگ نہ بھڑکائیں تو میں نے سوچا میں ان کو ایسا خط لکھتا ہوں جس سے اللہ اور اس کے رسول کا بھی کچھ نقصان نہ ہو اور شاید میرے گھر والوں کو اسکا کچھ فائدہ پہنچ جائے۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے اپنی تلوار کھینچ کر عرض کیا: یارسول اللہ!

میں اس کی گردن نہ اڑادوں؟ اس نے کفر کیا ہے۔ حضور پاک ﷺ نے ارشاد فرمایا: تجھے کیا معلوم اے ابن الخطاب! شاید اللہ پاک اہل بدر سے مخاطب ہوا ہو اور فرمایا ہو: تم جو چاہے کرو میں نے تمہاری بخشش کردی ہے۔ (البزار، ابن جریر، مسند ابی یعلی، الشاشی، الاوسط للطبرانی، مستدرک الحاکم، ابن مردویہ، الضیاء للمقدسی، البرقانی فرماتے ہیں صحیح مسلم کے بعض نسخوں میں اس کی تخریج آئی ہے۔)

۳۷۹۵۸... حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! مجھے اجازت دیجئے میں حاطب بن ابی بلتعہ کی گردن اڑادوں، اس نے (رازداری کا خط لکھ کر) کفر کرلیا ہے؟ حضور پاک ﷺ نے ارشاد فرمایا: تجھے کیا معلوم اے ابن الخطاب! شاید اللہ پاک اہل بدر سے ہم کلام ہوا اور فرمایا ہو: تم جو چاہو کرو بے شک میں نے تمہاری مغفرت کردی ہے۔ الاوسط للطبرانی

۳۷۹۵۹... (مسند عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ) زہرۃ، ابوسلمہ اور محمد اور مہلب اور طلحہ سے روایت کرتے ہیں، یہ حضرات فرماتے ہیں جب حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے پہلا پہلا وظیفہ تقسیم فرمایا تو یہ سن پندرہ ہجری کا سال تھا۔

چنانچہ جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے صفوان بن امیہ کو وظیفہ دینے کے لئے بلایا۔ صفوان نے پہلے دیکھ لیا تھا کہ جو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اہل بدر کو اور ان کے بعد فتح مکہ تک والوں کو وظائف تقسیم کئے تھے وہ زیادہ تھے۔ پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے صفوان بن امیہ کو فتح مکہ والوں میں شامل کرکے پہلے والوں سے کم وظیفہ دیا چنانچہ صفوان نے اسی وجہ سے قبول کرنے سے انکار کردیا اور بولے اے امیر المومنین! میں اس بات کو تسلیم نہیں کرسکتا کہ کوئی مجھ سے زیادہ عزت والا ہے اور اسی وجہ سے میں اپنے سے کم حیثیت یا اپنے مثل لوگوں سے کم وظیفہ بھی قبول نہیں کرسکتا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: میں نے ان کو جو وظائف دیئے ہیں ان کے سلام میں سبقت اور پہل کرنے کی وجہ سے دیئے ہیں نہ کہ حسب ونسب کی وجہ سے۔ تب حضرت صفوان بولے: ہاں تب ٹھیک ہے۔

پھر ان کو جو دیا جارہا تھا وہ وصول کرلیا اور بولے: وہ لوگ اپنے وظیفوں کے اہل ہیں۔ سیف بن عمر

۳۷۹۶۰... حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے متعلق مروی ہے کہ انہوں نے سہل بن حنیف کی نماز جنازہ پڑھائی تو (بجائے چار تکبیروں کے) چھ تکبیریں کہیں اور ارشاد فرمایا:

یہ بدر کے شرکاء میں سے تھے (اس لئے ان پر چھ تکبیریں کہیں)۔ البخاری، الطحاوی

۳۷۹۶۱... حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضرت جبرائیل علیہ السلام رسول اکرم ﷺ کے پاس تشریف لائے اور ارشاد فرمایا: اپنے صحابہ رضی اللہ عنہم سے متعلق دو باتوں میں سے ایک اختیار کرلیجئے یا تو بدر کے کافر قیدیوں کو قتل کردیجئے یا ان کا فدیہ اس شرط پر لے لیں کہ آئندہ سال اتنے ہی آپ کے صحابہ رضی اللہ عنہم قتل ہوں گے (جتنے ابھی قیدی ہیں)؟ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا: ہم فدیہ لیں گے اور ... کرتے ہیں۔ الترمذی وقال حسن غریب، النسائی، الصحیح لابن حبان، السنن لسعید بن منصور

۳۷۹۶۲... حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اکرم ﷺ نے جنگ بدر کے موقع پر کافر قیدیوں کے متعلق اپنے صحابہ رضی اللہ عنہم کو ارشاد فرمایا: اگر تم چاہو تو ان کو قتل کردو اور اگر چاہو تو ان کا فدیہ (بدلے کی رقم) لے لو اور پھر ان کی تعداد کے بقدر تم میں سے لوگ شہید ہوں گے۔

چنانچہ (ستر کافر قیدیوں کے بدلے ستر صحابہ رضی اللہ عنہم شہید ہوئے اور) ستر شہید ہونے والوں میں سے آخری شہید ہونے والے صحابی ثابت بن قیس تھے جو جنگ یمامہ میں شہید ہوئے۔ مستدرک الحاکم، ابن مردویہ، السنن للبیہقی، الضیاء للمقدسی

۳۷۹۶۳... حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضرت حاطب بن ابی بلتعہ نے اہل مکہ کو خط لکھا اور اس میں ذکر کیا کہ رسول اللہ ﷺ ان سے جنگ کے لیے آنے والے ہیں۔ چنانچہ رسول اللہ ﷺ کو (بذریعہ وحی) اس عورت کے متعلق آگاہ کیا گیا جو مذکورہ خط لے کر جارہی تھی۔

لہٰذا آپ ﷺ نے اس عورت کی طرف (دوصحابیوں کو) بھیجا۔ اورانہوں نے اس کے سر کے بالوں میں سے وہ خط برآمد کرلیا۔ پھر حضور ﷺ نے حضرت حاطب رضی اللہ عنہ کومخاطب ہوکرارشادفرمایا:

اے حاطب! کیاتم نے یہ کام کیاہے؟ حضرت حاطب رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: جی ہاں۔ مگر یارسول اللہ! میں نے ایسا کام رسول اللہ ﷺ کو دھوکہ دینے کے لئے کیااور نہ مجھ میں منافقت ہے۔ بے شک مجھے خوب یقین ہے کہ اللہ عزوجل اپنے رسول کوغالب کر کے رہیں گےاوران کے (دین و) حکومت کومکمل فرما کررہیں گے۔ مگر بات یہ ہے کہ ان کافرین مکہ کے درمیان میں ایک کم حیثیت آدمی ہوں اور میرے اہل خانہ ان کے درمیان رہتے ہیں، اس لئے میں نے ارادہ کیا کہ ان کے ساتھ کچھ تعلق بنالوں۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضور ﷺ سے عرض کیا: میں اس کی گردن نہ اڑادوں؟

حضوراکرم ﷺ نے ارشادفرمایا: کیاتو بدر کے شریک آدمی کوقتل کرنا چاہتا ہے؟

تجھے کیامعلوم شاید اللہ پاک نے اہل بدر سے ہم کلام ہوااورفرمایاہوکہ تم جو چاہے کرو۔ مستدرک الحاکم

۳۷۹۶۴......(مسند رافع بن خدیج) عبایۃ بن رافع اپنے دادا رافع بن خدیج سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت جبرائیل علیہ السلام یا کوئی اور فرشتہ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوااور عرض کیا: یارسول اللہ! آپ لوگ اپنے درمیان شرکاء بدر کو کیسا سمجھتے ہو؟ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا: (شرکاءبدر) ہم میں سے بہترین لوگ ہیں۔ فرشتے نے عرض کیا: اسی طرح فرشتوں میں سے جوفرشتے بدر کی جنگ میں شریک ہوئے وہ ہمارے درمیان بہترین فرشتے ہیں۔ مصنف ابن ابی شیبہ

۳۷۹۶۵......(ایضاً) رسول اللہ ﷺ نے بدر کے دن ارشادفرمایا: قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے! اگر کوئی بچہ ایسے چالیس فقیہ لوگوں کے درمیان پیدا ہو جو اللہ کی اطاعت پر عمل کرتے ہوں اور تمام گناہوں سے بچتے ہوں اور پھر وہ بچہ (انہی صفات کے ساتھ جئے اور) اس عمر تک پہنچ جائے جو بڑھاپے کی رذیل ترین (گھٹیا) عمر ہو یا ایسی عمر کو پہنچ جائے جب وہ بھول بسر کر ہر چیز سے انجان بن جائے حالانکہ کبھی وہ (سب کچھ) جانتا تھا تب بھی وہ تم بدریوں میں سے کسی ایک تک اس رات کی فضیلت کونہیں پہنچ سکتا۔

نیز حضور ﷺ نے ارشادفرمایا: بے شک وہ ملائکہ جو بدر میں حاضر تھے ان کی فضیلت آسمان میں دوسرے فرشتوں سے زیادہ تھی۔

الکبیر للطبرانی عن رافع بن خدیج

۳۷۹۶۶......(مسند رفاعہ بن رافع الزرقی) حضرت جبرائیل علیہ السلام حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اورعرض کیا: آپ لوگ اپنے درمیان بدریوں کوکیسا شمار کرتے ہو؟ حضور ﷺ نے ارشادفرمایا: مسلمانوں میں سے افضل یافرمایا:

مسلمانوں میں سے بہترین۔ حضرت جبرائیل علیہ السلام نے فرمایا: اسی طرح ہم فرشتوں میں سے جو بدر میں حاضر ہوئے ان کا بھی فرشتوں میں ایسا ہی رتبہ ہے۔ مصنف ابن ابی شیبہ، ابونعیم

۳۷۹۶۷......(مسند سعد مولیٰ (غلام) حاطب رضی اللہ عنہ) حاطب رضی اللہ عنہ کے غلام سعد رضی اللہ عنہ نے حضور ﷺ سے عرض کیا: یارسول اللہ! کیا حاطب اہل جہنم میں سے ہیں؟ حضور ﷺ نے ارشادفرمایا: جہنم میں ہرگز ایسا کوئی شخص داخل نہیں ہوسکتا جو جنگ بدر یا بیعت رضوان میں شامل ہوا ہو۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۹۶۸......(مسند عبداللہ بن ابی اوفیٰ) عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے خالد بن الولید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حضور ﷺ سے شکایت کی۔ حضور ﷺ نے حضرت خالد رضی اللہ عنہ کوفرمایا: اے خالد! تو اہل بدر میں سے کسی آدمی کو کیوں تنگ کرتا ہے؟ اگر تو احد پہاڑ سونے کا خرچ کرے تب بھی ایسے شخص کے عمل کونہیں پہنچ سکتا۔ حضرت خالد رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! وہ لوگ مجھے کچھ کچھ کہتے ہیں تو میں بھی ان کو جواب دے دیتا ہوں پھر رسول اللہ ﷺ نے لوگوں کوارشادفرمایا: تم لوگ خالد کواذیت نہ دو، بے شک وہ اللہ کی تلواروں میں سے ایک تلوار ہیں جو اللہ پاک نے کفار پر برسائی ہے۔ مسند ابی یعلی، ابن عساکر

۳۷۹۶۹......حضرت عبداللہ بن ابی اوفیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے خالد بن ولید رضی

اللہ تعالیٰ عنہ کی رسول اللہ ﷺ کو شکایت کی۔ رسول اللہ ﷺ نے ارشادفرمایا:

اے خالد! کسی بدری صحابی کو اذیت نہ دے۔ اگر تو احد پہاڑ کے برابر بھی سونا خرچ کرلے اس کے عمل کو نہیں پہنچ سکتا۔ حضرت خالد رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یہ لوگ میرے متعلق بحث کرتے ہیں تو میں بھی ان کو جواب دے دیتا ہوں۔ پھر حضور ﷺ نے ارشادفرمایا:

خالد کو ایذاء نہ دو بے شک وہ اللہ کی تلواروں میں سے ایک تلوار ہیں اور وہ تلوار اللہ نے کفار پر برسادی ہے۔ رواہ ابن عساکر

کلام:...... مذکورہ روایت محل کلام ہے: المعلۃ: ۱۴۷۔

۳۷۹۷۰...... (مسند ابن عباس رضی اللہ عنہ) جبرائیل علیہ السلام حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا: اے محمد! آپ کے اصحاب میں سے آپ کے نزدیک افضل کون ہے؟

فرمایا: وہ لوگ جو بدر میں حاضر تھے۔ حضرت جبرائیل علیہ السلام نے فرمایا: اسی طرح وہ ملائکہ ہیں جو بدر میں حاضر ہوئے تھے وہ ہمارے ہاں آسمانوں میں سے سب سے افضل ملائکہ ہیں۔ ابن بشران

۳۷۹۷۱...... ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے ارشادفرمایا: اہل بدر تین سو تیرہ تھے اور مہاجرین ان میں سے چھتر تھے اور جنگ بدر سترہ ۱۷رمضان جمعہ کی رات کو پیش آئی۔ مصنف ابن ابی شیبہ

۳۷۹۷۲...... حضرت حسن رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضرت زبیر رضی اللہ عنہ اور خالد بن الولید رضی اللہ عنہ کے درمیان کچھ (کشیدگی کی) بات تھی۔ رسول اللہ ﷺ نے ارشادفرمایا: تمہارا اور میرے اصحاب کا کیا معاملہ ہے؟ میرے صحابہ رضی اللہ عنہم کو چھوڑ دو۔ قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے! اگر تم میں سے کوئی شخص احد پہاڑ کے برابر سونا بھی خرچ کردے تو وہ میرے صحابہ رضی اللہ عنہم کے ایک دن کے برابر نہیں پہنچ سکتا۔ رواہ ابن عساکر

کلام:...... مذکورہ روایت ضعیف ہے: ضعیف الجامع: ۵۰۸۰۔

۳۷۹۷۳...... حضرت حسن رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ عبدالرحمن بن عوف اور خالد بن الولید کے درمیان کچھ بات بڑھ گئی۔ حضرت خالد رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: اے ابن عوف! مجھ پر فخر نہ کرو اس بات پر کہ تم ایک دو دن مجھ سے پہلے اسلام لائے ہو۔ یہ بات نبی اکرم ﷺ کو پہنچی تو ارشاد فرمایا: میرے اصحاب کو میری خاطر چھوڑ دو۔

قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے اگر تم میں سے کوئی احد پہاڑ کے برابر بھی سونا خرچ کرلے تو وہ میرے صحابہ کی چادر کو نہیں پہنچ سکتے۔ راوی کہتے ہیں: پھر بعد میں عبدالرحمن رضی اللہ عنہ اور زبیر رضی اللہ عنہ کے درمیان کچھ بات بڑھی تو حضرت خالد رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: اے اللہ کے نبی! آپ نے مجھے عبدالرحمن رضی اللہ عنہ کے متعلق منع فرمایا تھا اب یہ زبیر رضی اللہ عنہ ان کو گالی دے رہے ہیں! حضور ﷺ نے ارشادفرمایا: یہ (دونوں) اہل بدر ہیں اور آپس میں ایک دوسرے پر حق رکھتے ہیں۔ رواہ ابن عساکر

۳۷۹۷۴...... موسیٰ بن عقبہ بن یزید سے مروی ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ابوقتادۃ رضی اللہ عنہ کی نماز جنازہ پڑھائی اور نماز میں ان پر سات تکبیریں کہیں چونکہ وہ بدری صحابی تھے۔ السنن للبیھقی

کلام:...... امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: یہ روایت اسی طرح منقول ہے مگر یہ غلط ہے کیونکہ حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بعد ایک طویل مدت تک جیئے تھے۔

قریش

۳۷۹۷۵...... اسماعیل بن عبید بن رفاعہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں: مجھے رسول اللہ ﷺ نے ارشادفرمایا: اپنی قوم کو جمع کرو۔ میں نے پوچھا: کیا بنی عدی کو؟

حضورﷺ نے ارشاد فرمایا: نہیں قریش کو۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: چنانچہ میں نے ان کو جمع کیا۔ یہ بات انصار اور مہاجرین کے کانوں میں پڑگئی۔ سب نے کہا:

ضرور قریش کے متعلق وحی اتری ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: چنانچہ میں رسول اللہﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا: میں نے اپنی قوم والوں جمع کرلیا ہے، کیا ان کو آپ کے پاس لے کر آؤں یا آپ باہر ان کے پاس تشریف لائیں گے؟ حضور اکرمﷺ نے ارشاد فرمایا: بلکہ میں ہی ان کے پاس جاتا ہوں۔ چنانچہ آپﷺ نکل کران کے پاس تشریف لے گئے اور پوچھا: کیا تم میں تمہارے علاوہ لوگ بھی ہیں؟ انہوں نے عرض کیا: ہمارے حلیف، ہمارے بھائی بند اور ہمارے غلام ہیں۔ رسول اللہﷺ نے ارشاد فرمایا: ہمارے حلیف (دوستی کا معاہدہ رکھنے والے) ہم ہی میں سے ہیں اور ہمارے غلام بھی ہم میں سے ہیں۔

پھر ارشاد فرمایا: کیا تم سن رہے ہو (سنو)! قیامت کے روز تم میں سے میرے دوست صرف متقی اور پرہیزگار ہی ہوں گے۔ یاد رکھو! میں ایسی صورت حال ہرگز نہ پاؤں کہ قیامت کے روز اور لوگ تو اعمال لے کر آئیں اور تم گناہوں کا بوجھ لے کر آؤ۔ اللہ کی قسم! اللہ کی طرف سے میں تمہارے کچھ کام نہیں آسکتا۔

پھر ارشاد فرمایا: قریش امانت دار ہیں۔ جو ان پر بدی کے ساتھ پیش آئے اللہ اس کو منہ کے بل جہنم میں گرادے گا۔ یہ بات آپﷺ نے تین بار ارشاد فرمائی۔ ابو عبداللہ محمد بن ابراهیم بن جعفر الیزدی فی امالیه وهو معروف من روایة اسماعیل بن عبید بن رفاعه عن ابیه عن جده رفاعة بن رافع وسیأتی فی محله)

۳۷۹۷۶..... حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے ارشاد فرمایا: قریش اس مال (اور حکومت کے زیادہ حق دار ہیں کیونکہ جب ان کو مال ملتا ہے تو وہ پھیلتا ہے اور ان کے علاوہ لوگوں کو ملتا ہے تو نہیں پھیلتا۔ ابراهیم بن سعد

۳۷۹۷۷..... (مسند عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ) حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ سے مروی ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے مہاجرین قریش کے لوگوں پر دوسرے شہروں میں جانے پر پابندی عائد کردی تھی الا یہ کہ کوئی مقررہ مدت تک کے لئے اجازت لے کر جائے۔ چنانچہ قریش نے اس کی شکایت کی۔ یہ بات حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو پہنچی تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ (لوگوں کے سامنے) کھڑے ہوئے اور ارشاد فرمایا:

خبردار! سنو اسلام ایک اونٹ کی مانند ہے جو پہلے بچہ تھا، پھر وہ ثنائی (دو دانتوں والا) ہوا پھر رباعی (چار دانتوں والا) ہوا پھر سداسی (چھ دانتوں والا) ہوا پھر بازل (نویں سال میں داخل) ہوگیا اور اونٹ کی یہ عمر (جوانی والی) نقصان ہی لاتی ہے۔

اب اسلام جوان ہو چکا ہے اور سنو قریش چاہتے ہیں کہ اللہ کے مال کو دوسرے بندوں کے مقابلے ہتھیالیں۔ خبردار ابن الخطاب کے زندہ ہوتے ہوئے ایسا ہونا ناممکن ہے۔ میں حرۃ گھاٹی (مدینے سے نکلنے کے راستے) پر کھڑا ہوں اور قریش کو ان کی گردنوں اور کمروں سے پکڑ رہا ہوں۔

جہنم میں اوپر نیچے گرنے سے بچانے کے لئے۔ سیف، ابن عساکر

۳۷۹۷۸..... شعبی رحمۃ اللہ علیہ سے مروی ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس وقت تک نہیں مرے جب تک کہ قریش نے ان کو تھکا نہ دیا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان کو مدینے میں روک دیا تھا اور تمام (قریش) کو وہیں رہنے کی تاکید کردی تھی (ا) آپ رضی اللہ عنہ ان کو فرماتے تھے:

مجھے اس امت پر سب سے بڑا خطرہ تمہارے دوسرے علاقوں میں منتشر ہوجانے کا ہے۔

چنانچہ اگر ان محصورین مدینے میں سے کوئی آپ سے کسی جہاد میں شرکت کی اجازت چاہتا تو اس کو ارشاد فرماتے: تجھے حضور اکرمﷺ کے ساتھ غزوہ میں شرکت کا موقع ملا ہے جو تیرے (درجے بلند کرنے کے) لئے کافی ہے۔ اور آج کے زمانے میں غزوہ میں شرکت کرنے سے تیرے لئے زیادہ مناسب یہ ہے کہ تو دنیا کو نہ دیکھے اور نہ دنیا تجھے دیکھے۔

چنانچہ جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ خلیفہ بنے تو انہوں نے ان کا راستہ خالی کردیا اور وہ دنیا میں پھیل گئے اور لوگ بھی (اوروں

سے) کٹ کٹ کران سے ملنے لگے۔ محمد اور طلحہ کہتے ہیں: یہ پہلی کمزوری تھی جو اسلام میں داخل ہوئی اور اس سال کا پہلا فتنہ یہی تھا۔

سیف، ابن عساکر

۳۷۹۷۹..... حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے ارشاد فرمایا: حکام قریش میں سے ہوں گے۔ ان کے بہترین لوگ اپنی بہتری پر رہنے والے ہیں اور ان کے برے لوگ بھی اپنی خصلت پر رہنے والے ہیں۔ اور قریش کے بعد جاہلیت کے سوا کچھ نہیں۔

نعیم بن حماد و ابن السنی کتاب الاخوة

اور یہ معاملہ دوسرے اہل مکہ کے ساتھ نہ تھا۔

۳۷۹۸۰..... حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک دن لوگوں کو خطبہ دیا اور فرمایا:

خبردار سن لو! حاکم وقت قریش میں سے رہیں جب تک وہ تین باتوں کو قائم رکھیں جب بھی فیصلہ کریں عدل کریں، جب بھی عہد و پیمان کریں پورا کریں اور جب بھی ان سے رحم کی اپیل کی جائے وہ رحم کریں پس جو ایسا نہ کریں ان پر اللہ کی اور ملائکہ کی اور تمام لوگوں کی لعنت ہے۔

مسند ابی یعلی

۳۷۹۸۱..... اسی طرح رسول اللہ ﷺ نے مقام جحفہ پر خطاب کے دوران فرمایا: لوگو! کیا میں تمہیں، تمہاری جانوں سے زیادہ عزیز نہیں؟ لوگوں نے عرض کیا: کیوں نہیں، فرمایا: میں حوض پر تمہارا پیشرو ہوں گا، اور تم سے دو چیزوں کے بارے میں پوچھوں گا:۔ قرآن اور اپنی اولاد کے بارے میں، قریش سے آگے نہ ہونا ورنہ ہلاک ہو جاؤ گے اور نہ ان سے پیچھے رہنا ورنہ گمراہ ہو جاؤ گے، قریش کے ایک آدمی کی طاقت دو کے برابر ہے اور نہ قریش سے سمجھ بوجھ کا مقابلہ کرنا وہ تم سے زیادہ سمجھدار ہیں۔ اگر مجھے قریش کے متکبر ہونے کا ڈر نہ ہوتا تو میں انہیں بتا دیتا کہ اللہ تعالیٰ کے ہاں ان کا کیا مرتبہ ہے۔ قریش کے اچھے لوگ اچھے انسان ہیں اور قریش کے برے لوگ برے انسان ہیں۔

حلیة الاولیاء وفیه ابراهیم بن الیسع واہ

۳۷۹۸۲..... حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرمایا: قریش عرب کے امام و رہنما ہیں ان کے نیک لوگ، نیک لوگوں کے اور ان کے برے لوگ برے لوگوں کے رہنما ہیں، سو ہر ایک کا حق ہے اور ہر حقدار کو اس کا حق دو۔ ابن ابی عاصم فی السنة

۳۷۹۸۳..... حضرت جابر بن سمرة رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ہمارے مصاحف (قرآن مجید) صرف قریش اور ثقیف کے نوجوان لکھا کریں۔ ابو نعیم، مسند الحارث بن الحارث الغامدی

۳۷۹۸۴..... قاضی شریح سے روایت ہے کہ مجھے ابوامامة، حارث بن حارث، عمرو بن اسود رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے فقہا کی ایک جماعت میں بتایا، کہ رسول اللہ ﷺ نے قریش کو پکارا اور جمع کیا، پھر ان کے درمیان کھڑے ہو کر فرمایا: کہ ہر نبی کو اس کی امت میں مبعوث کیا جاتا رہا اور مجھے تمہاری طرف بھیجا گیا، پھر ایک ایک شخص سے اقرار لینے لگے یہاں تک کہ ان کے آباء و اجداد تک کا نسب بیان کیا، پھر فرمانے لگے: اے فلاں! اپنی فکر کرو میں اللہ تعالیٰ کے ہاں تمہاری کچھ مدد نہیں کر سکتا، یہاں تک کہ آپ اس معاملہ میں حضرت فاطمة رضی اللہ تعالیٰ عنہا تک پہنچے ان سے بھی وہی بات کہی۔

اس کے بعد فرمایا: اے قریش کی جماعت! میں ہرگز ایسے لوگ نہ پاؤں جو میرے پاس آئیں اور وہ جنت کی طرف لے جائے جا رہے ہوں اور تم میرے پاس دنیا کو کھینچ رہے ہو۔ اے اللہ! میں قریش کو اپنی امت کی اصلاح شدہ چیزوں میں فساد کی اجازت نہیں دیتا، پھر فرمایا: آگاہ رہو! تمہارے بہترین رہنما، بہترین لوگ ہیں، اور قریش کے برے لوگ، برے انسان ہیں، اچھے لوگ اچھوں کے اور برے لوگ بروں کے تابع ہوتے ہیں۔ بخاری فی تاریخه، ابن عساکر

۳۷۹۸۵..... عبداللہ بن مطیع اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو فتح مکہ کے موقعہ پر فرماتے سنا: آج کے بعد کسی قریشی کو قیامت تک باندھ کر قتل نہیں کیا جائے گا۔ ابن ابی شیبه، مسلم

۳۷۹۸۶..... حضرت نابغہ جعدی فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: ایسا نہیں کہ قریش حکمران بنے ہوں اور انصاف نہ کیا ہو، ان

سے رحم کی اپیل کی گئی ہو اور رحم نہ کیا ہو، اور بات کی ہو تو سچ نہ بولا ہو، اور وعدہ کیا ہو تو پورا نہ کیا ہو میں اور باقی انبیاء گنہگاروں کے لئے پیشرو ہیں۔ الزبیر بن بکار وثعلب فی امالیہ و ابن عساکر

۳۷۹۸۷.....(مسند رافع بن خدیج) رسول اللہ ﷺ نے حضرت عمر سے فرمایا: میرے پاس اپنی قوم کو جمع کرو، آپ نے انہیں رسول اللہ ﷺ کے گھر کے پاس جمع کیا اور وہ لوگ دروازے پر تھے پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ آپ کے پاس آکر کہنے لگے: یارسول اللہ! آپ ان کے پاس جائیں گے یا میں انہیں آپ کے پاس لے آؤں؟ آپ نے فرمایا: میں ہی ان کے پاس جاتا ہوں چنانچہ آپ ان کے پاس تشریف لائے اور ان کے پاس کھڑے ہو کر فرمایا: کیا تم میں کوئی اور تو نہیں؟ وہ کہنے لگے، جی ہے، ہم میں ہمارے حلیف ہمارے بھانجے اور ہمارے (آزاد کردہ) غلام ہیں، آپ نے فرمایا: ہمارے حلیف ہمارے بھانجے اور ہمارے غلام ہم میں شامل ہیں۔

فرمایا: تم لوگ سنتے ہو کہ تم میں پرہیزگار لوگ میرے دوست ہیں، اگر تم وہ ہو تو بہت اچھی بات ہے ورنہ دیکھو غور کرو! (ایسا نہ ہو کہ) لوگ قیامت کے روز اعمال لائیں اور تم ایسے بوجھ لاؤ جنہیں اپنی پیٹھوں پر لادے چلے آرہے ہو، اور میں تم سے چہرہ پھیر لوں، پھر آپ نے کھڑے کھڑے ہی دونوں ہاتھ بلند کئے اور وہ لوگ بیٹھے ہوئے تھے، فرمایا: لوگو! قریش والے صابر و امانتدار ہیں! تو جس نے ان کے لئے پریشانی اور مصائب تلاش کئے اللہ تعالیٰ اسے قیامت کے روز منہ کے بل گرائے گا، آپ ﷺ نے یہ بات تین بار فرمائی۔

ابن سعد، بخاری فی الادب والبغوی، طبرانی فی الکبیر، حاکم عن اسمعیل بن عبیداللہ بن رفاعہ بن رافع عن ابیہ عن جدہ

۳۷۹۸۸.....(مسند رفاعہ بن رافع الزرقی) رسول اللہ ﷺ نے قریش کو جمع کر کے فرمایا: کیا تم میں کوئی اور ہے؟ لوگوں نے عرض کیا: کوئی نہیں صرف ہمارے بھانجے، ہمارے آزاد کردہ غلام اور ہمارے حلیف ہیں فرمایا: تمہارے بھانجے تمہی میں شامل ہیں، تمہارے حلیف اور تمہارے آزاد کردہ غلام بھی تم میں شامل ہیں، بے شک قریشی سچے اور امانتدار ہیں جس نے ان کے لئے کوئی مصیبت تلاش کی اللہ تعالیٰ اسے منہ کے بل گرائے گا۔ الشافعی، ابن ابی شیبہ، مسند احمد، الشاشی، طبرانی فی الکبیر، ضیاء بن مقدس کلام الضعیفہ ۱۷۱۶

۳۷۹۸۹.....اسی طرح اسمعیل بن عبید بن رفاعہ اپنے والد کے واسطہ سے اپنے دادا رفاعہ بن رافع سے روایت کرتے ہیں: کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: قریشی امانتدار ہیں، جس نے ان کے لئے مصائب تلاش کئے اللہ تعالیٰ اسے منہ کے بل گرائے گا۔ آپ ﷺ نے یہ بات تین بار فرمائی۔

رواہ ابن جریر

۳۷۹۹۰.....ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے قریش سے فرمایا: یہ دین اس وقت تک تم میں رہے گا اور تم ہی اس کے والی وارث ہو گے جب تک تم نے ایسی چیزیں ایجاد نہ کی ہوں جس کی وجہ سے وہ تمہارے ہاتھ سے نکل جائے، اور ایک روایت میں ہے، اللہ تعالیٰ اسے تم سے چھین لے گا۔ سو جب تم نے ایسا کیا تو اللہ تعالیٰ تم پر اپنی بری مخلوق مسلط کر دے گا، وہ تمہیں ایسے ختم کریں گے جیسے (لکڑی) دستے کو چھیلا جاتا ہے۔ ابن ابی شیبہ، ابن جریر

۳۷۹۹۱.....(مسند ابی موسیٰ) فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ ایک (گھر کے) دروازے پر کھڑے ہوئے جس میں قریش کی ایک جماعت تھی فرمایا: یہ دین قریش میں رہے گا۔ رواہ ابن ابی شیبہ

۳۷۹۹۲.....حضرت ابوہریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرمایا: قریش کی ہلاکت تم تاخیر سے پاؤ گے کیونکہ یہ سب سے پہلے ہلاک ہونے والے ہیں، یہاں تک کہ ڈھیر ان میں جوتا ملے گا تو کہا جائے گا: اس جوتے کو اٹھالو یہ قریش کا جوتا ہے۔ رواہ ابونعیم

۳۷۹۹۳.....(مسند علی) حضرت سعد سے روایت ہے کہ ایک شخص قتل ہو گیا آپ ﷺ سے کسی نے کہہ دیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ اسے (اپنی رحمت سے) دور کرے، وہ قریش سے بغض رکھتا تھا۔ رواہ ابن ابی شیبہ

۳۷۹۹۴.....زبیر بن عوام رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فتح مکہ کے موقعہ پر ایک قریشی شخص قتل کیا تو فرمایا: آج کے بعد کسی قریشی کو قید کر کے قتل نہیں کیا جائے گا، صرف عثمان کے قاتل سے ایسا سلوک کیا جائے گا، اسے قتل کر دینا، اگر اسے قتل نہ کر سکو تو اسے بکری کی طرح ذبح ہونے کی اطلاع دے دو۔ ابن عدی، ابن عساکر

۳۷۹۹۵...... (مسند انس) رسول اللہ ﷺ ہمارے پاس تشریف لائے اور ہم لوگ کسی انصاری کے گھر میں تھے، آپ ﷺ نے دروازے کی چوکھٹیں پکڑ کر فرمایا: قائدین قریش سے ہوں۔ رواہ ابن ابی شیبہ

۳۷۹۹۶...... حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے: کہ رسول اللہ ﷺ نے جمعہ کے روز ہم سے خطاب کیا، فرمایا: لوگو! قریش کو اپنا مقتدا اور رہنما بنانا خود ان سے آگے نہ ہونا، ان سے سیکھنا اور انہیں کچھ نہ سکھانا، قریش کے ایک آدمی کی طاقت دو مردوں کے برابر ہے، ایک قریشی کی امانتداری دو آدمیوں کے برابر ہے لوگو! میں تمہیں اپنے قریبی رشتہ دار علی بن ابی طالب کے ساتھ محبت کرنے کی وصیت کرتا ہوں، جو میرے بھائی اور چچازاد ہیں، کیونکہ ان سے صرف مومن محبت کرے گا اور منافق نفرت کرے گا، سو جس نے ان سے محبت کی اس نے مجھ سے محبت کی، اور جس نے ان سے بغض رکھا اس نے مجھ سے بغض رکھا، اور جس نے مجھ سے بغض رکھا اسے اللہ تعالیٰ عذاب دے گا۔

رواہ ابن النجار

کلام: ...... ذیل اللآلی ۶۲۔

۳۷۹۹۷...... حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرمایا: ہم انصار کے کسی گھر میں تھے، اتنے میں ہمارے پاس رسول اللہ ﷺ تشریف لائے، ہم میں سے ہر شخص اپنی جگہ سے پیچھے ہٹ گیا تا کہ آپ اس کے پاس تشریف فرما ہوں، آپ دروازے میں ہی کھڑے ہو گئے چوکھٹ پر ہاتھ رکھ کر آپ نے فرمایا: مقتدا قریش سے ہیں، ہم پر ان کا حق ہے اور ان پر تمہارا حق ہے جب تک وہ تین چیز پر عمل پیرا رہیں گے۔ انصاف سے فیصلے کریں، وعدے پورے کریں، اور رحم کی درخواست کی جائے تو رحم کریں، تو جو کوئی ان میں سے یہ کام نہ کرے تو اس پر اللہ تعالیٰ کی فرشتوں اور تمام لوگوں کی لعنت ہے۔ رواہ ابن جریر

''اولاد ہاشم''

۳۷۹۹۸...... (مسند عثمان) سالم بن ابوالجعد سے روایت ہے فرمایا: کہ حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: کہ رسول اللہ ﷺ بنی ہاشم کی عزت کیا کرتے تھے۔

(خطیب فی الجامع) چونکہ بنی ہاشم نے اس وقت بھی رسول اکرم ﷺ کا ساتھ دیا جب کہ یہ سب لوگ اسلام سے سرفراز نہیں ہوئے تھے اور آپ کے ساتھ شعب ابی طالب میں محصور ونظر بند رہے۔ عامر تقی ندوی

۳۷۹۹۹...... حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے خیبر میں سے رشتہ داروں کا حصہ بنی ہاشم اور بنی عبدالمطلب میں تقسیم کیا، پھر میں اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ آپ علیہ السلام کے پاس چل کر آئے ہم نے عرض کیا: یارسول اللہ آپ کے یہ ہاشمی بھائی، آپ کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے جو انہیں فضیلت دی ہے ہم اس کا انکار نہیں کرتے (لیکن) دیکھیں! آپ نے ہمارے بھائیوں بنی عبدالمطلب کو ہمیں محروم رکھ کر انہیں دیا ہے جب کہ نسب میں ہم اور وہ یکساں ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: انہوں نے جاہلیت اور اسلام میں میرا ساتھ نہیں چھوڑا (مصنف بن ابی شیبہ) اور ایک روایت میں ہے: انہوں نے جاہلیت واسلام میں میرا ساتھ نہیں چھوڑا، بنی ہاشم اور بنی عبدالمطلب ایک ہیں اور آپ نے اپنے دونوں ہاتھوں کی انگلیاں ملالیں۔ رواہ ابونعیم

''ھذیل''

۳۸۰۰۰...... (مسند الصدیق) حضرت اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ میرے والد حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: وہ بہترین جگہیں جنہوں نے اونٹوں کی گردنوں کو بوجھل کر دیا ہے وہ ھذیل کی عورتیں ہیں۔ رواہ عبدالرزاق

''عنز ۃ''

۳۸۰۰۱...... (مسند عمر) حنظلۃ بن نعیم سے روایت ہے کہ ان سے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے پوچھا تمہارا کس قبیلہ سے تعلق ہے؟ تو انہوں نے کہا: عنز ۃ سے، فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: کہ عنزہ یہاں کا قبیلہ ہے ان کے خلاف بغاوت کرنے والوں کی مدد کی جائے گی۔
مسند احمد، ابو یعلی طبرانی فی الاوسط، سعید بن منصور

''ربیعۃ''

۳۸۰۰۲...... حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرمایا: اگر میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے نہ سنا ہوتا کہ اللہ تعالیٰ فرات کے کنارے ربیعہ قبیلہ کے نصاریٰ (عیسائیوں) کی وجہ سے دین کو مضبوط کرے گا، تو میں وہاں جو عربی بھی دیکھتا اسے قتل کر دیتا یا وہ مسلمان ہو جاتا۔
ابو عبیدہ، نسائی، ابو یعلی و الشاشی و ابن جریر، سعید بن منصور

۳۸۰۰۳...... اسی طرح خالد بن معدان سے روایت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یزید بن ابی سفیان رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو لکھا ایک لشکر بھیجو اور اس کا جھنڈا ربیعہ قبیلے کے کسی شخص کو دو، کیونکہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا ہے: وہ لشکر شکست نہیں کھائے گا، جس کا جھنڈا ربیعہ کے کسی شخص کے پاس ہو۔ ابو احمد الدھقانی فی الثانی من حدیثہ ورجالہ ثقات

''قیس''

۳۸۰۰۴...... حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ قبیلہ قیس عرب کے جنگجو لوگ ہیں۔ رواہ ابن ابی شیبہ

۳۸۰۰۵...... حضرت ابوسعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے اللہ! قیس کو ذلیل کر کیونکہ ان کی ذلت اسلام کی عزت ہے اور ان کی عزت وغلبہ اسلام کی ذلت وکمزوری ہے۔ رواہ ابن عساکر

''العرب''

۳۸۰۰۶...... حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے میرے سینے سے ٹیک لگا کر فرمایا: علی! میں تمہیں عربوں سے خیر کی وصیت کرتا ہوں۔ البزار، طبرانی

''اولاد اسد''

۳۸۰۰۷...... شعبی سے روایت ہے کہ بنی اسد کی چھ عادتیں ایسی ہیں جو مجھے کسی عربی قبیلہ میں نظر نہیں آتیں، اللہ تعالیٰ نے اس قبیلہ کی ایک عورت سے اپنے نبی (رسول اللہ ﷺ) کی شادی کرائی، دونوں کے درمیان سفیر جبرائیل امین تھے، اور اسلام میں سب سے پہلا جھنڈا عبدالرحمٰن بن جحش اسدی کے لئے باندھا گیا، اور پہلی غنیمت جو اسلام میں تقسیم کی گئی وہ عبداللہ بن جحش کی غنیمت تھی، اور ان میں سے ایک شخص جو جھک کر چلتا تھا اور جنتی ہے وہ عکاشہ بن محصن اسدی ہیں۔ اور سب سے پہلی بیعت ابوسنان عبداللہ بن وھب نے کی، وہ کہنے لگے: یارسول اللہ! اپنا ہاتھ بڑھائیے میں بیعت کرتا ہوں، آپ ﷺ نے فرمایا: کس بات پر؟ عرض کیا: جو آپ کے دل میں ہے، آپ نے فرمایا: میرے دل میں کیا ہے؟

عرض کیا: فتح یا شہادت، آپ نے فرمایا: ہاں، چنانچہ آپ نے انہیں بیعت کیا، پھر لوگ بیعت کرنے لگے اور ساتھ ساتھ کہہ رہے تھے: ابوسنان کی بیعت کے مطابق، اور وہ سات مہاجر صحابہ رضی اللہ عنہم تھے۔ ابن عساکر وسندہ صحیح

''اشعری''

۳۱۰۰۸..... یعلی بن اشدق عبداللہ بن جراد سے وہ اپنے والد سے نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک مہم روانہ کی جس میں قبیلہ ازداور اشعری تھے تو یہ لوگ صحیح سلامت اور غنیمت لے کر لوٹے، آپ علیہ السلام نے فرمایا: تمہارے پاس، قبیلہ ازداور اشعری آئے ہیں جن کے چہرے اچھے اور منہ خوشبودار ہیں وہ نہ خیانت کرتے ہیں اور نہ بزدلی سے کام لیتے ہیں۔

ابونعیم وقال هذا وهم وصوابه: عبداللہ بن جراد انه قال بعث رسول الله ﷺ سرية

۳۸۰۰۹..... (مسند انس) رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تمہارے پاس ایک قوم آئے گی جن کے دل نرم ہوں گے چنانچہ اشعری آئے اور ان میں حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ تھے تو وہ لوگ اشعار پڑھنے لگے: ہم کل، دوستوں سے ملیں گے، محمد (ﷺ) اور ان کی جماعت سے ملیں گے۔

رواہ ابن ابی شیبہ

''بنوسلمۃ''

۳۸۰۱۰..... جابر بن عبداللہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: بنی سلمہ! تمہارا سردار کون ہے؟ انہوں نے عرض کیا: جد بن قیس، باوجود یہ کہ ان میں بخل کی صفت ہے اور بخل سے بڑھ کر کون سی بیماری ہوگی! بلکہ تمہارا سردار سفید رنگ والا بشر بن البراء ہے۔ رواہ ابونعیم

کلام:..... ذخیرۃ الحفاظ ۵۳۶۸۔

''بیعت عقبہ والے''

۳۸۰۱۱..... (مسند حذیفہ بن یمان) ابوطفیل سے روایت ہے کہ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ اور بیعت عقبہ والے کسی شخص کے درمیان کوئی رنجش ہوگئی، فرمایا: میں تمہیں اللہ کی قسم دیتا ہوں بتاؤ کہ بیعت عقبہ والے کتنے افراد تھے؟ تو ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہنے لگے: ہمیں بتایا جاتا تھا کہ وہ چودہ افراد تھے، حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں بھی ان لوگوں میں تھا وہ پندرہ آدمی تھے، اور میں اللہ تعالیٰ کی گواہی دے کر کہتا ہوں کہ ان میں سے بارہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی جماعت ہیں دنیا میں بھی اور (آخرت میں) اس دن بھی جس دن گواہ کھڑے ہوں گے۔

رواہ ابن ابی شیبہ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے اپنے آپ کو، اور دو اور افراد کو شمار نہیں کیا۔

''بنوامیہ''

۳۸۰۱۲..... حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے فرمایا: یہ حکومت بنی امیہ میں رہے گی جب تک ان کے درمیان دو تیر نہ ٹکرائے، اور جب دو تیر ٹکرا گئے تو پھر قیامت تک ان سے نکل جائے گی۔ رواہ ابونعیم

۳۸۰۱۳..... حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرمایا: ہر دین کے لئے ایک آفت ہے اور اس دین کی آفت بنی امیہ ہے۔

نعیم ابن حماد فی الفتن

۳۸۰۱۴......سعید بن المسیب سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے بنی امیہ کو منبروں پر دیکھا تو آپ کو ناگوار گزرا، اللہ تعالیٰ نے آپ کو وحی بھیجی کہ انہیں تو دنیا ہی ملی ہے چنانچہ آپ کی آنکھ ٹھنڈی ہوگئی، اور یہی اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے ''اور جو خواب ہم نے آپ کو دکھایا وہ لوگوں کے لئے آزمائش ہے''۔ابن ابی حاتم وابن مردویہ، فی الدلائل، ابن عساکر

''بنو اسامة''

۳۸۰۱۵......حضرت ابوہریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بنو اسامہ مجھ سے اور میں ان سے تعلق رکھتا ہوں، جیسا تم ان کے لئے مناسب سمجھو ان کی قدر دانی کرو اور انہیں فضیلت دو۔دار قطنی فی الافراد

بنی مدلج

۳۸۰۱۶......خالد بن عبداللہ بن حرملہ مدلجی سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ عسفان میں کھڑے ہوئے، تو ایک شخص کہنے لگا: کیا آپ کو بنی مدلج کی عقلمند عورتوں اور اونٹوں کے چمڑوں کی ضرورت ہے؟ اور لوگوں میں بنی مدلج کا ایک شخص تھا جس نے آپ کے چہرے سے یہ بات جانچ لی، تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اپنی قوم کا دفاع کرنے والا بہترین شخص وہ ہے جو دفاع میں گناہ کی حد تک نہ پہنچے۔طبرانی، ابونعیم

اسلم وغفار

۳۸۰۱۷......(مسند خفاف بن ایماء الغفاری) ہمیں رسول اللہ ﷺ نے نماز پڑھائی جب دوسری رکعت (کے رکوع) سے سر اٹھایا تو فرمایا: قبیلہ اسلم اللہ اسے محفوظ رکھے، قبیلہ غفار اللہ تعالیٰ اس کی مغفرت فرمائے، پھر (ہم سے) مخاطب ہو کر فرمانے لگے: یہ میں نے نہیں کہا لیکن اللہ تعالیٰ نے کہا ہے۔

رواه ابن ابی شیبه

۳۸۰۱۸......(مسند سلمة بن الاکوع) ایاس بن سلمہ بن اکوع سے روایت ہے کہ قبیلہ اسلم کے لوگ بیمار پڑ گئے تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: دیہات میں چلے جاؤ وہ عرض کرنے لگے: ہم واپس لوٹنا پسند نہیں، تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم ہمارے دیہاتی ہو اور ہم تمہارے شہری، تم جب ہمیں بلاؤ گے تو ہم تمہیں جواب دیں گے اور ہم جب تمہیں بلائیں گے تو تم جواب دو گے تم جہاں بھی رہو مہاجر ہو۔رواه ابونعیم

فارس

۳۸۰۱۹......حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے فرمایا: جب تم مشرق کی جانب سے سیاہ پرچم آتے دیکھو تو فارس کے ان لوگوں کی عزت کرو، کیونکہ ہماری حکومت ان کے ساتھ ہے۔ابونعیم، فیہ داؤد ابن عبدالجبار الکوفی متروک

''ازد وبکر بن وائل''

۳۸۰۲۰......حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے پاس چار سو مرد اور چار سو قبیلہ ازد کے گھرانے کے لوگ آئے، تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ازدیوں کو خوش آمدید، جن کے چہرے سب لوگوں سے اچھے ان کے دل سب سے بہادر، اور امانت میں سب سے عظیم ہیں، تمہارا اشعار یا مبرور ہے۔ابن عدی، ابن عساکر

جنگ میں مجاہدین جو (شارٹ کٹ) مختصر نام آپس میں استعمال کرتے ہیں اسے شعار کہا جاتا ہے یہ لوگ ''یا مبرور'' استعمال کرتے تھے۔
عامر تقی ندوی

۳۸۰۲۱...... (مسند عبدالرحمٰن بن معاویہ) ابوعمران محمد بن عبداللہ بن عبدالرحمٰن اپنے والد کے واسطہ سے اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں اور انہیں شرف صحابیت حاصل ہے فرماتے ہیں: کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک جماعت دیکھی جو آئی تھی فرمایا: قبیلہ ازد مسلمان ہوگیا، ان کے چہرے خوبصورت، منہ میٹھے، اور ملاقات کے زیادہ مخلص ہیں، اور گھوڑوں کا ایک ریوڑ آتے دیکھا، تو فرمایا یہ کون لوگ ہیں؟ لوگوں نے عرض: کیا قبیلہ بکر بن وائل ہے فرمایا: اے اللہ! ان کے شکستوں کو جوڑ، اور ان کے منتشر لوگوں کو پناہ دے اور ان میں سے کسی سائل کو (خالی ہاتھ) واپس نہ بھیج۔
رواہ الدیلمی

''مزینہ''

۳۸۰۲۲...... سعد بن ابی الغادیہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں: کہ رسول اللہ ﷺ اپنے صحابہ رضی اللہ عنہم کی ایک جماعت میں بیٹھے تھے کہ ایک جنازہ گزرا، فرمایا: کس (قبیلہ) کا جنازہ ہے؟ لوگوں نے عرض کیا: مزینہ کا، ابھی تھوڑی ہی دیر گزری تھی تو دوسرا جنازہ گزرا، فرمایا: یہ کس کا جنازہ ہے؟ لوگوں نے عرض کیا: مزینہ کا پھر تھوڑی دیر تشریف فرما ہوئے کہ تیسرا جنازہ گزرا، فرمایا: یہ کس کا جنازہ ہے؟ لوگوں نے عرض کیا: مزینہ کا، فرمایا: عنقریب قبیلہ مزینہ دیکھ لے گا کہ اس کے جن نوجوانوں نے ہجرت کی جو اللہ تعالیٰ کے ہاں عزت یافتہ تھے وہ جلد ختم ہوجائیں گے، مزینہ دیکھ لے گا کہ دجال کا زمانہ ان میں سے کوئی بھی نہیں پائے گا۔ ابن عساکر وقال غریب جدا، لم اکتبہ الا من ھذاالوجہ

مضر جن کا تعلق بنی عدنان سے تھا ان کے دو بیٹے تھے، قیس اور الیاس، ان میں سے الیاس کی اولاد، خندف کے نام سے بھی مشہور تھی جو ان الیاس کی بیوی کا نام تھا، الیاس کی اولاد میں، طابخہ، مدرکہ اور قمعہ تھے طابخہ کی اولاد میں مزینہ، ضبہ اور تمیم تھے۔ جزیرۂ عرب عامر تقی ندوی

''جہینہ''

سبا کے دو بیٹے تھے کہلان اور حمیر اور حمیر کے چار بیٹے تھے شعبان، زید الجمہور، مسکاسک اور قضاعہ (تابعہ) پھر قضاعہ کے چھ بیٹے تھے، (۱) مہرہ، (۲) جرم، (۳) جہینہ، (۴) تنوخ، (۵) عذرہ، اور نہد۔ حوالہ بالا عامر تقی ندوی

۳۸۰۲۳...... مسند بشر بن عرفطۃ بن خشخاش الجہنی انہیں بشیر بھی کہا جاتا ہے ان سے روایت ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ نے قبائل کو اسلام کی دعوت دی، تو قبیلہ جہینہ اور ان کے پیروکار ہزار کی تعداد میں آئے، انہوں نے اسلام قبول کرلیا اور رسول اللہ ﷺ کے ساتھ غزوہ اور جنگوں میں حاضر رہے، تو بشر بن عرفطۃ نے اپنے اشعار میں کہا:

فتح کی صبح ہم نے حضرت محمد ﷺ کے پاس، لوگوں کے آگے ہزار کی تعداد میں پیش پیش تھے، ہم نے مردوں کی تعداد میں اضافہ کردیا، ہم نے اپنے سے پہلے ہزار کی تعداد میں مسلمان ہونے والے نہ پائے، یہ باعزت عرش والے کی نعمت ہے سو ہمارے رب نے ہمیں ہدایت دی اور ہم پر اپنا فضل وکرم کیا، ہم سخت زمین میں محمد ﷺ کے سامنے (لڑتے ہوئے) ایسے لشکروں کو تلواروں سے مار رہے تھے جو سرکش او زیادہ ظالم تھے، جب ہم ان تلواروں کو جنگ کے لئے سونت رہے تھے تو وہ نیاموں سے باہر تھیں یا ان سے خون ٹپک رہا تھا، حنین کے روز کی سختی میں ہم موجود تھے وہ دن موت لانے والا تاریک تھا، محمد ﷺ کے اردگرد ہمیں ایسے لشکر لے کر چلے جنہوں نے صرف نشانزدہ چتکبرے گھوڑے پائے تھے۔ ابن ابی الدنیا فی المغازی والحسن بن سفیان ویعقوب بن سفیان، والبغوی، وقال: اسنادہ مجھول، ابونعیم، خطیب فی المؤتلف، ابن عساکر

۳۸۰۲۴...... شعبی سے روایت ہے کہ سب سے پہلے نبی ﷺ کے ساتھ جہینہ نے قبیلوں کو جمع کیا۔ رواہ ابن ابی شیبہ

''بنی عامر''

۳۸۰۲۵......(مسند ابی جحیفۃ) ہم بطحاء میں رسول اللہ ﷺ کے سرخ خیمہ میں آپ کے پاس آئے تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: تم کون لوگ ہو؟ ہم نے عرض کیا: بنی عامر (کے لوگ ہیں) فرمایا: خوش آمدید! تم میرے لوگ ہو۔ رواہ ابن ابی شیبہ

''حمیر''

۳۸۰۲۶......عمرو بن مرہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے خیبر کے کسی کھجور کے درخت سے ٹیک لگا کر فرمایا: آج مجھ سے جو بھی اپنے نسب کے بارے میں پوچھے گا میں اسے اس کے نسب والوں کے ساتھ ملا دوں گا۔ تو ہم لوگ دیکھتے ہوئے گردنیں بلند کرنے لگے، نبی ﷺ نے فرمایا: آپ نے اپنے ہاتھ سے اشارہ کرتے ہوئے فرمایا: عمرو بن مرہ ہوسکتا ہے یہاں سے ایک قوم آئی جن سے تم ہو، تو جب بھی کوئی آتا تو میں ان کی طرف لپکنے کی کوشش کرتا، تو رسول اللہ ﷺ نے دو یا تین بار فرمایا: وہ نہیں ہیں۔ پھر میری قوم سامنے ہوئی، تو آپ نے فرمایا: وہ یہی ہیں، میں ان کی طرف لپکا، میں نے کہا: یہ قوم کس (جد) سے ہے؟ انہوں نے کہا: حمیر تو عمرو بن مرہ اس پر قائم رہے۔ رواہ ابن عساکر

نوح علیہ السلام کے تین بیٹے، حام، سام، اور یافث تھے، سام سے آرام اور ارفخشد پیدا ہوئے ان سے ابرہیم اور قحطان پیدا ہوئے، قحطان سے سبا اور سبا سے کہلان اور حمیر پیدا ہوئے۔ عامر تقی ندوی

''قضاعہ''

(حمیر کے چار بیٹے تھے، شعبان، قضاعہ (بتابعہ) زید الجمہور اور سکاسک۔

۳۸۰۲۷......عمرو بن مرۃ جہنی سے روایت ہے فرماتے ہیں: میں نبی ﷺ کے پاس بیٹھا تھا، آپ ﷺ نے فرمایا: یہاں کوئی معد سے ہو تو کھڑا ہو جائے، میں اٹھا تو فرمایا: بیٹھ جاؤ، میں بیٹھ گیا، میں نے عرض کیا: ہم کس (جد) سے ہیں؟ فرمایا: تم مشہور نسب قضاعہ بن مالک بن حمیر سے ہو جو لوگوں میں اجنبی نہیں۔ الشاشی، ابن عساکر وسندہ حسن

ملے جلے قبائل

۳۸۰۲۸......عمرو بن عبسۃ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے سکون، سکاسک مدینہ کے بالائی حصہ کے آس پاس کے لوگوں، اور ردمان کے بادشاہوں کے لئے دعا کی۔ ابن عساکر، ابویعلی

۳۸۰۲۹......عبدالرحمٰن بن ابی بکرۃ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ اقرع بن حابس رضی اللہ تعالیٰ عنہ رسول اللہ ﷺ کے پاس آ کر کہنے لگے: آپ کے ہاتھ پر قبیلہ اسلم، غفار، مزینہ اور جہینۃ کے ان لوگوں نے بیعت کی ہے جو حاجیوں کی چوریاں کیا کرتے تھے، آپ ﷺ نے فرمایا: بتاؤ بھلا اگر قبیلہ اسلم غفار اور جہینۃ، بنی تمیم، بنی عامر، اسد اور غطفان سے بہتر ہو جائیں تو پھر نقصان اور خسارہ اٹھائیں گے، وہ کہنے لگے جی نہیں، آپ ﷺ نے فرمایا: اس ذات کی قسم! جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے وہ ان سے بہت بہتر ہیں۔ ابن ابی شیبہ

۳۸۰۳۰......(اسی طرح) رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بتاؤ اگر جہینۃ، اسلم اور غفار، بنی تمیم، بنی اسد، بنی عبداللہ بن غطفان اور بنی عامر بن صعصعۃ سے اچھے ہوں، آپ نے آواز بلند کی۔ لوگوں نے کہا: وہ نقصان اور خسارے میں رہے، آپ نے فرمایا: یقیناً وہ بنی تمیم بنی اسد، بنی عبداللہ بن غطفان اور بنی عامر بن صعصعۃ سے بہتر ہیں۔ ابن ابی شیبہ، مسند احمد، بخاری، مسلم

۳۸۰۳۱۔۔۔(مسند ابی ہریرۃ) رسول اللہ ﷺ کے پاس قبائل کا ذکر ہوا، لوگوں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! ھوازن کے بارے میں آپ کیا کہتے ہیں؟ فرمایا: پھول ہے جو انتہائی سرخ ہوتا ہے، لوگوں نے عرض کیا: بنی عامر کے بارے کیا فرماتے ہیں؟ فرمایا: چمکدار اونٹ ہے جو درخت کی شاخیں کھاتا ہے، لوگوں نے عرض کیا: تمیم کے بارے کیا کہتے ہیں؟ فرمایا: اللہ تعالیٰ نے تمیم سے بھلائی کا ارادہ کیا ہے، وہ ثابت قدم، بڑی کھوپڑیوں والے عقل سے بھرے ہوئے، زمین پر پھیلے ہوئے سرخ پہاڑ کی مانند ہیں۔ لوگوں میں سے جس نے ان کا قصد کیا انہیں کوئی نقصان نہیں پہنچا سکے گا، آخری زمانہ میں دجال کے لئے سب سے سخت ہوں گے۔ الرامھرمزی فی الامثال و رجالہ ثقات

۳۸۰۳۲۔۔۔حضرت ابوہریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرمایا: خلافت قریش میں، قضاء و فیصلہ انصار میں، اذان حبشہ میں، سختی قضاعہ میں اور جلدی یمینوں میں اور امانت داراز دیوں میں ہے۔ رواہ ابن جریر

۳۸۰۳۳۔۔۔حضرت ابودرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرمایا: میں نبی ﷺ کے پاس آیا، عرب کی ایک جماعت آپس میں فخر کر رہی تھی، مجھے رسول اللہ ﷺ نے اندر آنے کی اجازت دی، میں اندر آیا، آپ ﷺ نے فرمایا: ابودرداء! یہ شور کیسا ہے؟ جو میں سن رہا ہوں؟ میں نے عرض کیا: یہ کچھ عرب ہیں جو رسول اللہ ﷺ کے صحن میں فخر کر رہے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ابودرداء جب فخر کرو تو قریش پر کرو، اور تعداد میں تمیم پر، اور لڑائی میں قیس پر فخر کرنا، آگاہ رہنا، ان کے چہرے کنانہ، ان کی زبانیں اسد، اور ان کے گھڑ سوار قیس ہیں، ابودرداء! اللہ تعالیٰ کے بہت سے گھڑ سوار آسمانوں میں ہیں جن کے ذریعہ وہ اپنے دشمنوں سے جنگ کرتا ہے اور وہ فرشتے ہیں اور (اس کے) بہت سے گھڑ سوار اس کی زمین میں ہیں جن سے وہ اپنے دشمنوں سے جنگ کرتا ہے اور وہ ”قیس“ ہے، ابودرداء! آخری شخص جو دین کا دفاع کرے گا جب کہ دین کا صرف نام اور قرآن کے صرف حروف رہ جائیں گے وقیس کا ہوگا، میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ ﷺ! قیس میں سے کس قبیلہ سے ہوگا، فرمایا: سلیم سے۔

ابن عساکر وقال: غریب جدا، ابن ابی شیبہ

باب۔۔۔۔۔جگہوں کے فضائل

مکہ۔۔۔۔۔اللہ تعالیٰ اس کی شان وعظمت میں اضافہ فرمائے

۳۸۰۳۴۔۔۔موسیٰ بن عیسیٰ سے روایت ہے کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ جب مکہ آتے ارکان ادا کر چکنے کے بعد فرماتے: (مکہ!) تو ٹھہرنے اور قیام کا گھر نہیں ہے۔ رواہ عبدالرزاق

۳۸۰۳۵۔۔۔طلق بن حبیب سے روایت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مکہ والو! اللہ تعالیٰ کے حرم کے بارے میں اللہ تعالیٰ سے ڈرو! جانتے ہو اس شہر میں کون رہتا تھا؟ اس میں فلاں کے بیٹے رہتے تھے تو انہوں نے اس کے حرم کو حلال کر لیا تو وہ ہلاک کر دیئے گئے، یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے جتنا چاہا عرب کے قبائل کا ذکر کیا، پھر فرمایا: میں کسی گناہ کی جگہ دس برائیاں کروں یہ مجھے زیادہ پسند ہے کہ یہاں حرم میں ایک گناہ بھی کروں۔

ابن ابی شیبہ، ابن حبان

۳۸۰۳۶۔۔۔خثیم سے روایت ہے کہ وہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس آئے اور آپ مروۃ میں لوگوں میں جائیداد تقسیم کر رہے تھے، عرض کرنے لگے: امیر المومنین! میرے اور میری اولاد کے لئے ایک جگہ مخصوص کر دیں، فرماتے ہیں: حضرت عمر نے ان سے چہرہ پھیرا اور فرمایا: یہ اللہ کا حرم ہے یہاں کا مجاور اور باہر سے آنے والا برابر ہیں۔ رواہ ابن سعد

۳۸۰۳۷۔۔۔(اسی طرح) حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا: میں کسی جگہ ستر گناہ کروں یہ مجھے مکہ میں ایک غلطی کرنے سے زیادہ پسند ہے۔

رواہ عبدالرزاق

۳۸۰۳۸۔۔۔(اسی طرح) ابن الزبیر سے روایت ہے فرمایا: میں نے عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرماتے سنا: مسجد حرام کی نماز دوسری مسجدوں

میں پڑھی جانے والی نماز کے مقابلہ میں ہزار درجہ افضل ہے صرف رسول اللہ ﷺ کی مسجد کیونکہ اس کی، اس کے مقابلہ میں سو درجہ فضیلت ہے۔
سفیان بن عیینه فی جامعه

۳۸۰۳۹..... حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرمایا: مجھے زمین میں اللہ کی سب سے محبوب جگہ کا علم ہے اور وہ بیت اللہ اور اس کا اردگرد (یعنی حرم) ہے۔ الفاکھی

۳۸۰۴۰..... عبدالرحمٰن بن الحارث بن ہشام مخزومی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو حج کے دوران دیکھا آپ ﷺ اپنی سواری کو روک کر ٹھہرے ہوئے تھے، آپ ﷺ فرما رہے تھے: اللہ کی قسم! تو اللہ کی سب سے بہتر زمین ہے۔
ابن سعد، ابن عساکر

۳۸۰۴۱..... حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرمایا: نبی ﷺ نے ارشاد فرمایا: اے اللہ! ہمارے صاع اور مد میں برکت عطا فرما، ہمارے دائیں بائیں اور ہمارے حجاز میں برکت عطا فرما، تو آپ کے سامنے ایک شخص کھڑے ہو کر کہنے لگا: اللہ کے رسول! ہمارے عراق میں، آپ نے اس کی طرف کوئی التفات نہیں کیا، جب دوسرا دن ہوا تو آپ نے اسی طرح کی دعا کی، تو وہی شخص کھڑا ہوا اور کہنے لگا: اللہ کے رسول! ہمارے عراق میں، تو آپ علیہ السلام نے اسے کوئی جواب نہ دیا، جب تیسرا روز ہوا، تو وہی شخص کھڑے ہو کر کہنے لگا: اللہ کے رسول! ہمارے عراق! تو آپ نے کوئی جواب نہ دیا، وہ شخص روتا ہوا چل دیا، آپ علیہ السلام نے اسے بلایا اور فرمایا! کیا تم عراقی ہو؟ وہ عرض کرنے لگا: جی ہاں! فرمایا: میرے والد ابراہیم علیہ السلام نے ان کے خلاف بددعا کرنا چاہی تو اللہ تعالیٰ نے وحی بھیجی کہ ایسا نہ کریں، کیونکہ میں نے ان لوگوں میں اپنے علم کے خزانے رکھے اور ان کے دلوں میں رحمت کو بسا دیا ہے۔ رواہ ابن عساکر

۳۸۰۴۲..... حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے عرض کیا: اللہ کے رسول! سب سے پہلے کون سی مسجد زمین میں بنائی گئی؟ فرمایا: مسجد حرام، میں نے عرض کیا: پھر کون سی؟ فرمایا: مسجد اقصیٰ، میں نے عرض کیا ان کے دونوں کے درمیان کتنی مدت ہے؟ فرمایا چالیس سال، فرمایا: پھر جہاں تمہیں نماز کا وقت ہو جائے تو وہیں پڑھ لینا وہی مسجد ہے۔ رواہ ابن ابی شیبه

۳۸۰۴۳..... حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے فرمایا: کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: یہ (مکہ) حرم ہے جسے اللہ تعالیٰ نے اس روز سے حرمت عطا فرمائی جس دن آسمانوں و زمین کو پیدا فرمایا، اور یہ دو پہاڑ رکھ دیئے، یہ مجھ سے پہلے کسی کے لئے حلال ہوا نہ میرے بعد کسی کے لئے حلال ہوگا، اور میرے لئے صرف دن کی گھڑی بھر حلال ہوا، نہ اس کے کانٹے توڑے جائیں، نہ اس کے شکار کو بدکایا جائے، اور نہ حلال کے لئے اس کی گھاس کاٹی جائے اور نہ گری پڑی چیز کوئی اٹھائے ہاں جو اعلان کرنے والا ہو، حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: اللہ کے رسول! مکہ والے اذخر گھاس کے بغیر گزارا نہیں کر سکتے، جو ان کے لوہاروں اور ان کے گھروں کے کام آتی ہے۔ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ہاں سوائے اذخر کے۔
رواہ ابن ابی شیبه

۳۸۰۴۴..... ابوجعفر سے روایت ہے کہ نبی ﷺ جب پہلے آتے تو مقام ابطح میں اترتے۔ رواہ ابن ابی شیبه

۳۸۰۴۵..... حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرمایا: لوگوں میں دو وادیاں بہترین ہیں، ایک مکہ کی اور دوسری ہندوستان کی وادی جس میں آدم علیہ السلام اترے جہاں سے خوشبو لائی جاتی ہے جو خوشبو تم لگاتے ہو، اور لوگوں میں دو وادیاں بری ہیں، احقاف کی وادی اور حضرموت کی وادی جسے برھوت بھی کہتے ہیں اور لوگوں کے لئے بہترین کنواں زمزم کا ہے اور برا کنواں، برھوت کا ہے وہیں کفار کی ارواح جمع ہوتی ہیں۔
الازرقی وابن ابی حاتم

۳۸۰۴۶..... حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مکہ والو! اپنے گھروں کو دروازے نہ بناؤ تاکہ باہر سے آنے والا جہاں چاہے اتر پڑے۔
مسدد وابن زنجویه فی الاموال

۳۸۰۴۷..... حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حاجیوں کے سامنے مکہ کے گھروں کو بند کرنے سے منع فرمایا، کیونکہ وہ جس گھر کو فارغ پاتے ہیں اس کے بارے میں متردد ہوتے ہیں۔ ابوعبید وابن زنجویه وعبد بن حمید

کعبہ

۳۸۰۴۸..... (مسند الصدیق) حضرت ابوہریرۃ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں فرماتے ہیں: مجھے رسول اللہ ﷺ نے فرمان دیا کہ اس سال کے بعد کوئی قریشی بیت اللہ کا ننگے ہوکر طواف کرے اور نہ اس سال کے بعد کوئی مشرک طواف کرنے پائے۔

رستہ فی الایمان

۳۸۰۴۹..... عبدالرحمن بن جبیر سے روایت ہے فرمایا: کہ حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حج کے ایام میں مکہ میں کھڑے ہوکر فرمایا: یمن والو! دو ظلمتوں سے پہلے ہجرت کرلو ایک حبشی جو نکل کر میری اس جگہ تک پہنچ جائیں گے۔نعیم بن حماد

۳۸۰۵۰..... عمرو بن دینار اور عبیداللہ بن ابی یزید لیثی سے روایت ہے فرمایا: کہ رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں بیت اللہ کے آس پاس کوئی دیوار نہیں تھی، لوگ بیت اللہ کے اردگرد نمازیں پڑھتے، پھر جب حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا زمانہ خلافت ہوا آپ نے اس کے آس پاس دیوار بنادی، عبیداللہ فرماتے ہیں: اس کی دیوار چھوٹی تھی، جسے عبداللہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے بنایا۔بخاری

فاکہی فرماتے ہیں: کہ رسول اللہ ﷺ اور صدیق اکبر وعمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے دور میں مسجد حرام گھروں سے گھری ہوئی تھی جب لوگوں کے لئے تنگی ہوئی تو حضرت عمر نے اسے وسیع کردیا اور اس کے اردگرد معمولی لمبائی کی دیوار بنادی، دیواروں پر چراغ رکھے جاتے، پھر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے اور وسعت کردی، پھر حضرت عبداللہ بن زبیر نے وسعت کی، اس کے بعد ابوجعفر منصور اور پھر اس کے بیٹے مہدی نے وسعت کی۔

علی تھانوی

۳۸۰۵۱..... حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے کعبہ کے دروازے پر خطبہ دیا فرمایا: جو بھی اس گھر کے پاس آئے اور اسے صرف نماز کے لئے اٹھنا پڑے، یہاں تک کہ وہ حجر اسود کا استلام کرلے تو اس کے سابقہ گناہوں کے لئے کفارہ بن جائے گا۔رواہ ابن ابی شیبہ

۳۸۰۵۲..... حسن بصری سے روایت ہے کہ عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: کہ میں نے ارادہ کیا کہ کعبہ میں ہر زرد سفید چیز تقسیم کردوں، تو مجھ سے ابی بن کعب نے کہا: آپ کے لئے ایسا کرنا ٹھیک نہیں، میں نے کہا کیوں؟ تو وہ بولے: کہ اللہ تعالیٰ نے ہر مال کی جگہ بیان کردی اور رسول اللہ ﷺ نے اسے برقرار رکھا۔تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرمانے لگے: تم نے سچ کہا۔عبدالرزاق والازرقی فی اخبار مکۃ

۳۸۰۵۳..... ابو نجیح اپنے والد سے روایت کرتے ہیں: کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ ہر سال بیت اللہ کا غلاف اترواتے اور اسے حاجیوں میں تقسیم کردیتے۔الازرق، عبدالرزاق

۳۸۰۵۴..... ابن المسیب سے روایت ہے کہ میں نے حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو جب وہ بیت اللہ کو دیکھتے فرماتے سنا: اے اللہ! تو سلامتی دینے والا ہے تیری طرف سے سلامتی ہے تجھ تک سلامتی ہے اے ہمارے رب! ہمیں سلامتی کے ساتھ زندہ رکھ۔

ابن سعد ابن ابی شیبہ، الازرقی ،بیہقی

۳۸۰۵۵..... عبدالعزیز بن ابی داؤد سے روایت ہے کہ حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرمایا کرتے تھے: اے قریش کی جماعت! سبزہ زاروں سے مل جاؤ وہ تمہارے دودھ کو زیادہ بڑھانے اور تمہارے بوجھوں کو بہت کم کرنے کا باعث ہے۔اور فرماتے: میں مکہ میں کوئی غلطی کروں وہ مجھے ان ستر غلطیوں سے جو مکہ سے باہر کروں زیادہ گراں بار لگتی ہے۔رواہ عبدالرزاق

۳۸۰۵۶..... حسن سے روایت ہے فرمایا: حضرت عمر بن الخطاب نے کعبہ کا ذکر کرکے فرمایا: اللہ کی قسم! یہ تو صرف پتھر ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے ہمارے زندوں کے لئے بطور قبلہ نصب فرمایا ہے اور ہمارے مردے اس کی طرف متوجہ ہوتے ہیں۔المروزی فی الجنائز

۳۸۰۵۷..... حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرمایا: جو شخص اس گھر (بیت اللہ) کی طرف گیا، اور صرف اس کے پاس نماز اور حجر اسود کے استلام (چومنے) کے لئے اٹھا تو اللہ تعالیٰ اس کے سابقہ گناہ مٹادے گا۔رواہ عبدالرزاق

۳۸۰۵۸...... حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرمایا: سب لوگوں کے چلے جانے کے بعد صرف تین دن (مکہ) قیام کرو۔

رواہ ابن ابی شیبہ

۳۸۰۵۹...... (اسی طرح) مالک بن دینار سے روایت ہے فرمایا: سب سے پہلے بصرہ میں جس نے ایک گھر سجایا وہ خضیراء مجاشع بن مسعود السلمی کی بیوی تھی، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس کے خاوند کو لکھا: مجھے پتہ چلا ہے کہ خضیراء نے کعبہ کی طرح ایک گھر سجایا ہے میں تمہیں قسم دیتا ہوں کہ جیسے ہی تمہارے پاس میرا یہ خط پہنچے اور تم وہاں موجود ہو تو اس گھر کی توہین کرنا، چنانچہ انہوں نے ایسا ہی کیا۔ بیھقی فی شعب الایمان

۳۸۰۶۰...... حسن بصری سے روایت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو اطلاع ملی کہ بصرہ میں ایک عورت ہے جسے خضیراء کہا جاتا ہے اس نے ایک گھر آراستہ کیا ہے تو حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو لکھا: حمد وصلاۃ کے بعد! مجھے اطلاع ملی ہے کہ خضیراء نے ایک گھر سجایا ہے جب تمہیں میرا یہ خط ملے تو اس کی توہین کرنا اللہ تعالیٰ اس کی توہین کرے چنانچہ انہوں نے ایسا ہی کیا۔ عبدالرزاق، بیھقی

۳۸۰۶۱...... نافع سے روایت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو خبر ملی کہ عبداللہ بن عمر کی بیوی صفیہ رضی اللہ عنہا نے اپنے کمروں کو منقش کپڑوں وغیرہ سے ڈھانپ رکھا ہے، حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اسے پھاڑنا چاہا، ان لوگوں کو پتہ چلا تو انہوں نے وہ کپڑے اتار لئے، جب حضرت عمر تشریف لائے تو کچھ بھی نہ پایا، فرمانے لگے: لوگوں کو ہمارے پاس جھوٹی خبریں لانے سے کیا ملتا ہے؟ عبدالرزاق، بیھقی

۳۸۰۶۲...... مسند عمر ابن جریج سے روایت ہے فرماتے ہیں: مجھے یہ روایت پہنچی ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیت اللہ پر قبطی غلاف چڑھاتے تھے۔ الجندی فی فضائل مکۃ

۳۸۰۶۳...... حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے قریش سے فرمایا: کہ تم سے پہلے اس گھر کے ذمہ دار عمالقہ تھے تو انہوں نے اس کے بارے میں سستی کی اور اس کی عظمت نہیں کی، تو اللہ تعالیٰ نے انہیں ہلاک کردیا، پھر ان کے بعد جرہم اس کے ذمہ دار بنے تو انہوں نے بھی کسلمندی سے کام لیا اور اس کی عظمت نہیں کی تو اللہ تعالیٰ نے انہیں بھی ہلاک کردیا، سو تم نہ سستی کرنا اور نہ اس کی بے حرمتی کرنا۔

الازرقی وابن خزیمۃ بیھقی فی الدلائل

۳۸۰۶۴...... قتادہ سے روایت ہے فرمایا: کہ ہم سے ذکر کیا گیا کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ مکہ میں کھڑے ہوکر فرمانے لگے: اے قریش کی جماعت! اس گھر کے تم سے پہلے کچھ لوگ ذمہ دار ہوئے پھر جرہم کے افراد اس کے ذمہ دار ہوئے تو انہوں نے اس کے رب کی نافرمانی کی، اور اس کے حق کی ناقدری کی، اور اس کی حرمت کو حلال کرلیا، تو اللہ تعالیٰ نے انہیں ہلاک کردیا، پھر تم لوگ قریش کی جماعت! اس کے ذمہ دار ہوئے، سو تم اس کے رب کی نافرمانی نہ کرنا، اور نہ اس کی حق تلفی کرنا اور نہ اس کی حرمت کو حلال سمجھنا، اس میں ایک نماز اللہ تعالیٰ کے ہاں دوسری سو جگہوں کی نماز سے افضل ہے اور جان لو! کہ اس میں گناہوں کی بھی یہی مقدار ہے۔ ابن ابی عروبۃ

۳۸۰۶۵...... (اسی طرح) ابونجیح سے روایت ہے کہ حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بیت مال سے کعبہ پہ کتان کے سفید باریک کپڑے کا غلاف چڑھایا، آپ اس کے بارے میں مصر لکھتے تو وہاں یہ کپڑے تیار کئے جاتے، پھر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے آپ کے بعد (بھی یہی طریقہ جاری رکھا) پھر جب امیر معاویہ بن ابی سفیان رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا دور آیا تو آپ نے دو غلاف چڑھائے، ایک قبطی کپڑا حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ والا، اور ریشم کا کپڑا، چنانچہ ریشم کا غلاف دس محرم کے روز چڑھایا جاتا اور کتان کا باریک سفید قبطی غلاف رمضان کے آخر میں چڑھایا جاتا۔ الازرقی

۳۸۰۶۶...... حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرمایا: جب جرہم کے بعد بیت اللہ منہدم ہوگیا تو قریش نے اس کی تعمیر کی، پھر جب انہوں نے حجر اسود رکھنے کا ارادہ کیا تو اس کے رکھنے میں ان کا جھگڑا ہوگیا کہ اسے کون رکھے، اس کے بعد اس پر اتفاق ہوگیا کہ جو شخص سب سے پہلے اس دروازے سے داخل ہوگا (وہی حجر اسود رکھے گا) تو رسول اللہ ﷺ باب بنی شیبہ سے داخل ہوئے، آپ نے ایک کپڑا منگوایا اور اپنے ہاتھ سے اس میں حجر اسود رکھا، اور ہر قبیلہ کے سردار سے فرمایا کہ وہ کپڑے کے کنارے کو پکڑ کر اوپر اٹھائے پھر آپ نے دیوار میں وہ پتھر رکھ دیا۔

حاکم، الدورقی

۳۸۰۶۷..... حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرمایا: کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام ارمینیہ سے متوجہ ہوئے آپ کے ساتھ سکینہ تھی جو بیت اللہ کی نشاندہی کررہی تھی جیسے مکڑی اپنا گھر بناتی ہے آپ نے سکینہ کے نیچے سے کھدائی کی، آپ نے بنیادوں کو ظاہر کیا ان میں ایک بنیاد تیس آدمیوں سے کم حرکت نہیں کرتی تھی۔

سفیان بن عیینه فی جامعه، سعید بن منصور وعبد بن حمید، وابن المنذر وابن ابی حاتم والازرقی، حاکم

یعنی اتنی مضبوط چٹانیں تھیں کہ انہیں سرکانے کے لئے تیس آدمی درکار ہوتے۔

۳۸۰۶۸..... حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرمایا: کہ حضرت ابراہیم (بیت اللہ کی تعمیر کے لئے) متوجہ ہوئے اور فرشتہ، سکینہ اور لٹورا رہنما تھے، تو انہوں نے ایسے گھر بنایا جیسے مکڑی گھر بناتی ہے، آپ نے اس کی وہ بنیادیں جو ظاہر ہوئیں وہاں سے اونٹ کی پسلیوں جیسی کھدائی کی، اس چٹان کو حرکت دینے کے لئے تیس آدمی درکار تھے، پھر اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام سے فرمایا: اٹھو اور میرے (احکام کی بجا آوری کے) لئے گھر تعمیر کرو، عرض کیا: میرے رب! کہاں؟ فرمایا: ہم تمہیں دکھادیں گے، اللہ تعالیٰ نے ایک بادل بھیجا جس میں سے ایک سر ابراہیم علیہ السلام سے گفتگو کر کے کہنے لگا: ابراہیم! تمہارے رب نے حکم دیا ہے کہ اس بادل کی مقدار نشان لگاؤ، چنانچہ آپ اسے دیکھتے گئے اور اس کے اندازے سے نشان لگاتے گئے، تو اس سر نے آپ سے کہا: کیا آپ نے نشان لگا لئے؟ آپ نے فرمایا: ہاں، تو وہ بادل چھٹ گیا، تو آپ نے زمین پر لگی بنیادوں کو صاف کیا، یوں حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اس کی تعمیر کی۔ رواه الازرقی

۳۸۰۶۹..... حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرمایا: جب حضرت ابراہیم علیہ السلام بیت اللہ کی تعمیر سے فارغ ہوئے تو عرض کیا: میرے رب! میں نے تعمیر کرلی، اب ہمیں ہماری عبادت کے طریقے بتائیں اور انہیں ظاہر کریں اور ہمیں سکھادیں، تو اللہ تعالیٰ نے جبرائیل علیہ السلام کو بھیجا جنہوں نے آپ کو حج کرایا۔ ابن جریر فی تفسیرہ

۳۸۰۷۰..... (مسند حویطب بن عبدالعزی) ابن ابی نجیح اپنے والد حویطب بن عبدالعزی سے روایت کرتے ہیں فرمایا: ہم لوگ زمانہ جاہلیت میں کعبہ کے صحن میں بیٹھے تھے تو ایک عورت بیت اللہ میں آکر اپنے خاوند سے پناہ طلب کرنے لگی، اتنے میں اس کا خاوند آگیا اس نے (اسے طمانچہ مارنے کے لئے) اس کی طرف اپنا ہاتھ بڑھایا تو وہ خشک ہوگیا میں نے اسے جاہلیت میں دیکھا کہ اس کا ہاتھ شل ہو چکا تھا۔ رواه ابو نعیم

۳۸۰۷۱..... حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرمایا: اس گھر میں آل زبیر کے ایک شخص کے ہاتھوں آگ لگے گی۔

رواه ابن عساکر

۳۸۰۷۲..... حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے فرمایا: زمین میں حجر اسود اللہ تعالیٰ کے ہاتھ کی طرح ہے جس نے اسے چھوا گویا وہ اللہ تعالیٰ سے بیعت کرتا ہے۔ ابن جریر فی تهذيبه

۳۸۰۷۳..... حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرمایا: جب حضرت آدم علیہ السلام بیت اللہ کا طواف کررہے تھے تو فرشتوں کی آپ سے ملاقات ہوگئی تو وہ کہنے لگے: آدم! کیا آپ نے حج کرلیا؟ آپ نے فرمایا: ہاں، وہ بولے: ہم نے آپ سے دو ہزار سال پہلے حج کرلیا ہے۔

رواه ابن ابی شیبه

”ذیل فضائل کعبہ“

۳۸۰۷۴..... حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ ایک دن رسول اللہ ﷺ نے ان کا ہاتھ تھام کر فرمایا: اگر تمہاری قوم میں (اس بات کی) سمجھ ہوتی تو میں کعبہ کو گرا کر (دوبارہ اس کی تعمیر کرتے وقت) مقام حجر کو اس کے ساتھ ملا دیتا کیونکہ یہ اسی کا حصہ ہے لیکن تمہاری قوم نے اس کی بنیاد سے زچ اور تنگ ہوگئے اور میں اس کے دو ۲ دروازے بنا دیتا، اور اسے زمین کے ساتھ ملا دیتا، تمہاری قوم نے اس کا دروازہ اس لئے اونچا رکھا تا کہ جسے وہ چاہیں اسے داخل کریں اور میں اس کے خزانے خرچ کردیتا۔ رواه ابن عساکر

۳۸۰۷۵......حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک دن ان کا ہاتھ تھام کر فرمایا: اگر تمہاری قوم نئی نئی کفر سے تائب نہ ہوئی ہوتی تو میں کعبہ کو گرا کر پھر سے اس کی تعمیر کرتا۔ اوراس جیسا مفہوم ذکر کیا۔ رواہ ابن عساکر

۳۸۰۷۶......(مسند السائب بن خباب) فرماتے ہیں میں نے نبی ﷺ کو عثمان بن طلحہ سے فرماتے سنا جب آپ انہیں کعبہ کی چابی دے رہے تھے: لو! پھر چابی غائب کردی، فرماتے ہیں اسی وجہ سے چابی غائب ہوجاتی ہے۔ طبرانی فی الکبیر

۳۸۰۷۷......زھری سے روایت ہے کہ محمد بن جبیر بن مطعم نے ان سے اپنے والد کے واسطہ سے بیان کیا کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو حضرت عثمان بن طلحہ سے فرماتے سنا جب آپ انہیں کعبہ کی چابی دے رہے تھے، ''لو'' پھر آپ نے چابی غائب کردی، فرماتے ہیں اسی وجہ سے چابی گم ہوجاتی ہے۔ رواہ ابن عساکر

۳۸۰۷۸......حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت فرماتی ہیں: کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تمہاری قوم نے بیت اللہ کی شان میں کوتاہی کی، اگران کا زمانہ شرک قریب نہ ہوتا تو میں ان کی چھوڑی ہوئی عمارت کو اس سے ملا دیتا، اگر تمہاری قوم کی رائے اسے تعمیر کرنے کی ہو تو میرے پاس آنا میں تمہیں بتاؤں گا کہ انہوں نے کیا چھوڑا تھا، تو آپ نے انہیں وہ جگہ دکھائی جو سات ہاتھ کے قریب تھی، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں زمین سے ملے ہوئے اس کے دو دروازے بنا دیتا جن میں ایک مشرق کی جانب ہوتا اور دوسرا مغرب کی جانب، تمہیں معلوم ہے کہ تمہاری قوم نے اس کا دروازہ اونچا کیوں رکھا ہے؟ فرماتی ہیں میں نے عرض کیا: نہیں، فرمایا: اس بات کی عزت حاصل کرنے کے لئے کہ جسے وہ چاہیں صرف وہی داخل ہو، جب وہ کسی ایسے شخص کو بلاتے جس کا داخل ہونا انہیں ناگوار گزرتا تو جب وہ زینے پر داخل ہونے کے لئے چڑھتا تو یہ لوگ زینہ چھوڑ دیتے اور وہ گر پڑتا تھا۔ رواہ ابن عساکر

۳۸۰۷۹......سعید بن المسیب سے روایت ہے فرمایا: جب رسول اللہ ﷺ کعبہ میں داخل ہوئے اور اسے (عوام کے لئے) کھولا آپ نے اپنے ہاتھ میں چابی لی پھر لوگوں میں کھڑے ہوکر فرمانے لگے: کیا کوئی بولنے والا ہے، کیا کوئی بات کرے گا؟ تو حضرت عباس اور بنی ہاشم کے لوگوں نے گردنیں بلند کیں کہ ہوسکتا ہے کہ آپ انہیں سقایہ (پانی پلانے کی خدمت) کے ساتھ چابی ان کے حوالے کردیں، آپ نے حضرت عثمان بن طلحہ سے فرمایا: ادھر آؤ، وہ آئے اور آپ نے چابی ان کے ہاتھ میں رکھدی۔ رواہ ابن عساکر

۳۸۰۸۰......ابن سابط سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے حضرت عثمان بن طلحہ کو چابی کپڑے کے پیچھے سے دی۔ ابن ابی شیبہ، ابن ماجہ

۳۸۰۸۱......زھری سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے حضرت عثمان بن طلحہ کو چابی دیتے ہوئے فرمایا: عثمان! اسے چھپا کر رکھنا، حضرت عثمان ہجرت کے لئے نکلے، اور شیبہ کو اپنا نائب بنا گئے تو انہوں نے بیت اللہ کو ڈھانپ رکھا۔ رواہ ابن عساکر

۳۸۰۸۲......(مسند علی) حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے فرمایا: میں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرماتے سنا: میرا کعبہ میں اس مال کو چھوڑنا (اس لئے ہے) تاکہ میں اسے (حسب ضرورت) لے کر اللہ تعالیٰ اور بھلائی کی راہ میں تقسیم کروں، حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیٹھے ان کی بات سن رہے تھے، آپ نے فرمایا: ابن ابی طالب آپ کی کیا رائے ہے؟ اللہ کی قسم! اگر آپ میری حوصلہ افزائی کریں تو میں ایسا ہی کروں گا، تو حضرت علی بن ابی طالب نے فرمایا: کیا آپ اسے ہم پر خرچ کریں گے، جب کہ اس کا مالک آخری زمانہ میں ایک شخص ہوگا، جس کا رنگ گندمی سا اور وہ لمبا ہوگا، پھر حضرت عمر نے اپنی تقریر جاری رکھی اور نبی ﷺ کا ذکر کیا کہ آپ کو کعبہ کے گڑھے سے ستر ہزار سونے کی اوقیہ ملی تھیں جو بیت اللہ میں ہدیہ کی جاتی تھیں، اور علی بن ابی طالب نے رسول اللہ ﷺ سے عرض کیا: اگر آپ اس مال سے اپنی جنگوں میں امداد حاصل کرلیں تو بہتر ہے، لیکن آپ نے اسے نہیں چھیڑا، پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اس کا ذکر کیا گیا تو آپ نے بھی اسے نہیں چھیڑا۔ رواہ الازرقی

۳۸۰۸۳......خالد بن عرعرۃ سے روایت ہے فرمایا: حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: جو چاہو مجھ سے پوچھو! لیکن صرف نفع یا نقصان کی بات پوچھو! تو ایک شخص کہنے لگا: امیر المومنین! بکھرنے والی کیا ہیں؟ آپ نے فرمایا: تمہارا ناس! ہو، میں نے تمہیں نہیں کہا کہ مجھ سے نفع یا نقصان کی چیز کے متعلق پوچھو! یہ ہوائیں ہیں، وہ کہنے لگا: بوجھ اٹھانے والی کیا ہیں؟ فرمایا: یہ بادل ہیں، وہ کہنے لگا: نرمی سے چلنے والی کیا ہیں؟ فرمایا: یہ

کشتیاں ہیں، وہ کہنے لگا: حکم سے تقسیم کرنے والے کون ہیں؟ فرمایا: یہ فرشتے ہیں، وہ کہنے لگا: چل کر پیچھے ہٹ جانے والے کون ہیں؟ فرمایا: یہ ستارے ہیں، وہ کہنے لگا: اونچی چھت سے کیا مراد ہے؟ فرمایا: آسمان، وہ کہنے لگا: آباد گھر سے کیا مراد ہے؟ فرمایا: آسمان میں ایک گھر ہے جسے ضراح کہا جاتا ہے وہ بلندی میں کعبہ کے بالکل سامنے ہے آسمان میں اس کی عزت وحرمت ایسی ہی ہے جیسے زمین میں بیت اللہ کی عزت وحرمت ہے اس میں روزانہ ستر ہزار فرشتے نماز پڑھتے ہیں جن کی پھر کبھی باری نہیں آئے گی۔

وہ شخص کہنے لگا: امیر المومنین! مجھے اس گھر کے بارے میں بتائیں! فرمایا: یہ پہلا گھر ہے جسے لوگوں کے لئے بنایا گیا، فرمایا: اس سے پہلے بھی دنیا میں گھر تھے اور نوح علیہ السلام ان گھروں میں رہتے تھے، لیکن یہ پہلا گھر ہے جسے لوگوں کے لئے بنایا گیا اور اس میں برکت رکھی گئی اور تمام جہانوں کے لئے ہدایت کا سامان رکھا گیا۔ وہ کہنے لگا: مجھے اس کی تعمیر کے متعلق بتائیں! فرمایا: اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی طرف وحی بھیجی کہ میرے لئے گھر بناؤ۔ تو حضرت ابراہیم علیہ السلام گھبرا گئے، اللہ تعالیٰ نے ان کی طرف ایک ہوا بھیجی جسے سکینہ، اور خجوج کہا جاتا ہے اس کی دو آنکھیں اور ایک سر تھا اللہ تعالیٰ نے ابراہیم علیہ السلام کی طرف وحی بھیجی کہ جب وہ سکینہ چلے تو چلیں، اور جہاں ٹھہرے تو ٹھہر جائیں، پھر وہ چلتے چلتے بیت اللہ کی جگہ تک جا پہنچی اور اس پر حوض کے باقی ماندہ پانی کی طرح منڈلانے لگی اور وہ بیت المعمور کی سیدھ میں تھی، جس میں روزانہ ستر ہزار فرشتے داخل ہوتے ہیں جو قیامت تک نہیں لوٹیں گے، پھر حضرت ابراہیم واسمٰعیل علیہما السلام اس کی تعمیر کرنے لگے، روزانہ ایک دیوار بناتے، جب دھوپ تیز ہو جاتی تو پہاڑ کے سائے میں آ جاتے، جب (مخصوص) پتھر رکھنے کی باری آئی تو حضرت ابراہیم نے حضرت اسمٰعیل سے فرمایا: میرے پاس ایسا پتھر لاؤ جسے میں لوگوں کے لئے نشانی کے طور پر رکھوں، حضرت اسمٰعیل نے وادی کا رخ کیا اور ایک پتھر اٹھا لائے حضرت ابراہیم نے اسے چھوٹا سمجھ کر پھینک دیا، اور فرمایا کوئی اور پتھر لاؤ، حضرت اسمٰعیل (پتھر لینے) چلے گئے اتنے میں حضرت جبرائیل ابراہیم علیہ السلام کے پاس حجر اسود لے کر اترے، اور اسمٰعیل بھی آ گئے، تو حضرت ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا: میرے پاس وہ آ چکا جس نے مجھے تمہارے پتھر کے لئے نہیں چھوڑا، (یعنی تم پتھر پھینک دو اس کی جگہ حجر اسود لگانا ہے) پھر آپ نے بیت اللہ بنایا، اور یہ لوگ بیت اللہ کا طواف کرتے رہے اور وہاں نمازیں پڑھتے رہے یہاں تک کہ فوت ہو گئے اور ان کا زمانہ ختم ہو گیا، پھر بیت اللہ گر گیا۔

بعد میں عمالقہ نے اس کی تعمیر کی وہ بھی اس کا طواف کرنے لگے یہاں تک کہ وہ بھی مر گئے اور ختم ہو گئے، خانہ کعبہ گر گیا، پھر قریش نے اس کی تعمیر کی، جب حجر اسود رکھنے کا موقعہ آیا تو ان میں اختلاف ہو گیا، تو وہ کہنے لگے: جو سب سے پہلے دروازے سے آئے گا (وہ حجر اسود رکھے گا) تو نبی ﷺ آئے، لوگ کہنے لگے: امین آ گیا، آپ نے کپڑا بچھایا اور پتھر اس کے درمیان میں رکھ کر قریش کے سرداروں سے فرمایا: کہ ہر شخص کپڑے کا ایک گوشہ پکڑ لے (انہوں نے اوپر اٹھایا) آپ نے اپنے ہاتھ سے پتھر رکھا۔

الحارث وابن راهويه والصابوني في المائتين، بيهقي وروى بعضه الازرقي، حاكم

۳۸۰۸۴..... حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرمایا: میں اور اسامہ بن زید قریش کے بتوں کے پاس جاتے اور انہیں خراب کر دیتے صبح یہ لوگ کہتے پھرتے ہمارے حاجت رواؤں سے یہ کس نے ایسا سلوک کیا ہے چنانچہ وہ آتے اور انہیں دودھ اور پانی سے دھوتے۔

ابن راهويه وهو صحيح

''حرم''

۳۸۰۸۵..... (مسند عمر) عبید بن عمیر سے روایت ہے کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے ایک شخص کو دیکھا کہ حرم کی گھاس کاٹ رہا ہے آپ نے فرمایا: کیا تجھے پتہ نہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے اس سے منع فرمایا ہے؟ اس نے اپنی ضرورت کا شکوی کیا تو آپ کا دل نرم پڑ گیا اور اسے کچھ (دراہم) دینے کا حکم دیا۔ سعيد بن منصور

۳۸۰۸۶......حضرت عمر اور ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ ان دونوں نے مکہ کے حمام کے بارے میں بکری کا فیصلہ کیا۔
رواہ عبدالرزاق

۳۸۰۸۷......عبید بن عمیر سے روایت ہے کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ منیٰ میں لوگوں سے خطاب کر رہے تھے آپ نے پہاڑ پر ایک شخص کو دیکھا جو درخت کاٹ رہا تھا، آپ نے اسے بلایا، اور فرمایا: کیا تمہیں علم نہیں کہ مکہ کا نہ درخت کاٹا جائے نہ خلال کے لئے اس کی شاخ توڑی جائے، اس نے کہا: کیوں نہیں لیکن مجھے اس کام پر ایک کمزور اونٹ نے مجبور کیا ہے آپ نے اسے ایک اونٹ پر سوار کر کے فرمایا: دوبارہ ایسا نہ کرنا، اور اس پر کوئی جرمانہ عائد نہیں کیا۔سعید بن ابی عروبة فی المناسک، بیہقی

۳۸۰۸۸......نافع بن عبدالحارث سے روایت ہے کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ مکہ آئے اور دارالندوۃ میں جمعہ کے روز داخل ہوئے اور وہاں سے جلد مسجد کی طرف جانے کا ارادہ کیا آپ نے بیت اللہ کے کھونٹے پر اپنی چادر رکھی اس پر کوئی کبوتر آ بیٹھا آپ نے اسے اڑایا پھر وہ اس پر بیٹھا تو ایک سانپ نے اس پر جھپٹا مارا اور اسے مار ڈالا، آپ نے جب جمعہ کی نماز پڑھ لی تو میں اور حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ آپ کے پاس آئے، آپ نے فرمایا: میرے بارے آج فیصلہ کرو جو کچھ میں نے کیا ہے! میں اس گھر میں داخل ہوا اور مسجد جلدی جانے کا ارادہ کیا اور میں نے اپنی چادر اس کھونٹے پر ڈال دی، اس پر کوئی کبوتر بیٹھا میں نے خدشہ محسوس کیا کہ کہیں اسے اپنی بیٹ سے خراب نہ کردے، وہ دوسرے کھونٹے پر جا بیٹھا اسے ایک سانپ نے جھپٹ کر مار ڈالا، میرے دل میں خیال آیا کہ میں نے اسے اس کی محفوظ جگہ سے اڑایا ہے اور جس جگہ وہ بیٹھا وہاں اس کی موت تھی، میں (نافع بن عبدالحارث) نے حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہا: سفید رنگ کی بکری جس کے دانت نکل آئے ہوں اس کے بارے آپ کا کیا خیال ہے اس کا ہم امیرالمومنین کے لئے ضمان کے طور پر فیصلہ کردیں؟ حضرت عثمان نے فرمایا: میری بھی یہی رائے ہے تو حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس کا حکم دے دیا۔الشافعی، بیہقی

۳۸۰۸۹......حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرمایا: اگر مجھے حرم میں (اپنے والد) خطاب کا قاتل بھی مل جائے تو جب تک وہ وہاں سے نکل نہ جائے میں اسے ہاتھ نہیں لگاؤں گا۔عبد بن حمید وابن المنذر والازرقی

۳۸۰۹۰......(اسی طرح) عبید بن عمیر اللیثی سے روایت ہے کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ منیٰ میں خطبہ دے رہے آپ نے پہاڑ پر ایک شخص کو درخت کاٹتے دیکھا اسے بلا بھیجا، فرمایا: کیا تمہیں پتہ نہیں کہ حرم کا نہ درخت کاٹا جاتا ہے اور نہ خلال کے لئے اس کی شاخ توڑی جاتی ہے؟ وہ بولا: کیوں نہیں، لیکن مجھے اس کام پر ایک کمزور اونٹ نے مجبور کیا ہے آپ نے اسے ایک اونٹ کا بوجھ دے کر فرمایا دوبارہ ایسے نہ کرنا۔
سعید بن ابی عروبه فی المناسک

۳۸۰۹۱......(اسی طرح) عبید بن عمیر سے روایت ہے فرمایا: کہ حضرت عمر بن خطاب نے ایک شخص کو حرم کا درخت کاٹتے دیکھ لیا، فرمایا: کیا کررہے ہو؟ وہ بولا: میرے پاس خرچ نہیں ہے، حضرت عمر نے فرمایا: یہ تو حرام ہے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول نے اسے حرام قرار دیا ہے، وہ کہنے لگا: میں تنگدست ہوں میرے پاس خرچ نہیں ہے، حضرت عمر نے اسے خرچہ دیا اور اس پر کوئی جرمانہ عائد نہیں کیا۔
عبیداللہ بن محمد بن حفص العیشی فی حدیثه

۳۸۰۹۲......(اسی طرح) عطاء سے روایت ہے کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک شخص کو حرم کا درخت اپنے اونٹ پر بیٹھے کاٹتے دیکھا، اس سے فرمایا: اللہ کے بندے! یہ اللہ کا حرم ہے تمہارے لئے یہاں ایسا کرنا مناسب نہیں، وہ شخص کہنے لگا: امیرالمومنین! مجھے علم نہیں تھا، آپ خاموش ہوگئے۔سفیان بن عیینه فی جامعه والازرقی

۳۸۰۹۳......(اسی طرح) زہری عبیداللہ بن عبداللہ بن عتبہ سے روایت کرتے ہیں: کہ ابراہیم علیہ السلام نے جبرائیل علیہ السلام کو دکھانے کے لئے حرم کے پتھر نصب کئے، پھر کسی نے انہیں حرکت نہیں دی یہاں تک کہ جب قصی کا زمانہ آیا تو انہوں نے ان کی تجدید کی، پھر کسی نے انہیں حرکت نہیں دی یہاں تک کہ رسول اللہ ﷺ کا دور آیا آپ نے فتح مکہ کے سال تمیم بن اسد خزاعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بھیجا، انہوں نے ان پتھروں کی تجدید کی، پھر کسی نے انہیں حرکت نہیں دی یہاں تک جب حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا دور آیا تو آپ نے قریش کے چار افراد بھیجے،

جو دیہات میں رہتے تھے انہوں نے حرم کے پتھروں کو نئے پتھروں میں تبدیل کر کے نصب کیا، ان میں مخرمہ بن نوفل سعید بن یربوع المخزومی، حویطب بن عبدالعزی اور ازھر بن عبدعوف الزھری شامل ہیں۔ رواہ الازرقی

۳۸۰۹۴..... (اسی طرح) حسن بن عبدالرحمن بن حاطب اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ جب حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جن لوگوں کو حرم کے پتھروں کی تجدید کے لئے بھیجا تھا آپ نے انہیں حکم دیا کہ وہ دیکھیں جو وادی حرم میں پڑتی ہے تو وہاں پتھر رکھ دیں اور اس پر نشان لگا کر اسے حرم کا حصہ بنا دیں، اور جو وادی حل میں پڑتی ہے اسے حل کا حصہ بنا دیں۔

فرماتے ہیں: جب حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا دور آیا تو آپ نے حج کے لئے قافلہ بھیجا، اور عبدالرحمن ابن عوف کو روانہ فرما کر انہیں حرم کے پتھروں کی تجدید کا حکم دیا، عبدالرحمن رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے قریش کا ایک گروہ روانہ فرمایا، جن میں حویطب بن عبدالعزی، عبدالرحمن بن ازھر شامل تھے، سعید بن یربوع کی نظر حضرت عمر کی خلافت کے آخری دور میں ختم ہو چکی تھی اور مخرمۃ بن نوفل کی نظر بھی حضرت عثمان کے دور خلافت میں چلی گئی تھی، یہ حضرات ہر سال حرم کے پتھروں کی تجدید کرتے تھے، جب حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ خلیفہ بنے تو آپ نے مکہ کے گورنر کو خط لکھا کہ وہ حرم کے پتھروں کی تجدید کرے۔ رواہ الازرقی

۳۸۰۹۵..... (اسی طرح) عبید بن عمیر سے روایت ہے کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک شخص کو دیکھا جو حرم کا درخت کاٹ کر اپنے اونٹ کو کھلا رہا تھا، آپ نے فرمایا: اس شخص کو میرے پاس لے آؤ! چنانچہ اسے لایا گیا، فرمایا: اللہ کے بندے! کیا تجھے علم نہیں کہ مکہ حرام ہے نہ اس کا درخت کاٹا جائے اور نہ اس کے شکار کو بدکایا جائے، اور نہ اس کا لقطہ اٹھایا جائے ہاں جو اس کی تشہیر کرے؟ وہ کہنے لگا: امیر المومنین! مجھے اس کام پر صرف اس کمزور اونٹ نے برانگیختہ کیا ہے جسے میں چارا کھلا رہا ہوں مجھے خدشہ تھا کہ یہ مجھے منزل تک نہیں پہنچائے گا، میرے پاس نہ توشہ ہے اور نہ خرچ، آپ کا دل نرم پڑ گیا باوجودیکہ آپ نے اسے سزا دینے کا ارادہ کر لیا تھا پھر آپ نے اس کے لئے صدقہ کے ایک اونٹ کا حکم دیا جو آٹے سے لدا ہوا تھا، وہ اسے عطا کر دیا، اور فرمایا: پھر ہرگز حرم کا کوئی درخت کاٹنے کے لئے نہ لوٹنا! فی المداراۃ

۳۸۰۹۶..... عبیداللہ بن عبداللہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ ابراہیم علیہ السلام پہلے شخص ہیں جنہوں نے حرم کے پتھر جبرائیل علیہ السلام کے بتانے پر نصب کئے، پھر اسمٰعیل علیہ السلام نے اس کی تجدید کی، پھر قصی نے ان کی تجدید کی، پھر رسول اللہ ﷺ نے ان کی تجدید کرائی، عبیداللہ فرماتے ہیں: جب عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا دور آیا، آپ نے قریش کے چار افراد بھیجے، جن میں مخرمہ بن نوفل، سعید بن یربوع، حویطب بن عبدالعزی اور ازھر بن عبدعوف شامل تھے انہوں نے حرم کے پتھر نصب کئے۔ رواہ ابن عساکر

۳۸۰۹۷..... عمرو بن عبدالرحمن بن عوف اصحاب رسول اللہ ﷺ میں سے انصار کے لوگوں سے روایت کرتے ہیں کہ ایک شخص نبی ﷺ کے پاس فتح مکہ کے دن آیا اور آپ مقام (ابراہیم) میں بیٹھے تھے اس نے آپ کو سلام کیا اور کہنے لگا: اللہ کے نبی! میں نے نذر مانی تھی کہ اللہ تعالیٰ نے نبی ﷺ اور مومنین کے لئے مکہ فتح کر دیا تو میں ضرور بیت المقدس میں نماز پڑھوں گا، اور یہاں قریش میں ایک شخص جو شام کا رہنے والا ہے مجھے ملا ہے جو آتے جاتے میرا حافظ ہوگا، آپ ﷺ نے فرمایا، یہیں نماز پڑھ لو، پھر اس نے چوتھی مرتبہ اپنی بات دہرائی تو نبی ﷺ نے فرمایا: جاؤ اس میں نماز پڑھو، اس ذات کی قسم! جس نے محمد (ﷺ) کو حق دے کر بھیجا ہے اگر تم نے یہاں نماز پڑھ لی تو تمہاری بیت المقدس میں پڑھی جانے والی نماز کے عوض ادا ہو جائے گی۔ عبدالرزاق وقال ابن جریج، اخبرت ان ذلک الرجل سوید بن سوید

۳۸۰۹۸..... حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت جبرائیل علیہ السلام نے ابراہیم علیہ السلام کو حرم کے پتھر رکھنے کی جگہ بتائی تو آپ نے وہ پتھر رکھ دیئے پھر قصی بن کلاب نے ان کی تجدید کی، پھر رسول اللہ ﷺ نے ان کی تجدید کی۔ رواہ ابن عساکر

۳۸۰۹۹..... مرہ ھمدانی سے روایت ہے فرمایا: میں مسجد (حرام) کے ہر ستون کے پاس نماز پڑھتا تھا ایک شخص عبداللہ کے پاس آ کر کہنے لگا: میں بھی ان کے پاس تھا بتائیں ایک شخص اس مسجد میں ہر ستون کے پاس نماز پڑھتا ہے اپنی نماز پوری کرنے تک وہ یہی کرتا ہے۔

رواہ عبدالرزاق

۳۸۱۰۰..... زہری سے روایت ہے فرمایا: جس نے کسی کو حرم میں قتل کیا تو اسے حرم میں قتل کیا جائے گا اور جس نے حل میں قتل کیا اور پھر حرم میں

داخل ہوگیا تو اسے حل کی طرف نکال کر قتل کیا جائے گا، یہی طریقہ ہے۔ رواہ عبدالرزاق

۳۸۱۰۱..... محمد بن الاسود بن خلف اپنے والد سے نقل کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے انہیں حرم کے پتھر نصب کرنے کا حکم دیا۔ البزار، طبرانی فی الکبیر

مقام ابراہیم علیہ السلام

۳۸۱۰۲..... حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ مقام (ابراہیم) رسول اللہ ﷺ اور میرے والد کے زمانہ میں بیت اللہ سے ملا ہوا تھا، پھر حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اسے جدا کر دیا۔ بیھقی، سفیان ابن عیینہ فی جامعہ

۳۸۱۰۳..... حبیب بن ابی الاشرس سے روایت ہے فرمایا: ام نہشل کا سیلاب حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بندھ باندھنے سے پہلے بالائی مکہ میں ہوتا تھا اس نے مقام ابراہیم کو بہا دیا پھر پتہ نہ چلا کہ وہ کس مقام پر تھا، جب حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ تشریف لائے تو آپ نے پوچھا: اسکی جگہ کون جانتا ہے؟ مطلب بن ابی وداعۃ نے کہا: امیر المومنین! میں جانتا ہوں، میں نے اس کا اندازہ اور پیمائش مقاط (مضبوط بٹی ہوئی رسی سے) سے کی ہے اور مجھے اس کے بارے میں اندیشہ تھا حجر اسود سے یہاں تک اور رکن سے اس تک اور کعبہ کے سامنے سے، آپ نے فرمایا: وہ میرے پاس لے آؤ! چنانچہ وہ لائے اور اسے اس کی جگہ پر رکھ دیا، اور حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس کے پاس بندھ باندھ دیا۔

سفیان فرماتے ہیں یہی بات ہم سے ہشام بن عروہ نے اپنے والد کے حوالہ سے نقل کی ہے کہ مقام ابراہیم بیت اللہ کے دامن میں تھا، اب وہ جس جگہ ہے وہی اس کی جگہ ہے اور لوگ جو کہتے ہیں: کہ وہاں اس کی جگہ تھی تو صحیح نہیں۔ رواہ الازرقی

۳۸۱۰۴..... کثیر بن کثیر بن مطلب بن ابی وداعۃ سہمی اپنے والد کے واسطہ سے اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں فرمایا: کہ سیلاب مسجد حرام میں حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بالائی بندھ باندھنے سے باب بنی شیبہ کبیر سے داخل ہوتے تھے، تو سیلاب کبھی مقام ابراہیم کو اپنی جگہ سے بلند کر دیتے اور کبھی کعبہ کے سامنے لے آتے، یہاں تک کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دور میں ام نہشل سیلاب آیا، اور مقام ابراہیم کو اس کی جگہ سے بہا کر لے گیا اور وہ مکہ کے نچلے مقام میں ملا، پھر اسے لا کر کعبہ کے پردوں سے باندھ دیا گیا اور اس کے متعلق حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو لکھا گیا، آپ رمضان کے مہینہ میں گھبرائے ہوئے آئے، اس کا نشان مٹ چکا تھا سیلاب نے اسے مٹا دیا تھا، حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے لوگوں کو بلایا، آپ نے فرمایا: میں اس بندے کو اللہ کا واسطہ دیتا ہوں جسے اس مقام ابراہیم کا علم ہے! تو مطلب بن ابی وداعۃ نے کہا: امیر المومنین! مجھے اس کا علم ہے، مجھے اس کا خدشہ تھا تو میں نے رکن کی جگہ سے اس کی جگہ تک کو ناپ لیا، اور اس کی جگہ سے حجر اسود تک اور اس کی جگہ سے زمزم تک کو مقاط (مضبوط بٹی ہوئی رسی) سے ماپ لیا تھا وہ میرے پاس گھر میں ہے، حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ان سے فرمایا: میرے پاس بیٹھو اور مقام ابراہیم منگوانے کا حکم دیا، چنانچہ وہ آپ کے پاس بیٹھ گئے اور مقام ابراہیم لایا گیا، اسے لمبائی میں رکھا گیا تو اسے اس کی جگہ تک برابر پایا، آپ نے لوگوں سے پوچھا اور ان سے مشورہ لیا، لوگوں نے کہا: ہاں! یہی اس کی جگہ ہے جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اسے اچھی طرح جانچ لیا اور آپ کے نزدیک وہ ثابت ہوگیا تو اسے نصب کرنے کا حکم دے دیا، اور مقام ابراہیم کے نیچے ایک عمارت بنا کر اسے موڑ دیا تو وہ آج تک اپنی رسی کی جگہ پر ہے۔ رواہ الازرقی

۳۸۱۰۵..... ابن ابی ملیکۃ سے روایت ہے فرمایا: کہ مقام ابراہیم جس جگہ آج ہے یہی اس کی جگہ زمانہ جاہلیت، عہد نبوی اور صدیقی دور میں تھی البتہ دور فاروقی میں سیلاب اسے بہا کر کعبہ کے سامنے لے گیا، پھر حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے لوگوں کی موجودگی میں اسے پیمائش کر کے واپس رکھا۔ رواہ الازرقی

۳۸۱۰۶..... مجاہد سے روایت ہے فرمایا: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: کس شخص کو مقام ابراہیم کی جگہ کا علم ہے؟ حضرت ابو وداعہ بن ھبیرہ سہمی نے فرمایا: امیر المومنین! مجھے اس کا علم ہے، میں نے اسے دروازے تک، رکن حجر اسود تک اور رکن اسود تک اور زمزم تک ماپا ہے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: (مقام ابراہیم) لاؤ چنانچہ آپ نے اسے جس جگہ وہ آج ہے ابو وداعۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی پیمائش کے مطابق

اپنی جگہ واپس رکھ دیا۔رواہ ابن سعد

۳۸۱۰۷.....مجاہد سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت عمر کا ہاتھ تھاما ہوا تھا جب آپ مقام ابراہیم کے پاس پہنچے تو عرض کیا: یہ ہمارے جدامجد ابراہیم علیہ السلام کی جگہ ہے جہاں وہ نماز پڑھتے تھے؟ تو نبی ﷺ نے ان سے فرمایا: ہاں،عرض کیا: کیا ہم اسے نماز کی جگہ نہ بنالیں؟ تو اللہ تعالیٰ نے آیت نازل کردی:مقام ابراہیم کو جائے نماز بنالو۔ابن ابی داؤد فی المصاحف

۳۸۱۰۸.....مجاہد سے روایت ہے فرمایا:حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نبی ﷺ سے عرض کیا:اگر ہم مقام ابراہیم کو جائے نماز بنالیں۔

ابن ابی داؤد فی المصاحف

۳۸۱۰۹.....مجاہد سے روایت ہے کہ مقام ابراہیم بیت اللہ سے جڑا ہوا تھا حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسول اللہ ﷺ سے عرض کیا: یارسول اللہ! اگر آپ اسے بیت اللہ سے جدا کردیں تاکہ لوگ اس کے پاس نماز پڑھا کریں،تو نبی ﷺ نے ایسا ہی کیا،تو اللہ تعالیٰ نے آیت نازل کردی،مقام ابراہیم کو جائے نماز بنالو!ابن ابی داؤد

’’زمزم‘‘

۳۸۱۱۰.....(مسند عمر) ابن المعزی سے روایت ہے فرمایا: ہم لوگ ابن عیینہ کے پاس تھے کہ ایک شخص آ کر کہنے لگا: ابومحمد! کیا آپ لوگ یہ یقین نہیں کرتے کہ نبی ﷺ نے فرمایا ہے کہ آب زمزم ہر بیماری کے لئے شفا ہے؟ انہوں نے فرمایا: کیوں نہیں،تو وہ کہنے لگا: میں نے اسے پیا ہے تاکہ آپ مجھے دوسواحادیث سنائیں،انہوں نے فرمایا: بیٹھو! پھر اسے دوسواحادیث سنائیں،(ابن المعزی) فرماتے ہیں: میں نے ابن عیینہ کو فرماتے سنا کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: اے اللہ! میں اسے قیامت کی پیاس کے لئے پیتا ہوں۔رواہ ابن عساکر

۳۸۱۱۱.....حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرمایا: میں نے (چچا) عباس سے کہا: ہمارے لئے رسول اللہ ﷺ سے حجابہ (کعبہ پر غلاف چڑھانے کی خدمت) طلب کریں،آپ نے فرمایا: میں تمہیں اس سے بہتر خدمت عطا کروں گا اور وہ سقایہ (پانی پلانے) کی خدمت ہے نہ تم اس کے لئے مصیبت بنو اور نہ وہ تمہارے لئے۔

ابن سعد، ابن راھویہ وابن من یع والبزار، ابویعلی وابن جریر وصححہ، حاکم، سعید بن منصور

۳۸۱۱۲.....حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے آب زمزم کا ایک ڈول اس میں سے نکال کر کھڑے ہوکر پیا۔

ابن عدی، خطیب فی المتفق

۳۸۱۱۳.....حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے فرمایا: اپنا ڈول اس چشمہ کی طرف بھرنے کے لئے رکھ جو بیت اللہ یا رکن کے قریب ہے کیونکہ وہ جنت کی نہر ہے۔رواہ ابن ابی شیبہ

۳۸۱۱۴.....معمر سے روایت ہے فرمایا: کہ ایک شخص زمزم کے کنوئیں میں گر کر مر گیا،حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے اس کے چشمے بند کر کے اسے خالی کرنے کا حکم دیا،کسی نے کہا: اس میں ایک سوت ہمارے قابو سے باہر ہے آپ نے فرمایا: وہ جنت کی نہر ہے پھر آپ نے ا نہیں ریشم واون کی منقش چادر عنایت کی جس سے اس کا منہ بند کردیا پھر اس کا پانی نکالا گیا،یہاں تک کہ اس میں کسی قسم کی بدبو باقی نہ رہی۔

رواہ عبدالرزاق

۳۸۱۱۵.....ام معبد سے روایت ہے فرمایا: میرے خیمہ کے قریب سے سہیل زہیر کا غلام گزرا جس کے پاس پانی کے دو مشکیزے تھے،میں نے اس سے کہا: یہ کیا ہے؟ وہ کہنے لگا: کہ نبی ﷺ نے میرے آقا زہیر کو خط بھیجا ہے جس میں وہ ان سے آب زمزم طلب فرمارہے ہیں اور میں اس لئے جلدی چل رہا ہوں تاکہ مشکیزے خشک نہ ہوجائیں۔الفاکھی فی تاریخ مکۃ

۳۸۱۱۶.....حضرت ابن عباس کے آزاد کردہ غلام عکرمہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے جس دن بیت اللہ کا طواف کیا آپ حضرت

عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس آئے اور فرمایا: ہمیں پانی پلائیے! حضرت عباس نے فرمایا: یارسول اللہ کیا ہم آپ کو وہ پانی نہ لائیں جو ہم نے بیت اللہ میں رکھا ہے؟ کیونکہ اس پانی میں زیادہ ہاتھ لگتے رہتے ہیں، آپ نے فرمایا: کہ ہمیں بھی وہ پانی پلائیے جو آپ لوگوں کو پلاتے ہیں۔ چنانچہ انہوں نے آپ کو پانی پلایا آپ نے اپنی پیشانی پر چھڑکا، پھر اور پانی منگوایا اور اس میں ملا کر پیا، پھر اور پانی منگوایا اور اسے ملا کر نوش فرمایا، اور یہ پانی مشکیزوں میں تھا۔ رواہ عبدالرزاق

۳۸۱۱۷..... عبداللہ بن زریر غافقی سے روایت ہے فرمایا: میں نے حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو زمزم کی حدیث بیان کرتے سنا فرمایا: ایک دفعہ عبدالمطلب حجر میں سوئے تھے انہوں نے خواب میں دیکھا کوئی ان سے کہہ رہا ہے: برہ کو کھودو! انہوں نے کہا: برہ کیا؟ پھر خواب ختم ہوگیا، یہاں تک کہ جب اگلا دن ہوا آپ اپنی اسی جگہ سوئے تو پھر خواب میں ان سے کوئی کہہ رہا ہے، مصونہ کو کھودو! انہوں نے کہا: مصونہ کیا ہے؟ پھر خواب ختم ہوگیا، پھر جب اگلا دن ہوا تو آپ اپنی اسی جگہ سوئے تو خواب میں کوئی ان سے کہہ رہا ہے طیبہ کو کھودو! انہوں نے کہا: طیبہ کیا ہے؟ پھر ختم ہوگیا، جب اگلا دن ہوا تو آپ اپنی اسی جگہ آئے اور سوگئے خواب میں کوئی دن سے کہہ رہا: زمزم کھودو! انہوں نے کہا: زمزم کیا ہے؟ اس نے کہا: جو نہ خشک ہوگا اور نہ اس کی مذمت ہوگی، پھر اس نے اس کی جگہ بتائی، آپ اٹھے اور کھودنے لگے یہاں تک کہ اس کا سراغ لگالیا، قریش کہنے لگے: عبدالمطلب یہ کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: مجھے زمزم کھودنے کا حکم دیا گیا، جب وہ ظاہر ہوگیا اور لوگوں نے اسے مقام طتی میں اسی دیکھ لیا تو کہنے لگے: عبدالمطلب! اس میں تمہارے ساتھ ہمارا حق بھی ہے، یہ ہمارے باپ اسمٰعیل کا راز ہے، آپ نے فرمایا: یہ تمہارے لئے کیسے ہے؟ مجھے تم سے علیحدہ اس کے ساتھ خصوصیت دی گئی ہے، وہ کہنے لگے: ہم تمہارے ساتھ مقدمہ لڑیں گے؟ آپ نے فرمایا: ٹھیک ہے: وہ کہنے لگے: ہمارے اور تمہارے درمیان بنی سعد بن ہذیم کی کاہن عورت حاکم ہوگی، جو شام کے بالائی حصہ میں رہتی ہے عبدالمطلب بنی امیہ کے کچھ لوگوں کے ہمراہ چل پڑے، اور قریش کے ہر قبیلہ سے کچھ لوگ روانہ ہوئے، اس وقت حجاز و شام کے درمیان والی زمین بے آب وگیاہ تھی چلتے چلتے یہ لوگ ان علاقوں کے کسی میدان میں پہنچے تو عبدالمطلب اور ان کے ساتھیوں کا پانی ختم ہوگیا اور انہوں نے مرنے کا یقین کرلیا، پھر لوگوں سے پانی مانگا، وہ کہنے لگے: ہم تم لوگوں کو پانی نہیں دے سکتے ہمیں بھی تمہاری مصیبت کا ڈر ہے۔

عبدالمطلب نے اپنے ساتھیوں سے کہا: تمہاری کیا رائے ہے؟ انہوں نے کہا: ہماری رائے آپ کی رائے کے تابع ہے، آپ نے کہا: میری رائے تو یہ ہے کہ تم میں سے ہر شخص اپنی قبر کھودلے، جب بھی تم میں سے کوئی مرجائے گا تو اسے اس کے ساتھی دفن کردیں گے یہاں تک کہ آخری شخص کو اس کا ساتھی دفن کردے گا، تو ایک آدمی کا نقصان تم سب کے نقصان سے کم ہے، چنانچہ انہوں نے ایسا ہی کیا، پھر فرمایا: اللہ کی قسم! ہم نے اپنے تئیں ہلاکت میں ڈالا ہے اب ہم سفر نہیں کریں گے، ہم یہیں (پانی) تلاش کریں گے شاید اللہ تعالیٰ ہمیں عاجزی کی وجہ سے سیراب کردے آپ نے اپنے ساتھیوں سے فرمایا: چلو! وہ اور آپ چل پڑے، جب آپ اپنی اونٹنی پر بیٹھے اور وہ آپ کو لے کر اٹھی تو اس کے پیر کے نیچے سے ایک چشمہ پھوٹ پڑا، جس کا پانی میٹھا تھا، آپ نے اپنی اونٹنی بٹھادی آپ کی ساتھیوں نے بھی اپنی اونٹنیاں بیٹھادیں، پانی پیا اور خوب سیراب ہوگئے، پھر (سفر کے) ساتھیوں کو بلایا، آؤ پانی پی لو، اللہ تعالیٰ نے ہمیں پانی دیا ہے، چنانچہ وہ آئے اور خود بھی پیا اور جانوروں کو سیراب کیا، پھر (خود ہی) کہنے لگے: عبدالمطلب! اللہ کی قسم! تمہارے حق میں فیصلہ ہوگیا ہے جس ذات نے تمہیں اس صحرا میں پانی دیا ہے اسی نے تمہیں زمزم سے سیراب کیا ہے، چلو وہ چشمہ تمہارا ہی ہے، ہم تم سے نہیں جھگڑیں گے۔ ابن اسحاق فی المبتداء والازرقی، بیھقی فی الدلائل

سقایہ..... حاجیوں کو آب زمزم پلانے کی خدمت

۳۸۱۱۸..... حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے بیت اللہ کا طواف کیا پھر آپ سقایہ پر تشریف لائے اور فرمایا: ہمیں پانی پلاؤ، تو ابن عباس نے ان سے کہا: کیا ہم آپ کو ستو والا پانی نہ پلائیں؟ کیونکہ اس پانی سے لوگ پیتے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: جہاں سے لوگ پیتے ہیں مجھے بھی وہیں سے پلاؤ۔ رزین

۳۸۱۱۹..... حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے وہ حدیث جو آپ نبی ﷺ سے روایت کرتے ہیں مروی ہے فرمایا: رسول اللہ ﷺ (طواف کرکے) واپس آئے آپ نے زمزم کے پانی کا ڈول منگوایا، اس سے وضو کرکے فرمایا: اے عبدالمطلب کی اولاد! اپنے سقایہ سے رکے رہو، اگر ایسی بات نہ ہوتی کہ تم اس پر غالب آجاؤ گے تو یہ تمہارے ساتھ ختم ہوجاتا۔ رواہ الازرقی

۳۸۱۲۰..... (مسند ازھر) حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرمایا: میرا اور محمد بن الحنفیۃ کا سقایہ میں جھگڑا ہوگیا، تو طلحہ بن عبید اللہ، عامر بن ربیعہ، ازھر بن عبدعوف اور مخرمہ بن نوفل نے گواہی دی کہ نبی ﷺ نے فتح مکہ کے روز یہ خدمت حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو عطا کی تھی۔ البغوی وفی اسنادہ الواقدی

''طائف''

۳۸۱۲۱..... حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرمایا: میرا کوئی کمرہ مقام رکبہ (ذات عرق اور عمرہ کے درمیان) پر ہو وہ مجھے شام میں دس کمروں سے زیادہ محبوب ہے۔ مالک

مدینہ منورہ کے باسی پر افضل صلوٰۃ وسلام

۳۸۱۲۲..... حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کے لئے مدینہ پسند فرمایا، جس کی زمین کم اناج والی اور اس کا پانی کھارا ہے صرف یہ پھل (شیریں) ہیں۔ اور اس میں انشاء اللہ دجال اور طاعون کی بیماری داخل نہیں ہوگی۔ الحارث

۳۸۱۲۳..... حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرمایا: مدینہ میں نرخ چڑھ گیا اور فاقہ بڑھ گیا، تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: صبر سے کام لو اور خوشخبری پاؤ، کیونکہ میں نے تمہارے مد اور صاع کے لئے برکت کی دعا کی ہے سو کھاؤ اور جدا جدا ہو کر مت کھاؤ کیونکہ ایک شخص کا کھانا دو کے لئے کافی ہے اور دو کا، چار کے لئے، اور چار کا، پانچ اور چھ کے لئے کافی ہے، جماعت میں برکت ہے، جس نے مدینہ کی مصیبت اور سختی پر صبر کیا میں قیامت کے روز اس کا سفارشی اور گواہ ہوں گا، اور جو اس سے جو کچھ اس میں دل اچاٹ کرکے نکلا تو اللہ تعالیٰ اس سے بہتر اس میں مکین تبدیل کردے گا۔ اور جس نے اسے نقصان پہنچانا چاہا اللہ تعالیٰ اسے یوں پگھلا دے گا جیسے نمک پانی میں پگھلتا ہے۔

البزار وقال تفردبه عمرو بن دینار البصری وهولین

۳۸۱۲۴..... بشر بن حرب سے روایت ہے فرمایا: میں نے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرماتے سنا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو حجرہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس فرماتے سنا: اے اللہ! ہمارے مدینے ہمارے صاع مد اور دائیں بائیں کو بابرکت بنا، پھر آپ نے مشرق کی جانب رخ کرکے فرمایا: اس طرف سے شیطان کا سینگ نکلے گا، اسی جانب سے زلزلے، فتنے اور چیخنے والے ظاہر ہوں گے۔ رنة فی الایمان ورجاله موثوقون غیرانی اظن ان انسخة سقط منها لفظة''ابن'' فان الحدیث معروف عن ابن عمر لا عن عمر خصوصا ان فی اسنادهع عن بسر بن حرب قال سمعت عمر، وبشر بن حرب قالع سمعت: عمر فزکره وقالع کذا قال والصواب ابن عمر فحمدت الله عزوجل

۳۸۱۲۵..... حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے انہوں نے خطبہ دیا، فرمایا: جو شخص یہ لکھتا ہے کہ ہمارے پاس کتاب اللہ اور اس تحریر کے سوا کچھ ہے جسے ہم پڑھتے ہیں تو اس نے جھوٹ بولا، اس تحریر میں اونٹوں کی عمریں اور قصاص کی تفصیلات ہیں، نیز اس میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے مقام عیر اور ثور کے درمیانی علاقہ کو حرم قرار دیا ہے۔ ابن ابی شیبہ، مسند احمد

۳۸۱۲۶..... (مسند عمر) عبدالکریم بن ابی المخارق سے روایت ہے کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے قدامہ بن مظعون کے غلام سے فرمایا: تم ان لکڑ ہاروں کے نگران ہو جسے تم دیکھو کہ وہ مدینہ کے دونوں کناروں کے درمیانی علاقہ سے لکڑی کاٹ رہا ہے اس کا کلہاڑا اور رسی لے لو، وہ کہنے لگے: اس کے دونوں کپڑے؟ حضرت عمر نے فرمایا نہیں یہی کافی ہے۔ رواہ عبدالرزاق

۳۸۱۲۷......حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے: کہ انہوں نے جب مسجد میں اضافہ کا ارادہ کیا تو منبر کو وہیں رکھا جہاں وہ آج ہے اور کھجور کے تنے کو دفن کر دیا کہ مبادا اس کی وجہ سے کوئی فتنہ میں مبتلا ہو۔ السلفی فی انتخاب حدیث القراء

۳۸۱۲۸......حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرمایا: اے مہاجرین کی جماعت مکہ میں اموال نہ بناؤ (بلکہ) اپنے دار الہجرت مدینہ میں بناؤ کیونکہ آدمی کا دل اپنے مال سے لگا ہوتا ہے۔ عبدالرزاق فی امالیہ، بیھقی فی السنن

۳۸۱۲۹......اسلم سے روایت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عبداللہ بن عیاش بن ربیعہ سے فرمایا: کیا تم یہ بات کہنے والے ہو: کہ مکہ مدینہ سے بہتر ہے؟ تو وہ آپ سے کہنے لگے: یہ اللہ کا حرم اور اس کی (طرف سے) امن کی جگہ ہے اور اسی میں اس کا گھر ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: میں اللہ تعالیٰ کے حرم، اس کے امن اور اس کے گھر کے بارے میں کچھ نہیں کہتا۔

مالک والزبیر بن بکار فی اخبار المدینہ، ابن عساکر

۳۸۱۳۰......حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرمایا: ہم لوگ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ باہر نکلے یہاں تک کہ ہم مقام حرہ میں سعد بن ابی وقاص کے نالے کے پاس پہنچ گئے، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: وضو کا پانی لاؤ، جب آپ وضو کر چکے تو قبلہ رخ کھڑے ہو کر آپ نے تکبیر بلند کی اور فرمایا: اے اللہ! ابراہیم علیہ السلام آپ کے بندے اور خلیل تھے انہوں نے آپ سے اہل مکہ کے لئے برکت کی دعا کی ہے، میں محمد تیرا بندہ اور رسول ہوں میں تجھ سے اہل مدینہ کے لئے دعا کرتا ہوں کہ ان کے مد اور صاع میں ایسی ہی برکت عطا فرما جیسی آپ نے اہل مکہ کو عطا کی ہے برکت کے دو برکتیں۔ مسند احمد، ترمذی وقال: صحیح وابن خزیمہ، ابن حبان

۳۸۱۳۱......حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرمایا: ہم نے رسول اللہ ﷺ سے (سن کر) صرف قرآن اور یہ (حکمنامے کی) تحریر لکھی ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مقام عیر اور ثور کا درمیانی علاقہ حرم ہے نہ اس کی شاخ توڑی جائے، نہ اس کا شکار بدکایا جائے، اور نہ اس کی گری پڑی چیز اٹھائی جائے ہاں جو اعلان کرے وہ (اٹھا سکتا ہے) اور نہ کوئی شخص اس میں جنگ کے لئے ہتھیار اٹھا کر چل سکتا ہے، نہ اس کا کوئی درخت کاٹا جائے ہاں کوئی اپنے اونٹ کے چارے کے لئے کاٹے تو اجازت ہے، سو جس نے کوئی نئی بات (یا کام دین کی صورت میں) ایجاد کیا، یا کسی بدعتی کو پناہ دی تو اس پر اللہ تعالیٰ فرشتوں اور تمام لوگوں کی لعنت ہے۔ نہ اس کی نفل عبادت قبول ہے اور نہ فرض، مسلمانوں کی ذمہ داری ایک ہے جس کی ان کا ادنیٰ شخص بھی کوشش کرے، جس نے کسی مسلمان کے ذمہ کو توڑا اس پر اللہ تعالیٰ، فرشتوں اور تمام لوگوں لعنت ہے اس کی نفل عبادت قبول ہے نہ فرض۔ ابوداؤد طیالسی، عبدالرزاق، مسند احمد بخاری، مسلم، ابوداؤد، ترمذی نسائی، ابویعلی، ابن خزیمہ وابوعوانہ والطحاوی ابن حبان، بیھقی فی السنن

۳۸۱۳۲......(اسی طرح) مرۃ ھمدانی سے روایت ہے فرمایا: حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ہمارے سامنے ایک تحریر پڑھی جو ایک انگلی کے بقدر (لمبی) تھی اور رسول اللہ ﷺ کی تلوار کے نیام میں تھی اس میں لکھا تھا: ہر نبی کا ایک حرم ہوتا ہے اور میں مدینہ کو حرم قرار دیتا ہوں، جس نے اس میں کوئی (نیا کام) ایجاد کیا یا کسی بدعتی کو پناہ دی تو اس پر اللہ تعالیٰ، فرشتوں اور تمام لوگوں کی لعنت ہے اس کی نفل عبادت قبول ہے اور نہ فرض۔

حلیۃ الاولیاء

۳۸۱۳۳......ابوحسان سے روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کسی (اہم) کام کا حکم دیتے تو لوگ جواباً کہہ دیتے: ہم نے یوں کر لیا ہے، آپ فرماتے: اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول نے سچ فرمایا، کسی نے آپ سے پوچھا: کیا رسول اللہ ﷺ نے آپ کو کسی چیز کی وصیت کی ہے؟ آپ نے فرمایا مجھے رسول اللہ ﷺ نے لوگوں کے علاوہ کوئی خاص وصیت نہیں کی صرف آپ کی چند باتیں ہیں جو میں نے آپ سے سن (کر لکھی) رکھی ہیں اور وہ میری تلوار کے نیام میں ایک تحریر کی صورت میں محفوظ ہیں فرماتے ہیں ہم آپ سے اصرار کرتے رہے یہاں تک کہ آپ نے وہ تحریر نکالی اس میں لکھا تھا آپ علیہ السلام نے فرمایا: جس نے کوئی بدعت ایجاد کی یا کسی بدعتی کو جگہ دی تو اس پر اللہ تعالیٰ فرشتوں اور تمام انسانوں کی لعنت ہو، نہ اس کی نفل عبادت قبول ہے اور نہ فرض، اور اس میں لکھا تھا: ابراہیم علیہ السلام نے مکہ کو حرم قرار دیا ہے اور میں مدینہ کو اس کے دونوں حروں اور اس کی چراگاہ کے درمیانی علاقوں کو حرم قرار دیتا ہوں نہ اس کی شاخ توڑی جائے، نہ اس کا شکار بھگایا جائے، اور نہ گری پڑی چیز اٹھائی

جائے ہاں جو اعلان کرنا چاہے، اور سوائے اونٹ کے چارے کے لئے، اس کا درخت کاٹا جائے۔ اور نہ جنگ کے لئے اس میں اسلحہ کے ساتھ چلا جائے۔ اور اس میں تھا: مسلمانوں کے خون ایک دوسرے کے بدلے ہیں، ان کے ذمہ کی ان کا ادنیٰ شخص کوشش کرے، اور وہ اپنے علاوہ دوسرے لوگوں کے لئے ایک ہاتھ کی مانند ہیں، خبردار اکسی کافر کے بدلہ میں کوئی مسلمان نہ قتل کیا جائے اور نہ کسی ذمی کو اس کے عہد ذمیت میں مارا جائے۔

ابن جرير ،بيهقي في الدلائل

۳۸۱۳۴...... حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرمایا: کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: میں مدینہ کو اس کے دونوں پہاڑوں (عیر اور ثور) کے درمیان ایسے ہی حرم قرار دیتا ہوں جیسے ابراہیم علیہ السلام نے مکہ کو حرم بنایا ہے۔ رواہ ابن جرير

۳۸۱۳۵...... حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے مدینہ آنے والے ہر قافلہ کے لئے کانٹے دار درخت اور دوسری چیزیں حرام قرار دیں، آپ نے فرمایا: ہاں جو گمشدہ چیز کا اعلان کرے یا کسی ضرورت کے لئے نئی لاٹھی لے لے۔ رواہ عبدالرزاق

۳۸۱۳۶...... (اس طرح) ایک دیہاتی نبی ﷺ کے پاس آیا آپ نے اس سے اسلام پر بیعت لی، اگلے دن وہ بخار میں مبتلا ہو کر آیا، کہنے لگا: یارسول اللہ! میری بیعت واپس لے لیں، آپ ﷺ نے انکار کردیا، پھر وہ مسلسل آپ کے پاس تین دن آتا رہا اور ہر بار یہی کہتا رہا: یارسول اللہ! میری بیعت واپس لیجئے، آپ ﷺ نے انکار کردیا، آپ نے فرمایا: مدینہ بھٹی کی طرح ہے جو خراب کو ختم کرتی اور عمدہ کو خالص کردیتی ہے۔

رواہ عبدالرزاق

۳۸۱۳۷...... حارث بن رافع بن مکیث جہنی سے روایت ہے کہ انہوں نے جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے پوچھا: کہ میری بکریاں اور غلام ہیں وہ غلام بکریوں پر یہ ڈوڈی والا پھل گراتے ہیں جو ببول کا پھل ہے۔ تو حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: نہیں کبھی نہیں، رسول اللہ ﷺ کی چراگاہ کا نہ درخت جھاڑا جائے اور نہ کاٹا جائے البتہ ہلکا سا جھاڑ لیا کرو جس سے صرف پتے ہی گریں، پھر حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: کہ رسول اللہ ﷺ نے بند حدود حرم کے درخت کاٹنے سے منع فرمایا ہے۔ رواہ ابن جرير

۳۸۱۳۸...... حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرمایا: کہ رسول اللہ ﷺ نے مدینہ کو شمال جنوب کے اطراف سے ایک منزل حرم قرار دیا ہے۔

رواہ ابن جرير

۳۸۱۳۹...... رافع بن خدیج رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے آپ نے مدینہ میں خطبہ دیتے ہوئے فرمایا: اللہ کے نبی نے مدینہ کو دو اطراف سے حرم قرار دیا ہے۔ عبدالرزاق وابن جرير

۳۸۱۴۰...... رافع بن خدیج رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو مکہ کا ذکر کرتے سنا آپ نے فرمایا: ابراہیم علیہ السلام نے مکہ کو حرم قرار دیا ہے اور میں مدینہ کے دو پہاڑوں کے درمیانی علاقے کو حرم قرار دیتا ہوں۔ رواہ ابن جرير

۳۸۱۴۱...... (مسند زید بن ثابت) شرجیل ابوسعد سے روایت ہے کہ وہ بازاروں میں داخل ہوئے اور وہاں کسی پرندے کا شکار کرلیا، حضرت زید بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان کے پاس آئے تو وہ پرندہ ان کے پاس تھا انہوں نے آپ کا کان مروڑ کر فرمایا: کمبخت! چھوڑ و اسے کیا تمہیں پتہ نہیں کہ نبی ﷺ نے مدینہ کے دونوں اطراف کے درمیانی علاقہ کو حرم قرار دیا ہے۔ رواہ ابن ابی شيبه

۳۸۱۴۲...... زید بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے مدینہ کے دونوں جانبوں میں شکار اور درخت کو حرم قرار دیا ہے۔

عبدالرزاق وابن جرير

۳۸۱۴۳...... سفیان بن ابی زہیر سے روایت ہے کہ ان کا گھوڑا مقام عقیق میں ان کی سواری سے عاجز پڑ گیا، اور یہ لوگ رسول اللہ ﷺ کی بھیجی ہوئی جماعت میں تھے، وہ آپ کے پاس سواری طلب کرنے آگئے رسول اللہ ﷺ ان کے لئے اونٹ تلاش کرنے لگے، جو آپ کو صرف ابوجہم بن حذیفہ عدوی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس ملا، آپ نے ان سے سودا کیا وہ عرض کرنے لگے: اللہ کے رسول اللہ! میں آپ کے ساتھ بھاؤ تاؤ نہیں کرتا، آپ جسے چاہیں سوار کردیں، آپ نے اونٹ لیا اور لے کر چل پڑے جب مقام اھاب پر پہنچے تو آپ ﷺ نے فرمایا: عنقریب آبادی یہاں تک پہنچ جائے گی، اور کچھ ہی عرصہ بعد شام فتح ہوگا تو اس شہر کے لوگ وہاں جائیں گے جنہیں اس کی آب وہوا اور خوشحالی اچھی لگے گی،

چنانچہ وہ ان کی آبادی میں چلیں گے، لیکن اگر وہ جانیں تو مدینہ ان کے لئے بہتر ہے ابراہیم علیہ السلام نے اہل مکہ کے لئے (برکت کی) دعا کی اور میں اللہ تعالیٰ سے سوال کرتا ہوں کہ وہ ہمارے صاع اور مد میں برکت دے اور ہمارے مدینہ میں ایسی برکت دے جیسے مکہ والوں کو برکت دی۔
رواہ ابن عساکر

۳۸۱۴۴..... حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرمایا: عنقریب مدینہ کی طرف اونٹوں پر اناج نہیں لایا جائے گا، اس کے باسیوں کا اناج یہیں سے پیدا ہوگا، جس کی جائیداد، کھیتی یا مویشی ہوں وہ آسمان کے کناروں تلے ان کے پیچھے چلتا رہے گا، جب تمہیں سلع (پہاڑ) پر آبادی نظر آنے لگے تو اس (بات) کا انتظار کرنا، (جو میں نے تم سے کہی ہے)۔ رواہ ابن عساکر

۳۸۱۴۵..... (مسند سمرۃ بن جندب) رسول اللہ ﷺ (یہ) دعا کیا کرتے تھے اے اللہ! ہماری زمین میں اس کی برکت، خوبصورتی اور سکون رکھ دے۔
رواہ ابن عساکر

۳۸۱۴۶..... سہل بن حنیف رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرمایا: کہ رسول اللہ ﷺ نے مدینہ کی طرف اشارہ کرتے فرمایا: یہ امن والا حرم ہے۔
رواہ ابن ابی شیبہ

۳۸۱۴۷..... سہل بن حنیف رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرمایا: کسی نے رسول اللہ ﷺ سے مدینہ کے متعلق پوچھا، آپ نے فرمایا: امن والا حرم ہے، امن والا حرم ہے۔ رواہ ابن جریر

۳۸۱۴۸..... عبادہ زرقی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے جو صحابی رسول اللہ ﷺ ہیں فرمایا: کہ رسول اللہ ﷺ نے مدینہ کے دونوں اطراف کے درمیانی علاقہ کو ایسے ہی حرم قرار دیا جیسے ابراہیم علیہ السلام نے مکہ، حرم قرار دیا ہے۔ رواہ ابن جریر

۳۸۱۴۹..... حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرمایا: کہ رسول اللہ ﷺ نے مدینہ کو دونوں کناروں کے درمیان حرم قرار دیا، مجھے اگر اس درمیانی علاقے میں ہرن مل جائیں تو میں انہیں خوفزدہ نہ کروں، اور آپ نے مدینہ کے اردگرد بارہ میل تک کے علاقے کو چراگاہ بنایا۔
رواہ عبدالرزاق

۳۸۱۵۰..... حضرت ابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ باہر نکلے یہاں تک کہ جب آپ حرم کے نالے پر پہنچے تو فرمایا: اے اللہ! تیرے بندے اور رسول ابراہیم علیہ السلام نے مکہ کو حرم قرار دیا ہے اے اللہ! میں مدینہ کے دونوں کناروں کے درمیان والے علاقے کو حرم قرار دیتا ہوں جیسے ابراہیم علیہ السلام نے مکہ کو حرم بنایا ہے۔ رواہ عبدالرزاق

۳۸۱۵۱..... حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے نبی ﷺ کو فرماتے سنا اے اللہ! میں نے مدینہ کو اس طرح حرم بنانا ہے جیسے ابراہیم علیہ السلام نے مکہ کو حرم بنایا۔ رواہ ابن ابی شیبہ

۳۸۱۵۲..... (مسند ابی ہریرۃ) سعید بن المسیب حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں فرمایا: اگر میں مدینہ میں ہرن چرتے دیکھ لوں تو انہیں خوفزدہ نہ کروں، کیونکہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے: مدینہ کے دونوں اطراف کے مابین حرم ہے۔ رواہ ابن جریر

۳۸۱۵۳..... حبیب ھذلی سے روایت ہے کہ حضرت ابوہریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: میں نے مدینہ کے دونوں اطراف کے مابین علاقہ کو حرم قرار دیا ہے۔ پھر آپ نے بنی حارثہ سے فرمایا اور وہ لوگ حرہ کے دامن میں آباد تھے، اے بنی حارثہ! مجھے تم لوگ حرم مدنی سے باہر نظر آتے ہو!؟ پھر فرمایا: بلکہ تم اسی میں ہو، بلکہ تم اسی میں ہو۔ رواہ ابن جریر

۳۸۱۵۵..... سعید المقبری حضرت ابوہریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مدینہ کے دونوں اطراف کا درمیانی علاقہ حرم ہے نہ اس کے کانٹے توڑے جائیں اور نہ اس کے شکار کو بدکایا جائے۔ رواہ ابن جریر

۳۸۱۵۷..... حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے نبی علیہ السلام جب مدینہ میں داخل ہوئے تو فرمایا: اے اللہ! ہمارے لئے مدینہ میں جماؤ اور اچھا رزق پیدا فرما۔ رواہ الدیلمی

۳۸۱۵۸..... حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے فرمایا: اللہ کے نبی اللہ ﷺ نے دعا فرمائی اے اللہ! ہمارے صاع و مد میں برکت

فرما، اور مکہ مدینہ میں برکت نازل فرما، ہمارے جنوب وشمال میں برکت عطا فرما، لوگوں میں سے ایک شخص کہنے لگا: اللہ کے نبی! ہمارے عراق میں، آپ علیہ السلام نے فرمایا: وہاں سے شیطان کا سینگ ظاہر ہوگا، اور فتنے پھوٹیں گے، اور سختی مشرق میں ہے۔ رواہ ابن عساکر

۳۸۱۵۹...... حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے فرمایا: جب رسول اللہ ﷺ مدینہ آئے تو مدینہ بخار کے لحاظ سے اللہ تعالیٰ کی سب سے زیادہ وبائی زمین تھی، چنانچہ آپ کے صحابہ رضی اللہ عنہم میں سے کچھ کو یہ بیماری اور مصیبت پہنچی، (جبکہ) اللہ تعالیٰ نے اسے اپنے نبی سے دور رکھا، میں نے رسول اللہ ﷺ سے ان سے سنی باتیں عرض کیں، میں نے کہا: وہ بخار کی شدت کی وجہ سے بہکی بہکی باتیں کررہے ہیں۔ آپ نے فرمایا: اے اللہ! مدینہ ہمارے لئے ایسے ہی چہیتا بنادے جیسے تو نے ہمارے لئے مکہ کو محبوب بنایا ہے بلکہ اس سے زیادہ، اور ہمارے مد وصاع میں برکت عطا فرما، اور اس کی وبا مقام میعۃ منتقل کردے۔ ابن اسحاق

۳۸۱۶۰...... حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے فرماتی ہیں: رسول اللہ ﷺ نے اپنی وفات سے پہلے فرمایا: جزیرۂ عرب میں دو دین باقی نہیں رہیں گے، جب اللہ تعالیٰ نے آپ کی مدت پوری کردی (یعنی آپ کی موت واقع ہوگئی) تو جزیرہ کے ہر طرف کے عوام وخواص مرتد ہوگئے، یہودیت ونصرانیت لوگوں میں سرایت کرگئی مدینہ اور اس کے گردنواح میں نفاق پھیل گیا، دین کو روکنے لگے اور مسلمان ایسے رہ گئے جیسے جاڑے کی تاریک رات میں بارش زدہ بکریاں کسی درندوں والی زمین میں ہو۔ جس حصہ میں بھی لوگوں نے شورش کی میرے والد کے دروازے تک جاپہنچے اور اس کے صحن کے قریب ہوگئے۔ اگر مضبوط پہاڑ میرے والد سے اٹھوائے جاتے تو میرے والد انہیں نہ اٹھاتے۔ سیف بن عمر

۳۸۱۶۱...... حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے فرمایا: نبی ﷺ جب بھی سفر سے واپس آتے تو مدینہ کو جھانک کر دیکھ کر فرماتے: اے عمدہ اور تمام شہروں کے سردار۔ (رواہ الدیلمی) جیسے رسول اللہ ﷺ تمام انبیاء کے سردار ہیں اسی طرح آپ کی ہر چیز دیگر تمام چیزوں کی سردار ہے چاہے شہر ہو یا قبر۔ عامر تقی ندوی

۳۸۱۶۲...... حسن سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں نے مدینہ کو ایسے ہی حرم بنایا ہے جیسے ابراہیم علیہ السلام نے مکہ کو حرم بنایا، اس میں جنگ کے ہتھیار اٹھا کر نہ چلا جائے، جس نے اس میں کوئی بدعت ایجاد کی، یا کسی بدعتی کو جگہ دی، اس پر اللہ تعالیٰ، فرشتوں اور تمام لوگوں کی لعنت ہے نہ اس کی نفل عبادت قبول اور نہ فرض۔ رواہ ابن جریر

۳۸۱۶۳...... زید بن اسلم سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: اے اللہ! جو مدینہ کے ساتھ برائی کا ارادہ کرے اسے ایسا ہی پگھلا دے جیسے آگ تانبے کو ڈھال دیتی ہے، جیسے پانی میں نمک اور دھوپ میں چربی پگھل جاتی ہے۔ مصنف عبد الرزاق

۳۸۱۶۴...... سہل بن ابی امامہ سے روایت ہے کہ ابن المسیب رحمہ اللہ نے فرمایا: شاید تم لوگ مدینہ کے گردونواح میں شکار کھیلتے ہو؟ میں نے کہا: جی ہاں، فرمایا: ہمیں یہ حدیث پہنچی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے مدینہ کو دونوں اطراف سے حرم قرار دیا ہے۔ رواہ ابن جریر

۳۸۱۶۵...... عباد بن اوس سے روایت ہے کہ میں نے حضرت سعید بن المسیب سے مدینہ میں (شکار پر) تیراندازی کے بارے میں پوچھا، آپ نے فرمایا: مدینہ میں نہیں البتہ مدینہ سے باہر کرسکتے ہو رسول اللہ ﷺ نے اسے دونوں اطراف سے حرم قرار دیا ہے۔ رواہ ابن جریر

۳۸۱۶۶...... (مسند علی) حسن سے روایت ہے، کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنی تلوار کے نیام سے ایک تحریر نکال کر فرمایا: یہ رسول اللہ ﷺ کی مجھے وصیت ہے، اس میں (لکھا) تھا: کہ ہر نبی کا حرم ہوتا ہے اور میں مدینہ کو ایسے ہی حرم قرار دیتا ہوں جیسے ابراہیم علیہ السلام نے مکہ کو حرم قرار دیا، اس میں ہرگز جنگ کے لئے ہتھیار اٹھا کر نہ چلا جائے، جس نے کوئی نئی چیز ایجاد کی (جس کا تعلق دین سے بتائے یا دکھائے) تو اس کے لئے وبال ہے اور جس نے کوئی بدعت نکالی یا کسی بدعتی کو پناہ دی تو اس پر اللہ تعالیٰ، فرشتوں اور تمام لوگوں کی لعنت ہے نہ اس کی نفل عبادت قبول ہے اور نہ فرض۔ رواہ ابن جریر

۳۸۱۶۷...... حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے مقام عتیق میں ایک شخص کو درخت کاٹتے اور اس کے کانٹے جھاڑتے دیکھا تو اس کا کلہاڑا لے کر اسے پیٹا اور ڈانٹا دھمکایا، وہ غلام اپنے مالکوں کے پاس جاکر انہیں اطلاع کرنے لگا، وہ لوگ حضرت سعد کے پاس آکر کہنے لگے: وہ غلام ہمارا تھا آپ نے اس سے جو کچھ چھینا ہے اسے لوٹا دیجئے، آپ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے

سنا: جو مدینہ کی منزل در منزل مسافت میں درخت کاٹتا یا جھاڑ تا دکھائی دے تو اس کا سامان تمہارا ہے لہٰذا میں وہ چیز واپس کرنے کا نہیں جو مجھے رسول اللہ ﷺ نے (پیشگی) عطا کی ہے۔رواہ عبدالرزاق

۳۸۱۶۸..... (اس طرح) حضرت سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں مدینہ کو دونوں اطراف میں ایسے ہی حرم قرار دیتا ہوں جیسے ابراہیم علیہ السلام نے مکہ کو حرم قرار دیا ہے (لہٰذا) اس کے درخت نہ کاٹے جائیں، (جو لوگ مدینہ سے کوچ کر کے جانے لگے ہیں) ان کے لئے مدینہ بہترین (جگہ) ہے اگر وہ سمجھیں، جو مدینہ والوں سے برائی کا سوچے گا اللہ تعالیٰ اسے آگ میں تانبے اور پانی میں نمک کی طرح پگھلا دے گا۔رواہ ابن جریر

۳۸۱۶۹..... (مسند الارقم) عثمان بن ارقم حضرت ارقم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے بیت المقدس جانے کا سامان تیار کیا، جب وہ اپنی تیاری سے فارغ ہوئے تو نبی ﷺ کو الوداع کہنے آئے، آپ نے فرمایا: کسی کام یا تجارت کی غرض سے جا رہے ہو؟

عرض کیا: اللہ کے رسول! میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں، اللہ کی قسم! یہ ارادہ نہیں ہے، البتہ بیت المقدس میں نماز ادا کرنے کا ارادہ ہے۔ نبی علیہ السلام نے فرمایا: میری اس مسجد میں ایک نماز اس کے علاوہ کی مسجدوں میں ہزار نمازوں سے بہتر ہے ہاں جو نماز مسجد حرام میں پڑھی جائے۔ چنانچہ وہ بیٹھ گئے اور نہیں نکلے۔مسند احمد والباوردی، ابن قانع، طبرانی فی الکبیر، ابو نعیم، حاکم، سعید بن منصور

۳۸۱۷۰..... (مسند اسامہ) ایک شخص سرسبز وشاداب علاقہ سے (مدینہ) آیا تو اسے بخار ہو گیا (عدم برداشت کی وجہ سے) واپس پلٹ گیا، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں یہ امید رکھتا ہوں کہ اس (مدینہ) کے جاسوس ہم سے آگا ہی نہ پائیں۔

ابو داؤد طیالسی، مسند احمد والرویانی، طبرانی فی الکبیر ضیاء فی المختار

۳۸۱۷۱..... (مسند انس) عاصم احول سے روایت ہے فرماتے ہیں: میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے پوچھا: کیا رسول اللہ ﷺ نے مدینہ کو حرم بنایا ہے؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں، یہ حرم ہے، اللہ اور اس کے رسول نے اسے حرم قرار دیا ہے، اس کی شاخ نہ توڑی جائے، جس نے ایسا کیا اس پر اللہ تعالیٰ، فرشتوں اور تمام لوگوں کی لعنت ہو۔رواہ ابن ابی شیبہ

''وادی عقیق''

۳۸۱۷۲..... حضرت سعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرمایا: ہم لوگ رسول اللہ ﷺ کے ہمراہ معرس میں تھے آپ نے فرمایا: مجھے عطا کیا گیا اور مجھ سے کہا گیا: تم ایک بابرکت وادی میں ہو یعنی وادی عقیق میں۔بخاری فی تاریخہ

یہ مدینہ منورہ کی طرف سے مکہ مکرمہ کی طرف آتی ہے مدینہ سے مکہ آنے والے قافلے پہلے اسی میں سے گزرا کرتے تھے یہ وادی عقیق اس وادی عقیق کے علاوہ ہے جو شہر مدینہ منورہ سے ملی جنوب ومغرب سے شمال ومغرب کی طرف جاتی ہے اور مدینہ منورہ کی کسی زمانہ میں تفریح گاہ تھی۔

جزیرۃ العرب

۳۸۱۷۳..... نیز حضرت سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ وادی عقیق میں محو خواب ہوئے فرماتے ہیں: جب میں بیدار ہوا تو مجھ سے کہا جانے لگا: کہ تم ایک برکت والی وادی میں ہو۔ابن عدی فی الکامل، ابن عساکر

البقیع

بقیع مدینہ منورہ کا قبرستان ہے جس کا اصل نام بقیع الغرقد ہے، یہ قبرستان بننے کے وقت غرقد کی جھاڑیوں کا خطہ تھا، اس میں تقریباً دس ہزار صحابہ کرام رضی اللہ عنہم مدفون ہیں بقیع کی لمبائی ۵۰۰ فٹ اور چوڑائی ۳۳۳ فٹ ہے۔جزیرۃ العرب

۳۸۱۷۴..... حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرمایا: سب سے پہلے بقیع میں حضرت عثمان بن مظعون دفن کئے گئے پھر ان کے بعد

ابراہیم بن رسول اللہ ﷺ۔ابن ابی شیبه، بخاری فی تاریخه، ابن عساکر

مسجد قباء

مدینہ سے جنوب مغربی سمت تقریباً دو ۲ میل کے فاصلے پر ایک آبادی ہے اس میں بڑی شادابی ہے اور مختلف پھلوں میوؤں کے باغات ہیں اور یہیں وہ مسجد ہے جو اسلام کی سب سے پہلی مسجد کہلاتی ہے۔ سفر ہجرت میں حضور ﷺ کی یہ آخری منزل تھی اس کے بعد آپ مدینہ منورہ میں داخل ہوئے تھے۔

۳۸۱۷۵ ..... یعقوب بن مجمع بن جاریہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ تشریف لائے اور فرمایا: اگر مسجد قبا آسمان کے کسی کنارے پر بھی ہوتی تو ہم لوگ وہاں بھی اپنی سواریاں پہنچادیتے۔ المصنف عبدالرزاق

۳۸۱۷۶ ..... یعقوب بن مجمع فرماتے ہیں: کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ مسجد قبا میں ہوئے تو فرمایا: اللہ کی قسم! میں اس مسجد میں ایک نماز پڑھوں یہ مجھے بیت المقدس میں چار نمازیں پڑھنے سے زیادہ محبوب ہے، بیت المقدس میں ایک نماز پڑھنے کے بعد، اگر یہ مسجد کسی کنارے پر بھی ہوتی تو ہم لوگ اونٹوں کو مارتے مارتے وہاں تک پہنچ جاتے۔ المصنف عبدالرزاق

۳۸۱۷۷ ..... ولید بن کثیر ایک شخص سے روایت کرتے ہیں: کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ مسجد قبا تشریف لائے تو ابویحییٰ کو حکم دیا کہ مجھ عورتوں سے بچنا اور شاخ سے مسجد میں جھاڑو دینا اور فرمایا: اگر یہ مسجد کسی کنارے یا کسی شہر میں ہوتی پھر بھی ہمارے مناسب تھا کہ ہم لوگ اس تک پہنچ جاتے۔ مسدد

۳۸۱۷۸ ..... جریر سے روایت ہے فرماتے ہیں جب رسول اللہ ﷺ مدینہ تشریف لائے تو اپنے صحابہ رضی اللہ عنہم سے فرمایا: ہمارے ساتھ قبا والوں کے پاس چلو ہم انہیں سلام کرنا چاہتے ہیں: چنانچہ آپ ان کے پاس گئے، انہیں سلام کیا، انہوں نے آپ کو خوش آمدید کہا، پھر آپ نے فرمایا: اے اہل قبا! میرے پاس اس حرے سے پتھر لاؤ، آپ کے پاس بہت سے پتھر جمع ہوگئے آپ کے پاس ایک نیزہ تھا آپ نے ان کے قبلہ کی لکیر کھینچی، پھر رسول اللہ ﷺ نے ایک پتھر لے کر رکھا، اس کے بعد فرمایا: ابوبکر! ایک پتھر لاؤ اور اسے اس پتھر کے ساتھ رکھ دو، پھر (حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے) فرمایا: عمر! پتھر لاؤ اور اسے ابوبکر کے پتھر کے پاس رکھ دو۔ اس کے بعد (لوگوں کی طرف) متوجہ ہوئے فرمایا: عثمان! پتھر لاؤ اور اسے عمر کے پتھر کے ساتھ رکھ دو، پھر آپ لوگوں کی طرف متوجہ ہو کر آخری شخص کو دیکھ کر فرمایا: ہر ایک شخص اس لکیر کے قریب جہاں چاہے پتھر رکھ دے۔ طبرانی فی الکبیر

۳۸۱۷۹ ..... زرعہ بن عمرو مولی الخباب سے روایت ہے فرمایا: جب نبی ﷺ مدینہ تشریف لائے آپ نے اپنے صحابہ رضی اللہ عنہم سے فرمایا: ہمیں قبا والوں کے پاس لے چلو! ہم انہیں سلام کرنا چاہتے ہیں، جب ان کے پاس پہنچے انہیں سلام کر کے فرمانے لگے: اہل قبا! اس حرے سے میرے پاس پتھر لاؤ، چنانچہ آپ کے پاس پتھر جمع ہوگئے۔ اس کے بعد آپ نے ان کے قبلہ کی لکیر کھینچی، اور ایک پتھر لے کر لکیر پر رکھ دیا پھر فرمایا: ابوبکر! پتھر لاؤ اور اسے میرے پتھر کے ساتھ رکھ دو، انہوں نے ایسا ہی کیا پھر ارشاد فرمایا: عمر! پتھر لاؤ اور اسے ابوبکر کے پتھر کے قریب رکھ دو، انہوں نے ایسا ہی کیا، پھر فرمایا: عثمان! پتھر لاؤ اور اسے، عمر کے پتھر کے پاس رکھو، انہوں نے ایسا ہی کیا، اس کے بعد آپ لوگوں کی طرف آخر تک متوجہ ہوئے فرمانے لگے ہر شخص جہاں چاہے اس لکیر پر پتھر رکھ دے، اور ایک روایت میں ہے: جو جہاں چاہے اس لکیر پر پتھر رکھ دے۔

الدیلمی، ابن عساکر

۳۸۱۸۰ ..... (مسند عبداللہ بن عمر) رسول اللہ ﷺ قبا پیدل اور سوار ہو کر تشریف لاتے تھے۔ رواہ ابن ابی شیبه

۳۸۱۸۱ ..... حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: جس نے اس مسجد یعنی مسجد قبا میں نماز پڑھی اس کا ثواب ایک عمرہ جتنا ہے۔ رواہ ابن النجار

احد

۳۸۱۸۲......حضرت عروۃ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ کو جبل اُحد نظر آیا تو آپ نے فرمایا: یہ پہاڑ ہم سے اور ہم اس سے محبت کرتے ہیں۔
المصنف عبدالرزاق

۳۸۱۸۳......حضرت عروہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب بھی احد کو دیکھتے تو فرماتے: یہ پہاڑ ہم سے اور ہم اس سے محبت کرتے ہیں۔
رواہ ابن ابی شیبہ

۳۸۱۸۴......حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرمایا: ہمیں جبل احد نظر آیا اور ہم لوگ رسول اللہ ﷺ کے ہمراہ تھے، آپ نے فرمایا: یہ پہاڑ ہم سے ہے اور ہم اس سے محبت کرتے ہیں۔ المصنف عبدالرزاق

۳۸۱۸۵......حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرمایا: احد جنت کے دروازوں میں سے کسی دروازے پر واقع ہے جب تم اس پر آؤ تو اس کے درخت (کا پھل) کھاؤ اگرچہ اس کے کانٹے ہی کیوں نہ ہوں۔ بیھقی فی السنن

بیت المقدس

۳۸۱۸۶......عبید بن آدم سے روایت ہے فرماتے ہیں: میں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرماتے سنا: تمہارے خیال میں میں کہاں نماز پڑھوں؟ انہوں نے کہا: اگر آپ میری بات پر عمل کرتے ہیں تو چٹان کے پیچھے نماز پڑھوں یوں سارا اقدس آپ کے آگے ہوگا۔ حضرت عمر نے فرمایا: تم نے یہودیت کی مشابہت کی، نہیں، البتہ میں وہاں نماز پڑھوں گا جہاں نبی ﷺ نے نماز پڑھی، چنانچہ آپ قبلہ کی جانب آگے بڑھے اور نماز پڑھی، پھر آپ (واپس) آئے اور اپنی چادر بچھا کر اس میں گرے پڑے تنکے سمیٹے اور لوگوں نے بھی جھاڑوں سا (دے کر) صفائی کی۔ مسند احمد، ضیاء فی المختارہ

۳۸۱۸۷......قتادہ وغیرہ سے روایت ہے کہ حضرت عمر بن خطاب نے حضرت کعب احبار سے فرمایا: تم مدینہ منتقل نہیں ہوتے؟ اس میں رسول اللہ ﷺ کی ہجرت گاہ اور آپ کی قبر ہے! تو کعب کہنے لگے: امیر المومنین! میں نے اللہ تعالیٰ کی نازل کردہ کتاب میں یہ بات پائی ہے کہ شام زمین میں اللہ تعالیٰ کا خزانہ ہے اور اس میں اس کے بندوں کا خزانہ ہے۔ رواہ ابن عساکر

۳۸۱۸۸......حمزہ بن عبد کلال سے روایت ہے فرمایا، حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، شام، اپنے پہلے سفر کے بعد روانہ ہوئے، جب آپ اس کے قریب پہنچے تو آپ کو اطلاع ملی کہ اس میں طاعون پھیلا ہوا ہے، آپ سے آپ کے ساتھیوں نے کہا: واپس لوٹ جائیں اور اس میں نہ گھسیں! طاعون کے ہوتے ہوئے اگر آپ وہاں چلے گئے تو ہمیں نظر نہیں آتا کہ آپ وہاں سے نہ آ سکیں گے۔ چنانچہ آپ مدینہ پلٹ آئے، آپ نے یہ رات گزاری میں لوگوں میں سے آپ کے سب سے زیادہ نزدیک تھا، آپ جب اٹھے تو میں بھی آپ کے پیچھے اٹھ کھڑا ہوا، میں نے سنا آپ فرما رہے تھے: اگرچہ میں شام کے قریب پہنچ چکا (پھر بھی) مجھے واپس لے چلو کیونکہ اس میں طاعون ہے، میرا یہاں سے لوٹ جانا میری موت کو مؤخر نہیں کرے گا، اور نہ میرا آنا میری موت کو جلد لا سکتا ہے۔

سنو! اگر مدینہ آجاتا اور اپنی ضروری حاجات سے فارغ ہو جاتا، پھر میں چل پڑتا یہاں تک کہ شام میں داخل ہو جاتا، پھر حمص میں ٹھہرتا، کیونکہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا کہ اللہ تعالیٰ قیامت کے روز شام سے ستر ہزار لوگ ایسے اٹھائے گا کہ نہ ان کا حساب ہوگا اور نہ انہیں عذاب ہوگا، ان کے اٹھائے جانے کی جگہ زیتون کے درختوں کے درمیان ہے اور اس کی دیوار اس کی سرخ ہموار زمین میں ہے۔

مسند احمد، والشاشی، طبرانی فی الکبیر حاکم، خطیب فی تلخیص المتشابہ، ابن عساکر، قال الذھبی منکر جدا، واوردہ ایضاً، ابن الجوزی فی الواھیات وقال لا یصح فیہ ابوبکر بن سلیمان بن عبداللہ العدوی متروک

کلام: ..... المتناہیۃ ۴۹۳

۳۸۱۸۹ ..... اسلم سے روایت ہے فرمایا: شام محفوظ جگہ ہے جب کوئی لشکر یمن سے یا ان لوگوں سے جو مدینہ اور یمن سے ہوآئے اور ان میں سے کوئی شام کو اختیار کر لیتا ہے، حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: کاش مجھے ابدال کا پتہ چلتا کیا ان کے پاس سے سواریاں گزری ہیں۔

رواہ ابن عساکر

۳۸۱۹۰ ..... محمد، طلحہ اور سہل سے روایت ہے فرماتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عبیدہ کو لکھا: جب تم انشاء اللہ دمشق سے فارغ ہو جاؤ تو عراقیوں کی طرف بھیج دینا کیونکہ میرے دل میں یہ بات آئی ہے کہ تم لوگ اسے فتح کرلوگے، پھر تم اپنے بھائیوں کو پالوگے اور ان کے دشمنوں کے خلاف ان کی مدد کروگے، حضرت عمر مدینہ میں لوگوں کے پاس سے گزرنے کے لئے کھڑے ہوگئے، کیونکہ ان لوگوں نے اپنے شہروں سے آپ کی طرف سفر کیا تھا، پس جب جماعت شام کی طرف روانہ فرماتے تو ارشاد فرماتے: کاش مجھے ابدال کا پتہ چلتا کیا ان کے پاس سے قافلے گزرے ہیں یا نہیں، اور جب کوئی جماعت عراق کی جانب بھیجتے تو فرماتے: کاش مجھے پتہ چل جاتا کہ اس لشکر میں کتنے ابدال ہیں!

رواہ ابن عساکر

۳۸۱۹۱ ..... عباد بن عبداللہ بن الزبیر سے روایت ہے فرماتے ہیں: مجھ سے بیان کیا گیا کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ جب بیت المقدس میں داخل ہوئے تو فرمایا: لبیک اللھم لبیک (میں حاضر ہوں اے اللہ! میں حاضر ہوں)۔ ابن راھویہ، بیھقی

۳۸۱۹۲ ..... محمد بن عطا اپنے والد سے نقل کرتے ہیں فرمایا: جب حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ شام آئے آپ نے حکم دیا کہ شہر میں ایک مسجد بنائی جائے۔ (نسائی، ابن عساکر وقال آپ کا ارادہ جامع مسجد کا تھا۔)

۳۸۱۹۳ ..... (مسند عمر) جبیر بن نفیر سے روایت ہے فرمایا: جب حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بیت المقدس کی چٹان سے اس پر پڑا ملبہ صاف کر دیا تو فرمایا: جب تک اس پر تین یا زیادہ بارشیں نہ پڑ جائیں اس پر نماز نہ پڑھنا۔

ابوبکر الواسطی فی فضائل بیت المقدس

۳۸۱۹۴ ..... (نیز) سعید بن المسیب سے روایت ہے فرمایا: ایک شخص نے حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بیت المقدس جانے کی اجازت طلب کی، آپ نے اس سے فرمایا: جاؤ تیاری کرو جب تیاری مکمل ہو جائے تو مجھے بتانا، چنانچہ سامان تیار کر چکنے کے بعد وہ آپ کے پاس آیا، تو حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس سے فرمایا: اسے عمرہ بنالو! راوی کا بیان ہے آپؓ کے پاس سے دو شخص گزرے اور آپ صدقہ کے اونٹ پیش کر رہے تھے، آپ ان دونوں سے کہنے لگے: تم دونوں کہاں سے آئے ہو؟ وہ کہنے لگے: بیت المقدس سے، آپ نے انہیں ہلکا سے درہ مار کر کہا: کیا بیت اللہ کے حج کی طرح یہ حج ہے؟ وہ کہنے لگے: ہم گزر رہے تھے۔ الازرقی

۳۸۱۹۵ ..... ذی الاصابع رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں: ہم نے عرض کیا: اللہ کے رسول! اگر ہم لوگ آپ کے بعد زندگی کی آزمائش میں مبتلا ہوں تو آپ ہمیں کہاں (رہنے) کا حکم دیتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: بیت المقدس کو نہ چھوڑنا، شاید اللہ تعالیٰ تجھے ایسی اولاد دے جو صبح وشام اس کے پاس آئیں، اور ایک روایت میں ہے: شاید تمہارے لئے ایسی اولاد کا اتفاق ہو جائے جو صبح وشام اس مسجد کی طرف جائیں۔

ابن زنجویہ، عبداللہ بن احمد فی الزوائد سمویہ والبغوی والباوردی وابن شاھین وابن نافع، طبرانی فی الکبیر، ابو نعیم، ابن عساکر وابن النجار

۳۸۱۹۶ ..... (مسند عمر بن سلمۃ) عروہ بن رویم بادشاہ کے دربانوں میں سے ایک شیخ سے روایت کرتے ہیں کہ مجھ سے سلیمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بیان کیا کہ میں نبی ﷺ کے ساتھ آپ کے صحابہ رضی اللہ عنہم کی ایک جماعت میں بیٹھا تھا اتنے میں ایک گروہ آکے کہنے لگا، اللہ کے رسول! ہم لوگ زمانہ جاہلیت کے قریب تھے اور ہم گناہ اور زنا کیا کرتے تھے (اب چونکہ اسلام کی وجہ سے ہم یہ کام نہیں کر سکتے) اس لئے ہمیں خصی بننے کی اجازت دیجئے آپ علیہ السلام نے ان کے سوال کو ناپسند کیا یہاں تک کہ یہ کراہت آپ کے چہرہ سے محسوس کی جانے لگی، پھر دوسری جماعت آکر کہنے لگی: اللہ کے رسول! ہم جاہلیت کے قریب تھے ہم سے گناہ ہو جاتے تھے اب ہمیں گھروں میں بیٹھنے کی

اجازت دیجئے، ہم روزے رکھیں گے اور قیام کیا کریں گے یہاں تک کہ ہمیں موت آجائے، آپ علیہ السلام کوان کے سوال سے خوشی ہوئی جس کے آثار آپ کے چہرہ پر محسوس کئے گئے، آپ علیہ السلام نے فرمایا: عنقریب تم لشکر روانہ کرو گے اور تمہارے لوگ ذمی ہوں گے تمہیں خراج دیں گے اور ایک زمین اللہ تعالیٰ تمہیں عطا کرے گا اس کا کچھ حصہ سمندر کے کنارے ہوگا، جس میں شہر اور محلات ہوں گے جسے یہ زمانہ ملے اور وہ اپنے آپ کوان شہروں میں سے کسی شہر یا ان محلات میں سے کسی محل میں موت آنے تک روک سکے تو ایسا ہی کرے۔

رواہ ابن عساکر

۳۸۱۹۷ ..... حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرمایا: میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! کیا آپ کی اس مسجد میں نماز افضل ہے یا بیت المقدس میں؟ آپ علیہ السلام نے فرمایا: میری اس مسجد کی ایک نماز بیت المقدس کی چار نمازوں کے برابر ہے البتہ وہ نماز کی بہترین جگہ ہے وہ حشر نشر کی زمین ہے۔ لوگ ضرور ایسا زمانہ دیکھیں گے کہ ایک کمان کی وسعت وکشادگی جہاں سے بیت المقدس دکھائی دے وہ پوری دنیا سے افضل اور بہتر ہوگی۔ الرویانی، ابن عساکر

۳۸۱۹۸ ..... حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا نبی ﷺ کی باندی سے روایت ہے انہوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! ہمیں بیت المقدس کے بارے بتائیے! آپ نے فرمایا: وہ حشر ونشر کی زمین ہے اس میں جاؤ نماز پڑھو، وہاں کی ایک نماز دوسری جگہ کی ہزار نمازوں کے برابر ہے، عرض کیا: اگر ہم وہاں نہ جاسکیں تو کیا ارشاد ہے؟ فرمایا: وہ زیتون کا تیل منگوالے اور اسے چراغ میں ڈال لے تو جس کی طرف اس کا ہدیہ کیا گیا گویا اس نے اس میں نماز پڑھی ہے۔ مسند احمد ابن زنجویه، ابو داؤد

۳۸۱۹۹ ..... عبدالرحمٰن بن ابی عمیرۃ مزنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: بیت المقدس میں ہدایت کی بیعت ہوگی۔ رواہ ابن عساکر

۳۸۲۰۰ ..... (مسند عمر) ہیثم بن عمار سے روایت ہے فرمایا: میں نے اپنے دادا کو فرماتے سنا: جب حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ خلیفہ بنائے گئے تو آپ نے شام والوں کی زیارت کی آپ نے جابیہ میں پڑاؤ کیا دمشق میں طاعون تیزی سے پھیل رہا تھا، آپ نے دمشق جانے کا ارادہ کیا تو آپ کے ساتھیوں نے آپ سے کہا: کیا آپ کو علم نہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا: ہے: جب تم میں طاعون پھیل جائے تو اس سے مت بھاگو اور جہاں وہ ہو وہاں نہ جاؤ! اور آپ کو یہ بھی معلوم ہے کہ جو اصحاب النبی ﷺ آپ کے ساتھ تھے وہ خوش تھے جنہیں کبھی بھی طاعون کی بیماری نہیں ہوئی۔ اس وقت آپ نے ایک شخص جدیلہ سے روانہ فرمایا جو ابھی تک اس میں داخل نہیں ہوا تھا، اور آپ بیت المقدس کی طرف چل پڑے اور صلح سے اسے فتح کرلیا۔ پھر حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیت المقدس میں آئے آپ کے ساتھ کعب احبار تھے، آپ نے فرمایا: ابواسحاق! چٹان کی جگہ تمہیں معلوم ہے؟ وہ کہنے لگے: اس دیوار سے جو جہنم کی وادی کے اتنے اتنے قریب ہے ایک گز ناپ لیں، اور وہ ڈھیر ان ہے پھر اسے کھودیں تو آپ کو وہ مل جائے گی، چنانچہ لوگوں نے کھودی تو وہ ظاہر ہوگئی، پھر حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کعب سے فرمایا: تمہاری رائے کے مطابق ہم سجدہ گاہ کہاں بنائیں؟ انہوں نے کہا: چٹان کے پیچھے بنالیں یوں آپ موسیٰ علیہ السلام اور محمد ﷺ کے قبلوں کو جمع کرلیں گے، آپ نے فرمایا: تم نے یہودیت کی مشابہت کی، ابواسحاق! اللہ کی قسم! سب سے بہتر سجدہ گاہ آگے والی ہوتی ہے۔ چنانچہ آپ نے وہ جگہ مسجد کے اگلے حصہ میں بنائی۔ اہل عراق کو پتہ چلا کہ آپ نے اہل شام کی زیارت وملاقات کی ہے انہوں نے آپ کو خط لکھا جس میں آپ سے ملاقات وزیارت کی ایسے درخواست کررہے تھے جیسی ملاقات آپ نے اہل شام سے کی۔ آپ نے جانے کا قصد کرلیا تو کعب نے آپ سے کہا: امیر المومنین! میں آپ کو اللہ کی پناہ میں دیتا ہوں کہ آپ اس میں داخل ہوں، آپ نے فرمایا: کیوں؟ وہ کہنے لگے، اس میں نافرمان جنات، ہاروت اور ماروت ہیں جو لوگوں کو جادو سکھاتے ہیں اور اس میں شر کے دسویں حصہ کا نواں حصہ ہے اور ہر خطرناک بیماری ہے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا مجھے وہ سب کچھ تو سمجھ آ گیا جو تم نے ذکر کیا صرف خطرناک بیماری سمجھ نہیں آئی وہ کیا ہے؟ وہ کہنے لگے! مال کی کثرت جس کا کوئی علاج نہیں، چنانچہ آپ وہاں نہیں گئے۔

رواہ ابن عساکر

شام

۳۸۲۰۱..... حارث بن حرمل سے روایت ہے فرمایا: حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن ابی طالب نے فرمایا: اے اہل عراق! اہل شام کو برا بھلا نہ کہو! کیونکہ ان میں ابدال ہیں۔ رواہ ابن عساکر

۳۸۲۰۲..... تمام رازی نے ''معارۃ الدم'' کتاب میں فرمایا: ہم سے ابو یعقوب اسحاق بن ابرہیم اذرعی نے بیان کیا فرماتے ہیں مجھ سے اس شخص نے بیان کیا جس پر مجھے بھروسہ ہے وہ کہتے ہیں مجھ سے محمد بن احمد بن ابراہیم نے ولید بن مسلم کے حوالہ سے وہ ابن جریج سے وہ عروہ بن رویم سے وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں فرمایا: میں نے حضرت علی بن ابی طالب اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کو فرماتے سنا: ہم نے رسول اللہ ﷺ سے سنا آپ سے ایک شخص نے دمشق کے آثار وعلامات کے متعلق پوچھا، آپ نے فرمایا: اس میں ایک پہاڑ ہے جس کا نام قاسیون ہے وہاں حضرت آدم کے بیٹے (قابیل) نے اپنے بھائی (ہابیل) کو قتل کیا تھا، اور اس کے نچلے حصہ میں ابراہیم علیہ السلام پیدا ہوئے، اور اسی جگہ میں اللہ تعالیٰ حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور ان کی والدہ مریم علیہا السلام کو یہود (کے شر) سے پناہ دی۔

جو بندہ بھی روح اللہ کی جگہ پر آئے غسل کرے نماز پڑھے دعا کرے اللہ تعالیٰ اسے ناکام واپس نہیں کرے گا، ایک شخص کہنے لگا: اللہ کے رسول! ہمیں اس کی کیفیت بیان کر دیجئے۔ فرمایا: وہ دمشق نامی شہر کی پست زمین میں ہے، مزید میں تم سے یہ کہتا ہوں کہ وہ ایسا پہاڑ ہے جس میں اللہ تعالیٰ نے ان سے کلام کیا ہے اور اسی میں میرے (جدامجد) ابراہیم علیہ السلام پیدا ہوئے، تو جو کوئی اس جگہ آئے وہ دعا سے عاجز نہ ہو (ضرور دعا کرے) ایک شخص کہنے لگا: اللہ کے رسول! کیا یحییٰ علیہ السلام کی بھی کوئی جائے پناہ ہے؟ آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہاں، اس میں یحییٰ علیہ السلام اس سے محفوظ ہوئے تھے اور قوم عاد کا ایک شخص غار میں محفوظ ہوا تھا جو آدم علیہ السلام کے مقتول بیٹے کے خون کے نیچے ہے اسی میں الیاس علیہ السلام اپنی قوم کے بادشاہ سے محفوظ ہوئے تھے، اسی میں ابراہیم، لوط، موسیٰ، عیسیٰ اور ایوب علیہم الصلوٰۃ والسلام نے نماز پڑھی تھی، سو وہاں دعا کرنے سے عاجز نہ ہونا۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے میری طرف وحی بھیجی ہے ''مجھ سے دعا کرو میں تمہاری دعا قبول کروں گا''

ایک شخص کہنے لگا: اللہ کے رسول! ہمارا رب دعا سنتا ہے یا اس کی کیا کیفیت ہے؟ اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی ''اور جب میرے بندے تم سے میرے بارے میں پوچھیں تو میں قریب ہوں، دعا کرنے والے کی دعا قبول کرتا ہوں جب وہ مجھے پکارتا ہے۔ (فی هذا الاسناد علتان: الرجل المبهم وتدليس الوليد بن مسلم وانا اخشى ان يكون هذا الحديث موضوعا، قداخرجه ابن عساكر فادخل بين محمد بن احمد بن ابراهيم وبين الوليد، ثنا هشام بن خالد رواه تمام، فلم يذكر هشاما وقال تمام: والا شهر عن معاوية، واخرجه ابو الحسن على بن محمد بن شجاع الربعى فى فضائل الشام، انبأنا ابو القاسم عبدالرحمن بن عمر الا مام ثنا يعقوب الا ذرعى ثنا محمد بن احمد بن ابراهيم ثنا هشام بن خالد عن الوليد بن مسلم عن ابن جريج عن عروة عن ابيه قال سمعت على بن ابى طالب يقول :سمعت رسول الله ا وساله رجل عن الا ثارات بد مشق فذكره)

۳۸۲۰۳..... (مسند جابر بن عبداللہ) عن عبدالرحمٰن بن زیاد بن انعم عن عمرو بن جابر الحضرمی فرماتے ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: جو دمشق میں رہا اس نے نجات پائی'' میں (عبدالرحمٰن) نے کہا: کیا یہ رسول اللہ ﷺ کی حدیث ہے؟ انہوں نے فرمایا: کیا میں اپنی رائے سے تمہیں حدیث بیان کر رہا ہوں؟ رواہ ابن عساکر

۳۸۲۰۴..... حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے ایک دن رسول اللہ ﷺ سے سنا، آپ منبر پر تھے آپ نے شام کی طرف دیکھا، پھر فرمایا: اے اللہ! ان کے دل متوجہ کر، اے اللہ! ان کے دل متوجہ کر، اور عراق کی طرف دیکھ کر ایسا ہی فرمایا، اور ہر طرف رخ کر کے یہی فرمایا، نیز فرمایا: یا اللہ! ہمیں زمین کے پھل عطا فرما، ہمیں ہمارے مد اور صاع میں برکت عطا کر، اور فرمایا: مومن کی مثال اس ڈنٹھل کی سی ہے جو کبھی گرتا ہے اور کبھی سیدھا ہو جاتا ہے اور کافر کی مثال مضبوط درخت کی سی ہے جو برابر سیدھا رہتا اور پتہ بھی نہیں چلتا کہ گر جاتا ہے۔
رواہ ابن عساکر

۳۸۲۰۵...... سلیمان تیمی بہز بن حکیم سے وہ اپنے والد کے واسطہ سے اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں فرمایا: میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! میرے لئے کوئی بہتر فیصلہ فرمائیں! آپ نے فرمایا: شام میں رہو۔ دارقطنی فی الافراد، ابن عساکر، وقال دارقطنی، هذا من روایة الا کابر عن الا صاغر سلیمان تیمی اکبر من بهز بن حکیم قدلقی انس بن مالک

۳۸۲۰۶...... حضرت معاویہ بن ابی سفیان رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے فرمایا: ایک دفعہ میں رسول اللہ ﷺ کے پاس تھا کہ آپ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ تمہارے لئے فتح کرنے والا ہے اور تمہیں قدرت دینے والا ہے تو ایک شخص نے عرض کیا: مجھے بہتر حکم دیجئے! فرمایا، شام کو نہ چھوڑنا، کیونکہ وہ اللہ تعالیٰ کا بہترین شہر ہے اس میں اس کے برگزیدہ بندے چنے جاتے ہیں۔ رواہ ابن عساکر

۳۸۲۰۷...... واثلہ بن اسقع رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: لوگ لشکر روانہ کریں گے، ایک لشکر یمن میں ایک شام میں ایک مشرق میں اور ایک مغرب میں ہوگا، میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! میں نوجوان آدمی ہوں اگر مجھے وہ زمانہ مل جائے تو آپ مجھے کہاں کا حکم دیتے ہیں؟ فرمایا: شام، کیونکہ وہ اللہ تعالیٰ کی پسندیدہ زمین ہے اس میں اپنے برگزیدہ بندے لے جاتا ہے، اگر تم نہ چاہو تو یمن میں رہو، اس کے تالابوں سے سیراب ہونا، اللہ تعالیٰ میرے لئے شام اور اس کے باسیوں کی طرف سے کافی ہے۔ طبرانی فی الکبیر، ابن عساکر

۳۸۲۰۸...... حضرت زید بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرمایا: ہم لوگ رسول اللہ ﷺ کے پاس ٹکڑوں سے قرآن مجید جمع کر رہے تھے کہ آپ نے فرمایا: شام کے لئے خوشخبری ہو، کسی نے عرض کیا: یارسول اللہ! ایسے کیوں؟ آپ نے فرمایا: کیونکہ رحمٰن تعالیٰ کے فرشتے اس پر اپنے پر کھولے ہوئے ہیں۔ ابن ابی شیبه، مسند احمد، ترمذی، حسن غریب، ابن حبان، طبرانی فی الکبیر، حاکم، بیهقی، ضیاء فی المختارة

۳۸۲۰۹...... حضرت ابوامامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرمایا: ہم لوگ رسول اللہ ﷺ کے پاس بیٹھے تھے کہ شام اور اس میں رہنے والے رومیوں کا ذکر ہونے لگا، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم عنقریب شام فتح کرکے اس پر غالب آجاؤ گے، اور اس کے سمندر کے کنارے ایک قلعہ پاؤ گے جسے ''انفۃ'' کہا جاتا ہے قیامت کے روز اللہ تعالیٰ وہاں سے بارہ ہزار شہید اٹھائے گا۔

ابن عساکر وقفل عن الاوزاعی انه قال. حدیث جدید

۳۸۲۱۰...... حضرت زید بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اور ہم لوگ آپ کے پاس بیٹھے تھے، شام کے لئے خوشخبری ہو! ہم نے عرض کیا: یارسول اللہ! اس کی کیا وجہ ہے؟ فرمایا: اللہ تعالیٰ نے اپنی رحمت اس پر ڈالی ہوئی ہے۔ رواہ ابن عساکر

۳۸۲۱۱...... حضرت ابوالدرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: عنقریب تم لشکر تیار کرو گے، ایک لشکر شام میں، ایک یمن میں ایک عراق میں اور ایک مصر میں، لوگوں نے عرض کیا: یارسول اللہ ہمارے لئے بہتر (جگہ کا) فیصلہ فرمائیے! فرمایا: شام، عرض کیا ہم خیموں، مویشیوں والے لوگ ہیں شام نہیں جاسکتے، آپ نے فرمایا، جس کا دل نہ چاہے، اور ایک روایت میں ہے جو شام نہ جاسکتا ہو وہ اس کے یمن سے جا ملے اور اس کے حوضوں کا پانی پیئے، کیونکہ اللہ تعالیٰ میرے لئے شام اور اس کے باسیوں کی طرف سے کافی ہو گیا ہے۔

رواہ ابن عساکر

۳۸۲۱۲...... حضرت ابوالدرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرمایا: شام، دارالاسلام کا وسط ہے۔ رواہ ابن عساکر

۳۸۲۱۳...... حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرمایا: نبی ﷺ نے شام کا ذکر کرکے فرمایا: حشر ونشر کی زمین ہے۔

ابویعلی، ابن عساکر

۳۸۲۱۴...... (مسند سہل بن سعد الساعدی) عبدالمہیمن بن عباس بن سہل بن سعد اپنے والد کے واسطہ سے اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں: کہ نبی ﷺ فرمایا کرتے تھے: اللہ کے بندو! اللہ سے ڈرو! کیونکہ اگر تم اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہے تو وہ تمہیں شام کی روٹی اور زیتون سے سیر کردے گا۔

الرویانی، ابن عساکر

۳۸۲۱۵...... (مسند شداد بن اوس) محمد بن عبدالرحمٰن سے روایت ہے فرمایا میں نے اپنے والد کو اپنے دادا شداد بن اوس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے سنا، پھر وہ بیٹھے، پھر اٹھے پھر بیٹھے پھر کہنے لگے: یارسول اللہ! مجھ پر زمین تنگ ہو رہی، آپ نے فرمایا: انشاء اللہ شام اور بیت

المقدس فتح ہوں گے انشاء اللہ تعالیٰ، اور انشاء اللہ تم اور تمہاری اولاد تمہارے بعد وہاں کے امام ہوں گے۔ رواہ ابن عساکر

۳۸۲۱۶..... محمد بن عبدالرحمن بن شداد بن محمد بن شداد سے روایت ہے کہ میں نے اپنے والد کو سنا وہ اپنے والد کے واسطہ سے اپنے دادا شداد بن اوس کی روایت نقل کرتے ہیں کہ وہ رسول اللہ ﷺ کے پاس جان کنی کے عالم میں تھے، آپ نے فرمایا: شداد تمہاری کیسی حالت ہے؟ عرض کیا: دنیا تنگ لگ رہی ہے، آپ نے فرمایا: تم پر تنگ نہیں ہوگی، شام اور بیت المقدس فتح ہوگا تم اور تمہاری اولاد انشاء اللہ ان لوگوں میں امام ہوں گے۔

رواہ ابن عساکر

۳۸۲۱۷..... عبداللہ بن حوالہ الازدی سے روایت ہے کہ انہوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! میرے لئے تحریر لکھ دیجئے اور ایک روایت میں ہے: میرے لئے پسند کر لیجئے، کوئی شہر جس میں میں رہوں اگر مجھے معلوم ہوتا کہ آپ زندہ رہیں گے تو میں آپ کی قربت پر کسی چیز کو پسند نہ کرتا، آپ نے فرمایا: شام، اور تین بار فرمایا، آپ علیہ السلام کو جب میری شام کے بارے میں ناپسندیدگی نظر نہ آئی تو فرمایا: تمہیں معلوم ہے کہ اللہ تعالیٰ شام کے بارے میں کیا فرماتے ہیں؟ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: اے شام! میرا (رحمت کا) ہاتھ تجھ پر ہے اے شام! تو میری پسندیدہ جگہ ہے میں تجھ میں اپنے بہترین بندے داخل کروں گا، تو میرے انتقام کی تلوار اور میرے عذاب کا کوڑا ہے تو زیادہ ڈرانے والی اور تیری طرف محشر ہوگا۔

اور میں نے معراج کی رات ایک سفید ستون دیکھا، گویا وہ موتی ہے جسے فرشتے اٹھائے ہوئے تھے، میں نے کہا: تم نے کیا اٹھا رکھا ہے؟ وہ کہنے لگے: اسلام کا ستون ہے، ہمیں اسے شام میں رکھنے کا حکم ہے، اور ایک دفعہ میں سو رہا تھا کہ میں نے ایک کتاب دیکھی ایک روایت میں ہے کتاب کا ستون دیکھا، جو میرے تکئے کے نیچے سے اچک لیا گیا، میں نے سمجھا کہ اللہ تعالیٰ نے زمین والوں کو چھوڑ دیا ہے میں نے اس کے پیچھے اپنی نظر دوڑائی تو وہ ایک نور تھا جو میرے سامنے چھایا ہوا تھا، یہاں تک کہ شام میں رکھ دیا گیا۔

حضرت ابن حوالہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! میرے لئے پسند فرمائیں، فرمایا: شام اور جو شام میں نہ جانا چاہے وہ اس کے یمن میں چلا جائے، اور اس کے حوضوں کا پانی پیئے، کیونکہ اللہ تعالیٰ میرے لئے شام اور شام کے باسیوں کی طرف سے کافی ہے۔

ابن عساکر وفیہ صالح بن رستم ابوعبدالسلام مجھول وقال فی المیزان، روی عنہ ثقتان فخفت الجھالۃ

۳۸۲۱۸..... حضرت عبداللہ بن حوالہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں: ہم رسول اللہ ﷺ کے پاس تھے ہم نے آپ سے فقر و عریانی اور بے سروسامانی کی شکایت کی، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: خوش ہو جاؤ! اللہ کی قسم! مجھے تمہارے بارے میں بہتات سے زیادہ قلت کا زیادہ خوف ہے، اللہ کی قسم! تم میں یہ چیز برقرار رہے گی یہاں تک کہ تمہارے لئے فارس، روم اور حمیر کی زمین فتح ہوگی یہاں تک کہ تین لشکر ہوں گے، ایک لشکر شام میں، ایک عراق میں، اور ایک یمن میں ہوگا، یہاں تک کہ ایک شخص کو سو دینار دیئے جائیں گے پھر بھی وہ انہیں کم سمجھے گا۔

حضرت ابن حوالہ فرماتے ہیں: میں نے عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ! شام کون جا سکتا ہے وہاں مینڈھیوں والے رومی ہیں؟ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ کی قسم! اللہ تعالیٰ ضرور تمہیں فتح کرائے گا اور اس کا تمہیں خلیفہ بنائے گا۔ یہاں تک کہ ان کی ایک جماعت جن کی میضیں سفید اور ان کی گدیاں منڈی ہوئی ہوں گی کھڑے ہو کر تمہارے حبشی آدمی پر سایہ کریں گے۔ وہ (حبشی) انہیں جو حکم دے گا وہ کریں گے، اور اب وہاں ایسے مرد ہیں جن کی نظروں میں تم اونٹوں کی چونتڑوں میں پائے جانے والی چیچڑیوں سے زیادہ حقیر ہو۔

حضرت ابن حوالہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں: میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! میرے لئے پسند کریں اگر مجھے وہ زمانہ مل جائے؟ آپ نے فرمایا: میں تمہارے لئے شام پسند کرتا ہوں، کیونکہ وہ اللہ تعالیٰ کا پسندیدہ علاقہ ہے اور اسی کی طرف اس کے برگزیدہ بندے چنے جاتے ہیں۔ اے اہل یمن، شام کو نہ چھوڑنا، کیونکہ اللہ تعالیٰ کی پسندیدہ زمین شام ہے جو نہ چاہے وہ اس کے یمن میں چلا جائے اور اس کے حوضوں کا پانی پیئے، کیونکہ اللہ تعالیٰ میرے لئے شام اور اس کے باسیوں کا ذمہ دار ہے۔ الحسن بن سفیان، حلیۃ الاولیاء، ابن عساکر

۳۸۲۱۹..... حضرت عبداللہ بن حوالہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے فرمایا: ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ سفر میں تھے، آپ نے فرمایا: ابن حوالہ! اس وقت تمہاری کیا حالت ہوگی جب تم اس فتنہ کو دیکھو گے جو زمین کے اطراف میں پھیل رہا ہوگا گویا وہ گائے کے سینگ ہیں؟ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! آپ مجھے کیا حکم دیتے ہیں؟ فرمایا: شام کو نہ چھوڑنا۔ رواہ ابن عساکر

۳۸۲۲۰.....ضمرہ، ثور کی سند سے حضرت عبداللہ بن حوالہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے فرمایا: اے اہل شام فخر کرو کہ اللہ تعالیٰ نے تمہارے دائیں بائیں فتنے پھینک دیئے ہیں! اس ذات کی قسم! جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے یقیناً اللہ تعالیٰ تمہیں ایک فتنہ میں ڈالے گا جس سے تمہارے قدم اکھڑ جائیں گے، ضمرہ ابن شوذب سے روایت کرتے ہیں فرمایا: ہم لوگ شام کا تذکرہ کررہے تھے، میں نے ابوسہل سے کہا: کیا آپ کو یہ بات معلوم نہیں کہ وہاں ایسے ایسے فتنے ہوں گے؟ انہوں نے فرمایا: کیوں نہیں، لیکن وہاں جو فتنے ہوں گے وہ دوسری جگہوں کی بنسبت آسان ہوں گے۔ رواہ ابن عساکر

۳۸۲۲۱.....حضرت عبداللہ بن حوالہ ازدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرمایا: ہمیں رسول اللہ ﷺ نے بھیجا کہ ہم لوگ پیدل غنیمت حاصل کریں ہم واپس آگئے اور کچھ بھی حاصل نہ ہوا، آپ نے ہمارے چہروں سے عیاں مشقت کو بھانپ لیا ہمارے درمیان کھڑے ہوکر آپ نے فرمایا: اے اللہ! انہیں میرے حوالے نہ کر کہ میں ان سے کمزور پڑ جاؤں اور نہ انہیں ان کے حوالے کر کہ یہ عاجز ہوجائیں اور نہ لوگوں کے حوالے کر کہ انہیں مخصوص کرلیں (کہ یہ فقیر لوگ ہیں)

پھر فرمایا: ضرور شام وروم اور فارس فتح ہوں گے، یا فرمایا: روم وفارس، یہاں تک کہ تم میں سے ایک شخص کے اتنے اتنے اونٹ ہوں گے اتنی بکریاں ہوں گی، یہاں تک کہ تم میں سے کسی کو سو دینار دیئے جائیں گے تو وہ انہیں بھی کم سمجھے گا۔ پھر آپ نے اپنا ہاتھ میرے سر یا کھوپڑی پر رکھ کر فرمایا: ابن حوالہ! جب تم دیکھو کہ خلافت پاک زمین میں آگئی ہے تو اس وقت زلزلے، غم پریشانیاں اور دوسرے بڑے کام قریب ہوں گے، اور قیامت اس دن لوگوں کے اس سے زیادہ نزدیک ہوگی جیسے یہ ہاتھ تمہارے سر کے قریب ہے۔ رواہ ابن عساکر

۳۸۲۲۲.....حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اس امت کی ہمیشہ مدد کی جاتی رہے گی ہر پھینکنے کی جگہ پھینکی جائے گی، جدھر کا رخ کریں گے ان کی مدد ہوگی، لوگوں میں سے جو ان کی مدد چھوڑ دے گا ان کا کچھ بگاڑ نہ سکے گا وہ اہل شام ہیں۔

رواہ ابن عساکر

۳۸۲۲۳.....حضرت ابوہریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: شام میں رہنا۔ رواہ ابن عساکر

۳۸۲۲۴.....حضرت ابوہریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: یہ امت جہاں کا بھی رخ کرے گی اس کی مدد کی جائے گی، لوگوں میں سے جو ان کی مدد ترک کرے گا ان کا کچھ بگاڑ نہ سکے یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ کا فیصلہ (قیامت) آجائے ان میں اکثر شام والے ہوں گے۔ رواہ ابن عساکر

۳۸۲۲۵.....حضرت ابوہریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرمایا: ایک دفعہ ہم لوگ رسول اللہ ﷺ کے پاس تھے کہ اچانک معاذ بن جبل یا سعد بن معاذ آئے، رسول اللہ ﷺ نے جب انہیں دیکھا تو فرمایا: مجھے ان کے چہرہ میں اچھی خبر معلوم ہورہی ہے، وہ آئے آپ کو سلام کرکے کہنے لگے: یارسول اللہ! مژدہ لیجئے کسریٰ قتل ہوگیا ہے، رسول اللہ ﷺ نے تین بار فرمایا: اللہ تعالیٰ کسریٰ پر لعنت کرے، پھر فرمایا: سب سے پہلے فارس والے ہلاک وفنا ہوں گے پھر عرب اور ان کے پیچھے والے پھر اپنے ہاتھ سے شام کی طرف اشارہ کرکے فرمایا: صرف یہاں کے کچھ لوگ رہ جائیں گے۔

رواہ ابن عساکر

۳۸۲۲۶.....حضرت عائشۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے فرمایا: کہ نبی ﷺ نیند سے گھبرا کر بیدار ہوئے آپ پر کپکپی طاری تھی، میں نے عرض کیا: میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں آپ کو کیا ہوا ہے؟ فرمایا: میرے تکیہ کے نیچے سے اسلام کا ستون کھینچ لیا گیا جس سے مجھے وحشت ہوئی، پھر میں نے اپنی نگاہ دوڑائی تو اسے شام کے وسط میں گاڑ دیا گیا، مجھ سے کہا گیا: اے محمد! (ﷺ) اللہ تعالیٰ نے تمہارے لئے اور اپنے بندوں کے لئے شام کو پسند کیا ہے اس نے اسے تمہارے لئے عزت، حشر، مضبوطی اور یاددھانی کا باعث بنایا ہے، جس سے اللہ تعالیٰ بھلائی چاہے گا اسے شام میں ٹھہرائے گا اور اسے اس میں سے حصہ دے گا اور جس سے برائی کو دوچار کرے گا وہ اپنے ترکش سے تیر نکال لے گا۔ اور وہ شام کے درمیان لٹکا ہوا ہے اسے تیر مارے تو وہ دنیا و آخرت میں سلامت نہیں رہے گا۔ ابن عساکر وفیہ الحکم بن عبداللہ متروک

۳۸۲۲۷.....عبداللہ بن مساحق سے روایت ہے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: تم لوگ لشکر تیار کرو گے تو ایک شخص کہنے لگا: یارسول

اللہ! میرے لئے پسند فرمائیے! فرمایا: شام میں رہنا، کیونکہ وہ اللہ تعالیٰ کی پسندیدہ جگہ ہے اس میں اس کے بہترین بندے ہیں جس کا وہاں جی نہ لگے وہ اس کے یمن میں چلا جائے اور اس کے حوضوں کا پانی پیئے، کیونکہ اللہ تعالیٰ میرے لئے شام واہل شام کا والی ہے۔ رواہ ابن عساکر

۳۸۲۲۸...... حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے فرمایا: کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم لشکر تیار کرو گے ایک شخص نے کہا: یارسول اللہ! میرے لئے جگہ پسند کریں، آپ نے فرمایا: شام سے نہ نکلنا، اس واسطے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی پسندیدہ جگہ ہے۔ اور اس میں اس کے بہترین بندے ہیں، سو جس کا جی نہ چاہے وہ اس کے یمن میں چلا جائے اس کے حوضوں سے سیراب ہو، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ میرے لئے شام اور اہل شام کا کفیل ہے۔ رواہ ابن عساکر

۳۸۲۲۹...... ضحاک سے روایت ہے کہ میں حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس آیا میں نے ان سے پوچھا میں کہا پڑاؤ ڈالوں، آپ نے فرمایا: اصحاب رسول اللہ ﷺ کی پہلی جماعت رسول اللہ ﷺ کے حکم سے شام میں اترے پھر خاص کر حمص میں، تم دیکھو جس جگہ وہ تھے وہاں چلے جاؤ۔ رواہ ابن عساکر

۳۸۲۳۰...... حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرمایا: رسول اللہ ﷺ نے فجر کی نماز پڑھائی پھر رخ موڑ کر لوگوں کی طرف متوجہ ہوئے فرمایا: اے اللہ! ہمارے مدینہ میں برکت نازل فرما، ہمارے مدوصاع میں برکت عطا کر، اے اللہ! ہمارے حرم میں ہمارے شام اور یمن میں برکت نازل فرما! ایک شخص کہنے لگا: عراق (میں بھی) یارسول اللہ! آپ کچھ نہ بولے، آپ نے پھر کہا، اے اللہ! ہمارے مدینہ میں ہمارے مدوصاع میں برکت نازل فرما، اے اللہ! ہمارے حرم، شام اور یمن میں برکت دے، ایک شخص کہنے لگا: عراق، یارسول اللہ! آپ کچھ نہ بولے، پھر آپ نے فرمایا: اے اللہ! ہمارے مدینہ میں ہمارے مدوصاع میں برکت عطا کر، اے اللہ! ہمارے حرم، شام اور یمن میں برکت نازل فرما، وہ شخص کہنے لگا: یارسول اللہ! عراق، آپ نے فرمایا: وہاں سے شیطان کا لشکر ظاہر ہوگا اور فتنے پھوٹیں گے۔ رواہ ابن عساکر

۳۸۲۳۱...... حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے دو مرتبہ فرمایا: اے اللہ! ہمارے شام و یمن میں برکت نازل فرما! ایک شخص کہنے لگا: یارسول اللہ! ہمارے مشرق میں! رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: وہاں سے شیطان کا لشکر ظاہر ہوگا اور وہاں شر کے دسویں کا نواں حصہ ہے۔ مسند احمد، ابن عساکر

۳۸۲۳۲...... حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے ان کی ایک باندی آ کر کہنے لگی: مجھ پر زمانہ کی سختیاں بڑھ گئی ہیں (آب وہوا ناموافق ہے) میں عراق جانا چاہتی ہوں، آپ نے فرمایا: تم شام جو محشر کی جگہ ہے وہاں کیونکر نہیں جاتی! پگلی! صبر کر، میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا ہے: جس نے مدینہ کی تکالیف اور مصائب پر صبر کیا میں اس کی شفاعت کروں گا یا قیامت کے روز اس کا گواہ ہوں گا، اور ایک روایت میں ہے جو بھی مدینہ کی تکالیف اور مصیبتوں پر صبر سے کام لے گا میں قیامت کے روز اس کی شفاعت کروں گا یا اس کی گواہی دوں گا۔ رواہ ابن عساکر

۳۸۲۳۳...... حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب اہل شام ہلاک ہو جائیں گے تو میری امت میں کوئی بھلائی نہ رہے گی۔ اور میری امت کی ایک جماعت ہمیشہ حق پر رہے گی وہ اپنے مخالف اور مدد ترک کرنے والے کی کوئی پرواہ نہیں کریں گے یہاں تک کہ اللہ کا حکم آئے اور وہ اسی حالت پر ہوں گے آپ شام کی طرف اشارہ کر رہے تھے۔ رواہ ابن عساکر

۳۸۲۳۴...... حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرمایا: ضرور لوگ ایک ایسا زمانہ پائیں گے کہ زمین پر جو مومن بھی ہوگا وہ شام میں چلا جائے گا۔ یعقوب بن سفیان، ابن عساکر، ثم رواہ ابن عساکر من وجه آخر عن ابن عمر وقال: لیس بالمحفوظ والمحفوظ الموقوف

۳۸۲۳۵...... حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: عنقریب قیامت سے پہلے حضرموت کے علاقے عدن کے سمندر سے ایک آگ نکلے گی جو لوگوں کو جمع کرے گی، لوگوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! آپ ہمیں کیا حکم دیتے ہیں؟ فرمایا: شام میں رہنا۔ رواہ ابن ابی شیبه

۳۸۲۳۶...... حسن سے روایت ہے کہ شام حشر نشر کی زمین ہے۔ رواہ ابن عساکر

۳۸۲۳۷......حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرمایا: تم لوگ ایسی جگہ ہو جہاں بابل وحیرہ کے درمیان زبانیں مخلوط ملی جلی ہیں۔ بھلائی کے دسویں کا نواں حصہ شام میں اور دسواں حصہ اس کے علاوہ جگہ میں ہے اور شر کے دسویں کا نواں حصہ اس کے علاوہ میں اور دسواں حصہ اس میں ہے، تم ایسا زمانہ پاؤ گے کہ آدمی کا پسندیدہ مال اس کی سرخ اونٹنیاں ہوں گی جن پر وہ شام کی طرف نقل مکانی کرے گا۔

رواہ ابن عساکر

۳۸۲۳۸......حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرمایا: خیر کو دسیوں حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے نو حصے شام میں اور دسواں اس کے علاوہ کی زمین میں ہے اور شر کے دسیوں حصے کئے گئے ہیں۔ نو حصے ان علاقوں میں اور دسواں حصہ شام میں ہے۔ رواہ ابن عساکر

۳۸۲۳۹......حضرت عبداللہ بن یزید سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ایک لشکر شام میں ایک عراق مین اور ایک یمن میں ہوگا، ایک شخص کھڑے ہو کر کہنے لگا: یارسول اللہ! میرے لئے انتخاب فرمائیے! آپ نے فرمایا: شام میں رہنا، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ میرے لئے شام اور اہل شام کا ذمہ دار ہے۔ طبرانی فی الکبیر، ابن عساکر، قال: ورواہ ابن ابی عاصم مختصراً: ان اللہ توکل لی بالشام واھلہ

۳۸۲۴۰......عطاء بن السائب سے روایت ہے کہ میں نے عبدالرحمٰن الحضرمی ایام بن اشعث کو تقریر کرتے سنا فرما رہے تھے: اہل شام! خوشخبری ہو کیونکہ مجھے فلاں شخص نے بتایا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میری امت کے آخر میں ایک جماعت ہوگی جنہیں پہلے لوگوں کی طرح اجر وثواب ملے گا۔ وہ فتنہ پردازوں سے جنگ کریں گے اور خلاف شرع بات کی مخالفت کریں گے اور وہ لوگ تم ہو۔ رواہ ابن عساکر

۳۸۲۴۱......حضرت عرباض بن ساریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ ایک دن لوگوں میں کھڑے ہو کر فرمانے لگے: لوگو! عنقریب تمہارے کئی لشکر (پھیلے) ہوں گے، ایک لشکر شام میں ایک عراق میں اور ایک یمن میں ہوگا۔ تو ابن حوالہ کہنے لگے: یارسول اللہ! اگر مجھے وہ زمانہ مل جائے تو میرے لئے (جگہ کا) انتخاب فرمائیے! آپ نے فرمایا: میں تمہارے لئے شام کا انتخاب کرتا ہوں، کیونکہ وہ مسلمانوں کے لئے بہتر اور اللہ تعالیٰ کی زمین کا پسندیدہ حصہ ہے وہاں اس کی مخلوق میں سے برگزیدہ بندے چنے جاتے ہیں، جس کا جی نہ چاہے وہ اس کے یمن میں چلا جائے اور اس کے حوضوں کا پانی پیئے، کیونکہ اللہ تعالیٰ نے میرے لئے شام واہل شام کی ذمہ داری لی ہے۔ رواہ ابن عساکر

۳۸۲۴۲......حضرت عرباض بن ساریہ نبی ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ایک دن لوگوں میں کھڑے ہو کر اور ایسی گہری نصیحت کی جس سے دل دہل گئے اور آنکھیں اشکبار ہو گئیں فرمایا: ہوسکتا ہے کہ تمہارے اسلحہ سے لیس لشکر ہوں، ایک لشکر شام میں ایک عراق میں اور ایک یمن میں ہوگا، حضرت عبداللہ بن حوالہ اٹھ کر کہنے لگے: یارسول اللہ! اگر میں اس زمانہ کو پالوں تو میرے لئے انتخاب فرمائیے، آپ نے فرمایا: میں تمہارے لئے شام کا انتخاب کرتا ہوں، کیونکہ وہ دارالاسلام کا ستون اور اللہ تعالیٰ کی زمین کا پسندیدہ حصہ ہے، اس کی طرف اس کی مخلوق میں برگزیدہ بندے چن کر لائے جاتے ہیں، رہے تم! تو تمہارے لئے یمن بہتر ہے اس کے تالابوں سے سیراب ہو! اس واسطے کہ اللہ تعالیٰ میرے لئے شام واہل شام کا ذمہ دار ہے۔ رواہ ابن عساکر

۳۸۲۴۳......زھری سے روایت ہے فرمایا: جب جنگ ہوگی تو دمشق روم کے مسلمانوں کے لئے پناہ گاہ ہوگی۔ اور روم کی جنگوں کی علامت یہ ہے کہ جب دمشق میں مغرب کی جانب چار میل کے فاصلے پر ایک شہر بنایا جائے گا جو ایک بنیاد پر ہوگا، اور دمشق کی جانب جلد کوچ ہوگا وہی اس روز مسلمانوں کا شہر ہے جسے غسانی کے علاوہ کوئی نقصان نہیں پہنچا سکے گا، جو شطر جانہ سے نکلے گا اور پناہ گاہ اس روز مکہ ہوگی، اور اس کے لئے بنی عباس کے کچھ لوگ باقی ہوں گے، اور پناہ گاہ جبل خلیل اور لبنان ہوگی۔ رواہ ابن عساکر

۳۸۲۴۴......مکحول سے روایت ہے فرمایا: رومی ضرور شام میں چالیس روز بگاڑ پیدا کریں گے جس سے صرف دمشق اور عمان محفوظ ہوں گے۔

رواہ ابن عساکر

۳۸۲۴۵......حضرت ابی بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے اللہ تعالیٰ کے ارشاد "اور ہم نے اسے اور لوط کو اس زمین کی طرف نجات دی جس میں ہم نے برکتیں رکھی ہیں" فرمایا: یہ شام ہے اور ہر میٹھا پانی بیت المقدس کی چٹان سے نکلا کرتا ہے۔ رواہ ابن عساکر

۳۸۲۴۶......عبدالرحمٰن بن جبیر بن نفیر کی اپنے والد سے روایت ہے فرمایا: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: خبردار! تمہارے لئے شام فتح ہوگا، سوتم

دمشق نامی شہر میں ٹھہرے رہنا، کیونکہ وہ شام کا بہترین شہر ہے اور غوطہ نامی زمین میں مسلمانوں کا شہر ہوگا وہی ان کی پناہ گاہ ہے۔
رواہ ابن النجار

”عسقلان“

۳۸۲۴۷.....حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ ایک شخص نبی ﷺ کے پاس آکر کہنے لگا: میں جہاد کرنا چاہتا ہوں، آپ نے فرمایا: شام اور اہل شام میں رہنا، پھر شام میں سے عسقلان کو نہ چھوڑنا، اس واسطے کہ جب میری امت میں (فتنے کی) چکی چلے گی تو وہاں کے لوگ راحت وعافیت میں ہوں گے۔ رواہ الدیلمی

۳۸۲۴۸.....حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے فرمایا: ایک شخص رسول اللہ ﷺ سے کہنے لگا: میں اللہ کی راہ میں جہاد کرنا چاہتا ہوں، آپ علیہ السلام نے اس سے فرمایا: شام سے نہ نکلنا، اس واسطے کہ اللہ تعالیٰ نے میرے لئے شام اور اہل شام کی ذمہ داری لی ہے، کیونکہ اور ایک روایت میں ہے۔ جب میری امت میں (جنگوں کی) چکی چلے گی، عسقلان والے راحت وعافیت میں ہوں گے۔ رواہ ابن عساکر

۳۸۲۴۹.....حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو عسقلان میں ٹھہرا رہے گا اس کا زمانہ (گردش کرنے سے) سویا رہے گا۔ اللہ تعالیٰ نے اس کی محراب پر فرشتے مقرر کئے ہیں جو اس کے لئے دعا کرتے ہیں اور نمازیوں کے ساتھ جنت کی طرف جمع کئے جائیں گے۔ رواہ ابن النجار

۳۸۲۵۰.....حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا آپ ایک دن قبرستان والوں کا ذکر کررہے تھے آپ نے ان کے لئے استغفار کیا اور بہت زیادہ استغفار کیا، آپ علیہ السلام سے اس بارے میں پوچھا گیا، آپ نے فرمایا: مقبرے والے عسقلان کے شہداء ہیں۔ انہیں جنت کی طرف ایسے لے جایا رہا ہے جیسے دلہن کو اس کے خاوند کی طرف لے جایا جاتا ہے۔

ابویعلی، خطیب فی المتفق والمفترق وقال: قال الخطیب: هذحدیث غریب، لا اعلم حدث به غیر بشیر ابن میمون الواسطی، یکنی ابا صیفی وقد اورده ابن الجوزی فی الموضوعات وقال: بشیر لیس بشیء

”جزیرۃ العرب“

عالم عربی دو براعظموں میں پھیلا ہوا ہے ایشیا اور افریقہ، اس کا ایشائی حصہ جزیرہ نمائے عرب اور بعض دوسرے شمالی ملکوں پر مشتمل ہے، جزیرہ نمائے عرب، عربوں کا اصل وطن اور عربی نسلوں کا اصل منبع ہے جزیرہ نمائے عرب کو مجازاً جزیرۃ العرب بھی کہتے ہیں کیونکہ اس کے شمال سے شمال مشرق تک دریائے فرات بہتا ہے اور اس کے شمال مغرب میں دریائے عاصی ہے۔ جزیرۃ العرب سید محمد رابع ندوی

۳۸۲۵۱.....حضرت ابن عمر سے روایت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: یہود ونصاریٰ کو تین دن سے زیادہ مدینہ میں نہ چھوڑو، اس عرصہ میں وہ اپنا سامان بیچ لیں، اور فرمایا: جزیرہ عرب میں دو دین جمع نہیں ہوں گے۔ ابو عبید فی کتاب الاموال، ابن ابی شیبہ

۳۸۲۵۲.....ابن شہاب سے روایت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بہت غور وخوض کیا یہاں تک کہ انہیں یقین واطمینان ہوگیا کہ رسول اللہ ﷺ نے (ہی) فرمایا ہے: جزیرۂ عرب میں دو دین جمع نہیں ہوں گے، پھر آپ نے یہود ان خیبر کو جلاوطن کیا۔

مالک فی المؤطا مرسلا، وھو موصول فی الصحیحین، بیھقی

۳۸۲۵۳.....حضرت عائشۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے اپنی وفات سے (کچھ ایام) پہلے فرمایا: جزیرۂ عرب میں دو دین باقی نہیں رہیں گے۔ رواہ ابن النجار

۳۸۲۵۴.....حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: عرب کی سرزمین میں دو دین نہیں چھوڑے جائیں گے، دین

اسلام کے ساتھ ہے۔ابن جریر فی تھذیبہ

۳۸۲۵۵...... (مسندابی عبیدة) نبی ﷺ کا آخری کلام (جو میں نے سنا) یہ تھا: نجران اور حجاز کے یہودیوں کو جزیرۂ عرب سے نکال دو۔اور جان لو! کہ وہ لوگ سب سے برے ہیں جنھوں نے اپنے انبیاء کی قبروں کو سجدہ گاہ بنالیا۔مسند احمد، ابویعلی

۳۸۲۵۶...... حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اگر تم میرے بعد اس کام کے نگران بنے تو نجران والوں کو جزیرۂ عرب سے نکال دینا۔ابن ابی نعیم

یمن

یمن جزیرۂ عرب جنوب مغربی جانب سعودیہ، عمان خلیج عدن اور بحر احمر کے درمیان واقع ہے اس کا دارالحکومت ضعاء ہے، اس کے مشہور شہر، عدن، نغر، الحدیدة، صعدہ، المکلا، الشیخ عثمان، اب، زبید، مأرب ہیں اور اس کا جزیرہ سقطری ہے، شاہان سبا کے زمانہ میں ۷ قبل مسیح میں یہ ملک مشہور ہوا۔۵۸۔۶۳۰ھ میں اسلام یمن میں پہنچا۔المنجد فی الاعلام

۳۸۲۵۷...... سعید بن عمر قرشی سے روایت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کچھ یمنی ساتھی دیکھے جن کے کجاوے چمڑے کے تھے، آپ نے فرمایا: جو اصحاب رسول اللہ ﷺ کے ساتھ زیادہ مشابہ جماعت دیکھنا چاہے وہ انہیں دیکھ لے۔ھناد

۳۸۲۵۸...... عبدالرحمٰن بن جبیر بن نفیر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا: میں نے زمانہ جاہلیت بھی پایا ہے اور ہمارے پاس رسول اللہ ﷺ یمن میں تشریف لائے تو ہم نے اسلام قبول کرلیا۔ رواہ ابونعیم

۳۸۲۵۹...... (مسند خزرج) رسول اللہ ﷺ نے یمن کی جانب دیکھ کر فرمایا: اے اللہ! ان کے دل متوجہ کر اور ہمارے مد وصاع میں برکت دے۔

ترمذی، حسن غریب، طبرانی فی الکبیر عن زید بن ثابت

۳۸۲۶۰...... (نیز) رسول اللہ ﷺ نے یمن کی طرف دیکھ کر فرمایا: اے اللہ! ان کے دل متوجہ فرما! اور عراق کی جانب دیکھ کر فرمایا: اے اللہ! ان کے دل متوجہ فرما، اور شام کی طرف دیکھ کر فرمایا: اللہ! ان کے دل متوجہ فرما، اور ہمارے صاع و مد میں برکت دے۔

طبرانی فی الکبیر، حلیة الاولیاء، عن زید بن ثابت

۳۸۲۶۱...... ابومسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے یمن کی طرف اپنے ہاتھ سے اشارہ کرکے فرمایا: ایمان (والے دل) وہاں ہیں، اور سختی سنگدلی چرواہوں میں ہے جو اونٹوں کی دموں کے ساتھ ساتھ رہتے ہیں، جہاں سے شیطان کا سینگ نکلے گا وہ ربیعہ و مضر ہیں۔ابویعلی، ابن عساکر

''مصر''

عربی حکومت جو افریقہ کے شمال مشرق میں، فلسطین، خلیج عقبہ اور بحر احمر کے درمیان مشرق میں، سوڈان کے جنوب میں اور لیبیا کے مغرب میں واقع ہے اس کا دارالحکومت ''قاہرہ'' ہے۔المنجد فی الاعلام

۳۸۲۶۲...... حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: جب اللہ تعالیٰ تمہیں مصر پر فتح عطا فرمائے گا۔تو اس میں زیادہ (تعداد والا) لشکر بنانا، وہ لشکر زمین کا بہترین لشکر ہوگا، حضرت ابوبکر آپ سے عرض کرنے لگے: ایسا کیوں یارسول اللہ!؟ آپ علیہ السلام نے فرمایا: کیونکہ وہ اور ان کی بیویاں قیامت تک فوج میں ہوں گی۔

ابن عبدالحکم فی فتوح مصر، ابن عساکر، وفیہ لھیعة عن الا سودبن مالک الحمیری عن بحربن داخر المعافری ولم ارللأ سود ترجمة الا ان ابن حبان ذکر فی الثقات الزیروی عن بحربن داخر ووثق بحراً

''عمان''

جزیرہ عرب کے جنوب مشرق میں، خلیج عمان، بحر عربی پر متحدہ عرب امارات، سعودیہ اور ربع خالی اور یمن کے درمیان واقع ہے اس کا دار الحکومت مسقط ہے۔ ایضاً

۳۸۲۶۳...... (مسند الصدیق) زبیر بن خریت، ابولبید سے روایت کرتے ہیں فرمایا: ایک شخص طاحیہ سے ہجرت کر کے نکلا جس کا نام ''بیرح بن اسد'' تھا وہ نبی ﷺ کی وفات کے کچھ دن بعد مدینہ پہنچا، حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اسے دیکھا تو اسے مسافر سمجھ کر اس سے فرمایا: تم کہاں سے آئے ہو؟ وہ کہنے لگا: عمان سے، فرمایا: کیا تم عمانی ہو؟ وہ کہنے لگا: جی ہاں، آپ نے (جھٹ سے) اس کا ہاتھ پکڑا اور سیدھا حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس لے آئے، فرمایا: (ابوبکر!) یہ شخص اس زمین سے تعلق رکھتا ہے جس کے بارے میں آپ نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے! آپ علیہ السلام فرمارہے تھے۔ میں ایک ایسی زمین جانتا ہوں جس کا نام عمان ہے اس کے کنارے سے سمندر (بحر احمر) بہتا ہے، وہاں ایک عربی قبیلہ ہے اگر ان کے پاس میرا قاصد آئے تو نہ اسے تیر ماریں گے اور نہ اس پر سنگ باری کریں گے۔

مسند احمد، ابو نعیم وقال، احمد: انما هو : سمعت .یعنی ابا بکر ،وقال یزید بن هارون، سمعت بالرفع یعنی عمر ، قال ابن کثیر : روایة النصب وجعله فی مسند الصدیق اولی، وقال الا مام علی بن المدینی رواه فی مسند الصدیق ثم قال: هذا اسناد منقطع من ناحیة ابی لبید واسمه لمازه بن زیار الجهضی فانه لم یلق ابابکر ولا عمر وانما له رؤیة لعلی وانما یحدث عن کعب بن سور وضر به من الرجال، قال ابن کثیر : وهو من الثقات: ورواه ابویعلی ایضاً فی مسند الصدیق

الکوفہ

دریائے فرات کے ساتھ مغربی جانب عراق کا شہر، اس کی بنیاد حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ جنگ قادسیہ کے بعد رکھی، حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اسے اپنا پایہ تخت بنایا اور اسی میں آپ شہید ہوئے۔ عباسیوں نے بغداد کی تہذیب وتاسیس سے پہلے اسے دار الحکومت بنالیا، بصرہ کی ٹکر کا علمی مرکز رہا ہے۔ موجودہ دور میں امریکہ نے وہاں ستم و بربریت کا بازار گرم کر رکھا ہے۔ المنجد فی الاعلام

۳۸۲۶۴...... نافع بن جبیر سے روایت ہے فرمایا: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اہل کوفہ کو خط لکھا: لوگوں کے سرداروں کی جانب (یہ خط ہے)۔ ابن سعد، ابن ابی شیبه

۳۸۲۶۵...... شعبی سے روایت ہے فرمایا: حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اہل کوفہ کو خط لکھا (جس کا مضمون تھا) عرب کے سر کی جانب۔

ابن سعد، ابن ابی شیبه

۳۸۲۶۶...... عامر شعبی سے روایت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اہل کوفہ کی طرف خط لکھا: مسلمانوں کے سر کی طرف۔

ابن سعد، حاکم

۳۸۲۶۷...... شعبی سے روایت ہے کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طرف خط لکھا کہ مسلمانوں کے لئے ایک دار ہجرت اور جہاد کی منزل فرودگاہ بناؤ چنانچہ حضرت سعد نے انصار کے ایک شخص جن کا نام حارث بن سلمہ تھا روانہ کیا انہوں نے ان لوگوں کے لئے اس دن کوفہ کی جگہ کا انتخاب کیا، حضرت سعد وہاں اترے، مسجد کا نقشہ کھینچا اور دیگر جگہوں کے نقشے کھینچے۔ شعبی فرماتے ہیں: کہ کوفہ کے درمیان خزامی، شیح، بابونہ اور گل لالہ اگتا تھا، اور عرب جاہلیت میں اسے ''خد العذاری''۔ دوشیزہ کے رخسار کہتے تھے، وہ لوگ چلے پھرے پھر انہوں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ کو لکھا، آپ نے انہیں جواباً لکھا: اسی جگہ پڑاؤ ڈالو! چنانچہ لوگ وہاں سے منتقل ہوگئے۔ رواه ابن ابی شیبه

۳۸۲۶۸...... حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرمایا: کوفہ والے اللہ کا نیزہ، ایمان کا خزانہ، عرب کی کھوپڑی ہیں۔ وہ ان کی سرحدوں کو خراب کریں گے اور شہروں کو بڑھائیں گے۔ ابن شیبہ، وابن سعد

۳۸۲۶۹...... حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرمایا: مجھے اہل کوفہ نے تھکا دیا، نہ کسی گورنر کو پسند کرتے ہیں اور نہ کوئی گورنر انہیں پسند کرتا ہے۔

ابو عبید فی الغریب وابرھیم بن سعد فی مشیخته والمحامل فی امالیه

۳۸۲۷۰...... حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرمایا: کوفہ والے مجھ پر غالب آ گئے! میں مومن کو ان کا گورنر بناتا ہوں تو وہ کمزور پڑ جاتا ہے اور کسی شوخ چشم کو ان کا گورنر بناؤں تو وہ بھی مزید فاجر ہو جاتا ہے۔ ابو عبید

''قزوین''

قزوین، ایران، ترکمانستان کازاخستان، روس، جورجیا اور آذربائیجان کے درمیان ایک سمندر کا نام ہے، اس کا پرانا نام ''بحر الخزر'' تھا یہیں ایران کا مشہور شہر برز پہاڑ کے دامن میں بحر قزوین کے جنوب میں واقع ہے۔ المنجد فی الاعلام

۳۸۲۷۱...... (مسند ابن عمر) اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے روزانہ سومرتبہ قزوین کے مردوں تاجروں اور ان کے شہداء کے لئے رحمت بھیجتے ہیں۔

الرافعی عن ابن مسعود

کلام:...... التنزیہ ج ۲ ص ۶۱، ذیل اللآ لی ۹۱۔

''جگہوں کا جامع بیان''

۳۸۲۷۲...... (مسند عمر) محمد بن سیرین کی حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے آپ نے فرمایا: (بڑے) شہر سات ہیں، مدینہ شہر، شام شہر، مصر، جزیرہ، بحرین، بصرہ اور کوفہ۔ رواہ ابن عساکر

۳۸۲۷۳...... (نیز) محمد بن سیرین حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں: آپ نے فرمایا: یہ شہر ہیں، مکہ، مدینہ، بصرہ، کوفہ، مصر، شام، جزیرہ اور بحرین۔ رواہ ابن عساکر

۳۸۲۷۴...... حضرت ابوہریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے جمیل الغفاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تین مسجدوں کے علاوہ کسی کی طرف رخت سفر نہ باندھا جائے، مکہ کی مسجد (حرام) میری یہ مسجد (نبوی) اور بیت المقدس کی مسجد۔

رواہ ابونعیم

۳۸۲۷۵...... حسن سے روایت ہے فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے اللہ! ہمارے مدینہ میں برکت دے، اللہ! ہمارے شام میں برکت دے، ہمارے یمن میں برکت دے، آپ سے ایک شخص عرض کرنے لگا: یا رسول اللہ! عراق میں، اس واسطے کہ اس میں ہمارا غلہ اور ہماری ضرورت (کا سامان) ہے، آپ خاموش ہو گئے، پھر وہ شخص یہی بات کہنے لگا آپ خاموش رہے، پھر فرمایا: یہاں سے شیطان کے دو سینگ نمودار ہوں گے، وہیں سے زلزلے اور فتنے پھوٹیں گے۔ رواہ ابن عساکر

۳۸۲۷۶...... حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرمایا: کوفہ میں ہر شخص خوش عیش زندگی گزارتا ہے ان کا ادنیٰ آدمی بھی فرات کا پانی پیتا اور سائے تلے بیٹھتا ہے۔ ھناد

۳۸۲۷۷...... حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرمایا: زمین پانی تھی اللہ تعالیٰ نے ہوا بھیجی اس نے زمین کو پونچھ دیا، تو زمین پر جھاگ ظاہر ہوئی، اللہ تعالیٰ نے اسے چار حصوں میں بانٹ دیا، ایک ٹکڑے سے کعبہ پیدا کیا، دوسرے سے مدینہ، تیسرے سے بیت المقدس، اور چوتھے سے کوفہ پیدا کیا۔ ابوبکر الواسطی فی فضائل بیت المقدس

''جگہوں کے ذیل میں''

۳۸۲۷۸..... معرور بن سوید سے روایت ہے فرماتے ہیں: میں حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ مکہ اور مدینہ (زادھما اللہ شرفا) میں تھا آپ نے ہمیں فجر کی نماز پڑھائی، تھوڑی دیر کے بعد آپ نے کچھ لوگ دیکھے جو کسی مسجد میں نماز پڑھنے لگے آپ نے ان سے پوچھا: وہ کہنے لگے: یہ ایک مسجد ہے جس میں نبی ﷺ نے نماز پڑھی تھی، آپ نے فرمایا: تم سے پہلے لوگ اسی وجہ سے ہلاک ہوئے کہ انہوں نے اپنے انبیاء کے آثار کو عبادت گاہیں بنا لیا، جو کوئی ان مساجد میں سے کسی مسجد کے قریب سے گزرے تو اگر نماز کا وقت ہوجائے تو نماز پڑھ لے ورنہ وہاں سے گزر جائے۔ رواہ عبدالرزاق

بری جگہیں..... عراق

۳۸۲۷۹..... (مسند عمر) ابومجلز سے روایت ہے فرمایا: حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ہر شہر جانے کا ارادہ کیا، تو کعب نے آپ سے کہا: ہم عراق نہیں جائیں گے کیونکہ وہاں فتنے کا دسواں کا نواں حصہ ہے۔ رواہ عبدالرزاق

۳۸۲۸۰..... (نیز) ابوادریس سے روایت ہے فرمایا: ہمارے پاس شام میں حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ تشریف لائے، فرمایا: میں عراق جانا چاہتا ہوں، تو کعب احبار نے آپ سے کہا: امیر المومنین! میں آپ کو اس سے اللہ کی پناہ میں دیتا ہوں، آپ نے فرمایا: تم اسے کس وجہ سے ناپسند کرتے ہو؟ انہوں نے کہا: وہاں شر کا نو دہائی حصہ ہے۔ (اور ہر عاجز کرنے والی بیماری، نافرمان جن اور ہاروت و ماروت ہیں، وہیں ابلیس نے انڈے دیئے اور سی کر بچے نکالے۔ رواہ ابن عساکر

''اصحاب الحجر''

صالح علیہ السلام کی قوم ''ثمود'' حجاز اور شام کے درمیان وادی قری تک جو میدان نظر آتا ہے یہ سب اس قوم کا مسکن ہے اور آج کل ''فج الناقۃ'' کے نام سے مشہور ہے۔ قصص القرآن

۳۸۲۸۱..... محمد بن ابی کبشہ انماری اپنے والد سے روایت کرتے ہیں فرماتے ہیں جب وہ غزوۃ تبوک میں تھے لوگوں نے اصحاب حجر کی طرف جلدی کی، ان کے گھروں میں داخل ہوئے، رسول اللہ ﷺ کو اطلاع ملی آپ نے حکم دیا، اعلان کیا گیا: نماز با جماعت تیار ہے، میں آپ کے پاس آیا آپ نے اپنے اونٹ کو روکا ہوا تھا، آپ علیہ السلام فرمارہے تھے: تم لوگ کیسے لوگوں کے پاس جارہے ہو: وہ قوم جن سے اللہ تعالیٰ ناراض ہوا؟ ایک شخص نے پکار کر کہا: یا رسول اللہ! ان پر تعجب کرنے کے لئے! رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کیا میں تمہیں اس سے زیادہ تعجب انگیز بات نہ بتاؤں؟ تمہی کا ایک شخص تم سے پہلے اور بعد کے لوگوں کی باتیں بیان کرتا ہے، استقامت اختیار کرو، راہ راست پر رہو، اللہ کو تمہارے عذاب کی ذرا بھی پروا نہیں، اور عنقریب اللہ تعالیٰ ایسی قوم لائے گا، جو اپنے سے کسی چیز کو نہ ہٹائیں گے۔

رواہ ابن ابی شیبہ

۳۸۲۸۲..... (مسند عبداللہ بن عمر) جب رسول اللہ ﷺ حجر سے گزرے تو فرمایا: ان لوگوں کی بستیوں میں مت جاؤ جنھوں نے اپنے آپ پر (شرک کا) ظلم کیا ہے ہاں اگر گزر و تو روتے ہوئے (ایسا نہ ہو) کہ تمہیں بھی ان جیسا عذاب پہنچے، پھر رسول اللہ ﷺ نے اپنا سر ڈھانپا، اور جلدی سے گزرے یہاں تک کہ وادی سے پار ہوگئے۔ عبدالرزاق، مسلم کتاب الزھد

”بربر“

یونانی تصور ارسطاطالیس کے مطابق جزیرہ نمائے یونان میں بسنے والی ہم مذہب، ہم زبان اور ہم تمدن یونانی شہری مہذب وتہذیب یافتہ ہیں ان کے علاوہ باقی دنیا کے لئے ”بربر“ (یعنی) بربریت پسند ہیں۔ (نگارشات ڈاکٹر حمید اللہ مرحوم ج ۱ ص ۴۴۸) عموماً اس کا اطلاق برقہ سے محیط تک کے شمالی افریقہ کے باشندوں پر ہوتا ہے یہ لوگ رومیوں کے دور سے اس نام سے مشہور ہوئے۔ المنجد فی الاعلام

۳۸۲۸۳...... حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرمایا: شر کو ستر حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے ان میں سے انہتر حصے بربر میں اور ایک حصہ باقی لوگوں میں ہے۔ نعیم بن حماد

۳۸۲۸۴...... (مسند انس) میں رسول اللہ ﷺ سے ملا میرے ساتھ ایک بربری غلام تھا آپ نے فرمایا: ان لوگوں کے پاس مجھ سے پہلے ایک نبی آیا تھا، انہوں نے اسے ذبح کر کے اسے پکایا اس کا گوشت کھایا اور اس کا شوربہ پی گئے۔

نعیم ابن حماد فی الفتن، وفیہ یحییٰ بن سعید العطار قال ابن حبان: یروی الموضوعات عن الاثبات

۳۸۲۸۵...... حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے انہوں نے صدقہ کرنے کا ایک شخص کو حکم دیا اور اس سے فرمایا: اس میں سے کسی بربری کو نہ دینا اگرچہ اس میں سے کتوں کو ڈال دینا۔ نعیم بن حماد فی الفتن

”رستاق“

براعظم کی جانب، فارسی لفظ ہے۔ المصباح المنیر الفیومی ج ۱ ص ۲۴۲

۳۸۲۸۶...... حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: رستاق جہنم کی باڑ ہے نہ اس کی کوئی حد (شرعی) ہے نہ جمعہ نہ جماعت، ان کے بچے بے غیرت اور ان کے جوان شیطان اور ان کے بوڑھے جاہل ہیں وہاں مومن مردار سے زیادہ بدبودار (برا سمجھا جاتا) ہے۔ رواہ الدیلمی

”زمانوں کی فضیلت“

سردی کا موسم

۳۸۲۸۷...... حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرمایا: سرما عبادت گزاروں کے لئے غنیمت ہے۔

ابن ابی شیبہ، مسند احمد فی الزھد، حلیۃ الاولیاء

”رجب“

۳۸۲۸۸...... حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی عادت تھی کہ جب رجب کا مہینہ آتا آپ فرماتے: اے اللہ! ہمیں رجب وشعبان میں برکت دے اور رمضان تک (امن وصحت سے) پہنچادے۔ اور جب شب جمعہ ہوتی تو فرماتے: یہ روشن رات ہے اور جمعہ کا دن خوبصورت ہے۔ رواہ ابن عساکر

۳۸۲۲۹...... حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی عادت تھی جب رجب کا مہینہ ہوتا فرماتے: اے اللہ! ہمیں رجب

وشعبان میں برکت دے اور رمضان تک پہنچادے۔ رواہ ابن النجار

”پندرہویں شعبان کی رات“

۳۸۲۹۰..... حضرت عائشۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے فرماتی ہیں، آپ ﷺ پندرہویں شعبان کی رات سجدہ کی حالت میں دعا کرکے کہہ رہے تھے: میں تیرے عذاب سے تیری معافی کی پناہ طلب کرتا ہوں، اور تیری ناراضگی سے تیری رضا مندی کی پناہ چاہتا ہوں، اور تجھ سے تیری ہی پناہ چاہتا ہوں۔ تیری ذات عظیم ہے“ اور فرمایا: مجھے جبرائیل نے کہا: کہ میں ان کلمات کو اپنے سجدوں میں کہا کروں، میں نے انہیں سیکھ لیا اور سکھادیا۔

رواہ ابن عساکر

۳۸۲۹۱..... عطاء بن یسار سے روایت ہے فرمایا: جب پندرھویں شعبان ہوتی ہے تو فرشتہ ایک شعبان سے دوسرے شعبان تک مرنے والوں کے نام لکھ لیتا ہے۔ آدمی ظلم کرتا ہے تجارت کرتا ہے عورتوں سے نکاح کرتا ہے جب کہ اس کا نام زندوں (کی فہرست) سے مٹا کر مردوں (کی فہرست) میں لکھ لیا جاتا ہے لیلۃ القدر کے بعد اس سے بڑھ کر کوئی رات افضل نہیں، اللہ تعالیٰ (کی رحمت کا) آسمانی دنیا کی طرف نزول ہوتا ہے، تو مشرک، کینہ ور اور قطع رحمی کرنے والے کے علاوہ ہر (بخشش طلب کرنے والے) کی مغفرت فرمادیتے ہیں۔ ابن شاهین فی الترغیب

۳۸۲۹۲..... عطاء بن یسار سے روایت ہے کہ جب شعبان کی پہلی رات ہوتی ہے تو ملک الموت کے لئے اس وقت سے لے کر اگلے سال کے اسی وقت تک کے ان لوگوں کے نام لکھ دیئے جاتے ہیں (جنہوں نے مرنا ہے اور) اس نے ان کی روح قبض کرنی ہے، آدمی عورتوں سے نکاح کرتا ہے اس کے اولاد ہوتی ہے اس کی تعمیرات ہوتی ہیں، اور پودے لگاتا، کھلے بندھوں گناہ کرتا ہے جب کہ اس کا نام زندوں میں نہیں ہوتا۔

ابن زنجویہ

۳۸۲۹۳..... حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو پندرھویں شعبان کی رات دیکھا آپ نے قیام کیا اور بارہ رکعتیں ادا فرمائیں، پھر نماز سے فراغت کے بعد بیٹھے اور چودہ مرتبہ سورہ فاتحہ پڑھی، چودہ بار قل ھو اللہ احد پڑھا، چودہ مرتبہ قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس پڑھی، ایک مرتبہ آیت الکرسی اور لقد جاء کم رسول من انفسکم والی آیت پڑھی، آپ جب نماز و دعا سے فارغ ہوئے میں نے آپ سے اس کے بارے میں پوچھا، آپ نے فرمایا: جو کچھ تم نے (مجھے کرتے دیکھا) جس نے اس طرح کیا اس کے لئے بیس مقبول حج اور بیس سال کے مقبول روزے رکھنے کا ثواب ہے اور اگر اس روز اس نے روزے کی حالت میں صبح کی تو اس کے لئے دو سال کے روزے رکھنے کا ثواب ہے ایک گزشتہ اور ایک آئندہ سال کا۔ بیهقی وقال منکر وفی روایة مجهولون، قال ویشبه ان یکون هذاالحدیث موضوعا واخرجه الجوزقانی فی الا باطیل وابن الجوزی فی الموضوعات وقال: موضوع واسناده مظلم

کلام: ..... التنزیہ ج ۲ ص ۹۳۔۹۴ اللآلی ج ۲ ص ۶۰ الموضوعات ج ۲ ص ۱۳۰۔

”یوم جمعہ، شب جمعہ اور لیلۃ القدر“

۳۸۲۹۴..... عکرمہ بن خالد مخزومی سے روایت ہے فرمایا: جس کی جمعہ کے روز یا لیلۃ القدر میں وفات ہوئی اس کا خاتمہ ایمان پر ہوگا اور عذاب قبر سے بچایا جائے گا۔ بیهقی فی کتاب عذاب القبر

۳۸۲۹۵..... حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ (کی رحمت) کا ہر شب جمعہ، رات کے ابتدائی حصہ سے آخری حصہ تک اور باقی راتوں میں رات کے آخری تہائی حصہ میں آسمان دنیا کی طرف نزول ہوتا ہے پھر ایک فرشتہ کو حکم دیتے ہیں جو اعلان کرتا ہے: کوئی مانگنے والا ہے جسے میں عطا کروں؟ کوئی توبہ کرنے والا ہے جس کی توبہ قبول کروں؟ کوئی مغفرت کا طلب گار ہے جس کی میں مغفرت کروں؟ اے خیر کے متلاشی آگے بڑھ اور اے شر کے جویاں باز آ۔ دارقطنی فی احادیث النزول

''محرم کا مہینہ''

۳۸۲۹۶..... (مسند عثمان) زھری سے روایت ہے کہ حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: سال کا آغاز محرم ہے۔ رواہ ابن عساکر

۳۸۲۹۷..... حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرمایا: کہ رسول اللہ ﷺ دس محرم کا روزہ رکھتے اور اس کا حکم بھی دیتے تھے۔
رواہ ابن عساکر

۳۸۲۹۸..... حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرمایا: ایک شخص نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا میں آپ کے پاس بیٹھا تھا وہ کہنے لگا: یارسول اللہ! رمضان کے بعد آپ ﷺ مجھے کسی مہینہ کے روزے رکھنے کا حکم دیتے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اگر تم نے رمضان کے بعد کسی مہینہ کا روزہ رکھنا ہے تو محرم کا روزہ رکھو، کیونکہ وہ اللہ تعالیٰ کا مہینہ ہے اس میں ایک دن اللہ تعالیٰ نے ایک قوم کی توبہ قبول کی اور اسی میں دوسروں کی توبہ قبول کرتا ہے۔ الدارمی، ترمذی وقال: حسن غریب، عبداللہ بن احمد بن حنبل فی الزوائد، ابویعلی، بیھقی

''یوم نیروز''

نیروز، نوروز ماہ فروردین کی پہلی تاریخ، جس روز سورج نقطہ حمل پر آتا ہے اور بائیس مارچ کے مطابق ہوتی ہے یہ ایرانیوں کی عید کا دن ہے۔
حسن اللغات فارسی

۳۸۲۹۹..... (مسند علی) مسعر تیمی سے روایت ہے فرمایا: حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے لئے کسی نے نیروز کے دن ایک جام میں فالودہ ہدیہ میں بھیجا، آپ نے فرمایا: یہ کیا ہے؟ لوگوں نے کہا: یہ نیروز کا دن ہے، آپ نے فرمایا: ہمارا نیروز ہر روز پانی سے ہوتا ہے۔
ابن الانباری فی المصاحف ورواہ ابن سیرین

''دس ذی الحجہ.....عید قربان''

۳۸۳۰۰..... حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کے نزدیک کوئی نیک عمل دس ذی الحجہ کے عمل سے عظیم اور پاکیزہ نہیں، کسی نے عرض کیا: یارسول اللہ! نہ وہ بھی جو اللہ تعالیٰ کی راہ میں اپنا مال وجان لگا کر جہاد کرے، آپ ﷺ نے فرمایا: نہ وہ جو اللہ تعالیٰ کی راہ میں اپنی جان مال سے جہاد کرے، ہاں وہ جو اپنی جان مال واپس نہ لے۔ ابن زنجویہ

۳۸۳۰۱..... حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے فرمایا: میں رسول اللہ ﷺ کے پاس تھا اعمال کا ذکر چھڑ گیا، آپ ﷺ نے فرمایا: اس عشرہ سے بڑھ کر کسی دن کا عمل افضل نہیں، لوگوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! نہ جہاد اس سے بڑھ کر ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: نہ جہاد، البتہ آدمی اپنی جان مال کو اللہ تعالیٰ کی راہ میں لگادے۔ رواہ ابن النجار

''حیوانات، نباتات اور پہاڑوں کے فضائل''

''گھوڑے''

۳۸۳۰۲..... قادسیہ میں شریک ایک شخص سے روایت ہے فرمایا: ہم لوگ قادسیہ سے واپس ہوئے ہم میں سے کوئی شخص رات کے وقت اپنی گھوڑی جنوار ہا تھا صبح ہوئی اس کا بچھیرا اسے بہت اچھا لگا، حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو پتہ چلا آپ نے لکھا: اللہ تعالیٰ نے جو کچھ تمہیں عطا

کیا ہے اس میں بہتری پیدا کرو کیونکہ کام میں سستی ہورہی ہے۔ (ھناد) یعنی لوگوں میں مالی مشغولی بڑھ رہی ہے اور رغبت آخرت میں سستی ہورہی ہے۔

۳۸۳۰۳......(مسند عتبہ) رسول اللہ ﷺ نے گھوڑوں کی دموں (کے بال) ایال اور ماتھے کے (بال) کاٹنے سے منع فرمایا ہے رہے ان کے ایال تو اس میں ان کی گرمی کا باعث ہے اور رہیں ان کی دمیں تو وہاں کی جھاڑن ہے اور رہیں ان کی پیشانیاں تو کیونکہ خیران کی پیشانیوں میں باندھ دی گئی ہے۔ الرامھرمزی فی الامثال

''مرغ''

۳۸۳۰۴......حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک مرغ چیخا، اور نبی ﷺ کے پاس کچھ لوگ بیٹھے تھے ایک شخص کہنے لگا: اللہ! اس پر لعنت کر! تو نبی ﷺ نے فرمایا: اسے گالی نہ دو کیونکہ یہ نماز کی طرف بلاتا ہے۔ بیھقی و ابن النجار

ٹڈی

۳۸۳۰۵......حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرمایا: ٹڈی کے پروں پر سریانی زبان میں لکھا ہے: میں اللہ ہوں، ٹڈی کا رب اور اس کا خالق ہوں، جب میں چاہتا ہوں تو کسی قوم کو عذاب دینے کے لئے اسے بھیجتا ہوں۔ رواہ ابن النجار

۳۸۳۰۶......(نیز) محمد بن علی سے روایت ہے فرمایا: مجھے حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بتایا: یہ جو ٹڈی کے پروں پر سیاہ سیاہ نقطے ہیں یہ سریانی میں لکھا ہے میں اللہ ہی تمام جہانوں کا الہٰ ومعبود ہوں، متکبروں کی گردنیں توڑنے والا میں نے ٹڈی کو پیدا کیا، اور میں نے اسے اپنا ایک لشکر بنایا ہے میں اس کے ذریعہ اپنے (نافرمانوں) بندوں میں سے جسے چاہتا ہوں ہلاک کردیتا ہوں۔ الختلی فی الدیباج

۳۸۳۰۷......حسین بن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے ان سے کسی نے پوچھا: ٹڈی کے پر پہ کیا لکھا ہے؟ فرمایا: میں نے اپنے والد سے پوچھا: فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا آپ نے مجھ سے فرمایا: ٹڈی کے پر پہ لکھا ہے: میں ہی اللہ ہوں میرے سوا کوئی دعا وعبادت کے لائق نہیں، میں ٹڈی کا رب ہوں اس کا رازق ہوں، جب چاہتا ہوں اس کے کسی قوم کا رزق بنا کے بھیج دیتا ہوں اور جب چاہتا ہوں کسی قوم پر عذاب بنا کے بھیج دیتا ہوں۔ طبرانی فی الکبیر واسمعیل بن عبدالغفار الفارسی فی الرابعین، بیھقی فی شعب الایمان

''بکریاں''

۳۸۳۰۸......ام راشدہ حضرت ام ھانی رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی باندی سے روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ (اپنی بہن) ام ھانی کے ہاں تشریف لائے، آپ نے انہیں کھانا پیش کیا، حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: مجھے آپ کے ہاں برکت نظر نہیں آتی؟ حضرت ام ھانی رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا: کیا یہ برکت نہیں؟ آپ نے فرمایا: میری یہ مراد نہیں، آپ کی کوئی بکری نہیں۔ ابن ابی شیبہ، ومسدد

۳۸۳۰۹......حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ام ھانی سے فرمایا: کیا تمہاری بکریاں ہیں؟ انہوں نے عرض کیا: نہیں، آپ نے فرمایا: بکریاں رکھ لو اس میں برکت ہے۔ رواہ ابن جریر

۳۸۳۱۰......(مسند عبدالمطلب بن ربیعہ) ابواسحاق، عبدۃ بن حزن نصری سے روایت کرتے ہیں، فرماتی ہیں: رسول اللہ ﷺ کے پاس اونٹوں اور بکریوں والے آپس میں فخر کرنے لگے: اونٹوں والوں نے کہا: اے بکریوں کے چرواہو! کیا تم لوگ کوئی چیز پسند کرتے ہو یا کسی چیز کا شکار کرتے ہو؟ یہ چند بکریاں ہیں انہیں تمہارا کوئی شخص چراتا ہے پھر انہیں ختم کردیتا ہے یوں اونٹوں والوں نے انہیں خاموش کردیا۔

نبی ﷺ نے فرمایا: داؤد علیہ السلام مبعوث ہوئے انہوں نے بکریاں چرائیں، موسیٰ علیہ السلام کی بعثت ہوئی انہوں نے بکریاں چرائیں، میں مبعوث ہوا میں نے بھی اپنے گھر والوں کی مقام اجیاد پر بکریاں چرائیں، یوں بکریوں والے ان پر غالب رہے۔

ابن عساکر وقال رواہ بندار عن ابی داؤد عن شعبہ عن ابی اسحاق فقال: نصر بن حزن، قال شعبہ: قلت لابی اسحاق! أنصر ادرک النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال نعم

۳۸۳۱۱......(مسند علی) ابن جریر، مقدمی، اسحاق الفروی، عیسیٰ بن عبداللہ بن محمد بن عمر بن علی ان کے سلسلہ سند میں ہے وہ اپنے والد سے وہ اپنے دادا سے وہ اپنے والد کے دادا حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس کے گھر میں دودھ والی بکری ہوگی اللہ تعالیٰ اسے اس (بکری) کا رزق دے گا، اس کے گھر میں برکت ہوگی اور روزانہ اس کی پاکیزگی ہوگی، ایک منزل فقر وفاقہ میں سے دور چلا جائے گا، اور جس کے گھر میں دودھ والی دو بکریاں ہوں گی اللہ اسے ان دونوں کا رزق دے گا اور فقر اس سے دو منزل دور چلا جائے گا، روزانہ اس کی دو دفعہ پاکیزگی ہوگی۔ اور جس کے گھر میں دودھ والی تین بکریاں ہوں گی، اللہ تعالیٰ اسے ان کا رزق دے گا اور اس کے گھر میں تین برکتیں ہوں گی، روزانہ اس کی تین مرتبہ پاکیزگی ہوگی، اور فقر اس سے تین منزلیں دور منتقل ہوگا۔

قال ابن جریر: هذا خبر عندنا صحیح سندہ وتعقب بان اسحاق وعیسی ضعیفان

”کبوتر“

۳۸۳۱۲......حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرمایا: نبی ﷺ کو سرخ اور بھورے رنگ کے کبوتر دیکھنا اچھا لگتا تھا۔

ابن حبان فی الضعفاء وابن السنی وابو نعیم معاً فی الطب

مکڑی

۳۸۳۱۳......(مسند الصدیق) دیلمی مسند الفردوس میں فرماتے ہیں: میں اور جس نے یہ حدیث کہی: اور فرمایا: میں نے جب سے اپنے شیخ ابو اسحاق ابراہیم بن احمد مراغی، المطہر بن محمد بن جعفر اصباہن میں سنا میں اس (مکڑی) سے محبت کرتا ہوں، ان دونوں نے فرمایا: ہم بھی اس سے محبت کرتے ہیں جب سے ہم نے اپنے شیخ ابوسعید اسمعیل بن علی بن حسین سمان سے سنا فرماتے ہیں میں اسے پسند کرتا ہوں جب سے میں نے احمد بن محمد بن احمد بن عبداللہ بن حفص الصوفی سے سنا، وہ فرماتے ہیں، میں اس سے محبت کرتا ہوں جب سے میں نے ابوبکر محمد بن محمود فارسی بلخ کے زاہد وعابد سے سنا، فرماتے ہیں میں اس سے محبت کرتا ہوں جب سے میں نے ابوسہل میمون بن محمد بن یونس فقیہہ سے سنا، فرماتے ہیں: میں اس سے محبت کرتا ہوں جب سے میں نے ابراہیم بن محمد سے سنا، وہ فرماتے ہیں میں اس سے اس وقت سے محبت کرتا ہوں جب سے میں نے احمد بن عباس حضرمی سے سنا وہ فرماتے ہیں یہ مجھے اس وقت سے محبوب ہے جب سے میں نے عبدالملک بن قریب اصمعی سے سنا وہ فرماتے ہیں: میں اس وقت سے اسے پسند کرتا ہوں جب سے میں نے ابن عون سے سنا وہ فرماتے میں نے جب سے محمد بن سیرین سے اس وقت سے میں اس سے محبت کرتا ہوں وہ فرماتے ہیں: میں اس وقت سے اس سے محبت کرتا ہوں جب سے میں نے حضرت ابو ہریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے سنا وہ فرماتے ہیں میں اس وقت سے اس سے محبت کرتا ہوں جب سے میں نے حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے سنا وہ فرماتے ہیں: میں اس وقت سے اس مکڑی سے محبت کرتا ہوں جب سے میں نے دیکھا کہ رسول اللہ ﷺ اس سے محبت کرتے ہیں آپ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ ہماری طرف سے مکڑی کو اچھا بدلہ دے کیونکہ ابوبکر اس نے مجھ پر اور تم پر غار (کے دہانے) میں جالا تنا جس کی وجہ سے مشرکین نے نہ ہمیں دیکھا نہ ہم تک پہنچ سکے دیلمی فرماتے ہیں: میں بھی اس سے محبت کرتا ہوں جب سے میں نے سنا اور وہ بھی جو اس حدیث کو بیان کرتا ہے۔

پسو

۳۸۳۱۴..... حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں: ہم نے ایک جگہ پڑاؤ کیا تو ہمیں پسوؤں سے تکلیف ہوئی، ہم نے انہیں برا بھلا کہا، تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: انہیں گالی نہ دو کیونکہ یہ کیا ہی اچھا کیڑا ہے جس نے تمہیں اللہ کے ذکر کے لئے بیدار کیا۔
طبرانی فی الاوسط

کلام:..... التنزیہ ۱۹۰ الشذرہ ۱۱۱۳۔

۳۸۳۱۵..... حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، ایک دفعہ ہم نبی ﷺ کے ساتھ تھے ہمیں پسوؤں نے اذیت پہنچائی تو ہم انہیں گالی گلوچ کرنے لگے، تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: پسوؤں کو گالی نہ دو، بہترین کیڑا وہ ہے جس نے تمہیں اللہ تعالیٰ کے ذکر کے لئے بیدار کیا ہے، تو ہم نے یہ رات تہجد پڑھنے میں گزاری۔ عقیلی فی الضعفاء وابن الجوزی فی الواھیات

۳۸۳۱۶..... حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے فرماتی ہیں: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے اللہ! ہمارے لئے اس کیڑے یعنی پسو میں برکت دے جس نے ہمیں نماز کے لئے جگایا۔ رواہ الدیلمی

کیکڑا

۳۸۳۱۷..... حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرمایا: یہ کیکڑے جو ساحل سمندر پر ہیں اللہ تعالیٰ نے انہیں موج کے حوالے کیا ساحل (انہیں) نہیں ڈبوتا۔ رواہ ابن عساکر

لبان، صنوبر، کندر

۳۸۳۱۸..... عبداللہ بن جعفر سے روایت ہے فرماتے ہیں: ایک شخص (چچا) علی بن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس آ کر نسیان (بھولنے کی بیماری) کی شکایت کرنے لگا، آپ نے فرمایا: لبان استعمال کیا کرو اس واسطے کہ اس سے دل مضبوط ہوتا اور نسیان ختم ہوجاتا ہے۔
ابن السنی وابو نعیم معاً فی الطب، خطیب فی الجامع

”انار کا رس“

۳۸۳۱۹..... (مسند علی) اسد، جعفر بن محمد سے وہ اپنے آباؤ واجداد سے وہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: انار کھایا کرو، کیونکہ اس کے ہر دانے میں جنت کا پانی ہے اس کا جو دانہ معدہ میں داخل ہوتا ہے وہ دل کو منور کرتا اور چالیس (دن) رات شیاطین سے محفوظ رکھتا ہے۔ ابوالحسن علی بن الفرج الصقلی فی فوائدہ وفی سندہ مجاھیل

۳۸۳۲۰..... (نیز) مکحول، بشر بن عطیہ حضرت علی سے آپ نبی ﷺ سے روایت کرتے ہیں آپ علیہ السلام نے فرمایا: انار کھایا کرو، اسے اس کی چربی سمیت کھالیا کرو، کیونکہ وہ معدہ کو رنگتا ہے اس کا جو دانہ جو آدمی کے پیٹ میں جاتا، اس کا دل منور کر دیتا ہے اور چالیس روز شیاطین کے وسوسہ سے محفوظ رکھتا ہے۔ الصقلی المذکور وفیہ مجاھیل

کلام:..... التنزیہ، ج ۲ ص ۲۶۱، ذخیرۃ الحفاظ ۳۵۴۱۔

۳۸۳۲۱..... حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرمایا: میٹھا انار کھایا کرو کیونکہ یہ معدہ کی خوشبو ہے۔ خطیب فی الجامع

۳۸۳۲۲...... حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرمایا: جب انار کھاؤ تو اس کی چربی سمیت کھاؤ کیونکہ وہ معدہ کو رنگتا ہے۔

عبداللہ بن احمد بن حنبل فی الزوائد، والدینوری وابن السنی وابونعیم معاً فی الطب، بیهقی فی شعب الایمان

۳۸۳۲۳...... مرجانہ سے روایت ہے فرماتی ہیں: میں نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو انار کھاتے دیکھا، آپ اس کے گرتے دانوں کو تلاش کررہے تھے اور کھارہے تھے۔ بیهقی فی شعب الایمان

''کھجور''

۳۸۳۲۴...... حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرمایا: جبرائیل علیہ السلام نبی ﷺ کے پاس آئے، فرمایا: اے محمد (ﷺ) تمہاری بہترین کھجور برنی ہے۔ رواہ ابونعیم

۳۸۳۲۵...... (مسند عمر) شعبی سے روایت ہے فرمایا: قیصر روم نے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو لکھا: کہ میرے قاصد آپ کے ہاں سے ہوکر آتے ہیں وہ سمجھتے ہیں کہ آپ لوگوں کی طرف ایک درخت ہے جس میں کوئی خیر نہیں، وہ درخت گدھے کے کانوں کی طرح ظاہر ہوتا ہے پھر وہ سفید موتی کی طرح ہوجاتا ہے پھر وہ سبز زمرد جیسا ہوجاتا ہے اس کے بعد یاقوت کی مانند ہوجاتا ہے، پھر اس پہ پھل لگتا ہے اور پک جاتا ہے تو اچھے فالودے کی طرح ہوجاتا ہے جسے کھایا جائے، اس کے بعد وہ خشک ہوکر مقیم کی حفاظت (جان) اور مسافر کا توشہ بن جاتا ہے، اگر میرے قاصدوں نے مجھے سچ نہیں کہا تو میرے خیال میں وہ جنت کا درخت ہے۔

آپ نے اسے جواب تحریر کیا: تمہارے قاصدوں نے تم سے سچ کہا ہے ہمارے یہ درخت وہی ہے جو اللہ تعالیٰ نے حضرت مریم علیہا السلام کے لئے اس وقت اگایا تھا جب انہیں عیسیٰ علیہ السلام کا حمل تھا۔ ابن عساکر والسلفی فی انتخاب حدیث القراء

۳۸۳۲۶...... (مسند جزء السدوسی) حفص بن المبارک، بنی سدوس کے ایک شخص سے وایت کرتے ہیں جنہیں ''جزء'' کہا جاتا ہے فرماتے ہیں: ہم رسول اللہ ﷺ کے پاس یمامہ کی کھجوریں لائے، تو آپ نے فرمایا: یہ کون سی کھجوریں ہیں؟ ہم نے عرض کیا: جذامی، فرمایا: اے اللہ! ہمارے لئے جذامی میں برکت دے۔ رواہ ابونعیم

۳۸۳۲۷...... (مسند عبداللہ بن الاسود) محمد بن عمر اپنے والد سے دادا سے وہ اپنے دادا عبداللہ بن الاسود سے روایت کرتے ہیں فرمایا: ہم رسول اللہ ﷺ کے پاس بستی سے بنی سدوس کے وفد میں حاضر ہوئے، میرے پاس جذامی کھجوریں تھیں، میں نے وہ کھجوریں آپ کے سامنے ایک چمڑے کے دستر خوان پر بکھیر دیں آپ نے کھجوریں اپنی مٹھی میں لے کر فرمایا: یہ کون سی کھجوریں ہیں؟ میں نے عرض کیا: جذامی، آپ نے فرمایا: اے اللہ ہمارے لئے جذامی میں برکت دے، جس باغ سے یہ نکلیں اس میں اور اس باغیچہ میں جس سے یہ نکلیں۔

رواہ الدیلمی

۳۸۳۲۸...... حضرت ابوہریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے آپ نبی ﷺ سے روایت کرتے ہیں آپ نے فرمایا: یہ دو پاکیزہ چیزیں ہیں: کھجور اور دودھ۔ الرمهرمزی

کلام:...... ذخیرۃ الحفاظ ۱۴۷۱۔

حرف قاف

اس میں چار کتابیں ہیں، قیامت، قصاص، قصص، ساجھے پر مال کی تجارت۔

کتاب القیامۃ ...... از قسم اقوال

اس کے دو باب ہیں۔

باب اول ...... قیامت سے پہلے پیش آنے والے امور

اس کی چار فصلیں ہیں۔

فصل اول ...... قیامت کے قریب قائم ہونے کے بارے میں

۳۸۳۲۹ ...... میں اور قیامت دونوں ایک سانس (کی طرح) مبعوث ہوئے البتہ میں اس سے آگے نکل گیا جیسے یہ انگلی اس سے آگے ہے آپ نے اپنی شہادت اور درمیان والی انگلی کی طرف اشارہ کیا۔ ترمذی، عن المستورد

کلام: ...... ضعیف الجامع ۲۳۳۹۔

۳۸۳۳۰ ...... میں اور قیامت ایسے بھیجے گئے۔ مسند احمد، بیھقی، ترمذی، عن انس، مسند احمد بیھقی عن سھل بن سعد

۳۸۳۳۱ ...... میں قیامت کے بہاؤ میں بھیجا گیا۔ الحاکم فی الکنی عن ابی جبیرۃ

۳۸۳۳۲ ...... میری اور قیامت کی مثال میدان کے دو گھوڑوں کی طرح ہے، میری اور قیامت کی مثال اس شخص کی طرح جسے اس کی قوم نے لشکر سے پہلے (دشمن کی تفتیش کے لئے) بھیجا ہو، جب اس نے خوف محسوس کیا کہ (دشمن کا لشکر) اس سے پہلے نکل جائے گا، تو وہ اپنے کپڑے کو ہلا کر پکارتا ہے، تم آ گئے آ گئے، میں وہی ہوں میں وہی ہوں۔ بیھقی فی شعب الایمان عن سھل بن سعد

کلام: ...... ضعیف الجامع ۵۲۵۲۔

۳۸۳۳۳ ...... دنیا (کی عمر) سات ہزار سال ہے اور میں اس کے آخری ہزار میں ہوں۔

طبرانی فی الکبیر والبیھقی فی الدلائل عن الضحاک بن زمل

۳۸۳۳۴ ...... قیامت قریب آ گئی اور وہ ان کے قریب ہوتی جا رہی ہے۔ طبرانی فی الکبیر عن ابن مسعود

۳۸۳۳۵ ...... قیامت قریب آ گئی اور لوگوں کی حرص دنیا بڑھ رہی ہے اور اللہ تعالیٰ سے دور ہو رہے ہیں۔ حاکم عن ابن مسعود

۳۸۳۳۶ ...... لوگ مجھ سے قیامت کے بارے میں پوچھتے ہیں جب کہ اس کا علم تو اللہ ہی کو ہے اللہ کی قسم! (اس) زمین پر آج جو جاندار بھی ہے اس پر سو سال آئیں گے۔ مسند احمد، مسلم، عن جابر

۳۸۳۳۷ ...... مومنوں کے لئے قیامت کا وقت ظہر سے عصر تک (کی طرح) ہوگا۔ حاکم عن ابی ھریرۃ

کلام: ...... کشف الخفاء ۳۲۰۰۱۔

۳۸۳۳۸ ...... اگر یہ لڑکا زندہ رہا تو ابھی بوڑھا نہیں ہوگا کہ قیامت قائم ہو جائے گی۔ مسلم عن انس، ابوداؤد عن المغیرۃ وعن عائشہ

۳۸۳۳۹ ...... معراج کی رات میری ابراہیم وموسیٰ علیھما السلام سے ملاقات ہوئی، انہوں نے آپس میں قیامت کا ذکر کیا، سب نے اس کا حل

ابراہیم علیہ السلام سے پوچھا، آپ نے فرمایا: مجھے اس کا کوئی علم نہیں، پھرانہوں نے اس کا حل موسیٰ علیہ السلام سے پوچھا: آپ نے فرمایا: مجھے اس کا کوئی علم نہیں، پھراس کا حل عیسیٰ علیہ السلام سے پوچھا، آپ نے فرمایا: اس کے وقوع کا علم اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کے پاس نہیں، اور مجھے میرے رب (اللہ تعالیٰ) نے جو وصیت کی، کہ دجال نکلے گا، اور میرے پاس دو شاخیں ہوں گی، جب وہ مجھے دیکھے گا تو تانبے کی طرح پگھلے گا، جب وہ مجھے دیکھے گا اللہ تعالیٰ اسے ہلاک کردے گا، یہاں تک درخت اور پتھر پکار کر کہے گا:

اے مسلمان! میرے تلے کافر چھپا ہے آؤ اسے قتل کرو۔ یوں اللہ تعالیٰ اسے ہلاک کردے گا، پھرلوگ اپنے شہروں اور وطنوں کا رخ کریں گے اس وقت یاجوج وماجوج نکلیں گے وہ ہر اونچی جگہ سے پھسل رہے ہوں گے، وہ ان کے شہروں میں پھیل جائیں گے، جس چیز کے پاس آئیں گے اسے ختم کردیں گے، جس پانی پر ان کا گزر ہوگا اسے پی ڈالیں گے اس کے بعد لوگ میرے پاس آئیں گے، ان کی شکایت کریں گے میں اللہ تعالیٰ سے ان کے لئے بددعا کروں گا، پس اللہ تعالیٰ انہیں ہلاک کردے گا، اورماردے گا یہاں تک کہ زمین ان کی بدبو سے بدبودار ہوجائے گی، اس کے بعد اللہ تعالیٰ بارش نازل کرے گا، جو ان کے جسموں کو بہا کرلے جائے گی اور بالآخر انہیں سمندر میں پھینک دے گی، پھر پہاڑ اڑیں گے اور زمین چمڑے کی طرح پھیلادی جائے گی، تو مجھے میرے رب نے جن باتوں کی وصیت کی کہ جب ایسا ہو تو پھر قیامت ایسے واقع ہوگی جیسے کسی حاملہ عورت کا وقت ولادت پورا ہوجائے اس کے گھر والے نہ جانتے ہوں کہ کب رات یا دن میں اچانک انہیں اپنی ولادت کی خبر دے دے۔

مسند احمد، ابن ماجه، حاکم عن ابن مسعود

کلام:......ضعیف الجامع ۴۷۰۹۔

۳۸۳۴۰......زمین پر جو جاندار بھی ہے اس پر سو سال گزریں گے۔ ترمذی عن جابر

۳۸۳۴۱......سو سال نہیں گزریں گے اور زمین پر کوئی جاندار جو آج ہے، باقی رہے۔ مسلم عن ابی سعید

۳۸۳۴۲......آج جو جاندار زمین پر ہے اس پر سو سال گزریں گے، اور وہ اس دن زندہ ہوگا۔ مسند احمد، مسلم، ترمذی، عن جابر

۳۸۳۴۳......ہر امت کا ایک وقت مقرر ہے اور میری امت کا سو سال ہے، جب میرے امتیوں پر سو سال گزر جائیں گے تو جس چیز کا اللہ تعالیٰ نے ان سے وعدہ کر رکھا ہے وہ آجائے گی۔ طبرانی فی الکبیر عن المستورد ابن شداد

کلام:......ضعیف الجامع ۱۹۲۲۔

۳۸۳۴۴......بھلا تم نے اپنی اس رات کو دیکھا! سو سال کی انتہا پر جو بھی زمین پر ہے ان میں سے کوئی بھی باقی نہیں رہے گا۔

مسند احمد، بیهقی، ابو داؤد، ترمذی عن ابن عمر

۳۸۳۴۵......اللہ تعالیٰ کی ایک (مخلوق) ہوا ہے جسے اللہ تعالیٰ سو سال پورا ہونے پر بھیجے گا جو ہر مومن کی روح قبض کرے گی۔

ابویعلی و الرویانی و ابن قانع، حاکم و الضیاء عن بریدة

۳۸۳۴۶......جو کوئی قیامت کو اپنی آنکھوں سے دیکھنا چاہے اسے چاہئے کہ وہ یہ آیت پڑھ لے "اور جب سورج لپیٹ دیا جائے گا۔ اور جب آسمان پھٹ پڑے گا۔ اور جب آسمان میں شگاف ہوجائے گا" مسند احمد، ترمذی، حاکم عن ابن عمر

الاکمال

۳۸۳۴۷......تم لوگ اور قیامت یوں ہو (ان دو انگلیوں کی طرح) (مسند احمد، حاکم عن انس) میں اور قیامت ایسے بھیجے گئے ہیں۔ جیسے یہ دو ہیں آپ نے شہادت والی اور درمیانی انگلی کی طرف اشارہ کیا۔ ابو داؤد طیالسی، مسند احمد، عبد بن حمید، بخاری مسلم، ترمذی، الدارمی، ابن حبان، عن انس، ابن بریده، مسند احمدوهناد طبرانی فی الکبیر، سعید بن منصور عن جابر بن سمرة، مسند احمد، بخاری، مسلم ابن حبان، عن سهل بن سعد، طبرانی فی الکبیر عن المستورد، بخاری، ابن ماجه وهناد عن ابی هریرة، ابن

ماجہ وابن سعد، عن جابر بن عبداللہ، البغوی عن ابی جبیرۃ الانصاری عن اشیاخ من الا نصار

۳۸۳۴۹.....میں اور قیامت ان دو کی طرح بھیجے گئے ہیں ہوسکتا ہے وہ مجھ سے سبقت لے جائے۔

مسند احمد، وسمویہ، سعید بن منصور عن عبداللہ بن بریدہ عن ابیہ

۳۸۳۵۰.....میں اور قیامت یوں بھیجے گئے ہیں جیسے یہ (انگلی) اس کے قریب ہے، ہوسکتا ہے وہ مجھ سے سبقت لے جائے۔

مسند احمد، سمویہ، سعید بن منصور عن عبداللہ بن بریدہ عن ابیہ

۳۸۳۵۱.....میں اور قیامت یوں بھیجے گئے ہیں جیسے یہ اس کے قریب ہے ہوسکتا ہے وہ مجھ سے سبقت لے جاتی۔

مسند احمد، هناد عن ابی جحیفة

۳۸۳۵۲.....میں اور قیامت اس طرح بھیجے گئے ہیں میں اس سے یوں سبقت لے گیا جیسے یہ (انگلی) اس (انگلی) سے سبقت لے گئی ہے۔

طبرانی فی الکنی عن ابی جبیرۃ بن الضحاک الا نصاری

۳۸۳۵۳.....لوگ مجھ سے قیامت کے متعلق پوچھتے ہیں اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے، آج زمین پر جو جاندار بھی موجود ہے اس پر سو سال گزریں گے۔ابن حبان عن انس

۳۸۳۵۴.....لوگوں پر سو سال نہیں گزریں گے کہ زمین میں کوئی آنکھ حرکت کرنے والی ہو۔عن ابن مسعود

۳۸۳۵۵.....صدی نہیں گزرے گی اور زمین پر کوئی باقی رہے۔

الحسن بن سفیان وابن شاهین وابن قانع، طبرانی فی الکبیر، حاکم وابن عساکر عن سفیان ابن وهب الخولانی

۳۸۳۵۶.....سو سال نہیں ہوں گے کہ زمین پر کوئی آنکھ جھپکنے والی ہو۔حاکم عن ابن مسعود

۳۸۳۵۷.....ہجرت کے سو سال نہیں گزریں گے کہ تم میں سے کوئی آنکھ جھپکنے والی ہو۔بیهقی فی البعث عن انس

۳۸۳۵۸.....سو سال نہیں گزریں گے کہ کوئی آنکھ جھپکنے والی ہو۔نسائی عن عبداللہ بن بریدہ عن ابیہ

۳۸۳۵۹.....اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے! تمہاری باقی دنیا اتنی ہی رہ گئی ہے جتنا تمہارا یہ دن رہ گیا ہے اور مسلمان بہت تھوڑے دکھائی دیں گے۔سمویہ، ضیاء عن انس

فصل ثانی....."جھوٹوں اور فتنوں کا ظہور"

۳۸۳۶۰.....میری امت (دعوت) میں کذاب و دجال (نما) انسان ہوں گے (جن کی تعداد) ستائیس ہوگی، ان میں سے چار عورتیں ہوں گی (جو نبوت کا دعویٰ کریں گے) میں ہی خاتم النبیین ہوں میرے بعد کوئی نبی نہیں ہوگا۔مسند احمد، طبرانی والضیاء عن حذیفة

۳۸۳۶۱.....ایک دفعہ میں سو رہا تھا میں نے اپنے ہاتھ میں سونے کے دو کنگن دیکھے، مجھے ان کی بڑی اہمیت معلوم ہوئی، خواب میں ہی مجھ پر وحی ہوئی کہ انہیں پھونک مارو، ان دونوں کو پھونک ماری تو وہ دونوں اڑ گئے، تو میں نے اس کی تعبیر یہ لی کہ یہ میرے بعد دو جھوٹے ظاہر ہوں گے، سو ان میں سے ایک اسود العنسی ہے اور دوسرا مسلیمہ کذاب ہے بیهقی، ترمذی، ابن ماجہ عن ابی هریرۃ، بخاری عن ابن عباس

۳۸۳۶۲.....اسلام کی کڑیاں ایک ایک کر کے ضرور توڑی جائیں گی، گمراہ کن بادشاہ ہوں گے اور اس کے بعد ضرور تین دجال ظاہر ہوں گے۔

حاکم عن حذیفة)

کلام:.....ضعیف الجامع ۴۶۵۸۔

۳۸۳۶۳.....جب تک ستر جھوٹے ظاہر نہیں ہوجاتے قیامت قائم نہیں ہوگی۔طبرانی فی الکبیر عن ابن عمر

کلام:.....ضعیف الجامع ۶۲۵۸۔

۳۸۳۶۴ ..... قبل از قیامت بہت سے جھوٹے ہوں گے ان سے ہوشیار رہنا۔ مسند احمد، مسلم عن جابر بن سمرة

۳۸۳۶۵ ..... میں دنیا کی مٹی کی تعداد کے برابر گواہی دیتا ہوں کہ مسلیمہ بڑا جھوٹا ہے۔ طبرانی فی الکبیر عن وبر الحنفی

کلام: ..... ضعیف الجامع ۲۰۸۳۔

۳۸۳۶۶ ..... ثقیف میں ایک جھوٹا اور خونی ہوگا۔ ترمذی، عن ابن عمر طبرانی فی الکبیر عن سلامة بنت الحر

۳۸۳۶۷ ..... ثقیف میں ایک بے حد جھوٹا اور خونی ہوگا۔ مسلم عن اسماء بنت ابی بکر

۳۸۳۶۸ ..... سب سے پہلا شخص جو میری سنت کو بدل دے گا وہ بنی امیہ کا ہوگا۔ وہ یزید ہے۔ (ابویعلی عن ابی ذر) یہ کسی راوی کا ادراج ہے۔

۳۸۳۶۹ ..... قیامت سے کچھ ایام پہلے جہالت چھا جائے گی، علم (علماء کے قتل وموت سے) اٹھ جائے گا، اوران ایام میں خون خرابہ بکثرت ہوگا۔

مسلم، بخاری، عن ابن مسعود و ابی موسی

۳۸۳۷۰ ..... قیامت سے پہلے قتل کے ایام ہوں گے۔ مسند احمد، طبرانی عن خالد بن الولید

الاکمال

۳۸۳۷۱ ..... قیامت سے پہلے بے حد جھوٹے ہوں گے، ان میں یمامہ کا والی، ضعاء کا حاکم عنسی، ان میں سے حمیر کا بادشاہ اوران میں سے دجال ہوگا جس کا فتنہ سب سے سخت ہوگا۔ مسند احمد، عن جابر

۳۸۳۷۲ ..... تیس جھوٹوں کے ظاہر ہونے سے پہلے قیامت قائم نہیں ہوگی، ان میں سے ہرایک یہ گمان کرے گا: کہ وہ نبی ہے۔

طبرانی فی الکبیر عن نعیم بن مسعود

۳۸۳۷۳ ..... جب تک دو گروہ آپس میں نہیں لڑیں گے قیامت قائم نہیں ہوگی، ان کے درمیان سخت خون خرابہ ہوگا، ان دونوں کا دعویٰ ایک ہوگا۔ اور جب تک تیس کے قریب دجال کذاب ظاہر نہیں ہولیتے قیامت قائم نہیں ہوگی، ان میں کا ہرایک اپنے تئیں گمان کرے گا کہ وہ اللہ کا رسول ہے۔ مسند احمد، مسلم، بخاری، ابوداؤد، ترمذی عن ابی ہریرة

۳۸۳۷۴ ..... جب تک تیس جھوٹے ظاہر نہیں ہولیتے قیامت قائم نہیں ہوگی، ان میں مسلیمہ کذاب، اسود عنسی اور مختار ہے عرب کے برے قبیلے، بنوامیہ، بنوحنفیہ، اور ثقیف ہیں۔ ابن ابی شیبہ، ابن عدی فی الکامل، عن الزہری

کلام: ..... ذخیرۃ الحفاظ ۶۱۳۵، المتناهیة ۲۷۴۔

۳۸۳۷۵ ..... جب تک تیس جھوٹے ظاہر نہیں ہولیتے قیامت قائم نہیں ہوگی۔ ان میں سے آخری کانا بے حد جھوٹا ہے اس کی بائیں آنکھ بے نور ہوگی۔ گویا وہ ابویحییٰ کی آنکھ ہے۔ الحدیث طولہ۔ ابونعیم عن جابر بن سمرة

۳۸۳۷۶ ..... جب تک تیس دجال کذاب ظاہر نہیں ہولیتے قیامت قائم نہیں ہوگی، ان میں سے ہرایک یہ سمجھے گا کہ وہ نبی ہے سو جو کوئی یہ بات کہے اسے قتل کردو، جس نے ان میں سے کسی ایک کو ماردیا اس کے لئے جنت ہے۔

ابن عساکر عن العلاء بن زیاد العدوی قال حدیث عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم فذکرہ

۳۸۳۷۷ ..... جب تک تیس جھوٹے ظاہر نہیں ہوجاتے قیامت قائم نہیں ہوگی۔ وہ سب اللہ تعالیٰ اور اللہ کے رسول کے بارے میں جھوٹ بکیں گے۔

ابن ابی شیبہ عن ابی ہریرة

۳۸۳۷۸ ..... جب تک تیس جھوٹے ظاہر نہیں ہوجاتے قیامت قائم نہیں ہوگی، ہرایک کا وہم ہوگا کہ وہ قیامت سے پہلے نبی ہے۔

ابن ابی شیبہ عن عبید بن عمرو اللیثی

۳۸۳۷۹ ..... دجال سے پہلے ستر سے کچھ اوپر دجال نکلیں گے۔ نعیم بن حماد فی الفتن، ابویعلی عن انس

۳۸۳۸۰......قیامت سے پہلے دجال ہے اور دجال سے پہلے تیس یا اس سے زیادہ جھوٹے دجال ہوں گے، ان کی نشانی کیا ہے؟ وہ تمہارے پاس ایسا طریقہ پیش کریں گے جس پر تم نہیں ہوگے، وہ اس طریقہ کے ذریعہ تمہارے طریقہ اور دین کو تبدیل کردیں گے، جب تم انہیں دیکھو، تو ان سے اجتناب کرو، ان سے دشمنی کرو۔ طبرانی فی الکبیر عن ابن عمر

۳۸۳۸۱......قیامت سے تیس جھوٹے ہوں گے، ان میں سے اسود عنسی صنعاء کا والی اور یمامہ کا بادشاہ ہے۔ طبرانی ابن الزبیر

۳۸۳۸۲......قبل از قیامت بہت سے جھوٹے ہوں گے۔ طبرانی فی الکبری عن النعمان بن بشیر

۳۸۳۸۳......قیامت سے پہلے بہت سے جھوٹے ہوں گے، ان میں حمیر کا بادشاہ ہے۔ ابن حبان، سعید بن منصور عن جابر بن عبداللہ

۳۸۳۸۴......قیامت سے پہلے بہت سے جھوٹے ہوں گے، ان میں سے یمامہ کا والی، اسود عنسی، اور حمیر کا بادشاہ اور ان میں دجال ہے اس کا فتنہ سب سے بڑا ہے۔ ابن ابی شیبہ عن الحسن مرسلاً

۳۸۳۸۵......امابعد! اس شخص۔ یعنی مسیلمہ۔ کا حال تو تم نے اس کے حال میں کثرت کی، وہ تو قیس جھوٹوں سے بڑھ کر جھوٹا ہے۔ جو دجال سے پہلے ظاہر ہوں گے۔ ہر شہر میں مسیح دجال کا رعب پہنچ جائے گا، صرف مدینہ محفوظ رہے گا۔ اس کے ہر نقب پر دو فرشتے ہوں گے جو اس سے مسیح دجال کی پشت کو ہٹائیں گے۔ مسند احمد، طبرانی فی الکبیر، حاکم عن ابی بکرۃ

۳۸۳۸۶......محمد رسول اللہ کی طرف سے مسلیمۃ کذاب کی جانب: امابعد! زمین اللہ کی ہے اپنے بندوں میں سے جسے چاہتا ہے اس کا وارث بناتا ہے (اچھا) انجام متقین کا ہے۔ طبرانی فی الکبیر عن نعیم بن مسعود

۳۸۳۸۷......آپ نے مسلیمہ کذاب سے فرمایا: اگر تم مجھ سے یہ ٹکڑا مانگو گے میں تمہیں یہ نہیں دوں گا، اپنے بارے میں تم ہرگز اللہ تعالیٰ کے فیصلہ سے نہیں بھاگ سکو گے، اور اگر پیٹھ پھیرو گے، اللہ تعالیٰ تجھے ضرور ہلاک کردے گا۔ اور میں نے جو کچھ دیکھا وہ تمہارے بارے ہی دیکھا ہے (سونے کے دو کنگن والا خواب) اور یہ ثابت (میرا صحابی) تمہیں میری طرف سے جواب دے گا۔ بخاری عن ابن عباس

۳۸۳۸۸......ثقیف سے دو جھوٹے نکلیں گے۔ ان میں کا دوسرا پہلے سے زیادہ شریر ہوگا وہ خونی ہے۔ ابن سعد عن اسماء بنت ابی بکر

۳۸۳۸۹......ثقیف میں جھوٹا اور خونی ہوگا۔ نعیم بن حماد عن اسماء بنت ابی بکر

۳۸۳۹۰......ثقیف سے تین نکلیں گے، کذاب، دجال اور خونی۔ نعیم بن حماد فی الفتن عن اسماء بنت ابی بکر

۳۸۳۹۱......ثقیف سے دو بڑے جھوٹے نکلیں گے ان میں کا دوسرا پہلے سے زیادہ برا ہوگا۔ اور وہ یہ خونی ہے۔

حاکم اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہما

۳۸۳۹۲......ثقیف سے خونی اور بے حد جھوٹا ظاہر ہوگا۔ طبرانی فی الکبیر عن ابن عمر

فصل ثالث......''قیامت کی بڑی نشانیاں''

۳۸۳۹۳......جس سے اس کے بارے میں یعنی قیامت۔ سوال کیا جارہا ہے وہ پوچھنے والے سے زیادہ نہیں جانتا، البتہ میں تمہیں اس کی نشانیاں بتادیتا ہوں: جب باندی اپنی مالکن کو جنم دے گی تو یہ اس کی علامت ہے، اور جب ننگے بدن ننگے پاؤں لوگوں کے سردار بن جائیں تو یہ اس کی علامت ہے، اور جب لوگ اونچی اونچی عمارتیں بنانے لگیں تو یہ بھی اس کی علامت ہے (اس کا علم) ان پانچ غیب کی باتوں میں ہے جنہیں اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی نہیں جانتا، (جو اس آیت میں جمع ہیں) اللہ ہی کے پاس قیامت کا علم ہے۔ آیت (پڑھ لو)۔

مسند احمد، بیھقی، ابن ماجہ عن ابی ھریرۃ مسلم، ابو داؤد، نسائی عن عمر، نسائی، عن ابی ھریرۃ و ابی ذر معاً

۳۸۳۹۴......جب باندی کو دیکھو کہ اس نے اپنی مالکن کو جنم دیا ہے اور عمارتوں کو لمبی لمبی عمارتیں بناتے دیکھو، اور ننگے پاؤں، بھوکے محتاج لوگوں کو عوام الناس کا سردار بنتے دیکھو تو یہ قیامت کی علامات اور اس کی نشانیاں ہیں۔ مسند احمد عن ابن عباس

۳۸۳۹۵...... جب تک وقت (زمانہ) گھٹنا شروع نہیں ہوجاتا قیامت قائم نہیں ہوگی، چنانچہ سال مہینہ جیسا، مہینہ، جمعہ جیسا اور جمعہ دن جیسا ہوجائے گا۔ اور دن ایک گھڑی (گھنٹے) جیسا اور گھڑی آگ کے انگارے جیسی ہوجائے گی۔ مسند احمد، ترمذی عن انس

۳۸۳۹۶...... جب تک فرات سے سونے کا پہاڑ ظاہر نہیں ہوجاتا جس پر لوگ باہم قتل وقتال کریں گے چنانچہ ان کے نو حصے قتل ہوں گے تب تک قیامت قائم نہیں ہوگی۔ ابن ماجه عن ابی هریرة، طبرانی فی الکبیر عن ابی

کلام: ...... ضعیف ابن ماجہ ۷۷۱۔

۳۸۳۹۷...... جب تک فرات سے سونے کا پہاڑ ظاہر نہیں ہوجاتا جس پر لوگ قتل ہوں گے ہر سو میں سے ۹۹ قتل ہوں گے، ان میں سے ہر ایک کہے گا: شاید میں ہی بچ جاؤں۔ تب تک قیامت قائم نہیں ہوگی۔ مسلم عن ابی هریرة

۳۸۳۹۸...... عنقریب فرات سے سونے کا ایک پہاڑ ظاہر ہوگا۔ لوگ جب اس کے بارے میں سنیں گے تو اس کی طرف چل نکلیں گے، تو جو لوگ اس کے پاس ہوں گے وہ کہیں گے: اللہ کی قسم! اگر ہم نے انہیں چھوڑا تو اس سے لیتے لیتے سارا ہی لے آئیں گے پھر لوگ اس پر آپس میں کشت وخون کریں گے یہاں تک کہ ہر گروہ سے ننانوے فی صد لوگ قتل ہوں گے۔ مسند احمد، مسلم عن ابی

۳۸۳۹۹...... عنقریب فرات سے سونے کا خزانہ ظاہر ہوگا جو وہاں ہوگا وہ اس سے کچھ بھی نہیں لے سکے گا۔ بیهقی، ابوداؤد، عن ابی هریرة

۳۸۴۰۰...... جب تک علم قبض، زلزلے بکثرت، وقت میں گھٹاؤ، فتنوں کا ظہور اور قتل وخون زیادہ نہیں ہوگا قیامت قائم نہیں ہوگی۔

بخاری، ابن ماجه عن ابی هریرة

۳۸۴۰۱...... جب تک تم میں مال کی کثرت نہیں ہوجاتی قیامت قائم نہیں ہوگی وہ مال پانی کی طرح بہے گا۔ اور مال والے کو فکر ہوگی کہ اس کی زکوۃ خیرات کون قبول کرے گا، چنانچہ وہ پیش کش کرے گا تو جس پر پیش کرے گا وہ کہہ دے گا مجھے اس کی کوئی ضرورت نہیں۔ بیهقی عن ابی هریرة

۳۸۴۰۲...... جب تک دو بڑی جماعتیں جن کا دعویٰ ایک ہوگا آپس میں جنگ نہیں کریں گی قیامت قائم نہیں ہوگی، اور جب تک تیس کے قریب دجال بڑے جھوٹے ظاہر نہیں ہوں گے قیامت قائم نہیں ہوگی ان سب کا وہم ہوگا کہ وہ اللہ کا رسول ہے۔

مسند احمد، بخاری، ابوداؤد، ترمذی عن ابی هریرة

۳۸۴۰۳...... اس وقت تک قیامت قائم نہیں ہوگی جب تک یہودیوں سے تمہاری جنگ نہیں ہوجاتی یہاں تک کہ جس پتھر کے پیچھے کوئی یہودی چھپا ہوگا وہ (اللہ کی قدرت سے) بول کر کہے گا: اے مسلمان! یہ میرے پیچھے یہودی (چھپا ہے) اسے قتل کردو۔ بخاری مسلم عن ابی هریرة

۳۸۴۰۴...... جب تک ترکوں سے تمہاری لڑائی نہیں ہوتی قیامت قائم نہیں ہوگی، ان کی آنکھیں چھوٹی چہرے سرخ، ناکیں چپٹی ہوں گی، ایسے لگے گا کہ ان کے چہرے منڈھی ہوئی ڈھالیں ہیں۔ اور جب تک تمہاری جنگ ایسی قوم سے نہیں ہولیتی جن کے جوتے بالوں کے ہوں گے تب تک قیامت قائم نہیں ہوگی، اور تم میں سے کسی پہ وہ زمانہ ضرور آئے گا کہ اسے میرا دیکھنا (زیارت وملاقات) اس کے مال وعیال کی طرح محبوب ہوگا۔

بخاری مسلم، ابوداؤد، ترمذی، ابن ماجه عن ابی هریرة

۳۸۴۰۵...... اس وقت تک قیامت قائم نہیں ہوگی جب تک مسلمانوں کی ترکوں سے جنگ نہیں ہوجاتی ان کے چہرے منڈھی ہوئی ڈھال کی طرح ہوں گے وہ اونی لباس پہنتے اور بالوں کے جوتے پہنتے ہوں گے۔ مسلم، ابوداؤد، نسائی عن ابی هریرة

۳۸۵۰۶...... جب تک تم عجم کے ان لوگوں سے نہیں لڑو گے جو خوز (اہواز وتستر کے علاقوں کے) اور کرمان (خراسان، بحر الہند عراق العجم اور سجستان کے درمیانی علاقوں کے رہنے) والے ہیں تب تک قیامت قائم نہیں ہوگی، ان کے چہرے سرخ، ناکیں چپٹی، آنکھیں چھوٹی ہوں گی، گویا ان کے چہرے منڈھی ہوئی ڈھال ہے ان کے جوتے بالوں کے ہوں گے۔ مسند احمد، بخاری عن ابی هریرة

۳۸۵۰۷...... جب تک تمہاری چھوٹی آنکھوں والی، چوڑے چہرے والی، قوم سے جنگ نہیں ہوجاتی، ان کی آنکھیں گویا ٹڈی کی آنکھیں ہیں اور ان کے چہرے منڈھی ہوئی ڈھال کی طرح ہیں وہ بالوں کے بنے جوتے پہنتے ہوں گے۔ وہ چمڑے کی ڈھالیں بناتے ہوں گے یہاں تک کہ وہ اپنے گھوڑوں کو کھجور کے درختوں سے باندھ دیں گے۔ مسند احمد، ابن ماجه، ابن حبان عن ابی سعید

۳۸۴۰۸......قیامت کی یہ نشانی ہے کہ تم ایسی قوم سے جنگ کرو گے جو بالوں کے جوتے پہنتے ہوں گے، اور یہ بھی قیامت کی نشانی ہے کہ تم ایسی قوم سے جنگ کرو گے جن کے چہرے چوڑے ہوں گے، گویا ان کے چہرے منڈھی ہوئی ڈھالیں ہیں۔

مسند احمد، بخاری، ابن ماجه عن عمرو بن تغلب

۳۸۴۰۹......قیامت سے پہلے تم ایسی قوم سے جنگ کرو گے جن کے جوتے بالوں کے ہوں گے اور وہ (کافر ہونے کی وجہ سے) جہنمی ہوں گے۔

بخاری عن ابی هریرة

۳۸۴۱۰......قیامت سے پہلے تم ایسی قوم سے جنگ کرو گے جن کے جوتے بالوں کے ہوں گے، اور تم ایسی قوم سے جنگ کرو گے گویا ان کے چہرے منڈھی ہوئی ڈھال ہیں۔ بیهقی، بخاری عن عمرو بن تغلب

۳۸۴۱۱......جب تک سورج مغرب سے طلوع نہیں ہوتا قیامت قائم نہیں ہوں گی، جب سورج مغرب سے طلوع ہوگا اور لوگ اسے دیکھیں گے تو سب کے سب ایمان لے آئیں گے، اس وقت کسی شخص کا ایمان لانا کام نہ دے گا، جس نے پہلے سے ایمان قبول نہیں کیا۔

مسند احمد، مسلم، ابو داؤد، ابن ماجه، عن ابی هریرة

۳۸۴۱۲......جب تک مال کی کثرت نہیں ہوگی اور بڑھتے بڑھتے بہے گا قیامت قائم نہیں ہوگی، یہاں تک کہ آدمی اپنے مال کی زکوٰۃ نکالے گا تو اسے قبول کرنے والا کوئی نہیں پائے گا، یہاں تک کہ عرب کی زمین شاداب اور نہروں سے بھر جائے گی۔ مسلم عن ابی هریرة

۳۸۴۱۳......جب تک قبیلہ دوس کی عورتیں ذی الخلصہ کے ارد گرد نہیں تھر کیں گے قیامت قائم نہیں ہوگی۔

ابن ماجه، مسند احمد، ۲۲ بیهقی عن ابی هریرة

۳۸۴۱۴......جب تک قحطان سے ایک شخص نکل کر لوگوں کو اپنی لاٹھی سے نہیں ہانکے گا قیامت قائم نہیں ہوگی۔ بیهقی عن ابی هریرة

۳۸۴۱۵......جب تک میری امت سابقہ لوگوں کے کاموں پر عمل نہیں کرے گی قیامت قائم نہیں ہوگی۔ بالشت کے برابر بالشت اور ہاتھ کے برابر ہاتھ، کسی نے عرض کیا: یارسول اللہ! جیسے فارس اور روم کے لوگ ہیں؟ آپ نے فرمایا: یہی لوگ ہیں۔ بخاری عن ابی هریرة

۳۸۴۱۶......جب تک رومی اعماق یا دابق پر نہیں اتریں گے قیامت قائم نہیں ہوگی، پھر ان کی طرف مدینہ سے ایک لشکر نکلے گا جو اس دن روئے زمین سے بہتر لوگوں پر مشتمل ہوگا۔ جب وہ لڑائی کے لئے صفیں باندھیں گے تو روم کہیں گے: ہمارے اور ان لوگوں کے درمیان سے ہٹ جاؤ جنہوں نے ہمارے لوگ قیدی بنائے ہیں، ہم ان سے جنگ کریں، تو مسلمان کہیں گے: نہیں، اللہ کی قسم! ہم تمہارے اور اپنے بھائیوں کے درمیان سے نہیں ہٹیں گے۔ پھر وہ آپس میں جنگ کریں گے، ایک تہائی شکست کھائیں گے جن کی اللہ تعالیٰ کبھی توبہ قبول نہیں کرے گا، ایک تہائی قتل ہوں گے، وہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے افضل شہید ہوں گے، اور ایک تہائی فتح پائیں گے، جو کبھی فتنہ میں مبتلا نہیں ہوں گے، پھر وہ قسطنطنیہ فتح کریں گے، زیتون کے درخت کے ساتھ اپنی تلواریں لٹکا کر وہ آپس میں غنیمت تقسیم کر رہے ہوں گے، کہ اچانک شیطان ان میں چیخ کر کہے گا، کہ مسیح دجال تمہارے گھروں میں آ چکا ہے، چنانچہ وہ نکلیں گے، اور یہ جھوٹ ہوگا جب وہ شام آئیں گے (اس وقت) دجال نکلے گا۔ (انہی ایام) وہ جنگ کی تیاری کر رہے ہوں گے، صفیں درست کر رہے ہوں گے، جب نماز قائم ہوگی تو عیسیٰ بن مریم علیہما السلام (آسمان سے) اتریں گے، ان کی امامت کروائیں گے، جب اللہ کا دشمن انہیں دیکھے گا تو ایسے پگھلے گا جیسے پانی میں نمک گھلتا ہے، اگر وہ اسے چھوڑتے تو پگھل جاتا یہاں تک کہ ہلاک ہو جائے، لیکن اللہ تعالیٰ خود اسے قتل کرے گا اور انہیں اس کا خون اپنے نیزے پر لگا دکھائے گا۔

مسلم عن ابی هریرة)

تشریح:......یعنی قتل تو عیسیٰ علیہ السلام کے ہاتھوں ہوگا نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف مجازی ہے جیسے وما رمیت اذ رمیت ولکن اللہ رمی، نبی علیہ السلام کے بارے میں منقول ہے۔

۳۸۴۱۷......جب تک مسلمانوں کی یہودیوں سے جنگ نہیں ہو جاتی قیامت قائم نہیں ہوگی۔ پھر مسلمان انہیں قتل کریں گے، یہاں تک کہ یہودی پتھر اور درخت کے پیچھے چھپے گا، تو درخت اور پتھر پکار کر کہے گا: اے مسلم! اے اللہ کے بندے! یہ یہودی میرے پیچھے ہے اسے قتل

کرو! صرف غرقد نہیں بولے گا کیونکہ وہ یہودیوں کا درخت ہے۔ مسلم عن ابی ہریرۃ

۳۸۴۱۸ ..... جب تک میری امت کے قبائل مشرکین سے نہیں مل جاتے قیامت قائم نہیں ہوگی۔ یہاں تک کہ بتوں کی پوجا کی جائے گی، اور میری امت میں تیس بڑے جھوٹے ہوں گے ہر ایک وہم کرے گا کہ وہ نبی ہے، میں خاتم النبیین ہوں میرے بعد کوئی نبی نہیں ہوگا۔

بیہقی، حاکم عن ثوبان

۳۸۴۱۹ ..... اس وقت تک قیامت قائم نہیں ہوگی جب تک مسلمانوں کا ادنیٰ مورچہ بولاء ہوگا، اے علی! تم زرد لوگوں سے لڑو گے اور جو تمہارے بعد ہوں گے وہ بھی ان سے لڑیں گے۔ یہاں تک کہ ان کی طرف اسلام کے افضل حجازی لوگ نکالے جائیں جو اللہ تعالیٰ کے بارے میں کسی ملامت گر کی ملامت کی پروا نہیں کریں گے وہ سبحان اللہ، اللہ اکبر کے ذریعہ قسطنطنیہ فتح کریں گے۔ انہیں ایسی غنیمتیں ملیں گی کہ ان جیسی غنیمتیں نہیں ملی ہوں گی، یہاں تک وہ اتر سہ میں غنیمتیں تقسیم کریں گے، ایک آنے والا آئے گا وہ کہے گا: مسیح دجال تمہارے شہروں میں نکل آیا ہے، خبردار! وہ جھوٹی بات ہوگی۔ اس پر عمل کرنے والا اور چھوڑنے والا دونوں نادم ہوں گے۔ ابن ماجہ عن عمرو بن عوف

۳۸۴۲۰ ..... جب تم لوگ اپنی مسجدوں کو مزین کرنے لگو اور اپنے قرآن میں زیور لگانے لگو گے تو تمہارے لئے ہلاکت ہے۔

الحکیم عن ابی الدرداء

۳۸۴۲۱ ..... جب تم کسی قوم کے بارے میں سنو کہ وہ قریب کے علاقہ میں زمین میں دھنسا دیئے گئے ہیں تو قیامت قریب ہے۔

مسند احمد و الحاکم فی الکنی، طبرانی فی الکبیر عن بقیرۃ الھلالیۃ

۳۸۴۲۲ ..... جب حکومت نااہلوں کے سپرد ہوگی تو قیامت کا انتظار کرو۔ بخاری عن ابی ہریرۃ

۳۸۴۲۳ ..... اللہ تعالیٰ یمن سے ایک ہوا بھیجے گا جو ریشم سے زیادہ نرم ہوگی۔ جس کے دل میں رائی برابر بھی ایمان ہوگا اس کی روح قبض کرلے گی۔

حاکم عن ابی ہریرۃ

۳۸۴۲۴ ..... یہ قیامت کی علامت ہے کہ علم اٹھ جائے گا جہالت پھیل جائے گی، زنا عام ہوجائے گا، شراب پی جانے لگے گی، مرد ختم ہونا شروع ہوجائیں گے اور عورتیں باقی رہیں گی یہاں تک کہ پچاس عورتوں کا ایک نگران ہوگا۔ مسند احمد، بیہقی ترمذی، ابن ماجہ عن انس

۳۸۴۲۵ ..... یہ بھی قیامت کی علامت ہے کہ چھوٹوں سے علم تلاش کیا جائے۔ طبرانی فی الکبیر عن ابی امیۃ الجمحی

۳۸۴۲۶ ..... یہ قیامت کی علامت ہے کہ مسجد والے امامت کی ذمہ داری ایک دوسرے پر ڈالیں گے، وہ نماز پڑھانے کے لئے کوئی نہ پائیں گے۔

مسند احمد، ابو داؤد عن سلامۃ بنت الحر

۳۸۴۲۷ ..... یہ قرب قیامت کی علامت ہے کہ پچاس آدمی نماز پڑھیں گے ان میں سے کسی کی نماز قبول نہیں ہوگی۔

ابو الشیخ فی کتاب الفتن عن ابن مسعود

۳۸۴۲۸ ..... سب سے پہلے دائیں طرف والی زمین خراب ہوگی پھر دائیں جانب والی۔ ابن عساکر عن جریر

۳۸۴۲۹ ..... سب سے پہلے قریش ہلاک ہوں گے سب سے پہلے قریش میں میرے گھرانے کے لوگ ہلاک ہوں گے۔

طبرانی فی الکبیر عن عمرو بن العاصی

۳۸۴۳۰ ..... سب سے پہلے قریشی فنا ہوں گے، اور قریشی میں سے بنی ہاشم فنا ہوں گے۔ مسند احمد، بخاری عن ابن عمرو

۳۸۴۳۱ ..... سب سے پہلے رکن اور قرآن اٹھالیا جائے گا، اور وہ خواب جو نیند میں دکھائی دے گی۔

الازرقی فی تاریخ مکۃ عن عثمان بن ساج بلاغاً

۳۸۴۳۲ ..... دوسو سال کے بعد (قیامت کی) علامات ظاہر ہوں گی۔ ابن ماجہ حاکم عن ابی قتادۃ

۳۸۴۳۳ ..... (قیامت کی) علامات (ایسے ظاہر ہوں گی) جیسے دھاگے میں پروئے ہوئے موتی ہوتے ہیں جب دھاگہ ٹوٹتا ہے ایک کے پیچھے دوسرا موتی نکل جاتا ہے۔ مسند احمد، حاکم عن ابن عمر

۳۸۴۳۴......رات دن یوں ہی گزرتے رہیں گے یہاں تک کہ لات وعزی کی پرستش کی جانے لگے گی۔ پھر اللہ تعالیٰ ایک اچھی ہوا بھیجے گا جو ہر اس شخص کی روح قبض کرلے گی جس کے دل میں رائی برابر بھی ایمان ہوگا۔ پھر ایسے لوگ رہ جائیں گے جن میں ذرا خیر و بھلائی نہیں ہوگی اور وہ اپنے اباء واجداد کا دین اختیار کرلیں گے۔ مسلم عن عائشة

۳۸۴۳۵......اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے! دنیا ختم نہیں ہوگی یہاں تک کہ آدمی قبر کے پاس سے گزرے گا تو اس پر لوٹیں لگا کر کہے گا: اے کاش! میں اس قبر والے کی جگہ ہوتا اسے دین کی فکر نہیں ہوگی صرف فتنہ ہوگا۔ مسلم، ابن ماجه عن ابی هريرة

۳۸۴۳۶......اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے! اس وقت تک قیامت قائم نہیں ہوگی جب تک تم اپنے حکمران کو قتل اور اپنی تلواروں سے نہیں مارو گے اور تمہارے برے لوگ تمہاری دنیا کے وارث ہوں گے۔ مسند احمد، ترمذی، ابن ماجه عن حذيفة

کلام :......ضعیف الترمذی ۳۸۳، ضعیف الجامع ۶۱۱۱۔

۳۸۴۳۷......اس ذات کی قسم! جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے! اس وقت تک قیامت قائم نہیں ہوگی یہاں تک کہ درندے انسانوں سے باتیں کریں گے، اور آدمی سے اس کے کوڑے کی گرہ اور اس کے جوتے کا تسمہ گفتگو کرے گا۔ اور اس کی ران اسے بتادے گی کہ اس کے گھر والوں نے اس کے بعد کیا کیا۔ مسند احمد، ترمذی، حاکم، ابن حبان عن ابی سعید

۳۸۴۳۸......رات دن اس وقت تک ختم نہیں ہوں گے یہاں تک کہ ایک ایسا شخص مالک بن جائے گا۔ جسے جہجاہ کہا جائے گا۔

ابن ماجه، مسلم عن ابی هريرة

۳۸۴۳۹......رات دن ختم نہیں ہوں گے یہاں تک کہ غلاموں میں سے ایک شخص مالک بن جائے گا جس کا نام جہجاہ ہوگا۔

ترمذی، عن ابی هريرة

۳۸۴۴۰......ابن حوالہ! جب تم دیکھو کہ خلافت ارض مقدس میں آگئی ہے تو اس وقت زلزلے، فتنے اور بڑے حادثات قریب ہوجائیں گے، اور اس دن قیامت لوگوں کے اتنے قریب ہوگی جتنا میرا یہ ہاتھ تمہارے سر کے قریب ہے۔ مسند احمد، ابو داؤد، حاکم عن ابن حوالة

۳۸۴۴۱......عوف! قیامت سے پہلے چھ چیزیں یاد رکھنا: ایک میری وفات، پھر بیت المقدس کی فتح، پھر تم لوگوں میں ایک بیماری ظاہر ہوگی، جس کے ذریعہ اللہ تعالیٰ تمہاری اولاد اور تمہیں شہید کرے گا اس کے ذریعہ تمہارے مال پاک کرے گا۔ پھر تم میں اموال کی بہتات ہوگی یہاں تک کہ آدمی کو سو دینار دیئے جائیں گے پھر بھی وہ ناراض ہوگا۔ اور ایک ایسا فتنہ ظاہر ہوگا جو ہر مسلمان کے گھر میں پہنچ جائے گا۔ پھر تم میں اور رومیوں کے درمیان صلح ہوگی پھر وہ بدعہدی کریں گے اس کے بعد وہ اسی جھنڈے لے کر تمہاری طرف نکلیں کے ہر جھنڈے تلے بارہ ہزار لوگ ہوں گے۔

ابن ماجه، حاکم عن عوف بن مالک الاشجعی

۳۸۴۴۲......لوگوں کو ایسا زمانہ دیکھنا پڑے گا کہ وہ گھڑی بھر کھڑے رہیں گے نماز پڑھانے کے لئے کوئی امام نہ پائیں گے۔

مسند احمد، ابن ماجه عن سلامة بنت الحر

کلام :......ضعیف ابن ماجہ ۲۰۸، ضعیف الجامع ۶۴۰۹۔

۳۸۴۴۳......آخری زمانہ میں کچھ لوگ نکلیں گے جو دین کے ذریعہ لوگوں کو دھوکا دیں گے۔ وہ لوگوں کے لئے بھیڑ کی کھال کا لباس نرمی کے لئے پہنیں گے۔ ان کی زبانیں شہد سے زیادہ میٹھی ہوں گی اور ان کے دل بھیڑیوں جیسے ہوں گے، اللہ تعالیٰ فرمائے گا: کیا میری وجہ سے فریب خوردہ ہیں یا میرے سامنے جرأت کرتے ہیں؟ مجھے اپنی قسم! میں ان پر ایسا فتنہ مسلط کروں گا جو ان میں سے بردبار شخص کو حیران کردے گا۔

ترمذی عن ابی هريرة

کلام :......القدسیۃ الضعیفۃ ۸۱۔

۳۸۴۴۴......اسلام ایسے مٹ جائے گا جیسے کپڑے کے نقش ونگار مٹ جاتے ہیں یہاں تک یہ بھی معلوم نہیں ہوگا کہ روزے، نماز، قربانی اور صدقہ کیا ہیں۔ اور ایک رات میں اللہ کی کتاب کو اٹھالیا جائے گا۔ کہ زمین پر اس کی ایک آیت بھی باقی نہیں رہے گی۔ اور لوگوں کی جماعتیں باقی

رہیں گی جن میں سے بے حد بوڑھا اور انتہائی بڑھیا ہوگی وہ کہیں گے: ہم نے اپنے آباء واجداد کو اس کلمہ لا الٰہ الا اللہ کو پڑھتے پایا تھا ہم بھی یہی پڑھتے ہیں۔ابن ماجه، حاكم، بيهقى والضياء عن حذيفه

۳۸۴۴۵.....(عوف!) قیامت سے پہلے چھ باتیں شمار کرنا۔ میری وفات، بیت المقدس کی فتح، جانوروں کی میری جو تم میں ایسے شروع ہوگی جیسے بکریوں کا قصاص ادا کیا جاتا ہے، پھر مال کی بہتات یہاں تک کہ آدمی کو سو دینار دیئے جائیں گے پھر وہ وہ (لینے کے لئے) ناراض ہوگا۔ پھر ایسا فتنہ ظاہر ہوگا جو عرب کے ہر گھر میں داخل ہوگا۔ پھر تم میں اور رومیوں میں صلح ہوگی، اس کے بعد وہ بدعہدی کریں گے وہ تمہارے پاس اسی جھنڈوں تلے آئیں گے ہر جھنڈے تلے بارہ ہزار ہوں گے۔بخاری فی الخمس عن عوف بن مالک

۳۸۴۴۶.....قیامت سے پہلے ایسے فتنے ہوں گے جیسے تاریک رات کے حصے ہوتے ہیں ان میں آدمی صبح کو مومن ہوگا اور شام کو کافر ہوگا، شام کو مومن ہوگا اور صبح کو کافر ہوگا کچھ لوگ دنیا کی خاطر اپنا دین بیچ دیں گے۔ترمذی عن انس

۳۸۴۴۸.....مکروفساد پر صلح ہوگی۔ دل جیسے پہلے تھے ویسے نہ ہوں گے۔ پھر گمراہی کی دعوت دینے والے ہوں گے، اس دن اگر تمہیں زمین میں اللہ تعالیٰ کا کوئی خلیفۃ (المسلمین) نظر آئے تو اس سے مل جانا، اگرچہ وہ تمہارا جسم سزا سے زخمی کردے اور تیرا مال لے لے، اور اگر وہ تجھے نظر نہ آئے تو زمین میں نکل جانا اگرچہ تمہاری موت اس حالت میں ہو کہ تم کسی درخت کا تنا چبارہے ہو۔مسند احمد، ابو داؤد، عن حذيفة

۳۸۴۴۹.....قیامت سے پہلے کچھ ایام ہوں گے جن میں علم اٹھالیا جائے گا، جہالت اترنا شروع ہوجائے گی قتل وخون بکثرت ہونے لگے گا۔

ابن ماجه عن ابن مسعود

۳۸۴۵۰.....قیامت سے پہلے تمہارے اور رومیوں کے درمیان صلح ہوگی۔ وہ تم سے بدعہدی کریں گے، تمہاری طرف اسی جھنڈوں تلے نکلیں گے ہر جھنڈے تلے بارہ ہزار افراد ہوں گے۔ابن ماجه عن عوف بن مالک

۳۸۴۵۱.....تم لوگ رومیوں سے امن کی صلح کروگے پھر تم اور وہ دونوں ان کے دشمن کا مقابلہ کروگے، تم سلامت رہوگے اور غنیمت حاصل کروگے، پھر تم ایسی شاداب جگہ میں آکر اتروگے جو ٹیلوں والی ہوگی۔ ایک رومی اٹھے گا اور صلیب بلند کرکے کہے گا: صلیب غالب ایک مسلمان اٹھ کر اسے قتل کردے گا یوں وہ قوم بدعہدی کرے گی پھر لڑائیاں ہوں گی، اس کے بعد وہ جمع ہو کر اسی جھنڈوں تلے تمہارے مقابلہ میں آئیں گے ہر جھنڈے تلے دس ہزار ہوں گے۔مسند احمد، ابو داؤد، ابن ماجه ابن حبان عن ذمخمر

۳۸۴۵۲.....لوگوں پر دھوکے کے کئی سال آئیں گے جن میں جھوٹے کو سچا اور سچے کو جھوٹا کہا جائے گا خیانت کرنے والے کے پاس امانت رکھی جائے گی اور امانتدار کو خائن سمجھا جائے گا۔ انہی سالوں میں رویبضہ بولے گا: لوگوں نے عرض کیا: رویبضۃ کون ہے؟ فرمایا: ایک گھٹیا شخص عوام کے معاملات میں گفتگو کرے گا۔مسند احمد، ابن ماجه، حاكم عن ابى هريرة

۳۸۴۵۳.....قیامت سے پہلے ایک ہوا چلے گی جو ہر ایماندار کی روح قبض کرلے گی۔حاكم عن عياش بن ربيعة)

کلام:.......المعلۃ ۲۹۲۔

۳۸۴۵۴.....قیامت ہوگی اور رومی تعداد میں سب سے زیادہ ہوں گے۔مسند احمد، مسلم عن المستورد

۳۸۴۵۵.....چھ باتیں قیامت کی علامات ہیں: میری وفات، بیت المقدس کی فتح، آدمی کو ہزار دیئے جائیں گے پھر ان کے لینے سے ناراض ہوگا۔ ایک فتنہ جس کی گرمی ہر مسلمان کے گھر داخل ہوگی۔ ایسی موت لوگوں میں شروع ہوگی جیسے بکریوں کا قصاص دیا جاتا ہے اور رومی بدعہدی کریں گے اسی جھنڈوں تلے نکلیں گے ہر جھنڈے تلے بارہ ہزار ہوں گے۔مسند احمد، طبرانی عن معاذ

۳۸۴۵۶.....قیامت سے پہلے حضرموت سے ایک آگ نکلے گی جو لوگوں کو جمع کرے گی۔مسند احمد، ترمذی عن ابن عمر

۳۸۴۵۷.....میری امت ایسا زمانہ دیکھے گی جس میں قاری بکثرت ہوں گے اور دین کی سمجھ رکھنے والے فقہاء کم ہوں گے علم اٹھالیا جائے گا، قتل وخون خرابہ بڑھ جائے گا، پھر اس کے بعد ایک زمانہ آئے گا میری امت کے لوگ قرآن پڑھیں گے جو ان کی ہنسلی سے آگے نہیں بڑھے گا، پھر اس کے بعد ایک زمانہ آئے گا اللہ سے شرک کرنے والا اپنی باتوں سے مومن سے جھگڑے گا۔طبرانی، حاكم عن ابى هريرة

۳۸۴۵۸......لوگوں پر ایسا زمانہ بھی آئے گا کہ آدمی کو عاجز رہنے اور گناہ میں اختیار دیا جائے گا۔ تو جو یہ زمانہ پائے وہ عاجزی کو گناہ کے مقابلہ میں اختیار کرے۔ حاکم عن ابی ھریرۃ

کلام:......ضعیف الجامع ۳۲۹۴۔

۳۸۴۵۹......مکہ والے نکلیں گے پھر (وادی) مکہ کو بہت تھوڑے لوگ عبور کریں گے اس کے بعد وہ بھر جائے گی پھر وہ اس سے نکلیں گے پھر کبھی بھی اس میں واپس نہ آئیں گے۔ مسند احمد عن عمر

کلام:......ضعیف الجامع ۳۲۹۸۔

۳۸۴۶۰......قیامت کے روز کچھ لوگ مغرب سے نکلیں گے وہ آئیں گے تو ان کے چہرے سورج کی روشنی کی طرح ہوں گے۔

مسند احمد عن رجل

کلام:......ضعیف الجامع ۳۲۹۹۔

۳۸۴۶۱......میری امت کے کچھ لوگ ایک پست زمین میں اتریں گے جسے وہ بصرہ کہتے ہیں ایک نہر کے پاس جس کا نام دجلہ ہے اس پر ایک پل ہوگا، وہاں کے لوگ بکثرت ہوں گے اور وہ مسلمانوں کا شہر ہوگا، جب آخری زمانہ ہوگا تو بنی قنطوراء آئیں گے وہ ایک قوم ہوگی جن کے چہرے چوڑے، آنکھیں چھوٹی ہوں گی وہ نہر کے کنارے اتریں گے، تو وہاں کے لوگ تین گروہوں میں بٹ جائیں گے، ایک گروہ گائیوں کی دمیں پکڑے گا اور جنگل کا رخ کرے گا وہ ہلاک ہوں گے۔ اور ایک گروہ، اپنے بچاؤ کا سامان کرے گا وہ کفر میں مبتلا ہوں گے اور ایک گروہ اپنے بچوں کو پیچھے چھوڑ کر جنگ کریں گے یہی شہداء ہوں گے۔ مسند ا حمد، ابو داؤد عن ابی بکرۃ

۳۸۴۶۲......قسطنطنیہ فتح ہو کر رہے گا اور اس کا امیر کیا ہی بہتر شخص ہوگا اور وہ لشکر کیا ہی بہتر ہوگا۔ مسند احمد، حاکم عن بشر الغنوی

کلام:......ضعیف الجامع ۴۶۵۵ الضعیفۃ ۸۷۸۔

۳۸۴۶۳......بڑی جنگ، قسطنطنیہ کی فتح، دجال کا خروج سات مہینوں میں ہوگا۔ مسند احمد، ابو داؤد، ترمذی، ابن ماجہ، حاکم عن معاذ

کلام:......ضعیف الترمذی ۳۹۰۔

۳۸۴۶۴......تم ایسے چن لئے جاؤ گے جیسے ردی سے کھجوریں چن لی جاتی ہیں۔ تمہارے نیک لوگ لازماً ختم ہو جائیں گے اور ضرور تمہارے برے لوگ باقی رہ جائیں گے سو اگر ہو سکے تو مر جاؤ۔ ابن ماجہ، حاکم عن ابی ھریرۃ

کلام:......ضعیف ابن ماجہ ۸۷۴، ضعیف الجامع ۴۶۵۹۔

۳۸۴۶۵......ہرگز قیامت قائم نہیں ہوگی یہاں تک کہ ہر قبیلہ اپنے منافقوں کو سردار بنا دے۔ طبرانی عن ابن مسعود

کلام:......ضعیف الجامع ۴۷۷۹۔

۳۸۴۶۶......کاش مجھے معلوم ہو جاتا کہ میری بعد میری امت کیسے رہے گی! جب اس کے مرد متکبرانہ چال چلیں گے اور اسکی عورتیں فخر کریں گی، کاش مجھے پتہ لگ جائے، جب یہ دو حصوں میں تقسیم ہو جائیں گے ایک گروہ اپنا سینہ اللہ کی راہ میں پیش کرے گا اور ایک گروہ غیر اللہ کے لئے کام کرنے والا ہوگا۔ ابن عساکر عن رجل)

کلام:......ضعیف الجامع ۴۸۷۰۔

۳۸۴۶۷......ایک قحطانی ضرور لوگوں کو اپنے عصا (لاٹھی) سے ہانکے گا۔ طبرانی عن ابن عمر

۳۸۴۶۸......فحاشی اور فحش گوئی، قطع رحمی، امانتدار کو خائن کہنا اور خائن کے پاس امانت رکھنا قیامت کی علامتیں ہیں۔

طبرانی فی الاوسط عن انس

۳۸۴۶۹......چاند کا پھولنا قیامت کے قرب کی علامت ہے۔ طبرانی عن ابن مسعود

کلام:......ذخیرۃ الحفاظ ۵۰۱۸، المتناھیہ ۱۴۲۲۔

۳۸۴۷۰......یہ قرب قیامت کی علامت ہے کہ چاند آمنے سامنے دکھائی دے، کوئی کہے گا: دوراتوں کے لئے ہے، مسجدوں کو راستہ بنالیا جائے، اوراچانک کی موت ظاہر ہونے لگے۔طبرانی فی الاوسط عن انس

کلام:......الشذرۃ ۱۰۳۲، کشف الخفائت ۱۵۴۵۔

۳۸۴۷۱......عربوں کا ہلاک ہونا قرب قیامت کی علامت ہے۔ترمذی عن طلحۃ ابن مالک

کلام:......ضعیف الجامع ۵۲۸۵۔

۳۸۴۷۲......بارش کی کثرت، نباتات کی کمی، قراء کی بہتات اور فقہاء کی قلت، امراء (گورنروں) کی کثرت اورامانتداروں کی کمی، قرب قیامت کی علامت ہے۔طبرانی عن عبدالرحمن بن عمرو الانصاری

کلام:......ضعیف الجامع ۵۲۸۴، النواضح ۱۹۲۵۔

۳۸۴۷۳......وہ برے لوگ ہیں جن کی زندگی میں قیامت آئے۔بخاری کتاب الفتن ج ۹ ص ۶۰ عن ابن مسعود

۳۸۴۷۴......جب تک دنیا کمینے کے بیٹے کمینے کو حاصل نہیں ہوجاتی ختم نہیں ہوگی۔مسند احمد عن ابی ھریرۃ

۳۸۴۷۵......لوگوں پر ایسازمانہ ضرورآئے گا جس میں سچے کو جھوٹا اور جھوٹے کو سچا امین کو خائن اور خیانت کرنے والے کو دیانت دار سمجھا جانے لگے آدمی سے گواہی طلب نہ کی جائے پھر بھی گواہی دے، قسم نہ لی جائے پھر بھی قسم کھائے اور لیئم بن لیئم جس کا اللہ ورسول پر ایمان نہ ہو وہ دنیا کا نیک بخت آدمی بن جائے۔طبرانی عن ام سلمۃ

کلام:......ضعیف الجامع ۴۸۶۵۔

۳۸۴۷۶......جب تک لیئم بن لیئم دنیا کا نیک بخت آدمی نہیں بن جاتا قیامت قائم نہیں ہوگی۔مسند احمد، ترمذی والضیاء عن حذیفۃ

۳۸۴۷۷......لوگ ایسازمانہ پائیں گے کہ اس میں اپنے دین پر جمنے والا ہاتھ میں انگارے پکڑنے والے کی طرح ہوگا۔ترمذی عن انس

کلام:......ذخیرۃ الحفاظ ۶۴۶۷۔

۳۸۴۷۸......قیامت سے چالیس سال پہلے مدینہ ویران ہوگا۔فردوس عن عوف بن مالک

کلام:......ضعیف الجامع ۲۴۱۲۔

۳۸۴۷۹......حبشہ کا باریک پنڈلیوں والا کعبہ کو خراب کرے گا۔مسلم ترمذی عن ابی ھریرۃ

۳۸۴۸۰......نیک لوگ ایک ایک کرکے ختم ہوجائیں گے، اور بے کار لوگ ایسے رہ جائیں گے جیسے جو اور کھجور کا بے کار حصہ رہ جاتا ہے جن کی اللہ کو ذرا پرواہ نہیں ہوگی۔مسند احمد، بخاری عن مرداس الاسلمی

۳۸۴۸۱......آخری زمانہ میں جاہل عبادت گزار اور فاسق (کھلے بندھوں گناہ کرنے والے) قاری ہوں گے۔حلیۃ الاولیاء، حاکم عن انس

۳۸۴۸۲......زمین کا بائیں طرف جلدی اور پھر بائیں جانب خراب ہوگی۔طبرانی فی الاوسط حلیۃ الاولیاء عن جریر

کلام:......اسنی المطالب ۱۸۴، ضعیف الجامع ۸۳۹۔

۳۸۴۸۳......لوگوں پر ایسازمانہ ضرورآئے گا جس میں آدمی اپنی سونے کی زکوٰۃ لے کر پھرے گا پھر اسے وصول کرنے والا نہیں پائے گا۔ایک آدمی نظر آئے گا جس کے پیچھے چالیس عورتیں لگی ہوں گی، مردوں کی کمی اور عورتوں کی کثرت کی وجہ سے اس سے پناہ مانگ رہی ہوں گی۔

مسلم عن ابی موسیٰ

۳۸۴۸۴......جب تک لوگ مسجدوں میں فخر نہیں کریں گے قیامت قائم نہیں ہوگی۔مسند احمد، مسلم، ترمذی، ابوداؤد عن انس

۳۸۴۸۵......جب زمین میں اللہ، اللہ نہیں کہا جائے گا قیامت قائم نہیں ہوگی۔مسند احمد، مسلم، ترمذی، عن انس

۳۸۴۸۶......برے لوگوں پر قیامت برپا ہوگی۔مسند احمد، مسلم عن ابن مسعود

۳۸۴۸۷......قیامت قائم نہیں ہوگی یہاں تک کہ ایک شخص کسی قبر کے قریب سے گزر کر کہے: اے کاش میں اس کی جگہ ہوتا۔
مسند احمد، بیهقی عن ابی هریرة

۳۸۴۸۸......قیامت قائم نہیں ہوگی یہاں تک کہ بیت اللہ کا حج نہیں کیا جائے گا۔ابویعلی، حاکم عن ابی سعید

۳۸۴۸۹......جب تک رکن اور قرآن نہیں اٹھالئے جاتے قیامت قائم نہیں ہوگی۔السجزی عن عمر

کلام:......ضعیف الجامع ۶۲۵۹۔

۳۸۴۹۰......جب تک زھد و پرہیزگاری رواج اور تقویٰ تصنع و تکلف نہیں بن جاتا قیامت قائم نہیں ہوگی۔حلیة الاولیاء عن ابی هریرة

کلام:......ضعیف الجامع ۶۲۶۱۔

۳۸۴۹۱......اس امت کا پہلا گروہ بہترین ہے اور آخری حصہ برے لوگوں پر مشتمل ہے جن کا آپس میں اختلاف ہوگا اور وہ مختلف ٹولیوں میں بٹے ہوں گے، پس جس کا اللہ اور روز آخرت ہے اسے اس کی موت آجائے اور وہ لوگوں سے ایسا برتاؤ کرے جیسے برتاؤ کا وہ ان سے خواستگار ہے۔
ابن حبان عن ابی مسعود

کلام:......ضعیف الجامع ۱۸۲۶۔

۳۸۴۹۲......تین چیزیں ایسی ہیں جب تم انہیں دیکھ لوگے اس وقت آباد ویران اور ویران آباد ہوجائے گا۔ نیکی کو گناہ اور گناہ کو نیکی سمجھا جانے لگے، اور آدمی امانت کو یوں رگڑے جیسے اونٹ درخت کو رگڑتا ہے۔ابن عساکر عن محمد بن عطیة السعدی

۳۸۴۹۳......اسلام کی سب سے آخری بستی مدینہ ویران ہوگا۔ترمذی عن ابی هریرة

کلام:......ضعیف الترمذی ۸۲۱، اسنی المطالب ۳۔

۳۸۴۹۴......آخری شخص جو مزینہ کے چرواہوں کو جمع کرے گا وہ مدینہ کا رخ کرکے اپنی بکریوں کو ہنکا رہے ہوں گے۔ تو اسے وحشی جانوروں سے بھرا پائیں گے جب ثنیة الوداع کے مقام پر پہنچے گے تو دونوں منہ کے بل گر پڑیں گے۔حاکم عن ابی هریرة

الاکمال

۳۸۴۹۵......ابن مسعود! قیامت کی کچھ علامات اور شرطیں ہیں، آگاہ رہنا! یہ بھی قیامت کی علامات اور نشانیوں کا حصہ ہے کہ اولا دغیظ وغضب بن جائے، اور بارش گرم بن جائے، اور برے لوگ جلدی سے مرنے لگیں، ابن مسعود! یہ بھی قیامت کی علامت اور نشانی ہے کہ سچے کو جھوٹا اور جھوٹے کو سچا سمجھا جائے، ابن مسعود! یہ بھی قیامت کی علامت ونشانی ہے کہ بددیانت کو امانتدار اور امین کو خائن سمجھا جائے؟ ابن مسعود! یہ بھی قیامت کی علامت اور نشانی ہے کہ غیروں سے ناتا جوڑا جائے اور اپنوں سے ناتا توڑا جائے، یہ بھی قیامت کی علامت اور نشانی ہے کہ ہر قبیلہ اپنے منافق لوگوں کو سردار بنالے، اور ہر بازار اپنے برے لوگوں کو۔ابن مسعود! کہ مومن قبیلۃ میں درہم سے زیادہ ذلیل ہوجائے، ابن مسعود! یہ بھی قیامت کی علامت اور نشانی ہے کہ محرابیں مزین کی جائیں اور دل خراب ہوں۔ابن مسعود! یہ بھی قیامت کی علامت اور نشانی ہے کہ مرد، مردوں سے اور عورتیں، عورتوں سے فائدہ اٹھائیں، ابن مسعود! یہ بھی قیامت کی علامت اور نشانی ہے کہ مسجدوں میں پائخانے کی جگہیں بنائی جائیں اور منبر اونچے بنائے جائیں۔ابن مسعود! یہ بھی قیامت کی علامت ونشانی ہے کہ دنیا کے ویران علاقے آباد اور آباد ویران کئے جائیں، ابن مسعود! یہ بھی قیامت کی علامت اور نشانی ہے کہ آلات موسیقی ظاہر ہوجائیں، شرابیں پی جانے لگیں، ابن مسعود! یہ بھی قیامت کی علامت اور نشانی ہے کہ شرابیں پی جائیں، ابن مسعود! یہ بھی قیامت کی علامت اور نشانی ہے کہ پولیس والے، پیٹھ پیچھے طعن زن، نکتہ چین، عیب گیری کرنے والے بکثرت ہوجائیں، ابن مسعود! یہ بھی قیامت کی علامت اور نشانی ہے کہ حرامزادوں کی تعداد بڑھ جائے۔
طبرانی فی الکبیر عن ابن مسعود

۳۸۴۹۶..... (قیامت کی) نشانیاں لڑی میں پروئے ہوئے موتیوں کی طرح ہیں جب لڑی ٹوٹ جائے تو یکے بعد دیگرے گرنا شروع ہوجاتے ہیں۔
حاکم عن انس

۳۸۴۹۷..... جب یہ امت نبیذ کے بدلے شراب، سوداگری کے بدلے سود، ہدیہ کے عوض رشوت کو حلال کرلے گی اور زکوٰۃ کو تجارت کا ذریعہ بنا لے گی اس وقت ان کی ہلاکت شروع ہوجائے گی۔ الدیلمی عن حذیفة

۳۸۴۹۸..... جب میری امت پانچ چیزوں کو حلال سمجھ لے گی تو ان کی تباہی ہے جب ان میں ایک دوسرے پر لعن (۱) طعن شروع ہوجائے، وہ (۲) ریشم پہننے لگیں (۳) گانے بجانے والی رکھنے لگیں، (۴) شرابیں پئیں، (۵) مرد، مردوں سے اور عورتیں عورتوں سے فائدہ اٹھانے لگیں۔
بیهقی من طریقین عن انس وقال: کل من الاسنادین غیر قوی غیر انه اذآ ضم بعضه الی بعضه اخذ قوة

۳۸۴۹۹..... جب عورتیں، عورتوں سے اور مرد، مردوں سے لذت اٹھانے لگیں تو اس وقت انہیں سرخ آندھی کی اطلاع دے دو جو مشرق کی جانب سے نکلے گی کچھ لوگوں کے چہرے بگاڑ دیئے جائیں گے کچھ کو زمین میں دھنسادیا جائے گا یہ اس وجہ سے کہ انہوں نے نافرمانی کی اور وہ حد سے تجاوز کرنے لگے تھے۔ الدیلمی عن انس

۳۸۵۰۰..... اس وقت تک دنیا ختم نہیں ہوگی جب تک عورتیں عورتوں سے اور مرد، مردوں سے لطف اندوز نہیں ہوں گے، عورتوں کا آپس میں شرمگاہیں رگڑنا ان کا زنا ہے۔ الخطیب وابن عساکر عن ایوب بن مدرک بن العاء الحنفی عن مکحول عن واثله عن انس، وایوب متروک

کلام:..... الضعیفہ ۱۶۰۲۔

۳۸۵۰۱..... جب (قیامت کا) زمانہ قریب ہوگا، تو عجمی لباس کی کثرت ہوجائے گی، مال وتجارت کی بہتات ہوگی، مالدار کی اس کے مال کی وجہ سے عزت کی جائے گی، فحاشی کھلے عام ہوگی، بچوں کی گورنری ہوگی، عورتیں تعداد میں بڑھ جائیں گی۔ بادشاہ ظالم ہوگا ناپ وتول میں کمی کی جائے گی اس وقت آدمی کے لئے اپنی اولاد کے مقابلہ میں کتے کا پلا پالنا بہتر ہوگا بڑے کی عزت ہوگی نہ چھوٹے پر شفقت، حرامزادے بکثرت ہوں گے۔

یہاں تک کہ ایک شخص راستہ کے درمیان میں عورت سے ہم آغوش ہوگا بھیڑیا دل لوگوں کو بھیڑ کی کھالیں پہنائیں گے، اور اس زمانہ میں اس کی واضح مثال مداہن (دوسروں سے متاثر ہوکر دین کی بات چھپانے والے) لوگ ہیں۔
طبرانی فی الکبیر، حاکم وتعقب عن منتصر بن عماره بن ابی ذر عن ابیه عن جده

۳۸۵۰۲..... جب تم لوگوں میں وہ چیزیں ظاہر ہوجائیں جو بنی اسرائیل میں ظاہر ہوئیں تمہارے بڑوں میں فحاشی پھیل جائے، اور حکومت تمہارے چھوٹوں کے ہتھے چڑھ جائے اور علم تمہارے کمینے لوگوں میں پہنچ جائے۔ (مسند احمد ابویعلی، ابن ماجہ عن انس فرماتے ہیں: کسی نے عرض کیا یا رسول اللہ! ہم کب نیکی کا حکم دنیا اور برائی سے روکنا ترک کردیں؟ تو آپ نے یہ ارشاد فرمایا، اور ابویعلی کے الفاظ ہیں: جب تمہارے نیک لوگوں میں مداہنت عام ہوجائے، فحاشی تمہارے برے لوگوں میں پھیل جائے اور بادشاہت تمہارے کم سنوں میں اور فقہ تمہارے گھٹیا لوگوں میں منتقل ہوجائے اس وقت۔)

۳۸۵۰۳..... جب قیامت قریب ہوگی وقت کم ہونا شروع ہوجائے گا، سال مہینہ کی طرح مہینہ ہفتے کی طرح اور ہفتہ آگ میں انگارے کے جلنے کی طرح گزرے گا۔ ابویعلی عن ابی هریرة

۳۸۵۰۴..... جب تک وقت نہیں گھٹے گا قیامت قائم نہیں ہوگی سال، مہینے کی طرح مہینہ ہفتے کی طرح اور ہفتہ دن کی طرح اور دن گھڑی کی طرح اور گھڑی انگارے کے جلنے کی طرح گزرے گی۔ مسند احمد، حلیة الاولیاء عن ابی هریرة

۳۸۵۰۵..... جب وقت کم ہونا شروع ہوگا تو تمہیں پے درپے کالے اونٹوں (کی طرح فتنوں) نے آگھیرنا ہے ایسے فتنے ہوں گے جیسے تاریک رات کے حصے۔ نعیم بن حماد فی الفتن، طبرانی فی الکبیر عن ابی هریرة وهو ضعیف

۳۸۵۰۶..... جب زمانہ میں بے برکتی ہوگی تو موت میری امت کے نیک لوگوں کو ختم کردے گی، جیسے تم میں سے کوئی طشت سے اچھی کھجوریں

چن لیتا ہے۔ الرمھرمزی فی الا مثال عن ابی ھریرۃ وفیہ یحیی بن عبداللہ بن عبداللہ عن ابیہ، قال احمد: لیس بثقۃ

۳۸۵۰۷......جب تم مشرق یا اس کے دیہاتیوں کی جانب سے لوگوں کی آمد کا سنو جن کی شکل وصورت لوگوں کو بھلی لگتی ہے تو بس قیامت قریب ہے۔ نعیم بن حماد فی الفتن عن حفصة

۳۸۵۰۸......جب امانت ضائع کی جانے لگے تو قیامت کا انتظار کرو، کسی نے عرض کیا: امانت کیسے ضائع کی جاتی ہے؟ فرمایا: جب حکومت نااہل کے سپرد کردی جائے تو پھر قیامت کے منتظر رہو۔ بخاری عن ابی ھریرۃ

۳۸۵۰۹......قیامت سے پہلے ایک ہوا چلے گی جو ہر مومن کی روح قبض کرلے گی۔ مسلم، حاکم، بخاری عن عیاش بن ابی ربیعة

۳۸۵۱۰......دجال سے پہلے دھوکے کے سال ہوں گے اس میں سچے کو جھوٹا اور جھوٹے کو سچا، امانتدار، کو بددیانت اور بددیانت کو امانت دار سمجھا جائے گا اور رویبضہ بھی انہی سالوں میں بولے گا، لوگوں نے عرض کیا رویبضہ کیا ہے؟ فرمایا: فاسق شخص جو لوگوں کے معاملات میں گفتگو کرے گا۔

مسند احمد عن انس

۳۸۵۱۱......قیامت سے پہلے دھوکے کے سال ہوں گے، اس میں امین پر تہمت لگائی جائے گی اور بددیانت کو امین کا کہا جائے گا جھوٹے کو سچا اور سچے کو جھوٹا، انہی سالوں میں رویبضہ بولے گا، لوگوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! رویبضہ کیا چیز ہے؟ فرمایا: بے وقوف جو عوام کے معاملات سلجھانے کے لئے گفتگو کرے گا۔ طبرانی فی الکبیر والحاکم فی الکنی وابن عساکر عن عوف بن مالک الاشجعی

۳۸۵۱۲......قیامت سے پہلے تاریک رات کے حصوں کی طرح فتنے ہوں گے، جن میں آدمی صبح مومن ہوگا شام کو کافر ہوگا، شام کو مومن اور صبح کافر ہوگا۔ ایک قوم دنیا کے تھوڑے حصے کے لئے اپنے اخلاق بیچ ڈالے گی۔

مسند احمد ونعیم بن حماد فی الفتن، حلیة الاولیاء عن النعمان بن بشیر

۳۸۵۱۳......قیامت سے پہلے تاریک رات کے پہروں کی طرح فتنے ہوں گے، جن میں آدمی صبح مومن، شام کو کافر، شام کو مومن اور صبح کافر ہوگا۔ ان میں کچھ لوگ دنیا کے مال کے بدلے اپنا دین بیچ دیں گے۔ طبرانی فی الکبیر عن ابن عباس

۳۸۵۱۴......قیات سے پہلے خاص لوگوں کی سپرداری ہوگی، تجارت عام ہوجائے گی یہاں تک کہ عورت تجارت میں اپنے خاوند کی مدد کرے گی۔ رشتے ناتے توڑے جائیں گے، جھوٹی گواہیوں، کتمان شہادت حق، (حق کی گواہی چھپانے) کا رواج ہوگا اور ظلم ظاہر ہوگا۔

مسند احمد، حاکم عن ابن مسعود

۳۸۵۱۵......قیامت سے قبل خاص لوگ اپنے آپ کو حوالے کردیں گے۔ تجارت عام ہوجائے، یہاں تک کہ عورت اپنے خاوند کا تجارت میں ہاتھ بٹائے گی۔ اور آدمی اطراف زمین میں اپنا مال لے کر نکلے گا واپس آئے گا تو کہے گا مجھے کچھ نفع نہیں ہوا۔ حاکم عن ابن مسعود

۳۸۵۱۶......قیامت سے پیشتر تاریک رات کے حصوں جیسے فتنے ہوں گے۔ بعض فتنے دھوئیں کی بدلیوں جیسے ہوں گے۔ ان میں آدمی کا دل ایسے مردہ ہوجائے گا جیسے اس کا بدن مردہ ہوجاتا ہے، صبح مومن ہوگا شام کو کافر، شام کو مومن اور صبح کافر ہوگا۔ کچھ لوگ دنیا کے مال کے بدلے اپنے اخلاق و دین کو فروخت کردیں گے۔ ابن سعد، مسند احمد طبرانی فی الکبیر، حاکم عن الضھاک بن قیس

۳۸۵۱۷......قیامت سے پہلے تین سال ہوں گے، پہلے سال میں آسمان اپنی تہائی بارش روک لے گا، اور زمین اپنی تہائی پیداوار کھینچ لے گی۔ اور دوسرے سال آسمان دوتہائی اپنی بارش سلب کرلے گا اور زمین دوتہائی نباتات روک لے گی۔ تیسرے سال آسمان سے بارش اور زمین کی نباتات رک جائے گی کوئی اونٹ اور گدھا باقی نہیں رہے گا، اگر وہ یعنی دجال نکل آیا اور میں تم میں زندہ رہا تو تم میں اس کا مقابلہ کروں گا ورنہ اللہ تعالیٰ ہر مومن کا میری طرف سے وارث ہے، لوگوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! مومن کو زندہ رہنے کے لئے کیا چیز فائدہ دے گی؟ آپ نے فرمایا: جو فرشتوں کو فائدہ دیتی ہے، سبحان اللّٰہ، الحمد للّٰہ اور لا الہ الا اللہ کہنا۔ طبرانی فی الکبیر عن اسماء بنت یزید

۳۸۵۱۸......مسیح دجال کے نکلنے سے پہلے قریب کے سال ہوں گے، ان میں سچے کو جھوٹا اور جھوٹے کو سچا کہا جائے گا بددیانت کے پاس امانت رکھی جائے گی اور امین کو بددیانت سمجھا جائے گا۔ اور لوگوں کا گھٹیا آدمی ان کے فیصلوں میں بولے گا۔ نعیم بن حماد فی الفتن عن ابی ھریرۃ

۳۸۵۱۹.....دجال سے پہلے دھوکے کے سال ہوں گے ان میں بارشیں بکثرت ہوں گی (مگر) پیداوار کم ہوگی سچے کو جھوٹا اور جھوٹے کو سچا، بددیانت کو امانتدار اور امانتدار کو بددیانت سمجھا جائے گا، انہی سالوں میں رویبضہ بولے گا، لوگوں نے عرض کیا: یارسول اللہ رویبضہ.....کون ہے؟ آپ نے فرمایا: جس کی کسی کو پروانہ ہو۔ طبرانی فی الکبیر عن عوف بن مالک

۳۸۵۲۰.....یہ قیامت کی علامت ہے کہ مال پھیل جائے، قلم عام ہوجائے، تجارت کی ریل پیل ہو، جہالت ظاہر ہوجائے، آدمی سودا گری کرے گا تو کہے گا: یہاں تک کہ میں بنی فلاں کے تاجر سے نہ گزر جاؤں، بڑے قبیلے میں کاتب ڈھونڈا جائے گا تو نہیں ملے گا۔

مسند احمد، نسائی عن عمرو بن تغلب

۳۸۵۲۱.....علم کا اٹھ جانا اور جہالت کا عام ہوجانا قیامت کی علامت ہے۔ ابن النجار عن ابن عمر

۳۸۵۲۲.....آزمائش کی علامت اور قیامت کی نشانی یہ ہے کہ عقلیں مخفی ہوجائیں سمجھیں گھٹ جائیں، قتل عام ہوجائے، نیکی و بھلائی کی نشانیاں ختم کردی جائیں، اور فتنے ظاہر ہوجائیں گے۔ طبرانی فی الکبیر عن ابن عمر

۳۸۵۲۳.....آزمائش کی علامت اور قیامت کی نشانی عقلوں کا مخفی ہونا، سمجھوں کا کم ہونا، حق کی علامات ختم کردی جائیں، ظلم و بربریت نمایاں ہوجائے۔ نعیم بن حماد فی الفتن عن کثیر بن مرة مرسلاً

۳۸۵۲۴.....آپ نے تین مرتبہ فرمایا: عنقریب علم اٹھالیا جائے گا، زید بن لبید نے عرض کیا: ہم سے علم کیسے اٹھایا جائے گا جب کہ یہ اللہ کی کتاب ہمارے درمیان موجود ہے ہم نے اسے پڑھا اور اسے ہمارے بیٹے اپنی اولاد کو پڑھائیں گے؟ آپ نے فرمایا: زید بن لبید! تمہیں تمہاری ماں گم پائے، میں تو تمہیں مدینہ کے سمجھدار لوگوں میں سمجھتا تھا، کیا یہ یہود و نصاری جو ہیں ان کے پاس تورات وانجیل ہے پھر انہیں کیا فائدہ ہوا؟ اللہ تعالیٰ علم کو اٹھا کر ختم نہیں کرے گا بلکہ حاملین علم (علماء) کو ختم کردے گا اللہ تعالیٰ اس امت میں سے جس عالم کی روح قبض کرکے کمی کرے گا تو اسلام میں ایک شگاف پڑ جائے گا جو اس جیسے شخص کی بندش سے قیامت تک نہیں بند ہوگا۔ (ابن عساکر عن ابی شجرة

۳۸۵۲۵.....اللہ تعالیٰ علماء کی ارواح قبض کرلے گا، اور ان سے علم قبض کرلے گا، پھر ایسی بدعات پیدا ہوں گی جو ایک دوسرے پر ایسے چڑھیں گی جیسے گدھی پر گدھا چڑھتا ہے ان میں بوڑھا شخص انتہائی کمزور ہوگا۔ طبرانی فی الاوسط عن ابی سعید

۳۸۵۲۶.....رات کے وقت اللہ تعالیٰ کی کتاب اٹھالی جائے گی پھر جس مسلمان کے سینے میں جو حرف وآیت ہوگی ختم کرلی جائے گی۔

الدیلمی عن حذیفة وابی ہریرة معاً

۳۸۵۲۷.....اس وقت تک قیامت قائم نہیں ہوگی جب تک قرآن جہاں سے آیا وہاں نہ چلا جائے عرش کے اردگرد اس کی ایسی آواز ہوگی جیسے شہد کی مکھیوں کی بھنبھناہٹ ہوتی ہے، تو رب تعالیٰ فرمائے گا: تجھے کیا ہوا؟ وہ عرض کرے گا: میں تیری ذات سے نکلا ہوں اور تیری طرف ہی لوٹتا ہوں، میری تلاوت تو کی جاتی تھی لیکن مجھ پر عمل نہیں ہوتا تھا، چنانچہ اس وقت قرآن اٹھالیا جائے گا۔ الدیلمی عن ابن عمرو

۳۸۵۲۸.....فحاشی اور فحش گوئی، برا پڑوس، قطع رحمی، بددیانت کو امانت دار اور امین کو بددیانت سمجھنا قیامت کی علامت ہے۔ مومن کی مثال عمدہ سونے کے ٹکڑے کی طرح ہے جسے آگ میں جلایا جائے تو وہ اور خالص ہوجائے اور وزن میں بڑھ جائے اس میں کمی نہ ہو، اور مومن کی مثال شہد کی مکھی کی طرح ہے جس نے پاکیزہ چیز کھائی اور پاکیزہ چیز نکلی، خبردار! سب سے افضل شہید انصاف کرنے والے ہیں آگاہ رہو! سب سے افضل مہاجر وہ ہے جو اللہ تعالیٰ کی حرام کردہ چیزیں چھوڑ دے، خبردار! سب سے افضل مسلمان وہ ہے جس کے ہاتھ زبان سے (دوسرے) مسلمان محفوظ رہیں۔ خبردار! جتنا میرا حوض لمبا ہے اتنا ہی چوڑا ہے، (اس کا پانی) دودھ سے سفید، شہد سے میٹھا ہوگا۔ اس کے سونے چاندی کے برتن ستاروں کی تعداد کے برابر ہوں گے۔ جس نے اس کا ایک گھونٹ پی لیا کبھی بھی پیاسا نہیں ہوگا۔

الخرائطی فی مکارم الاخلاق عن ابن عمر

۳۸۵۲۹.....یہ قیامت کی علامت ہے کہ کمینہ ولد کمینہ دنیا کا مالک بن جائے، وہ مومن سب سے افضل ہے جو دو کریموں میں ہو۔

العسکری فی الامثال عن عمر درجالہ ثقات

۳۸۵۳۰......جب تک دنیا کمینے بن کمینے کی نہیں ہوجاتی ختم نہیں ہوگی۔

مسند احمد، ابن ابی شیبہ، طبرانی فی الکبیر عن ابی بردۃ بن نیار، نعیم بن حماد فی الفتن عن ابی بکر بن حزم مرسلاً

۳۸۵۳۱......رات دن ختم نہیں ہوں گے یہاں تک کہ کمینہ بن کمینہ دنیا کا نیک بخت ترین انسان بن جائے۔

طبرانی فی الاوسط، سعید بن منصور عن انس

۳۸۵۳۲......جب تک کمینے ولد کمینے کے لئے دنیا نہیں ہوجاتی ختم نہیں ہوگی۔طبرانی فی الکبیر عن انس

۳۸۵۳۳......عنقریب کمینہ بن کمینہ دنیا کا نیک بخت ترین انسان ہوگا، اور اس دن سب سے افضل مومن وہ ہوگا جو دو پسندیدہ چیزوں کے درمیان ہوگا۔العسکری فی الامثال والدیلمی عن ابی ذر وسندہ حسن

۳۸۵۳۴......یہ قیامت کی علامت ہے کہ آباد جگہیں غیر آباد ہوں اور غیر آباد، آباد ہونے لگیں، اور لڑائی قربانی بن جائے، اور آدمی اپنی امانت سے ایسے رگڑ کھائے جیسے اونٹ درخت سے اپنا بدن رگڑتا ہے۔البغوی وابن عساکر عن عروۃ بن محمد بن عطیۃ عن ابیہ

۳۸۵۳۵......یہ علامات قیامت کی ان علامتوں میں سے ہیں جو اس سے پہلے ہوں گی، آدمی گھر سے نکلے گا تو جونہی لوٹے گا تو اس کے جوتے اور اس کا کوڑا اسے بتادے گا کہ اس کے گھر والوں نے اس کے بعد کیا کیا۔مسند احمد عن ابی ہریرۃ

۳۸۵۳۶......شام کی جانب زمین چالیس سالوں میں ویران ہوگی۔ابن عساکر عن عوف بن مالک

۳۸۵۳۷......مدینہ تین بار بھونچال میں آئے گا پھر وہاں سے ہر منافق اور کافر نکل جائے گا۔طبرانی عن انس

۳۸۵۳۸......قیامت کے قریب کثرت غشی طاری ہوگی، آدمی لوگوں کے پاس آکر پوچھے گا: آج صبح کیسے غشی طاری ہوئی؟ لوگ کہیں گے فلاں بے ہوش ہوا اور فلاں پر غشی طاری ہوئی۔مسند احمد، ابوالشیخ فی العظمۃ، حاکم عن ابی سعید

۳۸۵۳۹......اے امت! تم میں چھ چیزیں پائی جائیں گی، تمہارے نبی (علیہ السلام) کی وفات، ان میں سے ایک ہے۔ مال کی بہتات ہوگی یہاں تک کہ آدمی کو دس ہزار دیئے جائیں گے پھر بھی وہ انہیں لینے میں ناراض ہوگا۔ یہ دو ہوئیں۔اور ایسا فتنہ جو ہر مسلمان کے گھر میں داخل ہوجائے گا۔تین۔اور موت جیسے بکریوں کا قصاص دیا جاتا ہے چار، اور تم میں اور رومیوں میں صلح ہوگی وہ تمہارے لئے نو ماہ عورت کے حمل کی مقدار تک جمع کریں گے پھر تم سے بدعہدی میں پہل کریں گے پانچ، اور شہر کی فتح، چھ، کسی نے عرض کیا کون سا شہر؟ فرمایا: قسطنطنیہ۔

مسند احمد، عن ابن عمرو

۳۸۵۴۰......اے عوف! قیامت سے پہلے چھ چیزیں یاد رکھنا، سب سے پہلے میری وفات، پھر بیت المقدس کی فتح، پھر تم لوگوں میں ایسی بیماری ظاہر ہوگی، جس سے تمہارے بچے اور تم خود شہید ہوگے اور اس کے ذریعہ تمہارے مال پاک کئے جائیں گے، پھر تم میں مال اتنا ہوگا کہ آدمی کو سو دینار دیئے جائیں گے پھر بھی وہ ناراض ہوگا۔اور ایسا فتنہ جو تم میں برپا ہوگا ہر مسلمان کے گھر میں داخل ہوگا، پھر تم میں اور رومیوں میں صلح ہوگی اور وہی بدعہدی کریں گے اس کے بعد وہ اسی جھنڈے لے کر نکلیں گے ہر جھنڈے تلے بارہ ہزار ہوں گے۔طبرانی نے یہ الفاظ مزید روایت کئے ہیں: اس دن مسلمانوں کا لشکر اس زمین میں ہوگا جسے نشیبی کہا جاتا ہے وہ دمشق نامی ملک میں ہوگی۔

ابن ماجہ، طبرانی، حاکم ونعیم بن حماد فی الفتن عن عوف ابن مالک الاشجعی، حاکم عن ابی ہریرۃ

۳۸۵۴۱......مسلمان جابیہ نامی زمین میں سکونت کے لئے ٹھہریں گے جہاں ان کے مال و مویشی بکثرت ہوں گے، پھر ان پر ایک خارش پھوڑے کی مانند بھیجی جائے گی جس میں ان کے اعمال پاکیزہ اور ان کے بدن شہید ہوں گے۔

ابویعلی وابن عساکر عن ابی امامۃ عن معاذ

۳۸۵۴۲......جس سے پوچھا گیا وہ پوچھنے والے سے زیادہ نہیں جانتا، البتہ میں تمہیں اس کی علامات بتادیتا ہوں، جب لونڈی اپنی مالکن کو جنم دے، تو یہ اس کی علامت ہے اور جب ننگے پیر بدن کے لوگ سردار بن جائیں تو یہ اس کی علامت ہے اور چرواہے جب اونچی عمارتیں بنانے لگیں تو یہ اس کی علامت ہے ان پانچ غیب کی چیزوں میں جن کا علم صرف اللہ ہی کو ہے، بے شک اللہ کے پاس ہی قیامت کا علم ہے۔

مسند احمد، بخاری، مسلم، ابن ماجہ عن ابی ہریرۃ کہ رسول اللہ سے پوچھا گیا: قیامت کب قائم ہوگی؟ تو آپ نے یہ ارشاد فرمایا۔

مسلم، ابو داؤد نسائی عن عمر، نسائی عن ابی ہریرۃ و ابی ذر معا، حلیۃ الاولیاء عن انس

۳۸۵۴۳......اسے (قیامت) اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا، اور اس کے وقت کو صرف اللہ ہی ظاہر کرے، البتہ میں تمہیں اس کی شرطوں اور اس سے پہلے پیش آنے والی باتوں کے متعلق بتا دیتا ہوں: اس سے پہلے فتنے اور ھرج ہوگا، کسی نے عرض کیا: یارسول اللہ! ھرج کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: یہ حبشی زبان میں قتل ہے، اور لوگوں میں اجنبیت ڈال دی جائے گی کوئی (کسی کو) نہیں پہنچانے گا، لوگوں کے دل خشک ہو جائیں گے اور بے وقوف لوگ رہ جائیں گے جنہیں کسی نیکی کا پتہ ہوگا اور نہ کسی برائی کی پہچان۔ طبرانی فی الکبیر وابن مردویہ عن ابی موسیٰ

۳۸۵۴۴......اس کا علم میرے رب کے پاس ہے اس کے وقت کو صرف وہی ظاہر کرے گا البتہ میں تمہیں اس کی علامات بتا دیتا ہوں اور جو کچھ اس سے پہلے پیش آئے گا۔ اس سے پہلے فتنہ اور ھرج ہوگا، لوگوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! ہمیں فتنے کا پتہ تو چل گیا ھرج کیا چیز ہے؟ آپ نے فرمایا: حبشی زبان میں قتل کو کہتے ہیں، اور لوگوں میں اجنبیت ڈال دی جائے گی کوئی پہچانا نہ جائے گا۔ (مسند احمد، سعید بن منصور عن حذیفہ فرماتے ہیں: کسی نے رسول اللہ ﷺ سے قیامت کے بارے میں پوچھا آپ نے یہ ارشاد فرمایا اور حدیث ذکر کی۔)

۳۸۵۴۵...... جب تک ھرج کی کثرت نہیں ہوتی قیامت قائم نہیں ہوگی، کسی نے عرض کیا: ھرج کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: قتل۔

حلیۃ الاولیاء عن ابی موسیٰ

۳۸۵۴۶...... قیامت سے پہلے ھرج ہوگا، لوگوں نے عرض کیا: ھرج کیا ہے آپ نے فرمایا: قتل وہ کفار کا قتل ہونا نہیں ہے بلکہ میری امت ایک دوسرے کو قتل کرے گی۔ یہاں تک کہ آدمی اپنے بھائی سے ملے گا تو اسے بھی مار ڈالے گا، اس زمانے کے لوگوں کی عقلیں چھن جائیں گی، اور بے کار لوگ رہ جائیں گے وہ سمجھیں گے کہ ہم کسی دین پر ہیں جب کہ وہ کسی دین پر نہیں ہوں گے۔

مسند احمد، ابن ماجہ، طبرانی ابن عساکر عن ابی موسیٰ

۳۸۵۴۷...... جب تک آدمی اپنے کو قتل نہیں کر لیتا قیامت قائم نہیں ہوگی۔ حاکم فی تاریخہ عن ابی موسیٰ

۳۸۵۴۸...... جب تک عرب کی زمین نہری اور شاداب نہیں ہو جاتی قیامت قائم نہیں ہوگی، سوار مکہ اور عراق کے درمیان چلے گا اسے سوائے راستہ بھول جانے کے اور کسی چیز کا ڈر نہیں ہوگا، یہاں تک کہ ھرج بکثرت ہوگا، لوگوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! ھرج کیا ہے؟ فرمایا: قتل۔

مسند احمد، عن ابی ہریرۃ

۳۸۵۴۹...... جب تک عرب کی زمین نہری اور شاداب نہیں ہو جاتی قیامت قائم نہیں ہوگی۔ حاکم عن ابی ہریرۃ

۳۸۵۵۰...... میری امت کی ایک جماعت بصرہ نامی زمین میں ضرور اترے گی وہاں ان کی تعداد اور کھجوروں کے درخت بکثرت ہوں گے، پھر بنی قنطورا چوڑے چہرے والے آئیں گے، جن کی آنکھیں چھوٹی ہوں گی، یہاں تک کہ وہ ایک پل پر پڑاؤ کریں گے جسے دجلہ کہا جائے گا، اس کے بعد مسلمانوں کے تین گروہ بن جائیں گے ایک گروہ اونٹوں کو سنبھالے جنگلوں کا رخ کرلے گا اور وہیں ہلاک ہو جائے گا، ایک گروہ اپنی جان بچائے گا ان کا اور ان کا کفر برابر ہے، ایک گروہ اپنے اہل وعیال کو پیچھے چھوڑ کر جنگ کرے گا تو ان کے مقتولین شہداء ہوں گے اور باقیوں کو اللہ تعالیٰ فتح دے گا۔ مسند احمد فی البعث، عن ابی بکرۃ وسندہ لین

۳۸۵۵۱...... عنقریب ترکوں کے گھوڑے جنہیں لگامیں پڑی ہیں نجد کی کھجور کے تنوں سے باندھے جائیں۔

ابن قانع، عن عامر بن واثلہ عن حذیفۃ بن اسید

۳۸۵۵۲...... ایک قوم چھوٹی آنکھوں والی، چوڑے چہرے والی آئے گی گویا ان کے چہرے منڈھی ہوئی ڈھالیں ہیں وہ مسلمانوں کا درختوں کی جگہوں پر گھیراؤ کرلیں گے میں گویا انہیں دیکھ رہا ہوں انہوں نے اپنے گھوڑے مسجد کے ستونوں سے باندھ رکھے ہیں، کسی نے عرض کیا: یارسول اللہ! وہ کون لوگ ہیں؟ آپ نے فرمایا: ترک۔ حاکم عن بریدۃ

۳۸۵۵۳...... سب سے پہلے ہرقل کا شہر فتح ہوگا۔ مسند احمد عن ابن عمرو

۳۸۵۵۴ ..... مسلمانوں کی جنگوں سے پناہ دمشق ہے اوران کا دجال سے بچاؤ کا سامان بیت المقدس ہے اوران کی یاجوج ماجوج سے پناہ گاہ کوہ طور ہے۔ابن ابی شیبه عن ابن الزاهرية مرسلاً

۳۸۵۵۵ ..... فحاشی اورفحش گوئی قیامت کی علامت ہے۔طبرانی فی الاوسط، سعید بن منصور عن انس

۳۸۵۵۶ ..... یہ قیامت کی علامت ہے کہ تم چرواہوں کولوگوں کا سردار دیکھو گے،اورتم ننگے بدن ننگے پیر، بکریوں کے چرواہوں کوعمارتوں پر فخر کرتے پاؤ گے اورلونڈی اپنی مالکن اور مالک کوجنم دے۔الحارث، حلية الاولياء عن ابی هريرة

۳۸۵۵۷ ..... یہ قیامت کی علامت ہے کہ بددیانت کوامانتدار اور امانتدار کو بددیانت سمجھا جائے۔الخرائطی فی مکارم الا خلاق عن ابن عمرو

۳۸۵۵۸ ..... براپڑوس قیامت کی علامت ہے، قطع رحمی،تلواریں جہاد کرنے سے بے کار ہوجائیں،اوردنیا دین کے ساتھ مل جائے۔

الدیلمی عن ابی هريرة

۳۸۵۵۹ ..... یہ قیامت کی علامت ہے کہ نااہل شخص حکومت حاصل کرلے،اورگھٹیا آدمی بلندرتبہ پائے،اور بلندرتبہ کوگھٹایا جائے۔

نعيم بن حماد فی الفتن عن كثير بن مرة مرسلاً

۳۸۵۶۰ ..... یہ قیامت کی علامت ہے کہ اولاد غصہ کا باعث ہواور بارش گرمی کا باعث بنے اور برے لوگوں کے حوالے کام کردیئے جائیں، جھوٹے کوسچا اور سچے کوجھوٹا، بددیانت کوامین اورامین کوخائن سمجھا جائے، ہرقبیلہ اپنے منافق لوگوں کوسردار بنالے،اور ہر بازار وہاں کے فاجرلوگوں کو بڑا بنالے۔محرابیں مزین کی جائیں گی اوردل ویران ہوں گے۔مرد، مردوں پراورعورتیں عورتوں پراکتفا کریں،دنیا کی آباد جگہیں ویران ہوں اورویران، آباد ہوں،فریب اورسودخوری ظاہر ہوجائے، آلات موسیقی، پازیب،شراب نوشی عام ہوجائے، پولیس والے نکتہ چین،اورعیب جوبکثرت ہوجائیں۔

بیهقی فی البعث وابن النجار عن ابن مسعود قال البيهقی: استاده فيه ضعف الاان اكثر الفاظه قدروی باسانيه متفرقة

۳۸۵۶۱ ..... قیامت جمعہ کے روز برپا ہوگی ہرجاندار جمعہ کے روز قیامت کے خوف سے سورج غروب ہونے تک اپنا سراٹھاتا ہے۔

الدیلمی عن ابی هريرة

۳۸۵۶۲ ..... قیامت دن کے وقت قائم ہوگی۔حلية الاولياء عن ابی هريرة

۳۸۵۶۳ ..... یہ قرب قیامت کی علامت ہے کہ تمہارے منبروں کے خطباء زیادہ ہوجائیں اورتمہارے علماء تمہارے حکمرانوں کی طرف مائل ہونے لگیں، پھران کے لئے حرام کوحلال اورحلال کوحرام بتانے لگیں اوران کے سامنے ان کا من پسند دین پیش کرنے لگیں،اورتمہارے علماء تمہارے درہم ودینار جمع کرنے کے لئے علم حاصل کریں اورقرآن کوتم لوگ تجارت کا ذریعہ بنالو۔الحدیث۔الدیلمی عن علی

۳۸۵۶۴ ..... یہ قرب قیامت کی نشانی ہے کہ برے لوگ بلندرتبہ پائیں اورنیک لوگوں کوکم مرتبہ دیا جائے گفتگو(کے دروازے) کھولے اور عمل (کے) بند کئے جائیں اورقوم میں مثناۃ پڑھے اوراسے کوئی روکنے والا نہ ہو،کسی نے عرض کیا:مثناۃ کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: جو چیز اللہ تعالیٰ کی کتاب کے سوالکھی جائے۔طبرانی فی الکبير عن ابن عمرو

۳۸۵۶۵ ..... یہ قرب قیامت کی علامت ہے کہ چاندآمنے سامنے دکھائی دیں۔طبرانی فی الاوسط، بیهقی فی شعب الايمان عن انس

کلام: ..... اسنی المطالب ۱۵۳۴۔

۳۸۵۶۶ ..... اس ذات کی قسم! جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے! جب تک فحاشی اور بخل ظاہر نہیں ہوتے، جب تک امین کو خائن اور خائن کوامین، نہ کہا جائے، جب تک وعول ہلاک اورتحوت ظاہر نہیں ہوجاتے قیامت قائم نہیں ہوگی،کسی نے عرض کیا: وعول اورتحوت کیا ہیں؟ آپ نے فرمایا:وعول سردار،اورتحوت ان کے دست نگر۔حاکم عن ابی هريرة

۳۸۵۶۷ ..... اس وقت تک دنیا ختم نہیں ہوگی یہاں تک کہ قرآن اس امت کے سینوں میں ایسے پرانا ہوجائے جیسے کپڑے پرانے ہوتے ہیں۔اورقرآن کے علاوہ چیزیں لوگوں کوزیادہ اچھی لگیں گی۔ان کا سارا کام صرف لالچ ہوگی جس کے ساتھ کوئی خوف نہیں ہوگا۔اگراللہ کے حق

میں کوتاہی ہوئی تو اسے اس کا نفس امیدیں دلائے گا اور اگر اللہ تعالیٰ کی حرام کردہ چیزوں کی طرف بڑھا تو کہے گا: امید ہے اللہ تعالیٰ مجھ سے درگذر کرے گا۔ لوگ بھیڑیا نما دلوں پر بھیڑ کی کھالیں پہنیں گے ان کے نزدیک وہ مداہن افضل ہوگا جو نہ نیکی کا حکم دے اور نہ برائی سے روکے۔

حلیۃ الاولیاء عن معقل بن یسار

۳۸۵۶۸..... جب تک اس امت میں تین چیزیں ظاہر نہیں ہو جاتیں وہ اچھی شریعت پر قائم رہے گی، جب تک ان سے علم قبض نہیں کر لیا جاتا، اور ان میں حرام زادے بکثرت ہو جاتے اور ان میں سقاد ظاہر ہو جاتے، لوگوں نے عرض کیا: سقاد کیا ہیں؟ آپ نے فرمایا: آخری زمانہ میں کچھ انسان ہوں گے جن کا باہمی سلام ایک دوسرے پر لعن طعن ہوگا۔ مسند احمد، طبرانی، حاکم وتعقب عن معاذ بن انس

کلام:..... الضعیف ۳۴۷، المشتھر ۱۳۰۔

نوٹ:..... یہاں کتاب میں ۳۸۵۶۸ کے بعد ۳۸۵۷۰ لکھا ہے ہم نے اسی ترتیب کو برقرار رکھا تا کہ آگے سلسلہ احادیث میں نمبروں کی تبدیلی نہ کرنا پڑے۔ عامر سعی ندوی

۳۸۵۷۰..... لوگوں کو ایک ایسا زمانہ بھی دیکھنا ہے جس میں آسمان سے بارش تو ہوگی لیکن زمین سے کوئی چیز نہیں اگے گی۔ حاکم عن انس

۳۸۵۷۱..... جب تک پہاڑ اپنی جگہ سے نہیں ٹل جاتے اور تم لوگ ایسے بڑے بڑے کام نہیں دیکھ لیتے جو تم نے پہلے نہیں دیکھے قیامت قائم نہیں ہوگی۔

طبرانی عن سمرۃ

۳۸۵۷۲..... جب تک زمین میں اللہ اللہ نہیں کہا جاتا قیامت قائم نہیں ہوگی۔ اور ایک عورت جوتے کے ٹکڑے پر سے گزر کر کہے گی: اس کے لئے کبھی ایک مرد تھا، اور ایک مرد پچاس عورتوں کا ذمہ دار ہوگا، آسمان سے بارش ہوگی مگر زمین سے کچھ نہ اگے۔ حاکم عن انس

۳۸۵۷۳..... کسی لا الہ الا اللہ کہنے والے پر قیامت قائم نہیں ہوگی۔ عبد بن حمید، ابن حبان عنہ

۳۸۵۷۴..... یہ قیامت کی علامت ہے کہ علم اٹھالیا جائے گا اور جہالت پھیل جائے گی۔ ابن النجار عن ابی ہریرۃ

۳۸۵۷۵..... جو شخص لا الہ الا اللہ کہے گا اس پر قیامت برپا نہیں ہوگی۔ اور جو نیکی کا حکم دے گا اور برائی سے منع کرے گا اس کے سامنے قیامت قائم نہیں ہوگی۔ ابن جریر، حاکم والخطیب عن انس والدیلمی والخطیب عن ابی ہریرۃ

۳۸۵۷۶..... ہزار سال پہلے جب زمین میں کوئی اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنے والا نہیں ہوگا قیامت قائم ہوگی۔

ابن جریر، حاکم فی تاریخہ عن بریدۃ

۳۸۵۷۷..... جب تک اللہ تعالیٰ کی کتاب کو عار، اسلام کو مسافر نہیں سمجھا جاتا، جب تک لوگوں میں دشمنی ظاہر نہیں ہو جاتی، جب تک علم نہیں اٹھالیا جاتا، زمانہ پرانا نہیں ہو جاتا، انسان کی عمر کم نہیں ہو جاتی سال اور پھل کم نہیں ہو جاتے، جب تک بددیانت امانت دار اور امین خائن نہیں بن جاتے، جب تک جھوٹا سچا اور سچا جھوٹا نہیں سمجھا جاتا، جب تک قتل بکثرت نہیں ہو جاتے، جب تک اونچے اونچے کمرے نہیں بنائے جاتے، جب تک بچوں والیاں غمگین اور بانجھ خوش نہیں ہو جاتیں، جب تک زنا، حسد، بخل ظاہر نہیں ہو جاتا، لوگ ہلاک نہیں ہو جاتے، جب تک خواہش کی پیروی، اور گمان سے فیصلہ نہیں کیا جاتا، جب تک بارشیں بکثرت اور پھل کامیاب نہیں ہو جاتے۔

جب تک علم کھینچ لیا نہیں جاتا، اور جہل بہا دیا نہیں جاتا، اولاد ناراضگی اور سردی گرمی کا باعث ہوگی جب تک فحاشی کھلے بندوں نہیں کی جاتی۔ زمین جدا کی جائے گی، خطیب جھوٹ بیان کریں گے پس وہ میرا حق میری امت کے برے لوگوں کے لئے ثابت کریں گے پس جس نے ان کی تصدیق کی اور ان کی بات پر راضی ہوا وہ جنت کی مہک بھی نہیں پائے گا۔

ابن ابی الدنیا، طبرانی فی الکبیر وابو نصر السجزی فی الابانۃ وابن عساکر عن ابی موسیٰ ولا باس بسندہ

۳۸۵۷۸..... اس وقت تک قیامت قائم نہیں ہوگی یہاں تک کہ پتھر چھپے ہوئے یہودی کی اطلاع دے، جس کے پیچھے کوئی مسلمان لگا ہوگا وہ اپنے سامنے پتھر کو دیکھے گا اور چھپ جائے گا، پتھر کہے گا: اللہ کے بندے! یہاں ہے جسے تو تلاش کر رہا ہے۔ طبرانی عن سمرۃ

۳۸۵۷۹..... جب تک تم کسان نہیں بن جاتے اور یہاں تک کہ آدمی نبطی عورت کا قصد کرے گا اور معیشت کی وجہ سے اس سے شادی کر لے گا

اور اپنی چچازاد کو چھوڑ دے گا اسے دیکھے گا بھی نہیں۔ قیامت قائم نہیں ہوگی۔ طبرانی عن ابی امامة

۳۸۵۸۰..... جب تک ایسی قوم ظاہر نہیں ہوجاتی جو اپنی زبانوں سے ایسے کھائے گی جیسے اپنی زبان سے کھاتی ہے۔ قیامت قائم نہیں ہوگی۔

مسند احمد، والخرائطی فی مکارم الا خلاق، سعید بن منصور عن سعد بن ابی وقاص

کلام:...... المعلة ۱۱۸۔

۳۸۵۸۱..... اس وقت تک قیامت قائم نہیں ہوگی جب تک تم ایسی قوم سے نہیں لڑ لیتے جن کے چہرے کوٹی ہوئی تلواروں کی طرح ہوں گے۔

الحطیب عن عمرو بن تغلب

۳۸۵۸۲..... جب تک سینگ والا جانور بے سینگ سے نہیں لڑے گا قیامت قائم نہیں ہوگی۔ ابن النجار عن ابی هریرة

۳۸۵۸۳..... جب تک فحاشی، قطع رحمی، بدپڑوسی، ظاہر نہیں ہوجاتی، جب تک بددیانت کوامین اور امین کو بددیانت سمجھا جائے، قیامت قائم نہیں ہوگی۔ کسی نے عرض کیا: یارسول اللہ! اس دن مومن کیسے ہوگا؟ فرمایا: جیسے شہد کی مکھی جو گرے لیکن ٹوٹے نہیں، کھائے خراب نہ کرے اور پاکیزہ چیز نکالے۔ یا جیسے سونے کا ٹکڑا جو آگ میں ڈالا جائے تو جل کر اور خالص ہوجائے۔ الحاکم فی الکنی، حاکم عن ابن عمرو

۳۸۵۸۴..... اس وقت تک قیامت قائم نہیں ہوگی جب تک سلام پہچان کی بنا پر ہو، مسجدوں کو راستہ بنالیا جائے، وہاں اللہ کے لئے سجدہ نہ کیا جائے، اور یہاں تک کہ لڑکا بوڑھے شخص کو دو چمڑوں کناروں میں ڈاک کے لئے بھیجے گا۔ اور یہاں تک کہ تاجر دونوں کناروں تک پہنچ جائے گا تو کوئی نفع حاصل نہیں کرے گا۔ طبرانی فی الکبیر عن ابن مسعود

کلام:...... ذخیرۃ الحفاظ ۶۱۴۳۔

۳۸۵۸۵..... جب تک لوگ حیوانات کی طرح راستوں میں جفتی نہیں کریں گے قیامت قائم نہیں ہوگی۔ طبرانی فی الکبیر عن ابن عمر

۳۸۵۸۶..... اے علی! اس وقت تک قیامت قائم نہیں ہوگی جب تک نہ بولے میں مسلمانوں کا ایک گروہ نہ ہو، تم لوگ ترکوں سے لڑو گے اور تمہارے بعد کے اہل ایمان بھی ان سے جنگ کریں گے عمدہ مومنین اہل حجاز جو اللہ کی راہ میں جہاد کریں گے ان کی طرف نکلیں گے انہیں اللہ کے بارے میں کسی ملامت گر کی پروانہیں ہوگی۔ یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ انہیں سبحان اللہ اور اللہ اکبر کے ذریعہ قسطنطنیہ اور رومیہ پر فتح دے دے گا، اس کا قلعہ گر جائے گا اور انہیں بہت سا مال ہاتھ لگے گا کہ اس جیسا مال انہیں کبھی نہیں ملا، یہاں تک کہ وہ لوگ اترسہ میں غنیمت تقسیم کررہے ہوں گے کہ کوئی پکار کر کہے گا: اہل شام! تمہارے شہروں اور بچوں میں مسیح دجال نکل آیا ہے، تو لوگ مال سے ہاتھ کھینچ لیں گے، تو ان میں سے کوئی تو لے گا اور کوئی چھوڑ دے گا، لینے والا بھی نادم ہوگا اور چھوڑنے والا بھی، پھر وہ کہیں گے:۔ یہ اعلان کرنے والا کون تھا؟ اور انہیں اس کا پتہ نہیں ہوگا۔ پھر کوئی کہے گا: ایک جماعت لد کی جانب بھیجو اگر مسیح دجال نکل چکا ہے تو تمہارے پاس اس کی خبر لے آئے گی۔ چنانچہ وہ لوگ آئیں گے اور وہاں کچھ نہیں دیکھیں گے اور لوگوں کو خاموش پائیں گے، پھر وہ کہیں گے: اس اعلان کرنے والے صرف ہمیں اطلاع دی، پس پختہ ارادہ کرو اور سیدھی راہ اختیار کرو پھر ہم سب اکٹھے لد کی طرف نکلیں اگر وہاں مسیح دجال ہوا تو ہم اس سے جنگ کریں گے یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ (فتح وشکست کا) فیصلہ فرمادے اور وہ بہترین فیصلہ کرنے والا ہے اور اگر دوسری بات ہوئی تو وہ تمہارے شہر اور تمہارے رشتہ دار ہیں تم ان کی جانب واپس آجانا۔

طبرانی، حاکم وتعقب عن کثیر بن عبداللہ بن عمرو بن عوف عن ابیه عن جده

۳۸۵۸۷..... اس وقت تک قیامت قائم نہیں ہوگی جب تک اللہ تعالیٰ زمین والوں سے اپنی شرط لے لے، پھر غبار رہ جائے گا جو کسی نیکی کو جان سکیں گے اور نہ کسی برائی کو پہچان سکیں گے۔ مسند احمد، حاکم عن ابن عمر

۳۸۵۸۸..... اس وقت تک قیامت قائم نہیں ہوگی جب تک زمین پر کوئی ایسا شخص باقی رہے گا جس کی اللہ کو ضرورت نہیں، یہاں تک کہ ایک عورت دن تڑکے پائی جائے گی جس سے راستے کے درمیان میں جفتی کی جائے گی نہ کوئی اسے برا جانے گا اور نہ روک سکے گا، تو ان میں وہ شخص افضل ہوگا جو کہے گا: اگر میں اسے تھوڑا سا راستے سے ہٹا دیتا، تو یہ ان میں ایسا ہے جیسے تم میں ابوبکر وعمر ہیں۔ حاکم عن ابی هریرة

کلام:......الضعیفۃ ۱۲۵۴۔

۳۸۵۸۹......قیامت صرف ناکارہ لوگوں پر برپا ہوگی۔مسند احمد، طبرانی وابن جریر حاکم عن علباء السلمی

کلام:......ذخیرۃ الحفاظ ۶۱۳۲۔

۳۸۵۹۰......جب تک مسجدوں کو گزرگاہ نہیں بنالیا جاتا، اور آدمی صرف جان پہچان کی بناپر سلام کرتا ہے، یہاں تک کہ عورت اپنے خاوند کو تجارت کی تیاری کراتی ہے اور گھوڑے اور عورتیں مہنگی ہوں گی پھر سستی ہوں گی پھر قیامت تک مہنگی نہیں ہوں گی قیامت قائم نہیں ہوگی۔

حاکم عن ابن مسعود، طبرانی عن العداء بن خالد

۳۸۵۹۱......جب تک غلاموں میں سے جہجاہ نامی شخص حاکم نہیں بنایا جاتا قیامت قائم نہیں ہوگی۔طبرانی فی الکبیر عن علباء والسلمی

۳۸۵۹۲......جب تک آدمی پچاس عورتوں کو مدبر مابعد الموت آزاد نہیں بنالیتا قیامت قائم نہیں ہوگی۔طبرانی فی الکبیر عن کعب بن عجرۃ

یعنی آقا پچاس باندیوں سے کہے گا کہ میرے مرنے کے بعد تم آزاد ہو۔

۳۸۵۹۳......اس وقت تک قیامت قائم نہیں ہوگی یہاں تک کہ لوگوں پر بارش ہوگی جس سے ڈھیلے کا گھر نہیں چھپے گا جس سے صرف بالوں کا گھر چھپے گا۔مسند احمد عن ابی ہریرۃ

۳۸۵۹۴......جب تک میرے صحابہ رضی اللہ عنہم میں سے کوئی شخص ایسے تلاش نہ کیا گیا جیسے کوئی گمشدہ شے تلاش کی جائے اور وہ ملے نہیں، قیامت قائم نہیں ہوگی۔مسند احمد، عن علی

۳۸۴۹۵......اس وقت تک قیامت قائم نہیں ہوگی، جب تک اولاد ناراضگی کا سبب ہو، اور دن پانی کے بہاؤ کی طرح گزریں گے، اور شریف لوگ بےحد غضبناک ہوں گے، اور چھوٹا بڑے کے سامنے جرأت دکھائے گا، اور کمینہ شریف کو آنکھیں دکھائے گا۔

الخرائطی فی مکارم الاخلاق عن عائشة

۳۸۵۹۶......اس وقت تک قیامت قائم نہیں ہوگی جب تک لوگ مدینہ سے شام کی جانب درمیانی علاقہ میں صحت کی تلاش میں نہیں نکلیں گے۔

الدیلمی عن ابی ہریرۃ

۳۸۵۹۷......اس وقت قیامت قائم نہیں ہوگی جب تک دل (حق بات سے) ناواقف نہ ہو جائیں، باتیں مختلف نہ ہو جائیں، اور ایک ماں باپ کے بچے جو آپس میں بھائی بھائی دین میں اختلاف کرنے لگیں۔الدیلمی عن حذیفة

۳۸۵۹۸......اس وقت تک قیامت قائم نہیں ہوگی جب تک لونڈے کے بارے میں ایسی غیرت کی جانے لگے جیسے عورت کے بارے میں کی جاتی ہے۔الدیلمی عن ابی ہریرۃ

۳۸۵۹۹......اس وقت تک قیامت قائم نہیں ہوگی جب تک کچھ قوموں کے سر آسمانی ستاروں سے کچلے نہیں جاتے کیونکہ انہوں نے قوم لوط کا عمل حلال سمجھ لیا ہوگا۔الدیلمی عن ابن عباس

۳۸۶۰۰......جب تک اللہ تعالیٰ اپنے بارے میں تین چیزوں کو عزت نہیں دے دیتا قیامت قائم نہیں ہوگی۔(حلال کا درہم (پیسہ) حاصل کیا ہوا علم، اللہ کی خاطر بنا بھائی۔الدیلمی عن حذیفة

۳۸۶۰۱......جب تک اللہ تعالیٰ مومنوں کو قسطنطنیہ اور رومیہ پر سبحان اللہ اور اللہ اکبر کے ذریعہ فتح نہیں دیتا قیامت قائم نہیں ہوگی۔

الدیلمی عن عمرو بن عوف

کلام:......ذخیرۃ الحفاظ ۶۱۴۱، المتناھیۃ ۱۴۳۰۔

۳۸۶۰۲......جب تک مدینہ اپنے برے لوگ ختم نہیں کر دیتا قیامت قائم نہیں ہوگی۔الدیلمی عن ابی ہریرۃ

۳۸۶۰۳......جب تک تم اپنے خلیفہ کو قتل نہیں کرتے، تمہاری تلواریں آپس میں نہیں ٹکراتیں اور تمہاری دنیا کے وارث تمہارے برے لوگ نہیں ہو جاتے قیامت قائم نہیں ہوگی۔نعیم بن حماد فی الفتن عن حذیفة

۳۸۶۰۴.....اس وقت تک قیامت قائم نہیں ہوگی جب تک بت نصب نہ کئے جائیں اور سب سے پہلے انہیں تہامہ کے قلعہ والے نصب کریں گے۔

نعیم عن ابن عمر

۳۸۶۰۵.....اس وقت تک قیامت قائم نہیں ہوگی جب تک قفیز والے اپنے قفیز پر، مدوالے اپنے مد پر، اردب والے اپنے اردب (چوبیس۲۴ صاع کا بڑا پیمانہ) پر دینار والے اپنے دینار پر، درہم والے اپنے درہم پر غالب نہیں آجاتے اور لوگ اپنے شہروں کی طرف نہیں لوٹ جاتے۔

ابن عساکر عن ابی ھریرۃ

یعنی ہر علاقہ میں وہیں کے مقامی لوگ راج کریں گے اجنبیوں کو نکال باہر کریں گے۔ اپنے ملک کی کرنسی خود ہی استعمال کریں گے۔ عامر تقی ندوی

۳۸۶۰۶.....سو سال بعد دنیا میں کچھ بھلائی نہیں۔ الدیلمی عن انس

۳۸۶۰۷..... چھ سو سال کے بعد اسلام میں کوئی ایسا بچہ پیدا نہیں ہوگا جس کی اللہ تعالیٰ کو ضرورت ہو۔ طبرانی والخلیلی فی مشیختہ عن صخر بن قدامۃ واوردہ ابن الجوزی فی الموضوعات واخرجہ ابن قانع بلفظ بعد المائتین وقال ھذا مما ضعف بہ خالد بن خداش وانکر علیہ

۳۸۶۰۸.....ابوالولید! عبادۃ بن الصامت! جب تم دیکھو کہ زکوٰۃ چھپالی گئی اور گراں ہوگئی، جہاد پر اجرت لی جانے لگی، آبادی ویران اور ویران آباد ہونے لگی اور آدمی (اپنے پاس رکھی) امانت کو ایسے رگڑے جیسے اونٹ درخت سے اپنے آپ کو رگڑتا ہے تو اس وقت تم اور قیامت ان دو انگلیوں کی طرح ہو۔ عبدالرزاق، طبرانی فی الکبیر عن عبداللہ بن زینب الجندی

۳۸۶۰۹.....لوگوں پر ایسا زمانہ ضرور آئے گا لوگ مسجدوں پر فخر کریں گے پھر انہیں بہت تھوڑا تعمیر کریں گے۔ ابن خزیمہ عن انس

۳۸۶۱۰.....کعبہ کو باریک پنڈلیوں والا حبشی خراب کرے گا اس کا زیور چھین لے گا اور اسے غلافوں سے خالی کردے گا، میں گویا دیکھ رہا ہوں کہ وہ اپنی کدال اور اوزار اس پر مار رہا ہے اس کا سر آگے گنجا اور اس کے اعضاء ٹیڑھے ہیں۔ مسند احمد عن ابن عمرو

۳۸۶۱۱.....باریک پنڈلیوں والا اللہ تعالیٰ کے گھر (کعبہ) کو خراب کرے گا۔ الدیلمی عن ابی ھریرۃ

۳۸۶۱۲.....بڑی چیخ سے پہلے ایک اعلان کرنے والا اعلان کرے گا: تم پر قیامت آئی! جسے زندے اور مردے سنیں گے اللہ تعالیٰ (کا عرش) آسمانی دنیا پر نازل ہوگا، پھر پکارنے والا پکارے گا: آج کس کی بادشاہت ہے؟ اللہ کیلئے زبردست کے لئے ہے۔ الدیلمی عن ابی سعید

۳۸۶۱۳.....دریائے فرات سونے کے پہاڑ سے ہٹ جائے گا جس پر لوگوں کی جنگ ہوگی ہر (جانب سے) سو میں سے ننانوے فیصد قتل ہوں گے، اور قیامت دن کے وقت قائم ہوگی۔ حاکم عن ابی ھریرۃ

کلام:.......ذخیرۃ الحفاظ ۶۴۹۶۔

۳۸۶۱۴.....دریائے فرات سے سونے چاندی کا پہاڑ نمودار ہوگا جس پر دونوں جانب سے ہر نو میں سے سات قتل ہوں گے، اگر تم اس زمانہ کو پالو تو اس کے قریب نہ جانا۔ نعیم بن حماد فی الفتن عن ابی ھریرۃ

۳۸۶۱۵.....بیت المقدس میں ہدایت کی بیعت ہوگی۔ ابن سعد عن عبدالرحمن بن ابی عمیرۃ المزنی

۳۸۶۱۶.....گویا مجھے بنی فہر کی عورتیں خزرج کا طواف کرتی نظر آرہی ہیں ان کی سرینیں ڈھلک رہی ہیں وہ مشرک ہیں۔

مسند احمد عن ابن عباس

۳۸۶۱۷.....اللہ تعالیٰ کسریٰ پر لعنت کرے، سب سے پہلے عرب اور پھر فارس والے ہلاک ہوں گے۔ مسند احمد عن ابی ھریرۃ

۳۸۶۱۸.....قرب قیامت کی علامت عربوں کا ہلاک ہونا ہے۔ ابن ابی شیبہ، بیھقی فی البعث عن طلحۃ بن مالک

۳۸۶۱۹.....سب سے پہلے فارس ہلاک ہوں گے پھر عرب کے نقش قدم پر۔ نعیم ابن حماد فی الفتن عن ابی ھریرۃ، وسندہ ضعیف

۳۸۶۲۰.....سب سے پہلے قریش ہلاک ہوں گے اور قریش میں سے میرے گھرانے کے لوگ۔ الحاکم فی الکنی عن عمرو بن العاصی

۳۸۶۲۱.....اللہ تعالیٰ دنیا کو ختم نہیں کرے گا یہاں تک کہ ڈھیر ان میں ایک جوتا ملے گا پس کوئی کہے گا کہ یہ کسی قریشی کا جوتا ہے۔

ابن قانع، طبرانی عن عبدالرحمن بن شبل

حضور ﷺ سے دوری کی وجہ

زمانے کا تنزل وتغیر

۳۸۶۲۲...... ہر سال (براہے) جو اس کے بعد آنے والا ہے وہ اس سے زیادہ براہے یہاں تک کہ تم اپنے رب سے مل لو۔ترمذی عن انس

۳۸۶۲۳...... ہر چیز کم ہو جاتی ہے سوائے برائی کے،اس میں اضافہ ہی ہوتا ہے۔مسند احمد،طبرانی، ابو یعلی عن ابی الدرداء

کلام:......اسنی المطالب:۱۰۹۱،ضعیف الجامع ۴۲۴۸۔

۳۸۶۲۴...... ہر سال میں خیر کم ہو جاتی اور شر میں اضافہ ہو جاتا ہے۔طبرانی عن ابی الدرداء)

کلام:......الاسرار المرفوعۃ ۳۴۹۔

۳۸۶۲۵...... جو سال اور دن تمہارے سامنے آئے گا اس کے بعد والا اس سے زیادہ براہوگا یہاں تک کہ تم اپنے رب سے مل لو۔

مسند احمد، بخاری، نسائی عن انس

۳۸۶۲۶...... تم ایسے زمانے میں ہو کہ اس میں اگر کسی نے حکم کی بجا آوری کو دسواں حصہ بھی چھوڑا تو ہلاک ہو جائے گا، پھر ایسا زمانہ آئے گا کہ جس نے حکم کے دسویں حصہ پر عمل کیا تو نجات پا جائے گا۔ترمذی عن ابی ھریرۃ

کلام:......ضعیف الترمذی ۳۹۴،ضعیف الجامع ۲۰۳۸۔

۳۸۶۲۷...... ایک شخص کسی بنی اسرائیلی کے ہاں مہمان ہوا،اس کے گھر میں ایک حاملہ کتیا تھی وہ کہنے لگی: اللہ کی قسم! میں اپنے مالکوں کے مہمان کو نہیں بھونکوں گی، تو اسکے پیٹ کا بچہ غرانے لگا،کسی نے کہا: یہ کیا: تو اللہ تعالیٰ نے ان میں سے کسی شخص کی طرف وحی بھیجی: یہ اس امت کی مثال ہے جو تمہارے بعد ہوگی اس کے بے وقوف لوگ اپنے عقلمندوں کو ڈانٹیں گے۔مسند احمد عن ابن عمرو

کلام:......ضعیف الجامع ۳۵۸۳۔

”الاکمال“

۳۸۶۲۸...... تم ایسے زمانے میں ہو جس کے فقہاء زیادہ اور خطباء تھوڑے ہیں،سوال کرنے والے تھوڑے اور دینے والے بکثرت ہیں۔اس میں عمل علم سے بہتر ہے،تم پر ایسا زمانہ بھی آئے گا جس کے فقہاء تھوڑے اور خطباء زیادہ ہوں گے،سوال کرنے والے زیادہ اور دینے والے کم ہوں گے اس دور میں علم عمل سے افضل ہوگا۔

طبرانی فی الکبیر عن حزام بن حکیم بن حزام عن ابیہ، طبرانی وابن عساکر عن حزام بن حکیم عن عمہ عبداللہ بن سعد الانصاری

۳۸۶۲۹...... تم ایسے زمانے میں ہو جس کے علماء کثیر اور خطباء قلیل ہیں جس نے اس میں علم کا دسواں حصہ بھی چھوڑا ہلاک ہوگا اور لوگوں نے ایسا زمانہ بھی دیکھنا ہے جس کے علماء تھوڑے،خطباء زیادہ ہوں گے جس نے اس دور میں علم کے دوسرے حصے کو بھی تھام لیا نجات پائے گا۔

مسند احمد عن ابی ذر

۳۸۶۳۰...... آج تم ایسے زمانے میں ہو جس میں کسی نے حکم کے دسویں حصے کو چھوڑا تو ہلاک ہو جائے گا لوگوں پر ایسا زمانہ بھی آئے گا جس نے دسویں حصے کو بھی کر لیا نجات پالے گا۔ابن عدی فی الکامل، ابن عساکر وابن النجار عن ابی ھریرۃ)

کلام:......الجامع المصنف ۱۹۳،ذخیرۃ الحفاظ ۶۰۷۔

۳۸۶۳۱...... آخری زمانے میں قراء کا طریقہ ہوگا،جو کوئی اس زمانے کو پائے تو وہ شیطان مردود سے اللہ تعالیٰ کی پناہ طلب کرے،وہ بدبودار ہیں،

پھر سر دیوں کی ٹوپیاں ظاہر ہوں گی، اس دن سود کھانے سے حیا نہیں کیا جائے گا اس دن اپنے دین کو تھامنے والا انگارہ پکڑنے والے کی طرح ہے اس دن دین پر عمل کرنے والے کے لئے پچاس آدمیوں کا ثواب ہے لوگوں نے عرض کیا ہمارے یا ان کے، فرمایا: تمہارے پچاس آدمیوں کا۔
الحکیم عن ابان عن انس

یعنی ایک خاص گروہ ٹوپیوں والا ظاہر ہوگا۔

۳۸۶۳۲ ..... جو سال بھی تم پر آئے گا اگلا اس سے زیادہ برا ہوگا۔ نعیم فی الفتن عن ابن عمر

۳۸۶۳۳ ..... زمانے میں سختی کا ہی اضافہ ہوگا اور لوگوں میں کنجوسی کا اضافہ ہوگا۔ اور قیامت برے لوگوں پر ہی قائم ہوگی۔
ابن النجار عن اسامة ابن زید

۳۸۶۳۴ ..... حکومت میں سختی ہی ہوگی، اور مال میں اضافہ ہی ہوگا، اور لوگوں میں کنجوسی ہی بڑھے گی۔
طبرانی، حاکم، بیهقی فی کتبا بیان خطاء عن اخطاء علی الشافعی عن ابی امامة، طبرانی عن معاویة

۳۸۶۳۵ ..... وہ شخص بدبخت ہے جو زندہ ہوا اور اس کی موجودگی میں قیامت آئے۔ الدیلمی عن ابن عمر

۳۸۶۳۶ ..... تم سے پہلے لوگوں میں سے ایک شخص کسی قوم کا مہمان بننے کا خواہش مند ہوا، تو انہوں نے اس کی مہمان نوازی کی ان کی بھونکنے والی کتیا تھی، وہ کہنے لگی: اللہ کی قسم میں اپنے مالکوں کے مہمان کو آج کی رات نہیں بھونکوں گی تو اس کے پیٹ کا بچہ غرایا، یہ بات ان کے نبی یا فقیہہ کو پتہ چلی، تو انہوں نے فرمایا: اس کی مثال اس امت کی سی ہے جو تمہارے بعد ہوگی جس کے بے وقوف اپنے علقمندوں کو ڈانٹیں گے، اس کے بے وقوف اپنے علماء پہ غالب ہوں گے۔ الرامهرمزی فی الامثال عن عطاء بن السائب عن ابیه عن ابن عمرو

۳۸۶۳۷ ..... بنی اسرائیل کی ایک کتیا حاملہ تھی اس کے مالکوں کے ہاں کوئی مہمان آیا وہ کہنے لگی: آج کی رات میں مہمان کو نہیں بھونکوں گی تو اس کے پیٹ کا بچہ غرایا، تو اللہ تعالیٰ نے ان میں سے کسی شخص کی طرف وحی بھیجی کتیا کی مثال اس امت کی سی ہے جو تمہارے بعد آئے گی جس کے بے وقوف اپنے علماء پر سختی کریں گے۔ طبرانی فی الاوسط عن ابن عمرو

۳۸۶۳۸ ..... ایک مہمان بنی اسرائیل کی کسی قوم کے پاس ٹھہرا ان کی ایک حاملہ کتیا تھی وہ کہنے لگی: میں اپنے مالکوں کے مہمان کو نہیں بھونکوں گی تو اس کے پیٹ کا بچہ غرایا، صبح یہ لوگ اپنے نبی کے پاس گئے انہیں خبر دی، انہوں نے فرمایا: کیا تم جانتے ہو یہ کس کی طرح ہے؟ انہوں نے عرض کیا: نہیں فرمایا: اس امت کی طرح ہے جو تمہارے بعد ہوگی جس کے ناداں اپنے علماء پہ غالب ہوں گے۔ طبرانی عن ابن عمر

فصل رابع ..... قیامت کی بڑی نشانیوں کا ذکر

اجتماعی ذکر

۳۸۶۳۹ ..... دس علامات کے بغیر قیامت قائم نہیں ہوگی: دھواں، دجال، دابۃ الارض، سورج کا مغرب سے طلوع ہونا، تین خسف (زمین میں دھنسایا) ایک خسف مشرق میں ایک مغرب میں اور ایک جزیرۃ العرب میں ہوگا، عیسیٰ علیہ السلام کا نزول، یاجوج ماجوج کا کھلنا، عدن کے نشیبی علاقہ سے آگ نکلے گی جو لوگوں کو محشر کی طرف ہنکالے جائے گی جہاں لوگ رات گزاریں گے رات گزارے گی اور جہاں قیلولہ (دوپہر کا آرام) کریں گے قیلولہ کرے گی۔ مسند احمد، مسلم، ابو یعلی عن حذیفة بن اسید

۳۸۶۴۰ ..... (قیامت کی) سب سے پہلی نشانی جو ظاہر ہوگی سورج کا مغرب سے طلوع ہونا اور صبح تڑکے دابۃ الارض کا لوگوں کے سامنے آنا، تو جو نشانی بھی اپنی سہیلی سے پہلے ہوگی دوسری قریب ہی اس کے نقش قدم پر ہوگی۔ مسند احمد، مسلم، نسائی ابن ماجه عن ابن عمر

۳۸۶۴۱ ..... چھ (علامات سے پہلے) اعمال میں جلدی کرو، سورج کے مغرب سے طلوع ہونے، دھویں، دابۃ الارض، دجال، تم میں کسی کے

مخصوص خدمت گارعوامی حکومت۔مسند احمد، مسلم عن ابی ھریرۃ

۳۸۶۴۲..... تین چیزیں جب ظاہر ہوں گی تو کسی مکلّف جاندار کو جو اس سے پہلے ایمان نہیں لایا یا ایمان لانا یا اس نے اپنے ایمان میں کوئی نیکی نہیں کی، نیکی کرنا کچھ فائدہ نہیں دے گا، سورج کا مغرب سے طلوع ہونا، دجال اور دابۃ الارض۔مسلم، ترمذی عن ابی ھریرۃ

۳۸۶۴۳..... علامات (قیامت) ایک دوسرے کے بعد ظاہر ہوں گی، ایسے یکے بعد دیگرے جیسے لڑی کے موتی۔

طبرانی فی الاوسط عن ابی ھریرہ

کلام:..... المتناھیۃ ۱۴۲۸، الوقوف ۱۳۴۔

۳۸۶۴۴..... ہر وہ چیز جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے وہ سو سال میں ہے۔البزار عن ثوبان

کلام:..... ضعیف الجامع ۴۴۴۶۔

”الاکمال“

۳۸۶۴۵..... (قیامت کی) سب سے پہلی علامت دجال ہے، عیسیٰ علیہ السلام کا نزول عدن ابین کے نشیبی علاقے سے ایک آگ نکلے گی، جو لوگوں کو محشر کی طرف ہنکائے گی جہاں وہ لوگ قیلولہ کریں گے وہ بھی قیلولہ کرے گی، دھواں، دابۃ الارض، یاجوج ماجوج، کسی نے عرض کیا: یا رسول اللہ! یاجوج ماجوج کیا ہیں؟ آپ نے فرمایا: یاجوج ماجوج بہت سی امتیں ہیں، ہر امت ایک لاکھ چار سو امتیں ہیں ان کا کوئی آدمی اس وقت تک نہیں مرتا یہاں تک کہ اپنی اولاد میں ہزار زندہ دیکھے، یہ آدم علیہ السلام کی اولاد ہیں۔وہ دنیا کی خرابی کے لئے چلیں گے ان کا اگلا آدمی شام میں اور پچھلا شخص عراق میں ہوگا، پس وہ چلیں گے کہ یہ دنیا ہے اس کے بعد وہ فرات، دجلہ بحیرہ طبریہ پی ڈالیں گے یہاں تک کہ بیت المقدس کے پاس پہنچ کر کہیں گے: ہم نے دنیا والوں کو قتل کر دیا اب آسمان والوں کو مارو! پھر وہ آسمان کی طرف تیر پھینکیں گے ان کے تیر خون سے آلود ہو کر لوٹیں گے تو وہ کہیں گے: ہم نے آسمان والوں کو بھی مار ڈالا، جب کہ عیسیٰ علیہ السلام اور مسلمان طور سینا کے پہاڑ پر ہوں گے، اللہ تعالیٰ عیسیٰ علیہ السلام کی طرف وحی بھیجیں گے: کہ میرے بندوں کو اور ایلہ کے قریب والوں کو جمع کر لو، اس کے بعد عیسیٰ علیہ السلام آسمان کی طرف اپنے ہاتھ اٹھائیں گے اور مسلمان آمین کہیں گے۔

اس کے بعد اللہ تعالیٰ ان کی طرف ایک کیڑا بھیجے گا جسے نغف کہا جاتا ہے جو ان کے نتھنوں میں داخل ہوگا تو وہ شام کے کنارے سے لے کر عراق کے کنارے تک مردہ ہو جائیں گے ان کے مردار جسموں سے زمین بدبودار ہو جائے گی، (اللہ تعالیٰ) آسمان کو برسنے کا حکم دے گا جیسے مشکیزوں کا منہ کھلتا ہے یوں زمین ان کے مرداروں اور بدبو سے دھل جائے گی، اس وقت سورج مغرب سے طلوع ہوگا۔

ابن جریر عن حذیفہ بن الیمان

۳۸۶۴۶..... قیامت سے پہلے دس نشانیاں یوں پیش آئیں گی جیسے لڑی میں (سے) موتی (گرتے ہیں) ایک گر پڑے تو لگاتار گرنے لگتے ہیں: دجال کا نکلنا، عیسیٰ علیہ السلام کا نازل ہونا، یاجوج ماجوج (کی دیوار) کا کھلنا، دابۃ الارض اور سورج کا مغرب سے نکلنا جب کسی مکلّف جاندار کو ایمان لانا فائدہ نہ دے گا۔

(ابن عساکر عن ابی شریحۃ

۳۸۶۴۷..... قیامت سے پہلے دس علامات ہیں، مغرب میں دھنسنا، مشرق اور جزیرۂ عرب میں دھنسنا، دھواں، عیسیٰ ابن مریم علیہما السلام کا نزول، دجال، دابۃ الارض یاجوج ماجوج، اور ہوا جو انہیں اڑائے اور سمندر میں پھینکے گی، سورج کا مغرب سے طلوع ہونا۔

البغوی، طبرانی عن الربیع بن عضلۃ عن ابی شریحۃ

۳۸۶۴۸..... قیامت سے پہلے دس نشانیاں ہوں گی۔ابن السکن عن ربیعۃ الجرشی

۳۸۶۴۹......لوگوں کی تین پناہ گاہیں ہوں گی، بڑی جنگ سے ان کی پناہ گاہ انطا کیہ کے نشیبی علاقہ دمشق میں ہوگی، اور جنگ سے ان کی پناہ گاہ بیت المقدس ہے اور یاجوج ماجوج سے ان کی پناہ گاہ طور سینا ہے۔

حلیة الاولیاء، ابن عساکر عن الحسین بن علی، ابن عساکر عن یحیی بن جابر الطائی مرسلاً

۳۸۶۵۰......قیامت اس وقت تک قائم نہ ہوگی جب تک دس نشانیاں نہ ظاہر ہو جائیں، مشرق میں دھنسنا، مغرب میں دھنسنا، اور جزیرہ العرب میں دھنسنا، دجال، دھواں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا نزول یا جوج ماجوج کا نکلنا، دابة الارض کا نکلنا، سورج کا مغرب سے طلوع ہونا، اور آگ جو عدن کے نشیبی علاقے سے نکلے گی اور لوگوں کو محشر کی طرف ہانک کر لے جائے گی اور چھوٹی چیونٹی اور بڑی چیونٹی (سب) کو جمع کرے گی۔

طبرانی، حاکم وابن مردویہ عن واثلہ

''مہدی کا ظہور''

۳۸۶۵۱......جب تم خراسان سے سیاہ جھنڈے آتے دیکھوتو وہاں پہنچ جاؤ کیونکہ ان میں خلیفۃ اللہ مہدی ہوگا۔ مسند احمد، حاکم عن ثوبان

۳۸۶۵۲......خراسان سے سیاہ جھنڈے نکلیں گے انہیں کوئی روک نہ سکے گا یہاں تک کہ وہ ایلیاء میں نصب ہو جائیں گے۔

مسند احمد، ترمذی عن ابی ھریرة

۳۸۶۵۳......تمہیں مہدی کی خوشخبری ہو جو قریش میں میرے خاندان کا آدمی ہوگا وہ زلزلوں اور لوگوں کے اختلاف کے دور میں نکلے گا وہ زمین کو عدل وانصاف سے بھر دے گا، جیسے وہ ظلم وستم سے بھری ہوگی آسمان وزمین کے رہنے والے اس سے خوش ہوں گے، مال کو صحیح برابر حصوں میں تقسیم کرے گا، اور امت محمد علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام کے دلوں کو مسرت سے بھر دے گا، اس کا انصاف انہیں کافی ہوگا، یہاں تک کہ ایک اعلان کرنے والا اعلان کرے گا: جسے کوئی ضرورت ہو وہ میرے پاس آجائے؟ تو اس کے پاس صرف ایک آدمی آئے گا اس سے سوال کرے گا، پھر وہ کہے گا: دربان کے پاس جاؤ وہ تمہیں عطا کرے گا، چنانچہ وہ اس کے پاس آکر کہے گا: میں مہدی کا قاصد ہوں تاکہ تم مجھے مال دو، وہ کہے گا: دونوں ہاتھوں سے اٹھاؤ، وہ جھولی بھرے گا لیکن اٹھا نہیں سکے گا، پھر وہ مال نکال دے گا اور اتنا باقی رکھے گا جسے اٹھا سکے، مال لے کر نکلے گا تو اسے ندامت وپشیمانی ہوگی وہ (دل میں) کہے گا: امت محمد میں سے میں ہی (بڑا) بے باک ہوں، سب کو اس مال کی طرف بلایا گیا تو میرے علاوہ سب نے چھوڑ دیا، چنانچہ (اس خیال سے) وہ دربان کو مال واپس کرے گا، تو وہ کہے گا: ہم جو چیز دے دیتے ہیں واپس نہیں لیتے، پھر وہ (مہدی) اس حال میں چھ، سات، آٹھ یا نو سال رہے گا اس کے بعد زندگی میں کوئی خیر نہیں۔ مسند احمد، والباوردی عن ابی سعید

کلام:......ضعیف الجامع ۳۸، الضعیفة ۱۵۸۸۔

۳۸۶۵۴......میری امت میں مہدی نکلے گا جو پانچ سات یا نو سال زندہ رہے گا اس کے پاس ایک شخص آکر کہے گا: اے مہدی! مجھے دو، مجھے دو، تو وہ جتنا اٹھا سکے گا اس کا کپڑا بھر دے گا۔ ترمذی عن ابی سعید

۳۸۶۵۵......دنیا کا اختتام وانتہا اس وقت تک نہیں ہوگی یہاں تک کہ میرے خاندان کا ایک شخص جس کا نام میرے ہم نام ہوگا اس کا مالک بن جائے۔

مسند احمد، ابوداؤد، ترمذی، عن ابن مسعود

۳۸۶۵۶......حکومت میں سختی ہی ہوگی، دنیا پیٹھ ہی پھیرے گی اور لوگ آئے دن بخیل ہی ہوں گے اور قیامت برے لوگوں پر ہی برپا ہوگی اور مہدی عیسیٰ علیہ السلام ہی ہیں۔ ابن ماجہ، حاکم عن انس

کلام:......الاباطیل ۲۹۹، ذخیرة الحفاظ ۶۳۳۷۔

۳۸۶۵۷......کچھ لوگ مشرق سے نکلیں گے اور مہدی کی حکومت کی اطاعت کریں گے۔ ابن ماجہ عن عبداللہ بن الحارث بن جزء

کلام:......ضعیف الجامع ۶۴۲۱۔

۳۸۶۵۸...... تمہارے اس خزانے کے پاس تین آدمی آپس میں جنگ کریں گے تینوں خلیفہ کے بیٹے ہوں گے، وہ کسی کو نہیں ملے گا، اس کے بعد سیاہ جھنڈے مشرق کی جانب سے نمودار ہوں گے، وہ تمہیں ایسے قتل کریں گے کہ کسی کو قوم نے ایسا قتل نہیں کیا، پس تم اگر اسے دیکھ لوتو اس کے ہاتھ پر بیعت کر لینا اگر چہ برف پر گھٹنوں کے بل چلنا پڑے کیونکہ وہ اللہ کی طرف سے خلیفہ مہدی ہوگا۔ ابن ماجه، حاکم عن ثوبان

کلام :...... ضعیف ابن ماجہ ۸۸۷، الضعیفۃ ۸۵۔

۳۸۶۵۹...... میری امت کے آخر میں ایک خلیفہ ہوگا دامن بھر بھر کے مال دے گا اور اسے شمار نہیں کرے گا۔ مسند احمد، مسلم عن جابر

۳۸۶۶۰...... آخری زمانہ میں ایک خلیفہ ہوگا جو مال تقسیم کرے گا (لیکن) اسے شمار نہیں کرے گا۔ مسند احمد، مسلن عن ابی سعید وجابر

۳۸۶۶۱...... میرے خاندان کا ایک شخص خلیفہ بنے گا جس کا نام میرے ہم نام ہوگا، اگر دنیا کا ایک دن بھی باقی رہا اللہ تعالیٰ اسے لمبا کردے گا تا کہ وہ خلیفہ بن جائے۔ ترمذی، عن ابن مسعود

۳۸۶۶۲...... مہدی میرے خاندان فاطمہ کی اولاد سے ہوگا۔ ابو داؤد، مسلم عن ام سلمه

کلام :...... المنار المنیف ۳۳۴۔

۳۸۶۶۳...... مہدی میرے، چچا عباس کی اولاد سے ہوگا۔ دار قطنی فی الافراد عن عثمان

۳۸۶۶۴...... مہدی اہل بیت سے ہوگا، اللہ تعالیٰ ایک رات میں اس کی اصلاح کردے گا۔ مسند احمد، ابن ماجه عن علی

کلام :...... المتناهیة ۱۴۳۲۔

۳۸۶۶۵...... مہدی روشن پیشانی والا، تنگ نتھنوں اور درمیان سے اونچی ناک والا ہوگا، زمین کو عدل وانصاف سے بھر ڈالے گا جیسے وہ ظلم وستم سے بھری پڑی ہے وہ سات سال حکومت کرے گا۔ ابو داؤد، حاکم، عن ابی سعید

۳۸۶۶۶...... مہدی میری اولاد میں سے ہوگا، اس کا چہرہ چمکتے ستارے کی طرح ہوگا۔ الرویانی عن حذیفة

کلام :...... تہذیر المسلمین ۱۶۰، ضعیف الجامع ۵۹۴۸۔

۳۸۶۶۷...... عنقریب میرے بعد خلفاء ہوں گے اور خلفاء کے بعد امراء ہوں گے اور امراء کے بعد بادشاہ ہوں گے اور بادشاہوں کے بعد ظالم لوگ، پھر میرے گھرانے کا ایک شخص نکلے گا جو زمین کو عدل وانصاف سے بھر ڈالے گا جیسے وہ ظلم وستم سے بھری پڑی ہے پھر اس کے بعد قحطانی کو حکومت ملے گی اس ذات کی قسم! جس نے مجھے حق دے کر بھیجا وہ اس سے کم نہیں۔ (طبرانی فی الکبیر عن حامل الصدفی

کلام :...... ضعیف الجامع ۳۳۰۵۔

۳۸۶۶۹...... خلیفہ کی موت کے وقت لوگوں میں اختلاف ہوگا، تو اہل مدینہ سے ایک شخص بھاگ کر مکہ جائے گا، مکہ والے اس کے پاس آئیں گے اسے باہر نکالیں گے وہ نہ چاہ رہا ہوگا پھر رکن ومقام ابراہیم کے پاس اس کے ہاتھ پر بیعت کریں گے، شام کی ایک جماعت اس کی طرف بھیجی جائے گی تو انہیں مکہ ومدینہ کے درمیان کھلے میدان میں زمین میں دھنسا دیا جائے گا۔

لوگ جب یہ منظر دیکھیں گے تو اس کے پاس شام کے ابدال اور اہل عراق کے سردار آکر رکن ومقام کے درمیان اس کی بیعت کرلیں گے، پھر قریش کا ایک شخص اٹھے گا جس کے ماموں کلب ہوں گے وہ ان کی طرف ایک مہم روانہ کرے گا تو یہ لوگ ان پر غالب آ جائیں گے یہ کلب کی مہم ہوگی اس شخص کے لئے خرابی ہے جو کلب کی غنیمت میں حاضر نہ ہوا، پھر مال (غنیمت) تقسیم ہوگا، اور لوگوں میں ان کے نبی کی سنت کے مطابق عمل کرے گا، اور اسلام کو زمین عام کردے گا۔ وہ سات سال رہے گا پھر اس کی وفات ہوگی اور مسلمان اس کا جنازہ پڑھائیں گے۔

مسنداحمد، ابو داؤد، حاکم عن ام سلمة

کلام :...... ضعیف ابی داؤد ۹۲۱۔۹۲۲۔۹۲۳۔

۳۸۶۶۹...... زمین ضرور ظلم وستم سے بھری جائے گی، جب وہ ظلم سے بھر جائے گی تو اللہ تعالیٰ میرا ایک شخص بھیجے گا جو میرا ہم نام اور اس کا والد میرے والد کے ہم نام ہوگا وہ زمین کو عدل وانصاف سے بھر ڈالے گا۔ جیسے وہ ظلم وبربریت سے بھر گئی تھی پھر نہ آسمان اپنا قطرہ روکے گا اور نہ

زمین اپنی نباتات، وہ تم لوگوں میں سات یا آٹھ سال رہے گا زیادہ رہا تو نو سال۔ طبرانی فی الکبیر و البزار عن قرۃ المزنی
کلام:...... ذخیرۃ الحفاظ ۴۴۳۲۔

۳۸۶۷۰...... زمین ضرور ظلم و بربریت سے بھری جائے گی، پھر میرے گھرانے کا ایک شخص ضرور نکلے گا جو اسے انصاف سے بھر دے گا۔ جیسے وہ ظلم سے بھر گئی تھی۔ الحارث عن ابی سعید

۳۸۶۷۱...... میری امت (صالحہ پابند شریعت) ہرگز ہلاک نہیں ہوگی اس کے شروع میں میں (محمد ﷺ) ہوں اور اس کے آخر میں عیسیٰ بن مریم علیہما السلام ہیں اور مہدی اس کے درمیان میں ہے۔ ابو نعیم فی اخبار المھدی عن ابن عباس
کلام:...... ضعیف الجامع ۴۷۸۰، المنار المنیف ۳۴۵۔

۳۸۶۷۲...... تمہارے خلفاء میں ایک خلیفہ ہوگا جو دامن بھر کر مال دے گا اور اسے شمار نہیں کرے گا۔ مسلم عن ابی سعید

۳۸۶۷۳...... وہ ہمارے خاندان کا شخص ہوگا جس کی اقتداء میں عیسیٰ بن مریم علیہ السلام نماز پڑھیں گے۔

ابو نعیم فی کتاب المھدی عن ابی سعید

۳۸۶۷۴...... اگر دنیا کا ایک دن بھی بچا تو اللہ تعالیٰ اسے لمبا کر دے گا یہاں تک کہ میرے خاندان کا ایک شخص جبل دیلم اور قسطنطنیہ کا حاکم بن جائے۔

ابن ماجہ عن ابی ھریرۃ

کلام:...... ضعیف ابن ماجہ ۶۱۲ ضعیف الجامع ۴۸۴۲۔

۳۸۶۷۵...... اگر زمانے کا ایک دن بھی رہا تو اللہ تعالیٰ میرے گھرانے کا ایک فرد بھیجے گا جو زمین کو عدل وانصاف سے بھر ڈالے گا جیسے وہ ظلم وستم سے بھر گئی۔ مسند احمد ابو داؤد عن علی
کلام:...... المتناھیہ ۱۴۴۳۔

۳۸۶۷۶...... اگر دنیا کا ایک دن بھی رہا تو اللہ تعالیٰ اسے لمبا کر دیں گے یہاں تک کہ میرے گھرانے کا ایک شخص بھیجا جائے گا جس کا نام اور اس کے والد کا نام میرے نام اور میرے والد کے نام جیسا ہوگا وہ زمین کو عدل وانصاف سے بھر دے گا جیسے وہ ظلم وستم سے بھر گئی۔

ابو داؤد عن ابن مسعود

الاکمال

۳۸۶۷۷...... ہم اہل بیت کے لئے اللہ تعالیٰ نے دنیا کے مقابلہ میں آخرت کو پسند کیا ہے اور میرے بعد میرے اہل بیت کو آزمائش، رکید اور دھتکار کا سامنا ہوگا یہاں تک مشرق کی جانب سے ایک قوم آئے گی جن کے پاس سیاہ جھنڈے ہوں گے وہ حق کا مطالبہ کریں گے لیکن انہیں نہیں دیا جائے گا، اس لئے وہ جنگ کریں گے پھر ان کی مدد کی جائے گی جو مانگیں گے انہیں دیا جائے گا، تو جب تک میرے گھرانے کے ایک شخص کو نہیں دیا جائے گا وہ قبول نہیں کریں گے اس کا نام میرے نام کے اور اس کے والد کا نام میرے والد کے ہم نام ہوگا، وہ زمین کا حاکم ہوگا اور اسے عدل وانصاف سے بھر دے گا جیسے وہ ظلم وستم سے بھری ہوگی، تو جو کوئی تم میں سے یا تمہاری اولاد میں سے یہ زمانہ پائے تو ان کے پاس آجائے اگرچہ برف پر گھٹنوں کے بل چلنا پڑے۔ کیونکہ وہ ہدایت کے جھنڈے ہیں۔ ابن ماجہ، حاکم و تعقب عن ابن مسعود

۳۸۶۷۸...... مہدی میرا ہم نام اور اس کا والد میرے والد کا ہم نام ہوگا۔ ابن عساکر عن ابن مسعود

۳۸۶۷۹...... تمہارے سامنے خراسان کی جانب سے سیاہ جھنڈے نمودار ہوں گے، تو ان کے پاس جانا اگرچہ برف پر گھٹنوں کے بل چلنا پڑے، کیونکہ وہ اللہ تعالیٰ کا خلیفہ مہدی ہے۔ الدیلمی عن ثوبان

۳۸۶۸۰...... تمہارے اور روم کے درمیان چار صلحیں ہوں گی، چوتھے دن آل ہارون کے ایک شخص کے ہاتھ پر ہوگی جو سات سال رہے گی،

لوگوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! اس وقت لوگوں کا خلیفہ کون ہوگا؟ آپ نے فرمایا: میری اولاد سے جس کی عمر چالیس سال ہوگی، گویا اس کا چہرہ چمکتا تارا ہے اس کے دائیں رخسار پر سیاہ تل ہوگا اس پر روئی کی دوعبائیں ہوں گی وہ بنی اسرائیل کا شخص معلوم ہوگا، بیس سال حکومت کرے گا خزانے نکالے گا اور شرک والے شہروں کو فتح کرے گا۔ طبرانی فی الکبیر عن ابی امامة

۳۸۶۸۱..... (بدعہدی کے) دھوکے پر صلح ہوگی، کسی نے عرض کیا: یارسول اللہ! دھوکے کی صلح کا کیا مطلب ہے؟ فرمایا: دل جیسے تھے ویسے نہیں ہوں گے، پھر گمراہی کے بلانے والے ہوں گے، اس وقت اگر تمہیں اللہ کا خلیفہ زمین میں نظر آئے تو اس کے پاس چلے جانا، اگرچہ وہ تمہارے جسم کو زخمی کردے اور تمہارا مال چھین لے، اور اگر وہ نظر نہ آئے تو زمین میں نکل جانا اگرچہ تمہاری موت کسی درخت کے تنے کو چبانے کی حالت میں آئے۔ ابوداؤد طیالسی، مسند احمد، ابوداؤد ابو یعلی، ضیاء عن حذیفة

۳۸۶۸۲..... وہ امت کیسے ہلاک ہوسکتی ہے جس کے شروع میں میں ہوں آخر میں عیسیٰ بن مریم علیہما السلام اور مہدی میرے گھرانے کا شخص اس کے درمیان میں ہے۔ حاکم فی تاریخه، ابن عساکر عن ابن عباس

کلام: ..... الضعیفة ۲۳۴۹۔

۳۸۶۸۳..... اگر دنیا کی ایک رات بھی باقی رہی تو اس میں میرے گھرانے کا ایک شخص حاکم بنے گا۔ طبرانی فی الکبیر عن ابن مسعود

۳۸۶۸۴..... اگر دنیا کی ایک رات بھی باقی رہی تو اللہ تعالیٰ اسے لمبا کردے گا یہاں تک کہ میرے گھرانے کا ایک شخص خلیفہ بن جائے۔

الدیلمی عن ابی هريرة

۳۸۶۸۵..... میرے بعد بہت سے فتنے ہوں گے ان میں ایک فتنہ احلاس ہے جس میں جنگ و بھاگ ہوگا، پھر اس سے بڑا فتنہ ہوگا، پھر ایسا فتنہ ہوگا جب بھی کہا جائے گا: ختم ہوگیا بڑھ جائے گا، یہاں تک کہ کوئی گھر باقی نہیں رہے گا کہ وہ فتنہ اس میں داخل ہوگیا ہوگا اور ہر مسلمان کو وہ تکلیف دے گا یہاں تک کہ میرے خاندان کا ایک شخص ظاہر ہوگا۔ نعیم بن حماد فی الفتن عن ابی سعید

۳۸۶۸۶..... ذیقعدہ میں قبیلے ایک دوسرے کو کھنچیں گے اور اسی سال حاجیوں کو لوٹا جائے گا، پھر منیٰ میں لڑائی ہوگی بالآخر ان کا ایک آدمی بھاگ جائے گا، پھر بامر مجبور رکن ومقام کے درمیان اس کی بیعت ہوگی وہ بدریین کی تعداد کے برابر بیعت کرے گا۔ آسمان وزمین والے اس سے راضی ہوں گے۔ نعیم بن حماد فی الفتن، حاکم عن عمرو بن شعیب عن ابیه عن جده

کلام: ..... الاسرار المرفوعة ۴۵۱۔

۳۸۶۸۷..... ہمیں سے سفاح، منصور اور مہدی ہوگا۔ البیهقی وابونعیم کلاهما فی الدلائل، الخطیب عن ابن عباس

۳۸۶۸۸..... ہمیں سے قائم، ہمیں سے منصور اور ہمیں سے مہدی ہوگا، رہا قائم تو خلافت اسے ملے گی تو اس نے خون کا ایک قطرہ بھی نہیں بہایا ہوگا، اور رہا منصور تو اسے جھنڈے نہیں پاسکیں گے، رہا سفاح تو وہ مال وخون بہائے گا اور مہدی تو وہ زمین کو عدل وانصاف سے بھردے گا جیسے وہ ظلم سے بھرگئی۔ الخطیب عن ابی سعید

۳۸۶۸۹..... جب تک میرے گھرانے کا ایک شخص اللہ تعالیٰ نہیں بھیج دیتا ہے جو میرا ہم نام اور اس کا والد میرے والد کے ہم نام ہوگا دنیا ختم نہیں ہوگی۔ وہ زمین کو عدل وانصاف سے بھردے گا جیسے وہ ظلم وستم سے بھرگئی۔ طبرانی، دارقطنی فی الافراد، حاکم عن ابن مسعود

۳۸۶۹۰..... جب تک میرے گھرانے کا شخص روشن پیشانی والا، باریک نتھنوں اور درمیان سے اونچی ناک والا زمین کا مالک نہیں بن جاتا قیامت قائم نہیں ہوگی۔ وہ زمین کو عدل وناصاف سے بھردے گا جیسے وہ ظلم وستم سے بھرگئی وہ سات سال رہے گا۔

مسند احمد، ابویعلی وسمویه، ضیاء عن ابی سعید

۳۸۶۹۱..... جب تک زمین ظلم وزیادتی سے نہیں بھرجاتی قیامت قائم نہیں ہوگی، پھر میرے خاندان کا ایک شخص نکلے گا جو زمین کو عدل وانصاف سے بھردے گا جیسے وہ ظلم وستم سے بھرگئی۔ ابویعلی وابن خزیمه، ابن حبان، حاکم، عنه

۳۸۶۹۲..... جب تک میرے خاندان کا شخص جس کا نام میرے نام پر اور اس کے والد کا نام میرے والد کے نام پر ہوگا (زمین کا) والی نہیں بن

جاتا قیامت قائم نہیں ہوگی۔مسند احمد عن ابن مسعود

۳۸۶۹۳...... اے نبی کے چچا! اللہ تعالیٰ نے اسلام کا آغاز (بصورت شریعت محمدی) مجھ سے کیا اور اس کا اختتام آپ کی اولاد کے ایک لڑکے پر کرے گا جو عیسیٰ بن مریم علیہما السلام سے پہلے ہوگا۔حلیۃ الاولیاء عن ابی ھریرۃ

۳۸۶۹۴...... (چچا) عباس! اللہ تعالیٰ نے اس کام کا آغاز مجھ سے کیا، اور اس کا اختتام تمہاری اولاد کے ایک نوجوان سے کرے گا جو زمین کو عدل وانصاف سے بھر دے گا جیسے وہ ظلم وستم سے بھر گئی اور وہی عیسیٰ علیہ السلام کو نماز پڑھائے گا۔

دارقطنی فی الافراد والخطیب وابن عساکر عن عمار بن یاسر

۳۸۶۹۵...... اے چچا! آپ کی اولاد ایک جماعت ہوگی جو حج ادا کرے گی اور ان میں دور والے کے لئے بہتری ہے۔

طبرانی فی الاوسط عن العباس وضعف

۳۸۶۹۶...... میری امت کے ایک شخص کے لئے رکن ومقام کے مابین بیعت لی جائے گی، (بیعت کرنے والوں کی) تعداد بدری صحابہ رضی اللہ عنہم جتنی ہوگی۔اس کے پاس ابدال شام اور عراق کے سردار آئیں گے، پھر ان کے پاس (مقابلہ کے لئے) شام کا لشکر آئے گا جب وہ کھلے میدان میں ہوں گے انہیں زمین میں دھنسا دیا جائے گا۔پھر قریش کا ایک شخص اس پر چڑھائی کرے گا جس کے ماموں کلب ہوں گے اللہ تعالیٰ انہیں بھی شکست دے گا، تو کہا جانے لگے گا جس نے کلب کی غنیمت نہیں لوٹی وہ نقصان میں رہا۔

ابن ابی شیبہ، طبرانی، ابن عساکر عن ام سلمہ

کلام:...... الضعیفۃ ۱۹۶۵۔

۳۸۶۹۷...... ایک پناہ کا طلب گار بیت اللہ میں پناہ لے گا، پھر اسکی طرف ایک لشکر بھیجا جائے گا، جب وہ کھلے میدان میں ہوں گے انہیں زمین میں دھنسا دیا جائے گا، صرف ایک آدمی بچے گا جو ان کی اطلاع دے گا۔الخطیب فی المتفق والمفترق عن ام سلمۃ

۳۸۶۹۸...... دمشق کی گہرائی والے حصہ سے ایک شخص نکلے گا جسے سفیانی کہا جاتا ہوگا اس کی اکثر پیروی کرنے والے قبیلہ کلب والے ہوں گے، پھر وہ لوگوں کو قتل کرے گا یہاں تک کہ وہ عورتوں کے پیٹ چاک کرکے بچے قتل کر ڈالے گا پھر ان کے مقابلہ میں قیس جمع ہوں گے تو وہ انہیں بھی بکثرت قتل کرے گا، اس کے بعد میرے گھرانے کا ایک شخص حرہ میں نکلے گا سفیانی کو اس کی خبر پہنچے گی، تو وہ اس کے مقابلہ میں ایک لشکر بھیجے گا جنہیں یہ شکست دے دے گا، پھر سفیانی اپنے ہمراہیوں کو لے کر اس کے مقابلہ میں آئے گا جب وہ کھلے میدان میں پہنچے گے تو سوائے ایک شخص کے جس نے ان کی خبر دینی ہوگی، سب زمین میں دھنسا دیئے جائیں گے۔حاکم عن ابی ھریرۃ

۳۸۶۹۹...... ایک شخص کے لئے رکن ومقام کے مابین بیعت لی جائے گی، اور اس گھر کو صرف وہاں کے لوگوں نے حلال سمجھا، پس جب وہ اسے حلال سمجھنے لگیں گے تو پھر عربوں کی ہلاکت نہ پوچھو، اس کے بعد حبشی آئیں گے وہ اسے ایسا بگاڑیں گے کہ پھر اس طرح تعمیر نہیں ہوسکے گا، وہی لوگ اس کا خزانہ نکالیں گے۔ابن ابی شیبہ، مسند احمد، حاکم عن ابی ھریرۃ

۳۸۷۰۰...... میری امت کے آخر میں مہدی نکلے گا، جسے اللہ تعالیٰ بارش سے سیراب کرے گا، زمین اپنی نباتات نکالے گی، مال صحیح صحیح دے گا، مویشی بکثرت ہوں گے، امت بڑی ہوگی، وہ سات یا آٹھ سال رہے گا۔حاکم عن ابن مسعود

۳۸۷۰۱...... مہدی میری امت میں نکلے گا، پانچ، سات یا نو سال رہے گا پھر آسمان سے موسلا دھار بارش ہوگی اور زمین اپنی نباتات نہیں روکے گی، مال ڈھیروں میں ہوگا اس کے پاس ایک شخص آکر کہے گا: مہدی! مجھے دو! مجھے دو! وہ اس کے کپڑے کو جتنا وہ اٹھا سکے بھرے گا۔

مسند احمد عن ابی سعید

۳۸۷۰۲...... میرے گھرانے کا ایک شخص نکلے گا وہ میرا اور اس کا والد میرے والد کا ہم نام ہوگا اور اس کے اخلاق میرے اخلاق جیسے ہوں گے وہ زمین کو عدل وانصاف سے بھر دے گا جیسے وہ ظلم وستم سے بھر گئی۔طبرانی فی الکبیر عن ابن مسعود

۳۸۷۰۳...... زمانے کے آخر میں جب فتنوں کا ظہور اور دنیا کا اختتام ہوگا ایک امیر ہوگا اس کی سب سے پہلی عطا جو لوگوں کو ہوگی کہ اس کے پاس

ایک شخص آئے گا تو وہ اس کا دامن بھردے گا اسے یہ فکر ہوگا کہ آج اس کی زکوٰۃ کون لے گا کیونکہ لوگ خوش حالی میں ہوں گے۔

ابو یعلی و ابن عساکر عن ابی سعید

۳۸۷۰۴..... میرے بعد خلفاء ہوں گے، خلفاء کے بعد امراء، امراء کے بعد بادشاہ بادشاہوں کے بعد ظالم اور ظالموں کے بعد میرے گھرانے کا ایک شخص ہوگا جو زمین کو عدل وانصاف سے بھردے گا اس کے بعد قحطانی ہوگا اس ذات کی قسم! جس نے مجھے حق دے کر بھیجا۔ وہ اس سے کم نہیں۔

نعیم بن حماد فی الفتن عن عبدالرحمن بن قیس بن جابر الصدغی

۳۸۷۰۵..... رمضان میں ایک آواز ہوگی شوال میں جلنے کی آواز ہوگی، ذیقعدہ میں قبائل کی باہمی جنگ ہوگی، ذوالحجہ میں حاجیوں کو لوٹا جائے گا، محرم میں آسمان سے ایک منادی ندا کرے گا، خبردار! فلاں اللہ تعالیٰ کی مخلوق میں سے برگزیدہ شخص ہے اس کی بات سنو اور مانو۔

نعیم عن شهر بن حوشب مرسلاً

کلام:..... الاسرار المرفوعہ ۴۵۰۔

۳۸۷۰۶..... میری امت میں مہدی ہوگا، اس کی عمر کم ہوئی تو سات، آٹھ یا نو سال ہوگی اس کے زمانے میں میری امت ایسی خوش حال ہوگی کہ اس طرح خوش عیش کبھی نہیں ہوئی ہوگی، نیک وبدسب یکساں فائدہ اٹھائیں گے۔ آسمان اس پہ موسلا دھار برسے گا اور اپنی کوئی پیداوار روک نہیں رکھے گی، مال ڈھیروں میں ہوگا، ایک شخص کھڑے ہوکر کہے گا: مہدی! مجھے دو! وہ کہے گا: لے لو۔

دارقطنی فی الا فراد، طبرانی فی الاوسط عن ابی هریرة، ابن ماجه عن ابی سعید

۳۸۷۰۷..... میرے گھرانے کا ایک شخص حاکم بنے گا اس کا نام میرے نام جیسا اور اس کے والد کا نام میرے والد کے نام جیسا ہوگا، زمین کو عدل وانصاف سے بھردے گا جیسے وہ ظلم وستم سے بھرگئی۔ طبرانی والخطیب عن ابن مسعود

کلام:..... المتناهیة ۱۴۳۴۔

۳۸۷۰۸..... میری امت پر آخری زمانہ میں ان کے بادشاہوں کے طرف سے سخت مصائب آئیں گے کہ ایسے سخت مصائب کا سنا بھی نہیں ہوگا یہاں تک کہ کشادہ زمین ان کے لئے تنگ ہوجائے گی، اور زمین ظلم وستم سے بھرجائے گی، مومن کو ظلم سے بچنے کے لئے کوئی پناہ گاہ دکھائی نہ دے گی تو اللہ تعالیٰ میری اولاد سے ایک شخص بھیجے گا وہ زمین کو عدل وانصاف سے معمور کردے گا جیسے وہ ظلم سے بھرگئی، اس سے زمین وآسمان کے باشندے خوش ہوں گے، زمین اپنی ہر نباتات باہر نکال دے گی اور آسمان اپنا ہر قطرہ بہادے گا، وہ ان میں سات، آٹھ، یا نو سال رہے گا۔

حاکم عن ابی سعید

۳۸۷۰۹..... جب تک تمہارے لئے بہتر ہو اس مال سے کھاؤ، جب کوئی چیز رہ جائے اسے چھوڑ دو، کیونکہ اللہ تعالیٰ تمہیں اپنے فضل وکرم سے مالدار کرنے والا ہے اور تم اس وقت تک ہرگز فلاح نہیں پاؤگے یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ تمہارے پاس ایک عادل بادشاہ نہ بھیج دے اور وہ بنی امیہ سے نہیں ہوگا۔ عبدالجبار الخولانی فی تاریخ داریا وابن عساکر عن ابی هریرة مرفوعاً وموقوفاً

''دھنساؤ، بگڑاؤ اور پتھراؤ''

۳۸۷۱۰..... میری امتمیں دھنساؤ، بگڑاؤ اور پتھراؤ ہوگا۔ مسند احمد، مسلم، حاکم عن ابن عمرو

۳۸۷۱۱..... میری امت میں دھنساؤ، بگڑاؤ اور پتھراؤ ہوگا۔ طبرانی عن سعید بن ابی راشد

۳۸۷۱۲..... قیامت سے پہلے دھنساؤ بگڑاؤ اور پتھراؤ ہوگا۔ ابن ماجه عن ابن مسعود

۳۸۷۱۳..... میری امت کے کچھ لوگ کھاپی کر، عیش ومستی میں ضروررات گزاریں گے پھر صبح وہ بندر وخنزیر بنے ہوں گے۔

طبرانی عن ابی امامة

۳۸۷۱۴.....جب مال غنیمت کو مال بنالیا جائے، امانت کو غنیمت، زکوۃ کو تاوان وجرمانہ، دنیا کے لئے علم حاصل کیا جائے، آدمی ماں کی نافرمانی کرے اور بیوی کی فرمانبرداری کرے، اپنے باپ کو دور کرے اور دوست کو نزدیک، مسجدوں میں (شوروغل سے) آوازیں بلند ہونے لگیں، اور قبیلہ کا فاسق آدمی سردار بن جائے، اور قوم کا کمینہ ترین آدمی بڑا بن جائے، آدمی کے شر کے خوف سے اس کی عزت کی جائے، ڈومنائیں اور آلات موسیقی عام ہوجائیں شرابیں پی جانے لگیں، اس امت کے پچھلے لوگ پہلوں پر لعنت کرنے لگیں، پس اس وقت سرخ ہوا، زلزلے، دھنساؤ، بگڑاؤ پتھراؤ اور پے درپے نشانیوں کا انتظار کریں جیسے موتیوں کی لڑی کاٹ دی جائے اور موتی لگا تار گرنے لگیں۔

ترمذی عن ابی ھریرۃ

کلام:.......ضعیف الترمذی ۳۸۷، ضعیف الجامع ۲۸۷۔

۳۸۷۱۵.....میری امت میں دھنساؤ، بگڑاؤ اور پتھراؤ ہوگا۔مسند احمد، ابن ماجہ عن ابن عمر

۳۸۷۱۶.....میری امت کے آخر میں دھنساؤ، بگڑاؤ اور پتھراؤ ہوگا۔ابن ماجہ عن سھل بن سعد

۳۸۷۱۷.....اس امت کے آخر میں دھنساؤ بگڑاؤ اور پتھراؤ ہوگا، کسی نے عرض کیا: یارسول اللہ! ہم میں صلحاء ہوں گے پھر بھی ہم ہلاک ہوجائیں گے؟ آپ نے فرمایا: ہاں جب برائی عام ہوجائے گی۔ترمذی عن عائشۃ

۳۸۷۱۸.....اس امت میں دھنساؤ بگڑاؤ اور پتھراؤ ہوگا قدریوں میں (جو تقدیر کا انکار کریں گے)۔ترمذی، ابن ماجہ عن ابن عمر

۳۸۷۱۹.....اس امت میں اس وقت دھنساؤ بگڑاؤ اور پتھراؤ ہوگا جب ڈومنیاں اور آلات موسیقی عام ہوجائیں گے شرابیں پی جانے لگیں گی۔

ترمذی عن عمران حصین

۳۸۷۲۰.....آخری زمانہ میں دھنساؤ بگڑاؤ ار پتھراؤ ہوگا جب آلات موسیقی اور گانے والی عام ہوجائیں گی جب شراب کو حلال سمجھا جانے لگے گا۔

طبرانی عن سھل بن سعد

الاکمال

۳۸۷۲۱.....س وقت تک قیامت قائم نہیں ہوگی جب تک کچھ قبائل دھنسا دیئے نہیں جاتے یہاں تک کہ کہا جائے گا: فلاں کی اولاد سے کون بچا۔

مسند احمد، البغوی، ابن قانع، طبرانی، حاکم، ضیاء عن عبدالرحمن بن صحار بن صخر العبدی عن ابیہ

۳۸۷۲۲.....جب تک بہت زیادہ صاحب مال واولاد شخص دھنسایا نہیں جاتا قیامت قائم نہیں ہوگی۔نعیم عن معاذ

۳۸۷۲۳.....میری امت میں زلزلہ ہوگا، جس میں دس ہزار، بیس ہزار اور تیس ہزار لوگ ہلاک ہوں گے، جیسے اللہ تعالیٰ متقین کے لئے نصیحت، مومنین کے لئے رحمت اور کافروں پر عذاب بنا کر بھیجے گا۔ابن عساکر عن عروۃ بن رویم الانصاری

۳۸۷۲۴.....رمضان میں ایک آواز ہوگی جو سوتے کو جگادے گی اور جاگتے کو ڈرادے گی، پھر شوال میں ایک جماعت ظاہر ہوگی، اور ذیقعدہ میں لڑائی کا شور ہوگا پھر ذوالحجہ میں حاجیوں کو لوٹا جائے گا، محرم میں محرم عورتوں کی آبروریزی ہوگی پھر صفر میں موت ہوگی، عبیر میں قبائل کی کھینچ تان ہوگی، پھر جمادی اور رجب پر تعجب ہی تعجب ہے پھر یالان لدی اونٹنی بڑے گاؤں سے بہتر ہوگی جو ایک لاکھ اٹھائے ہوگی۔

نعیم بن حماد فی الفتن، حاکم عن ابی ھریرۃ قال حاکم: غریب المتن وقال الذھبی، موضوع، واوردہ ابن الجوزی فی الموضوعات

۳۸۷۲۵.....دجلہ، دجیل، قطربل اور صراۃ کے درمیان ایک شہر بسایا جائے گا جس کے پاس شہروں اور بادشاہوں کے خزانے لائے جائیں گے اسے اور اس میں بسنے والوں کو زمین میں دھنسا دیا جائے گا، وہ زمین میں، نرم زمین میں لوہے کی کیل سے زیادہ تیزی سے جائے گا۔

الخطیب ووھاہ عن جابر، الخطیب عن انس وقال لیس بمحفوظ والمحفوظ حدیث جابر

کلام:.......الموضوعات ج ۲ ص ۶۳۔

۳۸۷۲۶...... زوراء کے درمیان جنگ ہوگی، لوگوں نے عرض کیا یارسول اللہ! زوراء کون سی جگہ ہے آپ نے فرمایا: وہ جوخا کی زمین میں نہروں کے درمیان ایک شہر ہے جسے میری امت کے ظالم آباد کریں گے، اس شہر کو چار طرح سے عذاب دیا جائے گا، دھنسانے، بگڑنے اور پتھراؤ کا۔

الخطیب عن حذیفة

کلام:...... الموضوعات ج ۲ ص ۶۱-۶۲۔

۳۸۷۲۷...... میری امت میں حرام زادے ہوں گے لوگ اپنے علماء کے پاس جائیں گے تو وہ خنزیر اور بندر بن چکے ہوں گے۔

الحکیم عن ابی امامة

۳۸۷۲۸...... میرے بعد مشرق، مغرب اور جزیرۂ عرب میں دھنساؤ ہوگا، کسی نے عرض کیا: ان میں نیک لوگ ہوں گے پھر بھی وہ زمین میں دھنسا دیئے جائیں گے؟ آپ نے فرمایا: جب وہاں کے رہنے والے برائیاں بکثرت کرنے لگیں گے۔ طبرانی عن ام سلمة

۳۸۷۲۹...... اس امت میں دھنساؤ، بگڑاؤ اور پتھراؤ ہوگا، کسی نے عرض کیا: یارسول اللہ! ایسا کب ہوگا؟ آپ نے فرمایا: جب ڈومنائیں اور آلات موسیقی عام ہوجائیں شرابیں پی جانے لگیں اس وقت۔ ترمذی، غریب عن عمران بن حصین، مر برقم ۳۸۷۱۹۔

۳۸۷۳۰...... اس ذات کی قسم! جس نے مجھے حق دے کر بھیجا، اس وقت تک یہ دنیا ختم نہیں ہوگی جب تک امت میں دھنساؤ، بگڑاؤ اور پتھراؤ نہیں ہوجاتا، لوگوں نے عرض کیا: اللہ کے نبی! ایسا کب ہوگا؟ فرمایا: جب تم دیکھو کہ عورتیں (گھوڑوں کی) زینوں پر سوار ہیں، گانے والیاں عام ہیں، جھوٹی گواہیاں دی جارہی ہیں، شرابیں پی جارہی ہیں اوران کی کوئی پروانہیں اور نماز پڑھنے والے (یعنی دیندار) مشرکین کے برتنوں یعنی سونے چاندی میں پینے لگے، مرد، مردوں سے اور عورتیں عورتوں سے لطف اندوز ہونے لگیں تو اس وقت ڈرو، تیاری کرو اور آسمانی پتھراؤ سے بچو۔

حاکم وتعقب، ابن عدی بیهقی وضعفه عن ابی هریرة

۳۸۷۳۱...... دھنساؤ، بگڑاؤ اور زلزلہ ضرور ہوگا، لوگوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! کیا اس امت میں ہوگا؟ فرمایا: ہاں! جب گانے والیوں کو اپنایا جائے زنا کو جائز سمجھا جائے، لوگ سود کھائیں، حرم کے شکار کو حلال جانیں (مرد) ریشم پہنیں، مرد، مردوں سے اور عورتیں عورتوں سے جی بہلائیں۔

ابن النجار عن ابن عمر

۳۸۷۳۲...... میری امت میں دھنساؤ، بگڑاؤ اور پتھراؤ اس وجہ سے ہوگا کہ انہوں نے گانے والی رکھی ہوں گی اور شرابیں پی ہوں گی۔

طبرانی وابن عساکر عن ابی مالک الاشعری، البغوی عن هشام بن الغاز عن ابیه عن جده ربیعه

۳۸۷۳۳...... اس امت میں اس وقت دھنساؤ، بگڑاؤ اور پتھراؤ ہوگا جب گانے والیاں اور آلات موسیقی عام ہوجائیں شراب کو حلال سمجھا جائے۔ عبدبن حمید وابن ابی الدنیا فی ذم الملاهی وابن النجار عن سهل بن سعد

۳۸۷۳۴...... بکثرت میری امت میں جب گانے والیاں، آلات موسیقی ظاہر ہوجائیں گے اور شرابیں پی جانے لگیں گی تو اس وقت دھنسنا، صورتیں بگڑنا اور پتھراؤ ہوگا۔ ابن الدنیا فی ذم الملاهی عن عمران بن حصین

۳۸۷۳۵...... میری امت کے آخر میں آخری زمانہ میں ایک قوم بندروں وخنزیروں کی صورت بگاڑ دی جائے گی، لوگوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! وہ اللہ کے معبود اور آپ کے رسول اللہ ہونے کی گواہی دیتے اور روزے رکھتے ہوں گے؟ فرمایا: ہاں، عرض کیا گیا: ان کا قصور کیا ہوگا؟ فرمایا: وہ آلات موسیقی رکھیں گے اور گانے والیاں، اور دفیں رکھیں گے شرابیں پیں گے، شراب خوری اور مستی میں رات بسر کریں گے صبح ہوگی تو ان کے چہروں بندروں اور خنزیروں کی صورت میں تبدیل ہوچکے ہوں گے۔ حلیة الاولیاء عن ابی هریرة

۳۸۷۳۶...... اس امت میں ضرور ایک قوم بندر وخنزیر ہوگی، وہ بہر صورت صبح کریں گے تو کہا جائے گا فلاں کے گھر انیوالے اور فلاں کے گھرانے والے دھنسا دیئے گئے دو آدمی چل رہے ہوں گے، ایک کو شراب نوشی اور دوسرے کو ریشم پوشی کے سبب، بربط اور ستار بجانے کی وجہ سے زمین میں دھنسا دیا جائے گا۔ نعیم بن حماد فی الفتن عن مالک الکندی

دجال کا ظہور

۳۸۷۳۷..... جہاں فتنہ دجال ہے تو ہر نبی نے اپنی امت کو اس سے ڈرایا ہے میں تمہیں اس سے! سے ڈراتا ہوں کہ اس طرح کسی نبی نے اپنی امت کو نہیں ڈرایا، وہ کانا ہوگا جب کہ اللہ تعالیٰ کانے پن سے پاک ہے اس کی پیشانی پر ''کافر'' لکھا ہوگا جسے ہر ایماندار پڑھ لے گا، رہا قبر کا فتنہ تو تم لوگوں کو میری وجہ سے آزمایا جائے گا اور میرے بارے پوچھا جائے گا، جب اگر آدمی نیک ہوا تو اسے بے خوف وخطر قبر میں بٹھا کر کہا جائے گا: محمد اللہ کے رسول ہیں ﷺ، آپ ہمارے پاس اللہ کی جانب سے دلائل لائے جن کی ہم نے تصدیق کی، تو جہنم کے جانب سے معمولی سا شگاف ہوگا، وہ اسے دیکھے گا کہ لپٹ پر لپٹ کھائے جاتی ہے اس سے کہا جائے گا: اسے دیکھو جس سے اللہ تعالیٰ نے تمہیں بچالیا پھر (اس کی قبر میں) جنت کی جانب کشادگی کی جائے گی وہ اس کی آب وتاب اور اس میں موجود نعمتیں دیکھے گا، اس سے کہا جائے گا یہ تیرا جنت میں ٹھکانا ہے، اس سے کہا جائے گا: تو (صحیح) یقین پر تھا، اسی پر مرا اور اسی پر انشاء اللہ تجھے اٹھایا جائے گا۔

اور جب کبھی وہ شخص برا ہوا تو اسے خوف زدہ کر کے قبر میں بٹھا کر کہا جائے گا: تو کیا کہتا تھا: وہ کہے گا: مجھے کچھ پتہ نہیں، کہا جائے گا جو شخص تم میں (نبی) تھا اس کے بارے کیا کہتے ہو؟ وہ کہے گا میں نے جیسا لوگوں کو کہتے سنا ویسا کہتا رہا، پھر اس کی قبر میں جنت کی جانب شگاف ہوگا، وہ اس کی ریل پیل دیکھے گا، کہا جائے گا: دیکھ جس چیز کو اللہ نے تجھ سے دور کر دیا، پھر اس کی قبر میں جہنم کی طرف سے طاقچہ سا کیا جائے گا، وہ اس کی آگ کو پھنکارتے اور ایندھن کھاتے دیکھے گا کہا جائے گا: یہ تیرا جہنم میں ٹھکانا ہے تو شک پر تھا اسی پر میرا اور اسی پر تجھے انشاء اللہ اٹھایا جائے گا پھر اسے عذاب ہونا شروع ہو جائے گا۔ مسند احمد عن عائشة

۳۸۷۳۸..... اللہ کی قسم میں اپنی جگہ اس کسی ایسے کام سے کھڑا نہیں ہوا جس کا تمہیں رغبت یا خوف کی وجہ سے نفع ہو البتہ تمیم الداری نے آکر مجھے ایک بات بتائی جس کی وجہ سے مجھے دوپہر کی نیند نہیں آئی خوشی اور آنکھ ٹھنڈی ہونے کی وجہ، میں نے چاہا کہ تمہیں تمہارے نبی کی خوشی سے آگاہ کروں تو سنو! تمیم داری نے مجھے بتایا کہ (تیز تند) ہوا نے انہیں ایک ناواقف جزیرے کے پاس پہنچا دیا، تو وہ جہاز کی چھوٹی کشتیوں میں بیٹھ کر جزیرہ تک چلے گئے کیا دیکھتے ہیں: ایک چیز ہے جس کے بال ہی بال ہیں انہوں نے اس سے پوچھا: تو کون ہے؟ وہ کہنے لگی: میں جساسہ ہوں انہوں نے کہا: ہمیں کچھ بتاؤ! وہ کہنے لگی: نہ میں تمہیں کچھ بتانے کی اور نہ تم سے پوچھنے کی، البتہ اس راہب گاہ (گرجے) میں جاؤ جو تمہیں نظر آرہا ہے تم وہاں چلے جاؤ، اس میں ایک آدمی رسیوں میں کسا بندھا ہے وہ تمہیں تمہاری خبر دے گا، چنانچہ وہ لوگ ادھر چل دیئے اندر گئے تو ایک بوڑھا شخص سختی سے کسا بندھا ہے جس پر غم عیاں، شکایت وتکلیف بے انتہا ہے، ان لوگوں سے کسی نے کہا: تم لوگ کہاں سے آئے ہو؟ انہوں نے کہا: شام سے، وہ کہنے لگا: عربوں کا کیا ہوا؟ انہوں نے کہا: ہم عرب کی قوم ہیں، تم کس کے بارے میں پوچھ رہے ہو؟ وہ کہنے لگا: اس شخص کا کیا ہوا جو تم میں (نبی بن کر) ظاہر ہوا ہے؟ انہوں نے کہا: بہتر ہے اس نے ایک قوم سے دشمنی کی تو اللہ تعالیٰ نے اسے ان کے مقابلہ میں فتح دی اب ان میں اتفاق ہے (وہ اس طرح کہ) ان کا معبود ایک اور دین ایک ہے۔ وہ کہنے لگا: نہر زغر (نامی بستی) کا کیا بنا؟ وہ کہنے لگے: ٹھیک ہے، لوگ اس سے اپنی فصلوں کو سیراب کرتے اور اپنے پینے کو لے جاتے ہیں۔ وہ کہنے لگا: عمان اور بیسان کے بیچ جو نخلستان (کھجوروں کا باغ) ہے اس کا کیا حال ہے؟ انہوں نے کہا: وہ ہر سال پھل دیتا ہے، وہ کہنے لگا: بحیرہ طبریہ کا کیا ہوا؟ انہوں نے کہا: اس کا پانی بلیوں اچھلتا ہے تو اس نے تین چیخیں ماریں، پھر کہنے لگا: میں اگر اپنی ان رسیوں سے کھلا ہوتا تو سوائے مدینہ کے ہر بستی کو اپنے ان دونوں پاؤں سے روند دیتا، مجھے وہاں تک جانے کی جرأت نہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: یہاں تک میری خوشی پوری ہوئی، یہ مدینہ ہے اس ذات کی قسم! جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے! مدینہ کا جو تنگ وکشادہ راستہ، نرم وسخت پہاڑ ومیدان ہے اس پر ایک فرشتہ تا قیامت تلوار سونتے کھڑا ہے۔

مسند احمد، ابن ماجه عن فاطمة بنت قيس

کلام:..... ضعیف الجامع ۲۰۹۷۔

۳۸۷۳۹ ...... یاد رکھنا! خیر سے محروم دجال کی دائیں آنکھ کانی ہے گویا اس کی آنکھ پکا انگور کا دانہ ہے اور آج رات میں نے کعبہ کے پاس خواب میں دیکھا کہ ایک شخص جس کا گندمی رنگ ہے جیسا گندم گوں اچھے قسم کے آدمی تم دیکھتے ہو، اس کی زلفیں کندھوں کے درمیان پڑتی ہیں، اس کے بالوں میں کنگھا ہوا ہے سر سے پانی ٹپک رہا ہے اس نے دو آدمیوں کے کندھوں پر ہاتھ رکھے ان کے درمیان بیت اللہ کا طوف کررہا ہے، میں نے کہا یہ کون ہے؟ بتانے والوں نے کہا: مسیح بن مریم علیہما السلام ہیں۔

پھر اس کے پیچھے ایک اور شخص دیکھا جس کے بال گھنگھریالے چھوٹے ہیں اس کی داہنی آنکھ کانی ہے وہ (بھی) بیت (اللہ) کا طواف کررہا ہے میں نے کہا: یہ کون ہے؟ انہوں نے کہا: یہ خیر سے محروم دجال ہے۔ بیھقی عن ابن عمر

۳۸۷۴۰ ...... میں دجال سے زیادہ تمہارے بارے خوفزدہ ہوں، اگر وہ نکل آیا اور میں تم میں ہوا، تو میں تمہاری طرف سے اس سے جھگڑوں گا، اور اگر وہ میری عدم موجودگی میں نکلا تو ہر آدمی اپنا آپ جھگڑا کرے گا اللہ تعالیٰ ہر مسلمان پر میرا خلیفہ ہے۔ وہ جوان گھنگھریالے بالوں والا ہوگا اس کی ایک آنکھ گویا پکا انگور کا دانہ ہے یوں لگتا ہے کہ وہ عبدالعزیز بن قطن کی طرح ہے تم میں سے جس کسی کو وہ مل جائے وہ اس کے سامنے سورہ کہف کی ابتدائی آیات پڑھے، وہ شام وعراق کے درمیان خالی جگہ میں نکلے گا وہ دائیں بائیں پھرے گا، اللہ کے بندو! ثابت قدم رہنا۔ ہم نے عرض کیا: یارسول اللہ! وہ زمین میں کتنا عرصہ رہے گا؟ آپ نے فرمایا: ، چالیس دن، ایک دن سال بھر کا اور ایک دن مہینے کا، اور حصہ کی طرح کا، باقی دن تمہارے عام دنوں جیسے ہوں گے۔

ہم نے عرض کیا: یارسول اللہ! وہ دن جو سال کے برابر ہوگا اس میں ہمیں ایک دن کی نماز کافی ہوگی؟ آپ نے فرمایا: نہیں، اس کا اندازہ لگالینا، لوگوں نے عرض کیا: زمین میں اس کی تیزی کیسے ہوگی؟ فرمایا: جیسے بارش کہ ہوا اسے دھکیلتی ہے وہ ایک قوم کے پاس آئے گا انہیں بلائے گا وہ اس پر ایمان لے آئیں گے اس کی بات مانیں گے آسمان کو حکم دے گا وہ برسائے گا زمین کو کہے گا وہ اگائے گی تو ان کی مویشی بچوں سے جلدی بڑے ہوکر تھن دار اور شکم بار ہوجائیں گے۔

پھر وہ ایک قوم کے پاس آکر انہیں بلائے گا وہ اس کی بات کی تردید کردیں گے تو وہ لوٹ جائے گا صبح وہ تہی دست ہوں گے ان کے مال میں سے کچھ بھی ان کے پاس نہیں ہوگا، ایک ویرانے پر سے اس کا گزر ہوگا اسے کہے گا: اپنے خزانے نکال! تو کئی طرح پے درپے اس کے خزانے نکلیں گے، اس کے بعد ایک نوجوان کو بلائے گا اسے تلوار مار کر دو ٹکڑے کردے گا جیسے نشانے پر وار کیا جاتا ہے، پھر اسے بلائے گا تو وہ اٹھ کر اس کی طرف آجائے گا اس کا چہرہ چمک رہا ہوگا اور وہ ہنس رہا ہوگا، وہ اسی حالت میں ہوگا کہ اللہ تعالیٰ مسیح بن مریم علیہما السلام کو بھیج دے گا چنانچہ وہ دمشق کی مشرقی جانب سفید مینارے پر دوشقوں کے درمیان دوفرشتوں کے (کندھوں) پروں پر ہاتھ رکھ کر اتریں گے۔ ان کے سر سے پانی ٹپک رہا ہوگا جب وہ سر جھکائیں گے اور پانی موتیوں کی طرح ڈھلکے گا جب وہ سر اٹھائیں گے، کسی کافر کے لئے حلال نہیں جو آپ کی مہک پائے اور مرے نہیں، اور آپ کی مہک جہاں تک آپ کی نظر پہنچے گی وہاں تک ہوگی، آپ دجال کو تلاش کرنے لگیں گے اور بالآخر لد کے دروازے پر ملک کر اسے قتل کردیں گے، پھر عیسیٰ علیہ السلام ایسی قوم کے پاس آئیں گے جنہیں اللہ تعالیٰ نے اس سے محفوظ رکھا ہوگا ان کے چہروں پر ہاتھ پھیریں اور انہیں ان کے جنتی درجات بتادیں گے آپ اسی حالت میں ہوں گے اللہ تعالیٰ عیسیٰ علیہ السلام کی طرف وحی بھیجے گا: میں نے اپنے بندے نکال لئے ہیں جن کے مقابلہ کا کسی کو یارا نہیں، تو میرے بندوں کو طور کی طرف محفوظ کرلو، اس کے بعد اللہ تعالیٰ یاجوج ماجوج کو بھیجے گا ''وہ ہر اونچی جگہ سے پھسل رہے ہوں گے'' ان کا اگلا ریلہ بحیرۂ طبریہ سے گزرے گا اس کا سب پانی ہڑپ کرلیں گے ان کا آخری گروہ گزرے گا تو کہیں گے: لگتا ہے یہاں کبھی پانی تھا، پھر وہ چلتے چلتے جبل الخمر تک پہنچ جائیں گے وہ بیت المقدس کا پہاڑ ہے کہیں گے: ہم نے زمین والے مار ڈالے چلو آسمان والوں کو ماریں، تو وہ آسمان کی طرف اپنے تیر پھینکیں گے اللہ تعالیٰ ان کے تیر خون آلود کرکے ان کی طرف لوٹائیں گے، اللہ کے (رسول) نبی علیہ السلام اور آپ کے ساتھ ٹھہرے رہیں گے یہاں تک کہ ان کے لئے بیل کا سر تمہارے آج کے کسی شخص کے سو دینا سے بہتر ہوگا، اللہ کے نبی عیسیٰ علیہ السلام اپنے ساتھیوں کو اللہ تعالیٰ کی طرف راغب کریں گے (یعنی دعا کریں گے) تو اللہ تعالیٰ ان (یاجوج ماجوج) پر ایک کیڑا بھیجے گا جو ان کے گردنوں سے چمٹ جائے گا، صبح وہ سب ایک آدمی کی موت کی طرح مر پڑیں گے۔ اس کے بعد اللہ کے نبی عیسیٰ علیہ

السلام اور آپ کے ساتھی (پہاڑ سے) زمین کی طرف اتریں گے، تو اس زمین کا ایک بالشت حصہ بھی ایسا نہ ہوگا جہاں ان کی نعشیں، بدبو اور خون نہ ہوگا، اللہ کے نبی عیسیٰ علیہ السلام اپنے ساتھیوں کو اللہ کی طرف رغبت دلائیں گے تو اللہ تعالیٰ ان (یاجوج ماجوج) پر ایسے پرندے بھیجے گا جیسے بختی اونٹوں کی گردنیں ہوتی ہیں تو وہ انہیں اٹھا کر ایسی جگہ پھینکیں گے جہاں اللہ تعالیٰ چاہے گا، پھر اللہ تعالیٰ ایسی بارش بھیجے گا جس سے کوئی کچا پکا گھر نہیں بچے گا پس زمین کو دھو کر چمکدار چٹان کی طرح کر دے گا۔

پھر زمین سے کہا جائے گا: اپنے پھل اگا اپنی برکات لا، چنانچہ اس روز ایک جماعت ایک انار کھائے گی اور اس کے چھلکے کے سایہ میں بیٹھے گی، اللہ تعالیٰ اونٹ بکری کے ریوڑ میں برکت دے گا، یہاں تک کہ ایک گابھن اونٹنی لوگوں کی بڑی تعداد کے لئے کافی ہوگی، اسی حالت میں وہ لوگ ہوں گے کہ اللہ تعالیٰ ایک پاکیزہ ہوا بھیجے گا جو انہیں ان کی بغلوں کے نیچے سے پکڑے گی اور ہر ایماندار مسلمان کی روح قبض کر لے گی، اور برے لوگ رہ جائیں گے جو گدھوں کی طرح ایک دوسرے پر حملہ کریں گے انہی پر قیامت قائم ہوگی۔

مسند احمد، مسلم، ترمذی عن النواس بن سمعان

۳۸۷۴۱......لوگو! جانتے ہو میں نے تمہیں کیوں جمع کیا؟ میں نے اللہ کی قسم! تمہیں کسی رغبت یا ترھیب کے لئے جمع نہیں کیا، البتہ اس لئے جمع کیا ہے کہ تمیم داری عیسائی آدمی تھے وہ بیعت ہوئے اور اسلام قبول کر کے انہوں نے مجھے ایک قصہ سنایا، جو خیر سے محروم دجال کے اس بیان سے موافقت رکھتا۔ ہے جو میں تمہیں بتاتا تھا، انہوں نے مجھے بتایا کہ وہ بحری جہاز میں تیس آدمیوں کے ہمراہ سوار ہوئے، وہ آدمی قبیلہ لخم اور جذام سے تعلق رکھتے تھے، سمندر میں ایک ماہ تک ہوا ناموافق رہی پھر انہوں نے غروب آفتاب کی جانب کسی جزیرۂ سمندری کا رخ کیا چنانچہ وہ بحری جہاز کی چھوٹی کشتیوں میں بیٹھ کر جزیرہ میں داخل ہو گئے، وہاں انہیں ایک جانور ملا جس کے بال ہی بال ہیں بالوں کی کثرت سے اس کے سر پیر کا آگے پیچھے کا پتہ نہ چلتا تھا، انہوں نے کہا: ارے تو کیا چیز ہے؟ وہ بولا: میں جساسہ ہوں، انہوں نے کہا: جساسہ کیا بلا ہے؟ وہ بولا: لوگو! تم اس گرجے میں چلے جاؤ وہاں ایک شخص تمہاری اطلاع کا بڑا شوقین ہے، تمیم داری کہتے ہیں: جب اس نے آدمی کا نام لیا تو ہم اس سے ڈر گئے کہ کہیں یہ شیطان نہ ہو، خیر ہم جلدی سے گئے اور گرجے میں داخل ہو گئے، کیا دیکھتے ہیں ایک بہت بڑا انسان جو ہم نے کبھی دیکھا نہ تھا اس کے دونوں ہاتھ گردن سے اور گھٹنے ٹخنے سے ملا کر لوہے سے بندھے ہیں ہم نے کہا: تیرا ناس ہو! تو کون ہے؟ وہ کہنے لگا تمہیں میری اطلاع مل چکی تو مجھے بتاؤ تم کون ہو؟ انہوں نے کہا: ہم عرب ہیں بحری جہاز میں سوار تھے سمندر کی تیز موجوں نے ہمارا سامنا کیا اور مہینہ بھر موجیں اٹکھیلیاں کرتی رہیں یہاں تک کہ ہم نے تمہارے اس جزیرے کا رخ کیا، بحری جہاز کی چھوٹی کشتیوں میں بیٹھ کر ہم جزیرۃ میں داخل ہو گئے، پھر ہمیں بے حد بالوں والا ایک جانور ملا بالوں کی کثرت سے اس کا آگا پیچھا معلوم نہ ہوتا تھا، ہم نے اس سے پوچھا: تو کیا چیز ہے؟ اس نے کہا: میں جساسہ ہوں، ہم نے کہا: جساسہ کیا بلا ہے؟ تو وہ کہنے لگا: اس گرجے میں اس شخص کے پاس جاؤ، وہ تمہاری اطلاع کا بڑا مشتاق ہے تو ہم جلدی سے تمہارے پاس آ گئے۔ اور اس سے ڈرنے لگے کہ مبادا وہ شیطان ہو۔

وہ شخص کہنے لگا: بیسان کے نخلستان کا بتاؤ؟ ہم نے کہا: تم اس کی کس چیز کی اطلاع چاہتے ہو؟ وہ کہنے لگا: میں تم سے پوچھتا ہوں کہ اس کی کھجوریں پھل دیتی ہیں؟ ہم نے اس سے کہا: ہاں، وہ بولا: میرا خیال ہے اب وہ پھل نہ دیں گے۔ کہنے لگا: بحیرۂ طبریہ کا سناؤ؟ ہم نے اس سے کہا: اس کی کس کیفیت کا حال پوچھتے ہو؟ کہنے لگا: کیا اس میں پانی ہے؟ ہم نے کہا: بے حد پانی ہے بولا: اس کا پانی عنقریب خشک ہو جائے گا، کہنے لگا: زغر (شام کی بستی) کی نہر کا کیا ہوا؟ ہم نے کہا: اس کی کس چیز کے متعلق پوچھتے ہو؟ کہنے لگا: کیا نہر میں پانی ہے اور لوگ نہر کے پانی سے آب پاشی کرتے ہیں؟ ہم نے اس سے کہا: ہاں اس کا پانی بلیوں ہے اور لوگ اس کے پانی سے آب پاشی کرتے ہیں، کہنے لگا: (مکہ والوں) ان پڑھوں کے نبی کا بتاؤ کیا ہوا؟ لوگوں نے کہا: وہ مکہ میں پیدا ہوئے اور یثرب میں بسیرا کیا ہے، کہنے لگا: کیا عربوں نے اس سے جنگ کی ہے؟ ہم نے کہا: ہاں، کہنے لگا: اس نے ان سے کیا برتاؤ کیا؟ ہم نے اسے بتایا کہ وہ اپنے قریب کے عربوں پر غالب رہے اور انہوں نے آپ کی فرمانبرداری قبول کر لی ہے، کہنے لگا: کیا یہ (سب) ہو چکا؟ ہم نے کہا: ہاں، کہنے لگا یہ ان کے لئے بہتر ہے کہ اس کی اطاعت کر لی ہے، میں تمہیں اپنے بارے میں بتاؤں میں خیر سے محروم دجال ہوں، عنقریب مجھے جانے کی اجازت مل جائے گی میں نکل کر زمین میں پھروں گا، ہر بستی میں

اتروں گا یہ چالیس راتوں کا عرصہ ہوگا صرف مکہ اور مدینہ میں نہ جاسکوں گا وہ دونوں مجھ پر حرام ہیں جب میں ان میں سے کسی ایک میں جانے کا ارادہ کروں گا ایک فرشتہ ہاتھ میں تلوار سونتے میرے سامنے آجائے گا، جو مجھے اس سے روک دے گا اس کے ہر درے پر فرشتے ہیں جو اس کی حفاظت کریں گے۔ کیا میں تمہیں نہ بتاؤں یہ مدینہ ہے مدینہ، مدینہ خبردار! کیا میں یہ بات تم سے بیان کر چکا ہوں، البتہ مجھے تمیم کی بات بھلی لگی کیونکہ وہ اس کے موافق تھی جو میں اس (دجال) کے مکہ اور مدینہ کے بارے میں تم سے بیان کرتا تھا، صرف اتنی بات ہے کہ وہ بحر شام یا یمن میں نہیں بلکہ وہ (دجال) مشرق کی جانب ہوگا جب کہ یہ مشرق کی جانب نہیں، مشرق کی جانب نہیں آپ نے اپنے ہاتھ سے مشرق کی جانب اشارہ کیا، (فاطمہ بنت قیس) فرماتی ہیں: میں نے یہ بات رسول اللہ ﷺ سے یاد کی ہے۔ (مسند احمد، مسلم عن فاطمة بنت قيس، میں کہتا ہوں: کہ شیخ جلال الدین سیوطی رحمہ اللہ نے قسم الافعال میں فرمایا: کہ طبرانی نے اس حدیث کے آخر میں اضافہ کیا ہے کہ بلکہ وہ بحر عراق میں ہے وہ اس کے کسی اصبہان نامی دہشر سے نکلے گا، اس کا کوئی گاؤں ہوگا جسے ''استقاباذ'' کہیں گے، جب وہ نکلے گا تو اس کے لشکر کے آگے ستر ہزار لوگ ہوں گے جن پر تاج ہوں گے اس کے ساتھ دو نہریں ہوں گی، پانی اور آگ کی نہر، جسے یہ زمانہ ملے اور اس سے کہا جائے پانی میں داخل ہو تو وہ اس میں داخل نہ ہو کیونکہ وہ آگ ہوگی اور اگر کہا جائے آگ میں داخل ہو تو ہو جائے کیونکہ وہ پانی ہوگا۔ ای آخر

۳۸۷۴۲......لوگو! اللہ تعالیٰ نے جب سے زمین پر نسل آدم کو پھیلایا اس وقت سے لے کر آج تک کوئی فتنہ، دجال کے فتنے سے بڑا نہیں ہے اللہ تعالیٰ نے جو نبی بھیجا ہر نبی نے اپنی امت کو دجال سے ڈرایا، میں اب آخری نبی ہوں اور تم آخری امت ہو وہ ضرور تم میں ظاہر ہوگا اگر میرے ہوتے ہوئے وہ نکل آیا تو میں ہر مسلمان کی طرف سے اس سے جھگڑوں گا، اور اگر میرے بعد نکلا تو ہر آدمی اپنی طرح سے حجت پیش کرے گا، اللہ ہر مسلمان پر میرا خلیفہ ہے وہ شام وعراق کے درمیانی علاقہ سے نکلے گا اور دائیں بائیں پھرے گا، اللہ کے بندو! ثابت قدم رہنا، میں تمہارے سامنے اس کا نقشہ بیان کرتا ہوں جو مجھ سے پہلے کسی نبی نے اس کا نقشہ نہیں کھینچا، وہ کہنا شروع کرے گا: میں نبی ہوں، حالانکہ میرے بعد کوئی (ظلی بروزی کسی قسم کا نیا) نبی نہیں دوسری بات یہ کہنا شروع کرے گا کہ میں تمہارا رب ہوں اور تم بن میرے اپنے رب کو نہیں دیکھ سکتے، وہ کانا ہوگا جب کہ تمہارا رب کانا نہیں، اس کی پیشانی پر ''کافر'' لکھا ہوگا جسے ہر پڑھا لکھا اور ان پڑھ ایماندار پڑھ لے گا۔

اور اس کے فتنے کا یہ حصہ ہے کہ اس کے ساتھ جنت و دوزخ ہوگا، جب کہ اس کی جنت جہنم ہے اور اس کا جہنم جنت ہے، سو جو کوئی جہنم میں مبتلا کیا جائے وہ اللہ تعالیٰ کہ مدد طلب کرے اور سورۂ کہف کی ابتدائی آیات پڑھے تو وہ اس کے لئے ٹھنڈی اور سلامتی والی بن جائے گی، جیسے آگ ابراہیم علیہ السلام کے لئے (گلزار) بن گئی۔ اور یہ بھی اس کا فتنہ ہوگا کہ وہ ایک دیہاتی سے کہے گا کہ اگر میں تیرے ماں باپ تیرے لئے اٹھاؤں جو میرے رب ہونے کی گواہی دیں (تو تو مان جائے گا) وہ کہے گا: ہاں، تو اس کے سامنے دو شیطان اس کی ماں باپ کی صورت میں ظاہر ہوں گے اور کہیں گے بیٹا! اس کی فرمانبرداری کر یہی تیرا رب ہے۔

یہ بھی اس کا فتنہ ہے کہ وہ ایک شخص پر مسلط ہوگا اسے قتل کرے گا آرے سے چیرے گا یہاں تک کہ اس کے دو ٹکڑے کر دے گا دیکھو میں ابھی اپنے بندے کو اٹھاؤں گا پھر بھی وہ میرے علاوہ کسی اور کے رب ہونے کا گمان کرتا ہے، تو اللہ تعالیٰ سے مبعوث کرے گا یہ خبیث اس سے کہے گا: تیرا رب کون ہے؟ وہ کہے گا: میرا رب اللہ ہے اور تو اللہ کا دشمن دجال ہے، میں تیرے بارے میں اللہ کی قسم آج سے زیادہ بصیرت پر نہ تھا، یہ بھی دجال کا فتنہ ہے کہ وہ آسمان کو برسنے کا اور زمین کو اگانے کا حکم دے گا پھر آسمان سے مینہ برسے اور زمین نباتات اگائے گی، یہ بھی اس کا فتنہ ہے کہ وہ ایک قبیلہ سے گزرے گا جو اس کی تکذیب کریں گے ان کا ایک جانور بھی نہ بچے گا، اور یہ بھی اس کا فتنہ ہے کہ وہ قبیلہ سے گزرے گا جو اس کی تصدیق کریں گے تو وہ آسمان کو حکم دے گا تو وہ برسے اور زمین کو حکم دے گا تو وہ اگائے گی تو اس دن سے ان کے مویشی پہلے سے زیادہ موٹے بڑے اور بھری کوکھوں اور تھنوں والے ہوں گے، اور وہ سوائے مکہ و مدینہ کے زمین کی ہر چیز پر پاؤں دھر کر غالب آجائے گا۔ وہ ان کے جس ذرے پر آئے گا فرشتے تلواریں سونتے اسے ملیں گے، بالآخر وہ تلبیہ کے اختتام کی جگہ سرخ چھوٹے پہاڑ کے پاس اترے گا تو مدینہ اپنے باسیوں سمیت تین دفعہ لرزے گا تو ہر منافق مرد اور عورت نکل کر اس کے پاس پہنچ جائے گی، تو مدینہ گندگی سے یوں پاک ہو جائے گا جیسے بھٹی خراب لوہے کو ختم کر دیتی ہے اس دن کو ''یوم الخلاص'' کہا جائے گا۔

کسی نے عرض کیا: اس وقت عرب کہاں ہوں گے؟ فرمایا: اس دن وہ تھوڑے ہوں گے ان کی زیادہ تعداد بیت المقدس میں ہوگی، ان کا امام ایک نیک شخص ہوگا، اسی اثنا میں کہ ان کا امام انہیں صبح کی نماز پڑھانے آگے ہوگا کہ عیسیٰ علیہ السلام صبح کے وقت آسمان سے ان کے پاس اتریں گے۔ تو یہ امام الٹے پاؤں پیچھے پلٹ آئے گا تا کہ عیسیٰ علیہ السلام آگے ہو جائیں، عیسیٰ علیہ السلام اس کندھوں پر ہاتھ رکھ کر فرمائیں گے، آگے بڑھو کیونکہ اس نماز کی اقامت تمہارے لئے کی گئی، تو ان کا امام انہیں نماز پڑھائے گا جب نماز سے فارغ ہوگا تو عیسیٰ علیہ السلام فرمائیں گے: دروازہ کھولو! دروازہ کھولیں گے تو اس کے پیچھے دجال ہوگا اس کے ساتھ ستر ہزار یہودی ہوں گے ہر ایک کے پاس آراستہ تیز تلوار ہوگی، جب دجال آپ کو دیکھے گا تو یوں پگھلے گا جیسے پانی میں نمک گھلتا ہے اور بھاگ پڑے گا حضرت عیسیٰ علیہ السلام فرمائیں گے میری ایک وار سے جس سے تو بچ نہ سکے گا، تو آپ اسے باب اللہ کی مشرقی جانب پالیں گے اور قتل کر دیں گے، اللہ تعالیٰ یہودیوں کو شکست دیگا تو اللہ تعالیٰ کی کوئی مخلوق نہیں بچے گی جس کے پیچھے یہودی چھپیں درخت ہو یا پتھر، دیوار ہو یا چوپایہ اللہ تعالیٰ اسے گویائی بخش دے گا سوائے غرقد کے کیونکہ یہ ان کا درخت ہے وہ نہیں بولے گا باقی ہر چیز کہے گی: اللہ کے بندے مسلمان! یہ یہودی ہے آؤ اسے مار ڈالو! اس کے دن چالیس سال ہوں گے ہر سال، آدھے سال جیسا، اور سال مہینے جیسا، مہینہ جمعہ جیسے اور اس کے آخری دن انگارے کی طرح ہوں گے تم میں سے کوئی صبح مدینہ کے دروازے پر ہوگا ابھی دوسرے دروازے تک نہیں پہنچے گا تو شام ہو جائے گی۔

کسی نے عرض کیا: یارسول اللہ! ہم ان چھوٹے دنوں میں نمازیں کیسے پڑھیں گے؟ آپ نے فرمایا: ان ایام میں نماز کا ایسے ہی اندازہ لگالینا جیسے آج کے لمبے دنوں میں لگاتے ہو پھر نماز پڑھنا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: عیسیٰ بن مریم علیہما السلام میری امت میں منصف حاکم، اور عادل خلیفہ ہوں گے، وہ صلیب کو توڑ ڈالیں گے، خنزیر کو قتل کر دیں گے جزیہ ختم کر دیں گے زکوٰۃ (لینا) چھوڑ دیں گے پھر بکری اور اونٹ کے پیچھے نہیں دوڑایا جائے گا بغض وعداوت ختم ہو جائے گی، ہر زہریلے جانور کا زہر کھینچ لیا جائے گا، یہاں تک کہ بچہ سانپ کے منہ میں ہاتھ ڈالے گا تو اسے نقصان نہیں دے گا، اور بچی شیر کے منہ میں اپنا ہاتھ دے گی وہ اسے ضرر نہیں پہنچائیگا۔ اور بھیڑیا بکریوں میں یوں ہوگا جیسے ان کا (حفاظتی) کتا ہے اور زمین سلامتی سے یوں بھر جائے گی جیسے پانی سے برتن بھر جاتا ہے سب میں (عقائد کے لحاظ سے) اتفاق ہوگا صرف اللہ کی عبادت کی جائے گی، جنگ کا ساز وسامان ٹھہرا رہ جائے گا قریش سے ان کی حکومت چھن جائے گی زمین چاندی کی طشتری جیسی ہو جائے گی اس کی نباتات آدم علیہ السلام کے زمانہ کی طرح اگیں گی، یہاں تک کہ کچھ لوگ انگور کے گچھے پر جمع ہوں گے جو انہیں سیر کر دے گا، اور چند اشخاص ایک انار پر اکٹھے ہوں گے تو وہ ان کا پیٹ بھر دے گا بیل اتنا ہوگا اور مال اتنا ہوگا گھوڑا چند درھموں میں مل جائے گا، لوگوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! گھوڑا کس وجہ سے سستا ہوگا؟ آپ نے فرمایا: گھوڑے پر کبھی جنگ کے لئے سواری نہیں کی جائے گی، کسی نے عرض کیا: بیل کیوں گراں قیمت ہوگا؟ آپ نے فرمایا: ساری زمین جوتی جائے گی اس لئے، اور دجال کے خروج سے پہلے تین سال بڑے سخت ہوں گے ان میں لوگ سخت بھوک میں مبتلا ہوں گے، اللہ تعالیٰ آسمان کو پہلے سال حکم دے گا کہ وہ اپنی تہائی بارش روک لے اور زمین کو حکم دے گا کہ وہ اپنی تہائی پیداوار کھینچ لے، پھر دوسرے سال آسمان کو حکم دے گا کہ وہ دو تہائی اپنا پانی روک لے اور زمین کو حکم دے گا کہ وہ دو تہائی اپنی نباتات روک لے، پھر تیسرے سال آسمان کو حکم دے گا کہ وہ اپنی ساری بارش روک لے تو ایک قطرہ بھی نہیں ٹپکے گا، اور زمین کو حکم دے گا کہ وہ اپنی نباتات روک لے پس کوئی سبزہ نہ اگے گا، اس لئے کوئی کھر والا جانور زندہ نہیں رہے گا ہاں جو اللہ چاہے، کسی نے عرض کیا: اس زمانے میں لوگ کیسے زندہ رہیں گے؟ آپ نے فرمایا: لا الٰہ الا اللہ، اللہ اکبر، سبحان اللہ اور الحمد للہ ان کے لئے کھانے کے طور پر ہوگا۔ ابن ماجه و ابن خزیمه، حاکم وایضاء عن ابی امامة

کلام:.....ضعیف الجامع ۶۳۸۴۔

۳۸۷۴۳.....دجال نکلے گا اور اس کے ساتھ نہر اور آگ ہوگی جو اس کی نہر میں داخل ہوگا اس کا گناہ لازم ہو جائے گا اور اجر گھٹ جائے گا اور جو اس کی آگ میں داخل ہوگا اس کا اجر ثابت اور گناہ کم ہو جائے گا، اس کے بعد قیامت قائم ہوگی۔ مسند احمد، ابوداؤد، حاکم عن حذیفة

۳۸۷۴۴.....دجال نکلے گا تو ایک مومن شخص اس کا رخ کرے گا تو اسے دجال کے مسلح لوگ ملیں گے وہ اس سے کہیں گے: تیرا کہاں کا ارادہ ہے؟ وہ کہے گا: میں اس شخص کا قصد کرتا ہوں جو نکلا ہے، وہ اس سے کہیں گے کیا تو ہمارے رب پر ایمان نہیں رکھتا؟ وہ کہے گا: ہمارے رب میں

کچھ کمی نہیں، وہ کہیں گے اسے مار ڈالو، ان میں کوئی دوسرے سے کہے گا: کیا تمہارے رب نے تمہیں اپنی غیر موجودگی میں کسی کو قتل کرنے سے منع نہیں کیا؟ چنانچہ وہ اسے دجال کے پاس لے چلیں گے، جب مومن اسے دیکھے گا تو کہے گا: لوگو! یہ وہی دجال ہے جس کا رسول اللہ ﷺ نے تم سے ذکر کیا تھا، تو دجال حکم دے گا اسے چیرا جائے گا، کہے گا: اسے پکڑو اور اس کا سر زخمی کرو اس کی پیٹھ اور پیٹ بیحد پیٹے گا اور کہے گا: کیا تو مجھ پر ایمان نہیں رکھتا؟ وہ کہے گا: تو خیر سے محروم بڑا جھوٹا ہے، چنانچہ اس کے بارے حکم ہوگا اسے آروں کے ذریعہ سر تا قدم چیر دیا جائے گا پھر دجال اس کے دونوں دھڑوں کے درمیان چل کر کہے گا: اٹھ! تو وہ سیدھا کھڑا ہو جائے گا۔ دجال اس سے کہے گا: کیا تیرا مجھ پر ایمان ہے؟ وہ کہے گا: تیرے بارے میں میری بصیرت بڑھ گئی ہے پھر وہ کہے گا: لوگو! میرے بعد وہ کسی سے ایسا نہیں کر سکے گا، دجال اسے ذبح کرنے کے لئے پکڑے گا تو اس کی گردن سے ہنسلی تک کا حصہ تانبے کا بن جائے گا وہ کچھ نہ کر سکے گا اس کے ہاتھ پاؤں سے پکڑ کر پھینک دے گا، لوگ سمجھتے ہوں گے کہ اس نے اسے آگ میں پھینکا جبکہ اسے جنت میں ڈالا گیا، پھر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اس شخص کی گواہی اللہ کے ہاں سب سے بڑی ہوگی۔

مسلم عن ابی سعید

۳۸۷۴۵...... دجال میری امت میں نکلے گا اور چالیس (دن) رہے گا اللہ تعالیٰ عیسیٰ بن مریم علیہما السلام کو بھیجے گا گویا وہ عروہ بن مسعود ثقفی ہیں آپ اسے تلاش کر کے ہلاک کر دیں گے پھر لوگ سات سال تک ایسی حالت میں رہیں گے کہ دو آدمیوں میں عداوت نہیں ہوگی پھر اللہ تعالیٰ شام کی جانب سے ٹھنڈی ہوا بھیجے گا تو زمین پر جس کے دل میں ذرہ برابر بھی ایمان ہوگا اس کی روح قبض کر لے گی، یہاں تک کہ اگر تم میں سے کوئی پہاڑ کی کھوہ میں بھی داخل ہوا تو وہ ہوا وہاں بھی پہنچ جائے گی اور اس کی روح قبض کر لے گی، پھر برے لوگ رہ جائیں گے جو پرندوں کی طرح ہلکے اور درندوں جیسی عقل کے مالک ہوں گے، انہیں نہ کسی نیکی کا علم ہوگا نہ کسی برائی کی خبر، شیطان ان کے سامنے آ کر کہے گا: کیا تم میری بات نہیں مانتے؟ وہ کہیں گے: تو ہمیں کس بات کا حکم دیتا ہے؟ تو وہ انہیں بتوں کی پوجا کا حکم دے گا چنانچہ وہ بت پوجنا شروع کر دیں گے اسی حال میں ہوں گے ان کا رزق وافر ہوگا اور ان کی زندگی پر مسرت، پھر صور میں پھونک ماری جائے گی، جو بھی اس کی آواز سنے گا گردن کے کنارے سے کان لگائے گا اور سر اٹھائے گا سب سے پہلے جو شخص اس کی آواز سنے گا وہ اپنے اونٹوں کے حوض کی لپائی کر رہا ہوگا وہ اور لوگ بے ہوش ہو جائیں گے پھر اللہ تعالیٰ شبنم کی مانند ایک بارش بھیجے گا جس سے لوگوں کے جسم اگیں گے، اس کے بعد دوبارہ صور پھونکا جائے گا تو وہ کھڑے ہو کر دیکھنے لگیں گے پھر کہا جائے گا: لوگو! اپنے رب کے حضور چلو انہیں کھڑا رکھو ان سے سوال ہوگا، پھر کہا جائے گا: آگ میں بھیجے جانے والے نکالو! کہا جائے گا وہ کتنے ہیں؟ کہا جائے گا: ایک ہزار میں سے نو سو ننانوے، فرمایا: یہ ایسا دن ہوگا جو بچوں کو بوڑھا بنا دے گا اس دن پنڈلی کھولی جائے گی یعنی رب کا ظہور ہوگا۔ مسند احمد، مسلم عن ابن عمر

۳۸۷۴۶...... دجال کی آنکھ سبز ہوگی۔ بخاری فی التاریخ عن ابی

۳۸۷۴۷...... دجال کی آنکھ سپاٹ ہوگی اس کی پیشانی پر "کافر" لکھا ہوگا جسے ہر مسلمان پڑھ لے گا۔ مسلم عن انس

۳۸۷۴۸...... دجال کی بائیں آنکھ کانی ہوگی جس پر بہت بال ہوں گے اس کے ساتھ جنت وجہنم ہوگی، تو اس کی جنت جہنم ہے اور جہنم جنت ہوگی۔

مسند احمد مسلم عن حذیفة

۳۸۷۴۹...... دجال کی نہ اولاد ہوگی نہ وہ مکہ مدینہ میں داخل ہوگا۔ مسند احمد عن ابی سعید

۳۸۷۵۰...... دجال مشرق کی خراسان نامی زمین سے نکلے گا وہ قوم اس کی پیروی کرے گی جن کے چہرے منڈھی ہوئی ڈھالوں کی طرح ہوں گے۔

ترمذی، حاکم عن ابی بکر

۳۸۷۵۱...... دجال کی ماں اس وقت اسے جنم دے گی جب اس کو قبر میں ڈالا جائے گا جب اسے جن لے گی تو عورتیں دونوں قدموں سے اسے اٹھالیں گی۔ طبرانی فی الاوسط عن ابی ہریرة

کلام:...... اسنی المطالب ۶۶۹ ضعیف الجامع ۲۹۹۹ حفصة

۳۸۷۵۳...... کیا میں تم سے دجال کی وہ بات بیان نہ کروں جو کسی نبی نے اپنی امت سے نہیں کی، وہ کانا ہوگا وہ آئے گا تو اس کے ساتھ جنت

ودوزخ کی صورت ہوگی جسے وہ جنت کہے گا وہ دوزخ ہے (اور جسے دوزخ کہے گا وہ جنت) میں تمہیں ایسے ڈراتا ہوں جیسے نوح علیہ السلام نے اپنی قوم کو ڈرایا۔ بیھقی عن ابی ھریرۃ

۳۸۷۵۴......جنگ اور شہر کی فتح کے درمیان چھ سال ہیں اور خیر سے محروم دجال ساتویں سال نکلے گا۔

مسند احمد، ابو داؤد، ابن ماجہ عن عبداللہ بن بسر

کلام:......ضعیف ابی داؤد ۹۲۲ ضعیف ابن ماجہ ۸۹۱۔

۳۸۷۵۵......دجال کے زمانہ میں ایمانداروں کا کھانا وہی ہوگا جو فرشتوں کا ہے سبحان اللہ، الحمدللہ، جس کی گفتگو اس وقت سبحان اللہ، الحمدللہ ہوئی اللہ تعالیٰ اس کے ذریعہ بھوک دور کردے گا۔ حاکم عن ابی عمر

کلام:......ضعیف الجامع ۳۶۱۵۔

۳۸۷۵۶......بیت المقدس کی آبادکاری یثرب کی ویرانی ہے اور یثرب کی ویرانی لڑائی کا ظہور ہے اور لڑائی کا ظہور قسطنطنیہ کی فتح ہے اور قسطنطنیہ کی فتح دجال کے خروج کی علامت ہے۔ مسند احمد، ابو داؤد عن معاذ

۳۸۷۵۷......لوگ دجال سے بھاگ کر ضرور پہاڑوں میں جائیں گے۔ مسند احمد، مسلم، ترمذی عن ام شریک

۳۸۷۵۸......حضرت آدم علیہ السلام کی پیدائش سے قیامت قائم ہونے تک دجال سے بڑھ کر کوئی حادثہ نہیں۔

مسند احمد، مسلم عن ھشام بن عامر

۳۸۷۵۹......دجال کھانا کھاچکا اور بازاروں میں پھر چکا۔ مسند احمد، عن عمران بن حصین

کلام:......ضعیف الجامع ۴۶۹۹۔

۳۸۷۶۰......دجال کی بائیں آنکھ سپاٹ ہوگی اس پر ناخنہ (آنکھ کی بیماری) کی علامت ہوگی اس کی پیشانی پر ''کافر'' لکھا ہوگا۔

مسند احمد عن انس

۳۸۷۶۱......دجال خراسان نامی بستی سے، مشرق کی جانب نکلے گا اس کی پیروی ایسی قوم کرے گی جن کے چہرے گویا منڈھی ہوئی ڈھالیں ہیں۔

مسند احمد، مسلم عن ابی بکر

۳۸۷۶۲......قیامت سے پہلے تیس جھوٹے دجال ہوں گے۔ مسند احمد عن ابن عمر

۳۸۷۶۳......دجال جب نکلے گا تو اس کے ساتھ آگ و پانی ہوگا۔ جسے لوگ آگ سمجھیں گے وہ پانی ہوگا اور جسے لوگ ٹھنڈا پانی سمجھیں گے وہ جلانے والی آگ ہوگی۔ جس نے یہ زمانہ پالیا تو وہ اس میں گرے جس کو وہ آگ سمجھ رہا ہو، کیونکہ وہ ٹھنڈا میٹھا (پانی) ہوگا۔ بخاری عن حذیفۃ

۳۸۷۶۴......نوح علیہ السلام کے بعد جو نبی بھی ہوا اس نے اپنی قوم کو دجال سے ڈرایا ہے میں تمہیں اس سے ڈراتا ہوں، شاید جنہوں نے مجھے دیکھا اور میری بات سنی ہے اس کا زمانہ پالیں، لوگوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! اس وقت ہمارے دل کیسے ہوں گے؟ فرمایا: جیسے آج ہیں یا اس سے بہتر۔ مسند احمد، ابو داؤد ترمذی، ابن حبان، حاکم عن ابی عبیدۃ بن الجراح

۳۸۷۶۵......میں نے تم سے دجال کا حال بیان کردیا، یہاں تک کہ مجھے خدشہ ہونے لگا کہ خیر سے محروم دجال کو نہ سمجھ سکو گے، وہ ٹھگنا آدمی ہوگا جس کے پنجے قریب اور ایڑیاں دور ہوں گی؟ بال گھنگھریالے، کانا، آنکھ سپاٹ، نہ ابھری ہوئی اور نہ پتھر جیسی، پھر بھی اگر تمہیں سمجھ نہ آئے تو جان لینا، تمہارا رب کانا نہیں اور تم اپنے رب کو مرنے سے پہلے نہیں دیکھ سکتے۔ مسند احمد، ابو داؤد عن عبادۃ ابن الصامت

۳۸۷۶۶......میں تمہیں اس دجال سے ڈراتا ہوں ہر نبی نے اپنی قوم کو اس سے ڈرایا نوح علیہ السلام نے اپنی قوم کو اس سے ڈرایا، لیکن میں تم سے ایسی بات کہوں گا جو کسی نبی نے مجھ سے پہلے اپنی قوم سے نہیں کہی: وہ کانا ہے اور اللہ تعالیٰ اس عیب سے پاک ہے۔

بخاری، ابو داؤد، ترمذی عن ابن عمر

۳۸۷۶۷......ہم ضرور مشرکین سے جنگ کریں گے یہاں تک کہ تمہارے باقی لوگ ہزاردن پر دجال سے لڑیں گے تم اس کی مشرقی جانب اور وہ

اس کی مغربی طرف ہوں گے۔ طبرانی فی الکبیر عن نهیک بن صریم

۳۸۷۶۸..... اللہ تعالیٰ نے جو نبی بھی بھیجا اس نے اپنی امت کو کانے کذاب دجال سے ڈرایا ہے خبردار! وہ کانا ہے جب کہ تمہارا رب اس عیب سے مبرّیٰ ہے اس کی پیشانی پر لکھا ہوگا ”کافر“ جسے ہر مومن پڑھ لے گا۔ مسند احمد، بخاری، ابو داؤد، ترمذی عن انس

۳۸۷۶۹..... اللہ تعالیٰ نے جو نبی بھی بھیجا اس نے اپنی امت کو دجال سے ڈرایا ہے نوح علیہ السلام اور ان کے بعد کے نبیوں نے اس سے ڈرایا، وہ تم میں نکلے گا۔ اس کی حالت تم سے مخفی نہیں اور نہ مخفی رہے گی، تمہارا رب کانے پن سے پاک ہے جب کہ اس کی داہنی آنکھ کانی ہوگی گویا پھولا ہوا انگور کا دانہ ہے خبردار! اللہ تعالیٰ نے تمہارے خون واموال اسی طرح حرام قرار دیئے ہیں جیسے یہ شہر اور مہینہ محرم ہے خبردار! کیا میں نے پہنچا دیا؟ اے اللہ گواہ رہنا! (تین بار فرمایا) ارے دیکھنا میرے بعد کفر کی طرف نہ لوٹنا کہ ایک دوسرے کی گردنیں اڑانے لگو۔

بخاری عن ابن عمر

۳۸۷۷۰..... ہر نبی نے اپنی امت کو کانے کذاب سے ڈرایا، خبردار! وہ کانا ہے اور تمہارا رب اس عیب سے منزہ ہے اس کی پیشانی پر لکھا ہوگا: ک ف ر۔

ترمذی عن انس

۳۸۷۷۱..... جو دجال (کی آمد) کا سن لے وہ اس سے دور ہو جائے، اللہ کی قسم! ایک شخص اس کے پاس یہ سمجھ کر آئے گا کہ وہ مومن ہے لیکن جو شبہات وہ پیدا کرے گا اس کی وجہ سے اس کی پیروی کرنے لگ جائے گا۔ مسند احمد، ابو داؤد، حاکم عن عمران بن حصین

۳۸۷۷۲..... دجال کی پیروی اصبہان کے یہودی کریں گے ان پر چادریں ہوں گی۔ مسند احمد، مسلم عن انس

۳۸۷۷۳..... دجال کے ماں باپ تیس سال تک بے اولاد رہیں گے، پھر ان کے بیٹا ہوگا جو کانا ہے حد نقصاندہ اور بہت کم فائدے والا ہوگا، اس کی آنکھیں تو بند ہوں گی لیکن اس کا دل غافل ہو کر نہیں سوئے گا۔ اس کا باپ لمبا، پرگوشت ہوگا اس کی ناک ایسے ہوگی جیسے چونچ اور اس کی ماں بڑے ڈیل ڈول اور لمبے پستانوں والی ہوگی۔ مسند احمد، ترمذی عن ابی بکرة

۳۸۷۷۴..... کچھ لوگ ہوں گے جو قرآن تو پڑھیں گے لیکن قرآن ان کی ہنسلی سے آگے نہیں بڑھے گا۔ جب بھی ایک زمانہ گزرے گا تو ختم کر دیا جائے گا یہاں تک کہ ان کے اطراف سے دجال نکلے گا۔ ابن ماجه عن ابن عمر

کلام:..... المعلة ۲۱۱۔

۳۸۷۷۵..... تم ایک شہر کے بارے میں سنو گے جس کی ایک جانب خشکی میں اور دوسری جانب سمندر میں ہے اس وقت تک قیامت قائم نہیں ہوگی یہاں تک کہ اولاد اسحاق علیہ السلام کے ستر ہزار افراد وہاں جنگ نہ کرلیں، جب وہ اس کے پاس آئیں گے تو ہتھیار سے جنگ نہیں کریں گے اور نہ تیر اندازی کریں گے وہ لوگ لا الٰـہ الا اللہ واللہ اکبـر کہیں گے تو اس کی سمندر جانب گر پڑے گی پھر دوسری مرتبہ ”لاالٰـہ الا اللہ واللہ اکبر“ کہیں گے تو دوسری جانب بھی گر پڑے گی، اس کے بعد تیسری مرتبہ لاالٰـہ الااللہ و اللہ اکبر کہیں گے تو وہ شہر کھل جائے گا چنانچہ وہ اس میں داخل ہو کر مال غنیمت پائیں گے اسی دوران کہ وہ مال غنیمت تقسیم کر رہے ہوں گے ایک چیخ بلند ہوگی وہ کہے گا: دجال نکل آیا ہے تو وہ سب کچھ چھوڑ کر واپس چلیں گے۔ مسلم عن ابی هریرة

۳۸۷۷۶..... مجھے خوب معلوم ہے کہ دجال کے ساتھ کیا کیا دھوکے ہیں اس کے ساتھ دو نہریں چل رہی ہوں گی جو نظر آئیں گی ایک سفید پانی اور دوسری چلتی آگ، اگر تم میں سے کوئی یہ زمانہ پالے تو اس نہر میں آئے جو اسے آگ نظر آرہی ہے پھر اس میں کود پڑے پھر اپنا سر اٹھائے اور پانی پیئے کیونکہ وہ ٹھنڈا پانی ہوگا اور دجال کی بائیں آنکھ سپاٹ ہوگی اس پر گہرا ناخنہ ہوگا، اس کی پیشانی پر کافر لکھا ہوگا جسے ہر پڑھا لکھا مسلمان پڑھے گا۔ مسند احمد، مسلم، ابو داؤد عن حذیفة و ابی مسعود معاً

۳۸۷۷۷..... دجال اس حال میں نکلے گا کہ اس کے لئے مدینہ کے دروں سے داخل ہونا حرام ہوگا، تو وہ مدینہ کے کسی ویران کھیت میں پڑاؤ کرے گا تو اس دن کوئی بہترین شخص اس کی طرف جا کر کہے گا: میں گواہی دیتا ہوں کہ تو وہی دجال ہے جس کی بات ہمیں رسول اللہ ﷺ نے بتائی ہے۔ تو دجال کہے گا: بتاؤ! میں اگر اسے مار کر پھر زندہ کروں تو تمہیں پھر بھی میرے بارے میں شک ہوگا؟ وہ کہیں گے: نہیں، چنانچہ وہ اسے قتل کر

کے زندہ کرے گا تو وہ کہے گا: اللہ کی قسم! مجھے تیرے بارے میں آج سے زیادہ بصیرت حاصل نہیں ہوئی پھر دجال اسے قتل کرنا چاہے گا تو اس کا بس نہیں چلے گا۔ مسند احمد، مسلم عن ابی سعید

"الاکمال"

۳۸۷۷۸......دجال کا سر پیچھے سے خالی خالی ہوگا وہ کہنے لگے گا کہ میں تمہارا رب ہوں، تو جو کوئی یہ کہہ دے گا: تو میرا رب ہے تو وہ فتنہ میں پڑ گیا اور جو کوئی کہے گا: تو نے جھوٹ کہا: میرا رب اللہ ہے میں اسی پر بھروسہ کرتا اور اسی کی طرف رجوع کرتا ہوں تو وہ اسے نقصان نہ دے گا۔

مسند احمد، طبرانی، حاکم عن هشام بن عامر

کلام:......المعلہ ۳۱۸۔

۳۸۷۷۹......میں تمہیں خیر سے محروم سے آگاہ کرتا اور ڈراتا ہوں ہر نبی نے اپنی قوم کو اس سے ڈرایا، تو اے امت وہ تم میں ہوگا، میں تمہیں اس کا حلیہ بتاتا ہوں جو کسی نبی نے مجھ سے پہلے اپنی امت سے بیان نہیں کیا، اس کے خروج سے پہلے پانچ سال قحط سالی کے ہوں گے یہاں تک کہ ہر کھر والا جانور مر جائے گا، کسی نے عرض کیا: ایمان والے کیسے جئیں گے! فرمایا: جیسے فرشتے زندہ ہیں۔

پھر وہ نکلے گا وہ کانا ہے جب کہ اللہ اس عیب سے بالاتر ہے اس کی پیشانی پر "کافر" لکھا ہوگا جسے ہر پڑھا لکھا اور ان پڑھا ایماندار پڑھ لے گا اس کے اکثر پیروکار یہودی، عورتیں اور دیہاتی ہوں گے، وہ آسمان کو برستا دیکھیں گے جب کہ وہ برستا نہ ہوگا اور زمین کو اگاتا دیکھیں گے جب کہ وہ اگاتی نہ ہوگی وہ دیہاتیوں سے کہے گا: تم مجھ سے کیا چاہتے ہو؟ کیا میں نے تم پر آسمان موسلا دھار نہیں بہایا اور تمہارے چوپائے تھن جھکے اور پیٹ نکلے ہوئے زیادہ مقدار میں دودھ والی زندہ نہیں کئے؟ اس کے ساتھ شیاطین ان کے مردہ ماں باپ، بہن بھائی اور عزیز رشتہ داروں کی صورت میں اٹھیں گے تو ان میں سے کوئی اپنے باپ یا بھائی کے پاس آ کر کہے گا: کیا تو فلاں نہیں ہے، کیا مجھے نہیں پہچانتا؟ یہ تیرا رب ہے اس کی پیروی کر، وہ چالیس عمر پائے گا، ایک سال مہینے کی طرح، مہینہ جمعہ کی طرح جمعہ دن کی طرح اور دن گھنٹے کی طرح اور گھنٹہ آگ میں چنگاری کی گزرے گا وہ ہر جگہ اترے گا سوائے دو مسجدوں کے، تمہیں بشارت ہو اگر وہ میری موجودگی میں نکلا تو اللہ اور اس کا رسول تمہیں اس کے شر سے کافی ہے اور اگر میرے بعد نکلا تو اللہ تعالیٰ ہر مسلمان پر میرا خلیفہ ہے۔ طبرانی عن اسماء بنت یزید

۳۸۷۸۰......تم نے ایک شہر کے بارے میں سنا ہے جس کی ایک جانب خشکی میں اور دوسری جانب سمندر میں ہے؟ لوگوں نے عرض کیا: جی ہاں یارسول اللہ! آپ نے فرمایا: جب تک اولاد اسحاق کے ستر ہزار افراد وہاں جنگ نہ کرلیں جب وہاں پہنچیں گے تو پڑاؤ کریں ہتھیار اور تیراندازی سے جنگ نہیں کریں گے، لا الہ الا اللہ واللہ اکبر کہیں گے تو اس کی ایک جانب گر جائے گی پھر دوسری مرتبہ لا الہ الا اللہ واللہ اکبر کہیں گے تو دوسری جانب گر جائے گی پھر تیسری مرتبہ لا الہ الا اللہ واللہ اکبر کہیں گے تو وہ شہر ان کے لئے کشادہ ہو جائے گا تو اس میں داخل ہو کر غنیمت حاصل کریں گے اسی اثناء میں کہ وہ غنیمتیں تقسیم کر رہے ہوں گے تو ایک اعلان کرنے والا کہے گا: دجال نکل چکا ہے تو وہ سب کچھ چھوڑ چھاڑ کر لوٹ آئیں گے۔

مسلم عن ابی هريرة، مر ۳۸۷۷۵

۳۸۷۸۱......میں تمہیں تین دجالوں سے ڈراتا ہوں، کسی نے عرض کیا یارسول اللہ! آپ نے ہمیں کانے اور جھوٹے دجال کا حال تو بتا دیا یہ تیسرا کون ہے؟ آپ نے فرمایا: ایک شخص کسی قوم میں نکلے گا جس کے پہلے اور پچھلے لوگ ہلاک ہوں گے ان پر لعنت فتنہ میں قائم رہے گی جسے خارقہ کہا جائے گا وہ چونے والا دجال ہے اللہ کے بندوں کو کھائے گا، محمد نے فرمایا: وہ سفیدی میں سب لوگوں سے جدا ہوگا۔

ابن خزيمه، حاكم وتعقب، طبرانی عن العداء بن خالد

۳۸۷۸۲......دجال کی ایک آنکھ انگور کی طرح ہوگی گویا وہ سبز شیشہ ہے اور اللہ تعالیٰ کی عذاب قبر سے پناہ مانگو۔

ابوداؤد طیالسی، مسند احمد، ابن منیع والرویانی، ابن حبان، ابن ابی شیبه عن ابی بن كعب

۳۸۷۸۳..... تمہارے بعد بے حد جھوٹا گمراہ کن ہوگا جس کا سر پیچھے سے لٹوں میں ہوگا تین مرتبہ فرمایا، اور وہ کہے گا: میں تمہارا رب ہوں جو کہے گا کہ تو جھوٹا ہے ہمارا رب نہیں البتہ اللہ ہمارا رب ہے ہمارا اسی پر بھروسا ہے اور اسی کی طرف ہم رجوع کرتے ہیں ہم تجھ سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں، تو وہ اس تک نہیں پہنچ سکے گا۔مسند احمد، والخطیب عن رجل من الصحابہ

۳۸۷۸۴..... خبردار! ہر نبی نے اپنی امت کو دجال سے ڈرایا ہے اور اس نے آج کھانا کھالیا، میں تم سے ایک اہم بات کررہا ہوں جو مجھ سے پہلے کسی نبی نے اپنی امت سے نہیں کی۔ وہ یہ کہ اس کی دائیں آنکھ سپاٹ ہوگی آنکھ ابھرے ہوئے ڈھیلے والی ہوگی مخفی نہیں ہوگی، گویا دیوار پر رینٹ ہے اور بائیں جیسے چمکتا ستارہ، اس کے ساتھ جنت وجہنم جیسی چیز ہوگی آگ سبز باغ اور جنت گرم آلود دھوئیں والی ہوگی۔

خبردار! اس کے آگے دو شخص ہوں گے جو دیہات والوں کو ڈرائیں گے جیسے ہی کسی بستی میں پہنچیں گے لوگوں کو ڈرائیں گے جب وہ نکل جائیں گے تو دجال کے (لشکر کے) پہلے لوگ داخل ہو جائیں گے وہ مکہ و مدینہ کے سوا ہر بستی میں داخل ہوگا وہ دونوں اس پر حرام ہیں۔ ایماندار زمین پر پھیلے ہوں گے تو اللہ تعالیٰ انہیں اس کے لئے یکجا کردے گا۔ ان ایمانداروں میں سے ایک شخص اپنے ساتھیوں سے کہے گا: میں ضرور اس شخص کے پاس جاؤں گا اسے جانچوں گا کہ کیا یہ وہی ہے جس سے رسول اللہ ﷺ نے ہمیں ڈرایا، یا وہ نہیں، تو وہ رخ پھیر کر چلنے لگے گا، اس کے ساتھی اسے کہیں گے اللہ کی قسم ہم تمہیں اس کے پاس نہیں لے جائیں گے اگر ہم جان لیں کہ وہ تجھے قتل کردے گا تو ہم تمہاری راہ سے ہٹ جاتے ہیں لیکن ہمیں یہ خوف ہے کہ وہ تمہیں فتنہ میں ڈال دے گا، تو مومن آدمی ان کی بات نہیں مانے گا اور اس کے پاس ہی جائے گا، چلتے چلتے اس کے مسلح افراد کے پاس پہنچے گا وہ اسے گرفتار کرلیں گے اس سے پوچھیں گے، تجھے کیا ہوا ہے اور تو کیا چاہتا ہے؟ وہ ان سے کہے گا: میرا دجال کذاب (کے پاس جانے) کا ارادہ ہے، وہ کہیں گے: کیا تو ایسی بات کرتا ہے؟ کہے گا: ہاں، تو وہ دجال کے پاس پیام روانہ کردیں گے: ہم نے ایسی ایسی بات کرنے والے کو پکڑ رکھا ہے اسے مار ڈالیں یا چھوڑ دیں؟ دجال کہے گا: اسے میرے پاس بھیج دو، چنانچہ اسے لے جایا جائے گا یہاں تک کہ دجال کے پاس پہنچ جائیگا جب اسے دیکھے گا تو رسول اللہ ﷺ کی بتائی صورت کے مطابق اسے پہچان لے گا، دجال اس سے کہے گا: تجھے کیا ہے؟ مومن بندہ کہے گا: تو وہی دجال کذاب ہے تیرے بارے میں رسول اللہ ﷺ نے ڈرایا ہے، دجال اس سے کہے گا: (اچھا) تو یوں کہتا ہے! وہ کہے گا: ہاں۔ دجال اسے کہے گا: میری بات مان لے ورنہ میں تیرے دو ٹکڑے کردوں گا۔

(یہ سن کر وہ) مومن بندہ با واز بلند کہے گا: لوگو! یہ خیر سے محروم کذاب ہے جس نے اس کی نافرمانی کی اس کے لئے جنت ہے اور جس نے اس کی بات مانی وہ جہنمی ہے دجال اسے کہے گا: میں تجھے پھر کہتا ہوں: میری بات مان لے ورنہ تیرے دو ٹکڑے کردوں گا: پھر دجال اپنا پاؤں بڑھائے گا اور تلوار اس کی کمر پر رکھ کر اس کے دو ٹکڑے کردے گا، دجال جب یوں کرلے گا تو اپنے ماننے والوں سے کہے گا: بتاؤ! میں اگر اسے زندہ کرلوں تو تمہیں یقین نہیں ہوجائے گا کہ میں تمہارا رب ہوں؟ وہ کہیں گے: کیوں نہیں، چنانچہ وہ اس کے ایک ٹکڑے کو مارے گا یا اپنے پاس والی مٹی مارے گا تو وہ سیدھا کھڑا ہوجائیگا۔ جب اس کے ماننے والے اسے دیکھیں گے تو اس کی تصدیق کریں گے اور انہیں یقین ہوجائے گا کہ یہی ان کا رب ہے تو اس کی بات مانیں گے اور اس کی پیروی کرلیں گے۔

پھر وہ مومن سے کہے گا: کیا تیرا مجھ پر (اب بھی) ایمان نہیں؟ مومن اس سے کہے گا: اب تو مجھے تیرے بارے میں پہلے سے زیادہ بصیرت حاصل ہوگئی، پھر لوگوں میں اعلان کرے گا: خبردار! یہی خیر سے محروم دجال ہے جس نے اس کا کہا مانا وہ جہنم میں جائے گا اور جس نے اس کی نافرمانی کی وہ جنت میں جائے گا دجال کہے گا: اس کی قسم جس کی قسم کھائی جاتی ہے! تم میری بات مان لو ورنہ میں تمہیں ذبح کردوں گا یا جہنم میں ڈال دوں گا، مومن کہے گا: اللہ کی قسم! میں کبھی تیری بات نہیں مانوں گا، تو اسے لٹانے کا حکم دیا جائے گا، تو اللہ تعالیٰ اس کی گردن اور ہنسلی تک تانبے کے دو پترے بنادے گا (دجال) اسے ذبح کرنے لگے گا لیکن نہ کرسکے گا اور نہ قتل کے بعد اب اس پر اس کا بس چل سکے گا، تو اسے ہاتھ پاؤں سے پکڑ کر جنت میں پھینک دے گا جو گرد و غبار اور دھواں ہوگا جسے وہ جہنم سمجھ رہا ہوگا۔ تو یہ شخص میری امت میں سے درجہ میں میرے سب سے زیادہ نزدیک ہوگا۔حاکم عن ابی سعید

۳۸۷۸۵..... ہر نبی نے اپنی امت سے دجال کا حال بیان کیا ہے اور (تم سے) ضرور اس کا ایسا حلیہ بیان کروں گا، جو مجھ سے پہلے کسی (نبی)

نے بیان نہیں کیا: وہ کانا ہوگا جب کہ اللہ تعالیٰ اس عیب سے پاک ہے۔

مسند احمد و ابن منیع و ابونعیم فی المعرفة، سعید بن منصور عن داؤد بن عامر بن سعد ابن مالک عن ابیه عن جده

۳۸۷۸۶..... مجھ سی پہلے ہر نبی نے دجال کا حال اپنی امت سے بیان کیا ہے اور میں اس کا ایسا نقشہ تمہارے سامنے پیش کروں گا جو مجھ سے پہلے کسی نے نہیں کیا وہ کانا ہوگا اور اللہ تعالیٰ اس عیب سے مبریٰ ہے اس کی داہنی آنکھ (گویا) پھولا انگور ہے۔ مسند احمد عن ابن عمر

۳۸۷۸۷..... مجھ سے پہلے ہر نبی نے اپنی امت کو دجال سے ڈرایا، اس کی بائیں آنکھ کانی ہوگی اور اس کی دائیں آنکھ میں ناخنہ ہوگا اس کی محراب سر کی جگہ ''کافر'' لکھا ہوگا۔ اس کے ساتھ دو وادیاں ہوں گی، ایک جنت، دوسری جہنم، تو اس کی جنت جہنم ہے اور جہنم جنت، نیز اس کے ساتھ دو فرشتے ہوں گے جو نبیوں کی طرح ہوں گے ایک اس کے دائیں طرف اور دوسرا بائیں طرف اور یہ لوگوں کے لئے فتنہ ہوگا۔

وہ کہتا پھرے گا: کیا میں تمہارا رب نہیں، کیا میں زندہ مردہ نہیں کرتا؟ تو ایک فرشتہ کہے گا تو نے جھوٹ کہا، لیکن اس کی یہ بات کوئی بھی نہ سن سکے گا لوگ سمجھیں گے اس نے دجال کی تصدیق کی ہے اور یہ فتنہ ہوگا، پھر وہ چلتے چلتے مدینہ کے پاس پہنچے گا لیکن اسے داخلے کی اجازت نہیں ملے گی تو وہ کہے گا: یہ اس شخص (محمد ﷺ) کی بستی ہے پھر وہ چلتے چلتے شام تک پہنچ جائے گا وہاں اللہ تعالیٰ اسے افیق کے آخر میں ہلاک کردیں گے۔

ابو داؤد طیالسی، مسند احمد و البغوی، طبرانی، ابن عساکر، عن سفینة

۳۸۷۸۸..... ہر نبی نے اپنی امت کو دجال سے ڈرایا میں بھی تمہیں اس سے ڈراتا ہوں، وہ کانا ہوگا اس کی آنکھ کا ڈھیلا ابھرا ہوگا مخفی نہیں ہوگا گویا کسی دیوار پر رینٹ ہے اور اسکی بائیں آنکھ گویا چمکتا ستارہ ہے اس کے ساتھ جہنم و جنت جیسی چیز ہوگی اس کی جنت گرد آلود دھواں دار ہوگی اور اس کا جہنم سبز باغ ہوگا۔ اس سے پہلے دو شخص ہوں گے جو بستی کے لوگوں کو ڈرائیں گے جب وہ کسی بستی سے نکلیں گے کہ (دجالیوں کے) پہلے لوگ داخل ہو جائیں گے پھر دجال ایک شخص پر مسلط ہوگا اس کے علاوہ کسی پر اس کا بس نہیں چلے گا، وہ اسے ذبح کرکے لاٹھی مار کے کہے گا: اٹھ! وہ اٹھے گا، اپنے ساتھیوں سے (دجال) کہے گا: تمہاری کیا رائے ہے؟ تو وہ اس کے لئے شرک کی گواہی دیں گے تو جسے ذبح کیا تھا وہ کہے گا: لوگو! یہ خیر سے محروم دجال ہے جس سے ہمیں رسول اللہ ﷺ نے ڈرایا تھا اللہ کی قسم! مجھے تمہارے بارے میں زیادہ بصیرت حاصل ہوگئی ہے۔ تو دجال اسے دوبارہ ذبح کرکے اپنی لاٹھی سے مار کر کہے گا: اٹھ! وہ اٹھ کھڑا ہوگا، (دجال) اپنے ساتھیوں سے کہے گا: تمہاری کیا رائے ہے؟ وہ اس کے لئے شرک کی گواہی دیں گے تو مذبوح شخص کہے گا: لوگو! یہ وہی خیر سے محروم دجال ہے جس کے بارے میں رسول اللہ ﷺ نے ہمیں ڈرایا تھا، مجھے تیرے بارے زیادہ بصیرت حاصل ہو چکی ہے، تو دجال اسے چوتھی مرتبہ ذبح کرنے آگے بڑھے گا لیکن اللہ تعالیٰ اس کی گردن پر تانبے کا پتر الگا دے گا دجال ذبح کرنا چاہے گا لیکن ذبح نہ کر سکے گا۔ عبد بن حمید، ابویعلی، ابن عساکر عن ابی سعد

۳۸۷۸۹..... اگر دجال نکلا اور میں زندہ رہا تو میں تمہارے لئے اس کا مقابلہ کرنے کو کافی ہوں، اور اگر وہ میرے بعد نکلا تو اللہ تعالیٰ تو کانا نہیں ہے وہ اصبہان کے یہودیوں میں ظاہر ہوگا یہاں تک کہ مدینہ کے پاس آئے گا اور اسکے اطراف میں پڑاؤ کرے گا اس وقت مدینہ کے سات (داخلی) دروازے ہوں گے ہر درے پر دو فرشتے ہوں گے، پھر مدینہ کے برے لوگ اس کی طرف چلے جائیں گے یہاں تک کہ شام فلسطین کے شہر لد کے دروازے پر پہنچ جائے گا پھر عیسیٰ علیہ السلام نازل ہوں گے اور اسے قتل کردیں گے عیسیٰ علیہ السلام زمین میں چالیس سال رہیں گے آپ کی حیثیت عادل بادشاہ اور منصف حاکم کی ہوگی۔ مسند احمد عن عائشة

۳۸۷۹۰..... میرے ہوتے اگر وہ (دجال) نکل آیا تو میں اس کا مقابلہ کروں گا اور اگر میری عدم موجودگی میں نکلا تو ہر آدمی خود مقابلہ کرے گا اور میری طرف سے اللہ تعالیٰ ہر مسلمان پر خلیفہ ہے، سن رکھو! اس کی آنکھ سپاٹ ہوگی جیسے وہ عبدالعزیٰ بن قطن خزاعی کی آنکھ ہے، آگاہ رہنا! اس کی پیشانی پر ''کافر'' لکھا ہوگا جسے ہر مسلمان پڑھ لے گا، جو کوئی تم میں سے اس سے ملے تو وہ سورہ کہف کی ابتدائی آیات اس کے سامنے پڑھ دے۔ خبردار! میں نے اس دیکھ لیا وہ شام و عراق کے درمیانی علاقہ میں نکلا، دائیں بائیں پھرا، اللہ کے بندو! ثابت قدم رہنا (تین بار فرمایا) کسی نے عرض کیا: یا رسول اللہ! وہ زمین میں کتنا رہے گا: آپ نے فرمایا: چالیس روز، ایک دن سال جیسا اور ایک دن جمعہ جیسا اور اس کے باقی دن تمہارے ان دنوں کی طرح ہوں گے۔ لوگوں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! اس وقت ہم لوگ نمازیں کیسے پڑھیں گے، کیا ایک دن کی نماز ہوں یا

اندازہ لگائیں گے؟ آپ نے فرمایا: بلکہ اندازہ لگاؤ گے۔

طبرانی فی الکبیر وابن عساکر عن عبدالرحمن بن ج بیر ابن نفیر عن ابیہ عن جدہ ان رسول اللہ ﷺ ذکر الدجال فقال. فذکرہ

۳۸۷۹۱..... میں دجال کواس کے حال سے زیادہ جانتا ہوں، اس کے ساتھ دو نہریں ہوں گی ایک دیکھنے والے کو سلگتی آگ نظر آئے گی اور دوسری صاف پانی، اگر تم میں سے کوئی اس کا زمانہ پالے تو وہ اس میں غوطہ لگائے اور اس میں سے پیئے جسے وہ آگ سمجھ رہا ہے کیونکہ وہ ٹھنڈا پانی ہوگا، خبردار دوسری سے بچ کر رہنا کیونکہ وہ فتنہ ہے اور یہ جان لو کہ اس کی پیشانی پر ''کافر'' لکھا ہوگا جسے ہر ان پڑھ اور پڑھا لکھا پڑھ لے گا۔ اس کی ایک آنکھ سپاٹ ہوگی اس پر ناخنہ ہوگا۔ اس کا آخری ظہور اردن کے میدان میں افیق کے کنارے سے ہوگا اور ہر وہ شخص جس کا اللہ اور آخرت پر ایمان ہوگا وہ اردن کے میدان میں ہوگا، وہ تین تہائی مسلمان قتل کر دے گا تین تہائی چھوڑ دے گا رات ہوگی تو مسلمان ایک دوسرے سے کہیں گے تمہیں کس بات کا انتظار ہے اپنے بھائیوں پر اپنے رب کی رضامندی کے اصرار کا؟ جس کے پاس فالتو کھانا ہو وہ اپنے بھائی کو پہنچادے اور صبح ہونے تک نماز پڑھتے رہو نماز میں جلدی کرو اور دشمن کا سامنا کرو۔

جب وہ نماز پڑھنے کے لئے کھڑے ہوں گے تو عیسیٰ علیہ السلام نازل ہوں گے، جوان کے امام ہوں گے اور انہیں نماز پڑھائیں گے، نماز سے فارغ ہونے کے بعد فرمائیں گے میرے اور اللہ کے دشمن (دجال) کے درمیان والا دروازہ کھول دو، تو وہ ایسے پگھلے گا جیسے دھوپ میں کھال پگھلتی ہے اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو ان پر مسلط کر دے گا جو انہیں قتل کریں گے یہاں تک کہ حجر وشجر پکاریں گے، اللہ کے بندے رحمٰن کے بندے، اے مسلمان! یہ یہودی ہے اسے قتل کرو، اللہ تعالیٰ انہیں فنا کر دے گا اور مسلمانوں کو غلبہ دے گا پھر وہ صلیب کو توڑ دیں گے، خنزیر کو مار ڈالیں اور جزیہ ختم کر دیں گے وہ اسی حالت میں ہوں گے کہ اللہ تعالیٰ یاجوج ماجوج کو کھول دے گا ان کا پہلا گروہ بحیرہ سے پئے گا آخری ریلہ آئے گا تو وہ خشک کر چکے ہوں گے اس میں ایک قطرہ بھی نہیں چھوڑیں گے وہ کہیں گے ہم اپنے دشمنوں پر چھا گئے، یہاں کبھی پانی کا نام ونشان تھا۔ پھر اللہ کے نبی آئیں گے آپ کے ساتھی آپ کے پیچھے ہوں گے یہاں تک کہ یہ لوگ فلسطین کے کسی شہر میں داخل ہو جائیں گے جسے لد کہا جائے گا۔ (یاجوج ماجوج) کہیں گے: ہم زمین والوں پر غلبہ پا چکے چلو اب آسمان والوں سے نمٹیں! اس وقت اللہ کا نبی اللہ سے دعا کرے گا تو ان کے گلوں میں ایک پھوڑا نکلے گا تو ان میں سے کوئی بھی نہ بچے گا ان کی بدبو سے مسلمانوں کو تکلیف ہوگی تو عیسیٰ علیہ السلام ان کے لئے بددعا کریں گے اللہ تعالیٰ ان پر ایک ہوا بھیجے گا جو ان سب کو سمندر میں پھینک دے گی۔ ابن عساکر عن حذیفة

۳۸۷۹۲..... میں تمہیں اس سے یعنی دجال سے ڈراتا ہوں ہر نبی نے اپنی قوم کو اس سے ڈرایا ہے نوح علیہ السلام نے بھی اپنی قوم کو اس سے ڈرایا، لیکن میں تمہیں ایسی بات بتاؤں گا جو کسی نبی نے اپنی قوم کو نہیں کہی۔ تم جان لوگے کہ وہ کانا ہوگا اور اللہ تعالیٰ اس عیب سے پاک ہے۔

بخاری، مسلم، ابوداؤد، ترمذی عن ابن عمر

۳۸۷۹۳..... میں اللہ کے دشمن خیر سے محروم (دجال) کی جگہیں دیکھ رہا ہوں، وہ ادھر رخ کر رہا ہے یہاں تک کہ وہاں سے اترے گا، پھر ناکارہ لوگ اس کی طرف چل پڑیں گے مدینہ کے ہر درے پر ایک یا دو فرشتے ہیں جو اس کی حفاظت کرتے ہیں۔ دجال کے ساتھ جنت اور جہنم کی سی دو صورتیں ہوں گی اس کے ساتھ مردوں کے مشابہ شیاطین ہوں گے، جو زندہ آدمی سے کہیں گے: مجھے جانتا ہے میں تیرا بھائی ہوں تیرا باپ ہوں، تیرا رشتہ دار ہوں کیا میں مر نہیں گیا تھا؟ یہ ہمارا رب ہے اس کی بات مان لے، پھر اللہ جو چاہے گا فیصلہ فرمائے گا۔

پھر اللہ تعالیٰ ایک مسلمان بھیجے گا جو اسے خاموش اور لاجواب کر دے گا وہ کہے گا: یہ بے حد جھوٹا ہے لوگو! تمہیں دھوکہ نہ ہو یہ بڑا جھوٹا ہے غلط بات کہہ رہا ہے اور تمہارا رب کانا نہیں، دجال اس سے کہے گا: کیا تو میری پیروی کرے گا؟ تو وہ انکار کر دے گا، دجال اس کے دو ٹکڑے کر دے گا اسے یہ اختیار دیا جائے گا، پھر وہ کہے گا کیا میں اسے تمہارے لئے لوٹا دوں، تو اللہ تعالیٰ اسے اٹھائے گا تو وہ پہلے سے زیادہ اس کی تکذیب وتردید کر رہا ہوگا اور اسے برا بھلا کہہ رہا ہوگا، وہ کہے گا: لوگو! تم ایک مصیبت اور فتنہ میں پھنسائے گئے ہو اگر یہ سچا ہے تو مجھے دوبارہ مار کر لوٹائے، ورنہ یہ بڑا جھوٹا ہے، وہ اس کے بارے میں حکم دے گا کہ اس کو آگ میں ڈال دیا جائے وہ جنت کی صورت میں ہوگی۔ دجال شام کی جانب نکلے گا۔

طبرانی عن سلمه ابن الاکوع

۳۸۷۹۴ ..... اللہ تعالیٰ نے جو نبی بھیجا اس نے اپنی امت کو دجال سے ڈرایا، میں آخری نبی اور تم آخری امت ہو، وہ یقیناً تم میں نکلے گا اگر وہ میری موجودگی میں نکلا تو میں ہر مسلمان کی طرف سے اس کا مقابلہ کروں گا اور اگر میرے بعد نکلا تو ہر آدمی خود مقابلہ کرے گا اللہ تعالیٰ ہر مسلمان پر میری طرف سے خلیفہ ونگہبان ہے۔

وہ شام وعراق کے درمیانی علاقے سے نکلے گا، دائیں بائیں پھرے گا، اللہ کے بندو! ثابت قدم رہنا، کیونکہ وہ کہے گا: میں نبی ہوں، تو میرے بعد کوئی (نیا) نبی نہیں اور اس کی پیشانی پر ”کافر“ لکھا ہوگا جسے ہر مسلمان پڑھ لے گا، جو کوئی تم میں سے اسے ملے تو وہ اس کے سامنے تھوک کر سورۃ کہف کی ابتدائی آیات پڑھے، وہ ایک انسان پر مسلط ہوگا اسے قتل کرنے کے بعد زندہ کرے گا، پھر وہ اس سے تجاوز کرے گا اور نہ کسی اور پر مسلط ہوگا۔

اس کا فتنہ یہ ہے کہ اس کے ساتھ جنت اور جہنم ہوگی، تو اس کی جنت، جہنم ہے اور جہنم جنت ہے، تو جو جہنم میں مبتلا کیا جائے وہ اس میں اپنی آنکھیں ڈبوئے اور اللہ تعالیٰ سے مدد طلب کرے، تو وہ اس کے لئے ٹھنڈی اور سلامتی والی بن گئی۔ اور اس کے چالیس روز ہوں گے، ایک دن سال جیسا اور ایک دن مہینہ کی طرح، اور ایک دن جمعہ کی طرح اور ایک دن باقی دنوں کی طرح، اور اس کے آخری دن سراب (چمکتے ریت) کی طرح ہوں گے آدمی صبح کے وقت شہر کے دروازے پر ہوگا اور شام دوسرے دروازے تک پہنچنے سے پہلے ہو جائے گی۔

لوگوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! ہم ان چھوٹے دنوں میں نماز کیسے پڑھیں گے؟ آپ نے فرمایا: ایسے اندازہ لگالینا جیسے لمبے دنوں میں لگاتے ہو۔ طبرانی عن ابی امامة

۳۸۷۹۵ ..... دجال نکلنے والا ہے اس کی بائیں آنکھ کانی ہوگی اس پر سخت ناخنہ ہوگا وہ کوڑھی اور برص والے کو ٹھیک کرے گا، مردوں کو زندہ کرے گا، اور لوگوں سے کہے گا: میں تمہارا رب ہوں جس نے کہہ دیا کہ تو میرا رب ہے وہ فتنہ میں پڑ گیا، اور جس نے کہا میرا رب اللہ ہے اور اسی پر اس کی موت ہوئی تو وہ بچالیا گیا اب نہ اس کے لئے کوئی فتنہ ہے اور نہ عذاب، جتنا اللہ چاہے گا وہ زمین پر رہے گا، پھر مغرب کی جانب سے عیسیٰ علیہ السلام آئیں گے محمد ﷺ کی تصدیق کرتے اور ان کی ملت پر قائم رہتے ہوئے دجال کو قتل کریں گے، پھر قیامت قائم ہو جائے گی۔

مسند احمد، طبرانی والرویانی، ضیاء عن سمرة

۳۸۷۹۶ ..... دجال کی بائیں آنکھ کانی ہوگی اس کی پیشانی پر کافر لکھا ہوگا اور اس پر سخت ناخنہ ہوگا۔ نعیم عن حماد فی الفتن عن انس

۳۸۷۹۷ ..... دجال ہر جگہ پہنچ جائے گا سوائے چار جگہوں کے، مسجد حرام، مسجد نبوی مسجد طور سینا، مسجد اقصیٰ۔ نعیم عن رجل

۳۸۷۹۸ ..... تمہارا رب کانا نہیں جب کہ دجال کانا ہے اس کی پیشانی پر ”کافر“ لکھا ہوگا جسے ہر مسلمان پڑھا لکھا اور ان پڑھ، پڑھ لے گا۔

طبرانی عن ابی بکرة

۳۸۷۹۹ ..... دجال کے بال گھنگھریالے، رنگ انتہائی گوراچٹا ہوگا، اس کا سر درخت کی ٹہنی ہوگا۔ بائیں آنکھ سپاٹ ہوگی اور دوسری جیسا پھولا ہوا انگور کا دانہ، عبدالعزیٰ بن قطن اس کے زیادہ مشابہ ہے زیادہ سے زیادہ یہ ہے کہ وہ کانا ہے اور تمہارا رب اس عیب سے منزہ ہے۔

ابو داؤد طیالسی، مسند احمد، طبرانی فی الکبیر عن ابن عباس

۳۸۸۰۰ ..... میں نے دجال کو (خواب میں) گوراچٹا، موٹا اور بڑے ڈیل وڈول والا دیکھا، اس کے سر کے بال گویا کسی درخت کی شاخیں ہیں، کانا گویا اس کی آنکھ صبح کا ستارہ ہے خزاعہ کے آدمی عبدالعزیٰ کے زیادہ مشابہ ہے۔ طبرانی عن ابن عباس

۳۸۸۰۱ ..... دجال موٹا بھاری بھرکم جسم والا اور گوراچٹا ہے اس کی ایک آنکھ قائم ہوگی جیسے چمکتا ستارہ، اور اس کے سر کے بال جیسے درخت کی شاخیں ہیں۔ اور میں نے عیسیٰ علیہ السلام کو دیکھا وہ سفید رنگ کے نوجوان ہیں ان کے سر کے بال گھنگریالے، نظر تیز، ہلکا جسم اور موسیٰ علیہ السلام کو میں نے دیکھا لحیم شحیم، گندمی رنگ، زیادہ بالوں والے اور بھاری جسم والے ہیں میں نے ابراہیم علیہ السلام کو دیکھا میں نے آپ کے نمایاں اعضاء میں سے جسے دیکھا اسے اپنے جسم پر پایا گویا وہ تمہارے ساتھی (محمد ﷺ) ہیں، جبرائیل نے مجھے کہا: کہ مالک (داروغہ جہنم) کو سلام کریں تو میں نے انہیں سلام کیا۔ مسند احمد عن ابن عباس

۳۸۸۰۲.....دجال کی بائیں آنکھ کانی ہوگی پیشانی پر کافر لکھا ہوگا جسے ہر ان پڑھ اور پڑھا لکھا پڑھ لے گا۔مسند احمد عن ابی بکرة
۳۸۸۰۳.....دجال کو عیسیٰ ابن مریم علیہما السلام لد کے دروازے پر قتل کریں گے۔ابن ابی شیبہ عم مجمع بن حارث
۳۸۸۰۴.....جزیرہ عرب میں تمہاری لڑائی ہوگی اور اللہ تعالیٰ تمہیں فتح دے گا پھر رومیوں سے تم لڑو گے تو اللہ تعالیٰ ان پر بھی فتح دے گا، پھر اہل فارس سے تمہاری جنگ ہوگی ان پر بھی اللہ فتح دے گا پھر دجال سے تم لڑو گے اللہ تعالیٰ اس پر بھی فتح دے گا۔

ابن ابی شیبہ، حاکم عن نافع بن عتبہ بن ابی وقاص
۳۸۸۰۵.....اس وقت تمہاری کیا حالت ہوگی جب تمہیں ایک بندے کے ذریعہ آزمائش میں ڈالا جائے گا جس کے لئے زمین کی نہریں اور پھل مسخر کردیئے گئے ہوں گے جو اس کی پیروی کرے گا وہ اسے کھلا کر کافر بنادے گا اور جو اس کی نافرمانی کرے گا اسے محروم رکھ کر عذاب دے گا اس وقت اللہ تعالیٰ مومنوں کی اس سے حفاظت کرے گا جس سے فرشتوں کی حفاظت کرتا ہے یعنی سبحان اللہ سے، اس کی پیشانی پر کافر لکھا ہوگا جسے ہر پڑھا اور ان پڑھ مسلمان پڑھ لے گا۔طبرانی فی الکبیر عن اسماء بنت عمیس
۳۸۸۰۶.....جنہوں نے مجھے دیکھا وہ ضرور دجال کا زمانہ پالیں گے یا وہ میری موت کے قریب (ظاہر) ہوگا۔طبرانی عن عبداللہ بن بسر
۳۸۸۰۷.....بہت سے لوگ یہ کہہ کر دجال کا ضرور ساتھ دیں گے: کہ ہم اسے بتائیں گے کہ وہ کافر ہے اس لئے ساتھ رہیں گے۔لیکن ساتھ رہتے ہوئے اس کا کھانا کھائیں گے اور اس کے درختوں کا پھل کھائیں گے، جب اللہ کا غضب نازل ہوگا تو سب پر نازل ہوگا۔

نعیم بن حماد فی الفتن عن عبید ابن عمیر مرسلاً
۳۸۸۰۸.....جب سے اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو پیدا فرمایا اس سے قیامت کے قائم ہونے تک اللہ تعالیٰ نے دجال کے فتنے سے بڑا فتنہ نہیں بھیجا، میں نے اس کے متعلق ایسی دوٹوک بات کی ہے کہ مجھ سے پہلے کسی نے نہیں کی، اس کا گندمی رنگ ہوگا، اس کی بائیں آنکھ سپاٹ ہوگی اس کی آنکھ پر ناخنہ ہوگا وہ کوڑھی اور برص والے کو بھلا کریگا کہے گا: میں تمہارا رب ہوں، جو کہہ دے گا: میرا رب اللہ ہے اس کے لئے کوئی فتنہ نہیں اور جو کہے گا: تو میرا رب ہے تو وہ فتنہ میں پڑ گیا جتنا اللہ نے چاہا وہ تم میں رہے گا، پھر عیسیٰ علیہ السلام نازل ہوں گے، محمد ﷺ کی تصدیق کریں گے انہی کی شریعت پر ہدایت یافتہ حاکم اور عادل قاضی ہوں گے وہی دجال کو قتل کریں گے۔طبرانی عن عبداللہ بن مغفل
۳۸۸۰۹.....تم اس کے بارے میں پوچھ رہے ہو! تمہیں اس کا زمانہ نہیں ملے گا جب تک میراث تقسیم نہیں ہوتی اور غنیمت پر خوش نہیں ہوا جاتا دجال نہیں نکلے گا۔طبرانی عن المغیرة
۳۸۸۱۰.....دجال کے بارے میں تمہیں اشتباہ نہ ہو، کیونکہ اللہ تعالیٰ کانا نہیں وہ نکلے گا اور زمین میں چالیس دن رہے گا کعبہ، بیت المقدس اور مدینہ کے علاوہ ہر جگہ جائے گا۔مہینہ جمعہ کی طرح، جمعہ دن جیسے ہوگا اور اس کے ساتھ جنت و دوزخ ہوگا اس کی جنت، دوزخ ہے اور دوزخ جنت ہے، اس کے ساتھ روٹی کا پہاڑ اور پانی کی نہر ہوگی۔وہ ایک شخص کو بلائیگا جس پر اللہ تعالیٰ اسے مسلط نہیں کرے گا، کہے گا: تو میرے بارے میں کیا کہتا ہے؟ وہ کہے گا: تو اللہ کا دشمن تو جھوٹا دجال ہے، وہ آرا منگوائے گا اور اسے اس کے سر کے برابر رکھ کر اس کے دو ٹکڑے کردے گا، وہ زمین پر گر پڑے گا، پھر اسے زندہ کرے گا، کہے گا: تو میرے بارے میں کیا کہتا ہے؟ وہ کہے گا: اللہ کی قسم! مجھے تیرے بارے میں پہلے زیادہ بصیرت نہ تھی، تو اللہ کا دشمن دجال ہے جس کے بارے میں ہمیں رسول اللہ ﷺ نے خبر دی تھی چنانچہ دجال اپنی تلوار لے کر اس کی طرف بڑھے گا لیکن کچھ کر نہ سکے گا تو کہے گا: اسے مجھ سے دور کردو۔طبرانی فی الکبیر عن ابن عمر
۳۸۸۱۱.....دجال سے بڑھ کر کوئی فتنہ قیام قیامت تک نہیں ہوگا ہر نبی نے اپنی قوم کو اس سے ڈرایا ہے اور میں تمہیں اس کی ایسی بات بتاتا ہوں جو کسی نبی نے نہیں بتائی وہ کانا ہوگا اور میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ اس عیب سے پاک ہے۔حاکم عن جابر
۳۸۸۱۲.....مجھے تمہارے باہمی فتنے دجال کے فتنہ سے زیادہ خوفناک لگتے ہیں جب کہ ہر چھوٹا بڑا فتنہ دجال کے فتنے کے سامنے سرنگوں ہوگا جو اس سے پہلے فتنہ سے نجات پا گیا وہ اس سے بھی نجات پا جائے گا، وہ کسی مسلمان کو نقصان نہ پہنچا سکے گا اس کی پیشانی پر ”کافر“ لکھا ہوگا۔

مسند احمد، ابو یعلی، رزین، ابن حبان و الرویانی، ضیاء عن حذیفة

۳۸۸۱۳...... ہر نبی نے اپنی قوم کو دجال سے ڈرایا ہے اور میں بھی تمہیں اس سے ڈراتا ہوں، وہ کانا ہوگا اور میرا رب اس عیب سے منزہ ہے اس کی پیشانی پر کافر لکھا ہوگا جسے ہر ان پڑھ اور پڑھا لکھا پڑھ لے گا، اس کے ساتھ جنت وجہنم ہوگا، اس کی جنت جہنم ہے اور اس کا جہنم جنت ہے۔

طبرانی فی الکبیر عن معاذ

۳۸۸۱۴...... تم کافروں سے لڑتے رہو گے یہاں تک کہ تمہارے باقی لوگ دجال سے ہزار دن پر لڑیں گے تم لوگ غربی جانب اور وہ مشرقی جانب ہوں گے۔ طبرانی فی الاوسط، البغوی عن نهیک ابن ضریم ویقال صریم وماله غیره

۳۸۸۱۵...... ایسا نہ کرو، کیونکہ اگر میں تم لوگوں میں زندہ رہا اور وہ نکل آیا تو اللہ تعالیٰ میری وجہ سے تمہاری کفایت کے لئے بہت ہے اور اگر میری وفات کے بعد نکلا تو اللہ تعالیٰ نیک لوگوں کی وجہ سے تمہاری کفایت کرے گا، ہر نبی نے اپنی امت کو اس سے ڈرایا، میں بھی تمہیں اس سے ڈراتا ہوں، وہ کانا ہوگا جب کہ اللہ اس عیب سے پاک ہے۔

خبردار! خیر سے محروم دجال کی آنکھ گویا پھولا ہوا انگور کا دانہ ہے۔ طبرانی عن ام سلمة

۳۸۸۱۶...... جب تک مومن کی روح کا نکلنا کسی چیز سے زیادہ محبوب نہیں ہوجاتا، دجال نہیں نکلے گا۔ حلیة الاولیاء عن ابن مسعود

۳۸۸۱۷...... جب تک لوگ دجال کے ذکر سے غافل نہیں ہوجاتے دجال نہیں نکلے گا یہاں تک کہ ائمہ منبروں پر اس کا ذکر چھوڑ دیں گے۔

نسائی وابن قانع عن المصعب ابن جثامة

۳۸۸۱۸...... لوگو! میں ایک انسانی رسول ہوں، میں تمہیں اللہ کی یاد دلاتا ہوں اگر تمہیں پتہ چلا کہ میں نے اپنے رب کے پیغامات کی تبلیغ میں کوئی کوتاہی کی تو مجھے خبردار کردینا۔ تو میں اپنے رب کے پیغامات کو جیسا پہنچانے کا حق ہے پہنچاؤں، حمد وصلوٰۃ کے بعد! کچھ لوگ سمجھتے ہیں کہ اس سورج وچاند کا گرہن اور ستاروں کا اپنے مقامات سے ہٹ جانا زمین کے بڑے لوگوں کی موت کی وجہ سے ہوتا ہے تو انہوں نے جھوٹ کہا، یہ اللہ کی نشانیاں ہیں اس سے اپنے بندوں کو آگاہ کرتا ہے تاکہ دیکھے کون توبہ کرتا ہے۔

میں نے اپنی اس جگہ نماز پڑھتے دیکھ لیا ہے کہ تم اپنی دنیا میں اپنی آخرت سے نہیں مل سکتے اور نہ قیامت قائم ہوگی جب تک تیس دجال ظاہر نہ ہوجائیں جن کا آخری کانا دجال ہوگا۔ اس کی بائیں آنکھ سپاٹ ہوگی گویا وہ ابویحییٰ کی آنکھ ہے جب وہ نکلے گا تو یہ خیال کرتا ہوگا کہ وہ اللہ ہے جس نے اس کی تصدیق کی اور اس پر ایمان لے آیا تو اسے اس کا کوئی گزشتہ نیک عمل فائدہ نہیں دے گا، اور جس نے اس کا انکار کیا اور اس کی تکذیب کی تو اس کے گزشتہ کسی گناہ کا مواخذہ نہیں ہوگا۔ وہ ساری زمین پر چھا جائے گا، حرم اور بیت المقدس میں نہیں آسکے گا۔ وہ لوگوں کو ہنکا کر بیت المقدس لائے گا ان کا سخت محاصرہ ہوگا۔ اور وہ بڑی پریشانی میں مبتلا ہوں گے صبح ہوگی تو عیسیٰ علیہ السلام ان میں ہوں گے اللہ تعالیٰ دجال اور اس کے لشکر کو شکست دے گا یہاں تک کہ دیوار کی بنیاد اور درخت کی شاخ پکار کر مسلمانوں سے کہے گی: یہ میرے پیچھے کافر چھپا ہے اسے قتل کرو! اور یہ ہرگز نہیں ہوگا یہاں تک کہ جب تمہاری یہ حالت ہو کہ تمہارے دلوں میں تمہاری عظمت ہو اور تم آپس میں ایک دوسرے سے سوال کرو: کیا تمہارے نبی نے تم سے اس کا کوئی ذکر کیا ہے اور جب پہاڑ اپنی جگہیں چھوڑ دیں پھر اس کے بعد قبض (ارواح) یعنی موت ہوگی۔ مسند احمد، ابویعلی وابن خزیمه ولطحاوی، ابن حبان وابن جریر، طبرانی، حاکم، بیهقی فی شعب الایمان ج۳ ص ۳۳۸، سعید بن منصور عن سمرة

۳۸۸۱۹...... دجال اس وقت نکلے گا جب دین میں کمزوری اور علم میں زوال ہوگا، اس کی چالیس راتیں ہوں گی جن میں وہ زمین پر پھرے گا، اس زمانے کا ایک دن سال کی طرح کا اور ایک دن مہینے جیسا اور ایک جمعہ جیسا اور باقی دن تمہارے دنوں جیسے ہوں گے، اس کا ایک گدھا ہوگا جس پر سوار ہوگا، اس کے کانوں کی چوڑائی چالیس گز ہوگی۔ وہ (دجال) لوگوں سے کہتا پھرے گا! میں تمہارا رب ہوں، وہ کانا ہوگا اور تمہارا رب اس عیب سے پاک ہے اس کی پیشانی پہ ک،ف،ر لکھا ہوگا جسے ہر پڑھا لکھا اور ان پڑھ ایماندار پڑھ لے گا وہ مکہ ومدینہ کے سوا ہر جگہ جائے گا اللہ تعالیٰ ان دونوں کو اس کے لئے حرام قرار دے دے گا، ان کے دروازوں پر فرشتے کھڑے ہوں گے، اس کے ساتھ روٹی کے پہاڑ ہوں گے، جب کہ لوگ فقر وفاقہ میں مبتلا ہوں گے صرف وہ لوگ خوش حال ہوں گے جو اس کی پیروی کریں گے۔

اس کے ساتھ دو نہریں ہوں گی مجھے ان دونوں کا اس (دجال) سے زیادہ علم ہے ایک نہر جسے وہ جنت کہے گا اور ایک نہر جسے وہ جہنم کہے گا،

جسے وہ اپنی جنت میں داخل کرے گا وہ جہنم ہوگی اور جسے اپنی جہنم میں داخل کرے گا وہ جنت ہوگی، اللہ تعالیٰ اس کے ساتھ شیاطین بھیجے گا جو لوگوں سے باتیں کریں گے اس کے ہمراہ بہت بڑا فتنہ ہوگا، اس کو حکم دے گا تو بارش ہو جائے گی جو لوگوں کو نظر آئے گی ایک شخص کو قتل کرکے زندہ کرے گا یہ بھی لوگوں کی نظر کا کھیل ہوگا، اس کے علاوہ کسی پر اس کا بس نہ چلے گا۔

لوگوں سے کہے گا: لوگو! ایسا رب ہی نہیں کرتا؟ مسلمان لوگ شام میں جبل دخان کی طرف بھاگ جائیں گے وہ آکر ان کا محاصرہ کرکے انہیں سخت محنت و مشقت میں ڈالے گا پھر عیسیٰ بن مریم علیہما السلام نازل ہوں گے وہ سحری کے قریب آواز دیں گے، لوگو! جھوٹے خبیث کی طرف کیوں نہیں نکلتے ہو، لوگ کہیں گے، یہ کسی جن کی آواز ہے، جب وہاں پہنچے تو کیا دیکھیں گے کہ عیسیٰ علیہ السلام ہوں گے۔

پھر نماز قائم ہوگی ان سے کہا جائے گا: روح اللہ! آپ آگے ہوں، وہ فرمائیں گے: تمہارا امام آگے ہو اور وہ نماز پڑھائے، جب فجر کی نماز پڑھ چکے گے تو اس (دجال) کی طرف نکلیں گے اللہ کا دشمن جب انہیں دیکھے گا تو یوں پگھلے گا جیسے پانی میں نمک گھلتا ہے عیسیٰ علیہ السلام اس کے پیچھے چلیں گے اور اسے قتل کردیں گے یہاں تک کہ شجر و حجر پکاریں گے: روح اللہ! یہ یہودی ہے آپ اس کے پیروکاروں میں سے کسی کو نہیں چھوڑیں گے سب کو قتل کردیں گے۔ مسند احمد، ابن خزیمه، ابو یعلی، حاکم، ضیاء عن جابر

۳۸۸۲۰..... دجال اصبہان کے یہودیوں سے نکلے گا یہاں تک کہ وہ کوفہ آئے گا اور اس کے ساتھ مدینہ، طور، یمن اور قزوین کی ایک ایک قوم مل جائے گی، کسی نے عرض کیا: یارسول اللہ! قزوین کی کون سی قوم ہے؟ آپ نے فرمایا: اس کے آخر میں ایک قوم ہوگی جو دنیا سے بے رغبت ہو کر دنیا سے نکلے گی، اللہ تعالیٰ ان کی وجہ سے ایک قوم کو کفر سے لوٹا کر ایمان کی طرف لائے گا۔

الخطیب فی فصائل قزوین والرافع عن ابن عباس

۳۸۸۲۱..... دجال نکلے گا اور اس کے ساتھ ستر ہزار جولا ہے۔ (بے وقوف) ہوں گے ان کا سب سے عقلمند آگے آگے، دیہات دیہات کہتا ہوگا۔

الدیلمی عن علی

۳۸۸۲۲..... دجال خراسان نامی زمین سے نکلے گا جو قوم اس کی پیروی کرے گی ان کے چہرے منڈھی ہوئی ڈھال کی طرح ہوں گے۔

ابن جریر فی تهذیبه عن ابی بکر

۳۸۸۲۳..... دجال مشرق کی جانب اصبہان نامی زمین سے نکلے گا وہ ایسی قوم ہوگی جن کے چہرے منڈھی ہوئی ڈھال کی طرح ہوں گے۔

طبرانی فی الکبیر عن عمران بن حصین

۳۸۸۲۴..... دجال اصبہان کی جانب سے نکلے گا۔ طبرانی عن عمران ابن حصین

۳۸۸۲۵..... کانا دجال اصبہان کے یہودیوں سے نکلے گا، پیدائشی طور پر اس کی آنکھ نہ ہوگی اور دوسری چمکتے ستارے جیسی ہوگی، خون آلود ہوگی، وہ دھوپ میں کوئی چیز بھونے گا پرندے گردش سے تین چیخیں ماریں گے جنہیں مشرق و مغرب والے سنیں گے اس کا ایک گدھا ہوگا جس کے کانوں کے درمیان چوڑائی چالیس گز ہوگی، ہر ہفتہ وہ ہر جگہ پہنچ جائے گا اس کے ساتھ دو پہاڑ چلیں گے ایک میں درخت، پھل اور پانی ہوگا، اور ایک میں دھواں اور آگ ہوگی، کہے گا: یہ جنت ہے یہ جہنم۔ حاکم ج ۴ ص ۵۲۸ وابن عساکر عن ابن عمرو

۳۸۸۲۶..... کانا دجال اصبہان کے یہودیوں سے ظاہر ہوگا، اس کی دائیں آنکھ سپاٹ ہوگی اور دوسری جیسے ستارہ۔

سمویه، حاکم عن ابن عمر عن حذیفة

۳۸۸۲۷..... تمہارے باقی لوگ نہر اردن پر دجال سے جنگ کریں گے تم لوگ مشرقی جانب اور وہ مغربی جانب ہوں گے۔

ابن سعد عن نهیک بن صریم اسکونی

۳۸۸۲۸..... میری امت میں ایک گروہ ہوگا جو اللہ اور قرآن کا انکار کریں گے جب کہ انہیں اس کا علم و شعور نہیں ہوگا جیسے یہود و نصاریٰ نے کفر کیا کچھ تقدیر کا اقرار کریں اور کچھ انکار کریں گے وہ کہیں گے: بھلائی اللہ کی طرف سے اور شر ابلیس کی طرف سے ہے اسی عقیدہ پر قرآن پڑھیں گے ایمان و معرفت کے بعد قرآن کا انکار کریں گے میری امت ان سے دشمنی، بغض اور جدال پائے گی۔ وہ لوگ اس امت کے بے

دین لوگ ہیں ان کے زمانے میں بادشاہ کا ظلم ہوگا، ان پر ظلم، افسوس اور ان پر نشانات کا افسوس! پھر اللہ تعالیٰ طاعون بھیجے گا اور ان کی اکثریت فنا ہوجائے گی، پھر زمین میں دھنساؤ ہوگا جس میں ان کے بہت تھوڑے لوگ بچیں گے۔ اس زمانے میں مسلمان کی خوشی کم اور اس کا غم زیادہ ہوگا پھر صورتیں بگڑیں گی، اللہ تعالیٰ ان کے عام لوگوں کو بندر و خنازیر بنادے گا۔ ان لوگوں کے بعد جلد ہی دجال نکل آئے گا۔

طبرانی والبغوی عن رافع بن خدیج

۳۸۸۲۹...... مسلمانوں کے تین شہر ہوں گے: ایک شہر دوسمندروں کے ملنے کی جگہ ہوگا ایک شہر حیرہ میں اور ایک شہر شام میں ہوگا، لوگ تین بار خوفزدہ ہوں گے پھر دجال معمولی لوگوں میں سے نکلے گا اور مشرق کی جانب شکست کھائے گا سب سے پہلا شہر جو اسے ہٹائے گا وہ دوسمندروں کے ملنے کی جگہ والا ہوا وہاں کے باسی تین گروہ بن جائیں گے: ایک گروہ قیام کر کے کہے گا: ہم اس کے اندازہ کرتے ہیں اور دیکھتے ہیں وہ کیا چیز ہے، ایک فرقہ دیہاتیوں سے جا ملے گا اور ایک فرقہ اس شہر میں چلا جائے جو ان کے قریب ہوگا دجال کے ساتھ ستر ہزار لوگ ہوں گے ان کے سروں پر تاج ہوں گے زیادہ تر اس کے ساتھ یہودی اور عورتیں ہوں گی۔

پھر ان کے قریبی شہر میں آئے گا تو وہاں کے لوگ تین فرقے بن جائیں گے ایک فرقہ کہے گا: ہم اس کا اندازہ کرتے ہیں دیکھتے ہیں یہ کیا چیز ہے، دوسرا فرقہ دیہاتیوں میں جا سکے گا اور تیسرا فرقہ ان کے قریبی شہر سے جا ملے گا پھر وہ شام میں آئے گا تو مسلمان افیق کی گھاٹی میں جمع ہوجائیں گے وہ اپنی مہم بھیجیں گے جو درست رہے گی۔ مسند احمد، ابویعلی ابن عساکر عن عثمان بن ابی العاص

۳۸۸۳۰...... دجال زمین میں چالیس سال رہے گا سال مہینے کی طرح، مہینہ جمعہ کی طرح اور جمعہ دن کی طرح اور دن آگ میں انگارے کی طرح ختم ہوگا۔ مسند احمد وابن عساکر عن اسماء بنت یزید

۳۸۸۳۱...... دجال مرقناۃ کی دلدلی زمین سے نکلے گا اس کی طرف زیادہ نکلنے والے لوگ عورتیں ہوں گی یہاں تک کہ آدمی لوٹے گا تو اپنے دوست، ماں، بیٹی، بہن اور پھوپھی کو مضبوطی سے باندھ دے گا کہ کہیں اس کی طرف نہ چل دے۔ پھر اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو اس پر مسلط کردے گا جو اسے اور اس کی جماعت کو قتل کر ڈالیں گے اور یہ حال ہوگا کہ یہودی درخت یا پتھر تلے چھپے گا تو درخت یا پتھر کہے گا: اے مسلم! یہ میرے نیچے یہودی ہے اسے مار ڈال۔ مسند احمد، طبرانی عن ابن عمر

۳۸۸۳۲...... دجال آئے گا اور مکہ و مدینہ کے علاوہ ساری زمین پر پھرے گا جب مدینہ کے قریب آئے گا تو مدینہ کے ہر درے پر فرشتوں کی جماعت پائے گا پھر وہ دلدلی کنارے کے پاس آئے گا اپنا خیمہ لگائے گا تو مدینہ تین بار کانپے گا تو ہر منافق مرد اور عورت اس کے پاس چلے جائیں گے۔

بخاری، مسلم عن انس

۳۸۸۳۳...... چھٹکارے کا دن، کیا چھٹکارے کا دن! چھٹکارے کا دن، کیا چھٹکارے کا دن! چھٹکارے کا دن، کیا چھٹکارے کا دن (تین بار فرمایا) کسی نے عرض کیا: چھٹکارے کا دن کیا چیز ہے؟ آپ نے فرمایا: دجال آئے گا اور احد پر چڑھے گا وہاں سے جھانک کر مدینہ کی طرف دیکھے گا اور اپنے ساتھیوں سے کہے گا: کیا تمہیں یہ سفید محل نظر آرہا ہے؟ یہ احمد (ﷺ) کی مسجد ہے پھر وہ مدینہ آئے گا تو اس کے درے پر تلوار سونتے ایک فرشتہ پائے گا، پھر وہ دلدلی زمین کے پاس آکر خیمہ زن ہوگا، تو مدینہ میں تین بار زلزلہ آئے گا تو مدینہ میں کوئی منافق مرد و عورت اور کوئی فاسق مرد و عورت نہیں رہے گی سب اس کی طرف چلے جائیں گے تو چھٹکارا پالے گا یہ چھٹکارے کا دن ہے۔ مسند احمد، حاکم عن محجن ابن الادرع

۳۸۸۳۴...... دجال لد کے دروازے کے پاس سترہ گز پر قتل کیا جائے گا۔ ابن عساکر عن مجمع بن جاریة

ابن صیاد

مدینہ کا ایک مجذوب، یہودی جس کے متعلق لوگوں میں مشہور ہوگیا تھا کہ دجال یہی ہے کیونکہ وہ عجیب وغریب حرکات کرتا تھا، اکثر نخلستانوں میں چھپا رہتا، راستہ میں جسم پھولا کر راستہ بند کردیتا بعض صحابہ رضی اللہ عنہم کو تو اس کے دجال ہونے کا یقین ہوگیا تھا۔ مشکوۃ

۳۸۸۳۵......اگر یہ وہی ہے تو تم ہرگز اس پر مسلط نہیں کیئے جاؤ گے اور اگر وہ نہیں تو تمہیں اس کے قتل کرنے میں کوئی فائدہ نہیں۔
مسند احمد، مسلم عن ابن عمر

''الاکمال''

۳۸۸۳۶......آپ علیہ السلام نے ابن صیاد سے فرمایا: اے تیرے کی! تجھے ہرگز عزت نصیب نہ ہو۔ مسند احمد، بخاری، مسلم، ابوداؤد عن ابن عمر، بخاری عن ابن عباس، طبرانی عن السید الحصین، مسند احمد والرویانی، ضیاء عن ابی ذر، مسلم عن مسعود عن ابی سعید
۳۸۸۳۷......ابن صیاد کا نکلنا ایک غصہ کی وجہ سے ہے جو وہ غصہ ہوگا۔ طبرانی عن حفصة
۳۸۸۳۸......اگر یہ وہی (دجال) ہے تو تم اس کے (دشمن وقاتل) نہیں، اس کے قاتل تو عیسیٰ بن مریم علیہما السلام ہیں اور اگر یہ وہ نہیں تو تمہیں کسی ذمی کو قتل کرنا جائز نہیں۔ (مسند احمد ضیاء عن جابر کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! مجھے اجازت دیں میں ابن صیاد کو قتل کردوں۔ تو آپ نے یہ ارشاد فرمایا۔)
۳۸۸۳۹......اسے چھوڑ واگر یہ وہی ہے جس کا تمہیں خوف ہے تو تم ہرگز اس کے قتل پر مسلط نہیں کیئے جاؤ گے۔ (مسلم عن ابن مسعود کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نبی ﷺ سے ابن صیاد کو قتل کرنے کی اجازت طلب کی تو آپ نے فرمایا۔)

''حضرت عیسیٰ علی نبینا علیہ الصلوٰۃ والسلام کا نزول''

۳۸۸۴۰......اس وقت تمہاری کیا حالت ہوگی جب عیسیٰ بن مریم علیہما السلام تم میں اتریں گے اور تمہارے امام ہوں گے۔ مسلم عن ابی ھریرۃ
۳۸۸۴۱......اللہ کی قسم! عیسیٰ بن مریم علیہما السلام ضرور عادل بادشاہ بن کر اتریں گے۔ پھر ضرور صلیب کو توڑیں گے اور ضرور خنزیر کو قتل کریں گے اور لازماً جزیہ ختم کردیں گے، اونٹنیاں ایسے چھوڑ دی جائیں گی ان کے لئے (زکوٰۃ وصولی کی) کوشش نہیں جائے گی، بغض وکینہ باہمی بغض وحسد ضرور ختم ہوگا، اور لوگ مال کی طرف بلائے جائیں گے لیکن اسے کوئی قبول نہیں کرے گا۔ مسلم عن ابی ھریرۃ
۳۸۸۴۲......اس ذات کی قسم! جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے! عنقریب تم میں عیسیٰ بن مریم منصف حاکم اور امام عادل بن کر اتریں گے، صلیب کو توڑ ڈالیں گے خنزیر کو قتل کردیں گے جزیہ ختم کردیں گے مال ان کے قبضہ میں ہوگا لیکن اسے قبول کرنے والا کوئی نہیں ہوگا، یہاں تک کہ ایک سجدہ دنیا اور اس کی تمام چیزوں سے بہتر ہوگا۔ مسند احمد، مسلم، ترمذی، ابن ماجہ عن ابی ھریرۃ
۳۸۸۴۳......میرے اور عیسیٰ علیہ السلام کے درمیان کوئی نبی نہیں اور وہ اترنے والے ہیں جب انہیں دیکھو تو پہچان لینا، ان کا قد درمیان، سرخ وسفید رنگ ہوگا کتے ہوئے دوسوتی گولوں کے درمیان اتریں گے ان کے سر سے پانی ٹپک رہا ہوگا اگر چہ انہوں نے کوئی پانی والی چیز استعمال نہیں کی ہوگی وہ اسلام کی بنا پر لوگوں سے جنگ کریں گے صلیب توڑ دیں گے خنزیر کو مار ڈالیں گے اور جزیہ ختم کردیں گے اور آپ کے زمانے میں اللہ تعالیٰ تمام شریعتیں اور ملتیں ختم کردے گا صرف اسلام کو باقی رکھے گا، مسیح علیہ السلام دجال کو قتل کریں گے اس کے بعد آپ چالیس سال زمین میں رہیں گے پھر آپ کی وفات ہوگی اور مسلمان آپ کی نماز جنازہ پڑھیں گے۔ ابوداؤد عن ابی ھریرۃ
۳۸۸۴۴......مسیح علیہ السلام کے بعد والی زندگی کتنی اچھی ہوگی آسمان کو برسنے کی اور زمین کو پیداوار اگانے کی اجازت دی جائے گی یہاں تک کہ اگر تم نے اپنا بیج صفا پر بھی بکھیرا تو وہ اگ آئے گا، آدمی شیر کے پاس سے گزرے گا تو وہ اسے نقصان نہیں دے گا، اور سانپ کو روندے گا تو وہ اسے نہیں ڈسے گا آپس میں بغض، کینہ اور حسد نہیں ہوگا۔ ابوسعید النقاش فی فوائد العراقیین عن ابی ھریرۃ
۳۸۸۴۵......میری امت کی دو جماعتوں کی اللہ تعالیٰ جہنم سے حفاظت فرمائے گا ایک جماعت جو جہاد ہندوستان کرے گی، اور ایک جماعت جو عیسیٰ بن مریم علیہما السلام کے ساتھ ہوگی۔ مسند احمد، نسائی والضیاء عن ثوبان

کلام:۔۔۔۔۔۔ذخیرۃ الحفاظ ۳۵۰۱۔

نوٹ:۔۔۔۔۔۔یہاں پھر نمبر شمار کی غلطی ہے ہم نے کتابی ترتیب کو نہیں بدلا تا کہ آئندہ کی نمبر شماری متاثر نہ ہو۔

۳۸۸۴۵۔۔۔۔۔اس وقت تمہاری کیا حالت ہوگی جب عیسیٰ علیہ السلام تم میں نازل ہوں گے اور تمہارا امام تمہی سے ہوگا۔ بیھقی عن ابی ھریرۃ

۳۸۸۴۶۔۔۔۔۔قیامت تک میری امت کی ایک جماعت حق کی بنا پر لڑتی اور غالب رہے گی عیسیٰ علیہ السلام نازل ہوں گے تو ان کا امیر کہے گا: آیئے ہمیں نماز پڑھایئے! آپ علیہ السلام فرمائیں گے نہیں! اللہ تعالیٰ نے اس امت کو یوں عزت بخشی ہے کہ تم ایک دوسرے کے امیر ہو۔
مسند احمد، مسلم عن جابر

۳۸۸۴۷۔۔۔۔۔عیسیٰ علیہ السلام کے سوا کسی شخص کو دجال پر مسلط نہیں کیا جائے گا۔ الطیالسی عن ابی ھریرۃ

کلام:۔۔۔۔۔۔ضعیف الجامع ۶۱۷۴۔

۳۸۸۴۸۔۔۔۔۔دجال ضرور تم جیسی یا تم سے بہتر ایک قوم پائے گا اور اللہ تعالیٰ ہرگز اس امت کو رسوا نہیں کرے گا جس کے شروع میں میں (محمد ﷺ) ہوں اور اس کے آخر میں عیسیٰ بن مریم علیہما السلام ہیں۔ الحکیم، حاکم عن جبیر بن نفیر

کلام:۔۔۔۔۔۔ضعیف الجامع ۴۸۷۵۔

۳۸۸۴۹۔۔۔۔۔ضرور ابن مریم علیہما السلام دجال کو لد کے دروازے پر قتل کریں گے۔ مسند احمد، عن مجمع ابن جاریۃ

۳۸۸۵۰۔۔۔۔۔ابن مریم علیہما السلام دجال کو لد کے دروازے پر قتل کریں گے۔ ترمذی عن مجمع بن جاریۃ

۳۸۸۵۱۔۔۔۔۔عیسیٰ بن مریم علیہما السلام ضرور منصف حاکم اور امام عادل بن کر اتریں گے اور ضرور ایک راستہ میں حج یا عمرہ یا دونوں کی نیت کر کے چلیں گے اور ضوور میری قبر پر آ کر مجھے سلام کریں گے اور میں ضرور ان کے سلام کا جواب دوں گا۔ حاکم عن ابی ھریرۃ

کلام:۔۔۔۔۔۔الضعیفۃ ۱۴۵۰۔

۳۸۸۵۲۔۔۔۔۔عیسیٰ علیہ السلام دمشق کی مشرقی جانب سفید منارے کے پاس اتریں گے۔ طبرانی فی الکبیر عن اوس بن اوس

۳۸۸۵۳۔۔۔۔۔اس امت کا بہترین گروہ پہلا اور آخری ہے پہلے میں اللہ کے رسول ﷺ اور آخری میں عیسیٰ بن مریم علیہما السلام اور اس کے درمیان ایک ٹیڑھا راستہ ہے جو نہ تیرے لائق اور نہ تو ان کے لائق ہے۔ حلیۃ الاولیاء عن عروۃ بن رویم

کلام:۔۔۔۔۔۔ضعیف الجامع ۲۹۳۰۔

۳۸۸۵۴۔۔۔۔۔میری امت کے دو شخص عیسیٰ بن مریم علیہما السلام کا زمانہ پائیں گے اور دجال کے زمانے میں شریک ہوں گے۔
ابن خزیمہ، حاکم عن انس

کلام:۔۔۔۔۔۔ذخیرۃ الحفاظ ۳۲۶۹۔

الاکمال

۳۸۸۵۵۔۔۔۔۔عیسیٰ بن مریم روح اللہ تم میں اترنے والے ہیں جب انہیں دیکھنا تو پہچان لینا، کیونکہ وہ درمیانے قد والے سرخ وسفید رنگ والے ہوں گے ان پر کتے ہوئے دو کپڑے ہوں گے ان کے سر سے پانی ٹپکتا دکھائی دے گا۔ اگرچہ انہوں نے پانی استعمال نہیں کیا ہوگا۔ وہ صلیب توڑ، خنزیر قتل اور جزیہ (ٹیکس) ختم کردیں گے لوگوں کو اسلام کی دعوت دیں گے، اللہ تعالیٰ انہی کے زمانہ میں خیر سے محروم دجال کو ہلاک کریں گے، زمین والوں میں امن وامان پھیل جائے گا یہاں تک کہ شیر اونٹوں کے ساتھ اور چیتے گائیوں کے ساتھ اور بھیڑیئے بکریوں کے ساتھ چراگاہوں میں پھریں گے بچے سانپوں سے کھیلیں گے اور انہیں کوئی نقصان نہ دیں گے آپ علیہ السلام چالیس سال رہیں گے پھر ان کی وفات ہوگی اور مسلمان ان کی نماز جنازہ پڑھائیں گے۔ حاکم عن ابی ھریرۃ

۳۸۸۵۶......انبیاء ایک خاندان کے بھائی ہیں جن کا باپ ایک اور مائیں جدا جدا ہیں اوران کا دین (اصولی باتوں میں) ایک ہے میں عیسیٰ بن مریم کے سب سے زیادہ نزدیک ہوں کیونکہ میری اوران کے درمیان (والے زمانہ میں) کوئی نبی نہیں ہوا۔وہ اترنے والے ہیں جب انہیں دیکھنا تو پہچان لینا،ان کا قد میانہ، رنگ سرخ وسفید ہوگا ان پر رنگتے ہوئے دو کپڑے ہوں گے بن دھوئے ان کے سر سے پانی ٹپک رہا ہوگا،صلیب توڑ، خنزیر قتل اور جزیہ ختم کردیں گے اسلام کی دعوت دیں گے اسلام کے سوا تمام مذاہب ان کے زمانہ میں ختم ہوجائیں گے شیر اونٹوں کے ساتھ چیتے گائیوں کے ساتھ اور بھیڑیئے بکریوں کے ساتھ چل رہے ہوں گے، بچے سانپوں سے کھیلیں گے اور انہیں کوئی نقصان نہیں پہنچائیں گے آپ چالیس سال رہیں گے پھر انتقال ہوگا اور مسلمان آپ کی نماز جنازہ پڑھائیں گے۔مسند احمد عن ابی ہریرۃ

۳۸۸۵۷......میں امید کرتا ہوں کہ اگر میری عمر لمبی ہوجائے تو عیسیٰ بن مریم علیہما السلام سے (دنیا میں) میری ملاقات ہوجائے پھر اگر میری وفات جلد ہوگئی تو جس کی ان سے ملاقات ہو وہ میرا اسلام ان تک پہنچادے۔مسلم عن ابی ہریرۃ

۳۸۸۵۸......وہ (ساری) امت کیسے ہلاک ہوسکتی ہے جس کے آغاز میں میں (محمد ﷺ) ہوں اور آخر میں عیسیٰ بن مریم علیہما السلام ہیں۔

حاکم عن ابن عمر

۳۸۸۵۹......عیسیٰ علیہ السلام کے بعد والی زندگی بڑی اچھی ہوگی، آسمان کو برسنے کی زمین کو اگانے کی اجازت ہوگی اگر تم نے صفا پر بھی بیج بکھیر دیئے تو وہ اگ آئیں گے کوئی باہمی بغض وحسد نہیں ہوگا یہ حالت ہوگی کہ آدمی شیر کے پاس سے گزرے گا تو وہ اسے کوئی نقصان نہیں دے گا سانپ پر پاؤں رکھے گا تو وہ اسے نہیں ڈسے گا۔ابونعیم عن ابی ہریرۃ

۳۸۸۶۰......جب تک عیسیٰ علیہ السلام تم میں منصف حاکم اور عادل بادشاہ بن کر نہیں اترتے قیامت قائم نہیں ہوگی وہ صلیب توڑ،خنزیر مار اور مال قبضہ کرلیں گے تو اسے قبول کرنے والا کوئی نہیں ہوگا۔ابن ابی شیبہ عن ابی ہریرۃ

۳۸۸۶۱......عیسیٰ علیہ السلام دمشق کے دروازہ کے پاس سفید مینارے پر دن کی چھ گھڑیاں رہ جائیں گی تو رنگ دار کپڑوں میں اتریں گے ان کے سر سے گویا موتی جھڑ رہے ہیں۔(تمام،ابن عساکر عن عبدالرحمٰن بن ایوب بن نافع بن کیسان عن ابیہ عن جدہ)

۳۸۸۶۲......عیسیٰ علیہ السلام قیامت سے پہلے اتریں گے،صلیب توڑ اور خنزیر مار ڈالیں گے،لوگوں کو ایک دین (اسلام) پر جمع کردیں گے اور جزیہ ختم کردیں گے۔الدیلمی عن ابی ہریرۃ

۳۸۸۶۳......عیسیٰ بن مریم نازل ہوں گے تو زمین پر آٹھ سو مرد اور چار سو عورتیں نیک لوگوں میں سے جو گزر چکے اور موجودہ میں سے ہوں گی۔

الدیلمی عن

یاجوج ماجوج کا خروج

۳۸۸۶۴......مسلمان سات سال تک یاجوج ماجوج کے نیزوں اور کمان کی لکڑیاں اوران کی ڈھالیں ایندھن کے طور پر جلاتے رہیں گے۔

ابن ماجہ عن النواس

۳۸۸۶۵......آج یاجوج ماجوج کی دیوار میں اتنا شگاف ہوگیا ہے اور وہیب نے اپنے ہاتھ سے (۹۰) نوے کا عدسہ بنایا۔

مسند احمد، بیہقی عن ابی ہریرۃ

۳۸۸۶۶......یاجوج ماجوج کے نکلنے کے بعد بھی ضرور اس گھر کا حج وعمرہ ہوگا۔مسند احمد،بخاری عن ابی سعید

۳۸۸۶۷......یاجوج ماجوج کے نکلنے کے بعد بھی لوگ بیت اللہ کا حج وعمرہ کریں گے اور کھجوروں کے درخت لگائیں گے۔

عبدبن حمید عن ابی سعید

کلام:......ضعیف الجامع ۱۷۹۸،الضعیفہ ۲۳۷۰۔

۳۸۸۶۸...... اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، عربوں کے لئے قریب آچکے شر کی خرابی ہے! آج یاجوج ماجوج کی دیوار میں اتنا شگاف ہو چکا ہے اور آپ نے انگوٹھے اور شہادت والی انگلی کو ملا کر حلقہ بنایا، کسی نے عرض کیا: ہم میں نیک لوگ ہوں گے پھر بھی ہم ہلاک ہوں گے آپ نے فرمایا: ہاں جب برائی عام ہو جائے۔ مسلم، ترمذی، ابن ماجه عن زینب بنت جحش

۳۸۸۶۹...... یاجوج ماجوج روزانہ دیوار کو کھودتے ہیں، جب اس میں سے سورج کی شعاع دیکھتے ہیں تو ان کا سردار کہتا ہے: چلو باقی کل کھودیں گے، تو (دوسرے دن) اللہ تعالیٰ اسے پہلے سے مضبوط کر دیتے ہیں پھر جب سورج کی شعاع دیکھتے ہیں تو ان کا سردار کہتا ہے: چلو انشاء اللہ کل کھودیں گے، تو جب لوٹیں گے تو اسے اسی حالت میں پائیں گے پھر اسے کھود کر لوگوں کی طرف آجائیں گے، پانی (پیکر) خشک کر دیں گے لوگ ان کے شر سے بچنے کے لئے قلعہ بند ہو جائیں گے وہ آسمان کی طرف اپنے تیر پھینکیں گے تو وہ خون آلود ہو کر ان کی طرف لوٹیں گے وہ کہیں گے: ہم نے زمین والوں کو ہلاک کر دیا اور آسمان والوں پر غالب آگئے۔ اللہ تعالیٰ ان پر نغف کیڑا بھیجے گا جو ان کی گدی میں چپک جائے گا جس سے وہ ہلاک ہو جائیں گے۔

اس ذات کی قسم! جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے! زمین کے کیڑے مکوڑے ان کے خون سے موٹے ہوں گے اور ان کے گوشت سے پلیں بڑھیں گے۔ مسند احمد، ابن ماجه، حاکم عن ابی هریرة

۳۸۸۷۰...... یاجوج ماجوج کی عورتیں ہیں جتنا چاہیں ان سے جماع کریں اور درخت ہیں جن میں جتنی چاہیں پیوند کاری کریں، ان میں سے جو بھی مرتا ہے اپنی اولاد میں سے ہزار سے اوپر افراد چھوڑتا ہے۔ نسائی عن اوس بن ابی اوس

کلام: ...... ضعیف الجامع ۲۰۲۸۔

۳۸۸۷۱...... یاجوج ماجوج کو کھولا جائے گا۔ وہ لوگوں کی طرف آئیں گے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''اور وہ ہر اونچی جگہ سے پھسلتے ہوں گے'' پوری زمین پر (ٹڈی دل) کی طرح چھا جائیں گے، اور مسلمان ان سے بچنے کے لئے اپنے شہروں اور قلعوں میں محفوظ ہو کر اپنے مال مویشی اپنے پاس روک لیں گے، وہ زمین کے پانی پی لیں گے یہاں تک کہ ان کے کچھ لوگ نہر پر سے گزریں گے تو اس کا (سارا) پانی پی لیں گے اور اسے خشک کر کے چھوڑیں گے اور بعد والے جب وہاں سے گزریں گے تو کہیں گے: یہاں بھی کبھی پانی تھا۔

اور جب وہی لوگ رہ جائیں گے جو کسی قلعہ یا شہر میں ہوں گے تو ان میں سے کوئی کہے گا: ان زمین والوں سے تو ہم فارغ ہو گئے، اب آسمان والے رہ گئے ہیں، پھر ان میں سے ایک اپنے نیزے کو ہلائے گا اور آسمان کی طرف پھینک دے گا تو وہ خون آلود ہو کر نیچے آزمائش اور فتنہ کے لئے لوٹے گا، وہ اسی حال میں ہوں گے کہ اللہ تعالیٰ ان کی گردنوں پر ایک کیڑا بھیجے گا جیسے ٹڈی کا کیڑا ہوتا ہے وہ ان کی گردنوں میں نکلے گا تو وہ مردہ پڑے ہوں گے ان کی کوئی آہٹ سنائی نہیں دے گی، تو مسلمان کہیں گے: کیا کوئی شخص ہمارے لئے اپنی جان کی قربانی دے گا تا کہ دیکھے ایسے دشمن کا کیا ہوا؟ تو وہ شخص ان سے علیحدہ ہو کر اپنا محاسبہ کر کے کہ آج اس نے قتل ہو جانا ہے ان کی طرف اترے گا، تو انہیں ایک دوسرے پر پڑے مردہ پائے گا: وہ اعلان کرے گا: مسلمانو! خوشخبری ہو! اللہ تعالیٰ نے تمہاری دشمن سے کفایت کر دی ہے چنانچہ وہ اپنے شہروں اور قلعوں سے اپنے مویشی ہنکاتے ہوئے نکلیں گے تو ان کی خوراک ان (یاجوج ماجوج) کے گوشت ہوں گے جس سے وہ ایسے تندرست و تناور ہوں گے جیسے انہیں کوئی خاص نبات مل گئی ہو۔ مسند احمد، ابن ماجه، ابن حبان، حاکم عن ابی سعید

الاکمال

۳۸۸۷۲...... یاجوج ماجوج اولاد آدم ہے اگر انہیں چھوڑ دیا تو لوگوں کی گزران زندگی بگاڑ دیں گے اور ان میں سے جو بھی مرتا ہے تو ہزار سے اوپر اپنی اولاد چھوڑ کر مرتا ہے ان کے پیچھے تین امتیں ہیں۔

تاویل، تاریس ومنسک، عبد بن حمید فی التفسیر وابن المنذر، طبرانی فی الکبیر وابن مردویه، بیهقی فی البعث عن ابن عمرو

کلام: ...... اللآ لی ج اص ۵۸۔۵۹۔

۳۸۸۷۳ ...... تم لوگ کہو گے: کوئی دشمن نہیں، جب کہ تم دشمن سے لڑتے رہو گے یہاں تک یاجوج آ جائیں گے ان کے چہرے چوڑے ہوں گے، آنکھیں چھوٹی بالوں کی سرخ لٹیں ہوں گی، وہ ہر اونچی جگہ سے پھسل رہے ہوں گے، گویا ان کے چہرے منڈھی ہوئی ڈھالیں ہیں۔

مسند احمد، طبرانی عن خالد بن عبداللہ بن حرملہ عن خالۃ

۳۸۸۷۴ ...... معراج کی رات اللہ تعالیٰ نے مجھے یاجوج ماجوج کی طرف بھیجا، میں نے انہیں اللہ تعالیٰ کے دین اور اس کی عبادت کی دعوت دی، تو انہوں نے میری بات ماننے سے انکار کر دیا، تو وہ جنات اور اولاد آدم میں سے ان لوگوں کے ساتھ جنہوں نے اللہ کی نافرمانی کی جہنم میں ہوں گے۔

نعیم بن حماد فی الفتن عن ابن عباس

کلام: ...... اللآ لی ج اص ۵۸۔

۳۸۸۷۵ ...... عربوں کے لئے قریب کے شر سے خرابی ہے یاجوج ماجوج کی دیوار اتنی کھل گئی ہے اور آپ نے دس کا عدد بنایا، کسی نے عرض کیا: ہم میں نیک لوگ ہوں گے پھر بھی ہم ہلاک ہو جائیں گے؟ آپ نے فرمایا: ہاں جب برائی پھیل جائے۔ طبرانی عن ام سلمۃ عن عائشۃ

۳۸۸۷۶ ...... اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، قریبی شر سے عربوں کی خرابی ہے آج یاجوج ماجوج کی دیوار میں اتنا شگاف ہو گیا ہے اور آپ نے انگوٹھے اور شہادت کی انگلی سے حلقہ (دائرۃ) بنایا، کسی نے عرض کیا: یارسول اللہ! ہم میں نیک لوگ ہوں گے پھر بھی ہم ہلاک ہو جائیں گے؟ آپ نے فرمایا: ہاں جب برائی زیادہ ہو جائے۔ ابن ابی شیبہ، بخاری، مسلم، ترمذی، ابن ماجہ عن زینب بنت ام سلمہ عن ام حبیبہ بنت ام حبیبہ عن ام حبیبہ عن زینب بن جحش. مر برقم ۳۸۸۶۸۔

۳۸۸۷۷ ...... سات سال تک مسلمان ان (یاجوج ماجوج) کے ترکش، ان کے نیزوں کے دستوں اور ان کی ڈھالوں کو بطور ایندھن جلائیں گے۔

طبرانی عن النواس

''دابۃ الارض کا نکلنا''

۳۸۸۷۸ ...... دابۃ الارض نکلے گا اس کے پاس سلیمان علیہ السلام کی انگوٹھی اور موسیٰ علیہ السلام کا عصا ہوگا وہ مومن کے چہرے پر لاٹھی سے اور کافر کی ناک پر انگوٹھی سے نشان لگائے گا، یہاں تک کہ لوگ دسترخوان پر جمع ہوں گے اور کہیں گے یہ مومن ہے، یہ کافر ہے۔

مسند احمد، ترمذی، ابن ماجہ، حاکم عن ابی ہریرۃ

کلام: ...... ضعیف ابن ماجہ ۸۸۱، ضعیف الترمذی ۶۲۲۔

۳۸۸۷۹ ...... دابۃ الارض نکلے گا اور لوگوں کی تھوتھنیوں پر نشان لگائے گا پھر وہ تم میں گھل مل جائیں گے یہاں تک کہ آدمی جانور خریدے گا تو اس سے کہا جائے گا: تم نے یہ کس سے خریدا؟ وہ کہے گا: نشان زدہ شخص سے۔ مسند احمد عن ابی امامۃ

۳۸۸۸۰ ...... عمدہ گھوڑوں کی گھاٹی کیا ہی بری ہے؟ دابۃ الارض نکلے گا اور چیخے گا تو مدینہ کے اطراف کے درمیان والے لوگ اس کی آواز سنیں گے۔

طبرانی فی الاوسط عن ابی ہریرۃ

کلام: ...... ذخیرۃ الحفاظ ۲۳۱۸ ضعیف الجامع ۲۳۵۲۔

الاکمال

۳۸۸۸۱ ...... دابۃ الارض جب نکلے گا تو اس کی اور میری امت کی مثال اس جگہ کی سی ہے جو تعمیر کی گئی اور اس کی دیواریں بلند کی گئیں، اور دروازے بند کر دیئے گئے اور اس کے تمام وحشی جانور نکال دیئے گئے، پھر شیر لا کر اس کے درمیان میں چھوڑ دیا گیا، پھر وہ عمارت کانپنے لگی

اور پھٹنے کے قریب ہوگئی اور ہر طرف سے شیر پر گرنے لگی، یہی حال میری امت کا دابۃ الارض کے نکلنے کے وقت ہوگا ان میں سے کوئی بھی بھاگ نہ سکے گا سب اس کے سامنے لا کھڑے کئے جائیں گے۔ اور اسے ہمارے رب کی طرف سے بڑی دسترس حاصل ہوگی۔

ابو نعیم والدیلمی عن سلمان

''آگ کا نکلنا''

۳۸۸۸۲..... قیامت کی پہلی نشانیوں میں سے آگ ہے جو مشرق سے نکلے گی لوگوں کو مغرب کی طرف کرے گی، اور اہل جنت جو سب سے پہلی چیز کھائیں گے تو وہ مچھلی کے جگر کی زیادتی ہے، رہا بچہ کا ماں باپ کے مشابہ ہونا، تو جب مرد کا پانی (نطفہ) عورت کے پانی پر سبقت لے جائے تو وہ (مرد) بچے کو اپنی طرف کھینچ لیتا ہے اور جب عورت کا پانی مرد کے پانی پر سبقت حاصل کرلے تو وہ بچہ کو اپنی طرف کھینچ لیتی ہے۔

مسند احمد، بخاری، نسائی عن انس

۳۸۸۸۳..... جب تک حجاز کی زمین سے ایسی آگ نہیں نکل آتی جس سے بصری کے اونٹوں کی گردنیں روشن ہوں گی، قیامت قائم نہیں ہوگی۔

بخاری عن ابی ہریرۃ

''الاکمال''

۳۸۸۸۴..... حضرموت یا بحر حضرموت سے ایک آگ قیامت سے پہلے نکلے گی جو لوگوں کو جمع کرے گی۔ لوگوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! پھر آپ ہمیں کیا حکم دیتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: شام سے نہ نکلنا۔ مسند احمد، ترمذی، حسن صحیح عن ابن عمر

۳۸۸۸۵..... تمہارے سامنے حضرت موت سے آخری زمانے میں ایک آگ نکلے گی جو لوگوں کو جمع کرے گی، کسی نے عرض کیا: پھر آپ ہمیں کیا حکم دیتے ہیں؟ فرمایا: شام سے نہ نکلنا۔ ابن حبان عن ابن عمر

۳۸۸۸۶..... وہ آگ تمہارا ضرور قصہ ختم کرے گی جو آج وادی برھوت میں بجھی ہوئی ہے لوگوں کو گھیرے گی اس میں دردناک عذاب ہوگا، جانداروں اور اموال کو کھا جائے گی پوری دنیا میں آٹھ دنوں میں پھرے گی، وہ پرندوں اور بادلوں کی طرح اڑے گی، اس کی گرمی دن کی گرمی سے سخت ہوگی آسمان وزمین میں اس کی آواز کوندنے والی بجلی کی طرح ہوگی وہ لوگوں کے سروں کی بنسبت عرش کے زیادہ نزدیک ہوگی، کسی نے عرض کیا: یارسول اللہ! کیا وہ مسلمانوں کے لئے سلامتی والی ہوگی؟ آپ نے فرمایا: اس وقت مسلمان مرد عورتیں ہوں گی کہاں؟ وہ تو گدھوں سے برے لوگ ہوں گے جانوروں کی طرح صحبت کریں گے ان میں ایک شخص بھی ایسا نہیں ہوگا جو ان سے کہے: نہ کرو نہ کرو۔

طبرانی فی الکبیر، ابن عساکر عن حذیفۃ بن الیمان

۳۸۸۸۷..... ہجرت کے بعد ہجرت ہوگی، یہاں تک کہ لوگ ابراہیم علیہ السلام کی ہجرت گاہ کی طرف ہجرت کریں گے یہاں تک کہ زمین پر صرف برے لوگ رہ جائیں گے ان سے اللہ کی روح (ذات) نفرت کرے گی اور انہیں ان کی زمین پھینک دے گی اور آگ انہیں عدن سے بندروں اور خنزیروں کے ساتھ جمع کرے گی، جہاں وہ رات گزاریں گے آگ رات گزارے گی اور جہاں وہ قیلولہ (دوپہر کا آرام) کریں وہ قیلولہ کرے گی ان کے گرے پڑے اس کا حصہ خوراک ہوں گے۔ مسند احمد طبرانی، حاکم عن عمر

۳۸۸۸۸..... ہجرت کے بعد، ہجرت ہوگی ابراہیم علیہ السلام کی ہجرت گاہ کو تھامنے والے بہترین لوگ ہوں گے۔ اور زمین میں برے لوگ رہ جائیں گے اللہ کی ذات انہیں پھینک دے گی اور ان سے نفرت کرے گی اور آگ انہیں بندروں اور خنزیروں کے ساتھ جمع کرے گی۔

مسند احمد، عن ابن عمر، مسند احمد، ابو داؤد، حاکم، حلیۃ الاولیاء عن ابن عمرو

کلام:..... ضعیف ابی داؤد ۵۳۴، ضعیف الجامع ۳۲۵۹۔

۳۸۸۸۹ ..... عنقریب سیلاب کے بند سے ایک آگ نکلے گی وہ سست اونٹوں کی چال چلے گی صبح وشام دن کے وقت چلے گی اور رات کو قیام کرے گی، کہا جائے گا آگ چل پڑی لوگو! چلو، آگ کہے گی: لوگو! قیلولہ کرلو، شام کو آگ چلے گی: کہا جائے گا: لوگو! چلو وہ آگ جس تک پہنچ گئی اسے بھسم کردے گی۔

مسند احمد وابو نعیم وتعقب، بیهقی عن رافع بشر السلمی عن ابیه ویقال له: بشیر قال البغوی: ولااعلم له غیره

۳۸۸۹۰ ..... اپنے گھر والوں کو نکال کرلے جاؤ عنقریب یہاں سے ایک آگ نکلے گی جو بصری یعنی سیلاب کے بند کے اونٹوں کی گردنیں روشن کردے گی۔ حاکم وتعقب عن ابی البداح ابن عاصم عن ابیه

۳۸۸۹۱ ..... بند سیلاب سے اپنے گھر والوں کو نکال لو کیونکہ یہاں سے عنقریب ایک آگ نکلے گی جو بصری کے اونٹوں کی گردنیں روشن کردے گی۔

طبرانی عن عاصم بن عدی الانصاری

۳۸۸۹۲ ..... البتہ یہ اسے (مدینہ کو) اس سے اچھی حالت میں چھوڑ جائیں گے، کاش مجھے معلوم ہوجائے کہ یمن کی جانب جبل وراق سے وہ آگ کب نکلے گی جو بصری میں بیٹھے اونٹوں کی۔ گردنیں دن کی روشنی کی طرح روشن کرے گی؟

مسند احمد، ابویعلی، ابن حبان والرویانی، حاکم، ضیاء عن ابی ذر

۳۸۸۹۳ ..... اہل مشرق کی جانب ایک آگ بھیجی جائے گی جو انہیں مغرب کی طرف جمع کرے گی، جہاں وہ لوگ رات گزاریں، رات گزارے اور جہاں وہ قیلولہ کریں قیلولہ کرے گی۔ جو لوگ پیچھے گرے پڑے ہوں گی اس کی خوراک ہوں گے، وہ انہیں سست اونٹ کی رفتار ہانکے گی۔

دارقطنی فی الافراد، طبرانی فی الکبیر، حاکم عن ابن عمرو

۳۸۸۹۴ ..... جب تک رکوبہ سے ایک آگ نہیں نکلتی جس سے بصری کے اونٹوں کی گردنیں روشن ہوں گی قیامت قائم نہیں ہوگی۔

ابوعوانه عن ابی الطفیل عن حذیفة ابن سید

۳۸۸۹۵ ..... ہوسکتا ہے تم اسے، اس سے اچھی حالت میں چھوڑ جاؤ، کاش مجھے پتہ چل جائے کہ جبل وراق سے وہ آگ کب نکلے گی جس سے بصری کے اونٹوں کی گردنیں اس طرح روشن ہوں گی جیسے لوگ دن کے وقت دیکھتے ہیں۔ حاکم عن ابن ذر

"سورج کا مغرب سے طلوع ہونا"

۳۸۸۹۶ ..... پہلی نشانیوں میں سے سورج کا مغرب سے طلوع ہونا ہے۔ طبرانی فی الکبیر عن ابی امامة

کلام: ..... ذخیرة الحفاظ ۲۱۴۳، المشتھر ۴۱۔

۳۸۸۹۷ ..... جب تک سورج مغرب سے طلوع نہیں ہولیتا قیامت قائم نہیں ہوگی، جب وہ طلوع ہوگا تو لوگ اسے دیکھ کر سب کے سب ایمان لے آئیں گے یہی وقت ہوگا جس میں کسی ایمان لانے والے کو جب پہلے سے مسلمان نہیں ہوا اور نہ اپنے ایمان میں کوئی بھلائی کی، اسے کچھ فائدہ نہیں ہوگا، قیامت ضرور قائم ہوگی جب کہ دو آدمیوں نے (بھاؤ تاؤ کے لئے) کپڑا پھیلایا ہوگا تو نہ وہ اسے خرید بیچ سکیں گے اور نہ لپیٹ سکیں گے، قیامت قائم ہوکر رہے گی جب کہ آدمی اپنی اونٹنی کا دودھ دھوکر لوٹ رہا ہوگا پھر اسے پی نہیں سکے گا، اور قیامت برپا ہوکر رہے گی جب کہ ایک شخص اپنے حوض کی مرمت کررہا ہوگا تو اسے مزید (بھاگنے کا) موقع نہیں ملے گا، قیامت قائم ہوکر رہے گی جب کہ آدمی نے منہ کی طرف لقمہ اٹھایا ہوگا لیکن اسے کھانہ سکے گا۔ (بخاری، ابن ماجہ عن ابی ہریرة)

۳۸۸۹۸ ..... میری امت کے لئے طلوع فجر، سورج کے مغرب سے طلوع ہونے کی نسبت امان ہے۔ فردوس عن ابن عباس

کلام: ..... ضعیف الجامع ۴۶۲۸، المغیر ۹۰

''الاکمال''

۳۸۸۹ ..... جب سورج مغرب سے نکلے گا تو ابلیس سجدہ میں گر جائے گا اور چیخ و پکار کر کہے گا: میرے معبود! مجھے حکم دے جسے تو چاہے گا میں سجدہ کروں گا، اس کا لشکر اس کے پاس جمع ہو کر عرض کرے گا: سردار! یہ کیسی آہ وزاری ہے؟ وہ کہے گا: میں نے اپنے رب سے ایک مقررہ مدت تک مہلت مانگی تھی اب یہی وہ وقت ہے، پھر کوہ صفا کی پھٹن سے ایک جانور نکلے گا وہ پہلا قدم انطاکیۃ میں رکھے گا اور ابلیس کے پاس آکر اسے طمانچہ مارے گا۔ طبرانی فی الکبیر عن ابن عمرو

۳۸۹۰۰ ..... وہ ہوا آئے گی جس سے اللہ تعالیٰ ہر مومن کی روح قبض کرے گا، پھر مغرب سے سورج طلوع ہوگا یہ وہی نشانی ہے جسے اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں ذکر کیا ہے۔ طبرانی فی الکبیر، حاکم عن ابی الطفیل عن حذیفۃ ابن اسید

۳۸۹۰۱ ..... وہ ہوا آئے گی جس سے اللہ تعالیٰ ہر مسلمان کی روح قبض کرے گا پھر مغرب سے سورج طلوع ہوگا یہ وہی نشانی ہے جسے اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں ذکر کیا ہے۔ حاکم عن ابی شریحۃ، حسن

۳۸۹۰۲ ..... جانتے ہو یہ (سورج) کہاں جاتا ہے؟ یہ جاتا ہے اور عرش کے تلے سجدہ کرتا ہے پھر اجازت طلب کرتا ہے اور اسے اجازت مل جاتی ہے اور ہو سکتا ہے کہ وہ سجدہ کرے گا تو اس سے قبول نہیں کیا جائے گا پھر وہ اجازت طلب کرے گا تو اسے اجازت بھی نہیں ملے گی (بلکہ) اسے کہا جائیگا جہاں سے آیا ہے وہاں لوٹ جا، تو (یوں وہ) مغرب سے طلوع ہوگا۔ (یہی اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ ''سورج اپنے ٹھکانے کی طرف چلتا ہے یہی غالب علم والے کا نظام ٹھہرایا ہوا ہے۔'' بخاری عن ابی ذر

۳۸۹۰۳ ..... سورج عرش کے نیچے چھپتا ہے پھر اسے اجازت ملتی ہے تو وہ لوٹ جاتا ہے تو جس رات اس نے وہ صبح مغرب سے طلوع ہونا ہوگا اسے اجازت نہیں ملے گی صبح کے وقت اسے کہا جائے گا: اپنی جگہ سے طلوع ہو پھر آپ نے یہ آیت پڑھی، کیا انہیں فرشتوں، تیرے رب کے حکم اور تیرے رب کی فضل نشانیوں کے آنے کا انتظار ہے۔'' مسند احمد عن ابی ذر

''صور میں پھونک''

۳۸۹۰۴ ..... صور ایک سینگ ہے جس میں پھونکا جائے گا۔ مسند احمد، ابوداؤد، ترمذی، حاکم عن ابن عمرو

۳۸۹۰۵ ..... صور والے (فرشتے) کی دائیں جانب جبرائیل اور بائیں جانب میکائیل ہے۔ حاکم عن ابی سعید

کلام: ..... ضعیف الجامع ۳۴۶۲۔

۳۸۹۰۶ ..... میں کیسے خوش عیش رہوں جب کہ صور والے (فرشتے) نے صور کو منہ میں رکھا ہے پیشانی جھکائی اور کان لگایا ہوا ہے حکم کا منتظر ہے کہ اسے پھونک مارنے کا کب حکم ملتا ہے؟ تاکہ اس میں پھونک مارے۔ لوگوں نے عرض کیا: ہم کیا کریں گے؟ آپ نے فرمایا: کہنا اللہ ہی ہمارے لئے کافی ہے اور وہ بہترین کارساز ہے اللہ پر ہی ہم بھروسا کیا۔ مسند احمد، ابن حبان، ترمذی، حاکم عن ابی سعید، مسند احمد، حاکم عن ابن عباس، مسند احمد، طبرانی عن زید بن ارقم وابو الشیخ فی العظمۃ عن ابی ہریرۃ حلیۃ الاولیاء عن جابر والضیاء عن انس

کلام: ..... ذخیرۃ الحفاظ ۴۴۰۸۔

۳۸۹۰۷ ..... صور پھونکنے والے اپنے ہاتھوں میں دو نرسنگے تھامے انتظار کر رہے ہیں صور والا اسے اپنے منہ میں، جب سے پیدا ہوا، رکھے ہوئے ہے اس انتظار میں ہے کہ کب اسے پھونکنے کا حکم ہو تو پھونک مارے۔ خطیب عن البراء

۳۸۹۰۸ ..... دونوں نفخوں کے درمیان چالیس (سال) کا فاصلہ ہے پھر اللہ تعالیٰ آسمان سے پانی نازل کرے گا تو لوگ زمین سے ایسے نکلیں گے

جیسے پودے اگتے ہیں انسان کی ہر چیز گل سڑ جائے گی صرف دم کی ہڈی باقی رہے گی اسی سے قیامت کے روز مخلوق کی ترکیب ہوگی۔
بخاری عن ابی ھریرۃ

''الاکمال''

۳۸۹۰۹......صور پھونکنے والے کی آنکھ مسلسل عرش کی طرف لگی ہے جب سے اسے یہ کام سونپا گیا، تیار کھڑا ہے کہ کہیں اسے پلک جھپکنے سے پہلے حکم دے دیا جائے، گویا اس کی دونوں آنکھیں چمکتے موتی ہیں۔ حاکم عن ابی ھریرۃ

۳۸۹۱۰......میں کیسے خوش عیش رہوں جب کہ صور والے نے نرسنگھا منہ میں تھامے رکھا ہے پیشانی جھکائی، کان لگائے انتظار کر رہا ہے کہ کب اسے پھونک کا حکم ملے اور وہ پھونک مار دے، لوگوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! ہمیں کیا کرنا چاہئے؟ آپ نے فرمایا: تم کہنا: ہمیں اللہ ہی کافی ہے وہ بہترین کارساز ہے ہمارا اللہ پر ہی بھروسا ہے۔ سعید بن منصور، مسنداحمد، وعبد بن حمید، ترمذی، حسن، ابویعلی، ابن حبان وابن خزیمہ وابو الشیخ فی العظمۃ، حاکم، بیھقی فی البعث، سعید بن منصور عن ابی سعید طبرانی عن زید بن ارقم، مسند احمد کذا، طبرانی فی الاوسط، حاکم، بیھقی فی البعث عن الارقم بن الارقم وقال: کذا فی کتابی ولا ادری منی او ممن حدثنی وقال ایوب بن زید ابن ارقم، سعید بن منصور عن انس. مرعزوہ برقم ۳۸۹۰۶

۳۸۹۱۱......میں کیسے عیش کی زندگی گزاروں جب کہ صور والے نے نرسنگھا منہ میں رکھا ہے پیٹھ جھکائی اور نظر عرش پر لگائی ہے گویا اس کی دونوں آنکھیں چمکتے موتی ہیں اس نے کبھی نظر نہیں گھمائی اس خوف سے کہ اس سے پہلے اسے حکم ہو جائے۔ الخطیب عن انس

مردوں کا اٹھنا اور جمع ہونا

مردوں کا اٹھنا

۳۸۹۱۲......اسی طرح تم قیامت کے دن اٹھائے جاؤ گے۔ ترمذی، ابن ماجہ، حاکم عن ابن عمرو
کلام:......ضعیف الجامع ۶۰۸۹

۳۸۹۱۳......اللہ تعالیٰ نے فرمایا: انسان نے میری تکذیب کی اور اسے اس کا حق نہ تھا، اس نے مجھے برا بھلا کہا جب کہ اسے اس کا حق نہ تھا، اس کی تکذیب کرنا یہ ہے کہ وہ سمجھتا ہے کہ میں اسے دوبارہ لوٹانے پر جیسے وہ تھا قادر نہیں، اور اس کا مجھے برا بھلا کہنا یہ ہے کہ وہ کہتا ہے: میرا نائب (بیٹا) ہے، میں اس سے پاک ہوں کہ اپنے لئے بیوی یا بیٹا بناؤں۔ بخاری عن ابن عباس

۳۸۹۱۴......کیا تم کسی قوم کی قحط زدہ وادی سے نہیں گزرے، پھر تم وہاں سے گزرو تو وہ سرسبز و شاداب ہو، پھر اس سے گزرو تو وہ خشک ہو پھر گزرا تو سبزہ زار بنی ہو؟ اسی طرح اللہ تعالیٰ مردوں کو زندہ کرے گا۔ مسند احمد، طبرانی عن ابی رزین

۳۸۹۱۵......انسان کی ہر چیز گل سڑ جاتی ہے صرف دم کی ہڈی نہیں گلتی اس سے قیامت کے روز مخلوق بنے گی۔ ابن ماجہ عن ابی ھریرۃ

۳۸۹۱۶......اللہ تعالیٰ نے فرمایا: میرے بندے انسان نے مجھے برا بھلا کہا، جب کہ اس کے لئے یہ مناسب نہ تھا، اس نے میری تکذیب کی جب کہ اسے میرے جھٹلانے کا کوئی حق نہیں، اس کا میرے کو گالی دینا یہ ہے کہ میرا (بیٹا) نائب ہے جب کہ میں بے نیاز اللہ ہوں اکیلا ہوں، نہ میرا کوئی بیٹا ہے اور نہ میں کسی کا بیٹا ہوں اور نہ کوئی ہم سر ہے اور اس کا میرے کو جھٹلانا یہ ہے کہ وہ کہتا ہے: جیسے اس نے مجھے پہلی مرتبہ بنایا، مجھے نہیں لوٹائے گا، پہلی مرتبہ میرے لئے پیدا کرنا اس کے دوبارہ لوٹانے سے مشکل نہیں۔ مسند احمد، بخاری، نسائی عن ابی ھریرۃ

حشر

اس کی دو قسمیں ہیں۔

قبل ازموت ...... دوم بعد الموت

یہ احادیث ان دونوں قسموں سے ملی جلی ہیں۔

۳۸۹۱۷ ... قیامت کے روز لوگوں کی تین فوجیں ہوں گی، سواروں، کھانے والوں اور ننگھوں کی فوج، ایک فوج کو فرشتے منہ کے بل گھسیٹ رہے ہوں گے اور آگ انہیں جمع کرے گی، ایک فوج چلتی اور بھاگتی ہوگی۔ اور اللہ تعالیٰ پشت پر مصیبت ڈال دے گا تو پھر کوئی قناری (پیٹھ والا) باقی نہیں رہے گا یہاں تک کہ آدمی کے پاس پسندیدہ باغ ہوگا جسے وہ کجاوے والے اونٹ کے بدلے دے دے گا اس پر اسے دسترس نہیں ہوگی۔

مسند احمد، نسائی، حاکم عن ابی ذر

کلام: ... ضعیف الجامع ۱۸۰۱ ضعیف النسائی ۱۱۹۔

۳۸۹۱۸ ... تمہیں پیدل اور سوار جمع کیا جائے گا اور یہاں سے منہ کے بل گھسیٹا جائے گا اور آپ نے شام کی طرف اشارہ کیا۔

مسند احمد، نسائی، حاکم عن معاویہ بن حیدۃ

۳۸۹۱۹ ... قیامت کے روز سب سے پہلے آدم علیہ السلام کو بلایا جائے گا، آپ کی اولاد آپ کو دیکھے گی کہا جائے گا: یہ تمہارے باپ آدم ہیں، وہ کہیں گے: میں حاضر ہوں اور میری سعادت ہے! اللہ تعالیٰ فرمائے گا: جہنم کی طرف بھیجے جانے والوں میں سے اپنی اولاد کے لوگ نکال لیں! عرض کریں گے میرے رب کتنے نکالوں؟

اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: ہر سو میں سے ننانوے، لوگوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! جب ہم میں سے ہر سو سے ننانوے نکالے جائیں گے تو ہمارا کیا باقی بچے گا؟

آپ نے فرمایا: میری امت (دوسری) امتوں میں کالے بیل پر سفید بال کی طرح ہے۔ بخاری عن ابی ھریرۃ

۳۸۹۲۰ ... تمہیں ننگے پاؤں، ننگے بدن اور بے ختنہ جمع کیا جائے گا۔ بخاری عن عائشۃ ترمذی، حاکم عن ابن عباس

۳۸۹۲۱ ... قیامت کے روز سورج لوگوں کے قریب کر دیا جائے گا یہاں تک کہ وہ ایک میل کی مقدار تک پہنچ جائے گا۔ اور لوگ اپنے اعمال کے اعتبار سے پسینے میں (ڈوبے) ہوں گے، کوئی ٹخنوں تک، کوئی گھٹنوں تک، کوئی کوکھ تک، اور کسی کو (گویا) پسینے کی لگام پڑی ہوگی۔

مسلم عن المقداد بن الاسود

۳۸۹۲۲ ... جب قیامت کا دن ہوگا تو سورج لوگوں کے اتنا نزدیک کر دیا جائے گا کہ وہ ایک یا دو میل کی مقدار میں ہوگا پھر سورج انہیں گرمائے گا تو ہر کوئی اپنے اعمال کے لحاظ سے پسینے میں ڈوبا ہوگا، کسی کا پسینہ ٹخنوں تک، کسی کا گھٹنوں تک، کسی کا کوکھ تک اور کسی کو پسینے کی لگام پڑی ہوگی۔

مسند احمد، ترمذی عن المقداد

۳۸۹۲۳ ... قیامت کے روز لوگوں کا پسینہ بہے گا یہاں تک کہ زمین میں ان کا پسینہ ستر ہاتھ پھیل جائے گا اور انہیں کانوں تک ڈبو دے گا۔

بخاری عن ابی ھریرۃ

۳۸۹۲۴ ... ان میں سے ایک شخص آدھے کانوں تک پسینہ میں شرابور ہوگا۔ بخاری، ترمذی، ابن ماجہ عن ابن عمر

۳۸۹۲۵ ... قیامت کے دن کافر کو پسینے کی لگام پڑی ہوگی (تنگ آ کر) وہ کہے گا: میرے رب! مجھے (اس مصیبت سے) نجات دے مجھے نجات دے چاہے جہنم میں ڈال کر۔ خطیب عن ابن مسعود

کلام :...... ضعیف الجامع ۴۲۹۵۔

۳۸۹۲۶ ...... قیامت کے روز آدمی کو پسینے کی لگام پڑی ہوگی وہ (گھبرا کر) کہے گا: میرے رب! مجھے چاہے جہنم میں ڈال دے۔ (لیکن) اس سے نجات دے۔ طبرانی فی الکبیر عن ابن مسعود

کلام :...... ضعیف الجامع ۱۴۶۰۔

۳۸۹۲۷ ...... قیامت کے دن پسینہ زمین پر ستر گز پھیل جائے گا، اور وہ لوگوں کے منہ اور کانوں تک پہنچ جائے گا۔ مسلم عن ابی ھریرۃ

۳۸۹۲۸ ...... اس وقت تمہاری کیا حالت ہوگی جب اللہ تعالیٰ تمہیں ایسے جمع کرے گا جیسے ترکش میں تیر جمع کئے جاتے ہیں پچاس ہزار سال تمہاری طرف نہیں دیکھے گا۔ طبرانی، حاکم عن ابن عمرو

کلام :...... ضعیف الجامع ۴۲۹۲۔

۳۸۹۲۹ ...... لوگو! تمہیں اللہ کے پاس ننگے پاؤں، ننگے بدن اور بے ختنہ جمع ہونا ہے ''جیسے ہم نے تمہیں پہلی مرتبہ پیدا کیا (اسی طرح) لوٹائیں گے'' یقیناً سب سے پہلے ابراہیم علیہ السلام کو پوشاک پہنائی جائے گی، سنو! میری امت کے بہت سے لوگ لائے جائیں گے، پھر انہیں بائیں جانب روک لیا جائے گا، میں کہوں گا: میرے رب! یہ تو میرے ساتھی ہیں، یہ تو میرے ساتھی ہیں، اللہ تعالیٰ فرمائے گا: آپ کو علم نہیں کہ انہوں نے آپ کے بعد کیا کیا بدعات ایجاد کیں تو میں ایسے ہی کہوں گا جیسے نیک بندے (عیسیٰ علیہ السلام) نے کہا: ''جب تک میں ان میں رہا تو مجھے ان (کے افعال) کی خبر تھی پھر جب تو نے مجھے اٹھالیا تو تو ہی ان پر نگران تھا'' کہا جائے گا: جب سے آپ نے ان سے مفارقت وجدائی اختیار کی یہ لوگ مسلسل مرتد ہوتے رہے (اور اپنے آباء واجداد کے دین کی طرف لوٹتے رہے۔

مسند احمد، بخاری، ترمذی، نسائی عن ابن عباس

۳۸۹۳۰ ...... قیامت کے دن لوگوں کو ننگے پاؤں، ننگے بدن اور بے ختنہ جمع کیا جائے گا، حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے عرض کیا: یارسول اللہ! مرد عورتیں ایک دوسرے کو دیکھ رہی ہوں گی، آپ نے فرمایا: عائشۃ! وہ منظر اس سے سخت ہوگا کہ کوئی ایک دوسرے کو دیکھے۔

نسائی ابن ماجہ عن عائشۃ

۳۸۹۳۱ ...... قیامت کے روز لوگوں کو سفید چٹیل زمین پر جمع کیا جائے گا جو میدے کی روٹی جیسی ہوگی، اس میں کسی کے لئے کوئی نشانی نہیں ہوگی۔

مسلم عن سھل ابن سعد

۳۸۹۳۲ ...... قیامت کے روز لوگوں کی تین جماعتیں جمع ہوں گی، رغبت کرنے والے اور ڈرنے والے، دو ایک اونٹ پر، تین ایک اونٹ پر، چار ایک اونٹ پر اور دس ایک اونٹ پر سوار ہوں گے، بقیہ کو آگ جمع کرے گی۔ جہاں وہ قیلولہ کریں قیلولہ کرے، جہاں وہ شب باشی کریں، شب باشی کرے، جہاں ان کی صبح وشام ہو، صبح وشام کرے گی۔ مسلم نسائی عن ابی ھریرۃ

۳۸۹۳۳ ...... قیامت کے روز آگ لوگوں کو تین حصوں میں جمع کرے گی، ایک گروہ پیادہ، ایک سوار اور ایک جماعت منہ کے بل۔ کسی نے عرض کیا: یارسول اللہ! لوگ منہ کے بل کیسے چلیں گے؟ آپ نے فرمایا: جس نے انہیں قدموں کے بل چلایا ہے وہ انہیں منہ کے بل چلانے پہ بھی قادر ہے، یاد رکھو! وہ ہر ناہموار جگہ اور کانٹے سے اپنے چہرے بچاتے ہوں گے۔ مسند احمد، ترمذی عن ابی ھریرۃ

کلام :...... ضعیف الترمذی ۶۱۲۔

۳۸۹۳۴ ...... زبردست غلبہ والا اپنے آسمانوں اور زمین کو اپنے دست قدرت میں تھام کر فرمائے گا: میں زبردست بادشاہ ہوں، زیردستوں پر سختی کرنے والے، تکبر کرنے والے کہاں ہیں۔ ابن ماجہ عن ابن عمر

۳۸۹۳۵ ...... اللہ تعالیٰ قیامت کے روز آسمانوں کو لپیٹ کر اپنے دائیں ہاتھ میں پکڑ کر فرمائے گا: میں بادشاہ ہوں، زبردست کہاں ہیں؟ متکبر کہاں ہیں؟ پھر زمینوں کو لپیٹ کر بائیں ہاتھ میں پکڑ کر فرمائے گا: میں بادشاہ ہوں سختی کرنے والے، تکبر کرنے والے کہاں ہیں۔

مسلم، ابوداؤد عن ابن عمر

۳۸۹۳۶...... اللہ تعالیٰ قیامت کے روز زمین کو پکڑے گا اور آسمانوں کو لپیٹ کر اپنے دائیں ہاتھ میں پکڑ کر فرمائے گا: میں بادشاہ ہوں، زمین کے بادشاہ کہاں ہیں؟ مسلم، نسائی، ابن ماجه عن ابی هريرة، بخاری عن ابن عمر

۳۸۹۳۷...... لوگوں کی تین طرح کی پیشیاں ہوں گی دو پیشیاں تو جھگڑے اور معذرتوں کی ہوں گی، رہی تیسری تو اس میں اعمال نامے ہاتھوں میں اڑ رہے ہوں گے تو کچھ دائیں ہاتھ میں پکڑیں گے اور کچھ بائیں ہاتھ میں۔ نسائی عن ابی هريرة، مسند احمد، ابو داؤد عن ابی موسیٰ

کلام:...... ضعیف ابن ماجہ ۹۳۲ ضعیف الجامع ۶۴۳۲۔

۳۸۹۳۸...... قیامت میں ہر آنے والا پیاسا ہوگا۔ حلیة الاولیاء بیهقی، عن انس

۳۸۹۳۹...... ساری دنیا آخرت کے دنوں کے مقابلہ میں سات دن ہے۔ فردوس عن انس

۳۸۹۴۰...... اگر کسی شخص کو پیدائش سے لے کر بڑھاپے تک اللہ تعالیٰ کی رضامندی میں منہ کے بل گھسیٹا جائے تو قیامت کے روز وہ اسے حقیر سمجھے گا۔ مسند احمد، بخاری فی التاریخ، طبرانی فی الکبیر عن عتبه بن عبد

الاکمال

۳۸۹۴۱...... قیامت کے روز اللہ تعالیٰ لوگوں کو اٹھائے گا اور آسمان ان پر برسے گا۔ مسند احمد، ابویعلی، سعید بن منصور عن انس

۳۸۹۴۲...... تمہیں قیامت کے روز ننگے پاؤں، ننگے بدن اور بے ختنہ جمع کیا جائے گا۔ طبرانی عن سهل بن سعد

۳۸۹۴۳...... تمہیں قیامت کے دن ننگے پاؤں، ننگے بدن اور بے ختنہ جمع کیا جائے گا، سب سے پہلے ابراہیم خلیل (اللہ) کو پوشاک پہنائی جائے گی، اللہ تعالیٰ فرمائیں گے، ابراہیم خلیل کو پوشاک پہناؤ تا کہ لوگوں کو ان کی فضیلت کا پتہ چلے پھر باقی لوگوں کو ان کے اعمال کے مناسب کپڑے پہنائے جائیں گے۔

ابن السکن و الاسماعیلی و ابن منده و ابو نعیم عن طلق بن جیب عن جیدة قال: ابن السکن: لعله والد معاویة بن حیدة

۳۸۹۴۴...... تمہیں ننگے پاؤں، ننگے بدن اور ختنہ کے بغیر جمع کیا جائے گا کسی نے عرض کیا: یارسول اللہ! مرد عورتیں ایک دوسرے کو دیکھتی ہوں گی؟ آپ نے فرمایا: منظر اس سے بھی خوفناک ہوگا کہ کسی کی پروا کی جائے۔ مسند احمد، بخاری عن عائشة

۳۸۹۴۵...... تمہیں ننگے پاؤں، ننگے بدن اور بغیر ختنہ کے جمع کیا جائے گا، ایک عورت کہنے لگی: کیا ہم ایک دوسرے کی شرم گاہ (نہ) دیکھیں گے؟ آپ نے فرمایا: ارے فلانی! ”ہر آدمی کی ایک کیفیت ہوگی جو اسے دوسروں سے لاپروا کر دے گی“۔

ترمذی: حسن صحیح، حاکم عن ابن عباس

۳۸۹۴۶...... تمہیں یہاں ننگے پاؤں، پیادہ، سوار اور چہروں کے بل جمع کیا جائے گا، تم اللہ کے سامنے پیش کئے جاؤ گے اور تمہارے منہوں پر تو بڑا ہوگا سب سے پہلے ران آدمی کے اعمال بتائے گی۔ ابن ابی شیبه، طبرانی، حاکم عن معاویة بن حیدة

۳۸۹۴۷...... لوگوں کو ننگے پاؤں، ننگے بدن، اور بے ختنہ جمع کیا جائے گا پسینہ کا انہیں نقاب چڑھا ہوگا جو کانوں کی لوتک پہنچ جائے گا، حضرت سودۃ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا: افسوس! شرم گاہ! ہم ایک دوسرے کو دیکھیں گے؟ آپ علیہ السلام نے فرمایا: لوگ اس سے غافل ہوں گے، ان میں سے ہر ایک کی کیفیت ہوگی جو اسے (دوسروں سے) لاپروا کر دے گی۔ طبرانی، حاکم و ابن مردویة فی البعث عن سودة بنت زمعة

۳۸۹۴۸...... قیامت کے روز لوگوں کو ننگے پاؤں، ننگے بدن اور بغیر ختنہ کے اٹھایا جائے گا۔ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے عرض کیا: شرم گاہوں کا کیا ہوگا؟ آپ نے فرمایا: ”ان میں سے ہر ایک کی ایک کیفیت ہوگی جو اسے غافل کردے گی“۔ حاکم و ابن مردویه عن عائشة

۳۸۹۴۹...... قیامت کے دن لوگوں کو ننگے پاؤں، ننگے بدن اور بغیر ختنہ کے جمع کیا جائے گا، حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے عرض کیا: یارسول اللہ! مرد عورتیں ایک دوسرے کو دیکھتی ہوں گی؟ آپ نے فرمایا: عائشہ! منظر اس سے، ہیبت ناک ہوگا کہ کوئی کسی کی طرف دیکھے۔

مسلم، نسائی، ابن ماجه عن عائشة

۳۸۹۵۰.....قیامت کے روز لوگوں کو ننگے پاؤں، ننگے بدن اور بے ختنہ کے جمع کیا جائے گا، ایک عورت کہنے لگی: یا رسول اللہ! ہم ایک دوسرے کو کیسے دیکھ لیں گے؟ آپ نے فرمایا: اس دن نظریں جھکی ہوں گی۔ طبرانی عن السید الحسن

۳۸۹۵۱.....قیامت کے روز لوگوں کو ایسا ہی جمع کیا جائے گا جیسا انہیں ان کی ماؤں نے جنا یعنی ننگے پاؤں، ننگے بدن اور بغیر ختنہ کے، حضرت عائشۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے عرض کیا: لوگ ایک دوسرے کو دیکھیں گے؟ آپ نے فرمایا: اس دن لوگ دیکھنے سے غافل ہوں گے، نظریں اٹھا کر آسمان کی طرف دیکھیں گے بغیر کھائے پیئے چالیس سال گزار دیں گے۔ ابن مردویہ عن ابن عمر

کلام:.......ذخیرۃ الحفاظ ۶۴۹۸۔

۳۸۹۵۲.....ان میں سے ہر ایک کی اس دن ایک کیفیت ہوگی جو اسے لاپروا کردے گی بھر دعورتوں کو اور نہ عورتیں مردوں کو دیکھیں گی وہ ایک دوسرے سے غافل ہوں گے۔ حاکم عن عائشۃ

۳۸۹۵۳.....اللہ تعالیٰ قیامت کے روز (لوگوں کو) ننگے بدن، بے ختنہ و بے عیب اٹھائے گا، لوگوں نے عرض کیا: بے عیب کیا چیز ہے؟ آپ نے فرمایا: یعنی ان کے ساتھ کوئی عیب نہیں ہوگا۔ پھر انہیں آواز دے گا تو دور والے ایسے سنیں گے جیسے قریب والے سنیں گے، میں بادشاہ ہوں، میں بدلہ دینے والا ہوں، کوئی جہنمی اس وقت تک جہنم میں نہیں جاسکتا یہاں تک کہ میں اسے جنتی سے اس کا حق نہ دلوادوں، اور نہ کوئی جنتی جنت میں جاسکتا ہے یہاں تک کہ اس سے کسی جہنمی کا حق نہ دلوادوں اگرچہ وہ ایک طمانچہ ہی کیوں نہ ہو، لوگوں نے عرض کیا: کیا ہم اللہ کے حضور ہوں گے بدن، بے ختنہ اور بے عیب حاضر ہوں گے؟ آپ نے فرمایا: نیکیوں اور گناہوں کے اعتبار سے۔

مسند احمد، ابویعلی والخرائطی فی مساوی الاخلاق، طبرانی، ضیاء عن عبداللہ بن انیس انصاری

۳۸۹۵۴.....ہر بندہ کو اسی کیفیت پر اٹھایا جائے گا جس پر اس کی موت ہوئی، ایمان والے کو ایمان پر اور منافق کو اپنے نفاق کی حالت میں اٹھایا جائے گا۔ ابن حبان عن جابر

۳۸۹۵۵.....سب سے آخر میں اس امت کے دو قریشی شخص محشر میں جمع کئے جائیں گے۔

ابن ابی شیبہ، عن وکیع عن اسمعیل عن قیس، قال: اخرت ان رسول اللہ ﷺ قال. فذکرہ وعن وکیع عن المسعودی عن سعید بن خالد عن حذیفۃ بون اسید موقوفا والا دل صحیح لان قیس بن ابی حازم سمع من العشرۃ والثانی حسن ولہ حکم الرفع

۳۸۹۵۶.....مزینہ کے دو شخص جمع کئے جائیں گے ان کا حشر سب سے آخر میں ہوگا۔ وہ پہاڑ سے لوگوں کے گھروں کی جانب آئیں گے تو زمین کو وحشی جانوروں سے پر پائیں گے، پھر مدینہ آئیں گے وہاں پہنچ کر کہیں گے: لوگ کہاں ہیں؟ انہیں کوئی نظر نہیں آئے گا، ان میں سے ایک اپنے ساتھ والے سے کہے گا: لوگ گھروں میں ہوں گے گھروں میں داخل ہوں گے تو وہاں بھی کوئی نہیں ہوگا اور بچھونوں بستروں پر لومڑیاں اور بلیاں ہوں گی، کہیں گے: لوگ کہاں گئے؟ ان میں سے ایک اپنے ساتھی سے کہے گا: لوگ مسجد میں ہوں گے؟ مسجد میں آئیں گے تو وہاں بھی کوئی نہیں ملے گا، ان میں سے ایک کہے گا: مجھے لگتا ہے لوگ بازاروں میں ہیں بازاروں کی مشغولی نے انہیں روک رکھا ہوگا، وہاں سے نکل کر بازار آئیں گے تو وہاں بھی کوئی نہیں ہوگا، پھر وہ چلتے چلتے مدینہ آئیں گے تو وہاں دو فرشتے ہوں گے جو انہیں ٹانگوں سے پکڑ کر گھسیٹتے ہوئے محشر کی زمین پر لے جائیں گے تو یہ سب سے آخر میں جمع ہوں گے۔ حاکم وابن مردویہ وابن عساکر عن ابی سریحۃ الغفاری

۳۸۹۶۰.....قیامت کے روز اللہ تعالیٰ تمام امتوں کو جمع کرے گا، اور اپنی شان کے مطابق عرش سے کرسی پر نزول فرمائے گا، ''اس کی کرسی کی وسعت آسمانوں وزمین سے زیادہ ہے۔'' طبرانی عن ابن مسعود

۳۸۹۶۱.....تمہیں بیت المقدس کی طرف جمع کیا جائے گا، پھر قیامت کی طرف اکٹھا کیا جائے گا۔ طبرانی فی الکبیر عن سمرۃ

۳۸۹۶۲.....قیامت کی تاریکی میں قیامت کے دن لوگوں کا مختصر سلام، ''لاالٰہ الا اللّٰہ'' ہوگا۔ الخطیب فی المتفق والمفترق عن ابن عمرو

۳۸۹۶۳.....مومن جب اپنی قبر سے نکلے گا تو اس کا عمل اچھی صورت میں سامنے آئے گا، مومن اس سے کہے گا، تو کون ہے؟ اللہ کی قسم تو مجھے تو نیک شخص لگتا ہے وہ کہے گا: میں تیرا عمل ہوں، تو وہ اس کے لئے جنت تک جانے کے واسطے نور اور راہنما ہوگا۔ اور کافر جب اپنی قبر سے نکلے گا تو

اس کا عمل بری صورت اور بری نوید میں ظاہر ہوگا وہ کہے گا: ارے تو کون ہے؟ اللہ کی قسم! تو مجھے برا آدمی معلوم ہوتا ہے۔ وہ کہے گا: میں تیرا عمل ہوں، پھر اسے لے چلے گا یہاں تک کہ جہنم میں داخل کر کے چھوڑے گا۔ ابن جریر عن قتادہ مرسلاً

۳۸۹۶۴...... مٹی انسان (کے جسم) کی ہر چیز کھا جائے گی صرف اس کی دمچی کی ہڈی جو رائی کے دانہ کی طرح ہے اسے نہیں کھائے گی اسی سے تم اگائے (زندہ کئے) جاؤ گے۔ مسند احمد، ابویعلی ابن حبان، حاکم، سعید بن منصور عن ابی سعید

۳۸۹۶۵...... قیامت کے روز سورج ایک میل کے فاصلہ پر ہوگا، اور اس کی حرارت وگرمی میں اتنی اتنی زیادتی کردی جائے گی، جس سے کھوپڑیاں ایسے کھولیں گی جیسے چولہے پر ہنڈیاں جوش مارتی ہیں، انہیں ان کے گناہوں کی مقدار سے پہچانا جائے گا، بعض کا پسینہ ٹخنوں تک ہوگا، بعض کا پنڈلیوں تک بعض کا کمر تک اور بعض کو پسینہ کا نقاب بنا ہوگا۔ مسندا حمد، طبرانی عن ابی امامۃ

۳۸۹۶۶...... قیامت کے روز سورج زمین کے (اتنا) قریب ہوگا کہ لوگ پسینے سے شرابور ہوں گے، بعض کا پسینہ ٹخنوں تک، بعض کا آدھی پنڈلی تک، بعض کا گھٹنوں تک، بعض کا کمر تک، بعض کا کوکھ تک بعض کا کندھوں تک، بعض کا حلق تک، بعض کو گویا پسینے کی لگام پڑی ہوگی اور بعض پسینے میں غرق ہوں گے۔ مسند احمد، طبرانی، حاکم عن عقبۃ بن عامر

۳۸۹۶۷...... لوگوں کو کانوں کی لو تک پسینے کی لگام پڑی ہوگی۔ حاکم عن ابن عمر

۳۸۹۶۸...... قیامت کے روز سورج لوگوں کے اتنا قریب ہوگا یہاں تک دو میل کے فاصلے پر ہوگا اس کی حرارت میں اضافہ کردیا جائے گا، پھر وہ انہیں گرمائے گا، تو لوگ اپنے اعمال کے لحاظ سے پسینے میں ڈوبے ہوں گے، کسی کا پسینہ ٹخنوں تک، کسی کا گھٹنوں تک، کسی کا کمر تک اور کسی کو پسینے کی لگام پڑی ہوگی۔ طبرانی فی الکبیر عن مقدام بن معدی کرب

۳۸۹۶۹...... قیامت کے روز اللہ تعالیٰ لوگوں کو جمع کرے گا، پھر ایک اعلان کرنے والا اعلان کرے گا: لوگو! کیا تم اپنے اس رب سے راضی نہیں جس نے تمہیں پیدا کیا، تمہیں صورتیں بخشیں تمہیں رزق دیا، کہ ہر انسان کو اس کے حوالے کردیا جائے جس کی وہ دنیا میں عبادت (تعظیم پکار نذر و نیاز دیا) کرتا تھا اور جس سے محبت کرتا تھا؟ کیا یہ تمہارے رب کی طرف سے انصاف نہیں؟ لوگ کہیں گے: کیوں نہیں! پھر تم میں سے ہر انسان (اپنے معبود کے پیچھے) چل پڑے گا۔

۳۸۹۷۰...... لوگوں کو جمع کیا جائے گا، پھر ایک اعلان کرنے والا اعلان کرے گا: کیا یہ میری طرف سے انصاف نہیں کہ میں ہر قوم کو اس کے حوالے کردوں جس کی وہ عبادت کیا کرتی تھی! پھر ان کے معبودان کے سامنے بلند کئے جائیں گے تو وہ ان کے پیچھے چل پڑیں گے اور اس امت کے سوا کوئی نہیں بچے گا، ان سے کہا جائے گا: تمہارا الٰہ و معبود کوئی نہیں؟ یہ کہیں گے ہمارا (اللہ کے سوا) کوئی معبود نہیں جس کی ہم عبادت کرتے ہوں، پھر اللہ تعالیٰ ان کے سامنے تجلی کا ظہور فرمائے گا۔ طبرانی عن ابی موسیٰ

حساب

۳۸۹۷۱...... قیامت کے روز مومن کے اعمال نامے کا عنوان (ٹائٹل) ہوگا، لوگوں کی طرف سے اس کی اچھی تعریف۔ فردوس عن ابی ہریرۃ

کلام:...... ضعیف الجامع ۳۸۲۲۔

۳۸۹۷۲...... میں نے اللہ تعالیٰ سے سوال کیا کہ میری امت کا حساب میرے سپرد کردیں تاکہ وہ دوسری امتوں کے سامنے رسوا نہ ہوں، تو اللہ تعالیٰ نے میری طرف وحی بھیجی: اے محمد (ﷺ) میں خود ان کا حساب لوں گا اگر ان کی کوئی لغزش ہوئی تو میں اسے چھپا لوں گا تاکہ آپ کے سامنے وہ رسوا نہ ہو۔ فردوس عن ابی ہریرۃ

کلام:...... تذکرۃ الموضوعات ۲۲۷، ذیل اللآلی ۱۷۹۔

۳۸۹۷۳...... میری امت کے ستر ہزار لوگ بغیر حساب وعذاب کے جنت میں ضرور داخل ہوں گے ہر ہزار کے ساتھ ستر ہزار ہوں گے۔ مسند احمد عن ثوبان

۳۸۹۷۴..... جس کا حساب ہوا اسے عذاب ہوگا۔ ترمذی، الضیاء عن انس

۳۸۹۷۵..... حساب میں جس کی تفتیش ہوئی وہ ہلاکت میں پڑ گیا۔ طبرانی فی الکبیر عن ابن الزبیر

۳۸۹۷۶..... جس کی حساب میں تفتیش ہوئی اسے عذاب ہوگا۔ بیھقی عن عائشۃ

۳۸۹۷۷..... قیامت کے دن جس کا حساب ہوا اسے عذاب ہوگا، حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے عرض کیا: کیا اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''عنقریب اس سے آسان حساب لیا جائے گا۔'' آپ نے فرمایا: یہ تو حساب نہیں یہ پیشی ہے لیکن جس کی حساب میں تفتیش ہوئی وہ ہلاک ہوا۔

مسند احمد، بیھقی، ترمذی عن عائشۃ

۳۸۹۷۸..... ایمان والے جب جہنم سے چھٹکارا پالیں گے تو انہیں جنت وجہنم کے درمیان ایک پل پر روکا جائے گا پھر ان کے دنیا میں باہمی ظلموں کا بدلہ دیا جائے گا یہاں تک کہ جب وہ صاف اور شائستہ ہو جائیں گے تو انہیں جنت میں داخل ہونے کی اجازت دی جائے گی، اس ذات کی قسم! جس کے قبضہ قدرت میں محمد (ﷺ) کی جان ہے ہر جنتی اپنے مقام سے، دنیا کے گھر سے زیادہ واقف ہوگا۔

مسند احمد، بخاری عن ابی سعید

۳۸۹۷۹..... جب قیامت کا دن ہوگا کافر اپنے اعمال سے پہچان لیا جائے گا وہ انکار کرے گا اور جھگڑے گا (اللہ تعالیٰ) اس سے کہے گا: یہ تیرے پڑوسی تیرے خلاف گواہی دیتے ہیں وہ کہے گا: جھوٹ بولتے ہیں، اس سے کہا جائے: تیرے گھر کے لوگ اور تیرے رشتہ دار؟ وہ کہے گا: جھوٹ بولتے ہیں، (اللہ تعالیٰ) فرمائے گا: قسم کھاؤ! چنانچہ وہ قسم کھائیں گے پھر اللہ تعالیٰ انہیں خاموش کر دے گا اور ان کے خلاف ان کی زبانیں گواہی دیں گی اور اللہ تعالیٰ انہیں جہنم میں داخل کر دے گا۔ ابو یعلی، حاکم عن ابی سعید

کلام:..... ضعیف الجامع ۶۶۲۔

۳۸۹۸۰..... قیامت کے روز چار آدمی جھگڑیں گے۔ بہرا شخص جو کچھ نہیں سنتا؟ بے وقوف (جسے کچھ سجھائی نہ دیتا ہو) بوڑھا شخص اور وہ آدمی جو دونبیوں کے درمیانی زمانہ میں مرا، رہا بہرا تو وہ کہے گا: میرے رب! اسلام آیا تھا لیکن میں کچھ نہیں سنتا تھا، بے وقوف کہے گا: میرے رب! اسلام آیا اور بچے مجھے مینگنیاں مارا کرتے تھے، بوڑھا کہے گا: میرے رب! اسلام آیا اور میری سمجھ جواب دے چکی تھی، درمیانی زمانے میں مرنے والا کہے گا: میرے رب! میرے پاس تیرا کوئی رسول نہیں آیا، اللہ تعالیٰ ان سے عہد لے گا کہ وہ ضرور اس کی بات مانیں گے اللہ تعالیٰ ان کی طرف پیام بھیجے گا کہ جہنم میں داخل ہو جاؤ جو اس میں داخل ہوگا وہ اس کے لئے ٹھنڈی اور سلامتی والی بن جائے گی اور جو اس میں داخل نہیں ہوا اس کی طرف گھسیٹا جائے گا۔ مسند احمد، ترمذی عن الاسود بن سریع وابی ھریرۃ

۳۸۹۸۱..... اللہ تعالیٰ نے حفاظت کرنے والے دو فرشتوں کو لطیف بنایا ہے اور انہیں دونوں ڈاڑھوں پر بٹھایا ہے آدمی کی زبان ان کا قلم اور اس کا لعاب ان کی روشنائی بنادی۔ فردوس عن معاذ

۳۸۹۸۲..... جب تک بندے سے چار سوال نہیں ہو جاتے اس کے قدم اٹھ نہ سکیں گے۔ عمر کہاں گنوائی، علم کے بارے کیا کیا؟ مال کہاں سے کمایا اور کہاں خرچ کیا؟ اور جسم کہاں صرف کیا؟ ترمذی عن ابی برزۃ

۳۸۹۸۳..... انسان کے پاؤں قیامت کے روز اپنے رب کے پاس نہیں ٹلیں گے یہاں تک کہ اس سے پانچ باتوں کا سوال ہو جائے، عمر کہاں گنوائی، جوانی کہاں صرف کی، مال کہاں سے کمایا اور کہاں خرچ کیا، اور علم پر کیا عمل کیا؟ ترمذی عن ابن مسعود

۳۸۹۸۴..... قیامت کے دن انسان کو لایا جائے گا جیسے وہ بھیڑ کا میمنہ ہے پھر اسے اللہ تعالیٰ کے سامنے کھڑا کر دیا جائے گا، اللہ تعالیٰ فرمائے گا: میں نے تجھے دیا، تجھ پر بخشش کی، تجھ پر انعام کیا، (لیکن) تم نے کیا کیا؟ وہ عرض کرے گا: میں نے اسے جمع کیا منافع کمائے اور جتنا تھا اس سے زیادہ چھوڑ کر آ گیا، مجھے لوٹا تا کہ میں اس سارے کو تیرے پاس لے آؤں، اللہ تعالیٰ اس سے فرمائیں گے: جو تم نے آگے بھیجا وہ مجھے دکھاؤ! وہ کہے گا: میرے رب! میں نے اسے جمع کیا، اس میں فائدہ اٹھایا، اور پہلے اسے زیادہ چھوڑ کر آیا، مجھے واپس بھیج تا کہ میں اس سارے کو تیرے پاس لے آؤں۔ پس جب بندے نے کوئی بھلائی نہ بھیجی ہوگی تو اسے جہنم کی طرف چلا دیا جائے گا۔ ترمذی عن انس

کلام:......ضعیف الترمذی ۴۲۷۔

۳۸۹۸۵......قیامت کے روز بندہ کہے گا: میرے رب! کیا تو نے مجھے ظلم سے پناہ نہیں دی؟ اللہ تعالیٰ فرمائے گا: کیوں نہیں! پھر وہ عرض کرے گا: میں اپنے بارے میں صرف اپنا گواہ مانوں گا، اللہ تعالیٰ فرمائے گا: آج تیری جان تیرے خلاف گواہ کافی ہے نیز معزز لکھنے والے (کراماً کاتبین) کی گواہی کافی ہے پھر اس کے منہ پر مہر کردی جائے گی اور اس کے اعضاء سے کہا جائے گا: بولو! تو وہ اس کے اعمال بتائیں گے، پھر اس کے اور گفتگو میں رکاوٹ ڈال دی جائے گی، وہ کہے گا دور کرو بلکہ دفع ہو جاؤ، میں تو تمہاری وجہ سے ہی جھگڑتا تھا۔

مسند احمد مسلم، نسائی عن انس

۳۸۹۸۶......قیامت کے روز بغیر سینگ کے بکری سینگ والی سے بدلہ لے گی۔مسند احمد عن عثمان

۳۸۹۸۷......قیامت کے روز بندے کو لا کر کہا جائے گا: کیا میں نے تمہیں، کان، آنکھ مال اور اولا دنہیں دی اور مویشی، کھیتی تمہارے کام میں نہیں لگائی، تمہیں سردار بننے دیا اور مال غنیمت کا چوتھائی حصہ وصول کرنے دیا، اور تمہارا گمان تھا کہ تم مجھ سے اس دن ملو گے؟ وہ کہے گا: نہیں، اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: ہم نے تجھے ایسے چھوڑ دیا جیسے تو نے ہمیں بھلا دیا۔ترمذی عن ابی هریرة

۳۸۹۸۸......قیامت کے روز پرندے اپنی چونچیں اٹھائیں گے اور اپنی دمیں جھاڑیں گے اور اپنے پیٹ خالی کردیں گے انہیں کسی چیز کی طلب نہیں ہوگی۔طبرانی، عدی عن ابن عمر

کلام:......ترتیب الموضوعات ۱۱۲۶، التنزیہ ج ۲ ص ۳۸۲۔

الاکمال

۳۸۹۸۹......قیامت کے دن پرندے عرش کے سائے تلے آئیں گے اپنی چونچیں اپنی دموں پر ماریں گے اپنے پیٹ خالی کردیں گے ان پر کسی قسم کا ظلم نہیں ہوگا۔عقیلی فی الضعفاء، ابن عدی فی الکامل عن ابن عمر

۳۸۹۹۰......جب قیامت کا دن ہوگا، اللہ تعالیٰ اس امت پر سبز زمرد کا خیمہ لگائے گا پھر اللہ تعالیٰ کی جانب سے ایک منادی ندا کرے گا: اے امت محمد! اللہ تعالیٰ نے تمہیں معاف کردیا ہے تم بھی ایک دوسرے کو معاف کردو، اور پھر حساب کے لئے آؤ۔الدیلمی عن ابی امامة

۳۸۹۹۱......قیامت کے روز جنتی، جنت میں اور جہنمی، جہنم میں چلے جائیں گے صرف وہ لوگ رہ جائیں گے جن کے باہمی ظلم ہوں گے۔ پھر عرش تلے سے ایک شخص آواز دے گا، اے لوگو! باہمی ظلم معاف کردو تمہارا (اللہ تعالیٰ فرماتا ہے) ثواب میرے ذمہ ہے۔

ابن ابی الدنیا و ابن النجار عن انس

۳۸۹۹۲......قیامت کے روز اللہ تعالیٰ ایسی بلند آواز دے گا جو شور سے پاک ہوگی، میرے بندے! میں اللہ ہوں جس کے سوا کوئی معبود نہیں، میں سب سے بڑھ کر رحم کرنے والا، سب سے بڑا حاکم، سب سے زیادہ حساب لینے والا ہوں آج نہ تم پر کوئی خوف ہے اور نہ تم غمگین ہو گے، اپنی دلیل پیش کرو، آسان جواب دو کیونکہ تم سے سوال ہوگا اور تمہارا حساب ہوگا۔ اے میرے فرشتو! حساب کے لئے ان کے قدموں کے پاس صفیں بنا کر کھڑے کردو! الدیلمی عن معاذ

۳۸۹۹۳......تم لوگ مجھ سے پوچھتے نہیں میں کس وجہ سے ہنس رہا ہوں؟ مجھے قیامت کے روز بندے کی اپنے رب سے جھگڑے کی وجہ سے ہنسی آ گئی۔ وہ کہے گا: میرے رب! کیا تو نے مجھ سے وعدہ نہیں کیا کہ مجھ پر ظلم نہیں کرے گا؟ اللہ تعالیٰ فرمائے گا کیوں نہیں، وہ کہے گا: میں اپنے بارے میں اپنے سوا کسی کی گواہی قبول نہیں کروں گا، اللہ تعالیٰ فرمائے گا: کیا میں اور معزز لکھنے والے (کراماً کاتبین) کافی گواہ نہیں؟ چنانچہ وہ پھر اس بات کو کئی بار دہرائے گا پھر اس کے منہ پر مہر لگادی جائے گی اور اس کے اعضاء بولیں گے، جو وہ عمل کرتا رہا، وہ کہے گا دوری ہو بلکہ دفع ہو جاؤ میں تو تمہارے بارے میں جھگڑتا تھا۔حاکم عن انس

۳۸۹۹۴...... جب انسان کے منہ کو بند کر دیا جائے گا تو سب سے پہلے اس کی بائیں ران بولے گی۔مسند احمد، طبرانی عن عقبة بن عامر

۳۸۹۹۶...... تمہارے خلاف سب سے پہلے تمہاری ران گواہی دے گی۔ابن عساکر عن بهزبن حکیم عن ابیه عن جده

۳۸۹۹۷...... قیامت کے دن تم آؤ گے تو تمہارے منہوں پر چھکا پڑا ہوگا سب سے پہلے اس کی ران اور ہتھیلی بولے گی۔

طبرانی، حاکم عن حکیم بن معاوية عن ابيه

۳۸۹۹۸...... قیامت کے روز سب سے پہلے مرد اور اس کی بیوی کا جھگڑا ہوگا، اللہ کی قسم! اس کی زبان نہیں بولے گی، لیکن عورت کے ہاتھ پاؤں بول کر جو کچھ وہ خاوند کی عدم موجودگی میں کرتی تھی اس کی گواہی دیں گے اور مرد کے ہاتھ پاؤں اس بات کی گواہی دیں گے جن کاموں کے لئے وہ عورت کا ذمہ دار تھا، پھر آدمی اور اس کے خادموں کو بلایا جائے گا، اس کے بعد بازار والوں کو طلب کیا جائے گا، جب کہ وہاں سکے اور پیسے نہیں ہوں گے لیکن نیکیاں ہوں گی، ظالم کی نیکیاں مظلوم کو دی جائیں گی اور مظلوم کی برائیں ظالم پر ڈالی جائیں گی پھر ظالموں کو لوہے کے ہتھوڑوں میں لایا جائے گا اور کہا جائے گا: انہیں جہنم میں ڈال دو۔طبرانی فی الکبیر وابن مردویه عن ابی ایوب وفیه عبداللّٰہ بن عبدالعزیز اللیثی ضعفو

۳۸۹۹۹...... سب سے پہلے انسان کے اعضاء کو اس کے عمل کے بارے میں بولنے کو کہا جائے گا، وہ کہے گا: تیری عزت کی قسم! میرے پاس بڑی چیزوں کو چھپانے والے اسباب ہیں! اللہ فرمائے گا: مجھے ان کے بارے میں تجھ سے زیادہ علم ہے جاؤ میں نے تمہاری بخشش کر دی۔

الخطابی فی الغریب عن ابی امامة

۳۹۰۰۰...... سب سے پہلے ساٹھ یا ستر سال والوں کو حساب کے لئے بلایا جائے گا۔الدیلمی عن الولید بن مسافع الدیلمی عن ابیه

۳۹۰۰۱...... میری امت کے ذمی لوگوں کا قصاص (بدلہ) قیامت کے روز ان کے عذاب میں کمی ہے۔

حاکم فی تاریخه عن ابی هریرة، وفیه محمد بن مخلد الحمصی یروی الا باطیل

۳۹۰۰۲...... تم میں سے ہر ایک اپنے رب سے گفتگو کرے گا اس کے اور رب کے درمیان کوئی دربان اور ترجمان نہیں ہوگا۔

رزین وابن خزیمه، ضیاء عن عبداللہ بن بریده عن ابیه

۳۹۰۰۳...... اس ذات کی قسم! جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے! قیامت کے روز مومن سے (حساب وکتاب میں) تخفیف کی جائے گی یہاں تک کہ وہ وقت مومن کے لئے دنیا میں وہ جو فرض نماز پڑھتا تھا اس سے بھی ہلکا ہوگا۔

مسند احمد ابویعلی وابن جریر، ابن حبان، بیهقی فی البعث، ضیاء عن ابی سعید

۳۹۰۰۴...... اس ذات کی قسم! جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے! وہاں جھگڑا کیا جائے گا یہاں تک جن دو بکریوں نے آپس میں سینگ لڑائے اس کے بارے میں بھی فیصلہ ہوگا۔مسند احمد، ابویعلی عن ابی سعید

۳۹۰۰۵...... اس ذات کی قسم جس کے قبضہ وقدرت میں میری جان ہے! ہر چیز قیامت کے روز جھگڑا کرے گی یہاں تک دو بکریاں جو آپس میں ٹکرائیں۔

مسند احمد عن ابی هریرة

۳۹۰۰۶...... ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے دو بکریوں کو سینگ لڑاتے دیکھا تو فرمایا: ابوذر جانتے ہو! یہ دونوں کس بارے میں جھگڑیں گی؟ عرض کیا: مجھے پتہ نہیں، آپ نے فرمایا: لیکن اللہ تعالیٰ جانتا ہے قیامت کے روز ان میں فیصلہ فرمائے گا۔

ابو داؤد طیالسی، مسند احمد عن ابی ذر

۳۹۰۰۷...... قیامت کے روز جانوروں، نیکیوں اور برائیوں کو لایا جائے گا پھر اللہ تعالیٰ اپنے جانوروں میں سے کسی جانور سے فرمائے گا: میرے بندے کی نیکیوں میں سے اپنا حق وصول کرلے، وہ اس کے لئے کوئی نیکی نہیں چھوڑے گا سب لے جائے گا۔ابو الشیخ وابن النجار عن انس

۳۹۰۰۸...... بے سینگ بکری، سینگ والی سے قیامت کے روز بدلہ لے گی۔عن سلمان

۳۹۰۰۹...... ابن مردویہ، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ سے کسی نے اللہ تعالیٰ کے حضور پیشی اور وہاں پانی کی موجودگی کے بارے میں پوچھا، آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے! اس (جگہ) میں

پانی (ضرور) ہوگا اللہ تعالیٰ کے دوست انبیاء کے حوضوں پر آئیں گے اور اللہ تعالیٰ ستر ہزار فرشتے بھیجے گا جن کے ہاتھوں میں آگ کی لاٹھیاں ہوں گی وہ کفار کو انبیاء کے حوضوں سے ہٹا رہے ہوں گے۔

۳۹۰۱۰..... قیامت کے روز آدمی کا اعمال نامہ بلند کیا جائے گا وہ دیکھ کر سمجھے گا کہ میں بچ نکلا، انسانوں پر کئے گئے ظلم اس کا پیچھا کرتے رہیں گے یہاں تک کہ اس کے پاس ایک نیکی بھی باقی نہیں رہے گی اور ان کے گناہوں کو اس پر بڑھایا جائے گا۔

حاکم عن ابی عثمان النھدی عن سلمان سعد وابن مسعود وغیرھم

۳۹۰۱۱..... قیامت کے دن بندے سے جب تک چار سوال نہیں ہوجاتے اس کے قدم نہیں ہلیں گے: (۱) جوانی کہاں صرف کی، (۲) عمر کہاں گنوائی، (۳) مال کہاں سے کمایا اور (۴) کہاں خرچ کیا۔ طبرانی عن ابی الدرداء

۳۹۰۱۲..... قیامت کے روز بندے کے پاؤں اس وقت تک نہیں ہلیں گے یہاں تک کہ اس سے چار باتوں کا سوال ہوجائے: جوانی کہاں صرف کی، عمر کہاں گنوائی مال کہاں سے کمایا اور کہاں خرچ کیا اور اپنے علم پر کیا عمل کیا۔ طبرانی بیھقی، الخطیب وابن عساکر عن معاذ

۳۹۰۱۳..... قیامت کے دن بندے کے قدم اس وقت تک نہیں اٹھیں گے یہاں تک کہ اس سے چار چیزوں کا سوال ہو! عمر کہاں گنوائی، جسم کہاں کھپایا، مال کہاں سے کمایا اور کہاں خرچ کیا اور ہمارے اہل بیت کی محبت کے بارے میں۔ طبرانی عن ابن عباس

۳۹۰۱۴..... اے انسان! قیامت کے روز تیرے اللہ تعالیٰ کے سامنے سے اس وقت تک نہ اٹھ سکیں گے یہاں تک کہ تجھ سے چار سوال نہ ہوجائیں: اپنی عمر کہاں گنوائی، اپنا جسم کہاں کھپایا، مال کہاں سے کمایا اور کہاں خرچ کیا۔ حلیة الاولیاء وابن النجار عن انس

کلام:..... المتناھیة ۱۵۳۳۔

ترازو

۳۹۰۱۵..... تم میں کسی کو بلا کر اسے اس کا اعمال نامہ اس کے دائیں ہاتھ میں دے کر اس کے جسم کو ساٹھ گز (لمبائی میں) بڑھا دیا جائے گا، اس کا چہرہ سفید ہوگا، اس کے سر پر چمکتے موتیوں کا تاج رکھا جائے گا، وہ اپنے ساتھیوں کے پاس جائے گا وہ اسے دور سے دیکھ کر کہیں گے: اے اللہ! ہمیں اس کے ذریعہ عطا کر اور ہمارے لئے اس میں برکت دے یہاں تک وہ ان کے پاس پہنچ جائے گا اور کہے گا:

مبارک ہو تم میں سے ہر آدمی کے لئے ایسا ہی ہے، رہا کافر تو اس کا چہرہ سیاہ ہوجاتا ہے اور ساٹھ گز حضرت آدم علیہ السلام جتنا اس کا جسم بڑھ جاتا ہے اور اسے آگ کا تاج پہنایا جاتا ہے اس کے ساتھی اسے دیکھ کر کہیں گے: ہم اس کے شر سے اللہ تعالیٰ کی پناہ چاہتے ہیں، اے اللہ! اسے ہمارے پاس مت لا، (لیکن) وہ ان کے پاس آئے گا تو یہ کہیں گے اللہ! اسے ذلیل کر! وہ کہے گا: اللہ تعالیٰ تمہیں دور کرے، تم میں سے ہر آدمی کے ساتھ ایسا ہی ہوتا ہے۔ ترمذی، حاکم عن ابی ھریرة

کلام:..... ضعیف الجامع ۶۴۲۴۔

۳۹۰۱۶..... قیامت کے دن کی طوالت اللہ تعالیٰ اپنے جس بندے پر چاہے گا فرض نماز کے وقت کی طرح کم کردے گا۔ بیھقی عن ابی ھریرة

کلام:..... ضعیف الجامع ۱۷۴۳۔

۳۹۰۱۷..... اللہ تعالیٰ مومن کو اپنے قریب کرکے اس پر اپنا پردہ (رحمت) ڈالے گا اور لوگوں سے اسے چھپالے گا اور اس سے اس کے گناہوں کا اقرار لے گا، اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: کیا فلاں گناہ جانتے ہو!؟ فلاں گناہ پہچانتے ہو؟!

کیا فلاں گناہ پہچانتے ہو؟ وہ عرض کرے گا: جی ہاں اے میرے رب! یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ اس سے گناہوں کا اقرار لے گا اور وہ دل ہی دل میں سمجھے گا کہ وہ ہلاک ہوگیا، اللہ تعالیٰ فرمائے گا: میں نے دنیا میں تجھ پر پردہ ڈالے رکھا اور آج (آخرت میں) تیرے گناہ بخشتا ہوں، پھر اس کی نیکیوں کا اعمال نامہ اس کے دائیں ہاتھ میں دیا جائے گا۔

رہا کافر اور منافق تو گواہ کہیں گے یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے اپنے رب کے بارے میں جھوٹ بولا، سنو! ظالموں پر اللہ تعالیٰ کی لعنت ہے۔
مسند احمد، بخاری نسائی، ابن ماجه عن ابن عمر

۳۹۰۱۸......ترازو رحمٰن تعالیٰ کے دست (قدرت) میں ہے کچھ قوموں کو بلند کرے گا اور کچھ کو پست کرے۔البزار عن نعیم بن همار

۳۹۰۱۹......تین جگہوں میں تو کوئی کسی کو یاد نہیں کرے گا، ترازو کے پاس یہاں تک کہ یہ معلوم ہو جائے کہ اس کی ترازو بھاری ہوتی ہے یا کم، اور اعمال نامہ کے وقت یہاں تک کہا جائے گا: یہ میرا اعمال نامہ پڑھو، اور یہاں تک کہ اس بات کا علم ہو جائے کہ اسے داہنے ہاتھ میں اعمال نامہ ملتا ہے یا بائیں ہاتھ میں یا پیٹھ کے پیچھے سے، اور (پل) صراط کے وقت، جب اسے جہنم کے درمیان رکھا جائے گا اور اس کے دونوں کناروں پر بہت سے آنکڑے اور کانٹے دار بہت سے پودے ہوں گے، وہاں اللہ تعالیٰ اپنی مخلوق میں سے جسے چاہے گا روک لے گا یہاں تک کہ اسے علم ہو جائے کہ اسے نجات ملتی ہے یا نہیں۔ابو داؤد، حاکم عن عائشة

''الاکمال''

۳۹۰۲۰......تین مقامات پر تو کوئی کسی کو یاد نہیں آئے گا، ترازو کے وقت یہاں تک کہ اسے پتہ چل جائے اس کی ترازو ہلکی ہوتی ہے یا بھاری، اعمال نامہ کے وقت یہاں تک کہا جائے گا، ''لو پڑھو میرا اعمال نامہ'' پھر اسے اس کا پتہ چل جائے کہ اس کا اعمال نامہ دائیں ہاتھ میں ملتا ہے یا بائیں میں یا پیٹھ کے پیچھے سے، اور صراط کے وقت جب اسے جہنم کے درمیان رکھا جائے گا، اس کے کناروں پر بہت سے آنکڑے اور خاردار پودے ہوں گے وہاں اللہ تعالیٰ جسے چاہے گا روک لے گا، یہاں تک کہ اسے علم ہو جائے کہ وہ نجات پاتا ہے یا نہیں، (حاکم، ابوداؤد، عن عائشۃ، فرماتی ہیں: میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! کیا قیامت کے روز آپ اپنے گھر والوں کو یاد کریں گے؟ آپ نے یہ ارشاد فرمایا)

کلام:......ضعیف الجامع ۱۲۴۵۔

۳۹۰۲۱......اللہ تعالیٰ نے ترازو ئے اعمال کے دونوں پلڑے آسمان وزمین کے خلا جتنے بنائے ہیں۔فرشتوں نے کہا: اے ہمارے رب! آپ اس سے کس چیز کو تولیں گے؟ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: جس چیز کا میں چاہوں گا وزن کروں گا اور اللہ تعالیٰ نے پل (صراط) تلوار اور استرے کی دھار جیسا تیز بنایا، فرشتوں نے عرض کیا: ہمارے رب! اس سے کون گزرے گا؟ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: میں جسے چاہوں گا گزاروں گا۔

الدیلمی عن عائشة

۳۹۰۲۲......قیامت کے دن ترازو کو رکھا جائے گا اگر اس میں آسمانوں وزمین کا وزن بھی کیا جائے تو سما جائیں، فرشتے عرض کریں گے: اے ہمارے رب! اس میں آپ کس کا وزن کریں گے؟ اللہ تعالیٰ فرمائے گا: اپنی مخلوق میں سے جس کا چاہوں گا، فرشتے عرض کریں گے: تیری ذات پاک ہے! جیسا تیری عبادت کا حق ہے وہ ہم سے ادا نہیں ہوا، اور پل صراط استرے کی طرح تیز رکھا جائے گا فرشتے عرض کریں گے: اس پر سے آپ کسے گزاریں گے؟ اللہ تعالیٰ فرمائے گا:

اپنی مخلوق میں سے جسے چاہوں گا، فرشتے عرض کریں گے: تیری ذات پاک ہے، ہم نے تیری عبادت کا حق ادا نہیں کیا۔

حاکم عن سلمان بن المبارک والا جری فی الشریعة عنه موقوفاً

۳۹۰۲۳......جو شخص بھی مرتا ہے اس کا قول وعمل تولا جاتا ہے اگر اس کا قول اس کے عمل سے وزنی ہو تو اس کا عمل بلند نہیں ہوتا اور اگر اس کا عمل اس کے قول سے وزنی ہو تو اس کا عمل بلند ہوتا ہے۔الدیلمی عن ابی هریرة

۳۹۰۲۴......قیامت کے دن بندے کو لایا جائے گا اس کی نیکیاں ایک پلڑے میں اور برائیاں دوسرے پلڑے رکھی جائیں گی اور (اس کی) برائیاں وزنی ہو جائیں گی پھر ایک پرچی لا کر نیکیوں کے پلڑے میں رکھی جائے گی جس سے وہ جھک جائے گا وہ کہے گا: میرے رب! یہ پرچی کیسی ہے؟ میں نے رات دن جو عمل کیا وہ تو دیکھ لیا، اللہ تعالیٰ فرمائے گا: یہ جو تیرے بارے میں کہا گیا اور تو اس سے بری تھا۔اس کے ذریعہ وہ نجات

پالے گا۔الحکیم عن ابن عمر

۳۹۰۲۵......قیامت کے روز ترازو رکھی جائے گی، (جس میں) اچھائیاں اور برائیاں تولی جائیں گی جس کی نیکیاں اس کی برائیوں سے ذرہ بھر بھی وزنی ہوگئیں تو وہ جنت میں جائے گا، اور جس کی برائیاں اس کی نیکیوں سے ذرہ بھر بھی وزنی ہوئیں وہ جہنم میں جائے گا، کسی نے عرض کیا: یارسول اللہ! جس کی نیکیاں اور برائیاں برابر رہیں؟ آپ نے فرمایا: وہ مقام اعراف والے ہوں گے جو جنت میں تو نہیں گئے لیکن اس کی خواہش رکھتے ہوں گے۔ابن عساکر، عن جابر وفیہ عباد بن کثیر ضعیف

۳۹۰۲۶......قیامت کے دن انسان کو لا کر ترازو کے دونوں پلڑوں کے سامنے کھڑا کر دیا جائے گا، اور ایک فرشتہ اس پر نگران مقرر کر دیا جائے گا، پس اگر اس کی ترازو وزنی رہی تو وہ فرشتہ با آواز بلند کہے گا جسے تمام مخلوق سنے گی: فلاں شخص ایسا سعادت مند ہوا کہ اب کبھی بد بخت نہیں ہوگا، اور اگر اس کی ترازو ہلکی رہی تو فرشتہ بلند آواز سے پکارے گا جسے تمام مخلوق سنے گی: فلاں ایسا بد بخت ہوا کہ اب کبھی نیک بخت نہیں ہو سکے گا۔

حلیة الاولیاء عن انس

پل صراط

۳۹۰۲۷......صراط کو جہنم کے درمیان رکھا جائے گا، اس پر سعدان بوٹی کی طرح کانٹے ہوں گے، پھر لوگوں کو وہاں سے گزارا جائے گا، کوئی سلامتی سے پار ہو جائے گا کوئی خراش کھا کر پار ہوگا، کوئی روکا جائے گا پھر پار ہوگا، اور کوئی اس میں گر جائے گا۔

مسند احمد، ابن ماجه، ابن حبان، حاکم عن ابی سعید

۳۹۰۲۸......جہنم نے دنیا کو گھیرا ہوا ہے اور جنت نے اسے ڈھانپا ہوا ہے اسی بنا پر پل صراط جہنم پر رکھا ہوا ہے جو جنت میں جانے کا راستہ ہے۔

خطیب، فردوس، عن ابن عمر

کلام:......ضعیف الجامع ۲۶۴۲، الضعیفہ ۳۶۶۔

۳۹۰۲۹......قیامت کے روز جہنم مومن سے کہے گی اے مومن (پل صراط سے) گزر کیونکہ تیرے نور (ایمان) نے میری بھڑک کو بجھا دیا ہے۔

طبرانی، حلیة الاولیاء عن یعلی بن منبه

کلام:......الاتقان ۵۶۸، اسنی المطالب ۵۰۲۔

۳۹۰۳۰......قیامت کے روز صراط پر مومنوں کا نشان، اے رب! سلامت رکھ سلامت رکھ، ہوگا۔ترمذی، حاکم عن المغیرة

کلام:......ضعیف الترمذی ۴۲۹، ذخیرۃ الحفاظ ۲۳۱۶۔

۳۹۰۳۱......میری امت کا نشان جب وہ صراط پر اٹھائی جائے گی "اے لا الہ الا انت ہوگا" طبرانی عن ابن عمرو

۳۹۰۳۲......مومنین جب قبروں سے اٹھائے جائیں گے تو ان کا نشان "لاالہ الا اللہ وعلی اللہ فلیتوکل المومنون" ہوگا۔

ابن مردویه عن عائشة

کلام:......ضعیف الجامع ۳۴۰۰۔

۳۹۰۳۳......قیامت کے روز، قیامت کی تاریکی میں ایمان والوں کا شعار "لاالہ الاانت" ہوگا۔الشیرازی عن ابن عمرو

الاکمال

۳۹۰۳۴......صراط جہنم کے درمیان پر پھسلن کی جگہ ہے انبیاء اس پر پکار رہے ہوں گے: اے رب سلامتی دے، سلامتی دے، لوگ اس پر بجلی، آنکھ کی جھپک، عمدہ گھوڑوں سواریوں کی طرح اور پیدل گزرتے ہوں گے، کوئی سلامتی سے پار ہوگا کوئی خراش کھا کر لڑکھڑائے گا اور کوئی اس میں

گر جائے گا جہنم کے سات دروازے ہیں ہر دروازے کی آگ کی کئی قسمیں ہیں۔ الرامھرفری فیالا مثال عن ابی ھریرۃ

۳۹۰۳۵۔۔۔۔۔جہنم کے پل کے سامنے ایک پھسلن ولغزش کا راستہ ہے اور ہم وہاں سے گزریں اور ہمارے سامان میں دوسرے پرانے کپڑے ہوں اور ہم نجات پاجائیں یہ اس سے بہتر ہے کہ ہم اس پر آئیں اور بوجھل ہوں۔ مسند احمد، حاکم عن ابی ذر

یعنی جیسے ہلکی سواری سبک رفتار اور تیز گام ہوتی ہے ایسے ہی ہم بھی وہاں سے گزر جائیں یہ بہتر ہے بجائے اس کے کہ گراں بار اور بوجھل ہوں۔

۳۹۰۳۶۔۔۔۔۔جہنم پر ایک پل ہے جو بال سے باریک اور تلوار سے تیز، اس کا بالائی حصہ جنت کی طرف پھسلن والا ہے جس پر دونوں جانب آنکڑے اور آگ کے کانٹے ہیں، اللہ تعالیٰ اس پر اپنے بندوں میں سے جسے چاہے گا جمع کرے گا اس دن پھسلنے والے مرد اور عورتیں بے شمار ہوں گی اور اس کے دونوں جانب فرشتے کھڑے پکار رہے ہوں گے: اے اللہ سلامت رکھ! سلامت رکھ! جو حق (توحید) لایا وہ گزر جائے گا اس دن لوگوں کو ان کے ایمان واعمال کے بقدر نور دیا جائے گا ان میں سے کوئی تو بجلی کی چمک کی طرح گزر جائے گا کوئی ہوا کے جھونکے کی طرح اور کسی کو پاؤں دھرنے کی جگہ نور دیا جائے گا، کوئی گھٹنے ٹیک کر چلے گا، لوگوں نے جو گناہ کئے ہوں گے ان کی وجہ سے آگ انہیں پکڑے گی، وہ لوگوں کو ان کے گناہوں کے بقدر جسے اللہ چاہے گا جلائے گی یہاں تک کہ وہ نجات پالیں گے، پہلی جماعت سے ستر ہزار بغیر حساب وعذاب کے بچ نکلیں گے ان کے چہرے چودھویں رات کے چاند کی طرح ہوں گے اور ان سے قریب والے لوگ ستاروں کی طرح یہاں تک کہ وہ جنت تک اللہ تعالیٰ کی رحمت کے ذریعہ پہنچ جائیں گے۔ بیھقی وضعف عن انس

۳۹۰۳۷۔۔۔۔۔قیامت کے روز لوگوں کو پل صراط پر اٹھایا جائے گا تو اس کے دونوں پہلوؤں سے لوگ ایسے جہنم میں گریں گے جیسے پروانے آگ میں گرتے ہیں، پھر اللہ تعالیٰ اپنی رحمت سے جسے چاہے گا نجات دے گا اس کے بعد فرشتوں، انبیاء صدیقین اور شہدا کو سفارش کی اجازت دی جائے گی چنانچہ وہ سفارش کریں گے اور لوگوں کو نکالیں گے اور سفارش کریں اور لوگوں کو نکالیں، یہاں تک کہ جہنم میں کوئی ایسا باقی نہیں رہے گا جس کے دل میں ذرہ برابر بھی ایمان ہو۔ مسند احمد، طبرانی عن ابی بکرۃ

۳۹۰۳۸۔۔۔۔۔جبار تعالیٰ متوجہ ہوگا، اور پل پر اپنا پاؤں دوہرا کرے گا اور کہے گا مجھے اپنی عزت وجلال کی قسم! آج کوئی ظلم مجھ سے تجاوز نہیں کرے گا۔ پھر مخلوق ایک دوسرے سے انصاف لے گی یہاں تک کہ بے سینگ بکری سینگ والی سے اس چوٹ کا بدلہ لے گی جو اس نے ماری ہوگی۔

طبرانی عن ثوبان وضعف

کلام:۔۔۔۔۔ الضعیفہ ۱۴۰۱، القدسیۃ الضعیفۃ ۹۷۔

۳۹۰۳۹۔۔۔۔۔لوگ جہنم کے پل سے گزریں گے اور اس پر کانٹے، آنکڑے اور آنکڑے ہوں گے جو لوگوں کو دائیں بائیں سے اچک لیں گے، اور دونوں طرف فرشتے کہتے ہوں گے اے اللہ! سلامت رکھ، سلامت رکھ تو کچھ بجلی کی طرح گزر جائیں گے، کچھ ہوا کی طرح، کچھ گھوڑے کی طرح کچھ دوڑ کر، کچھ چل کر، کچھ گھٹنوں کے بل اور کچھ گھسٹ کر گزریں گے۔

رہے وہ جہنمی جو جہنم کے رہنے والے ہیں سو وہ نہ تو مریں گے اور نہ جی سکیں گے اور وہ لوگ جن کی ان کے گناہوں اور خطاؤں کی وجہ سے پکڑ ہوگی تو وہ جلتے جلتے سیاہ کوئلہ ہو جائیں گے، پھر سفارش کی اجازت ہوگی چنانچہ انہیں جمع کرکے نکالا جائے گا اور جنت کی کسی نہر میں پھینکا جائے گا، اور وہ ایسے اگیں گے جیسے سیلاب کے بناؤ کی مٹی پر کوئی بیج اگتا ہے کیا تم نے بڑے سیلاب میں کوڑے میں کسی درخت کو اگتے نہیں دیکھا؟ سب سے آخر میں ایک شخص کو نکالا جائے گا وہ اس کے کنارے پر ہوگا وہ کہے گا: اے میرے رب! میرا چہرہ اس سے ہٹا دے۔ اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: تیرا وعدہ اور ذمہ ہے اس کے علاوہ مجھ سے کچھ نہ مانگ، پل صراط پر تین درخت ہیں، وہ کہے گا: میرے رب! مجھے اس درخت تک پہنچا دے تاکہ میں اس کا پھل کھاؤں، اور اس کے سائے تلے بسیرا کروں۔ اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: تیرا وعدہ اور ذمہ ہے اس کے علاوہ مجھ سے کچھ نہ مانگ۔ پھر اسے اس سے اچھے درخت دکھائی دیں گے وہ عرض کرے گا: میرے رب! مجھے اس درخت پر پہنچا دے تاکہ اس کا پھل کھاؤں اور اس کے سائے تلے ٹھہروں۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا: تیرا عہد وذمہ ہے مجھ سے اس کے علاوہ کچھ نہ مانگ، پھر اسے دوسرا درخت دکھائی دے گا وہ عرض کرے گا: میرے رب! مجھے اس درخت تک پہنچا دے اس کا پھل کھاؤں اور اس کی سائے تلے ٹھہروں، پھر اسے لوگوں کی بھیڑ نظر آئے گی ان کی

گفتگو سنے گا تو کہے گا: اے میرے رب! مجھے جنت میں داخل کردے تو اسے جنت میں داخل کردیا جائے گا اور دنیا اور اس جیسی جنت عطا کی جائے گی۔مسند احمد، ابویعلی ابن حبان، حاکم عن ابی سعید

۳۹۰۴۰.....اے عائشہ! تین مقامات پر تو کوئی کسی کو یاد نہیں آئے گا، ترازو کے وقت یہاں تک کہ وہ بوجھل ہوتا ہے یا ہلکا، اعمال ناموں کے اڑنے کے وقت، دائیں ہاتھ میں ملتا ہے یا بائیں ہاتھ میں، اور جب گردن نکلے گی جوان پر چھا جائے گی ان سے غضب ناک ہوکر کہے گی: مجھے تین طرح کے لوگوں پر مسلط کیا گیا ہے، جس نے اللہ کے ساتھ کوئی دوسرا معبود (کسی بھی صورت میں) بنایا، جس کا آخرت کے دن پر ایمان نہیں، اور مجھے ہر متکبر اور ضدی پر مسلط کیا گیا ہے پھر وہ ان پر غالب آجائے گی اور انہیں سختیوں میں پھینک دیا جائے گا۔

جہنم کا پل بال سے باریک اور تلوار سے تیز ہوگا اس پر آنکڑے اور کانٹے ہوں گے، جسے اللہ تعالیٰ چاہے گا اسے پکڑلیں گے، لوگ اس پر، آنکھ کی جھپک بجلی کی چمک، ہوا کے جھونکے، عمدہ گھوڑوں اور سواریوں کی طرح گزریں گے فرشتے کہہ رہے ہوں گے: اے رب سلامت رکھ، سلامت رکھ، کوئی تو سالم پار ہوجائے گا کوئی خراش کھا کر پار ہوگا کوئی منہ کے بل جہنم میں جا گرے گا۔مسند احمد عن عائشة

۳۹۰۴۱.....پانچ سفارشی ہوں گے: قرآن، رشتہ داری، امانت، تمہارے نبی اور ان کے گھرانے والے۔فردوس عن ابی هريرة

کلام:.....ضعیف الجامع ۳۴۳۷۔

۳۹۰۴۲.....قیامت کے روز لوگ مختلف جماعتیں ہوں گے، ہر امت اپنے نبی کے پیچھے ہوگی وہ کہیں گے: اے فلاں! سفارش کر، اے فلاں سفارش کر، یہاں تک کہ شفاعت محمد (ﷺ) تک پہنچ جائے گی، اس دن اللہ انہیں مقام محمود پر فائز فرمائے گا۔بخاری عن ابن عمر

۳۹۰۴۳.....جس کے دل میں مچھر کے پَر جتنا بھی ایمان ہوگا میں قیامت کے دن اس کی ضرور شفاعت کروں گا۔خطیب عن انس

۳۹۰۴۴.....ایک قوم شفاعت کے ذریعہ سے جہنم سے نکالی جائے گی وہ ایسے ہوں گے جیسے ککڑی۔بخاری عن جابر

۳۹۰۴۵.....میری امت کے ایک آدمی کی شفاعت کی وجہ سے بنی تمیم سے زیادہ لوگ جنت میں جائیں گے۔

ترمذی حاکم عن عبدالله بن ابی الجدعاء

۳۹۰۴۶.....ہر نبی کی اپنی امت کے بارے میں ایک دعا ہے جو وہ کرچکا اور میں نے قیامت کے روز اپنی امت کی شفاعت کے لئے اپنی دعا چھپا رکھی ہے۔مسند احمد، مسلم عن جابر

۳۹۰۴۷.....ہر نبی کی ایک دعا ہے جو وہ کرتا ہے میں چاہتا ہوں کہ قیامت کے روز اپنی امت کی شفاعت کے لئے اپنی دعا چھپا رکھوں۔

مسند احمد، مسلم عن ابی هريرة

۳۹۰۴۸.....ہر نبی کی ایک مقبول دعا ہے جو وہ کرتا ہے تو قبول ہوتی ہے اور اسے وہ عطا کی جاتی ہے۔اور میں نے قیامت کے روز اپنی امت کی شفاعت کے لئے اپنی دعا پوشیدہ رکھی ہے۔مسلم عن ابی هريرة

۳۹۰۴۹.....ہر نبی کی ایک مقبول دعا ہوتی ہے جو اس نے اپنی امت کے بارے میں مانگی اور قبول کی گئی میں چاہتا ہوں کہ انشاء اللہ اپنی دعا قیامت کے روز اپنی امت کی شفاعت کے لئے ذخیرہ کرلوں۔بیهقی عن ابی هريرة

۳۹۰۵۰.....قیامت کے روز لوگ صفوں میں کھڑے ہوں گے، ایک جہنمی ایک جنتی کے پاس سے گزرے گا: اے فلاں! کیا تجھے یاد نہیں کہ فلاں دن تو نے مجھ سے پانی مانگا تھا اور میں نے تجھے پانی پلایا تھا، تو وہ اس کی شفاعت کرے گا (اسی طرح) ایک شخص، کسی شخص کے پاس سے گزرے گا تو اسے کہے گا: کیا تجھے یاد نہیں کہ میں نے تجھے وضو کے لئے پانی دیا تھا؟ چنانچہ وہ اس کی شفاعت کرے گا، اور کہے گا: اے فلاں! کیا تجھے یاد نہیں کہ تو نے فلاں دن مجھے فلاں کام سے بھیجا تھا اور میں چلا گیا تھا؟ تو وہ اس کے لئے شفاعت کرے گا۔ابن ماجه عن انس

کلام:.....ضعیف الجامع ۶۴۳۰۔

۳۹۰۵۱.....قیامت کے دن میں انسانوں کا سردار ہوں گا، جانتے ہو ایسا کیوں ہوگا؟ اللہ تعالیٰ اولین آخرین کو ایک کھلے میدان میں جمع کرے گا ایک بلانے والا انہیں اپنی آواز سنائے گا اور ایک آنکھ انہیں دیکھ سکے گی، سورج ان کے قریب ہوگا اور لوگ ناقابل برداشت غم و پریشانی میں مبتلا

ہوں گے، کچھ لوگ دوسروں سے کہیں گے: اپنی حالت دیکھتے نہیں؟ کیا تم اپنے بارے میں اپنے رب کے ہاں کسی کی شفاعت کے منتظر ہو؟ تو کچھ لوگ ایک دوسرے سے کہیں گے چلو آدم (علیہ السلام) کے پاس چلتے ہیں، وہ آدم علیہ السلام سے کہیں گے: آدم! آپ ہمارے باپ اور انسانیت کے والد ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو اپنی قدرت سے پیدا کیا اور آپ میں اپنی (پیدا کردہ مخلوق) روح پھونکی، اور فرشتوں کو حکم دیا اور انہوں نے آپ کو سجدہ کیا! اپنے رب سے ہمارے بارے میں شفاعت کریں، آپ ہماری کیفیت نہیں دیکھ رہے؟ ہماری بے چینی آپ کے سامنے ہے؟ آدم علیہ السلام ان سے کہیں گے: میرا رب آج ایسا غضبناک ہوا ہے کہ اس سے پہلے ایسا ناراض نہیں ہوا، اور نہ ہرگز کبھی ایسا ناراض ہوگا، اس نے مجھے درخت سے روکا تھا لیکن مجھ سے غلطی ہوگئی۔ مجھے اپنی فکر ہے اپنی فکر ہے اپنی فکر ہے میرے علاوہ کسی کے پاس جاؤ، نوح کے پاس جاؤ! وہ نوح علیہ السلام کے پاس آ کر کہیں گے: اے نوح! آپ اہل زمین کی طرف اللہ تعالیٰ کے پہلے رسول ہیں اللہ تعالیٰ نے آپ کا نام شکر گزار بندہ رکھا ہے ہمارے لئے اپنے رب سے شفاعت کریں، آپ ہماری کیفیت نہیں دیکھ رہے، ہماری حالت آپ کے سامنے نہیں؟ تو نوح علیہ السلام ان سے کہیں گے: میرا رب آج ایسا غضبناک ہوا کہ اس سے پہلے ایسا ناراض نہیں ہوا اور نہ کبھی اس کے بعد ایسا غضبناک ہوگا میری ایک دعا تھی جو میں نے اپنی قوم کے لئے (بددعا کے طور) مانگ لی، مجھے اپنی فکر ہے اپنی فکر ہے اپنی فکر ہے میرے علاوہ کسی اور کے پاس جاؤ ابراہیم کے پاس جاؤ! چنانچہ وہ لوگ ابراہیم علیہ السلام کے پاس آ کر کہیں گے: اے ابراہیم! آپ اہل زمین میں سے اللہ کے نبی اور خلیل ہیں ہمارے لئے اپنے رب سے سفارش کریں، آپ کو ہماری کیفیت نظر نہیں آ رہی اور ہماری حالت آپ کے سامنے نہیں؟ تو ابراہیم علیہ السلام ان سے فرمائیں گے میرا رب آج ایسا غضبناک ہوا کہ اس سے پہلے ایسا غصہ نہیں ہوا اور نہ کبھی اس کے بعد ایسا غضبناک ہوگا میں نے تین جگہ توریہ (بظاہر جھوٹ) کہا ہے مجھے اپنی فکر ہے اپنی فکر ہے میرے علاوہ کسی کے پاس جاؤ، موسیٰ کے پاس جاؤ!

چنانچہ یہ لوگ موسیٰ علیہ السلام کے پاس جا کر کہیں گے: اے موسیٰ! آپ اللہ کے رسول ہیں اللہ نے آپ کو اپنی رسالت اور اپنے کلام کے ذریعہ لوگوں پر فضیلت دی، ہمارے لئے اپنے رب سے سفارش کریں، آپ ہماری کیفیت نہیں دیکھ رہے اور ہماری حالت آپ کے سامنے نہیں؟ تو موسیٰ علیہ السلام ان سے فرمائیں گے: میرا رب آج ایسا غضبناک ہوا کہ اس سے پہلے ایسا غصہ نہیں ہوا اور نہ کبھی اس کے بعد ہوگا۔ مجھ سے ایک قتل ہوگیا تھا جسے قتل کرنے کا مجھے حکم نہیں تھا مجھے اپنی فکر ہے اپنی فکر ہے اپنی فکر ہے۔ میرے علاوہ کسی اور کے پاس جاؤ! عیسیٰ کے پاس جاؤ! چنانچہ یہ لوگ عیسیٰ علیہ السلام کے پاس آ کر کہیں گے: آپ اللہ کے رسول اور اس کے کلمہ ہیں جسے اس نے مریم کی طرف ڈالا اور اس کی روح (مخلوق) ہیں آپ نے پنگھوڑے میں لوگوں سے کلام کیا، ہمارے لئے اپنے رب سے سفارش کریں، کیا آپ کو ہماری کیفیت نظر نہیں آ رہی ہماری حالت آپ کے سامنے نہیں؟ عیسیٰ علیہ السلام ان سے فرمائیں گے: میرا رب آج ایسا غضبناک ہوا کہ ایسا پہلے نہیں ہوا اور نہ کبھی اس کے بعد ہوگا، مجھے اپنی فکر ہے اپنی فکر ہے میرے علاوہ کسی کے پاس جاؤ! محمد (ﷺ) کے پاس جاؤ، چنانچہ وہ لوگ محمد (ﷺ) کے پاس آ کر کہیں گے: اے محمد! آپ اللہ کے رسول اور خاتم الانبیاء ہیں اللہ تعالیٰ نے آپ کی اگلی پچھلی خطائیں بخش دی ہیں۔ ہمارے لئے اپنے رب سے سفارش کریں، کیا آپ ہماری کیفیت اور ہم جس حالت میں ہیں نہیں دیکھ رہے؟

چنانچہ میں چل کر عرش کے نیچے آؤں گا اور سجدہ میں گر پڑوں گا، پھر اللہ تعالیٰ میرا سینہ کھول دے گا اور مجھے ایسی محامد (اپنی تعریفیں) الہام کرے گا جو مجھ سے پہلے کسی کو الہام نہیں کی ہوں گی، پھر کہا جائے گا: اے محمد! اپنا سر اٹھاؤ! مانگو تمہیں دیا جائے گا، سفارش کرو تمہاری سفارش قبول کی جائے گی، میں اپنا سر اٹھاؤں گا اور عرض کروں گا، اے رب! میری امت میری امت کو بخش دیجئے! کہا جائے گا: اے محمد! اپنی امت میں سے ان لوگوں کو جنت کے دروازوں میں سے داہنے دروازے سے داخل کر دو جن پر کوئی حساب نہیں اور وہ دوسرے دروازوں میں لوگوں کے شریک ہیں۔ اس ذات کی قسم! جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے! جنت کے دو چوکھٹوں کے درمیانی فاصلہ ایسا ہے جیسے مکہ اور ہجر کے درمیان ہے یا جیسے مکہ اور بصری کے درمیان ہے۔ مسند احمد، بخاری، ترمذی عن ابی ہریرۃ

۳۹۰۵۲..... میں قیامت کے روز اولاد آدم کا سردار ہوں گا اور مجھے کوئی فخر نہیں۔ میرے ہاتھ حمد کا جھنڈا ہوگا اور مجھے اس پر کوئی فخر نہیں، اس روز ہر نبی آدم علیہ السلام اور ان کے علاوہ (سب) میرے جھنڈے تلے ہوں گے۔ اور سب سے پہلے میری قبر کھلے گی اور مجھے کوئی فخر نہیں۔ لوگ تین

مرتبہ گھبرائیں گے پھر وہ آدم علیہ السلام کے پاس آ کر کہیں گے: آپ ہمارے باپ آدم ہیں ہمارے لئے اپنے رب سے سفارش کریں، وہ فرمائیں گے: مجھ سے ایک خطا ہوگئی جس کی وجہ سے مجھے زمین اتار دیا گیا البتہ تم نوح کے پاس جاؤ وہ نوح علیہ السلام کے پاس جائیں گے وہ فرمائیں گے: میں نے اہل زمین کے لئے بددعا کی تو وہ ہلاک کردیئے گئے البتہ تم ابراہیم علیہ السلام کے پاس جا، وہ ابراہیم علیہ السلام کے پاس آئیں گے، وہ فرمائیں گے: میں نے تین بار توریہ کیا (جو بظاہر جھوٹ تھا) جو اللہ تعالیٰ کے دین میں حلال نہیں، البتہ تم موسیٰ علیہ السلام کے پاس جاؤ چنانچہ وہ موسیٰ علیہ السلام کے پاس آئیں گے: وہ فرمائیں گے: میں نے ایک شخص قتل کردیا تھا البتہ تم عیسیٰ کے پاس جاؤ تو وہ عیسیٰ علیہ السلام کے پاس آئیں، وہ فرمائیں گے: میری اللہ کے سوا عبادت کی گئی ہے البتہ تم لوگ محمد (ﷺ) کے پاس جاؤ۔ چنانچہ وہ میرے پاس آئیں گے، میں ان کے ساتھ جاؤں گا اور جنت کے دروازے کے حلقہ کو پکڑ کر کھٹکھٹاؤں گا، کہا جائے گا: کون ہے؟ میں کہوں گا: محمد، تو وہ میرے لئے دروازہ کھول کر مجھے خوش آمدید کہیں گے، تو میں سجدے میں پڑ جاؤں گا اللہ تعالیٰ مجھے حمد ثناء کا الہام کرے گا پھر مجھے کہا جائے گا: اپنا سر اٹھاؤ، مانگو تمہیں دیا جائے گا شفاعت کرو تمہاری شفاعت قبول کی جائے گی کہو تمہاری بات سنی جائے گی وہ مقام محمود ہے جس کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے ”عنقریب تجھے تیرا رب مقام محمود پر مبعوث فرمائے گا“ (ترمذی وابن خزیمہ عن ابی سعید الاقولہ فاخذ بحلقۃ باب الجنۃ فاقعقعھا فراھا عن انس)

کلام: ...... ضعیف الجامع ۱۳۱۶۔

۳۹۰۵۳ ...... قیامت کے روز اللہ تعالیٰ ایمان والوں کو جمع فرمائے تو وہ اس کا اہتمام کریں گے اور کہیں گے: اگر ہم اپنے رب سے سفارش کریں تو ہمیں اس جگہ سے نجات دے چنانچہ وہ آدم علیہ السلام کے پاس آئیں گے اور کہیں گے: اے آدم! آپ انسانوں کے باپ ہیں اللہ تعالیٰ نے آپ کو اپنے دست (قدرت) سے بنایا اور اپنے فرشتوں سے آپ کو سجدہ کرایا اور آپ کو ہر چیز کا نام سکھایا ہمارے لئے اپنے رب سے سفارش کریں تاکہ ہمیں اس جگہ سے نجات دے، تو آدم علیہ السلام ان سے فرمائیں گے: میں اس کا اہل نہیں اور آپ کو اپنی وہ لغزش یاد آجائے گی جس کی وجہ سے وہ اپنے رب سے شرمائیں گے۔ اور وہ فرمائیں گے: البتہ تم نوح کے پاس جاؤ کیونکہ وہ زمین والوں کی طرف بھیجے ہوئے پہلے رسول ہیں، پھر وہ نوح علیہ السلام کے پاس آئیں گے وہ فرمائیں گے: میں اس کا اہل نہیں، انہیں اپنی لغزش یاد آئے گی کہ انہوں نے ایسی چیز کا سوال اپنے رب سے کیا تھا جس کا انہیں علم نہیں تھا جس کی وجہ سے وہ اپنے رب سے شرمائیں گے۔ البتہ تم لوگ رحمٰن کے خلیل ابراہیم کے پاس جاؤ وہ ان کے پاس آئیں گے وہ فرمائیں گے: میں اس کا اہل نہیں البتہ تم موسیٰ کے پاس جاؤ وہ ایسا بندہ ہے جس سے اللہ نے کلام کیا اور اسے تورات دی، چنانچہ وہ موسیٰ علیہ السلام کے پاس آئیں گے وہ فرمائیں گے: میں اس کا اہل نہیں، انہیں اس شخص کا قتل یاد آجائے گا جسے انہوں نے ناحق قتل کردیا تھا تو وہ اپنے رب سے شرمائیں گے، البتہ تم عیسیٰ کے پاس جاؤ وہ اللہ کا بندہ، اس کا کلمہ اور اس کی روح (مخلوق) ہے چنانچہ وہ عیسیٰ علیہ السلام کے پاس آئیں گے وہ فرمائیں گے: میں اس کا اہل نہیں، البتہ تم محمد (ﷺ) کے پاس جاؤ وہ ایسے بندے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے ان کے اگلے پچھلے گناہ معاف کردیئے ہیں چنانچہ میں اٹھوں گا اور مومنوں کی دو صفوں میں چل کر اللہ تعالیٰ کے سامنے حاضری کی اجازت طلب کروں گا مجھے اجازت مل جائے گی جب میں اپنے رب کا دیدار کروں گا تو اپنے رب کے لئے سجدہ میں پڑ جاؤں گا پھر وہ جتنا چاہے گا مجھے سجدہ میں رکھے گا، پھر فرمائے گا: محمد! سر اٹھاؤ! کہو تمہاری بات سنی جائے گی مانگو تمہیں دیا جائے گا شفاعت کرو تمہاری شفاعت قبول کی جائے گی میں اپنا سر اٹھا کر اللہ تعالیٰ کی ایسی حمد کروں گا جو وہ مجھے سکھائے گا اس کے بعد میں شفاعت کروں گا، پھر میرے لئے ایک حد مقرر کی جائے گی جنہیں میں جنت میں داخل کروں گا پھر میں دوسری مرتبہ آؤں گا، اپنے رب کو دیکھ کر اس کے سامنے سجدہ ریز ہو جاؤں گا اور جتنی دیر اللہ چاہے گا مجھے سجدہ میں رکھے گا پھر فرمائے گا: محمد! سر اٹھاؤ کہو تمہاری بات سنی جائے گی، مانگو تمہیں عطا کیا جائے گا شفاعت کرو تمہاری شفاعت قبول کی جائے گی پھر میرے لئے حد بندی کی جائے گی اور میں ان لوگوں کو جنت میں داخل کردوں گا۔

پھر میں تیسری مرتبہ آؤں گا اپنے رب کو دیکھ کر اس کے لئے سجدہ ریز ہو جاؤں گا جتنا وہ چاہے گا میں سجدہ میں رہوں گا پھر فرمائے گا: محمد! سر اٹھاؤ کہو تمہاری بات سنی جائے گی مانگو تمہیں دیا جائے گا شفاعت کرو تمہاری شفاعت قبول کی جائے گی، چنانچہ میں اپنا سر اٹھا کر اللہ تعالیٰ کی ایسی حمد کروں گا جو وہ مجھے سکھا۔ ئے گا تو میری لئے حد بندی کی جائے گی اور انہیں جنت داخل کردوں گا۔

پھر میں چوتھی مرتبہ آؤں گا میں کہوں گا اے میرے رب! صرف وہ رہ گیا ہے (جسے جس کو) قرآن نے روک رکھا ہے پھر ہر اس شخص کو جہنم سے نکال لیا جائے گا جس نے لا الہ الا اللہ کہا اور اس کے دل میں جو برابر بھی خیر ہوئی، پھر ان لوگوں کو جہنم سے نکال لیا جائے گا جنھوں نے لا الــہ الا اللہ کہا اور ان کے دلوں میں گندم برابر بھی خیر ہوئی پھر ہر اس شخص کو جہنم سے نکال لیا جائے گا جس نے لا الــہ الا اللہ کہا اور اس کے دل میں ذرہ برابر بھی خیر ہوئی۔مسند احمد، بخاری، ترمذی، ابن ماجہ عن انس

۳۹۰۵۴......قیامت کے روز اللہ تعالیٰ لوگوں کو جمع کرے گا تو ایمان والے اس وقت کھڑے ہو جائیں گے جب جنت ان کے نزدیک کی جائے گی،اس کے بعد وہ آدم علیہ السلام سے آکر کہیں گے: اے ہمارے باپ ہمارے لئے جنت کھلوائیے، وہ فرمائیں گے، میرے بیٹے ابراہیم خلیل اللہ کے پاس جاؤ، ابراہیم علیہ السلام فرمائیں گے: میں اس کا اہل نہیں، میں اس کے علاوہ کا خلیل ہوں، موسیٰ کے پاس جاؤ جس سے اللہ نے کلام کیا، وہ موسیٰ علیہ السلام کے پاس آئیں گے وہ فرمائیں گے: میں اس کا اہل نہیں، تم لوگ عیسیٰ کے پاس جاؤ جو اللہ کا کلمہ اور اس کی (مخلوق) روح ہے عیسیٰ علیہ السلام فرمائیں گے میں اس کا اہل نہیں محمد کے پاس جاؤ چنانچہ وہ محمد ﷺ کے پاس آئیں گے وہ اٹھیں گے اور انہیں اجازت مل جائے گی پھر امانت اور رشتہ داری کو چھوڑا جائے گا وہ دونوں پل صراط کے دائیں بائیں کھڑی ہو جائیں گی۔

اس کے بعد تمہارا پہلا گروہ بجلی کی طرح گزرے گا پھر ہوا کے جھونکے کی طرح پھر پرندے اور سواری کی طرح گزریں گے۔لوگوں کو ان کے اعمال چلائیں گے تمہارے نبی پل صراط پر کھڑے کہہ رہے ہوں گے: اے رب سلامت رکھ، سلامت رکھو! یہاں تک کہ لوگوں کے اعمال عاجز پڑ جائیں گے پھر ایک شخص کو لایا جائے گا تو وہ سوائے گھٹنے کے کسی طرح نہ چل سکے گا، اور پل صراط کے دونوں پہلوؤں پر حکم کے پابند آنکڑے ہوں گے جنہیں جس کے بارے پکڑنے کا حکم ہوگا اسے پکڑ لیں گے کوئی خراش کھا کر نجات پائے گا اور کوئی آگ میں گر جائے گا۔

مسلم عن ابی هريرة و حذيفة

۳۹۰۵۵......میری شفاعت میری امت کے کبیرہ گناہ کرنے والوں کے لئے ہوگی۔مسند احمد،ابو داؤد،ترمذی، ابن حبان، حاکم عن انس، نسائی، ابن ماجه، ابن حبان، حاکم عن جابر، طبرانی عن ابن عباس، خطیب عن ابن عمر عن کعب بن عجرة

کلام:......اسنی المطالب ۷۹۰، الجامع المصنف ۵۰۔

۳۹۰۵۶......میری شفاعت میری امت کے گنہگار لوگوں کے لئے ہوگی، حضرت ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے پوچھا: اگر چہ زنا و چوری کرے!؟ آپ نے فرمایا: اگر چہ زنا و چوری اس سے ہو جائے، ابو درداء کی ناک خاک آلود ہونے کے ساتھ۔خطیب عن ابی الدرداء

کلام:......ضعیف الجامع ۳۴۰۴۔

۳۹۰۵۷......میری شفاعت میری امت کے ان لوگوں کے لئے ہوگی جو میرے گھرانے سے محبت رکھتے ہوں گے۔خطیب عن علی

۳۹۰۵۸......میری شفاعت (میری امت کے ہر فرد کے لئے) مباح ہے صرف اس کے لئے نہیں جس نے میرے صحابہ رضی اللہ عنہم کو برا بھلا کہا۔

حلية الاولياء عن عبدالرحمن بن عوف

کلام:......ضعیف الجامع ۳۴۰۵۔

۳۹۰۵۹......قیامت کے روز میری شفاعت برحق ہے جس کا اس پر یقین نہیں وہ شفاعت والوں میں نہیں ہوگا۔

ابن منیع عن زید بن ارقم وبضعة عشر من الصحابه

کلام:......ضعیف الجامع ۳۴۰۶۔

۳۹۰۶۰......میری امت کے ساتھ جو کچھ پیش ہوگا وہ مجھے (اہم واقعات کی صورت میں) دکھایا گیا، آپس کی خونریزی، یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے طے ہے جیسا پہلی امتوں کے لئے طے تھا تو میں نے سوال کیا کہ مجھے اپنی امت کی شفاعت سونپ دی جائے تو اللہ تعالیٰ نے یہ دعا قبول کر لی۔

مسند احمد،طبرانی فی الاوسط، حاکم عن ام حبيبه

۳۹۰۶۱......ہر نبی کی ایک دعا ہے جو وہ اپنی امت کے بارے میں مانگتا ہے اور جو قبول کر لی گئی اور میں نے قیامت کے روز اپنی امت کی شفاعت

کے لئے اپنی دعا چھپالی۔مسند احمد، بیھقی عن انس

۳۹۰۶۲..... زمین پر جتنے درخت، پتھر اور ڈھیلے ہیں ان سے بڑھ کر میں قیامت کے روز (لوگوں کی) شفاعت کروں گا۔

مسند احمد عن بریدة

کلام:..... ضعیف الجامع ۲۰۹۵۔

۳۹۰۶۳..... میں اپنی امت میں سے سب سے پہلے، مدینہ مکہ اور طائف والوں کے لئے شفاعت کروں گا۔طبرانی عن عبداللہ بن جعفر

کلام:..... ضعیف الجامع ۲۱۳۲، الضعیفہ ۶۸۲۔

۳۹۰۶۴..... مجھے اختیار دیا گیا کہ یا تو میری آدھی امت جنت میں چلی جائے یا میں شفاعت کروں، میں نے شفاعت کو چن لیا، کیونکہ وہ عام اور کافی ہے کیا تم اسے مومنین متقین کے لئے سمجھتے ہو حالانکہ وہ ان گنہگاروں کے لئے ہے جو خطا کار اور گناہوں میں ملوث ہوں گے۔

مسند احمد عن ابن عمر ابن ماجه عن ابی موسی

کلام:..... ضعیف الجامع ۲۹۳۲ ضعیف ابن ماجہ ۹۳۸۔

۳۹۰۶۵..... میں نے اپنے رب سے اپنی امت کے بیس سالہ لوگوں کے بارے میں سوال کیا تو انہیں مجھے دے دیا۔

ابن ابی الدنیا عن ابی هریرة

کلام:..... ضعیف الجامع ۳۲۲۰، الضعیفہ ۱۴۷۳۔

۳۹۰۶۶..... میں نے اپنے رب سے اپنی امت کے چالیس سالہ لوگوں کے بارے میں سوال کیا تو فرمایا: اے محمد! میں نے ان کی بخشش کر دی ہے، میں نے عرض کیا: پچاس سالہ فرمایا: میں نے ان کی مغفرت بھی کر دی ہے میں نے عرض کیا: ساٹھ سالہ فرمایا: میں نے انہیں بھی بخش دیا ہے میں نے عرض کیا: ستر سالہ فرمایا: اے محمد! اپنے بندے سے حیا آتی ہے کہ اسے ستر سال کی عمر دوں، جب کہ وہ میری عبادت کرتا ہو میرے ساتھ کسی کو شریک نہ کرتا ہو، اور میں اسے جہنم کا عذاب دوں۔ رہے لمبے سالوں والے یعنی اسی اور نوے سال والے تو میں قیامت کے روز ان سے کہوں گا: جن لوگوں کو چاہو جنت میں داخل کر لو! ابو الشیخ عن عائشة

۳۸۰۶۷..... میں نے اللہ تعالیٰ سے اپنی امت کے لئے شفاعت کا سوال کیا: فرمایا: تمہارے ستر ہزار ہیں جو بغیر حساب وعذاب کے جنت میں داخل ہوں گے، میں نے عرض کیا: میرے رب! مجھے بڑھا کر دیں فرمایا: اللہ تعالیٰ نے اتنی مخلوق دی گویا اپنے دائیں بائیں سے دو مٹھیاں بھر کر دیں۔هناد عن ابی هريرة

۳۹۰۶۸..... میری امت کی ایک قوم میری شفاعت کہ وجہ سے جہنم سے ضرور نکلے گی جن کا نام ''جہنمی'' پڑ چکا ہوگا۔

نسائی، ترمذی، ابن ماجه عن عمران بن حصین

۳۹۰۶۹..... میری امت کے ایک آدمی کی شفاعت کی وجہ سے جنت میں ضرور داخل ہوں گے جن کی تعداد بنی تمیم سے زیادہ ہوگی۔

مسند احمد، ابن ماجه، ابن حبان، حاکم عبدالله بن ابی الجدعاء

۳۹۰۷۰..... ایک آدمی کی شفاعت سے جو نبی نہیں ہوگا دو قبیلوں، ربیعہ ومضر جتنے لوگ جنت میں ضرور جائیں گے (اور) میں جو کہتا ہوں وہی کہتا ہوں۔مسند احمد طبرانی عن ابی امامة

۳۹۰۷۱..... وسیلہ اللہ تعالیٰ کے ہاں ایسا درجہ اور مقام ہے کہ اس سے اوپر (مخلوق کے لئے) کوئی درجہ نہیں تو اللہ تعالیٰ سے دعا کرو کہ مجھے وسیلہ عطا کرے۔

مسند احمد عن ابی سعید

۳۹۰۷۲..... قیامت کے روز تین طرح کے لوگ شفاعت کریں گے، انبیاء، علماء اور شہداء۔ابن ماجه عن عثمان

کلام:..... ضعیف ابن ماجہ ۹۳۹ ضعیف الجامع ۶۴۲۸۔

۳۹۰۷۳..... (ام سلمہ!) عمل کرتی رہو اور (شفاعت پر) بھروسا نہ کرو کیونکہ میری شفاعت میری امت کے ہلاک ہونے والوں کے لئے

ہے۔(یعنی گنہگاروں کے لئے)۔ابن عدی عن ام سلمه
کلام:......ذخیرۃ الحفاظ ۵۶۸، ضعیف الجامع ۹۷۱۔

الاکمال

۳۹۰۷۴......تم جانتے ہو آج کی رات مجھے میرے رب نے کس بات کو پسند کرنے کا کہا؟ مجھے اختیار دیا کہ یا تو میری آدھی امت جنت میں چلی جائے یا شفاعت کرلوں تو میں نے شفاعت اختیار کرلی اور وہ ہر مسلمان کے لئے ہوگی۔ابن ماجه، حاکم عن عوف بن مالک الاشجعی
۳۹۰۷۵......کیا میں تمہیں نہ بتاؤں کہ ابھی مجھے میرے رب نے کیا اختیار کرنے کو کہا؟ مجھے اختیار دیا کہ یا تو میری امت کا دوتہائی بغیر حساب وعذاب کے جنت میں داخل کردے یا میں شفاعت کروں تو میں نے شفاعت اختیار کی جو ہر مسلمان کے لئے ہوگی۔

طبرانی عن عوف بن مالک

۳۹۰۷۶......مجھے اپنی امت کے (وہ اہم) اعمال دکھائے گئے جو وہ میرے بعد کرے گی تو میں نے قیامت کے روز ان کے لئے شفاعت کو اختیار کرلیا۔ابن النجار عن انس عن ام سلمة
۳۹۰۷۷......اللہ تعالیٰ نے مجھے اختیار دیا کہ یا میری آدھی امت کو بخش دے یا میں شفاعت کروں تو میں نے اپنی شفاعت پسند کرلی، مجھے امید ہے کہ وہ میری امت کے لئے عام ہوگی اگر مجھ سے پہلے نیک بندے نے پہلی نہ کی ہوئی تو میں اپنی دعا جلد کرلیتا، اللہ تعالیٰ نے جب اسحاق علیہ السلام سے ذبح کی آزمائش دور کی، توان سے کہا گیا: اسحاق مانگو تمہیں دیا جائے گا تو انہوں نے عرض کیا: اللہ کی قسم! ہم شیطان کی جھپٹ سے پہلے جلدی مانگ لیں گے، اے اللہ! جو تیرے ساتھ کسی کو شریک کرکے نہیں کیا اور اس نے اچھے عمل کئے تو اس کی مغفرت کرا اور اسے جنت میں داخل کر!

طبرانی، حاکم عن ابی هريرة

کلام:......ذخیرۃ الحفاظ ۹۵۰۔
اس حدیث میں اسحاق علیہ السلام کو ذبح کی آزمائش میں مبتلا بتایا گیا، اس روایت کو ضعیف کہا گیا کیونکہ یہ صحیح احادیث کے خلاف ہے۔
۳۹۰۷۸......مجھے میرے رب نے دو باتوں میں اختیار دیا، یا میری آدھی امت کو جنت میں داخل کرے یا شفاعت۔

طبرانی عن عوف بن مالک

۳۹۰۷۹......میرے پاس میرے رب کا قاصد آیا کہ مجھے اس کا اختیار دیا کہ میری آدھی امت کو جنت میں داخل کرے یا شفاعت، تو میں نے شفاعت اختیار کی، میں اپنی شفاعت میں ہر اس شخص کو شامل کروں گا جو میری امت میں سے اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرتا ہو۔

طبرانی عن معاذ

۳۹۰۸۰......جانتے ہو میں کہاں تھا اور کس کام میں مصروف تھا؟ میرے پاس میرے رب کا قاصد آیا مجھے اس کا اختیار دیا کہ میری آدھی امت کو جنت میں داخل کرے، اور شفاعت کا، تو میں نے شفاعت کو اختیار کیا تم لوگ اور جو اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرے میری شفاعت میں داخل ہے۔مسند احمد، طبرانی عن ابی موسیٰ
۳۹۰۸۱......ہر نبی کی ایک دعا ہے جو اس نے دنیا میں جلدی مانگ لی، میں نے اپنی دعا قیامت کے روز اپنی امت کے گنہگاروں اور خطا کاروں کے لئے چھپا رکھی ہے۔ الخطیب عن ابن مسعود
۳۹۰۸۲......میں نے اپنی دعا قیامت کے روز اپنی امت کی شفاعت کے لئے مخفی رکھی ہے۔حاکم عن ابی هريرة
۳۹۰۸۳......ہر نبی کو ایک دعا دی گئی جو اس نے جلد مانگ لی، میں نے اپنے عطیہ کو اپنی امت کی شفاعت کے لئے مؤخر کردیا۔صرف امت کا ایک شخص شفاعت کرے۔اس کی شفاعت لوگوں کی بڑی تعداد کے بارے میں قبول ہوگی۔ پھر وہ جنت میں داخل ہوں گے۔ایک شخص قبیلہ کے

لئے شفاعت کرے گا، ایک شخص ایک جماعت کے لئے شفاعت کرے گا۔ ایک شخص تین مرد اور ایک آدمی کی شفاعت کرے گا۔

ابن عدی فی الکامل عن ابی سعید

۳۹۰۸۴..... ہر نبی کو ایک عطیہ دیا گیا جو اس نے لے لیا اور میں نے قیامت کے روز اپنی امت کے لئے اپنا عطیہ چھپا کر رکھ لیا۔

عبد بن حمید، ابویعلی و ابن عساکر عن ابی سعید

۳۹۰۸۵..... خبردار! ہر نبی کی دعا قبول ہوگئی، صرف میری دعا رہتی ہے۔ میں نے اسے قیامت کے روز اپنے رب کے پاس ذخیرہ رکھ لیا ہے۔ حمد و صلوٰۃ کے بعد انبیاء اپنی امتوں پر فخر کریں گے کہ ان کی تعداد زیادہ ہے تو مجھے رسوا نہ کرنا، اس واسطے کہ میں تمہارے لئے حوض پر بیٹھا ہوں گا۔

ابن حبان عن انس

۳۹۰۸۶..... قیامت کے روز ہر نبی کے لئے ایک نور کا منبر ہوگا۔ مکمل حدیث شفاعت کے بارے میں۔ ابن حبان عن انس

۳۹۰۸۷..... شفاعت تو کبیرہ گناہوں والوں کے بارے میں ہوگی۔ ھناد عن انس

۳۹۰۸۸..... میں نے اپنے رب سے اپنی امت کے بارے میں شفاعت کا سوال کیا تو مجھے عطا کردی، یہ انشاء اللہ ہر اس شخص کے بارے میں ہوگی جو اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرتا ہو۔ مسند احمد، ابن خزیمہ و الطحاوی و الرویانی، ھاکم، سعید بن منصور عن ابی ذر

۳۸۰۸۹..... قیامت کے روز سب سے پہلے میری قبر کھلے گی مجھے اس پر کوئی فخر نہیں اور مجھے حمد کا جھنڈا دیا جائے گا تو بھی مجھے فخر نہیں، اور قیامت کے دن میں لوگوں کا سردار ہوں گا مجھے اس پھر بھی فخر نہیں، اور میں قیامت کے روز سب سے پہلے جنت میں جاؤں گا اس پر بھی مجھے فخر نہیں، میں جنت کے دروازے پر آؤں گا تو جبار تعالیٰ میرے سامنے ہوگا میں اس کے حضور سجدہ ریز ہوں گا، وہ فرمائے گا، اپنا سر اٹھاؤ جب میری امت کے وہ لوگ جو جہنم میں رہ جائیں گے تو جہنمی (ان سے) کہیں گے تم اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتے تھے اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کرتے تھے، تمہیں اس کا کیا فائدہ ہوا؟ تو رب تعالیٰ فرمائے گا۔ مجھے اپنی عزت کی قسم! میں انہیں جہنم سے ضرور آزاد کروں گا۔ چنانچہ وہ جہنم سے نکلیں گے اور ان کی کھالیں اور ہڈیاں جھلس گئی ہوں گی، انہیں نہر حیات میں ڈالا جائے گا تو وہ اس میں ایسے اگیں گے جیسے سیلاب کے کوڑے میں کوئی بیج اگتا ہے۔ ان کی پیشانیوں پر لکھا جائے گا اللہ تعالیٰ کے آزادہ کردہ ہیں۔ پھر جنتی انہیں جہنمی کہیں گے تو اللہ تعالیٰ فرمائے گا بلکہ یہ جبار کے آزاد کردہ ہیں۔

مسند احمد، نسائی، والدارمی و ابن خزیمہ سعید بن منصور عن انس

۳۹۰۹۰..... میں کھڑا اپنی امت کا انتظار کر رہا ہوں گا کہ وہ پل صراط پار کرے، اتنے میں میرے پاس عیسیٰ علیہ السلام آکر کہیں گے: جناب محمد! یہ انبیاء آپ کے پاس شکایت کر رہے ہیں۔ یا فرمائیں گے۔ یہ جمع ہو رہے ہیں اور اللہ تعالیٰ سے دعا کر رہے ہیں کہ وہ امتوں کے اجتماع کو جہاں چاہے منتشر کرے۔ اس غم کی وجہ سے جس میں وہ مبتلا ہیں اور مخلوق منہ تک پسینے میں ڈوبے ہوئے ہیں۔ مومن تو وہ ان کے لئے زکام کی مانند ہوگا اور کافر تو اس پر موت (کی سی حالت) طاری ہوگی۔ وہ فرمائیں گے ٹھہرو میں ابھی آپ کے پاس آتا ہوں، اس کے بعد اللہ کے نبی جا کر عرش کے نیچے کھڑے ہو جائیں گے۔ اس وقت ان پر ایسا القاء ہوگا جو کسی برگزیدہ فرشتے اور نہ کسی بھیجے ہوئے رسول کی طرف ہو۔ پھر اللہ تعالیٰ جبرئیل علیہ السلام کی طرف وحی بھیجے گا کہ محمد کے پاس جا کر ان سے کہو! اپنا سر اٹھائیے، مانگئے آپ کو دیا جائے گا۔ شفاعت کریں، آپ کی شفاعت قبول کی جائے گی۔ چنانچہ میں اپنی امت کے بارے میں شفاعت کروں گا کہ ہر ننانوے میں سے ایک انسان نکال دیں۔ پھر میں اپنے رب سے اصرار کرتا رہوں گا۔ شفاعت کیے بغیر میں اس جگہ سے نہیں اٹھوں گا، یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ مجھے یہ عطا کر کے فرمائے گا۔ اے محمد، اپنی امت میں سے اس مخلوق خدا کو جنت میں داخل کردو جس نے لا الہ الا اللہ کی گواہی صرف اخلاص کے ساتھ ایک دن دی اور اسی پر فوت ہوا۔

مسند احمد، ابن خزیمہ، سعید بن منصور عن انس

۳۹۰۹۱..... تم دنیا و آخرت میں میرے ساتھی ہو، اللہ تعالیٰ نے مجھے بیدار کیا اور فرمایا: اے محمد! میں نے جو نبی و رسول بھیجا اس نے مجھ سے ایک سوال کیا جو میں نے اسی عطا کیا، تو اے محمد! تم مانگو تمہیں بھی دیا جائے گا، میں نے عرض کیا: میرا سوال قیامت کے روز اپنی امت کے لئے شفاعت ہے، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! شفاعت کیا ہے؟ فرمایا: میں عرض کروں گا، اے میرے رب! میں شفاعت

جسے میں نے آپ کے پاس چھپا رکھا تھا۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا: ہاں، پھر اللہ تعالیٰ میری بقیہ امت کو جہنم سے نکال دے گا اور انہیں جنت میں ڈال دے گا۔ مسند احمد، طبرانی والشیرازی فی الالقاب عن عبادة بن الصامت

۳۹۰۹۲..... لوگو! کیا بات ہے کہ مجھے گھر والوں کے بارے میں اذیت دی جاتی ہے۔ اللہ کی قسم! میری شفاعت ملے گی یہاں تک کہ وہ آ جائے بنی حکم اور صداء، سلہب قیامت کے دن آ جائیں۔ طبرانی و ابن منده عن ابی هریره و ابن عمر و عمار معاً؟

۳۹۰۹۳..... مجھے یہی امید ہے کہ میری شفاعت پہنچے گی جاء اور حکم۔ ابن عساکر عن ابی بردو

۳۹۰۹۴..... جب قیامت کا دن ہوگا اللہ تعالیٰ زمین کو چمڑے کی طرح پھیلا دے گا یہاں تک کہ لوگوں کے لئے صرف قدم رکھنے کی جگہ ہوگی پھر مجھے سب سے پہلے بلایا جائے گا۔ جبرئیل رحمٰن (کے عرش) کے دائیں طرف ہوگا۔ اللہ کی قسم! اس نے اس سے پہلے اسے کبھی نہیں دیکھا، میں کہنے لگوں گا! اے میرے رب! اس نے مجھے بتایا کہ آپ نے اسے میری طرف بھیجا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا: اس نے سچ کہا، پھر میں شفاعت کروں گا۔ میں عرض کروں گا: اے میرے رب! یہ تیرے بندے کہیں انہوں نے زمین کے اطراف میں تیری عبادت کی اور وہ مقام محمود ہے۔

عبدالرزاق وابن جرير عن علي بن الحسن مرسلاً

۳۹۰۹۵..... جب جنتی اور جہنمی جدا جدا ہو کر جنتی جنت میں اور جہنمی جہنم میں داخل ہو جائیں گے تو رسول کھڑے ہو کر شفاعت کریں گے اللہ تعالیٰ فرمائے گا، جاؤ جسے جانتے ہوا سے (جہنم سے) نکال لو، چنانچہ وہ انہیں نکالیں جبکہ ان کے داغ لگ چکے ہوں گے، پھر انہیں اسی نہر میں ڈالیں گے جس کا نام نہر حیات ہے جس سے ان کے داغ زدہ نشان نہر کے کنارے گر پڑیں گے اور وہ سفید ہو کر نکلیں گے جیسے لکڑی پھر وہ شفاعت کریں گے اللہ تعالیٰ فرمائے گا: جس کے دل میں رائی برابر بھی ایمان ہوا سے نکال لو، پھر اللہ تعالیٰ فرمائے گا: اب میں اپنے علم و رحمت سے نکالتا ہوں، تو جتنے انہوں نے نکالے اس سے دوگنے اور اس کے دوگنے نکالے جائیں گے۔ ان کی گردنوں میں لکھا جائے گا۔ اللہ تعالیٰ کے آزاد کردہ، اس کے بعد انہیں جنت میں داخل کیا جائے گا تو وہاں ان کی علامت جہنمی پڑ جائے گا۔

مسند احمد، ابن حبان و ابن منيع والبغوى فى الجعديات ضياء عن جابر

۳۹۰۹۶..... مجھے سب سے پہلے پل صراط پر تلاش کرنا، میں نے عرض کیا، اگر آپ سے وہاں ملاقات نہ ہو؟ آپ نے فرمایا: میں ترازو کے پاس ہوں گا، میں نے عرض کیا: اگر ترازو کے پاس میری آپ سے ملاقات نہیں ہوتی۔ فرمایا: میں حوض کے پاس ہوں گا۔ قیامت کے روز میں ان تین مقامات کے علاوہ کہیں نہیں ہوں گا۔ مسند احمد عن انس، ترمذی حسن غریب عن انس

۳۹۰۹۷..... ایک شخص دو، تین کی شفاعت کرے گا اور ایک شخص ایک کی شفاعت کرے گا۔ ابن خزیمه عن انس

۳۹۰۹۸..... ایک جنتی جھانک کر جہنمی لوگوں کی طرف دیکھے گا تو ایک جہنمی اسے آواز دے گا: ارے بھائی! کیا تو مجھے جانتا نہیں؟ وہ کہے گا: اللہ کی قسم! میں تو تجھے نہیں جانتا، تیرا برا ہو تو کون ہے؟ وہ کہے گا: میں وہ ہوں کہ دنیا میں تو میرے پاس سے گزرا تھا تو نے مجھ سے پانی کا گھونٹ مانگا تھا میں نے تمہیں سیراب کیا تھا اپنے رب سے میرے لئے شفاعت کرو تو یہ شخص اپنے گشت میں اللہ کے حضور جا کر عرض کرے گا۔ اے میرے رب! میں نے جہنمی لوگوں کو جھانک کر دیکھا تو ان میں سے ایک شخص مجھے کہنے لگا: اے فلاں! کیا تو مجھے نہیں جانتا؟ میں نے کہا: اللہ کی قسم! نہیں، میں تجھے نہیں جانتا تو کون ہے؟ وہ کہنے لگا: میں وہی ہوں، دنیا میں تو میرے پاس سے گزرا اور مجھ سے پانی مانگا تھا میں نے تجھے پانی پلایا تھا، اپنے رب سے میری شفاعت کر، اے میرے رب! اس کے بارے میں میری شفاعت قبول کر، پس اللہ تعالیٰ اس کے متعلق اللہ کی شفاعت قبول کرلے گا اور اسے جہنم سے نکال لے گا۔ ابویعلی عن انس

۳۹۰۹۹..... سورج قریب ہوگا یہاں تک کہ پسینہ آدھے کانوں تک پہنچ جائے گا وہ لوگ اس حالت میں ہوں گے کہ حضرت آدم علیہ السلام سے فریاد کریں گے۔ وہ فرمائیں گے میں اس کا اہل نہیں، پھر موسیٰ علیہ السلام سے فریاد کریں گے وہ بھی یہی کہیں گے، پھر محمد ﷺ سے مخلوق میں سے فریاد کریں گے، وہ چلیں گے اور جنت کے حلقہ کو پکڑ لیں گے۔ اس دن اللہ تعالیٰ انہیں مقام محمود پر مبعوث کرے گا۔ ابن جریر عن ابن عمر

۳۹۱۰۰..... مجھے اللہ تعالیٰ نے اس بات میں اختیار دیا کہ ستر ہزار بغیر حساب کے جنت میں داخل ہوں اور اپنی امت کے لئے اس کے پاس

پوشیدہ دعار کھنے کے درمیان بے شک میرے رب نے ہر ہزار کے ساتھ ستر ہزار کا اضافہ کیا اور پوشیدہ دعا اس کے پاس ہے۔

مسند احمد، طبرانی عن ابی ایوب

۳۹۱۰۱...... مجھے میرے رب نے اس میں کہ ستر ہزار بغیر حساب کے جنت میں جائیں اور پوشیدہ دعا کا اختیار دیا اور مجھے میرے رب نے مزید عطا کیا، ہر ہزار کے ساتھ ستر ہزار ہوں اور پوشیدہ دعا اسی کے پاس ہو۔ حلیۃ الاولیاء عن ابی ایوب

۳۹۱۰۲...... ایک قوم شفاعت کے ذریعہ جہنم سے نکلے گی۔ طبرانی فی الکبیر عن جابر

۳۹۱۰۳...... ابھی میرے پاس جبرئیل آئے اور مجھے یہ بشارت دی کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے شفاعت عطا کی ہے۔ کسی نے آپ سے عرض کیا: یارسول اللہ! کیا صرف بنی ہاشم کے لئے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: نہیں۔ کسی نے عرض کیا: قریش کے لئے عمومی؟ آپ ﷺ نے فرمایا نہیں۔ کسی نے عرض کیا: کیا صرف آپ کی امت کے لئے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: وہ میری امت کے گناہوں سے لدے گنہگاروں کے لئے ہے۔

طبرانی و ابن عساکر عن عبداللہ ابن بشیر

۳۹۱۰۴...... قیامت کے دن زمین رحمٰن تعالیٰ کی عظمت کی وجہ سے پھیلادی جائے گی پھر انسانوں کے لئے صرف قدم رکھنے کی جگہ ہوگی پھر سب سے پہلے مجھے بلایا جائے گا اس کے بعد میں سجدہ ریز ہوں گا پھر مجھے اجازت دی جائے گی میں کھڑے ہو کر کہوں گا: اے میرے رب! اس (جبرئیل) نے مجھے بتایا کہ آپ نے اسے میری طرف بھیجا ہے۔ وہ اس وقت رحمٰن تعالیٰ کی دائیں جانب ہوگا، اللہ کی قسم! اس سے پہلے جبرئیل نے کبھی (اللہ تعالیٰ) کو نہیں دیکھا ہوگا۔ جبرئیل خاموش کھڑے کچھ بول نہیں رہے ہوں گے۔ یہاں تک اللہ تعالیٰ (خود ہی) فرمائیں گے: اس نے (جو کچھ کہا) سچ کہا، اس کے بعد مجھے شفاعت کی اجازت ہوگی۔ پس میں کہوں گا: اے میرے رب! تیرے بندے ہیں جنہوں نے زمین کے گردونواح میں تیری عبادت کی ہے۔ یہی مقام محمود ہے۔ حاکم عن جابر

۳۹۱۰۵...... قیامت کے روز زمین رحمٰن تعالیٰ کی عظمت کی وجہ سے پھیلادی جائے گی کسی کے لئے سوائے قدم رکھنے کی کوئی جگہ نہیں مجھے سب سے پہلے بلایا جائے گا۔ مجھے رحمٰن تعالیٰ (کے عرش) کی دائیں جانب جبرئیل نظر آئیں گے۔ اس ذات کی قسم! جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے، انہوں نے اس سے پہلے اللہ تعالیٰ کو نہیں دیکھا، میں عرض کروں گا اے میرے رب! یہ میرے پاس آ کر کہنے لگے۔ آپ نے انہیں میری طرف بھیجا ہے؟ جبرئیل خاموش ہوں گے اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: انہوں نے سچ کہا: میں نے ہی اسے آپ کی طرف بھیجا تھا، آپ اپنی ضرورت بیان کریں۔ میں عرض کروں گا۔ اے میرے رب! میں تیرے بندے چھوڑ آیا تھا جو زمین کے اطراف میں تیری عبادت کیا کرتے تھے اور ٹیلوں کی گھاٹیوں میں تیرا ذکر کیا کرتے تھے اب وہ میرے یہاں جانے کے بعد کے جواب کے منتظر ہیں؟ اللہ تعالیٰ فرمائے گا: میں آپ کو ان کے بارے میں رسوا نہیں کروں گا، یہ مقام محمود جس کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: عنقریب تیرا رب تجھے مقام محمود پر مبعوث کرے گا۔

حلیۃ الاولیاء، بیہقی عن علی بن الحسن عن رجل من الصحابۃ

۳۹۱۰۶...... میری شفاعت میری امت کے گنہگاروں کے لئے ہے۔ حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ بولے: اگر وہ زنا و چوری کا ارتکاب کرے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ابودرداء کی ناک خاک آلود ہونے کے ساتھ بھی وہ اگرچہ زنا و چوری کرلے۔ الخطیب عن ابی الدرداء

۳۹۱۰۷...... مسلمانوں کی ایک قوم شفاعت کرنے والوں اور اللہ کی رحمت سے جہنم میں عذاب دیئے جانے کے بعد جنت میں ضرور داخل ہوں گی۔

طبرانی عن ابن مسعود

کلام: ...... ذخیرۃ الحفاظ ۴۶۵۲

۳۹۱۰۸...... اور لوگوں کو کیا ہوا، جو سمجھتے ہیں کہ میری شفاعت میرے گھرانے کے لوگوں کو حاصل نہیں ہوگی، جبکہ میری شفاعت جاء اور حکم (جو سب سے بڑے قبیلے ہیں) کو بھی شامل ہے۔ طبرانی عن ام ہانی

۳۹۱۰۹...... میں نے اپنے رب سے ان دونوں کے بارے میں (یعنی والدین) کوئی سوال نہیں کیا کہ وہ مجھے ان دونوں کے بارے میں عطا کرے اور میں اس دن مقام محمود پر کھڑا ہوں گا جس دن اللہ تعالیٰ اپنی کرسی پر نزول (اپنی شان کے مطابق) فرمائے گا تو وہ ایسے چرچرائے گی

جیسے کسی شخص سے تنگ کرسی چر چراتی ہے باوجودیکہ وہ زمین وآسمان کی طرح کشادہ ہے اور (اس دن) تمہیں ننگے پاؤں ننگے بدن اور بے ختنہ کے لایا جائے گا سب سے پہلے ابراہیم علاالسلام کو پوشاک پہنائی جائے گی اللہ تعالیٰ فرمائے گا میرے خلیل کو پوشاک پہناؤ پھر جنت کی چادروں میں دو سفید چادریں لائی جائیں گی جنہیں وہ پہنیں گے پھر وہ عرش کی جانب رخ کرکے بیٹھ جائیں گے ان کے بعد مجھے پوشاک پہنائی جائے گی میں اٹھ کر اللہ تعالیٰ کی دائیں جانب کھڑا ہوجاؤں گا جہاں میرے علاوہ کوئی کھڑا نہیں ہوگا اس کی وجہ سے مجھ پر اولین وآخرین رشک کریں گے اور کوثر کی طرف سے میرے حوض کی جانب ایک نہر کھد جائے گی جو مشک اور کنکریوں سے بہے گی اس کی پیداوار سونے کی شاخیں ہوں گی اس کے پھل موتی اور جوہر ہوں گے اس کا پانی دودھ سے زیادہ سفید اور شہید سے زیادہ میٹھا ہوگا جیسے اللہ تعالیٰ اس کا ایک گھونٹ پلادے گا وہ اس کے بعد پیاسا نہیں ہوگا اور جو اس سے محروم رہا وہ کبھی سیراب نہیں ہوگا۔ مسند احمد ابن جریر، حاکم عن ابن مسعود

۳۹۱۱۰......میں اپنی امت کے برے لوگوں کے لئے بہترین آدمی ہوں کسی نے عرض کیا: یارسول اللہ آپ ان کے نیک لوگوں کے لئے کسے ہوں گے؟ آپ نے فرمایا: رہے میری امت کے برے لوگ تو اللہ انہیں میری شفاعت کی وجہ سے جنت میں داخل کرے گا اور رہے ان کی نیک لوگ تو اللہ تعالیٰ انہیں ان کے اعمال کی بدولت جنت میں داخل کرے گا۔ طبرانی، حلیة الاولیاء عن ابی امامة

کلام:......ذخیرۃ الحفاظ ۵۷۵۳

۳۹۱۱۱......میں اپنی امت کے برے لوگوں کے لئے بہترین آدمی ہوں، کسی نے عرض کیا: یارسول اللہ! آپ ان کے نیک لوگوں کے لیے کیسے ہوں گے؟ آپ نے فرمایا: میری امت کے نیک لوگ اپنے اعمال کی بدولت جنت میں جائیں گے اور میری امت کے برے لوگ میری شفاعت کے منتظر ہوں گے آگاہ رہو! وہ قیامت کے روز میری پوری امت کے لئے جائز ہوگی صرف وہ شخص محروم رہے گا جو میرے صحابہ رضی اللہ عنہم کی شان گھٹاتا ہوگا۔ الشیرازی فی الالقاب وابن النجار عن ام سلمة

۳۹۱۱۲......اس ذات کی قسم! جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے؟ مجھے یقین ہے کہ ابراہیم علیہ السلام بھی میری شفاعت کی خواہش رکھیں گے۔

حاکم فی تاریخه عن ابی بن کعب

۳۹۱۱۳......حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے عرض کیا یارسول اللہ! اللہ تعالیٰ نے شفاعت کے بارے میں آپ کو کیا جواب دیا ہے؟ آپ نے فرمایا: میرے خیال میں اس کے متعلق پوچھنے والے تم پہلے شخص ہو کیونکہ مجھے تمہاری علمی لگن معلوم ہے مجھے ان کے جنت کے دروازے پر کھڑے ہونے کی کوئی فکر نہیں مجھے اپنی پوری شفاعت کی فکر ہے میری شفاعت ہر اس شخص کے لئے ہوگی جس نے خلوص دل سے لا الہ الا اللہ اور محمد رسول اللہ ﷺ کی گواہی دی اس کی زبان اس کے دل کی اور اس کا دل اس کی زبان کی تصدیق کرتا ہو۔

طبرانی حاکم عن ابی هریرة

۳۹۱۱۴......میں تمہارے لیے اپنی زندگی کی سچائی میں ایک جگہ ہوں اور جب میں فوت ہوجاؤں گا تو اپنی قبر میں پکارتا رہوں گا: اے میرے رب! میری امت میری امت یہاں تک کہ صور میں پہلی بار پھونکا جائے پھر میری دعا قبول ہوتی رہے گی یہاں تک کہ دوسری بار صور میں پھونکا جائے۔

الحکیم عن انس

۳۹۱۱۵......اس قبلہ والے اتنی تعداد میں جس کا علم صرف اللہ ہی کو ہے اللہ تعالیٰ کی نافرمانی اور گناہوں پر جرات مندی اور اس کی فرمانبرداری کی مخالفت کی وجہ سے جہنم میں داخل ہوگی پھر مجھے شفاعت کی اجازت ملے گی میں سجدہ میں اللہ تعالیٰ کی ایسے ہی تعریف کروں گا جیسے کھڑے ہوکر کرتا ہوں، پھر کہا جائے گا: اپنا سر اٹھاؤ مانگو تمہیں دیا جائے گا شفاعت کرو تمہاری شفاعت قبول کی جائے گی۔ طبرانی عن ابن عمرو

۳۹۱۱۶......جنتی جنت میں ان لوگوں کو گم پائیں گے جو دنیا میں ان کے ساتھ ہوتے تھے یہ لوگ انبیاء سے جاکر عرض کریں گے: ہمارے لئے شفاعت کریں تو وہ لن کے حق شفاعت کریں گے انہیں جہنم سے نکال لیا جائے گا اور ان پر ماءحیات ڈالا جائے گا تو وہ ککڑی کی طرح ہوجائیں گے ان کا نام آزاد کھا جائے گا وہ سب سے (جہنم سے) آزاد ہوں گے۔ الشیرازی فی الالقاب عن جابر

۳۹۱۱۷......انبیاء کے لیے سونے کے منبر رکھے جائیں گے جن پر وہ بیٹھیں گے اور میرا منبر خالی رہے گا میں اس پر نہیں بیٹھوں گا میں اپنے رب

کے سامنے دست بستہ کھڑا رہوں گا کہ کہیں مجھے جنت میں پہنچا دیا جائے اور میری امت میرے بعد تنہارہ جائے میں عرض کروں گا: میرے رب! میری امت میری امت اللہ تعالیٰ فرمائے گا: اے محمد! آپ کیا چاہتے ہیں کہ میں آپ کی امت سے کا برتاؤ کروں؟ میں عرض کروں گا: میرے رب! ان کا حساب جلد لیں چنانچہ انہیں بلا کر ان سے حساب لیا جائے گا ان میں سے کوئی تو اللہ کی رحمت سے جنت میں داخل ہو جائے گا اور کوئی میری شفاعت سے داخل ہوگا میں شفاعت کرتا رہوں گا یہاں تک کہ مجھے ان آدمیوں کی ایک فہرست دی جائے گی جن کے بارے جہنم کا حکم ہو چکا ہوگا اور جہنم کا داروغہ کہے گا: اے محمد! تم نے اپنے رب کی ذرا ناراضگی اپنی امت میں نہیں چھوڑی۔

ابن ابی الد نیا فی حسن الظن یا اللہ، طبرانی، حاکم وتعقب بیھقی فی البعث ابن عساکر و ابن النجار عن ابن عباس

کلام:......القدریۃ الضعیفہ ۳۹

الحوض

۳۹۱۱۸......انبیاء آپس میں فخر کریں گے کہ کس کی امت کے لوگ زیادہ ہیں مجھے امید ہے کہ اس دن میرے امتی زیادہ ہوں گے سب کے سب حوض پر آئیں گے ان میں سے ہر ایک بھرے حوض پر کھڑا ہوگا اس کے ہاتھ میں لاٹھی ہوگی اپنی امت میں سے جسے پہچانتا ہوگا اسے بلائے گا ہر امت کی ایک نشانی ہوگی جس سے اسے اس کا نبی پہچان لے گا۔ طبرانی فی الکبیر عن سمرۃ

۳۹۱۱۹......تمہارے سامنے ایک حوض ہوگا جس کی چوڑائی جرباء اوراذرح مقام جتنی ہوگی۔ مسند احمد، مسلم عن ابن عمر

۳۹۱۲۰......تمہارے سامنے ایک حوض ہے جس کی چوڑائی جرباء اوراذرح جتنی ہے اس میں ستاروں کی طرح آبخورے (گلاس) ہوں گے جو وہاں آیا اور اس کا پانی پیا وہ پھر کبھی پیاسا نہیں ہوگا۔ مسلم عن ا بن عمر

۳۹۱۲۱......میرے حوض میں جاموں کی تعداد آسمانی ستاروں جتنی ہے۔ ترمذی عن انس

۳۹۱۲۲......میں حوض پر تمہارے نمائندہ ہوں گا اس کی چوڑائی ایلہ سے جحفۃ تک ہے مجھے یہ خدشہ نہیں کہ تم میرے بعد مشرک ہو جاؤ گے لیکن مجھے تمہارے بارے دنیا کا ڈر ہے کہ ایک دوسرے سے آگے بڑھنے لگو گے آپس میں لڑ کر ایسے ہی ہلاک ہو جاؤ گے جیسے تم سے پہلے لوگ ہلاک ہوئے۔

مسلم عن عقبۃ بن عامر

۳۹۱۲۳......قیامت کے روز میں اپنے حوض کے پینے کی جگہ سے یمن والوں کے لئے لوگوں کو ہٹا رہا ہوں گا اور انہیں اپنی لاٹھی سے پیچھے کر رہا ہوں گا یہاں تک کہ وہ ان پر بہہ پڑے کسی نے اس کی چوڑائی پوچھی آپ نے فرمایا: میری اس جگہ سے عمان تک کسی نے اس کے پانی کے بارے میں پوچھا آپ نے فرمایا: دودھ سے زیادہ سفید اور شہد سے زیادہ میٹھا اس میں جنت کے دو پرنالے لگا تار بہتے رہیں گے ایک سونے کا دوسر چاندی کا۔ مسند احمد، مسلم عن ثوبان

۳۹۱۲۴......قیامت کے روز میری امت کا ایک گروہ میرے پاس آئے گا وہ حوض پر آنا چاہیں گے میں کہوں گا: میرے رب! یہ میرے ساتھی کہیں اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: آپ کو پتہ نہیں انہوں نے آپ کے بعد کیا بدعات نکالیں یہ آپ کے بعد الٹے پاؤں مرتد ہوتے رہے۔

ابن ماجہ عن ابی ھریرۃ

۳۹۱۲۵......میں حوض پر تمہارا نمائندہ ہوں گا تمہارا انتظار کروں گے تمہارے کچھ لوگ میرے سامنے ہوں گے یہاں تک کہ جب میں انہیں دیکھ لوں گا تو وہ میرے سامنے روک دیے جائیں گے میں عرض کروں گا: میرے رب! میرے ساتھی میرے ساتھی! کہا جائے گا: آپ کا معلوم نہیں انہوں نے آپ کے بعد کیا بدعات کیں۔ مسند احمد بخاری عن حذیفۃ

۳۹۱۲۶......میں حوض پر تمہارا پیش رفتہ ہوں گا اور میں کچھ لوگوں سے جھگڑوں گا پھر ان غالب آجاؤں گا میں کہوں گا: میرے رب! میرے ساتھی میرے ساتھی اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: آپ کو معلوم نہیں انہوں نے آپ کے بعد کیا بدعات ایجاد کیں۔ مسند احمد مسلم عن ابن مسعود

۳۹۱۲۷......ابھی مجھ پر یہ سورۃ نازل ہوئی ہے اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے بے شک ہم نے آپ کو کوثر عطا کی پس اپنے رب کے لیے نماز پڑھیں اور قربانی کریں بے شک آپ کا دشمن ہی بے نسل ہے جانتے ہو کوثر کیا ہے؟ وہ ایک نہر ہے جس کا میرے رب نے مجھ سے وعدہ کیا ہے اس پر بڑی خیر ہے وہ میرا حوض ہے قیامت کے روز اس پر میری امت آئے گی اس کے جام ستاروں کے بقدر ہیں ایک شخص کو میرے سامنے روک لیا جائے گا میں کہوں گا: میرے رب! یہ میرا امتی ہے اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: آپ کو معلوم نہیں اس نے آپ کے بعد کیا بدعات کیں۔مسلم، ابو داؤد، نسائی عن انس

۳۹۱۲۸......میری امت میرے پاس حوض پر آئے گی اور میں لوگوں کو اس سے ایسے ہٹا رہا ہوں گا جیسے کوئی شخص کسی کے اونٹ اپنے اونٹوں سے دور ہٹاتا ہے لوگوں نے عرض کیا: اللہ کے نبی! آپ ہمیں (اتنی بھیڑ میں) پہچان لیں گے؟ آپ نے فرمایا: ہاں تمہاری ایک علامت ہوگی جو کسی اور کی نہیں ہوگی تم سامنے آؤ گے تو وضوء کے نشانات کی وجہ سے تمہاری پیشانیاں اور ایڑیاں چمک رہی ہوں گی البتہ تمہاری ایک جماعت مجھ سے روک دی جائے گی وہ مجھ تک نہیں پہنچ جائیں گے میں عرض کروں گا: میرے رب یہ میرے ساتھی ہیں فرشتہ مجھے جواب دے گا آپ کو معلوم ہے انہوں نے آپ کے بعد کیا نئی باتیں ایجاد کیں۔مسلم عن ابی ہریرۃ

۳۹۱۲۹......میں حوض پر ہوں گا اور تم میں سے اپنے پاس آنے والوں کو دیکھ رہا ہوں گا کچھ لوگوں کو مجھ تک پہنچے سے پہلے روک لیا جائے گا میں کہوں گا میرے رب! یہ میرے لوگ اور میرے امتی ہیں مجھے کہا جائے گا کیا آپ جانتے ہیں انہوں نے آپ کے بعد کیا کیا؟ اللہ کی قسم! یہ آپ کے بعد الٹی ایڑیاں لوٹتے رہے۔مسلم عن اسماء بنت ابی بکر مسند احمد، مسلم عن عائشة

۳۹۱۳۰......میں حوض پر تمہارا پیش رفتہ ہوں گا تو مجھے اس سے بچانا کہ تم میں سے ہرگز کوئی ایسی حالت میں نہ آئے اور اسے مجھ سے روک دیا جائے جیسے دبلے اونٹ ہٹا دیے جاتے ہیں میں کہوں گا: ایسا کیوں تو کہا جائے گا: آپ کو معلوم نہیں انہوں نے آپ کے بعد کیا بدعات دین میں ایجاد کیں تو میں کہوں گا: دور ہی رہیں۔مسلم عن ام سلمة

۳۹۱۳۱......میرے ساتھیوں میں سے کچھ لوگ میرے پاس حوض پر آئیں گے اور میں جب انہیں دیکھ لوں گا اور پہچان لوں گا تو انہیں میرے سامنے روک دیا جائے گا میں کہوں گا: میرے رب! میرے ساتھی: میرے ساتھی ہیں مجھ سے کہا جائے گا: آپ کو معلوم نہیں انہوں نے آپ کے بعد کیا بدعات ایجاد کیں۔حاکم، مسند احمد بخاری عن انس وحذیفة

۳۹۱۳۲......میں حوض پر تمہارا پیشرو ہوں اس کے دونوں کناروں کے درمیان صنعاء وایلہ جتنا فاصلہ ہے اس میں ستاروں کے بقدر آبخورے ہیں۔
مسند احمد، مسلم عن جابر بن سمرة

۳۹۱۳۳......میں جنت میں چل رہا تھا کہ اچانک مجھے ایک نہر نظر آئی جس کے دونوں کناروں پر خول دار موتی چمک رہے تھے میں نے کہا: جبرائیل! یہ کیا ہے؟ کہا: کوثر ہے جو اللہ تعالیٰ نے آپ کو عطا کیا پھر اس کی مٹی میں ہاتھ ڈالا تو مشک نکال ڈالی پھر سدرۃ المنتہیٰ میرے سامنے ہوئی وہاں میں نے بہت بڑا نور دیکھا۔بخاری ترمذی عن انس

۳۹۱۳۴......حوض پر آنے والوں کے مقابلہ میں تم ان کے لاکھویں جز کا ایک جزء بھی نہیں ہو۔مسندا احمد، ا ابو داؤد حاکم عن زید بن ارقم

۳۹۱۳۵......میں اپنے حوض سے بہت سے لوگوں کو ہٹا دوں گا جیسے اجنبی اونٹ ہٹائے جاتے ہیں۔ابو داؤد عن ابی ہریرۃ

۳۹۱۳۶......میرے حوض کی چوڑائی صنعاء اور مدینہ جتنی ہے یا جیسے مدینہ اور عمان کا درمیانی فاصلہ اس میں سونے چاندی کے جام نظر آئیں گے جن کی تعداد ستاروں جتنی ہوگی یا ان سے (بھی) زیادہ ہوگی۔

۳۹۱۳۷......جانتے ہو کوثر کیا ہے؟ وہ ایک نہر ہے جو اللہ تعالیٰ نے جنت میں مجھے عطا کی ہے اس پر بڑی خیر ہے قیامت کے روز اس پر میری امت آئے گی اس کے برتن ستاروں کی تعداد کے برابر ہیں ان میں سے ایک شخص روک دیا جائے گا میں کہوں گا: میرے رب! میرا امتی ہے کہا جائے گا: آپ کو معلوم نہیں اس نے آپ کے بعد کیا بدعات نکالیں۔مسند احمد، مسلم، ابو داؤد، نسائی عن زید بن خالد

۳۹۱۳۸......اس ذات کی قسم! جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے حوض کے جام آسمانی ستاروں سے جو سخت تاریک رات میں چمکتے ہیں

تعداد میں زیادہ ہیں وہ جنت کے برتن ہیں جس نے اسے پی لیا وہ جب تک اس میں رہے گا پیاسا نہیں ہوگا اس کی چوڑائی اس کی لمبائی جتنی ہے جو عمان سے ایلہ تک ہے اس کا پانی دودھ سے زیادہ سفید اور شہد سے میٹھا ہے۔ مسند احمد، نسائی، مسلم عن ابی ذر

۳۹۱۳۹......اس ذات کی قسم! جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے میں ضرور بہت سے لوگوں کو اپنے حوض سے ہٹاؤں گا جیسے کسی مخصوص حوض سے اجنبی اونٹوں کو ہٹایا جاتا ہے۔ بخاری عن ابی ھریرة

۳۹۱۴۰......میرا حوض کعبہ سے بیت المقدس (جتنا چوڑا) ہے اس کا پانی دودھ کی طرح سفید اور اس کے جام تعداد میں تاروں جتنے ہیں اور قیامت کے روز میرے متبعین سب سے زیادہ ہوں گے۔ ابن ماجه عن ابی سعید

کلام:......ضعیف الجامع ۱۸۵۔

۳۹۱۴۱......میرا حوض ایلہ سے عدن تک چوڑا ہے اس ذات کی قسم! جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے! اس کے جام تعداد میں ستاروں سے بڑھ کر ہیں وہ دودھ سے زیادہ سفید شہد سے زیادہ میٹھا ہے اس ذات کی قسم! جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے! میں بہت سے لوگوں کو وہاں سے ایسے ہٹاؤں گا جیسے کوئی اپنے حوض سے اجنبی اونٹ ہٹاتا ہے لوگوں نے عرض کیا یا رسول اللہ! کیا آپ ہمیں پہچان لیں گے؟ آپ نے فرمایا: ہاں تمہاری پیشانیاں اور ایڑیاں وضو کی وجہ سے چمک رہی ہوں گی جو کسی اور کی علامت نہیں ہوگی۔ مسلم ابن ماجه عن حذیفة

۳۹۱۴۲......میرا حوض ایلہ سے عدن تک چوڑا ہے اس کا پانی برف سے زیادہ سفید اور دودھ ملے شہد سے زیادہ میٹھا ہے اور اس کے جام میں ستاروں کی تعداد سے بڑھ کر ہیں میں وہاں سے لوگوں کو ضرور ہٹاؤں گا جیسے کوئی شخص لوگوں کے اونٹوں کو اپنے حوض سے دور کرتا ہے لوگوں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! کیا آپ ہمیں پہچان لیں گے آپ نے فرمایا: ہاں تمہاری ایک علامت ہوگی جو کسی اور امت کی نہیں ہوگی تمہاری آمد اس طرح ہوگی کہ تمہاری پیشانیاں اور ایڑیاں وضو کی وجہ سے چمک رہی ہوں گی۔ مسلم عن ابن ھریرة

۳۹۱۴۳......میرا حوض، صنعاء سے مدینہ جتنا ہے اس میں ستاروں کی طرح برتن ہوں گے۔ بخاری عن حارثة بن وھب والمستورد

۳۹۱۴۴......میرے حوض کی (لمبائی) مسافت مہینہ بھر ہے اور اس کی اطراف برابر ہیں اس کا پانی دودھ سے زیادہ سفید اور اس کا ذائقہ اور خوشبو مشک سے زیادہ ہے اس کے برتن آسمانی ستاروں کی طرح ہیں جس نے اسے پیا کبھی پیاسا نہیں ہوگا۔ بخاری عن ابن عمر

۳۹۱۴۵......میرا حوض عدن سے بلقاء تک ہے اس کا پانی دودھ سے زیادہ سفید شہد سے زیادہ میٹھا ہے اس کے جام ستاروں کی تعداد میں ہیں جس نے اس کا ایک گھونٹ پی لیا کبھی پیاسا نہیں ہوگا سب سے پہلے مہاجرین کے فقراء لوگ ہوں گے جن کے بال پراگندہ اور کپڑے میلے کچیلے جو مالدار عورتوں سے نکاح نہیں کرسکتے اور نہ ان کے لیے بند دروازے کھولے جاتے ہیں ترمذی، حاکم عن ثوبان

۳۹۱۴۶......کوثر جنت کی نہر ہے اس کے کنارے سونے کے اس میں موتی اور یاقوت پہلے کی اس کی مٹی مشک سے زیادہ خوشبودار ہوگی اس کا پانی شہد سے میٹھا اور برف سے زیادہ سفید ہوگا۔ مسند احمد، ترمذی ابن ماجه عن ابن عمر

۳۹۱۴۷......کوثر جنت کی ایک نہر ہے جو اللہ تعالیٰ نے مجھے عطا کی ہے اس کی مٹی مشک ہے اس کا پانی دودھ سے سفید اور شہد سے زیادہ میٹھا ہے اس پر آنے والے پرندوں کی گردیں جانوروں کی طرح ہوں گی ان کا کھانا ان سے زیادہ لذیذ ہوگا۔ حاکم عن انس

۳۹۱۴۸......تمہارے سامنے میرا حوض ہے۔ جس کی چوڑائی جرباء اور اذرح جتنی ہے۔ بخاری ابو داؤد عن ابن عمر

۳۹۱۴۹......میرا حوض عدن سے عمان بلقاء تک (چوڑا) ہے اس کا پانی دودھ سے سفید اور شہد سے میٹھا ہے اس کے برتن ستاروں کی تعداد میں ہیں جس نے اس کا ایک گھونٹ پی لیا کبھی پیاسا نہیں ہوگا سب سے پہلے وہاں مہاجرین کے فقراء لوگ آئیں گے جن کے سر پراگندہ کپڑے میلے جو مالدار عورتوں سے نکاح نہیں کرسکتے اور نہ ان کے ہے بند دروازے کھلتے ہیں جن سے ان پر واجب حق تو وصول کیا جاتا ہے اور جو ان کا حق بنا ہے وہ انہیں نہیں دیا جاتا۔ مسند احمد، ترمذی، ابن ماجه حاکم عن ثوبان

۳۹۱۵۰......میرے حوض کی مقدار ایلہ اور یمن کے صنعاء جتنی ہے اور اس میں ستاروں کی تعداد کے برابر برتن ہیں۔ مسند احمد، بیھقی عن انس

کلام:......ذخیرۃ الحفاظ ۱۹۵۵

۳۹۱۵۱..... ہرقوم کا ایک پیشرو ہوگا میں حوض پر تمہارا پیشرو ہوں جو حوض پر آیا اور پانی پی لیا وہ کبھی پیاسا نہیں ہوگا اور جو پیاسا نہیں ہوا وہ جنت میں جائے گا۔طبرانی عن سهل بن سعد

کلام:.....ضعیف الجامع ۱۹۳۸

۳۹۱۵۲..... ہر نبی کا حوض ہے اور اس پر فخر کریں گے کہ کسی کے آنے والے زیادہ ہیں اور مجھے یقین ہے کہ میں ان میں زیادہ تعداد والا ہوں گا۔

ترمذی عن سمرة

۳۹۱۵۳..... میں جنت میں داخل ہوا تو ایک نہر دیکھی جس کے دونوں کناروں پر موتیوں کے خیمے ہیں میں نے اس کے بہتے پانی میں ہاتھ ڈالا تو وہ خوشبودار مشک تھا میں نے کہا: جبرائیل یہ کیا ہے انہوں نے کہا: یہ وہ کوثر ہے جو اللہ تعالیٰ نے آپ کو عطا کیا۔

مسند احمد، بخاری ترمذی نسائی عن انس

۳۹۱۵۴..... حوض کے برتنوں کی تعداد آسمانی ستاروں جتنی ہے۔ابوبکر بن ابی داؤد فی البعث عن انس

۳۹۱۵۵..... یہ امت حوض پر ضرور ایسا اژدھام بنائے گی جیسے پانچ دن سے پیاسے اونٹ پانی کے گھاٹ پر بناتے ہیں۔طبرانی عن العرباض

۳۹۱۵۶..... جب دونوں انگلیاں اپنے کانوں میں ڈالو گے تو کوثر کے بہاؤ کی آواز سنو گے۔دارقطنی عن عائشة

کلام:..... تکمیل النفع ضعیف الجامع ۴۵۴

الاکمال

۳۹۱۵۷..... مجھے اپنا حوض دکھایا گیا تو اس کے کناروں پر آسمانی ستاروں کی طرح جام پڑے تھے میں نے جب اس میں اپنا ہاتھ ڈالا تو خوشبودار تھا۔ابن النجار عن انس

۳۹۱۵۸..... مجھے جنت کی ایک نہر دی گئی جس کا نام کوثر ہے اس کے درمیان میں یاقوت، مرجان، زبرجد اور موتی ہیں وہ اللہ کی قسم! صنعاء اور ایلہ جتنی (چوڑی) ہے اس میں رکھے جام آسمانی ستارون کی طرح ہیں اے فہد کی بیٹی مجھے وہاں آنے والوں میں تری قوم سب سے زیادہ محبوب ہے۔

طبرانی فی الکبیر عن اسامة بن زید

۳۹۱۵۹..... مجھے جنت میں ایک نہر کوثر دی گئی جس کی لمبائی چوڑائی مشرق و مغرب جتنی ہے اس سے جو بھی پی لے گا پیاسا نہیں ہوگا اور جو اس سے وضو کرے گا اس کے بال پراگندہ نہیں ہوں گے اس سے وہ شخص نہیں پی سکے گا جس نے میرا ذمہ کا انکار کیا میرے اہل بیت کو قتل کیا۔

ابن مردویه عن انس

۳۹۱۶۰..... مجھے جنت کی ایک نہر عطا کی گئی جسے کوثر کہتے ہیں اس کا پانی دودھ سے زیادہ سفید شہد سے زیادہ میٹھا اور مکھن سے زیادہ نرم ہوگا اس میں پرندے ہوں گے جس کی گردنیں جانور کی طرح ہوں گی حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: وہ تو بڑے عمدہ ہوں گے آپ نے فرمایا: ان کا گوشت ان سے زیادہ نرم وملائم ہوگا۔ابن مردویه عن انس

۳۹۱۶۱..... مجھے کوثر عطا کی گئی میں نے اس کی مٹی میں ہاتھ مارا تو وہ خوشبودار مشک تھا اور راس کے کنکر موتی تھے اور اس کے کنارے پر چمکنے موتی ہوں گے۔ابویعلی عن انس

۳۹۱۶۲..... میرا حوض ایلہ وصنعاء جتنا چوڑا ہے اور اس کی چوڑائی اس کی لمبائی جیسی ہے اس میں جنت کے دو پرنالے گرتے ہیں ایک چاندی کا اور دوسرا سونے کا اس کا پانی دودھ سے زیادہ سفید اور شہد سے میٹھا ہے برف سے زیادہ ٹھنڈا اور مکھن سے زیادہ نرم وملائم ہوگا اس کے جام ستاروں کی تعداد میں ہیں جس نے اس سے پیا وہ جنت میں داخل ہونے تک پیاسا نہیں ہوگا۔مسند احمد، حاکم عن ابی برزة

۳۹۱۶۳..... میرا حوض اتنا اتنا ہے اس میں آسمانی ستاروں جتنے برتن ہوں گے اس کا پانی مشک سے زیادہ خوشبودار شہد سے زیادہ میٹھا برف سے زیادہ

ٹھنڈا اور دودھ سے زیادہ سفید ہوگا جس نے اس کا ایک گھونٹ پی لیا وہ کبھی پیاسا نہیں ہوگا اور جس نے اس سے نہ پیا وہ کبھی سیراب نہیں ہوگا۔

طبرانی عن انس

۳۹۱۶۴...... میرا حوض (اتنا چوڑا) ہے (جتنا) ایلہ وعمان کے درمیان فاصلہ ہے۔ ابن عساکر عن الفرزدق عن ابی ھریرۃ

۳۹۱۶۵...... میں حوض پر تمہارا پیشرو ہوں گا اس کی چوڑائی اتنی ہے جتنی صنعاء اور ایلہ کے درمیان ہے گویا اس کے جام (کثرت میں) ستارے ہیں۔

طبرانی عن جابر ابن سمرب

۳۹۱۶۶...... میں تم سے پہلی تمہارا پیشرو ہوں تو جب مجھے نہ دیکھ پاؤ تو حوض پر ہوں گا جس کی چوڑائی ایلہ اور مکہ کے درمیان والے علاقہ جتنی ہے بہت سے مرد اور عورتیں مشکیزے اور برتن لائیں گے لیکن اس سے نہیں پی سکیں گے۔

مسند احمد وابن ابی عاصم وابو عوانہ ابن حبان، سعید بن منصور عن جابر

۳۹۱۶۷...... قیامت کے دن مجھے سب سے پہلے بلایا جائے گا میں کھڑے ہو کر آؤں گا پھر مجھے سجدہ کی اجازت دی جائے گی میں ایسا سجدہ کروں جس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ خوش ہوگا پھر مجھے اجازت ہوگی میں سر اٹھاؤں گا اور میں اللہ تعالیٰ سے ایسی دعا مانگوں گا جس سے اللہ تعالیٰ خوش ہوگا کل (بروز قیامت وضو کی علامات کی وجہ سے چہروں اور پاؤں سے چمکتے کھڑے ہوں گے پھر لوگوں کو حوض پر لایا جائے گا جو بصری سے ضعاء تک چوڑا ہوگا۔ (اس کا پانی) دودھ سے زیادہ سفید شہد سے میٹھا اور مشک سے زیادہ خوشبودار ہوگا اس میں ستاروں کی تعداد میں جام ہوں گے جس نے وہاں جا کر پیا وہ کبھی پیاسا نہیں ہوگا، پھر لوگوں کے سامنے پل صراط رکھا جائے گا تو پہلے لوگ بجلی کی طرح (گزرتے) دکھائی دیں گے پھر ہوا کی طرح پھر پلک جھپکنے کی طرح پھر عمدہ گھوڑوں اور سواریوں کی طرح ہر حال میں یہ اعمال کے لحاظ سے ہوگا فرشتے پل صراط کی دونوں جانب کہہ رہے ہوں گے: اے رب! سلامت رکھ سلامت رکھ! تو کوئی سلامتی سے نجات پا جائے گا کوئی خراش کھا کر پار ہوگا اور کوئی آگ میں گر پڑے گا جہنم اس دن کہے گی: کیا اور کچھ ہے یہاں تک کہ رب تعالیٰ اس میں رکھ دیں گے جو چاہیں گے اور وہ سکڑنا اور سمٹنا شروع ہو جائے گا اور اس سے ایسے آواز آئے گی جیسے نئے توشہ دانؔ سے آتی ہے (جب آدمی اسے بھر دے) تو وہ کہے گا: بس بس بس! الحکیم عن ابی بن کعب

۳۹۱۶۸...... آگاہ رہو! میں حوض پر تمہارا پیشرو ہوں اس کی چوڑائی صنعاء سے ایلہ تک ہے اس کے جام ستاروں کی مقدار ہیں۔

مسند احمد، مسلم وابو عوانۃ عن جابر بن سمرۃ

۳۸۱۶۹...... لوگو! میں تمہارا پیشرو ہوں اور تم میرے حوض پر آؤ گے جس کی چوڑائی بصری سے صنعاء تک ہے اس میں ستاروں کی تعداد (جام) ہیں

سمویہ عن حذیفہ ابن امید

۳۹۱۷۰...... حوض کی چوڑائی اس کی لمبائی جتنی ہے اس کا پانی چاندی سے بڑھ کر سفید اور شہد سے میٹھا ہے جس نے ایک گھونٹ پیا وہ کبھی پیاسا نہیں ہوگا۔

دارقطنی فی الافراد عن ابن عمرو

۳۹۱۷۱...... کوثر صنعاء سے ایلہ تک کے شامی علاقہ جتنی نہر ہے اس کے برتن ستاروں کی تعداد کی اس پر ایسے پرندے آتے ہیں جن کی گردنیں بختی اونٹوں جیسی کی ان کا کھانا ان سے بھی لذیذ ہے۔ ھنا دعن انس

۳۹۱۷۲...... کوثر وہ نہر ہے جس کا میرے رب نے مجھ سے وعدہ کیا ہے اس پر بڑی بھلائی ہے وہ میرا حوض ہے قیامت کے روز اس پر میری امت آئے گی اس کے برتن ستاروں کی تعداد ہیں ان میں سے ایک شخص روک دیا جائے امیں کہوں گا: اے میرے رب! یہ میرا امتی ہے اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: آپ کو معلوم نہیں اس نے آپ کے بعد کیا بدعات ایجاد کیں۔ مصنف ابن ابی شیبۃ

۳۹۱۷۳...... میرا حوض عدن سے عمان تک ہے اس میں ستاروں کی تعداد جام ہیں جس نے اس سے پیا کبھی پیاسا نہیں ہوگا میرے پاس میری امت کے وہ لوگ آئیں گے جن کے سر پراگندہ کپڑے میلے مالدار عورتوں سے نکاح نہیں کر سکتے جن کے سامنے بند روازے یعنی بادشاہوں کے نہیں کھولے جاتے ان سے حق وصول تو کیا جاتا ہے لیکن انہیں ان کا حق دیا نہیں جاتا۔ طبرانی، سعید بن منصور عن ابی امامۃ

۳۹۱۷۴...... میرا حوض عدن سے عمان کے درمیان علاقہ جتنا ہے اور اسے زیادہ کشادہ ہے اس میں سونے چاندی کے دو پرنالے ہیں اس کا پانی

دودھ سے بڑھ کر سفید شہد سے زیادہ لذیذ اور مشک سے زیادہ خوشبودار ہے جس نے اس سے پیا وہ کبھی پیاسا نہیں ہوگا اور نہ اس کا چہرہ سیاہ ہوگا۔

مسند احمد، بن حبان، ابن ماجه وسمويه عن ابی امامة

۳۹۱۷۵...... میرے حوض کی (چوڑائی) ایک ماہ کی مسافت ہے اس کے کنارے برابر ہیں اس کے جام ستاروں کی تعداد ہیں اس کا پانی برف سے زیادہ سفید اور شہد سے بڑھ کر میٹھا اور مشک سے زیادہ خوشبودار ہے جس نے اس کا ایک گھونٹ پی لیا کبھی پیاسا نہیں ہوگا۔

طبرانی فی الکبیر عن ابن عباس

۳۹۱۷۶...... میرا حوض عدن وعمان کے درمیانی علاقہ جتنا ہے اس کا پانی برف سے زیادہ ٹھنڈا شہد سے زیادہ میٹھا اور مشک سے زیادہ خوشبودار ہے اس کے جام آسمانی ستاروں کی تعداد میں ہوں گے جس نے اس کا ایک گھونٹ بھی پی لیا کبھی پیاسا نہیں ہوگا سب سے پہلے وہاں مہاجرین کے فقراء لوگ آئیں گے کسی نے کہا: یارسول اللہ! وہ کون لوگ ہیں؟ آپ نے فرمایا: جن کے سر پراگندہ چہرے پیلے پڑے ہوئے جن کے کپڑے میلے ان کے سامنے بند دروازے نہیں کھولے جاتے اور نہ وہ مالدار عورتوں سے شادی کر سکتے ہیں جو ان کے ذمہ ہے وہ تو وصول کر لیا جاتا ہے لیکن جو ان کا حق بنتا ہے وہ نہیں دیا جا۔مسند احمد، طبرانی فی الکبیر عن ابن عمر

۳۹۱۷۷...... میرا حوض بیضاء سے بصری تک ہے مجھے اللہ تعالیٰ ایسے حصہ سے عطا کرے گا کہ اللہ کی مخلوق میں سے کسی انسان کو اس کے کناروں کا پتہ نہیں۔طبرانی عن عتبة بن عبد السلمی

۳۹۱۷۸...... میرا حوض عمان سے یمن تک ہے اس میں آسمانی ستاروں کی تعداد میں جام ہیں جس نے اس کا ایک گھونٹ ہی پی لیا وہ کبھی پیاسا نہیں ہوگا۔

ابویعلی عبدالله بن بریدة عن ابیه

۳۹۱۷۹...... قیامت کے روز میں اپنے حوض پر ہوں گا اور وہ لوگ جنہوں نے میری پیروی کی اور جو انبیاء مجھ سے پانی طلب کریں گے اللہ تعالیٰ قوم ثمود کی اونٹنی صالح علیہ السلام کے لیے بے لائے گا چنانچہ وہ اس کا دودھ دوئیں گے خود بھی پئیں گے اور ان کے ساتھ والے ایماندار بھی پئیں گے پھر وہ اس پر اپنی قبر سے سوار ہوں گے یہاں تک کہ محشر تک پہنچ جائیں وہ اونٹنی چلا رہی ہوگی کسی نے عرض کیا: یارسول اللہ! آپ اس دن اپنی اونٹنی عضباء پر ہوں گے؟ آپ نے فرمایا: نہیں عضباء پر میری بیٹی فاطمہ ہوگی میں براق پر بیٹھ کر میدان محشر کی طرف جاؤں گا یہ صرف انبیاء میں سے میرے ساتھ خاص ہے اور بلال جنتی اونٹنی پر آئے گا صرف اذان کی وجہ سے ہم سے آگے ہوگا جب وہ اشہد ان لا الہ الا اللہ کہے گا تو انبیاء اور ان کی امتیں کہیں گی ہم گواہی دیتے ہیں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور جب وہ اشہدان محمد ارسول اللہ کہے گا تو انبیاء اور ان کی امتیں کہیں گی ہم بھی اس کی گواہی دیتے ہیں تو کس کی گواہی قبول ہوگی اور کسی کی نا قابل قبول جب بلال وہاں پہنچ جائے گا تو اسے جنت کے جوڑے دیے جائیں گے جنہیں وہ پہن لے گا قیامت کے روز انبیاء کے بعد جسے پوشاک پہنائی جائے گی وہ بلال اور نیک ایماندار ہیں۔حمید بن زنجویه وابن عساکر عن کثیر بن مرة الحضرمی، عقیلی فی الضعفاء، ابن عساکر عن عبد الکریم بن کیسان عن سوید بن عمیر قال: عقیلی: ابن کیسان مجهول وحدیثه غیر محفوظ واور دابن الجوزی حدیث سوید فی الموضوعات وافقه الذهبی وقال غیره منکر

کلام:......ترتیب الموضوعات ۱۱۱۸، التنزیہ ۲ص ۳۸۰۔

۳۹۱۸۰...... میرا حوض ایلہ ومصر (کے درمیانی علاقہ) جتنا ہے اس کے جام بہت زیادہ ہیں اور فرمایا: آسمانی ستاروں کی تعداد میں ہیں اس کا پانی شہد سے بڑھ کر میٹھا دودھ سے زیادہ سفید برف سے زیادہ ٹھنڈا اور مشک کی خوشبو سے بڑھ خوشبودار ہے جس نے اسے پی لیا وہ کبھی پیاسا نہیں ہوگا۔

مسند احمد عن حذیفة

۳۹۱۸۱...... یہ نہر یعنی کوثر اللہ تعالیٰ نے مجھے عطا کی ہے جس کا پانی دودھ سے سفید شہد سے میٹھا ہے اس میں پرندے ہیں جن کی گردنیں اونٹوں کی طرح ہیں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہنے لگے: یہ تو بڑے عمدہ ہوں گے آپ نے فرمایا: ان کا کھانا ان سے زیادہ لذیذ ہے۔

مسند احمد، ترمذی حسن، حاکم عن انس

۳۹۱۸۲...... مجھے کوثر عطا کی گئی جو جنت کی ایک نہر ہے اس کی چوڑائی لمبائی مشرق ومغرب جتنی ہے اس سے جو پیئے گا پیاسا نہیں ہوگا اور جو اس

سے وضو کرے گا پراگندہ نہیں ہوگا وہ انسان اس سے نہیں پی سکے گا جس نے میری ذمہ داری توڑی یا میرے گھرانے والوں کو قتل کیا۔

طبرانی فی الکبیر عن انس

۳۹۱۸۳......گویا مجھے اپنی امت کی چھینا جھپٹی حوض اور مقام کے درمیان نظر آ رہی ہے ایک دوسرے سے مل کر کہے گا: اے کیا تم نے پانی پیا؟ وہ کہے گا: ہاں اور دوسرا کہے گا کہ میں نے نہیں پیا میرا چہرہ پھیر دیا گیا سو مجھے دسترس نہ ہوئی۔ الحسن بن سفیان عن جابر

۳۹۱۸۴......کچھ لوگوں کو میں (اپنے) حوض سے ہٹانے کی وجہ سے ان سے جھگڑوں گا وہ میرے سامنے روک دیے جائیں گے میں کہوں گا: یہ تیرے ساتھیں! کہا جائے گا: آپ کو معلوم نہیں انہوں نے آپ کے بعد کیا بدعات ایجاد کیں۔ دار قطنی فی الافراد عن ابن مسعود

۳۹۱۸۵......میرے پاس حوض پر ضرور بہت سی اقوام آئیں گی یہاں تک کہ جب میں انہیں اور وہ مجھے پہچان لیں گی میرے سامنے روک دی جائیں گی میں کہوں گا میرے رب! میرے ساتھی ہیں! اللہ تعالیٰ فرمائیں گے آپ کو معلوم نہیں انہوں نے آپ کے بعد کیا بدعات ایجاد کیں۔

نعیم بن حماد فی الفتن عن حذیفة

۳۹۱۸۶......کچھ لوگوں کو کیا ہوا وہ کہتے ہیں: میری رشتہ داری کا کچھ فائدہ نہیں کیوں نہیں اللہ کی قسم میری رشتہ داری جڑی رہے گی اور میں حوض پر تمہارا پیشرو ہوں وہاں کچھ لوگ آئیں گے اور آکر کہیں گے یا رسول اللہ! میں فلاں ہوں میں فلاں ہوں میں کہوں گا میں نے تمہیں پہچان لیا ہے لیکن تم نے میرے بعد بدعات ایجاد کیں اور تم الٹے پاؤں پلٹ گئے۔ حاکم عن ابی سعید

۳۹۱۸۷......میری امت کے صرف اتنی دنیا باقی ہے جتنی سورج کی مقدار عصر کی نماز پڑھ لینے کے بعد رہتی ہے میرا حوض ایلہ سے مدینہ جتنا ہے اس میں ستاروں کی تعداد سونے چاندی کے جام ہیں۔ الخطیب عن ابن عمرو

۳۹۱۸۸......میرے حوض کی چوڑائی مدینہ اور صنعاء کا درمیانی یا مدینہ اور عمان کا درمیانی علاقہ ہے۔ عبداللہ بن احمد بن حنبل عن علی

۳۸۱۸۹......تمہارے وعدہ کی جگہ میرا حوض ہے اس کی چوڑائی اس کی لمبائی جتنی ہے وہ ایلہ سے مکہ تک درمیانی علاقہ سے زیادہ وسیع ہے اور اس کی مسافت ایک مہینہ کی ہے اسمیں ستاروں کی طرح جام ہیں اس کا پانی چاندی سے سفید ہے جو وہاں جا کر پیئے گا کبھی پیاسا نہیں ہوگا۔

حاکم عن ابن عمرو

۳۹۱۹۰......ایسا نہ ہو کہ میں تمہاری وجہ سے حوض پر جھگڑا کروں میں کہا کروں کہ یہ میرے ساتھی ہیں پر کہا جائے: آپ کو معلوم نہیں انہوں نے آپ کے بعد کیا بدعات نکالیں۔ طبرانی، ابن عساکر عن ابی الدرداء

۳۹۱۹۱......انس! اللہ تعالیٰ نے مجھے آج کی رات کوثر عطا کی جس کی لمبائی چھ سو سال کی اور اس کی چوڑائی مشرق سے مغرب کے درمیان علاقہ کی ہے اس سے کوئی مجھ سے پہلے نہیں پی سکے گا اور نہ وہ شخص پی سکے گا جس نے میرا عہد و ذمہ توڑا میری اولاد کو تنہا چھوڑا اور میرے گھوڑے کو قتل کیا۔

ابن عدی عن انس

۳۹۱۹۲......لوگو! میں تمہارا پیشرو ہوں اور تم میرے پاس حوض ہیں آؤ گے اس کی چوڑائی صنعاء سے بصری تک کا درمیانی علاقہ ہے اس میں ستاروں کی تعداد جام ہیں جو سونے چاندی کے ہوں گے اور جب تم میرے پاس آؤ گے تو میں تم سے دو چیزوں کے بارے میں پوچھوں گا کہ میرے بعد تم ان میں کیسا برتاؤ کرتے ہو ایک کتاب اللہ جو ایک رسی ہے جس کا ایک سرا اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں اور دوسرا تمہارے ہاتھ میں ہے سو اسے مضبوط تھامو اور گمراہ نہ ہو اور نہ اسے تبدیل کرو! اور میری اولاد میرے گھرانے کے لوگ کیونکہ مجھے لطیف خبیر ذات نے آگاہ کیا کہ میرے حوض پر آنے تک دونوں جدا نہیں ہوں گے۔ طبرانی حلیة الاولیاء والخطیب عن ابی لطفیل عن حذیفه بن اسید

۳۹۱۹۳......لوگو! جب میں حوض پر ہوں گا تو تم لوگ جماعت در جماعت آؤ گے تمہاری ایک جماعت ادھر ادھر چلی جائے گی میں کہوں گا انہیں کیا ہوا؟ انہیں میرے پاس لاؤ تو ایک شخص چیخ کر کہے گا: انہوں نے آپ کے بعد دین بدل دیا تھا میں کہوں گا۔ ور ہوں دور ہوں۔

مسند احمد، طبرانی عن ام سلمة

۳۹۱۹۴......لوگو! میں حوض پر تمہارا پیشرو ہوں اس کی کشادگی کوفہ سے حجر اسود تک ہے اس کے برتن ستاروں کی تعداد میں ہیں اور میں نے اپنی

امت کے کچھ لوگ دیکھے جب وہ میرے قریب ہونے لگے تو ان کے سامنے ایک شخص آ کر انہیں مجھ سے دور کر دے گا پھر دوسری جماعت آئے گی ان کے ساتھ بھی یہی معاملہ ہوگا تو ان میں سے کوئی بھی نہ چھوٹ سکے گا ہاں جانور کی مانند (ایک دور) حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یا نبی اللہ شاید وہ میں ہوں گا آپ نے فرمایا: نہیں وہ ایک قوم ہوگی جو تمہارے بعد نکلے گی جو دین کو ضائع کرے گی اور الٹے پاؤں لوٹ جائے گی۔

حاکم عن ابن عمر

۳۹۱۹۵..... میرے ساتھ جو لوگ ہیں (وہ) ان میں سے ایک قوم میرے پاس آئے گی جب وہ میرے سامنے ہوں گے تو روک دیے جائیں گے میں کہوں گا میرے رب! میرے ساتھی ہیں میرے ساتھی ہیں! کہا جائے گا: آپ کو معلوم نہیں انہوں نے آپ کے بعد کیا بدعات ایجاد کیں۔

طبرانی من سمرة

۳۹۱۹۶..... قیامت کے روز اللہ تعالیٰ مجھے اپنی پہچان کرائے گا تو میں اللہ کے حضور ایسا سجدہ کروں گا جس سے اللہ تعالیٰ راضی ہوگا پھر مجھے گفتگو کی اجازت دی جائے گی پھر امت پل صراط سے گزرے گی جو جہنم کے درمیان رکھا جائے گا تو وہ آنکھ جھپک اور تیر سے تیز گزریں گے اور عمدہ گھوڑوں سے تیز رفتار یہاں تک کہ ان میں سے ایک شخص گھٹنوں پر چلتا نکلے گا یہ (ان کے) اعمال ہیں اور جہنم مزید کا سوال کرے گی یہاں کہ حق تعالیٰ اس میں اپنا پاؤں رکھ دے گا (یعنی حساب وکتاب شروع کر دے گا) تو وہ سمٹنا اور سکڑنا شروع کر دے گی اور کہے گی بس بس! اور میں حوض پر ہوں گا عرض کیا حوض کیا ہے؟ فرمایا: اس ذات کی قسم! جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے۔ (اس کا پانی) دودھ سے زیادہ سفید شہد سے زیادہ میٹھا اور برف سے بڑھ کر ٹھنڈا اور مشک سے زیادہ خوشبودار ہوگا اس کے برتن ستاروں کی تعداد میں ہوں گے اس سے جو انسان پئے گا کبھی پیاسا نہیں ہوگا اور جو اس سے ہٹایا گیا وہ کبھی میرا رب نہیں ہوگا۔ ابویعلی، دارقطنی فی الافراد عن ابی بن کعب

اللہ تعالیٰ کا دیدار

۳۹۱۹۷..... کیا تمہیں چودہویں کے چاند میں شک ہوسکتا ہے جب اس کے سامنے کوئی بادل نہ ہو؟ کیا تمہیں سورج کے دیکھنے میں شک ہوتا ہے جب اس کے سامنے کوئی بادل نہ ہو تم اپنے رب کو بھی ایسے ہی دیکھو گے قیامت کے روز اللہ تعالیٰ لوگوں کو جمع کر کے فرمائے گا: جو جس کسی کی عبادت کرتا تھا وہ اس کے پیچھے چل دے تو سورج کے پجاری سورج کے پیچھے ہو جائیں گے چاند کے چاند کے پیچھے اور جو طاغوتوں (ہر وہ چیز جس کی اللہ کی علاوہ عبادت کی جائے) کے پجاری ہوں گے وہ ان کے پیچھے چل دیں گے اور یہ امت باقی رہ جائے گی اس میں اس کے منافقین بھی ہوں گے تو اللہ تعالیٰ ان کے سامنے ایسی صورت میں ظاہر ہوگا کہ وہ اسے پہچان نہ سکیں گے اللہ تعالیٰ فرمائے گا: میں تمہارا رب ہوں وہ کہیں گے: ہم تجھ سے اللہ کی پناہ چاہتے ہیں یہ ہماری جگہ ہے یہاں تک کہ ہم اپنے رب کے پاس پہنچ جائیں جب ہمارا رب آئے گا ہم اسے پہچان لیں گے پھر اللہ تعالیٰ ان کے سامنے جانی پہچانی صورت میں آئیں گے اللہ تعالیٰ فرمائیں گے میں تمہارا رب ہوں وہ کہیں گے: آپ ہی ہمارے رب ہیں پھر وہ رب کی پیروی کرنے لگیں گے۔

اس کے بعد پل صراط جہنم کے درمیان نصب کر دیا جائے گا میں پہلا رسول ہوں گا جو اپنی امت کو لیکر گزرے گا اس دن انبیاء کے سوا کوئی نہیں بولے گا انبیاء کی گفتگو بھی اس دن یہ ہوگی: اے اللہ! سلامت رکھ سلامت رکھ! اور جہنم میں آنکڑے ہوں گے جیسے کانٹے کیا تم نے سعدان بوٹی کے کانٹے دیکھے ہیں؟ وہ سعدان کے کانٹوں جیسے ہوں گے البتہ ان کی موٹائی صرف اللہ ہی جانتا ہے وہ لوگوں کو ان کے اعمال کی وجہ سے اچکیں گے کوئی اپنے عمل سے ہلاک ہوگا کوئی خراش پا کر نجات حاصل کرے گا جب اللہ تعالیٰ بندوں کے درمیان فیصلے کر چکے گا اور اپنی رحمت سے جہنمی لوگوں کو نکالنے کا ارادہ کرے گا تو فرشتوں کو حکم دے گا کہ جہنم سے ہر موحد کو نکال لو جو لا الہ الا اللہ کا اقرار کرتا ہو چنانچہ وہ اس کو نکال لیں گے اور سجدوں کے نشانات کی وجہ سے انہیں پہچانیں گے اور اللہ تعالیٰ نے آگ کے لئے سجدہ کے نشانوں کو جلانا حرام قرار دیا ہے چنانچہ جب وہ جہنم سے نکالے جائیں گے تو وہ جھلس چکے ہوں گے پھر ان پر آب حیات ڈالا جائے گا وہ ایسے اگیں گے جیسے سیلابی مٹی میں کوئی پودا اگتا ہے اس کے

بعد اللہ تعالیٰ بندوں کے درمیان فیصلے کر چکے گا اور ایک شخص جنت وجہنم کے درمیان رہ جائے گا وہ سب سے آخر میں جہنم سے نکلے گا اور سب سے آخر میں جنت میں داخل ہوگا اس کا چہرہ جہنم کی طرف ہوگا وہ کہے گا میرے رب! مجھے جہنم سے بچا مجھے اس کے دھویں سے تکلیف ہو رہی ہے اس کی گرمی نے مجھے جلا دیا ہے اللہ تعالیٰ فرمائیں گے کیا تجھ سے یہ امید ہے کہ اگر تیرے ساتھ ایسا کیا جائے تو کوئی سوال نہیں کرے گا وہ کہے گا: تیری عزت کی قسم (میں) میں کروں گا اللہ تعالیٰ اس سے عہد و پیمان لے کر جہنم سے اس کا چہرہ پھیر دیں گے اور جب جنت اور اس کی تروتازگی دیکھے گا تو جتنا اللہ چاہے گا وہ خاموش ہے رہے گا پھر کہے گا: اے میرے رب! مجھے جنت کے دروازے تک آگے لے جا اللہ تعالیٰ اس سے فرمائیں گے کیا تم نے عہد و پیمان نہیں کیا تھا کہ اس کے سوا تم کوئی سوال نہیں کروں گے وہ عرض کرے گا: میرے رب! میں تری مخلوق میں سب سے بدبخت نہیں ہونا چاہتا اللہ تعالیٰ اس سے فرمائیں گے: تجھ سے یہ امید کی جاسکتی ہے کہ تم اس کے سوا کوئی چیز نہیں مانگو گے وہ کہے گا: تیری عزت کی قسم! میں اس کے علاوہ تجھ سے کچھ نہیں مانگوں گا پھر اللہ تعالیٰ اس سے عہد و پیمان لیکر اسے جنت کے دروازے کے آگے لے آئیں گے جب وہ اس کے دروازے تک پہنچے گا تو اس کی زیب وزینت اور اس میں تروتازگی دیکھ کر جتنا اللہ چاہے وہ خاموش رہے گا پھر وہ عرض کرے گا میرے رب! مجھے جنت میں داخل کردے! اللہ تعالیٰ فرمائیں: ارے انسان! تو کتنا بدعہد ہے کیا تو نے مجھ سے عہد و پیمان نہیں کیا کہ جو کچھ میں نے تجھے دے دیا اس کے علاوہ کچھ نہیں مانگے گا۔ وہ عرض کرے گا: میرے رب! مجھے اپنی مخلوق میں سے بدبخت ترین نہ بنا تو اللہ تعالیٰ اس کی اس بات سے خوش ہوں گے پھر اسے جنت جانے کی اجازت دے دیں گے۔

پھر اللہ تعالیٰ اس سے فرمائیں گے کوئی تمنا کر وہ تمنا کرے گا یہاں تک کہ اس کی تمنا ختم ہو جائے گی اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: اتنی اتنی اور تمنا کر اس کا رب اسے یاد دلاتا رہے گا یہاں تک کہ اس کی تمنائیں ختم ہو جائیں گی اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: تیرے لئے ہے یہ سب کچھ اور اس کے ساتھ اسی جیسا بہت کچھ ہے۔ مسند احمد بخاری عن ابی ہریرۃ ابو داؤد عن ابی سعید لکنہ قال: وعشرۃ امقالہ

۳۹۱۹۸...... کیا تم دوپہر کے وقت سورج کو صاف دیکھنے میں جب اس کے ساتھ کوئی بادل نہ ہو کوئی تکلیف ہوتی ہے اور کیا چودھویں رات کے چاند کو صاف دیکھنے میں جب اس کے ساتھ کوئی بادل نہ ہو دیکھنے میں کوئی مشقت ہوتی ہے قیامت کے روز اللہ تعالیٰ کے دیدار میں اسی طرح کوئی مشقت نہیں ہوگی جیسے ان دونوں کے دیکھنے میں کوئی مشقت نہیں ہوتی قیامت کے روز ایک اعلان کرنے والا اعلان کرے گا ہر امت اپنے معبود کے پیچھے چلے تو کوئی نہیں بچے گا اس کے علاوہ جو بتوں اور نصب کی چیزوں کی عبادت کریں گے آگ میں گرنا شروع ہو جائیں گے صرف وہ لوگ بچیں گے جو اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتے تھے چاہے نیک ہوں یا بد اور اہل کتاب کے باقی ماندہ لوگ ہوں گے پھر یہود کو بلایا جائے گا ان سے کہا جائے گا تم کس کی عبادت کرتے تھے وہ کہیں گے: ہم اللہ کے بیٹے عزیر کی عبادت کرتے تھے کہا جائے گا جھوٹ بکتے ہو اللہ تعالیٰ نے کوئی بیوی بنائی اور نہ کوئی بیٹا سو تم کسے تلاش کرتے ہو وہ کہیں گے ہمارے رب! ہمیں پیاس لگی ہے پانی پلا! انہیں اشارہ کیا جائے گا۔ (جاؤ) گھاٹ کر کیوں نہیں اترتے! پھر انہیں ایسی آگ کی طرف جمع کیا جائے گا جو چمکتا سراب ہوگا پھر وہ اگ میں گرنے لگیں گے۔

اس کے بعد عیسائیوں کو بلایا جائے گا کہا جائے گا تم کس کی عبادت کرتے تھے وہ کہیں گے: ہم اللہ کے بیٹے مسیح کی عبادت کرتے تھے کہا جائے گا: جھوٹ بکتے ہو اللہ تعالیٰ کی نہ بیوی ہے اور نہ بیٹا پھر تم کس کی تلاش میں ہو وہ کہیں گے: ہمارے رب ہمیں پیاس لگی ہے ہمیں پانی پلا، انہیں اشارہ کیا جائے گا گھاٹ میں کیوں نہیں اترتے پر انہیں ایسی آگ کی طرف جمع کیا جائے گا جو چمکتا سراب ہوگا اور وہ آگ میں گرنا شروع ہو جائیں گے پھر جب اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنے والے نیک وبد رہ جائیں گے اللہ تعالیٰ اس ہلکی سی جھلک میں ان کے سامنے ظاہر ہوگا جسے وہ دیکھ سکیں اللہ فرمائیں گے تمہیں کس کا انتظار ہے؟ ہر امت اپنے معبود کے پیچھے چل پڑی وہ کہیں گے اے ہمارے رب! لوگوں نے ہمیں دنیا میں جن چیزوں کی ہمیں زیادہ ضرورت تھی چھوڑ دیا اور ہم ان کے ساتھ نہیں ہوئے اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: میں تمہارا رب ہوں وہ کہیں گے ہم تجھ سے اللہ کی پناہ چاہتے ہیں ہم اللہ کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہیں کرتے دو یا تین بار (کہیں گے) اور حالت یہ ہوگی کہ کچھ دایں پلٹنے لگیں گے تو اللہ تعالیٰ فرمائے گا کیا تمہیں اپنے رب کی کوئی نشانی معلوم ہے جس سے اسے پہچان سکو؟ وہ کہیں گے ہاں پنڈلی بس پنڈلی سے پردہ اٹھایا جائے گا تو جو کوئی اللہ کے لئے اپنی طرف سے یعنی دل سے سجدہ کرتا تھا اسے سجدہ کی اجازت دی جائے گی اور جو کوئی (عار سے) بچنے یا نمود ونمائش کے

لیے سجدہ کیا کرتا تھا اس کی پیٹ تختہ بن جائے گی جب وہ سجدہ کا ارادہ کرے گا گدی کے بل گر جائے گا جب وہ سر اٹھائیں گے تو اللہ تعالیٰ کو پہلی صورت میں پائیں گے جو انہوں نے پہلی مرتبہ دیکھی تھی۔

پھر وہ کہیں گے تو ہی ہمارا رب ہے اس کے بعد جہنم پر ایک پل بنایا جائے گا اور شفاعت کی اجازت ہوگی (انبیاء) کہیں گے اے رب! سلامت رکھ سلامت رکھ کسی نے عرض کیا یارسول اللہ پل کیسا ہوگا؟ آپ نے فرمایا: انتہائی پھسلن والا اس میں چکے اور آنکڑے ہوں گے اور ایسے خاردار آلات جیسے بخد میں کانٹے دار پودے ہوتے ہیں جنہیں سعدان کہا جاتا ہے ایماندار آنکھ کی جھپک بجلی کی چمک ہوا کے جھونکے پرندے کی پرواز اور عمدہ گھوڑوں اور سواریوں کی رفتار گزریں گے کوئی صحیح سالم نجات پائے گا کوئی خراش کھا کر لڑکھڑائے گا اور کوئی جہنم کی آگ میں گر پڑے گا۔

یہاں تک جب ایمان والے جہنم سے بچ جائیں گے اس ذات کی قسم! جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے قیامت کے روز ایمان والوں سے بڑھ کر کوئی بھی اللہ کی قسم کو اللہ کے لئے پورا کرنے والا نہیں ہوگا جو وہ اپنے ان بھائیوں کے لیے حق وصول کریں گے جو جہنم میں جا چکے ہوں گے وہ کہیں گے: ہمارے رب! وہ ہمارے بھائی تھے ہمارے ساتھ روزے رکھتے نمازیں پڑھتے حج ادا کرتے تھے کہا جائے گا جسے جانتے ہو اسے نکال لو ان کی چہرے آگ پر حرام ہوں گے چنانچہ بہت سے ایسے لوگ نکالے جائیں گے آگ جن کی آدھی پنڈلیوں اور گھٹنوں تک پہنچ چکی ہوگی وہ عرض کریں گے: ہمارے رب جن کا آپ نے ہمیں حکم دیا ان میں سے تو کوئی بھی (جہنم میں) باقی نہیں رہا اللہ تعالیٰ فرمائیں گے واپس جاؤ جس کے دل میں آدھے دینار جتنا بھی ایمان معلوم ہوا سے نکال لاؤ تو وہ بہت سے لوگ نکالیں گے (آکر) کہیں گے ہمارے رب جس کا آپ نے ہمیں حکم دیا ان میں سے تو کوئی نہ رہا اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: جاؤ جس کے دل میں ذرہ بھر بھی خیر و ایمان معلوم ہوا سے نکال لاؤ تو وہ کچھ لوگوں کو نکالیں گے پھر کہیں گے: ہمارے رب ہم نے اس میں کوئی بھلا ایمان والا نہیں چھوڑی اللہ تعالیٰ فرمائیں گے فرشتوں انبیاء اور ایمان والوں نے شفاعت کر دی اب صرف ارحم الرحمین رہ گیا ہے پھر اللہ تعالیٰ ایک مٹھی جہنم سے بھرے گا اور وہ تمام لوگ نکال لے گا جنہوں نے کبھی کوئی بھلائی نہیں کی ہوگی وہ کوئلہ ہو چکے ہوں گے پھر انہیں جنت کے دہانوں سے نکلنے والی نہر میں ڈال دیں گے جسے آب حیات کہا جاتا ہے تو وہ ایسے ہو کر نکلیں گے جیسے سیلاب کی لائی مٹی پر پودا اگتا ہے کیا تم اسے دیکھتے ہیں کوئی پتھر کی طرف تو کوئی درخت کی طرف ہوتا ہے تو کوئی سورج کی طرف ہوتا ہے وہ ہلکا زرد اور سبز ہوتا ہے اور جو سائے کی جانب وہ وہ سفید ہوتا ہے پھر وہ چمکتے موتی کی طرح نکلیں گے ان کی گردنوں میں مہریں ہوں گی جنتی انہیں پہچان کر (کہیں گے) یہ اللہ تعالیٰ کے آزاد کردہ ہیں انہیں کسی عمل اور بھلائی کرنے اور آگے بھیجنے کے بغیر ہی جنت میں داخل کر دیا ہے پھر اللہ تعالیٰ فرمائے گا: جنت میں داخل ہو جاؤ اور جو چیز تمہیں نظر آئے وہ تمہاری ہے وہ عرض کریں گے: ہمارے رب تو نے ہمیں وہ کچھ عطا کیا جو اہل عالم میں سے کسی کو عطا نہیں کیا اللہ تعالیٰ فرمائیں گے میرے پاس تمہارے لئے اس سے بھی افضل ہے وہ عرض کریں گے ہمارے رب! اس سے افضل کیا چیز ہوگی؟ اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: اب میں کبھی تم سے ناراض نہیں ہوں گا۔ مسند احمد، بخاری عن ابی سعید

۳۹۱۹۹..... کیا تمہیں دوپہر کے وقت جب کوئی بادل بھی نہ ہو سورج دیکھنے میں کوئی دقت ہوتی ہے کیا چودھویں رات کی چاند کو جب کوئی بادل بھی نہ ہو دیکھنے میں کوئی مشکل ہوتی ہے؟ اس ذات کی قسم! جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے! تمہیں اپنے رب کے دیدار میں بھی کوئی مشقت نہیں ہوگی جیسے ان دونوں کو دیکھنے میں کوئی مشکل تمہیں نہیں ہوتی بندہ اللہ سے ملے گا تو اللہ تعالیٰ فرمائیں گے اے فلاں! کیا میں نے تجھے عزت نہیں بخشی تجھے سرداری گھر والی دی اور گھوڑے اونٹ تیرے لئے مسخر کر کام میں لگا دیے اور تجھے سرداری کرنے اور چار دیواری قائم کرنے کے لئے چھوڑ دیا وہ کہے گا کیوں نہیں اللہ تعالیٰ فرمائے گا: میں نے تجھے (بدلہ میں) ایسے ہی فراموش کر دیا جیسے تو نے مجھے فراش کر دیا تھا۔

پھر دوسرا شخص ملے گا: اللہ تعالیٰ فرمائیں گے اے فلاں کیا میں نے تجھے عزت سرداری گھر والی نہیں بخشی اور تیرے لئے گھوڑے اونٹ مسخر نہیں کیے اور تجھے سرداری کرنے اور چار دیواری بنانے کے لئے نہیں چھوڑا وہ عرض کرے گا: کیوں نہیں اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: کیا تیرا یقین تھا کہ تو مجھ سے ملے گا؟ وہ کہے گا: نہیں اللہ تعالیٰ فرمائیں گے (بس سمجھ لے) جس طرح تو نے مجھے فراموش کیا میں نے بھی تجھے فراموش کر دیا پھر تیسرا شخص ملے گا اللہ تعالیٰ اس سے وہی بات کریں گے وہ کہے گا میرے رب میں تیری کتاب اور تیرے رسول پر ایمان لایا میں نے نمازیں پڑھیں روزے

رکھے صدقے کیے اور جتنی اس سے ہو سکے گی اپنی تعریف کرے گا کہا جائے گا ابھی پتہ چل جائے گا پھر اس سے کہا جائے گا ہم تیرے خلاف اپنا گواہ لاتے ہیں وہ دل میں سوچے گا: خلاف کون گواہی دے گا تو اس کا منہ بند کر دیا جائے گا اس کی ران اس کے گوشت اور اس کی ہڈیوں کو بولنے کا حکم دیا جائے گا بولو وہ اس کے عمل کی قلعی کھولیں گی یہ اس لیے کہ وہ شرمندہ ہو اور یہ شخص منافق ہوگا جس سے اللہ تعالیٰ ناراض ہوگا۔

مسلم عن ابی هریرة

۳۹۲۲۰..... قیامت کے روز اللہ تعالیٰ لوگوں کو ایک میدان میں جمع کرے گا پھر رب العالمین ان کے سامنے ظہور فرمائے گا ارشاد فرمائے گا: خبردار! ہر انسان جس کی عبادت کرتا تھا اس کے پیچھے چل دے صلیب والے کے سامنے اس کا صلیب تصاویر والے کے سامنے اس کی تصاویر اور آگ والے سامنے اس کی آگ آ جائے گی تو جس کی وہ پرتش کیا کرتے تھے اس کے پیچھے چل پڑیں گے صرف مسلمان رہ جائیں گے رب العالمین ان کے سامنے ظہور فرما کر ارشاد فرمائے گا: کیا تم لوگوں کی پیروی نہیں کرتے؟ وہ کہیں گے: ہم اللہ کی پناہ چاہتے ہیں ہم تجھ سے اللہ کی پناہ چاہتے ہیں اللہ ہمارا رب ہے یہی ہماری جگہ ہے یہاں تک کہ ہم اپنے رب کو دیکھ لیں وہ انہیں حکم دے گا اور ثابت قدم رکھے گا۔

لوگوں نے کہا یارسول اللہ! کیا ہم اللہ تعالیٰ کو دیکھیں گے آپ نے فرمایا: کیا تمہیں چودھویں کے چاند کو دیکھنے میں کوئی مشقت ہوتی ہے؟ لوگوں نے عرض کیا: یارسول اللہ نہیں! آپ نے فرمایا: اس کے دیدار میں بھی تمہیں کوئی تکلیف نہیں اٹھانا پڑے گی پھر وہ تجلی ہٹا لے گا پھر تجلی فرمائے گا اور انہیں اپنا تعارف کروائے گا پھر فرمائے گا: میں ہی تمہارا رب ہوں تم میری پیروی کرو! چنانچہ مسلمان اٹھ کھڑے ہوں گے اس کے بعد پل صراط رکھا جائے گا تو لوگ اس پر عمدہ گھوڑوں اور سواریوں کی طرح گزریں گے وہ کہہ رہے ہوں گے سلامت رکھ سلامت رکھ اب جہنمی رہ جائیں گے چنانچہ ان کی ایک فوج (جہنم میں) پھینکی جائے گی ارشاد ہوگا اے دوزخ تو بھر گئی ہے وہ کہے گی: کچھ اور ہے پھر ایک فوج پھینکی جائے گی ارشاد ہوگا: کیا تو بھر گئی ہے؟ وہ کہے گی: کچھ اور ہے یہاں تک کہ وہ سب اس میں پڑ جائیں گے رحمٰن تعالیٰ اس میں اپنے دونوں قدم رکھ دے گا تو وہ سکڑنا شروع ہو جائے گی تو کہے گی: بس! بس! بس!

جب اللہ تعالیٰ جنتیوں کو جنت میں اور جہنمیوں کو جہنم میں داخل کر دے گا تو موت کو لایا جائے گا اور اسے اس دیوار پر لا کر کھڑا کر دیا جائے جو جنتوں اور دوزخیوں کے درمیان ہوگی پھر اعلان ہوگا: جہنمیوں تو وہ خوش ہو کر جھانکیں گے کہ شاید کوئی شفاعت کرے گا اور جنتیوں سے کہا جائے گا: کیا اسے پہچانتے ہو؟ وہ کہیں گے ہاں ہم نے اسے پہچان لیا یہ وہ موت ہے جسے ہم پر مسلط کیا گیا تھا پھر اسے لٹایا جائے گا اور دیوار پر ذبح کیا جائے گا پھر جنتیوں سے کہا جائے گا: ہمیشگی ہے موت نہیں اور کہا جائے گا: جہنمیو! ہمیشگی اور موت نہیں۔ ترمذی عن ابی هریرة

۳۹۲۰۱..... قیامت کے روز میں جنت کے دروازے پر آؤں گا تو وہ میرے لیے کھول دیا جائے گا میں اپنے رب کو اس کی کرسی پر بیٹھا دیکھوں گا وہ میرے سامنے ظہور فرمائے گا تو میں سجدہ میں گر پڑوں گا۔ ابن النجار عن ابن عباس

کلام: ..... ضعیف الجامع الضعیفہ ۱۵۷۹۔

۳۹۲۰۲..... جان لو! بن میرے تم میں سے کوئی بھی اپنے رب کو نہیں دیکھ سکے گا۔ مسلم ترمذی عن رجل

۳۹۲۰۳..... ابوزین! کیا تم سب چودھویں کی رات چاند کو گزرتے نہیں دیکھتے؟ وہ تو اللہ کی ایک مخلوق ہے جبکہ اللہ تعالیٰ عظمت والا اور بڑا ہے۔

مسند احمد، ابو داؤد، ابن ماجه حاکم عن ابی رزین

۳۹۲۰۴..... جب جنتی جنت میں پہنچ جائیں گے تو اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: مزید کوئی چیز چاہتے ہو وہ عرض کریں گے: کیا آپ نے ہمارے چہرے سفید نہیں کیے ہمیں جنت میں داخل نہیں کیا اور جہنم سے نجات نہیں دی: تو اللہ تعالیٰ پردہ ہٹائے گا تو اپنے رب کے دیدار سے بڑھ کر کوئی چیز انہیں محبوب نہیں ہوگی۔ مسلم ترمذی عن صهیب

۳۹۲۰۵..... جب جنتی جنت میں اور جہنمی جہنم میں پہنچ جائیں گے تو ایک منادی اعلان کرے گا: اے جنتو! تمہارا اللہ تعالیٰ سے ایک عہد ہے اللہ چاہتا ہے کہ اسے پورا کرے وہ کہیں گے: ایسا کون سا وعدہ ہے؟ کیا اللہ تعالیٰ نے (اعمال کے) وزن کو نہیں بڑھایا ہمارے چہرے سفید نہیں کیے ہمیں جنت میں داخل کر کے جہنم سے نجات نہیں دی؟ پھر پردہ اٹھایا جائے گا تو وہ اللہ کی طرف دیکھیں گے تو اللہ کی قسم! انہیں جو کچھ اللہ تعالیٰ

نے عطا کیا ان میں اوران کی آنکھوں کی ٹھنڈک کے لیے اللہ کے دیدار سے بڑھ کر کوئی چیز محبوب نہیں ہوگی۔

مسند احمد، نسائی ابن ماجه وابن خزيمه ابن حبان عن صهيب

۳۹۲۰۶......اللہ تعالیٰ نے موسیٰ کو کلام سے نوازا اور مجھے دیدار نصیب فرمایا اور مقام محمود کے اور پیاس بجھانے کے لئے حوض کے ذریعہ مجھے فضیلت بخشی۔

ابن عساکر عن جابر

کلام:......ترتیب الموضوعات ۱۱۹۷ التزیہ ۱۲اص ۳۲۵۔

۳۹۲۰۷......تم اللہ تعالیٰ کو ایسے ہی دیکھو گے جیسے چاند کو دیکھ رہے ہو اس کے دیدار میں تمہیں کوئی مشقت اٹھانا نہیں پڑے گی سو اگر تم سے ہو سکے تو سورج طلوع ہونے سے پہلے اور سورج غروب ہونے سے پہلے والی نماز سے مغلوب نہ ہو تو ایسا ہی کرنا (یعنی نماز فجر وعصر کو نہ چھوڑنا)۔

مسند احمد، بخاری عن جرير

۳۹۲۰۸......تم مرنے سے پہلے ہرگز اپنے رب کو نہیں دیکھ سکو گے۔ طبرانی فی السنة عن ابی امامة

۳۹۲۰۹......میں نے اپنے رب کو دیکھا۔ مسند احمد عن ابن عباس

۳۹۲۱۰......میں نے جبرائیل سے پوچھا: کیا تم نے اپنے رب کو دیکھا ہے انہوں نے کہا: میرے اور اللہ کے درمیان نوری ستر پردے ہیں اگر ان میں سے (ادنیٰ) قریبی پردے کو میں دیکھ لوں تو مجھے جلا کر بسم کردے۔ طبرانی فی الاوسط عن انس

کلام:......ضعیف الجامع ۳۲۱۹

۳۹۲۱۱......قیامت کے روز ہمارا سب مسکرا کر ظہور فرمائے گا۔ طبرانی عن ابی موسیٰ

۳۹۲۱۲......اگر تم چاہو تو میں تمہیں بتاؤں کہ قیامت کے روز اللہ تعالیٰ سب سے پہلے مومنین سے اور مومن اس سے کیا کہیں گے اللہ تعالیٰ ایمان والوں سے کہے گا: کیا تمہیں میری ملاقات پسند ہے وہ کہیں گے ہمیں تیری معافی ومغفرت کی امید ہے اللہ تعالیٰ فرمائیں گے میں نے اپنی معافی اور مغفرت تمہارے لیے لازم کردی۔ مسند احمد طبرانی عن معاذ

کلام:......ضعیف الجامع ۱۲۹۴ القدسیۃ الضعیفۃ ۶۳۔

الاکمال

۳۹۲۱۳......قیامت کے روز تم اپنے رب کو کھلی آنکھوں دیکھو گے۔

طبرانی عن جریر وقال فيه زيادة الفظ "عيانا" تفردبها ابوشهاب الحناط وهو حافظ مبين من ثقات المسلمين

۳۹۲۱۴......اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام سے فرمایا: اے موسیٰ اللہ تو ہرگز مجھے نہیں دیکھ سکتا مجھے کوئی زندہ ہرگز نہیں (دیکھ سکے گا) دیکھے گا تو مرجائے گا اور نہ کوئی خشک دیکھے گا اور نہ کوئی تر دیکھے گا مگر وہ ٹکڑے ٹکڑے ہوجائے گا مجھے تو وہ جنتی دیکھیں گے جن کی آنکھوں پر موت آئے گی نہ ان کے جسم گلیں گے۔ الحکیم عن ابن عباس

۳۹۲۱۵......میں نے کہا: جبرائیل! کیا تو نے میرے رب کو دیکھا ہے؟ کہا: میرے اور اسکے درمیان ستر ہزار نور ونار کے پردے ہیں اگر میں ادنی کو بھی دیکھوں تو مجھے جلا ڈالیں۔ سمویہ عن انس

۳۹۲۱۶......ابورزین! کیا تم میں سے ہر ایک چودھویں کی رات چاند کو صاف نہیں دیکھتا؟ جبکہ وہ اللہ کی ایک مخلوق ہے اللہ تعالیٰ تو عظیم وجلال والے۔ (مسند احمد ابوداؤد ابن ماجہ حاکم طبرانی عن ابی رزین العقیلی فرماتے کہیں میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! کیا ہم میں سے ہر ایک قیامت اپنے رب کو علیحدہ دیکھ لے گا اور اس کی مخلوق اس کی کیا کے روز نشانی ہے؟ تو آپ نے یہ ارشاد فرمایا:

کلام:......ضعیف الجامع ۶۳۷۴

۳۹۲۱۷۔۔۔۔۔جس دن آسمان پر بادل نہ ہوتم سورج کو دیکھ سکتے ہو؟ اور جس رات آسمان پر بادل نہ ہو چاند کھ دیکھ سکتے ہو؟ اسی طرح تم اپنے رب کو دیکھو گے یہاں تک کہ تم میں سے ایک اپنے رب سے گفتگو کرے گا اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: اے میرے بندے! کیا تجھے فلاں فلاں گناہ یاد ہے؟ وہ عرض کرے گا: کیا آپ نے میری مغفرت میں فرمادی اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: میری مغفرت ہی کی وجہ سے تم اس مقام تک پہنچے ہو۔

حلية الاولياء عن ابی هريرة

۳۹۲۱۸۔۔۔۔۔ قیامت کے روز اللہ تعالیٰ تمام امتوں کو ایک کھلے میدان میں جمع کرے گا اور جب اللہ اپنی مخلوق کی تفریق کرنا چاہے گا تو ہر قوم کے سامنے اس کا معبود لا پیش کرے گا جس کی وہ عبادت کیا کرتے تھے چنانچہ وہ ان کے پیچھے ہو جائیں گے یہاں تک کہ وہ انہیں جہنم میں پھینک دیں گے پھر ہمارا رب آئے گا اور ہم لوگ ایک بلند جگہ پر ہوں گے اللہ تعالیٰ فرمائے گا: تم لوگ کون ہو؟ ہم کہیں گے ہم مسلمان ہیں اللہ تعالیٰ فرمائے گا: کس کا انتظار ہے؟ ہم کہیں گے: اپنے رب کا اللہ تعالیٰ فرمائے گا کیا تم اسے دیکھ کر پہچان لو گے؟ لوگ کہیں گے جی ہاں اللہ تعالیٰ فرمائے گا: تم نے اسے دیکھا ئیں تو پہچانو گے کیسے؟ ہم کہیں گے یہی بات ہے اس کی ٹکر کا کوئی نہیں تو اللہ تعالیٰ مسکراتے ہوئے ظہور فرمائیں گے اور فرمائیں گے خوش ہو جاؤ مسلمانو! میں نے تمہاری جگہ میں سے ہر ایک کے مقام پر جہنم میں یہودی اور نصرانی کو ڈالا دیا ہے۔

مسند احمد عن ابی موسى

۳۹۲۱۹۔۔۔۔۔قیامت کے پہلے کے روز ہر ایک آنکھ اللہ تعالیٰ کو دیکھے گی۔الخطيب عن ابن عمر

کلام:۔۔۔۔۔الجامع المصنف ۵۷

جنت اور اس کی خوبیوں کا ذکر

۳۹۲۲۰۔۔۔۔۔ جنت کے آٹھ دروازے ہیں اور جہنم کے سات دروازے ہیں۔ابن سعد عن عوبة بن عمرو

۳۹۲۲۱۔۔۔۔۔جنت کے سو درجات ہیں ہر درجہ میں زمین وآسمان جتنا فاصلہ ہے۔ابن مردویہ عن ابی هريرة

۳۹۲۲۲۔۔۔۔۔جنت کے سو درجات ہیں اگر تمام عالم ایک میں جمع ہونا چاہیں تو اس میں سما جائیں۔مسند احمد، ابویعلی عن ابی سعید

۳۹۲۲۳۔۔۔۔۔جنت کی ایک اینٹ سونے کی اور ایک چاندی کی ہے۔طبرانی فی الاوسط عن ابی هريرة

۳۹۲۲۴۔۔۔۔۔جنت کے سو درجات ہیں ہر دو درجوں میں پانچ سو سال کی مسافت ہے۔طبرانی فی الاوسط عن ابی هريرة

کلام:۔۔۔۔۔ضعیف الجامع ۲۶۷۰

۳۹۲۲۵۔۔۔۔۔جنت کی عمارت ایک اینٹ سونے اور ایک اینٹ چاندی سے بنی ہے اور اس کا گارا خوشبودار مشک کا ہے اور اس کے کنکر (بھرتی) موتی اور یاقوت ہیں اس کی مٹی زعفران ہے جو اس میں داخل ہوگا خوش عیش رہے گا کبھی بدحال نہیں ہوگا ہمیشہ رہے گا کبھی اسے موت نہیں آئے گی نہ اس کے کپڑے بوسیدہ ہوں گے اور نہ اس کی جوانی فنا ہوگی۔مسند احمد، ترمذی عن ابی هريرة

۳۹۲۲۶۔۔۔۔۔جنت کی زمین (گویا) سفید روٹی ہے۔ابو الشیخ فی العظمة عن جابر

۳۹۲۲۷۔۔۔۔۔کیا جنت کی تیار کرنے والا کوئی ہے کیونکہ جنت کے لئے کوئی خطرہ ہیں رب کعبہ کی قسم! وہ ایک چمکتا نور ہے تر و تازہ پھول ہے مضبوط محل ہے بہتی نہر ہے۔ (اس میں) بہت کثرت سے پکے میوہ جات ہیں اور خوبصورت حسین بیوی ہے اور ایسی جگہ جو عیش و عشرت کا مقام ہے اس میں بہت سے کپڑے ہیں اور اونچے گھر ہیں جو شاندار اور محفوظ ہیں لوگوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! ہم اس کے لئے تیار ہیں آپ نے فرمایا: کہو انشاءاللہ۔ابن ماجہ ابن حبان عن اسامة

کلام:۔۔۔۔۔ضعیف ابن ماجہ ۹۴۶ ضعیف الجھام: ۲۱۸

۳۹۲۲۸۔۔۔۔۔چاندی کی دو جنتیں جن کے برتن اور ساز و سامان سب چاندی ہے اور دو جنتیں جن کے برتن اور ان کی چیزیں سب سونے کی ہیں

لوگوں اوران کے رب کے درمیان جنت عدن میں کبریائی کی چادر ہوگی۔بخاری، ترمذی، نسائی، ابن ماجه عن ابی موسیٰ

۳۹۲۲۹..... جنت الفردوس جنت کی وہ اونچی جگہ ہے جواس کادرمیان ہےاور سب سے اچھا ہے۔طبرانی فی الاوسط عن سمرة

کلام:.....ضعیف الجامع ۲۶۳۷

۲۹۲۳۰..... جنت کے سودرجات ہیں دودرجوں میں زمین وآسمان جتنا فاصلہ ہے فردوس جنت کا اعلیٰ اوردرمیانی مقام ہےاس کے اوپر رحمٰن تعالیٰ کاعرش ہےاس سے جنت کی نہریں پھوٹتی ہیں توجب بھی اللہ تعالیٰ سے مانگوتو جنت الفردوس مانگو۔

ابن ماجه عن معاذ حاكم عن عبادة بن الصامت، ابو داؤد عن ابی هزيرة، ابن عساكر عن ابی عبيدة بن الجراح

۳۹۲۳۱.....اللہ تعالیٰ نے فردوس کواپنے دست (قدرت) سے بنایا ہےاوراسے ہرمشرک اورشراب کےرسیا۔(عادی) پرحرام کردیا ہے۔

بيهقی فی شعب الأيمان عن ابن عباس

کلام:.....ضعیف الجام:۱۵۸۲الضعیفہ ۱۷۱۹

۳۹۲۳۲..... جنت میں ایک نہر ہے جس میں جبرائیل جس وقت بھی داخل ہوکراس سے نکلے اوراپنے پرجھاڑے تو اللہ تعالیٰ اس کے ہرقطرے سے ایک فرشتہ پیدافرماتا ہے۔ابو الشيخ فی العظمة عن ابی سعيد

کلام:.....ذخیرۃ الحفاظ۱۹۴۴ضعیف الجامع ۱۹۰۰

۳۹۲۳۳..... جنت کی دونوں چوکھٹوں کے درمیان چالیس سال کی مسافت ہے۔مسند احمد ابويعلی عن ابی سعيد

۳۹۲۳۴..... فردوس کی چارجنتیں ہیں: دوجنتیں سونے کی جن کا زیور برتن اوردیگرساز وسامان سونے کا ہے دوجنتیں جن کا زیور برتن اوروہاں کا سامان چاندی کا ہےلوگوں کے درمیان اوران کے رب کودیکھنے کے درمیان جنت عدن میں کبریائی کی چادراس کے چہرہ کےسامنے ہوگی یہ نہریں جنت عدن سے پھوٹتی اوراس کے بعدنہروں کی شکل میں تقسیم ہوجاتی ہیں۔طبرانی فی الكبير سند احمد عن ابی موسیٰ

کلام:.....ضعیف الجامع ۲۶۳۵

۳۹۲۳۵.....اللہ تعالیٰ نے جنت عدن کواپنے ہاتھ سے بنایااوراس کے درخت اپنے ہاتھ سے لگائے پھراس سےفرمایا:بول،تووہ کہنےلگی:ایمان والے کامیاب ہوئے۔حاكم عن انس

کلام:.....ذخیرۃ الحفاظ۲۷۸۶ضعیف الجامع ۲۸۴۲

۳۹۲۳۶.....اللہ تعالیٰ نے جب جنت عدن کوپیدافرمایا تواس میں ایسی چیزیں بنائیں جنہیں نہ کسی آنکھ نے دیکھانہ کسی کان نے ان کے بارے میں سنااورکسی مخلوق کے دل میں ان کاخیال آیا،پھراللہ تعالیٰ نے اس سےفرمایا:بول:تووہ کہنےلگی:ایمان والےکامیاب رہے۔

طبرانی فی الكبير عن ابن عباس

کلام:.....ضعیف الجامع ۱۷۷۴الضعیفۃ۱۲۸۴

۳۹۲۳۷.....دنیامیں جتنی چیزیں ہیں جنت میں صرف وہ نام ہوں گے۔الضياء عن ابن عباس

۳۹۲۳۸.....لوگوں کوعمل کرنے دوکیوں کہ جنت کے سودرجات ہیں دودودرجوں میں زمین وآسمان جتنا فاصلہ ہے فردوس جنت کا اعلیٰ اوردرمیان درجہ ہےاس کے اوپر رحمٰن کاعرش ہے وہیں سے جنت کی نہریں پھوٹتی ہیں توجب اللہ تعالیٰ سے۔(جنت کا) سوال کروتو جنت الفردوس مانگو۔

مسند احمد، ترمذی عن معاذ

۳۹۲۳۹.....جنت میں پانی،شہد،دودھ اورشراب کاایک ایک سمندر ہے پھراس کے بعدنہریں نہیں کھودی جائیں۔

مسند احمد، ترمذی عن معاوية ابن حيدة

۳۹۲۴۰.....جنت میں ایک مشک کی لوٹن کی جگہ ہے جیسے دنیامیں تمہارے جانوروں کی دنیامیں لوٹ لگانے کی جگہ ہوتی ہے۔

طبرانی فی الكبير عن سهل بن سعد

۳۹۲۴۲..... فردوس جنت کا اعلی درمیانہ اور اونچا مقام ہے وہیں سے جنت کی نہر میں پھوٹتی ہیں۔ طبرانی فی الکبیر عن سمرة

۳۹۲۴۳..... جنت کی ایک بالشت جگہ دنیا اور اس کی تمام چیزوں سے بہتر ہے۔ ابن ماجه عن ابی سعید، حلیة الا ولیاء عن ابن مسعود

کلام:..... ضعیف الجامع: ۴۶۷۸

۳۹۲۴۴..... تم میں سے کسی کے جنت کے کوڑے کی مقدار پورے خلا سے بہتر ہے۔ مسند احمد عن ابی هريرة

۳۹۲۴۵..... جنت کی کوڑے جتنی جگہ دنیا اور اس کی چیزوں سے بہتر ہے۔ بخاری، ترمذی، ابن ماجه، عن سهل بن سعد، ترمذی عن ابی هريرة

۳۹۲۴۶..... جنت کی ایک چوکھٹ کا درمیانی فاصلہ چالیس سال کی مسافت جتنا ہے اور اس پر وہ دن بھی آئے گا کہ وہ بھر جائے گی۔

مسند احمد عن معاويه بن حيدة

۳۹۲۴۷..... جنت کے ہر درخت کا تنا سونے کا ہے۔ ترمذی عن ابی هريرة

۳۹۲۴۸..... جنت میں ایک درخت ہے جس کے سائے تلے سوار تیار کیا ہوا تیز رفتار گھوڑا سو سال دوڑا تا رہے گا پھر بھی اسے طے نہ کر سکے گا۔

مسند احمد، ترمذی، بخاری عن انس، مسلم عن سهل بن سعد، مسند احمد، بیهقی عن ابی سعید ترمذی عن ابی سعید، بیهقی، ترمذی، ابن ماجه عن ابی هريرة

۳۹۲۴۹..... طوبی ایک جنتی درخت ہے جس کی مسافت سو سال کی ہے اس کے غلافوں سے جنتیوں کے کپڑے نکلیں گے۔

مسند احمد بن حبان عن ابی سعید

۳۹۲۵۰..... طوبی ایک جنتی درخت ہے جسے اللہ تعالیٰ نے اپنے ہاتھ سے لگایا اس میں حیات نو ڈالی اس پر زیوارت اور کپڑے لگتے ہیں اس کی شاخیں جنتی دیواروں کے پیچھے سے نظر آئیں گی۔ ابن جریر عن قرة بن ایاس

کلام:..... ضعیف الجامع: ۳۶۳۰

۳۹۲۵۱..... طوبی ایک جنتی درخت ہے جس کی لمبائی اللہ ہی جانتا ہے سوار اس کی ایک شاخ تلے ستر سال دوڑتا رہے گا اس کے پتے کپڑے ہیں اس پر بیٹھنے والے پرندے اونٹوں جتنے ہیں۔ ابن مردویه عن ابن عمر

کلام:..... ضعیف الجامع: ۳۶۳۲

۳۹۲۵۲..... طوبی ایک جنتی درخت ہے جسے اللہ تعالیٰ نے اپنے ہاتھ سے لگایا اور اس میں حیات کی روح پھونکی اس کی شاخیں جنت کی دیواروں سے باہر نظر آتی ہیں اس پر زیوارات اور لدے ہوئے میوے لگتے ہیں۔ ابن مردویه عن ابن عباس

کلام:..... ضعیف الجامع: ۳۶۳۱

۳۹۲۵۳..... جنت کے سو درجات ہیں اگر تمام عالم جمع ہو کر ایک میں پہنچے تو سما جائے۔ ترمذی عن ابی سعید

کلام:..... ضعیف الترمذی ۴۵۵ ضعیف الجامع: ۱۹۰۱

۳۹۲۵۴..... جنت میں سو درجات ہیں دو درجوں میں سو سال کا فاصلہ ہے۔ ترمذی عن ابی هريرة

۳۹۲۵۵..... جنت کے آٹھ دروازے ہیں ایک دروازے کا نام ریان ہے جس سے صرف روزے دار ہی داخل ہوں گے۔

بخاری عن سهل بن سعد

۳۹۲۵۶..... جنت کے ایک دروازے کو ریان کہتے ہیں جس سے روزہ داروں کو بلایا جائے گا جو روزہ دار ہوگا وہ اس سے داخل ہوگا اور جو اس سے داخل ہوا وہ کبھی پیاسا نہیں ہوگا۔ ترمذی ابن ماجه عن سهل بن سعد

۳۹۲۵۷..... جنت میں ایک خول دار موتیوں کا خیمہ ہے جس کی چوڑائی ساٹھ میل ہے اس کے ہر کونے والے دوسروں کو دیکھتے ہیں مومن وہاں سے گزرے گا۔ مسند احمد، مسلم تر عن ابی موسیٰ

۳۹۲۵۸..... جنت کے سو درجات ہیں ہر دو درجوں میں زمین و آسمان جتنا فاصلہ ہے جنت کا اعلیٰ درجہ ہے جس سے جنت کی چاروں نہریں نکلتی

ہیں اس کے اوپر عرش ہے تو جب بھی اللہ تعالیٰ سے ۔(جنت) مانگو تو جنت الفردوس مانگو۔

مسند احمد، مسلم، ترمذی، مسند احمد، مسلم ترمذی، حاکم عن عبادۃ ابن الصامت

۳۹۲۵۹...... جنت وہ کچھ ہے جو نہ کسی آنکھ نے دیکھا نہ کسی کان نے سنا اور نہ کسی مخلوق کے دل میں اس کا خیال آیا۔

البزار، طبرانی فی الاوسط عن ابی سعید

الاکمال

۳۹۲۶۰...... جنت آسمان میں اور جہنم زمین میں ہے۔الدیلمی عن عبداللہ بن سلام

۳۹۲۶۱...... سورج جنت میں اور جنت مشرق میں ہے۔حاکم فی تاریخہ عن انس

۳۹۲۶۲...... فردوس جنت کی ناف ہے۔عن الحارث الازدی

۳۹۲۶۳...... اللہ تعالیٰ نے جنت عدن کو اپنے ہاتھ سے پیدا فرمایا اور اس میں ایسی نعمتیں پیدا کیں جنہیں نہ کسی آنکھ نے دیکھا اور نہ کسی دل میں ان کا خیال آیا پھر اللہ تعالیٰ نے اس سے فرمایا بول: تو اس نے کہا: ایمان والے کامیاب ہو گئے اللہ نے فرمایا: مجھے اپنی عزت کی قسم! کوئی بخیل میرے پاس سے گزر کر تجھ تک نہیں پہنچے گا۔طبرانی فی التند وتمام وابن عساکر عن ابن عباس

۳۹۲۶۴...... حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ابن صیاد نے رسول اللہ ﷺ سے جنت کی مٹی کے بارے میں پوچھا تو آپ نے فرمایا: سفید میدہ اور خالص مشک۔مسند احمد، مسلم عن ابی سعید

۳۹۲۶۵...... میرے سامنے جنت پیش کی گئی تو اس کا ایک خوشہ لینے لگا کہ تمہیں دکھاؤں تو میرے اور اس کے درمیان رکاوٹ ڈال دی گئی کسی نے عرض کیا: یارسول اللہ! انگور کا ایک دانہ کیا ہوگا؟ آپ نے فرمایا: اتنی بڑی دیگ جو کبھی تمہاری والدہ نے ابالی ہو۔

ابویعلی سعید بن منصور عن ابی سعید

۳۹۲۶۶...... میں نے جنت کی طرف دیکھا تو اس کے اناروں میں سے ایک انار اونٹ کی اتری ہوئی کھال کی طرح تھا اور اس کے پرندے جیسے بختی اونٹ ہوتے ہیں اس میں ایک لڑکی تھی میں نے کہا: اے لڑکی! تو کس کے لئے ہے وہ کہنے لگی: زید بن حارثہ کے لئے اور جنت میں ایسی نعمتیں ہیں جنہیں نہ کسی آنکھ نے دیکھا نہ کسی کان سے سنا اور نہ کسی کے دل میں اس کا خیال آیا۔ابن عساکر عن ابی سعید

۳۹۲۶۷...... حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے جنت کے دانے کا ذکر کر کے فرمایا: اس کے مشابہ کوئی چیز نہیں رب کعبہ کی قسم (وہاں) تازے پھول چمکتا نور بہتی نہریں نہ مرنے والی بیویاں ہمیشگی اور امن وامان کی جگہ نعمتیں ہیں۔

الخطیب عن ابن عباس وقال: غریب

۳۹۲۶۸...... سنو! جنت کی لئے کوئی تیاری کرنے والا ہے؟ کیونکہ جنت کے لیے کوئی خطرہ نہیں رب کعبہ قسم! وہ سارا چمکتا نور ہے تازے پھول ہیں مضبوط محل ہیں پھیلی ہوئی نہریں ہیں اور بہت زیادہ پکے پھل ہیں خوبصورت حسین بیویاں اور بہت زیادہ کپڑے محفوظ جگہ میں تروتازگی میں اور بلند شان محفوظ شاندار گھر میں لوگوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! ہم تیار ہیں آپ نے فرمایا: کہو! انشاء اللہ۔ابن ماجہ، ابو یعلی، نسائی، ابن حبان ابو بکر بن داؤد فی البعث والرویانی والرامھرمزی، طبرانی، بیھقی، فی البعث، سعید بن منصور عن اسامۃ بن زید

۳۹۲۶۹...... جب اللہ تعالیٰ اہل جنت کو جنت میں ٹھرائے گا وہ ایک کھلی جگہ میں باقی رہ جائیں گے جس میں اللہ تعالیٰ تین سو ساٹھ جہانوں کو ٹھرائے گا ہر عالم دنیا سے بڑا ہے جب سے دنیا بنی اس دن سے لیکر اس کے ختم ہونے تک۔الدیلمی عن ابی سعید

۳۹۲۷۰...... جنت میں ایک تنے پر قائم ایک درخت ہے اس کے تنے کی چوڑائی ستر سال کی مسافت ہے۔طبرانی فی الکبیر عن سمرۃ

۳۹۲۷۱...... (جنت کے درخت) کی ایک شاخ تلے سوار سو سال چلتا رہے اس میں سونے کا بھتر ہے گویا اس کے پھل مٹکے ہیں یعنی (سدرۃ المنتہیٰ)

ترمذی حسن صحیح طبرانی فی الکبیر حاکم عن اسماء بنت ابی بکر

۳۹۲۷۲...... جنت کی کھجور کے تنے سرخ سونے کے ہیں اور اس کی شاخیں سبز زمرد کی ہیں اس کی شاخیں جوڑے ہیں اور اس کا پھل مٹکوں کی طرح ہے جو مکھن سے زیادہ نرم اس میں گٹھلی نہیں ہوگی۔الدیلمی عن ابن عباس

۳۹۲۷۳...... جنت میں ایک پرندہ ہے جس میں ستر ہزار پر ہیں وہ آ کر ایک جنتی برتن پر بیٹھے گا پر جھاڑے گا تو ہر ایک سے برف سے زیادہ سفید رنگ اور مکھن سے نرم اور شہد سے میٹھا نکلے گا اس میں دوسرے رنگ سے ملتا جلتا رنگ نہیں ہوگا پھر وہ اڑ کر چلا جائے گا۔ھناد عن ابی سعید

۳۹۲۷۴...... جنت میں ایک پرندہ ہے جس کے ستر ہزار پر ہیں جب کسی ولی کے سامنے دسترخوان رکھا جائے وہ پرندہ آ کر اس میں گر جائے گا پر جھاڑے گا ہر ریشے سے شہد سے زیادہ لذیذ مکھن سے زیادہ نرم اور شہد سے میٹھا رنگ نکلے گا پھر اڑ جائے گا۔ابن مردویہ عنا بن مسعود

۳۹۲۷۵...... جنت میں مومن کے لئے ایک خیمہ ہے جو خول دار موتی سے بنا ہے جس کی لمبائی ساٹھ میل ہے مومن کی اس میں اہل وعیال ہوں گے مومن ان کے پاس آئے گا پھر بھی وہ ایک دوسرے کو نہ دیکھ سکیں گے۔مسند احمد عن ابن ابی موسی

۳۹۲۷۶...... جنت کی ایک کوڑے کی جگہ دنیا و مافیھا سے بہتر ہے۔حاکم عن ابی ھریرة

۳۹۲۷۷...... شاید تمہارا گمان ہے کہ جنت کی نہریں زمین پر گڑھوں میں ہوں گی نہیں اللہ کی قسم وہ سطح زمین پر چلتی ہوں گی ان کے کناروں پر خول دار موتیوں کے خیمے ہوں گے ان کی مٹی خوشبودار مشک ہوگی۔ابو نعیم عن انس

۳۹۲۷۸...... جنت کی دونوں چوکھٹوں کے درمیان چالیس سال کا فاصلہ ہے اور اس پر یہ دن بھی آئے گا کہ وہاں ایسا اژدھام ہوگا جیسے پانچ دن کے پیاسے اونٹوں کا گھاٹ پر ہوتا ہے۔طبرانی فی الکبیر عن عبداللہ بن سلام

اہل جنت اور ان کے درجات کا ذکر نیز اس میں مشرکین کی اولاد کا تذکرہ بھی ہے

۳۹۲۷۹...... سب سے پہلی جماعت جو جنت میں جائے گی ان کی صورتیں چودھویں کے چاند کی طرح ہوں گی وہ اس میں نہ تھوکیں گے نہ ناک سنکیں گے اور نہ انہیں پاخانہ کی حاجت ہوگی وہاں ان کے سونے کے برتن ہوں گے ان کی کنگھیاں سونے چاندی کی ہوں گی ان کی انگھیٹیوں میں عود بندی ہوں گی اور چھڑکاؤ کے لیے مشک ہوگی ہر ایک کے لئے دو بیویاں ہوں گی جن کی پنڈلیوں کا گودا حسن وخوبصورتی کی وجہ سے گوشت میں سے نظر آئے گا ان کا آپس میں کوئی اختلاف وبغض نہیں ہوگا۔ان کے دل ایک ہوں گے صبح وشام اللہ کی تسبیح کریں گے۔

مسند احمد بخاری ترمذی عن ابن ھریرة

۳۹۲۸۰...... جنت میں پہلی جماعت جو داخل ہوگی ان کے چہرے چودھویں رات کے چناؤ کی طرح ہوں گے اور ان کے پیچھے جو لوگ ہوں گے ان کے چہرے آسمان پر تیز چمکنے والے ستارے کی طرح ہوں گے ان کے دل ایک ہوں گے ان کا آپس میں کوئی اختلاف بغض وحسد نہیں ہوگا ہر آدمی کی دو بیویاں ہوں گی جن کی خوبصورت کی وجہ سے ان کی پنڈلیوں کا گودا گوشت سے نظر آئے گا صبح وشام اللہ تعالیٰ کی تسبیح بیان کریں گے نہ بیمار پڑیں گے نہ پاخانے کی حاجت ہوگی نہ ناک سکیں گے اور نہ تھوکیں گے ان کی برتن سونے چاندی کے اور ان کی کنگھیاں بھی انھی کی بنی ہوں گی ان کی انگھٹیوں میں عود بندی ہوگی۔بخاری عن ابی ھریرة

۳۹۲۸۱...... سب سے کم درجے والا جنتی وہ ہوگا جو اپنی سلطنت میں ہزار سال دیکھتا رہے گا اس کی آخری سرحد کو ایسے (قریب سے) دیکھے گا جیسے اپنی بیوی خادموں اور بیٹوں کو دیکھے گا اور سب سے بلند درجہ وہ ہوگا جو دو مرتبہ اللہ تعالیٰ کی زیارت کرے گا۔مسند احمد حاکم عن ابن عمر

کلام: ......ضعیف الجامع ۱۳۸۱

۳۹۲۸۲...... جنتی جب جنت میں داخل ہو جائیں گے تو اپنے اعمال کی فضلیت کی وجہ سے وہ اس میں اتریں گے پھر دنیا کے دنوں کے اعتبار سے یوم جمعہ کو اعلان کیا جائے گا تو وہ اپنے رب کی زیارت کریں گے ان کے سامنے اس کا عرش نمودار ہوگا اور جنت کے ایک باغ سے ان کے لئے آغاز کیا جائے گا پھر ان کے لئے نور موتیوں یاقوت زبرجد سونے اور چاندی کے منبر رکھے جائیں گے ان میں سے ادنی شخص حالانکہ ان میں کوئی

کم درجہ نہیں ہوگا مشک وکافور کے ٹیلوں پر بیٹھے گا کرسیوں والے ان سے افضل نشست نہ رکھتے ہوں گے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! کیا ہم اپنے رب کو دیکھیں گے؟ آپ نے فرمایا: ہاں کیا تمہیں (دن میں) سورج اور رات جب چودھویں کا چاند دیکھنے میں کوئی شک ہوتا ہے، ہم نے عرض کیا: نہیں آپ نے فرمایا: اپنے رب کے دیکھنے میں بھی تمہیں کوئی شک نہیں ہونا چاہیے۔

اس مجلس میں ہر شخص سے اللہ تعالیٰ گفتگو فرمائے گا یہاں تک کہ ان میں سے ایک سے اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: ابن فلاں! فلاں دن یاد ہے تم نے یہ یہ کہا تھا؟ تو اللہ تعالیٰ اسے اس کی دنیا والی کچھ بے وفائیاں یاد دلائے گا وہ عرض کرے گا میرے رب! کیا تو نے میری مغفرت نہیں فرمادی؟ اللہ تعالیٰ فرمائیں گے کیوں نہیں! میری مغفرت کی وسعت سے ہی تم یہاں تک پہنچے ہو وہ لوگ اسی حال میں ہوں گے کہ ایک بادل اس اوپر سے ڈھانپ لے گا اور ان پر ایسی خوشبو برسے گی کہ انہوں نے کبھی نہیں سونگھی ہوگی اللہ تعالیٰ کی فرمائیں گے جو میں نے عزت وتوقیر کا سامان تمہارے لے تیار کررکھا ہے اس کی طرف آؤ جو تمہیں پسند ہو لے لو! تو ہم ایسے بازار میں آئیں گے جسے فرشتوں نے گھیر رکھا ہوگا اس جیسا کسی نے نہیں دیکھا ہوگا۔ نہ کانوں نے سنا اور نہ دلوں میں اس کا خیال آیا ہوگا تو جو چیز ہمیں پسند ہوگی اٹھوالی جائے گی اس بازار میں خرید وفروخت نہیں ہوگی۔

اس بازار میں جنتی ایک دوسرے سے ملیں گے اونچی منزل والا شخص اپنے سے کم درجہ سے ملے گا۔ اگر چہ ان میں کوئی کم درجہ نہیں ہوگا۔ تو اسے اس کا لباس اچھا لگے گا ابھی ان کی بات ختم نہیں ہونے پائے گی کہ اس پر اس سے اچھا لباس آجائے گا یہ اس لئے کہ جنت میں کوئی بھی غمگین نہیں ہوگا پھر ہم اپنے گھروں کا رخ کریں گے وہاں ہم سے ہماری بیویاں ملیں گی وہ کہیں گی: خوش آمدید! آپ میں تو پہلے سے زیادہ خوبصورتی آگئی ہم کہیں گے: آج ہم اپنے رب تعالیٰ سے مل بیٹھے تھے تو ہمارے لائق تھا کہ جیسے ہم وہاں تھے اسی طرح لوٹتے۔ ترمذی ابن ماجہ عن ابی ھریرۃ

کلام:......ضعیف ابن ماجہ ۹۴۷ ضعیف الجامع ۱۸۳۱

۳۹۲۸۳......زیادہ تر جنتی وہ لوگ ہوں گے جو بھولے بھالے ہیں۔ ابزار عن انس

کلام:......اسنی المطالب ۲۴۳ التذکرۃ ۱۷

۳۹۲۸۴......جنتی لوگوں کے زیادہ تر موتی عقیق کے ہوں گے۔ حلیۃ الاولیاء عن عائشہ

کلام:......تذکرۃ الموضوعات ۱۵۸ التزیہ ج ۲ ص ۲۷۶

۳۹۲۸۵......جب جنتی جنت میں ٹھہر جائیں گے تو بھائی ایک دوسرے سے ملنے کی خواہش کریں گے تو اس کا تخت اس کی طرف چل پڑے گا اور اس کا تخت اس کی جانب رواں ہو جائے گا یہاں تک کہ دونوں کی ملاقات ہوگی تو یہ اور وہ دنوں ٹیک لگا کر باتیں کریں گے جو دنیا میں ان کے درمیان ہوتیں۔ (ان میں سے ایک) کہے گا: میرے بھائی! یاد ہے، ہم نے دنیا کے گھر میں ایک مجلس میں بیٹھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا کی تھی سو (آج) اس نے ہمیں بخش دیا۔ ابو الشیخ فی العظمۃ، حلیۃ الا ولیاء والبیھقی فی البعث عن انس

کلام:......ضعیف الجامع: ۳۵۹ الضعیفۃ ۲۳۲۱

۳۹۲۸۶......اللہ تعالیٰ ہر جمعہ کی مقدار جنتوں کے لئے کافر کے سفید ٹیلے پر تجلی فرمائے گا۔ خطیب عن انس

کلام:......ضعیف الجامع ۱۶۹۴ الکشف الالٰہی ۲۱۵

۳۹۲۸۷......اللہ تعالیٰ جنتیوں سے کہے گا: اے جنت والو! وہ عرض کریں گے! ہمارے رب! ہم حاضر ہیں اور ہماری سعادت ہے اللہ تعالیٰ فرمائے گا: کیا تم راضی ہوگئے؟ وہ عرض کریں گے ہم کیسے راضی نہ ہوں جبکہ آپ نے ہمیں وہ کچھ عطا کیا جو اپنی مخلوق میں سے کسی کو عطا نہیں کیا؟ اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: کیا میں تمہیں اس سے افضل نعمت نہ دوں؟ وہ عرض کریں گے: ہمارے رب! اس سے افضل کیا چیز ہے؟ اللہ تعالیٰ فرمائے گا: میں نے تمہارے لئے اپنی رضامندی جائز کردی اب اس کے بعد کبھی تم سے ناراض نہیں ہوں گا۔ مسند احمد، بخاری ترمذی عن ابی سعید

۳۹۲۸۸......آدمی جب جنت کا ایک پھل توڑے گا تو دوسرا اس کی جگہ لگ جائے گا۔ طبرانی فی الکبیر عن ثوبان

کلام:......ضعیف الجامع ۱۴۴۶

۳۹۲۸۹......علیین کا ایک شخص جنتیوں کو جھانک کر دیکھے گا تو جنت ایسے روشن ہو جائے گی جیسے وہ چمکتا ستارا ہے۔ ابوداؤد عن ابی سعید

کلام:.......ضعیف ابی دواؤد ۷۸۵، ضعیف الجامع ۱۴۶۲

۳۹۲۹۰......ایک جنتی آدمی کو کھانے پینے شہوت اور جماع کی طاقت (دنیا کے) سو آدمیوں کے برابر دی جائے گی ان میں سے کسی کی (قضائے) حاجت پسینہ ہوگا جو جلد سے نکلے گا پھر اس کا پیٹ پتلا ہوجائے گا۔طبرانی فی الکبیر عن زید بن ارقم

۳۹۲۹۱......ایک جنتی کو سو کی طاقت عورتوں کے بارے میں دی جائے گی۔ترمذی ابن حبان عن انس

۳۹۲۹۲......کم سے کم درجہ والا جنتی اپنی جنتی بیویوں خدمت گاروں اور بیٹوں کو ہزار سال تک دیکھتا رہے گا ان میں اللہ کے نزدیک سب سے عزت مند وہ ہوگا جو صبح وشام اللہ تعالیٰ کا دیدار کرے گا۔ترمذی عن ابن عمر

۳۹۲۹۳......ادنی مقام والا جنتی بھی ایک ایسے گھر کا مالک ہوگا جو ایک موتی سے بنا ہوگا اسی سے اس کے کمرے اور دروازے ہوں گے۔

هناد فی الزهد عن عبد بن عمری مر سلا

کلام:.......ضعیف الجامع ۱۳۸۰

۳۹۲۹۴......اہل جنت جنت میں کھائیں پیئں گے نہ تھوکیں نہ پیشاب کریں نہ پاخانہ کریں اور نہ ناک سنکیں گے لیکن ان کا کھانا اس ڈکار سے ہضم ہوجائے گا اور مشک کے چھڑکاؤ جیسا چھڑکاؤ ہوگا انہیں تسبیح وتحمید کا ایسے ہی الہام ہوگا جیسے سانس کا الہام ہوتا ہے۔

مسند احمد، مسلم، ابوداؤد عن جابر

۳۹۲۹۵......جنت الفردوس والے عرش کے چرچرانے کی آوازسنیں گے۔ابن مردویه عن ابی امامة

کلام:.......ضعیف الجامع ۱۸۳۷

۳۹۲۹۶......جنتی جب اپنی بیویوں سے ہم بستر ہوں گے تو وہ پھر سے دوشیزہ ہوجائیں گی۔طبرانی فی الصغیر عن ابی سعید

کلام:.......ضعیف الجامع:۱۸۳۰

۳۹۲۹۷......جنت میں مومن کے لئے ایک خول دار موتی کا خیمہ ہوگا جس کی لمبائی ساٹھ میل ہوگی جس میں مومن کے گھرانے کے لوگ ہوں گے مومن ان کے پاس آئے گا تو وہ لوگ ایک دوسرے کو نہ دیکھ سکیں گے۔مسلم عن ابی موسیٰ

۳۹۲۹۸......خیمہ خول دار موتی کا ہوگا جس کی لمبائی آسمان میں (بلندی کے لحاظ) ساٹھ میل ہوگی ہر گوشے میں مومن کے گھر والے ہوں گے جو ایک دوسرے کو نظر نہیں آئیں گے۔مسلم عن ابی موسیٰ

۳۹۲۹۹......اگر تم جنت میں داخل کیے گئے تو تمہارے پاس یاقوت کا ایک گھوڑا لایا جائے گا جس کے دو پر ہوں گے اس پر تمہیں سوار کیا جائے گا وہ تمہیں لے کر جہاں تم چاہو گے اڑے گا۔ترمذی عن ابی ایوب

کلام:.......ضعیف الجامع:۱۲۸۷

۳۹۳۰۰......جنتیوں کی ایک ۱۲۰ سو بیس صفیں ہوں گی جن میں سے اسی اس امت کی اور چالیس دیگر امتوں کی ہوں گی۔

مسند احمد ترمذی ابن ماجه ابن حبان عن بریدة طبرانی فی الکبر عن ابن عباس وابن مسعود وعن ابی موسیٰ

۳۹۳۰۱......جنتی فالتو بالوں سے صاف نوعمر اور ان کی آنکھیں سرمگین ہوں گی جن کی نہ جوانی ختم ہوگی اور نہ ان کے کپڑے پرانے ہوں گے۔

ترمذی عن ابی هریرة

۳۹۳۰۲......جنت میں جو پہلا گروہ جائے گا ان کے چہرے چودہویں کے چاند کی طرح ہوں گے اور دوسرے گروہ کا رنگ آسمانی چمکتے ستارے سے بڑھ کر اچھا ہوگا ان میں سے ہر شخص کی دو بیویاں ہوں گی ہر بیوی پر ستر جوڑے ہوں گے اس کی پنڈلیوں کا گودا باہر سے نظر آئے گا۔

مسند احمد، ترمذی عن ابی سعید

۳۹۳۰۳......جنتی سب سے پہلے جو چیز کھائیں گے وہ مچھلی کے جگر کا ٹکڑا ہوگا۔ابوداؤد الطیالسی عن سمرة واعن انس

۳۹۳۰۴......مشرکین کی (نابالغ) اولاد جنتیوں کے خادم ہوں گے۔طبرانی فی الاوسط عن سمرة وعن انس

کلام:.......النوافح ۷۰۴

۳۹۳۰۵......میں نے اللہ تعالیٰ سے مشرکین کی اولاد کا سوال کیا تو اللہ تعالیٰ نے مجھے وہ جنتیوں کی خدمت کے لیے عطا کر دیے کیونکہ جو شرک ان کے آباء (ماں باپ) نے کیا اسے انہوں نے نہیں پایا اور کیونکہ وہ پہلے عہد۔ (الست بربکم میں تھے)۔الحکیم عن انس

کلام:......ضعیف الجامع: ۲۰۸۸

۳۹۲۰۶......میں نے اپنے رب سے سوال کیا تو مجھے مشرکین کے بچے جنتیوں کی خدمت کے لیے عطا کر دیے اور یہ اس وجہ سے کہ انہوں نے اپنے ماں باپ کا شرک نہیں پایا اور وہ پہلے وعدہ میں تھے۔ابو الحسن بن ملہ فی امالیہ عن انس

کلام:......ضعیف الجامع ۳۲۲۵

۳۹۲۰۷......مسلمانوں کے بچے قیامت کے روز عرش تلے ہوں گے جو بارہ سال سے کم ہوں گے وہ شفاعت کریں گے اور ان کی شفاعت قبول کی جائے گی اور جو تیرہ سال کا ہو گیا تو وہ مکلّف ہے (یعنی اس سے باز پرس ہوتی ہے)۔ابوبکر فی الغلا نیات وابن عساکر عن ابی مامة

کلام:......الجامع المصنف ۱۱۳ ضعیف الجامع: ۳۰۴۱

۳۹۲۰۸......مسلمانوں کے بچے جنت کے درختوں پر سبز چڑیوں کی صورت میں ہوں گے (ان کی تربیت ان کی والد ابرہیم علیہ السلام کریں گے۔

سعید بن منصور عن مکحول مرسلاً

کلام:......ضعیف الجامع: ۳۰۴۰

۳۹۲۰۹......مسلمانوں کے (فوت شدہ) بچوں کی کفالت ابراہیم علیہ السلام کریں گے۔ابوبکر بن داؤد فی البعث عن ابی هریرة

۳۹۲۱۰......مومنوں کی بچے جنت کی پہاڑ پر ہوں گے ابراہیم اور سارہ علیہما السلام ان کی کفالت کریں گے۔سعید بن منصور عن سلیمان موقوفا

۳۹۲۱۱......میری امت جنت کی جس دروازے سے داخل ہوگی اس کی چوڑائی عمدہ گھوڑے کے سوار کی تین روزہ مسافت ہے۔

۳۹۳۱۲......ہر جنتی اپنا جہنم والا ٹھکانا دیکھ کر کہے گا: اگر اللہ نے مجھے ہدایت نہ دی ہوتی تو پس وہ اس کے شکر کا سبب ہے اور جہنمی اپنا جنت والا ٹھکانا دیکھ کر کہے گا: کاش اللہ تعالیٰ مجھے ہدایت دیتا تو وہ اس کے لئے حسرت کا باعث ہے۔مسند احمد حاکم عن ابی هریرة

۳۹۳۱۳......(معراج کی رات) میں جنت میں داخل ہوا تو مجھے اکثر جنتی بھولے بھالے نظر آئے۔

ابن شاهین فی الافراد وابن عساکر عن جابر

کلام:......ذخیرۃ الحفاظ ۷۷۲۸ ضعیف الجامع ۲۹۵۹

۳۹۳۱۴......ہر نعمت ختم ہوگی صرف جنتیوں کی نعمت باقی رہے گی ہر غم ختم ہو جائے گا صرف جہنمیوں کی مصیبت باقی رہے گی جو تجھ سے کوئی گناہ ہو جائے اس کے بعد نیکی کر لیا کر۔ابن لال عن انس

۳۹۳۱۵......اگر کوئی جنتی عورت زمین پر جھانک دے تو زمین مشک کی خوشبو سے بھر جائے اور سورج چاندی کی روشنی ماند پڑ جائے۔

طبرانی فی الکبیر والضیاء عن سعید بن عامر

کلام:......ضعیف الجامع، ۴۸۰۱

۳۹۳۱۶......میری امت کے سات لاکھ ستر ہزار ایک دوسرے کو پکڑ کر جنت میں داخل ہوں گے جب تک پچھلے داخل نہیں ہو لیتے پہلے داخل نہیں ہوں گے ان کے چہرے چودھویں کے چاند جیسے ہوں گے۔مسلم عن سهل بن سعد

۳۹۳۱۷......جسے اللہ تعالیٰ جنت میں داخل کرے گا تو اس کی بہتر عورتوں سے شادی کرے گا جن میں سے دو حور عین ہوں گی اور ستر (اس کے) جہنمی لوگوں سے اس کی میراث ہوں گی ان میں سے ہر ایک کی خواہش کرنے والی اندام نہانی اور اس مرد کا نہ مڑنے والا عضو تناسل ہوگا۔

ابن ماجه عن ابی امامة

کلام:......ضعیف ابن ماجہ ۹۴۸، ذخیرۃ الحفاظ ۴۸۶۲

۳۹۳۱۸......جو جنت میں جائے گا خوش عیش ہوگا تنگ حال میں ہوگا نہ اس کے کپڑے پرانے ہوں گے اور نہ جوانی ختم ہوگی۔
مسلم عن ابی هريرة

۳۹۳۱۹......نبی، شہید، نوازئیدہ بچہ اور زندہ درگور کی گئی لڑکی جنت میں جائے گی۔مسند احمد، ابو داؤد عن رجل
کلام:......ضعیف الجامع ۵۹۸۵

۳۹۳۲۰......انبیاء ورسل جنتیوں کے سردار ہوں گے اور شہداء جنتیوں کے قائدین ہوں گے اور قرآن کے حفاظ جنتیوں کے تعارف کے لئے ہوں گے۔
حلية الاولياء عن ابی هريرة

کلام:......ضعیف الجامع :۵۹۸۶، اللآ لی ج ۱ ص ۲۶۵

۳۹۳۲۱......نیند موت کی بہن (یعنی موت جیسی) ہے اور جنتی مریں گے نہیں۔ بیهقی عن جابر
کلام:......ذخیرۃ الحفاظ ۲۵۱۹ المتناھیۃ ۱۵۵۳

۳۹۳۲۲......جنتی بالا خانوں والوں کو ایسے دیکھیں گے جیسے (مشرق یا مغرب میں) چمکنے والے ستارے نظر آتے ہیں۔(آپس میں ایک دوسرے پر فضلیت کی وجہ سے)۔مسند احمد مسلم عن سهل بن سعد

۳۹۳۲۳......جنتی آپس میں ایک دوسرے پر فضلیت کی وجہ سے بالا خانوں والوں کو ایسے دیکھیں گے جیسے مشرق یا مغرب میں آسمان پر چمکتے ستارے نظر آتے ہیں۔مسند احمد مسلم عن ابی سعید ترمذی عن ابی هريرة

۳۹۳۲۴......جنتی ایسی عمدہ سفید سواریوں پر سوار ہو کر ایک دوسرے کی زیارت کریں گے جیسے وہ یاقوت ہیں اور جنت میں سوائے گھوڑے اور پرندے کے کوئی جانور نہیں ہوگا۔طبرانی فی الکبير عن ابی ايوب

۳۹۳۲۵......جنتی روزانہ دو بار رب جبار کے دربار میں حاضری دیا کریں گے اللہ تعالیٰ انہیں قرآن سنائیں گے ان میں سے ہر آدمی اعمال کے لحاظ سے اپنی اس مجلس نشست پر بیٹھے گا جو موتیوں یاقوت زمرسونے اور چاندی کے منبروں سے بنی ہوگی اس سے ان کی آنکھوں جنتی اس سے ٹھنڈی ہوں گی کسی چیز سے ٹھنڈی نہیں ہوئی ہوں گی اس سے عظیم اور اچھی چیز انہوں نے کبھی نہیں سنی ہوگی اس کے بعد وہ اپنے اپنے مقامات پر اور آنکھوں کی ٹھنڈک کی طرف لوٹ جائیں گے اور آئیندہ کے لیے انھیں ایسی ہی تندآئے گی۔الحکیم عن بريدة
کلام:......ضعیف الجامع ۱۸۳۴

۳۹۳۲۶......مومن جب جنت میں بچے کی خواہش کرے گا تو اس کا حمل وضع حمل اور دانت وغیرہ سب ایک گھڑی میں ہوجائیں گے جیسا وہ چاہے گا۔مسند احمد ترمذی ابن ماجه ابن حبان عن ابی سعید

۳۹۳۲۷......کم سے کم درجہ جنتی کے اسی ہزار خدام اور بہتر بیویاں ہوں گی اور اس کے لئے موتی زبرجد اور یاقوت کا ایسا قبہ گنبد بنایا جائے گا جیسا جابیہ اور صنعاء کے درمیان ہے۔مسند احمد ترمذی ابن حبان والضياء عن ابی سعید
کلام:......ضعیف الترمذی ۴۶۶ ضعیف الجامع ۲۶۶

۳۹۳۲۸......اگر اللہ تعالیٰ تمہیں جنت میں داخل کرے تو جب تم چاہو گے کہ یاقوت کے سرخ گھوڑے پر سوار ہو اور وہ تمہیں جنت میں جہاں دل کرے اڑا کرے جائے تو تم سوار ہوجاؤ گے۔مسند احمد ترمذی عن بريدة
کلام:......ضعیف الجامع ۱۳۹۲

۳۹۳۲۹......جنتی جنت میں صاف بدن نوعمر اور سرگین آنکھوں والے تیس یا تینتیس سال کے ہو کر داخل ہوں گے۔
مسند احمد، ترمذی عن معاذ بن جبل

۳۹۳۳۰......جنتی عورت کی پنڈلی کی سفیدی ستر پردوں سے بھی نظر آئے گی بلکہ اس کی پنڈلی کا گودا بھی دکھائی دیگا یہ اس لئے کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: وہ

گویا تو قوت اور مرجان کہیں سویا قوت تو وہ پتھر ہے اگر تم اس میں (سوراخ کر کے) سفید دھاگہ ڈالو پھر سے صاف کرلو تو اس کے آر پار دیکھ سکو گے۔
ترمذی عن ابن مسعود

کلام:......ضعیف الترمذی، ۴۵۶ ضعیف الجامع:۱۷۷۶

۳۹۳۳۱......پہلی جماعت جو جنت میں جائے گی ان کے چہرے چودھویں کے چاند کی طرح ہوں گے پھر ان کے بعد والے انتہائی چمکتے ستارے جیسے نہ انہیں پیشاب و پاخانہ آئے نہ تھوکیں سنکیں، ان کی کنگھیاں سونے کی چھڑ کا وَ مشک کا اور دھونی عود بندی کی ان کی بیویاں حور عین ان کے اخلاق ایک طرح کے اپنے والد آدم کی شکل وصورت پر ساٹھ گز لمبے ہوں گے۔مسند احمد مسلم ابن ماجہ عن ابن ہریرۃ

۳۹۳۳۲......جب جنتی جنت میں داخل ہو جائیں گے اللہ تعالیٰ فرمائیں گے کیا تمہیں کیسی چیز کی خواہش ہے جس کا میں اضافہ کردوں؟ وہ عرض کریں گے: ہمارے رب جو کچھ آپ نے دیا اس سے بڑھ کر کیا ہوگا؟ اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: میری رضامندی اس سے بڑھ کر ہے۔
حاکم عن جابر

۳۹۳۳۳......آدمی جب جنت میں پہنچ جائے گا تو اپنے والدین اور بیوی بچوں کے بارے میں پوچھے گا اس سے کہا جائے گا: وہ ترے درجہ اور عمل تک نہیں پہنچے وہ عرض کرے گا: میرے رب! میں نے اپنے لئے اور ان کے لیے عمل کیا تھا چنانچہ انہیں اس کے ساتھ مل جانے کا حکم دیا جائے گا۔
طبرانی فی الکبیر عن ابن عباس

کلام:......ضعیف الجامع ۴۸۵

۳۹۳۳۴......ایک جنتی اپنے رب سے کاشتکاری کی اجازت طلب کرے گا اس سے کہا جائے گا کیا تجھے پسندیدہ چیزیں نہیں ملیں؟ وہ کہے گا کیوں نہیں لیکن میں کاشتکاری کرنا چاہتا ہوں پھر وہ بیج ڈالے گا تو پلک جھپکنے سے پہلے اس کی فصل تیار کھڑی ہوگی اور وہیں کٹ جائے گی اور پہاڑوں جتنی ہوگی اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: ابن آدم لو! تمہیں کوئی چیز سیر نہیں کرسکتیں۔مسند احمد بخاری عن ابی ہریرۃ

۳۹۳۳۵......جنتیوں پر تاج ہوں گے اس کا چھوٹے سے چھوٹا موتی مشرق ومغرب کو روشن کردے گا۔ترمذ، حاکم عن ابی سعید

۳۹۳۳۶......جنت میں ایک بازار لگے گا جہاں لوگ ہر جمعہ کو آئیں گے اس میں مشک کے ٹیلے ہوں گے بادشمالی چلے گی تو وہ اڑ کر ان کے منہوں اور کپڑوں میں پڑ جائے گی جس سے ان کا حسن وجمال دوبالا ہو جائے گا سی دوہرے حسن وجمال کے ساتھ وہ اپنے گھر والوں کے پاس آئیں گے ان کے گھر والے ان سے کہیں گے اللہ کی قسم! ہمارے بعد تمہاری خوبصورتی میں اضافہ ہو گیا وہ کہیں گے: اللہ کی قسم! ہمارے بعد تم بھی زیادہ حسین وجمیل ہو گئے ہو۔مسند احمد، مسلم عن انس

۳۹۳۳۷......جنت میں ایک بازار ہے جس میں خرید وفروخت نہیں وہاں صرف مردوں عورتوں کی تصویریں ہوں گی آدمی جب کسی صورت کو پسند کرے گا اس میں داخل ہو جائے گا۔ترمذی عن علی

۳۹۳۳۸......کیا میں تمہیں جنتیوں کا نہ بتاؤں (کہ کون لوگ ہوں گے) کمزور اور مغلوب لوگ۔طبرانی فی الکبیر عن ابن عمرو

۳۹۳۳۹......جنتی اپنی نعمتوں میں مشغول ہوں گے کہ ایک نور بلند ہوگا وہ اپنے سر اٹھائیں گے تو اوپر سے رب انہیں دیکھ رہا ہوگا اللہ تعالیٰ فرمائے گا: اے جنتیوں تم پر سلام ہو! یہ اللہ تعالیٰ کا وہی ارشاد ہے رب رحیم کی طرف سے سلام کی بات ہوگی چنانچہ وہ انہیں اور وہ اسے دیکھیں گے تو جب تک وہ اسے دیکھتے رہیں گے کسی نعمت کی طرف متوجہ نہیں ہوں گے یہاں تک کہ وہ خود ان سے اوجھل ہو جائے اور اس کا نور وبرکت ان پر ان کے گھروں میں باقی رہے گی۔ابن ماجہ عن جابر

کلام:......ضعیف ابن ماجہ ۳۳

۳۹۳۴۰......قیامت کے روز زمین ایک روٹی کی طرح ہوگی جسے جبار تعالیٰ ایسے پلٹے گا جیسے تم میں سے کوئی سفر میں اپنی روٹی پلٹتا ہے جنتیوں کی مہمان نوازی کے لئے۔مسند احمد بیہقی عن ابی سعید

۳۹۳۴۱......جب اللہ تعالیٰ جنت میں قرآن پڑھیں گے ایسے لگے گا کہ لوگوں نے قرآن سنا ہی نہیں۔الجزی فی الابانۃ عن انس

۳۹۳۴۲......قیامت کے روز جب رحمٰن تعالیٰ لوگوں کے سامنے قرآن پڑھے گا یوں لگے گا کہ لوگوں نے قران سنا ہی نہیں۔
فردوس عن ابی ھریرۃ

۳۹۳۴۳......اگر جنت کا ناخن بھر کا حصہ ظاہر ہو جائے آسمان وزمین کے کنارے چمک اٹھیں گے اور اگر کوئی جنتی (دنیا کی طرف) جھانک دے اور اس کی کنگن سامنے ہو جائیں تو سورج کی روشنی ایسے ہی ماند پڑ جائے جیسے سورج سے ستاروں کی روشنی ماند پڑ جاتی ہے۔
مسند احمد ترمذی عن ابی سعید

۳۹۳۴۴......جو جنت کا اہل شخص چھوٹا یا بڑا امر اتو اسے تیس سال کا جنت میں کر دیا جاتا ہے جس سے زیادہ اس کی عمر نہیں ہوگی یہی حال جہنمیوں کا ہوگا۔ترمذی عن ابی سعید

کلام:......ضعیف الترمذی ۴۶۷ ضعیف الجامع: ۵۸۵۲

۳۹۳۴۵......اس ذات کی قسم! جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے ان کی بلندی زمین وآسمان کے درمیانی فلاں جنتی ہے اور زمین وآسمان کا درمیانی فاصلہ پانچ سوسال کا ہے آپ کی مراد اللہ تعالیٰ کا ارشاد وہاں بلند بچھونے ہوں گے سے تھی۔
مسند احمد ترمذی نسائی ابن حبان عن ابی سعید

کلام:......ضعیف الجامع: ۶۱۰۹

۳۹۳۴۶......اے عبداللہ! اگر اللہ تعالیٰ تمہیں جنت میں داخل کرے تو تمہارے لیے یہ بھی ہوگا اور جو تمہارا دل چاہے اور آنکھوں کی لذت کا سامان ہوا۔مسند احمد ترمذی عن لبریدۃ

۳۹۳۴۸......اہل جنت جنت میں کھائیں گے نہ ناک سنکیں گے نہ ول و براز کریں گے ان کا کھانا ڈکار (سے ہضم) ہوگا اور مشک کا چھڑکاؤ ہوگا انہیں تسبیح وتحمید کا ایسے الہام ہوگا جیسے سانس کا ہوتا ہے۔مسند احمد مسلم ابن ماجہ عن جابر

۳۹۳۴۹......اللہ تعالیٰ ایک قوم کو جہنم سے نکال کر جنت میں داخل کرے گا۔مسند احمد مسلم عن جابر

۳۹۳۵۰......جہنم سے چار آدمی نکال کر اللہ کے حضور پیش کیے جائیں گے ان میں سے ایک متوجہ ہو کر عرض کرے گا: اے میرے رب! جب آپ نے مجھے وہاں سے نکال دیا تو دوبارہ نہ لوٹائیں تو اللہ تعالیٰ اس سے اسے نجات دیدے گا۔مسلم عن انس

۳۹۳۵۱......میری امت کی ایک جماعت جنت میں جائے گی اور وہ ستر ہزار ہوں گے ان کے چہرے چودھویں کے چاند کی طرح چمک رہے ہوں گے۔مسلم عن ابی ھریرۃ

الاکمال

۳۹۳۵۲......اس ذات کی قسم! جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے جنت میں کالے کی سفیدی ہزار سال کے فاصلے سے نظر آئے گی۔
طبرانی فی الکبیر عن ابن عمر

کلام:......الاسرار المرفوعۃ ۱۹۴

۳۹۳۵۳......ہر ایک بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یہ فلاں بن فلاں کے لیے اللہ تعالیٰ کا خط ہے کے جو اسے جنت میں جائے گا اسے بلند جنت میں داخل کرو جس کے خوشے جھکے ہوئے ہیں۔
عبدالرزاق وابن المنذر والشیرازی فی الالقاب طبرانی فی الکبیر وابن مردیہ والخطیب عن سلمان

کلام:......ذخیرۃ الحفاظ ۶۳۱۹ ذیل اللآلی ۱۶۷

۳۹۳۵۴......سب سے کم درجہ جنتی وہ ہوگا جس کے سر پر دس ہزار خادم کھڑے ہوں گے ہر خادم کے ہاتھ میں دو پلیٹیں ہوں گی ایک پلیٹ سونے

کی اور ایک چاندی کی ہر ایک کا رنگ دوسری سے مختلف ہوگا دوسری سے جو کھائے گا اسی طرح کی چیز پہلی سے کھائے گا جو لذت پہلی میں پائے گا وہ اسے دوسری سے محسوس ہوگی پھر مشک کا چھڑکاؤ مشک کی ڈکار ہوگی نہ بول و براز کریں گے اور نہ ناک سنکیں گے۔ حلیة الاولیاء عن انس

۳۹۳۵۵...... اللہ تعالیٰ جمعہ کے روز جنتیوں کے لئے کافور کے ٹیلے پر نزول فرمائے گا۔ دارقطنی ابونعیم فی الدلائل عن ابن عباس عن عمر عن ابی بکر قال ابو نعیم تفرد به الحسین بن المبارک ...... قال ابن عدی وهو منکر الحدیث

۳۹۳۵۶...... آدمی جنت میں پہلو بدلے بغیر ستر سال تک ٹیک لگائے بیٹھا رہے گا پھر ایک عورت آکر اس کے کندھے پر تھپکی دے گی وہ اس کے چہرے پر نظر ڈالے گا جس کا رخسار آئینے سے زیادہ صاف ہوگا اور اس کا ادنیٰ موتی مشرق و مغرب کو روشن کردے چنانچہ وہ اسے سلام کرے گی وہ سلام کا جواب دے گا اور اس سے پوچھے گا: تو کون ہے؟ وہ کہے گی: میں مزید نعمت ہوں اس کے بدن پر ستر ہزار کپڑے ہوں گے کم سے کم نعمان کی طرح اچھے ہوں گے اس کی نگاہ ان کپڑوں سے گزرتی ہوئی اس کی پنڈلی کا گودا دیکھ لے گی اس کے سر پر تاج ہوگا جس کا ادنیٰ موتی مشرق و مغرب کو روشن کردے۔ مسند احمد ابویعلی ابن حبان سعید بن منصور عن ابی سعید

۳۹۳۵۷...... ایک جنتی مرد صبح ستر دوشیزاؤں کو ثیبہ کرے گا اور اللہ تعالیٰ پھر انہیں کنواریاں بنادے گا۔ الدیلمی عن ابی سعید

۳۹۳۵۸...... حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ سے پوچھا گیا: کہ کیا جنتی صحبت کریں گے؟ آپ نے فرمایا: وہ جماع کریں گے جس میں نہ مرد کی منی ہوگی اور نہ عورت کی۔ ابو یعلی طبرانی فی الکبیر ابن عدی فی الکامل بیهقی فی البعث عن ابی امامة

۳۹۳۵۹...... اس ذات کی قسم! جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے! کہ ایک جنتی کو سو آدمیوں کی کھانے پینے شہوت اور جماع کی طاقت دی جائے گی کسی نے عرض کیا: جو کھاتا پیتا ہے اسے (قضائے) حاجت کی ضرورت ہوتی ہے آپ نے فرمایا: ان کی قضائے حاجت یوں ہوگی کہ ان کے بدنوں سے ایک پسینہ مشک کی خوشبو کی طرح بہ نکلے گا جس سے پیٹ ہلکا ہوجائے گا۔

مسند احمد وهناد بن حمید والدارمی ابو یعلی ابن حبان طبرانی فی الکبیر سعید بن منصور عن زید بن ارقم

۳۹۳۶۰...... اس ذات کی قسم! جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے ایک جنتی آدمی صبح کی پہلی گھڑی میں سو کنواریوں سے ہمبستر ہوگا۔

هناد عن ابن عباس

۳۹۳۶۱...... جنت میں مؤمن کو اتنی جماع کی طاقت دی جائے گی کسی نے عرض کیا: یارسول اللہ! کیا وہ اس کی طاقت رکھے گا؟ آپ نے فرمایا: اسے سو آدمیوں کی طاقت دی جائے گی۔ ترمذی صحیح غریب عن ابن عباس

۳۹۳۶۲...... ان میں سے ایک شخص کو تمہارے ستر سے زائد آدمیوں کی طاقت دی جائے گی۔ (ابن السکن وابن منده وابونعیم بیہقی فی شعب الایمان والخطیب فی المؤتلف عن خارجہ بن جزء العذری فرماتے ہیں ہم نے تبوک میں ایک شخص سے سنا وہ کہہ رہے تھے یارسول اللہ! کیا جنتی صحبت کریں گے؟ اس پر آپ نے فرمایا:)

۳۹۳۶۳...... اللہ تعالیٰ جب جنتیوں کو جنت میں اور جہنمیوں کو جہنم میں پہنچا دے گا فرمائے گا: اے جنتیو! زمین میں تم کتنے سال رہے؟ وہ عرض کریں گے دن یا آدھا دن! اللہ تعالیٰ فرمائیں گے تم نے ایک دن یا آدھے دن میں میری رضامندی اور جنت کی بہترین تجارت کی اب ہمیشہ کے لئے ٹھہرے رہو! پھر فرمائے گا: اے جہنمیو تم زمین پر کتنے سال رہے ہو؟ وہ عرض کریں گے: دن یا آدھا دن فرمائے گا: ایک یا آدھے دن میں تم نے میری ناراضگی اور غضب کی میری تجارت کی اب ہمیشہ کے لئے ٹھہرے رہو! وہ عرض کریں گے ہمارے رب! ہمیں یہاں سے نکال دے پھر ہم نے ایسا کیا تو ہم ظالم ہوں گے اللہ تعالیٰ فرمائے گا: اس میں دفع ہوجاؤ اور مجھ سے بات نہ کرو تو یہ ان کے رب سے ان کی آخری بات ہوگی۔

ابو بکر محمد بن ابراهیم الاسماعیلی عن ابع الکلاعی وله صحبة قال: ابن کثیر: غریب والظاهر انه منقطع

۳۹۳۶۴...... جب جنتی جنت میں داخل ہوجائیں گے تو ایک شخص گزر کر کہے گا: اے میرے رب! مجھے کاشتکاری کی اجازت دیجئے! اللہ تعالیٰ اس سے فرمائیں گے! یہ پوری جنت۔ (پڑی) ہے جہاں سے جی چاہے کھاؤ! وہ عرض کرے گا: میرے رب! مجھے کاشتکاری کی اجازت دیجئے! چنانچہ اسے اجازت دی جائے گی پھر وہ بیج ڈالے گا تو تھوڑی دیر بعد ہر بالی جس کی لمبائی بارہ ہاتھ ہوگی کھڑی ہوگی اور وہ اپنی جگہ پر ہی ہوگا کہ اس

کے پہاڑوں جتنے ٹکڑے ہوں گے۔ابولشیخ فی العظمة عن ابی ھریرة

۳۹۳۶۵......بندے کو جنت کے دروازے پروہ کچھ دیا جائے گا کہ اس کا دل خوشی سے پھول جائے گا اور اللہ تعالیٰ اس کا دل مضبوط کرنے کی لئے ایک فرشتہ بھیجے گا۔الدیلمی عن انس

۳۹۳۶۶......جنتیوں کا ایک بازار لگے گا جس میں وہ ہر جمعہ آئیں گے اس میں مشک کے ٹیلے ہوں گے جب وہ ان کی طرف جائیں گے تو ہوا چلے گی تو ان کے چہرے کپڑے اور گھر خوشبو سے بھر جائیں گے جس سے ان کا حسن و جمال دوبالا ہو جائے اوہ اپنے اہل کے پاس آئیں گے وہ ان سے کہیں گے تم ہمارے بعد زیادہ خوبصورت جمیل ہو گئے ہو! وہ ان سے کہیں گے: اللہ کی قسم! تمہارا حسن و جمال بھی بڑھ گیا ہے۔

مسند احمد والدارمی وابو عوانہ ابن حبان عن انس

۳۹۳۶۷......اہل جنت جنت میں کھائیں پئیں گے نہ ناک سنکیں گے نہ بول و براز کریں گے ان کا کھانا ڈکار (سے ہضم) ہوگا اور مشک کے چھڑ کاؤ جیسا چھڑ کاؤ ہوگا انہیں تسبیح وحمد کا الہام ایسے ہی ہوگا جیسے سانس کا ہوتا ہے۔مسند احمد مسلم عن نجار

۳۹۳۶۸......کیا تمہیں مشک درخت پر یقین ہے جس کا (ذکر) تم اپنی کتاب میں پاتے ہو؟ کیونکہ پیشاب اور جنابت ان کی زلفوں سے پسینہ بن کر پاؤں تک مشک کی صورت میں بہہ جائے گا یعنی جنتیوں کا۔طبرانی فی الکبیر عن زید بن ارقم

۳۹۳۶۹......جنتی سب سے پہلے مچھلی کا جگر گوشہ کھائیں گے۔طبرانی فی الکبیر ابن عساکر عن طارق بن شھاب

۳۹۳۷۰......جنت میں سب سے پہلے داخل ہونے والی جماعت کے چہرے چودھویں کے چاند جیسے ہوں گے پھر ان کے بعد والوں کے چمکتے ستارے کی طرح حضرت عکاشہ کہنے لگے: اللہ تعالیٰ سے دعا کریں کہ مجھے ان میں شامل کردے آپ نے فرمایا: اللہ! اسے ان میں شامل کردے پھر دوسرا شخص اٹھا آپ نے فرمایا: عکاشہ تم سے پہل کر گیا۔حاکم عن ابی ھریرة

۳۹۳۷۱......جنت میں جانے والی پہلی جماعت کے چہرے چودھویں کے چاند کی طرح ہوں گے نہ وہ اس میں تھوکیں نہ ناک سنکیں اور نہ بول و براز کریں گے ان کے برتن اور کنگھیاں سونے چاندی کی ہوں گی اور ان کی انگیٹھیاں عود بندی سے بھری ہوں گی مشک کا چھڑ کاؤ ہوگا ان میں سے ہر ایک کی دو بیویاں ہوں گی جن کی پنڈلیوں کا گودا حسن کی وجہ سے گوشت سے نظر آئے گا ان کا آپس میں کوئی اختلاف و بغض ہوگا ان کے دل ایک ہوں گے صبح و شام اللہ کی تسبیح بیان کریں گے۔مسند احمد بخاری مسلم ترمذی عن ابی ھریرة

۳۹۳۷۲......جنت میں داخل ہونے والی پہلی جماعت کے چہرے چودھویں کے چاند کی چاندنی کی طرح ہوں گے اور دوسری جماعت کے چہرے آسمانی چمکتے ستارے کے رنگ کی طرح ہوں گے ان میں سے ہر آدمی کی دو بیویاں حور عین ہوں گی ہر بیوی پر ستر جوڑے ہوں گے ان کی پنڈلیوں کا گودا ان کے گوشت اور کپڑوں سے ایسے نظر آئے گا جیسے سفید جام میں کوئی مشروب نظر آتا ہے۔طبرانی فی الکبیر عن ابن مسعود

۳۹۳۷۳......جنت میں پہلی داخل ہونے والی جماعت کے چہرے چودھویں کے چاند کی طرح ہوں گے اور دوسری جماعت کے آسمانی چمکتے ستارے کے اچھے رنگ کی طرح ہوں گے ہر شخص کی دو بیویاں ہوں گی ہر بیوی پر ستر جوڑے ہوں گے جن سے اس کی پنڈلیوں کا گودا نظر آئے گا۔

مسند احمد ترمذی، صحیح وابولشیخ فی العظمة عن ابی سعید

۳۹۳۷۴......جو بندہ بھی جنت میں جائے گا اس کے سرہانے اور پائتی کی جانب دو حور عین بیٹھ کر گائیں گی جن کی آواز ایسی دلکش ہوگی جو کسی انسان یا جن نے سنی ہوگی وہ شیطان کے آلات موسیقی نہیں ہوں گے لیکن اللہ تعالیٰ حمد و تقدیس ہوگی۔

طبرانی فی الکبیر وابو نصر السجزی فی الابانة وابن عساکر عن ابی امامة

۳۹۳۷۵......مومن کی جنت میں بہتر عورتوں سے شادی ہوگی ستر تو جنتی عورتیں اور دو دنیا کی ہوں گی۔

ابن الکسن ابن عساکر عن محمد بن عبد الرحمن بن حاطلب بن ابی بلتعة عن ابیه عن جده

۳۹۳۷۶......جنتی شخص کی چار ہزار کنواریوں آٹھ ہزار ثیبہ اور سو حوروں سے شادی ہوگی وہ ہر ہفتہ جمع ہو کر اسی غمگین آواز میں جو مخلوق میں سنتی ہوگی کہیں گی: ہم ہمیشہ رہنے والی کہیں کبھی فنا نہیں ہوں گی ہم خوش عیش کبھی بدحال نہیں ہوں گی، ہم راضی رہنے والی کبھی بھی ناراض نہیں ہوں گی ہم

ٹھہرنے والی ہیں کبھی سفر نہ کریں گی اس کی کیا کہنے جو ہمارا ہوا اور ہم اس کی ہیں۔ابو الشیخ فی العظمة عن ابی اوفی

۳۹۳۷۷ ...... اس ذات کی قسم! جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے! اللہ تعالیٰ جنت کے درخت کو پیام بھیجے گا: میرے ان بندوں کو سناؤ! جو میرے ذکر وعبادت میں بانسریاں، باجے اور ستار چھوڑ کر مشغول ہوئے چنانچہ وہ ایسی آواز بلند کرے گا کہ اس جیسی تسبیح وتقدیس انہوں نے کبھی نہیں سنی ہوگی۔الحکیم عن ابی هريرة

۳۹۳۷۸ ...... اس ذات کی قسم! جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے! اللہ تعالیٰ ایک جنتی درخت کو وحی بھیجے گا کہ میرے ان بندوں کو مشغول رکھو جنہوں نے گانے باجے کے آلات چھوڑ کر اپنے آپ کو میرے ذکر میں مشغول رکھا چنانچہ وہ انہیں تسبیحات وتقدیسات کی ایسی آوازیں سنائے گا کہ مخلوق نے ایسی آوازیں نہیں سنی ہوں گی۔الدیلمی عن ابی هريرة

۳۹۳۷۹ ...... جنتیوں کا زیور وضو کی جگہ تک پہنچے گا۔ابن حبان عن ابی هريرة

۳۹۳۸۰ ...... تم لوگ صاف بدن نوعمر سرمگیں آنکھوں والے بن کر شاخوں والے یعنی زلفوں والے بن کر تینتیس سال کی عمر میں یوسف علیہ السلام کی صورت اور ایوب علیہ السلام کے دوالے بنا کر داخل ہوں گے۔ابن عساکر عن انس

۳۹۳۸۱ ...... جنتی صاف بدن نوعمر، گھنگریالے بالو والے سرمگین آنکھوں والے تینتیس سال کی عمر والے آدم علیہ السلام کے قد پر بنا کر جن کی لمبائی ساٹھ گز اور چوڑائی سات گز ہے جنت میں داخل ہوں گے۔

ابن سعد عن سعيد بن المسيب مرسلًا مسند احمد ابو الشيخ فی العظمة عنه عن ابی هريرة

۳۹۳۸۲ ...... جو ناتمام بچہ بن کر اور بوڑھا ہو کر مرا (باقی) لوگ ان کے درمیان والے حال میں ہوتے ہیں۔جب اسے تمیس سال کا اٹھایا جائے گا تو جو جنتی ہوا وہ آدم علیہ السلام کے قد یوسف علیہ السلام کی صورت اور ایوب علیہ السلام کے دل کے ساتھ (متصف) ہوگا اور جو جہنمی ہوگا وہ اتنا بڑا اور موٹا ہوگا جیسے پہاڑ۔طبرانی فی الکبیر عن المقدام بن معد یکرب

۳۹۳۸۳ ...... جنتیوں کو قیامت کے روز آدم علیہ السلام کی صورت تینتیس سال کی عمر نوعمر صاف بدن اور سرمگین آنکھوں والا اٹھایا جائے گا پھر انہیں جنتی درخت کی طرف لیجایا جائے جس سے انہیں کپڑے پہنائے جائیں گے ان کے کپڑے بوسیدہ ہوں گے اور نہ ان کی جوانیاں فنا ہوں گی۔

ابو الشيخ فی العظمة وتمام وابن عساكر وابن النجار عن انس

۳۹۳۸۴ ...... لوگوں کو ناتمام بچہ سے بوڑھے کھوسٹ تک تینتیس سال کی عمر میں آدم علیہ السلام کے قد یوسف علیہ السلام کے حسن ایوب علیہ السلام کے اخلاق صاف بدن نوعمر سرمگین آنکھوں والا اور زلفوں والا اٹھایا جائے ا۔طبرانی فی الکبیر عن المقداد بن الاسود

۳۹۳۸۵ ...... ناتمام بچہ سے بوڑھے فرتوت تک ایمان والوں کو تینتیس سال کی عمر آدمی علیہ السلام کے قد یوسف علیہ السلام کے حسن ایوب علیہ السلام کے دل نوعمر سرمگیں آنکھوں زلفوں والا بنا کر اٹھایا جائے گا کسی نے عرض کیا: یا رسول اللہ! کافر کے ساتھ کیا ہوگا آپ نے فرمایا: اسے جہنم کے لیے موٹا کیا جائے گا یہاں تک کہ اس کی کھال کمان جتنی دبیز (موٹی) ہو جائے گی اور اس کی ڈاڑھ احد جتنی ہو جائے گی۔

طبرانی فی الکبیر وابن مردويه عن المقدام بن معد یکرب

۳۹۳۸۶ ...... جنت میں رات نہیں ہوں گی وہاں تو نور اور ضیاء ہے صبح وشام کو لوٹایا جائے گا جن گھڑیوں میں وہ دنیا کے اندر نمازیں پڑھتے تھے ان میں نمازوں کے اوقات ان کے پاس اللہ تعالیٰ کے ہدیے ان کی پاس آئیں گے اور فرشتے انہیں سلام کریں گے۔

الحكيم عن الحسن وابن قلابه معاً وسلا

۳۹۳۸۷ ...... جنت میں مومن کے لیے ایک خول دار موتی کا خیمہ ہوگا جس کی لمبائی ساٹھ میل ہوگی اس خیمہ میں مومن کے اہل وعیال ہوں گے جو ایک دوسرے کو نہ دیکھ سکیں گے۔طبرانی فی الکبیر عن ابی موسیٰ

۳۹۳۸۸ ...... ہر نعمت ختم ہو جائے گی سوائے جنتیوں کی نعمتوں کے اور ہر پریشانی ختم ہو جائے گی سوائے جہنمیوں کے غم کے جب تجھ سے کوئی گناہ سرزد ہو جائے تو تو اس کے پیچھے کوئی نیکی کر لیا کر وہ اسے مٹا دے گی۔ابن لال عن انس

۳۹۳۸۹......جو جنت میں جائے گا زندہ رہے گا مرے گا نہیں اور اس میں خوش عیش رہے گا بدحال نہیں ہوگا نہ ان کے کپڑے بوسیدہ ہوں گے اور نہ جوانیاں فنا ہوں گی جنت کی عمارت ایک اینٹ سونے اور ایک اینٹ چاندی سے بنی ہوگی اس کا لیپ خوشبودار مشک ہوگا اور اس کا گارہ زعفران کا ہوگا۔ طبرانی فی الکبیر عن ابن عمر

۳۹۳۹۰......تم کس پر بات ہنس رہے ہو؟ ناواقف آدمی جاننے والے سے پوچھتا ہے جنتیوں کے کپڑوں کے بارے میں پوچھنے والا کہاں ہے؟ نہیں بلکہ جنت کے پھل نکالے جائیں گے۔ مسند احمد طبرانی فی الکبیر عن ابن عمرو

۳۹۳۹۱......پل صراط سے گزرنے کے بعد جنتی ایک پل پر آپس میں جمع کیے جائیں گے ان ظلموں کا بدل دلوایا جائے گا جو دنیا میں انہوں نے کیے ہوں گے یہاں تک جب وہ بالکل صاف ستھرے ہو جائیں گے انہیں جنت میں جانے کی اجازت دی جائے گی ان میں سے ہر ایک اپنی منزل کو اپنے دنیوی گھر کی طرح پہچان لے گا۔ حاکم عن ابی سعید

۳۹۳۹۲......ایمان والوں کے لیے نور کی کرسیاں رکھی جائیں گی اور بادل ان پر سایہ فگن ہوں گے اور وہ دن ان کے لیے ایک گھڑی کی طرح گزرے گا۔ طبرانی فی الکبیر عن ابن عمرو

۳۹۳۹۳......اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: جنتیو! تمہارے لیے ایک چیز رہ گئی ہے وہ آج تمہیں نہیں ملی وہ عرض کریں گے: یا میرے رب! وہ کیا چیز ہے؟ فرمائیں گے: میری رضا۔ الحکیم عن جابر

۳۹۳۹۴......جنتیوں سے کہا جائے گا: تم صحت مند رہو کبھی بیمار نہیں پڑو گے زندہ رہو کبھی نہیں مرو گے خوش عیش رہو کبھی بدحال نہیں ہوں گے جوان رہو کبھی بوڑھے نہیں ہو گے۔ الخطیب فی المتفق والمفترق عن ابی سعید وابی هریرة معا ورجاله ثقات

۳۹۳۹۵......ایک جنتی جنتیوں کو جھانک کر دیکھے گا تو ایسے لگے گا جیسے چمکتا تارا اور ابوبکر و عمر انہیں میں سے ہیں اور کیا ہی اچھے ہیں۔

ابن عساکر عن ابی هريرة

۳۹۳۹۶......جنت میں سب سے کم درجہ۔ جب کہ ان میں کوئی کم درجہ نہیں ہوگا۔ جنتی وہ ہوگا جو اس بات کی تمنا کرے گا چنانچہ وہ تیز زبان اور جامع عقل سے کہے گا: مجھے یہ دے یہ دے یہاں تک جب اس کی کوئی تمنا نہ رہے گی تو اسے کہا جائے یوں کہو یوں کہو پھر اس سے کہا جائے گا: تمہارے لیے یہ اور اس جیسا اس کے ساتھ ہے۔ طبرانی فی الکبیر سعید بن منصور عن سهل بن سعد

۳۹۳۹۷......سب سے ادنی جنت والا وہ ہوگا جو ہزار سال تک اپنی جنتی بیویوں نعمتوں خدمتگاروں اور بچھونوں کو دیکھتا رہے گا اور اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے سعادت مند وہ ہوگا جو صبح و شام اللہ تعالیٰ کا دیدار کرے گا پھر آپ نے یہ آیت پڑھی: بہت سے چہرے اس دن دیکھ رہے ہوں گے۔

ترمذی طبرانی فی الکبیر عن ابن عمر

۳۹۳۹۸......جنتی بالا خانوں والوں کو اپنے اپنے اوپر ایسے دیکھیں گے جیسے مشرق یا مغرب میں آسمانی روشن ستارے کو دیکھتے ہیں آپس کے درجوں میں فضلیت کی وجہ سے لوگوں نے عرض کیا یا رسول اللہ! یہ تو انبیاء کے درجات ہوں گے جن تک غیر نہیں پہنچ سکیں گے آپ نے فرمایا: کیوں نہیں! اس ذات کی قسم! جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے؟ وہ مرد جو اللہ پر ایمان لائے اور رسولوں کی تصدیق کی۔

مسند احمد والدارمی بخاری مسلم ابن حبان عن ابی سعید ابن حبان عن سهل بن سعد مسنداحمد ترمذی صحیح عن ابی هريرة

۳۹۳۹۹......بلند درجات والوں کو کم درجات والے یوں دیکھیں گے جیسے تم میں سے کوئی آسمان کے کسی کنارے پر چمکتے تارے کو دیکھتا اور ابوبکر و عمر ان لوگوں میں سے ہیں اور کیا ہی اچھے ہیں۔ ابن عساکر عن ابن عمر

کلام:......ذخیرۃ الحفاظ ۱۸۵۱

۳۹۴۰۰......جنت کے اعلیٰ اور ادنی درجہ لوگوں کے درمیان ایسا فرق ہوگا جیسے مشرق یا مغرب میں ستارہ دکھائی دیتا ہے۔

ابن جرير عن قتادة مرسلا

۳۹۴۰۱......جنات کے ایمانداروں کے لئے ثواب اور جنات پر عذاب بھی ہے کسی نے عرض کیا ان کا ثواب کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: اعراف پر

ہوں گے جنت میں نہیں ہوں گے کسی نے عرض کیا: اعراف کیا ہے؟ فرمایا: جنت کی دیوار جس میں نہریں رواں درخت اگتے اور پھل لگتے ہیں۔
بیھقی فی البعث عن انس

۳۹۴۰۲...... کیا میں تمہیں دنیا کے جنتی لوگ نہ بتاؤں؟ نبی صدیق شہید اسلام میں پیدا ہونے والا بچہ جنتی ہے جو شخص مصر کی جانب ہے اور اپنے بھائی کی صرف اللہ کی رضا کے لئے زیارت کرتا ہے وہ بھی جنتی ہے کیا میں تمہیں تمہاری جنتی عورتیں نہ بتاؤں؟ زیادہ بچے جننے اور زیادہ محبت کرنے والی جب غصہ ہو تو کہے میرا ہاتھ تیرے ہاتھ میں میری آنکھ نہیں لگے گی۔ طبرانی فی الکبیر عن ابن عباس

۳۹۴۰۳...... ابھی میرے پاس سے میرا دوست جبرائیل جاتے ہوئے کہہ گیا: اے محمد! اس ذات کی قسم! جس نے آپ کو حق دے کر بھیجا اللہ کا ایک بندہ ہے جس نے ایک پہاڑ کی چوٹی پر جو سمندر میں تھا پانچ سو سال عبادت کی اس پہاڑ کی لمبائی چوڑائی تیس در تیس گز ہے اور سمندر ہر طرف سے چار ہزار فرسخ تک اس پہاڑ کو محیط (گھیرے ہوئے) ہے اللہ تعالیٰ نے ایک نگلی کی موٹائی برابر اس کے لیے میٹھا چشمہ جاری کیا جس سے سفید میٹھا پانی بہتا ہے اور پہاڑ کے دامن میں اس کا رنگ زرد پڑ جاتا ہے انار کے ایک درخت پر ہر رات ایک انار لگتا جس سے وہ دن میں گزارا کر لیتا۔ جب شام ہوتی تو وہ اتر کر وضو کرتا اور وہ انار لے کر کھا لیتا اور پھر اپنی نماز پڑھنے لگ جاتا اس نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ سجدہ کی حالت میں اس کی روح قبض کرے اور زمین اور دوسری کسی چیز کو اس کی اس سجدہ کی حالت کو خراب کرنے کی اجازت نہ دے اور اسی حالت میں اسے قیامت کے روز اٹھائے تو اللہ تعالیٰ نے ایسا ہی کیا ہم (فرشتے) آسمان سے اترتے اور زمین سے اوپر چڑھتے وہاں سے گزرتے ہیں: ہمیں اس کے بارے جو علم ہے یہ ہے کہ جب اسے قیامت کے روز اٹھایا جائے گا اللہ تعالیٰ کے سامنے اسے کھڑا کیا جائے گا اللہ تعالیٰ اس سے فرمائیں گے: میرے بندے کو میری رحمت سے جنت میں داخل کر دو وہ عرض کرے گا: میرے رب! بلکہ میرے عمل کی وجہ سے اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: میرے بندے پر جو میری نعمتیں تھیں ان کا اور اس کے عمل کا محاسبہ کرو تو آنکھ کی نعمت پانچ سو سال کی عبادت کو گھیر لے گی اور جسم کی نعمت اس سے زائد ہو گی اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: میرے بندے کو جہنم میں داخل کر دو! چنانچہ اسے جہنم کی طرف کھینچا جائے گا تو چیخ کر کہے گا: میرے رب! مجھے اپنی رحمت سے جنت میں داخل کر دے! اللہ تعالیٰ فرمائیں گے اسے واپس لاؤ پھر اسے اللہ کے سامنے کھڑا کیا جائے گا اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: میرے بندے! جب تو کچھ بھی نہ تھا تجھے کس نے پیدا کیا؟ وہ عرض کرے گا: آپ نے اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: پانچ سو سال کی عبادت کی طاقت تمہیں کس نے دی؟ وہ عرض کرے گا: میرے رب تو نے دی! اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: تجھے سمندر کے درمیان میں پہاڑ پر کس نے اتارا اور تمہارے لیے میٹھا پانی کھارے پانی سے کس نے نکالا اور تمہارے لیے شب انار کس نے اگایا جبکہ وہ سال بعد ایک مرتبہ پھل دیتا ہے؟ اور تم نے مجھ سے یہ سوال کیا کہ میری روح بحالت سجدہ قبضہ کی جائے تو میں نے ایسا ہی کیا؟ وہ عرض کرے گا: میرے رب! آپ نے یہ سب کچھ کیا اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: یہی میری رحمت ہے اور میں اپنی رحمت سے ہی تجھے جنت میں داخل کر رہا ہوں جبرائیل نے کہا: اے محمد (ﷺ) چیزیں تو اللہ تعالیٰ کی رحمت سے ہیں۔ الحکیم حاکم ومتعقب ابن حبان عن جابر

کلام:...... الضعیفۃ ۱۸۳

۳۹۴۰۴...... تم میں سے ہر ایک کے دو ٹھکانے ہیں: ایک جنت میں اور ایک جہنم میں۔
ابو اسحاق بن یوس فی تاریخ ھراۃ عن حان بن قتیبہ بن الحسحا س بن عیسٰی بن الحسحاس بن ففضیل عن ابیہ عن جدہ عن ابیہ عن جدہ الحسحاس بن فضیل الحظلی ورجال اسنادہ مجا ھل وفیہ خالد بن ھیاج متر وک

۳۹۴۰۵...... ہر بندے کے دو گھر ہیں ایک جنت میں اور ایک جہنم میں مومن کا جنت والا گھر بنایا جاتا اور دوزخ والا گھر گرا دیا جاتا ہے اور کافر کا جنتی گھر منہدم کر دیا جاتا اور دوزخ والا گھر تعمیر کر دیا جاتا ہے۔ الدیلمی عن ابی سعید

۳۹۴۰۶...... قیامت کے روز کچھ انسان لائے جائیں گے ان کے ساتھ پہاڑوں کی طرح نیکیاں ہوں گی پھر جب وہ جنت کے بالکل قریب پہنچ جائیں گے انہیں آواز دی جائے گی: تمہارا اس میں کوئی حصہ نہیں۔ ابن نافع عن سالم مولی ابی حذیفۃ

۳۹۴۰۷...... جنت کا کچھ حصہ جتنا اللہ تعالیٰ چاہیں گے خالی رہ جائے گا پھر اللہ تعالیٰ اس کے لئے کوئی مخلوق پیدا فرما دے گا۔
عبد بن حمید، مسلم، ابویعلی ابن حبان عن انس

ایمان والوں کے بچے

ان کا ذکر اہل جنت میں گزر چکا ہے۔

الاکمال

۳۹۴۰۸..... ایمان والے کے بچے جنت میں ہوں گے ابراہیم علیہ السلام ان کی پرورش کریں گے۔ حاکم عن ابی هريرة

۳۹۴۰۹..... ایمانداروں کے بچے جنت میں ہوں گے ابراہیم علیہ السلام ان کی پرورش کریں گے۔ حاکم عن ابی هريرة

۳۹۴۱۰..... مومنین کے بچے ایک جنتی پہاڑ پر ہوں گے ابراہیم وسارہ علیہا السلام ان کی پرورش کریں گے یہاں تک کہ قیامت کے دن ان کے آباء کے حوالہ کردیں گے۔ حاکم عن ابی هريرة

کلام:..... المقاصد الحسنة ۲۶۷

مشرکین کے بچے

ان کا ذکر بھی اہل جنت میں گزر چکا ہے۔

الاکمال

۳۹۴۱۱..... میں نے اپنے رب سے مشرکین کی (نابالغ) اولاد کو معاف کرنے کا سوال کیا تو انہیں معاف فرما کر جنت میں داخل کردیا۔

ابو نعيم عن انس

۳۹۴۱۲..... ان کی کوئی غلطی تو نہیں جس کی سزا دی جائے جس کی وجہ سے وہ جہنمی بنیں اور نہ ان کی کوئی نیکیاں ہیں جن کا بدلہ دیا جائے کہ وہ جنت کے مالک بنیں مشرکین کے بچے جنتیوں کے خادم ہوں گے۔ طبرانی فی الكبير عن الحسن بن علی

۳۹۴۱۳..... اے عائشہ! اگر تم چاہو تو میں تمہیں ان بچوں کی جہنم میں چیخ وپکار سنا تا۔ یعنی مشرکین کے بچوں کی۔ الديلمی عن عائشة

۳۹۴۱۴..... مومنین اور ان کے بچے جنت میں ہیں جبکہ مشرکین اور ان کی اولاد جہنم میں۔ عبدالله بن احمد بن حنبل عن علی

۳۹۴۱۵..... حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ سے مشرکین کی اولاد کے بارے میں پوچھا گیا: آپ نے فرمایا: جو وہ عمل کرتے تھے اللہ تعالیٰ خوب جانتا ہے۔ ابو داؤد طيالسی عن ابن عباس عن ابی بن كعب بخاری مسلم ابو داؤد نسائی عن ابی هريرة ابو داؤد والحكيم عن عائشة عبد بن حميد عن ابی سعيد

۳۹۴۱۶..... اللہ تعالیٰ نے جب انہیں پیدا کیا اس وقت سے خوب جانتا ہے انہوں نے کیا عمل کیے۔ مسند احمد عن ابی عباس

۳۹۴۱۷..... اللہ تعالیٰ جب جنتیوں اور جہنمیوں میں فیصلہ کردے اور انہیں ممتاز وجدا کردے گا تو وہ چیخ کر کہیں گے: اے اللہ! ہمارے پاس تیرا کوئی رسول نہیں آیا ہمیں کسی چیز کا علم نہیں اللہ تعالیٰ ان کی طرف ایک فرشتہ بھیجے گا: جب کہ اللہ تعالیٰ کو ان کے عمل کا خوب علم ہوگا وہ کہے گا: میں تمہاری طرف تمہارے رب کا رسول ہوں چلو! چنانچہ وہ اس کے پیچھے چل پڑیں گے اور آگ کے قریب پہنچ جائیں گے ان سے کہے گا: اللہ تعالیٰ تمہیں حکم دیتا ہے اس میں کود پڑو! چنانچہ ان کی ایک جماعت اس میں کود پڑے گی پھر انہیں نکال لیا جائے گا اسی طرح کہ ان کے ساتھیوں کو پتہ بھی نہیں ہوگا اور سابقین مقربین میں شامل کرلیا جائے گا پھر ان کے پاس وہ رسول آکر کہے گا: اللہ تعالیٰ تمہیں آگ میں کودنے کا حکم دیتا ہے تو

دوسری جماعت بھی کودپڑے گی انہیں بھی ایسے انداز سے نکال لیا جائے گا کہ ان کے ساتھیوں کوخبر نہیں ہوگی اور انہیں اصحاب الیمین میں شامل کر دیا جائے گا پھران کے باقی ماندہ کے پاس وہ رسول آ کر کہے گا: اللہ تعالیٰ تمہیں آگ میں کودنے کا حکم دیتا ہے وہ کہیں گے: ہمارے رب! تیرے عذاب کو برداشت کرنے کی ہم میں سکت نہیں چنانچہ ان کے بارے حکم ہوگا تو ان کی پیشانیوں اور قدمنوں سے پکڑ کہ جہنم میں ڈال دیا جائے گا۔(الحکیم عن عبداللہ بن شداد کہ مشرکین کے چھوٹے بچوں کے بارے میں ایک شخص نے نبی ﷺ سے پوچھا جو بچپن میں مر گئے تو آپ نے یہ ارشاد فرمایا تھا)

سب سے آخر میں جنت میں داخل ہونے والا

۳۹۴۱۸...... سب سے اخیر میں جو شخص جنت میں داخل ہوگا وہ پل صراط پر چل رہا ہوگا کبھی چلے گا اور کبھی ٹھوکر کھا کر گر پڑے گا کبھی اسے آگ کی لپٹ چھوئے گی جب وہ اس سے گزر جائے گا تو مڑ کر دیکھے گا اور کہے گا: وہ ذات بابرکت ہے جس نے مجھے اس سے نجات بخشی اللہ تعالیٰ نے مجھے وہ چیز دی ہے جو اولین آخرین کو نہیں عطا کی، پھر اس کے سامنے ایک درخت بلند ہوگا وہ عرض کرے گا: میرے رب! مجھے اس درخت کے نزدیک کردے تا کہ اس کا سایہ حاصل کروں اور اس کا پانی پیوں اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: ابن آدم!، میں نے اگر تجھے یہ دیدیا تو مجھ سے اس کے علاوہ کا سوال کرے گا وہ عرض کرے گا نہیں میرے رب! اور عہد و پیمان کرلے گا کہ وہ سوال نہیں کرے گا اور اس کا رب اس کی بے صبری کی وجہ سے اسے معذور رکھے گا اسے اس درخت کے قریب کردے گا چنانچہ اس کے سائے تلے بیٹھ کر اس کا پانی پیئے گا۔

پھر اس کی سامنے پہلے سے زیادہ اچھا درخت بلند ہوگا وہ عرض کرے گا: میرے رب! مجھے اس کے نزدیک کردے تا کہ اس کے سائے میں بیٹھوں اور اس کا پانی پیوں اس کے علاوہ تجھ سے کچھ نہیں مانگتا اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: ابن آدم! کیا تو نے مجھ سے وعدہ نہیں کیا ہے کہ مجھ سے مزید کچھ نہیں مانگے گا میں نے تمہیں اگر اس کے نزدیک کردیا تو مجھ سے اور سوال کرنا شروع کردو گے چنانچہ وہ اللہ تعالیٰ کو عہد و پیمان دے گا کہ وہ اس کے سوا کچھ نہیں مانگے گا اور اس کا رب اس کی بے صبری دیکھ کر اسے معذور رکھے گا اور اس کے قریب کردے گا، وہ اس کے سائے سے مستفید ہونے لگے اور اس کا پانی پینے لگے گا۔

پھر جنت کے دروازے کے پاس اس کے سامنے ایک اور درخت بلند ہوگا جو پہلے دونوں سے زیادہ اچھا ہوگا وہ عرض کرے گا: میرے رب! مجھے اس کے نزدیک کردے تا کہ اس کے سائے سے لطف اندوز ہوں اور اس کے (چشمہ سے) پانی پیوں میں اس کے علاوہ تجھ سے کچھ نہیں مانگوں گا اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: ابن آدم! کیا تونی مجھ سے عہد نہیں کیا کہ مجھ سے کچھ نہیں مانگے گا وہ عرض کرے گا: کیوں نہیں میرے رب! مجھے بس اس کے نزدیک کردے اس کے علاوہ کچھ نہیں مانگوں گے اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: اگر میں نے تجھے اس کے قریب دیا تو تو مجھ سے کچھ نہیں مانگے گا وہ عہد و پیمان کرے گا کہ اس کی علاوہ کچھ نہیں مانگے گا اور اس کا رب اس کی بے صبری کی وجہ سے اسے معذور رکھے گا اور اس کے قریب کردے گا جب اسے اس کے قریب کردے گا تو وہ جنتیوں کی آوازیں سنے گا (تو پھر کچھ کہنے کو جی للچائے گا) اللہ تعالیٰ فرمائیں: ابن آدم! تو کیسے میرا پیچھا چھوڑے گا؟ اگر میں تجھے پوری دنیا اور اس جیسی اس کے ساتھ عطا کردوں تو تو راضی ہو جائے گا؟ وہ عرض کرے گا: میرے رب! آپ رب العالمین ہو کر مجھ سے مذاق کریں (مجھے نہیں لگتا) اللہ تعالیٰ فرمائیں: میں تجھ سے مذاق کیا کروں بلکہ میں تو ہر چیز پر قادر ہوں۔

مسند احمد مسلم کتاب الایمان دارقم ۳۱۰ عن ابن مسعود

۳۹۴۱۹...... سب سے ادنیٰ درجہ جنتی وہ شخص ہوگا جس کا چہرہ اللہ تعالیٰ جہنم سے ہٹا کر جنت کی طرف کردے گا اس کے سامنے سایہ دار درخت نمودار ہوگا وہ عرض کریں گا: میرے رب! مجھے اس درخت تک پہنچا دے تا کہ اس کے سائے میں بیٹھوں اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: کیا تجھ سے یہ امید کی جاسکتی ہے کہ اگر میں ایسا کردوں تو تم اس کے علاوہ مجھ سے کچھ نہیں مانگو گے وہ عرض کرے گا: میں تیری عزت کی قسم! تو اللہ تعالیٰ اسے اس کی نزدیک کردے گا پھر اللہ تعالیٰ اس کے سامنے ایک سائے دار اور پھلدار درخت کریں گے وہ عرض کرے گا: میرے رب مجھے اس درخت کے

نزدیک کردے تا کہ اس کے سائے تلے بیٹھوں اور اس کا پھل کھاؤں اللہ تعالیٰ اس سے فرمائیں گے کیا تم سے یہ امید کی جاسکتی ہے کہ اگر تجھے یہ عطا کردوں تو مجھ سے مزید کچھ نہیں مانگو گے وہ عرض کرے گا: نہیں تیری ذات کی قسم! چنانچہ اللہ تعالیٰ اسے اس کے نزدیک کردے گا۔

پھر اللہ تعالیٰ اس کے سامنے ایک سائے دار پھلدار اور چشمہ والا درخت پیش کردے گا وہ عرض کرے گا: میرے رب! مجھے اس درخت کے قریب کردے تا کہ اس کا سایہ حاصل کروں اس کا پھل کھاؤں اور اس کا پانی پیوں اللہ تعالیٰ اس سے فرمائیں گے: کیا تجھ سے یہ امید کی جاسکتی ہے کہ مجھ سے اس کے علاوہ کچھ نہیں مانگو گے وہ عرض کرے گا: میں تیری عزت کی قسم! میں تجھ سے کچھ نہ یں مانگو گا چنانچہ اللہ تعالیٰ اسے اس کے نزدیک کردے گا اس کے سامنے جنت کا دروازہ ہوگا عرض کرے گا: میرے رب! مجھے جنت کے دروازے کے پاس کردے تا کہ جنت کی چوکھٹ کے نیچے ہو کر جنتی لوگوں کو دیکھوں اللہ تعالیٰ اسے جنت کے نزدیک کردے گا وہ جنت اور اس کی نعمتوں کو دیکھے گا عرض کرے گا: میرے رب! مجھے جنت میں (ہی) داخل کردے چنانچہ اللہ تعالیٰ اسے جنت میں داخل کردے گا جب جنت میں داخل ہو جائے گا عرض کرے گا: یہ میرے لئے ہے؟ اللہ تعالیٰ اس سے فرمائیں گے: اور مانگو وہ تمنا کرے گا پھر اللہ تعالیٰ اسے یاد دلائیں گے یہ مانگو یہ مانگو! جب اس کی تمنائیں ختم ہوجائیں گی اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: یہ تیرے لیے اور ان جیسا دس گنا مزید تیرے لئے اور ہے پھر اسے جنت میں داخل کرے گا اس کے پاس اس کی دو بیویاں حورعین آئیں گی وہ دونوں کہیں گی: تمام تعریفیں اس کے اللہ لئے جس نے تجھے مرے لئے اور ہمیں تمہارے لے زندگی بخشی! وہ کہے گا: جو کچھ مجھے ملا کسی کو نہیں ملا اور سب سے کم درجہ عذاب والا وہ جہنمی ہوگا جسے آگ کے جوتے پہنائے جائیں گے جس سے اس کا دماغ کھولے گا۔ مسند احمد مسلم عن ابی سعید

۳۹۴۲۰...... ایک قوم جہنم سے نکالی جائے گی جو اس میں جل رہے ہوں گے صرف ان کے سجدوں کے نشان نہیں جلیں گے۔ یہاں تک کہ زمین جنت میں داخل کردیا جائے گا۔ مسند احمد مسلم عن جابر

۳۹۴۲۱...... دو جہنمی جہنم میں بہت زیادہ چیخیں چلائیں گے رب تعالیٰ فرمائیں گے: طرف دونوں کو نکال لو! جب انہیں نکالا جائے گا اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: تم دونوں کیوں زور سے چلا رہے تھے؟ وہ عرض کریں گے ہم نے ایسا اس لئے کیا تا کہ آپ ہم پر رحم کریں اللہ تعالیٰ فرمائیں گے تمہارے لیے میری رحمت یہ ہے کہ تم دونوں واپس اپنی جگہ جہنم میں چلے جاؤ اور وہاں اپنے آپ کو گرادو! چنانچہ دونوں چل دیں گے ایک اپنے آپ کو گرادے گا تو وہ اس کے لئے ٹھنڈک اور سلامتی کا سامان بن جائے گی اور دوسرا کھڑا رہے گا اور اپنے آپ کو نہیں گرائے گا رب تعالیٰ اس سے فرمائیں گے: تمہیں کس نے روکا کہ اپنے اپ کو گراتے جیسا تمہارے ساتھی نے اپنے آپ کو آگ میں گرادیا؟ وہ عرض کرے گا: میرے رب! مجھے یقین ہے کہ آپ نے جہاں سے مجھے نکالا وہاں دوبارہ نہیں بھیجیں گے اللہ تعالیٰ فرمائیں گے تیری امید تجھے کام دے گئی پھر دونوں اللہ تعالیٰ کی رحمت سے جنت میں داخل کردیئے جائیں گے۔ ترمذی عن ابی ہریرۃ

کلام:...... ضعیف الترمذی ۴۸۷ ضعیف الجامع ۱۸۵۹

۳۹۴۲۲...... مجھے سب سے آخری جہنمی اور سب سے آخری جنتی کا پتہ ہے ایک آدمی گھٹنوں کے بل چلتا ہوا جہنم سے نکلے گا اللہ تعالیٰ اس سے فرمائیں گے: جاؤ جنت میں داخل ہو جاؤ تمہارے لئے دنیا جیسی وار اس کے ساتھ کی دس جنتیں ہیں وہ عرض کرے گا: کیا آپ بادشاہ ہو کر مجھ سے مذاق کرتے ہیں۔ مسند احمد مسلم ترمذی ابن ماجه عن ابن مسعود

۳۹۴۲۳...... موسیٰ علیہ السلام نے اپنے رب سے سوال کیا عرض کیا: میرے رب! سب سے کم درجہ جنتی کون ہے؟ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: وہ شخص ہے جب جنتیوں کو جنت میں داخل کردیا جائے گا اسے لایا جائے گا اس سے کہا جائے گا: جنت میں داخل ہو جاؤ! وہ عرض کرے گا: میرے رب! اللہ (میں) کیسے (جاؤں) جب کہ لوگ اپنی منزلوں اور نشستوں پر پہنچ چکے ہیں؟ اللہ تعالیٰ اس سے فرمائیں گے: کیا تمہیں یہ بات منظور ہے کہ تمہیں دنیا کے کسی بادشاہ کی بادشاہت مل جائے وہ عرض کرے گا: میرے رب! مجھے منظور ہے اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: تمہارے لئے یہ بھی ہے اور اس جیسی اس جیسی اور اس جیسی ہے وہ پانچویں بار عرض کرے گا: میرے رب میں راضی ہوں اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: یہ بھی تیرے لئے اور اس جیسی دس اور جو تیرا دل چاہے اور تیری آنکھ کو بھائے وہ عرض کرے گا: میرے رب! میں راضی ہوں۔

موسیٰ علیہ السلام نے پوچھا: رب تعالیٰ! سب سے اعلیٰ درجہ جنتی کون ہے؟ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: وہ لوگ جنہیں میں نے چاہا اور اپنے ہاتھ سے ان کی عزت کے پودے لگائے اور ان پر مہر لگادی (کوئی اسے کھول نہ سکے) نہ کسی آنکھ نے دیکھا نہ کسی کان نے سنا اور نہ کسی کے دل میں ان کا خیال آیا۔ مسند احمد مسلم ترمذی عن المغیرة ابن شعبة

۳۹۴۲۴..... جنتی جنت میں اور جہنمی جہنم میں داخل ہوجائیں گے اس کے بعد اللہ تعالیٰ فرمائے گا: جس کے دل میں رائی برابر بھی ایمان ہو اسے (جہنم سے) نکال لو چنانچہ انہیں نکالا جائے گا جبکہ وہ سیاہ ہوچکے ہوں گے پھر انہیں نہر حیات میں ڈالا جائے گا تو وہ ایسے اُگیں گے جیسے سیلاب کی جانب کوئی بیج اگتا ہے تم نے دیکھا نہیں وہ زرد لپٹا ہوا نکلتا ہے۔ مسلم عن ابی سعید

۳۹۴۲۵..... اہل توحید کے کچھ لوگوں کو جہنم کا عذاب دیا جائے گا یہاں تک کہ وہ کوئلہ ہوجائیں گے تو پھر انہیں رحمت آگھیرے گی چنانچہ انہیں نکالا جائے گا اور جنت کے دروازوں پر پھینک دیا جائے گا پھر جنتی ان پر پانی چھڑکیں گے تو (ان کے گوشت) ایسے اگیں گے جیسے سیلاب کے بہاؤ (والی مٹی) پر رائی اگتی ہے اور انہیں جنت میں داخل کردیا جائے گا۔ مسند احمد ترمذی عن جابر

۳۹۴۲۶..... کچھ لوگوں کو اپنے کیے گناہوں کی وجہ سے ضرور آگ چھوئے گی پھر اللہ تعالیٰ انہیں اپنی رحمت کے طفیل جنت میں داخل کردے گا انہیں جہنمی کہا جائے گا۔ (مسند احمد بخاری عن انس

۳۹۴۲۷..... ایک قوم جل چکنے کی بعد جہنم سے نکال کر جنت میں داخل کی جائے گی جنتی انہیں جہنمی کہیں گے۔ بخاری عن انس

۳۹۴۲۸..... ایک قوم محمد ﷺ کی شفاعت کی وجہ سے جہنم سے نکال کر جنت میں داخل کی جائے گی جن کا نام جہنمی ہوگا۔

مسند احمد بخاری ابوداؤد عن عمران بن حصین

۳۹۴۲۹..... اللہ تعالیٰ ایک قوم کو جہنم سے نکالے جب کہ صرف ان کی چہرے رہ گئے ہوں گے پھر انہیں جنت میں داخل کردے گا۔

عبد بن حمید عن ابی سعید

۳۹۴۳۰..... سب سے آخر میں جس شخص کو جنت میں داخل کیا جائے گا اس کا نام جہنمی ہوگا جنتی کہیں گے جہنمی کے پاس یقینی بات ہے۔

خطیب فی رواۃ مالک عن ابن عمر

۳۹۴۳۱..... سب سے آخر میں جو شخص جنت میں جائے گا وہ ہوگا جو بل صراط پر پیٹ سے پیٹھ کے بل گرے گا جیسے کسی بچہ کو اس کا باپ مارے پیٹے اور وہ اس سے (جان چھڑانے کے لیے) بھاگے اس کا عمل اسے چلانے سے عاجز ہوگا وہ عرض کرے گا: میرے رب! مجھے جنت میں پہنچا اور جہنم سے نجات دے اللہ تعالیٰ اس کی طرف پیام بھیجے گا: میرے بندے میں تجھے جہنم سے نجات دیکر جنت میں داخل کردوں پر تو میرے لیے اپنے گناہوں اور خطاؤں کا اعتراف کردے بندہ عرض کرے گا: ٹھیک ہے میرے رب! تیری عزت جلال کی قسم! اگر آپ نے مجھے جہنم سے نجات دی تو میں آپ کے لئے ضرور اپنے گناہوں اور خطاؤں کا اقرار کروں گا چنانچہ وہ پل پار کر جائے گا اور دل ہی دل میں کہے گا: اگر میں نے اللہ تعالیٰ کے سامنے اپنے گناہوں کا اعتراف کردیا تو اللہ تعالیٰ اس کی طرف پیام بھیجے گا: میرے بندے! اگر تو نے میرے لیے اپنے گناہوں اور خطاؤں کا اعتراف کرلیا تو میں انہیں معاف کرکے تجھے جنت میں داخل کردوں گا بندہ عرض کرے گا: تری عزت وجلال کی قسم! میں نے کوئی گناہ نہیں اور نہ کبھی کوئی خطا کی اللہ تعالیٰ اس کی طرف پیام بھیجے گا: اے میرے بندے! میرے پاس تیرے خلاف گواہ ہے بندہ دائیں بائیں دیکھے گا تو دینا میں موجود اسے کوئی نظر نہیں آئے گا عرض کرے گا: میرے رب! مجھے اپنا گواہ دکھا! اللہ تعالیٰ اس کی کھال کو چھوٹے گناہوں کے بارے میں بولنے کا حکم دے گا: بندہ جب یہ کیفیت دیکھے گا تو عرض کرے گا: میرے رب! میرے تو بڑے اور پوشیدہ گناہ ہیں اللہ تعالیٰ اس کی طرف پیام بھیجے گا: میرے بندے! میں انہیں تجھ سے زیادہ جانتا ہوں میرے لئے ان کا اعتراف کردے میں انہیں معاف کرکے تجھے جنت میں داخل کردوں گا چنانچہ بندہ ان کا اعتراف کرلے گا تو اللہ تعالیٰ اسے جنت میں داخل کردے گا یہ کم سے کم درجہ جنتی کا حال ہے اس سے اوپر والے کا کیا حال ہوگا۔

طبرانی عن ابی امامة وحسن

الاکمال

۳۹۴۳۲...... سب سے آخر میں جہنم سے دو آدمی نکلیں گے اللہ تعالیٰ ان میں سے ایک سے فرمائیں گے ابن آدم! تو نے اس دن کے لیے کیا تیاری کی کیا تو نے کبھی کوئی نیکی کی کیا تجھے مجھ سے امید تھی؟ وہ عرض کرے گا: نہیں میرے رب اسے جہنم بھیجنے کا حکم ہوگا جہنمیوں میں اسے سب سے زیادہ حسرت ہوگی اور دوسرے سے اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: ابن آدم! تو نے اس دن کے لیے کیا تیاری کی کیا تو نے کبھی کوئی نیکی کی کیا تجھے مجھ سے ملنے کی امید تھی؟ وہ عرض کرے گا: میں میرے رب! البتہ مجھے تجھ سے ملنے کی امید تھی تو اس کے سامنے ایک درخت بلند ہوگا وہ عرض کرے گا: میرے رب! مجھے اس درخت کے نیچے ٹھہرا دے تا کہ اس کا سایہ حاصل کروں اس کا پھل کھاؤں اور اس کا پانی پیوں اور یہ عہد کرے گا کہ اس کے علاوہ کچھ نہیں مانگے گا چنانچہ اللہ تعالیٰ اسے اس درخت کے نیچے ٹھہرا دے گا۔

پھر اس کے سامنے دوسرا درخت بلند ہوگا جو پہلے سے زیادہ اچھا اور زیادہ پانی والا ہوگا وہ عرض کرے گا: میرے رب! مجھے اس درخت تلے ٹھہرا دے اس کے سوا کوئی سوال نہیں کروں گا تا کہ اس کا سایہ حاصل کروں اس کا پھل کھاؤ اور اس کا پانی پیوں اللہ تعالیٰ فرمائیں گے ابن آدم! کیا تو نے مجھ سے عہد نہیں کیا کہ اس کے سوا کوئی سوال نہیں کرے گا: وہ عرض کرے گا: کیوں نہیں میرے رب! بس یہ دیدے اس کے علاوہ کوئی سوال نہیں کروں گا چنانچہ اللہ تعالیٰ اسے اس کے نیچے ٹھہرا دے گا پھر اس کے سامنے جنت کے دروازے کے پاس ایک درخت بلند ہوگا جو پہلے دونوں سے اچھا اور زیادہ پانی ولا ہوگا وہ عرض کرے گا: میرے رب! مجھے اس کے نیچے ٹھہرا دے اللہ تعالیٰ اسے اس کے نیچے ٹھہرا دے گا اور عہد کرے گا کہ وہ اس کے علاوہ کوئی سوال نہیں کرے گا وہاں وہ جنتیوں کی آوازیں سنے گا اور اس سے صبر نہ ہو سکے گا عرض کرے گا: میرے رب! مجھے جنت میں داخل کر دے! اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: مانگو اور تمنا کرو! چنانچہ وہ دنیا کے تین دن کے برابر مانگے گا اور تمنا کرنے گا اور اللہ تعالیٰ اسے ایسی باتوں کی تلقین کرے جن کا اسے علم نہیں ہوگا پھر وہ مانگے اور تمنا کرے گا جب فارغ ہو جائے گا اللہ تعالیٰ فرمائیں گے تیرے لئے یہ سب کچھ اور اس جیسا اور حضرت ابو ہریرۃ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس جیسا دس گنا اور۔ مسند احمد عبد بن حمید عن ابی سعید وابی هريرة

۳۹۴۳۳...... سب سے آخر میں جنت جانے والا شخص جہنمی کا ہوگا جنتی کہیں گے: جہنمی کے پاس یقینی خبر ہے اس سے پوچھو! کیا کوئی مخلوق ایسی بچی ہے جسے عذاب ہو رہا ہوں وہ کہے گا: نہیں۔ دارقطنی فی غرائب مالک خطیب فی ارواة مالک عن ابن عمر وقال: دارقطنی باطل

۳۹۴۳۴...... جب قیام کا دن ہوگا اور اللہ تعالیٰ مخلوق کے درمیان فیصلہ کر چکے گا تو یہ شخص باقی رہ جائیں گے انہیں جہنم میں بھیجے جانے کا حکم دیا جائے گا ان میں سے ایک پیچھے مڑ کر دیکھے گا اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: اسے واپس لاؤ اللہ تعالیٰ اس سے فرمائیں گے: تم نے پیچھے مڑ کر کیوں دیکھا' وہ عرض کرے گا: مجھے امید تھی کہ آپ مجھے جنت میں داخل کریں گے: چنانچہ اسے جنت بھیجے جانے کا حکم ہوگا وہ کہے گا: مجھے اللہ تعالیٰ نے وہ کچھ عطا کیا کہ اگر میں جنتوں کو کھلاتا رہوں تو کچھ میرے پاس ہے اس سے کچھ کم نہ ہو۔ مسند احمد عن عبادة بن الصامت وفضالة بن عبيد معاً

کلام: ...... القدسیۃ الضعیفۃ ۰۷۔

۳۹۴۳۵...... سب سے آخر میں جنت جانے والا اور جہنم سے نکلنے والا وہ شخص ہوگا جو گھٹنوں کے بل چلے گا اس سے کہا جائے گا جنت میں داخل ہو جاؤ! اسے خیال ہوگا کہ وہ بھر گئی ہے عرض کرے گا: میرے رب وہ تو بھر گئی ہے اللہ تعالیٰ اس سے فرمائیں گے جاؤ! تمہارے لئے دنیا جیسی دس جنتیں کہیں وہ عرض کرے گا: آپ بادشاہ ہیں اور مجھ سے مزاح تو اس شخص کا جنتیوں میں سب سے کم حصہ ہوگا۔

طبرانی فی الکبیر عن ابن مسعود

۳۹۴۳۶...... کچھ جہنمی جہنم میں ڈالے جائیں گے یہاں تک کہ وہ جل کر کوئلہ ہو جائیں گے (پھر) انہیں جنت میں داخل کیا جائے گا تو جنتی کہیں گے یہ کون لوگ ہیں؟ کہا جائے گا: یہ جہنمی ہیں۔ سمویہ حلية الاولياء عن انس

۳۹۴۳۷...... لا الہ الا اللہ والے کچھ لوگ اپنے گناہوں کی بدولت جہنم میں جائیں گے تو لات وعزیٰ (کے پوجنے) والے ان سے کہیں گے:

تمہیں لا الہ الا اللہ پڑھنے کا کیا فائدہ ہوا تم ہمارے جہنم میں ہو اللہ تعالیٰ غضبناک ہو کر انہیں۔(جہنم سے) نکال لے گا اور انہیں نہر حیات میں ڈال دے گا تو ان کے جلن کے نشان ختم ہو جائیں جیسے چاند کا گہن دور ہوتا ہے پھر وہ جنت میں داخل کر دیئے جائیں گے ان کا نام جہنمی پڑ جائے گا۔
حلیة الاولیاء عن انس

۳۹۴۳۸...... کچھ مردوں کو اللہ تعالیٰ جہنم میں داخل کرے گا آگ انہیں بھسم کر دے گی اور سیاہ کوئلے ہو جائیں گے وہ سب سے بڑے جہنمی ہوں گے وہ اللہ تعالیٰ کے سامنے آہ وزاری کریں گے اسے پکار کر کہیں گے: ہمارے رب! ہمیں نکال کر دیوار کی بیناد میں ڈال دے اللہ تعالیٰ جب انہیں دیوار کی بینادمیں ڈال دے گا تو وہ دیکھیں کہ اس میں کوئی فائدہ نہیں ہوا عرض کریں گے ہمارے رب! ہمیں دیوار کے پیچھے کر دے ہم اس کے علاوہ کچھ نہیں مانگتے تو ان کے سامنے ایک درخت بلند ہوگا یہاں تک کہ جہنم کی گرماش ان سے ہٹ جائے گی، پھر اللہ تعالیٰ فرمائیں گے میں نے اپنے بندوں سے عہد کیا ہے یا ایک شخص کو جنت میں داخل کروں گا اور اس کے لئے وہاں اس کی من چاہی نعمتیں رکھوں گا تمہارے لئے وہ کچھ ہے جو تم مانگو گے اور اس کے ساتھ اسی جیسا اور ہے۔هناد عن ابی سعید و ابی هریرة معاً

۳۹۴۳۹...... ایک بندہ جہنم میں ہزار سال تک اللہ تعالیٰ کو پکارتا رہے گا: اے حنان اے منان (رحم واحسان کرنے والے) اللہ تعالیٰ جبرائیل سے کہیں گے جاؤ اور میرے اس بندے کو میرے پاس لے آؤ! جبرئیل جائیں گے اور جہنمیوں کو اوندھے منہ پڑا روتے دیکھ کر واپس آجائیں گے عرض کریں گے اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: جاؤ اسے لاؤ وہ فلاں مقام پر ہے چنانچہ وہ اسے لا کر رب تعالیٰ کے دربار میں کھڑا کر دیں گے فرمائیں گے: میرے بندے تم نے اپنی جگہ اور خواب گاہ کو کیسا پایا؟ وہ عرض کرے گا: میرے رب! میرے جگہ اور بری خواب گاہ ہے اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: میرے بندے کو واپس پہنچا دو عرض کرے گا: میرے رب! مجھے امید نہیں کہ جب آپ نے مجھے وہاں سے نکال دیا تو وہاں واپس نہیں لوٹائیں گے اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: میرے بندے کو چھوڑ دو۔مسند احمد و ابن خزیمه ابن حبان عن انس

کلام:...... تذکرۃ الموضوعات ۲۲۵ التعقبات ۵۲۔

۳۹۴۴۰...... جہنم کے دو دروازے ہیں ایک کا نام جوانیہ'' اور دوسرے کا برانیہ'' رہا جوانیہ'' تو اس سے کوئی نہیں نکلے گا اور برانیہ جس میں اللہ تعالیٰ گنا ہگاروں اور ایمان والوں میں سے سزا واجب کرنے والے کاموں کی بدولت جتنا چاہے گا عذاب دے گا پھر اللہ تعالیٰ فرشتوں انبیاء ورسل اور اپنے نیک بندوں میں سے جن کے لئے چاہے گا اجازت دے گا وہ شفاعت کریں گے تو وہ نکال لیے جائیں گے وہ کوئلہ ہو چکے ہوں گے پھر انہیں جنت کی ایک نہر کے کنارے ڈالا جائے گا جس کا نام نہر حیات ہے ان پر اس کا چھڑکاؤ ہوگا وہ ایسے اگیں گے جیسے سیلابی مٹی پر دانہ اگتا ہے جب ان کے جسم ٹھیک ہو جائیں گے کہا جائے گا نہر میں داخل ہو جاؤ چنانچہ وہ داخل ہوں گے اس کا پانی پئیں گے اور اس سے غسل کریں گے پھر باہر نکل آئیں گے اس کے بعد ان سے کہا جائے گا: جنت میں داخل ہو جاؤ۔هناد عن ابی سعید و ابن هریرة

۳۹۴۴۱...... ایک قوم جل کر کوئلہ چکنے کے بعد جہنم سے نکالی جائے گی جنتی ان پر پانی چھڑکتے رہیں گے تو وہ ایسے اگیں گے جیسے سیلاب کے بہاؤ پر کوڑا کرکٹ میں دانہ بیج اگتا ہے۔حلیة الاولیاء عن ابی سعید

۳۹۴۴۲...... مجھے اس آخری جنتی کا علم دیا گیا ہے جو جنت میں داخل ہوگا وہ اللہ تعالیٰ سے سوال کرے گا کہ مجھے جہنم سے بچا اور جنت کا سوال نہیں کرے گا جب جنتی جنت میں اور جہنمی جہنم میں چلے جائیں گے تو یہ درمیان میں باقی رہ جائے گا عرض کرے گا: میرے رب! میرا یہاں کیا ہے اللہ تعالیٰ فرمائے گا: ابن آدم یہ وہی چیز ہے جس کا تو مجھ سے سوال کر رہا تھا وہ عرض کرے گا: کیوں نہیں میرے رب! وہ اسی حالت میں ہوگا کہ اسے ایک درخت نظر آئے گا جو جنت کے دروازے پر اندرونی جانب ہوگا عرض کرے گا: میرے رب! مجھے اس کے قریب کر دے تاکہ اس کا پھل کھاؤں اور اس کا سایہ حاصل کروں۔

اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: ابن آدم! کیا تو نے مجھ سے سوال میں کیا؟ وہ عرض کرے گا: میرے رب تجھ جیسا کہاں؟ چنانچہ وہ برابر افضل سے افضل چیزیں دیکھتا اور مانگتا رہے گا یہاں تک کہ اس سے کہا جائے گا: جو جہاں تک تمہارے قدم چل سکیں اور جو تمہاری آنکھیں دیکھیں وہ تمہارا ہے پھر چیزوں کے نام لے لے کر تھک جائے گا تو ہاتھ سے اشارہ کرے گا کہے گا یہ یہ! اس سے کہا جائے گا: ترے لئے یہ بھی اور اس کے ساتھ

اس جیسا بھی تو وہ راضی ہو جائے گا اور سمجھے گا کہ جو کچھ اسے ملا کسی جنتی کو نہیں عرض میرے گا اگر مجھے اجازت مل جائے تو میں اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ نعمت سے جنتیوں کے ہے کھانا مشروب اور کپڑے پیش کروں اس سے تو کچھ بھی کم نہیں ہوگا۔ طبرانی فی الکبیر عن عوف بن مالک

۳۹۴۴۳..... جہنم سے دو آدمی نکال اللہ کے حضور پیش کیے جائیں گے پھر انہیں جہنم جانے کا حکم ہے گا ان میں سے ایک مڑ کر دیکھے گا عرض کرے گا: میرے رب! مجھے امید تھی کہ اپ مجھے جہنم سے نکالنے کے بعد دوبارہ اس میں نہیں لوٹائیں گے چنانچہ اللہ اسے اس سے بچالے گا۔

مسند احمد ابویعلی ابوعوانہ ابن حبان عن انس

۳۹۴۴۴..... ایک قوم جہنم سے نکلے گی جن کے جسم سے گوشت کے جلنے بھننے کی بو آرہی ہوگی آگ نے انہیں بھسم کردیا گیا ہوگا پھر وہ اللہ تعالیٰ کی رحمت اور شفاعت کرنے والوں کی شفاعت سے جنت میں داخل ہوں گے ان کا نام جہنمی پڑ جائے گا۔

ابو داؤد طیالسی مسند احمد و ابن حزیمہ عن حذیفہ

۳۹۴۴۵..... جہنم سے ایک قوم نکال کر جنت میں داخل کی جائیگی جنت میں ان کا نام جہنمی پڑ جائے او وہ اللہ تعالیٰ سے دعا کریں گے کہ ان سے یہ نام دور کردے تو جب وہ جہنم سے نکلے اور اللہ تعالیٰ نے ان سے یہ نام دور کردیا۔ طبرانی الکبیر عن المغیرۃ

۳۹۴۴۶..... کچھ لوگ جو جل کر کوئلہ ہو چکے ہوں گے جہنم سے نکالے جائیں گے پھر جنتی ان پر مسلسل پانی چھڑکتے رہیں گے تو ان کا گوشت ایسے ہی پھوٹے گا جیسے سیل آب کی مٹی پر رائی کا دانہ اگتا ہے۔ عبداللہ بن احمد الدیلمی و ابن خزیمہ عن ابی سعید

۳۹۴۴۷..... ایک قوم جو جہنم میں داخل ہوگی جب وہ جل کر کوئلہ ہو جائیں تو انہیں نکال کر جنت میں داخل کردیا جائے گا جنتی کہیں گے یہ کون لوگ ہیں کہا جائے گا: یہ جہنمی ہیں۔ الحکیم عن انس

۳۹۴۴۸..... ایک قوم جتنا اللہ چاہے گا جہنم میں رہے گی پھر اللہ تعالیٰ ان پر رحم کرے گے اور انہیں وہاں سے نکال لے گا اور وہ سب سے کم درجہ کی جنت میں ایک وادی میں ٹھہریں گے اور نہر حیوان میں غسل کریں گے جنتی انہیں جہنمی کہیں گے ان میں سے کوئی اگر دنیا والوں کی ضیافت و مہمان نوازی کرے تو انہیں کھلائے پلائے بستر لحاف دے اور شادیاں تک کرادے پھر اس کی چیزوں میں کمی واقع نہ ہو۔

مسند احمد ابن عساکر عن ابن مسعود

موت کا ذبح

۳۹۴۴۹..... جب جنتی جنت میں اور دوزخی دوزخ میں داخل کررہے جائیں گے تو موت کو ایک خوبصورت مینڈھے کی شکل میں لایا جائے گا پھر اسے جنت وجہنم کے درمیان کھڑا کیا جائے گا کہا جائے گا: اے جنتو! کیا اسے پہچانتے ہو؟ وہ سراٹھا کر اسے دیکھ کر کہیں گے یہ موت ہے اسے ہر ایک نے دیکھا ہے پھر اسے ذبح کرنے کا حکم دیا جائے گا۔ (جنتیوں سے) کہا جائے گا: جنتیوں ہمیشہ رہو کبھی موت میں آئی گی اور جہنوں! ہمیشہ رہو کبھی موت نہیں آئے گی۔ مسند احمد مسلم ترمذی نسائی عن ابی سعید

۳۹۴۵۰..... جب جنتی جنت میں اور جہنمی جہنم میں پہنچ جائیں گے تو موت کو لایا جائے گا اور اسے جنت وجہنم کے درمیان لاکر ذبح کیا جائے گا پھر ایک منادی ندا کرے گا: اے جنتیو! ہمیشہ کی زندگی ہے موت نہیں اے جہنمیو! ہمیشہ کی (عذاب والی) زندگی ہے موت نہیں تو جنتیوں کی خوشی میں اور جہنوں کی پریشانی میں اضافہ ہوگا۔ مسند احمد مسلم عن ابی ہریرۃ

۳۹۴۵۱..... جب قیامت کا دن ہوگا تو موت کو خوبصورت مینڈھے کی شکل میں لایا جائے گا اس کے بعد اسے جنت وجہنم کے درمیان کھڑا کرکے ذبح کردیا جائے گا لوگ دیکھ رہے ہوں گے سو اگر کوئی خوشی سے مرسکتا تو جنتی مرجائے اور اگر غم سے کوئی مرسکتا تو جہنمی مرجائے۔

ترمذی عن ابی سعید

۳۹۴۵۲..... موت کو خوبصورت مینڈھے کی طرح لایا جائے گا اور جنت وجہنم کی درمیانی دیوار پر کھڑا کرکے کہا جائے گا: جنتیوں!، وہ سراٹھا کر

دیکھیں گے۔ کہا جائے گا جہنمیو! وہ بھی گردن بلند کر کے دیکھیں گے، کہا جائے گا: اسے جانتے ہو! وہ کہیں گے: جی ہاں یہ موت ہے پھر اسے الٹ کر ذبح کیا جائے گا پس اگر اللہ تعالیٰ نے جنتیوں کے لئے زندگی اور بقا کا فیصلہ نہ کیا ہوتا وہ لوگ خوشی سے مر جائے۔ترمذی عن ابی سعید

۳۹۴۵۳...... قیامت کے روز موت کو لا کر پل صراط پر کھڑا کیا جائے گا کہا جائے گا اے جنتیو! تو وہ ڈرتے ڈرتے دیکھیں گے کہ کہیں جس جگہ وہ ہیں وہاں سے نکال نہ دیے جائیں پھر کہا جائے گا: جہنمیو! تو وہ خوش ہو کر اس لالچ سے دیکھیں گے کہ شاید اس جگہ سے نکالا جا رہا ہے پھر کہا جائے گا: کیا اسے جانتے ہو؟ وہ عرض کر دیں گے جی ہاں یہ موت ہے پھر اسے پل صراط پر ذبح کرنے کا حکم دیا جائے اپھر دونوں فریق سے کہا جائے گا تمہیں جو جو مقام ملے ہیں ان میں ہمیشہ کی زندگی ہے کبھی موت نہیں آئے گی۔مسند احمد ابن ماجه حاکم عن ابی هريرة

۳۹۴۵۴...... اللہ تعالیٰ جنتیوں کو جنت میں اور جہنمیوں کو جہنم میں داخل کرے گا پھر ایک اعلان کرنے والا کھڑے ہو کر کہے گا جنتیو! موت نہیں (رہی) جنیو موت نہیں ہے ہر ایک جس میں ہے اسی ہمیشہ رہے گا۔بخاری عن ابن عمر

۳۹۴۵۵...... جہنمیوں سے کہا جائے گا: اے جہنمیو! ہمیشہ کی زندگی ہے موت نہیں اور جنتیوں سے کہا جائے گا جنتیو! ہمیشہ کی زندگی ہے موت نہیں۔

بخاری عن ابی هريرة

۳۹۴۵۶...... ایک اعلان کرنے والا پکار کر کہے گا۔ (جنتیو!) صحت مند رہو کبھی بیمار نہیں پڑو گے۔ زندہ رہو کبھی مرو گے نہیں تم جوان رہو گے کبھی بوڑھے نہیں ہو گے خوش عیش رہو کبھی بدحال نہیں ہو گے۔مسند احمد، مسلم، ترمذی، نسائی عن ابی هريرة

الاکمال

۳۹۴۵۷...... قیامت کے روز موت کی خوبصورت مینڈھے کی صورت میں لا کر جنت وجہنم کے درمیان کھڑا کر دیا جائے گا: پھر کہا جائے گا: جنتیو! کیا اسے پہنچانتے ہو؟ وہ سر اٹھا کر دیکھ کر کہیں گے جی ہاں اور جہنمی لوگوں سے کہا جائے گا: کیا اسے جانتے ہو؟ وہ سر اٹھائے دیکھتے ہوئے کہیں گے: جی ہاں یہ موت پھر اسے ذبح کیے جانے کا حکم دیا جائے گا اس کے بعد کہا جائے گا: جنتیو! ہمیشہ کی ہے کبھی موت ہیں اور جہنمیو! ہمیشگی ہے کبھی موت نہیں۔طبرانی فی الکبیر عن ابن عمر

۳۹۴۵۸...... قیامت کے روز موت کو خوبصورت مینڈھے کی شکل میں لایا جائے گا۔ابویعلی سعید بن منصور عن انس

۳۹۴۵۹...... جنتی جنت میں اور جہنمی جہنم میں داخل ہو جائیں گے پھر ان میں ایک اعلان سنانے والا اعلان کرے گا: اے جہنمیو! موت نہیں رہی اے جنتیو! موت میں رہی ہمیشہ کی زندگی ہے۔ (بخاری عن ابن عمر)

حور کا ذکر

۳۹۴۶۰...... حورعین جنت میں گا کر کہیں گی ہم اچھی حوریں ہیں جو اچھے خاوندوں کے لئے پیدا کی گئی ہیں۔سمدیه عن انس

۳۹۴۶۱...... جنت میں حورعین کا اجتماع ہو گا وہ ایسی آواز بلند کریں گے جو مخلوق سے نہیں سنی ہو گی وہ کہیں گی: ہم ہمیشہ رہنے والیاں کیں کبھی تباہ نہیں ہوں گی ہم خوش عیش کبھی بدحال نہیں ہوں گی ہم راضی رہتی ہیں کبھی ناراض نہیں ہوں گی اس کے لئے خوشخبری ہے جو ہمارا ہوا اور ہم اس کی ہو گئیں۔

ترمذی عن علی

کلام:...... ضعیف الترمذی ۴۶۹ ضعیف الجامع ۱۸۹۸

۳۹۴۶۲...... جنتیوں کی بیویاں اپنے خاوندوں کے لیے گائیں گی ایسی اچھی آواز ہو گی جو کسی نے سنی ہو گی۔طبرانی فی الاوسط عن ابن عمر

۳۹۴۶۳...... حورعین زعفران سے پیدا کی گئیں۔ابن مردویه خطیب عن انس

کلام:...... ضعیف الجامع: ۲۸۸۰۳

۳۹۴۶۴.....حورعین ملائکہ کی تسبیح سے پیدا ہوئیں۔ابن مر دویہ عن عائشہ
کلام:.....ضعیف الجامع ۲۸۰۴
۳۹۴۶۵.....حورعین زعفران سے پیدا ہوئیں۔طبرانی فی الکبیر عن ابی امامۃ
۳۹۴۶۶.....جنت میں ایک نور بلند ہوگا کوئی کہے گا: یہ کیا ہے تو وہ ایک حور کے دانتوں کی چمک ہوگی جو اپنے خاوند کے سامنے ہنس رہی ہوگی۔
الحاکم فی الکنی خطیب عن ابن مسعود
کلام:.....تحذیر المسلمین ۱۳۹ ذخیرۃ الحفاظ ۳۲۳۸
۳۹۴۶۷.....مومن کی دو بیویاں ہوں گی جن کی پنڈلیوں کا گودا ان کے کپڑوں سے دکھائی دے گا۔ابو الشیخ فی العظمۃ عن ابی ہریرۃ
۳۹۴۶۸.....حورعین فرشتوں کی تسبیح پیدا ہوئیں ان میں اذیت کی کوئی چیز نہیں ہوگی۔الدیلمی عن ابی امامۃ عن عائشۃ
۳۹۴۶۹.....اگر حورعین اپنی ایک انگلی ظاہر کردے تو ہر جاندار اس کی خوشبو محسوس کرے۔
الحسن بن سفیان طبرانی فی الکبیر وابن عساکر عن سعید بن عامر بن حذیم
۳۹۴۷۰.....اگر حورعین میں سے ایک عورت اپنی نگلی ظاہر کردے تو ہر جاندار اس کی خوشبو محسوس کرے۔
ابن قانع حلیۃ الاولیاء عن سعید بن حذیم

جہنم اور اس کی خصوصیات

۳۹۴۷۱.....ایک بڑے چٹان جہنم کے کنارے سے (جہنم میں) پھینکی جائے تو گرتے گرتے اسے ستر سال لگ جائیں گے پھر بھی نیچے نہیں پہنچے گی۔نسائی ترمذی عن عتبۃ بن غزوان
۳۹۴۷۲.....جہنم کی قناتوں کی مقدار چار دیواروں کے برابر ہے ہر دیوار کی موٹائی چالیس سال کی مسافت ہے۔
مسند احمد ترمذی ابن حبان حاکم عن ابی سعید
کلام:.....ضعیف الترمذی ۴۷۹ ضعیف الجامع: ۴۶۷۵
۳۹۴۷۳.....اگر کوئی گولی اس کھوپڑے جیسی آسمان سے زمین کی طرف پھینک جائے جو پانچ سو سال کی مسافت ہے تو رات سے پہلے زمین پر پہنچ جائے لیکن اگر سے زنجیر کے سرے سے چھوڑا جائے تو چالیس سال کی عرصہ میں اپنی حد اور مقام پر پہنچے۔
مسند احمد ترمذی حاکم عن ابن عمرو
کلام:.....ضعیف الترمذی ۴۸۴ ضعیف الجامع: ۴۸۰۵
۳۹۴۸۴.....تمہاری یہ آگ جسے انسان جلاتے ہیں جہنم کی آگ کا سترواں حصہ ہے کسی نے عرض کیا: یا رسول اللہ! وہ تو کافی ہوگی آپ نے فرمایا: وہ اس سے ستر درجے بڑھ کر (تیز) ہے سارے حصے اس کی گرمی کی طرح ہیں۔مسند احمد بخاری ترمذی عن ابی ہریرۃ
۳۹۴۷۵.....یہ آگ جہنم کی آگ کا ننانواں حصہ ہے۔مسند احمد عن ابی ہریرۃ
۳۹۴۷۶.....تمہاری یہ آگ جہنم کی آگ کا سترواں حصہ ہے اگر اسے پانی سے دوبارہ بجھایا نہ گیا ہوتا تو تم لوگ اس سے فائدہ نہ اٹھا سکتے اور وہ اللہ تعالیٰ سے دعا کرتی ہے کہ اسے اس میں نہ لوٹایا جائے۔ابن ماجہ حاکم عن انس
کلام:.....ضعیف ابن ماجہ ۹۴۰ ضعیف الجامع: ۲۰۱۸
۳۹۴۷۷.....تمہاری یہ آگ جہنم کی آگ کا سترواں حصہ ہے ہر حصہ کی گرمی ہے۔ترمذی عن ابی سعید
۳۹۴۷۸.....یہ پتھر (کی آواز) ہے جسے ستر سال ہوگئے پھینکا گیا وہ ابھی تک نہ تک پہنچنے کے لیے گر رہا ہے۔
مسند احمد مسلم عن ابی ہریرۃ

۳۹۴۷۹ ...... جہنم میں لگا تار (مجرمین کو) ڈالا جائے گا اور وہ کہے گا: کیا اور کچھ ہے یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ اس میں اپنا قدم دکھ دیں گے تو وہ سکڑنا شروع ہو جائے گا اور کہے گا: بس بس تیری عزت وجلال کی قسم! اور جنت میں فالتو جگہ رہے گی بالآخر اللہ تعالیٰ اس کے لئے ایک مخلوق پیدا فرمائے گا جنہیں جنت کے محلات میں ٹھہرائے گا۔ مسند احمد بیھقی ترمذی نسائی عن انس

۳۹۴۸۰ ...... جہنم کو لایا جائے گا اس دن اس کی ستر ہزار لگامیں ہوں گی ہر لگام کے ساتھ ایک فرشتہ ہوگا جو اسے کھینچ رہے ہوں گے۔
مسلم ترمذی عن ابن مسعود

۳۹۴۸۱ ...... جہنم نے اپنے رب سے شکایت کی کہ مرا اندرون ایک دوسرے کو کھا رہا ہے تو اللہ تعالیٰ نے اسے دو سانس لینے کی اجازت دی ایک سانس سردیوں میں اور ایک گرمیوں میں تو وہ اس گرمی سے سخت ہے جسے تم محسوس کرتے ہو اور اس سردی سے زیادہ سخت ہے جو تم محسوس کرتی ہو۔
مالک بیھقی ابن ماجه عن ابی ھریرة

۳۹۴۸۲ ...... جہنم نے اپنے رب سے شکایت کی کہ میرے رب! میرے اندرون نے ایک دوسرے کو کھا لیا ہے تو اللہ تعالیٰ نے اس کے لئے دو سانس مقرر کیے ایک سانس سردی میں اور ایک سانس گرمی میں اس کا وہ سانس جو سرما میں ہوتا ہے (چونکہ وہ اندر کی طرف ہوتا ہے) وہ سرد ہے اور گرما میں جو سانس ہوتا ہے (وہ باہر آتا ہے) گرم ہے۔ ترمذی عن ابی ھریرة

۳۹۴۸۳ ...... جہنم کو ہزار سال جلایا گیا یہاں تک کہ وہ سرخ ہوگئی پھر دس سال مزید اسے جلایا گیا تو وہ سفید ہوگئی پھر مزید دس سال جلائی گئی یہاں تک کہ وہ سیاہ ہوگئی تو وہ تاریک رات کی طرح سیاہ کالی ہے۔ ترمذی ابن ماجه عن ابی ھریرة

۳۹۴۸۴ ...... ہر اذیت و تکلیف پہنچانے والی چیز جہنم میں ہے۔
خطیب وابن عساکر عن علی وقال المناوی ج ۵ ص ۳۰ وقال: خبر غریب

۳۹۴۸۵ ...... اگر کوئی پتھر سات اونٹنیوں جتنا جہنم کے کنارے سے گرایا جائے تو ستر سال گزرنے پر بھی اس کی تہہ میں نہیں پہنچے گا۔
ھناد عن انس

۳۹۴۸۶ ...... اگر پیپ کا ایک ڈول دنیا میں بہا دیا جائے تو دنیا والے بدبودار ہو جائیں۔ ترمذی ابن حبان حاکم عن ابی سعید

کلام: ...... ضعیف الترمذی ۴۸۰ ضعیف الجامع ۴۸۰۳

۳۹۴۸۷ ...... اگر جہنم کا ایک شرارہ مشرق میں ہو تو اس کی گرمائش مغرب میں محسوس کی جائے گی۔ ابن مردویه عن انس

کلام: ...... ضعیف الجامع: ۴۸۰۶

۳۹۴۸۸ ...... اگر جہنم کے جوہر کا ایک قطرہ دنیا میں ٹپکا دیا جائے تو دنیا والوں کی گذران خراب ہو جائے تو جس کا وہ کھانا ہوگا اس کا کیا حال ہوگا۔
مسند احمد ترمذی نسائی ابن ماجه بن صبان حاکم عن ابن عباس

۳۹۴۹۰ ...... اگر (جہنم کا) لوہے کا ایک ہتھوڑا زمین پر رکھ دیا جائے اور جن وانس جمع ہو کر اسے اٹھانے کی کوشش کریں تو زمین سے نہ اٹھا سکیں اور اگر لوہے کا ایک ہتھوڑا لے کر کسی پہاڑ پر ضرب لگائی جائے تو جیسے جہنمیوں کو مارا جائے گا تو وہ ریزہ ریزہ ہو کر گرد وغبار بن جائے۔
مسند احمد ابویعلی حاکم عن ابی سعید.

الاکمال

۳۹۴۹۱ ...... اگر کسی (جہنمی) پتھر کو جس کا وزن سات اونٹوں کے برابر ہو جہنم میں پھینکا جائے تو وہ ستر سال گزرنے پر بھی اس کی تہہ میں نہیں پہنچے گا اور خیانت کرنے والے کو لا کر اس کے ساتھ ڈالا جائے گا اور اسے اس بات پر مجبور کیا جائے گا کہ اسے لاؤ۔
نسائی طبرانی ابن حبان عن سلیمان بن بریدة عن ابیه

۳۹۴۹۲......اگر ایک چٹان جس کا وزن دس اونٹوں کے برابر ہو جہنم کے کنارے سے گرایا جائے تو وہ ستر سالوں میں بھی اپنی تہہ تک نہیں پہنچے گی یہاں تک کہ وہ غی اور اثام تک پہنچ جائے کسی نے عرض کیا: غی اور اثام کیا ہیں؟ آپ نے فرمایا: جہنم کے دو کنوئیں ہیں جن میں جہنموں کی پیپ بہہ کر جاتی ہے۔ طبرانی فی الکبیر عن ابی امامة

۳۹۴۹۳......اگر کسی پتھر کو جہنم میں پھینکا جائے گا تو اس کے پہنچے سے پہلے ستر سال گزر جائیں۔ هناد عن ابی موسیٰ

۳۹۴۹۴......اگر سات اونٹیاں اپنی چربیوں کے ساتھ لی جائیں اور انہیں جہنم کے کنارے سے گرایا جائے تو ستر سالوں میں بھی انتہاء تک نہ پہنچ جائیں۔ حاکم عن ابی هريرة

۳۹۴۹۵......اس ذات کی قسم! جس کے قبضہ قدرت میں محمد ﷺ کی جان ہے جہنم کے دونوں کناروں میں اور اس کی تہہ میں اتنا فاصلہ ہے جیسے کوئی چٹان ہو جس کا وزن سات اونٹنیوں کا ان (کے کوہانوں) کی چربی گوشت اور پیٹ کے بچوں سمیت ہو اور اسے کنارے سے تہہ کی طرف گرایا جائے تو ستر سالوں میں پہنچے۔ طبرانی فی الکبیر عن معاذ حاکم عن ابی هريرة

۳۹۴۹۶......تمہاری یہ آگ جہنم کی آگ کا سترواں حصہ ہے اگر اسے سمندر میں نہ بجھایا گیا ہوتا تو انسان اس سے فائدہ نہ اٹھا سکتے۔

ابن مردويه عن ابی هريرة

۳۹۴۹۷......تمہاری یہ آگ جہنم کی آگ کا سترواں حصہ ہے اگر اسے پانی میں دو مرتبہ نہ بجھایا گیا ہوتا تو تم اس سے مستفید نہ ہو سکتے اللہ کی قسم! وہ کافی ہے اور وہ اللہ تعالیٰ سے دعا کرتی ہے کہ کبھی بھی جہنم کی طرف نہ لوٹائی جائے۔ حاکم وتعقب عن انس

۳۹۴۹۸......اسے ہزار سال جلایا گیا یہاں تک کہ وہ سرخ ہوگئی پھر ہزار سال یہاں تک کہ سفید ہوگئی پھر ہزار سال یہاں تک کہ وہ سیاہ ہوگئی تو وہ سیاہ کالی ہے اس کی لپٹ بجھتی نہیں۔ بيهقی فی شعب الايمان عن انس

۳۹۴۹۹......جہنم کی ایک وادی کو ملم کہا جاتا ہے جہنم کی (باقی) وادیاں اس سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگتی ہیں۔ حلية الاولياء عن ابی هريرة

۳۹۵۰۰......تیل کی تلچھٹ کی طرح جب اس کے چہرے کے قریب کیا جائے گا تو اس کی چہرے کی کھال اس میں گر جائے گی۔

مسند احمد عبد بن حميد بيهقی ابويعلی ابن حبان حاکم بيهقی فی البعث عن ابی سعيد فی قوله لمهل قال فذكره

۳۹۵۰۱......اگر جہنم کا ایک شرارہ زمین کے درمیان میں گر جائے تو اس کی بدبو اور حرارت مشرق و مغرب کے درمیان میں لینے والی ہر چیز فنا ہو جائے۔

ابن مردويه عن انس

۳۹۵۰۲......اس ذات کی قسم! جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے اگر تھوہر کا ایک قطرہ زمین کے سمندروں میں ڈال دیا جائے تو خراب ہو جائیں تو جس کا کھانا ہوگا اس کا کیا بنے گا۔ حاکم عن ابن عساكر

۳۹۵۰۳......جہنم میں حاملہ اونٹنیوں کی گردنوں کی طرح سانپ ہیں ان میں اسے جب ایک ڈنک مارے گا تو (مجرم) اس کی شدت چالیس سال تک محسوس کرے گا اور جہنم کے بچھو موٹے خچروں کی گردنوں جیسے ہوں گے ان میں ایک ڈنک مارے گا تو چالیس سال تک اس کا درد محسوس کرے گا۔

مسند احمد، طبرانی فی الکبير، ابن حبان، حاکم، سعيد بن منصور عن عبدالله بن الحارث بن جزء الزبيدی

۳۹۵۰۴......جہنم کو ستر ہزار لگاموں سے پکڑ کر لایا جائے گا ہر لگام کے ساتھ ستر ہزار فرشتے ہوں گے جو اسے کھینچ رہے ہوں گے۔

طبرانی فی الکبير عن ابن مسعود

۳۹۵۰۵......جہنم پر ایک دن ایسا ضرور آئے گا گویا وہ پکی ہوئی سرخ فصل ہے اس کے دروازے چرچرا رہے ہوں گے۔

طبرانی فی الکبير عن ابی امامة

کلام:......الضعيفة ۶۰۷

۳۹۵۰۶......جہنم پر ایسا دن آتا ہے جب کہ اس میں کوئی انسان نہیں ہوگا تو اس کے دروازے چرچرائیں گے۔ الخطيب عن ابی امامة

کلام:......ترتيب الموضوعات ۱۱۵۶

جہنمیوں کی خصوصیات کا ذکر

۳۹۵۰۷......سب سے کم درجہ عذاب والا وہ جہنمی ہوگا جسے آگ کے جوتے پہنائے جائیں گے جن کی گرمی سے اس کا دماغ کھولے گا۔

مسلم عن ابی سعید

۳۹۵۰۸......قیامت کے روز سب سے کم درجہ عذاب والا وہ شخص ہوگا جس کے قدموں کے تلووں کے نیچے دو انگارے رکھے جائیں گے جس سے اس کا دماغ ایسے کھولے گا جیسے ہنڈیا یا شیشے کا برتن کھولتا ہے۔مسند احمد بخاری ترمذی عن النعما ن بن بشیر

۳۹۵۰۹......سب سے کم درجہ عذاب والا وہ جہنمی ہوگا جس کے آگ کے دو جوتے اور دو تسمے ہوں گے جن کی وجہ سے اس کا دماغ ہنڈیا کی طرح کھولے گا اس سے زیادہ عذاب والا کوئی نہیں سمجھا جائے گا حالانکہ وہ سب سے کم درجہ عذاب والا ہوگا۔مسلم عنہ

۳۹۵۱۰......قیامت کے روز وہ شخص سب سے کم عذاب والا ہوگا جس کے آگ والے دو جوتے ہوں گے جن کی وجہ سے اس کا دماغ کھولے گا۔

حاکم عن ابی ھریرۃ

۳۹۵۱۱......سب سے کم درجہ عذاب والا وہ شخص ہوگا جس کے قدموں تلے دو انگارے رکھے جائیں گے جن سے اس کا دماغ کھولے گا۔

مسلم عن النعمان بن بشیر

۳۹۵۱۲......سب سے کم درجہ عذاب ابوطالب کو ہوگا، انہوں نے آگ کے جوتے پہن رکھے ہوں گے جن سے ان کا دماغ کھولے گا۔

مسلم عن النعمان بن بشیر

۳۹۵۱۳......قیامت کے روز اس جہنمی کو لایا جائے گا جو دنیا کا سب سے خوش عیش شخص ہوگا پھر اسے جہنم میں غوطہ دیا جائے گا اس کے بعد اسے کہا جائے گا: اے ابن آدم! کیا تو نے کوئی بھلائی کبھی پائی ہے تجھ پر کوئی نعمت کبھی ہوئی؟ وہ عرض کرے گا: نہیں میرے رب پھر اس جنتی کو لایا جائے گا جو دنیا کا سب سے بدحال شخص تھا اسے جنت میں غوطہ دیا جائے گا اس سے کہا جائے گا: ابن آدم! کیا تو نے کبھی کوئی پریشانی دیکھی کیا تجھ پر کبھی کوئی تنگی آئی وہ عرض کرے گا: نہیں میرے رب! مجھ پر کوئی سخت نہیں آئی اور نہ میں نے کوئی مصیبت دیکھی۔

مسند احمد مسلم نسائی ابن ماجه عن انس

۳۹۵۱۴......کافر اپنے پیچھے ایک یا دو فرسخ اپنی زبان کھینچ رہا ہوگا اور لوگ اس پر پاؤں مار رہے ہوں گے۔مسند احمد ترمذی عن ابن عمر

کلام:......ضعیف الترمذی ۳۷۴ ضعیف الجامع: ۱۵۱۸

۳۹۵۱۵......کھولتا پانی ان کے سروں پر بہایا جائے گا تو ان کے مساموں میں گھس کر پیٹ میں پہنچ جائے گا جو کچھ پیٹ میں ہے اسے قدموں کے راستوں سے نکال دے گا اور وہ صبر ہے پھر وہ ویسا ہی ہو جائے گا۔مسند احمد تر مذی حاکم عن ابی ھریرۃ

کلام:......ضعیف الترمذی ۶ ۷ ۴ ضعیف الجامع: ۱۴۳۳

۳۹۵۱۶......جہنمی شخص کو جہنم کے لیے بڑا کیا جائے گا یہاں تک کہ اس کی ایک داڑھ احد جتنی ہوگی۔مسند احمد عنزید بن ارقم

۳۹۵۱۷......کافر کو بڑا کیا جائے گا یہاں تک کہ اس کی داڑھ احد سے بھی بڑی ہوگی اور اس کا باقی جسم اس کی ڈاڑھ سے ایسا ہی بڑھا ہوا ہوگا جیسے تمہارا جسم داڑھ سے بڑا ہے۔ابن ماجه عن ابی سعید

کلام:......ضعیف ابن ماجہ ۹۴۲ ص ضعیف الجامع ۱۵۱۹

۳۹۵۱۸......جہنمی جہنم کے لئے بڑے کیے جائیں گے یہاں تک کہ اس کے کان کولو سے کندھے تک کا فاصلہ سات سو سال کا ہوگا۔(اور اس کی جلد کی موٹائی چالیس گز ہوگی اور اسکی ڈاڑھ احد پہاڑ سے بڑے ہوگی۔طبرانی فی الکبیر عن ابن عمر

کلام:......ضعیف الجامع: ۱۸۳۹

۳۹۵۱۹......کافر کی جلد کی موٹائی بیالیس گز ہوگی اللہ تعالیٰ کے گز کی پیمائش کے مطابق اور اس کی داڑھ احد جتنی ہوگی اور جہنم میں اس کے بیٹھنے کی جگہ مکہ مدینہ کے درمیان والا فاصلہ۔ترمذی، حاکم عن ابی ہریرۃ

۳۹۵۲۰......کافر کی داڑھ احد جتنی ہوگی اور اس کی جلد کی موٹائی تین (دن) کی مسافت۔مسلم ترمذی عن ابی ہریرۃ

۳۹۵۲۱......قیامت کے روز کافر کی ڈاڑھ احد جیسی ہوگی اور اسکی ران بیضاء کی طرح اور جہنم میں اس کی نشست تین (دن) کی مسافت جیسے ربذہ ہے۔

ترمذی عن ابی ہریرۃ

۳۹۵۲۲......قیامت کے روز کافر کی داڑھ احد جیسی اور اس کی جلد کی موٹائی ستر گز اور اس کا بازو بیضاء جیسا اور اس کی ران ورقان (پہاڑ) کی طرح اور جہنم میں اس کے بیٹھنے کی جگہ میرے اور ربذہ (گاؤں) کے درمیانی علاقہ جتنی ہوگی۔مسند احمد حاکم عن ابی ہریرۃ

۳۹۵۲۳......کافر کی داڑھ احد جتنی اور اس کی جلد کی موٹائی چالیس گز ہوگی اللہ تعالیٰ کے گز کی پیمائش کے مطابق۔البزار عن ثوبان

۳۹۵۲۴......جس ذات نے انہیں قدموں پر چلایا ہے وہ قیامت کے روز انہیں چہروں کے بل چلانے پر بھی قادر ہے۔

مسند احمد، مسلم، نسائی عن انس

۳۹۵۲۵......ان میں سے کسی کے ٹخنوں تک آگ پہنچی ہوگی تو کسی کے گھٹنوں تک کسی کی کمر تک اور کسی کی گردن تک پہنچی ہوگی۔

مسند احمد، مسلم، عن سمرۃ

۳۹۵۲۶......جہنمیوں (کے لئے رونے کا ماحول بن جائے گا گویا ان) پر رونا بھیجا جائے گا وہ روئیں گے یہاں تک آنسو خشک ہوجائیں گے پھر خون کے آنسو بہائیں گے یہاں تک کہ چہروں پر گڑھے سے بن جائیں گے اگر ان (کے آنسو) میں کشتیاں چھوڑی جائیں تو چل پڑیں۔

ابن ماجہ عن انس

کلام:......ضعیف ابن ماجہ ۹۴۳

۳۹۵۲۷......جہنمیوں پر بھوک طاری کی جائے گی وہ اس عذاب کے برابر ہوجائے گی جس میں وہ مبتلا ہوں گے وہ فریاد کریں گے تو کانٹے دار اٹکنے والے کھانے سے ان کی فریادرسی کی جائے گی تو انہیں یاد آئے گا کہ وہ دنیا میں اٹکنے والے کھانے کو پانی سے اتار لیتے تھے چنانچہ وہ پانی مانگیں گے تو لوہے کے آنکڑوں کے ساتھ انہیں کھولتا ہوا پانی دیا جائے گا جب وان کے مہنوں کے قریب ہوگا تو انہیں جلادے گا جب ان کے پیٹوں میں پہنچے گا تو وہ کہیں گے: جہنم کے پہرے داروں کو بلاؤ! وہ کہیں گے: کیا تمہارے پاس تمہارے رسول واضح دلائل لے کر نہیں آئے تھے وہ کہیں گے کیوں نہیں! وہ کہیں گے: پکارو! وہ پکاریں گے اور کافروں کی دعا و پکار بے کار ہوگی۔

پھر وہ کہیں گے: مالک کو بلاؤ! وہ کہیں گے: اے مالک تمہارا رب ہمیں موت دیدے وہ انہیں جواب دے گا: تم یہیں ٹھہرو گے پھر وہ کہیں گے: تم اپنے رب کو پکارو تمہارے رب سے بہتر کوئی نہیں چنانچہ وہ کہیں گے: ہمارے رب! ہم پر ہماری بدبختی چھا گئی اور ہم گمراہ لوگ تھے ہمارے رب! ہمیں یہاں سے نکال پھر اگر ہم نے ایسا کیا تو ہم ظالم ہوں گے اللہ تعالیٰ انہیں جواب دیں گے: اس میں دفع ہوجاؤ اور مجھ سے بات نہ کرو اس وقت وہ ہر اچھی امید سے ناامید ہوجائیں گے اور اسی وقت چیخ و پکار حسرت وافسوس کرنا شروع کردیں گے۔

ابن ابی شیبۃ ترمذی عن ابی الدرداء

کلام:......ضعیف الترمذی ۴۸۲۔

۳۹۵۲۸......جہنمی اتنا روئیں گے کہ اگر ان کے آنسوؤں میں کشتیاں چلائی جائیں تو چل پڑیں اور وہ خون کے آنسو روئیں گے۔

حاکم عن ابی موسیٰ

۳۹۵۲۹......جہنمی وہی ہیں جو اس میں نہ مریں گے اور نہ (چین سے) جی سکیں گے لیکن کچھ لوگ ایسے ہوں گے جنہیں ان کے گناہوں کی وجہ سے جہنم میں ڈالا جائے گا تو انہیں ایک موت سی دے گا یہاں تک کہ جب وہ کوئلہ ہوجائیں گے تو اس وقت شفاعت کی اجازت دی جائے گی تو انہیں گروہ درگروہ لایا جائے گا پھر انہیں جنت کی نہروں پر ڈالا جائے گا پھر کہا جائے گا اے جنتیوں ان پر پانی بہاؤ چنانچہ وہ ایسے پھوٹیں گے جیسے

سیلاب کے باؤ پر دانہ اگتا ہے۔مسند احمد مسلم ابن ماجہ عن ابی سعید

۳۹۵۳۰.....اگر جہنمیوں سے کہا جائے کہ تمہیں دنیا کی کنکریوں کی بقدر جہنم میں بھرنا ہے تو وہ خوش ہو جائیں اور اگر جنتیوں سے کہا جائے کہ تمہیں جنت میں ہر کنکری کی بقدر ٹھرنا ہے تو وہ غمگین ہو جائیں گے لیکن ان کے لیے ابدی زندگی بنائی گئی ہے۔طبرانی عن ابن مسعود

۳۹۵۳۱.....جہنم میں کافر کے کندھے کا فاصلہ تیز رفتار سوار کی تین روزہ مسافت ہے۔مسلم عن ابی ہریرۃ

۳۹۵۳۲.....ایک گھرانے والے لگاتار جہنم میں جائیں گے یہاں تک کہ ان میں سے کوئی آزاد غلام اور لونڈی نہیں رہے گی اور ایک گھرانے کے لوگ پے در پے جنت میں جائیں گے یہاں تک کہ ان میں سے کوئی آزاد غلام لونڈی نہیں بچے گی۔طبرانی فی الکبیر عن ابی حجیفۃ

کلام:.....ضعیف الجامع:۱۸۲۹

۳۹۵۳۳.....سورج اور چاند (بوجہ لوگوں کی پرستش کے) جہنم میں زخمی بیل کی طرح ہوں گے۔ابو داؤد طیالسی، ابویعلی عن انس

کلام:.....التنزیہ ج۱اص۱۹۰الفوائد المجموعہ۱۳۰۵

الاکمال

۳۹۵۳۴.....کافر ایک یا دو فرسخ تک قیامت کے روز اپنی زبان گھسیٹے گا لوگ اسے روندیں گے۔ھنادالترمذی، البیھقی عن ابن عمر

کلام:.....ضعیف الترمذی۴۸۴ ضعیف الجامع ۱۵۱۸

۳۹۵۳۵.....قیامت کے روز کافر دو فرسخ اپنی زبان گھسیٹے گا لوگ اسے روندیں گے۔مسند احمد عن ابن عمر

۳۹۵۳۶.....جہنم میں کافر کے بیٹھنے کی جگہ تین دن کی مسافت ہوگی اس کی ہر داڑھ احد جیسی اور ان کی ران ورقان۔(پہاڑ) جیسی اور گوشت ہڈی کے علاوہ اس کی کھال چالیس گز ہوگی۔مسند احمد ابویعلی حاکم عن عن ابی سعید

۳۹۵۳۷.....کافر کی نشست گاہ تین دن کی مسافت ہے اور اس کی داڑھ احد جتنی ہوگی۔الخطیب عن ابی ہریرۃ

۳۹۵۳۸.....جہنمی جہنم میں بڑھ جائیں گے یہاں تک کہ ان کی کان کی لو سے کندھے تک سات سو سال کا فاصلہ ہوگا اور ان کی جلد ستر گز موٹی ہو گی اور ان کی داڑھ احد جیسی ہوگی۔مسند احمد عن ابی عمر

کلام:.....الضعیفۃ۱۳۲۳

۳۹۵۳۹.....اگر کسی (جہنمی) شخص کو نکال کر مشرق میں ٹھرایا جائے اور ایک شخص مغرب میں کھڑا کیا جائے تو یہ دنیا کا شخص اس کی بدبو سے مرجائے۔

الدیلمی عن ابی سعید

۳۹۵۴۰.....اگر اس مسجد میں (ایک طرف) لاکھ یا اس سے زیادہ لوگ ہوتے اور اس میں ایک جہنمی ہو اور وہ سانس لے اور اس کی سانس انہیں پہنچ جائے تو مسجد اور مسجد کے لوگ جل جائیں۔ابویعلی بیھقی فی البعث عن ابی ہریرۃ

۳۹۵۴۱.....جہنمی لوگوں کو خارش ہو جائے گی تو وہ کھجائیں گے یہاں تک کہ ان کی ہڈیاں ظاہر ہو جائیں گی وہ کہیں گے: ہمیں یہ خارش کیوں ہوئی؟ کہا جائے گا: ایمان والوں کو تکلیف دینے کی وجہ سے۔الدیلمی عن انس

۳۹۵۴۲.....جہنمیوں میں ماتم پھیل جائے گا تو وہ اتنا روئیں گے کہ آنسو ختم ہو جائیں گے پھر وہ خون کے آنسو روئیں گے یہاں تک کہ ان کے رخساروں پر گڑھے پڑ جائیں گے جن میں اگر کشتیاں چلائی جائیں تو چل پڑیں۔ھناد عن انس

۳۹۵۴۳.....اللہ کی قسم! جو جہنم میں جائیں گے وہ کئی سال گزرنے کے بعد نکلیں گے اور وہاں کا سال اسی سال سے زیادہ ہے اور سال تین سو ساٹھ یوم کا ہوتا ہے اور ہر دن تمہاری گنتی کے مطابق سال بھر کا ہے۔الدیلمی عن ابن عمر

۳۹۵۴۴.....قیامت کے روز کافر کے لئے پچاس ہزار سال کی مقدار مقرر کی جائے گی جیسا کہ اس نے دنیا میں کوئی عمل نہیں کیا، اور کافر جہنم کو

دیکھے گا تو اسے یوں لگے گا کہ چالیس سال کی مسافت سے وہ اس میں گرنے والا ہے۔

مسند احمد، ابویعلی ابن حبان حاکم، سعید بن منصور عن ابی سعید

۳۹۵۴۵ ... سب سے کم درجہ عذاب والا وہ جہنمی ہے جس کے آگ کے دو جوتے ہوں گے جن سے اس کا دماغ یوں کھولے گا جیسے ہانڈی اس کے کان انکارے اس کی ڈاڑھیں انگارے اس کے آبرو آگ کی لپٹ دونوں طرف کی آنتیں قدموں کی راہ سے نکلیں گی اور باقی ان تھوڑے دانوں کی طرح ہوں گے جو زیادہ ابلتے پانی میں ہوں۔ھناد عن عبید بن عمیر مرسلاً

۳۹۵۴۶ ... آگ کسی جہنمی کے ٹخنوں تک تو کسی کے گھٹنوں تک کسی کی کمر تک اور کسی کی پنڈلی تک ہوگی۔طبرانی فی الکبیر حاکم عن سمرۃ

۳۹۵۴۷ ... سب سے کم درجہ عذاب والا وہ جہنمی ہوگا جس کے پاؤں میں آگ کے جوتے ہوں گے جن سے اس کا دماغ کھولے گا اور کوئی عذاب کے ساتھ ٹخنوں تک آگ میں ہوگا کوئی گھٹنوں تک کوئی کانوں تک کوئی سینے تک اور کوئی آگ میں ڈوبا ہوگا۔

مسند احمد عبد بن حمید وابن فیع حاکم، سعید بن منصور عن ابی سعید

۳۹۵۴۸ ... سب سے کم درجہ عذاب الا وہ جہنمی ہوگا جس کے دو جوتے ہوں گے جن سے اس کا دماغ کھولے گا۔مسند احمد عن ابی ھریرۃ

اہل جہنم کے ذیل میں ...... از الاکمال

۳۹۵۴۹ شفاعت تو میری امت کے ان لوگوں کے لئے ہوگی جنہوں نے کبیرہ گناہ کیے اور (بغیر توبہ) مرگئے ان میں سے کوئی تو جہنم کے پہلے دروازے میں ہوں گے نہ ان کے چہرے سیاہ ہوں گے نہ ان کی آنکھیں نیلی ہوں گی نہ انہیں طوق پہنائے جائیں گے اور نہ شیاطین کے ساتھ جکڑے جائیں گے اور نہ انہیں گرزوں سے مارا جائے گا اور نہ وہ (جہنم کے) طبقات میں چیخیں گے ان میں سے کوئی تو گھڑی بھر رہ کر نکال لیا جائے گا اور کوئی مہینہ بھر رہ کر نکالا جائے گا اور کوئی سال کا عرصہ رہ کر نکالا جائے گا اور سب سے زیادہ عرصہ رہنے والا وہ ہوگا جو دنیا کی طرف رہا جب سے وہ پیدا کی گئی اور فنا ہونے تک تو یہ سات ہزار سال ہیں پھر اللہ تعالیٰ جب مؤمن (ذات وصفات میں اللہ تعالیٰ کو اکیلا ماننے والوں) کو نکالنے کا ارادہ کرے گا تو دوسرے مذاہب والوں کے دلوں میں ڈالے گا وہ ان سے کہیں گے: ہم اور تم دونوں اکٹھے دنیا میں رہے تم ایمان لائے ہم نے کفر کیا تم نے تصدیق کی ہم نے تکذیب کی تم نے اقرار کیا ہم انکار کرتے رہے لیکن تمہیں اس کا کیا فائدہ ہوا؟ آج ہم اور تم سب اس میں برابر ہیں جیسا تمہیں عذاب ہوتا ہے ہمیں بھی ہو رہا ہے اور جیسے تم ہمیشہ رہو گے ہم بھی رہیں گے تو اس وقت اللہ تعالیٰ ایسے ناراض ہوں گے کہ ایسے کبھی ناراض نہیں ہوئے اور نہ کبھی یوں ناراض ہوں گے چنانچہ توحید والوں کو نکال کر ایک چشمہ پر لائیں گے جو جنت و پل صراط کے درمیان ہوگا جس کا نام نہر حیات ہے (وہاں) ان پر پانی چھڑکا جائے گا جس سے وہ ایسے اگیں گے جیسے سیلاب کے بہاؤ میں دانہ اگتا ہے جو سائے کے قریب ہوگا وہ منبر ہوگا اور جو دھوپ میں ہوگا وہ زرد ہوگا وہ جنت میں داخل ہوں گے ان کی پیشانیوں پر لکھا ہوگا آگ سے اللہ تعالیٰ کے آزاد کردہ صرف ایک آدمی رہ جائے گا جو ان کے بعد ہزار سال اس میں رہے گا پھر وہ پکارے گا: اے رحم کرنے والے اے احسان کرنے والے! اللہ تعالیٰ اس کی طرف ایک فرشتہ بھیجے تاکہ اسے نکال لائے چنانچہ وہ اس کی تلاش میں ستر سال غوطہ لگائے گا لیکن اسے نہ لاسکا واپس آکر کہے گا: آپ نے مجھے اپنے بندہ کو جہنم سے نکالنے کا حکم دیا اور میں نے اسے ستر سال سے تلاش کیا لیکن میں اسے نہ پاسکا اللہ تعالیٰ فرمائیں گے جاؤ وہ فلاں وادی میں فلانی چٹان کے نیچے ہے اسے نکال لاؤ چنانچہ وہ اسے نکال کر لائے گا اور اسے جنت میں داخل کردے گا۔الحکیم عن ابن ھریرۃ

۳۹۵۵۰ ... میں نے ایک خواب دیکھا جو سچ ہے اسے سمجھو! میرے پاس ایک شخص آیا اور میرا ہاتھ پکڑ کر مجھے اپنے پیچھے چلا کر ایک لمبے خوفناک پہاڑ پر لے گیا اور مجھ سے کہا: اس پر چڑھو! میں نے کہا: میں نہیں چڑھ سکتا اس نے کہا: میں آپ کی مدد کرتا ہوں تو جیسے ہی میں نے اپنا قدم چڑھنے کے لئے سیڑھی پر رکھا تو ہم پہاڑ کی درمیانی جگہ میں پہنچ گئے ہم چلتے گئے اچانک ہمیں ایسے مرد وعورتیں نظر آئے جن کی باچھیں چیری ہوئی ہیں میں نے کہا: یہ کون ہیں؟ اس نے کہا: یہ وہ لوگ ہیں جو کہتے ہیں ویسا کرتے نہ تھے پھر ہم چلے یہاں تک کہ ہمیں ایسے مرد وخواتین نظر آئے جن کی

آنکھوں اور کانوں میں سلائیاں پھری گئی ہیں میں نے کہا: یہ کون ہیں؟ کہا: یہ لوگ ان دیکھی اوران سنی باتوں کا دعوی کیا کرتے تھے پھر ہم چلے تو ہمیں ایسی عورتیں نظر آئیں جو اپنی ایڑیوں کے بل لٹکی ہوئی تھیں ان کے سر سید ھے تھے سانپ ان کے پستانوں پر ڈس رہے تھے میں نے کہا: یہ کون ہیں؟ تو اس نے کہا: یہ وہ ہیں جو اپنے بچوں کو دودھ نہیں پلاتی تھیں۔ پھر ہم چلے تو ایڑیوں کے بل لٹکے ہوئے ان کے سر سیدھے ہیں جو تھوڑا پانی اور کیچڑ چاٹ رہے ہیں میں نے کہا: یہ کون ہیں؟ تو اس نے کہا: یہ وہ لوگ ہیں جو روزہ رکھتے اور روزہ کے وقت سے پہلے افطار کر لیتے تھے، پھر ہم چلے تو ہمیں ایسے مرد وخواتین نظر آیں جن کی صورت بے حد بری اوران کا لباس بڑا برا ہے ان سے سخت بد بو آ رہی ہے جیسے بیت الخلا کی بد بو ہوتی ہے میں نے کہا: یہ کون لوگ ہیں؟ کہا: یہ زانی مرد اور عورتیں ہیں پھر ہم چلے تو ہمیں مردے نظر آئے جو بہت زیادہ پھولے اور بد بودار ہیں، میں نے کہا: یہ کون ہیں؟ کہا: یہ کافروں کے مردے ہیں پھر ہم چلے تو ہمیں ایک دھواں دکھائی دیا اور ایک ھونک کی سی آواز سنائی دی میں نے کہا: یہ کیا ہے، کہا: یہ جہنم ہے اسے چھوڑو پھر پہلے تو ہمیں درختوں کے سائے تلے کچھ مرد سوئے نظر آئے میں نے کہا: یہ کون ہیں کہا: یہ مسلمانوں کے مردے ہیں۔

پھر ہم چلے تو ہمیں آٹھ نو جوان لڑکے اور حورین دو نہروں کے مابین کھیلتی نظر آئیں میں نے کہا: یہ کون ہیں؟ اس نے کہا: مسلمانوں کے بچے ہیں پھر ہم چلے تو ہمیں بہت خوبصورت مرد اچھے لباس اور اچھی خوشبو والے نظر آئے جیسے ان کے چہرے ورق ہیں میں نے کہا: یہ کون ہیں؟ کہا: یہ صدیقین شہداء اور صالحین ہیں پھر ہم چلے تو ہمین تین آدمی شراب پیتے اور گاتے نظر ائے میں نے کہا: یہ کون ہیں؟ کہا: یہ زید بن حارثہ جعفر بن ابی طالب عبداللہ بن رواحہ ہیں تو میں ان کی جانب مڑا تو وہ کہنے لگے: ہم آپ پر فدا ہم اپ پر فدا پھر میں نے سر اٹھایا تو عرش کے نیچے تین آدمی تھے میں نے کہا: یہ کون ہیں؟ کہا: یہ آپ کے جد امجد ابراہیم موسیٰ اور عیسی علیہ السلام کی وہ آپ کا انتظار کر رہے ہیں۔

طبرانی فی البکر حاکم بیھقی فی عذاب القبر سعید بن مھصور عن ابی امامة

۳۹۵۵۱...... میری امت کے موحدین کو ان کے ایمان کے نقصان وکمی وجہ سے جہنم کا عذاب ہوگا۔ حاکم فی تاریخه عن انس

۳۹۵۵۲...... گناہگاروں کو ان کے ایمان کی کمی وجہ سے جہنم کا عذاب ہوگا۔ حاکم فی تاریخه عن انس

۳۹۵۵۳...... قیامت کے روز پاگل زمان فترت (دو نبیوں کا درمیانی زمانہ) فوت ہونے والے اور بچپن میں مرنے والے کولایا جائے گا پاگل کہے گا: میرے رب! اگر آپ مجھے عقل عطا کرتے تو جسے آپ نے عقل دی وہ مجھ جیسا سعادت مند نہ ہوتا اور زمانہ فترت میں فوت ہونے والا کہے گا: میرے رب! اگر میرے پاس تیرا وعدہ (توحید ورسالت) آتا جو جس کے پاس آیا وہ مجھ سے زیادہ تیرے عہد میں نیک بخت نہ ہوتا اور بچپن میں ہلاک ہونے والا کہے گا: میرے رب! اگر تو مجھے وہ عمر دیتا جو آپ نے عمر والے کو دی تو وہ اپنی عمر میں مجھ سے زیادہ سعادت مند نہ ہوتا۔

تو اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: میں تمہیں ایک کام کا حکم دینے لگا ہوں کیا تم میری بات مانو گے وہ عرض کریں گے: میری عزت کی قسم! جی ہاں اللہ تعالیٰ فرمائیں گے جاؤ! جہنم میں داخل ہو جاؤ! وہ اگر داخل ہو جائے تو انہیں کوئی نقصان نہ پہنچاتی تو ان کی جانب آگ کے شعلے نکلیں گے وہ سمجھیں گے یہ اللہ تعالیٰ کی ہر مخلوق کو ختم کر دیں گے اللہ تعالیٰ انہیں حکم دے گا وہ جلدی سے واپس آجائیں گے؟ کہیں گے: ہمارے رب! ہم داخل ہونا چاہتے تھے تو ہمارے اوپر شعلے نکلنا شروع ہو گئے اس لیے ہم نکل آئے ہم سمجھے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی ساری مخلوق کو ہلاک کر دیں گے اللہ تعالیٰ دوسری مرتبہ انہیں حکم دے گا پھر وہ اسی طرح واپس آجائیں گے اور اسی طرح کی بات کریں گے اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: تمہاری پیدائش سے پہلے مجھے علم تھا جو کچھ تم عمل کرو گے اپنے علم کے مطابق میں نے تمہیں پیدا کیا اور میرے علم کی طرف تم لوٹو گے اے جہنم! انہیں سمیٹ! چنانچہ جہنم انہیں پکڑ لے گی۔ الحکیم طبرانی حلیة الاولیاء عز معاذ بن جبل

کلام:...... المتناھیة ۱۵۴۰

۳۹۵۵۴...... جب قیامت کا دن ہوگا تو اہل جاہلیت اپنے بتوں کو اپنی پیٹھوں پر لادے آرہے ہوں گے اللہ تعالیٰ ان سے پوچھے گا وہ عرض کریں گے: آپ نے ہماری طرف نہ کوئی رسول بھیجا اور نہ کوئی دین آیا اگر اپ کوئی رسول بھیجتے تو ہم آپ کے سب سے زیادہ اطاعت گزار بندے ہوتے ان کا رب ان سے فرمائے گا: تمہارا کیا خیال ہے۔ (اب) اگر میں تمہیں کسی بات کا حکم دوں تو میری مانو گے؟ وہ عرض کریں گے:

جی ہاں چنانچہ اللہ تعالیٰ انہیں حکم دے گا کہ جہنم سے گزرو! وہ اس میں داخل ہوں گے چلتے چلتے جب اس کے قریب ہوں گے تو اس کی چیخ دھاڑ اور غیظ وغضب سنیں گے تو اپنے رب کے پاس واپس آجائیں گے عرض کریں گے: ہمارے رب! ہمیں اس سے نکال لے اللہ تعالیٰ فرمائے گا کیا تمہارا خیال نہیں کہ میں نے تمہیں ایک کام کہا تھا جس کی تم نے فرمانبرداری کرنا تھی پھر ان سے عہد و پیمان لے گا اور کہے گا: اس کی طرف جاؤ چنانچہ وہ جائیں گے جب اسے دیکھیں گے تو ڈر کر واپس آکر کہیں گے: ہمارے رب! ہم تو اس سے ڈر گئے ہم اس میں داخل نہیں ہو سکتے اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: ذلیل ہو کر اس میں داخل ہو جاؤ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: وہ اگر اس میں پہلی مرتبہ ہی داخل ہو جائے تو اسے سلامتی والی اور ٹھنڈی پائے۔

نسائی، حاکم، ابن مردویہ عن ثوبان

۳۹۵۵۵...... جب جہنمی جہنم میں جمع ہو جائیں گے اور ان کے ساتھ جتنا اللہ تعالیٰ چاہے گا قبلہ والے میں ہوں گے تو کفار مسلمانوں سے کہیں گے: کیا تم لوگ مسلمان نہ تھے؟ وہ کہیں گے کیوں نہیں تو کافر کہیں گے: پھر تمہیں تمہارے اسلام کا کیا فائدہ ہوا؟ تم ہمارے ساتھ جہنم میں ہو؟ وہ کہیں گے: ہمارے گناہ تھے جن کی وجہ سے ہماری پکڑ ہوئی اللہ تعالیٰ ان کی بات سن لے گا اور قبلہ والوں کو جہنم سے نکالنے کا حکم دے گا چنانچہ انہیں نکال لیا جائے گا جب باقی کفار یہ منظر دیکھیں گے تو کہیں گے! کاش ہم مسلمان ہوتے تو ہم بھی ایسے ہی نکال لیے جاتے جیسے یہ نکلے ہیں یہی اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے بار ہا کافر لوگ امید کریں گے کاش وہ مسلمان ہوتے۔

ابن ابی عاصم فی السنة وابن جریر وابن ابی حاتم طبرانی فی الکبیر وابن مردویہ حکم بیہقی فی البعث عن ابی موسی

۳۹۵۵۶...... جن جہنمیوں کو اللہ تعالیٰ نکالنا نہیں چاہے گا وہ اس میں نہ جئیں گے اور نہ مریں گے اور جن جہنمیوں کو اللہ تعالیٰ نکالنا چاہے گا انہیں اس میں ایک بار موت دے گا پھر گروہوں میں نکالے جائیں گے اس کے بعد انہیں جنت کی نہروں پر پھیلایا جائے گا تو ایسے ان کا گوشت پھوٹے گا جیسے سیلاب کے بہاؤ پر دانہ اگتا ہے جنتی انہیں جہنمی کہیں گے وہ اللہ تعالیٰ سے سوال کریں گے کہ ان سے یہ نام ختم کر دے تو اللہ تعالیٰ اسے مٹادیں گے۔

عبد بن حمدی عن ابی سعید

۳۹۵۵۷...... ایک شخص جہنم سے نکالا جائے گا اس کا رب اس سے کہے گا: اگر میں تمہیں نکال دوں تو مجھے کیا عہد و پیمان دو گے وہ عرض کرے گا: میرے رب! جو آپ کہیں گے وہی دوں گا تو اللہ تعالیٰ اس سے فرمائے گا میری عزت کی قسم تو نے جھوٹ بولا میں نے تجھ سے اس سے کم چیز مانگی تم نے وہ بھی نہ دی میں نے تجھ سے یہ مطالبہ کیا تھا کہ تو مجھ سے سوال کرنا میں تجھے دوں گا مجھ سے دعا کرتا تو میں تیری دعا قبول کرتا مجھ سے مغفرت طلب کرتا میں تیری مغفرت کر دیتا۔ الدیلمی عن انس

۳۹۵۵۸...... قیامت کے روز اللہ تعالیٰ حضرت آدم علیہ السلام سے تین وجوبات بیان کریں گے اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: آدم! میں نے جھٹلانے والوں پر لعنت نہ کی ہوتی اور وعدہ خلافوں اور جھوٹوں سے بغض نہ رکھا ہوتا اور اس پر وعیدیں نہ سنائی ہوتیں تو آج تمہاری ساری اولاد پر رحم کرتا باجود یکہ میں نے ان کے لیے سخت عذاب تیار کر رکھا ہے لیکن میری طرف سے یہ حق بات ہو چکی کہ اگر میرے رسولوں کو جھٹلایا گیا اور میری نافرمانی کی گئی تو میں جنوں انسانوں سب سے جہنم کو بھر دوں گا اور اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: آدم! مجھے علم ہے کہ میں تیری اولاد میں جسے بھی جہنم میں داخل کروں اور جہنم کا عذاب دوں گا اگر اسے دنیا کی طرف لوٹا دوں تو وہ اس سے زیادہ برے کام کرنے لگے جو وہ کرتا تھا وہ ان سے باز نہیں آئے گا اور نہ توبہ کرے گا اور اللہ تعالیٰ فرمائیں گے آدم! میں نے تجھے اپنے اور (اپنی مخلوق) تیری اولاد کے درمیان فیصل بنایا ہے ترازو کے پاس کھڑے ہو کر دیکھو ان کے کتنے اعمال کم اور زیادہ ہوتے ہیں سو جس کی بھلائی اس کی برائی پر ذرہ بھر بھی بڑھ جائے اس کے لئے جنت ہے یہاں تک کہ تمہیں خود ہی معلوم ہو جائے کہ میں نے ان میں سے صرف ہر ظالم کو ہی جہنم میں داخل کرنا ہے۔

ابن عساکر عن الفضل بن عیسی الرقاشی عن الحسن عن ابی هريرة والفضل ضعیف وعن سعید بن انس عن الحسن قوله

۳۹۵۵۹...... میں نے کچھ مرد دیکھے جن کی کھالیں جہنم کی قینچیوں سے کاٹی جارہی ہیں میں نے کہا: ان لوگوں کا کیا قصور ہے؟ کہا یہ لوگ ایسی زینت وزینت اختیار کرتے تھے جو ناجائز تھی میں نے ایک بدبودار کنواں دیکھا جس میں شور ہو رہا تھا میں نے کہا: یہ کیا ہے؟ کہا: یہ وہ عورتیں ہیں جو ناجائز طریقے سے زینت وزینت کرتی تھیں میں نے ایک قوم کو نہر حیات میں غسل کرتے دیکھا میں نے کہا: یہ کون ہیں؟ کہا یہ وہ لوگ ہیں

جنہوں نے نیک اعمال کے ساتھ برے اعمال ملالیے تھے۔ ابن عساکر من ابی بردۃ بن ابی موسیٰ عن ابیہ

۳۹۵۶۰......اس ذات کی قسم! جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے! آخرت کی جس چیز کا تم سے وعدہ کیا گیا ہے وہ میرے اس مقام پر پیش کی گئی میرے سامنے دوزخ پیش کیا گیا تو اس کا ایک شرارہ میری جانب بڑھا یہاں تک کہ میری اس چادر کے قریب ہو گیا مجھے خدشہ ہوا کہ وہ تمہیں گھیر لے گا تو میں نے کہا: میرے رب! میں ان میں ہوں تو اللہ تعالیٰ نے اسے تم سے ہٹالیا پھر میں نے فوراً پیٹھ پھیری گویا پھر میں نے ایک نظر ڈالی تو مجھے بنی غفار کا عمران بن حومان بن الحارث جہنم میں اپنی کمان پر ٹیک لگائے نظر آیا اور مجھے اس میں حمیر کی رہنے والی عورت بلی والی نظر آئی جس نے اسے باندھے رکھا اسے کھلایا اور نہ اسے چھوڑا۔ طبرانی فی الکبیر عن عقبۃ بن عامر

جنت دوزخ کی لڑائی

۳۹۵۶۱......جنت دوزخ کی تکرار ہوئی جنت کہنے لگی: میں ضعفاء اور مساکین کا گھر ہوں اور جہنم نے کہا: میں ظالموں اور متکبروں کا ٹھکانا ہوں تو اللہ تعالیٰ نے جہنم سے فرمایا: تو میرا عذاب ہے تیری وجہ سے میں جس سے چاہوں گا انتقام لوں گا اور جنت سے فرمایا: تو میری رحمت ہے تیری وجہ سے میں جس پر چاہوں گا رحم کروں گا تم میں سے ہر ایک کے لئے اس بھراؤ ہے۔

مسلم، ترمذی، عن ابی ہریرۃ، مسلم عن ابی سعید، ابن خزیمہ عن انس

۳۹۵۶۲......جنت وجہنم کی تکرار ہوگی جہنم نے کہا: مجھے ظالموں اور متکبروں کی وجہ سے ترجیح حاصل ہے اور جنت نے کہا: میں تو صرف ضعفاء اور درماندہ لوگوں کا ٹھکانا ہوں تو اللہ تعالیٰ نے جنت سے فرمایا: تو میری رحمت ہے تیری وجہ سے میں اپنے جن بندوں پر چاہوں گا رحم کروں گا اور جہنم سے فرمایا: تو میرا عذاب ہے تیری وجہ سے میں اپنے جن بندوں کو چاہوں گا عذاب دوں گا تم میں سے ہر ایک کا بھراؤ ہے رہا جہنم تو وہ بھرے گا نہیں یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ اس میں اپنا قدم رکھیں گے تو وہ کہے گا: بس! بس! بس! تو اس وقت بھر جائے گا اور سمٹنے لگے گا: اللہ تعالیٰ اپنی مخلوق میں سے کسی پر ظلم نہیں کرتا رہی جنت تو اللہ تعالیٰ اس کے لئے ایک مخلوق پیدا کردے گا۔ مسند احمد، مسلم عن ابی ہریرۃ

۳۹۵۶۳......اللہ تعالیٰ نے جب جنت پیدا کی تو جبرائیل علیہ السلام سے فرمایا: جاؤ اسے دیکھو، وہ گئے اور اسے دیکھنے کے بعد آکر کہنے لگے: میرے رب! تیری عزت کی قسم! اس کے بارے میں جو سنے گا وہ اس میں داخل ہوگا پھر اسے ناپسندیدہ چیزوں سے ڈھانپ دیا پھر جبرائیل سے کہا: اب جاکر دیکھو وہ گئے اور دیکھنے کے بعد آکر کہنے لگے: میرے رب! تیری عزت وجلال کی قسم! مجھے خدشہ ہے کہ اس میں کوئی نہیں جائے گا۔

اور جب اللہ تعالیٰ نے جہنم کو پیدا فرمایا: تو جبرائیل سے فرمایا: جاؤ اسے دیکھو وہ گئے اور دیکھ کر کہنے لگے: اے رب! تری عزت کی قسم! جس نے اس کے بارے سنا پھر وہ اس میں داخل ہو (ایسا نہیں ہوسکتا) اللہ تعالیٰ نے اسے شہوات ولذات سے ڈھانپ دیا پھر جبرائیل سے فرمایا: جاؤ اسے دیکھو وہ گئے ڈیکھنے کے بعد آکر عرض کرنے لگے: میرے رب! تیری عزت کی قسم! مجھے ڈر ہے کہ اس سے کوئی بھی نہیں بچے گا ہر ایک اس میں داخل ہوگا۔ مسند احمد ابن ابی شبیۃ حاکم عن ابی ہریرۃ

الاکمال

۳۹۵۶۴......جنت وجہنم کی رب تعالیٰ کے حضور چپقلش ہوئی جنت نے کہا: رب! کیا بات ہے کہ میرے پاس لوگوں میں سے کمزور اور پس ماندہ ہی آئیں گے اور جہنم نے کہا: کیا بات ہے کہ میں ظالموں اور متکبروں کا ٹھکانا ہوں تو اللہ تعالیٰ نے جنت سے فرمایا: تو میری رحمت ہے تیری وجہ سے جیسے چاہتا ہوں رحمت پہنچاتا ہوں اور جہنم سے فرمایا: تو میرا عذاب ہے تیری وجہ سے میں جسے چاہتا ہوں عذاب دیتا ہوں اور تم دونوں میں سے ہر ایک کے لیے بھراؤ ہے رہی جنت تو اس کے لئے اللہ تعالیٰ ایک مخلوق پیدا فرمادے گا جیسے چاہے گا پیدا فرمادے گا اور رہا جہنم تو اللہ تعالیٰ اپنی

مخلوق میں سے کسی پر ظلم پیش کرتا پھر اس میں لوگوں کو ڈالا جائے تو وہ کہے گا: کیا کچھ اور ہے یہاں تک کہ حق تعالیٰ اس میں اپنا قدم رکھیں گے تو سکڑ کر کہے گا: بس بس بس۔ بخاری دارقطنی فی الصفات عن ابی هريرة

۳۹۵۶۵......میں نے جنت وجہنم کو دیکھا تو مجھے ان میں خیر وشر جیسا کہیں نظر نہیں آیا۔ بیهقی فی ابعث عن انس

از قسم الافعال......قرب قیامت

۳۹۵۶۷......(مسند علی) نعیم بن دجاجہ سے روایت ہے کہ ابو مسعود عقبہ بن عمرو انصاری حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس آئے تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ان سے فرمایا: تم ہی کہتے ہو کہ لوگوں پر سو سال نہیں گزریں گے کہ کوئی جھپکنے والی آنکھ باقی ہو تم سرین کے بل گرو! رسول اللہ ﷺ نے تو یوں فرمایا: سو سال میں آج جو لوگ ہیں ان میں کوئی زندہ ہیں بچے گا اس امت کی خوشحالی وکشادگی سو سال کے بعد ہے۔

مسند احمد، ابو یعلی حاکم، سعید بن منصور

۳۹۵۶۸......معاویہ بن حکم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا اور اپنے ہاتھ سے اپنی پیٹھ کی طرف اشارہ کیا: اللہ تعالیٰ نے مجھے اور قیامت کو (ایک ساتھ) بھیجا ہے اور (اس) حکومت میں سختی ہی ہوگی اور لوگ زیادہ بخیل ہو جائیں گے اور قیامت برے لوگوں پر برپا ہوگی۔ بیهقی فی کتاب بیان خطا من اخطا علی الشافعی

۳۹۵۶۹......حضرت ابوسعید سے روایت ہے کہ فرمایا: جب رسول اللہ ﷺ تبوک سے واپس لوٹے تو میں نے آپ سے قیامت کے متعلق پوچھا تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: آج جو لوگ زندہ ہیں سو سال کے بعد یہ زمین پر نہیں ہوں گے۔ رواہ ابن ابی شیبه

۳۹۵۷۰......حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے فرماتی ہیں: دیہاتی جب رسول اللہ ﷺ کے پاس آتے تو آپ سے پوچھتے: قیامت کہا ہے؟ آپ ان میں سے سب سے نوجوان شخص کی طرف دیکھ کر فرماتے: اگر یہ اتنا زندہ رہا کہ بوڑھا نہ ہوا تو تم پہ قیامت برپا ہو جائے گی۔

رواہ ابن ابی شیبه

۳۹۵۷۱......حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: کہ میں اور قیامت ان دو کی طرح بھیجے گئے ہیں اپ نے شہادت والی اور درمیانی انگلی کی طرف اشارہ کیا جیسے گھوڑ دوڑ کے گھوڑے دونوں بھاگیں تو ان میں سے ایک دوسرے سے سبقت لے جائے اللہ تعالیٰ کی اجازت سے اللہ کا حکم فرشتے اور قیامت آ گئی لوگو! اپنے رب کو جواب دو اور اس کی فرمانبرداری اختیار کرو۔

رواہ حاکم

کذاب لوگ

۳۹۵۷۲......(مسند عثمان) عن عبید اللہ بن عبد اللہ بن عتبۃ کہ حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے کوفہ میں کچھ لوگ گرفتار کیے جو مسیلمہ کذاب کی تشہیر کرتے اور ان کے بارے میں لوگوں کو دعوت دیتے تھے آپ نے حضرت عثمان بن عفان کو خط لکھا آپ نے جواب لکھا ان کے سامنے دین حق یعنی لا الہ الا اللہ اور محمد رسول اللہ کی گواہی پیش کرو سو جو کوئی اسے قبول کر لے اور مسیلمہ کذاب سے برات وعلیحدگی اختیار کرتے اسے قتل نہ کرو اور جو مسیلمہ کے مذہب سے چمٹا رہے اسے قتل کر دو تو ان کے کئی لوگوں نے اسے قبول کر لیا تو انھیں چھوڑ دیا گیا اور کچھ لوگ مسیلمہ کے مذہب سے لگے رہے تو وہ قتل کر دیئے گئے۔ بیهقی فی شعب الایمان ابن ابی شیبة

۳۹۵۷۳......حضرت جابر سے روایت ہے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے اپنی وفات سے ایک مہینہ پہلے فرمایا: قیامت سے پہلے کئی جھوٹے ہوں گے ان میں یمامہ اور صنعاء کا بادشاہ عنسی اور حمیر کا حکمران اور دجال ہوگا اور دجال ان سب سے زیادہ فتنہ باز ہوگا۔ نعیم بن حماد

۳۹۵۷۴......ضحاک بن فیروز دیلمی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں سب سے پہلا ارتداد جو اسلام میں ظاہر ہوا

وہ یمن میں گدھے والے عیلہ بن کعب اور وہ اسود ہے کے ہاتھ پر ظاہر ہوا نذ حج کے سال وہ حجۃ الوداع کے بعد نکلا تو ہمارے پاس رسول اللہ ﷺ کے خطوط آئے جن میں ہمیں یہ حکم دے رہے تھے کہ ہم اس کے مقابلہ کے لئے لوگوں کو بھیجیں اور یہ کہ ہم ہر شخص کو جس کے بارے میں وہ امید رکھتا ہے رسول اللہ ﷺ کی بات پہنچا ئیں تو معاذ بن جبل اس کو لیکر اٹھے جس کا انھیں حکم دیا گیا ہیں ہم سمجھ گئے کہ قوت ہے اور ہمیں مدد کا یقین ہو گیا۔ سیف بن عمرو حاکم

۳۹۵۷۵...... حضرت ابوھریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے اسود عنسی کا ذکر کر کے فرمایا: اسے نیک شخص فیروز بن دیلمی فارس والے نے قتل کر دیا ہے۔ ابن منده ابن عساکر

۳۹۵۷۶...... عبداللہ بن دیلمی اپنے والد سے روایت ہے کرتے ہیں فرمایا: میں رسول اللہ ﷺ کے پاس اسود عنسی کا سر لے کر آیا جسے میں نے یمن میں قتل کیا تھا۔ الدیلمی وقال فیروز : هذا جدنا من نبی ضبة ابن عساکر

۳۹۵۷۷...... (مسند عائشہ) دیہات کے کچھ سخت (طبیعت) لوگ تھے وہ نبی ﷺ کے پاس آ کر آپ سے قیامت کے بارے میں پوچھتے آپ ان کے سب سے کم عمر شخص کو دیکھ کر فرماتے اگر اس نے (لمبی) عمر پائی اور بوڑھا نہ ہوا تو ایک دن تم پر قیامت برپا ہو جائے گی۔

بخاری بیهقی فی البعث

۳۹۵۷۸...... عبداللہ بن عمرو سے روایت ہے کہ فرمایا: کہ ہم لوگ اپنا جھونپڑہ ٹھیک کر رہے تھے تو رسول اللہ ﷺ ہمارے پاس سے گزرے فرمایا: یہ کیا (ہو رہا) ہے؟ میں نے عرض کیا: خراب جھونپڑہ تھا ہم اس کی اصلاح کر رہے ہیں آپ نے فرمایا: میرے خیال میں قیامت کا معاملہ اس سے زیادہ جلدی ہونیوالا ہے۔ هناد، ترمذی وقال حسن صحیح ابن ماجه

۳۹۵۷۹...... قیس سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کہ یہ ابن النواحہ نبی ﷺ کے پاس آیا جسے مسیلمہ کذاب نے بھیجا تھا تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اگر قاصد کا قتل کرنا (بین الممالک قانون میں) درست ہوتا تو میں اسے قتل کر دیتا۔ عبدالرزاق

مسیلمہ کے علاوہ

۳۹۵۸۰...... ابوالجلاس سے روایت ہے کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو عبداللہ شیبانی کو فرماتے سنا: اے سنو! کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے جو بات بتائی میں نے اسے لوگوں سے نہیں چھپایا میں نے آپ کو فرماتے سنا: کہ قیامت سے پہلے تیس جھوٹے ہوں گے ان میں سے ایک تو ہے۔

ابن ابی شیبه ابن ابی حاتم، ابویعلی

۳۹۵۸۱...... (مسند حصین بن یزید الکلبی) سیف بن عمرو سعید بن عبد بن یعقوب ابو ماجد الاسدی، حضرمی بن عامر ان سدی ان کے سلسلہ سند میں ہے فرمایا: میں نے طلیحہ بن خویلد کے متلو پوچھا تو فرمایا: ہمیں رسول اللہ ﷺ کی واپسی کی اطلاع ملی پھر یہ خبر ملی کہ مسیلمہ یمامہ پر غالب آ گیا ہے اور یمن پر اسود عنسی کا گلہ ہو گیا ہے تھوڑا ہی عرصہ گزرا تو طلیحہ نے نبوت کا دعویٰ کر دیا اور سمیرا میں لشکر تیار کر لیا لوگوں نے اس کی پیروی کی اور اسے مضبوطی مل گئی اس نے اپنے بھتیجے حبال کو نبی ﷺ کی طرف بھیجا جو آپ کو صلح کی دعوت اور اس کی اطلاع دینے آیا تھا حبال نے کہا: اس کی پاس ذوالنون (فرشتہ) آتا ہے تو نبی ﷺ نے فرمایا: اس نے اس کا نام فرشتہ رکھ دیا تو حبال نے کہا: میں خویلد کا بیٹا ہوں تو نبی نے فرمایا: اللہ تجھے ہلاک کرے اور شہادت سے محروم کرے آپ نے اسے ایسے ہی لوٹا دیا جیسے وہ آیا تھا چنانچہ خیال ارتداد میں قتل ہوا سیف فرماتے ہیں: کلبی نے کہا: رسول اللہ ﷺ کو اس کی بعض باتیں پہنچیں کہ وہ کہتا ہے: میرے پاس ذوالنون آتا ہے جو نہ جھوٹ بولتا ہے نہ خیانت کرتا ہے اور ایسا نہیں ہوگا جیسا ہوتا رہا کہا اس نے عظیم الشان فرشتے کا ذکر کیا۔ رواہ ابن عساکر

۳۹۵۸۲...... (ایضاء) سیف، بدر بن الخلیل، عثمان بن قطۃ ان کے سلسلہ سند میں نبی اسد کے لوگوں سے روایت ہے ان میں سے کسی کے پاس یہ خبر پہنچی کہ طلیحہ نبی ﷺ کے زمانہ میں نکلا اس نے (مقام) سمیراء پر پڑاؤ ڈالا لوگوں کو اپنے مذہب کی طرف بلایا اور نبی ﷺ کی طرف صلح کا پیام

بھیجا تو نبی ﷺ نے ضرار بن ازور کو روانہ کیا وہ سنان بن ابی سنان اور قضاعہ پھر بنی ورقاء جو بنی صیداء سے تھے ان میں صیداء کی بیٹی اور دوسرے لوگ تھے آپ ان کے پاس رسول اللہ ﷺ کا خط اور عوف ابن فلاں کی طرف آپ کا حکم لائے اس نے اپ کا حکم مان لیا اور اسے قبول کرلیا، پھر ان لوگوں نے اسلام پر ثابت قدم مسلمانوں سے خط وکتابت کی اور مسلمانوں نے واردات میں مسلمان لشکر بنایا ور سنان وقضاعہ ضرار اور عوف کے پاس جمع ہوگئے اور کافروں نے مقام سمیراء میں لشکر سجایا اور طلیحہ کے پاس جمع ہوگئے عوف سنان اور قضاعہ اس پر اتفاق کیا کہ طلحہ کے لئے مخنف بن السلیل کو دھوکے سے بھجیں چنانچہ جب وہاں کے پاس پہنچے اسے پیام دیا تو اس نے اپنی تلوار اس دیدی انہوں نے اس کے لئے تلوار تیز کی اور پھر اس کی طرف اٹھ کر اس کی کھوپڑی کاٹ دی تو طلیحہ بے ہوش ہوکر گر پڑا لوگوں نے انہیں پکڑ کر قتل کردیا جب طلیحہ کو ہوش آیا تو کہنے لگا یا یہ ضرار کی کارستانی ہے جب کہ سنان اور قضاعی اس کام میں اس کے پیرو ہیں۔ رواہ ابن عساکر

۳۹۵۸۳...... (اسی طرح) سیف، طلحہ، بن الاعلم، حبیب بن ربیعہ الاسدی عمارۃ بن بلال اسدی فرماتے ہیں: طلیحہ رسول اللہ ﷺ کی زندگی میں مرتد ہوا اور نبوت کا دعویٰ کیا تو نبی ﷺ نے ضرار بن ازور کو بنی اسد پر مقرر اپنے گورنروں کی طرف بھیجا اور انہیں وہاں قیام کرنے کا حکم دیا چنانچہ وہ اس سلسلہ میں اپنی مہم پر لگ گئے اور دیگر لوگ جو اسی کام کے لئے بھیجے گئے تھے انہوں نے طلیحہ کو زخمی کیا اور ڈرایا مسلمانوں نے واردات میں اور مشرکین نے سمیراء میں پڑاؤ کیا مسلمان روز بروز بڑھتے رہے اور مشرکین آئے دن گھٹتے رہے یہاں تک کہ ضرار رضی اللہ عنہ نے طلیحہ کی جانب جانے کا قصد کیا تو ہر ایک نے انہیں صلح کے لیے روکا صرف ایک وار جو انہوں نے جراز (نامی) تلوار سے کیا جس سے وہ زخمی ہوگیا ہوگیا یہ بات لوگوں میں پھیل گئی وہ اسی حال میں تھے کہ نبی ﷺ کی وفات کی خبر آ گئی تو کچھ لوگوں نے کہا: طلیحہ کے بارے میں ہتھیار تجھے زندگی میں کرسکیں گے تو ابھی شام بھی نہیں ہوئی کہ مسلمانوں کو نقصان کا پتہ چل گیا اور لوگ طلیحہ کی طرف ٹوٹ پڑے اور اس کی حکومت ٹوٹ گئی۔ رواہ ابن عساکر

۳۹۵۸۴...... (مسند علی) سیف بن عمر، بدر بن الخلیل، علی بن ربیعۃ الوالبی فرماتے ہیں: میں حضرت علی رضی اللہ عنہ سے طلیحہ کا واقعہ بیان کیا اور انہیں بتایا کہ اس کی تلاور جو جراز نامی تھی میں نے انہیں مخنف کا واقعہ بھی بتایا اور میں نے اسے اس تلوار ضرب لگائی جس سے وہ زخمی ہوا فرماتے ہیں: ہمیں طلیحہ کی ضرب کی یہ خبر اور جراز کے زخم والی بات پہنچی تو نبی ﷺ نے فرمایا: اسے اسی کا حکم تھا وہ زخمی ہوا اگرچہ جراز نامی تلوار اس سے اچٹ گئی۔

چھوٹی نشانیاں

۳۹۵۸۵...... حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ فرمایا: لوگو! حبشہ کی جانب ہجرت کرو بنی علی کی وادیوں سے ایک آگ نکلے گی جو یمن کی جانب سے آئے گی لوگوں کو جمع کرے گی جب لوگ چلیں گے تو ان کے ساتھ چلے گی اور جہاں وہ ٹھہریں ٹھہر جائے گی یہاں تک کہ وہ گبریلے جمع کرے گی اور بصری تک پہنچادے گی اور یہ حالت ہوگی کہ آدمی گر گا تو وہ آگ ٹھہر کر اسے پکڑ لےگی۔ رواہ ابن ابی شیبہ

۳۹۵۸۶...... حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا: ان چوڑے چہروں کو چھوڑ و جب تک انہوں نے تمہیں چھوڑے رکھا ہے اللہ کی قسم! میں چاہتا ہوں کہ کاش ہمارے اور ان کے درمیان ایسا سمندر ہوتا جسے پار نہ کیا جاسکے۔ رواہ ابن ابی شیبہ

۳۹۵۸۷...... (مسند عمر) سلیمان بن الربیع العدوی سے روایت ہے فرمایا: میں بصرہ سے کچھ عبادت گزار لوگوں کے ساتھ نکلا پھر ہم مکہ آئے تو ہماری ملاقات عبداللہ بن عمرو سے ہوئی انہوں نے فرمایا: عنقریب بنو قنطورا خراسانیوں اور کیسانیوں کو سختی سے ہنکائی گے پھر وہ اپنے گھوڑے دجلہ کے کنارے لگی کھجوروں سے باندھ دیں گے پھر فرمایا: بصرہ سے ایلہ تک کا فاصلہ کتنا ہے؟ ہم نے کہا: چار فرسخ، فرمایا: وہ آکر وہاں اتریں گے پھر اہل بصرہ کی طرف پیام بھیجیں گے: کہ یا ہمارے لئے اپنی زمین خالی کردو یا ہم تمہاری طرف چل کر آئیں تو اہل بصرہ کے تین گروہ ہوجائیں گے ایک گروہ جنگل میں چلا جائے گا ایک کوفہ سے جاملے گا اور ایک فرقہ ان (حملہ آوروں) سے جاملے گا اس کے بعد وہ سال بھر ٹھہریں گے پھر کوفہ والس کی طرف پیام بھیجیں گے: یا ہماری لئے اپنی زمین خالی کردو یا ہم تمہاری طرف چل کر آئیں تو ان کی تین ٹولیاں ہوجائیں گی ایک ٹولی شام

سے جاملے گی ایک جماعت جنگل میں چلی جائے گی ایک ٹولی ان (حملہ آوروں) سے جاملی گی فرمایا: ہم حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے اور آپ سے وہ بات بیان کی جو عبداللہ بن عمرو سے سنی تھی اپ نے فرمایا: عبداللہ بن عمرو جو کہہ رہے تھے اسے زیادہ جانتے ہیں پھر لوگوں میں اعلان ہوا نماز با جماعت تیار ہے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے خطبہ دیا فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: میری امت کا ایک گروہ ضرور حق پر قائم رہے گا یہاں تک اللہ تعالیٰ کا حکم (قیامت) آجائے“ ہم نے عرض کیا: یہ عبداللہ بن عمرو کی حدیث کے خلاف ہے چنانچہ ہم عبداللہ بن عمرو سے ملے اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ جو فرمایا ان سے کہہ دیا تو انہوں نے فرمایا: ہاں جب اللہ تعالیٰ کا حکم آئے گا تو جو میں نے کہا وہ بھی ہو جائے گا، ہم نے کہا: ہم سمجھتے ہیں آپ نے سچ فرمایا ہے۔ابن جریر وصحیحہ بیھقی فی البعث

۳۹۵۸۸......(مسند عمر) قتادۃ ابوالاسود سے روایت کرتے ہیں فرمایا: میں اور زرعۃ بن ضمرہ اشعری کے ساتھ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے پاس گئے۔(راستہ میں) ہماری ملاقات عبداللہ بن عمرو سے ہوگئی آپ نے فرمایا: عنقریب عجم کی زمین میں کوئی عربی باقی نہیں رہے گا کوئی مقتول یا قیدی جس کے خون کا فیصلہ کیا جانے لگے تو زرعۃ نے ان سے کہا: کیا مشرکین مسلمانوں پر غلبہ پالیں گے؟ آپ نے فرمایا: تم کس قبیلہ سے ہو کہا: بنی عامر بن صعصعہ سے فرمایا: جب تک نبی عامر بن صعصعہ کے کندھے ذی الخلصۃ پر ایک بت جو جاہلیت کا کوئی بت تھا۔آپس ٹکرائیں تو ہم نے ملاقات کے وقت حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے عبداللہ بن عمرو کا قول ذکر کیا آپ نے تین بار فرمایا: عبداللہ جو کہتے ہیں اسے زیادہ جانتے ہیں پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جمعہ کا خطبہ دیا فرمایا: کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کہ میری امت کا ایک ٹکڑا ہمیشہ حق پر کاربند رہے گا ان کی مدد کی جائے گی یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ کا حکم (قیامت) آجائے پھر ہم نے عبداللہ بن عمرو سے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی بات نقل کی تو عبد اللہ بن عمرو نے فرمایا: اللہ کے نبی ﷺ نے سچ فرمایا: جب اللہ تعالیٰ کا حکم آئے اور وہ بھی ہو جائے گا جو میں نے کہا ہے۔

ابن راھو یہ قال الحافظ ابن حجر رجالہ ثقات لکن فیہ انقطاع میں قتادۃ وابی الاسود

۳۹۵۸۹......(مسند علی) حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا: کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میری امت جب پندرہ کام کرلے گی تو ان پر مصیبت نازل ہو جائے گی کسی نے عرض کیا: یارسول اللہ وہ کیا ہیں؟ آپ نے فرمایا: جب مال غنیمت کو دولت و مال بنالیں گے امانت کو غنیمت سمجھ لیں زکوۃ کو تاوان وٹیکس قرار دیں گے اور مرد اپنی بیوی کی مانے گا اور والد سے بے وفائی کرے گا ماں کی نافرمانی کرے گا اور دوست سے نیکی کرے گا شرابیں پی جانے لگیں گی باریک وموٹا ریشم بنا جانے لگے آلات موسیقی اور گانے بجانے والی رکھنے لگیں آدمی کی عزت اس کے شر سے بچنے کے لئے کی جائے قوم کا سردار (اخلاق کے لحاظ سے) گھٹیا شخص بن جائے اس امت کا آخری حصہ پہلے پر لعنت کرنے لگے مسجدوں میں آوازیں بلند ہونے لگیں تو اس وقت لوگ تین چیزوں کا انتظار کریں سرخ آندھی زمین دھنساؤ اور چہروں کا مسخ وبگاڑ۔

ترمذی وقال ابن ابی الدنیا فی ذم الملا ھی بیھقی فی البعث وقال ھذا الاسناد فیہ ضعف وابن الجوزی فی الواھیات

۳۹۵۹۰......حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہمیں رسول اللہ ﷺ نے صبح کی نماز پڑھائی جب نماز سے فارغ ہوئے تو ایک شخص نے آپ کو آواز دے کر کہا: قیامت کب ہے؟ تو رسول اللہ ﷺ نے اسے ڈانٹا دھمکایا اور اس سے فرمایا: خاموش رہو! یہاں تک کہ جب پو پھوٹی تو آپ نے آسمان کی طرف نگاہ دوڑائی تو فرمایا: وہ ذات پاک ہے جس نے اسے بلند کیا اور اسے بنانے والا ہے پھر زمین کی طرف نگاہ لگائی تو فرمایا: وہ ذات پاک ہے جو اسے پھیلانے والا اور پیدا کرنے والا ہے اس کی بعد فرمایا: سائل کہاں جو قیامت کے بارے میں پوچھ رہا تھا تو وہ شخص اپنے گھٹنوں پر بیٹھ گیا اور کہنے لگا: میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں میں نے آپ سے پوچھا تھا آپ نے فرمایا: (یہ حادثۂ عظیمہ) اس وقت ہوگا جب حکمرانوں کا خوف ستاروں کی تصدیق اور تقدیر کی تکذیب ہونے لگے اور جب امانت کو غنیمت صدقہ کو ٹیکس اور آزاد عورت سے زنا کرنا کھلا گناہ ہے اس وقت تری قوم کی ہلاکت ہے۔البزار وسندہ حسن

۳۹۵۹۱......حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا: اسلام گھٹتا رہے گا یہاں تک کہ اللہ اللہ (بھی) نہ کہا جائے گا جب ایسا ہوگا تو شہد کی مکھی دین کو ڈسے گی اور جب ایسا ہوگا تو ایسی قوم کو بھیجے گا جو ایسے جمع ہوں گے جیسے خزاں کے پتے جمع ہوتے ہیں اللہ کی قسم،! مجھے ان کے امیر کے نام اور سواریوں کو ٹھہرانے کی جگہ کا پتہ ہے۔رواہ ابن ابی شیبہ

۳۹۵۹۲.....حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ فرمائی: لوگ ختم ہوجائیں گے یہاں تک کہ لا الہ الا اللہ کہنے والا کوئی نہ رہے گا جب لوگ ایسا کرلیں گے تو شہد کی مکھی دین کوڈسے گی تو لوگ اس کے پاس ایسے جمع ہوں گے جیسے خزان کے پتے جمع ہوتے ہیں اللہ کی قسم! مجھے ان کے امیر کا نام اوران کی سواریوں کی ٹھہرے کی جگہ کا علم ہے لوگ کہتے ہیں: قرآن مخلوق ہے نہ خالق ہے اور نہ مخلوق لیکن اللہ کا کلام ہے اسی سے اس کا آغاز ہوااااوراسی کی طرف لوٹ کر جائے گا۔ اللالکائی و الاصبھانی

۳۹۵۹۳.....(مسند جابر بن عبداللہ) جابر سے روایت ہے کہ فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اس دن تم ین سے کوئی جاندار زندہ میں ہوگا جس کی عمر ہزار سال ہو۔ رواہ ابن ابی شیبہ

۳۹۵۹۴.....جریر بجلی سے روایت ہے فرمایا: سب سے پہلے زمین کا بایاں خراب ویران ہوگا پھر دایاں محشر رہاں ہوگا اور میں اس کا تابع ہوں۔
رواہ ابن ابی شیبہ

۳۹۵۹۵.....عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ فرمایا: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میری امت میں یہ پتھراؤ بگڑاؤ اور دھنساؤ ہوگا کسی نے عرض کیا یارسول اللہ ایسا کب ہوگا؟ فرمایا: جب آلات موسیقی عام ہوجائیں گانے والیاں بکثرت ہوجائیں اور شراہیں پی جانے لگیں۔
رواہ ابن النجار

۳۹۵۹۶.....عوف بن مالک سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: عوف! قیامت سے پہلے چھ چیزیں شمار کرلینا: سب سے پہلے میری وفات تو میں رونے لگا یہاں تک کہ رسول اللہ ﷺ مجھے چپ کرانے لگے۔ پھر فرمایا: کہو ایک دوسری بیت المقدس کی فتح کہو دو اور بکثرت موتیں جو میری امت میں ایسے ہوں گی جیسے بکریوں میں گردن توڑ بیمار ہوتی ہے کہو! تین چوتھی چیز ایسا فتنہ جو میری امت میں سب سے بڑا ہوگا کہو! چار پانچویں مال تم لوگوں میں بکثرت ہوگا یہاں تک کہ آدمی کو سو دینار دے جائیں گے پھر بھی وہ ناراض ہوگا کہو پانچ، چھٹی بدعہدی جو تم میں اور ترکوں میں ہوگی اس کے بعد وہ تمہاری طرف چل کرآئیں گے اور تم سے جنگ کریں گے اور مسلمان اس وقت غوطہ نامی زمین میں دمشق نامی شہر مین ہوں گے۔ نعیم بن حماد فی الفتن

۳۹۵۹۷.....عوف بن مالک سے روایت ہے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کے پاس آنے اجازت چاہی کیا میں اندرآ سکتا ہوں؟ آپ نے فرمایا: آجاؤ میں نے عرض کیا: سارا اندرآجاؤں یا تھوڑا سا (یعنی صرف سرآگے کروں) آپ نے فرمایا: پورے آجاؤ چنانچہ جب میں اندرآیا تو آپ نے اچھے انداز سے وضو کیا پھر فرمایا: عوف بن مالک! قیامت سے پہلے چھ چیزیں ہیں: تمہارے نبی کی فوتگی کہو! ایک گویا میرا دل اپنی جگہ سے ہٹ گیا۔ بیت المقدس کی فتح ایسی موت جو تمہیں ایسے ختم کرے گی جیسے بکریوں میں گردن توڑ بیماری ہوتی ہے اور مال بکثرت ہوجائے اور ایک روایت ہے: پھر فتنے ظاہر ہوں گے مال کی اتنی کثرت و بہتات ہوگی کہ آدمی کو سو دینار دیئے جائیں گے پھر بھی وہ ناراض ہوگا کافروں کے شہر کی فتح بدعہدی جو تم میں اور بنی الاصفر (ترکوں) میں ہوگی وہ تمہارے مقابلہ میں اسی جھنڈوں تلے آئیں گے ہر جھنڈے تلے بارہ ہزر (جنگجو) ہوں گے وہ غداری کرنے میں تم سے بڑھ کر ہوں گے۔ (ابن ابی شیبۃ و ابن النجار

۳۹۵۹۸.....سواد بن ابی عمار سے روایت ہے کہ عوف بن مالک رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے طاعون! مجھے بھی ختم کردے! لوگوں نے آپ سے کہا: کیا آپ نے رسول اللہ ﷺ سے نہیں سنا آپ نے فرمایا: جب بھی مسلمان کی عمر لمبی ہوتی ہے اس کے لئے بہتری ہوتی ہے آپ نے فرمایا: کیوں نہیں لیکن مجھے ایک چیز کا ڈر ہے اور وہ بے وقوف لوگوں کی حکومت اور حکم کو بیچنا، خونوں کو بہانا، قطع رحمی کرنا، پولیس والوں کی کثرت اور ایسے نئے لوگوں کا ظہور جو قرآن کو ساز و بانسری بنالیں گے۔ رواہ ابن ابی شیبہ

۳۹۵۹۹.....عوف بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی عادت مبارک تھی کہ جب آپ کے پاس مال غنیمت آتا آپ اسے اسی دن تقسیم فرمادیتے تو شادی شدہ لوگوں کو دوہرا حصہ اور کنواروں کو ایک حصہ دیتے ہمیں بھی بلایا گیا مجھے عمار بن یاسر سے پہلے بلایا جاتا چنانچہ مجھے بلایا گیا اور آپ نے مجھے دوہرا حصہ دیا کیونکہ میں شادی شدہ تھا پھر میرے بعد عمار بن یاسر کو بلایا گیا اور انہیں آپ نے ایک حصہ دیا تو وہ ناراض ہوئے یہاں تک کہ خود رسول اللہ ﷺ اور آپ کے پاس بیٹھنے والوں نے اسے محسوس کیا۔ (ادھر سامان میں) سونے کی ایک زنجیر کا ٹکڑا رہ گیا تھا تو

نبی ﷺ نے اپنی لاٹھی کی نوک سے اسے اٹھانا چاہا تو وہ گر پڑتا اور آپ فرمانے لگے اس وقت تم لوگوں کی کیا حالت ہوگی جب اس (مال) کی تمہارے لئے بہتات و کثرت ہوگی؟ تو کسی نے اس بات کا (ڈر کی وجہ سے) کوئی جواب میں دیا عمار عرض کرنے لگے: ہم چاہتے ہیں کہ اگر اللہ تعالیٰ نے اسے ہمارے لے بڑھا دیا تو جو رکے سور کے اور جو فتنہ میں پڑ سو پڑے تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: شاید تم اس میں بری طرح نہ پڑ جاؤ۔

ابویعلی، ابن عساکر

۳۹۶۰۰......(ایضاً) اس وقت تک جنگ ختم نہیں ہوگی یہاں تک کہ چھ چیزیں پیش آ جائیں سب سے پہلے میری فوتگی کھو ایک دوم بیت المقدس کی فتح سوم لوگوں میں ایسی موت جیسے بکریوں کی گردن توڑ بیماری ہوتی ہے چہارم لوگوں میں عام فتنہ ہوگا ہر گھرانے پر اس کے حصہ کے مطابق اثر ہوگا پنجم ترکوں میں ایک لڑکا پیدا ہوگا جو شہزادہ ہوگا وہ دن میں ایسے جوان ہوگا جیسے بچہ جمعہ میں جوان ہوتا ہے اور وہ جمعہ میں ایسے جوان ہوگا جیسے بچہ مہینہ میں بڑھتا ہے اور وہ چیز میں ایسے پروان چڑھے گا جیسے بچہ سال میں جوان ہوتا ہے جب اس کی عمر بارہ سال ہوگی لوگ اسے اپنا بادشاہ بنا لیں گے وہ ان میں کھڑے ہو کر کہے گا کب تک یہ لوگ ہماری عمدہ زمینوں پر غالب رہیں گے میرے خیال میں مجھے ان کی طرف جانا چاہئے تا کہ انہیں وہاں سے نکالوں خطیب لوگ اٹھ کر اس کی رائے کی تحسین کریں گے پھر وہ جزیروں اور جنگلوں میں کشتی بنانے والوں کو بھیجے گا اس کی بعد جنگجوؤں کو ان میں سوار کرے گا بالاخر وہ لوگ انطا کیہ اور عریش۔ (جھوپڑوں) کے درمیان اتریں گے۔

مسلمان اپنے حاکم کے پاس بیت المقدس میں جمع ہوں گے ان کا اس پر اتفاق ہوگا کہ مدینۃ الرسول جائیں یہاں تک کہ ان کی فصلیں چراگاہ اور خیبر سے متعلق ہوں گی وہ میری امت کو گھائیں اگنے کی جگہوں سے نکالا باہر کریں گے ان میں سے ایک تہائی بھاگ جائیں گے ایک تہائی قتل ہو جائیں گے اور ثابت قدم تہائی کے ذریعہ اللہ تعالیٰ اس کو شکست دیں گے اس روز اللہ کی قسم (اللہ) اپنی تلوار چلائے گا اور اپنے نیزہ سے حملہ کرے گا اور مسلمان اس کی پیروی کریں گے یہاں تک کہ قسطنطنیہ کی تنگ جگہ کے پاس پہنچ جائیں گے جہاں کا پانی خشک ہو چکا ہوگا پھر وہ شہر کا رخ کریں گے وہاں پڑاؤ کریں اللہ تعالیٰ اس قلعہ کے کی دیواروں کو تکبیر کے ذریعہ گرا دے گا اس کے بعد وہ ان کے پاس پہنچ جائیں گے تو ڈھالوں سے ان کے اموال تقسیم کریں گے وہ اسی حال میں ہوں گے کہ اچانک ان کے پاس ایک گھڑ سوار آ کر کہے گا: تم یہاں مصروف ہو اور تمہارے گھروں میں دجال نمودار ہو چکا ہے۔ جو ایک جھوٹی خبر ہوگی تو جنہوں نے اس بارے میں علماء سے سن رکھا ہوگا وہ تو ایسا کام کریں گے اور جوان کے علاوہ ہوں گے وہ چل نکلیں گے مسلمان قسطنطنیہ میں مساجد تعمیر کریں گے اور اس کے پچھلے علاقوں میں جنگ کریں یہاں تک دجال نکل آئے گا۔ رواہ حاکم

۳۹۶۰۱......عوف بن مالک اشجعی سے وہ حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں فرمایا: جب تک دو بستیاں فتح ہو جائیں قسطنطنیہ فتح ہوگا، سعیہ اور عموریۃ۔ رواہ حاکم

۳۹۶۰۲......(ایضاً) صلۃ بن زفر سے روایت ہے فرمایا: میں بلنجر کی فتح میں حاضر تھا ہم لوگ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کے ہمراہ چل رہے تھے آپ نے مجھ سے فرمایا: صلہ! میں نے عرض کیا: جی حضرت! فرمایا: اس وقت ہماری کیا حالت ہوئی جب مسلمان سفید کی طرف چلیں گے ان کے ساتھ فالنجارہ یہاں تک کہ وہ اس کا پتھر پتھر توڑ دیں گے میں نے کہا: کیا ایسا ہونے والا ہے؟ فرمایا: ہاں اس ذات کی قسم! جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے نہ میں نے جھوٹ بولا اور نہ مجھ سے جھوٹ کہا گیا میں نے کہا: کس کے ہاتھ پر ایسا ہوگا فرمایا: ایک ہاشمی نوجوان کے ہاتھ پر، پھر صلہ میں نے کہا: جی جناب! فرمایا: اس وقت تم کس حال میں ہوگے جب مسلمان طبرستان کا رخ کریں گے ان کے پاس فالبخار ہوگا وہ اس کے ذریعہ اس کا پتھر پتھر توڑ دیں گے میں نے کہا: ایسا ہوگا آپ نے فرمایا: ہاں اس ذات کی قسم جس کے جس کی قبضہ قدرت میں میر جان ہے نہ میں نے جھوٹ بولا اور نہ مجھ سے جھوٹ کہا گیا میں نے کہا: کس کے ہاتھوں ایسا ہوگا فرمایا: ایک ہاشمی نوجوان کے ہاتھوں پھر فرمایا: صلہ! میں نے کہا: جی حضرت! فرمایا: اس وقت تمہارا کیا حال ہوگا جب مسلمان قسطنطنیہ کی طرف جائیں گے ان کے ساتھ فالبخار ہوگا یہاں تک کہ وہ اس کا پتھر پتھر توڑ دیں گے میں نے کیا ایسا ہونے والا ہے؟ فرمایا: ہاں اس ذات کی قسم! جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے نہ میں نے جھوٹ بولا اور نہ مجھ سے جھوٹ کہا گیا میں نے کہا: کس کے ہاتھوں؟ فرمایا: ایک ہاشمی نوجوان کے ہاتھوں۔ رواہ ابن عساکر

۳۹۶۰۳.....معاذ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ فرمایا: آخری زمانہ میں کھلے عام گناہ کرنے والے قاری ہوں گے اور فاجر وزراء خیانت کرنے والے امین ظالم عرفاء اور جھوٹے امراء ہوں گے۔ رواہ ابن ابی شیبہ

۳۹۶۰۴.....ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا: جب تک شام کے میرے لوگ عراق اور عراق کے اچھے لوگ شام منتقل نہیں ہو جاتے قیامت قائم نہیں ہوگی۔ رواہ ابن ابی شیبہ

۳۹۶۰۵.....ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا: جب تک عراق کے اچھے لوگ شام کی طرف اور شام کے برے لوگ عراق کی طرف نقل مکانی نہیں کر لیتے قیامت قائم نہیں ہوگی اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا شام کو نہ چھوڑنا۔ رواہ ابن عساکر

۳۹۶۰۶.....حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے جب تک برے لوگ عراق اور عراق کے اچھے لوگ شام منتقل نہیں ہو جاتے قیامت قائم نہیں ہوگی اور حالت یہ ہوگی کہ شام شام اور عراق عراق ہوگا۔ رواہ ابن عساکر

۳۹۶۰۷.....حضرت ابوبکرۃ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے بصرہ یا بصیرہ نامی زمین کا ذکر جس کے ایک طرف دجلہ نامی نہر جہاں بہت سے کھجوروں کے درخت ہیں وہاں قنطورا اترے گا اور لوگ تین گروہوں میں بٹ جائیں گے ایک گروہ اپنی اصل سے جا ملے گا اور ہلاک ہو جائے گا ایک گروہ اپنا بچا کر کے کافر ہو جائے گا اور ایک اپنے بچوں کو پیچھے چھوڑ کر ان سے جنگ کریں گے اور ان کے مقتولین شہداء ہوں گے اللہ تعالیٰ ان کے بقیہ ماندون کو فتح دے گا۔ ابن ابی شیبہ وسندہ حسن

۳۹۶۰۸.....ابوثعلبہ خشنی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا: یہ قیامت کی نشانیاں ہیں کہ عقلیں کم ہونے لگیں خوابوں کو قریب کیا جانے لگے اور پریشانی بڑھ جائے۔ نعیم حماد فی الفتن

۳۹۶۰۹.....ابوالرباب سے روایت ہے کہ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپس کی بغاوت اور لعن طعن کے زمانہ سے اللہ کی پناہ طلب کرو لوگوں نے کہا: وہ کونسا ہے؟ آپ نے فرمایا: اس وقت تک قیامت قائم نہیں ہوگی یہاں تک کہ ایسی قوم کی جنگ ہو جن کا دعوی جاہلیت والا ہوگا تو وہ ایک دوسرے کو قتل کریں گے اور اس وقت تک قیامت قائم نہیں ہوگی یہاں تک کہ بازاروں میں ایک عربی عورت کو کھڑا کر کے سات باپوں کی طرف منسوب کیا جائے گا (یعنی زنا عام ہو جائے گا) آدمی کے لئے اس کی خریداری سے صرف باریک پنڈلی روکاوٹ بنے گی۔

اور کہا جاتا ہے: وہ شخص محروم ہے جو بنی کلب کی غنیمت سے محروم رہا اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: سب سے پہلے قریش اور قریش میں سے میرے گھرانے کے لوگ ہلاک ہوں گے فرمایا: کہا جاتا ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے پاس مدینہ کی وبا کی شکایت کی گئی تو آپ نے دعا کی: اے اللہ! اس (مدینہ) کی وبا مہیعۃ کی طرف منتقل کر دے اے اللہ جتنا آپ نے ہمارے لئے مکہ کو محبوب بنایا ہے اس سے دوہرا مدینہ کو محبوب بنا دے فرمایا: کہا جاتا ہے: آپ علیہ السلام نے شام کی طرف رخ کر کے فرمایا: وہاں فتح ہوگی تو لوگ اس کی طرف (ایسے جائیں گے) جیسے ہنکائے جاتے ہیں اور مشرق فتح ہوگا تو لوگ اس کی طرف لپکے جائیں گے جب کہ مدینہ ان کے لئے بہتر ہوگا اگر انہیں معلوم ہو ان کے مد وصاع میں برکت دی گئی اور فرمایا: جس نے مدینہ کی مشقت شدت پر صبر کیا تو میں قیامت کے روز اس کے لئے گواہ بنوں گا۔ رواہ ابن عساکر

۳۹۶۱۰.....عبداللہ بن بشر سے روایت ہے فرمایا: میں نے کافی زمانہ ہو گیا (رسول اللہ ﷺ کی) حدیث سنی ہے کہ جب تو بیس یا ان سے کم یا زیادہ لوگوں میں ہو اور تو نے ان کے چہرے جانچے تو تمہیں کوئی ایسا نظر نہ آیا جس سے اللہ تعالیٰ کے لئے خوف کیا جاتا تو جان لو قیامت قریب ہے۔

بیھقی فی شعب الایمان ابن عساکر

۳۹۶۱۱.....عبداللہ بن بشر صحابی رسول اللہ ﷺ سے روایت ہے فرمایا: ہم سنتے تھے کہا جاتا تھا جب بیس ان سے کم یا زیادہ آدمی جمع ہوں اور ان میں کوئی ایسا نہ ہو جس سے اللہ تعالیٰ کی وجہ سے خوف ہو تو قیامت آئی کہ آئی۔ بیھقی فی شعب الایمان

۳۹۶۱۲.....عبداللہ بن حوالہ سے روایت ہے فرمایا: رسول اللہ ﷺ نے ہمیں پیدل غنیمت کے لئے بھیجا تو ہم لوگ بغیر کچھ لائے واپس آ گئے آپ نے جب ہماری مشقت وتھکاوٹ دیکھی تو دعا کی اے اللہ! اس میرے حوالے نہ کر میں ان کی کفالت سے کمزور پڑ جاؤں اور نہ لوگوں کے سپرد کر کہ یہ ان کے سامنے بے وقت ہو جائیں اور انہیں ترجیح دینے لگیں اور نہ انھیں ان کے اپنے حوالے کر کہ عاجز پڑ جائیں بلکہ ان کے رزق اکیلے

ہی ذمہ دار بن جا پھر فرمایا: تمہارے لئے ضرور شام فتح ہوگا اور ضرور تمہارے لئے فارس روم کے خزانے تقسیم ہوں گے اور تم میں سے ایک آدمی کے پاس اتنا اتنا مال ہوگا یہاں تک کہ ایک شخص کو سو دینار دیئے جائیں گے پھر انہیں ناراضگی سے لے گا کہ تھوڑے ہیں۔
اس کے بعد میرے سر پر ہاتھ رکھ کر فرمایا: ابن حوالہ: جب دیکھو کہ خلافت (شام) ارض مقدس میں اتر چکی تو اس وقت زلزلے وصعوبتیں فتنے اور بڑے بڑے امور پیش آئیں گے اور قیامت اس وقت لوگوں کے اتنے نزدیک ہوگی جتنا میرا یہ ہاتھ تمہارے سر کے قریب ہے۔

یعقوب بن سفیان ابن عساکر

۳۹۶۱۳...... حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا: جب تک قیصر یا ہرقل کا شہر فتح نہیں ہوجاتا قیامت قائم نہیں ہوگی ایمان والوں اس میں اجازت ہوگی ان دونوں شہروں میں ڈھالوں سے مال تقسیم کریں گے وہ زمین پر موجود مال سے زیادہ مال قبول کریں گے پھر ان میں یہ افواہ پھیل جائے گی کہ تمہارے گھرانوں میں دجال ظاہر ہوگیا چنانچہ جو کچھ ان کے پاس ہوگا اسے چھوڑ کر دجال سے جنگ کرنے آجائیں گے۔

رواہ ابونعیم

۳۹۶۱۴...... حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا: عنقریب ایک ظاہر ہونے والا ظاہر ہوگا لوگوں نے عرض کیا: ظاہر ہونے والا کون ہے؟ فرمایا: ایک منادی جو اعلان کرے گا قیامت تو ہر زندہ مردہ کو گویا کان کے پاس یہ اعلان پہنچا ہوگا۔ خطیب فی المتفق

۳۹۶۱۵...... عبد ربہ بن صالح عروہ بن رویم ان کے سلسلہ سند میں ہے کہ انہوں نے انصاری سے نبی ﷺ سے نقل کرتے سنا: فرمایا: میری امت میں بھونچال ہوگی جس میں دس ہزار بیس ہزار اور تیس ہزار لوگ ہلاک ہوں گے جسے اللہ تعالیٰ متقین کے لیے نصیحت ایمان والوں کے لیے رحمت اور کافروں کے لئے عذاب بنائے گا۔ رواہ ابن عساکر

۳۹۶۱۶...... عبد ربہ، عروہ بن رویم انصاری سے روایت کرتے ہیں: کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: میں اپنے بندوں کو بہترین رات میں جھنجھوڑوں گا تو اس رات میں نے جس کی حالت کفر میں روح قبض کی تو وہ اس کی میری تقدیر میں لکھی موت ہوگی اور جس کی روح بحالت ایمان قبض کی تو وہ اس کے لئے شہادت ہوگی۔ ابن عساکر

۳۹۶۱۷...... عبداللہ بن عمرو سے روایت ہے فرمایا: یہ قیامت کی علامت ہے کہ نیک لوگوں کو پست کیا جائے اور برے لوگوں کو بلند کیا جائے اور ہر قوم اپنے منافق لوگوں کو سردار بنادے۔ رواہ ابونعیم

۳۹۶۱۸...... عبداللہ بن عمرو سے روایت ہے فرمایا: تم قسطنطینہ میں تین جنگیں کروگے پہلی میں تمہیں کافی مشقت اٹھانا پڑے گی دوسری تمہارے اور ان میں صلح کی صورت میں ہوگی یہاں تک کہ تم ان کے شہر میں ایک مسجد بھی بناؤ گے پھر تم اور وہ قسطنطینہ کے پیچھے دشمن سے جنگ کروگے تیسری میں اللہ تعالیٰ تمہیں تکبیر کے ذریعہ ان پر فتح دے گا چنانچہ اس کا ایک ثلث (تہائی) ویران ہوگا ایک تہائی کو اللہ تعالیٰ جلد دے گا اور باقی ایک تہائی کو تم ناپ کر تقسیم کرلوگے۔ رواہ ابونعیم

۳۹۶۱۹...... (مسند عبداللہ بن عمرو) اللہ تعالیٰ بدخلق بدزبان کو ناپسند کرتا ہے اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں میری جان ہے جب تک بدخلقی اور بدکلامی پھیل نہیں جاتی برا پڑوس قطع رحمی عام نہیں ہوجاتی امین کو خائن اور خیانت کرنے والے کو امانت دار نہیں سمجھا جاتا قیامت قائم نہیں ہوگی اس ذات کی قسم! جس کے قبضہ قدرت میں محمد (ﷺ) کی جان ہے سب سے بہترین مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے مسلمان محفوظ رہیں اور سب سے افضل ہجرت اللہ تعالیٰ کی منع کی ہوئی چیزوں کو چھوڑنا ہے۔
اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں محمد (ﷺ) کی جان ہے! مومن کی مثال سونے کے ٹکڑے کی سی ہے اس کا مالک اگر اسے آگ میں گرم کرے تو نہ وہ تبدیل ہوا اور نہ کم ہوا اس ذات کی قسم! جس کے قبضہ قدرت میں محمد (ﷺ) کی جان ہے مسلمان کی مثال شہد کی مکھی سی ہے: جس کی خوراک بھی پاکیزہ اور اس کا پاخانہ بھی پاکیزہ (اگر) گرے تو نہ ٹوٹے نہ خراب ہو خبردار! میرا اتنا بڑا حوض ہے جس کی چوڑائی ایلہ سے مکہ تک ہے اور اس کے جام ستاروں کی تعداد ہیں اس کا پانی شہد سے زیادہ میٹھا دودھ سے زیادہ سفید ہے جس نے اسے پی لیا وہ پھر کبھی پیاسا نہیں ہوگا۔

مسند احمد طبرانی فی الکبر والخرائطحی فی مکارم الاخلاق عن ابن عمرو

۳۹۶۲۰......عبداللہ بن عمرو سے روایت ہے فرمایا: جب تک لوگ راستوں میں گدھوں کی طرح جفتی نہیں کریں گے تب تک قیامت قائم نہیں ہوگی۔ رواہ ابن ابی شیبہ

۳۹۶۲۱......عبداللہ بن عمرو سے روایت ہے فرمایا: جب تک لوگ راستوں میں گدھوں کی طرح جفتی نہیں کریں گے قیامت قائم نہیں ہوگی پھر ابلیس ان کے پاس آ کر انہیں بتوں کی عبادت پہ لگا دے گا۔ رواہ ابن ابی شیبہ

۳۹۶۲۲......عبداللہ بن عمرو سے روایت ہے فرمایا: سب سے پہلے شام کی زمین ویران ہوگی۔ رواہ ابن ابی شیبہ

۳۹۶۲۳......عبداللہ بن عیاش بن ابی ربیعہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: اللہ تعالیٰ قیامت سے پہلے ایک ہوا بھیجے گا جو ہر اس شخص کو اس چھوڑے گی جس کے دل میں (ایمان کی) بھلائی ہوتی اسے مار دے۔ رواہ ابن عساکر

۳۹۶۲۴......حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا: کہ یہ قیامت کی علامت ہے کہ آدمی مسجد سے گزرے گا اور وہاں دو رکعت بھی نہیں پڑھے گا۔ عبدالرزاق

۳۹۶۲۵......ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا: قرآن کو ایک رات میں ضرور اٹھالیا جائے گا پھر کسی کے نسخہ میں ایک آیت بھی نہیں رہے گی اٹھالی جائے گی۔ ابن ابی داؤد

۳۹۶۲۶......ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت سے فرمایا: لوگو! فرات کے پانی کے پھیلاؤ کو برا نہ سمجھو عنقریب پانی کا ایک برتن گلاس تلاش کیا جائے تو بھی نہیں ملے گا یہ اس وقت ہوگا جب ہر پانی اپنے عنصر (مادہ) کی طرف لوٹ جائے گا۔ (اس وقت) پانی اور باقی ماندہ مومنین شام میں ہوں گے۔ رواہ ابن ابی شیبہ

۳۹۶۲۷......ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب رمضان میں ایک چیخ ہوگی تو شوال میں ایک ملی جلی آوازوں کا شور ہوگا ذیقعدہ میں قبیلوں میں غیز ہوگی ذوالحجہ میں خون بہائے جائیں گے اور محرم محرم کیا ہے تین بار فرمایا: افسوس صد افسوس! بہت زیادہ لوگ میں قتل ہوں گے ہم نے عرض کیا یا رسول اللہ! چیخ کیا ہے فرمایا: یہ پندرویں رمضان کی ہوگی ایسی آواز ہوگی جو سوئے لوگوں کو جگادے گی اور کھڑوں کو بٹھادے گی اور جس سال بہت سے زلزلے اور اولے ہوں گے اس جمعرات میں باپردہ عورتوں کو اپنے پردے سے نکال دیگی جب جمعرات اسی سال کا رمضان پڑے تو جب پندرویں رمضان جمعہ کے روز تم لوگ فجر کی نماز پڑھ لو تو ایسا کرنا کہ اپنے گھروں میں داخل ہوجانا دروازے بند کر لینا اپنے طاقچے بند کر لینا کمبل اوڑ لینا اور اپنے کان بند کر لینا جب تمہیں چیخ کے آثار محسوس ہونے لگیں تو اللہ کے حضور سجدہ میں گر پڑنا اور کہنا: سبحان القدوس سبحان القدس ہمارا رب قدوس ہے اس واسطے جس نے ایسا کیا وہ نجات پا جائے گا اور جس نے ایسا نہ کیا وہ ہلاک ہوجائے گا۔ نعیم حاکم

۲۹۶۲۸......(مسند ابن مسعود) میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: تمہارے دین میں سب سے پہلے امانت ختم ہوگی اور آخری چیز نماز رہے گی اور ایسی قوم نماز پڑھے گی جس کا کوئی دین نہیں ہوگا اور یہ قرآن عنقریب تم میں سے اٹھالیا جائے گا لوگوں نے عرض کیا: ایسا کیسے ہوگا جب کہ اسے اللہ تعالیٰ نے ہمارے دلوں میں محفوظ کر دیا ہے اور ہم نے اسے اپنے نسخوں میں محفوظ کر رکھا ہے؟ آپ نے فرمایا: ایک رات میں اسے چلایا جائے تو جو تمہارے دلوں میں یا نسخوں میں ہے سب مٹ جائے گا پھر عبداللہ رضی اللہ عنہ نے یہ آیت پڑھی: اور ہم چاہتے تو جو کچھ ہم نے آپ کی طرف وحی کیا اسے ختم کر دیتے۔ ابن ابی شیبۃ نعیم

۳۹۶۲۹......ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرمایا: عنقریب تم کوفہ سے نقدی اور درہم میں لے سکو گے کسی نے کہا: وہ کیسے؟ فرمایا: ایک قوم آئے گی جن کے چہرے گویا منڈھی ہوئی ڈھالیں ہیں یہاں تک کہ وہ اپنے گھوڑے سواد پر باندھ لیں گے تمہیں چراگاہوں کی طرف ہٹادیں گے یہاں تک کہ اونٹ اور توشہ تمہیں تمہارے محلات سے زیادہ محبوب ہوگا۔ رواہ ابن ابی شیبہ

۳۹۶۳۰......ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا: تمہارے پاس مشرق کی جانب سے چوڑے چہرے والی ایک قوم آئے گی ان کی آنکھیں چھوٹی ہوں گی گویا ان کی آنکھیں کسی چٹان میں ظاہر ہوئی ہیں اور ان کے چہرے جیسے منڈھی ہوڈھالیں ہیں بالاخر وہ اپنے گھوڑے

فرات کے کنارے پر باندھ دیں گے۔ رواہ ابن ابی شیبہ

۳۹۶۳۱...... حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا: عنقریب تم اپنے کے لئے گھر میں پاؤ گے جنہیں زلزلوں نے بتاہ کردیا ہوگا اور نہ اپنے سفر میں۔ (ادھر اُدھر) پہنچنے کے لئے سواریاں پاؤ گے کیونکہ بجلیوں نے انہیں ہلاک کردیا ہوگا۔ رواہ ابونعیم

۳۹۶۳۲...... طاؤس سے روایت ہے فرمایا: جھٹکے ہوں گے ایک جھٹکا یمن میں سخت قسم کا ہوگا ایک شام اس سے زیادہ سخت ہوگا اور ایک مشرق میں۔

رواہ ابونعیم

۳۹۶۳۳...... ابن سابط سے روایت ہے فرمایا: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میری امت میں دھنساؤ بگڑ آؤ اور پتھراؤ ہوگا لوگوں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! کیا وہ لوگ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ (ﷺ) کی گواہی دیں گے؟ آپ نے فرمایا: ہاں جب آلات موسیقی شرابیں عام ہوجائیں ریشم پہنا جانے لگے۔

۳۹۶۳۴...... عدی بن حاتم سے روایت ہے فرمایا: آدمی کے لئے اپنے مال کی زکوٰۃ دینا بھی مشکل ہوجائے گا۔ رواہ ابن عساکر

۳۹۶۳۵...... عدی بن حاتم سے روایت ہے فرماتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تک سفید محل جو مدائن میں ہے فتح نہیں ہوجاتا قیامت قائم نہیں ہوگی اور جب تک ایک مسافر عورت حجاز سے عراق کی جانب امن کے ساتھ نہیں چلتی کہ اسے کسی قسم کا خوف نہ ہو۔ میں نے یہ دونوں علامتیں دیکھ لیں۔ قیامت قائم نہیں ہوگی اور جب تک لوگوں کا ایسا بادشاہ نہیں ہوجاتا جو دونوں ہاتھوں سے مال جمع کرتا ہو قیامت قائم نہیں ہوگی۔

رواہ ابن النجار

۳۹۶۳۶...... مکحول سے روایت ہے فرمایا: سب سے پہلے ارمینا ویران ہوگا پھر مصر کی زمین۔ ابن ابی شیبہ وفیہ برد

۳۹۶۳۷...... (مسند علی) وکیع سواریں بن میمون بشیر بن عوف شیخ من عبدالقیس ان کے سلسلہ سند میں فرماتے ہیں: میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو فرماتے سنا: جب ایک سو پینتالیس سال ہوں گے تو سمندر اپنی جانب کو روک دے گا اور جب ایک سو پچاس سال ہوں گے تو خشکی روک دے گی اور جب ایک سو ساٹھ سال ہوں گے تو اس وقت دھنساؤ بگڑاؤ اور زلزلے شروع ہوں گے۔ رواہ ابن ابی شیبہ

۳۹۶۳۸...... حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں نبی ﷺ نے فرمایا: نہر کے پیچھے سے ایک شخص نکلے گا جس کا نام حارث بن حراث ہوگا اس کے لشکر سے آگے ایک شخص منصور نامی ہوگا وہ آل محمد کی مدد و موافقت ایسے کرے گا جیسے قریش نے رسول اللہ...... کی مدد کی ہر مومن کے ذمہ ہے کہ اس کی مدد کرے یا فرمایا: اس کی دعوت قبول کرے۔ ابوداؤد

۳۹۶۳۹...... (مسند علی) زید بن واقد مکحول سے وہ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: یہ قرب قیامت کی علامت ہے کہ لوگ نماز اور امانت کو ضائع کردیں کبیرہ گناہوں کو حلال کرلیں سود کھانے لگیں رشوت وصول کریں مضبوط عمارتیں بنائیں خواہشات کی پیروی کریں دین کو دنیا کے بدلہ بیچ ڈالیں قرآن کو راگ بنالیں، درندوں کی کھالیں بچھونے اور مسجدوں کو راستہ اور ریشم کو لباس بنالیں، ظلم زنا عام ہوجائے طلاق (دینے دلوانے اور واقع ہوجانے) کو معمولی سمجھیں خائن کو امانت دار اور امین کو خیانت کرنے والا سمجھ لیا جائے بارش تباہی مچائے، (اولاد) غصے کا سبب بن جائے فاجر امراء جھوٹے وزراء، خائن امانت دار اور ظالم خفیہ پولیس والے ہوجائیں علماء کم قراء بکثرت اور فقہاء کی کمی ہوگی قران مجید کو سونے سے اور مساجد کو زیور سے سجایا جائے گا منبر لمبے ہوں گے دل خراب ہوں گے گانے والیاں گی رکھی جائیں گی آلات موسیقی کو حلال سمجھا جائے گا شرابیں پی جائیں گی حدود (شرعیہ) کی پامالی کی جائے مہینوں کو کم شمار کیا جائے گا وعدے توڑے جائیں گے عورت تجارت میں اپنے خاوند کے شریک ہوگی عورتیں ٹٹوؤں پر سوار ہوں گی عورتیں مردوں کو اور مرد عورتوں کی مشابہت اختیار کریں گے غیر اللہ کی قسم کھائی جائے گی آدمی بغیر مطالبہ کے گواہی دے گا زکوٰۃ کو جرمانہ اور امانت کو غنیمت سمجھا جائے گا آدمی بیوی کی مانے گا اور ماں کی نافرمانی کرے گا باپ کو دور کرے گا عہدے میراث بن جائیں گے آدمی کے شر سے بچنے کے لئے اس کی عزت کی جائے گی حکومتی گماشتے۔ (پولیس والے) بکثرت ہوں گے جاہل منبروں پر چڑھ جائیں گے مرد تاج پہنیں گے راستے تنگ ہوں گے عمارتیں مضبوط بنیں گی مرد، مردوں سے اور عورتیں عورتوں سے لطف اندوز ہوں گی تمہارے منبروں کے خطباء بڑھ جائیں گے اور تمہارے علماء تمہارے حکمرانوں کی طرف جھک جائیں گے پھر حرام کو حلال اور حلال

کوحرام قرار دے کرمن پسند فتوے دیں گے اور تمہارے علماء اس لئے علم سیکھیں گے تاکہ تمہارے درہم ودنانیز حاصل کرسکیں تم نے قرآن کو تجارت بنالیا اپنے مالوں میں اللہ تعالیٰ کا حق ضائع کردیا سوتمہارے مال تمہارے برے لوگوں کے پاس چلے گئے اور تم نے ناتے ختم کیے اپنی محفلوں میں شرابیں، پس جوئے سے تم کھیلےتم نے ڈھول باجے اور بانسریاں بجائیں اور تم نے اپنے ضرورتمندوں کواپنی زکوۃ سے روکا اور تم نے اسے جرمانہ سمجھا اور بری (بے گناہ) کوقتل کیا گیا تاکہ عوام اس کے قتل کی وجہ سے غضبناک ہوں تمہاری خواہشات مختلف ہوتیں اور داد وعیش غلاموں اور پس ماندہ لوگوں میں رہ گئی پیمانوں اور دونوں کوگھٹایا گیا اور بے وقوف تمہارے (حکومتی) کاموں کے ذمہ دار بن گئے۔

ابو الشیخ فی الفتن وعویس فی جزء والدیلمی

۳۹۶۴۰.....ابی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا: ہم سے کہا گیا جو اس امت کے آخر میں قریب قیامت کے وقت ہونا ہے ان میں سے ایک یہ ہے کہ آدمی اپنی بیوی اور لونڈی کے پچھلے مقام کواستعمال کرے گا اور یہ ان میں سے ہے جن کو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول نے حرام قرار دیا ہے اس سے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی ناراضگی لازم آتی ہے ان میں سے آدمی (مرد) کا مرد سے لطف اندوز ہونا ہے جسے اللہ اور اس کے رسول نے حرام قرار دیا ہے، ان میں سے عورت کا عورت سے لطف اندوز ہونا ہے اسے بھی اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول نے حرام قرار دیا ہے جس سے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی ناراضگی لازم آتی ہے، ایسے لوگوں کی کوئی نماز نہیں، جب تک یہ اسی روش پر قائم رہیں ہاں جب اللہ تعالیٰ کے حضور سچی توبہ کرلیں کسی نے ابی رضی اللہ عنہ سے عرض کیا: سچی توبہ کیا ہے فرماتے ہیں: میں نے اس کے متعلق رسول اللہ ﷺ سے پوچھا: آپ نے فرمایا: گناہ پرندامت جب تم سے زیادتی ہوجائے توتم کسی گھڑے کے پاس بیٹھ کراپنی ندامت کے ذریعہ اللہ تعالیٰ سے مغفرت کا سوال کرو اور پھر کبھی وہ کام نہ کرو۔ دارقطنی فی الافراد، بیهقی ابن النجار

۳۹۶۴۱.....حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا: لوگوں نے ایسا دور بھی دیکھنا ہے جس میں فاجر حد سے گزرجائے فریبی قریب کیا جائے اور انصاف کرنے والا عاجز آجائے گا اسی دور میں امانت غنیمت زکوۃ جرمانہ، نماز مقابلہ بازی صدقہ احسان سمجھا جانے لگے گا اسی دور میں لونڈیوں اور ملکہ سے مشورہ لیا جائے گا اور بے وقوفوں کی حکومت ہوگی۔ ابن المنادی

۳۹۶۴۲.....حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا: اس ذات کی قسم! جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے جب تک خراسان سے سیاہ جھنڈے نہیں آتے یہاں تک کہ وہ اپنے گھوڑے بیان اور فرات کی کھجوروں کے ساتھ نہیں باندھ لیتے رات دن۔ (یعنی دنیا) فنا نہیں ہوں گے۔

ابن المنادی

۳۹۶۴۳.....حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے عرض کیا: یارسول اللہ! قیامت کب ہونی ہے آپ نے اسے ڈانٹا پھر جب آپ نے نماز فجر پڑھ لی تو آسمان کی طرف چہرہ اٹھایا پھر فرمایا اس کا خالق اسے بلند کرنے والا اسے تبدیل کرنے والا اور اسے کتاب میں کاغذات سمیٹ کررکھنے والا کتنا بابرکت ہے پھر زمین کی طرف دیکھ کر فرمایا: اس کا بنانے والا پھیلانے بدلنے اور کاغذات کو کتاب میں سمیٹنے کی طرح اسے لپٹنے والا کتنا بابرکت ہے اس کے بعد فرمایا: قیامت کے بارے میں پوچھنے والا کہاں ہے؟ تو وہ شخص لوگوں آخر میں کے گھٹنوں کے بل بیٹھ گیا وہ عمر بن الخطاب تھے۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بادشاہوں کے ظلم، تقدیر کوجھٹلانے ستاروں پرایمان ویقین رکھنے کے وقت ہوگی ایک گروہ آئے گا جو امانت کو غنیمت، زکوۃ کوجرمانہ، فاحشہ کوزیارت ودیدار کا ذریعہ بنالیں گے میں نے آپ سے فاحشہ کی زیارت کے متعلق پوچھا آپ نے فرمایا: دوفاسق آدمی ہوں گے ان میں سے ایک کھانے پینے کا بندوبست کرے گا اور (دوسرا) عورت لائے گا پھر (اس سے) کہے گا جیسے تونے کیا ایسا میرے لے بھی بنا۔ اسی بنیاد پرایک دوسرے کی زیارت کریں گے اس وقت میری امت ہلاک ہوگی۔ ابن ابی الدنیا فی ذم الملاہی

۳۹۶۴۴.....حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کسی نے ان سے پوچھا: قیامت کب ہے؟ فرمایا: تم نے مجھ سے ایسی بات کا سوال کیا جس کا علم نہ جبرائیل کو ہے اور نہ میکائیل کو البتہ اگر تم چاہو تو میں تمہیں کچھ چیزیں بتادوں جب زبانیں نرم اور دل دشمنی کرنے لگیں لوگ دنیا میں رغبت کرنے لگیں زمین پر عمارتیں ظاہر ہوجائیں بھائیوں میں اختلاف پھیل جائے اور ان کی خواہشات مختلف ہوجائیں اور اللہ تعالیٰ کے حکم بیچا جانے لگے۔ ابن ابی شیبة

۳۹۶۴۵......(مسند انس) ایک شخص اٹھ کر رسول اللہ ﷺ کے پاس آ کر کہنے لگا: قیامت کب ہے آپ ﷺ جتنا اللہ تعالیٰ نے چاہا ٹھہر رہے پھر اس شخص کو بلایا اور ازدشنوۃ کے ایک نوجوان کی طرف دیکھا جو میرا ہمعصر تھا فرمایا: اگر یہ زندہ رہا اور اسے موت نہ آئی تو قیامت قائم ہو جائے گی۔

عبد بن حمید، مسلم، بیھقی فی البعث

۳۹۶۴۶......(ایضا) رسول اللہ ﷺ سے سوال کرنے میں دیہاتی بڑے جرأتمند واقع ہوئے ایک اعرابی آپ کے پاس آ کر کہنے لگا: یارسول اللہ! قیامت کب قائم ہوگی تو آپ نے اسے کوئی جواب نہیں دیا پھر آپ مسجد تشریف لائے مختصر نماز پڑھ کر اعرابی کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا: قیامت کے متعلق پوچھنے والا کہاں ہے؟ اور اتنے میں سعد دوسی گزرے تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اگر اس نے (لمبی) عمر پائی یہاں تک کہ اپنی عمر ختم کر کی تم میں سے کوئی جھپکتی آنکھ باقی نہیں رہے گی۔ بیھقی فی البعث

۳۹۶۴۷......حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے رسول اللہ ﷺ سے عرض کیا: یارسول اللہ! قیامت کب قائم ہوگی آپ کے پاس انصار کا ایک نوجوان لڑکا تھا جس کا نام محمد تھا آپ نے فرمایا: اگر یہ لڑکا زندہ رہا اور بڑھاپے تک پہنچ گیا تو اس وقت قیامت قائم ہو جائے گی۔

ابو نعیم فی المعرفة

زمانے کی رسول اللہ ﷺ سے دوری کی وجہ سے تنزل و تغیر پذیری

۳۹۶۴۸......ابن جریر نے تہذیب الآثار میں فرمایا: ابوحمید الحمصی احمد بن المغیرۃ عثمان بن سعید محمد بن مناجر، زبیدی زھری ان کے سلسلہ سند میں عروۃ سے آپ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں فرماتی ہیں افسوس لبید نے کیا کہہ دیا: شعر:

''وہ لوگ چلے گئے جن کے سائے میں (پناہ میں) جی جاتا تھا اور میں پیچھے ایسے رہ گیا جیسے خارشی اونٹ کی جلد ہوتی ہے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کاش تو ہمارا یہ زمانہ پالیتا'' پھر زھری نے فرمایا: اللہ تعالیٰ عروہ پر رحم کرے پس کیا حال ہوتا اگر وہ ہمارا زمانہ پالیتے پھر زبیدی نے فرمایا: اللہ تعالیٰ زھری پر رحم کرے پس کیسا ہوتا ہے اگر وہ ہمارا زمانہ پالیتے محمد نے کہا: میں کہتا ہوں اللہ تعالیٰ زبیدی پر رحم فرمائے کیا ہوتا اگر وہ ہمارا زمانہ پالیتے ابوحمید فرماتے ہیں: عثمان نے کہا: ہم کہتے ہیں: اللہ تعالیٰ محمد پر رحم کرے پس کیسا ہوتا اگر وہ ہمارا زمانہ پالیتے ابن جریر کہتے ہیں: ہم سے ابوحمید نے کہا: اللہ تعالیٰ عثمان پر رحم کرنے کیسا ہوتا اگر وہ ہمارا یہ زمانہ پالیتے ابن جریر کہتے ہیں اللہ تعالیٰ احمد بن المغیرۃ پر رحم کرے کیسا ہوتا اگر وہ ہمارا یہ زمانہ پالیتے۔ عبدالرزاق

بڑی نشانیوں کا احاطہ

۳۹۶۴۹......حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ فرمایا: اگر کوئی شخص راستہ میں گھوڑا باندھے اور پہلی نشانی کے وقت عمدہ بچھڑا حاصل کرے تو آخری نشانی دیکھنے تک وہ بچھڑے پر سوار نہیں ہو سکے گا۔ رواہ ابن ابی شیبه

۳۹۶۵۰......حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا: جب تم پہلی نشانی دیکھ لوگے تو پھر لگاتار شروع ہو جائیں گی۔ رواہ ابن ابی شیبه

۳۹۶۵۱......حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: دھنساؤ بگڑاؤ اور پتھراؤ ضرور ہوگا عرض کیا: یارسول اللہ! کیا اس امت میں؟ آپ نے فرمایا: ہاں، جب گانے والیاں رکھ لیں گے زنا کو حلال سمجھ لیں گے سود کھائیں گے حرم کا شکار جائز کر لیں گے ریشم پہنا جائے گا مرد مردوں سے اور عورتیں عورتوں سے فائدہ اٹھائیں گی۔ رواہ ابن النجار

۳۹۶۵۲......عبداللہ بن عمرو سے روایت ہے کہ ایک شخص نے ان سے کہا: آپ کا گمان ہے کہ قیامت سو سال تک قائم ہو جائے گی انہوں نے فرمایا: سبحان اللہ! میں یہی کہتا ہوں قیامت قائم ہونے کا علم صرف اللہ تعالیٰ ہی جانتا ہے میں نے تو یہ کہتا تھا: مخلوق کے ہر سو سال کے سر آغاز جب سے دنیا پیدا کی گئی ایک معاملہ ہوگا فرمایا: پھر عنقریب بھڑ کے حمل کا بچہ ظاہر ہوگا کسی نے کہا: بھڑ کے حمل کا بچہ کیا ہے؟ فرمایا: ایک رومی ہوگا

جس کا باپ یاماں شیطان (جن) ہوگا وہ پانچ لاکھ کا لشکر لیکر سمندری راستہ سے مسلمانوں کا رخ کرے گا بالآخر عطا اور صور کے درمیان پڑاؤ کرے گا اس کے بعد وہ اعلان کرے گا کشتیوں والو! ان سے نکلو! پھر انہیں جلانے کا حکم دے گا پھر ان سے کہے گا: نہ تمہارے لئے قسطنطنیہ ہے اور نہ روم یہاں تک کہ ہمارے اور عرب کے درمیان فیصلہ کن جنگ ہو جائے تو مسلمان ایک دوسرے سے امداد مانگیں گے یہاں تک کہ عدن ابین والے اپنی اونٹوں پر بیٹھ کر انہیں امداد پہنچائیں گے اور جمع ہو کر جنگ شروع کر دیں گے پھر جو نصاریٰ شام میں ہوں گے ان سے خط و کتابت کر کے انہیں مسلمانوں کی خفیہ باتیں پہنچائیں گے مسلمان کہیں گے۔ (ان سے) مل جاؤ تم سب ہمارے دشمن ہو یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ ہمارے درمیان (فتح وشکست کا) فیصلہ کر دے پھر وہ مہینہ تک جنگ کرتے رہیں گے ان کے ہتھیار ختم ہوں گے اور نہ تمہارے اور پرندے تم پر اور ان پر پھینلیں گے۔

فرماتے ہیں: ہمیں یابات پہنچی ہے کہ ہر مہینہ کے شروع میں تمہارا رب فرماتا ہے: آج میں اپنی تلوار سونتوں گا اور اپنے دشمنوں سے انتقام لوں گا اور اپنے دوستوں کی مدد کروں گا تو وہ ایسی جنگ کریں گے کہ اس جیسی دیکھی نہ گئی ہوگی یہاں تک کہ گھوڑے گھوڑوں پر اور آدمی آدمیوں پر چل رہے ہونگے وہ کوئی ایسی مخلوق نہیں پائیں گے جو ان کے اور قسطنطنیہ اور رومیہ کے درمیان حائل ہو اس روز ان کا امیر ان سے کہے گا: آج کوئی خیانت نہیں ہوگی آج جس نے جو چیز لے لی وہ اسی کی ہوئی فرماتے ہیں: تو وہ ہلکی چیزیں اٹھالیں گے اور وزنی چھوڑ دیں گے وہ اسی حال میں ہونگے کوئی آ کر ان سے کہے گا: تمہارے بچوں میں دجال آ چکا ہے وہ سب کچھ چھوڑ چھاڑ کر ادھر متوجہ ہو جائیں گے لوگوں کو سخت بھوک لگے گی یہاں تک کہ آدمی اپنی کمان کی تانت اتار جلا کھائے گا اور ایک آدمی اپنی (چمڑے کی) ڈھال جلا کر کھا جائے گا اور آدمی اپنے بھائی سے بات کرے گا تو وہ کمزوری کی وجہ سے اس کی آواز نہیں سن سکے گا (آواز پست ہوگی) وہ ایسی حالت میں ہوں گے کہ آسمان سے ایک آواز سنیں گے خوشخبری ہو! تمہارے لیے مدد پہنچ چکی پس لوگ کہیں گے: عیسیٰ بن مریم علیہما السلام نازل ہو گئے چنانچہ وہ آپ کو اور آپ انہیں خوشخبری دیں گے روح اللہ! نماز پڑھائیے وہ فرمائیں گے: اللہ تعالیٰ نے اس امت کو عزت بخشی ہے ان کے علاوہ کسی کو ان کی امامت کرنا مناسب ہیں تو امیر المومنین لوگوں کو نماز پڑھائیں گے کسی نے کہا: کیا اس روز لوگوں کے امیر معاویہ بن ابی سفیان ہوں گے؟ آپ نے فرمایا: نہیں عیسیٰ علیہ السلام اس کی اقتداء میں نماز پڑھیں گے نماز سے فارغ ہونے کے بعد عیسیٰ علیہ السلام اپنا نیزہ منگوائیں گے اور دجال آ جائے گا آپ فرمائیں گے (دجال، کذاب ٹھہر! جب وہ آپ کو دیکھ کر آپ کی آواز پہچان لے گا تو جیسے آگ کی وجہ سے تانبا پگھلتا ہے یا دھوپ کی وجہ سے چربی پگھلتی ہے ایسے گھلے گا اگر عیسیٰ علیہ السلام اسے بھڑ نہ کہتے تو وہ بالکل پگھل جاتا چنانچہ عیسیٰ علیہ السلام اس پر اپنے نیزے سے اس کے سینہ پر وار کریں گے اور اسے قتل کر دیں گے اور اس کا لشکر پتھر اور درختوں میں تتر بتر ہو جائے گا: اس کے لشکر میں زیادہ تر یہودی اور منافقین ہونگے پتھر پکارے گا: روح اللہ! یہ میرے نیچے کافر ہے اسے قتل کیجئے! اس کے بعد عیسیٰ علیہ السلام صلیب توڑنے اور خنزیر قتل کرنے کا حکم دیں گے چنانچہ صلیب توڑ دی جائے اور خنزیر قتل کر دیا جائے گا جنگ ختم ہو جائے گی یہاں تک کہ بھیڑیا ان کے پاس بیٹھ جائے گا اور دوڑے گا بھی نہیں اور بچے سانپ سے کھیلیں گے جو انہیں ڈسے گا نہیں زمین کو انصاف سے بھر دیں گے۔

وہ اسی حال میں ہونگے کہ ایک آواز سنیں گے: یاجوج ماجوج کھل گئے وہ جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے وہ ہر اونچی جگہ سے پھسلتے آئیں گے' وہ پوری زمین میں فساد پھیلائیں گے صورت حال یہ ہوگی کہ ان کا پہلا حصہ موجیں مارتی نہر پر آ کے سارا پانی پئے گا اور پچھلے کہیں گے یہاں کوئی نہر تھی عیسیٰ علیہ السلام اور آپ کے ساتھ بیت المقدس میں قلعہ بند ہو جائیں گے اور وہ کہیں گے: ہمارے علم میں ہم نے تمام زمین والوں کو ذبح کر دیا چلو آسمانوں والوں کا رخ کرو چنانچہ وہ اپنے تیر پھینکیں گے جن کے پھلوں پر خون لگا واپس آئے گا جو آزمائش ہوگی وہ کہیں گے: اب زمین میں کوئی باقی رہا نہ آسمان میں، اس وقت ایمان والے کہیں گے: روح اللہ ان کے لیے فنا کی بددعا کریں! تو وہ ان کے لیے بددعا کریں گے تو اللہ تعالیٰ ان کے کانوں پر ایک کیڑا پیدا فرمائے گا جو انہیں ایک رات میں قتل کر دے گا تو ان کے مرداروں سے پوری زمین بدبودار ہو جائے گی لوگ عرض کریں: روح اللہ! ہم بدبو سے مرجانے والے ہیں تو آپ اللہ تعالیٰ سے دعا کریں گے اللہ تعالیٰ موسلا دھا بارش بھیجے گا اور سیلاب آ کر انہیں سمندر میں پھینک دے گا پھر وہ ایک آواز سنیں گے۔ کہا جائے گا: ٹھہرو! کوئی کہے گا: قلعہ نما گھر پر جنگ ہے تو وہ ایک لشکر بھیجیں گے تو وہ

اس لشکر کے پہلے لوگوں کو جاملیں گے ادھر عیسیٰ علیہ السلام وفات پاجائیں گے مسلمان آپ کے پاس آ کر آپ کو غسل دیں گے خوشبو لگا کر کفنا ئیں گے اور نماز جنازہ پڑھ آپ کو دفن کریں گے تو اس لشکر کے پہلے لوگ اور دوسرے مسلمان واپس آ کر آپ کی قبر پر مٹی ڈال کر ہاتھ جھاڑ رہے ہوں گے اس کے بعد وہ لوگ کچھ ہی عرصہ رہیں گے کہ اللہ تعالیٰ یمنی ہوا بھیجے گا کسی نے پوچھا: یمنی ہوا کون سی ہے؟ فرمایا: یمن سے ایک ہوا چلے گی جو مسلمان بھی اسے سونگھے گا اس کی روح قبض کر لے گی، فرمایا: ایک رات میں سارا قرآن اٹھالیا جائے گا انسانوں کے سینوں یا ان کے گھروں میں جو کچھ ہوگا سارے کا سارا اللہ تعالیٰ اٹھائیں گے لوگوں میں نہ کوئی نبی ہوگا نہ قران اور نہ کوئی ایماندار رہے گا۔

عبداللہ بن عمرو نے فرمایا: اس وقت قیامت کا قائم ہونا مخفی ہوجائے گا ہمیں پتہ نہیں کتنے لوگ چھوڑ جائیں گے اسی طرح ایک چیخ ہوگی، فرمایا: زمین پر جب کوئی چیخ ہوئی تو وہ اللہ تعالیٰ زمین والوں پر ناراضگی کی وجہ سے ہوئی فرمایا: اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: کیا یہ لوگ ایک چیخ کے منتظر ہیں جس میں دودھ دھونے کا بھی وقفہ نہیں سورۃ آیت ۱۵ فرمایا: مجھے پتہ نہیں کہ کتنے چھوڑ جائیں گے۔ رواہ ابن عساکر

مہدی علیہ السلام

۳۹۶۵۳...... حضرت حسین رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہ سے فرمایا: خوشخبری ہو مہدی تمہاری اولاد سے ہوگا۔ ابن عساکر وفیہ موسیٰ بن محمد البلقاوی عن الولید بن محمد المعرقری کذابان

کلام: ...... ضعیف الجامع ۴۱۔

۳۹۶۵۴...... (ابن ابی شیبہ) حسن بن موسیٰ، حماد بن سلمہ، ابو محمد، عاصم بن عمرو البجلی ان کے سلسلہ سند میں ہے کہ ابوامامہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کہ آسمان سے ایک آدمی کا نام پکارا جائے گا ہدایت یافتہ نہ اس کا انکار کرے گا اور نہ اسے روکا جائے گا۔

۳۹۶۵۵...... عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا: فتح مکہ کے روز میں رسول اللہ ﷺ کے خچر پر سوار ہو کر قریش کے پاس آیا اور انہیں رسول اللہ ﷺ سے لڑائی کرنے سے روکنے لگا ادھر رسول اللہ ﷺ نے مجھے نہ پا کر تلاش کا حکم دیا لوگوں نے کہا: وہ قریش کے پاس گئے ہیں تاکہ انہیں آپ سے لڑائی کرنے سے روکیں تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میرے باپ کو واپس لاؤ میرے باپ کو واپس لاؤ کہیں قریش انہیں قتل نہ کردیں جیسا ثقیف نے عروہ بن مسعود کو قتل کردیا تو رسول اللہ ﷺ کے گھڑ سوار نکلے اور مجھ سے مل کر مجھے واپس لے آئے جب رسول اللہ ﷺ نے مجھے دیکھا تو آبدیدہ ہو کے میرے ساتھ لپٹ کر رونے لگے میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! میں تو آپ کی مدد کے لئے گیا تھا آپ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ آپ کی مدد کرے پھر آپ نے تین بار فرمایا: اللہ! عباس اور اس کی اولاد کی مدد فرما اس کے بعد ارشاد فرمایا: چچا جان! کیا آپ کو پتہ ہے کہ مہدی جسے توفیق دی گئی وہ راضی اور پسندیدہ آپ کی اولاد سے ہوگا۔ ابن عساکر وفیہ الکدیمی

۳۹۶۵۶...... ابو ہریرۃ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: رومیوں کو میری اولاد کے ایک حکمران کے مقابلہ میں روکا جائے گا اس کا نام میرے نام جیسا ہوگا وہ عماق نامی جگہ سے متاجہ ہونگے باہمی جنگ ہوگی مسلمانوں کے تقریبا تین تہائی شہید ہوں گے پھر دوسرے دن کی جنگ میں بھی مسلمانوں کے آتنے ہی شہدی ہونگے پھر تیسرے دن جنگ میں رومیوں پر فتح پالیں گے، یہ لوگ بڑھتے بڑھتے قسطنطنیہ فتح کرلیں گے اسی اثناء کہ وہ آپس میں ڈھالوں سے غنیمت تقسیم کررہے ہونگے کہ ایک اعلان کرنے والا آئے گا: تہارے بچوں میں دجال نکل آیا ہے۔

الخطیب فی المتفق والمفرق

۳۹۶۵۷...... سعید بن جبیر سے روایت ہے فرماتے ہیں: ہم نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے سنا جب ہم کہہ رہے تھے بارہ امیر ہوں گے پھر کوئی امیر نہیں ہوگا بارہ امیروں کے بعد قیامت ہے فرمایا: کیا بے وقوفی میں پڑے ہو ہم اہل بیت میں سے اس کے بعد منصور سفاح اور مہدی ہے عیسیٰ علیہ السلام تک آپ نے شمار کیا۔ رواہ ابن عساکر

۳۹۶۵۸...... حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے رایت ہے فرمایا: مجھے یہ امید ہے کہ دنیا ختم ہونے سے پہلے اللہ تعالیٰ ہم میں سے ایک نوجوان

پیدا فرمائے گا جو نیکی کا حکم کرے اور برائی سے روکے گا نہ فتنے اس کی لئے مشتبہ ہونگے اور نہ وہ فتنوں کو مشتبہ سمجھے گا اور مجھے یہ امید ہے کہ اللہ تعالیٰ اس (حکومت) کا خاتمہ بھی ہم پر کرے گا جیسا کہ اس کا آغاز ہم سے فرمایا ہے تو ایک شخص نے اپ سے کہا: ابن عباس! اس سے آپ کے (خاندانی) بوڑھے عاجز ہیں اور تمہارے نوجوان اس کی امید رکھتے ہیں اپ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ جو چاہتا ہے کرتا ہے۔ رواہ ابن عساکر

۳۹۶۵۹..... حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا: زمین ظلم وستم سے بھر جائے گی ہر گھر میں غم وخوف پہنچ جائے گا لوگ دو درھم دو جر بیب۔ (زمین کا ٹکڑا یا چار روٹیاں) مانگے گے لیکن کوئی نہیں نہیں دے گا پھر جنگ کے بدلے جنگ ہوگی اور آسانی کے بدلے آسانی یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ انہیں اپنے شہر میں گھر لے گا اس کی بعد زمین عدل وانصاف سے بھر جائے گی۔ رواہ ابن ابی شیبہ

۳۹۶۶۰..... قتادہ سے روایت ہے فرماتے ہیں: کہا جاتا ہے: مہدی چالیس سال رہے گا۔ رواہ ابن عساکر

۳۹۶۶۱..... حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: آخری زمانہ میں ایسا فتنہ ہوگا جو لوگوں کو ایسے گھیرے گا جیسے (معدن) کان میں سونا لہٰذا اہل شام کو برا بھلا نہ کہتا بلکہ ان کے برے لوگوں کو جو کچھ کہنا ہو کہو کیونکہ اہل شام میں ابدال میں عنقریب اللہ تعالیٰ اہل شام پر آسمان سے بارش بھیجے گا ان کی جماعت خوفزدہ ہو جائے گی یہاں تک کہ اگر ان سے لومڑیاں لڑیں تو وہ بھی ان پر غالب آجائیں اس وقت میرے گھرانے کا ایک شخص تین جھنڈوں میں نکلے گا زیادہ والا کہے گا: پندرہ ہزار اور کم والا کہے گا: بارہ ہزار ان کی نشانی امت امت، سات جھنڈے والوں سے ملیں گے ہر جھنڈے تلے ایک شخص ہوگا جو بادشاہت کا طالب ہوگا اللہ تعالیٰ ان سب کو ہلاک کر دے گا اللہ تعالیٰ مسلمانوں میں ان کی الفت عزت دور ونزدیک میں ڈال دے۔ طبرانی فی الاوسط

۳۹۶۶۲..... (اسی طرح) الغفاری فی کتاب الاداب والمواعظ قاضی ابوسعید خلیل بن احمد السختانی، ابن خلف اسحاق بن زریق اسمعیل بن یحییٰ بن عبداللہ حسن بن عمارہ حکم بن عیینہ یحیٰ بن حراز ان کے سلسلہ سند میں حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں: ایک دفعہ ہم لوگ رسول اللہ ﷺ کے پاس تھے اتنے میں تمیم داری آ گئے انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو سلام کر کے اپ کا سر چوما نبی ﷺ نے فرمایا: تمیم اتنے دن کہاں تھے؟ انہوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! میں بحری سفر میں تھا ہمارا جہاز ٹوٹ گیا پھر جساسہ کا اول سے آخر تک قصہ بیان کیا۔

۳۹۶۶۳..... حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا: جب تک ایک تہائی قتل ایک مرتے اور ایک تہائی باقی نہیں رہ جاتے مہدی نہیں نکلے گا۔

نعیم بن حماد فی الفتن

۳۹۶۶۴..... حضرت علی ﷺ سے روایت ہے فرمایا: جب تک لوگ ایک دوسرے پر ھوکتے ہیں مہدی نہیں نکلے گا۔ رواہ ابونعیم

۳۹۶۶۵..... حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا: جب آسمان سے ایک منادی یہ اعلان کرے گا کہ حق ال محمد میں ہے اس وقت مہدی (کا نام) لوگون کی زبانوں پر ہوگا اور اس کی محبت سے ان کے دل لبریز ہونگے اس کے علاوہ کسی کا ذکر نہیں ہوگا۔

نعیم وابن المفادی فی الملاحم

۳۹۶۶۶..... حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا: سیفانی کے مقابلہ میں کالے جھنڈے نکلیں گے ان میں بنی ہاشم کا ایک جوان ہوگا اس کی بائیں ہتھیلی پر تل ہوگا اور اس کے لشکر کے آگے بنی ہاشم کا ایک شخص ہوگا جسے شعیب بن صالح کہا جائے گا تو وہ اس (سفیانی) کے ساتھیوں کو شکست دے گا۔ رواہ ابونعیم

۳۹۶۶۷..... حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا: جب سفیانی کا گھڑ سواروں کا لشکر کوفہ کی طرف نکلے گا تو وہ خراسانیوں کی تلاش میں ایک مہم بھیجے گا اور خراسانی والے مہدی کی تلاش میں نکلیں گے چنانچہ وہ اور ہاشمی کالے جھنڈے لے کر ملیں گے اس کے لشکر کے مقدمہ پر شعیب بن صالح ہوگا اس کے بعد وہ سفیانی کے ساتھی باب اصطخ پر ملیں گے پھر ان کے درمیان سخت لڑائی ہوگی چنانچہ کالے جھنڈوں کو غلبہ ہوگا اور سفیان کا لشکر بھاگ جائے اس وقت لوگ مہدی کی تمنا اور تلاش کریں گے۔ رواہ ابونعیم

۳۹۶۶۸..... حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا: مدینہ کی جانب ایک لشکر بھیجا جائے گا وہ آل محمد ﷺ میں سے جس پر دسترس رکھیں گے اسے پکڑ لیں گے اور نبی ہاشم کے بہت سے مرد وخواتین قتل کر دیئے جائیں گے اس وقت مہدی اور مبض مدینہ سے بھاگ کر مکہ چلے جائیں گے

ان کی تلاش میں لوگ بھیجیں گے وہ دونوں اللہ تعالیٰ کے حرم وامن کی جگہ سے جاملیں گے۔ رواہ ابو نعیم

۳۹۶۶۹......حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا: جب سفیانی مہدی کی طرف لشکر بھیجے گا تو وہ کھلے میں دھنسادیئے جائیں گے یہ بات اہل شام تک پہنچے گی وہ اپنے خلیفہ سے کہیں گے مہدی نکل آیا ہے اس کی بیعت کرو اور اس کی فرمانبرداری میں داخل ہوجاؤ ورنہ ہم تمہیں قتل کر دیں گے وہ بیعت کا پیام بھیجے گا اور مہدی چل پڑے گا اور بالاخر بیت المقدس میں پڑاؤ کرے گا خزانے اس کی طرف منتقل ہوں گے عرب وعجم اور جنگ والے روم وغیرہ بغیر جنگ کے اس کی اطاعت میں داخل ہوجائیں گے یہاں تک کہ قسطنطینیہ میں اور اس کی آس پاس مسجدیں بن جائیں گی اور مشرق میں اس کے گھرانے کا ایک شخص اس سے پہلے نکلے گا اور اپنے کندھے پر آٹھ سال تلوار لٹکا کر لڑے گا اور قصاص لے گا بیت المقدس کی طرف متوجہ ہوگا اس کے پاس نہیں پہنچے گا کہ مرجائے گا۔ رواہ ابو نعیم

۳۹۶۷۰......حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا: ہمارے ایک آدمی کے ذریعہ اللہ تعالیٰ فتنے کھول دے گا انہیں دھنسانے کا عذاب دے گا صرف تلوار ہی ان پر چلائے گا وہ آٹھ سال تک اپنے کندھے پر تلوار لٹکائے گا قتل کرتا رہے گا یہاں تک کہ لوگ کہنا شروع ہوجائیں گے یہ فاطمہ رضی اللہ عنہ کی اولاد میں سے نہیں ہے اگر اولاد فاطمہ سے ہوتا تو ہم پر رحم کرتا اللہ تعالیٰ اسے بنی عباس اور بنی امیہ سے لڑائے گا۔

رواہ ابو نعیم

۳۹۶۷۱......حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا: مہدی کی پیدائش گاہ مدینہ ہے وہ رسول اللہ ﷺ کے گھرانے سے ہوگا اس کا نام نبی کے نام جیسا ہوگا اور اس کی ہجرت کی جگہ بیت المقدس ہے (اس کا حلیہ یہ ہے) گھنی داڑھی سرمگیں آنکھیں چمکدار دانت چہرے پر تل ناک کا بانسہ اٹھا ہوا اس کے کندھے پر نبی ﷺ کی علامت ہوگی وہ نبی ﷺ کا جھنڈا لیکر نکلے گا جو چوکور کالی منقش چادر سے بنا ہوگا اس میں پتھر ہوگا جب سے رسول اللہ ﷺ فوت ہوئے تب سے وہ کھولی نہیں گئیں اور جب تک مہدی نہیں نکلے گا کھولی نہیں جائیں گی اللہ تعالیٰ تین ہزار فرشتوں سے اس کی مدد کرے گا جو اس کے مخالفین کی گردنوں اور پیٹھوں پر ماریں گے وہ تیس سے چالیس کے درمیانی زمانہ میں بھیجا جائے گا۔ رواہ ابو نعیم

۳۹۶۷۲......حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں: مہدی قریشی نوجوان ہوگا گندمی رنگ درمیانے قد والا ہوگا۔ رواہ ابو نعیم

۳۹۶۷۳......حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا: جب سیاہ جھنڈے سفیانی کے لشکر کو شکست دیں گے ان میں شعیب بن صالح ہوگا تو لوگ مہدی کی تمنا اور تلاش کریں گے چنانچہ وہ مکہ سے نکلے گا اس کے ساتھ رسول اللہ ﷺ کا جھنڈا ہوگا لوگوں کا اس کے نکلنے سے مایوس ہونے کے بعد وہ دو رکعتیں ادا کرے گا کیونکہ لوگوں پر زیادہ مصیبت رہی ہوگی جب وہ نماز سے فارغ ہوکر سلام پھیرے گا تو کہے گا لوگو! امت محمد ﷺ اور خصوصاً آپ کے گھرانے والوں پر مصیبت نے حد کردی ہمیں ڈانٹا گیا ہمارے خلاف بغاوت کی گئی۔ رواہ ابو نعیم

۳۹۶۷۴......عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے بیت (المقدس) کو الوداع کہا تو فرمایا: اللہ کی قسم! مجھے معلوم نہیں میں بیت (المقدس) کے خزانے اور اس میں رکھا اسلحہ اور مال اللہ کی تقسیم کروں گا یا چھوڑ جاؤں گا تو حضرت علی بن ابی طالب نے اپ سے کہا: امیرا المومنین چلئے آپ یہ کام کرنے والے نہیں یہ کام ہمارا قریشی نوجوان کرے گا جو آخری زمانہ میں اسے اللہ تعالیٰ کی راہ میں تقسیم کرے گا۔

رواہ ابو نعیم

۳۹۶۷۵......حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمای: مہدی ہمارا آدمی فاطمہ کی اولاد سے ہوگا۔ رواہ ابو نعیم

۳۹۶۷۶......حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا: مہدی تیس یا چالیس سال تک لوگوں کا حاکم رہے گا۔ رواہ ابو نعیم

۳۹۶۷۷......حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا: طالقان کے لیے خرابی ہے کیونکہ اس میں اللہ تعالیٰ کے ایسے خزانے میں جو نہ سونے کے نہ چاندی کے لیکن وہاں ایسے مرد ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ کی معرفت حاصل ہے وہ آخری زمانہ میں مہدی کے مددگار ہوں گے۔

ابو غنم الکوفی فی کتاب الفتن

۳۹۶۷۸......حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا: قیامت کے قریب میری اولاد سے ضرور ایک شخص نکلے گا جب ایمان والوں کے دل ایسے مردہ ہوجائیں گے جیسے مشقت سختی بھوک قتل پے در پے فتنوں اور بڑے جنگوں کی وجہ سے بدن مرجائے ہیں سنتوں کو ختم کرنا بدعات کو فروغ

دینا امر بالمعروف اور نہی عن المنکر ترک کرنا (جیسے اُمور پیش آئیں گے) پس اللہ تعالیٰ مہدی محمد بن عبداللہ کی وجہ سے مٹائی گئی سنتوں کو زندہ کرے گا اس کی عدالت وبرکت سے مومنوں کے دل کھل اٹھیں گے اور عجم کی جماعتیں اور عرب کے قبائل اس کے پاس جمع ہوجائیں گی وہ اسی حال پر کئی سال رہے گا جو زیادہ نہیں دس سے کم ہے پھر وہ فوت ہوجائے گا۔ابن المنادی فی المد حم

۳۹۶۷۹......سعد الاسکاف، اصبغ بن نباتۃ سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے (لوگوں سے) خطاب کیا حمد وثناء کے بعد فرمایا: لوگو! قریش عرب کے امام ہیں نیکوں کے لیے اور برے بروں کے لئے ایک چکی کا ہونا ضروری نیک ہے جو گمراہی کو پیسے اور گھومے گی جونہی وہ درمیان میں رکے گی تو زور سے پیسے گی آگاہ رہنا اس کے پیسنے کی ایک علامت ہے اور وہ اس کی تیزی ہے اور اسے سست کرنا اللہ تعالیٰ کی قدرت میں ہے خبردار! میں اور میری اولاد کے نیک لوگ اور میرے اہل بیت بچپن میں صاحب علم اور بڑھاپے میں عقلمند ہوتے ہیں ہمارے ساتھ حق کا جھنڈا ہے جو اس سے آگے بڑھا گمراہ ہوا جو اس سے پیچھے رہا ہلاک ہوا اور جس نے اسے تھامے رکھا مل گیا۔

ہم رحمت والے ہیں ہماری وجہ سے حکمت کے دروازے کھلے اللہ کے حکم سے ہم نے فیصلے کیے اللہ کے علم سے ہم نے جانا اور سچے سے ہم سنا، اگر تم ہماری پیروی کروگے نجات پاؤگے اور اگر منہ موڑوگے اللہ تعالیٰ تمہیں ہمارے ہاتھوں عذاب دے گا ہماری وجہ سے اللہ تعالیٰ نے تمہاری گردنوں سے ذلت ورسوائی کے پھندے توڑ دیے ہم پر اختتام ہوا نہ کہ تم پر دوسرے ہمارے ساتھ ملتے ہیں۔اور غلو وشدت کرنے والا ہماری طرف رجوع کرتا ہے آگ تمہاری جلد بازی اور ایسے کام کے اندازے سے تاخیر نہ کرتے جو انسان میں پہلے ہوچکا تو میں تمہارے سامنے غلام جوانوں عرب کے بیٹوں اور کچھ بوڑھوں کی بات کرتا جو توشہ میں نمک کی طرح ہیں اور کم ازکم توشہ نمک ہے ہم میں معتبر اور ہماری جماعت (شیعہ) میں اس کا انتظار ہے ہم اور ہماری جماعت پیٹ چراگاہ اور تلوار کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی طرف چل رہے ہیں ہمارا دشمن بیماری اور ہلاکت سے مرے گا اور جو اللہ تعالیٰ بدلہ اور سزا چاہے گا اللہ غالب عزت والے کی قسم! جو کچھ میں جانتا ہوں اگر تم سے کہہ دوں تو ایک جماعت کہہ دے گی: کس قدر جھوٹا اور اٹکل پچو ہے اور اگر میں تم میں سے سوآدمی چن لوں جن کے دل سونے جیسے ہوں پھر ان میں سے اس کا انتخاب کروں اور ان سے بیان کروں ہمارے اہل بیت کے بارے میں نرم بات کروں جس میں صرف حق کہوں اور صرف سچائی کا سہارا لوں تو وہ لوگ باہر نکل کر کہنے لگیں علی سب سے جھوٹا ہے۔اور اگر تمہارے علاوہ دس آدمیوں کا انتخاب کروں اور ان سے اپنے دشمنوں اور ہمارے خلاف بغاوت کرنے والوں کی زیادہ باتیں کروں تو باہر نکل کر کہیں گے: علی سب سے سچا ہے، لکڑیاں چننے والا ہلاک ہوا اور نکل والے نے قلعہ بنایا اور دل پلٹنے لگے بعض سبز ہیں اور بعض خشک وار بعض پر بارش پڑتی ہے اے ساتھیو! تمہارے چھوٹے تمہارے بڑوں سے نیکی کریں اور تمہارے بڑے تمہارے چھوٹوں پر رحم کریں۔اور گمراہوں، سنگ دلوں کی طرح نہ ہونا جو نہ دین کی سمجھ رکھتے ہیں اور نہ انہیں اللہ تعالیٰ کا خالص یقین حاصل ہے جیسے شتر مرغ کے سفید انڈوں کے رکھے کی جگہ آل محمد کے چوزوں کے لئے ظالم جابر حد سے تجاوز کرنے والے خلیفہ کی طرف سے خرابی ہے جو میری اور میری اولاد کی اولاد کی توہین کرے گا۔

اللہ کی قسم! مجھے رسالتوں کی تفسیر شمار کا پورا ہونا اور کلمات کے مکمل ہونے کا علم ہے میری اہل میں ضرور ایک شخص مرا خلیفہ ہوگا جو اللہ تعالیٰ کا حکم دے گا مضبوط ہوگا اور اللہ کے فیصلہ کے مطابق فیصلہ کرے گا: یہ سخت اور رسوا کرنے والے زمانہ کے بعد ہوگا جس میں مصیبت بڑھ جائے گی امید ختم ہوجائے گی رشوت قبول کی جائے گی اس وقت اللہ تعالیٰ دجلہ کے کنارے سے ایک شخص کسیا ہم کام کے لیے بھیجے گا اسے کینہ وحسد خون بہانے پر مجبور کرے گا جبکہ وہ پردے میں او جھل تھا ایک قوم سے ناراض ہوکر انھیں قتل کرے گا وہ بڑا کینہ ور اڑیل ہوگا جیسے بختنصر کا سال لوگوں کو دھنسا کر تکلیف دے گا اور انہیں (موت کا) جام پلائے گا اس کی گردش عذاب کا کوڑا اور بھیجہ نکالنے والی تلوار ہوگی۔

پھر اس کے بعد فساد اور مشتبہ امور ہوں گے وہاں جو خرات سے دور ہوکر اونچے سیلوں تک جا پہنچا جو قطقطانیات کا دروازہ ہیں کئی نشانیوں اور پے درپے آفات ہیں جو یقین کے بعد شک پیدا کریں گی تھوڑی دیر بعد وہ اٹھے گا شہروں کو بنائے گا اور خزانوں کو کھولے گا لوگوں کو جمع کرے گا ایک نگاہ سے انھیں دیکھے گا اور نظر اٹھائے گا چہرے جھک جائیں گے اور حال ظاہر ہوجائے گا یہاں تک کہ آنے جانے والے کو دیکھ لے گا افسوس جو کچھ معلوم ہے رجب ذکر کا مہینہ ہے رمضان سالوں کو پورا کرنے والا ہے شوال میں قوم کے کام اٹھائے جاتے ہیں ذوالقعدہ میں لوگ بیٹھتے

ہیں ذوالحجہ پہلے عشرے کا افتتاح ہے خبردار! جمادی اور رجب کے بعد تعجب ہی تعجب ہے کئی چیزوں کا جمع کرنا اور مردوں کو اٹھانا اور فتنہ وفساد کی باتوں کا پیش آنا ان کے درمیان کئی حس وتیں ہونگی جو اپنا دامن اٹانے والی اپنی زیادتی کو بلانے والی اپنی بات کا اعلان کرنے والی دجلہ اور اس کے آس پاس خبردار! ہم میں سے ایک شخص کھڑا ہوگا اس کا حسب پاک ہوگا اس کے ساتھ سردار ہوں گے اسے رمضان کے مہینہ میں بہت زیادہ قتل وقتال تنگی ونقصان کے بعد جب اللہ کے دشمنوں سے مڈ بھیڑ ہوگی اسے اس کے اور اس کے باپ کے نام سے پکارا جائے گا پر گرچہ مجھے معلوم ہے کہ زمین اپنی امانتیں کس کے سامنے نکالے اور کس کے حوالے اپنے خزانے کرے گی، اگر میں چاہوں تو اپنا پاؤں مار کر کہوں یہاں سے چاندی اور زر ہیں نکال اس وقت مصیبت زدو یا تمہاری کیا حالت ہوگی! جب تمہاری تلوار میں تمہاری ہاتھوں میں سفرتی ہوں گی پھر تم آرام کی رات کندھے پھلاؤ۔ (پریڈ کرو) گے اللہ تعالیٰ ضرور ایسا خلیفہ مقرر کرے گا جو ثابت قدم رہے گا اپنے فیصلے پر اشوت نہیں لے گا اور لمبی لمبی دنگے گا جو منافقین کو ہلاک کردیں گی مومنین کے لئے کشادگی لائیں گی خبردار! ایسا ہونا ہے اگر چہ نہ چاہنے والے نہ چاہیں تمام تعریفیں اللہ کے لئے جو تمام جہانوں کو پالنے والا ہے درود وسلام ہو محمد (ﷺ) پر جو خاتم النبین ہیں اپ کی آل اور آپ کے تمام صحابہ پر۔ (ابن المنقدی وسعد والصغ متروکان) اس پوری روایت میں ایسی باتیں ہیں جو فصیح کلام میں بدنما ہیں اس لحاظ سے بھی یہ سند اور روایت حضرت علی رضی اللہ عنہ سے منقول نہیں ہوسکتی۔ مترجم

۳۹۶۸۰......محمد بن حنفیہ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں آپ نے ایک دن اپنی مجلس میں فرمایا: اللہ کی قسم مجھے (اندازے سے) یہ معلوم ہے کہ تم لوگ ضرور مجھے قتل کر کے میرے خلیفہ بنوگے اور تم ضرور ایسے اور اندھے ہوگے جیسے تمہارا بدبخت میری داڑھی کو اس گھوڑی کے خون سے رنگین کرنے سے تیس کرے گا اللہ کی قسم! یہ رسول اللہ ﷺ کی مجھے وصیت ہے یہ قوم اہل باطل سے ملکر اور اہل حق سے جدا ہو کر تم پر ٹوٹ پڑے گی یہاں تک کہ کافی عرصہ حکومت کریں گے اور حرام خون حرام شرمگاہ اور حرام شراب کو حلال کرلیں گے مسلمانوں کا کوئی گھر ان کے ظلم سے نہیں بچے گا نبی امیہ کے بیٹے ان کی لونڈی کے بیٹے کی وجہ سے افسوس ہے ان کے زندیقوں کو قتل کرے گا ان کا خلیفہ بازاروں میں چلے گا جب ایسی حالت ہوگی اللہ تعالیٰ انھیں آپس میں ٹکرائے گا اس ذات کی قسم! جس نے دانے کو پھاڑا اور جان پیدا کی نبی امیہ کی حکومت قائم رہے گی یہاں تک ایک زندیق ان کا حاکم بن جائے گا پھر جب اسے قتل کردیں گے تو اپنی لونڈے کے بیٹے کے محکوم بن جائیں اللہ تعالیٰ ان میں پھوٹ ڈال دے گا تو وہ اپنے ہاتھوں اور ایمان والوں کے ہاتھوں اپنے گھر ویران کریں گے سرحدیں بے کار ہوجائیں گی خون بہائے جائیں گے اور سات ماہ تک دنیا میں دشمنی اور قتل عام پھیل جائے گا جب ان کا زندیق قتل ہوجائے گا تو اس زمانہ میں لوگوں کے لئے ہر طرح کی خرابی ہے نبی ہاشم ایک دوسرے پر مسلط ہوجائیں گے اور غیرت کا یہ عالم ہوگا کہ پانچ آدمی حکومت یہ ایسی غیرت کھائیں گے جیسے نوجوان خوبصورت عورت پر غیرت کھاتے ہیں تو ان میں سے کوئی بدبخت بھاگ جائے گا اور کوئی بے غیرت کو سج (جس کی داڑھی نہ اگتی ہو) سے لوگوں کی زیادہ تعداد بیعت کرلے گی پھر بتوں کے شہر جزیرہ سے ایک ظالم اس کی طرف جائے گا بے غیرت اس سے جنگ کر کے خزانوں پر قبضہ کرلے گا اور دمشق سے حران تک اس سے جنگ کرے گا اور سابقہ ظالموں کے سے کام کرے گا تو اللہ تعالیٰ اس کے تمام کاموں پر آسمان سے ناراض ہوگا تو اس پر مشرق کی جانب سے ایک نوجوان بھیجے گا جو نبی ﷺ کے گھرانے والوں کی طرف بلائے گا وہ سیاہ جھنڈوں والے کمزور لوگ ہونگے اللہ تعالیٰ انھیں غلبہ دے گا ان پر اپنی مدد بھیجے گا پھر جوان سے جنگ کرے گا شکست کھائے گا قحطانی لشکر چلے گا یہاں تک کہ وہ خلیفہ کو نکال لیں گے وہ خوفزدہ اور ناپسند کررہا ہوگا اس کے ساتھ نو ہزار فرشتے چلیں گے اس کے ساتھ مدد ونصرت کا جھنڈا ہوگا اور یمن کا نوجوان نہر کے کنارے جزیرہ کے ظالم کے سینہ میں ہوگا پھر اس کی اور نبی ہاشم کے سفاح کی ملاقات (مڈبھیڑ) ہوگی وہ حماز (ظالم) کو اور اس کے لشکر کو شکست دیں گے اور انہیں نہر میں ڈبودیں گے۔

پھر حماز چلتے چلتے حران تک پہنچ جائے گا یہ لوگ اس کا پیچھا کر کے اسے شکست دیں گے پھر وہ شام میں سمندری کنارے پر واقع شہروں کو اپنے قبضہ میں کرے گا اور بحرین تک جا پہنچے گا سفاح اور یمن کا جوان چلتے چلتے دمشق تک پہنچ جائیں گے اور اسے کوندنے والی بجلی سے بڑھی جلدی فتح کر کے اس کی فصیل گرادیں گے اسے بیاد سے پھر تعمیر کیا جائے گا جو شخص نبی ہاشم کا اس میں ان کی مدد کرے گا اس کا نام نبی کے نام پر ہوگا تو اسے مشرقی دروازے سے دوسرے دن کی چار گھڑیاں گزرنے سے پہلے فتح کرلیں گے تو اس میں ستر ہزار سونتی ہوئی تلواریں داخل ہوں گی جو سیاہ جھنڈوں والوں کے ہاتھوں میں ہوں گی ان کا شعار (کوڈ ورڈ) امت امت ہوگا اس کے اکثر مقتول مشرقی علاقے والے ہونگے۔ (سفاح) اور

نوجوان حماز کی تلاش میں نکلیں گے اور اسے بحرین کے پیچھے نجر علاقہ اور یمن سے پکڑ کر قتل کر دیں گے اللہ تعالیٰ خلیفہ کے اس کی طاقت کو مکمل کر دے گا پھر دو ہمام جو شخ ماریں گے ایک شام میں دوسرا مکہ میں مسجد حرام والا تو ہلاک ہوگا۔ (وہ اس طرح کہ) اس کا رخ ادھر ہوگا تو اس کا شکر شامی فوج سے ملے گا تو وہ اسے شکست دیں گے۔ابن المنادی

۳۹۶۸۱......حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا: عنقریب ایسا فتنہ ہوگا جو لوگوں کو ایسے سمیٹے گا جسے معدن (کان) میں سونا سمٹتا ہے لہذا اہل شام کو برا بھلا نہ کہو بلکہ ان کے ظالم لوگوں جو کچھ کہا ہے کہو کیں کہ ان میں ابدال ہیں اللہ تعالیٰ عنقریب آسمان سے ایک بارش بھیجے گا جس سے وہ ڈر جائیں گے یہاں تک کہ اگر ان سے لومڑیاں بھی لڑیں تو ان پر غالب آجائیں گی پھر اس وقت اللہ تعالیٰ رسول اللہ ﷺ کی اولاد سے ایک شخص بھیجے گا جس کے ساتھ کم از کم بارہ ہزار یا زیادہ پندرہ ہزار ہوں گے۔ان کی علامت وشغار وامت امت ہوگا ان کا لشکر تین جھنڈوں پر مشتمل ہوگا ان سے سات جھنڈوں والے جنگ کریں گے ہر جھنڈے والا بادشاہت کی طمع کرے گا پھر انہیں قتل کیا جائے گا اور وہ لوگ شکست کھائیں گے پھر ہاشمی ظاہر ہوگا اور اللہ تعالیٰ لوگوں کو طرف ان کی الفت وعظمت لوٹا دے گا پھر وہ دجال کے نکلنے تک رہے گا۔نعیم بن حماد حاکم

۳۹۶۸۲......حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے علی رضی اللہ عنہ سے عرض کیا: یارسول اللہ! کیا مہدی ہم ال محمد سے ہوگا یا ہمارے علاوہ کسی سے ہوگا؟ آپ نے فرمایا: بلکہ ہم میں سے ہوگا اللہ تعالیٰ اس کے ذریعہ اختتام فرمائے گا جیسا ہمارے ذریعہ آغاز فرمایا ہے لوگ فتنہ سے ایسے بچائے جائیں گے جیسے وہ شرک سے بچائے گئے۔ہمارے ذریعہ شرک کی عذرت کے بعد اللہ آپس میں ان کے دل جوڑے گا جیسے وہ شرک کی عداوت کے بعد اپنے دین میں بھائی بن گئے ایسے ہی ہماری وجہ سے فتنہ کی ہوں گے یا فرمایا: فتنہ میں مبتلا اور کافر۔

نعیم بن حماد طبرانی فی الاوسط وابونعیم فی کتاب المندی خطیب فی التلخیص

دجال

۳۹۶۸۳......(مسند الصدیق) سعید بن المسیب رحمۃ اللہ علیہ سے روایت ہے کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا عراق میں خراسان نامی کوئی زمین ہے؟ لوگوں نے عرض کیا: جی ہاں فرمایا: دجال وہیں سے نکلے گا۔رواہ ابن ابی شیبہ

۳۹۶۸۴......حضرت ابوبکر الصدیق رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ فرمایا: دجال علاقہ مرو کے یہودیوں میں سے نکلے گا۔

نعیم بن حماد فی الفتن

۳۹۶۸۵......عکرمہ حضرت ابوبکر الصدق رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں فرمایا: دجال مشرق کی جانب خراسان نامی زمین سے نکلے گا۔

رواہ ابونعیم

۳۹۶۸۶......(از مسند حذیفہ بن الیمان) میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! دجال پہلے ہے یا عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام؟ آپ نے فرمایا: پہلے دجال پھر عیسیٰ ابن مریم علیہما السلام پھر اگر کسی نے اپنی گھوڑی جنوائی تو وہ اس کے بچھڑے پر سوار نہیں ہو سکے گا یہاں تک کہ قیامت قائم ہو جائے گی۔

رواہ ابونعیم

۳۹۶۸۷......(ایضا) رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: دجال اللہ کا دشمن نکلے گا اور اس کے ساتھ یہودیوں اور مختلف لوگوں پر مشتمل لشکر ہوگا اس کے ساتھ جنت ودوزخ بھی ہوگا کچھ لوگوں کو مارے گا اور زندہ کرے گا اس کے ساتھ ثرید کا پہاڑ اور پانی کی نہر ہوگی اور میں تم سے اس کی علامت بیان کر دیتا ہوں وہ نکلے تو اس کی آنکھ سپاٹ ہوگی اس کی پیشانی پر ''کافر'' لکھا ہوگا جسے ہر پڑھا اور ان پڑھ پڑھ لے گا اس کی جنت جہنم ہے اور جہنم جنت ہے وہی رحمت سے دور (دجال ہے) کذاب ہے تیرہ ہزار یہودی عورتیں اس کی پیروی کریں گی اللہ تعالیٰ اس پر رحم کرے جو اس روز اپنے بے وقوف کو اس کی پیروی سے منع کرے گا اس پر غلبہ قرآن کی وجہ سے ہوگا کیونکہ اس کی حالت سخت آزمائش والی ہوگی اللہ تعالیٰ مشرق ومغرب سے شیاطین کو بھیجے گا جو اس س کہیں گے: جو چاہو اس میں ہماری مدد حاصل کرو تو وہ ان سے کہے گا: جاؤ اور لوگوں کو بتاؤ کہ میں ان کا رب ہو اور میں ان کے

پاس اپنی جنت اور جہنم لایا ہوں چنانچہ شیاطین چل پڑیں گے ایک آدمی کے پاس سو سے زائد شیاطین آئیں گے اور اس کے سامنے اس کے باپ بیٹے بھائیوں غلاموں اور دوست کی صورت میں آ کر کہیں گے: اے فلاں! کیا تو ہمیں جانتا ہے تو وہ شخص ان سے کہے گا: ہاں یہ میرا باپ ہے یہ میری ماں ہے یہ میری بہن اور یہ میرا بھائی ہے پھر وہ ان سے کہے گا تمہاری کیا خبر ہے؟ تو وہ کہیں گے: بلکہ تو ہی اپنی خبر بتا تو وہ کہے گا: ہمیں تو یہ اطلاع ملی ہے کہ اللہ کا دشمن دجال نکل آیا ہے تو شیاطین اس سے کہیں گے: ٹھہراؤ! ایسا نہ کہو کیونکہ وہ تمہارا رب ہے جو تم میں فیصلہ کرنا چاہتا ہے یہ اس کی جنت ہے جیسے وہ لے کر آیا ہے اور یہ اس کا جہنم ہے اور اس کے ساتھ نہریں اور کھانا ہے تو کھانا صرف وہی ہوگا جو پہلے سے ہوگا یا جو اللہ تعالیٰ چاہے گا۔

پھر وہ شخص کہے گا: تم جھوٹ کہتے ہو تم شیاطین ہی ہو اور وہ بڑا جھوٹا ہے جبکہ ہمیں رسول اللہ ﷺ نے پہنچادیا اور تمہاری بات بتادی ہمیں ڈرایا اور آگاہ کیا تمہارا آنا نامبارک ہو تم شیاطین ہو اور وہ اللہ کا دشمن ہے اللہ تعالیٰ عیسیٰ علیہ السلام کو ضرور لائیں گے جو اسے قتل کریں گے چنانچہ وہ ذلیل ورسوا ہو کر لوٹ جائیں گے اس کے بعد رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں نے تمہارے سامنے یہ اس لیے بیان کیا ہے تا کہ تم اسے سمجھو اس کی سوجھ بوجھ رکھو اسے یاد کر کے اس پر عمل کرو اور پچھلے لوگوں کو بتاؤ تم میں سے ہر دوسرا دوسرے سے بیان کردے کیونکہ اس کا فتنہ سب سے سخت ہے۔

نعیم وفیہ سوید بن عبدالعزیز متروک

۳۹۶۸۸......حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کے صحابہ آپ سے بھلائی کے متعلق پوچھتے جبکہ میں برائی کا سوال کر کے اس سے بچنے کی کوشش کرتا ایک دفعہ میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھا میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! یہ بھلائی جو اللہ تعالیٰ نے ہمیں عطا کی ہے کیا اس کے بعد بھی کوئی برائی ہوگی جیسا اس سے پہلے ایک شر تھا؟ فرمایا: ہاں میں نے عرض کیا: اس سے بچنے کا طریقہ: فرمایا: تلوار میں نے عرض کیا: کیا تلوار کو باقی رکھنے کی کوئی چیز ہے؟ فرمایا: بدعہدی پر صلح نہیں، میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! صلح کے بعد کیا ہوگا؟ فرمایا: گمراہی کی طرف بلانے والے اس دن اگر تمہیں اللہ والا زمین میں کوئی خلیفہ ملے تو اس کے ساتھ چمٹ جانا اگر چہ وہ تمہارا مال لے لے تمہیں کوڑے مارے ورنہ اور ایک روایت میں ہے اگر خلیفہ نہ ہو تو زمین پر پورے زور سے بھاگ جانا یہاں تک کہ تمہیں اس حال میں موت آئے کہ تم کسی درخت کی جڑ چبارہے ہو میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! گمراہی کی دعوت دینے والوں کے بعد کیا ہوگا؟ فرمایا: دجال کا نکلنا میں نے عرض کیا یارسول اللہ! دجال کیا لائے گا؟ فرمایا: جہنم اور نہر لائے گا جو اس کی آگ میں گرا اس کا اجر ثابت ہوگا اور گناہ جھڑ گیا میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! دجال کے بعد کیا ہوگا؟ اپ نے فرمایا: عیسیٰ بن مریم (علیہما السلام) میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! عیسیٰ ابن مریم (علیہما السلام) کے بعد کیا ہوگا؟ آپ نے فرمایا: اگر کسی نے گھوڑی جنوائی تو اس کی پیٹھ پر سوار نہیں ہو سکے گا یہاں تک قیامت قائم ہوجائے گی۔ ابن ابی شیبۃ ابن عساکر

۳۹۶۸۹......حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا: اگر دجال نکل آیا تو ایک قوم اپنی قبروں میں بھی اس پر ایمان لے آئے گی۔

رواہ ابن ابی شیبہ

یعنی وہ لوگ ایسے بے ایمان تھے کہ اگر زندہ ہوتے تو فوراً اس پر ایمان لے آتے تو گویا وہ اس پر ایمان رکھتے ہیں۔

۳۹۶۹۰......محجن سے روایت ہے فرمایا: رسول اللہ ﷺ نے میرا ہاتھ تھاما اور احد۔ (پہاڑ) پر چڑھ کر مدینہ کی طرف جھانکا پھر فرمایا: اس کی ماں کا ناس ہو مدینہ کو لوگ چھوڑ دیں گے جب کہ وہ ان کے لئے بہترین (جگہ) ہے دجال جب وہاں آئے گا تو اس کے ہر دروازے پر فرشتے کو اپنے پَر پھیلائے پائے گا اور اس میں داخل نہیں ہو سکے گا۔ رواہ ابن ابی شیبہ

۳۹۶۹۱......حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا: دجال کے ساتھ ایک لئید نامی عورت ہوگی جس بستی میں وہ جانا چاہے گا تو وہ اس سے پہلے پہنچ کر لوگوں سے کہے گی یہ شخص تمہارے پاس آنے والا ہے اس سے بچ کر رہنا۔ نعیم بن حماد فی الفتن

۳۹۶۹۲......عبداللہ بن بسر مازنی سے روایت ہے کہ انہوں نے فرمایا: بھتیجے! شاید تو قسطنطنیہ کی فتح کا زمانہ پالے تو خبردار! اگر تو اس کی فتح میں موجود ہوا تو اس کی غنیمت نہ چھوڑنا کیونکہ اس کی فتح اور دجال کے درمیان سات سالوں کا فاصلہ ہوگا۔ نعیم ابن حماد فی الفتن

۳۹۶۹۳......عبداللہ بن بسر مازنی سے روایت ہے فرمایا: جب تمہارے پاس دجال کی اطلاع آئے اور تم لوگ اس (قسطنطنیہ) میں ہو تو اس کی

غنیمت نہ چھوڑنا کیونکہ دجال ابھی نہیں نکلا ہوگا۔ رواہ ابونعیم

۳۹۶۹۴...... حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا: دجال ایک مسلمان پر مسلط ہوگا اسے قتل کرکے زندہ کرے اور کہے گا: کیا میں رب نہیں؟ کیا تو لوگ نہیں دیکھتے ہیں کہ میں مارتا اور زندہ کرتا ہوں اور وہ شخص پکار کر کہے گا: مسلمانو! نہیں بلکہ یہ اللہ کا دشمن کافر خبیث ہے اللہ کی قسم! میرے بعد اسے کسی پر دسترس حاصل نہیں ہوگی۔ رواہ ابن ابی شیبہ

۳۹۶۹۵...... حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا: جب تک ہرقل قیصر کا شہر فتح نہیں ہوجاتا اور اس میں داخل ہونے کی عام اجازت نہیں ہوجاتی اور ڈھالوں سے مال تقسیم نہیں ہوجاتا قیامت قائم نہیں ہوگی جتنا مال لوگوں نے دیکھ رکھا ہوگا اس سے زیادہ قبول کریں گے پھر ایک افواہ پھیلے گی دجال تمہارے گھروں میں نکل آیا ہے وہ سب کچھ پھینک اس سے لڑنے چل پڑیں گے۔ رواہ ابن ابی شیبہ

۳۹۶۹۶...... ابوالطفیل کسی صحابی رسول اللہ ﷺ سے روایت ہے کہ آپ نے فرمایا: دجال گدھے پر (سوار) نکلے گا گندگی پر گندگی۔

رواہ ابن ابی شیبہ

۳۹۶۹۷...... ابوظبیان سے روایت ہے فرمایا: ہم نے دجال کا ذکر کیا حضرت علی رضی اللہ عنہ سے پوچھا: اس کی آمد کب ہوگی؟ فرمایا: کسی مومن سے مخفی نہیں ہوگی اس کی داہنی آنکھ سپاٹ اس کی پیشانی پر کافر لکھا حضرت علی نے ہمارے سامنے اس کے ہجے کیے ہم نے عرض کیا: ایسا کب ہوگا؟ فرمایا: جب پڑوسی پر فخر کرنے لگے سخت کمزور کو کھانے لگے: ناتے رشتے ختم کیے جانے لگیں اور لوگ آپس میں میری ان انگلیوں کی طرح اختلاف کرنے لگیں آپ اپنی انگلیاں کھولیں اور بند کیں۔ تو ایک شخص آپ سے عرض کرنے لگا امیر المؤمنین! اس وقت کے متعلق آپ کیا ارشاد فرماتے ہیں؟ فرمایا: تیرا باپ! نہ رہے تو اس زمانہ کو ہرگز نہیں پائے گا تو ہمارے دل (اس بات سے) خوش ہوگئے۔ ابن ابی شیبہ

۳۹۶۹۸...... ان حضرات صحابہ کی سند جن کا نام نہیں لیا گیا) میں نے تمہیں خبر سے محروم سے ڈرادیا اس کی بائیں آنکھ مسلی ہوئی ہوگی اس کے ساتھ روٹی کے پہاڑ اور پانی کی نہریں چلیں گی اس کی علامت یہ ہے کہ وہ زمین میں چالیس روز رہے گا اس کی دسترس سوائے چار مساجد کے ہر جگہ پہنچ جائے گی کعبہ مسجد نبوی بیت المقدس اور طور اور جب کبھی ایسا ہوا تو یاد رکھنا اللہ تعالیٰ اس عیب (کانے پن) سے پاک ہے وہ ایک شخص پر مسلط ہوگا اور اسے قتل کرکے پھر زندہ کرے گا اور کسی پر مسلط نہیں ہوگا۔ مسند احمد

۳۹۶۹۹...... ایک انصاری سے روایت ہے: میں نے تمہیں خیر سے محروم دجال سے ڈرادیا ہر نبی نے اپنی امت کو اس سے ڈرایا وہ تمہارے درمیان گھنگریالے بالوں والا گندمی رنگ بائیں آنکھ پر گویا ہاتھ پھیرا ہوا ہے اس حالت میں آئے گا اس کے ساتھ جنت وجہنم ہوگا اور روٹی کا پہاڑ اور پانی کی نہر ہوگی مینہ برسے گا لیکن اگے گا کچھ نہیں ایک مسلمان پر مسلط ہوگا اسے مار کر زندہ کرے گا زمین میں چالیس دن رہے گا چار مسجدوں میں داخل نہ ہوسکے گا باقی ہر گھاٹ پر اترے گا: مکہ مدینہ بیت المدس قا اور طور اگر اس کی کوئی بات تمہیں گڑ بڑ لگے تو یاد رکھنا تمہارا رب کانا نہیں۔

البغوی عن رجل بن الانصار

۳۹۷۰۰...... حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا: ایک یہودی عورت نے یہ کہہ کر کھانا مانگا: مجھے کھانا کھلاؤ اللہ تعالیٰ تمہیں دجال اور عذاب قبر کے فتنہ سے بچائے اور رسول اللہ ﷺ ہاتھ اٹھا کر دجال اور قبر کے فتنہ سے اللہ تعالیٰ کی پناہ طلب کرتے تھے۔ رواہ ابن جریر

۳۹۷۰۱...... لوگو! جانتے ہو میں نے تمہیں یہاں کیوں جمع کیا؟ میں نے تمہیں اللہ کی قسم! نہ کسی چیز کے خوف کے لیے جمع کیا اور نہ کسی چیز میں رغبت کے لئے بات یہ ہے کہ تمیم داری پہلے نصرانی تھے وہ آئے بیعت ہوکر مسلمان ہوئے انہوں نے مجھ سے ایسی بات بیان کی جو میں تم سے خیر سے محروم دجال کے بارے میں کرتا تھا انہوں نے بیان کیا: کہ وہ بحری جہاز میں سوار ہوئے جس میں قبیلہ لخم وجذام کے آدمی تھے تو ایک ماہ تک موجیں ان سے اٹکھیلیاں کھیلتی رہیں پھر وہ ایک سمندری جزیرہ کے پاس لنگر انداز ہوئے جو سورج غروب ہونے کی جانب ہے چنانچہ یہ لوگ جہاز کی چھوٹی کشتیوں میں بیٹھ کر جزیرہ میں داخل ہوگئے تو امیں ایک جانور ملا جو سراتا پیر بالوں پر مشتمل ہے بالوں کی کثرت سے اس کے آگے پیچھے کا پتہ نہ چلتا تھا لوگوں نے اس سے کہا: اے تو کیا چیز ہے؟ وہ بولا: میں جساسہ ہوں لوگوں نے کہا: جساسہ کیا ہوتا ہے اس نے کہا لوگو! اس شخص کے پاس جاؤ جو گرجا میں ہے کیونکہ اسے تمہاری خبر کی بڑی چاہت ہے کہتے ہیں: جب اس نے ہمارے سامنے آدمی کا نام لیا تو ہم ڈر گئے کہیں شیطان

نہ ہو بہر کیف ہم جلدی سے چل کر گرجے میں داخل ہو گئے کیا دیکھتے ہیں وہاں بہت بڑا انسان ہے اور اس کے ہاتھ موڑ کر گردن اور گھٹنے ٹخنوں سے جوڑ کر لوہے کی زنجیروں سے سے کسے ہوتے ہیں ہم نے اس سے کہا: تو کیا چیز ہے؟ وہ کہنے لگا: جب تمہیں میرا پتہ مل ہی گیا تو پہلے تم بتاؤ تم کون ہو؟ انہوں نے کہا: ہم عرب لوگ ہیں سمندری جہاز میں سوار ہوئے تو سمندری طوفان نے ایک مہینہ تک ہمیں موجوں کا کھلونا بنائے رکھا پھر ہم نے تمہارے جزیرہ کا رخ کیا اور اپنی کشتیوں میں بیٹھ کر جزیرہ میں داخل ہو گئے تو وہاں ہماری ملاقات ایک سرتاپا بالوں والے جانور سے ہوئی بالوں کی کثرت سے اس کے منہ و شرمگاہ کا پتہ نہ چلتا تھا ہم نے اس سے کہا: تر اناس ہوا تو کیا چیز ہے؟ اس نے کہا: میں جساسہ ہوں ہم نے کہا: جساسہ کیا بلا ہے اس نے کہا: اس شخص کے پس جاؤ جو اس گرجے میں ہے وہ تمہاری خبر کا بڑا شوقین ہے تو ہم نے جلدی سے تمہارا رخ کیا اور اس سے خوفزدہ ہو گئے کہیں کوئی جن نہ ہو۔

(تب) اس نے کہا: سیان کے نخلستان کا سارہم نے کہا: تو اس کے متعلق کیا پوچھتا ہے وہ بولا: میں پوچھتا ہوں کیا اس کی کھجوریں پھلدار ہوئیں ہم نے کہا: ہاں تو وہ بولا: عنقریب اب وہ پھل نہیں دیں گی کہنے لگا بحرہ طبریہ کا بتاؤ؟ ہم نے کہا: اس کی کس حالت کا تم پوچھ رہے ہو؟ کہنے لگا: کیا اس میں پانی ہے ہم نے کہا اس میں بڑا پانی ہے کہنے لگا: عنقریب اس کا پانی خشک ہو جائے گا پھر اس نے کہا: زغر نامی نہر کا بتاؤ ہم نے کہا: اس کی کونسی بات پوچھتے ہو؟ کہنے لگا: کیا نہر میں پانی ہے اور لوگ نہر کے پانی سے آبپاشی کرتے ہیں ہم نے کہا: ہاں اس میں بلیوں پانی ہے لوگ اسی سے آبپاشی کرتے ہیں۔

کہنے لگا: مجھے ان پڑھوں کے نبیوں کا بتاؤ ان کا کیا ہوا کیا وہ نکل آئے؟ تو ہم نے اس سے کہا: ہاں وہ مکہ سے نکلے اور یثرب قیام کر لیا ہے کہنے لگا: کیا عربوں نے ان سے جنگ کی ہے؟ ہم نے کہا ہاں کہنے لگا نبی نے ان سے کیا برتاؤ کیا؟ ہم نے کہا: کہ وہ اپنے قریبی عربوں پر غالب آ گئے اور انہوں نے اپ کی اطاعت قبول کر لی ہے اس نے کہا: کیا ایسا ہو چکا ہے؟ ہم نے کہا: ہاں کہنے لگا: ان کے لئے یہی بہتر ہے کہ آپ کی اطاعت قبول کر لیں اب میں تمہیں اپنے بارے میں بتاتا ہوں میں خیر سے محروم دجال ہوں عنقریب مجھے باہر نکلنے کی اجازت ملے گی باہر نکال کر میں زمین پر چالیس دن چلتے ہر بستی میں داخل ہو جاؤں گا صرف مکہ اور مدینہ میں نہ جاسکوں گا وہ دونوں میرے ہے حرام ہیں جب بھی میں ان میں سے کسی ایک میں جانے کا ارادہ کروں گا میرے سامنے ایک فرشتہ تلوار سونتے آ جائے گا اور مجھے اس سے روک دے گا اس کے ہر درے پر حفاظت کے لئے فرشتے ہوں گے۔

کیا میں تمہیں نہ بتاؤں یہ طیبہ ہے طیبہ ہے کیا میں نے تم سے یہ بیان نہیں کیا مجھے تمیم کی بات اچھی لگی وہ میری اس بات کے موافق ہے جو میں نے تم سے مکہ اور مدینہ کی نسبت کی ہے خبردار! وہ شام یا یمن کے سمندر میں ہے نہیں بلکہ مشرق کی جانب جب کہ وہ (تمیم داری والا) وہاں نہیں (اصلی دجلہ) مشرق کی جانب ہے جب کہ وہ (جیس اسہ والا) مشرق میں نہیں (مسند احمد مسطبرانی فی الکبیر عن فاطمۃ بنت قیس زادا طبرانی فی آخرہ): بلکہ وہ عراقی سمندر میں ہے بلکہ وہ عراق سمندر میں ہے وہ اصبہان نامی شہر کی راستقاباد نامی بستی سے نکلے گا جب وہ نکلے تو اس کے لشکر کے پہلے حصہ میں ستر ہزار ہونگے جن کے سروں پر تاج ہوں گے اس کے ساتھ دو نہریں ہونگی پائی کی اور آگ کی جس نے ان میں سے اسے پایا تو اس س کہا جائے گا: پانی میں اتر وہ ہرگز اس میں نہ اترے کیونکہ وہ آگ ہوگی اور جب اس سے کہا جائے آگ میں داخل ہو جاؤ تو اس میں داخل ہو جائے کیونکہ وہ پانی ہوگا۔

۳۹۷۰۲..... ابو اسامہ مجالد، عامران کی سلسلہ سند میں روایت ہے فرماتے مجھے فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہ نے بتایا فرماتی ہیں ایک دفعہ رسول اللہ ﷺ دوپہر کے وقت باہر نکلے آپ نے نماز پڑھی اور منبر پر چڑھے لوگ کھڑے ہو گئے آپ نے فرمایا: لوگو! بیٹھ جاؤ! میں اپنی اس جگہ کسی ایسے کام کے لیے کھڑا نہیں ہوا جس نے تمہاری رغبت یا خوف کو کم کرنا ہے۔ کیونکہ آپ ایسے وقت منبر پر چڑھے جس میں کوئی بھی نہیں منبر پر بیٹھتا۔ لیکن تمیم داری میرے پاس آ کر مجھے بتانے لگے کہ ان کے چچیروں کا ایک گروہ بحری سفر پر روانہ ہوا دوران سفر طوفانی ہوا نے انہیں جزیرہ کی طرف جانے پر مجبور کر دیا جسے وہ جانتے نہ تھے پھر وہ جہاز کی ڈونگیوں پر بیٹھ کر جزیرہ کی طرف چل نکلے (وہاں پہنچے) تو انہیں ایک بہت زیادہ بالوں والی چیز ملی یہ پتہ نہیں چلتا تھا کہ وہ مرد ہے یا عورت لوگوں نے اس سے کہا: تو کیا ہے وہ کہنے لگی: میں جساسہ ہوں انہوں نے کہا: ہمیں بتا تو کون ہے؟

وہ کہنے لگی نہ میں تمہیں کچھ بتانے کی اور نہ تم سے کچھ پوچھنے کی البتہ اس گرجے میں جاؤ جو تمہیں نظر آرہا ہے وہاں جاؤ اس میں ایک مرد ہے وہ تم سے پوچھنے اور تمہیں بتانے کا بڑا شوقین ہے چنانچہ یہ لوگ چل پڑے گرجے میں پہنچے اندر جانے کی جازت چاہی تو انہیں اجازت مل گئی اس کے پاس گئے کیا دیکھتے ہیں ایک بوڑھا جس پر غم کے آثار عیاں ہیں انتہائی تکلیف میں زنجیروں۔

میں مضبوطی سے کسا ہوا ہے انہوں نے اسے سلام کیا اس نے جواب دیا: وہ ان سے کہتا ہے تم کون لوگ ہو؟ انہوں نے کہا: شامی کہتا ہے: کس قوم سے انہوں نے کہا: عرب کہنے لگا: عرب کا کیا بنا؟ کہاں ان کا نبی ابھی تک نہیں آیا؟ لوگوں نے کہا: آچکا ہے کہنے لگا: جو شخص ان میں ظاہر ہوا ہے کیسا ہے؟ کہنے لگے: اچھا ہے اس کی قوم نے اس کا دین قبول کرلیا اور اللہ تعالیٰ نے اسے ان پر غلبہ دیدیا ہے اس نے انہیں اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنے کا حکم دیا ہے کاب ان کثرت میں بھی ان کا معبود ایک ہے کہنے لگا یہی ان کے لئے بہتر ہے۔

اس نے کہا: زغر کی نہر کا کیا بنا؟ انہوں نے کہا: ٹھیک ہے لوگ اس سے سیراب ہوتے اور اپنی فصلوں کو سیراب کرتے ہیں کہنے لگا: عمان اور بیسان کے درمیان کھجوروں کے باغ کا کیا ہوا انہوں نے کہا: وہ ہر سال پھل دیتا ہے اس نے کہا: بحیرہ طبریہ کا کیا بنا لوگوں نے کہا: پانی سے پر ہے اور اس کی کنارے پانی سے چھلک رہے ہیں تو اس نے تین چیخیں ماریں اور کہنے لگا: اگر میں اپنی ان زنجیروں سے کھل جاتا تو زمین کے ہر ٹکڑے کو اپنے پاؤں سے روند ڈالتا سوائے مدینہ کے میرا نہ اس پر کوئی بس ہے آور نہ زور۔''

تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اس بات تک تو میری خوشی کی انتہا نہ رہی یہ طیبہ ہے اس ذات کی قسم! جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے یہ طیبہ ہے یقیناً اللہ تعالیٰ نے میرے حرم کو دجال کے لیے حرام قرار دیا ہے کہ وہ اس میں داخل ہو سکے پھر آپ ﷺ نے قسم کھائی اس میں جو بھی تنگ یا کشادہ راستہ یا پہاڑ ہے اس پر ایک فرشتہ قیامت تک اپنی تلوار سونتے کھڑا ہے۔ مدینہ والوں کے پاس دجال نہیں آسکے گا: مجالد کہتے ہیں مجھے عامر نے بتایا: کہ میں نے اس حدیث کا ذکر قاسم بن محمد سے کیا تو قاسم کہنے لگے: میں گواہی دیتا ہوں کہ (میری پھوپھی) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ نے مجھ سے یہ روایت بیان کی ہے البتہ انہوں نے یہ کہا ہے دجال کے لئے دو حرم حرام ہیں مکہ اور مدینہ عامر کہتے ہیں: میں محرز بن ابی ھریرۃ سے ملا اور ان کے سامنے فاطمہ کی حدیث بیان کی تو وہ کہنے لگے: میں اپنے والد کے بارے میں یہ گواہی دیتا ہوں کہ انہوں نے مجھ سے ایسا ہی بیان کیا ہے جیسا تم سے فاطمہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا ہے صرف ایک حرف کم ہے وہ یہ کہ میرے والد نے اس میں ایک باب کا اضافہ کیا ہے فرمایا: تو رسول اللہ ﷺ نے مشرق کی جانب ایک لیکر کھینچی جو بیس مرتبہ کے قریب ہوگی۔ رواہ ابن ابی شیبہ

۳۹۷۰۳.....عبداللہ بن عمرو سے روایت ہے فرمایا: تم رومیوں کے مقابلہ لشکر کشی کروگے اہل شام اپنے گھروں سے نکل کر تم سے مدد طلب کریں گے تم ان کی مدد کروگے کوئی مومن ان سے پیچھے نہیں رہے گا پھر وہ جنگ کریں گے تمہارے درمیان بہت سے لوگ قتل ہونگے پھر تم انہیں شکست دوگے تو وہ اسطوانہ تک پہنچ جائیں گے مجھے وہاں ان کی جگہ معلوم ہے اس کے پاس دنانیر ہوں گے لوگ ڈھالوں سے انہیں ناپیں گے پھر ایک افواہ پھیلے گی دجال تمہارے بچوں کو ڈرار ہا ہے تو وہ سب کچھ پھینک ادھر چل دیں گے۔ رواہ ابن عساکر

۳۹۷۰۴.....عبداللہ بن عمرو سے روایت ہے فرمایا: دجال عراق کی پست زمین سے نکلے گا پھر فرمایا: اخیار کے بعد اشرار کے لئے ایک سو بیس سال میں کوئی نہیں جانتا اس کا پہلا کب داخل ہوگا۔ رواہ ابن ابی شیبہ

۳۹۷۰۵.....ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے دجال کوثی سے نکلے گا۔ رواہ ابن ابی شیبہ

۳۹۷۰۶.....ابو صادق سے روایت ہے کہ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے وہ پہلے گھروں والے معلوم ہیں جنہیں دجال کھٹکھٹائے گا اہل کوفہ وہ تم ہی ہو۔ رواہ ابن ابی شیبہ

۳۹۷۰۷.....مکحول سے روایت ہے فرمایا: جنگ قسطنطنیہ کی فتح اور دجال کے نکلنے کے درمیان سات ماہ ہیں اس کی مثال ہار کی سی ہے ایک دانہ نکلا تو لگاتار نکلنے لگیں گے۔ رواہ ابن ابی شیبہ

۳۹۷۰۸.....(مسند ابن الجراح) میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: نوح علیہ السلام کے بعد ہر نبی نے اپنی قوم کو دجال سے ڈرایا ہے اور میں بھی تمہیں اس سے ڈراتا ہوں پھر رسول اللہ ﷺ نے اس کا حلیہ ہم سے بیان فرمایا جو مجھے یاد نہیں فرمایا: شاید اسے وہ شخص دیکھ لے جس نے مجھے دیکھا یا

میری بات سنی ہے ہم نے عرض کیا: یارسول اللہ اس وقت ہمارے دل آج کی طرح ہونگے؟ فرمایا بلکہ بہتر۔ ترمزی، ابویعلی ابونعیم فی المعرفة

کلام:...... ذخیرة الحفاظ ۲۱۰۰ ضعیف ابی داؤد ۱۰۱۹

۳۹۷۰۹...... حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے لوگوں سے خطاب کیا حمد وثناء اور درود وسلام کے بعد فرمایا: لوگوں کی جماعتو! مجھے گم ہونے سے پہلے مجھ سے پوچھ لو! تین بار ایسا فرمایا تو صعصعة بن صوحان العبدی نے کھڑے ہوکر کہا: امیر المؤمنین! دجال کب نکلے گا: فرمایا: صعصعة ٹھہر جاؤ! اللہ تعالیٰ کو تمہارے کھڑے ہونے کا علم ہے اور س نے تمہاری بات سن لی ہے۔ جس سے پوچھا گیا وہ پوچھنے والے سے زیادہ نہیں جانتا لیکن اس کے نکلنے کی علامات، اسباب اور فتنے ہیں جو ایک سال میں قدم بقدم پے درپے ہونگے پھر اگر چاہو تو میں تمہیں اس کی علامات بتادوں تو وہ کہنے لگا امیر المؤمنین امیں نے اسی کے متعلق تو آپ سے پوچھا ہے آپ نے فرمایا: تو شمار کرو اور جو میں کہنے لگا اسے یاد رکھو! جب لوگ نمازیں چھوڑنے لگیں امانتیں ضائع کرنے لگیں فیصلہ کمزور ہو ظلم کو فخر سمجھا جائے حکمران فاجر ہوں وزراء خائن ہوں اراکین حکومت ظالم ہوں۔ فاسق قراء ہوں ظلم عام ہوجائے زنا پھیل جائے سودی کاروبار ظاہر ہوجائے رشتے ناتے ختم کردیئے جائیں گانے والی رکھی جانے لگیں شرابیں پی جاتی ہوں وعدے توڑے جانے لگیں عشاء کی نماز ضائع ہونے لگے لوگ باجماعت نمازوں میں سستی کرنے لگیں مساجد منقش ہوں منبر لمبے ہوں قران پر زیور (سونا چاندی) لگایا جانے لگے لوگ رشوت لینے لگیں سود کھانے لگیں بے وقوفوں کو گورنر بنانے لگیں قتل وخون کو معمولی بات سمجھیں دین کو دنیا کے بدلے بیچنے لگیں اور دنیا کی لالچ میں عورت اپنے خاوند کے ساتھ تجارت کرنے لگے عورتیں۔ (سٹیجوں) منبروں پر چڑھنے لگیں اور مردوں کی مشابہت اختیار کرلیں اور مرد عورتوں کی صورت بنانے لگیں اور پہچان کی بناء پر سلام کریں گواہ بغیر مطالبہ گواہی ءدے اور قسم کھلوانے سے پہلے قسم کھائے اور بھیڑیوں جیسے دلوں پر بھیڑ کی کھالیں پہنیں ان کے دل ایلوے (اندرائن تمبے) سے زیادہ کڑوے ہوں اور زبانیں شہد سے شیریں ان کے باطن مردار سے زیادہ بدبودار ہوں بے دینوں سے دین حاصل کیا جائے بھلائی کو برائی اور برائی کو نیکی سمجھا جائے نجات نجات اور جلدی جلدی!

اس وقت عبادان کے لوگ بہترین رہنے والے ہونگے: ان میں سونے والا اللہ تعالیٰ کی راہ جہاد کرنے والے کی طرح ہے وہ پہلی جگہ ہے جہاں کے لوگ عیسیٰ بن مریم علیہ السلام پر ایمان لائے لوگوں نے ایسا زمانہ بھی دیکھنا ہے کہ کوئی کہے گا: کاش میں عبادان کے کسی گھر کی اینٹ پر لگی گھاس ہوتا تو اصبغ بن نباتہ نے کھڑے ہوکر کہا: امیر المؤمنین! دجال کون ہے فرمایا: صافی بن صائد جس نے اس کی تصدیق کی وہ بد بخت ہے اور جس نے اس کی تکذیب کی وہ نیک بخت ہے خبردار! دجال کھائے پئے گا بازاروں میں چلے گا جب کہ اللہ تعالیٰ ان ضروریات سے بلند شان ہے خبردار! پہلے گزر کے ساتھ اس کی لمبائی چالیس گز ہوگی اس کے نیچے سفید گدھا ہوگا س کا ہر کان تیس گز کا ہوگا اس کے کھر سے دوسرے کھر تک کا فاصلہ ایک دن رات۔ (۲۴ گھنٹوں) کی مسافت ہوگی گھاٹ کی طرح زمین اس کے لئے لپیٹ دی جائے گی اپنے ہاتھ سے بادل پکڑے گا سورج کے غروب ہونے سے مغرب میں پہنچ جائے ٹخنوں تک سمندر میں گھس جائے گا اس کے سامنے دھوئیں کا پہاڑ ہوگا اس کے پیچھے سبز پہاڑ ہوگا دونوں پہاڑوں کے درمیان ایسی آواز سے پکارے گا جو سنی جائے گی، میرے دوستو! میری طرف آؤ میرے دوستو! میرے پیارو! میری طرف آؤ! میں نے ہی برابر پیدا کیا میں نے اندازہ ٹھہرایا اور ہدایت دی میں ہی تمہارا سب سے اعلیٰ رب ہوں اللہ کے دشمن نے جھوٹ کہا تمہارا رب ایسا نہیں خبردار! دجال کے زیادہ تر پیروکار ومددگار یہودی اور حرامزادے ہوں گے اللہ تعالیٰ اسے عیسیٰ علیہ السلام کے ہاتھوں شام کی گھاٹی میں قتل کرے گا جسے عقبہ افیق کہتے کی ہیں اس وقت دن کی تین گھڑیاں گزر چکی ہوں گی۔

اس وقت صفا پہاڑ سے جانور کا ظہور وخروج ہوگا س کے پاس سلیمان علیہ السلام کی انگوٹھی موسیٰ بن عمران علیہ السلام کا عصا ہوگا وہ انگوٹھی سے ہر مؤمن کی پیشانی پر نشان لگائے: یہ پکا مؤمن ہے پھر ہر کافر کی پیشانی پر داغ لگائے گا: یہ پکا کافر ہے آگاہ رہنا اس وقت مومن کافر سے کہے گا: کافر! تیرا ناس ہوا! تمام تعریفیں اللہ کے لئے جس نے مجھے تجھ جیسا نہیں بنایا اور کافر مومن سے کہے گا: مومن تیری لئے بہتری ہو، کاش! میں تیرے ساتھ ہوتا تو میں بھی کامیاب ہوتا اس کے بعد کی باتیں مجھ سے نہ پوچھو کیونکہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے چھپانے کی وصیت کی ہے۔

ابن المنادی وفیه حماد بن عمرو متروک عن السری بن قال فی المیزان لایعرف وقال لازدی الایتحج به

ابن الصیاد

۳۹۷۱۰.....حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا: قیامت سے پہلے چھہتر دجال ہیں۔ رواہ ابن ابی شیبہ

۳۹۷۱۱.....(ازمسند جابر بن عبداللہ) حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ ابن صیاد سے ملے آپ کے ساتھ ابوبکر تھے آپ نے فرمایا: کیا تو گواہی دیتا ہے کہ میں اللہ کا رسول ہوں؟ وہ کہنے لگا: کیا آپ گواہی دیتے ہیں میں اللہ کا رسول ہوں؟ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسولوں پر ایمان رکھتا ہوں۔ (جب کہ تو ان میں سے نہیں ہے) بتا تجھے کیا نظر آتا ہے؟ ابن صیاد کہنے لگا: مجھے پانی پر عرش نظر آرہا ہے تو رسول اللہ ﷺ نے اس سے فرمایا: تجھے ابلیس کا عرش پانی پر نظر آرہا ہی پھر اپ نے فرمایا: تجھے کیا نظر آتا ہے؟ کہنے لگا: مجھے کہے اور جھوٹے نظر آتے ہیں تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: یہ اشتباہ میں ہے اسے چھوڑ واس پر معاملہ گڑبڑ ہے اسے چھوڑ دو۔ رواہ ابن ابی شیبہ

۳۹۷۱۲.....حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا: حرہ کے روز ہم نے ابن صیاد کو گم پایا۔ رواہ ابن ابی شیبہ

۳۹۷۱۳.....حسین بن علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا: کہ رسول اللہ ﷺ نے ابن صیاد کے لئے لفظ دخان ذہن میں مخفی رکھ کر پوچھا تو وہ کہنے لگا: دخ آپ نے فرمایا: دفع ہو تیرا مرتبہ نہ بڑھے جب رسول اللہ ﷺ چلے گئے تو لوگوں نے کہا: اس نے کیا کہا: کسی نے کہا: دخ اور کسی نے ذخ تو (جب رسول اللہ ﷺ کو پتہ چلا) آپ نے فرمایا: یہ اور تم میرے ساتھ اختلاف کرتے ہو میرے بعد تم لوگ سخت اختلاف کروگے۔

طبرانی فی الکبیر

۳۹۷۱۴.....حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا: کہ میں ابن صیاد کے بارے دس قسمیں کھاؤں کہ وہ دجال ہے اس کے مقابلہ میں میں ایک قسم کھاؤں کہ وہ دجال میں تو یہ مجھے زیادہ پسند ہے یہ اس بات کی وجہ سے جو میں نے رسول اللہ ﷺ سے سن رکھی ہے مجھے رسول اللہ ﷺ نے ابن صیاد کی ماں کے پاس یہ کہہ کر بھیجا کہ اس سے پوچھنا کہ اس کا حمل کتنا رہا تو وہ بولی بارہ سال میں نے آکر آپ کو بتایا آپ نے فرمایا: اس کی آواز کے بارے میں پوچھنا کہاں آگی؟ وہ کہنے لگی: اس نے دوماہ کے بچے جیسی چیخ ماری تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں نے تمہاری لئے ایک چیز چھپائی ہے وہ کہنے لگا: آپ نے میرے لئے خاکستری رنگ کی بکری کی ہڈی چھپائی ہے آپ ﷺ لفظ دخان کہنا چاہتے تھے۔ آپ نے فرمایا: دفع ہو! تو تقدیر سے آگے نہیں بڑھ سکتا۔ رواہ ابن ابی شیبہ

۳۹۷۱۵.....حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ابن صیاد سے فرمایا: تمہیں کیا نظر آتا ہے؟ کہنے لگا: مجھے پانی پر عرش نظر آتا ہے جس کے اردگر سانپ میں آپ ﷺ نے فرمایا: یہ ابلیس کا عرش ہے۔ رواہ ابن ابی شیبہ

۳۹۷۱۶.....حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا: مدینہ کے کسی راستہ پر میری ابن صیاد سے ملاقات ہوگئی تو اس نے اپنے آپ کو پھو لاکر راستہ بند کرلیا میں نے کہا: دفع ہو! تیرا مرتبہ ہرگز نہیں بڑھے گا تو وہ سکڑنا شروع ہوگیا اور میں چلا گیا۔ رواہ ابن ابی شیبہ

۳۹۷۱۷.....حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب ابن صیاد کی والدہ نے اسے جنا تو اس کی سینے سے ناف تک بالوں کی لکیر تھی اور ختنہ کیا ہوا تھا۔ رواہ ابن ابی شیبہ

عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کا نزول

۳۹۷۱۸.....نافع بن کیسان اپنے والد سے روایت کرتے ہیں فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: عیسیٰ علیہ السلام نازل ہوں گے۔

بخاری فی تاریخہ ابن عساکر

۳۹۷۱۹.....حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اور آپ نے ہندوستان کا ذکر کیا تمہارا ایک لشکر ہندوستان پر حملہ کرے گا اللہ انہیں فتح دے گا یہاں تک کہ ان کے بادشاہوں کو بیڑوں میں جکڑ کرلائیں گے اللہ تعالیٰ ان کے گناہ بخشے جب وہ

واپس لوٹیں گے تو ابن مریم علیہما السلام کو شام میں پائیں گے۔ رواہ ابو نعیم

۳۹۷۲۰......ابوالاشعث الصغانی سے روایت فرماتے ہیں: میں نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو فرماتے سنا: عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام اتریں نماز پڑھیں گے لوگوں کو جمع کریں گے حلال میں اضافہ کریں گے گویا میں دیکھ رہا ہوں ان کی سواریاں انہیں کھلے میدان میں حج یا عمرہ کرتے ہوئے لے جارہی ہیں۔ رواہ ابن عساکر

۳۹۷۲۱......حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا: عیسیٰ علیہ السلام کے خروج کے لئے مسجدیں بھری ہونگی اور وہ نکلیں گے تو صلیب توڑدیں گے خنزیر کو قتل کردیں گے جو انہیں دیکھے گا ان پر ایمان لے آئے گا تم میں سے جو کوئی ان کا زمانہ پائے تو انہیں میرا اسلام کہے۔ رواہ ابن ابی شیبہ

۳۹۷۲۲......حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں: کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ابن مریم علیہما السلام منصف حاکم بن کر اتریں گے اور ایک روایت میں ہے عادل کے الفاظ میں وہ ضرور صلیب توڑدیں گے اور یقیناً خنزیر کو قتل کردیں گے جزیہ ختم کردیں گے اونٹیاں چھوڑدیں گے ان پر پانی میں ڈھویا جائے گا بغض وعداوت حسد وکینہ ختم ہوجائے گا وہ مال (لینے کے لیے) کی دعوت دیں گے لیکن کوئی اسے قبول نہیں کرے گا۔ ابن عساکر

۳۹۷۲۳......حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہوئے فرماتے ہیں: میری امت کی ایک جماعت ہمیشہ حق پر قائم رہ کر لوگوں پر غالب رہے گی اپنے مخالفین کی کوئی پرواہ نہیں کریں گے یہاں تک کہ عیسیٰ ابن مریم علیہما السلام نازل ہوجائیں اوزاعی فرماتے ہیں: میں نے یہ حدیث قتادہ سے بیان کی تو انہوں نے فرمایا: میرے علم میں وہ صرف شام والے ہی ہیں۔ رواہ ابن عساکر

۳۹۷۲۴......حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ فرمایا کرتے تھے: میری امت کی ایک جماعت ہمیشہ حق پر ثابت قدم رہتے ہوئے قتال کرتے غالب رہے گی یہاں تک کہ عیسیٰ ابن مریم علیہما السلام نازل ہوں اورزاعی فرماتے ہیں: میں یہ روایت قتادہ سے بیان کی تو انہوں نے فرمایا: میرے علم کے مطابق وہ اہل شام ہی ہیں۔ رواہ ابن عساکر

۳۹۷۲۵......حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا: جب تک عیسیٰ علیہ السلام کی چوٹی پر ہاتھ میں نیزہ لیے نازل ہوکر دجال قتل نہیں کرلیتے قیامت قائم نہیں ہوگی۔ رواہ ابن عساکر

۳۹۷۲۶......ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا: دجال پہلا شخص ہے جس کی پیروی کرنے والے ایسے ستر ہزار یہودی ہونگے جن پر سبحان۔ سبز اون کے بنے کپڑے۔ آپ کی مراد طیالسۃ (خال قسم کی ٹوپی سے) ہے نیز اس کے ساتھ یہودی جادوگر ہوں گے جو عجائب اور شعبدے دکھا کر لوگوں کو گمراہ کریں گے اس کی داہنی آنکھ سپاٹ ہوگی اور وہ کانا ہوگا اللہ تعالیٰ اسے اس امت کے ایک شخص پر مسلط کرے تو یہ اسے قتل کرے گا پھر اسے کوڑے مارے گا پھر زندہ کرے گا اس کے بعد وہ اسے قتل نہیں کرسکے گا اور نہ کسی اور پر اس کا بس چلے گا اس کے نکلنے کی نشانی یہ ہے کہ لوگ نیکی کرنے کا حکم دینا اور برائی سے منع کرنا چھوڑدیں گے خونوں کے بارے میں غفلت برتیں گے احکام کو ضائع کردیں گے سود کھائیں گے مضبوط عمارتیں بنائیں گے شرابیں پیں گے کمانے والیاں رکھیں گے ریشم پہنیں گے فرعونیوں کی شکل وصورت اختیار کریں گے بدعہدی کریں گے دنیا کے لیے دین حاصل کریں گے مساجد کو سجائیں گے اور دلوں کو ویران کریں گے رشتہ داریاں ختم کریں گے قراء کی بہتات ہوگی اور دین کی سمجھ رکھنے والے گنے چنے ہوں گے حدود بے کار ہونگی مرد عورتوں کے اور عورتیں مردوں کی مشابہت اختیار کریں گی مردوں سے مرد اور عورتوں سے عورتیں لطف اندروز ہوں گی اللہ تعالیٰ ان پر دجال کو عذاب بنا کر بھیجے گا وہ ان پر مسلط کردیا جائے گا یہاں تک کہ ان سے انتقام لیا جائے گا اور ایمان والے بیت المقدس پہنچ جائیں گے۔

ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اس وقت میرے بھائی یعنی ابن مریم علیہما السلام آسمان سے جبل افیق پر رہنما امام اور منصف حاکم بن کر نازل ہونگے ان پر ان کی ٹوپی ہوگی ان کا قد درمیانہ ہوکشادہ پیشانی بال گھنگھریالے ان کے ہاتھ میں نیزہ ہوگا دجال کو قتل کریں گے جب دجال قتل ہوجائے گا تو جنگ ختم ہوجائے گی ہر طرف صلح ہوگی آدمی شیر سے ملے تو وہ اسے نہیں غرائے گا سانپ کو پکڑے گا تو

وہ اسے نقصان نہیں پہنچائے گا زمین اپنی پیداوار ایسے اگائے گی جیسے وہ آدم علیہ السلام کے زمانہ میں اگاتی تھی لوگ آپ پر ایمان لے آئیں گے اور سب لوگ ایک دین پر قائم رہیں گے۔اسحاق بن قس ابن عساکر

۳۹۷۲۷......حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں: مجھ سے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تیری اولاد اطراف میں رہنے لگے ان کا لباس سیاہی مائل ہو اور ان کے مددگار وہ ہموا خراساں والے ہوں تو حکومت انہی کے ہاتھ میں رہے گی یہاں تک کہ وہ عیسیٰ ابن مریم علیہما السلام کے حوالہ کردیں۔ابن البخاری

کلام:......اللآ لی ج ۱ص ۴۳۴ الموضات ج ۲ص ۳۵

۳۹۷۲۸......حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے فرماتی ہیں: میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! مجھے قرائن سے محسوس ہوتا ہے کہ میں آپ کے بعد زندہ رہوں گی تو آپ مجھے اپنے پہلو میں دفن ہونے کی اجازت دیتے ہیں آپ نے فرمایا: تمہارے لئے یہ جگہ کیسے ہوسکتی ہے اس میں تو یہ ابوبکر اور عمر اور عیسیٰ کی قبر کی جگہ ہے۔رواہ ابن عساکر

۳۹۷۲۹......یحییٰ بن جعدہ سے روایت ہے فرمایا: کہ فاطمہ بنت رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے فرمایا: عیسیٰ ابن مریم علیہما السلام بنی اسرائیل میں چالیس سال رہے۔ابویعلی ابن عساکر

۳۹۷۳۰......حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا: عیسیٰ ابن مریم علیہما السلام نازل ہوں گے جب دجال انہیں دیکھے گا تو ایسے پگھلے گا جسے (دھوپ میں) چربی پگھلتی ہے چنانچہ دجال قتل ہوگا اور یہودی منتشر ہوکر بکھر جائیں گے وہ بھی قتل کیے جائیں گے یہاں تک کہ پتھر پکار کر مسلمان سے کہے گا: اللہ کے بندے! یہودی ہے آ واسے قتل کرو۔رواہ ابن ابی شیبہ

۳۹۷۳۱......حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا: عیسیٰ بن مریم علیہما السلام قیامت سے پہلے آنے والے ہیں لوگ ان کی وجہ سے دوسروں سے بے پرواہو جائیں گے۔رواہ ابن عساکر

یاجوج وماجوج

۳۹۷۳۲......نواس بن سمعان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مجھے دکھایا گیا ہے کہ عیسیٰ بن مریم علیہما السلام دمشق کی مشرقی جانب سفید مینارے کے نیچے سے دو بندھے کپڑوں میں ملبوس دو فرشتوں کے شانوں پر ہاتھ رکھے نکلیں گے جب وہ سر جھکائیں گے تو پانی کے قطرے ٹپکیں گے اور جب سر اٹھائیں گے تو قطرے ایسے ڈھلکیں گے جیسے موتی آپ وقار سے چلیں گے زمین آپ کے لئے سمیٹ دی جائے گی جس کافر تک آپ کی سانس پہنچے گی وہ مرجائے گا اور آپ کی سانس آپ کی نگاہ کی حد تک پہنچے گی اور آپ کی نگاہ کافروں کے قلعوں اور ان کی عبادت گاہوں تک پہنچے گی دجال کو آپ باب لد پہ جاکے پالیں گے۔(اسے قتل کریں گے تو) وہ مرجائے گا پھر آپ مسلمانوں کی طرف جائیں گے جنہیں اللہ تعالیٰ نے اسلام کی وجہ سے بچالیا ہوگا اور کافر لوگ اپنے قلعوں سے اتریں ان کی داڑھیاں اور جلدیں جھڑرہی ہوں گی پھر انصاری کہیں گے یہ وہ دجال ہے جس سے ہم نے ڈرایا اور یہی آخرت ہے جس نے عیسیٰ ابن مریم علیہما السلام کو ہاتھ لگایا ہوگا وہ سب لوگوں میں بلندشان ہوگا (لیکن) انہیں ہاتھ لگانا بہت مشکل ہوگا عیسیٰ علیہ السلام ان کے چہروں پر ہاتھ پھیر کر جنت میں انھیں ان کے درجات بتائیں گے وہ لوگ اسی خوش مشرت میں مصروف ہونگے کہ یاجوج وماجوج نکل پڑیں گے عیسیٰ علیہ السلام کی طرف وحی آئے گی میں نے اپنے ایسے بندے نکالیں جنہیں میرے سوا کوئی قتل نہیں کرسکتا لہٰذا میرے۔(دوسرے) بندوں کو طور پر محفوظ کرلو پھر یاجوج ماجوج کا پہلا حصہ بحیرہ طبریہ سے گزرے گا تو اسے پی ڈالے گا پھر دوسرے پہنچے گے وہ اپنے نیزے گاڑ کر کہیں گے یہاں کبھی پانی تھا پھر جب وہ بیت المقدس کے آمنے سامنے ہوں گے تو کہیں گے: ہم نے زمین والے تو مارڈالے چلو آسمان والوں کو قتل کریں پھر وہ آسمان کی طرف اپنے تیر پھینکیں گے جنہیں اللہ تعالیٰ خون آلود کرکے واپس کرے گا: وہ کہیں گے: ہم نے آسمان والوں کو بھی مارڈالا عیسیٰ علیہ السلام اور آپ کے ساتھی قلعہ بند ہوں گے یہاں تک

کہ (ذبح شدہ) بیل اوراونٹ کا سر آج کے سودینار سے بہتر ہوگا۔ ابن عساکر وقال کذا قال المغارة وھو تصیحف وانما ھو المنارة

۳۹۷۳۳...... وھب بن جابر عن عبداللہ بن عمرو میرے خیال میں نے انہوں نے مرفوع روایت بیان کی فرمایا: یاجوج ماجوج آدم علیہ السلام کی اولاد ہیں؟ فرمایا: ہاں ان کی تین امتیں ہیں تاویل اتاریں۔ ان میں ایک آدمی کی ہزار تک اولاد ہوتی ہے۔ بیھقی ابن عساکر

دھنساؤ و بگڑاؤ

۳۹۷۳۴...... عبدالرحمٰن بن صحار اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: قبائل کو دھنسائے بغیر قیامت قائم نہیں ہوگی یہاں تک آدمی سے کہا جائے گا: فلاں کی اولاد سے اتنے دھنس گئے فرماتے ہیں میں سمجھ گیا کہ عرب اپنے قبائل کی طرف منسوب کرکے اور عجم اپنے دیہاتوں شہروں کی طرف منسوب کرکے بلائے جاتے۔ رواہ ابن ابی شیبہ

۳۹۷۳۵...... عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا: (قیامت کے) قریب مختلف قسم کی معدنیات نکلیں گی انہیں سونے کا فرعون یا فرعون کا سونا کہا جائے گا لوگ اس کا رخ کریں گے وہ اس کان میں کام کررہے ہوں گے اچانک انہیں سونا نظر آئے گا جو انہیں اچھا لگے گا پھر اس میں اور انہیں دھنسا دیا جائے گا۔ رواہ ابو نعیم

۳۹۷۳۶...... عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا: ایک گھر کو دوسرے گھر کے ساتھ اور گھر سمیت دوسرے گھر کو ضرور دھنسایا جائے گا۔

رواہ ابن ابی شیبہ

۳۹۷۳۷...... ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا کہ نبی ﷺ نے فرمایا: دھنساؤ بگڑاؤ اور زلزلہ ضرور آئے گا لوگوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! کیا اس امت میں؟ فرمایا: ہاں! جب گانے والیاں رکھ لیں گے زنا کو حلال سمجھ لیں گے لوگ سود کھائیں اور حرم میں شکار کھیلنا حلال کھیں گے، مرد مردوں سے عورتیں عورتوں سے لطف اندوز ہونے لگیں۔ رواہ ابن النجار

۳۹۷۳۸...... ابن شوذب سے روایت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جب زمین میں کوئی ایماندار نہیں ہوگا اس وقت دابۃ الارض نکلے گا۔

نعیم بن حماد

۳۹۷۳۹...... (از مسند حذیفہ ابن الیس الغفاری) دابۃ کا زمانہ میں تین مرتبہ نکلنا ہوگا ایک مرتبہ یمن کے آخری حصے نکلے گا اس وقت اس کا ذکر دیہاتیوں میں عام ہوجائے گا شہروں یعنی مکہ میں نہیں پہنچے گا پھر کافی عرصہ گزرے گا تو دوسری مرتبہ مکہ کے قریب سے نکلے گا اس وقت اس کا ذکر دیہاتیوں میں اور مکہ میں پھیل جائے گا اس کے بعد پھر کافی عرصہ ایسے ہی گزرے گا ایک دفعہ لوگ اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے عظیم حرمت وعظمت والی مسجد میں یعنی مسجد حرام میں ہوں گے کہ وہ رکن ومقام ابراہیم کے درمیان باب یعنی مخزوم کی جانب مسجد سے باہر کی جانب چیخ کر اپنے سر سے مٹی جھاڑ رہا ہوگا تو لوگ اکھٹے اور تنہا اس سے بھاگیں گے ایمان والوں کی ایک جماعت اس کے لیے ٹھہر جائے گی اور وہ جان جائیں گے کہ اللہ تعالیٰ کو عاجز نہیں کرسکتے وہ ان کے سامنے آجائے گا ان کے چہرے روشن ہوجائیں گے یہاں تک کہ انہیں ستاروں کی طرح کردے گا اس کے بعد وہ زمین میں نکل جائے گا نہ کوئی طلبگار اسے پاسکے گا اور نہ کوئی بھاگنے والا اسے قتل کرسکے گا یوں کہ ایک شخص نماز کے ذریعہ اس سے پناہ مانگ رہا ہوگا وہ اس کے پیچھے سے آکر کہے گا ارے فلانے! ابھی تو نماز پڑھنے لگا ہے پھر اس کی طرف آکر اسے نشان لگائے گا اور چلا جائے گا لوگ اپنے گھروں اور سفروں میں (معمول کے مطابق) شروع ہوجائیں گے مالی لین دین میں شریک ہونگے شہروں میں ایک دوسرے کے ساتھ رہیں گے یہاں تک کہ کافر مومن کی پہچان ہوگی مومن کافر سے کہے گا: کافر ہمارا حق ادا کر، اور کافر مومن سے کہا: مومن! میرا حق ادا کر۔

ابوداؤد طیالسی طبرانی فی الکبیر حاکم وتعقب بیھقی فی البعث وعبد بن حمدی فی تفیرہ عن ابی الطفیل عن حذیفۃ بن اسید الغفاری

۳۹۷۴۰...... عاصم بن حبیب بن صہبان سے روایت ہے فرماتے ہیں: میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو منبر پر فرماتے سنا: کہ دابۃ الارض منہ سے کھائے گا اور دبر سے گوز مارے گا تو ایک شخص آپ سے کہے لگا: میں گواہی دیتا ہوں وہ دابہ آپ ہی ہیں تو حضرت علی رضی اللہ عنہ اسے سخت سست کہا۔ عقیلی فی الضعفاء

زرد ہوا

۳۹۷۴۱ ...... عبداللہ بن عمرو سے روایت ہے: قیامت کے سے پہلے غبار والی ہوا بھیجی جائے گی جو ہر مومن کی روح قبض کر لے گی۔ (لوگوں میں یہ عام ہو جائے گی) کہا جانے لگے گا فلاں کی روح مسجد سے قبض ہوئی فلاں بازار میں تھا اس کی روح قبض ہوئی۔ رواہ ابونعیم

بضمن علامات

۳۹۷۴۲ ...... (ازمسند بریدة بن الخصیب) بریدہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: سوسال کے آغاز ایک خوشبودار ٹھنڈا ہوا بھیجی جائے گی جس میں ہر مسلمان کی روح قبض کر لی جائے گی۔ رواہ ابونعیم

صور کی پھونک

۳۹۷۴۳ ...... (ازمسند ابن عباس) جب آیت ''پس جب صور میں پھونک ماری جائے نازل ہوئی تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا: میں کیسے مزے سے رہوں جب کہ صور والے نے صور منہ کے ساتھ لگا کر اپنی پیشانی جھکالی حکم کا منتظر ہے کہ کب اسے حکم ملے اور وہ پھونک مارے تو نبی ﷺ کے صحابہ نے عرض کیا: یا رسول اللہ! ہم کیسے کہا کریں؟ آپ نے فرمایا: کہا کرو اللہ ہی ہمیں کافی ہے اور وہ بہترین کارساز ہے اللہ پر ہی ہمارا بھروسا ہے۔

ابن ابی شیبة طبرانی فی البکری ابن مردویه وهو حسن

۳۹۷۴۴ ...... ارقم بن ارقم سے روایت ہے فرماتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں کیسے مزے کی زندگی گزاروں جب کہ صور والے نے صور منہ میں رکھ پیشانی جھکا کر کان لگا کر انتظار کر رہا ہے کہ کب حکم ہو اور وہ پھونک مارے جب رسول اللہ ﷺ کے صحابہ نے سنا تو ان پر بڑا گراں گزرا عرض کیا: یا رسول اللہ ہم کیا کریں؟ آپ نے فرمایا: کہا کرو اللہ ہیں کافی ہے اور وہ بہترین کارساز ہے۔

الباوردی وقال کذافی کتابی فلان ادری منی او صمن حدثنی! وقال ایوب زید بن ارقم

بعث وحشر

۳۹۷۴۵ ...... حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ سے عرض کیا: یا رسول اللہ! قیامت کے روز لوگ کہا ہوں گے؟ فرمایا: اللہ تعالیٰ کی پسندیدہ اور محبوب زمین شام میں اور وہ فلسطین اور سکندریہ کی بہترین زمین ہے وہاں قتل ہونے والو کو اللہ تعالیٰ دوسری زمین میں سے نہیں اٹھائے گا وہ اس میں قتل ہوئے اور اسی سے اٹھا کر جمع کیے جائیں گے اور وہیں سے جنت میں داخل ہوں گے۔

ابن عساکر وسنده ضعیف

بعث کے بعد پیش آنے والے امور حساب

۳۹۷۴۶ ...... (ازمسند بریدہ بن الخصیب الاسلمی) بریدہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا: کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ہر ایک سے رب العالمین پوچھے گا اس کے اور بندے کے درمیان نہ کوئی پردہ ہوگا اور نہ کوئی ترجمان۔ رواہ ابونعیم

۳۹۷۴۷ ...... سلیمان بن عامر فرماتے ہیں: کہ ہم سے حضرت مقداد بن الاسود رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا:

قیامت کے روز سورج لوگوں کے اتنے نزدیک کردیا جائے گا یہاں تک کہ وہ ایک سلائی کے برابر قریب پہنچ جائے گا: سلیمان بن عامر فرماتے ہیں اللہ کی قسم مجھے معلوم نہیں آپ نے میل سے مسافت والا میل مراد لیا یا سرمہ کی سلائی والا پھر لوگ اپنے اعمال کے لحاظ سے پسینے میں مبتلا ہوں گے کوئی گھٹنوں تک کوئی کوکھ تک کسی کو پسینے کی مضبوط لگام پڑی ہوگی اور رسول اللہ ﷺ نے اپنے ہاتھ سے اپنے منہ کی طرف اشارہ کیا۔

مسلم، ترمذی کتاب الجنة رقم ۲۸۶۴

۳۹۷۴۸..... حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا: قیامت کے روز بندے کو لایا جائے گا پھر رب تعالیٰ اس پر لوگوں کو درمیان پردہ ڈال دے گا اس کی اچھائی دیکھ کر فرمائیں گے میں نے قبول کیا اور برائی دیکھ کر فرمائیں گے میں نے بخش دیا تو وہ شخص خیر وشر کے وقت سجدہ ریز ہوگا تو لوگ کہیں گے: اس بندے کے لئے بڑی خوشی ہے جس نے کبھی کوئی برائی نہیں کی۔

بیھقی فی البعث وقال: ھذا موقوف والا یقولہ الا توقیفا

۳۹۷۴۸..... حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا: ایک دیہاتی رسول اللہ ﷺ کے پاس آکر کہنے لگا یارسول اللہ! قیامت کے روز مخلوق کا حساب کون لے گا؟ تو نبی ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ تو وہ اعرابی کہنے لگا: رب کعبہ کی قسم (پھرتو) ہم کامیاب ہوئے آپ علیہ السلام نے فرمایا: اعرابی وہ کیسے؟ تو اس نے کہا: بخشش کرنے والا جب قادر ہوتا ہے تو معاف کردیتا ہے۔ رواہ ابن النجار

شفاعت

۳۹۷۵۰..... (مسند الصدیق) ابوھیندہ ابراء بن نوفل والان عدوی سے وہ حذیفہ سے آپ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں فرمایا: ایک روز رسول اللہ ﷺ نے صبح کی نماز پڑھی تو بیٹھ گئے جب چاشت کا وقت ہوا آپ مسکرائے اور اپنی جگہ پر ہی بیٹھے رہے اور وہیں ظہر اور مغرب کی نمازیں پڑھیں ان میں کسی سے کوئی بات نہیں کی یہاں تک کہ عشاء کی نماز پڑھ کر اپنے گھر چلے گئے لوگوں نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے کہا: کیا آپ رسول اللہ ﷺ سے پوچھتے ہیں کہ ان کی کیا حالت ہے کہ آج آپ نے ایسا کچھ کیا جو پہلے کبھی نہیں کیا؟ چنانچہ انہوں نے آپ سے پوچھا آپ نے فرمایا: آج مجھے دنیا وآخرت کی ہونے والی ہر (اہم) چیز دکھادی گئی پہلے اور پچھلے ایک کھلی وادی میں جمع ہوں گے لوگ گھبرائے ہونگے بالاخر آدم علیہ السلام کے پاس جائیں گے پسینہ انہیں لگام ڈالے ہوگا کہیں گے: اے آدم! آپ انسانوں کے باپ ہیں اللہ تعالیٰ نے آپ کو برگزیدہ کیا آپ ہمارے لئے اپنے رب سے شفاعت کریں وہ فرمائیں گے: جو حالت تمہاری ہے میرا بھی وہی حال ہے اپنے دادا کے بعد اپنے باپ نوح کے پاس جاؤ، بے شک اللہ تعالیٰ نے آدم نوح آل ابراہیم اور آل عمران کو جہاں والوں پر فضیلت بخشی۔ چنانچہ وہ لوگ نوح علیہ السلام کے پاس جا کر کہیں گے: ہمارے لیے اپنے رب سے سفارش کریں اللہ تعالیٰ نے آپ کو چنا اور آپ کی دعا قبول کی اور زمین پر کوئی کافر بستا ہوا نہیں چھوڑا وہ فرمائیں گے: میں یہ کام نہیں کرسکتا ابراہیم کے پاس جاؤ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے انہیں خلیل بنایا ہے چنانچہ وہ ابراہیم علیہ السلام کے پاس جائیں گے وہ فرمائیں گے میں اس کام کا نہیں البتہ تم موسیٰ علیہ السلام کے پاس جاؤ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے ان سے حقیقت میں کلام کیا ہے موسیٰ علیہ السلام فرمائیں میں یہ کام نہیں کرسکتا تم لوگ عیسیٰ ابن مریم کے پاس جاؤ کیونکہ وہ مادرزاد اندھے کو اور برص والے کو ٹھیک کرتے تھے اور مردوں کو زندہ کرتے تھے تو عیسیٰ علیہ السلام فرمائیں گے: میں اس کا اہل نہیں تم آدم علیہ السلام کی اولاد کے سردار کے پاس جاؤ کیونکہ قیامت کے روز سب سے پہلے ان کی قبر کھلے گی محمد (ﷺ) کے پاس جاؤ تا کہ وہ تمہارے رب سے تمہارے لیے سفارش کریں چنانچہ وہ جائیں گے پھر جبرائیل علیہ السلام اپنے رب کی پاس جا کر کہیں گے رب تعالیٰ فرمائیں گے: انہیں اجازت ہے اور جنت کی خوشخبری سناؤ پھر جبرائیل علیہ السلام انہیں لیکر جائیں گے تو پھر جمعہ کی مدت سجدہ ریزہ ہونگے اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: اپنا سر اٹھاؤ کہو تمہاری بات سنی جائے گی شفاعت کرو شفاعت قبول کی جائے گی چنانچہ آپ سر اٹھائیں گے جب اپنے رب کو دیکھیں گے تو پھر جمعہ کی مدت تک سجدہ ریز ہوجائیں گے پھر اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: اپنا سر اٹھاؤ کہو تمہاری بات سنی جائے گی شفاعت کرو تمہاری شفاعت قبول کی جائے گی تو آپ پھر سجدہ میں جانے لگیں گے تو

جبرائیل آپ کو دونوں کندھوں سے تھام لیں گے تو اللہ تعالیٰ آپ کو ایسی دعائیں الہام کرے گا جو کسی بشر کو نہیں سکھائیں تو آپ فرمائیں گے: میرے رب! مجھے آپ نے اولاد آدم کا سردار بنا کر پیدا کیا مگر میں اس پر کوئی فخر نہیں کرتا، قیامت کے روز سب سے پہلے میری قبر کھلی جے کوئی فخر میں یہاں تک کہ حوض پر صنعاء سے ایلیہ تک علاقے سے زیادہ لوگ آئیں گے۔

پھر کہا جائے گا: صدیقین کو بلاؤ تا کہ وہ شفاعت کریں اس کے بعد کہا جائے گا انبیاء کو بلاؤ چنانچہ انبیاء آئیں گے کسی نبی کے ساتھ ایک جماعت ہوگی کسی نبی کے ہمراہ پانچ چھ آدمی اور کسی نبی کے ساتھ کوئی بھی نہیں ہوگا پھر کہا جائے گا: شہداء کو بلاؤ کہ جس کی پاس شفاعت کریں جب شہدا بھی شفاعت کرلیں گے: اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: میں ارحم الراحمین ہوں جو میرے ساتھ کسی چیز کو شریک نہیں کرتا تھا اسی میری جنت میں داخل کردو، چنانچہ وہ جنت میں داخل ہوجائیں گے پھر اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: جہنم میں دیکھو جو نہیں ایسا شخص ملے جس نے بھی کوئی بھلائی کا کام کیا ہے؟ تو انہیں ایک شخص ملے گا اللہ تعالیٰ اس سے فرمائیں گے: کیا تو کبھی کوئی بھلائی کی؟ وہ عرض کریگا نہیں البتہ میں لوگوں کے ساتھ خرید وفروخت میں چشم پوشی کردیتا تھا اللہ تعالیٰ فرمائیں گے جس طرح مرا بندہ میرے بندو سے رعایت کرتا تھا تم بھی اس کے ساتھ رعایت والا معاملہ کرو۔

اس کے بعد وہ جہنم سے ایک شخص نکالیں گے اللہ تعالیٰ سے فرمائیں گے: کیا تو نے کبھی کوئی بھلائی کا کام کیا؟ وہ عرض کرے گا میں البتہ میں نے اپنی اولاد کو یہ حکم دیا تھا کہ جب میں مرجاؤں تو مجھے آگ میں جلانا میری ہڈیوں کی راکھ بنانا جیسا سرمہ ہوتا ہے اس کے بعد مجھے سمندر میں ہوا کے دوش پر بکھیر دینا۔ (شاید اس طرح) اللہ کی قسم رب العالمین مجھ پر کبھی بھی قدرت پا سکے۔ (میں نے یہ اپنے علم کے مطابق کیا) اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: تو نے ایسا کیوں کیا؟ وہ عرض کرے گا: تیرے خوف سے اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: سوچو تمہیں کوئی بادشاہت جو سب سے بڑے بادشاہ کی ہو یاد ہے تمہارے لئے اسی بادشاہت سمیت دس بادشاہتیں ہیں وہ عرض کریگا آپ بادشاہوں کے بادشاہ ہوکر مجھ سے مذاق کیوں کرتے ہیں اسی وجہ سے میں چاشت کے وقت ہنسا تھا۔ مسند احمد وابن المدینی فی کتاب تعلیل الا حادیث المندة والدارمی وابن راھویه والحارث والبزار وقالع تفرد به البراء بن نو فل عن والان ولا نعلمها رویا الا ھذا الحدیث ودبن ابی عاصم فی السنة ابو یعلی والشاشی ابو عوانة وابن خزیمة وقال فی اوله: ان صح الخجر ثم قال فی آخره انما استثیت صحة النجر فی الباب لا نی فی الوقت الذی ت رجمت الباب لم اکن احفظ عن والان خبر اغیر ھذا ولا رو یا غیر البراء ثم وحدت له خبر اثانیا، وردو یا آخر قدروی منه مالک بن عمر الحفی، ابن حبان دارقطنی فی العلل وقال: والا ن لحھول والحدیث غیر ثابت والاصبھانی فی الحجة الضیاء

کلام: ..... المتناھیة ۱۵۲۹

۳۹۷۵۱ ..... (از مسند جابر بن عبداللہ) جعفر بن محمد اپنے والد سے وہ جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میری شفاعت میری امت کے اہل کبائر کے لئے ہے میں نے عرض کیا: جابر یہ کیا بات ہوئی؟ فرمایا: ہاں محمد! بات یہ ہے کہ جس کی نیکیاں زیادہ ہوں وہ تو بغیر حساب وکتاب جنت میں جائے گا اور جس کی اچھائیاں اور برائیں ابرابر ہوئیں اس سے آسان حساب لیا جائے گا پھر جنت میں بھیج دیا جائے گا اور رسول اللہ ﷺ کی شفاعت تو اس کے لئے جس نے اپنے آپ کو ہلاکت میں ڈالا یا اپنی پیٹھ ہر گناہ کا بوجھ لادا۔

بیھقی فی البعث ابن عساکر ابن ماجه

۳۹۷۵۲ ..... عوف بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں ایک رات ہم لوگوں نے رسول اللہ ﷺ کے راہ پڑاؤ کیا ہر انسان نے اپنی سواری کے گھٹنے کو سرہانا بنالیا رات کے کسی وقت میری جو آنکھ کھلی تو رسول اللہ ﷺ مجھے نظر نہ آئے میں گھبرا کر رسول اللہ ﷺ کو تلاش کرنے لگا اتنے میں مجھے معاذ بن جبل اور ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ بھی مل گئے وہ بھی اسی پریشانی میں تھے ہم لوگ اسی تگ ودو میں تھے کہ ہم نیز وادی کے بالائی حصے سے ایسی آواز سنی جیسے چکی کے چلنے کی آواز ہوتی ہے تو ہم نے اپ کو اپنی کیفیت سے آگاہ کیا تو اللہ کے نبی ﷺ نے فرمایا: آج رات میرے پاس میرے رب کا فرشتہ آیا جس نے مجھے شفاعت اور میری آدھی امت جنت میں جائے دونوں باتوں میں سے ایک کو اختیار کرنے کو کہا تو میں شفاعت اختیار کی میں نے عرض کیا: اللہ کے نبی میں آپ کو اللہ تعالیٰ اور معیت کا واسطہ دیتا ہوں آپ نے ہمیں اپنی شفاعت والوں میں کیوں نہیں

شامل کیا آپ نے فرمایا: تم میری شفاعت والوں سے ہو پھر ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ چل پڑے اور لوگوں کے پاس پہنچ گئے تو وہ نبی علیہ السلام کی عدم موجودگی کی وجہ سے گھبرا گئے تو نبی ﷺ نے ان سے بھی یہی فرمایا کہ میرے پاس میرے رب کا فرشتہ آیا اور مجھے شفاعت اور میری امت کا نصف حصہ جنت میں جائے ان میں سے ایک کو اختیار کرنے کو کہا تو میں نے شفاعت کو اختیار کیا وہ عرض کرنے لگے: ہم آپ کو اللہ تعالیٰ اور صحبت ومصیبت کا واسطہ دیتے ہیں کہ آپ نے ہمیں اپنی شفاعت والوں میں سے کیوں نہیں بنایا جب وہ آپ کے پاس جمع ہو گئے تو اللہ کے نبی ﷺ نے فرمایا: تو میں گواہی دیتا ہوں کہ حاضرین میں سے میری شفاعت میری امت کے ان لوگوں کے لئے جو اللہ تعالیٰ کے کسی چیز کو شریک نہیں کرتے۔

البغوی ابن عساکر

۳۹۷۵۳......(مسند عبداللہ بن بسر انصری والد عبدالواحد) ابن عساکر فرماتے ہیں وہ صحابی ہیں اور انہیں روایت کی فضلیت بھی حاصل ہے ان سے ان کے بیٹے عبدالواد اور عمرو بن روبہ روایت کرتے ہیں اوزاعی عبدالواحد بن عبداللہ بن بسر سے روایت کرتے ہیں کہ میرے والد نے مجھ سے فرمایا: ایک دفعہ ہم لوگ رسول اللہ ﷺ کے صحن میں بیٹھے تھے کہ آپ اچانک کھلکھلاتے ہنس مکھ چہرے کے ساتھ باہر تشریف لائے ہم لوگ کھڑے ہو گئے ہم نے عرض کیا: اللہ کے رسول! اللہ آپ کو خوش رکھے! آپ ہشاش بشاش طبیعت اور خندہ پیشانی سے کس قدر خوشی ہوئی تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ابھی میرے پاس جبرائیل آئے انہوں نے مجھے خوشخبری دی کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے شفاعت عطا کی ہے ہم نے عرض کیا: یارسول! صرف بنی ہاشم کے لئے خاص طور پر؟ آپ نے فرمایا: نہیں ہم نے عرض کیا: قریش کے لئے عام طور پر؟ فرمایا: نہیں ہم نے عرض کیا: آپ کی امت کے لئے؟ فرمایا: میری امت میں سے گناہوں کی بوجھ سے لائے لوگوں کے لئے۔ طبرانی فی الکبیر ابن عساکر

۳۹۷۵۴......(از مسند ابن عباس) ہر نبی کی ایک دعا ہوتی ہے ان میں سے ہر ایک نے اپنی دعا دنیا میں مانگ لی جبکہ میں نے اپنی شفاعت کے لیے ذخیرہ کر چھوڑی ہے تا کہ قیامت کے روز میری امت کے کام آئے، سنو! قیامت کے روز میں اولاد آدم کا سردار ہوں گا یہ کوئی فخر نہیں قیامت کے روز پہلے پہل میری قبر کھلے گی یہ کوئی فخر نہیں دے ہاتھ میں حمد کا جھنڈا ہوگا جس تلے آدم سے لیکر دوسرے انبیاء ہوں گے یہ کوئی فخر نہیں اس دن لوگوں کی پریشانی بڑھ جائے گی وہ کہیں گے چلو آدم ابوالبشر کے پاس تا کہ وہ ہمارے لئے ہمارے رب سے سفارش کریں تا کہ ہمارے لئے فیصلہ کیا جائے چنانچہ وہ آدم علیہ السلام کے پاس آکر کہیں گے آپ کو اللہ تعالیٰ نے اپنے ہاتھ سے پیدا کیا اپنی جنت میں ٹھہرایا فرشتوں کا سجدہ کروایا ہمارے رب سے سفارش کریں تا کہ فیصلہ فرمائے وہ فرمائیں گے: میں اسکا اہل نہیں مجھے اپنی لغزش کی وجہ سے جنت سے نکلنا پڑا آج مجھے اپنی ہی فکر ہے البتہ تم نوح کے پاس جاؤ جو سب سے پہلے نبی ہیں چنانچہ وہ نوح علیہ السلام کے پاس آکر کہیں گے: ہمارے رب سے سفارش کریں کہ فیصلہ کر فرمائے، وہ فرمائیں گے میں اس کا اہل نہیں میں نے بددعا کر کے زمین والوں کو ڈبویا آج مجھے اپنی ہی فکر ہے البتہ تم ابراہیم علیہ السلام کے پاس جاؤ جو اللہ کے خلیل میں وہ ابراہیم علیہ السلام کے پاس آئیں گے ہمارے لئے سفارش کریں تا کہ فیصلہ کیا جائے وہ فرمائیں گے: میں اس کا اہل نہیں میں نے اسلام میں تین توریے کیے (بظاہر جھوٹ بولے) ہیں آج مجھے اندیشہ ہے اللہ کی قسم انہوں نے صرف اللہ تعالیٰ کی دین کا ارادہ کیا ایک یہ کہ میں بیمار ہوں، دوم، بلکہ یہ بتوں کی توڑ پھوڑ کا کام ان کے برے نے کیا ہے اور تیرا ان کا سارہ کو یہ کہنا کہ نمرود سے کہا کہ وہ میرے بھائی ہیں البتہ تم موسیٰ کے پاس جاؤ وہ ایسے بندے ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ اپنی رسالت اور اپنے کلام کے ساتھ چن لیا ہے وہ موسیٰ علیہ السلام کے پاس آکر کہیں گے: ہمارے لیے ہمارے رب سے سفارش کریں کہ فیصلہ کیا جائے وہ کہیں گے: میں اس کا اہل نہیں میں نے ایک شخص کو ناحق قتل کر دیا تھا آج مجھے اپنی پریشانی ہے البتہ تم عیسیٰ روح اللہ اور اس کے کلمہ کے پاس جاؤ وہ عیسیٰ علیہ السلام کے پاس آکر کہیں گے ہمارے لیے ہمارے رب سے سفارش کریں کہ فیصلہ کیا جائے وہ فرمائیں گے میں اس کا اہل نہیں مجھے اور میری والدہ کو اللہ کے سوا معبود بنایا گیا دیکھو اگر کوئی سامان کسی تھیلے میں پڑا جس پر مہر لگی تو مہر توڑے بغیر تھیلے کی چیز حاصل کی جا سکتی ہے؟ وہ کہیں گے میں آپ فرمائیں گے: آج محمد ﷺ بھی حاضر ہیں ان کی اگلی پچھلی (اگر بالفرض میں بھی) سب خطائیں بخش دی گئی ہیں چنانچہ لوگ میرے پاس آئیں گے کہیں گے ہمارے لیے ہمارے رب سے سفارش کریں تا کہ فیصلہ کیا جائے میں کہوں گا ہاں میں ہی اس کا اہل ہوں یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ جس سے راضی ہو اور جس کے لیے اجازت دے پھر جب اللہ تعالیٰ اپنی مخلوق میں فیصلہ کرنا چاہے گا تو ایک اعلان کرنے والا اعلان کرے گا: احمد اور ان کی امت کہاں ہے؟ میں اٹھوں گا اور

میری امت میرے پیچھے ہوگی وضوو پاکیزگی سے ان کی پیشانیاں اور ایڑیاں چمک رہی ہونگی ہمیں پہلے اور پیچھے ہونگے سے پہلے ہمارا حساب ہوگا امتیں ہمارے لیے راستہ کشادہ کردیں گی امتیں کہیں گی لگتا ہے یہ سب امت انبیاء ہیں میں جنت کے دروازے پر جا کر دستک دوں گا کہا جائے گا کون؟ میں کہوں گا: احمد تو میرے لیے دروازہ کھل جائے گا میں اپنے رب کے پاس جاؤں گا وہ کرسی پر ہوں گے (جیسا ان کی شان کے مناسب ہے) میں سجدہ ریز ہوکر اپنے رب کی ایسی ایسی تعریفیں کروں گا جو نہ مجھ سے پہلے کسی نے کی ہونگی اور نہ کوئی میرے بعد کرے گا مجھ سے کہا جائے گا: اپنا سر اٹھاؤ کہو تمہاری سنی جائے گی مانگو تمہیں عطا کیا جائے گا شفاعت کرو تمہاری شفاعت قبول کی جائے گی پھر کہا جائے گا: جاؤ جس کی دل میں اتنی اتنی بھی خیر (ایمان) ہے اسے جہنم سے نکال کو میں جاؤں گا اور انہیں نکال لاؤں گا پھر اپنے رب کے پاس آ کر سجدہ ریزہ ہوں گا کہا جائے گا: سر اٹھاؤ کہو تمہاری بات سنی جائے غی شفاعت کرو قبول کی جائے گی مانگو عطا کیا جائے غا پھر میرے لیے ایک حد مقرر کی جائے گی تو میں انہیں جہنم سے نکال لوں گا۔ابو داؤد طیالسی مسند احمد

۳۹۷۵۵..... ام سلمہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتی ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں اپنی امت کے بارے لوگوں کے لیے بہترین آدمی ہوں تو مزینہ کے شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ! جب آپ ان کے برے لوگوں کے لئے ہیں تو نیکوں کے لیے کیسے ہیں! فرمایا: میری امت کے نیک لوگ اپنے اعمال کی وجہ سے جنت میں چلے جائیں گے اور میری امت کے برے لوگ میری شفاعت کا انتظار کریں گے سنو! وہ قیامت کے روز میری تمام امت کے لئے جائز ہوگی صرف وہ شخص محروم ہوگا جو میرے صحابہ کی شان گھٹاتا ہوگا۔الشیرازی فی الالقاب وابن البخار

۳۹۷۵۶..... ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا: ایک شخص رسول اللہ ﷺ سے عرض کرنے لگا: یا رسول اللہ! مقام محمود کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: یہ وہ دن ہے جس دن اللہ تعالیٰ اپنے عرش پر نزول فرمائے گا تو ایسے چرچرائے گا جیسے کسی کرسی پر نیا شخص بیٹھے تو وہ تنگی کی وجہ سے چرچرائے۔

رواہ الدیلمی

۳۹۷۵۷..... عبدالرحمٰن بن ابی عقیل سے روایت ہے فرمایا: میں رسول اللہ ﷺ کے پاس ثقیف کے وفد میں گیا تو ہم نے دروازے پر سواریاں بٹھائیں تو داخل ہونے سے پہلے آپ ہمیں سب سے برے لگتے تھے جب آپ کے پاس آئے تو آپ ہمیں سب سے اچھے لگنے لگے ہم میں سے ایک شخص بولا: یا رسول اللہ! آپ نے اپنے رب سے سلیمان علیہ السلام جیسی بادشاہت کیوں نہیں مانگی تو رسول اللہ ﷺ نے مسکرا کر فرمایا: شاید (تمہیں پتہ نہیں) تمہارے رسول کے لیے اللہ تعالیٰ کے ہاں سلیمان علیہ السلام کی بادشاہت سے افضل چیز ہے اللہ تعالیٰ نے جو نبی بھیجا اسے ایک دعا عطا فرمائی کچھ نے وہ مانگ لی ایک روایت میں ہے کچھ نے اس سے دنیا حاصل کرلی تو وہ اسے مل گئی کسی نے اپنی قوم کے بارے میں بددعا کی طور مانگ لی کیونکہ انہوں نے نبی کی نافرمانی کی لہٰذا وہ اس کی وجہ سے ہلاک کردیئے گئے مجھے اللہ تعالیٰ نے ایسی دعا عطا کی ہے جس کو میں نے للہ قیامت کے روز اپنی امت کی شفاعت کے لئے چھپا رکھا ہے۔

البغوی وقالع لا اعلم روی ابن ابی عقیل غیر ھذا الحدیث وھو غریب لم یحدیث یہ لا من معذاالوجہ وابن مندہ، ابن عساکر

۳۹۷۵۸..... (مسند علی) حرب بن شریح سے روایت ہے فرماتے ہیں: میں نے ابوجعفر محمد بن علی بن الحسین سے کہا: میں آپ پر فدا ہوں یہ شفاعت جس کا عراق میں چرچا ہے یہ برحق ہے؟ فرمانے لگے: کونسی شفاعت؟ میں نے کہا: حضرت محمد ﷺ کی شفاعت، فرمایا: اللہ کی قسم، برحق ہے ہاں اللہ کی قسم مجھ سے میری چچا محمد بن علی ابن الحنیفۃ نے علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے روایت کر کے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں اپنی امت کے لئے شفاعت کروں گا یہاں تک کہ میرا رب مجھے پکار کر کہے گا: محمد! کیا راضی ہوگئے ہو میں عرض کروں گا: جی ہاں میں راضی ہوگیا ہوں پھر میری طرف متوجہ ہوکر فرمایا: عراق والو للہ تم کہتے ہو؟ اللہ تعالیٰ کی کتاب میں سب سے زیادہ امید دلانے والی آیت یہ ہے اے میرے وہ بندو! جنہوں نے اپنی جانوں پر ظلم کیا میری رحمت سے ناامید نہ ہو بے شک اللہ تعالیٰ تمام گناہوں کو مکشف دیتا ہے وہ بخشنے والا اور مہربان ہے؟ میں نے کہا: ہم ہی کہتے ہیں فرمایا: لیکن ہم اہل بیت کہتے ہیں سب سے زیادہ امید دلانے والی آیت یہ ہے عنقریب تجھے تیرا رب وہ کچھ عطا کرے کہ تو راضی ہوجائے گا" اور وہ شفاعت ہے۔ابن مردویہ

۳۹۷۵۹..... حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اس ذات کی قسم! جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے!

قیامت دن میں لوگوں کا سردار ہوں گا اس پر کوئی فخر نہیں، میرے ہاتھ میں حمد کا جھنڈا ہوگا جس تلے آدم علیہ السلام اور دوسرے انبیاء ہوں گے اس پر کوئی فخر نہیں اس دن اللہ تعالیٰ آدم علیہ السلام کو پکار کر فرمائیں گے: آدم! وہ عرض کریں گے میرے رب میں حاضر ہوں اور میری سعادت ہے اللہ تعالیٰ فرمائے گا: اپنی اولاد سے سے جہنم والے نکال لو! وہ عرض کریں گے: میرے رب! جہنم والے کتنے ہیں؟ اللہ فرمائے گا: ہر نو ہزار میں سے ننانوے تو وہ اتنی مقدار میں نکال لیں گے جن کی تعداد اللہ ہی جانتا ہے وہ آدم علیہ السلام کے پاس آکر عرض کریں گے: آدم! اللہ تعالیٰ نے آپ کو یہ عزت بخشی کہ اپنے ہاتھ سے پیدا کیا روح پھونکی اپنی جنت میں ٹھہرایا فرشتوں کا سجدہ کرایا سو اپنی اولاد کے لئے سفارش کریں کہ آج آگ میں نہ جلیں، آدم علیہ السلام فرمائیں گے: آج میرا بس نہیں البتہ میں تمہاری رہنمائی کر دیتا ہوں نوح کے پاس جاؤ، وہ نوح علیہ السلام کے پاس آئیں گے کہیں گے نوح! آدم کی اولاد کی لئے سفارش کرو! وہ فرمائیں گے آج میرا اختیار نہیں لیکن ایسے بندے کی پاس جاؤ جسے اللہ تعالیٰ نے اپنے کلام اور رسالت کے لیے چن لیا جو اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں پروان چڑھا لوگوں کا محبوب نبایا گیا یعنی موسیٰ: میں تمہارے ساتھ ہوں وہ موسیٰ علیہ السلام کے پاس آکر کہیں گے: موسیٰ! آپ اللہ تعالیٰ کے کلام اور رسالت کے لئے چنے ہوئے بندے ہیں اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں آپ نے پرورش پائی اس نے آپ کو لوگوں کا محبوب بنا دیا آدم کی اولاد کے شفاعت کریں کہ آج آگ میں نہ جلیں وہ فرمائیں گے: یہ میرے بس کا کام نہیں تم لوگ روح اللہ اورس کے کلمہ عیسیٰ کے پاس جاؤ! وہ عیسیٰ علیہ السلام کے پاس جائیں گے کہیں گے: عیسیٰ! آپ اللہ کی۔(پیدا کردہ) روح اور اس کا کلمہ رکن مظہر) ہیں آدم علیہ السلام کی اولاد کے ہے سفارش کریں کہ آج وہ آگ میں نہ جلائے جائیں وہ فرمائیں گے یہ میرے بس کا کام نہیں البتہ میں تمہاری رہنمائی کر دیتا ہوں تم ایسے بندے کے پاس جاؤ جیسے اللہ تعالیٰ نے جہانوں کی لیے رحمت بنا کر بھیجا ہے وہ احمد میں بھی میں تمہارے ساتھ ہوں چنانچہ وہ احمد ﷺ کے پاس آکر کہیں گے: احمد! اللہ تعالیٰ نے آپ کو جہانوں کی لیے رحمت بنایا آدم کی اولاد کے لیے سفارش کریں کہ آج آگ میں نہ جلیں میں کہوں گا ٹھیک ہے میں ہی اس کا اہل ہوں۔

پھر میں آکر جنتی دروازے کے حلقہ کو پکڑوں گا کہا جائے گا: یہ کون ہے؟ میں کہوں گا میں احمد ہوں پھر میرے لیے دروازہ کھل جائے گا جب جبار تعالیٰ جس کے سوا کوئی عبادت و پکار کے لائق نہیں کو دیکھوں گا تو میں سجدہ ریز ہو جاؤں گا اس کے بعد اللہ تعالیٰ کی ایسی حمد وثناء مجھے الہام ہوگی جو مخلوق میں سے کسی کو الہام نہیں ہوئی اس کی بعد کہا جائے گا: اپنا سر اٹھاؤ مانگو تمہیں دیا جائے گا شفاعت کرو تمہاری شفاعت قبول کی جائے گی میں عرض کروں گا: میرے رب! اولاد آدم کو آج جہنم میں نہ جلا ہے! رب تعالیٰ فرمائے گا: جاؤ! جس کے دل میں تمہیں قیراط بھر بھی ایمان معلوم ہو اسے نکال لو وہ پھر میرے پاس آکر کہیں گے: اولاد آدم کو آج آگ میں نہ جلایا جائے میں آکر جنتی دروازے کے حلقہ کو پکڑوں گا کہا جائے گا: کون؟ میں کہوں گا: احمد دروازہ میرے لئے کھل جائے گا جب میں جبار تعالیٰ جس کے سوا کوئی معبود نہیں کو دیکھوں گا تو سجدہ میں گروں گا جیسا میں نے پہلے سجدہ کیا ہوگا اسی طرح کا سجدہ کروں گا تو جیسے پہلی مرتبہ رب کی حمد وثناء الہام ہوئی اب بھی ایسی ہی ہوگی پھر مجھ سے کہا جائے گا: اپنا سر اٹھاؤ ! سوال کرو تمہیں دیا جائے گا شفاعت کرو تمہاری شفاعت قبول کی جائے گی میں عرض کروں گا: میرے رب! اولاد آدم کو آج جہنم میں نہ جلایا جا ئے رب تعالیٰ فرمائے گا: جاؤ جس کی دل میں دینار بھر بھی ایمان معلوم ہوا سے نکال لاؤ اس کے بعد میں پھر آکر ویسا ہی کروں گا جیسا پہلی مرتبہ کیا ہوگا جبار تعالیٰ کو دیکھ کر میں سجدہ ریز ہو جاؤں گا جیسا میں نے پہلی مرتبہ سجدہ کیا ہوگا اس کے بعد اسی طرح کی حمد وثناء کا الہام ہوگا پھر کہا جائے گا: اپنا سر اٹھاؤ مانگو تمہیں دیا جائے گا شفاعت کرو تمہاری شفاعت قبول کی جائے گی میں عرض کروں گا: میرے رب! الوداع آدم کو آج آگ میں نہ جلایا جائے رب تعالیٰ فرمائے گا: جاؤ جس کے دل میں ذرہ برابر بھی ایمان معلوم ہوا سے نکال لو تو وہ لوگ نکال لیں گے جن کی تعداد صرف اللہ ہی جانتا ہے اکثر باقی رہ جائیں گے۔

پھر آدم علیہ السلام کو شفاعت کی اجازت دی جائے گی تو وہ دس کروڑ کی شفاعت کریں گے پھر فرشتوں اور نبیوں کو اجازت ہوگی وہ شفاعت کریں گے پھر مومنوں کو اجازت ملے گی وہ شفاعت کریں گے اس روز ایک مومن ابیعہ و مضر سے زیادہ لوگوں کی شفاعت کرے گا۔

رواہ ابن عساکر

حوض

۳۹۷۶۰......عمرو بن مرہ سے وہ مرہ سے وہ کسی صحابی رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں ایک دفعہ ہمارے درمیان رسول اللہ ﷺ کھڑے ہو کر فرمانے لگے: میں حوض پر تمہارا پیشرو ہوں تمہیں دیکھوں گا اور تمہاری وجہ سے امتوں پر کثرت سے خوش ہوں گا دیکھنا میرا بھرم رکھنا۔

رواہ ابن ابی شیبہ

۳۹۷۶۱......ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے فرماتی ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ کو منبر پر فرماتے۔ (اپنے حجرہ میں بیٹھے) سنا: میں کوثر پر تمہارا پیشرو ہوں وہاں تمہارا جم غفیر جارہا ہوگا کہ اچانک انہیں روک دیا جائے میں پکار کر کہوں گا: آنے دو! ایک اعلان کرنے والا کہے گا: انہوں نے آپ کے بعد۔ (دین) تبدیل کر دیا تھا میں کہوں گا دور رہوں۔ رواہ ابن ابی شیبہ

۳۹۷۶۲......(مسند اسامہ) رسول اللہ ﷺ حضرت حمزہ بن عبدالمطلب کے پاس ایک دن آئے تو انہیں گھر میں پایا ان کی بیوی سے پوچھا وہ بنی نجار کی تھیں کہنے لگیں میرا باپ آپ پر قربان ہو وہ ابھی آپ کی جانب اور فاطمہ کی جانب نکلے ہیں بنی نجار کی کسی گلی میں آپ کو نظر نہ آئے ہو نگے یارسول اللہ! آپ اندر نہیں آئیں گے؟ آپ ﷺ اندر داخل ہوئے انہوں آٹے کا حلوہ پیش کیا اپ نے کچھ تناول فرمایا، وہ کہنے لگیں: یارسول! بہت اچھا ہوا آپ تشریف لائے میں خود آ کر آپ کو مبارک باد پیش کرنے آنے والی تھی مجھے ابوعمارہ۔ (حمزہ رضی اللہ عنہ کی کنیت ہے) نے بتایا کہ آپ کو جنت کی کوثر نامی نہر دی گئی ہے؟ آپ نے فرمایا: ہاں اس کا صحن یاقوت مرجان زبرجد اور موتیوں کا ہے وہ کہنے لگیں: میں چاہتی ہوں کہ آپ مجھ سے اس کی کیفیت بیان کریں جو میں آپ سے سنوں آپ نے فرمایا: اس کی کشادگی ایلہ سے صنعاء تک ہے اس پر رکھے گئے برتن تعداد میں ستاروں جتنے میں وہاں آنے والے سب سے زیادہ مجھے بنت فہد تیری قوم عزیز ہے یعنی انصار۔

طبرانی فی الکبیر حاکم قال الحافظ ابن حجر فی الا طرفاف فیہ حرام بن عثمان ضعیف جدا

۳۹۷۶۳......(مسند انس) ابن شہاب سے روایت ہے کہ انہوں نے انس بن مالک رضی اللہ عنہ کو حوض کوثر کے بارے فرماتے سنا: کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: وہ ایسی نہر ہے جو میرے رب نے مجھے عطا کی ہے اس کا پانی دودھ سے زیادہ سفید شہد سے زیادہ میٹھا ہے اس میں رہنے والے پرندوں کی گردنیں اونٹوں کی طرح ہیں تو حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ! وہ تو بڑے لذیذ ہوں گے آپ ﷺ نے فرمایا: ان کا کھانا ان سے بڑھ کر لذیذ ہے۔ بیہقی فی البعث

۳۹۷۶۴......ابان حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اجب مجھے آسمان کی معراج ہوئی تو ساتویں آسمان پر میں نے ایک نہر دیکھی جو بڑے موجدار تھی لوگوں کو اس سے ہٹایا جارہا تھا اس کی کناروں پر خول دار موتیوں کے خیمے ہیں میں نے کہا: جبرائیل یہ کیا ہے انہوں نے کہا: یہ وہ کوثر ہے جو اللہ تعالیٰ نے آپ کو عطا کی ہے میں نے اس کا پانی چکھا تو وہ شہد سے بڑھ کر شیریں اور دودھ سے زیادہ سفید تھا پھر میں نے اس کی مٹی میں ہاتھ میں مارا تو وہ خوشبودار مشک تھی اس کی کنکریوں کو ہاتھ لگایا تو وہ موتی تھے۔ رواہ ابن النجار

۳۹۷۶۵......حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا: میں رسول اللہ ﷺ کے پاس گیا آپ نے فرمایا مجھے کوثر عطا کیا گیا میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! کوثر کیا ہے؟ فرمایا: جنت کی ایک نہر ہے جس کی چوڑائی لمبائی مشرق ومغرب کا درمیانی فاصلہ ہے اس سے جو سیراب ہو گیا وہ پیاسا نہیں ہوگا اور جو اس سے وضو کرے گا اس پر کبھی میل کچیل نہیں چڑھے گا اور جس نے میرے ذمہ کو توڑا یا میرے اہل بیت کو قتل کیا وہ اس سے نہیں پیئے گا۔ رواہ ابونعیم

صراط

۳۹۷۶۶......حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: قیامت کے روز اللہ تعالیٰ اپنے بندوں پر پردہ ڈالنے کے

لئے انہیں اُن کی ماؤں کی طرف منسوب کر کے بلائے گا صراط کے پاس اللہ تعالیٰ ہر مومن مرد اور عورت اور ہر منافق کو ایک نور عطا کرے گا جب پل صراط پر سب درمیان میں پہنچ جائے گے اللہ تعالیٰ منافق مردوں اور عورتوں کا نور چھین لے گا منافق کہیں گے: ٹھہرو ہم تمہارے نور سے کچھ حاصل کرلیں مومن کہیں گے: ہمارے رب ہمارا نور پورا کردے اس وقت کوئی کسی کو یاد نہیں آئے گا۔ طبرانی فی الکبیر

۳۹۷۶۷......کندہ کے ایک شخص سے روایت ہے کہ میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے ہاں گیا درمیان میں پردہ تھا میں نے عرض کیا: آپ نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے کہ آپ فرماتے ہوں کہ ایک گھڑی ایسی آئے گی جس میں وہ کسی کے لیے بھی شفاعت نہیں کرسکیں گے؟ فرمایا: میں نے آپ سے پوچھا اس وقت ہم ایک سفر میں تھے آپ نے فرمایا: ہاں جس وقت صراط رکھا جائے گا جب کچھ چہرے سفید اور کچھ چہرے کالے ہونگے اور پل کے وقت جب اسے گرم کر کے تیز کیا جائے گا تلوار کی دھار کی طرح تیز اور انگارے کی طرح گرم کیا جائے گا مومن تو گزر جائے گا اسے کوئی نقصان نہیں پہنچے گا رہا منافق تو جونہی چل کر وہ درمیان میں پہنچے گا اس کی قدم جلا دے گا تو وہ اپنے ہاتھوں سے قدموں کو پکڑ لے گا تم نے دیکھا ہوگا جب کوئی شخص پیدل ننگے پاؤں چل رہا اور اسے کوئی کانٹا چبھ جائے تو وہ کانٹا نکالنے کی کوشش کرتا ہے ایسے ہی تو زبانیہ فرشتے اس کی پیشانی پر گرز ماریں گے جس سے وہ جہنم میں گر پڑے گا اور پچاس سال تک نیچے جاتا رہے گا میں نے عرض کیا: کیا وہ بوجھل ہوگا؟ آپ نے فرمایا: وہ پانچ حاملہ اونٹنیوں جتنا بھاری ہوگا پس اس دن مجرم اپنی پیشانیوں سے پہچان لیے جائیں گے اور پیشانیوں اور قدموں سے پکڑے جائیں گے۔

رواہ عبدالرزاق

ترازو

۳۹۷۶۸......حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: قیامت کے روز اللہ تعالیٰ آدم علیہ السلام کے سامنے تین عذر پیش کرے گا: اللہ تعالیٰ فرمائے گا: آدم اگر میں جھٹلانے والوں پر لعنت نہ کی ہوتی اور جھوٹ وعدہ خلافی سے بغض نہ رکھا ہوتا اور اس پر وعید نہ سنائی ہوتی تو آج میں تیری ساری اولاد پر رحم کرتا باوجود میں نے ان کے لیے سخت عذاب تیار کر رکھا ہے۔ لیکن میری طرف سے حق بات ثابت ہو چکی کہ جس نے میرے رسولوں کو جھٹلایا میری نافرمانی کی تو میں ان سب سے جہنم بھر دوں گا اور اللہ تعالیٰ فرمائے گا: آدم! میں تیری اولاد میں سے جسے جہنم میں داخل کروں اور جسے جہنم کا عذاب دوں گا تو اپنے سابقہ علم کی وجہ سے اگر میں نے اسے دنیا میں لوٹایا تو پہلے سے زیادہ برے کام کرے گا نہ باز آئے گا اور نہ توبہ کرے گا۔

اور فرمائے گا: اے آدم! آج میں نے تمہیں اپنے اور تیری اولاد کے درمیان فیصل بنا دیا ہے ترازو کے پاس کھڑے رہو دیکھو ان کے کون سے اعمال تمہارے سامنے آتے ہیں تو جس کی بھلائی برائی سے ذرہ برابر بھی بڑھ جائے اس کے لئے جنت ہے تمہیں خود ہی معلوم ہو جائے گا کہ میں نے جہنم میں صرف مشرک ہی کو داخل کیا ہے۔ الحکیم

جنت

۳۹۷۶۹......قیس بن ابی حازم سے روایت ہے فرمایا: ایک دن حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ نے لوگوں سے خطاب کیا آپ نے اپنے خطاب میں فرمایا: جنت عدن میں ایک محل ہے جس کے پانچسو دروازے ہیں ہر دروازے پر پانچ ہزار حور عین ہیں اس میں صرف نبی ہی داخل ہوگا پھر نبی ﷺ کی قبر کی جانب متوجہ ہو کر فرمایا: اے قبر والے آپ کے لئے خوشخبری ہو۔ یا صدیق پھر حضرت ابوبکر کی قبر کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا: ابوبکر تمہیں مبارک ہو۔ یا شہید پھر دیتے بارے فرمانے لگے: عمر تجھے شہادت کہاں نصیب ہوتی ہے اس کی بعد فرمایا: جس ذات نے مجھے مکہ سے مدینہ کی ہجرت کے لئے نکالا وہ اس پر قادر ہے کہ شہادت کو میری طرف کھینچ لائے۔ طبرانی فی الاوسط ابن عساکر

۳۹۷۷۰......مجاہد سے روایت ہے فرمایا: حضرت عمر نے منبر پر جنات عدن والی آیت پڑھی پھر فرمایا: لوگو! جانتے ہو جنات عدن کیا ہیں؟ جنت کا

ایک محل جس کے دس ہزار دروازے ہیں ہر دروازے پر پچیس ہزار حور عین ہیں جس میں صرف نبی صدیق اور شہید داخل ہوگا۔

ابن ابی شیبه و ابن منذر و ابن ابی حاتم

۳۹۷۷۱...... حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے جب جنت عدن پیدا فرمائی تو اس میں ایسی نعمتیں پیدا کیں جنہیں نہ کسی آنکھ نے دیکھا نہ کسی کان سنا اور نہ کسی کے دل میں ان کا خیال آیا پھر اللہ تعالیٰ نے اس سے فرمایا: بولو! تو اس نے کہا: ایمان والے کامیاب ہوچکے ہیں۔ رواه ابن عساكر

۳۹۷۷۲...... ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا: جس کی نہریں مشک کے پہاڑ سے پھوٹتی ہیں۔ بیهقی فی البعث وصححه

۳۹۷۷۳...... (مسند علی) اصبغ بن نباتہ سے روایت ہے میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو فرماتے سنا: کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جنت عدن ایک ٹہنی ہے جسے اللہ تعالیٰ نے اپنے ہاتھ سے لگایا ہے پھر فرمایا: ہوجا سو وہ ہوگئی۔ ابن مردويه

۳۹۷۷۴...... حضرت علی رضی اللہ عنہ سے اللہ تعالیٰ کے ارشاد کے بارے روایت ہے اور ان لوگوں کو جنت کی طرف ٹولیوں کی شکل میں لے جایا جائے گا جو اپنے رب سے ڈرے" جب وہ اس کے پاس آئیں گے تو جنت کے دروازے پر ایک درخت دیکھیں گے جس کی جڑ سے دو چشمے بہہ رہے ہوں گے وہ ایک طرف ایسے بڑھیں گے گویا انہیں اس کا حکم ہوگا جہاں وہ غسل کریں گے اور ایک روایت ہیں ہے اس سے وضو کریں گے پھر کبھی ان کے سر پراگندا نہیں ہونگے نہ ان کی جلدیں خراب ہونگی گویا انہیں تیل مل گیا ہے اور ان پر نعمتوں کی تروتازگی جاری ہوگی۔

پھر وہ دوسری چشمہ کا رخ کریں گے جس سے پئیں گے تو ان کی پیٹ پاک ہوجائیں گے ان کی پیٹ صحیح کوئی گندگی فضول چیز اور برائی ہوگی نکل جائے گی جنتی دروازوں پر فرشتے ان سے مل کر کہیں گے تم پر سلام ہو تم اچھے ہوئے اب ہمیشہ کے لیے اس میں داخل ہوجاؤ" اور ان سے لڑکے ملیں گے جو چھپائے موتیوں اور بکھرے مونگوں کی طرح ہونگے جو انہیں اللہ تعالیٰ کی طرف سے ان کی لئے تیار کردہ نعمتوں کے بارے میں بتائیں گے وہ ان کے اردگرد ایسے پھریں گے جیسے دنیا والے بچے دوست کے اردگرد پھرتے ہیں کہتے ہونگے خوشخبری ہو! تمہارے لئے اللہ تعالیٰ نے یہ تیار کررکھا ہے تیری لیے یہ کچھ تیار کررکھا ہے پھر ان میں سے ایک لڑکا اس کی کسی بیوی کے پاس جا کر کہے گا: فلاں آچکا ہے دنیا میں جس نام سے اسے پکارا جاتا ہوگا وہی نام لے گا وہ اتنی خوش ہوگی یہاں تک کہ چوکھٹ پر کھڑے ہوکر اس سے کہے گی تو نے اسے دیکھا ہے چنانچہ وہ آئے گا اور اس عمارت کی بنیاد موتیوں کی چٹان پر جو سبز زرد اور سرخ غرض ہر رنگ پر مشتمل ہوگی دیکھے گا پھر وہ بیٹھ جائے گا کیا دیکھتا ہے نفیس مسندیں بچھی ہوئی اور گاؤ تکیے قطار میں لگے ہوئے اور جام ترتیب سے رکھے ہوئے پھر عمارت کی چھت کی طرف سے اٹھائے گا اگر اللہ تعالیٰ نے اسے اس کے لیے مسخر نہ کیا ہوتا تو اس کی نظر چلی جاتی کیونکہ وہ بجلی کی طرح ہوگی پھر وہ اپنے صوفیوں میں سے ایک صوفہ پر ٹیک لگا کر کہے گا: تمام تعریفیں اللہ کے لئے جس نے اس کے لئے ہماری رہنمائی کی۔ الآیۃ۔ ابن المبارک، عبدالرزاق، ابن ابی شیبه عبد بن حمید و ابن راهو یه و ابن ابی الد نیا فی صفة الجنة و ابن ابی حاتم و ابن جریر ابو یعلی و البغوی فی الجعد یات و ابو نعیم فی صفة النة و ابن مردویه بیهقی فی البعث ضیاء قال الحافظ ابن حجر فی المطالب العالیه: هذا حدیث صحیح وحکمه حکم المر فوع اذالا مجال للرائی فی مثل هذه الا مور

اہل جنت

۳۹۷۷۵...... حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا: کچھ یہودی رسول اللہ ﷺ کے پاس آکر کہنے لگے: اے محمد! کیا جنت میں میوے ہونگے؟ آپ نے فرمایا: ہاں اس میں میوے کھجور اور انار ہونگے وہ کہنے لگے: انہیں تم لوگ ایسے کھاؤ گے جیسے دنیا میں کھاتے ہو؟ آپ نے فرمایا: ہاں بلکہ اس سے بڑھ کر کہنے لگے: پھر قضائے حاجت کروگے؟ آپ نے فرمایا: نہیں بلکہ لوگوں کو پسینہ آکر خشک ہوجائے گا تو اللہ تعالیٰ پیٹ کی گندگی کو ختم کردے گا۔ الحارث وعبد بن حمید و ابن مردویه ومسنده ضعیف

۳۹۷۷۶...... بریدۃ بن الخصیب سے روایت ہے کہ ایک شخص نے نبی ﷺ سے پوچھا: یا رسول اللہ! کیا جنت میں گھوڑے ہونگے؟ آپ نے

فرمایا: اگر اللہ نے تجھے جنت میں داخل کیا تو سرخ یاقوت کے گھوڑے جہاں چاہو گے اور جب چاہو گے وہ لیکر تمہیں اڑ جائے گا اتنے میں دوسرا شخص آ کر کہنے لگا: یارسول اللہ! کیا جنت میں اونٹ ہوں گے؟ تو آپ نے اس سے ایسا نہیں فرمایا: جیسا اس سے پہلے شخص سے فرمایا تھا: اگر اللہ تعالیٰ نے تمہیں جنت میں داخل کیا تو تمہارے لئے من کی چاہت اور آنکھوں کی لذت کا سامان ہوگا۔ ابو نعیم، ابن عساکر

۳۹۷۷۷..... حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا: رسول اللہ ﷺ سے پوچھا گیا: کیا جنتی صحبت کریں گے؟ آپ نے فرمایا: کثرت سے لیکن نہ مرد کی منی ہوگی اور نہ عورت کی۔ ابو یعلی، ابن عساکر

۳۹۷۷۸..... حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جنتی اپنی مجلس میں ہوں گے کہ ان کے سامنے جنتی نور سے بڑھ کر ایک نور نمودار ہوگا وہ اپنے سر اٹھائیں تو رب تعالیٰ انہیں دیکھ رہا ہوگا اللہ تعالیٰ فرمائیں گے مجھ سے مانگو! وہ عرض کریں گے: ہم آپ کی ہم سے رضامندی کا سوال کرتے ہیں اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: میری رضا یہ ہے کہ میں نے تمہیں اپنے گھر اتارا اور تمہیں عزت بخشی اور یہ اس کے اوقات ہیں سو مانگو وہ عرض کریں گے: ہم آپ کی زیارت کا سوال کرتے ہیں تو انہیں نور کی سواریاں دی جائیں گی جو تاحد نگاہ اپنا قدم رکھتی ہوں گی فرشتے ان کی لگاموں سے انہیں چلا رہے ہونگے تو وہ انہیں دارالسرور تک پہنچادیں گے وہاں وہ رحمٰن کے نور سے رنگیں گے اور اس کی بات سنیں گے میرے محبوبوں اور میری فرمانبرداری کرنے والوں کو خوش آمدید تحفے لیکر اپنے گھروں کو واپس لوٹ جاؤ پھر نبی ﷺ نے یہ آیت پڑھی ''غفور رحیم کی طرف سے مہمانی''۔ ابن النجار وفیه سلیمان بن ابی کربه قال ابن عدی: عامة احادیثه مناکر

۳۹۷۷۹..... حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ سے کسی نے پوچھا: کیا جنتی اپنی بیویوں کو ہاتھ لگائیں گے؟ آپ نے فرمایا: ہاں ایسے آلہ کے ساتھ جو نہ تھکے گا اور ایسی شہوت کے ساتھ جو ختم نہیں ہوگی۔ رواہ ابن عساکر

۳۹۷۸۰..... حسناء بنت معاویہ سے روایت ہے فرمایا: مجھ سے حضرت عمر نے فرمایا: میں نے عرض کیا یارسول اللہ! جنت میں کون ہوگا؟ آپ نے فرمایا: نبی جنت میں شہد جنت میں بچہ جنت میں اور زندہ درگور لڑکی جنت میں جائے گی۔ رواہ ابو نعیم

۳۹۷۸۱..... (مسند علی) ابوفروہ یزید بن محمد بن یزید بن سنان الرھاوی، ابواسمٰعیل بن زیاد، جریر بن سعدی، ضحاک بن مزاحم نزال بن سبرۃ ان کے سلسلہ مسند میں حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا: میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! جس دن ہمیں متقین کو رحمٰن کی طرف وفد کی صورت میں جمع کریں گے کیا سب سوار ہونگے آپ نے فرمایا: علی! اس ذات کی قسم! جس کی قبضہ قدرت میں میری جان ہے جب وہ اپنی قبروں سے نکلیں گے تو ان کے سامنے ایسی اونٹنیاں ہونگی جن پر سونے کے کجاوے ہوں گے ان کی جوتوں کا تسمہ چمکتا نور ہوگا پھر وہ ان پر بیٹھ کر چلتے چلتے جنت کے دروازے تک پہنچ جائیں گے وہاں یاقوت کا حلقہ سونے کے تختے پر ہوگا اور جنتی دروازے کے پاس ایک درخت ہوگا جس کی جڑ سے دو چشمے پھوٹ رہے ہوں گے ایک چشمہ سے لوگ پئیں گے جب اس کا پانی سینے تک پہنچے گا اللہ تعالیٰ ان کے سینوں سے خیانت حسد اور سرکشی کو نکال دے گا یہی اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے ''ہم ان کے سینوں سے کدورت دور کردیں گے آپس میں بھائی بھائی بن کر آمنے سامنے تخت نشیں ہوں گے'' جب وہ پانی پیٹ تک پہنچے گا اللہ تعالیٰ انہیں دنیا کی گندگی اور میل کچیل سے پاک صاف کردے گا اور یہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے اور انہیں ان کا رب پاکیزہ مشروب پلائے گا پھر دوسرے چشمہ سے غسل کریں تو ان پر جنت کی تازگی رواں ہوجائے گی پھر کبھی ان کے بدن میل کچیلے نہیں ہونگے اور نہ کبھی ان کے رنگ تبدیل ہونگے پھر وہ حلقہ (زنجیر) کو تختے پر ماریں گے تو اس کی ایک آواز سنائی دے گی اور ہر حور کو پتہ چل جائے گا کہ اس کا خاوند آ چکا ہے تو اپنے نگران کو بھیجے گی پس اگر وہ اپنی پہنچان نہ کرواتا تو نور، چمک اور حسن کی وجہ سے اس کے سامنے سجدہ ریز ہوجاتا وہ کہے گا: اللہ کے ولی! میں تو تمہارا وہ نگران ہوں جسے تمہارے گھر پر مقرر کیا گیا ہے وہ چلے گا اور یہ اس کے پیچھے ہوگا یہاں تک کہ اسے چاندی کے محل تک پہنچادے گا جس کی چھت سونے کی ہوگی جس کا اندرون بیرون سے اور بیرون اندرون سے نظر آئے گا وہ کہے گا: یہ کس کا محل ہے؟ فرشتہ کہے گا: یہ تیرے لئے ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اگر خوشی سے کوئی مرتا تو یہ شخص مرجاتا پھر وہ اس میں داخل ہونا چاہے گا تو وہ فرشتہ اسے کہے گا آگے چلو پھر وہ اس کے ساتھ چلتا رہے گا درمیان میں اس کے محلات خیمے نہریں آئیں گی بالآخر یاقوت کا بنا ایک کمرہ آئے گا جس کی بنیاد سے لیکر بلندی تک ایک لاکھ گز ہوگی جو موتیوں اور یاقوت کے پہاڑ پر بنا ہوگا انہیں سے سفید سرخ سبز اور زرد ہوگا ان میں سے کوئی بھی دوسرے سے ملتا جلتا

نہیں ہوگا کمرے میں ایک تخت ہوگا جس کی چوڑائی ایک فرسخ (تین میل) ایک میل کی لمبائی میں ہوگی اس پر پڑے بچھونے بستر ستر کروں کی مقدار اوپر نیچے دھرے ہوں گے بستر اور قسم کا اور تخت اور قسم کا ہوگا ولی اللہ کے سر پر تاج ہوگا اس تاج کے ستر رکن ہوں گے ہر رکن میں ایک چمکتا موتی ہوگا جو تھکن کے لئے تین دن کی مسافت سے چمکے گا اس کا چہرہ چودھویں کے چاند کی طرح ہوگا اس کے گلے میں طوف (ہار، لاکٹ) اور دو حمیل ہوں گے جس کا چمکتا نور ہوگا اور اس کے ہاتھ میں تین کنگن ہونگے ایک سونے کا ایک چاندی کا اور ایک موتیوں کا اور یہی اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے انہیں سونے اور موتیوں کے کنگن پہنائے جائیں گے' اور اس کے بدن پر ریشم کے ستر مختلف رنگوں کے جوڑے ہوں گے جو گل لالہ کی باریکی پر بنے ہونگے یہی اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے اور اس میں ان کا لباس ریشمی ہوگا'' تخت اللہ تعالیٰ کے ولی کے شوق اور فرحت میں ہلے گا پھر وہ اس کے لئے ٹھہر جائے گا یہاں تک کہ وہ اس پر بیٹھ جائے گا وہ اس کی بنیاد کو کنکھیوں سے دیکھا کرے گا کہ مبادا یہ نور اس کی آنکھوں کو چندھیا دے وہ اسی کیفیت میں ہوگا کہ اچانک حور عین اس کے سامنے ستر لونڈیوں اور ستر لڑکوں کے ساتھ آ کھڑی ہوگی اس پر ستر جوڑے ہونگے جن سے جلد اور ہڈی کے درمیان سے اس کی پنڈلی کا گودا دکھائی دے گا جیسے سفید (گلاس) جام میں سرخ مشروب نظر آتا ہے یا جیسے صاف شفاعت موتیوں میں لڑی دکھائی دیتی ہے وہ جب اسے دیکھے گا تو اس سے پہلے ہر دیکھی ہوئی چیز بھول جائے گا۔

جب وہ اس کے سینے کی طرف ہاتھ بڑھائے گا تو اس کے جگر میں لکھی بات پڑھ لے گا لکھا ہوگا: میں تیری محبوبہ ہوں اور تو میرا محبوب ہے میرا تو ہی ہے یہی اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے گویا وہ حوریں یاقوت اور مرجان ہیں موتی کی سفیدی کے مشابہ ہوگی، وہ ستر سال تک اس سے لطف اندوز ہوگا نہ اس کی شہوت ختم ہوگی اور نہ اس کی وہ (جنتی) اسی حال میں ہوں گے کہ فرشتے آ جائیں گے اور دونوں کمروں کے ستر یا ستر ہزار دروازے ہونگے ہر دروازے پر ایک دربان ہوگا فرشتے کہیں گے الی اللہ کے پاس جانے کی جازت دو وہ کہیں گے: ہمارے لئے یہ مشکل ہی کہ ہم تمہارے لیئے اجازت طلب کریں وہ اپنی بیویوں کے ساتھ ہے فرشتے کہیں گے: دروازے پر فرشتے تم سے اجازت مانگتے ہیں وہ کہے گا: انہیں اندر آنے کی اجازت دو! پھر نبی ﷺ نے یہ آیت پڑھی: اور فرشتے ہر دروازے سے داخل ہوکر انہیں سلام کریں گے کہ یہ بدلہ تمہارے صبر کرنے کا ہے پس کیا ہی اچھا انجام کا گھر ہے فرماتے ہیں اور رسول اللہ ﷺ نے یہ آیت پڑھی: جب تو دیکھے گا تو وہاں نعمتیں اور بڑی بادشاہت دیکھے گا'' فرشتے بے اجازت ان کے پاس نہیں آئیں گے نہریں ان کے گھروں کے نیچے بہتی ہونگی اور پھل جھکے ہونگے چاہے گا تو منہ سے توڑے گا اور چاہے گا تو ٹیک لگائے توڑ لے گا چاہے گا تو بیٹھ کر اور چاہے گا تو کھڑے ہوکر توڑے گا' اور نہ خراب ہونے والے پانی نہریں ہونگی (یعنی) اس میں کدورت نہیں ہوگی۔ آسن وہ پانی ہے جو خراب ہو جاتا ہو جیسے دنیا کا پانی خراب ہو جاتا ہے اور دودھ کی نہریں ہوں گی جو گو بر خون اور جانوروں کے تھنوں سے نہیں نکلا ہوگا اور شراب کی نہریں جنہیں لوگ پاؤں سے نہیں روندیں گے پینے والوں کے لذیذ ن وہ ان کے سر دکھنے پائیں اور نہ عقلوں میں فتور آئے اور صاف شہد کی نہریں شہد کے موم سے جو مکھیوں کی پیٹ سے نہیں نکلا ہوگا وہ اسی حال میں ہوگا کہ کبھی اپنی بیویوں سے عیس و مسرت حاصل کرے گا کبھی اسے اس کی غزا دی جائے گی کبھی اسے مشروب پیش کیا جائے گا کبھی فرشتے اس سے اندر آنے کی اجازت طلب کریں گے کبھی وہ اپنے رب کا دیدار کرے گا اور رب تعالیٰ اس سے گفتگو کرے گا اور کبھی اللہ کی خاطر بھائیوں کی زیارت کرے گا اسی اثناء میں اسے ایک نور ڈھانپ لے گا تو کوئی کہے گا: یہ کس نور نے جنتیوں کو ڈھانپ لیا؟ فرشتے کہیں گے: یہ حور نے تمہارے اشتیاق وخوشی میں اپنے خیمہ سے دیکھا ہے جس نور نے تمہیں ڈھانپ لیا ہے یہ اس کے دناتوں کا نور ہے۔ ابن مردویه ویزید بن سنان و الثلاثه فوقه ضعفاء

۳۹۷۸۲..... عبداللہ بن عبدالرحمٰن الزھری سے روایت ہے فرمایا: شام بن عبدالمطلب مسجد حرام میں داخل ہوئے تو وہاں محمد بن علی بن الحسین کو دیکھا لوگوں نے ان کے پاس جمگھٹا بنا رکھا ہے اپ نے ان کی طرف پیام بھیجا کہ مجھے قیامت کے بارے میں بتائیں کہ وہاں لوگ کیا کھائیں گے اور کیا پئیں گے؟ تو محمد بن علی نے قاصد سے کہا: انہیں اس طرح جمع کیا جائے گا جیسے صاف ستھری اون ہوتی ہے اس میں نہریں پھوٹ رہی ہوں گی۔

رواه ابن عساكر

۳۹۷۸۳..... (مسند علی) حارث حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں آپ نے فرمایا: ایک جنتی اپنے اللہ والے بھائی سے ملنے کا مشتاق ہوگا تو اس کی پاس جنتی سواری لائی جائے گی وہ اس پر سوار ہوکر اپنے بھائی کی طرف جائے گا ابھی اس کے اور اس کے درمیان ہزار ہزار

سالوں کا فاصلہ ہوگا جیسے تمہارے مابین ایک دوفرسخ کا ہوتا ہے تو اس سے ملاقات اور معانقہ کرے گا۔

ابن فیل فی جزئہ وفیہ خالد بن یز ید القسیری قال ابن عدی احادیث لا یتابع علیھا

جہنم

۳۹۷۸۴..... حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا: نبی ﷺ کے پاس جبرائیل امین اپنے معمول سے ہٹ کر کسی وقت آئے رسول اللہ ﷺ نے ان کا ارادہ کیا ان سے نے کہا: جبرائیل! کیا بات ہے تمہارا رنگ بدلا بدلا لگ رہا ہے؟ تو انہوں نے کہا: جب تک اللہ تعالیٰ نے (مجھے) جہنم کی چابیوں کا حکم نہیں دیا میں آپ کے پاس نہیں آیا آپ نے فرمایا: جبرائیل مجھے جہنم کے بارے میں بتاؤ اور اس کا حال بیان کرو تو جبرائیل نے کہا: اللہ تعالیٰ نے جہنم کی آگ کے بارے حکم دیا تو اسے ہزار سال جلایا گیا یہاں تک کہ وہ سفید ہوگئی پھر حکم دیا تو اسے ہزار سال جلایا گیا تو سرخ ہوگئی پھر حکم دیا تو اسے ہزار سال جلایا گیا تو وہ سیاہ ہوگئی تو وہ سیاہ وتاریک ہے نہ اس کے انگارے روشن ہیں اور نہ اس کی لپٹ بھی ہے اس ذات کی قسم! جس نے آپ کو حق دے کر بھیجا اگر جہنم کو سوئی کے ناکے جتنا بھی کھول دیا جائے تو دنیا کے تمام لوگ اس کی گرمی سے مرجائیں، اس ذات کی قسم جس نے آپ کو حق دیکر بھیجا ہے اگر ایک جہنمی کپڑا زمین وآسمان کے درمیان لٹکایا جائے تو تمام لوگ اس کی گرمی سے مرجائیں اس ذات کی قسم! جس نے آپ کو حق دیکر بھیجا ہے! اگر کوئی جہنمی پرے دار دنیا میں ظاہر ہوجائے اور لوگ اسے دیکھیں تو اس کی بدصورتی اور نتھنوں کی بدبو کی وجہ سے سارے لوگ مرجائیں اس ذات کی قسم جس نے آپ کو حق دیکر بھیجا! اگر جہنمی زنجیر کا ایک کڑا (حلقہ) جس کا اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں حال بیان کیا ہے دنیا کے کسی پہاڑ پر رکھ دیا جائے تو وہ ریزہ ریزہ ہوجائے برقرار نہ رہ سکے یہاں تک کہ وہ زمین کی سب سے نچلی تہہ تک پہنچ جائے تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جبرائیل میرے لئے کافی ہے میرا دل برداشت نہیں کرتا ایسا نہ ہو میں جان کھو بیٹھوں رسول اللہ ﷺ نے جبرائیل کو دیکھا تو وہ رو رہے تھے آپ نے فرمایا: جبرائیل تم رو رہے جب کہ تمہیں اللہ تعالیٰ کے نزدیک اپنا مقام پتہ ہے تو انہوں نے کہا: میں کیسے نہ روں میں نے تو رونے کا زیادہ حقدار ہوں شاید میں اللہ کے علم میں اس حالت کے برعکس ہوں جس پر ہوں مجھے کیا معلوم کہ میں بھی ہارون ماروت کی طرح آزمائش میں ڈالا جاؤں تو رسول اللہ ﷺ بھی رو پڑے اور جبرائیل روتے رہے دونوں رو رہے تھے یہاں تک کہ آواز آئی جبرائیل محمد! اللہ تعالیٰ نے تم دونوں کو اپنی نافرمانی سے محفوظ رکھا ہے تو جبرائیل پرواز کر گئے۔

آپ ﷺ باہر آئے تو انصار کی ایک جماعت انہی کھیل میں مشغول تھی وہاں سے گزرے تو فرمایا: تم لوگ ہنستے ہو جبکہ تمہارے پیچھے جہنم ہے اگر تم وہ معلوم ہوجائے جو مجھے معلوم ہے تو تم کم ہنسو اور زیادہ رونے لگو اور تمہیں کھانا پینا اچھا نہ لگے اور تم جنگلوں کی طرف اللہ تعالیٰ سے التجا کرتے نکل جاؤ آواز آئی: محمد للہ میرے بندوں کو مایوس نہ کرو میں نے آپ کو آسانی والا بنا کر بھیجا تنگ کرنے والا بنا کر نہیں بھیجا تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: درست رہو اور قریب قریب رہو۔ طبرانی فی الاوسط وقال: تفر دبہ سلام الطویل قال فی المغنی تر کوہ

کلام: ......الضعیفۃ ۹۱۰ـ۱۳۰۶

۳۹۷۸۵......طارق بن شہاب سے روایت ہے فرمایا: ایک یہودی حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کے پاس آ کر کہنے لگا: اللہ تعالیٰ کے ارشاد اس جنت کی چوڑائی زمین وآسمان جتنی ہے کے بارے میں کیا رائے ہے؟ تو جہنم کہاں ہے؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اصحاب محمد ﷺ سے فرمایا: اسے جواب دو! تو انہیں اس کی بارے کچھ علم نہ تھا حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: دیکھا ہوگا کہ جب دن چڑھتا ہے پھر رات آ کر زمین کو۔ (تاریکی سے) بھر دیتی ہے تو دن کہاں ہوا ہے؟ وہ کہنے لگا چاہے اس پر اس یہودی نے کہا: امیر المؤمنین! اللہ تعالیٰ کی نازل کردہ کتاب میں ایسا ہی ہے جیسا آپ نے فرمایا: ہے۔ عبد بن حمید وابن جریر وابن المنذر وابن خرو ھو لفظہ

۳۹۷۸۶......عبادۃ بن الصامت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ بیت المقدس کی مشرقی دیوار پر کھڑے ہوکر رونے لگے کسی نے پوچھا آپ کیوں روتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: رسول اللہ ﷺ نے ہمیں بتایا کہ آپ نے یہاں سے جہنم کو دیکھا ہے۔ رواہ ابن عساکر

۳۹۶۸۷......ابواسامہ سے روایت ہے کہ انہوں نے عبادۃ بن الصامت رضی اللہ عنہ کو بیت المقدس کی دیوار پر روتے دیکھا فرماتے ہیں: میں نے عرض کیا: آپ کیوں روتے ہیں فرمایا: یہیں سے رسول اللہ ﷺ نے ہمیں بتایا تھا کہ آپ نے مالک (داروغہ جہنم) کو انگارے پلٹتے دیکھا ہے جیسے چھوردار چادریں۔ رواہ ابن عساکر

۳۹۷۸۸......حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جہنم کے اوپر نیچے سات دروازے ہیں پہلا بھرنے کے بعد دوسرا تیسرا چوتھا بھرا جائے گا یہاں تک کہ سب بھر جائیں گے۔ ابن المبارک ابن ابی شیبة، سند اھمد فی الز ھد وھناد وعبد بن حمدی وابن ابی الد نیا فی صفة النار وابن جریر وابن ابی حاتم بیھقی فی البعث

۳۹۷۸۹......حطان بن عبداللہ سے روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جانتے ہو جہنم کے دروازے سے کیسے نہیں؟ ہم نے عرض کیا: جیسے یہ دروازے ہیں؟ فرمایا: نہیں البتہ وہ اس طرح ہیں آپ نے اپنے ہاتھ پر اپنا ہاتھ کھول کر رکھا۔ مسند احمد فی الزھدو عبد ابن حمید

۳۹۷۹۰......جہنم کی آگ اسے بھون ڈالے گی تو اس کا اوپر والا ہونٹ پھولتے پھولتے سر کے درمیان تک پہنچ جائے گا اور نچلا ہونٹ لٹک کر ناف تک پہنچ جائے گا۔ مسند احمد، ترمذی، حسن صحیح غریب، وابن ابی الد نیا فی صفه النار اب وھھلی ابن عساکر سعید بن منصور عن ابی سعید فی قو له وھم فیھا کلحون قال: فذ کرہ

۳۹۷۹۱......حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا: اسراء کی رات رسول اللہ ﷺ نے جبرائیل سے فرمایا: مجھے جہنم کے نگران مالک سے ملاؤ تو وہ آپ کو ان کے پاس لے گئے آپ نے فرمایا: مالک! یہ محمد رسول اللہ ہیں انہوں نے کہا: انہیں بھیجا گیا ہے؟ فرمایا: ہاں وہ یہ اوپر کھڑے ہیں آپ نے اسے دیکھا تو وہ ایک تندخو غضبناک شخص ہے جس کے چہرے سے غصہ معلوم ہوتا ہے آپ علیہ السلام نے فرمایا: مالک! جہنم کا حال بتاؤ! وہ کہنے لگے: محمد! اس ذات کی قسم! جس نے آپ کو حق دے کر بھیجا گار اس زنجیر کا ایک حلقہ جس کا ذکر اللہ تعالیٰ نے کیا ہے دنیا کے کسی پہاڑ پر رکھ دیا جائے تو وہ پگھل جائے یہاں تک کہ نچلی زمین کی سرحد تک پہنچ جائے۔

جہنم میں ایک وادی ہے جو اللہ کی جہنم سے دن میں ستر مرتبہ پناہ مانگتی ہے اور اس وادی میں ایک کنواں ہے جو اس وادی اور جہنم سے اللہ تعالیٰ کی پناہ ستر مرتبہ مانگتا ہے اور کنویں میں ایک گڑھا ہے جو اس کنوئیں اس وادی اور جہنم سے اللہ تعالیٰ کی ستر مرتبہ مانگی ہے اور اس گڑھے ایک سانپ ہے جو ایک مرتبہ پناہ مانگتا ہے اللہ تعالیٰ نے اسے آپ کی امت کے فاسق حفاظ قرآن کے لئے تیار کر رکھا ہے۔

ابن مر دویه وفیه عمر بن راش داکلد ینی وقال ابو حاتم وجدت حدیثه کذباً

اہل جہنم

۳۹۷۹۲......(مسند الصدیق) وحضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا: کافر کی داڑھ احد جتنی اور اس کی کھال (پچیس گز اموٹی تہہ والی) ہوگی۔ ھناد

۳۹۷۹۳......(از مسند سمرة بن جندب) رات میں نے دو شخص دیکھے جو میرے پاس آئے وہ دونوں میرا ہاتھ پکڑ کر ارض مقدس لے گئے وہاں میں نے ایک شخص بیٹھے اور ایک کو کھڑے دیکھا جس کے ہاتھ میں لوہے کا آنکڑا ہے جسے وہ اس کی باچھوں میں داخل کر کے اس کو چرتا گدی تک لے جائے گا پھر نکال کر دوسرے جبڑے میں داخل کرے گا اور یہ جبڑا (جو پھٹ گیا) ٹھیک ہو جائے گا وہ یوں ہی کرتا رہے گا میں نے پوچھا یہ کون ہے؟ انہوں نے کہا: چلو! پھر میں ان کے ساتھ چل پڑا کیا دیکھتے ہیں ایک شخص گدی کے بل لیٹا ہے (دوسرا اس کے پاس کھڑا ہے اس کے ہاں میں پتھر یا چٹان ہے جس سے وہ اس کا سر کچل رہا ہے پتھر لڑھک جاتا ہے جب اسے لینے جاتا ہے تو سر پہلے کی طرح جڑ جاتا ہے تو وہ پھر ایسے کرنے لگتا ہے میں نے کہا: یہ کون ہے؟ انہوں نے کہا: چلو! تو میں ان کی ساتھ چل پڑا ایک گھر تنور کی طرح بنا ہوا نظر آیا اوپر سے تنگ نیچے سے کشادہ جس میں آگ بھڑکائی جارہی ہے اس میں ننگے مرد اور عورتیں ہیں جب آگ جلتی ہے تو وہ اوپر اٹھ جاتے ہیں جیسے نکلنے لگے ہیں اور جب آگ

بجھتی ہے تو نیچے چلے اجتے ہیں میں نے کہا: یہ کون ہیں؟ انہوں نے مجھ سے کہا: چلو! میں ان کے ساتھ چل پڑا ایک خون کی نہر ہے اس میں ایک آدمی ہے اوراس کے کنارے پر بھی ایک آدمی ہے جس کے سامنے پتھر پڑے ہیں نہر والا ادھر کا رخ کرتا ہے جب نہر کے کنارے نکلنے کے لئے پہنچتا ہے تو یہ باہر والا اس کے منہ میں پتھر پھینکتا ہے تو وہ واپس اپنی جگہ چلا جاتا ہے وہ ایسا ہی کرتا رہتا ہے میں نے کہا: یہ کون ہے؟ انہوں نے مجھ سے کہا: چلو تو میں ان کے ساتھ چل پڑا کیا دیکھتے ہیں ایک سبز باغ ہے جس میں بہت بڑا درخت ہے اس کی جڑ کے پاس ایک بوڑھا شخص ہے اس کے اردگرد بہت سے بچے ہیں اسی کے قریب ایک شخص ہے جس کے سامنے آگ ہے جو سلگا کر رہے جلدر ہا ہے وہ دونوں مجھے درخت پر لے گئے وہاں مجھے ایک گھر میں لے گئے جس سے زیادہ اچھا گھر میں نے کبھی میں دیکھا اس میں بوڑھے مرد اور نوجوان لوگ ہیں اس میں بچے اور عورتیں بھی ہیں انہوں نے مجھے وہاں سے نکالا اوراسی درخت پر لے گئے اور ایک یسے گھر میں لے گئے جو اس س سے زیادہ اچھا اور افضل تھا اس میں بھی بوڑھے اور نوجوان لوگ ہیں میں نے ان سے کہا: تم دونوں نے مجھے بہت گھمایا پھرایا جو کچھ میں نے دیکھا ہے مجھے اس کے بارے میں بتاؤ۔

تو انہوں نے کہا: پہلا شخص جو اپ نے دیکھا وہ جھوٹا شخص تھا وہ ایسا جھوٹ بولتا تھا جس سے (زمین وآسمان کے) کنارے بھر جاتے جو کچھ آپ نے اس کے ساتھ ہوتے دیکھا وہ قیامت تک ہوتا رہے گا اس کے بعد اللہ تعالیٰ جو چاہے گا کرے گا اور جس شخص کو آپ نے گدی کے بل لیٹے دیکھا وہ ایسا شخص تھا جسے اللہ تعالیٰ نے قرآن عطا کیا تو وہ رات کو سو گیا اور دن کے وقت اس پر عمل نہیں کیا جو کچھ آپ نے اس کے ساتھ ہوتے دیکھا ایسا قیامت تک ہوتا رہے گا اور جسے آپ نے تنور میں دیکھا وہ زانی لوگ تھے اور جسے آپ نے نہر میں دیکھا وہ سود خور تھا اور درخت کی جڑ میں جو بوڑھے شخص آپ نے دیکھے وہ ابراہیم علیہ السلام تھے اور جسے آگ جلاتے دیکھا جہنم کے داروغہ مالک تھے اور وہ آگ جہنم تھا اور جس گھر میں آپ پہلے داخل ہوئے وہ عاصم مسلمانوں کا گھر تھا اور دوسرا گھر شہداء کا تھا میں جبرائیل ہوں اور یہ میکائیل ہیں۔ پھر ان دونوں نے مجھ سے کہا: اپنا سر اٹھائیے میں نے سر اٹھایا تو بادل کی طرح مجھے کوئی چیز نظر آئیں انہوں نے مجھ سے کہا: یہ آپ کا گھر ہے میں نے ان سے کہا: مجھے اس میں جانے دو! وہ کہنے لگے: اپ کی ابھی کچھ عمر رہتی ہے جسے آپ نے پورا نہیں کیا۔ اگر آپ اسے مکمل کر چکے ہوتے تو آج اس میں داخل ہو جاتے۔ مسند احمد بخاری، مسلم و ابن خزیمہ، ابن صبان طبرانی فی البکری عن سمرۃ

۳۹۷۹۴......ابورجاء العطاردی حضرت سمرۃ بن جندب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ ایک دن نبی ﷺ مسجد میں داخل ہوئے تو آپ نے فرمایا: جس نے کوئی خواب دیکھا ہو تو بتائے! تو کسی نے کچھ بیان نہیں کیا تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں نے ایک خواب دیکھا اسے مجھ سے سنو! میں سویا تھا تو میرے پاس ایک شخص آیا کہنے لگا: اٹھو! میں اٹھا اس نے کہا: چلو کچھ دیر چلا تو دو شخص ملے ایک سویا ہے دوسرا کھڑا ہے کھڑا شخص پتھر جمع کر رہا ہے جس سے سوئے ہوئے کا سر کچل رہا ہے جس سے وہ زخمی ہو جاتا ہے جب وہ دوسرا پتھر لینے جاتا ہے تو سر درست ہو جاتا ہے میں نے کہا: سبحان اللہ! یہ کون ہے اس نے مجھے کہا: آگے چلیے! میں کچھ دیر چلا تو دو شخص ملے ایک بیٹھا ہے دوسرا کھڑا ہے اس کھڑے کے ہاتھ میں ایک لوہا ہے جسے اس کے منہ میں رکھ پورا زور لگاتا ہوا کھینچتا ہے اسے نکال کر دوسری طرف کھینچنے لگتا ہے جب یہ کھینچتا ہے تو وہ جانب ٹھیک ہو جاتی ہے میں نے کہا: سبحان اللہ! یہ کون ہے؟ اس نے کہا: آگے چلیے! میں کچھ دیر چلا تو خون کی ایک نہر نظر آئی جس میں ایک شخص تیر رہا ہے کنارے ایک شخص اپنے پاس پتھر لئے بیٹھا ہے جنہیں اس نے گرم کر کے انگارے بنا رکھا ہے جب وہ اس کے قریب آتا ہے تو خون والے کے منہ میں پتھر ڈال دیتا ہے یوں وہ واپس چلا جاتا ہے میں نے کہا سبحان اللہ! یہ کون ہے؟ اس نے کہا: آگے چلیے! کچھ دیر چلا تو میں نے ایک باغ دیکھا جو بچوں سے بھرا پڑا ہے ان کے درمیان میں ایک شخص ہے لمبائی کی وجہ سے اس کا سر آسمان سے لگتا دکھائی دیتا تھا میں نے کہا: سبحان اللہ! یہ کون ہے؟ اس نے کہا: آگے چلیے! میں کچھ دیر چلا تو ایک درخت دیکھا اگر مخلوق اس کے نیچے جمع کر دی جائے تو اس کا سایہ ختم نہ ہو اس کے نیچے دو شخص ہیں ایک ایندھن جمع کرتا ہے دوسرا جلاتا ہے میں نے کہا: سبحان اللہ! یہ کون ہیں؟ اسنے کہا: اوپر چڑھو! تھوڑی دیر میں اوپر چڑھا تو مجھے سونے چاندی کا بنا ایک شہر نظر آیا اس کے دینے والے کچھ سفید اور کچھ کالے ہیں۔ میں نے کہا: سبحان اللہ! یہ کون ہیں؟ اس نے کہا: آگے چلیے آپ کو پتہ ہے اپ کی منزل کہاں ہے؟ میں نے کہا: میری منزل اللہ تعالیٰ کے پاس ہے اس نے کہا: آپ نے صحیح کہا: آسمان کی طرف دیکھے میں نے دیکھا تو جھاگ کی طرح ایک بادل ہے اس نے کہا: یہ آپ کی منزل ہے میں نے کہا جو کچھ میں نے دیکھا اس کے متعلق مجھے بتاتے ہیں؟ اس نے کہا:

آپ مجھ سے جدا نہیں ہونگے جو نظر آئے اس کی متعلق مجھ سے پوچھیں پھر مجھے اس سے زیادہ کشادہ شہر نظر آیا اس کے درمیان ایک نہر ہے جس کا پانی دودھ سے بڑھ کر سفید ہے اس میں مرد ہیں جو آستیں چڑھائے دوسرے شہر کی طرف بھاگ رہے ہیں انہیں اس نہر میں جمع کر رہے ہیں پھر وہ صاف ستھرے ہو کر نکلتے ہیں میں نے کہا: مجھے اسے دوسرے شہر کے متعلق بتاؤ! اس نے کاہ: یہ دنیا ہے اس میں ایسے لوگ ہیں جنھوں اچھے بڑے عمل ملا کر کیے ہیں انہوں نے توبہ کی اللہ تعالیٰ نے آن کی توبہ قبول کی میں نے کہا: وہ دو شخص جو درخت تلے آگ جلا رہے تھے کون تھے؟ اس نے کہا: وہ دونوں جہنم کے فرشتے تھے جو جہنم وک قیامت کے روز اللہ تعالیٰ کے دشمنوں کے لیے بھڑ کاتے گے میں نے کہا: وہ باغ؟ اس نے کہا: وہ بچے تھے ابراہیم علیہ السلام ان کے ذمہ دار ہیں قیامت تک ان کی پرورش کریں گے میں نے کہا: جو خون میں تیر رہا تھا؟ کہا وہ سود خور تھا قیامت تک قبر میں اس کی یہی خوراک ہوگی میں نے کہا: جس کا سر پھاڑا جاتا تھا؟ اس نے کہا: یہ وہ شخص تھا جس نے قرآن سیکھا اور سو گیا اور اسے بھول بیٹھا اس میں سے کچھ بھی نہیں پڑھتا جب بھی وہ سوئے گا قیامت تک اس کا سر قبر میں چرتے رہیں گے اسے سونے نیں دیں گے میں نے اس کے متعلق پوچھا جس کے جبڑے چیرے جاتے تھے اس نے کہا: وہ جھوٹا شخص تھا۔ دارقطني في الافراد ابن عساكر

۳۹۷۹۵ ..... اسی طرح ابو رجاء العطاردی حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں للہ میرے پاس رات دو شخص آئے مجھے اٹھا کر کہنے لگے: چلو میں چل پڑا ہمارا ایک لیٹے شخص پر گزر رہوا جس کے پاس ایک شخص چٹان لیے کھڑا ہے وہ اس کے سر کے لیے پتھر کو اٹھا کر گراتا ہے جس سے اس کا سر کچلے تو وہ پتھر۔(اسے لگ کر) لڑھک جاتا ہے وہ پتھر لینے جاتا ہے اتنے میں اس کا سر درست ہو جاتا ہے آ کر پھر اسے کچلنا شروع کر دیتا ہے جیسے پہلے کر رہا تھا میں نے ان دونوں سے کہا: سبحان اللہ! یہ کون ہے انہوں نے مجھ سے کہا: چلو چلو تو ہم چل پڑے ہمیں ایک شخص گدی کے بل لیٹا نظر آیا دوسرا شخص لوہے کا آنکڑا لے کر اس کے پاس کھڑا ہے وہ آ کر اس کا ایک جبڑا چرتا ہے اور گدی تک پہنچا دیتا ہے پھر دوسرا اے جبڑا چرتا ہے دوسرے سے ابھی فارغ نہیں ہوتا کہ پہلا درست ہو جاتا ہے پھر وہ آ کر پہلے کی طرح کرتا ہے میں نے کہا: سبحان اللہ یہ کون ہے؟ انہوں نے مجھے کہا: چلو چلو! ہم چل پڑے تو ایک تنور کی طرح بنی عمارت دکھائی دی ہم نے س میں شور شرابا اور آوازیں سنیں ہم نے جھانک کر دیکھا تو اس میں ننگے مرد عورتیں کی ان کے نیچے سے آگ کی لپیٹ آتی ہے جونہی لپیٹ ان تک آتی وہ اوپر اٹھ جاتے میں نے ان دونوں سے کہا: سبحان اللہ! یہ کون ہیں انہوں نے مجھ سے کہا: چلو چلو! چلتے چلتے ہم ایک سرخ نہر پر آئے جو خون کی طرح تھی نہر میں ایک شخص تیر رہا ہے اور نہر کے کنارے ایک آدمی پتھر جمع کیے بیٹھا ہے جب یہ تیرنے والا اس کے پاس آتا ہے تو یہ اس کے منہ کو پتھروں سے بھر دیتا ہے تو وہ پھر سے تیرنے لگتا ہے واپس آتا ہے تو وہ پھر اسی طرح کرتا ہے میں نے ان دونوں سے کہا: یہ کون ہے؟ ان دونوں نے مجھے کہا: چلو چلو! چلتے چلتے ہم نے ایک بدصورت شخص دیکھا جیسا تمہیں کوئی بھدی صورت والا نظر آئے اس کے پس آگ ہے وہ اسے جلا رہا اور اس کے ارد گرد بھاگ رہا ہے میں نے ان دونوں سے کہا یہ کون ہے انہوں نے مجھ سے کہا: چلو چلو! چلتے چلتے ہم ایک سبزہ زار باغ میں جہاں ہر اک بنار کی کلی ہے باغ کے درمیان میں ایک لمبا شخص کھڑا ایسا لگر رہا تھا کہ اس کا سر آسمان کو چھو رہا ہے اس کے آس پاس بچے ہیں جیسے تم نے کہیں بہت زیادہ بچے دیکھے ہوں میں نے ان دونوں سے کہا: سبحان اللہ! میں کون ہے؟ ان دونوں نے مجھے کہا چلو چلو!

چلتے چلتے ہم ایک تنے کے پاس پہنچے میں نے اس سے بڑا اور پیارا تنا کہیں نہیں دیکھا انہوں نے مجھ سے کہا اس پر چڑھو، ہم اس پر چڑھے تو ہمیں ایک شہر نظر آیا جس کی ایک اینٹ سونے کی اور ایک چاندی کی ہے ہم شہر کے دروازے پر آئے دستک دی دروازہ کھل گیا ہم اندر داخل ہوئے تو ہمیں تم سے آدھے لوگ ملے جیسے کوئی خوبصورت لوگ تمہیں نظر آئیں اور آدھے ایسے بدصورت جو تم نے کبھی دیکھے ہوں ان دونّں نے ان سے کہا: چلو اس نہر میں کود پڑو! ایک بڑے نزاروں ہے گویا اس کا پانی سفید ہی سفید ہے وہ گئے اور اس میں کود پڑے پھر وہ ہمارے پاس واپس آئے تو ان کی بڑی شکلیں بدل کر زیادہ خوبصورت ہو چکی تھیں ان دونوں نے مجھ سے کہا: یہ جنت عدن ہے اور وہ تمہارا مقام ہے میں نے ان دونوں سے کہا: اللہ تعالیٰ تمہیں برکت دے! مجھے اس میں جانے دو! وہ کہنے لگے: ابھی نہیں میں نے ان دونوں سے کہا: میں نے اس رات بڑی عجیب چیزیں دیکھیں یہ جو کچھ میں نے دیکھا کیا تھا؟ وہ دونوں مجھ سے کہنے لگے: ہم آپ کو بتاتے ہیں پہلا شخص جو آپ نے دیکھا جس کا سر پتھر سے کچلا جاتا تھا وہ شخص تھا جس نے قرآن مجید یاد کیا پھر اسے چھوڑ کر فرض نماز سے سویا رہتا اور جس شخص کے جبڑے چیرے جاتے تھے اور اس کی

آنکھیں اور نتھنے گدی تک چیرے جاتے تھے وہ ایسا شخص تھا جو گھر سے نکلتا تو ایسا جھوٹ بولتا جو آفاق واطراف میں پہنچ جاتا۔
اور جو ننگے مرد اور عورتیں آپ نے تنور نامی عمارت میں دیکھیں وہ زانی مرد اور زانی عورتیں تھیں اور جو شخص نہر میں تیر رہا تھا اور پتھر اس کی منہ میں ڈالے جاتے تھے وہ سود خور تھا اور وہ بدصورت شخص جس کے پاس آگ تھی وہ جہنم کا داروغہ مالک تھا اور جو شخص باغ میں تھا وہ ابراہیم علیہ السلام تھے اور جو بچے ان کے اردگرد تھے تو وہ ہر ایسا بچہ تھا جس کی فطرت پر ولادت ہوئی لوگوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! مشرکین کی اولاد؟ آپ نے فرمایا: مشرکین کی اولاد بھی اور وہ لوگ جن کے آدھے خوبصورت اور آدھے بدصورت تھے تو وہ ایسی قوم تھی جنہوں نے نیک وبداعمال کیے اللہ تعالیٰ نے انھیں معاف کردیا۔مسند احمد طبرانی فی الکبیر

۳۹۷۹۶......حضرت سمرۃ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: دوجہنموں کی چیخ وپکار بڑھ جائے گی اللہ تعالیٰ فرمائیں گے ان دونوں کو نکال لو جب انھیں نکال لیا ان سے فرمایا: اتنا شور شرابا کس وجہ سے برپا کررکھا تھا؟ وہ عرض کریں گے: ہم نے ایسا اس لئے کیا تاکہ آپ ہم پر رحم کریں اللہ تعالیٰ فرمائیں میرا تم پر رحم یہی ہے کہ جہاں جہنم میں تم دونوں تھے وہیں اپنے آپ کو ڈال دو، ان میں سے ایک تو اپنے آپ کو ڈال دے گا وہ اس کے لئے ٹھنڈک اور سلامتی کا ذریعہ بن جائے گی اور دوسرا کھڑا ہوجائے گا اپنے آپ کو نہیں ڈالے گا رب تعالیٰ اس سے فرمائیں گے: تم نے اپنے اپ کو وہاں کیوں نہیں ڈالا جہاں تمہارے ساتھی نے اپنے آپ کو ڈال دیا ہے؟ وہ عرض کرے گا: میرے رب! مجھے امید ہے کہ جہاں سے تو نے مجھے نکال دیا اس میں واپس نہیں لوٹائیں گے اللہ تعالیٰ اس سے فرمائیں گے تیرے لیے تیری امید پھر وہ دونوں اللہ کی رحمت سے جنت میں داخل ہوجائیں گے۔بیھقی وضعفہ

کلام:......ضعیف الترمذی ۴۸۷،ضعیف الترمذی ۱۵۵۹

۳۹۷۹۷......حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے فرمایا: کافر پر اس کی قبر میں گنجا سانپ مسلط کیا جائے گا جو اس کے سر سے پاؤں تک کا گوشت کھا جائے گا پھر اس پر گوشت چڑھا دیا جائے گا تو وہ پاؤں سے سر تک اسی طرح کھائے گا۔بیھقی فی عذاب القبر

۳۹۷۹۸......(مسند انس) ایک شخص نے عرض کیا: یارسول اللہ! قیامت کے روز کافروں کو کیسے منہ کے بل اٹھایا جائے گا؟ آپ نے فرمایا: جس ذات نے انہیں پاؤں پر چلایا ہے وہ منہ کے بل چلانے پر بھی قادر ہے۔

مسندا حمد، بخاری، مسلم، نسائی ابن جریر، ابن بی حاتم، حاکم، ابن مردویہ، ابونعیم بیھقی مر بقم. ۳۹۵۲۴

جنتی اور جہنمی

۳۹۷۹۹......سلیم بن عام ابویحییٰ الکلاعی فرماتے ہیں مجھ سے حضرت ابوامامہ باہلی رضی اللہ عنہ نے بیان فرمایا: کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو ارشاد فرماتے سنا: میں سورہا تھا کہ میرے پاس دو آدمی آئے انہوں نے مجھے کندھوں سے پکڑا اور ایک چسلتے پہاڑ کے پاس لاکر کہنے لگے: اس پر چڑھو میں نے کہا: میں نہیں چڑھ سکتا انہوں نے کہا: ہم اپ کی امداد کرتے ہیں تو چڑھتے چڑھتے جب میں پہاڑ کے درمیان میں پہنچا تو میں نے زوردار آوازیں سنیں میں نے کہا: یہ آوازیں کسی ہیں؟ انہوں نے کہا: یہ جہنمیوں کی چیخ وپکار ہے پھر مجھے لیکر چلے میں نے ایک قوم دیکھی جو ایڑیوں کے بل لٹکی ہے ان کی باچھیں کھلی ہیں جن سے خون ٹپک رہا ہے میں نے کہا یہ کون لوگ ہیں انہوں نے کہا: یہ وہ لوگ ہیں جو افطاری سے روزہ افطار کرلیتے ہیں۔ابوامامہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہود ونصاریٰ تباہ ہوں سلیم فرماتے ہیں: مجھے معلوم نہیں اپ نے یہ بات رسول اللہ ﷺ سے سنی یا اپنی رائے سے کہی پھر مجھے آگے لے گئے ایک قوم انتہائی بدبودار اور بہت زیادہ پھولی ہوئی جن کا ظاہری حال برا برا ہے میں نے کہا: یہ کون ہیں انہوں نے کہا: یہ کافروں کے مقتولین میں پھر مجھے لے گئے یہاں تک کہ ایک ایسی قوم ملی جن کی بدبو بہت زیادہ بہت پھولے ہوئے ان کی حالت بری بری ان سے بیت الخلاؤں جیسی بدبو آرہی ہی میں نے کہا یہ کون ہیں؟ انہوں نے کہا: یہ زانی مرد اور عورتیں ہیں پھر مجھے لے گئے عورتیں ہیں جن کی چھاتیوں کو سانپ ڈس رہے ہیں میں نے کہا یہ کون ہیں؟ انہوں نے کہا: جو اپنے بچوں کو دودھ سے روکتی تھیں۔ پھر مجھے لے

جایا گیا تو بہت سے بچے نظر آئے جو دونہروں کے درمیان کھیل رہے تھے میں نے کہا: یہ کون ہیں؟ انہوں نے کہا: مومنوں کے بچے پھر میں بلند ہوا تو تین آدمی نظر آئے جو اپنی شراب پی رہے تھے میں نے کہا: یہ کون ہیں؟ انہوں نے کہا: یہ جعفر زید اور ابن رواحہ ہیں پھر میں تھوڑا بلند ہوا تو مجھے تین آدمی نظر آئے میں نے کہا: یہ کون ہیں انہوں نے کہا: ابراہیم موسیٰ اور عیسیٰ علیہ السلام آپ کا انتظار کررہے ہیں۔

بيهقي في كتاب عذاب القبر ضياء

۳۹۸۰۰.....عکرمہ ابن عباس رضی اللہ عنہ کے آزاد کردہ غلام سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: سب سے کم عذاب اس جہنمی کو ہوگا جو انگاروں پر چلے گا جن سے اس کا دماغ کھولے گا حضرت ابوبکر الصدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یارسول اللہ! اس کا کیا جرم ہوگا؟ اس کے مویشی ہونگے جنہیں وہ فصل پر ڈال دیتا اور اسے نقصان پہنچاتا اور اللہ تعالیٰ نے تیر کی مقدار کھیتی اور اس کے اردگرد کو حرام کیا ہے لہٰذا تم اس سے بچو کہ آدمی دنیا میں حرام مال کمائے اور آخرت میں ہلاک ہو لہٰذا تم دنیا میں اپنے مالوں کو حرام نہ بناؤ کہ آخرت میں اپنے آپ کو ہلاک میں ڈالو۔

رواہ عبدالرزاق

۳۹۸۰۱..... حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک روز ہمیں فجر کی نماز اندھیرے میں پڑھائی جب کہ کبھی اندھیرے میں اور کبھی روشنی میں پڑھاتے تھے اور فرماتے ان دونوں کے درمیان (نماز کا) وقت ہے تا کہ ایمان والوں میں اختلاف نہ ہو چنانچہ اندھیرے میں ہمیں نماز پڑھی نماز پڑھا کر ہماری طرف متوجہ ہوئے آپ کا چہرہ بس قرآن کا ورق تھا فرمایا: کیا کسی نے کوئی خواب دیکھا ہے ہم نے عرض کیا: نہیں یارسول اللہ! فرمایا: لیکن میں نے تو دیکھا ہے میں نے دیکھا کہ میرے پاس دوفرشتے آئے مجھے کندھوں سے پکڑ کر آسمانی دنیا جالے گئے میں ایک فرشتے کے پاس سے گزرا جس کے سامنے ایک آدمی ہے فرشتے کے ہاتھ میں چٹان ہے وہ آدمی کے سر پر مارتا ہے تو اس کا دماغ ایک طرف اور چٹان ایک طرف جا گرتی ہے میں نے کہا: یہ کون ہے؟ انہوں نے کہا: چلو چلو! چلتے چلتے مجھے ایک فرشتہ ملا جس کے سامنے ایک آدمی ہیں فرشتے کے ہاتھ میں لوہے کا آنکڑا ہے وہ اس کے دائیں جبڑے میں رکھ کراسے کان تک چیرتا ہے پھر بائیں میں اتنے میں دائیں جانب جڑ جاتی ہے میں نے کہا: یہ کون ہے؟ انہوں نے مجھ سے کہا: چلو چلو چلتے چلتے خون کی ایک نہر ملی جو ہانڈی کی طرح ابل رہی تھی اس کے دہانے ننگے لوگ ہیں نہر کے کنارے فرشتے ہیں جن کے ہاتھوں میں ڈھیلے ہیں جب بھی کوئی سر اٹھاتا اسے مارتے جو اس کے منہ میں لگتا تو وہ نہر کی تہ تک پہنچ جاتا میں نے کہا: یہ کون ہیں انہوں نے کہا: چلو چلو! چلتے چلتے ایک گھر نظر آیا جس کا پیندا دہانے سے تنگ اس میں ننگی قوم تھی جن کے نیچے آگ بھڑکائی گئی میں نے ان کی بدبو کی وجہ سے اپنی ناک بند کرلی میں نے کہا: یہ کون ہیں انہوں نے کہا: چلو چلو! ایک سیاہ ٹیلہ نظر آیا جن پر ایک مجنون قوم ہے آگ ان کی سرینوں سے داخل ہوتی اور ان کے منہوں نتھنوں اور کان آنکھوں سے نکلتی ہے میں نے کہا: یہ کون ہیں انہوں نے مجھ سے کہا: چلو چلو! بند آگ نظر آئی جس پر ایک فرشتہ مقرر ہے جو چیز اس سے نکلتی ہے سے واپس اسی میں لے آتا ہے میں نے کہا: یہ کون ہے؟ انہوں نے کہا: چلو چلو! پھر مجھے ایک باغ نظر آیا جس میں خوبصورت بزرگ بیٹھا ہے اس سے بڑھ کر خوبصورت میں ہوگا اس کے اردگرد بچے ہیں اور ایک درخت ہے جس کے پتے ہاتھی کے کانوں جیسے ہیں تو جتنا اللہ نے چاہا میں اس درخت پر چڑھا تو وہاں میں نے خوار ادزمرد سبز زبرجد اور سرخ یاقوت کی منازل دیکھیں ان سے بڑھ اچھی نہیں ہونگی اس میں کئی جام اور آبخورے تھے میں نے کہا: یہ کیا ہے انہوں نے کہا: اترو میں اترا اور اس کا ایک برتن اٹھایا اسے بھرا اور پی لیا تو وہ شہد سے شیریں دودھ سے زیادہ سفید اور مکھن سے بڑھ نرم تھا۔

انہوں نے مجھ سے کہا: چٹان والا جو آپ نے دیکھا جو آدمی کی کھوپڑی پر ماررہا تھا جس سے اس کا دماغ ایک جانب اور چٹان ایک جانب گر جاتی تھی وہ ایسے لوگ ہونگے جو عشاء کی نماز پڑھے بغیر سو جاتے اور نمازوں کو ان کے اوقات میں نہیں پڑھتے تھے جہنم تک انہیں ایسے ہی مارا جائے گا اور آنکڑے والا جس پر آپ نے ایک فرشتہ مقرر دیکھا جس کے ہاتھ میں لوہے کا آنکڑا تھا جس سے وہ اس کا دایاں جبڑا کان تک چیر رہا تھا پھر بایاں چیرتا اور اتنے میں دایاں جڑ جاتا تھا یہ وہ لوگ تھے جو مسلمان کی چغلی کھایا کرتے تھے اور ان میں فساد ڈالتے تھے وہ لوگ جہنم جانے تک اسی طرح عذاب میں مبتلا رہیں گے اور وہ فرشتے جن کے ہاتھوں میں آپ نے آگ کے دو ڈھیلے دیکھے جب بھی کوئی سر اٹھاتا تو وہ اسے مارتے ایک ڈھیلے سے وہ نہر کی تہہ میں اتر جاتے یہ سودخور لوگ تھے انہیں جہنم تک یہ عذاب دیا جائے گا۔ اور جو گھر آپ نے نیچے سے

زیادہ تنگ دیکھا اس میں ننگی قوم تھی جس کے نیچے آگ بھڑکائی جاتی تھی آپ نے ان کی بدبو کی وجہ سے اپنی ناک بند کرلی تھی وہ زانی لوگ تھے اور وہ بدبو ان کی شرمگاہوں کی تھی جہنم جانے تک انہیں عذاب ہوتا رہئے گا: رہا وہ سیاہ ٹیلہ جس پر آپ نے مجنون قوم دیکھی جن کی سرینوں میں آگ داخل ہوکر ان کی مہینوں نتھنوں اور ان کے کان آنکھوں سے نکل رہی تھی وہ لوگ قوم لوط کا عمل کرتے تھے فاعل ومفعول وہ جہنم جانے تک اس عذاب میں مبتلا رہیں گے۔

اور جو بند آگ آپ نے دیکھا جس پر ایک فرشتہ مقرر تھا جب بھی کوئی نکلتا وہ اسے اس میں واپس لے آتا وہ جہنم تھا جنتی اور جہنمی لوگوں میں فرق کرتا ہے اور جو باغ آپ نے دیکھا وہ جنت الماوی تھی اور وہ بزرگ جو آپ نے دیکھے جن کے اردگرد بچے تھے وہ ابراہیم علیہ السلام تھے اور وہ ان کے بیٹے تھے اور جو درخت آپ نے دیکھا اور وہاں آپ نے اچھی منازل دیکھیں جو خولدار زمرد سبز زبرجد اور سرخ یاقوت کی تھیں وہ عیسین والوں میں سے انبیاء صدیقین شہداء اور صالحین کی منازل تھیں ان کا ساتھ اچھا ہے اور جو نہر آپ نے دیکھی وہ آپ کی نہر ہے جو اللہ تعالیٰ نے آپ کو کوچر عطا کی ہے اور یہ آپ کی اور آپ کے اہل بیت کی منالز ہیں فرماتے ہیں: مجھے اوپر سے آواز دی گئی: محمد! محمد! مانگو دیا جائے گا تو میرا جسم کانپنے لگا اور دل دھڑکنے لگا اور میرا ہر عضو لرزہ براندام تھا میں کچھ جواب نہ دے سکا تو ان دو فرشتوں میں سے ایک نے اپنے دائیں میں ہاتھ تھام لیا اور دوسرے اپنے دائیں ہاتھ کو میرے سینے کی درمیان رکھ دیا تو مجھے سکوان ہوا۔

پھر مجھے بلایا گیا: محمد! مانگو تمہیں دیا جائے گا میں نے عرض کیا: میرے اللہ! میرا سوال یہ ہے کہ میری شفاعت کو برقرار رکھیں اور میرے اہل بیت مجھ سے مل جائیں اور میری جب تجھ سے ملاقات ہو تو میری کوئی لغزش نہ رہے پھر مجھے قریب کیا گیا اور مجھ پر یہ ایت نازل ہوئی ”ہم نے آپ کو فتح مبین عطا کی تا کہ اللہ تعالیٰ آپ کی اگلی پچھلی لغزشیں معاف کردے گا۔ پھر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جیسے مجھے یہ دی گئی ایسے اللہ تعالیٰ مجھے وہ بھی ان شاء اللہ عطا کرے گا۔ رواہ ابن عساکر

ضمن قیامت

۳۹۸۰۲......مسند محجن بن الادرع) لوگو! میں چار دن سیت مہارے لیے اپنی آواز چھپائے رکھی تا کہ تمہیں سناؤ خبردار! کوئی شخص ایسا ہے جیسے اس کی قوم نے بھیجا ہو انہوں نے کہا ہو جو کچھ رسول اللہ ﷺ نے فرماتے ہیں ہمیں بتاؤ سنو! ہوسکتا ہے اسے دل کی بات غافل کردے یا دوست کی بات لا پرواہ کردے یا گمراہی اسے غافل بنادے خبردار! مجھ سے پوچھا جائے گا: کیا تم نے پہنچا دیا: خبردار سنو خوش عیش رہو بیٹھو! تو لوگ بیٹھ گئے تمہارے رب نے پانچ چیزوں کو غیب میں دیکھا ہے جنہیں اس کے سوا کوئی نہیں جانتا موت کو جانتا ہے اسی علم ہے کہ تم میں کس کی موت کب ہوتی ہے تم نہیں جانتے منی کا علم جب وہ رحم میں ہو وہ جانتا ہے تم نہیں جانتے کل کی بات جانتا ہے وہ جانتا ہے کہ کل تو سفر میں کرے گا لیکن تو میں جانتا بارش کا علم رکھتا ہے انہیں جھانکتا ہے وہ تنگی میں پڑے ڈر رہے ہوتے ہیں اور تیرا رب مسکراتا ہے اور جانتا ہے کہ ان کی مدد قریب ہے قیامت کا علم رکھتا ہے جتنا تم ٹھرو گے ٹھہرے پھر چیخ بھیجی جائے گی تیرے پروردگار بقا کی قسم زمین پر ہر زندہ چیز کو مار ڈالے گی فرشتے ترے رب کے ساتھ ہونگے اور ترا رب زمین پر پھرے گا وہ شروں سے خالی ہوگی ترا رب بارش کو بھیجے گا وہ عرش کے پاس سے برسے گی ترے پروردگار بقا کی قسم! وہ اس پر کوئی بچھڑا ہوا مقتول اور دفن کیا ہوا میت نہیں چھوڑے گی کہ زمین پھٹ کر اسے باہر نکال دے گی وہ اسے سر سے بنائے گا تو وہ سیدھا ہو کر بیٹھ جائے گا پھر تمہارا رب کہے گا: وہ اس میں کتنا رہا؟ وہ کہے گا: میرے رب! گزشتہ شام زندگی کے قریبی زمانہ کا حساب لگا کر کہے گا: کسی نے عرض کیا یا رسول اللہ! ہمیں اللہ تعالیٰ کیسے جمع کرے گا جب کہ ہوائیں ھائب اور ہلاکتیں ہمیں ٹکڑے ٹکڑے کر چکی ہوں گی، فرمایا: میں تمہیں اسی طرح بتاؤں گا وہ اللہ کے عہل میں زمین پر سورج کی روشنی پڑی اور وہ بوسیدہ ڈھیلا تھی تم نے کہا: وہ کبھی آباد میں ہوگی پھر تیرے رب نے س پر مہینہ برسایا کچھ دن ہی گزرے پھر اس پر سورج کی روشنی پڑی حالانکہ وہ ایک بوند تھی تیرے رب کی بقا کی قسم، وہ اس سے زیادہ قادر ہے کہ تمہیں پانی سے جمع کرے نسبت زمین کی نبات جمع کرنے سے پھر تم قبروں سے اپنی چوکھٹوں سے نکلو گے گھڑی بھری اسے دیکھو گے وہ تمہیں دیکھے گا کسی نے

عرض کیا: یارسول اللہ! وہ کیسے دیکھے گا ہم زمین بھر ہونگے وہ اکیلی ذات ہوگی اور ہم اسے دیکھیں گے؟ آپ نے فرمایا: میں اللہ کے عہد میں تمہیں اسی طرح خبردوں گا سورج وچانداس کی چھوٹی نشانی ہے جنہیں تم ایک گھڑی میں دیکھتے ہو وہ تمہیں نظر آتے ہیں ان کے دیکھنے میں تمہیں کوئی مشقت اٹھانا نہیں پڑتی تیرے پروردگار کی بقا کی قسم! وہ اس سے زیادہ قادر ہے کہ تمہیں دیکھے اور تم اسے دیکھو نسبت اس کی کہ چاند سورج تمہیں نظر آئیں۔

کسی نے عرض کیا یارسول اللہ! جب ہم اپنے رب سے ملیں گے تو وہ کیا سلوک کرے گا آپ نے فرمایا: تم اس کے سامنے اس طرح پیش کیے جاؤ گے تمہارے چہرے اس کے سامنے ہونگے تم میں سے کوئی بھی اس سے پوشیدہ نہیں ہوگا تمہارا رب پانی کا چلو لیکر تم پر چھڑکے گا تیرے پروردگار کی بقا کی قسم! کوئی چہرہ تم میں سے اس قطرے سے نہیں بچ سکے گا رہا مسلمان تو وہ اس کے شہرے کو سفید چادر کی طرح کردے گا اور رہا کافر تو اسے سیاہ کوٹلے کی طرح عاجز کردے گا۔ خبردار! پھر وہ تم سے ہٹ جائے گا اور اس کے پیچھے صالحین پھیل جائیں گے اس کے بعد تم آگ کے پل پر چلو گے تم میں سے کوئی انگارے پر چلے گا تو کہے گا: اف تمہارا اور اس کے فرشتے کہیں گے: دیکھو! تو تم رسول کا حوض دیکھو گے اللہ تعالیٰ کی قسم اس پر آنے والا کبھی پیاسا نہیں ہوگا۔

تیرے رب کی بقا کی قسم! تم میں سے جو کوئی ہاتھ پھیلائے گا اس پر ایک جام آجائے گا جو گندگی نجاست اور پیشاب سے پاک ہوگا اللہ تعالیٰ چاند سورج کو روک لے گا ان میں سے تم کسی کو نہیں دیکھ سکو گے۔ کسی نے عرض کیا: یارسول اللہ! تو ہم کیسے دیکھیں گے آپ نے فرمایا: جیسا تم ابھی دیکھ رہو اور یہ سورج کے طلوع ہونے کے ساتھ ہی ہے کسی نے عرض کیا: یارسول اللہ! ہمیں ہماری برائیوں اور اچھائیوں کا کیسے بدلہ دیا جائے گا؟ آپ نے فرمایا نیکی کے بدلے اس نیکیاں اور برائی کا بدلہ اتنا ہی یا وہ معاف کردی جائے گی کسی نے عرض کیا (یارسول اللہ) جنت اور جہنم کیا ہیں؟ آپ نے فرمایا: تیرے رب کی بقا کی قسم! جہنم کے سات دروازے ہیں ہر دروازے اتنا ہے کہ دو کے درمیان آدمی سوار ہو کر ستر سال چلتا رہے اور جنت کے آٹھ دروازے ہیں اور ہر دو دروازوں میں سوار ستر سال چلتا رہے کسی نے عرض کیا (یارسول اللہ) ہم کسی چیز کو جنت میں دیکھیں گے؟ آپ نے فرمایا: صاف شہد کی نہریں، شراب کی نہریں جن کی وجہ سے نہ سر درد اور نہ ندامت ہوگی۔ اور بے بدبو دودھ کی نہریں اور بغیر بدبو والے پانی کی نہریں، اور میوے، تیرے پروردگار کی بقا کی قسم! تمہیں کیا معلوم اس کے ساتھ ایسی جیسی بھلائی ہو پاک بیویاں نیک عورتیں نیک مردوں کے لئے تم ان سے اور وہ تم سے ایسے لطف اندوز ہونگی جیسے تم دنیا میں ان سے لذت اٹھاتے ہو البتہ توالد وتناسل نہیں ہوگا کس نے عرض کیا: ہم کس بنا آپ سے بیعت کریں؟ آپ نے فرمایا: نماز قائم کرنے زکوٰۃ ادا کرنے رب اور مشرک سے بچنا اللہ کے ساتھ کسی کو اللہ ومعبود نہ بنانا کسی نے عرض کیا: مشرق ومغرب کے درمیان جہاں ہم چاہیں اتر سکتے ہیں ہر آدمی اپنا خود ذمہ دار ہا ہے آپ نے فرمایا تیرے سے یہی ہے جناں تو چاہے تو خود اپنا ذمہ دار ہے کسی نے عرض کیا: ہم میں سے جو گزر گئے جاہلیت میں کی گئی نیکی کا بدلہ ہے؟ آپ نے فرمایا: تو جس عامری یا قریشی مشرک کی قبر پر آؤ تو کہو: مجھے محمد نے تمہاری طرف بھیجا ہے میں تجھے اس بات کی خوشخبری دیتا ہوں جو تجھے بری لگے گی تجھے منہ اور پیٹ کے بل جہنم میں گھسیٹا جائے گا یہ اس وجہ سے کہ اللہ تعالیٰ نے ہر سات امتوں کے آخر میں ایک نبی بھیجا ہے جس نے اس کے نبی کی اطاعت کی وہ ہدایت یافتہ ہوگا اور جس نے اس کی نافرمانی کی گمراہ ہوگا۔

عبداللہ بن احمد طبرانی فی الکبیر حاکم عن لقیط بن عامر

مؤمنین کے بچے

۳۹۸۰۳..... (مسند انس) ابان حضرت انس سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: قیامت کی روز نہ چلنے والوں (اڑیل) اور جان جوکھوں والوں کو لایا جائے گا کسی نے عرض کیا: یارسول اللہ! وہ کون ہیں؟ آپ نے فرمایا: مشقت کرنے والے تو وہ لوگ ہیں جنہوں نے اپنا خالص خون خرچ کیا اسے بہایا گیا اس حال میں کہ انہوں نے تلواریں سوتی ہوئی ہونگی انہیں اللہ سے امید ہوگی کہ ان کی کوئی ضرورت رد نہیں کی

جائے گی رہے نہ چلنے والے تو وہ مومنین کے بچے ہونگے جن کے لئے میدان محشر میں ٹھہرنا مشکل ہو جائے گا وہ چیخیں چلائیں گے اللہ تعالیٰ جبرائیل سے فرمائیں گے باوجودیکہ اللہ کو علم ہوگا۔ یہ کیسی آواز ہے وہ عرض کریں گے: مومنین کے بچوں کے لیے میدان محشر میں ٹھہرنا دشوار ہے (اس لیے چیخ رہے ہیں) اللہ تعالیٰ فرمائیں گے انہیں میرے سائے عرش کے تلے لے آؤ پھر اللہ تعالیٰ فرمائیں گے جبرائیل انہیں جنت میں لے جاں وہ اس میں عیش و آرام سے رہیں گے پھر جبرائیل انہیں۔ (ادھر اُدھر) لے جائیں گے تو وہ ایسے چیخیں گے جیسے بچے اپنی ماؤں سے جدائی کے وقت چیختے ہیں اللہ تعالیٰ باوجود جاننے کے فرمائیں گے: جبرائیل (یہ کیسی آواز ہے) اب ان کا کیا حال ہے جبرائیل عرض کریں گے: میرے رب! وہ اپنے ماں باپ سے ملنا چاہتے ہیں اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: ماں باپ کو بچوں کے ساتھ داخل کردو۔ الدیلمی

مشرکین کے بچے

۳۹۸۰۴..... (مسند ابی) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا: مجھ پر ایک زمانہ گزرا ہے کہ میں کہا کرتا تھا: کہ مسلمانوں کے بچوں مسلمانوں کے ساتھ اور مشرکین کے مشرکین کے ساتھ ہوں گے یہاں تک کہ ابی نے مجھ سے بیان کی انبیا سے اس کے متعلق پوچھا گیا آپ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ خوب جانتا ہے جو وہ عمل کرتے رہے۔ ابو داؤد طیالسی

اگلا حصہ کتاب القصاص کا شروع ہوگا الحمد للہ آج منگل کی رات ۲۵ نومبر ۲۰۰۸، ۱۵:۷ کنز العمال عربی ج ۱۴ کا ترجمہ پایہ تکمیل تک پہنچا اللہ تعالیٰ سے گزارش ہے کہ مترجم کی سابقہ ترجمہ شدہ کتابوں کی طرح اسے بھی نافع اور مفید بنائے۔ جہاں کسی جگہ کوئی لفظی غلطی دیکھیں تو ضرور مطلع فرمائیں۔

فقط..... عامر شہزاد علوی

دارالاشاعت کی مطبوعہ فقہی کتب ایک نظر میں

خواتین کے مسائل اور انکا حل ۲ جلد — جمع وترتیب مفتی ثناء اللہ محمود فاضل جامعہ دارالعلوم کراچی

فتاویٰ رشیدیہ مبوّب — حضرت مفتی رشید احمد گنگوہیؒ

کتاب الکفالۃ والنفقات — مولانا عمران الحق کلیانوی

تسہیل الضروری لمسائل القدوری — مولانا محمد عاشق الٰہی البرنیؒ

بہشتی زیور مدلل مکمل — حضرت مولانا محمد اشرف علی تھانوی رح

فتاویٰ رحیمیہ اردو ۱۰ حصے — مولانا مفتی عبدالرحیم لاجپوری

فتاویٰ رحیمیہ انگریزی ۳ حصے — ″ ″ ″

فتاویٰ عالمگیری اردو ۱۰ جلد مع پیش لفظ مولانا محمد تقی عثمانی — اورنگ زیب عالمگیر

فتاویٰ دارالعلوم دیوبند ۱۲ حصے ۱۰ جلد — مولانا مفتی عزیز الرحمن صاحب

فتاویٰ دارالعلوم دیوبند ۲ جلد کامل — مولانا مفتی محمد شفیع رح

اسلام کا نظام اراضی — ″ ″ ″

مسائل معارف القرآن (تفسیر معارف القرآن میں مذکور قرآنی احکام) ″ ″ ″

انسانی اعضا کی پیوندکاری — ″ ″ ″

پراویڈنٹ فنڈ — ″ ″ ″

خواتین کے لیے شرعی احکام — اہلیہ ظریف احمد تھانوی رح

بیمہ زندگی — مولانا مفتی محمد شفیع رح

رفیق سفر سفر کے آداب و احکام ″ ″ ″

اسلامی قانون نکاح، طلاق، وراثت — فضیل الرحمٰن ہلال عثمانی

علم الفقہ — مولانا عبدالشکور صاحب لکھنوی رح

نماز کے آداب و احکام — انشاء اللہ خان مرحوم

قانون وراثت — مولانا مفتی رشید احمد صاحب

داڑھی کی شرعی حیثیت — حضرت مولانا قاری محمد طیب صاحب

الصبح النوری شرح قدوری اعلیٰ — مولانا محمد حنیف گنگوہی

دین کی باتیں یعنی مسائل بہشتی زیور — مولانا محمد اشرف علی تھانوی رح

ہمارے عائلی مسائل — مولانا محمد تقی عثمانی صاحب

تاریخ فقہ اسلامی — شیخ محمد خضری

معدن الحقائق شرح کنز الدقائق — مولانا محمد حنیف گنگوہی

احکام اسلام عقل کی نظر میں — مولانا محمد اشرف علی تھانوی رح

حیلہ ناجزہ یعنی عورتوں کا حق تنسیخ نکاح ″ ″ ″

دارالاشاعت ۞ اردو بازار ایم اے جناح روڈ کراچی ۱، پاکستان ۲۱-۲۶۳۱۸۶۱
مستند اسلامی و علمی کتب کا مرکز